وما آتاكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوا
شرح صحیح مسلم
تصنیف
علامہ غلام رسول سعیدی
شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی ۳۸
ناشر
فرید بک سٹال (رجسٹرڈ)
۳۸۔ اردو بازار لاہور

وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا

اور رسول تم کو جو (احکام) دیں ان کو قبول کرو اور جن کاموں سے تم کو منع کریں ان سے باز رہو

شرح صحیح مسلم

(جلد خامس)

اقضیہ، لقطہ، جہاد، امارہ

تصنیف

علّامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی ۳۸

ناشر:

فرید بُک سٹال، ۳۸۔ اردو بازار لاہور ۲

نام کتاب : شرح صحیح مسلم (جلد خامس)

تصنیف : مفتی علامہ غلام رسول سعیدی

کتابت : دارالکتابت حضرت کیلیانوالہ، گوجرانوالہ

تصحیح : مولانا حافظ محمد ابراہیم فیضی

ایم۔اے/ایل،ایل،بی/بی،ایڈ/فاضل علوم شرقیہ

تعداد : ایک ہزار

ہدیہ : -/ روپے

مطبع : رومی پبلیکیشنز اینڈ پرنٹرز، لاہور

الطبع الثامن : شوال ۱۴۲۱ھ / جنوری ۲۰۰۱ء

الطبع التاسع : شوال ۱۴۲۲ھ / جنوری ۲۰۰۲ء

ناشر

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔اُردو بازار لاہور

فون نمبر 042-7312173 ، فیکس نمبر 092-042-7224899

ای۔میل نمبر Emial:info@faridbookstall.com

Visit us at : www.faridbookstall.com ویب سائٹ

فہرست مضامین شرح صحیح مسلم جلد خامس

......

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی ونسلم علیٰ رسولہ الکریم

افتتاحی کلمات

اللہ تعالیٰ کا بے حد کرم ہے اور اس کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بے پناہ عنایت ہے کہ ہم اس قابل ہوئے کہ شرح صحیح مسلم کی پانچویں جلد قارئین کے سامنے پیش کر سکیں، دوسری جلد سے پانچویں جلد تک یہ تسلسل رہا ہے کہ ایک سال کے وقفہ کے بعد ہر جلد تیار ہو کر آتی رہی تھی' البتہ جلد سادس اس بار تقریباً تین چار ماہ کی تاخیر سے پیش کی جائے گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں ۲۶ ستمبر ۱۹۹۰ء کو حضرت صاحبزادہ محمد حبیب الرحمان صاحب محبوبی مہتمم صفۃ الاسلام بریڈفورڈ کی دعوت پر برطانیہ چلا گیا اور تقریباً تین ماہ تک برطانیہ میں وعظ و تقریر کی سرگرمیوں میں مشغول رہا اور حرمین طیبین کی زیارت اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد یکم جنوری ۱۹۹۱ء کو واپس کراچی پہنچا۔

برطانیہ میں قیام کے دوران میں نے انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ اور ویلز برطانیہ کے تینوں صوبوں میں اکتالیس خطابات کیے خاص طور پر لندن، برمنگھم، مانچسٹر، لیڈز اور بریڈفورڈ میں زیادہ تقریریں ہوئیں، حضرت صاحبزادہ حبیب الرحمٰن محبوبی زید حتیم بریڈفورڈ کے علاوہ مولانا محمد عارف سعیدی (لندن) مولانا بشیر احمد سیالوی (اولڈہام) صاحبزادہ دلشاد احمد قادری (لیڈز) مولانا گل رحمان (برمنگھم)، قاری عبدالمجید (برسٹل) حافظ فضل احمد (ڈربی) پیرزادہ امداد حسین (ملٹن کینز) مولانا شاہ محمد نشتر (بریڈفورڈ) مولانا فضل احمد فراشوی (مانچسٹر) مفتی محمد عبداللہ (بریڈفورڈ) اور خاص طور پر حافظ محمد طارق (بریڈفورڈ) اور حافظ عبدالغفور (ہیکنڈ ولائیک) نے نہایت خلوص اور محبت کے ساتھ میری خدمت کی اور اس دیار غیر میں مجھے اجنبیت کا احساس نہیں ہونے دیا۔ حضرت صاحبزادہ محبوبی صاحب ان کے صاحبزادگان عزیزم عرفان الحق اور عزیزم انوار الحق اور حافظ عبدالغفور صاحب حرمین طیبین میں بھی میرے ساتھ آئے، ان احباب نے یہاں بھی میری بہت خدمت کی۔ اللہ تعالیٰ ان تمام دوستوں کو ہمیشہ خوش رکھے، انھیں دنیا اور آخرت میں ہر رنج والم سے محفوظ رکھے اور دین و دنیا کی ہر نعمت اور سعادت سے بہرہ مند فرمائے (آمین)۔

ہر چند کہ برطانیہ میں دوستوں سے ملاقات اور تبلیغی اجتماعات کی شدید مشغولیات تھیں۔ اس کے باوجود بھی میں شرح صحیح مسلم کی تصنیف کے کام میں لگا رہا۔ اس کام کے سلسلہ میں حضرت صاحبزادہ محبوبی صاحب کے وسیع کتب خانہ سے ہی استفادہ ہوا۔ — شرح صحیح مسلم جلد سادس کے باب نمبر ۲۷ سے لے کر ۸۰ تک کا کام بریڈفورڈ میں مکمل ہوا — برسٹل اور بریڈفورڈ میں تقاریر کے بعد علمی مذاکرے اور سوال و جواب کی نشست بھی ہوئی البتہ اس بات سے سخت رنج اور افسوس ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عشق اور محبت کے دعوے دار ہونے کے باوجود ہمارے بعض بنیاد پرست لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی احادیث صریحہ اور صحابہ کرام کے صحیح آثار پر بعض متاخرین علماء کے اقوال کو ترجیح دیتے ہیں! بہر حال سفر برطانیہ میں یہ دیکھ کر خوشی ہوئی

کہ وہاں کے اکثر علماء اور خطباء کے پاس شرح صحیح مسلم، مقالات سعیدی، تذکرۃ المحدثین، توضیح البیان اور میری دیگر تصانیف ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا بے حد و حساب شکر ہے کہ اس نے میری کتابوں کو اس قدر مقبولیت عطا فرمائی اور پھر کرم بالائے کرم یہ کہ اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے اور اپنے حبیب کے دربار پر حاضر ہونے کی توفیق دی۔ میں ان علماء کا بھی شکر گزار ہوں جنھوں نے شرح صحیح مسلم کے متعلق اپنے تاثرات لکھ کر مجھے ارسال فرمائے۔ جن میں سے بعض تاثرات کو اس جلد کے شروع میں شائع کیا جا رہا ہے۔

شرح صحیح مسلم جلد خامس میں جن ابواب کا ذکر کیا گیا ہے وہ یہ ہیں: کتاب الاقضیہ، کتاب اللقطہ، کتاب الجہاد اور کتاب الامارۃ۔

شرح صحیح مسلم جلد خامس میں جن مسائل اور موضوعات پر تفصیل سے بحث کی گئی ہے وہ یہ ہیں: قضاء اور اجتہاد کے مباحث، عوام اور فقہاء کی تقلید کا فرق۔ رشوت کی تفصیل اور تحقیق۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بشر اور نور ہونے کی تحقیق۔ نبی کی خصوصیات۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اول خلق ہونے کی بحث۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کی تحقیق۔ سرکاری خزانے سے اپنا حق وصول کرنے کا مسئلہ۔ لذت اور آسائش کے لیے مال خرچ کرنے کی بحث، گناہ صغیرہ اور کبیرہ کی بحث، عورت کی شہادت کی تحقیق، آیا عورت کی شہادت نصف ہے یا کامل، ہجرت کی تفصیل، دار الکفر میں سکونت اختیار کرنے کا حکم، حدیث ردّ شمس کی تحقیق۔ جنگی قیدیوں کے تبادلہ یا ان کو بلا عوض احسانًا چھوڑنے کی تحقیق، مسئلہ فدک اور علماء شیعہ کے اعتراضات کے جوابات، مسئلہ خلافت، حضرت ابوبکر کی خلافت پر اعتراضات کے جوابات، غزوۂ بدر میں فرشتوں کے قتال کی بحث۔ قیام تعظیمی کی بحث۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمّی ہونے کا معنی اور آپ کے لکھنے اور پڑھنے کی مکمل تحقیق، سجدۂ شکر کا مسئلہ، عورت کے ستر اور حجاب کی تحقیق، خلافت اسلامیہ اور موجودہ دور کی اسلامی حکومتوں کی تحقیق، جوتے کی تعریف اور لاٹری اور سٹہ وغیرہ کا شرعی حکم۔ بیمہ کی تحقیق، حیات شہداء کی بحث، حکمی شہداء کی تعداد کا بیان اور دیگر بہت سے مباحث۔

سید محمد اعجاز صاحب مالک فرید بک سٹال کی ہمت اور حوصلہ قابل داد اور لائق ستائش ہے وہ بیک وقت کئی ضخیم کتابوں کی جلدوں کو تسلسل کے ساتھ منظر عام پر لا رہے ہیں اور یقینًا قارئین کرام کو یہ پڑھ کر خوشی ہوگی کہ شرح صحیح مسلم کی پہلی جلد کا دوسرا ایڈیشن قریب الختم ہے دوسری جلد کا دوسرا ایڈیشن چھپ گیا ہے اور تیسری جلد کا دوسرا ایڈیشن عنقریب چھپنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کو دن بدن زیادہ سے زیادہ مقبولیت عطا فرمائے، اس کے مصنف، ناشر، کاتب، مصحح، معاونین اور دیگر معاونین کو دارین کی رحمتوں سے نوازے۔ دنیا میں علم نافع اور اعمال صالحہ اور آخرت میں اپنے خصوصی رحم و کرم اور اپنے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت، شفاعت اور قرب خاص سے مالا مال فرمائے۔ الٰہ العلمین مجھے اس کتاب کی تصنیف میں راہ حق دکھا، خطاء اور زلل سے محفوظ رکھ، اس کتاب کو تا قیامت باقی رکھ اور اس کو میرے لیے صدقہ جاریہ بنا دے ۔۔۔۔ اے بار الٰہ اس کتاب کے طفیل میری، میرے والدین کی، میرے اساتذہ اور مشائخ کی، میرے تلامذہ اور احباب کی، میرے معاونین و قارئین کی اور تمام مسلمانوں کی مغفرت فرما اور دارین کی سعادتوں، کرامتوں اور کامرانیوں کو ہم سب کا مقدر کر دے آمین۔ یارب العالمین بجاہ حبیبک محمد سید المرسلین خاتم النبیین رحمۃ للعالمین صلوات اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ من المحدثین والمفسرین والائمۃ المجتہدین والعلماء الراسخین اجمعین۔

غلام رسول سعیدی غفرلہٗ
خادم الحدیث دار العلوم نعیمیہ۔ بلاک ۱۵، فیڈرل بی ایریا کراچی ۳۸۔
ٹیلیفون نمبر: ۶۳۲۴۴۳۶ — ۶۳۱۴۵۰۸
یکم شعبان المعظم ۱۴۱۱ھ، ۱۷ فروری ۱۹۹۱ء

آراء و تاثرات

از حضرت استاذ العلماء مولانا سید حسین الدین شاہ صاحب زید لطفہم مہتمم جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین رحمۃ للعالمین خاتم النبیین وعلی اٰلہ واصحابہ اجمعین۔

علامہ غلام رسول سعیدی شیخ الحدیث مدظلہ صاحب تصانیف کثیرہ اُن خوش نصیبوں میں شامل ہیں جنہیں قسامِ ازل نے اپنے حبیب لبیب باعث تخلیق کائنات محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ کا فیض دوسروں تک پہنچانے اور ان کے مفاہیم و مطالب عالیہ کو سہل انداز میں پیش کر کے عامۃ المسلمین کو بہرہ افروز کرنے کی سعادت پر مامور کر دیا ہے۔

علامہ سعیدی صاحب کے بعض رسائل و مقالات کے مطالعہ اور ان سے استفادہ کے باعث آپ سے ایک گونہ تعارف تو پہلے سے ہو چکا تھا مگر خود مولانا سے علمی مجلس اور ان کی مشہور تصنیف شرح صحیح مسلم کے مطالعہ کا موقع میسر نہ ہوا تھا۔ اتفاقاً ایک تنظیمی کام کے سلسلہ میں کراچی جانے کا اتفاق ہوا تو حضرت مولانا کی زیارت و ملاقات کے ساتھ علماء کی مجلس میں بعض مسائل پر تبادلۂ خیال کا موقع بھی ملا اور آپ کے اندازِ گفتگو، طرزِ بحث سے بالمشافہ آگاہ ہونے کا لمحہ بھی ہاتھ آیا۔

حضرت مولانا کے ترجمہ اور تشریح کو دیکھ کر یہ تاثر قائم ہوا کہ آپ منشاء رسالت کو اردو کی صورت میں منتقل کرتے ہیں، مفاہیم احادیث کو اپنے خیالات کے مطابق نہیں ڈھالتے بلکہ اپنی فکر اور قلم کو ان کی ترجمانی کے لیے استعمال کرتے ہیں، خود کوئی دعویٰ ایجاد کر کے اس کے لیے احادیث کو استعمال نہیں کرتے بلکہ احادیث سے جو کچھ آشکارا ہوتا ہے ان فوائد و نکات کو اصلاح امت کے لیے پیش کرتے ہیں۔ اتنے بڑے کارنامہ کی انجام دہی میں خطا کا واقع ہونا ممکن ہی نہیں بلکہ متوقع ہے مگر خلوصِ نیت سے حق کی تلاش میں اجتہاد درستی کرتے ہوئے خطا کا سرزد ہو جانا کوئی گناہ نہیں بلکہ تلاشِ حق کی محنت کا ثمرۂ خیر پھر بھی مل جاتا ہے۔ ہاں ناہلی کو گروپ کا تنگ بندی سے کام لینا اور اپنے مزعومات کے مطابق قرآن و حدیث کو ڈھالنا بہت بڑا جرم ہے۔ الحمد للہ حضرت مولانا کا قلم اس جرم سے پاک اور اظہار حق میں سرگرداں ہے۔

حضرت مولانا کا اندازِ تحریر سہل اور عام فہم ہے۔ آپ بہترین ادیب قلم برداشتہ لکھنے کے عادی اور اسالیب کلام پر قادر ہیں مگر اس کتاب میں الفاظ کی کثرت و تمکنت کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہتے بلکہ مطالبِ حدیث کو ہر طبقہ کے لوگوں کے فہم کے قریب لانا چاہتے ہیں، کیونکہ الفاظ کی تمکنت کے زور پر پھیلایا ہوا علم ذہن کو تو جلا بخش سکتا ہے مگر قلب کو متاثر نہیں کر سکتا۔ قلب تو کسی مصلح کے اخلاص و سوز کے ساتھ پیش کیے ہوئے اصلاحی پیغام سے ہی متاثر ہوتا ہے۔ آپ کی کتاب جہاں مدرسین کے لیے

رہنمائے تدریس ہے وہاں طالبانِ علم کے لیے مینارۂ نور اور عام پڑھے لکھے لوگوں کے لیے بھی فیض بخش ہے۔

اسلام کی ابدی روشن تعلیمات زمینی اور زمانی وسعتوں پر پھیلی ہوئی ہیں اور ماضی وحال کی طرح مستقبل کے لیے بھی رہبر و رہنما اور ذریعۂ نجات و فلاح ہیں۔ اسلام کی تعلیمات ایسی جامع اور کامل ہیں جو ہر دور کے مسائل کا حل پیش کرتی ہیں اور ہر روز پیش آنیوالے بے شمار واقعات و حادثات کا حکمِ شرعی رجال امت اسلامی اصولوں کی روشنی میں پیش کرتے رہے ہیں اور پیش کرتے رہیں گے لیکن ان احکام کے لیے علل و اسباب کی تعیین تو بکثر مسائل کے لیے تمثیل و تشبیہ اور وجوہات کی تلاش میں اختلاف کا پیدا ہونا ایک فطری امر ہے اختلاف اُمت کے اسباب پر نظر رکھنے والا اور فقہاء اسلام کی کاوشوں سے آشنا انسان جانتا ہے کہ جب بھی کوئی نئی مشکل پیش آئی جس نے عامۃ المسلمین کو مشکلات میں مبتلا کر دیا۔ ایسا عمل جو بادی النظر میں غلط نظر آیا مگر عموم بلویٰ کی سی صورت اختیار کر لی تو علماء امت نے ارشاد ربانی "ماجعل علیکم فی الدین من حرج" یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر۔ یا شارع اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد "انما بعثتم میسرین وما بعثتم معسرین۔ یا متمم مکارم اخلاق صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وسنت " ما خیر بین امرین الا اخذ ایسرھما ما لم یکن اثما۔ پر نظر رکھتے ہوئے ان مشکلات کے حل میں غور کرتے رہے ہیں کہ اثم سے بچتے ہوئے کس حد تک اور کس حالت میں سہولت کی اجازت ہے۔ کسی نے زیادہ احتیاط کا پہلو اختیار کیا اور کسی نے شرعاً ممکن حد تک سہولت کی جانب میلان کیا تو جواز عدم جواز، اولیٰ غیر اولیٰ، کراہت و اباحت پر قابلِ صد احترام فقہاء کرام نے مختلف فتوے دیے۔ حسن نیت و استعداد کے ہوتے ہوئے اختلاف آراء نہ کوئی عیب ہے نہ جرم بلکہ عہد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے یہ کرتا حال پایا جاتا ہے اور افراد و جزئیات کے اضافہ کے ساتھ بڑھتا ہی رہے گا۔ صحابہؓ کبار اور ائمۂ مجتہدین مخلصین کے اختلافات، منشاء اخلاف کو دیکھ کر یہ کہنا بجا ہوگا۔

گل ہائے رنگا رنگ سے ہے رونقِ چمن
اے ذوقؔ اس جہاں کو ہے زیب اختلاف سے

کیونکہ اختلاف آراء میں اعتدال و انصاف کا ترازو ہاتھ میں رہے تو ایسا اختلاف امت کے حق میں رحمت ہے بایھم اقتدیتم اھتدیتم۔ کی سہولت ہے۔ اسلام کے اصولوں کے تابع غیر منصوص مسائل کا منصوص احکام سے شرعی حکم تلاش کرنے کا نقطۂ نظر سے اختلاف مسلّمہ مسائل سے انحراف نہیں ان سے موافقت ہے اسی لیے دیکھا گیا ہے کہ حلت و حرمت، جواز و عدم جواز، کراہت و اباحت کے اختلافات کے باوجود متلاشیانِ حق کی باہمی الفت و محبت، احترام و شفقت میں کوئی فرق نہیں آیا، عمل اپنے نزدیک راجح رائے پر کیا مگر دوسری رائے پر عمل کرنے والوں کی تضلیل و تفسیق نہیں کی گئی ——— ان اجہاں پر اصولوں سے روگردانی پائی "مداہنت فی الدین" اور تحریف کا اثر دیکھا تو اسے مٹانے کی پوری کوشش کی۔ فروعی مسائل میں اختلافات آراء فطرت کا تقاضا ہے اہل علم اور صاحب صلاحیت لوگوں کا عالمانہ، دیانتدارانہ اختلاف، جو اختلاف رائے کے باوجود ائتلاف کو برقرار رکھے، عداوت و حسد کی ظلمت سے بچائے رکھے، باعث رحمت ہے، جن مسائل پر نص صریح الدلالات نہ ہو ان میں غور و فکر اور تحقیق کرنے والوں کے درمیان اختلاف ہونا تفاوت اذہان کا نتیجہ ہے۔ علامہ سعیدی صاحب کے طرز اختلاف کے بارے میں میری رائے کچھ یوں ہے۔

مولانا نے جن حضرات کی آراء سے اختلاف کیا ہے ان میں بزرگ بھی شامل ہیں اور معاصر و مخالف بھی۔ علماء اہلسنت کی علمی وجاہت تحقیقی ثقاہت اور دیانت و امانت پر مکمل اعتماد کرنے کے باوجود خود ان اعیان العلم کے مختلف اقوال یا ان

کے قول پر قائم کیے گئے دلائل کے سمجھ نہ آنے کی وجہ سے رائے میں اختلاف پیدا ہو جاتا ہے۔ ان بزرگوں کی تعظیم و تکریم کرتے ہوئے انہیں علم و فضل کا سرمایہ گردانتے ہوئے اپنے نقطۂ نظر کا اظہار کر دینا کوئی جرم نہیں، خود اہل علم کا اپنے سے پہلے والوں سے یہ معاملہ رہا ہے۔

حضرت مولانا متقدمین علماء سے کسی مسئلہ میں اختلاف رائے کی صورت میں اپنی سوچ کا امام تعدارانہ اظہار کرتے ہیں۔ بزرگوں کی تعظیم و توقیر میں فرق نہیں آنے دیتے اور نہ ہی تعلّی وادّعا کا مظاہرہ کرتے ہیں گویا وہ صرف اتنا ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ دلائل کا مفہوم جو میں سمجھتا ہوں اس کی وجہ سے میری رائے یہ ہے یا یوں سمجھے بزرگوں کے خرمن علم سے خوشہ چینی کرنے والے کا بچگانہ ناز ہے۔ برتری کا دعویٰ نہیں اور خدانخواستہ کسی شخص میں رعونت و تعلّی کا داعیہ پیدا ہو جائے تو اس کا فیض جاری نہیں رہ سکتا بلکہ اس کے ہلاک ہونے کا خدشہ لاحق ہو جاتا ہے۔

از خدا خواہیم توفیق ادب

حضرت مولانا کو جن لوگوں سے اعتقادی و مسلکی اختلاف ہے ان پر بھی گرفت کرتے ہوئے ان کی اصلاح اور ان کے پیروکاروں کو راہ خطر سے محفوظ کرنے کا جذبہ آشکارا ہوتا ہے اس موقع پر اعتدال کا دامن چھوٹنے نہیں دیتے بلکہ تنقید و تذلیل کے فرق کو پیش نظر رکھتے ہیں اس سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ اپنے ہم مسلک معاصرین سے اظہار اختلاف کے وقت آپ کا کیا انداز ہوگا۔

مولانا صاحب سے ایک مذاکرہ کے بعد میری رائے ہے کہ آپ غیر جارحانہ تنقید اور علمی اعتراض کو خندہ پیشانی سے سنتے ہی نہیں بلکہ دلیل میں وزن دیکھیں تو اپنے قول سے رجوع کرنے میں عار بھی نہیں سمجھتے۔ جو صاحب تحقیق دوسروں کا مواخذہ کرے اسے نہ صرف اپنے آپ کو احتساب کے لیے پیش کرنا چاہیے بلکہ اپنے قول کے خطا ہونے کے امکان کو بھی پیش نظر رکھنا چاہیے۔ تنقید پر وسعت ظرفی سے نظر ڈالے اور "المجتهد يخطئ ويصيب" کو پیش نظر رکھے۔ ناقدین کے لیے بھی ضروری ہے کہ اصلاح و اطلاع علی الخطاء کے جذبے کا اظہار کریں۔ دلائل کی روشنی میں علمی مواخذہ کریں اور معاندانہ تنقید و تحقیر سے اجتناب کریں۔

معاصرانہ چشمک دیرینہ مرض ہے مگر حضرت علامہ کا اسلوب تحریر بیان لغات حل مشکلات، بیان مذاہب و احتمالات اور ترجیح راجح اور نئے مسائل پر تبصرے ایسے اسباب ہیں جن سے عام علماء کے علاوہ خادمان حدیث بھی استفادہ کریں گے اور آنے والے دور کے لیے تو یہ دستاویز ہوگی۔ بعض لوگوں کو ہم عصری دوسرے کی عظمت کا اعتراف نہیں کرنے دیتی مگر علم کے قدردان اور وسیع الظرف افراد اس سے بہت حد تک محفوظ رہتے ہیں اور علمی تحقیقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں چاہے ان سے کم عمر یا کم شہرت پانے والے شخص کا کام ہی کیوں نہ ہو۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو مضامین کی چوری تو جائز سمجھتے ہیں مگر اعتراف سے گریز کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں مسلم شریف کی اردو شرحوں میں یہ کتاب بعض اختلافات کے باوجود ان شاء اللہ قبول عام حاصل کرے گی اور اس سے استفادہ کیا جائے گا۔

دعا:

اے ارحم الراحمین! یہ تیرا احسن کرم ہے جو سید ولد آدم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بتایا کہ تیرا بندہ جب تجھ سے کرم کی بھیک مانگنے کے لیے ہاتھ اٹھاتا ہے تو انہیں خالی ہاتھ لوٹاتے ہوئے تو حیا فرماتا ہے ـــــــــ اے کریم! میں حضور پُر برکات اور یکین گوہر حضرا صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پیش کر کے التجا کرتا ہوں کہ مولانا کے علم نافع اور عمل صالح میں برکت دے، صحت و توانائی عطا فرمائے

و سکون کے ساتھ سنتِ نبوی کی خدمت مقبولہ کی توفیق عطا فرما میرے گناہوں کو بخش دے، میرے والدین کریمین و اساتذہ کرام پر خاص کرم نازل فرما اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری امت پر رحم فرما۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ ونور عرشہ سیدنا ومولانا محمد وعلی اٰلہ واصحابہ اجمعین

ابوالخیر حسین الدین شاہ سلطانپوری

خادم جامعہ رضویہ ضیاء العلوم، راولپنڈی
۳۰ رجب المرجب ۱۴۱۱ھ،
۱۶ فروری ۱۹۹۱ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صاحبزادہ مولانا محمد حبیب الرحمان محبوبی، مہتمم صفۃ الاسلام بریڈفورڈ برطانیہ

میں بنیادی طور پر علوم دینیہ کا ایک طالب علم ہوں اور درس نظامی کی تکمیل اور دورۂ حدیث شریف سے بہرہ مند ہونے کے بعد بھی گذشتہ پندرہ سال سے میرا پسندیدہ مشغلہ کتب بینی ہے اور میری دلچسپی کا محور و مرکز تفسیر، حدیث، فقہ اور کتب سیرت کا مطالعہ اور اکابر کے فیوض علمیہ کی خوشہ چینی ہے۔

پاک و ہند میں گذشتہ ایک صدی میں علوم دینیہ پر بہت زیادہ تحقیقی کام ہوا ہے، اور اب ہم بجا طور پر کہہ سکتے ہیں کہ عربی زبان کے بعد اسلامی لٹریچر اور دینی و علمی سرمائے کے اعتبار سے اردو زبان دنیا کی کسی بھی زبان سے کسی بھی طور پر کم تر نہیں ہے۔ بلاشبہ اسلام کے دینی، علمی، تاریخی و ادبی سرمائے کو عربی سے اردو زبان میں منتقل کرنے میں علماء اہلسنت کا [illegible] بہت نمایاں ہے اور بعض جہتوں سے تو اس حد تک تحقیقی کام ہوا ہے جو بجائے خود ماخوذ کے ماخذ کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ اس سلسلے میں امام اہل سنت مجدد ملت علامہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہ العزیز، صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی اور صدر الشریعۃ مولانا امجد علی اور دیگر اکابر اہلسنت کے بار احسان تلے ہماری گردن سپاس اعتراف ہمیشہ جھکی رہے گی۔

"تاہم اس امر کا اعتراف کرنے میں ہمیں تامل نہیں کرنا چاہیے کہ تفسیر و شرح حدیث کے عنوان سے جس قدر علمی و تحقیقی کام ہونا چاہیے تھا، وہ ہمارے ہاں نہیں ہو سکا۔ دیگر وجوہ کے علاوہ اس کا ایک معقول سبب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہمارے اکابر کی بیشتر توجہ عصری فتنوں کی سرکوبی کی جانب مرکوز رہی۔ اور اگر وہ اپنے عہد کے تقاضوں کا بروقت ادراک کر کے لادینیت، دہریت، انکار ختم نبوت، انکار حدیث اور توہین رسالت ایسے مہیب فتنوں کا قلع قمع نہ کرتے تو غالباً بدمن آج ہمارے عقائد اسقدر مصفیٰ و مزکیٰ شکل میں محفوظ نہ ہوتے اور نہ جانے کس کس نوع کی بدعقیدگیوں کی آلائش سے ہمارے عقائد ملوث ہو چکے ہوتے اور طرح طرح کے دام ہم رنگ زمین میں اس طرح پھنس چکے ہوتے کہ اس سے نکلنے کا راستہ بھی سجھائی نہ دیتا۔

للہ الحمد کہ اب وہ سب فتنے اپنی موت آپ مر چکے ہیں، قادیانیت کو اب پاکستان میں آئینی و قانونی طور پر کفر قرار دیا جا چکا ہے اور توہین رسالت پر مبنی کتب کے مصنفین کے پیروکار اب خود ہی اس گندگی کو مخمل کے صد در صد غلافوں میں لپیٹ کر چھپانے پر مجبور ہیں اور "جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا" کا عملی نمونہ ہم اپنی نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں، بس فقط اس کے مشاہدے کے لیے چشم بصیرت وا ہونی چاہیے۔

کرم بالائے کرم یہ کہ اب ہمارے متقدر و محقق علماء کو تھوڑی سی فرصت ملی ہے اور امید واثق ہے کہ انشاء اللہ قلیل عرصے میں تفسیر و حدیث پر وقیع تحقیقی کام کا وافر ذخیرہ ہمارے علمی ورثے میں شامل ہو جائے گا اور اس سلسلے میں محقق العصر علامہ غلام رسول سعیدی

کا نام ان شاء اللہ علماء کے اس قافلے کے سرخیل و سالار کے طور پر تاریخ میں ہمیشہ ثبت رہے گا اور انہیں بقاء و دوام نصیب ہو گا۔

اب ہم نہایت فخر و انبساط کے ساتھ بجا طور پر یہ دعویٰ کر سکتے ہیں کہ حضرت علامہ نے شرح صحیح مسلم تصنیف فرما کر خدمت حدیث کا حق ادا کر دیا ہے، اس کتاب کو پڑھ کر ہماری تمام تمنائیں پوری ہو گئیں، سارے خواب شرمندہ تعبیر ہو گئے اور اب اس سلسلہ میں کوئی حسرت نہیں رہی۔ اس شرح کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ صرف احادیث کی شرح ہی نہیں ہے بلکہ حنفی مذاہب پر دلائل کا عظیم فقہی سرمایہ بھی ہے اور عصری مسائل پر ایک عظیم اجتہادی شاہکار ہے، اس کتاب میں حضرت مصنف عم فیضانہ نے احادیث پر فنی بحث کے ساتھ ساتھ قدیم و جدید مسائل اعتقادیہ و فقہیہ پر موافقین و مخالفین کے تمام دلائل عقلیہ و نقلیہ کو بیان کیا اور پھر خدا داد اجتہادی بصیرت سے روزِ روشن کی طرح اپنے موقف کو واضح کر دیا۔ دلائل عقلیہ و نقلیہ کے اس حسین، جامع اور کامل امتزاج کی وجہ سے حضرت مصنف عم فیضانہ صاحب ہدایہ کے ہم طرز و ہم رکاب نظر آتے ہیں۔ یقین واثق ہے کہ اس شرح کی تکمیل کے بعد شاید ہی کوئی ایسا مسئلہ ہو گا جس پر اس کتاب میں سیر حاصل بحث نہ کر لی گئی ہو۔

شرح صحیح مسلم کی تکمیل کے بعد میں مصنف محترم کی توجہ ایک اور اہم کام کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ ہے قرآن مجید کا سلیس اردو ترجمہ اور اس کی جامع تفسیر، ہر چند کہ اس وقت مارکیٹ میں مختلف اردو تراجم اور تفاسیر موجود ہیں اور وہ بہت حد تک مفید اور مقبول بھی ہیں، تاہم اردو پڑھنے والوں کا ایک خاصا طبقہ ہنوز تشنگی محسوس کرتا ہے۔ اردو ادب کے موجودہ اسلوب، سادگی اور سلاست کے ساتھ رواں دواں زبان میں دینی موضوعات پر تحریر کی جو چاشنی شرح صحیح مسلم کی عبارت میں ہے وہ کسی اور کتاب میں نظر نہیں آتی۔ بعض کتابوں میں نامانوس اور متروک محاورات اور ترکیبات ہیں اور بعض کتابوں میں حد سے زیادہ لفاظی اور بھاری بھرکم عبارات ہیں اور بعض مصنفین نے علمی مضامین کو افسانوی زبان اور نثری شاعری کے رنگ میں لکھا ہے اور بعض علماء کی عبارات ادق الفاظ اور ثقیل علمی اصطلاحات کے بوجھ تلے دبی ہوتی ہیں ____ الغرض علمی اور دینی مضامین کی تفہیم کے لیے زبان کی جس سادگی روانی اور بے ساختگی کی ضرورت ہے۔ اس سے ہماری دینی کتابیں اور ہمارے اردو تراجم اور تفاسیر کا ذخیرہ تہی دامن ہے اس لیے اردو پڑھنے والوں کے ایک بہت بڑے طبقہ کی نگاہیں حضرت مصنف کی طرف لگی ہوئی ہیں کیونکہ شرح صحیح مسلم کے مطالعہ کے بعد صرف اور صرف آپ ہی کی ذات سے یہ توقع وابستہ ہے کہ اس اسلوب نگارش کے ساتھ آپ قرآن مجید کے ترجمہ اور تفسیر کی خدمت پر بھی کمربستہ ہوں۔ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ !

ہمارے دینی مدارس کی کثیر تعداد اور ان کی گراں قدر خدمات کے باوجود ابھی تک ہمیں قحط الرجال سے نجات نہیں مل سکی اور کوئی نہیں جانتا کہ آئندہ چند سالوں تک ہماری زبوں حالی کہاں تک پہنچ چکی ہو گی۔ ہمارے دینی مدارس سے فارغ التحصیل علماء کی اکثر تعداد ایسی ہوتی ہے جنہیں جدید دینی مسائل اور ضروریات کا صحیح ادراک نہیں ہوتا نہ ان کے حل کا سلیقہ ہوتا ہے۔ اس کا ایک سبب محنت کی کمی اور نصاب کی طوالت ہے ____ دوسری وجہ یہ ہے کہ علوم دینیہ کا اکثر سرمایہ عربی زبان میں ہے۔ ظاہر ہے کہ جب تک کسی زبان کی لغت، اور گرامر پر مکمل عبور نہ ہو اس زبان کے علمی ذخیرے سے کما حقہ استفادہ نہیں ہو سکتا۔ اسی وجہ سے ایک دور میں علماء کرام نے علوم عربیہ کو فارسی میں منتقل کیا کیونکہ اس وقت عام لوگوں کی پہنچ فارسی زبان تک ہی تھی۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے فارسی میں اشعۃ اللمعات، شرح سفر السعادت اور مدارج النبوت لکھیں۔ شیخ نور الحق دہلوی نے فارسی میں صحیح بخاری کی شرح تیسیر القاری لکھی، شاہ ولی اللہ نے فارسی میں ترجمہ قرآن لکھا۔ اب اس دور کا تقاضا یہ ہے کہ ان علوم کو اردو میں منتقل کیا جائے۔ اسی ضرورت کے پیش نظر برصغیر کے علماء نے عربی اور فارسی کے علمی ذخائر کو اردو میں منتقل کرنا شروع کر دیا ہے۔

لہٰذا اب اردو زبان میں بھی کافی علمی ذخیرہ مہیا ہو چکا ہے۔ اگر موجودہ فارغ التحصیل علماء نے اب بھی ان علوم سے استفادہ نہ کیا تو یہ بڑی حیرت اور افسوس کا مقام ہوگا۔ میں دینی مدارس کے مہتمین اور اساتذہ کی خدمت میں یہ تجویز پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں کہ وہ شرح صحیح مسلم کو ایک اضافی اور امدادی کتاب کی حیثیت سے باقاعدہ اپنے نصاب میں شامل کریں اور دورۂ حدیث کی تعلیم کے دوران طلبہ کو اس شرح کے علمی اور فقہی مباحث کا مطالعہ کرائیں اور انھیں یہ ہدایت کی جائے کہ وہ اس کی ابحاث میں مندرج حوالہ جات کو اصل کتابوں میں تلاش کریں تاکہ ان میں تحقیق و تجسس کی صلاحیت اجاگر ہو اس تجویز پر عمل کرنے سے ایک بہت بڑی کمی پوری ہو جائے گی۔

میں آخر میں رب ذوالجلال کے حضورِ اقدس میں بصد عجز و اخلاص یہ التجا کرتا ہوں کہ وہ اپنے حبیب کریم رحمۃ للعالمین محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل حضرت علامہ سعیدی مدظلہٗ کا سایہ اہل سنت پر صحت کاملہ کے ساتھ تادیر قائم رکھے اور اسی سرعت کے ساتھ انھیں قرآن مجید، حدیث شریف اور فقہ اسلامی کی بیش از بیش خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ اس راہ میں ان کی رکاوٹیں دور فرمائے اور ان کو وافر سہولتیں عطا فرمائے اور ان کے دینی، علمی اور قلمی سرمایہ کو صدیوں تک اہلسنت اور عامۃ المسلمین کے لیے سرمایۂ افتخار بنا دے اور ان کی تصانیف دین اسلام اور میراث علم و حکمت و نبوت کا ایسا سرچشمہ اور منبع قرار پائیں جن سے علم و حکمت کے سوتے تاقیامت پھوٹتے رہیں اور مجھے اور جملہ تشنگان علم اور طلبگارانِ ہدایت کو ان سے مستفید و مستفیض فرمائے "آمین"۔ وما ذلك على الله بعزيز انه على كل شيء قدير وانه يفعل ما يشاء وانه هو فعال لما يريد انه سميع مجيب الدعوات ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم وتب علينا انك انت التواب الرحيم بجاه حبيبك محمد سيد المرسلين صلى الله تعالى عليه وعلى اله واصحابه اجمعين۔

(صاحبزادہ) محمد حبیب الرحمٰن محبوبی فیض پوری،

مہتمم صفۃ الاسلام بریڈفورڈ، برطانیہ
(154, Bunbridge road Bradford york., s England, U.K.)
۱۵ دسمبر ۱۹۹۰ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مفتی محمد زبیر تبسّم، ناروے

آج سے تقریباً پندرہ برس قبل اہلسنت کے بے باک ترجمان ماہنامہ ضیائے حرم لاہور کے میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم نمبر میں حضرت علامہ مولانا غلام رسول سعیدی صاحب کا ایک مضمون پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ اس کے بعد حضرت مولانا سعیدی صاحب کی کئی تصنیفات خصوصاً ضیائے حرم میں چھپنے والے مضامین پڑھ کر بے ساختہ مولانا کی درازئ عمر کے لیے دعائیں کیں۔ بلاشبہ فاضل جلیل نگہ بلند سخن دلنواز جاں پرسوز کا مرقع زیبا اور عصر حاضر میں اہلسنت کا عظیم سرمایہ ہیں۔ مبدا فیاض نے انہیں بے شمار خوبیوں سے نوازا ہے۔ علمی و ادبی حلقوں میں علامہ سعیدی کی تصنیفات۔ توضیح البیان، ذکر بالجہر، مقالات سعیدی، تذکرۃ المحدثین کافی شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ حال ہی میں ماہنامہ ضیائے حرم لاہور کے کئی شماروں میں شرح صحیح مسلم کی چار جلدیں چھپ جانے کا جب علم ہوا تو بڑی خوشی ہوئی۔ چند دن قبل ہی ضیاء القرآن پبلیکیشنز سے منگوالیں۔ بعض مقامات کے مطالعہ کا موقع ملا۔ الحمد للہ اردو کی جتنی بھی شروح اس وقت منظر عام پر آ چکی ہیں ان میں یہ شرح منفرد مقام رکھتی ہے۔ مسلک اہلسنت کی دلائل کے ساتھ جس طرح حقانیت واضح کی گئی ہے اس کو پڑھ کر فاضل مصنف کے لیے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے دعا نکلتی ہے۔ علامہ سعیدی صاحب نے بڑے حسین انداز میں بامحاورہ اردو ترجمہ، احادیث کی مختصر تشریح، فقہ حنفی کی عظمت پہ دلائل اور اختلافی مسائل پر گفتگو کے ساتھ ساتھ جدید دور کے بعض اہم مسائل مثلاً پراویڈنٹ فنڈ پر زکوٰۃ، اعضاء کی پیوندکاری، عطیہ خون و انتقال خون کا جواز، ضبط تولید، ٹیسٹ ٹیوب بے بی، بنک نوٹ کی تحقیق، دنیا کا کرنسی نوٹ اور دیگر کئی موضوعات پر سیر حاصل بحث کی ہے۔

اگرچہ بعض مقامات پر مولانا سعیدی صاحب سے اختلاف ممکن ہے لیکن ان کی اس کاوش پر داد نہ دینا ناانصافی ہوگی۔ یہ جان کر کہ حضرت فاضل مصنف مختلف تکلیف دہ امراض کا شکار رہیں دکھ ہوا، دعا ہے کہ رب لم یزل اپنے محبوب تو سین ودنیٰ کے تاجدار سب نبیوں کے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ ابی و امی) کے نعلین پاک کے تصدق میں حضرت مصنف کو صحت کاملہ عطا فرمائے آمین اور انہیں عمر دراز عطا فرمائے تاکہ وہ اپنے قلم معجز رقم سے یہ جہاد جاری رکھ سکیں۔ آمین بجاہ سید المرسلین۔

عبدہ المذنب

مفتی محمد زبیر تبسّم فاضل دار العلوم محمدیہ غوثیہ، بھیرہ شریف (پاکستان)
حال خطیب غوثیہ مسلم سوسائٹی رجسٹرڈ ناروے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مولانا افتخار علی چشتی اوسٹرڈیم ہالینڈ

صحیح مسلم سید المحدثین حضرت امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی معرکہ آراء اور شہرہ آفاق تصنیف ہے۔ کتب احادیث میں اس کا مقام جمہور اہل علم کے نزدیک صحیح بخاری کے بعد ہے۔ جبکہ بعض علمائے کرام نے متعدد وجوہ کی بناء پر اس کو بخاری شریف پر بھی ترجیح دی ہے۔

صحیح مسلم احادیث طیبہ کا ایک صحیح ترین مجموعہ ہے۔ قول و فعل اور پسند و ناپسند کی عظمت و حکمت قائل و فاعل کے مقام و مرتبہ کی عظمتوں اور رفعتوں کے مطابق ہوتی ہے کلام الملوک ملوک الکلام ۔ حدیث مصطفےٰ صلی صاحبہ التحیۃ والثناء کی فہم حقیقی صرف اس کو عطاء ہوتی ہے جو مقام مصطفےٰ کی عظمتوں اور تقدس سے باخبر اور اس کا دل حب مصطفےٰ کی سرمدی دولت سے مالامال اور سرشار ہو۔

اُردو برصغیر پاک و ہند کی ایک انتہائی علمی زبان ہے۔ مسلم شریف کی عربی زبان میں متعدد شروح موجود ہیں لیکن ضرورت اس امر کی تھی کہ اس کی ایک جامع شرح اردو میں بھی کی جائے تاکہ عربی سے نابلد اور اُردو دان طبقہ بھی حدیث رسول کے نُور سے اپنے دل و دماغ کو منور کر سکے۔

کارکنان قضاء و قدر نے یہ سعادت عظمیٰ دنیائے اسلام کے ممتاز اسکالر اور محقق حضرت علامہ غلام رسول صاحب سعیدی شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ کراچی کے لیے روز اول سے ہی مقرر کر رکھی تھی۔ علمی حلقوں میں تو پہلے ہی حضرت موصوف کے لیے تذکرۃ المحدثین، توضیح البیان، مقالات سعیدی، مقام ولایت و نبوت، اور تاریخ نجد و حجاز جیسی بلند پایہ علمی و تحقیقی تصانیف کی بناء پر محبت و عقیدت اور ممنونیت کے جذبات پائے جاتے تھے لیکن شرح مسلم (اللہ تعالیٰ بطفیل اپنے حبیب پاک اس مقدس کام کو جلد پایۂ تکمیل تک پہنچائے آمین) علامہ موصوف کی وہ تصنیف ہے جو رہتی دنیا تک ان کے مستفیضین و محبین میں روز افزوں اضافے کا سبب بنتی رہے گی۔ اور انہیں راہ ہدایت کی پُر زور اور مدلل نشاندہی کرتی رہے گی۔

ملت اسلامیہ حضرت موصوف کی اس دینی و علمی خدمت پر بجا طور پر آپ کی شکر گزار ہے۔ اور خداوند عالم جل و علا کے حضور دست بدعا ہے کہ وہ حضرت علامہ کو عمر دراز اور صحت و سلامتی عطا فرمائے۔ آمین بجاہ حبیبک الکریم علیہ افضل الصلوات واکمل التسلیمات۔

افتخار علی چشتی، ایم اے، ایم۔ او۔ ایل

فاضل دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف۔

امام جامع مسجد القرطبہ پاکستان اسلامک سینٹر اوسٹرڈیم ہالینڈ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ محب اللہ نوری، شیخ الحدیث دار العلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور زید مجدہم

سید المحدثین حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ کی شہرۂ آفاق تصنیف "صحیح مسلم" صدیوں سے اہلِ علم میں متداول اور مدارسِ اسلامیہ میں داخلِ نصاب ہے۔ اس کی متعدد شروح لکھی گئیں۔ زیرِ تبصرہ "شرح صحیح مسلم" (اردو) ان شروح میں ایک گراں قدر اضافہ ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ اپنے مواد، تحقیق و تدقیق، فنی مباحث، گمراہ فرقوں کے رَد، مسلک اہلسنت کی بادلائل تائید اور مسائل عصریہ پر گفتگو کے اعتبار سے آج تک دنیائے حدیث میں ایسی کوئی کتاب تحریر نہیں کی گئی، تو بے جا نہ ہوگا۔

اس کتاب کے مصنف فاضل جلیل علامہ غلام رسول سعیدی شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی کا نام علمی و ادبی حلقوں میں محتاجِ تعارف نہیں۔ آپ توضیح البیان، ذکر بالجہر، مقامِ ولایت و نبوت، تاریخ نجد و حجاز، مقالات سعیدی، اور تذکرۃ المحدثین، ایسی متعدد علمی و تحقیقی تصانیف کے ذریعے اپنا لوہا منوا چکے ہیں۔ علامہ سعیدی صاحب وہ متبحّر اور محقق اسکالر ہیں جو کسی بھی مسئلے پر قلم اٹھاتے ہیں تو اسے الم نشرح کیے بغیر نہیں چھوڑتے۔ زیرِ نظر کتاب اُن کا بہترین علمی شاہکار ہے۔

شرحِ صحیح مسلم کی اب تک چار جلدیں چھپ چکی ہیں۔ پہلی جلد میں ناشر کی خواہش کے مطابق ایجاز و اختصار سے کام لینا پڑا۔ جبکہ دوسری، تیسری اور چوتھی جلدیں نہایت مفصل ہیں۔ یہ کتاب کئی خصوصیات کی حامل ہے۔ متنِ احادیث کا بڑا سلیس، عمدہ اور رواں ترجمہ، حدیث پر فنی بحث، قرآن و احادیث، آثار و اقوال، تابعین سے استدلال، ائمہ اربعہ کے علاوہ دیگر فقہی مذاہب کی توضیح و تشریح کے بعد فقہ حنفی کی ترجیح پر زبردست دلائل اس انداز سے پیش کیے ہیں کہ قاری کو دل کی گہرائیوں سے یہ یقین ہو جاتا ہے کہ فقہ حنفی قرآن و حدیث کا صحیح ترجمان ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ توضیحِ مسالک اصل متون اور بنیادی مآخذ سے کی گئی ہے۔ علامہ سعیدی کی جو بات بطورِ خاص پسند آئی وہ آدابِ رسالت اور عشق و محبت مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی چاشنی ہے۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ بڑے بڑے نامور علماء بھی جب بطورِ محدث کسی حدیث پر بحث کرتے ہیں تو بعض ایسی باتیں ان کے قلم سے نکل جاتی ہیں جن سے اعتراض تو شاید بنظرِ ظاہر میں رفع ہو جاتا ہو مگر عظمتِ رسالت کا اہتمام اوجھل ہو جاتا ہے مگر علامہ موصوف ایسے نازک مقامات پر اس انداز سے گفتگو کرتے ہیں کہ حدیث کی روح بھی نکھر کر سامنے آجاتی ہے اور عظمتِ مصطفیٰ بھی مزید اُجاگر ہو جاتی ہے۔

اس شرح کو دیگر شروح میں جو چیز ممتاز کرتی ہے وہ عصری مسائل پر سیر حاصل گفتگو ہے۔

بحمد اللہ تعالیٰ علامہ سعیدی نے نزاکتِ وقت کا احساس کرتے ہوئے مسائل عصریہ پر بحث کر کے وقت کی اہم ضرورت کو پورا کیا ہے۔ آپ نے دورِ حاضر کے جدید مسائل پر جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے ان کے محاسن کے لیے علیحدہ ایک مبسوط تحقیقی مقالے کی ضرورت ہے جو اہلِ علم کا کام ہے، جن عصری مسائل پر موصوف نے دادِ تحقیق دی ہے، ان میں سے چند موضوعات کی جھلک ملاحظہ فرمائیں:

ریل گاڑی اور جہاز پر نماز اور مذہبی جبر العباد پر بحث، پراویڈنٹ فنڈ پر زکوٰۃ، ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کے قرضوں اور دیگر میعادی قرضوں کے زکوٰۃ پر اثر انداز ہونے کا مسئلہ، پوسٹ مارٹم، ایلوپیتھک دواؤں سے علاج، عطیۂ خون و انتقالِ خون کا جواز، اعضاء کی پیوند کاری، فوٹو کے جواز کا مسئلہ، حرمت غناء و موسیقی، ریڈیو، ٹی وی، اور آڈیو و ویڈیو کیسٹ ریکارڈ وغیرہ کے استعمال اور جواز کی بحث (شرح مسلم جلد دوم)، اجتہاد و تقلید، وحی خفی، رویت ہلال کا اعلان، امراض متعدیہ کی شرعی حیثیت، تعدد ازدواج، حرمت متعہ، ضبط تولید، ٹیسٹ ٹیوب بے بی، مصنوعی تولید اور اسقاط حمل کا حکم، ایک مجلس میں تین طلاقوں کا حکم اور معلق طلاق کی شرعی حیثیت (شرح مسلم جلد ثالث) غلامی کے خاتمے کے بارے میں اسلامی قانون کی اولیت و فوقیت، سود، ذخیرہ اندوزی، سٹہ، انعامی بانڈ، قمار (جوا)، دستاویز کی بیع، حقوق کی بیع، پگڑی، ہنڈی کی بیع، ٹکٹوں کی بیع، امپورٹ لائسنس، روٹ پرمٹ کی بیع، کتابوں پر رائلٹی، ظہور صلاحیت سے پہلے باغوں کے پھلوں کی بیع، پکنے سے پہلے پھلوں کی بیع، باغات کے پھلوں کی مروجہ بیع، زمین کو کرائے پر دینا، مزارعت، کتوں کی قیمت، فاحشہ اور نجومی کی اجرت، بلی کی بیع، گھر کی حفاظت کے لیے کتا رکھنا، منہیات کی بیع، حیلہ کی تحقیق، بینک نوٹ کی تحقیق، دنیا کا کرنسی نظام، شفعہ، وصیت بعد وفات، ایصال ثواب، وقف کا بیان، نذر، ڈاکو اور مرتد کے احکام، قصاص، دیت، زنا، لواطت، رجم، قذف، (شرح مسلم جلد رابع) وغیرہ ایسے متعدد علمی، فکری اور تحقیقی عصری مسائل پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔

مولانا کی تحقیقات سے بعض مقامات پر اختلاف ممکن ہے۔ مگر تعطل اور فکری جمود کے اس دور میں اس تخلیقی اور اجتہادی کاوش پر داد نہ دینا بخل اور ناانصافی ہوگی۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف مولانا محترم کو صحت و سلامتی کے ساتھ عمرِ خضر سے نوازے اور تحقیق و اجتہاد کے اسلوب کو برقرار رکھتے ہوئے بقیہ جلدوں کی تکمیل اور مزید علمی و فکری کاموں کی توفیق عطا فرمائے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نعلینِ پاک کے تصدق اس شرح کو قبولیتِ دوام نصیب فرمائے۔

فرید بک سٹال لاہور نے شرح صحیح مسلم کو جس اعلیٰ ذوق کے ساتھ شائع کیا ہے وہ واقعی قابلِ ستائش ہے۔ علامہ سعیدی صاحب کی یہ شرح علماء، مدرسین، محققین اور دین سے وابستگی رکھنے والے حضرات کے لیے نعمت مترقبہ سے کم نہیں[1]

[1] یہ تبصرہ محب گرامی علامہ محب اللہ صاحب نوری شیخ الحدیث دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور نے لکھا ہے جو پہلے ماہنامہ نور الحبیب بصیر پور (مارچ ۱۹۹۰ء) میں شائع ہوا۔ بعد میں یہی تبصرہ ہفت روزہ احوال کراچی (۲۷ مئی تا ۲ جون ۱۹۹۰ء) میں شائع ہوا اور اس کے بعد اسی تبصرہ کو ماہنامہ ضیائے حرم لاہور (اگست ۱۹۹۰ء) نے شائع کیا، اس کی افادیت اور جامعیت کے پیش نظر اب ہم نے اس کو شرح صحیح مسلم جلد خامس میں شامل کر دیا ہے۔ (غلام رسول سعیدی غفرلہٗ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مولانا محمد خان قادری، منہاج القرآن لاہور

محترم و مکرم محقق دوراں رازی زماں علامہ غلام رسول سعیدی دامت برکاتہم
السلام علیکم۔ مزاج گرامی

بندہ نے اس سے پہلے بھی آپ کی کتب ذکر بالجہر، مقالات سعیدی، تذکرۃ المحدثین، توضیح البیان سے استفادہ کیا۔ آپ کی تحقیقات پڑھ کر دل سے دعائیں نکلیں کہ اے اللہ! ایسے شخص کو مزید ترقی عطا فرما۔

ان دنوں شرح صحیح مسلم کی چار جلدیں طبع ہو کر آئی ہیں، ان کا متعدد مقامات سے مطالعہ کیا اس کے بعد جی چاہا کہ آپ کی محنت و عظمت کو تحریری سلام عرض کروں۔

میرے نزدیک آپ کا یہ کام برصغیر کی تاریخ میں پہلا کام ہے۔ اتنی محنت، تحقیق کے ساتھ کسی شخص نے بھی مسائل حاضرہ پر گفتگو نہیں کی۔ آپ نے جس احسن انداز کے ساتھ مختلف مسائل کو بطریق استدلال بیان فرمایا ہے یہ آپ ہی کا حصہ ہے: ذٰلک فضل اللہ یؤتیہ من یشآء۔

انشاء اللہ کسی وقت تفصیلاً خط لکھوں گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و تندرستی عطا فرمائے۔ دنیا و آخرت میں اپنی خصوصی رحمتوں سے نوازے۔ حضور علیہ السلام کی شفقتیں نصیب ہوں اور علم دین کی مزید خدمت کی توفیق نصیب ہو، آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

والسلام

محمد خان قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ حمد الشاکرین والصلوٰۃ والسلام علی خاتم
النبیین سید الانبیاء والمرسلین اکرم الاولین والاٰخرین
حامل لواء الحمد یوم الدین اول الشافعین والمشفعین
صاحب المقام المحمود بین المحشورین الذی نطقتہٗ وحی
رب العالمین والذی خلقتہ معیار للحسن فی الاولین والاٰخرین
رحمۃ للعالمین حبیب رب العٰلمین سیدنا محمد وعلیٰ اٰلہ الطیبین
الطاہرین واصحابہ الراشدین المہدیین وازواجہ الطاہرات
المطہرات امہات المؤمنین واولیاء اُمتہ الواصلین الکاملین
وعلماء امتہ الراسخین من المفسرین والمحدثین والائمۃ
المجتہدین اجمعین

کتاب الاقضیۃ

قضاء کا لغوی معنی

علامہ اسماعیل بن حماد الجوہری لکھتے ہیں: قضاء کا معنی ہے "حکم" اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وقضی ربك الا تعبدوا الا ایاہ "آپ کے رب نے یہ حکم دیا کہ تم صرف اسی کی عبادت کرو" اور یہ لفظ فراغت کے معنی میں بھی مستعمل ہے قضیت حاجتی "میں اپنے کام سے فارغ ہو گیا" اور قضی نحبہ کے معنی ہیں "مر گیا" ادا کرنے اور پہنچانے کے معنی میں بھی ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ وقضینا الیہ ذلك الامر "ہم نے اس تک یہ حکم پہنچا دیا" قضیت دینی "میں نے اپنا قرض ادا کر دیا" اس کا معنی بنانا اور مقدر کرنا بھی ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "فقضهن سبع سموٰت فی یومین" "اللہ تعالیٰ نے دو دن میں سات آسمانوں کو بنا دیا" وغیرہ وغیرہ [1]

علامہ سید زبیدی نے بھی تقریباً یہ تمام معانی ذکر کیے ہیں لکھتے ہیں قضاء کا معنی ہے حکم میں فیصلہ کرنا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ولولا اجل مسمی لقضی بینهم "اگر وقت مقرر نہ ہوتا تو ان کے درمیان حکم کا فیصلہ کر دیا جاتا" اور حتمی امر کرنے کا معنی بھی ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ثم قضی اجلا "پھر موت مقرر کر دی" وغیرہ وغیرہ [2]

علامہ ابن منظور افریقی لکھتے ہیں: اہل حجاز نے کہا ہے کہ لغت میں قاضی اس شخص کو کہتے ہیں جو معاملات میں فیصلہ کرنے والا اور حکم نافذ کرنے والا ہو، صلح حدیبیہ کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا هذا ما قاضی علیہ محمد "یہ وہ ہے جس کا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فیصلہ کیا" زہری نے کہا ہے کہ قضاء لغت میں متعدد معانی میں مستعمل ہے اور ان سب کا رجوع کسی شئ کے منقطع اور پورے

---

[1] علامہ اسماعیل بن حماد الجوہری متوفی ۳۹۸ھ الصحاح ج ۶ ص ۲۴۶۳، مطبوعہ دارالعلم بیروت، ۱۴۰۴ھ

[2] سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس شرح القاموس ج ۱۰ ص ۲۹۶، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ، ۱۳۰۶ھ

ہونے کی طرف ہوتا ہے، ہر وہ چیز جس کو محکم کر دیا جائے، ختم کر دیا جائے، نافذ کر دیا جائے، گذار دیا جائے، اس کے لیے قضاء کا لفظ مستعمل ہوتا ہے۔ ؎[1]

قضاء کا شرعی معنی

فتاویٰ عالمگیری میں لکھا ہے القضاء قول ملزم یصدر عن ولایۃ عامۃ جس شخص کو ولایت عامہ حاصل ہو اس کا وہ حکم جو کسی پر کسی چیز کو لازم کر دے اس کو قضاء کہتے ہیں۔ ؎[2]

ابن فرحون نے قضاء کی یہ تعریف کی ہے ھو الاخبار عن حکم شرعی علی سبیل الالزام۔ "کسی حکم شرعی کو لازم اور واجب کرنے کے لیے بیان کرنا" (تبصرۃ الحکام ج ۱ ص ۱۲)

علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی لکھتے ہیں: فتح القدیر میں قضاء کی تعریف الزام (کسی چیز کو لازم کرنا) کے ساتھ کی گئی ہے۔ محیط میں لکھا ہے جھگڑوں کو ختم کرنا اور مقدمات کا فیصلہ کرنا قضاء ہے، بدائع الصنائع میں لکھا ہے لوگوں میں حق کے ساتھ حکم کرنا قضاء ہے اور حق کی تفسیر یہ ہے کہ پیش آمدہ واقعہ میں وہ حکم دیا جائے جو کتاب اللہ، سنت متواترہ، سنت مشہورہ یا اجماع سے ثابت ہو بایں طور کہ اس کے نزدیک کتاب یا سنت سے (خواہ خبر واحد ہو) یا قیاس سے اس حکم پر ایسی دلیل قائم ہو گئی ہو جس سے غلبہ ظن حاصل ہو جائے۔ اگر اس کے نزدیک دلیل قطعی سے ایک حکم ثابت ہو جائے اور وہ اس کے خلاف فیصلہ کرے تو یہ قضاء باطل ہے۔ اسی طرح مسائل اجتہادیہ میں اگر اس نے ایسا فیصلہ کیا جو کسی امام کا مذہب نہیں ہے تو وہ قضاء بھی باطل ہے کیونکہ حق ائمہ اربعہ کی آراء سے باہر نہیں ہے، اور اگر اس نے نص صریح کے خلاف اپنے اجتہاد سے فیصلہ کیا تو یہ قضاء بھی باطل ہے کیونکہ نص کے مقابلہ میں قیاس کرنا باطل اور فاسد ہے اور جس مسئلہ میں نص نہ ہو تو جو قاضی مجتہد ہے وہ اپنی رائے سے فیصلہ کرے دوسرے کی رائے سے فیصلہ نہ کرے اور اگر وہ کسی فقیہ کا مقلد ہو تو امام اعظم کے نزدیک وہ پھر بھی اجتہاد کر سکتا ہے اور صاحبین منع کرتے ہیں اور ایک قول میں اختلاف اس کے برعکس ہے۔ اور جب کسی مسئلہ میں اشکال واقع ہو تو اپنی رائے سے کام لے اور بہتر ہے کہ فقہاء سے مشورہ کرے اور اگر ان سے اختلاف ہو تو اپنی رائے پر عمل کرے لیکن قضاء میں جلدی نہ کرے۔ اگر قاضی اجتہاد کا اہل نہیں ہے تو اگر اس کو صحابہ کے اقوال یاد ہوں تو جس قول پر اس کا دل مطمئن ہو اس کے مطابق فیصلہ کرے ورنہ اس شہر میں ہمارے فقہاء (فقہاء احناف) کے فتویٰ کے مطابق عمل کرے اور اگر اس شہر میں صرف ایک فقیہ ہو تو اس کے قول پر بھی عمل کر سکتا ہے، اور اگر اس نے جان بوجھ کر دوسرے امام کے مذہب پر فیصلہ کیا تو یہ قضاء باطل ہے (یہ اس وقت ہے جب قاضی خود اجتہاد کا اہل نہ ہو اور جب وہ خود اجتہاد کا اہل ہو تو دوسرے امام کے مذہب کے مطابق بھی فیصلہ کر سکتا ہے بشرطیکہ اس کا اجتہاد اس امام کے اجتہاد کے موافق ہو) اور اگر اس نے نسیاناً یہ فیصلہ کیا تو وہ اس کو باطل کر سکتا ہے۔ اور بعض روایات میں یہ ہے کہ امام اعظم کے نزدیک اس کی قضاء صحیح ہے اور صاحبین کا اس میں اختلاف ہے۔ ؎[3]

منصب قضاء کی فضیلت اور اہمیت

شمس الائمہ سرخسی لکھتے ہیں: اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے بعد حق کے ساتھ فیصلہ کرنا سب سے اہم فرض ہے اور یہ سب سے افضل عبادت ہے کیونکہ اس کی خاطر اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو خلیفہ بنایا اور فرمایا: انی جاعل فی الارض خلیفۃ "ہم زمین میں اپنا خلیفہ

؎[1] علامہ جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور مصری افریقی متوفی ۷۱۱ھ، لسان العرب ج ۱۵ ص ۱۸۶، مطبوعہ نشر ادب الحوزۃ قم ایران، ۱۴۰۵ھ

؎[2] ملا نظام الدین متوفی ۱۱۶۱ھ، فتاویٰ عالم گیری ج ۳ ص ۳۰۶، مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق مصر، ۱۳۱۰ھ

؎[3] علامہ زین الدین ابن نجیم مصری حنفی متوفی ۹۷۰ھ، البحر الرائق ج ۶ ص ۲۵۵-۲۵۶، مطبوعہ مکتبہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ

بنانے والے ہیں۔ (البقرہ: ۳۰) اور حضرت داؤد علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: یا داؤد انا جعلناک خلیفۃ فی الارض۔ "اے داؤد ہم نے تم کو زمین میں خلیفہ بنا دیا" (ص: ۲۶) اور اللہ تعالیٰ نے ہر نبی اور رسول کو حق کے ساتھ فیصلہ کرنے کا حکم دیا حتیٰ کہ خاتم الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بھی ارشاد فرمایا: انا انزلنا التوراۃ فیھا ھدی ونور یحکم بھا النبیون "ہم نے تورات اور انجیل نازل کی جس میں ہدایت اور نور ہے جس کے ساتھ انبیاء حکم دیتے ہیں۔" اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا فاحکم بینھم بما انزل اللہ ولا تتبع اھواءھم۔ "اللہ تعالیٰ نے جو احکام نازل کیے اس کے مطابق ان میں فیصلہ کیجئے اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کیجئے" (المائدہ: ۴۸) اور یہ حکم اس لیے ہے کہ حق کے ساتھ فیصلہ کرنے کی وجہ سے عدل کا اظہار ہوتا ہے اور عدل کے سبب سے آسمان اور زمین قائم ہیں، نیز ہر صاحب عقل یہ چاہتا ہے کہ ظلم کو دور کیا جائے، ظالم سے مظلوم کا بدلہ لیا جائے اور ہر حق دار کو اس کا حق پہنچا دیا جائے اور نیکی کا حکم دیا جائے اور برائی سے روکا جائے اسی مقصد کے لیے انبیاء اور رسل علیہم الصلوات کی بعثت کی گئی تھی اور خلفاء راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین بھی اسی مشن کی تکمیل میں لگے رہے۔

امام محمد نے کتاب القضاء کے شروع میں اسامہ ہزلی سے روایت کیا ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی طرف لکھ کر بھیجا حمد و صلوٰۃ کے بعد واضح ہو کہ قضاء فریضہ محکمہ اور سنت متبعہ ہے۔ فریضہ محکمہ سے ان کی مراد یہ تھی کہ یہ فرض قطعی ہے اس میں نسخ کا احتمال نہیں ہے، نہ تخصیص اور نہ تاویل کی گنجائش ہے اور سنت متبعہ سے ان کی مراد ہے احکام دینیہ پر عمل کرنے کا وہ طریقہ جس کی اتباع کرنا ہر حال میں واجب ہے۔[1]

عہدِ رسالت میں قضاء کا نظام

عہدِ رسالت میں تمام مقدمات کے فیصلے خود جناب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم انجام دیتے تھے، لیکن بعض اوقات آپ صحابہ کی تربیت کی خاطر صحابہ کرام کو بھی قضاء کرنے کا حکم دیتے تھے جیسا کہ آپ نے مزدور کے زنا کے واقعہ میں فرمایا اے انیس جاؤ اگر مزدور کی مالکہ اعتراف کرے تو اس کو رجم کر دینا اور اس سے بھی واضح یہ حدیث ہے: امام احمد اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عمرو بن العاص جاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خصمان یختصمان فقال لعمرو اقض بینھما یا عمرو فقال انت اولی بذلک منی یا رسول اللہ قال وان کان قال فاذا قضیت بینھما فمالی قال ان انت قضیت بینھما فاصبت القضاء فلک عشر حسنات وان انت اجتھدت فاخطأت فلک حسنۃ۔[2]

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں دو آدمیوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر اپنا مقدمہ پیش کیا، آپ نے حضرت عمرو سے کہا: اے عمرو! ان کے درمیان فیصلہ کر دو، حضرت عمرو نے کہا یا رسول اللہ یہ فیصلہ کرنا تو میرے بجائے آپ کا منصب ہے، آپ نے فرمایا ہر چند کہ ایسا ہی ہے، حضرت عمرو نے کہا اگر میں ان کے درمیان فیصلہ کر دوں تو مجھے کیا اجر ملے گا؟ آپ نے فرمایا: اگر تم نے ان کے درمیان صحیح فیصلہ کیا تو تم کو دس نیکیاں ملیں گی، اور اگر تم کو صحیح فیصلہ کرنے کی کوشش کے باوجود خطاء لاحق ہو تو تم کو ایک نیکی ملے گی۔

نیز امام احمد روایت کرتے ہیں:

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۱۶ ص ۶۰-۵۹، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۴ ص ۲۰۵، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت

عن عقبۃ بن عامر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ غیرانہ قال فان اجتہدت فاصبت القضاء فلک عشرۃ اجور وان اجتہدت فاخطات فلک اجر واحد۔[1]

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث کی مثل روایت بیان کی ہے البتہ اس میں یہ ہے کہ اگر تم نے اجتہاد سے صحیح فیصلہ کیا تو تم کو دس اجر ملیں گے اور اگر تم نے اجتہاد کے بعد خطاء کی تو تم کو ایک اجر ملے گا۔

حضرت عمرو بن العاص اور حضرت عقبہ بن عامر کے ان واقعات کو امام دار قطنی نے بھی روایت کیا ہے۔[2]

جب اسلام کی سرحدیں پھیل گئیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مشغولیات بڑھ گئیں تو آپ نے اسلامی علاقوں میں حضرت صحابہ کرام کو حاکم مقرر کر کے بھیجا اس وقت قضاء کا علیحدہ شعبہ نہیں تھا اور علاقہ کے حاکم کے ہی ذمہ قضاء کے فرائض بھی ہوتے تھے۔ آپ نے حضرت علی ابن ابی طالب، حضرت معاذ بن جبل، حضرت ابو موسیٰ اشعری کو یمن میں بھیجا اور حضرت علاء بن حضرمی کو بحرین کا قاضی مقرر کیا۔ (المطالب العالیہ ج ۲ ص ۲۳۰) حضرت معقل بن یسار بھی ان ہی سے تھے (مسند احمد ج ۵ ص ۲۶) حضرت عتاب بن اُسید رضی اللہ عنہ کو مکہ کا قاضی مقرر کیا (ادب القاضی للماوردی ج ۱ ص ۱۳۱) حضرت دحیہ کلبی کو یمن کے ایک علاقہ کا قاضی مقرر کیا (ادب القاضی ج ۱ ص ۱۳۲) اور حضرت عمر بن الخطاب، حضرت ابی بن کعب، حضرت زید بن ثابت اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم کا بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قاضیوں میں شمار ہوتا تھا (تراتیب الاداریہ ج ۱ ص ۲۵۸)۔

عہد صحابہ میں قضاء کا نظام

علامہ ابن خلدون لکھتے ہیں: آغاز اسلام میں خلفاء خود فیصلے کرتے تھے اور منصب قضاء کسی اور کو نہیں تفویض کرتے تھے۔ سب سے پہلے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے یہ منصب دوسروں کے سپرد کیا، آپ نے مدینہ میں حضرت ابو الدرداء کو، بصرہ میں شریح کو اور کوفہ میں حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو قاضی مقرر فرمایا۔ حضرت عمر نے حضرت ابو موسیٰ اشعری کو فیصلہ کرنے کے بارے میں ایک خط لکھا آپ کا یہ خط بہت مشہور ہے اور احکام قضاء کے سلسلے میں ایک اساسی دستور ہے۔ حضرت عمر لکھتے ہیں:

حمد و صلوٰۃ کے بعد واضح ہو کہ فیصلہ کرنا ایک اہم فرض ہے اور یہ وہ سنت ہے جس کی پیروی کرنا واجب ہے، جب تمہارے پاس کوئی مقدمہ لایا جائے تو اس کا ایسا فیصلہ کرنا بے سود ہے جس کو نافذ نہ کیا جا سکے، مجلس قضاء میں لوگوں کے درمیان مساوات رکھو تاکہ امیر تمہاری بے جا حمایت کی اُمید نہ رکھے اور غریب تمہارے انصاف سے ناامید نہ ہو، مدعی کے ذمہ ثبوت پیش کرنا ہے اور مدعا علیہ پر قسم لازم ہے۔ مسلمانوں کے درمیان صلح کرانا جائز ہے البتہ ایسی صلح جائز نہیں ہے جو حرام کو حلال اور حلال کو حرام کر دے، اگر کل تم کوئی فیصلہ کر چکے اور آج اس میں غور کے بعد تم پر حق واضح ہو گیا ہے تو کل کا کیا ہوا فیصلہ تمہیں حق کی طرف رجوع کرنے سے رکاوٹ نہ بنے کیونکہ حق قدیم ہے اور باطل میں مجبور ہے، حق کو اختیار کرنا واجب ہے، جس چیز کی نظیر تمہیں قرآن اور سنت میں نہ ملے تو اس کے امثال اور نظائر پر غور کرو اور ان نظائر پر قیاس کر کے اس چیز کا فیصلہ کرو، اگر مدعی کسی غیر موجود حق کا یا کسی میعادی ثبوت کا دعویدار ہو تو مقدمہ کی تاریخ ڈال دو اگر وہ ثبوت لے آئے تو اس کا حق اس کے حوالے کر دو ورنہ اس کے خلاف فیصلہ کر دو، کیونکہ شک اور ابہام کو دور کرنے کی اس سے بہتر اور کوئی صورت نہیں ہے۔ سب مسلمان آپس میں نیک اور عدل ہیں ماسوا اس شخص کے جس پر حد جاری ہو چکی ہو یا جس کی جھوٹی شہادت ثابت

---

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۴ ص ۲۰۵، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ، سنن دارقطنی ج ۴ ص ۲۰۳، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان۔

ہو چکا ہو یا جو شخص نسب یا اولاد میں متہم ہو، نیز استعدات کا فیصلہ کرتے وقت پریشانی اور اکتاہٹ کو نہ آنے دینا اور مقدمہ کرنے والوں پر اُف نہ کرنا، کیونکہ حق پر عمل کرنے کی وجہ سے آخرت میں اجر عظیم ملتا ہے اور دنیا میں تحسین ہوتی ہے۔

ہر چند کہ قضاء خلفاء کی ذمہ داری تھی کیونکہ سیاست عامہ کے فرائض خود خلفاء ہی انجام دیتے تھے تاہم خلفاء دوسروں کو قاضی بناتے تھے کیونکہ ان کے مشاغل بہت زیادہ تھے مثلاً جہاد کا انتظام کرنا، مفتوحہ علاقوں کی دیکھ بھال کرنا، سرحدوں کی حفاظت کرنا اور ملک میں امن قائم رکھنا۔ اور ان اہم کاموں کو دوسروں کے سپرد نہیں کیا جا سکتا تھا۔ قضاء کی شرائط اور احکام کتب فقہ میں عموماً اور کتب احکام سلطانیہ میں خصوصاً مذکور ہیں[1]

آخرت میں قاضی کی سخت گرفت اور شدید محاسبہ اور مواخذہ کے بارے میں احادیث اور آثار : :

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن عبد الله بن موهب ان عثمان قال لابن عمر اذهب فاقض بين الناس قال او تعافيني يا امير المؤمنين قال فما تكره من ذلك وقد كان ابوك يقضي قال اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من كان قاضيا فقضى بالعدل فبالحرى ان ينقلب منه كفافا فما ارجو بعد ذلك[2]

عبداللہ بن موہب بیان کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے فرمایا جاؤ لوگوں کے درمیان فیصلے کرو، حضرت ابن عمر نے کہا اے امیر المومنین آپ مجھے اس سے معاف رکھیں، حضرت عثمان نے کہا تم کس وجہ سے اس کو ناپسند کرتے ہو حالانکہ تمہارے والد قضاء کرتے تھے، حضرت ابن عمر نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص قاضی بنا اور اس نے انصاف سے فیصلے کیے تو وہ اس بات کا سزاوار ہے کہ اس کا معاملہ برابر سرابر کر دیا جائے۔ حضرت ابن عمر نے کہا: کیا اس حدیث کو سننے کے بعد میں قضاء کی خواہش کروں گا؟

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ولي القضاء او جعل قاضيا بين الناس فقد ذبح بغير سكين۔[3]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو منصب قضاء سونپا گیا، یا فرمایا جو شخص لوگوں کا قاضی بنایا گیا اس کو بغیر چھری کے ذبح کر دیا گیا۔

اس حدیث کو امام ابوداؤد نے بھی کئی اسانید سے روایت کیا ہے[4] نیز اس حدیث کو امام دارقطنی نے بھی روایت کیا ہے۔[5]

نیز امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں

---

[1] ۔ علامہ عبد الرحمان بن خلدون متوفی ۸۰۸ھ، مقدمہ ابن خلدون مترجم ج ۲ ص ۳۵-۳۴، مطبوعہ نفیس اکیڈمی کراچی طبع نہم ۱۹۸۰ء

[2] ۔ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۲۱۰، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[3] ۔ 〃　〃　〃　، جامع ترمذی ص ۲۱۰،

[4] ۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۱۴۷، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[5] ۔ امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ، سنن دارقطنی ج ۴ ص ۲۰۴، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

عن بریدۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال القضاۃ ثلاثۃ واحد فی الجنۃ واثنان فی النار فاما الذی فی الجنۃ فرجل عرف الحق فقضی بہ ورجل عرف الحق فجار فی الحکم فھو فی النار ورجل قضی للناس علی جھل فھو فی النار[1]

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاضیوں کی تین قسمیں ہیں ایک جنت میں ہوگا اور دو جہنم میں ہوں گے جنت میں وہ شخص ہوگا جس کو حق کا علم ہوگا اور وہ اس کے مطابق فیصلہ کرے گا اور جس شخص کو حق کا علم ہو اور پھر وہ فیصلہ میں ظلم کرے وہ جہنم میں ہوگا اور جو شخص بغیر علم کے لوگوں کے فیصلے کرے وہ بھی جہنم میں ہوگا۔

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن عائشۃ قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لیاتین علی القاضی العدل یوم القیمۃ ساعۃ یتمنی انہ لم یقض بین اثنین فی تمرۃ قط رواہ احمد و اسنادہ حسن ورواہ الطبرانی فی الاوسط[2]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن قاضی عادل پر یقیناً ایک ایسی گھڑی آئے گی جس میں وہ یہ تمنا کرے گا کہ کاش اس نے دو آدمیوں کے درمیان ایک کھجور کا بھی فیصلہ نہ کیا ہوتا۔ اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے اور اس کی سند حسن ہے اور اس کو امام طبرانی نے بھی 'اوسط' میں روایت کیا ہے۔

عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما من امیر عشرۃ الا یؤتی بہ یوم القیمۃ مغلولا لا یفکہ الا العدل۔ رواہ احمد ورجالہ رجال الصحیح[3]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص دس آدمیوں کا بھی امیر رہا ہوگا اس کے گلے میں قیامت کے دن طوق ڈال کر لایا جائے گا اور اسے عدل کے سوا کوئی نہیں چھڑا سکے گا، اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے اور اس کے راوی صحیح کے راوی ہیں۔

عن عبد اللہ بن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کان قاضیا فقضی بجھل کان من اھل النار ومن کان قاضیا عالما فقضی بحق او بعدل سأل تقلب کفافا فما ارجوا بعد ھذا۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر والاوسط والبزار واحمد کلاھما باختصار ورجالہ

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص قاضی ہو اور بغیر علم کے فیصلے کرے وہ جہنمیوں میں سے ہے اور جو قاضی عالم ہو اور عدل سے فیصلہ کرے وہ یہ سوال کرے گا کہ اس کے ساتھ برابر سرابر معاملہ کر دیا جائے۔ حضرت ابن عمر کہتے ہیں کہ اس حدیث کو سننے کے بعد میں قضاء کی خواہش نہیں کرتا۔ امام طبرانی نے اس کو معجم کبیر اور اوسط میں روایت کیا ہے اور امام احمد اور امام بزار نے اس کو اختصار سے

---

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۱۴۷، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ
[2] حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۴ ص ۱۹۲، مطبوعہ دار الکتاب العربی، بیروت، ۱۴۰۲ھ
[3] مجمع الزوائد ج ۴ ص ۱۹۲-۱۹۳

ثقات [1]

روایت کیا ہے اور اس کی سند کے سب راوی ثقہ ہیں۔

امام ابن ماجہ روایت کرتے ہیں:

عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من حاکم یحکم بین الناس الا جاء یوم القیٰمۃ وملک آخذ بقفاہ ثم یرفع راسہ الی السماء فان قال القہ القاہ فی مھواۃ اربعین خریفا [2]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بھی لوگوں کے درمیان فیصلہ کرے گا قیامت کے دن ایک فرشتہ اس کی گدی کو پکڑ کر لائے گا پھر اس کا سر آسمان کی طرف بلند کرے گا۔ اگر اللہ تعالیٰ فرمائے گا اس کو پھینک دو تو وہ اس کو چالیس سال کی گہرائی تک جہنم کے گڑھے میں پھینک دے گا۔

اس حدیث کو امام دار قطنی نے بھی روایت کیا ہے۔ [3]

امام دار قطنی روایت کرتے ہیں:

عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یقضی القاضی الا وھو شبعان ریان۔ [4]

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب قاضی شکم سیر اور سیراب ہو صرف اسی وقت فیصلہ کرے۔

سلف صالحین کا منصب قضاء کو قبول کرنے سے گریز

ان احادیث کی بناء پر اکثر سلف صالحین سے منقول ہے کہ وہ منصب قضاء کو قبول کرنے سے گھبراتے تھے اور ہزاروں مشقتیں اور صعوبتیں برداشت کرتے لیکن قضاء کا عہدہ قبول نہیں کرتے تھے، امام احمد نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ قیامت کے روز عادل قاضی کو اللہ کے حضور پیش کیا جائے گا جس کو اپنے سخت حساب وکتاب کا سامنا ہوگا۔ وہ یہ تمنا کرے گا کہ کاش اس نے فریقین میں کوئی فیصلہ نہ کیا ہوتا۔ [5] اس حدیث میں عادل قاضی کے خوف حساب کا ذکر ہے اور جب عادل قاضی کا یہ حال ہوگا تو ظالم قاضی کا کیا حشر ہوگا!

امام خصاف ذکر کرتے ہیں کہ حضرت صعصعہ بن صوحان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے مقام ذی قار میں ظرب (پہاڑ کی چوٹی) پر کھڑے ہو کر ہمارے سامنے خطبہ ارشاد فرمایا: لوگو! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے: "قیامت کے دن ہر حاکم اور قاضی کو پل صراط پر اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ پھر فرشتے رعایا اور ماتحت لوگوں کے ساتھ اس کے طرز عمل کے بارے میں اس کے نامۂ اعمال کا اعلان کریں گے۔ خواہ وہ حاکم یا قاضی عادل ہو یا ظالم اور وہ مجمع عام میں اس کا اعمال نامہ پڑھ کر سنائیں گے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ویوم یقوم الاشھاد (مومن: ۵۱) جس دن گواہ گواہی دینے کے لیے کھڑے ہوں گے، اگر وہ (حاکم یا قاضی) عادل تھا تو اس کے عدل وانصاف کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کو نجات دے گا اور اگر وہ ظالم تھا تو پل صراط اس کی وجہ

[1] ۔ حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۴ ص ۱۹۳۔ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت ۱۴۰۲ھ

[2] ۔ امام ابو عبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ، سنن ابن ماجہ ص ۱۶۸، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۴ھ

[3] ۔ امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ، سنن دار قطنی ج ۴ ص ۲۰۵، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[4] " " ، سنن دار قطنی ج ۴ ص ۲۰۶، " "

[5] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۶ ص ۷۵، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

سے اس قدر لرزے گا کہ اس کے جسم کے اعضاء بکھر کر سو سو میل کے فاصلوں پر جا گریں گے۔

اس مضمون کی حدیث علامہ علی متقی نے امام طبرانی کے حوالے سے بیان کی ہے۔ [۱] اور حافظ زیلعی نے بھی اس مضمون کی حدیث امام طبرانی کے حوالے سے بیان کی ہے [۲]

اس حدیث سے پتا چلتا ہے کہ منصب قضاء سے گریز کرنا چاہیے امام بیہقی نے بیان کیا ہے کہ ابو قلابہ کو منصب قضاء سنبھالنے کی دعوت دی گئی تو وہ شام کی طرف بھاگ گئے۔ اتفاق سے انہی دنوں وہاں کے قاضی صاحب بھی معزول ہوئے تھے، وہاں سے بھاگ کر یمامہ پہنچے یا مصر پہنچ کر انہوں نے کہا: "قاضی دریا میں تیرنے والے کی مانند ہے جو سکتا ہے وہ تیرتے تیرتے دریا میں غرق ہو جاتے" [۳]

ابو قلابہ کے اس قول کی تشریح یہ ہے کہ بالعموم دریا میں تیرنے والے کا انجام ہلاکت ہوتا ہے۔ سلامتی اور نجات تو شاذ و نادر ہوتی ہے، اس طرح منصب قضاء قبول کرنے والا بھی بالعموم ہلاک ہو جاتا ہے اور شاذ و نادر ہی نجات پاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ امام ابو حنیفہ کو ابو قلابہ کا یہ قول پہنچ گیا تھا کیونکہ انہوں نے بھی امام ابو یوسف سے کہا تھا: "اگر مجھے تیر کر دریا عبور کرنے کے لیے کہا جائے تو کیا میں ایسا کر سکتا ہوں۔؟

امام وکیع لکھتے ہیں: حکم بن ایوب نے منصب قضاء پر مامور کرنے کے لیے ایک جماعت کو حکم نامہ لکھا، ابو الشعثاء جابر بن زید بن عوف کہتے ہیں کہ انہوں نے مجھے خط لکھا اور یہ ذکر کیا کہ ان میں میرا بھی نام ہے' ابو الشعثاء نے کہا اس دنیا میں میری ساری پونجی یہ گدھا ہے اگر واقعی انہوں نے مجھے قاضی مقرر کیا ہے تو میں اس گدھے پر سوار ہو کر روپوش ہو جاؤں گا۔ [۴]

علامہ سرخسی لکھتے ہیں کہ قاضی شریح نے کہا قضا تو انگارے کی مانند ہے، دو لکڑیوں (یعنی دو گواہوں) کی مدد سے اس کو دور کرو۔ [۵]
اس کی تشریح یہ ہے کہ جب فریقین مقدمہ ہو کر قاضی کے سامنے بیٹھتے ہیں تو آگ کی آنچ قاضی کی طرف بڑھتی ہے اس کو چاہیے کہ وہ دو گواہوں کی مدد سے اپنی ذات کو اس سوزش و حرارت سے محفوظ رکھے۔ اگر اس نے گواہوں کی گواہی کی بنیاد پر فیصلہ کیا تو اس نے اپنی ذات کو جلنے سے بچا لیا اور اگر اس نے اس کے برعکس فیصلہ کیا تو اس نے اپنی ذات کو جلا دیا۔

عبد الرحمان بن غنم اشعری فرماتے ہیں کہ زمین کے حاکم پر تف ہے جو اس دن سے نہ ڈرے جب آسمان کا حاکم اس کو جہنم میں ڈالے گا۔ البتہ (روز قیامت) ایسا حاکم (قاضی) بھی ہوگا جس نے عدل و انصاف اختیار کر کے حق کے مطابق فیصلہ کیا، نفسانی خواہشات اور قرابت داری کو پیش نظر نہیں رکھا اور نہ ڈر اور خوف کی وجہ سے فیصلہ کیا بلکہ اللہ کی کتاب کو پیش نظر رکھا۔ [۶]

سفیان ثوری کو منصب قضاء کے لیے بلایا گیا تو وہ بصرہ میں جا کر چھپ گئے اور وہیں فوت ہو گئے، امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کو کوڑے لگائے گئے اور تین بار قید میں ڈالا گیا لیکن آپ نے منصب قضاء قبول نہیں کیا حتیٰ کہ قید خانہ میں ہی آپ فوت ہو گئے۔

---

[۱] علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۶ ص ۴، مطبوعہ مؤسستہ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۵ھ
[۲] حافظ جمال الدین ابو محمد عبد اللہ بن یوسف زیلعی متوفی ۷۶۲ھ، نصب الرایہ ج ۴ ص ۶۴، مطبوعہ مجلس علمی سورت ہند، ۱۳۵۷ھ
[۳] امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۹۷، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان
[۴] امام وکیع قاضی محمد بن خلف حیان متوفی ۳۰۶ھ، اخبار القضاۃ ج ۱ ص ۲۳-۲۲، مطبوعہ مطبعۃ الاستقامۃ قاہرہ، ۱۹۴۷ء
[۵] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۱۶ ص ۶۴، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ
[۶] امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۱۷، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

قرآن مجید کی روشنی میں منصب قضاء قبول کرنے کا بیان

اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے:

یا داؤد انا جعلناك خليفة فی الارض فاحكم بين الناس بالحق ولا تتبع الهوٰى۔ (ص: ۲۶)

اے داؤد! ہم نے تم کو زمین میں خلیفہ بنایا ہے تو تم لوگوں میں حق اور انصاف کے ساتھ فیصلے کرو اور خواہشات کی پیروی نہ کرو۔

وان حكمت فاحكم بينهم بالقسط ان الله يحب المقسطين۔ (مائدہ: ۴۲)

اور اگر آپ ان کے درمیان فیصلہ کریں تو عدل کے ساتھ فیصلہ کریں، بے شک اللہ تعالیٰ عدل کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔

يايها الذين امنوا كونوا قوامين بالقسط۔ (نساء: ۱۳۵)

اے ایمان والو! انصاف پر اچھی طرح قائم رہنے والے ہو جاؤ۔

ولا يجرمنكم شنان قوم على ان لا تعدلوا اعدلوا هو اقرب للتقوٰى۔ (مائدہ: ۸)

کسی قوم سے عداوت تم کو اس پر برانگیختہ نہ کرے کہ تم عدل نہ کرو، تم (ہمیشہ) عدل کرتے رہو کیونکہ وہ خدا خوفی کے زیادہ قریب ہے۔

واقسطوا ان الله يحب المقسطين (حجرات: ۹)

اور انصاف کرو، بے شک اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کو بہت محبوب رکھتا ہے۔

واذا قلتم فاعدلوا ولو كان ذا قربٰى (انعام: ۱۵۲)

اور جب تم کچھ کہو تو حق بات کہو، خواہ تمہارا قریبی رشتہ دار ہو۔

واذا حكمتم بين الناس ان تحكموا بالعدل۔ (نساء: ۵۸)

اور جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل کے ساتھ فیصلہ کرو۔

احادیث کی روشنی میں منصب قضاء قبول کرنے کا بیان

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن عبد الله بن مسعود قال قال النبی صلی الله عليه وسلم لا حسد الا فی اثنتين رجل اتاه الله مالا فسلطه على هلكته فی الحق ورجل اتاه الله الحكمة فهو يقضی بها ويعلمها۔[1]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صرف دو آدمیوں پر رشک کرنا جائز ہے ایک وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور وہ اس کو حق کے راستوں میں خرچ کرتا ہے۔ دوسرا وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے علم دیا وہ اس کے مطابق فیصلے کرتا ہے اور اس کی تعلیم دیتا ہے۔

امام احمد روایت کرتے ہیں:

---

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

عن ابی ایوب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ید اللہ مع القاضی حین یقضی وید اللہ مع القاسم حین یقسم [1]

حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب قاضی فیصلہ کرتا ہے تو اس پر اللہ کا ہاتھ ہوتا ہے اور جب قاسم تقسیم کرتا ہے تو اس پر اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ہوتا ہے۔

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن معقل بن یسار المزنی قال امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اقضی بین قوم فقلت ما احسن ان اقضی یا رسول اللہ! قال ید اللہ مع القاضی مالم یحف عمداً۔ رواہ احمد والطبرانی فی الکبیر والاوسط۔ [2]

حضرت معقل بن یسار مزنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک قوم کے درمیان فیصلہ کرنے کا حکم دیا، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں اچھی طرح فیصلہ نہیں کر سکتا! آپ نے فرمایا جب تک قاضی عمداً ظلم نہ کرے اس پر اللہ کا ہاتھ ہوتا ہے۔ اس حدیث کو امام احمد اور امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ولی من امر المسلمین ولایۃً وکانت بنیۃ الحق وکل اللہ بہ ملکین یوفقانہ ویرشدانہ ومن ولی من امر المسلمین شیئاً وکانت نیتہ غیر الحق وکل اللہ الی نفسہ رواہ الطبرانی فی الاوسط والبزار۔ [3]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو مسلمانوں کی کوئی ذمہ داری سپرد کی گئی درآں حالیکہ اس کی نیت حق کے مطابق کام کرنے کی تھی تو اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ دو فرشتے مقرر کر دیتا ہے جو اس کو بتلاتے ہیں اور اس کی حق کی طرف رہنمائی کرتے ہیں، اور جس شخص کو مسلمانوں کا کوئی عہدہ دیا گیا درآں حالیکہ اس کی نیت حق کے مطابق کام کرنے کی نہ تھی تو اللہ تعالیٰ اس کو اس کے نفس کے سپرد کر دیتا ہے اس حدیث کو امام طبرانی اور امام بزار نے روایت کیا ہے۔

ہر چند کہ حافظ الہیثمی نے لکھا ہے کہ مؤخر الذکر دونوں حدیثوں کی سند ضعیف ہے تاہم فضائل اعمال میں چونکہ حدیث ضعیف بھی حجت ہوتی ہے اس لیے ہم نے ان حدیثوں کو مورد استدلال میں ذکر کیا ہے۔

نیز امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال، سبعۃ یظلھم اللہ فی ظلہ یوم لا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس دن اللہ کے سایہ (رحمت) کے سوا کسی کا سایہ

---

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۵ ص ۴۱۲، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۴ ص ۱۹۳، مطبوعہ دار الکتاب العربی، ۱۴۰۲ھ

[3] " " " " مجمع الزوائد ج ۴ ص ۱۹۲، " "

ظل الا ظلہ، الامام العادل، وشاب نشأ بعبادۃ اللہ، ورجل قلبہ معلق فی المساجد ورجلان تحابا فی اللہ عزوجل اجتمعا علیہ وتفرقا علیہ ورجل دعتہ امرأۃ ذات منصب وجمال، فقال انی اخاف اللہ ورجل تصدق فاخفاھا حتی لاتعلم یمینہ ما تنفق شمالہ۔ [1]

نہیں ہوگا اس دن سات شخص اللہ کے سائے میں ہوں گے، انصاف کرنے والا امام، وہ نوجوان جس کی نشوونما اللہ کی عبادت میں ہوئی۔ وہ شخص جس کا دل مسجد میں لگا رہتا ہے، وہ دو آدمی جو اللہ کی وجہ سے آپس میں محبت رکھتے ہوں، اللہ کی وجہ سے ملتے ہوں اور اس کی وجہ سے جدا ہوتے ہوں، وہ شخص جس کو کسی حسین اور با اختیار عورت نے گناہ کی دعوت دی اور اس نے کہا میں اللہ سے ڈرتا ہوں، وہ شخص جس نے چھپا کر صدقہ کیا حتی کہ دائیں ہاتھ کو پتا نہ چلا کہ بائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا ہے۔

حافظ زیلعی طبرانی کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم من امام عادل افضل من عبادۃ ستین سنۃ وحد یقام فی الارض بحقہ ازکی فیھا من مطر اربعین یوما۔ [2]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصاف کرنے والے امام کا ایک دن ساٹھ سال کی عبادت سے افضل ہے اور زمین پر حد قائم کرنا چالیس سال کی بارش سے زیادہ پاکیزگی اور صفائی کرنے والا ہے۔

امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن عبد اللہ بن عمرو ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: ان المقسطین فی الدنیا علی منابر من نور عن یمین الرحمان وکلتا یدیہ یمین الذین یعدلون فی حکمھم واھلھم وما ولوا [3]

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا میں عدل و انصاف کرنے والے (قیامت کے دن) رحمان کی دائیں جانب نور کے منبروں پر ہوں گے اور اللہ کے دونوں دائیں ہاتھ ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جو حکم کرتے وقت انصاف کرتے ہیں، اپنے اہل و عیال اور جو کام ان کے سپرد ہوں، ان میں انصاف سے کام لیتے ہیں (یعنی کسی کی بے جا رعایت نہیں کرتے)

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان احب الناس الی اللہ یوم

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۹۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولی ۱۳۸۱ھ

[2] حافظ جمال الدین ابو محمد عبد اللہ بن یوسف زیلعی متوفی ۷۶۲ھ، نصب الرایہ ج ۴ ص ۶۰، مطبوعہ مجلس علمی سورت ہند، ۱۳۵۷ھ

[3] امام ابو الحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۲۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولی ۱۳۷۵ھ

القیمۃ وادناھم مجلسا امام عادل وابغض الناس الی اللہ وابعدھم منہ مجلسا امام جائر[1]

سب سے زیادہ محبوب اور سب سے زیادہ اس کے قریب وہ شخص ہوگا جو انصاف کرنے والا حاکم ہو اور اللہ کے نزدیک سب سے مبغوض اور سب سے دور وہ شخص ہوگا جو ظلم کرنے والا حاکم ہو۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: قاضی کے لیے ایک دن کے عادلانہ فیصلہ کرنے کا اجر اس شخص کے اجر سے زیادہ درجہ رکھتا ہے جو اپنے گھر میں ساٹھ یا ستر سال نماز پڑھتا رہے۔ نیز حضرت حسن بصری فرماتے ہیں قاضی کے انصاف کی وجہ سے مسلمانوں کے گھروں میں خیر اور بھلائی پہنچ جاتی ہے کیونکہ عدل و انصاف کی وجہ سے ان پر باران رحمت کا نزول ہوتا ہے جبکہ قاضی کے ظلم کی وجہ سے وہ قحط کا شکار ہو جاتے ہیں اس لیے قضاء کے عادلانہ فرائض کا تعلق جملہ مسلمانوں کے ساتھ ہے، حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں عادلانہ فیصلہ خلق کی فریادوں کو اللہ تعالیٰ تک پہنچنے سے روک لیتا ہے۔ اور غیر عادلانہ فیصلہ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ تک براہ راست شکایات کا سلسلہ بڑھ جاتا ہے۔

منصب قضاء قبول کرنے کا حکم

امام خصاف فرماتے ہیں ہمیں بہت سی ایسی احادیث ملتی ہیں جن سے بظاہر ہوتا ہے کہ منصب قضاء قبول کرنا ایک ناپسندیدہ امر ہے، بعض صالح اور نیک حضرات نے اس منصب کو قبول کیا اور کچھ صالح و نیک حضرات ایسے بھی ہیں جنھوں نے اس سے اجتناب کیا مگر اس منصب کو قبول کرنا دین و دنیا میں بھلائی کا موجب ہے۔ اور ان میں سے کچھ یہ منصب قبول کرلیں تو پھر امام خصاف کا یہ قول اس صورت پر محمول ہے جب کسی شہر میں بہت سے نیک اور صاحب علم حضرات موجود ہوں اگر ان میں سے کوئی ایک شخص یہ منصب قبول نہ کرے تو وہ گنہگار نہ ہوگا اور اگر کسی شہر میں صرف ایک اہل شخص ہو جو نیک اور صاحب علم ہو اور پھر بھی وہ اس منصب کو قبول نہ کرے تو وہ گنہگار ہوگا۔

اگر کسی شہر میں بہت سے نیک اور صاحب علم لوگ ہوں اور وہ سب اس منصب کو قبول کرنے سے انکار کریں اور حاکم وقت بھی بذات خود مقدمات کے فیصلے نہ کرتا ہو تو وہ سب لوگ گنہگار ہوں گے، کیونکہ اس صورت میں احکام الٰہی کی تعمیل نہیں ہوگی اور اگر سب لوگ اس منصب سے کنارہ کشی کرتے ہوئے ایک جاہل آدمی کو یہ منصب تفویض کردیں تو یہ سب لوگ گناہ گار ہوں گے کیونکہ جاہل شخص احکام الٰہی کی دھجیاں بکھیر دے گا۔ علامہ ابن ہمام نے بزازیہ کے حوالے سے لکھا ہے کہ منصب قضاء کو قبول کرنا فرض کفایہ ہے[2]

عہدۂ قضاء کی مذمت میں وارد احادیث کا محمل

علامہ ابو الحسن علی بن خلیل لکھتے ہیں: منصب قضاء کو قبول کرنا فرض کفایہ ہے اور امت کا اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ قضاء کو قائم کرنا واجب ہے، اور اگر شہر میں صرف ایک شخص قضاء کا اہل ہو جس میں قضاء کی شرائط پائی جاتی ہوں تو اس پر اس منصب کو قبول کرنا واجب ہے اور اگر وہ قضاء قبول نہ کرے تو اس کو قضاء قبول کرنے پر مجبور کیا جائے گا۔

اکثر علماء اور مصنفین نے منصب قضاء سے احتراز کو بیان کرنے میں بہت مبالغہ کیا ہے اور منصب قضاء سے اعراض اور فرار کی بہت فضیلت بیان کی ہے حتیٰ کہ بہت سے فقہاء اور صالحین کے دماغوں میں یہ بات بیٹھ گئی کہ جس نے منصب قضاء کو قبول کرلیا اس کا دین خطرہ میں پڑ گیا اور اس نے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال لیا یہ بات بالکل غلط ہے اور اس سے رجوع اور توبہ کرنا واجب ہے

---

[1] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۲۱۱-۲۱۰، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[2] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۶ ص ۳۵۶، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

بلکہ اس عظیم منصب کی تعظیم کرنا ضروری ہے، انبیاء علیہم السلام کی بعثت کے مقاصد میں سے ایک مقصد یہ بھی ہے کہ مظلوم تک اس کا حق پہنچایا جائے، اللہ تعالیٰ کی حدود کو قائم کیا جائے اور عدل و انصاف کو پھیلایا جائے اور اس عدل و انصاف کی وجہ ہی سے زمین و آسمان قائم ہیں، قرآن مجید اور احادیث صحیحہ میں قضاء کی بہت فضیلت بیان کی گئی ہے (جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں) اور جن احادیث میں قاضیوں پر وعید کا ذکر ہے وہ ظالم اور جاہل قاضیوں سے متعلق ہیں اور جس حدیث میں ہے: جس شخص کو قاضی بنا دیا گیا اس کو بغیر چھری کے ذبح کر دیا گیا۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ، دارقطنی وغیرہ) بعض علماء نے کہا اس حدیث میں منصب قضاء کو قبول کرنے سے اجتناب اور احتراز کی ہدایت دی گئی ہے اور بعض اہل علم نے یہ کہا ہے کہ یہ حدیث منصب قضاء کی عظمت اور فضیلت کی دلیل ہے کیونکہ جو شخص منصب قضاء کو قبول کرتا ہے وہ اپنے نفس اور اپنی خواہشات سے جہاد کرتا ہے اور جو شخص حق اور انصاف کے مطابق فیصلہ کرتا ہے وہ گویا راہ حق میں بغیر چھری کے ذبح کر دیا جاتا ہے کیونکہ جو شخص حق اور انصاف کے مطابق فیصلہ کرتا ہے تو اہل ہوا اور باطل پرست اس کے دشمن ہو جاتے ہیں کبھی قاضی کا فیصلہ کسی بہت مالدار اور صاحب اثر و رسوخ کے خلاف ہوتا ہے اور کبھی اس کا فیصلہ حکومت وقت کے خلاف ہوتا ہے اور ان کے خلاف فیصلہ کرنا اپنی جان، مال اور عزت کو خطرہ میں ڈالنا ہے اور انگاروں سے کھیلنا ہے۔ پس قاضی حق اور انصاف کے ساتھ فیصلہ کر کے راہ حق میں ذبح ہو کر شہداء کے ساتھ داخل ہو جاتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی ابن ابی طالب، حضرت معاذ بن جبل اور حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہم کو قاضی مقرر کیا لہٰذا قضاء سے بچنے کے بارے میں جو احادیث ہیں وہ ظالمانہ فیصلے اور خواہش نفس کی پیروی کرنے والوں کے بارے میں ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: قاضیوں کی تین قسمیں ہیں، دو قسم کے قاضی جہنم میں جائیں گے اور ایک قاضی جنت میں جائے گا، جو قاضی حق کے مطابق فیصلہ کرے گا وہ جنت میں جائے گا، اور جو قاضی عمداً حق سے انحراف کر کے ظالمانہ فیصلہ کرے گا وہ جہنم میں جائے گا اور جو قاضی جہالت سے فیصلہ کرے گا اور اہل علم سے پوچھنے میں عار محسوس کرے گا وہ بھی جہنم میں جائے گا۔ یہ حدیث ظالم اور جاہل قاضی کے متعلق ہے لیکن جو شخص حق اور انصاف کے مطابق فیصلہ کرنے کی کوشش کرے اور کوشش کے باوجود اس کو فیصلہ میں خطا لاحق ہو جائے وہ مجرم نہیں ہے بلکہ اس کو بھی اپنی کوشش کرنے کا ایک اجر ملے گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب حاکم اجتہاد کرے اور صحیح فیصلہ پر پہنچ جائے تو اس کو دو اجر ملتے ہیں اور اگر وہ غلط فیصلہ پر پہنچے تو اس کو ایک اجر ملتا ہے، قرآن مجید میں ہے:

وداؤد وسليمان اذ يحكمن فى الحرث اذ نفشت فيه غنم القوم وكنا لحكمهم شاهدين ○ ففهمنها سليمان وكلا اتينا حكما وعلما۔

(انبیاء: ۷۸: ۷۹)

اور یاد کیجئے) داؤد اور سلیمان کو جب وہ کھیت سے متعلق (ایک مقدمہ کا) فیصلہ کر رہے تھے جب (رات کو) اس میں (کچھ) لوگوں کی بکریاں چھوٹ گئیں اور ہم ان کے اس مقدمہ کا مشاہدہ کر رہے تھے، سو ہم نے اس مقدمہ (کا صحیح) حل سلیمان کو سمجھا دیا اور ہم نے ان دونوں کو حکمت اور علم سے نوازا تھا۔

نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

والذين جاهدوا فينا لنهدينهم سبلنا وان الله لمع المحسنين۔

(العنکبوت: ۶۹)

وہ لوگ جو ہماری رضا جوئی میں جدوجہد کرتے ہیں، ہم ضرور ان کو اپنے راستے دکھائیں گے اور بے شک اللہ تعالیٰ ضرور نیکی کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

عہدۂ قضاء سے سلف صالحین کے گریز کی توجیہ

بعض ائمہ مذاہب نے یہ کہا ہے کہ منصب قضاء ایک آزمائش ہے اور جس شخص نے عہدہ قضاء کو قبول کر لیا اس نے اپنے آپ کو ہلاکت کے لیے پیش کر دیا، کیونکہ جو شخص اس میں مبتلاء ہو جائے اس کا نجات پانا بہت مشکل ہے اور ابو قلابہ نے کہا کہ جو قاضی عالم ہو اس کی مثال سمندر میں تیرنے والے کی طرح ہے اور کم لوگ ہی تیر کر سمندر کو عبور کر سکتے ہیں، اور بعض ائمہ نے کہا کہ متقین کا شعار عہدۂ قضاء سے دور رہنا ہے اور ایک جماعت کو جب عہدہ قضاء تفویض کیا گیا تو وہ اپنا شہر چھوڑ کر بھاگ گئے اور منصب قضاء قبول کرنے کی بجائے انھوں نے اذیتیں برداشت کرنے کو اختیار کر لیا۔ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے بہت تکلیفوں، صعوبتوں اور اذیتوں کو برداشت کیا اور عہدہ قضاء قبول نہیں کیا اور ابو قلابہ اپنا شہر چھوڑ کر بھاگ گئے اور عہدہ قضاء قبول نہیں کیا۔ ان تمام بزرگوں کے اقوال کا محمل یہ ہے کہ جس شخص میں ضعف ہو اور جو بامروّت سے اپنی رائے کا اظہار نہ کر سکتا ہو اور جو شخص مستقل مزاجی سے فرائض قضاء کو انجام نہ دے سکتا ہو وہ شخص عہدہ قضاء کو قبول نہ کرے اسی طرح وہ شخص بھی اس عہدہ کو قبول نہ کرے جو علی وجہ البصیرت یہ سمجھتا ہو کہ وہ عہدہ قضاء کا اہل نہیں ہے خواہ لوگ اس کو اس عہدہ کا اہل سمجھتے ہوں۔ [1]

فرضیت قضاء کا بیان

ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں: قاضی کو مقرر کرنا فرض ہے کیونکہ قاضی کو ایک فرض کے قائم کرنے کے لیے مقرر کیا جاتا ہے اور وہ فرض قضاء ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام سے فرمایا:

يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ (ص: ۲۶)

اے داؤد! ہم نے تم کو زمین میں خلیفہ بنایا ہے تو تم لوگوں میں حق اور انصاف کے ساتھ فیصلے کرو۔

اور ہمارے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (مائدہ: ۴۸) آپ ان کے درمیان اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ (کتاب یعنی قرآن مجید) کے مطابق فیصلے کیجیے اس سبب سے فرض کو قائم کرنے کے لیے قاضی کو مقرر کرنا فرض ہے نیز اس میں اتفاق ہے کہ سربراہ مملکت کا تقرر کرنا فرض ہے، کیونکہ اس کی فرضیت پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع ہے، کیونکہ احکام نافذ کرنے، ظالم سے مظلوم کا حق دلانے اور مقدمات کا فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے اور ان امور کو سربراہ مملکت ہی قائم کر سکتا ہے اور یہ چیز بداہۃً معلوم ہے کہ سربراہ مملکت خود تمام مقدمات کا فیصلہ نہیں کر سکتا اور نہ تمام علاقوں کا خود بنفس نفیس انتظام کر سکتا ہے اس لیے ان امور کو قائم کرنے کے لیے اس کے نائب اور قائم مقام کی ضرورت ہے۔ اور وہ قاضی ہے۔ اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مختلف شہروں میں قاضیوں کا تقرر فرماتے تھے۔ سو آپ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن کا قاضی مقرر فرمایا اور حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ کو مکہ مکرمہ کا قاضی مقرر فرمایا پس قاضیوں کا تقرر کرنا امام کی ضروریات میں سے ہے اس لیے یہ فرض ہے، امام محمد نے اس کو فریضہ محکمہ فرمایا ہے کیونکہ اس حکم کے منسوخ ہونے کا احتمال نہیں ہے کہ اس حکم کا وجوب عقل سے ہے اور حکم عقلی منسوخ ہونے کا احتمال نہیں رکھتا۔ [2]

---

[1] علامہ علاؤ الدین ابو الحسن علی بن خلیل طرابلسی حنفی، معین الحکام ص ۹ - ۷، مطبوعہ مطبعہ میمنیہ مصر، ۱۳۱۰ھ

[2] ملک العلماء علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۲، مطبوعہ ایچ، ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

قضاء کی اقسام

فتاویٰ عالمگیری میں ہے قضاء اصل میں ایک محکم فریضہ اور لائق اتباع سنت ہے، صحابہ اور تابعین نے عہدہ قضاء کو قبول کیا اور سلف صالحین کا اس پر عمل رہا ہے لیکن یہ فرض کفایہ ہے (کافی) قضاء کی پانچ اقسام ہیں:

(ا) اگر قضاء کی صلاحیت رکھنے والا صرف ایک شخص ہو اور اس کے علاوہ کوئی اور شخص نہ ہو تو وہ شخص قضاء کے لیے متعین ہے اور اس پر عہدہ قضاء کو قبول کرنا واجب ہے۔

(ب) اگر قضاء کی صلاحیت رکھنے والے متعدد شخص ہوں لیکن ایک شخص ان سب میں زیادہ صلاحیت رکھتا ہو تو اس پر قضاء کو قبول کرنا مستحب ہے۔

(ج) اگر قضاء کی صلاحیت اور اس منصب کو قائم کرنے میں سب برابر ہوں تو ان کے لیے قضاء کو قبول کرنا مباح ہے، ان میں سے کوئی شخص قضاء کو قبول کرے یا نہ کرے کوئی حرج نہیں ہے۔

(د) اگر ایک شخص قضاء کی صلاحیت رکھتا ہو لیکن دوسرا اس سے زیادہ صلاحیت رکھتا ہو تو اس کے مقابلہ میں قضاء کو قبول کرنا مکروہ ہے۔

(ہ) ایک شخص کو علم ہو کہ وہ منصب قضاء کو قائم کرنے سے عاجز ہے اور چونکہ وہ خواہش نفس کا پیروکار ہے اس لیے انصاف کے تقاضے پورے نہیں کر سکتا اور لوگوں کو اس کا علم نہ ہو تو ایسے شخص کے لیے قضاء کو قبول کرنا حرام ہے۔ (خزانۃ المفتین)[1]

اہلیت قضاء کی شرائط

ملک العلماء علامہ کاسانی نے اہلیت قضاء کے لیے حسب ذیل شرائط ذکر کی ہیں:

(۱) عقل (۲) بلوغ (۳) اسلام (۴) حریت (۵) بصر (۶) نطق یعنی گونگا نہ ہو (۷) اس شخص پر حد قذف نہ لگی ہو پس مجنون، بچے، کافر، غلام، اندھے، گونگے، اور جس شخص کو تہمت لگانے کی وجہ سے حد قذف لگ چکی ہو اس کو قاضی مقرر کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ قاضی ایک عظیم ولی (متصرف فی الامور) ہوتا ہے (کیونکہ جو شخص کسی علاقے کا قاضی ہوتا ہے وہ اس علاقہ میں متصرف ہوتا ہے اور اس کے احکام اس علاقہ میں نافذ ہوتے ہیں۔) اور جس شخص میں یہ شرائط نہ ہوں وہ تو اس سے کم درجہ کی ولایت یعنی شہادت دینے کا بھی اہل نہیں ہوتا چہ جائیکہ وہ قضاء کا اہل ہو۔ اور ذکورت (یعنی مرد ہونا) عہدہ قضاء تفویض کرنے کے جواز کی شرط نہیں ہے کیونکہ عورت بھی فی الجملہ شہادت کی اہل ہے مگر عورت حدود اور قصاص میں عہدہ قضاء کی اہل نہیں ہے کیونکہ حدود اور قصاص میں عورت کی شہادت جائز نہیں ہے اور قاضی وہی شخص ہو سکتا ہے جو شہادت دے سکتا ہو۔

آیا حلال اور حرام اور باقی احکام شرعیہ کا علم بھی عہدہ قضاء کو تفویض کرنے کے جواز کی شرط ہے؟ سو ہمارے نزدیک یہ جواز کی شرط نہیں ہے بلکہ ندب اور استحباب کی شرط ہے، اور محدثین کے نزدیک نہ صرف احکام شرعیہ کا علم ہونا بلکہ غیر منصوص مسائل میں اجتہاد کی اہلیت رکھنا بھی عہدہ قضاء کی تفویض کے جواز کی شرط ہے اسی طرح ان کے نزدیک سربراہ مملکت کے تقرر کے لیے بھی یہ اہلیت شرط ہے اور ہمارے نزدیک سربراہ مملکت کے تقرر کے لیے احکام شرعیہ کے علم اور اہلیت اجتہاد کی شرط نہیں ہے کیونکہ یہ جائز ہے کہ وہ اہل علم سے فتاویٰ حاصل کر کے ان کے مطابق عمل کرے، اس طرح قاضی کے تقرر کے لیے بھی علم اور اجتہاد کی شرط نہیں ہے اس کے باوجود جو شخص احکام شرعیہ سے جاہل ہو اس کو منصب قضاء نہیں سونپنا چاہیے، کیونکہ جو شخص جاہل ہو گا وہ اصلاح کی بجائے فساد زیادہ کرے گا اور اکثر لاعلمی کی وجہ سے غلط اور باطل فیصلے کرے گا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث مروی ہے کہ

[1] ملا نظام الدین حنفی متوفی ۱۱۰۵ھ، فتاویٰ عالمگیری ج ۳ ص ۳۰۷-۳۰۶ مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق مصر ۱۳۱۰ھ

قاضیوں کی تین قسمیں ہیں ایک قاضی جنت میں جائے گا اور دو جہنم میں۔ جو شخص صاحب علم ہو اور وہ اپنے علم کے مطابق فیصلے کرے وہ جنت میں جائے گا اور جو شخص علم کے باوجود علم کے خلاف فیصلے کرے وہ جہنم میں جائے گا اور جو شخص جاہل ہو اور جہالت سے فیصلے کرے وہ جہنم میں جائے گا۔ البتہ ہمارے نزدیک جاہل کو قضاء کا منصب تفویض کرنا فی نفسہ جائز ہے کیونکہ وہ علماء سے فتاوی حاصل کر کے حق اور انصاف کے مطابق فیصلے کر سکتا ہے لیکن یہ قبیح لغیرہ ہے اسی طرح ہمارے نزدیک وہ ظالم اور جابر جو شرع سے متجاوز نہ ہو اس کا تقرر بھی جائز ہے اور اس کے فیصلے نافذ ہو جائیں گے اور ہمارے نزدیک اس کی مثال بیع فاسد کی طرح ہے۔

ہمارے نزدیک منصب قضاء کے لیے عدالت (نیکی اور پرہیزگاری) بھی شرط نہیں ہے البتہ یہ کمال اور استحباب کی شرط ہے لہٰذا فاسق کو منصب قضاء کی تفویض کرنا جائز ہے اور اس کے فیصلے نافذ ہو جائیں گے بشرطیکہ وہ حد شرع سے متجاوز نہ ہو اور امام شافعی کے نزدیک فاسق شخص کو قاضی بنانا جائز نہیں ہے کیونکہ ان کے نزدیک فاسق شخص شہادت کا اہل نہیں ہے اس لیے وہ قضاء کا بھی اہل نہیں ہے اور ہمارے نزدیک فاسق شخص چونکہ شہادت کا اہل ہے اس لیے وہ قضاء کا بھی اہل ہے لیکن فاسق شخص کو یہ منصب سونپنا نہیں چاہیے کیونکہ قضاء بہت بڑی امانت ہے۔ لوگوں کے اموال، عزتیں اور جانیں یہ سب قاضی کی امانت میں ہوتی ہیں۔ اس لیے ان امانتوں کے حقوق وہی شخص ادا کر سکتا ہے جو تقویٰ اور پرہیزگاری میں کامل ہو۔ البتہ فی نفسہ فاسق کی قضاء جائز ہے اس لیے اگر اس کو قاضی بنا دیا گیا تو اس کے فیصلے نافذ ہوں گے لیکن یہ قبیح لغیرہ ہے۔

علامہ کاسانی فرماتے ہیں مذکور بالا شرائط اہلیت قضاء کے جواز کی شرائط ہیں اور فضیلت اور کمال قضاء کی شرط یہ ہے کہ قاضی حلال اور حرام اور تمام احکام شرعیہ کا عالم ہو، اور اس کا علم حد اجتہاد کو پہنچا ہوا ہو، نیز وہ لوگوں کے عرف اور معاملات کو جاننے والا ہو نیک اور پرہیزگار ہو، اس پر کسی قسم کی تہمت نہ ہو اور وہ کسی قسم کا لالچ نہ رکھتا ہو کیونکہ لوگوں کے درمیان حق اور انصاف کے ساتھ فیصلے کرنے کا نام قضاء ہے اور جو شخص ان اوصاف کا حامل ہوگا وہ حق اور انصاف کے ساتھ ہی فیصلے کرے گا۔

ہم نے منصب قضاء کی جو شرائط بیان کی ہیں دو فریقوں میں حَکَم بنانے کی بھی وہی شرائط ہیں اللہ عزوجل فرماتا ہے: فابعثوا حكما من اهله وحكما من اهلها "ایک حَکَم مرد کی طرف سے بھیجو اور ایک حَکَم عورت کی طرف سے" سو ان دو حکموں کا حکم قاضی کے درجہ میں ہے البتہ بہ حسب ذیل صورتوں میں قاضی سے مختلف ہے

(ا) حدود اور قصاص میں ان کا حکم صحیح نہیں ہے۔

(ب) حکم دینے سے پہلے ان کی حاکمیت لازم نہیں ہو البتہ حکم دینے کے بعد ان کا فیصلہ لازم ہو جاتا ہے۔

(ج) اگر یہ کسی اجتہادی مسئلہ میں حکم دیں اور قاضی کے پاس وہ مقدمہ لے جایا جائے تو قاضی اپنے اجتہاد سے ان کا حکم فسخ کر سکتا ہے[1]

مقدمات کے فیصلوں کی بنا اور معیار شرعی

قاضی جس مقدمہ کا فیصلہ کرے وہ فیصلہ حق اور انصاف پر مبنی ہونا چاہیے اور حق اور انصاف کا معیار یہ ہے کہ وہ فیصلہ دلائل شرعیہ کی بنیاد پر ہو۔ علامہ کاسانی فرماتے ہیں:

مقدمہ کا فیصلہ یا تو دلیل قطعی پر مبنی ہو بایں طور کہ اس کی بناء قرآن مجید کی نص صریح یا حدیث متواتر، حدیث مشہور یا اجماع پر ہو یا وہ فیصلہ ایسی دلیل سے کیا جائے جو قرآن مجید کی کسی آیت یا حدیث متواتر یا حدیث مشہور، خبر واحد یا قیاس شرعی سے مستفاد ہو، یہ بناء ان مقدمات کے لیے ہے جو مسائل اجتہادیہ سے متعلق ہوں لیکن اگر کوئی ایسا مقدمہ ہے جس کے بارے میں فقہاء کا کوئی قول منقول نہیں

[1] ملک العلماء علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۳، مطبوعہ ایچ۔ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

ہے اس کا اگر اس نے کوئی ایسا فیصلہ کیا جو دلیل قطعی کے خلاف ہو تو یہ فیصلہ باطل ہوگا۔ اسی طرح اگر اس نے مسائل اجتہادیہ میں کسی مسئلہ کا ایسا فیصلہ کیا جو مذاہب فقہاء سے خارج ہو تو اس کا یہ فیصلہ مردود ہوگا کیونکہ حق اقاویل فقہاء سے متجاوز نہیں ہے سو جو وہ فیصلہ جو اقاویل فقہاء سے خارج ہو باطل ہوگا اسی طرح جس مسئلہ میں قرآن مجید کی نص صریح ہو اور اس کا فیصلہ قرآن مجید کے خلاف ہو یا سنت کے خلاف ہو تو اس کا یہ فیصلہ ناجائز اور باطل ہوگا کیونکہ نص کے مقابلہ میں قیاس اور اجتہاد باطل اور ناجائز ہے خواہ نص قطعی ہو یا ظنی ہو البتہ جن مسائل میں نص نہیں ہے اور نہ ہی ان میں اجماع منقول ہے ان میں اجتہاد کی گنجائش ہے۔ [۱]

چونکہ فقہاء احناف کے نزدیک مستحب یہ ہے کہ ایسے شخص کو قاضی مقرر کیا جائے جو مجتہد ہو اس لیے ہم اجتہاد کی شرائط بیان کر رہے ہیں تاکہ یہ مسئلہ مکمل طور پر واضح ہو جائے۔

فقہاء احناف کے نزدیک اہلیت اجتہاد کی شرائط

علامہ ابو الحسن مرغینانی صاحب ہدایہ اجتہاد کی شرط بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ان یکون صاحب حدیث له معرفة بالفقه او صاحب فقه له معرفة بالحديث لئلا یشتغل بالقیاس فی المنصوص علیه وقیل ان یکون مع ذلك صاحب قریحة یعرف بها عادات الناس لان من الاحکام ما یبتنی علیها۔ [۲]

یہ کہ وہ شخص حدیث میں ماہر ہو اور اس کو فقہ کی معرفت ہو یا وہ شخص فقہ میں ماہر ہو اور اس کو حدیث کی معرفت ہو تاکہ وہ منصوص مسائل میں قیاس نہ کرے اور ایک قول یہ ہے کہ اس کے ساتھ ساتھ وہ ذہین اور طباع ہو (یعنی قیاس صحیح کر سکتا ہو) لوگوں کے عرف اور عادت کو پہچانتا ہو کیونکہ بہت سے احکام عرف پر مبنی ہوتے ہیں (مثلاً حمام کو کرائے پر دینا قیاساً جائز نہیں ہے لیکن عرفاً جائز [۳] ہے یا گندھے ہوئے آٹے کو قرض لینا قیاساً جائز نہیں ہے اسی طرح سنار یا رنگ ساز سے کوئی چیز بنوانا قیاساً جائز نہیں ہے لیکن عرفاً جائز ہے۔ عنایہ و کفایہ)

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں کہ اجتہاد میں حدیث اور فقہ دونوں میں مہارت کی ضرورت ہے تاکہ اس کا قیاس نص حدیث کے معارض ہو نہ اقاویل فقہاء کے خلاف ہو، خلاصہ یہ ہے کہ مجتہد وہ شخص ہے جو کتاب اور سنت کی عبارت النص، اشارۃ النص، دلالۃ النص اور اقتضاء النص کا عالم ہو اور کتاب اور سنت کے ناسخ اور منسوخ کو جاننے والا ہو اور شرائط قیاس اور مسائل اجماعیہ اور اقوال صحابہ کو جاننے والا ہو تاکہ وہ اقوال صحابہ یا اجماع پر قیاس کو مقدم نہ کرے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ ذہین اور طباع ہو اور لوگوں کے عرف اور عادت کو جانتا ہو، جو شخص ان تمام شرائط کا جامع ہو وہ اجتہاد کرنے کا اہل ہے اور اس پر لازم ہے کہ وہ اپنے اجتہاد پر عمل کرے (پھر اجتہاد کی تعریف میں لکھتے ہیں) ان مذکور الصدر دلائل سے کسی حکم شرعی کو حاصل کرنے کے لیے کوشش سے غور و فکر کرنا حتیٰ کہ اس حکم

---

[۱] ملک العلماء علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۴، مطبوعہ ایچ۔ ایم سعید اینڈ کمپنی، ۱۴۰۰ھ۔

[۲] علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اخرین ص ۱۳۲، مطبوعہ مکتبہ شرکت علمیہ ملتان۔

[۳] کیونکہ اس کی تحدید نہیں ہو سکتی کہ نہانے والا کتنی دیر حمام کو استعمال کرے گا اسی طرح گندھے ہوئے آٹے میں مثلیت غیر مقدور ہے اور منفعت معدوم چیز ہے اور قیاس کا تقاضا ہے کہ معدوم چیز کی بیع نہ کی جائے لیکن ان تمام چیزوں پر مسلمانوں کا تعامل ہے۔

پر غلبہ ظن ہو جائے اور اس حکم شرعی میں وہ کسی کی تقلید نہ کرے۔ [1]

علامہ طرابلسی لکھتے ہیں: مجتہد کے لیے واجب ہے کہ وہ کتاب اور سنت کی تصریحات اور اجماع اور قیاس کا جاننے والا ہو، سلف صالحین نے مجتہد کے لیے صرف اسی شرط کا ذکر کیا ہے اور ائمہ اور مجتہدین نے اپنے اجتہاد سے جن مسائل فرعیہ کا استخراج کیا ہے ان کو جاننے کی اس میں شرط نہیں لگائی اور بعض علماء نے یہ شرط بھی لگائی اور کہا ہے کہ اجتہاد کے لیے یہ ضروری ہے کہ اسے مثلاً امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کے مسائل فرعیہ کا علم ہو کیونکہ جس شخص کو ان مسائل پر عبور ہو گا وہ اجتہاد کا اہل ہو گا۔ شمس الائمہ سرخسی نے لکھا ہے کہ جس شخص نے امام محمد کی مبسوط اور مذہب متقدمین کو حفظ کر لیا وہ اجتہاد کا اہل ہے۔ اور جو شخص اس حد تک پہنچ جائے اس پر واجب ہے کہ وہ اپنے اجتہاد پر عمل کرے اور اس پر دوسرے شخص کی تقلید کرنا حرام ہے۔ [2]

علامہ زین الدین ابن نجیم نے اجتہاد کی چودہ شرائط بیان کی ہیں:

(۱) اسلام (۲) بلوغ (۳) عقل (۴) فقیہ النفس ہو یعنی طباع اور ذہین ہو اور اس کو استدلال اور استنباط کا ملکہ ہو (۵) لغت عربیہ کا علم ہو (۶) صرف کا علم ہو (۷) نحو کا علم ہو (۸) علم معانی کا علم ہو (۹) علم بیان کا علم ہو (۱۰) وجوہ قیاس کا علم ہو (۱۱) احکام سے متعلق کتاب اللہ کی آیات کا علم ہو (۱۲) احکام سے متعلق احادیث کا متناً اور سنداً علم ہو اور کتاب اور سنت کے ناسخ اور منسوخ کو جانتا ہو (۱۳) اجماع کی معرفت ہو (۱۴) لوگوں کے عرف اور عادت کو جانتا ہو۔ [3]

فقہاء نے جو یہ ذکر کیا ہے کہ مجتہد کے لیے یہ شرط ہے کہ وہ ان چودہ علوم کا عالم ہو اس سے ان تمام علوم کی معلومات کا زبانی یاد ہونا مراد نہیں ہے، نہ یہ مراد ہے کہ اس کو احکام سے متعلق تمام آیات اور احادیث زبانی یاد ہوں نہ اقوال فقہاء اور آثار صحابہ کا زبانی یاد ہونا مراد ہے بلکہ یہ ضروری ہے کہ اس میں یہ اہلیت ہو کہ وہ بوقت ضرورت قرآن مجید سے اور احادیث اور فقہ کے متعلقہ ابواب سے پیش آمدہ آیت اور حدیث کو تلاش کر کے حاصل کر سکے اسی طرح حدیث کی سند کی کتب رجال سے تحقیق کر سکے اور جن علوم کا مجتہد کے لیے ذکر کیا ہے ان علوم میں اس کا متبحر ہونا بھی ضروری نہیں ہے بلکہ اس کو ان علوم میں دسترس ہونی چاہیے تاکہ بوقت اجتہاد ان علوم پر اس کی نظر ہو، غرض یہ ہے کہ ان علوم کی شرط سے یہ مراد نہیں ہے کہ وہ ان علوم میں ماہر اور متبحر ہو اور قرآن مجید، احادیث، آثار اور اقوال فقہاء کا حافظ ہو اور احادیث کی تمام اسانید اس کو زبانی یاد ہوں اور ان کی جرح اور تعدیل بھی حفظ ہو حتیٰ کہ مجتہد کا وجود عنقاء کی طرح بالکل نایاب اور ناپید ہو جائے اس کے برخلاف فقہاء نے یہ تصریح کی ہے کہ مجتہد میں یہ اہلیت ہونی چاہیے کہ وہ ان چودہ علوم کے مضامین کو متعلقہ کتب کے ابواب سے بوقت ضرورت تلاش کر کے حاصل کر سکے۔

علامہ زین الدین ابن نجیم لکھتے ہیں:

ولا یشترط حفظہ لجمیع القرآن ولا لبعضہ عن ظھر القلب بل یکفی ان یعرف مظان احکامھا فی ابوابھا فیراجعھا وقت

مجتہد کے لیے یہ شرط نہیں ہے کہ وہ تمام یا بعض قرآن کا حافظ ہو، بلکہ یہ کافی ہے کہ وہ یہ جانتا ہو کہ پیش آمدہ مسائل کن ابواب میں ہیں اور بوقت ضرورت ان کی طرف رجوع کر

---

[1] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۵ ص ۴۶۲، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[2] علامہ علاء الدین ابوالحسن علی بن خلیل طرابلسی حنفی، معین الحکام ص ۲۹، مطبوعہ مطبعہ میمنیہ مصر، ۱۳۱۰ھ

[3] علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ، البحر الرائق ج ۶ ص ۲۶۵، مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ

الحاجة ولا يشترط التبحر في هذه العلوم[1]

کے اور اس کے لیے ان علوم میں ماہر اور متبحر ہونا بھی ضروری نہیں

علامہ بدرالدین عینی حنفی لکھتے ہیں:

واما المجتهد الذي ذكره اهل الاصول فهو ان يكون عالما بالنصوص من الكتاب والسنة مما يتعلق به الاحكام الشرعية ولا يشترط ان يكون عالما بجميع ما في الكتاب والسنة وهذا عزيز والرخصة في ذلك ان يكون بحال يمكنه طلب الحادثة الواقعة من النصوص التي تتعلق بها الاحكام الشرعية[2]

مولیین نے مجتہد کی جو تعریف کی ہے اس کے لحاظ سے مجتہد کو احکام شرعیہ سے متعلق کتاب اور سنت کی تصریحات کا عالم ہونا چاہیے اور اس کے لیے یہ ضروری شرط نہیں ہے کہ وہ تمام کتاب اور سنت کا عالم ہو کیونکہ یہ ایک نادر امر ہے اور اس میں رخصت یہ ہے کہ وہ پیش آمدہ مسئلہ کی احکام شرعیہ سے متعلق تصریحات کو (کتاب و سنت سے) تلاش کر سکے۔

ڈاکٹر وہبہ زحیلی لکھتے ہیں:

ولا يشترط ان يكون الفقيه محيطا بكل القرآن والسنة ولا ان يحيط بجميع الاخبار الواردة ولا ان يكون مجتهدا في كل المسائل بل يكفي معرفة ما يتعلق بموضوع البحث.[3]

مجتہد کے لیے یہ شرط نہیں ہے کہ وہ تمام قرآن اور سنت تمام احادیث اور آثار مرویہ کا عالم ہو اور نہ یہ ضروری ہے کہ وہ تمام مسائل میں مجتہد ہو بلکہ یہ کافی ہے کہ جو مسئلہ پیش آیا ہے اس سے متعلق ابحاث کا اسے علم ہو۔

فقہاء شافعیہ کے نزدیک اہلیت اجتہاد کی شرائط

علامہ نووی شافعی نے اس مسئلہ کو بہت وضاحت اور تفصیل سے بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

اہلیت اجتہاد چند امور کو جاننے سے حاصل ہوتی ہے ان میں سے ایک کتاب اللہ کا علم ہے، اور تمام قرآن مجید کا جاننا شرط نہیں ہے بلکہ احکام سے متعلق آیات کا جاننا ضروری ہے اور ان آیات کو یاد کرنا ضروری نہیں ہے، بعض اصحاب کا کلام بظاہر اس کے خلاف ہے دوسرا امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کا علم ہے اور اس میں بھی جمیع احادیث کو جاننا ضروری نہیں بلکہ احکام سے متعلق احادیث کا جاننا کافی ہے اور ان میں عام، خاص، مطلق، مقید، مجمل، مبین، ناسخ، منسوخ، خبر متواتر، خبر واحد، مرسل، متصل اور راویوں کے احوال کی جرحاً اور تعدیلاً معرفت ہونی چاہیے اور تیسرا امر یہ ہے کہ فقہاء صحابہ اور بعد کے فقہاء کی معرفت ہونی چاہیے اور یہ جاننا چاہیے کہ کس مسئلہ میں ان کا اتفاق ہے اور کس میں اختلاف ہے، اور چوتھا امر قیاس ہے پس قیاس جلی اور قیاس خاصد کی معرفت ہونی چاہیے اور قیاس صحیح اور قیاس فاسد میں تمیز کرنی چاہیے اور پانچواں امر لغت عرب ہے پس لغت عرب اور صرف اور نحو وغیرہ کو جاننا چاہیے۔

علامہ نووی فرماتے ہیں ہمارے اصحاب (فقہاء شافعیہ) نے یہ کہا ہے کہ اہلیت اجتہاد کے لیے ان علوم میں تبحر اور مہارت کی شرط نہیں ہے بلکہ اجمالی طور پر ان علوم کی معرفت کافی ہے، امام غزالی نے اس میں تخفیفات کا ذکر کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ: تمام متفرق اور منتشر

---

[1] علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ، البحر الرائق ج ۶ ص ۲۶۴، مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ

[2] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، بنایہ شرح الہدایہ للجزء ثالث ص ۲۹۸، مطبوعہ ملک سنز فیصل آباد

[3] ڈاکٹر وہبہ زحیلی، الفقہ الاسلامی و ادلتہ ج ۶ ص ۴۸۴، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

احادیث کے تتبع کی ضرورت نہیں ہے بلکہ یہ کافی ہے کہ مجتہد کے پاس احکام سے متعلق جمیع احادیث صحیحہ کا کوئی مجموعہ ہو جیسے سنن ابو داؤد ہے اور یہ کافی ہے کہ اس کو ہر باب کے عنوان کی معرفت ہو اور جب کسی مسئلہ میں اجتہاد کی ضرورت ہو تو اس حدیث کو متعلقہ باب میں تلاش کرے۔

علامہ نووی فرماتے ہیں کہ سنن ابو داؤد کی مثال دینا صحیح نہیں ہے کیونکہ اس میں احکام سے متعلق کل احادیث ہیں نہ اکثر احادیث ہیں اور جس شخص کو علم حدیث میں معمولی درک بھی ہو اس کے لیے یہ بالکل ظاہر بات ہے۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں احکام سے متعلق کتنی احادیث ہیں جو سنن ابو داؤد میں نہیں ہیں اور جامع ترمذی اور سنن نسائی اور دوسری کتب معتمدہ میں جو احکام سے متعلق احادیث ہیں ان کی کثرت اور شہرت کے بیان کی ضرورت نہیں ہے۔

راقم الحروف یہ کہتا ہے کہ صحاح ستہ، موطا امام مالک، مسند امام اعظم، سنن کبری للبیہقی، مصنف عبد الرزاق، مصنف ابن ابی شیبہ اور مجمع الزوائد میں احکام سے متعلق تمام احادیث اور آثار موجود ہیں پس اگر مجتہد کسی مسئلہ میں اجتہاد کے وقت ان کتابوں کے متعلقہ ابواب میں احادیث اور آثار کو تلاش کرے تو اس کو تسلی اور اطمینان ہو جائے گا، کیونکہ ان کتب احادیث سے خارج حکم شرعی سے متعلق کوئی حدیث اور اثر نہیں ہے، مسائل کے تتبع اور چھان بین کے دوران مصنف کو اس کا بارہا تجربہ ہوا ہے۔

علامہ نووی فرماتے ہیں: تمام اجماعی مسائل اور تمام اختلافی مسائل کا جاننا بھی مجتہد کے لیے شرط نہیں ہے بلکہ اس کے لیے یہ کافی ہے کہ جس مسئلہ میں وہ فتوی دے رہا ہے اس میں اس کا قول اجماع کے خلاف نہ ہو، بایں طور کہ اس کو یہ علم ہو کہ اس کا یہ قول بعض متقدمین کے موافق ہے یا اس کو اس پر ظن غالب ہو کہ یہ مسئلہ متقدمین کے سامنے پیش نہیں آیا بلکہ یہ مسئلہ اس کے زمانہ میں پیدا ہوا ہے، ناسخ اور منسوخ کی معرفت کو بھی اسی پر قیاس کرنا چاہیے۔ اور جس حدیث کے قبول کرنے پر سلف کا اجماع ہو یا جس راوی کی عدالت تواتر سے ثابت ہو اس کی عدالت پر بحث کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور اس کے علاوہ راویوں کی عدالت کے لیے جرح اور تعدیل کے کسی مشہور امام کی تصریح کافی ہے۔

ان علوم کا مجتمع ہونا مجتہد مطلق میں شرط ہے جو تمام ابواب شرعیہ میں فتوی دیتا ہو اور یہ بھی جائز ہے کہ عالم کے لیے صرف کسی ایک باب میں منصب اجتہاد ہو۔ ہمارے اصحاب نے اہلیت اجتہاد میں اصول اعتقاد کی معرفت کی شرط بھی عائد کی ہے، امام غزالی فرماتے ہیں کہ مجتہد کے لیے متکلمین کے طریقہ پر اعتقاد کے دلائل کو جاننا ضروری نہیں ہے۔ [1]

فقہاء حنبلیہ کے نزدیک اہلیت اجتہاد کی شرائط

علامہ شمس الدین مقدسی حنبلی اہلیت اجتہاد کی شرائط پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

مجتہد وہ شخص ہے جو کتاب اور سنت کے حقیقت اور مجاز کی معرفت رکھتا ہو اور امر، نہی، مبین، مجمل، محکم، متشابہ، عام، خاص، مطلق، مقید، ناسخ، منسوخ، مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ کا علم رکھتا ہو اور احکام سے متعلق صحیح اور ضعیف اور متواتر اور آحاد احادیث کو جانتا ہو اور قیاس اور اس کی شرائط اور استنباط کے طریقہ کو جانتا ہو اور حجاز اور شام اور عراق میں متداول عربیت کو جانتا ہو سو جو شخص اکثر فقہ کو جانتا ہو وہ فتوی دینے (یعنی اجتہاد کرنے کیونکہ مفتی وہی ہوتا ہے جو مجتہد ہو۔ سعیدی غفرلہ) اور قضاء کا اہل ہے۔ ابو محمد جوزی نے کہا جو شخص فقہ کے اصول اور فروع کو جانتا ہو وہ مجتہد ہے اور وہ کسی شخص کی تقلید نہ کرے۔ [2]

---

[1] علامہ یحیی بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، روضۃ الطالبین وعمدۃ المفتین ج ۸ ص ۹۶ - ۹۵، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۴۰۵ھ

[2] علامہ شمس الدین مقدسی ابو عبد اللہ محمد بن مفلح حنبلی متوفی ۷۶۳ھ، کتاب الفروع ج ۶ ص ۴۲۵، مطبوعہ عالم الکتب بیروت، ۱۳۸۸ھ

مجتہد مطلق کی طرف منسوب ہونے والوں کی اقسام

علامہ زین الدین ابن نجیم لکھتے ہیں:

جو لوگ کسی امام مجتہد کی طرف منسوب ہوتے ہیں ان کی تین قسمیں ہیں، ایک عوام ہیں جو محض مقلد ہوتے ہیں، دوسرے وہ علماء ہیں جو خود بھی مجتہد ہوتے ہیں اگر ان کا اجتہاد امام کے موافق ہو تو کوئی حرج نہیں ہے اور اگر ان کا اجتہاد امام کے اجتہاد کے خلاف ہو تو یہ اپنے اجتہاد پر عمل کریں گے، (مثلاً امام محمد، امام ابو یوسف، امام زفر، امام طحاوی، علامہ ابو بکر جصاص، قاضی خاں، علامہ ابن ہمام وغیرہم) اور تیسری قسم ان علماء کی ہے جو غیر منصوص مسائل کو منصوص مسائل پر قیاس کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں لیکن رتبہ اجتہاد پر فائز نہیں ہوتے، اگر کسی حکم کے بارے میں امام کی نص صریح ہو تو یہ اس حکم کی علت کا استنباط کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ امام کے مذہب کے مطابق یہ حکم اس طرح ہے اور اگر امام کی نص نہ ہو تو اس کے مشابہ حکم سے تخریج کرتے ہیں۔ (علامہ شامی، علامہ طحطاوی اسی معیار کے فقہاء تھے۔ سعیدی غفرلہٗ)۔ [۱]

علامہ یحییٰ بن شرف نواوی شافعی لکھتے ہیں:

جو شخص امام شافعی، یا امام ابو حنیفہ یا امام مالک کے مذہب کی طرف منسوب ہو اس کی تین قسمیں ہیں:-

(۱) عوام ان کا مثلاً امام شافعی کی تقلید کرنا میت کی تقلید پر مبنی ہے۔

(۲) وہ علماء جو رتبہ اجتہاد تک پہنچ چکے ہیں اور ہم بیان کر چکے ہیں کہ ایک مجتہد دوسرے مجتہد کی تقلید نہیں کرتا اور یہ علماء مثلاً امام شافعی کی طرف اس لیے منسوب ہیں کہ یہ اپنے اجتہاد اور دلائل کی ترتیب میں امام شافعی کے طریقہ پر عمل کرتے ہیں اور اکثر اوقات ان کا اجتہاد اپنے امام کے اجتہاد کے موافق ہوتا ہے اور اگر بعض اوقات ان کا اجتہاد اپنے امام کے مخالف ہو تو یہ اس کی پرواہ نہیں کرتے۔

(۳) متوسطین: یہ وہ لوگ ہیں جو اصول شرع میں درجہ اجتہاد تک تو نہیں پہنچے لیکن تمام ابواب فقہیہ میں اپنے امام کے اصول سے واقف ہوتے ہیں اور غیر منصوص مسائل کو منصوص مسائل پر قیاس کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں اور یہ علماء بھی عوام کی طرح امام کے مقلد ہوتے ہیں اور عوام بھی ان کے اقوال پر عمل کر کے امام ہی کے مقلد ہوتے ہیں اور یہ بھی میت کی تقلید پر مبنی ہے (الی قولہ) اور جب حکم اور علت ہیں امام کی نص موجود ہو تو یہ اس علت کی وجہ سے غیر منصوص کو منصوص کے ساتھ لاحق کر دیتے ہیں اور اگر امام نے صرف حکم بیان کرنے پر اقتصار کیا ہو تو پھر اس میں اختلاف ہے کہ آیا اس حکم کی علت کو مستنبط کر کے غیر منصوص مسئلہ کو اس حکم کی طرف لاحق کرنا جائز ہے یا نہیں اور اشبہ بالحق یہ ہے کہ یہ جائز ہے۔ [۲]

عوام اور فقہاء کی تقلید کا فرق

آج کل ہمارے زمانے میں دو قسم کے مقلد ہیں ایک تو عوام ہیں جو امام کے محض مقلد ہوتے ہیں اور ایک وہ علماء ہیں جو فقہی مسائل اور ان کے دلائل پر بصیرت رکھتے ہیں اور مسائل عصریہ کا حل کتاب و سنت اور اصول کی روشنی میں تلاش کرتے ہیں۔ پہلی قسم کے مقلد صرف تقلید کرتے ہیں اور دوسری قسم کے مقلد امام کی اتباع کرتے ہیں۔ تقلید کے معنی ہیں دلائل سے قطع نظر کر کے کسی امام کے قول پر عمل کرنا اور اتباع سے ہماری مراد ہے کہ کسی امام کے قول کو کتاب و سنت کے موافق پا کر اور دلائل شرعیہ سے ثابت جان کر اس قول کو اختیار کر لینا۔ سو تقلید صرف عوام کے لیے ہے جو دلائل شرعیہ سے

---

[۱] علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ، البحر الرائق ج ۶ ص ۲۹۰، مطبوعہ مکتبہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ۔

[۲] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی شافعی متوفی ۶۷۶ھ، روضۃ الطالبین وعمدۃ المفتین ج ۱۱ ص ۱۰۲-۱۰۱، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۴۰۵ھ

بے خبر ہوتے ہیں اور اہل علم اور اہل فتویٰ حضرات کے لیے تقلید محض جائز نہیں ہے۔ علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی لکھتے ہیں: فقہاء نے ہمارے ائمہ سے یہ نقل کیا ہے کہ کسی مفتی کے لیے ہمارے قول پر فتویٰ دینا اس وقت تک جائز نہیں ہے جب تک اس کو یہ معلوم نہ ہو کہ ہمارے قول کا ماخذ کیا ہے؟ حتیٰ کہ سراجیہ میں ہے کہ یہی وجہ ہے کہ علامہ عصام، امام کی مخالفت کرتے تھے اور کثیر مسائل میں امام کے قول کے خلاف فتویٰ دیتے تھے کیونکہ ان پر امام کی دلیل ظاہر نہیں ہوئی بلکہ دلائل سے امام کے قول کے برعکس ثابت ہوا پس وہ اپنے قول پر فتویٰ دیتے تھے۔ ۱؎

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں فتاویٰ ظہیریہ میں ہے امام ابوحنیفہ سے یہ مروی ہے کہ کسی مفتی کے لیے اس وقت تک ہمارے قول پر فتویٰ دینا جائز نہیں ہے جب تک کہ اس کو ہمارے ماخذ کا علم نہ ہو اور اگر وہ اہل اجتہاد سے نہیں ہے تو اس کے لیے فتویٰ دینا جائز نہیں البتہ وہ اقوال فقہاء کی حکایت کر سکتا ہے۔ (الی قولہ) قاعدہ یہ ہے کہ مفتی اور قاضی کو امام ابوحنیفہ کے قول پر فتویٰ دینا چاہیے اور ان کے قول پر فیصلہ کرنا چاہیے اور جس مسئلہ میں ہمارے مشائخ نے امام ابوحنیفہ کے علاوہ کسی اور کے قول کو ترجیح دی ہے وہاں اس ترجیح کو اختیار کرنا چاہیے اور جس جگہ امام ابوحنیفہ کے قول کو بلا ترجیح نقل کیا گیا ہے وہاں پر عرف، لوگوں کی عادت اور تعامل کے لحاظ سے امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے قول میں جس کا قول عرف اور تعامل کے زیادہ موافق ہو اس پر فتویٰ دینا چاہیے اور اس کے مطابق فیصلہ کرنا چاہیے اور زمانہ کبھی ایسے اہل علم سے خالی نہیں ہوگا جو ان اقوال میں سے راجح کو متمیز نہ کر سکیں اور جو ترجیح نہیں دے سکتے انہیں ان علماء کی طرف رجوع کرنا چاہیے جو ترجیح دے سکتے ہیں۔ ہم یہاں پر اہل علم کے استفادہ کے لیے علامہ شامی کی اصل عبارت نقل کر رہے ہیں۔

فان قلت قد يحكون اقوالا بلا ترجيح وقد يختلفون فی التصحيح قلت يعمل بمثل ما عملوا من اعتبار تغير العرف واحوال الناس وما هو الاوفق وما ظهر عليه التعامل وما قوی وجهه ولا يخلوا الوجود لمن يميز هذا حقيقة لا ظنا وعلی من لم يميز ان يرجع لمن يميز لبراءة ذمته اھ۔ ۲؎

اگر تم یہ کہو کہ مشائخ حنفیہ کبھی اقوال ائمہ کو ترجیح دیے بغیر نقل کر دیتے ہیں اور کبھی ان کی تصحیح میں اختلاف ہوتا ہے تو میں کہوں گا کہ اس صورت میں وہی عمل کیا جائے جو عمل وہ خود کرتے ہیں یعنی عرف اور لوگوں کے احوال کے تغیر کو دیکھ کر جس قول پر عمل کرنا آسان ہو اس کو ترجیح دی جائے اور اس قول کو ترجیح دی جائے جس پر لوگوں کا تعامل ہو اور جس کی دلیل قوی ہو اور زمانہ کبھی ایسے علماء سے خالی نہیں ہوگا جو اس چیز کی "حقیقۃ" تمیز کر سکیں اور جو علماء اس کی تمیز نہیں کر سکتے ان پر لازم ہے کہ وہ ان علماء کی طرف رجوع کریں جو اس کی تمیز کر سکتے ہیں تاکہ وہ بری الذمہ ہو جائیں۔ (علامہ شامی نے علامہ ابن شلبی کے فتاویٰ سے یہ عبارت نقل کی ہے۔)

علامہ ابن نجیم اور علامہ ابن عابدین کی ان عبارات سے یہ واضح ہو گیا کہ اہل علم اور اہل فتویٰ حضرات عوام کی طرح اپنے امام کے مقلد محض

۱؎ علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ، البحر الرائق ج ۶ ص ۲۶۹، مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ

۲؎ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ، منحۃ الخالق علی ہامش البحر الرائق ج ۶ ص ۲۶۹ مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ

نہیں ہوتے بلکہ وہ ائمہ کے بیان کردہ اقوال پر اس لیے عمل کرتے ہیں کہ وہ دلائلِ شرعیہ کے مطابق ہوتے ہیں اور جو قول دلیل شرعی کے مطابق نہ ہو اس قول کو چھوڑ کر وہ دوسرے امام کے اس قول پر عمل کرتے ہیں جو کتاب و سنت اور دلائلِ شرعیہ کے مطابق ہوتا ہے جیسا کہ بہت سے مسائل میں امام اعظم کے قول کو چھوڑ کر صاحبین کے قول پر فتویٰ دیا جاتا ہے اور مسائل عصریہ میں وہ خود اجتہاد کرتے ہیں اور دلائل شرعیہ کی روشنی میں مسائل عصریہ کا حکم شرعی تلاش کرتے ہیں جیسے انتقالِ خون، پوسٹ مارٹم، اعضاء کی پیوند کاری، ضبط تولید، مصنوعی طریقہ تولید اور ٹیسٹ ٹیوب بے بی ایسے مسائل کا حکم شرعی بیان کرنا اور ظاہر ہے کہ یہ علماء عوام کی طرح محض مقلد نہیں ہیں جو دلائل سے قطع نظر کرکے امام کے قول کی تقلید کرتے ہیں بلکہ یہ علماء ائمہ کے اقوال کو دلائل شرعیہ کے مطابق پاکر ان ائمہ کی اتباع کرتے ہیں اس لیے مقلد نہیں بلکہ متبعین ہیں اور جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں یہ بعض مسائل میں امام سے اختلاف بھی کرتے ہیں۔

مجتہد عالم کا دلیل کی بناء پر امام سے اختلاف کرنا ادب کے خلاف نہیں ہے

جو عالم مسائل میں اجتہاد کا اہل ہو وہ بعض مسائل میں دلائل کی بناء پر امام سے اختلاف بھی کرسکتا ہے۔ یہ امام سے عقیدت اور اس کے ادب کے خلاف نہیں ہے۔ اس کی نظیر یہ ہے: امام محمد لکھتے ہیں:

ایک شخص نے اپنی نابالغہ باندی کو مکاتب کیا تو یہ مکاتبت جائز ہے اگر وہ اس نابالغہ باندی کا اس کی اجازت کے بغیر نکاح کر دے تو یہ نکاح ناجائز ہے (یعنی یہ نکاح اس باندی کی اجازت پر موقوف ہوگا کیونکہ مکاتبت کی وجہ سے وہ بالغہ کے حکم میں ہوگی۔ سعیدی) اگر وہ باندی نکاح کو مسترد نہ کرے اور بدل کتابت کو ادا کر دے اور آزاد کر دی جائے تو اب یہ نکاح موقوف ہوگا، اگر اس باندی کا کوئی ولی اقرب نہیں ہے اور مولیٰ نے اس نکاح کی اجازت دے دی تو نکاح جائز ہوجائے گا اور باندی کو خیار بلوغ حاصل ہوگا[1] یعنی آزاد ہونے کے بعد یہ نکاح مولیٰ کی اجازت پر موقوف ہوگا اور آزاد ہونے سے یہ نکاح نافذ نہیں ہوگا۔

علامہ ابن ہمام نے اس مسئلہ میں امام محمد سے اختلاف کیا ہے ان کے نزدیک آزاد ہونے کے بعد یہ نکاح نافذ ہوجائے گا۔ وہ لکھتے ہیں: لیکن قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ اس نابالغ مکاتبہ کے آزاد ہونے کے بعد اس کا نکاح اس کے سابق مولیٰ کی اجازت پر موقوف نہیں ہوگا بلکہ اس کے آزاد ہونے سے ہی یہ نکاح نافذ ہوجائے گا، کیونکہ فقہاء نے یہ تصریح کی ہے کہ جب کوئی غلام اپنے مولیٰ کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اور مولیٰ اس غلام کو آزاد کر دے تو وہ نکاح نافذ ہوجاتا ہے کیونکہ اگر یہ نکاح موقوف ہو تو یا تو مولیٰ کی اجازت پر موقوف ہوگا اور یہ اس لیے غلط ہے کہ آزاد ہونے کے بعد اس غلام پر اس مولیٰ کی ولایت نہیں رہی اور یا غلام کی اجازت پر موقوف ہوگا اور یہ اس لیے غلط ہے کہ غلام نے تو خود نکاح کیا تھا اب اس کی اجازت پر توقف ایک لایعنی بات ہے۔ اسی طرح اس نابالغہ مکاتبہ کے مسئلہ میں اس کے مولیٰ کا کیا ہوا نکاح اس مکاتبہ کی اجازت پر اس لیے موقوف تھا کہ وہ ولی مجبر تھا (یعنی لڑکی کا نکاح اس کی اجازت کے بغیر کر رہا تھا) اور عقد کتابت کی وجہ سے یہ نکاح اس لڑکی کی اجازت پر موقوف تھا اور آزاد ہونے کے بعد یہ مانع زائل ہوگیا (یعنی عقد کتابت) لہٰذا مولیٰ کی طرف سے نکاح نافذ ہوگیا اور اصل نکتہ یہی ہے اور بہت سے وہ لوگ جن کو سہو لاحق ہوتا ہے وہ ان لوگوں کی تقلید کرتے ہیں جن کو اس مسئلہ میں سہو ہوگیا ہے[2]

---

[1] امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ، الجامع الکبیر ص ۹۸، مطبوعہ دار المعارف النعمانیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۳ ص ۲۷۰، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

علامہ زین الدین ابن نجیم نے علامہ ابن ہمام کی امام محمد کے خلاف اس تحقیق کو جسارت کو بے ادبی پر محمول کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں: علامہ ابن ہمام کی یہ بحث سوء ادب اور غلط ہے کیونکہ امام محمد نے اس مسئلہ کی جامع کبیر میں تصریح کی ہے پس امام محمد اور ان کے متقدمین کی طرف سہو کس طرح منسوب کیا جائے گا۔ ثانیا اس لیے کہ امام محمد نے یہ نکاح مولیٰ کی اجازت پر اس لیے موقوف کیا ہے کہ باندی کے آزاد ہونے کے بعد مولیٰ کو اس باندی پر ولاء عتاقت حاصل ہوگی اور اب وہ اس کا مولیٰ بالعتق ہے اور یہ اس وقت ہے کہ جب اس کا کوئی اور ولی اقرب نہ ہو لہٰذا یہ نکاح نافذ نہیں ہوگا اور مولیٰ کی اجازت پر موقوف ہوگا۔[1]

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں: علامہ مقدسی نے اس کے جواب میں کہا ہے کہ علامہ ابن ہمام نے جو بحث کی ہے وہی قیاس کا تقاضا ہے۔ امام حصیری نے جامع کبیر کی شرح میں یہ تصریح کی ہے کہ جو تحقیق قیاس کے مطابق ہو اس کے بارے میں یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ یہ غلط اور سوء ادب ہے۔ علاوہ ازیں جو شخص رتبہ اجتہاد تک پہنچا ہوا ہو یہ کہے کہ قیاس کا تقاضا یہ ہے تو وہی قیاس کا تقاضا ہے اور علامہ ابن ہمام پر یہ اعتراض نہیں ہوگا کہ ان کا قیاس منقول کے خلاف ہے کیونکہ علامہ ابن ہمام نے دلیل مقبول کی اتباع کی ہے۔[2]

جو شخص فقہ کا گہرا مطالعہ کرتا ہے اس پر یہ امر مخفی نہیں ہوگا کہ بعد کے فقہاء نے بہت سے مسائل میں ائمہ سے اختلاف کیا ہے اور اپنی رائے کو دلائل کے ساتھ پیش کیا ہے اس لیے ایک مجتہد عالم یا قاضی کسی مسئلہ یا کسی معاملہ میں ائمہ سے اختلاف کرے اور اپنی رائے کو متانت اور دلائل کے ساتھ پیش کرے تو اس کی رائے قابل قبول ہوگی بشرطیکہ اس کی رائے کتاب و سنت کی تصریحات اجماع اور سبیل مسلمین کے خلاف نہ ہو۔

قاضی کے لیے اہلیت اجتہاد کی شرط میں مذاہب ائمہ

ڈاکٹر وہبہ زحیلی لکھتے ہیں: فقہاء مالکیہ، فقہاء شافعیہ، فقہاء حنابلہ اور بعض فقہاء حنفیہ کے نزدیک قاضی کے لیے مجتہد ہونا شرط ہے، لہٰذا جو شخص احکام شرعیہ سے جاہل ہو یا محض مقلد ہو اس کو منصب قضاء سونپا جائے کیونکہ ایسا شخص فتویٰ دینے کی صلاحیت بھی نہیں رکھتا چہ جائیکہ اس کو قاضی بنایا جائے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وان احکم بینهم بما انزل الله۔ "لوگوں کے درمیان قرآن مجید کے مطابق فیصلہ کیجئے" یہ نہیں فرمایا کہ دوسروں کی تقلید کر کے فیصلہ کریں؛ نیز فرمایا "لتحکم بین الناس بما اراك الله" "تاکہ آپ لوگوں کے درمیان اس فہم سے فیصلہ کریں جو آپ کو اللہ نے سمجھائی ہے" نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا فان تنازعتم فی شیء فردوہ الی الله والرسول "اگر تمہارا کسی چیز میں اختلاف ہو جائے تو اس کو اللہ اور رسول (کے احکام) کی طرف لوٹا دو" اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جہالت سے فیصلہ کرے وہ جہنمی ہے (سنن ابن ماجہ، سنن ابوداؤد، جامع ترمذی، سنن نسائی، مستدرک وغیرہ) اور اگر غیر مجتہد عامی کو حاکم بنا دیا گیا تو وہ جہالت سے ہی فیصلہ کرے گا، اور اگر وہ دوسرے مجتہد سے فتویٰ لے کر فیصلہ کرے گا تو خود اس کو شرح صدر نہیں ہوگا کہ یہ حکم صحیح ہے یا نہیں، نیز ان تمام آیات سے واضح ہوتا ہے کہ قاضی کو عالم اور مجتہد ہونا چاہیے۔[3]

علامہ بدر الدین عینی حنفی لکھتے ہیں کہ ہمارے نزدیک صحیح قول یہ ہے کہ قاضی میں اہلیت اجتہاد کی شرط اولویت اور استحباب

---

[1] علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ، البحر الرائق ج ۳ ص ۱۱۸، مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ

[2] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۲ ص ۵۰۲، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

[3] ڈاکٹر وہبہ زحیلی، الفقہ الاسلامی وادلتہ ج ۶ ص ۴۸۳، مطبوعہ دار الفکر بیروت، الطبعۃ الثانیہ، ۱۴۰۵ھ

سکے لیے ہے، جواز کی شرط نہیں ہے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ یہ جواز کی شرط ہے صاحب شرح الاقطع کا اسی طرف میلان ہے اور وجیز الشافعیہ میں ہے کہ قاضی کے لیے مجتہد ہونا ضروری ہے اور جاہل اور مقلد کو قاضی بنانا جائز نہیں ہے اور امام محمد نے اصل میں ذکر کیا ہے کہ مقلد کو قاضی بنانا جائز نہیں ہے اور خصاف نے ذکر کیا ہے کہ اگر قاضی صاحب رائے ہے تو اپنی رائے کے مطابق فیصلہ کرے اور اگر وہ صاحب رائے نہیں ہے تو کسی فقیہ سے پوچھ کر فیصلہ کرے۔ ؎۱

علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی نے لکھا ہے: کہ قاضی کے لیے اجتہاد شرط ہے لہٰذا جو شخص احکام شرعیہ اور اس کے دلائل سے ناواقف ہو اور دوسروں کی تقلید کا محتاج ہو اس کو قاضی بنانا جائز نہیں ہے۔ ؎۲

علامہ مقدسی حنبلی لکھتے ہیں: قاضی میں اہلیت اجتہاد کی شرط پر اجماع ہے اور فقہاء نے ذکر کیا ہے کہ اس پر اجماع ہے کہ حاکم اور مفتی کے لیے کسی شخص کی تقلید کرنا جائز نہیں ہے اس کو صرف اپنی رائے سے فیصلہ کرنا چاہیے۔ ؎۳

ایک قاضی مجتہد کا دوسرے قاضی مجتہد کی رائے پر فیصلہ کرنے کا جواز

ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں: کہ اگر قاضی مجتہد ہو تو وہ دوسرے مجتہد کے مذہب کے مطابق فیصلہ کر سکتا ہے اور اس کا یہ فیصلہ بالاجماع صحیح ہوگا کیونکہ اس فیصلہ پر یہ صادق نہیں آئے گا کہ وہ چوک گیا بلکہ یہ فیصلہ اس پر محمول ہوگا کہ اس کے اجتہاد میں دوسرے مجتہد کا اجتہاد صحیح تھا لہٰذا اس نے اس مجتہد کی رائے کے مطابق فیصلہ کیا لہٰذا یہ فیصلہ اس کے اپنے اجتہاد سے ہے اس لیے صحیح ہے۔ ؎۴

علامہ ابن عابدین شامی حنفی لکھتے ہیں: خلاصہ یہ ہے کہ قاضی کے فیصلہ کی صحت کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ فیصلہ قاضی کے مذہب کے مطابق ہو خواہ قاضی مجتہد ہو یا مقلد اس لیے اگر اس نے اپنے مذہب کے خلاف فیصلہ کیا تو صحیح نہیں ہوگا لیکن بدائع الصنائع میں ہے کہ جب مجتہد قاضی نے مذہب غیر پر فیصلہ کیا تو یہ صحیح ہوگا کیونکہ یہ فیصلہ اس پر محمول ہوگا کہ اس کے اجتہاد میں اس مجتہد کا اجتہاد صحیح تھا تو یہ اب اس کا اپنا اجتہاد ہو گیا (بدائع الصنائع کی عبارت کا ترجمہ ہم نے ابھی ذکر کیا ہے۔ سعیدی) اور اس کی تائید علامہ قاسم کے رسالہ سے ہوتی ہے جنہوں نے اس مسئلہ پر سیر کبیر سے استدلال کیا ہے۔ اور اس سے صاحب البحر الرائق کا بدائع الصنائع کی عبارت پر تعجب وتعقب ہو جاتا ہے۔ ؎۵

قاضی کو مقدمہ کی سماعت میں فریقین کے ساتھ عدل اور انصاف کی ہدایت میں احادیث اور آثار

انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے لیے قاضی کو فریقین کے ساتھ کس طرح پیش آنا چاہیے؟ حسب ذیل احادیث اور آثار

؎۱ ۔ علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، بنایہ شرح ہدایہ الجزء الثالث ص ۲۶۶، مطبوعہ ملک سنز فیصل آباد

؎۲ ۔ علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، روضۃ الطالبین وعمدۃ المفتین ج ۱۱ ص ۹۵، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

؎۳ ۔ علامہ شمس الدین مقدسی ابو عبد اللہ محمد بن مفلح حنبلی متوفی ۷۶۳ھ، کتاب الفروع ج ۶ ص ۴۲۱، مطبوعہ عالم الکتب بیروت ۱۳۸۸ھ

؎۴ ۔ ملک العلماء علامہ ابو بکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۵، مطبوعہ ایچ۔ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

؎۵ ۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۴ ص ۴۶۴، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

میں اس کی ہدایت دی گئی ہے۔

امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مسلمانوں کا قاضی بنایا گیا ہو اس کو مقدمہ کے فریقین کو دیکھنے میں ان کی طرف اشارہ کرنے اور ان کو بٹھانے میں عدل کرنا چاہیے۔ [1]

امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ ابو العوام سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے یہ فرمان لکھوایا: حق پہنچانے میں لوگوں کے ساتھ مساوی سلوک کرو، قریب کے ساتھ بعید کی طرح، اور بعید کے ساتھ قریب کی طرح سلوک کرو۔ رشوت لینے اور خواہش نفس پر عمل کرنے سے بچو، غضب کے وقت فیصلہ نہ کرو۔ اور حق اور انصاف کو قائم کرو، خواہ دن کی ایک ساعت ہی ہو۔[2] امام بیہقی، شعبی سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہما کے درمیان کسی چیز میں منا قشہ تھا۔ حضرت ابی نے حضرت عمر پر دعویٰ کیا اور حضرت عمر نے اس کا انکار کیا۔ پھر دونوں نے اپنے درمیان حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو حکم بنایا اور دونوں حضرت زید کے گھر گئے۔ جب دونوں ان کے پاس گئے تو حضرت عمر نے حضرت زید سے کہا ہم آپ کے پاس اس لیے آئے ہیں کہ آپ ہمارے درمیان ایک جھگڑے کا فیصلہ کر دیں، حضرت زید نے حضرت عمر سے کہا اے امیر المؤمنین! یہاں مسند مجلس میں تشریف رکھیے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت زید سے کہا (تم نے میری رعایت کر کے) ناانصافی سے کام لیا! میں اپنے فریق کے ساتھ بیٹھوں گا، پھر دونوں حضرت زید کے پاس بیٹھ گئے، حضرت ابی نے دعویٰ کیا اور حضرت عمر نے انکار کیا، (قاعدہ کے مطابق حضرت عمر پر قسم لازم آتی تھی کیونکہ اگر مدعی کے پاس گواہ نہ ہو تو منکر قسم کھاتا ہے لیکن) حضرت زید بن ثابت نے حضرت ابی سے کہا تم امیر المؤمنین کو قسم کھانے سے معاف رکھو! میں امیر المؤمنین کے علاوہ اور کسی شخص کے ساتھ رعایت نہیں کرتا، یہ دیکھ کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ بار قسم کھا کر یہ فرمایا: بخدا! اس وقت تک زید بن ثابت قضاء کے اہل نہیں ہوں گے۔ جب تک ان کے نزدیک عمر اور ایک عام مسلمان برابر نہ ہوں! [3]

امام بیہقی تمیم بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں کہ ابن ابی عصیفیر، قاضی شریک کے پاس گئے، انھوں نے ایک شخص کے خلاف مقدمہ کیا تھا، وہ جا کر قاضی شریک کے پاس مسند پر بیٹھ گئے، قاضی شریک نے کہا اٹھو اور جا کر اپنے فریق کے پاس بیٹھو۔ کیونکہ تمہارا یہاں بیٹھنا اس کو شک میں مبتلا کرے گا، ابن ابی عصیفیر ناراض ہو گئے لیکن قاضی شریک نے دوبارہ کہا جاؤ جا کر اپنے فریق کے ساتھ بیٹھو! [4]

امام بیہقی، شعبی سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بازار گئے۔ وہاں دیکھا کہ ایک نصرانی ایک زرہ فروخت کر رہا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس زرہ کو پہچان لیا اور فرمایا یہ تو میری زرہ ہے اور ہمارے اور تمہارے درمیان مسلمانوں کا قاضی فیصلہ کرے گا اور اس وقت شریح مسلمانوں کے قاضی تھے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے شریح کی عدالت میں اپنا مقدمہ پیش کیا، جب شریح

---

[1] امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۳۵، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[2] ” ” ” ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۳۶-۱۳۵ ”

[3] ” ” ” ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۳۶ ”

[4] ” ” ” ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۳۶ ”

نے امیر المومنین حضرت علی کو دیکھا تو اپنی مسند سے اٹھے اور حضرت علی کو اپنے پاس بٹھا لیا اور شریح اٹھ کر ان کے سامنے نصرانی کے برابر بیٹھ گئے۔ حضرت علی نے فرمایا: اے شریح! اگر میرا خصم (فریق مخالف) مسلمان ہوتا تو میں اس کے ساتھ فریق مخالف کی جگہ بیٹھتا لیکن بات یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث سنی ہے: ان غیر مسلموں سے مصافحہ نہ کرو، نہ ان سے سلام میں پہل کرو، نہ ان کے بیماروں کی عیادت کرو، نہ ان کی نماز جنازہ پڑھو، ان کو تنگ راستہ میں چلنے پر مجبور کرو اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے ان کی تحقیر کی ہے اس طرح ان کی تحقیر کرو، اب اے شریح میرے اور اس کے درمیان فیصلہ کرو۔ شریح نے کہا اے امیر المومنین آپ کا کیا دعویٰ ہے؟ حضرت علی نے فرمایا یہ میری زرہ ہے کافی دنوں سے یہ گم ہو چکی تھی، شریح نے کہا میرا خیال ہے کہ یہ زرہ اس کے قبضہ سے نہیں نکل سکتی، آپ کے پاس کوئی گواہ ہے؟ حضرت علی نے فرمایا اے شریح تم نے سچ فیصلہ کیا اور تب اس نصرانی نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ یہ انبیاء کے فیصلے ہیں، امیر المومنین قاضی کے پاس مقدمہ لے کر جاتے ہیں اور قاضی امیر المومنین کے خلاف فیصلہ کر دیتا ہے، حالانکہ بخدا اے امیر المومنین یہ آپ کی زرہ ہے، ——— یہ زرہ آپ کے چتکبرے اونٹ سے گر پڑی تھی تو میں نے اس کو اٹھا لیا پھر وہ نصرانی شریح کے غیر جانبدارانہ فیصلہ اور حضرت علی کے اپنے خلاف فیصلہ قبول کرنے سے اس قدر متاثر ہوا کہ کہنے لگا میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے اور اس کے سوا کوئی اور عبادت کا مستحق نہیں ہے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، حضرت علی نے فرمایا اب جبکہ تم مسلمان ہو چکے ہو تو میں یہ زرہ تم کو ہبہ کرتا ہوں پھر حضرت علی نے اس کو ایک عمدہ گھوڑے پر سوار کر دیا۔ شعبی کہتے ہیں پھر میں نے اس شخص کو مشرکین کے خلاف جہاد کرتے ہوئے دیکھا۔ [1]

قضاء کے احکام میں سے ایک حکم یہ بھی ہے کہ قاضی رشوت نہ لے اس لیے اب رشوت کا معنی اور اس کا حکم شرعی بیان کر رہے ہیں۔

رشوت کا معنی علامہ سید محمد مرتضیٰ زبیدی رشوت کا معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

الرشوۃ ھو ما یعطیہ الشخص الحاکم او غیرہ لیحکم لہ او یحملہ علی ما یرید۔ کوئی شخص حاکم یا کسی اور کو کچھ چیز دے تاکہ وہ اس کے حق میں فیصلہ کر دے یا حاکم کو اپنی منشاء پوری کرنے پر ابھارے۔

علامہ ابن اثیر لکھتے ہیں الرشوۃ الوصلۃ الی الحاجۃ بالمصانعۃ کچھ پیسے دے کر اپنی حاجت پوری کرانا یہ رشوت ہے۔ علامہ زبیدی لکھتے ہیں کہ رشوت اصل میں رشاء سے ماخوذ ہے اور رشاء اصل میں ڈول کی اس رسی کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ کنوئیں سے پانی نکالا جاتا ہے اور راشی وہ شخص ہے جو کسی باطل چیز کو حاصل کرنے کے لیے کسی کی مدد کرتا ہے اور مرتشی رشوت لینے والے کو کہتے ہیں اور رائش اس شخص کو کہتے ہیں جو راشی اور مرتشی کے درمیان رشوت کا معاملہ طے کراتا ہے، اور جو چیز حق کو حاصل کرنے کے لیے دی جائے یا ظلم کو دور کرنے کے لیے دی جائے وہ رشوت نہیں ہے اور ائمہ تابعین سے منقول ہے کہ اپنی جان اور مال کو ظلم سے بچانے کے لیے رشوت دینے میں کوئی حرج نہیں ہے [2]

---

[1] امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی متوفی ۴۵۸ ھ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۳۶، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[2] سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ ھ، تاج العروس ج ۱۰ ص ۱۵۰، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ ھ

قرآن مجید کی روشنی میں رشوت کا حکم

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ولا تاكلوا اموالكم بينكم بالباطل وتدلوا بها الى الحكام لتاكلوا فريقا من اموال الناس بالاثم وانتم تعلمون۔ (بقرہ ۱۸۸)

آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ، اور نہ (بطور رشوت) وہ مال حاکموں تک پہنچاؤ، تاکہ تم لوگوں کے مال کا کچھ حصہ گناہ کے ساتھ کھاؤ حالانکہ تم جانتے ہو (کہ یہ فعل ناجائز ہے)

اكلون للسحت۔ (مائدہ: ۴۲)

بہت حرام خور، (رشوت کھانے والے)

احادیث اور آثار کی روشنی میں رشوت کا حکم

امام بیہقی روایت کرتے ہیں:

عن عبد الله بن عمرو قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم الراشي والمرتشي [1]

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رشوت دینے والے اور رشوت لینے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

عن مسروق قال سئل عبد الله عن السحت فقال هي الرشا فقال في الحكم فقال عبد الله ذلك الكفر وتلا هذه الأية ومن لم يحكم بما انزل الله فاولئك هم الكافرون [2]

مسروق بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ سحت کا کیا معنی ہے؟ انھوں نے کہا رشوت، پھر سوال کیا کہ فیصلے پر رشوت لینے کا کیا حکم ہے؟ انھوں نے کہا یہ کفر ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جو لوگ اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ (احکام) کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے وہ کافر ہیں۔

ان احادیث میں فیصلہ کے لیے رشوت دینے اور باطل کام کرانے کے لیے رشوت دینے کو حرام قرار دیا ہے اللہ حسب ذیل احادیث اور آثار میں ظلم اور ضرر سے بچنے کے لیے کچھ دینے کو جائز قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ یہ رشوت نہیں ہے۔

علامہ ابو بکر جصاص بیان کرتے ہیں:

روى ان النبي صلى الله عليه وسلم لما قسم غنائم خيبر واعطى تلك العطايا الجزيلة اعطى العباس بن مرداس شيئا فسخطه فقال شعرا فقال النبي صلى الله عليه وسلم اقطعوا عنا لسانه فزادوه

روایت ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کا مال غنیمت تقسیم کیا اور بڑے بڑے عطایا دیے۔ اور عباس بن مرداس کو بھی کچھ مال دیا تو وہ اس پر ناراض ہو گیا اور شعر پڑھنے لگا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (کچھ اور مال دے کر) ہمارے متعلق اس کی زبان بند کر دو۔ پھر اس کو کچھ اور مال دیا حتیٰ کہ وہ راضی

---

[1] امام ابو بکر احمد بن حسین بن علی بیہقی متوفی ۴۵۸ ھ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۳۹، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[2] " " " ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۳۹، " "

حتی رضی۔[1]

ہو گیا۔

امام بیہقی روایت کرتے ہیں:

عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ لما اتی ارض الحبشۃ اخذ بشیٔ فتعلق بہ فاعطی دینارین حتی خلی سبیلہ۔[2]

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب وہ حبشہ کی سرزمین پر پہنچے تو ان سے کچھ سامان چھینا گیا۔ انھوں نے اس سامان کو اپنے پاس رکھا اور دو دینار دے دیے پھر ان کو چھوڑ دیا گیا۔

عن وھب بن منبہ قال لیست الرشوۃ التی یاثم فیھا صاحبھا بان یرشو فیدفع عن مالہ ودمہ انما الرشوۃ التی تاثم فیھا ان ترشو لتعطی ما لیس لک۔[3]

وہب بن منبہ بیان کرتے ہیں کہ جس کام میں رشوت دینے والا گنہگار ہوتا ہے یہ وہ نہیں ہے جو اپنی جان اور مال سے ظلم اور ضرر کو دُور کرنے کے لیے دی جائے۔ رشوت وہ چیز ہے جس میں دینے والا گنہگار ہوتا ہے بایں طور کہ تم اس چیز کے لیے رشوت دو جس پر تمہارا حق نہیں ہے۔

رشوت کی اقسام

علامہ قاضی خاں اوزجندی لکھتے ہیں: جب قاضی رشوت دے کر منصب قضاء کو حاصل کرے تو وہ قاضی نہیں ہوگا اور قاضی اور رشوت لینے والے دونوں پر رشوت حرام ہوگی، رشوت کی چار قسمیں ہیں۔:

۱۔ پہلی قسم یہی ہے یعنی منصب قضاء کو حاصل کرنے کے لیے رشوت دینا، اس رشوت کا لینا اور دینا دونوں حرام ہیں۔

۲۔ کوئی شخص اپنے حق میں فیصلہ کرانے کے لیے قاضی کو رشوت دے، یہ رشوت جانبین سے حرام ہے، خواہ وہ فیصلہ حق اور انصاف پر مبنی ہو یا نہ ہو، کیونکہ فیصلہ کرنا قاضی کی ذمہ داری اور فرض ہے، (اسی طرح کسی افسر کو اپنا کام کرانے کے لیے رشوت دینا یہ بھی جانبین سے حرام ہے کیونکہ وہ کام کرنا اس افسر کی ڈیوٹی ہے۔ سعیدی غفرلہٗ)

۳۔ اپنی جان اور مال کو ظلم اور ضرر سے بچانے کے لیے رشوت دینا یہ لینے والے پر حرام ہے دینے والے پر حرام نہیں ہے اسی طرح اپنے مال کو حاصل کرنے کے لیے بھی رشوت دینا جائز ہے اور لینا حرام ہے۔

۴۔ کسی شخص کو اس لیے رشوت دی کہ وہ اس کو بادشاہ یا حاکم تک پہنچا دے تو اس رشوت کا دینا جائز ہے اور لینا حرام ہے۔[4]

رشوت کی یہ چار اقسام قاضی خاں کے حوالے سے علامہ ابن ہمام،[5] علامہ بدر الدین عینی،[6] علامہ زین الدین ابن نجیم[7] اور علامہ ابن عابدین شامی

---

[1] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص متوفی ۳۷۰ھ، احکام القرآن ج ۲ ص ۴۳۳، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

[2] امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۳۹، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان۔

[3] ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۳۹،

[4] علامہ حسن بن منصور اوزجندی (قاضی خان) متوفی ۲۹۵ھ، فتاوی قاضی خاں علی ہامش الہندیہ ج ۲ ص ۳۶۳-۳۶۲، مطبوعہ مطبع امیریہ بولاق مصر، ۱۳۱۰ھ

[5] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۶ ص ۳۸۵، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[6] علامہ محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، بنایہ شرح ہدایہ مجلد ثالث ص ۲۶۹، مطبوعہ ملک سنز فیصل آباد

[7] علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ، البحر الرائق ج ۶ ص ۲۶۲-۲۶۱، مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ

نے بھی بیان کی ہیں۔[1] علامہ ابوبکر جصاص نے بھی رشوت کی یہ چار قسمیں بیان کی ہیں۔[2]

قاضی اور دیگر سرکاری افسروں کے ہدیہ قبول کرنے کی تحقیق

شمس الائمہ سرخسی لکھتے ہیں کہ قاضی ہدیہ اور تحفہ کو قبول نہ کرے، ہر چند کہ شریعت میں ہدیہ قبول کرنا مستحب ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ایک دوسرے کو ہدیہ دو اور ایک دوسرے سے محبت کرو" لیکن ہدیہ لینے کا یہ جواز اس شخص کے لیے ہے جو مسلمانوں کے اعمال میں سے کسی عمل کے لیے متعین نہ ہو اور جو شخص کسی عمل کے لیے متعین ہو گیا جیسے قاضی اور حاکم وغیرہ ان پر لازم ہے کہ وہ کسی سے ہدیہ قبول نہ کریں خصوصاً اس شخص سے جو اس منصب پر مقرر ہونے سے پہلے انہیں ہدیہ نہ دیتا ہو، کیونکہ ہدیہ دینے والا کسی کام یا تقاضا کو اپنے حق میں کرنے کے لیے ہدیہ دیتا ہے اور یہ بھی رشوت اور سحت کی ایک قسم ہے اور اس کی اصل یہ حدیث ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن اللتبیہ کو مسلمانوں سے صدقات وصول کرنے کے لیے مقرر فرمایا جب وہ صدقات لے کر آیا تو کہنے لگا کہ یہ تمہارا مال ہے اور یہ مجھے لوگوں نے ہدیہ دیا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور فرمایا: ان لوگوں کا کیا حال ہے جن کو ہم کسی جگہ کا عامل بنا کر بھیجتے ہیں اور وہ واپس آ کر یہ کہتے ہیں کہ یہ تمہارا مال ہے اور یہ ہمیں ہدیہ ملا ہے، یہ لوگ اپنی ماں کے گھر میں کیوں نہ بیٹھ گئے پھر یہ دیکھا جاتا کہ ان کو کوئی ہدیہ دیتا ہے یا نہیں؟ اسی طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو کسی جگہ کا عامل بنایا۔ ان کے پاس کافی مال جمع ہو گیا۔ حضرت عمر نے ان سے پوچھا تمہارے پاس یہ مال کہاں سے آیا؟ انہوں نے کہا گھوڑوں کی نسل بڑھی اور لوگوں نے تحفے دیے۔ حضرت عمر نے فرمایا: اے اللہ کے دشمن! تم اپنے گھر میں کیوں نہ بیٹھ گئے پھر ہم دیکھتے کہ تم کو کوئی ہدیہ دیتا ہے یا نہیں؟ اور وہ مال بیت المال میں داخل کر لیا، اس حدیث اور اثر سے یہ معلوم ہوا کہ جب کسی شخص کو کسی منصب کی جہت سے کوئی ہدیہ ملے تو وہ رشوت ہے۔ لہٰذا جو لوگ قاضی کو منصب قضاء پر فائز ہونے سے پہلے تحفے دیتے تھے ان کے سوا کسی اور شخص سے قاضی کو ہدیہ اور تحفہ قبول کرنا جائز نہیں ہے۔[3]

بَابُ[562] الْيَمِيْنِ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ

مدعیٰ علیہ پر قسم کا وجوب

۴۳۵۶ - حَدَّثَنِيْ اَبُو الطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَادَّعٰى نَاسٌ دِمَاءَ رِجَالٍ وَّاَمْوَالَهُمْ وَلٰكِنَّ الْيَمِيْنَ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر لوگوں کے دعووں کے مطابق ان کا فیصلہ کر دیا جائے تو لوگ دوسرے لوگوں کی جانوں اور اموال پر دعوی کر بیٹھیں گے لیکن مدعیٰ علیہ پر یمین (قسم) لازم ہے۔

---

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۴ ص ۳۲۲-۳۲۱، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ

[2] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی متوفی ۳۷۰ھ، احکام القرآن ج ۲ ص ۴۳۲، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

[3] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی متوفی [illegible] بیروت، الطبعۃ الثالثۃ، ۱۳۹۸ھ

۴۲۵۷ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِيْنِ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ -

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدعیٰ علیہ پر قسم کا فیصلہ کیا ہے۔

مدعیٰ علیہ پر قسم کے لزوم میں مدعی اور مدعیٰ علیہ کے درمیان اختلاط ضروری ہے یا نہیں؟

اس حدیث میں احکام شریعت کے قواعد میں سے ایک اہم قاعدہ بیان کیا گیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ کسی انسان کا قول صرف اس کے دعویٰ کی وجہ سے قبول نہیں کیا جاتا بلکہ اس کے قبول ہونے کے لیے یہ ضروری ہے کہ یا تو وہ اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کرے یا مدعیٰ علیہ اس کے دعویٰ کی تصدیق کر دے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بیان فرما دیا ہے کہ محض کسی شخص کے دعویٰ کی وجہ سے اس کو اس کا حق نہیں دیا جائے گا کیونکہ اگر ایسا ہو تو ہر قوم دوسری قوموں کی جانوں اور اموال پر اپنے حق کا دعویٰ کرے گی، اور مدعیٰ علیہ کی جان اور مال کی حفاظت ممکن نہیں رہے گی، اور مدعی کی حفاظت گواہوں کے ذریعہ ممکن ہے، نیز اس حدیث میں امام شافعی اور جمہور فقہاء اسلام کے اس موقف پر دلیل ہے کہ ہر وہ شخص جس کے خلاف دعویٰ کیا جائے اس پر قسم کھانا لازم ہے عام ازیں کہ اس کے اور مدعی کے مابین کوئی اختلاط اور میل ملاپ ہو یا نہ ہو، اس کے برخلاف امام مالک، جمہور فقہاء مالکیہ اور فقہاء مدینہ کی یہ رائے ہے کہ ہر مدعیٰ علیہ پر قسم کھانا لازم نہیں ہے ورنہ اہل غرض اور جہلا شرفاء پر جھوٹے دعوے کر کے ایک دن میں ان پر کئی کئی قسمیں لازم کر دیں گے۔ اس لیے مدعیٰ علیہ پر قسم کے لزوم کے لیے یہ شرط لگائی گئی ہے کہ مدعی اور مدعیٰ علیہ میں کسی قسم کا کوئی ربط اور اختلاط ہو جس کی وجہ سے دعویٰ کی صحت کا گمان ہو سکے (ورنہ اوباش لوگ بلاوجہ کسی شریف آدمی پر دعویٰ کریں گے کہ اس نے ہماری فلاں چیز دینی ہے ورنہ یہ قسم کھائے۔ سعیدی غفرلہٗ) اختلاط کی تفسیر میں، فقہاء مالکیہ کا اختلاف ہے ایک قول یہ ہے کہ ایک یا دو آدمیوں کی شہادت سے یہ ثابت ہو کہ ان کے درمیان کوئی معاملہ یا قرض کا لین دین ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ معاملہ کا صرف شبہ ہی کافی ہے اور جمہور فقہاء اسلام کی دلیل اس باب کی حدیث ہے جس کی رُو سے مطلقاً ہر مدعیٰ علیہ پر قسم لازم ہے خواہ ان کے درمیان کسی قسم کا اختلاط اور ربط ہو یا نہ ہو اور کتاب، سنت اور اجماع میں اختلاط کی اصل پر کوئی دلیل نہیں ہے۔[۱]

مدعی پر گواہ اور مدعیٰ علیہ پر قسم کے لزوم کی حکمت

مدعی پر گواہ لازم کرنے کی ایک حکمت تو وہ ہے جس کا خود اس حدیث میں بیان ہے کہ اگر صرف مدعی کے دعویٰ کی بنا پر اس کی تصدیق کر دی جائے تو ہر شخص دوسرے شخص کی جان اور مال پر دعویٰ کرے گا اس لیے ضروری ہے کہ مدعی اپنے دعویٰ کے صدق پر گواہ پیش کرے، اور مدعیٰ علیہ چونکہ اس دعویٰ کا منکر ہوتا ہے اس لیے اس پر لازم ہے کہ وہ قسم کھا کر اپنی برأت کو ثابت کرے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ مدعی کی جانب ضعیف ہوتی ہے کیونکہ وہ اس چیز کا دعویٰ کر رہا ہے جو دوسرے شخص کے قبضہ میں ہے اور ظاہر حال کا تقاضا یہ ہے کہ چیز اسی کی ہے جس کے قبضہ میں ہے اس لیے مدعی کی جانب ظاہر حال کے خلاف ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے اس وجہ سے اس پر گواہ پیش کرنا لازم ہے اور مدعیٰ علیہ کی جانب قوی ہوتی ہے، کیونکہ ظاہر حال اس کا مؤید ہے اس وجہ سے

---

[۱] - علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۷۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولیٰ ۱۳۷۵ھ

اس کے لیے قسم کھانا کافی ہے۔

مدعی اور مدعیٰ علیہ کی تعریفات

علامہ بدر الدین عینی لکھتے ہیں کہ مدعی اور مدعیٰ علیہ کی تعریفات میں اختلاف ہے ایک قول یہ ہے کہ مدعی وہ شخص ہے جو بغیر حجت اور دلیل کے اپنے دعوی کا مستحق نہ ہو سکے' دوسرا قول یہ ہے کہ مدعی وہ ہے جو ظاہر حال کے خلاف دعوی کرے، تیسرا قول یہ ہے کہ مدعی ایک ایسی پوشیدہ چیز کا ذکر کرے جو ظاہر کے خلاف ہو چوتھا قول یہ ہے کہ مدعی وہ شخص ہے جو اگر اپنے دعوی کو چھوڑ دے تو اس کو چھوڑ دیا جائے اور یہ تعریف احسن ہے کیونکہ یہ جامع اور مانع تعریف ہے، اور مدعیٰ علیہ وہ شخص ہے جو بغیر حجت کے اپنی چیز کا مستحق ہوتا ہے دوسرا قول یہ ہے کہ مدعیٰ علیہ وہ ہے جو ظاہر کے ساتھ متعلق ہو اور تیسرا قول یہ ہے کہ مدعیٰ علیہ وہ شخص ہے کہ اگر وہ مقدمہ کو چھوڑنا چاہے تو اس کو نہ چھوڑا جائے بلکہ مقدمہ پر مجبور کیا جائے۔ [1]

علامہ ابو عبداللہ وشتانی مالکی لکھتے ہیں: مدعیٰ علیہ وہ شخص ہے جس کا دعوی اصل کے مطابق ہو اور اصل یہ ہے کہ اس کے خلاف کوئی مقدمہ اور معاملہ نہ ہو، اور مدّعی وہ شخص ہے جو اس اصل کو اپنی طرف منتقل کرنے کی سعی کرے، یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی بچہ یا بڑا شخص حریت الاصل (اصل میں آزاد) ہونے کا دعوی کرے اور دوسرا شخص یہ دعوی کرے کہ وہ اس کا مملوک ہے تو اس شخص کے قول کا اعتبار کیا جائے گا جو حریت الاصل ہونے کا دعوی کرتا ہے کیونکہ اصل میں تمام انسان آزاد ہیں اور جو شخص یہ کہتا ہے کہ وہ شخص اس کا مملوک اور غلام ہے اس سے کہا جائے گا کہ تم گواہ پیش کرو۔ علامہ ابن حاجب نے یہ ذکر کیا ہے کہ مدعی وہ شخص ہے جس کا دعوی کسی مصدق سے خالی ہو اور مدعیٰ علیہ وہ شخص ہے جس کا قول عرف اور اصل سے مؤید ہو، الغرض یہ تمام تعریفات اس تعریف کی طرف رجوع کرتی ہیں کہ مدعیٰ علیہ وہ شخص ہے جو اصل کا دعوی کرے اور مدّعی وہ شخص ہے جو اس اصل کو اپنی طرف منتقل کرنے کا دعوی کرے۔ [2]

جائز اور حق بات پر قسم کھانے کے استحسان پر دلائل

جو شخص اپنے دعوی میں سچا ہو اور اس کے پاس گواہ نہ ہوں تو اس کے لیے قسم کھانا مباح ہے اور اس قسم کھانے سے اس پر کوئی گناہ ہوگا نہ کوئی وبال ہوگا، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قسم کھانے کو مشروع کیا ہے اور اللہ تعالیٰ کسی حرام چیز کو مشروع نہیں فرماتا، قرآن مجید میں تین مقامات پر اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حق بات پر قسم کھانے کا حکم دیا ہے۔

حضرت عمر نے حضرت ابی کے سامنے ایک کھجور کے درخت پر قسم کھائی پھر وہ ان کو ہبہ کر دیا، اور یہ فرمایا اگر میں نے قسم نہ کھائی تو مجھے یہ خوف ہے کہ لوگ اپنے حقوق پر قسم کھانا چھوڑ دیں گے اور قسم نہ کھانا سنت ہو جائے گا۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: قسم کھانے میں دو فائدے ہیں ایک تو مال ضائع ہونے سے محفوظ رہتا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مال ضائع کرنے سے منع فرمایا ہے دوسرا فائدہ یہ ہے کہ تمہارا مسلمان بھائی جو ظلم کر کے تمہارا حق مارنا چاہتا ہے تم قسم کھا کر اس کو اس ظلم سے باز رکھتے ہو اور اس کو ناحق مال نہ کھانے سے بچاتے ہو۔ یہ ظالم کی خیرخواہی ہے اور اس کو ظلم سے روکنا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ انسان قسم کھا کر اپنا حق لے لے۔

---

[1] علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۳ ص ۸۵-۸۴، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ

[2] علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی [illegible] مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

اگر کوئی شخص قسم کھانے سے بچے اور اپنا جائز حق جھوٹے مدعی علیہ پر چھوڑ دے تو اس میں ظالموں اور خائنوں کی حوصلہ افزائی ہو گی بلکہ ایک طرح ظلم پر مدد اور معاونت ہوگی اور یہ جائز نہیں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: لاتعاونوا علی الاثم والعدوان۔ (مائدہ: ۲) "گناہ اور سرکشی پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔" [1]

مذاہب ائمہ کی روشنی میں وہ مقدمات جن میں منکر سے قسم لینا جائز نہیں ہے

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں کہ حقوق کی دو قسمیں ہیں ایک اللہ کا حق ہے اور دوسرا بندے کا حق ہے اور دونوں حقوق کی دو دو قسمیں ہیں:

بندے کے حق کی پہلی قسم جو چیز مال ہو یا اس چیز سے مال مقصود ہو، اہل علم کے نزدیک اس میں قسم کھانا مشروع ہے اور اس میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے، اگر مدعی نے اس حق پر دو گواہ پیش کر دیے تو اس کا دعویٰ ثابت ہو جائے گا ورنہ مدعی علیہ قسم کھا کر بری ہو جائے گا۔

بندے کے حق کی دوسری قسم جس چیز کا مقدمہ ہے وہ نہ تو مال ہو اور نہ اس سے مال مقصود ہو جیسے حد قذف، نکاح، طلاق، رجعت، عتق، نسب، استیلاد، ولاء وغیرہ امام احمد کے اس میں دو قول ہیں، ایک قول یہ ہے کہ اس میں مدعی علیہ سے قسم لی جائے گی نہ اس پر قسم پیش کی جائے گی، امام احمد کہتے ہیں کہ میں نے متقدمین میں سے کسی سے یہ نہیں سنا جو اموال اور سازو سامان کے سوا کسی چیز میں قسم لینے کو جائز قرار دیتا ہو امام مالک اور امام ابو حنیفہ کا بھی یہی قول ہے امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ نکاح اور جو چیزیں نکاح سے متعلق ہیں مثلاً رجعت، ایلاء میں رجوع، ولاء اور نسب وغیرہ ان میں قسم طلب نہیں کی جائے گی، کیونکہ ان چیزوں کا بدل نہیں ہے اور قسم اس چیز میں طلب کی جاتی ہے جس کا بدل ہو اور اس میں مدعی علیہ کو اس بات کا اختیار رہتا ہے کہ وہ قسم کھائے یا مدعی کے دعویٰ کو تسلیم کرے۔ اور چونکہ یہ امور دو گواہوں کے بغیر ثابت نہیں ہوتے اس لیے ان میں مدعی علیہ پر قسم نہیں پیش کی جاتی۔ امام احمد کا دوسرا قول یہ ہے کہ طلاق، قصاص، اور قذف میں قسم طلب کی جائے گی، خرقی نے کہا ہے کہ جب کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا میں نے تجھ سے رجوع کر لیا تھا اور عورت یہ کہے کہ تیرے رجوع سے پہلے میری عدت پوری ہو چکی تھی تو عورت سے قسم لے کر اس کے قول کا اعتبار کیا جائے گا اور جب چار ماہ کی مدت میں مرد اور عورت کا اختلاف ہو تو قسم کے ساتھ مرد کے قول کا اعتبار کیا جائے گا (یہ صورت ایلاء سے متعلق ہے۔ سعیدی غفرلہ) اور اس قول کے تقاضے سے بندے کے ہر حق پر قسم طلب کی جائے گی، امام شافعی، امام محمد اور امام ابو یوسف کا یہی قول ہے، کیونکہ امام مسلم نے یہ حدیث روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اگر لوگوں (کے حقوق) ان کے دعووں کے مطابق دے دیے جائیں تو ہر قوم دوسری قوم کی جانوں اور اموال پر دعویٰ کرے گی لیکن مدعی علیہ سے قسم لی جاتی ہے گی۔" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہر قسم کے دعویٰ کو شامل ہے اور یہ فرمان قصاص کے دعویٰ کو بھی شامل ہے کیونکہ آدمی کے حق میں قصاص کا دعویٰ صحیح ہے لہٰذا مال کی طرح مدعی علیہ سے جان پر قسم لینا بھی جائز ہے۔

اللہ کے حق کی پہلی قسم یہ اللہ تعالیٰ کی حدود ہیں ان میں قسم مشروع نہیں ہے اور ہمارے علم کے مطابق اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے، لہٰذا اگر کسی شخص نے کسی جرم (مثلاً زنا) کا اقرار کیا اور پھر اس اقرار سے رجوع کر لیا تو اس کے رجوع کو قبول کر لیا جائے گا اور اس سے قسم نہیں لی جائے گی اور اس کو چھوڑ دیا جائے گا، کیونکہ اس کا پردہ رکھنا مستحب ہے اس لیے

---

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۱۰ ص ۲۱۵-۲۱۴ مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

اس کو رجوع کی تلقین کی جاتی ہے اور گواہوں کے لیے بھی یہ مستحب ہے کہ وہ ستر کریں جیسا کہ حضرت ماعز کے قصہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ہزال سے فرمایا تھا اگر تم اس کا پردہ رکھتے تو بہتر تھا۔

اللہ کے حق کی دوسری قسم

یہ حقوق مالیہ ہیں مثلاً عامل زکوٰۃ کسی شخص پر یہ دعویٰ کرے کہ اس کا نصاب زکوٰۃ مکمل ہو گیا ہے، امام احمد کہتے ہیں کہ اس معاملہ میں مالک نصاب کا قول بغیر قسم کے معتبر ہے اور لوگوں سے ان کے صدقات پر حلف نہیں لیا جائے گا، امام شافعی، امام ابو یوسف اور امام محمد یہ کہتے ہیں کہ لوگوں سے ان کے صدقات کے متعلق حلف لیا جائے گا کیونکہ اس دعویٰ کی سماعت کی جاتی ہے اور یہ آدمی کے حق کے مشابہ ہے۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: ہماری دلیل یہ ہے کہ یہ حقوق اللہ ہیں اور حد کے مشابہ ہیں نیز صدقات کا ادا کرنا عبادت ہے اس لیے اس پر قسم نہیں لی جائے گی جیسا کہ نماز پر قسم نہیں لی جاتی اور اگر کسی شخص پر یہ دعویٰ کیا جائے کہ اس پر قسم کا یا ظہار کا کفارہ ہے یا اس پر کسی صدقہ کی نذر ہے تو اس میں بغیر قسم لیے اس شخص کے قول کا اعتبار کیا جائے گا اور اس معاملہ میں دعویٰ کی سماعت نہیں کی جائے گی اور نہ کسی اور حد میں دعویٰ کی سماعت کی جائے گی کیونکہ اس معاملہ میں کسی مدعی کا حق نہیں ہے اور نہ کسی شخص کی اس پر ولایت ہے اس لیے اس دعویٰ کی سماعت نہیں ہوگی، ہاں اگر کسی معاملہ میں اللہ کے حق کے ساتھ بندے کا حق بھی متضمن ہو جائے تو پھر اس دعویٰ کی سماعت ہوگی مثلاً کسی شخص پر یہ دعویٰ کیا جائے کہ اس نے اس کا مال چرایا ہے تاکہ اس سے وہ اپنا مال برآمد کرے یا اس کو اس مال کا ضامن کرے یا کسی شخص پر یہ دعویٰ کرے کہ اس نے اس کی باندی سے زنا کیا ہے تاکہ اس شخص سے باندی کا مہر وصول کیا جا سکے تو اس دعویٰ کی سماعت کی جائے گی[1]

وہ مقدمات جن میں فقہاء احناف کے نزدیک منکر سے قسم لینا جائز نہیں ہے

علامہ ابو الحسن مرغینانی لکھتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک حسب ذیل صورتوں میں منکر سے قسم نہیں لی جائے گی:

(۱)۔ نکاح: مثلاً ایک شخص یہ دعویٰ کرے کہ اس کا اس عورت سے نکاح ہے اور عورت انکار کرے یا اس کے برعکس ہو۔

(۲)۔ رجعت: مثلاً طلاق کی عدت گذرنے کے بعد مرد یہ دعویٰ کرتا ہے کہ اس نے عدت گذرنے سے پہلے رجوع کر لیا تھا اور عورت منکر ہے یا اس کے برعکس ہو۔

(۳)۔ ایلاء: (یعنی چار ماہ تک عورت سے عمل ازدواج نہ کرنے کی قسم کھانا، اگر یہ مرد قسم پوری کرے تو چار ماہ بعد عورت بائنہ ہو جائے گی) میں رجوع کا دعویٰ کرنا۔ مثلاً چار ماہ کی مدت گذرنے کے بعد مرد یہ دعویٰ کرے کہ اس نے مدت کے اندر عمل ازدواج کر لیا تھا اور عورت منکر ہو یا اس کے برعکس ہو۔

(۴)۔ غلام ہونے کا دعویٰ: مثلاً کسی مجہول النسب شخص کے بارے میں کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ یہ میرا غلام ہے اور وہ شخص منکر ہو یا اس کے برعکس ہو۔

(۵)۔ ام ولد ہونے کا دعویٰ: مثلاً کوئی عورت اپنے مولیٰ پر دعویٰ کرے کہ وہ اس کی ام ولد ہے، اس کا عکس متصور نہیں ہے۔

(۶)۔ ولاء: مثلاً کسی مجہول النسب شخص کے بارے میں کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ وہ اس کا مولیٰ ہے اور اس نے اس کو آزاد کیا تھا اور وہ شخص منکر ہو یا اس کے برعکس ہو۔ یا یہ صورت ولاء موالات میں ہو۔

---

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ ... مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

(۷)۔ **نسب:** مثلاً کسی مجہول النسب کے بارے میں کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ یہ اس کا بیٹا ہے یا اس کا والد ہے اور وہ شخص منکر ہو یا اس کے برعکس ہو۔

(۸)۔ **حدود:** مثلاً کوئی شخص دوسرے شخص پر ایسے جرم کا دعویٰ کرے جس پر حدود میں سے کوئی حد لازم آتی ہو اور وہ شخص منکر ہو۔

(۹)۔ **لعان:** مثلاً عورت اپنے شوہر پر یہ دعویٰ کرے کہ اس کے شوہر نے اس کو ایسی تہمت لگائی ہے جس سے لعان واجب ہوتا ہے (یعنی زنا کی تہمت لگائی ہے۔) اور شوہر اس کا منکر ہو۔

امام ابو یوسف اور امام محمد یہ کہتے ہیں کہ حدود اور لعان کے سوا ان تمام صورتوں میں منکر سے قسم لی جائے گی، صاحبین کی دلیل یہ ہے کہ مدعیٰ علیہ کا قسم کھانے سے انکار کرنا دعویٰ کا اقرار کرنا ہے، اور یہ انکار اس پر دلالت کرتا ہے کہ وہ دعویٰ کا انکار کرنے میں جھوٹا ہے کیونکہ اگر وہ جھوٹا نہ ہوتا تو سچ اور حق پر قسم کھا لیتا اور جو چیز واجب ہے اس کو ثابت کرتا، لہٰذا اس کا قسم کھانے سے انکار کرنا دعویٰ کا اقرار یا اس کا بدل ہے، لیکن یہ ایسا اقرار ہے جس میں شبہ ہے اور حدود شبہات سے ساقط ہو جاتی ہیں اور لعان بھی حکماً حد ہے اس لیے حدود اور لعان میں تو منکر سے قسم نہیں لی جاتے گی اور باقی صورتوں میں منکر سے قسم لی جائے گی۔

امام ابو حنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ منکر کا قسم سے انکار کرنا "بذل" ہے یعنی وہ منازعت اور جھگڑے کو ترک کر رہا ہے اور اس سے اعراض کر رہا ہے نہ یہ کہ مدعی کے دعویٰ کو تسلیم کر رہا ہے اور "بذل" کے ساتھ قسم کا انکار دعویٰ کے ثبوت کے لیے موجب نہیں رہتا اور منکر کے انکار کو "بذل" پر محمول کرنا زیادہ بہتر ہے تاکہ یہ الزام نہ آئے کہ وہ دعویٰ کے انکار میں کاذب تھا جبھی تو قسم کھانے سے انکار کر رہا ہے (کیونکہ جہاں تک ممکن ہو مسلمان کو کذب سے بچانا چاہیے) اور ان امور میں "بذل" جاری نہیں ہوتا (مثلاً ایک مرد ایک عورت پر نکاح کا دعویٰ کرے عورت اس نکاح کی منکر ہو لیکن وہ قسم نہ کھائے اور کہے کہ میرا تمہارے ساتھ نکاح نہیں ہوا لیکن میں قسم کھانے کی بجائے اپنے آپ کو تمہارے حوالے کر دیتی ہوں تو عورت کا یہ بذل صحیح نہیں ہے، اسی طرح جس شخص پر کسی نے اپنے غلام ہونے کا دعویٰ کیا ہے وہ کہے میں اصل میں آزاد ہوں لیکن میں قسم کھانے کے بجائے اپنے آپ کی تمہاری غلامی میں دیتا ہوں تو اس کا یہ بذل صحیح نہیں ہے، اس طرح جس شخص پر کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ یہ اس کا بیٹا ہے وہ کہے میں دراصل فلاں شخص کا بیٹا ہوں لیکن یہ دعویٰ مجھے مضر ہے اس لیے میں اپنا نسب اس کے لیے مباح کرتا ہوں تو یہ بذل صحیح نہیں ہے) اور منکر سے قسم لینے کا فائدہ یہ ہے کہ قسم سے انکار کی بناء پر مدعی کے حق میں فیصلہ کر دیا جائے اور جب یہاں مدعی کے حق میں فیصلہ نہیں ہو سکتا تو منکر سے قسم بھی نہیں لی جائے گی۔ البتہ قسم سے انکار کرنا منازعت اور خصومت کو دفع کرنے کے لیے بذل کرنا ہے اس وجہ سے اگر کوئی شخص مکاتب یا عبد ماذون ہونے کا دعویٰ کرے اور مالک منکر ہو اور بذل کرتے ہوئے قسم نہ کھائے تو وہ شخص مکاتب یا عبد ماذون قرار دیا جائے گا، کیونکہ اس میں ان کی معمولی رعایت ہے اور اگر کوئی شخص کسی پر قرض کا دعویٰ کرے اور مدعیٰ علیہ بذل کرتے ہوئے قسم نہ کھائے تو اس پر قرض ادا کرنا لازم ہوگا، کیونکہ یہ مال کا معاملہ ہے، ایک شخص اپنا مال دوسرے پر مباح کر سکتا ہے لیکن کسی شخص کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنا نفس دوسرے پر مباح کر دے۔ اس لیے کوئی عورت قطع منازعت کی خاطر بذل کرتے ہوئے کسی غیر شخص پر اپنا نفس مباح نہیں کر سکتی اس وجہ سے امام ابو حنیفہ نے ان تمام صورتوں میں بذل کا اعتبار نہیں کیا لہٰذا ان کے نزدیک ان تمام صورتوں میں منکر سے قسم نہیں لی جائے گی۔ [۱]

---

[۱]۔ علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اخیرین ص ۲۰۵ - ۲۰۴ ملخصاً، مطبوعہ مکتبہ شرکتہ علمیہ ملتان

مدعیٰ علیہ کے انکار کے بعد مدعی پر قسم لوٹانے میں مذاہب فقہاء

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: اگر مدعیٰ علیہ یہ کہے کہ میں قسم نہیں کھاتا یا خاموش رہے اور کسی بات کا ذکر نہ کرے تو پھر یہ دیکھا جائے گا کہ آیا دعویٰ مال کا ہے یا اس دعویٰ سے مال مقصود ہے یا نہیں؟ اگر مال کا دعویٰ ہو یا اس سے مال مقصود ہو تو قسم سے انکار کی بناء پر مدعیٰ علیہ کے خلاف فیصلہ کر دیا جائے گا اور مدعی پر قسم نہیں لوٹائی جائے گی۔ امام احمد بن حنبل نے اس کی تصریح کی ہے انھوں نے کہا ہے کہ میں مدعی پر قسم لوٹانے کو جائز نہیں کہتا اگر مدعیٰ علیہ نے حلف اٹھا لیا تو فبہا ورنہ مدعی کو اس کا حق دے دیا جائے گا، امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔ ابوالخطاب کا مختار یہ ہے کہ اگر مدعیٰ علیہ قسم نہ کھائے تو قاضی مدعی پر قسم لوٹا سکتا ہے اور مدعی کے حلف کے بعد اس کے دعویٰ کے مطابق فیصلہ کر دے۔ ابوالخطاب نے کہا ہے کہ امام احمد نے اس قول کو بھی صحیح کہا ہے، اور کہا ہے کہ یہ بعید از حق نہیں ہے، یہی اہل مدینہ کا قول ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی اس کی روایت ہے اور شریح، شعبی، نخعی، ابن سیرین اور امام مالک کا بھی خصوصاً اموال میں یہی قول ہے۔ امام شافعی کا تمام قسم کے دعاوی میں یہی قول ہے کیونکہ نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طالب حق پر قسم لوٹا دی تھی (سنن دار قطنی) نیز اس لیے کہ جب مدعیٰ علیہ نے قسم کھانے سے انکار کر دیا تو مدعی کا صدق ظاہر ہو گیا اور اس کی جانب قوی ہو گئی۔ پس اس کے حق میں بھی مدعیٰ علیہ کی طرح قسم مشروع ہو جائے گی۔ نیز اس لیے کہ کبھی مدعیٰ علیہ اس لیے قسم نہیں کھاتا کہ وہ صورت حال سے ناواقف ہوتا ہے اور جس کی اس کو پوری تحقیق نہیں ہے اس پر قسم کھانے سے بچتا ہے یا قسم کے اخروی انجام کے خوف سے قسم نہیں کھاتا یا دعویٰ کے انکار میں اپنے صادق ہونے کے یقین کے باوجود تہمت سے بچنے کے لیے قسم نہیں کھاتا تاکہ کوئی یہ نہ کہے کہ اس نے جھوٹی قسم کھائی ہے اس لیے مدعیٰ علیہ کے محض قسم نہ کھانے سے مدعی کا صدق ظاہر نہیں ہوتا اس لیے بغیر دلیل کے مدعی کے حق میں فیصلہ کرنا صحیح نہیں ہے اور جب مدعی نے اپنے دعویٰ پر قسم کھالی تو مدعی کے صدق پر دلیل قائم ہو گئی اور اب اس کے حق میں فیصلہ کرنا صحیح ہے۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی کہتے ہیں کہ امام احمد کے قول پر ہماری دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "لیکن مدعیٰ علیہ پر قسم ہے" اس حدیث میں آپ نے قسم کا مدعیٰ علیہ میں حصر کر دیا ہے، نیز آپ نے فرمایا "مدعی پر گواہ پیش کرنا لازم ہیں اور مدعیٰ علیہ پر قسم لازم ہے!" اس حدیث میں آپ نے جنس گواہ کا مدعی میں حصر کر دیا اور جنس قسم کا مدعیٰ علیہ میں حصر کر دیا نیز حضرت ابن عمر پر دعویٰ کیا گیا کہ انھوں نے ایک غلام میں عیب معلوم ہونے کے باوجود اس کو فروخت کر دیا حضرت عثمان نے حضرت ابن عمر سے کہا تم قسم کھاؤ کہ تم کو بیع کے وقت اس عیب کا علم نہیں تھا، حضرت ابن عمر نے قسم کھانے سے انکار کیا تو حضرت عثمان نے مدعی کے حق میں فیصلہ کر کے غلام ان کو واپس کر دیا۔ اور امام شافعی کے اس مسئلہ میں دو قول ہیں، دوسرا قول یہ ہے کہ اگر مدعیٰ علیہ قسم کھانے سے انکار کرے تو اس کو قید کر لیا جائے گا حتیٰ کہ یا تو وہ دعویٰ کے صدق کو مان لے یا اس کے خلاف قسم کھائے۔ اور سنن دار قطنی کی جس روایت سے استدلال کیا گیا ہے وہ ضعیف ہے اور حضرت عثمان کے فیصلہ کو حضرت ابن عمر کا تسلیم کرنا اس کے ضعف کو مزید ظاہر کرتا ہے۔ [1]

مدعیٰ علیہ کے انکار کے بعد مدعی پر قسم لوٹانے میں فقہاء احناف کا نظریہ

علامہ ابوالحسن مرغینانی حنفی (صاحب ہدایہ) لکھتے ہیں ـــــ جب مدعیٰ علیہ قسم کھانے سے انکار کرے تو اس کے انکار کی بناء پر مدعی کے حق میں فیصلہ کر دیا جائے گا اور

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبد اللہ بن احمد ... ص ۲۱۰-۲۱۶ ، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۴ھ

امام شافعی یہ کہتے ہیں کہ مدعی کے حق فیصلہ نہیں کیا جائے گا بلکہ مدعی پر قسم لوٹائی جائے گی اگر مدعی نے اپنے دعویٰ پر قسم کھالی تو اس کے حق میں فیصلہ کر دیا جائے گا۔ کیونکہ مدعی علیہ کے قسم کھانے سے انکار کرنے میں دو احتمال ہیں ایک یہ ہے کہ اس نے جھوٹی قسم سے احتراز کی بناء پر قسم سے انکار کیا ہے اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس نے تہمت سے بچنے کے لیے سچی قسم کھانے سے بھی انکار کیا تاکہ کوئی یہ نہ کہے کہ اس نے جھوٹی قسم کھالی۔ اسی وجہ سے حضرت عثمان نے ایک مقدمہ میں قسم نہیں کھائی تھی۔ اور یا اس وجہ سے انکار کیا کہ اس پر صورت حال مشتبہ تھی اور اس احتمال کی بناء پر صرف مدعیٰ علیہ کا قسم سے انکار کرنا، مدعی کے صدق کی دلیل نہیں ہے اور جب مدعی قسم کھالے گا تو اس کے دعویٰ کا صدق ظاہر ہو جائے گا پھر اس کے حق میں فیصلہ کر دیا جائے گا۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ مدعیٰ علیہ کا قسم کھانے سے انکار کرنا اس کے بذل پر دلالت کرتا ہے یعنی وہ مخاصمت اور منازعت کو ترک کرنے کے لیے قسم نہیں کھاتا یا اس کا انکار اس پر دلالت کرتا ہے کہ اس نے مدعی کے دعویٰ کو تسلیم کر لیا ہے کیونکہ اگر ایسا نہ ہوتا تو وہ قسم کھاتا اور اپنے آپ کو نقصان سے بچاتا نیز منکر پر قسم کھانا واجب ہے اس لیے ضروری ہے کہ وہ قسم کھاتا اس لیے اس کے انکار کی وجہ سے مدعی کے صدق کی جانب راجح ہو گئی اور مدعی پر قسم لوٹانے کی اس لیے ضرورت نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدعی پر صرف گواہ پیش کرنے کو واجب کیا ہے اور مدعیٰ علیہ پر قسم لازم کی ہے اور مدعی پر قسم لوٹانا اس تقسیم کے منافی ہے۔ [1]

بَابُ الْقَضَآءِ بِالْيَمِيْنِ وَالشَّاهِدِ [۵۶۳]

ایک گواہ اور ایک قسم پر فیصلہ کرنا

۴۳۵۸ - وَحَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا زَيْدٌ وَهُوَ ابْنُ حُبَابٍ حَدَّثَنِيْ سَيْفُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَخْبَرَنِيْ قَيْسُ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِيَمِيْنٍ وَشَاهِدٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور ایک قسم پر فیصلہ کیا۔

ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کرنے میں مذاہب ائمہ

علامہ یحییٰ بن شرف نواوی لکھتے ہیں: اس باب کی حدیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مدعی اپنے دعویٰ پر ایک گواہ پیش کرے اور (دوسرے گواہ کی جگہ) قسم کھالے تو اس کے حق میں فیصلہ کرنا جائز ہے۔ اس مسئلہ میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام ابوحنیفہ، فقہاء کوفہ، شعبی، حکم، اوزاعی، لیث اور اندلس کے فقہاء مالکیہ یہ کہتے ہیں: ایک گواہ اور قسم کی بناء پر کسی قسم کا فیصلہ کرنا جائز نہیں ہے اور صحابہ کرام، تابعین عظام اور جمہور فقہاء اسلام کا یہ مسلک ہے کہ اموال اور جن چیزوں سے اموال کا قصد کیا جاتا ہے ان میں ایک گواہ اور قسم کی بنیاد پر فیصلہ کیا جا سکتا ہے، حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کا بھی یہی نظریہ ہے، عمر بن عبدالعزیز، امام مالک، امام شافعی، امام احمد، فقہاء مدینہ، فقہاء حجاز اور دیگر شہروں کے فقہاء کا بھی یہی مسلک ہے، اور ان کی دلیل یہ ہے کہ حضرت علی، حضرت ابن عباس، حضرت زید بن ثابت، حضرت جابر، حضرت ابوہریرہ، حضرت عمارہ بن حزم حضرت سعد بن عبادہ، حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص اور حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہم سے اس مسئلہ میں بکثرت احادیث مروی ہیں اور ائمہ حدیث نے بیان

[1] علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اخیرین ص ۲۰۲ - ۲۰۳، مطبوعہ مکتبہ شرکت علمیہ ملتان

کیا ہے کہ اس باب میں صحیح ترین روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے۔ علامہ ابن عبدالبر نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند میں کسی نے جرح نہیں کی اور ائمہ فن حدیث کے نزدیک اس حدیث کی صحت میں کوئی اختلاف نہیں ہے، اور حضرت ابوہریرہ اور حضرت جابر وغیرہما کی احادیث حسن ہیں۔ [1]

ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کے جواز میں ائمہ ثلاثہ کے دلائل

علامہ ابن قدامہ نے لکھا ہے کہ عقوبات (مثلاً حدود اور قصاص) اور بدنیات (مثلاً نکاح، عتاق اور ان کے عوارض اور لوازم یعنی ایلاء، طلاق اور ظہار وغیرہ) میں تو دو گواہ ضروری ہیں لیکن مالیات میں ایک گواہ اور مدعی کی قسم سے بھی مدعا ثابت ہو جاتا ہے۔ [2]

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: امام محمد بن حسن شیبانی نے کہا ہے کہ ایک گواہ اور مدعی کی قسم کی بنیاد پر فیصلہ کرنا صحیح نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

واستشهدوا شهيدين من رجالكم فان لم يكونا رجلين فرجل وامراتان (البقرۃ: ۲۸۲)

اپنے مردوں میں سے دو گواہوں کو طلب کرو، اگر دو مرد (میسر) نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ہوں۔

اور جس شخص نے اس حکم پر زیادتی کی اس نے نص قرآن پر زیادتی کی اور نص میں زیادتی کرنا اس نص کو منسوخ کرنا ہے نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "مدعی پر گواہ پیش کرنا لازم ہے اور منکر پر قسم کھانا واجب ہے"، اس حدیث میں قسم کا مدعیٰ علیہ میں حصر ہے جیسا کہ گواہ پیش کرنے کا مدعی میں حصر ہے۔

علامہ ابن قدامہ، امام محمد کے استدلال کے جواب میں لکھتے ہیں کہ ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کرنا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس روایت کی بناء پر ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور قسم کے ساتھ فیصلہ کر دیا اور اس سے اس آیت کے حکم کا منسوخ ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ یہ حکم اس وقت منسوخ قرار دیا جاتا جب دو گواہوں کی بنیاد پر فیصلہ کرنا ناجائز ہو جاتا نیز اس آیت میں دو گواہوں کی شرط شہادت کی ادائیگی کے لیے نہیں ہے بلکہ شہادت کے تحمل یعنی حصول شہادت کے لیے یہ حکم دیا ہے کہ دو گواہ ہوں۔ اور جو حدیث امام محمد نے پیش کی ہے (مدعی پر گواہ لازم ہیں اور مدعیٰ علیہ پر قسم) وہ حدیث ضعیف ہے علاوہ ازیں قسم کا مدعیٰ علیہ میں حصر نہیں ہے کیونکہ قسم لعان، قسامت اور اختلاف فی البیع کی صورت میں بھی مشروع ہے اور ان صورتوں میں صرف مدعیٰ علیہ پر قسم نہیں ہوتی۔ اور امام محمد کا یہ کہنا کہ "ایک گواہ اور مدعی کی قسم کے ساتھ فیصلہ کرنا صحیح نہیں ہے" اس قول کو متضمن ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد خلفاء راشدین نے جو ایک گواہ اور قسم کے ساتھ فیصلے کیے ہیں وہ فیصلے صحیح نہ ہوں، اور محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس چیز کی بناء پر فیصلہ کیا ہے وہ محمد بن حسن شیبانی کے فیصلہ سے افضل ہے جو آپ کا مخالف ہے۔ [3]

ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کی حدیث کی فنی حیثیت

ایک گواہ اور مدعی کی قسم کی بناء پر فیصلہ کرنے کے جواز پر ائمہ ثلاثہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی شافعی متوفی ۶۷۶ھ، شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۷۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۱۲ ص ۹-۷، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۲ھ

[3] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد [illegible] -۱۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۲ھ

کی جس روایت سے استدلال کیا ہے حافظ زیلعی نے اس کے دو جواب دیئے ہیں: پہلا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث منقطع ہے، امام ترمذی نے علل کبیر میں لکھا ہے کہ میں نے امام بخاری سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا عمرو بن دینار نے اس حدیث کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نہیں سنا، (حافظ زیلعی کہتے ہیں:) اس کی دلیل یہ ہے کہ دار قطنی عمرو بن دینار کی روایت کو حضرت ابن عباس سے طاؤس کے واسطے سے روایت کرتے ہیں، نیز اس حدیث میں دوسرا انقطاع یہ ہے کہ اس کی سند میں قیس بن سعد کی عمرو بن دینار سے روایت ہے، حالانکہ قیس بن سعد کی عمرو بن دینار سے کوئی روایت نہیں ہے جیسا کہ امام طحاوی نے اس کی تصریح کی ہے۔ فلہٰذا اس حدیث میں دو انقطاع ہیں۔ ابن القطان نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ ہر چند کہ امام مسلم نے اس حدیث کو اپنی صحیح میں از قیس بن سعد از عمرو بن دینار از ابن عباس روایت کیا ہے لیکن اس میں ان دونوں جگہ انقطاع ہے۔ امام ترمذی کہتے ہیں کہ امام بخاری نے کہا ہے کہ عمرو بن دینار نے حضرت ابن عباس سے اس حدیث کو نہیں سنا، امام طحاوی کہتے ہیں کہ قیس بن سعد نے عمرو بن دینار سے کسی حدیث کو نہیں سنا۔ امام دار قطنی نے اس حدیث کو از طاؤس از ابن عباس روایت کیا ہے لیکن اس سند میں ایک راوی عبداللہ بن محمد بن ربیعہ متروک ہے۔

اس حدیث کا دوسرا جواب یہ ہے کہ اگر بالفرض ہم اس حدیث کی سند کو صحیح بھی تسلیم کر لیں تب بھی یہ مفید عموم نہیں ہے۔ امام فخر الدین نے کہا ہے کہ جب صحابی یہ کہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز سے منع فرمایا یا اس چیز کا فیصلہ فرمایا تو یہ عموم کا فائدہ نہیں دیتا کیونکہ یہ بھی احتمال ہے کہ صحابی نے کسی خاص واقعہ کی حکایت کی ہو، اور اس حدیث کا یہ معنی بھی ہو سکتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنس شاہد یا جنس یمین (قسم) کی بناء پر فیصلہ کیا ہو، بہر صورت بر تقدیر صحت اس حدیث میں کسی خاص واقعہ کا بیان ہے اور یہ عام قاعدہ نہیں ہے۔ [1]

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں: علامہ کاکی نے کہا ہے کہ امام شافعی کا یہ نظریہ ہے کہ جب مدعی ایک گواہ پیش کرے اور دوسرا گواہ پیش کرنے سے عاجز ہو تو پھر مدعی پر قسم لوٹائی جائے گی، اگر اس نے قسم کھا لی تو اس کے حق میں فیصلہ کر دیا جائے گا اور اگر اس نے قسم کھانے سے انکار کر دیا تو پھر اس کے حق میں مطلقاً فیصلہ نہیں کیا جائے گا، امام شافعی کی دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور قسم پر فیصلہ کر دیا، لیکن یہ حدیث غریب ہے اور جو حدیث ہم نے بیان کی ہے (یعنی مدعی پر گواہ پیش کرنا لازم ہے اور منکر پر قسم کھانا لازم) یہ حدیث مشہور ہے جس کو تمام امت نے قبول کیا ہے حتیٰ کہ یہ حدیث متواتر کے درجہ میں ہے۔ اس لیے وہ حدیث جو غریب ہے وہ اس حدیث کے معارض نہیں ہو سکتی جو مشہور بلکہ حکماً متواتر ہے۔ علاوہ ازیں یحییٰ بن معین نے اس کو رد کر دیا ہے۔ اور امام ذہلی نے کہا ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔ یحییٰ بن معین نے اس کو رد کر دیا ہے۔ نیز اس حدیث کو ربیعہ نے سہیل بن ابی صالح سے روایت کیا ہے اور سہیل نے اس کا انکار کیا ہے اور جب راوی کسی روایت کا انکار کر دے تو وہ روایت حجت نہیں رہتی چہ جائیکہ وہ حدیث مشہور کے معارض ہو سکے۔ نیز اس حدیث کے معنی میں یہ احتمال بھی ہے کہ کبھی آپ نے جنس گواہ کی بناء پر فیصلہ کیا اور کبھی آپ نے جنس یمین (قسم) کی بناء پر فیصلہ کیا جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ زید گھوڑے اور خچر پر سوار ہوا یعنی کبھی گھوڑے پر اور کبھی خچر پر، اور اگر یہ بھی تسلیم کر لیں کہ اس حدیث میں ایک ہی وقت کا فیصلہ مراد ہے تو یہ کب لازم ہے کہ اس حدیث میں قسم سے مدعی کی قسم مراد ہو، یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ مدعیٰ علیہ کی قسم مراد ہو اور ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ ایک گواہ کا اعتبار نہیں کیا جاتا اور چونکہ اس کا وجود اور عدم برابر ہے اس لیے آپ نے مدعیٰ علیہ کی قسم پر فیصلہ کر دیا اس صورت میں یہ حدیث اس حدیث مشہور (مدعی پر گواہ لازم

[1] حافظ جمال الدین ابو محمد عبداللہ بن یوسف زیلعی حنفی متوفی ۷۶۲ھ، نصب الرایہ ج ۴ ص ۹۹-۹۷، مطبوعہ مجلس علمی ہند، ۱۳۵۷ھ

اور مدعی علیہ پر قسم کھانا ہے) کے معارض بھی نہیں ہوگی بلکہ موافق ہو جائے گی۔ [1]

اللہ اکبر یہ وہ حدیث ہے جو سنداً دو وجہ سے منقطع ہے، اور محدثین کی تصریح کے مطابق ضعیف اور مردود ہے اور اس کی بنا پر علامہ ابن قدامہ امام محمد بن حسن شیبانی پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کا الزام عائد کر رہے ہیں، حالانکہ امام محمد قرآن مجید کی آیت اور حدیث مشہور کے مطابق عمل کرتے ہیں اور باوجود ضعف اور انقطاع کے اس حدیث کی حدیث مشہور کے مطابق تاویل اور توجیہ کرتے ہیں جیسا کہ علامہ ابن ہمام نے امام زیلعی سے نقل کیا ہے۔

علامہ ابن قدامہ کے دیگر اعتراضات کے جوابات

علامہ ابن قدامہ نے امام محمد کی دلیل کے خلاف لکھا ہے کہ اگر ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کر دیا جائے تو واستشہدوا شہیدین "دو گواہوں کو طلب کرو" کا منسوخ ہونا لازم نہیں آتا" سو یہ بھی غلط ہے کیونکہ قرآن مجید کی اس آیت میں گواہی کا عام قاعدہ یہ بیان کیا ہے کہ ہر نزاعی معاملہ میں دو گواہ طلب کیے جائیں، اگر کسی ایک مقدمہ میں بھی صرف ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کر دیا گیا تو گواہی کا یہ قاعدہ کلیہ ٹوٹ جائے گا اور اس قاعدہ کا عموم منسوخ ہو جائے گا اور وہ حدیث جس میں ایک سے زیادہ منقطع راوی ہوں وہ قرآن مجید کے کسی عمومی حکم کو منسوخ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ باقی رہا علامہ ابن قدامہ کا یہ کہنا کہ قرآن مجید میں دو گواہوں کی شرط تحمل شہادت کے لیے ہے گواہی دینے کے لیے نہیں ہے، سو یہ بھی غلط ہے کیونکہ تحمل شہادت کا مقصد گواہی دینا ہوتا ہے اور جب کسی معاملہ پر گواہ بننے کے لیے دو گواہوں کی شرط ہے تو گواہی دینے کے لیے دو گواہوں کی شرط بدرجہ اولیٰ ہوگی۔

علامہ ابن قدامہ کا یہ کہنا بھی صحیح نہیں ہے کہ حدیث البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر (مدعی پر گواہ اور منکر پر قسم ہے) ضعیف ہے بلکہ یہ قول بداہت کے خلاف ہے۔ حافظ زیلعی لکھتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے، امام بیہقی نے اس کو سنن کبریٰ میں روایت کیا ہے اور امام دارقطنی نے اس کو اپنی سنن میں روایت کیا ہے۔ ابن عدی نے اس کو دو سندوں سے روایت کیا ہے اور امام واقدی نے اس کو کتاب المغازی میں روایت کیا ہے۔ [2]

یہ حدیث اس قدر اسانید کثیرہ سے مروی ہے کہ اس کو حکماً متواتر قرار دیا گیا ہے اور اس حدیث کے مشہور ہونے میں سب کا اتفاق ہے۔

ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کرنے میں فقہاء احناف کا مسلک اور دلائل

علامہ ابوبکر جصاص حنفی لکھتے ہیں:

ایک گواہ اور مدعی کی قسم میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف، امام محمد، امام زفر اور ابن شبرمہ کا یہ نظریہ ہے کہ بغیر دو گواہوں کے فیصلہ کرنا صحیح نہیں ہے اور مدعی کے ایک گواہ اور اس کی قسم پر کوئی فیصلہ کرنا بھی صحیح نہیں ہے اور امام مالک اور امام شافعی (اسی طرح امام احمد) یہ کہتے ہیں کہ اموال میں ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کرنا صحیح ہے۔ علامہ ابوبکر جصاص کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:

---

[1] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۶، ص ۱۶۲، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[2] حافظ جمال الدین ابو محمد عبدا[illegible] ص ۹۶، مطبوعہ مجلس علمی ہند، ۱۳۵۷ھ

واستشهدوا شهیدین من رجالکم فان لم یکونا رجلین فرجل وامراتان ممن ترضون من الشهداء۔ (البقرہ: ۲۸۲) اپنے مردوں میں سے دو کو گواہ بنالو، اور اگر دو مرد (میسر) نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنالو ان گواہوں میں سے جن کو تم پسند کرتے ہو۔

یہ آیت ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کرنے کو باطل قرار دیتی ہے، کیونکہ اس آیت کا سیاق یہ ہے کہ قرض پر دو گواہ بنالیے جائیں۔ تاکہ اگر کوئی فریق انکار کرے تو حاکم کے سامنے دو گواہوں کو پیش کر دیا جائے اور حاکم پر لازم ہے کہ وہ دو گواہوں کی بنیاد پر فیصلہ کرے۔ اس آیت میں امر کا صیغہ ہے جو وجوب کا تقاضا کرتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حد قذف میں فرمایا: فاجلدوهم ثمانین جلدة۔ "ان کو اسی کوڑے مارو" اور حد زنا میں فرمایا: فاجلدوا کل واحد منهما مائة جلدة "ان میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو"، سو جس طرح حد قذف میں اسی کوڑوں سے کم مارنا جائز نہیں ہے اور حد زنا میں سو کوڑوں سے کم مارنا جائز نہیں ہے اسی طرح نصاب شہادت میں دو گواہ سے کم کو پیش کرنا یا دو سے کم گواہوں پر فیصلہ کرنا جائز نہیں ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے گواہوں کے متعلق دو چیزیں بیان کی ہیں ایک عدد اور ایک صفت۔ عدد میں دو گواہوں کو بیان فرمایا اور صفت میں فرمایا وہ تمہارے پسندیدہ گواہ ہوں یعنی آزاد اور نیک چال چلن کے گواہ ہوں۔ پس جس طرح غیر عادل کو گواہ بنانا جائز نہیں ہے اسی طرح دو سے کم کو گواہ بنانا بھی جائز نہیں ہے، نیز اگر صرف ایک مرد گواہ میسر ہو تو اس کے ساتھ صرف ایک عورت پر اکتفاء نہیں فرمایا بلکہ دو عورتوں کو گواہ بنانے کا حکم دیا تاکہ دعویٰ کی صداقت پر کسی قسم کا شک اور شبہ نہ ہو تو صرف ایک مرد گواہ کے ساتھ اگر مدعی کی قسم کو ملا کر فیصلہ کر دیا جائے تو یہ فیصلہ مشکوک ہوگا اور جس حکمت کے پیش نظر ایک مرد کے ساتھ دو عورتوں کو ملایا گیا تھا یہ اس حکمت کے خلاف ہوگیا۔

نیز اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ان کو گواہ بناؤ جن کو تم پسند کرتے ہو اور مدعی کی قسم پر گواہ ہونا صادق نہیں آتا اور نہ کوئی شخص اس کو پسند کرتا ہے کہ مدعی اپنی قسم سے اپنے دعویٰ کو ثابت کرے ان وجوہ سے یہ ظاہر ہوگیا کہ ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کرنا اس آیت کے خلاف ہے اور اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مدعی پر گواہ پیش کرنا ہے اور مدعیٰ علیہ پر قسم ہے۔ ہر چند کہ یہ حدیث خبر واحد کی اقسام سے ہے لیکن چونکہ اس حدیث کو تمام امت نے قبول کر لیا ہے اس لیے یہ گویا متواتر ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر لوگوں کے حقوق محض ان کے دعووں سے دے دیے جائیں تو ہر شخص دوسرے کی جان اور مال پر دعویٰ کرے گا، یہ حدیث دو طرح سے اس بات کے مخالف ہے کہ ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کیا جائے، اول اس لیے کہ مدعی کی قسم اس کا دعویٰ ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ محض کسی کے دعویٰ کی بناء پر اس کا حق نہیں دیا جائے گا ثانی اس لیے کہ مدعی کی قسم اس کا قول ہے اور محض کسی شخص کو اس کے قول کی بناء پر اس کا حق نہیں دیا جائے گا۔ نیز اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے۔ حضرت وائل بن حجر بیان کرتے ہیں کہ حضرمی اور کندی کا ایک زمین میں نزاع ہوا حضرمی نے کندی پر زمین کا دعویٰ کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا تو تم دو گواہ پیش کرو یا اس کی قسم پر فیصلہ ہوگا اس کے سوا اور کوئی صورت نہیں ہے، اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مدعی کے حق کے ثبوت کے لیے صرف یہ فرمایا ہے کہ دو گواہ پیش کرے ورنہ اس کا دعویٰ ثابت نہیں ہوگا اگر ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر بھی فیصلہ جائز ہوتا تو آپ اس طرح نہ فرماتے۔

بعض احادیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور قسم پر فیصلہ کیا، علامہ ابوبکر جصاص فرماتے ہیں کہ ان احادیث کو

قبول کرنے سے پانچ امور مانع ہیں:

(ا) ان احادیث کی اسانید ضعیف ہیں۔

(ب) ان احادیث کے راویوں نے ان روایات کا انکار کیا۔

(ج) یہ احادیث قرآن مجید کی نص صریح کے خلاف ہیں۔

(د) سند کے فساد سے صرف نظر کر کے بھی یہ احادیث ائمہ ثلاثہ کو مفید نہیں ہیں۔

(ہ) یہ بھی احتمال ہے کہ یہ احادیث کسی خاص صورت پر محمول ہوں۔

ایک گواہ اور قسم پر فیصلہ کی احادیث کا ضعف

عمرو بن دینار نے حضرت ابن عباس سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور قسم پر فیصلہ کیا، یہ حدیث منقطع ہے کیونکہ عمرو بن دینار کا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سماع نہیں ہے۔ اسی طرح سہیل نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ کے ساتھ قسم پر فیصلہ کیا، لیکن سہیل کا حافظہ خراب ہو گیا تھا اور وہ اپنی روایات بھول گئے تھے، سلیمان کہتے ہیں کہ میری سہیل سے ملاقات ہوئی میں نے ان سے اس حدیث کے متعلق سوال کیا انھوں نے کہا میں اس حدیث کو نہیں پہچانتا' سلیمان نے کہا میں نے ربیعہ سے سنا وہ اس حدیث کو آپ سے روایت کر کے بیان کرتے ہیں سلیمان نے کہا اگر تم نے ربیعہ سے یہ حدیث سنی ہے تو ربیعہ سے روایت کر دو مجھ سے روایت ذکر دو۔ اگر یہ کہا جائے کہ وہ یہ حدیث روایت کرنے کے بعد بھول گئے یا ان کو وہم لاحق ہو گیا تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے ان کو ابتداً وہم لاحق ہوا ہو یا وہ ابتداً بھول گئے ہوں اور جس چیز کو انھوں نے نہ سنا ہو اس کو روایت کر دیا ہو، خصوصاً اس صورت میں جبکہ انھوں نے آخر میں اس کا انکار کر دیا اسی طرح جعفر بن محمد سے بھی یہ حدیث مروی ہے لیکن وہ روایت مرسل ہے۔ عبدالوہاب نے اس کا موصولاً ذکر کیا ہے لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔ بہرحال ان امور کی وجہ سے اس حدیث کی اسانید مجروح اور ضعیف ہیں اور یہ حدیث لائق استدلال نہیں ہے۔

ایک گواہ اور قسم پر فیصلہ کی حدیث کے راویوں کا انکار

امام عبدالرزاق نے ایک گواہ اور قسم کے فیصلے کے بارے میں زہری سے روایت کیا ہے انھوں نے کہا: یہ وہ چیز ہے جس کو لوگوں نے گھڑ لیا ہے دو گواہوں کے سوا فیصلہ نہیں ہو سکتا۔ حماد بن خالد خیاط کہتے ہیں میں نے ابن ابی ذئب سے سوال کیا ایک گواہ اور قسم کے متعلق زہری کیا کہتے ہیں انھوں نے کہا یہ بدعت ہے سب سے پہلے اس کو معاویہ نے جاری کیا، اور محمد بن حسن نے ابن ابی ذئب سے روایت کیا۔ میں نے زہری سے ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کے متعلق پوچھا تو انھوں نے کہا یہ بدعت ہے سب سے پہلے حضرت معاویہ نے اس پر فیصلہ کیا تھا۔ اور زہری اپنے زمانے میں مدینہ کے سب سے بڑے عالم تھے اگر یہ حدیث ثابت ہوتی تو ان سے مخفی نہ ہوتی اور زہری کی تصریح سے یہ معلوم ہو گیا کہ ایک گواہ اور ایک قسم پر سب سے پہلے حضرت معاویہ نے فیصلہ کیا تھا اور یہ بدعت ہے۔ حضرت معاویہ سے تو یہ بھی روایت ہے کہ انھوں نے مدعی سے قسم لیے بغیر صرف ایک خاتون کی شہادت پر فیصلہ کر دیا تھا، امام عبدالرزاق نے اپنی سند کے ساتھ علقمہ ابن ابی وقاص سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے محمد بن عبداللہ بن زہیر اور ان کے بھائیوں کے حق میں یہ شہادت دی کہ ربیعہ بن ابی امیہ نے اپنے بھائی زہیر بن ابی امیہ کو اپنے مال میں سے چوتھائی دے دیا ہے ام المؤمنین کے علاوہ کسی اور نے اس پر شہادت نہیں دی تھی، حضرت امیر معاویہ نے اس شہادت پر فیصلہ کر دیا۔ سو اگر حضرت امیر معاویہ کے فیصلہ کی بنا پر ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کرنا جائز ہو تو ان کے فیصلہ کی بنا پر

پر بغیر قسم کے صرف ایک عورت کی شہادت پر فیصلہ کرنا بھی جائز ہونا چاہیے حالانکہ یہ قرآن اور سنت کی تصریحات کے بداہۃً خلاف ہے۔

امام عبدالرزاق نے ابن جریج سے روایت کیا ہے کہ عطاء یہ کہتے تھے کہ قرض ہو یا کوئی اور معاملہ دو گواہوں سے کم کسی گواہی پر فیصلہ کرنا جائز نہیں ہے۔ حتیٰ کہ عبدالملک بن مروان نے اپنے دورِ خلافت میں ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کیا۔ علامہ ابوبکر جصاص نے اس قسم کے اور آثار بیان کرنے کے بعد کہا ان آثار سے یہ واضح ہو گیا کہ ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کرنا حضرت معاویہ اور عبدالملک بن مروان کی سنت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت نہیں ہے، کیونکہ اگر یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہوتی تو فقہاء تابعین سے مخفی نہ ہوتی، نیز سہیل نے اس روایت کا انکار کیا اور ربیعہ نے کہا کہ یہ سعد کی کتاب میں نہیں ہے اور فقہاء تابعین نے تصریح کی کہ یہ معاویہ اور عبدالملک کی بدعت ہے۔

ایک گواہ اور قسم پر فیصلہ کی حدیث کا صریح قرآن کے خلاف ہونا

ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کی روایت اگر سند صحیح سے بھی مروی ہوتی اور سلف صالحین نے اس پر انکار نہ کیا ہوتا اور اس کو بدعت نہ کہا ہوتا تب بھی یہ روایت قرآن مجید کے مخالف ہونے کی وجہ سے مردود تھی، کیونکہ صحیح خبر واحد سے بھی قرآن مجید کو منسوخ کرنا جائز نہیں ہے۔ جس طرح حدِ قذف میں اسی کوڑوں سے کم مارنا جائز نہیں ہے اور حدِ زنا میں سو کوڑوں سے کم مارنا جائز نہیں ہے اسی طرح نصاب شہادت میں دو گواہ منصوص ہیں اور اس سے کم گواہی پر فیصلہ کرنا جائز نہیں ہے، اور جب کہ قرآن مجید میں دو گواہوں پر فیصلہ کرنے کا حکم دیا ہے اور ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کرنا مختلف فیہ ہے تو پھر اس حکم کو قرآن مجید سے منسوخ قرار دینا چاہیے۔

حدیث مذکور ائمہ ثلاثہ کے موقف کو مستلزم نہیں

اگر بالفرض یہ مان لیا جائے کہ گواہ اور قسم کی حدیث صحیح ہے اور اس بات سے صرف نظر کر لیا جائے کہ یہ قرآن مجید کے معارض ہے تب بھی یہ حدیث علم کا موجب نہیں ہے کیونکہ اس حدیث میں یہ نہیں ہے کہ ایک گواہ اور قسم پر فیصلہ کرنا واجب ہے، بلکہ اس میں ایک واقعہ کا ذکر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور قسم پر فیصلہ کیا، اور اس حدیث میں اس معنی کا بھی احتمال ہے کہ قسم سے مراد مدعی علیہ کی قسم ہو تاکہ کوئی شخص یہ گمان نہ کرے کہ مدعی علیہ سے قسم اس وقت لی جاتی ہے جب مدعی کے پاس کوئی گواہ نہ ہو اور اگر مدعی کے پاس ایک گواہ ہو تو پھر مدعی علیہ سے قسم نہیں لی جاتی۔ پس حدیث میں اس گمان کا رد کر دیا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدعی کے پاس ایک گواہ ہونے کے باوجود مدعی علیہ کی یمین پر فیصلہ کیا تھا۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ گواہ اور قسم سے مراد جنس گواہ اور جنس قسم ہو یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مدعی کے) گواہوں پر بھی فیصلہ کیا اور (مدعی علیہ کی) قسم پر بھی فیصلہ کیا اور تیسرا احتمال یہ ہے کہ اس حدیث میں حضرت خزیمہ بن ثابت کے خاص واقعہ کی طرف اشارہ ہو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خزیمہ کی گواہی پر فیصلہ کیا تھا اور ہو سکتا ہے اس وقت منکر نے آپ سے قسم کا بھی مطالبہ کیا ہو، اور ان احتمالات صحیحہ کے ہوتے ہوئے یہ کہنا کہ قسم سے مدعی کی قسم مراد ہے صحیح نہیں ہے۔

حدیث مذکور کا صحیح محمل

بعض صورتوں میں جب کسی چیز پر صرف ایک گواہ متصور ہو اور دوسرا گواہ شرعاً غیر متصور ہو تو ہم بھی کہتے ہیں کہ اس صورت میں ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ کرنا صحیح ہے مثلاً ایک شخص نے باندی خریدی اور اس کی شرمگاہ میں کوئی عیب دیکھا اور اس عیب پر وہی شخص گواہ ہے اور دوسرا گواہ بنانا جائز نہیں ہے اس صورت میں اس کی گواہی اور اس کی قسم پر اس کے حق میں فیصلہ کر دیا جائے گا اور بیع فسخ کر دی جائے گی پس ہو سکتا ہے کہ اس حدیث

میں اس قسم کی صورت کی طرف اشارہ ہو۔ لہ

بَابُ بَيَانِ اَنَّ حُكْمَ الْحَاكِمِ لَا يُغَيِّرُ الْبَاطِنَ (۵۱۴)

حاکم کا فیصلہ حقیقت واقعیہ کو تبدیل نہیں کرتا۔

۴۳۵۹ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ تَخْتَصِمُونَ اِلَيَّ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَكُونَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ فَاَقْضِيَ لَهُ عَلَى نَحْوِ مِمَّا اَسْمَعُ مِنْهُ فَمَنْ قَطَعْتُ لَهُ مِنْ حَقِّ اَخِيهِ شَيْئًا فَلَا يَاْخُذْهُ فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهُ بِهِ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میرے پاس مقدمات لے کر آتے ہو اور ہو سکتا ہے کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے موقف کو دوسرے کی بہ نسبت زیادہ دلائل کے ساتھ پیش کرے اور اس سماعت کے اعتبار سے میں بالفرض اس کے حق میں فیصلہ کر دوں سو جس شخص کو میں اس کے بھائی کا حق دے دوں وہ اس کو نہ لے کیونکہ میں اس کو آگ کا ایک ٹکڑا دے رہا ہوں۔

۴۳۶۰ - وَحَدَّثَنَاهُ اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ كِلَاهُمَا عَنْ هِشَامٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی دو اور سندیں بیان کی ہیں۔

۴۳۶۱ - وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ جَلَبَةَ خَصْمٍ بِبَابِ حُجْرَتِهِ فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَاِنَّهُ يَاْتِينِي الْخَصْمُ فَلَعَلَّ بَعْضَهُمْ اَنْ يَكُونَ اَبْلَغَ مِنْ بَعْضٍ فَاَحْسِبُ اَنَّهُ صَادِقٌ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجرہ کے دروازہ پر کسی شخص کے جھگڑنے کی آواز سنی، آپ ان کے پاس گئے اور فرمایا میں صرف ایک بشر ہوں اور میرے پاس کوئی شخص مقدمہ لاتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص اپنے دعویٰ کو دوسرے کی بہ نسبت زیادہ اچھی طرح پیش کرے اور میں اس کو سچا گمان کروں پھر بالفرض میں اس کے حق میں فیصلہ کر دوں۔ پس جس شخص کے لیے میں دوسرے مسلمان کے حق کا فیصلہ کر دوں تو وہ آگ کا ایک ٹکڑا ہے وہ اس کو اٹھا لے یا چھوڑ دے۔

لہ۔ علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص [illegible] مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور ۱۴۰۰ھ

فَاَقْضِيْ لَهٗ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهٗ بِحَقِّ مُسْلِمٍ فَاِنَّمَا هِيَ قِطْعَةٌ مِّنَ النَّارِ فَلْيَحْمِلْهَا اَوْ يَذَرْهَا

۴۳۶۲- وَحَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ صَالِحٍ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ كِلَاهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيْثِ يُوْنُسَ وَفِيْ حَدِيْثِ مَعْمَرٍ قَالَتْ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَجَبَةَ خَصْمٍ بِبَابِ اُمِّ سَلَمَةَ۔

امام مسلم نے دو اور سندوں سے اس حدیث کو روایت کیا ہے اس میں یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے (حجرے کے) دروازہ پر کسی شخص کے جھگڑنے کی آواز سنی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ظاہری حجت کی بناء پر فیصلہ کا حکم دینے کی حکمت

علامہ یحییٰ بن شرف نواوی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا: "میں صرف بشر ہوں" اس میں حالت بشریہ پر تنبیہ کرنا ہے اور اس بات پر متنبہ کرنا ہے کہ بشر کو غیب کا علم نہیں ہوتا، اور وہ باطنی امور کو نہیں جانتے البتہ جس چیز پر اللہ تعالیٰ انہیں مطلع کر دے، اس کا انہیں علم ہو جاتا ہے، اور اس بات پر تنبیہ کرنا تھی کہ جو احکام امت کے لیے مباح ہیں وہ آپ کے لیے بھی جائز ہیں اور یہ کہ آپ لوگوں کے درمیان باعتبار ظاہر کے فیصلے کرتے ہیں اور حقیقت کا علم صرف اللہ تعالیٰ کو ہوتا ہے، اس لیے آپ گواہوں اور قسم کی بناء پر فیصلہ کرتے ہیں جب کہ یہ ممکن ہے کہ واقعہ میں حقیقت ظاہر کے خلاف ہو لیکن آپ کو ظاہر کے مطابق فیصلہ کرنے کا مکلف کیا گیا ہے، جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا: "جب تک لوگ لا الٰہ الا اللہ کا اقرار نہ کریں مجھے ان سے جنگ کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور جب اس کلمہ کا اقرار کر لیں گے تو وہ اپنی جانوں اور اپنے مالوں کو میری طرف سے محفوظ کر لیں گے البتہ جس چیز کا ان کی جان اور مال پر حق ہو گا اس کو وصول کیا جائے گا اور ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے" اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فریقین کے باطنی معاملہ پر مطلع فرما دیتا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کسی شہادت اور قسم کے بغیر اپنے ذاتی یقین کی بناء پر فیصلہ فرماتے لیکن اللہ تعالیٰ نے چونکہ آپ کی امت کو آپ کے اقوال اور آپ کے افعال کی اتباع کا حکم دیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے باطنی امور کی ناواقفیت میں آپ کو بھی ایک عام حکم کے ماتحت کر دیا تاکہ امت پر آپ کی اتباع آسان ہو۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کے احکام ظاہر کے مطابق جاری کیے تاکہ آپ کی امت بھی آپ کی طرح ظاہر کے مطابق فیصلہ کر سکے اور آپ کی اقتداء کر سکے اور لوگ باطن کی طرف متوجہ ہوئے بغیر خوشی کے ساتھ احکام ظاہرہ پر عمل کر سکیں اور آپ کی اطاعت کر سکیں۔ اگر یہ اعتراض ہو کہ اس حدیث سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ کبھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر کے مطابق حکم کر دیتے ہیں اور وہ باطن کے مخالف ہوتا ہے حالانکہ اصولیین کا اس پر اتفاق ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو احکام میں خطاء پر برقرار نہیں رکھا جاتا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں اور اصولیین کے قاعدہ میں کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ اصولیین کی مراد یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اجتہاد سے جو حکم دیں اس میں خطاء پر برقرار نہیں رہتے (اکثر علماء اس کے قائل ہیں کہ آپ سے

اجتہاد میں خطاء ہوتی ہے اور بعض علماء خطاء اجتہادی کے قائل نہیں ہیں اور جو قائل ہیں ان کا اس پر اتفاق ہے کہ آپ اس خطاء پر قائم نہیں رہتے بلکہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحیح فیصلہ پر مطلع فرما دیتا ہے۔) اور اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ آپ بغیر اپنے اجتہاد کے محض شہادت یا قسم کی بناء پر جو فیصلہ کریں اور اس ظاہر شہادت کی وجہ سے بالفرض باطن کے خلاف فیصلہ کر دیں اس فیصلہ کو غلط اور خطاء نہیں کہا جائے گا بلکہ آپ کو جس بنیاد پر فیصلہ کرنے کا مکلف کیا گیا ہے وہ شہادت یا قسم ہے اور اس لحاظ سے یہ فیصلہ صحیح ہے اور اگر گواہوں نے جھوٹی گواہی دی تو یہ ان کا گناہ ہے، فیصلے میں کوئی قصور نہیں ہے [1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بشر اور نور ہونے کی تحقیق

اس باب کی حدیث نمبر ۴۳۶۱ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: انما انا بشر "میں صرف ایک بشر ہوں" یعنی میں خدائی صفات نہیں رکھتا کہ خود بخود کسی مقدمہ کی حقیقت باطنی اور غیب کو جان لوں۔ علامہ بدرالدین عینی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

ای لا اعلم الغیب و بواطن الامور کما ہو مقتضی الحالۃ البشریۃ۔ [2] میں غیب اور باطنی امور کو نہیں جانتا جیسا کہ حالت بشریہ کا تقاضا ہے۔

اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انما انا بشر میں صرف ایک بشر ہوں، اس مناسبت سے ہم یہاں انبیاء علیہم السلام کے انسان اور بشر ہونے کی حیثیت پر تفصیل سے گفتگو کرنا چاہتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء علیہم السلام جنس بشر اور نوع انسان سے پیدا ہوئے ہیں لیکن کیا انبیاء علیہم السلام کی حقیقت صرف انسان اور بشر ہے یہ بات تفصیل طلب ہے۔

کہا جاتا ہے کہ انسان کی حقیقت حیوان ناطق ہے، حیوان ہونے میں باقی حیوانات بھی انسان کے شریک ہیں اور ناطق (مدرک الکلیات والجزئیات) ہونے کی وجہ سے وہ باقی حیوانات سے ممتاز ہوتا ہے اور نطق وہ فصل ممیز ہے جس کی وجہ سے انسان اور باقی حیوانات میں امتیاز اور فرق ہوتا ہے، انبیاء علیہم السلام کی حقیقت میں اس سے ایک زائد چیز ہے اور وہ ہے قبول وحی کی استعداد اور صلاحیت، اسی صلاحیت کی وجہ سے نبی اور غیر نبی میں امتیاز ہوتا ہے، حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیاء علیہم السلام میں یہ چیز مشترک ہے کہ وہ سب نبی حامل وحی تھے اور جس طرح نطق کی وجہ سے انسان کا حیوانات سے امتیاز ہوتا ہے، اسی طرح استعداد وحی کی وجہ سے نبی کا غیر نبی سے امتیاز ہوتا ہے اور جس طرح انسان کی حقیقت میں نطق داخل ہے اور وہ اس کے لیے فصل ممیز ہے اسی طرح نبی کی حقیقت میں استعداد وحی داخل ہے اور وہ اس کی فصل ممیز ہے اور جس طرح انسان کلیات اور جزئیات کے ادراک کی صلاحیت کے ساتھ پیدا ہوتا ہے لیکن اس کا ظہور ایک خاص مدت کے بعد ہوتا ہے اسی طرح نبی وحی کی استعداد کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور اس کا ظہور ایک خاص مدت کے بعد ہوتا ہے۔

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۷۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی [illegible] الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

نبی کی حقیقت کا عام انسانوں کی حقیقت سے ممتاز ہونا

اب ہم آپ کے سامنے قرآن مجید کی وہ آیات پیش کر رہے ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے یہ واضح فرمایا ہے کہ نبی بشر محض نہیں ہوتا بلکہ نبی وہ بشر ہے جس پر اللہ کی وحی نازل ہوتی ہے اور جو اللہ سے ہم کلام ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وما کان لبشر ان یکلمہ اللّٰہ الا وحیًا اومن وراء حجاب او یرسل رسولا فیوحی باذنہ مایشاء۔ (شوریٰ، ۵۱)

اور کسی بشر کے یہ لائق نہیں کہ وہ اللہ سے ہم کلام ہو مگر وحی سے یا پردہ کی اوٹ سے یا اللہ اس پر کوئی فرشتہ بھیج دے جو اللہ کی اجازت سے اس پر وہ وحی کرے جو اللہ چاہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے عام بشر اور نبی میں فرق بیان فرمایا ہے کہ عام بشر اللہ سے ہم کلام نہیں ہو سکتا اور نبی اللہ سے ہمکلام ہوتا ہے اور نبی کا اللہ سے ہم کلام ہونا براہ راست وحی الٰہی سے ہوتا ہے یا پردہ کی اوٹ سے یا فرشتہ کی وساطت سے اس پر وحی کی جاتی ہے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الٰھکم الٰہ واحد۔ (کہف، ۱۱۰)

آپ فرما دیجئے میں (الوہیت کا مدعی نہیں بلکہ معبود نہ ہونے میں) تم جیسا ہی بشر ہوں میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ (میرا اور) تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ واضح فرمایا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بشر محض نہیں ہیں بلکہ ایسے بشر ہیں جو حامل وحی ہیں اور وحی ہی وہ وصف ہے جس کی وجہ سے عام انسان اور بشر کا نبی سے امتیاز ہوتا ہے اور جس طرح انسان کو حیوانات کے مقابلہ میں عقل اور ادراک کی خصوصیت حاصل ہے نبی کو اس خصوصیت کے علاوہ استعداد وحی کی خصوصیت بھی حاصل ہے جس سے وہ عام انسان اور بشر سے ممتاز ہوتا ہے۔

امام غزالی اس حقیقت کو واضح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ووراء العقل طور اخر تنفتح فیہ عین اخری یبصر بھا الغیب وماسیکون فی الغیب وامورا اخر العقل معزول عنھا کعزل قوۃ التمییز عن ادراک المعقولات وکعزل قوۃ الحس عن مدرکات التمییز وکما ان الممیز لو عرضت علیہ مدارکات العقل لاباھا واستبعدھا فکذلک بعض العقلاء ابوا مدرکات النبوۃ و استبعدوھا، وذلک عین الجھل۔

اور عقل کے ماوراء ایک اور عالم ہے جس میں ادراک کی ایک اور آنکھ کھلتی ہے جس سے انسان غیب کا ادراک کرتا ہے اور مستقبل میں ہونے والے اُمور غیبیہ اور بہت سے اُمور کو جان لیتا ہے، جن تک عقل کی رسائی نہیں ہے۔ جیسے قوت تمیز، معقولات کا ادراک نہیں کر سکتی اور جس طرح حاس قوت تمیز کے مدرکات کو نہیں پا سکتے۔ (اسی طرح عقل، قوت ادراک غیب کے مدرکات کو نہیں پا سکتی) اور جس طرح صاحب تمیز کے سامنے عقل کے سامنے مدرکات پیش کیے جائیں تو وہ ان کو بعید سمجھ کر ان کا انکار کرتا ہے اسی طرح بعض عقل والوں کے سامنے نبوت کے مدرکات پیش کیے گئے تو انہوں نے ان کا انکار کر دیا۔ اور یہ

خالص جہالت ہے۔[1]

امام غزالی نے اس عبارت میں یہ واضح کر دیا ہے کہ جس طرح حواس کے بعد تمییز کا مرتبہ ہے اور تمییز کے بعد عقل کا مرتبہ ہے، اسی طرح عقل کے بعد نبوت کا مرتبہ ہے اور جس طرح قوت عقلیہ سے معقولات کا ادراک ہوتا ہے اسی طرح نبوت کی قوت سے غیبیات کا ادراک ہوتا ہے۔ اور جس طرح عام حیوانات کو اللہ تعالیٰ نے حواس کی قوت عطا کی ہے اور انسان کو اس سے ایک زائد قوت عطا کی ہے اور وہ عقل اور تمییز ہے اسی طرح نبی کو اللہ تعالیٰ نے ان قوتوں سے زائد ایک قوت عطا کی ہے جس قوت سے وہ غیب کا ادراک کرتا ہے اور جس طرح انسان عالم محسوسات میں ظاہری چیزوں کو دیکھتا ہے اور ان کی آوازیں سنتا ہے، حیوانات اور انسانوں کو دیکھتا ہے اور ان کی آوازیں سنتا ہے اسی طرح نبی غیب کی مخفی چیزوں کو دیکھتا ہے فرشتوں اور جنات کو دیکھتا ہے ان کی آوازیں سنتا ہے اور ان سے ہم کلام ہوتا ہے۔ اور اس سے یہ واضح ہو گیا کہ نبی اپنی حقیقت میں عام بشر اور انسان سے ممتاز ہوتا ہے اور جس طرح انسان عام حیوانوں سے خاص ہے نبی عام انسانوں سے خاص ہوتا ہے۔

نبی کی خصوصیات

امام فخر الدین رازی لکھتے ہیں:

وذکر الحلیمی فی کتاب المنہاج ان الانبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام لا بد وان یکون مخالفین لغیرھم فی القوی الجسمانیۃ والقوی الروحانیۃ۔[2]

علامہ حلیمی نے کتاب المنہاج میں لکھا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کا دوسرے انسانوں سے جسمانی اور روحانی قوتوں میں مختلف ہونا ضروری ہے۔

پھر امام رازی اس کی تفصیل میں علامہ حلیمی سے نقل کرتے ہیں کہ قوت جسمانیہ کی دو قسمیں ہیں مدرکہ اور محرکہ اور مدرکہ کی دو قسمیں ہیں، حواس ظاہرہ اور حواس باطنہ اور حواس ظاہرہ پانچ ہیں:

قوت باصرہ

قوت باصرہ کے اعتبار سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت کی یہ دلیل ہے کہ آپ نے فرمایا: میرے لیے تمام روئے زمین سمیٹ دی گئی اور میں نے اس کے تمام مشارق اور مغارب کو دیکھ لیا۔ (صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۹۰، سنن ابوداؤد، ج ۲ ص ۲۲۸، دلائل النبوۃ ج ۶ ص ۵۸۷) نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی صفیں قائم کرو اور مل کر کھڑے ہو کیونکہ میں تم کو اپنی پشت سے بھی دیکھتا ہوں۔

اس قوت کی نظیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے فرمایا: وکذلک نری ابراھیم ملکوت السمٰوٰت والارض۔ "اور اسی طرح ہم (حضرت) ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کی نشانیاں دکھاتے ہیں۔" اس آیت کی تفسیر میں مفسرین نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کی بصر کو قوی کر دیا حتیٰ کہ حضرت ابراہیم نے اعلیٰ سے لے کر اسفل تک تمام نشانیاں دیکھ لیں (اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجلی لی ما فی السمٰوٰت والارض "میرے لیے تمام آسمان اور زمین منکشف ہو گئے مسند احمد ج ۴ ص ۶۶ اور ایک روایت میں ہے فعلمت ما فی السمٰوٰت والارض "میں نے تمام آسمانوں اور زمین کو جان لیا مسند احمد ج ۱ ص ۳۶۸، سعیدی غفرلہ)

---

[1] امام محمد بن محمد غزالی متوفی ۵۰۵ھ، المنقذ من الضلال ص ۵۲، مطبوعہ ہیئۃ الاوقاف لاہور، ۱۹۷۱ء

[2] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی [illegible] تفسیر [illegible] مطبوعہ دار الفکر بیروت، الطبعۃ الثالثۃ ۱۳۹۸ھ

قوت سامعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سماعت تمام انسانوں سے زیادہ تھی کیونکہ آپ نے فرمایا آسمان چرچراتا ہے اور اس کا چرچرانا بجا ہے، آسمان میں ایک قدم کی جگہ بھی نہیں ہے مگر اس میں کوئی نہ کوئی فرشتہ سجدہ ریز ہے، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمان کے چرچرانے کی آواز سنی۔ نیز آپ نے فرمایا ایک پتھر جہنم میں گرایا جا رہا ہے جو ابھی تک جہنم کی تہہ تک نہیں پہنچا آپ نے اس کی آواز سنی۔ اس قوت کی نظیر حضرت سلیمان کو بھی عطا کی گئی کیونکہ انہوں نے چیونٹی کی آواز سنی، قرآن مجید میں ہے: قالت نملة یاایها النمل ادخلوا مساکنکم "ایک چیونٹی نے کہا: اے چیونٹیو! اپنے اپنے بلوں میں داخل ہو جاؤ" اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان کو چیونٹی کا کلام سنایا اور اس کے معنی پر مطلع کیا، اور یہ قوت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی حاصل تھی کیونکہ آپ نے بھیڑیے اور اونٹ سے کلام کیا۔

قوت شامہ نبی کی قوت شامہ کی خصوصیت پر حضرت یعقوب علیہ السلام کا واقعہ دلیل ہے، کیونکہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے یہ حکم دیا کہ میری قمیص لے جاؤ اور حضرت یعقوب کے چہرے پر ڈال دو اور قافلہ وہ قمیص لے کر روانہ ہوا تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا: انی لاجد ریح یوسف "مجھے حضرت یوسف کی خوشبو آرہی ہے" حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص کی خوشبو کئی دن کی مسافت کے فاصلے سے سونگھ لی۔

قوت ذائقہ نبی کے چکھنے کی قوت کی خصوصیت کی دلیل یہ ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گوشت کا ایک ٹکڑا چکھا تو فرمایا: اس میں زہر ملا ہوا ہے۔

قوت لامسہ نبی کی قوت لامسہ کی خصوصیت کی دلیل یہ ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا تو وہ آگ ان پر ٹھنڈک اور سلامتی ہو گئی۔

اور حواس باطنہ میں قوت حافظہ ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے سنقرئك فلا تنسی "ہم عنقریب آپ کو پڑھائیں گے پس آپ نہیں بھولیں گے" اور قوت ذکاوت ہے، حضرت علی فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے علم کے ایک ہزار باب سکھائے اور میں نے ہر باب سے ہزار باب مستنبط کیے، اور جب ولی کی ذکاوت کا یہ حال ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذکاوت کا کیا عالم ہوگا! اور قوت محرکہ کی خصوصیت میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا معراج پر جانا دلیل ہے۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زندہ چڑھتے آسمان پر جانا۔ اور حضرت ادریس اور الیاس علیہما السلام کا آسمانوں پر جانا اس کی دلیل ہے۔

انبیاء علیہم السلام کی روحانی اور عقلی قوتیں بھی انتہائی کامل ہوتی ہیں، خلاصہ یہ ہے کہ نفس قدسیہ نبویہ اپنی ماہیت میں باقی نفوس سے مختلف ہوتا ہے اور نفس نبویہ کے لوازم سے یہ ہے کہ اس کی ذکاوت، ذہانت اور حریت انتہائی کامل ہو اور وہ جسمانیات اور شہوانیات سے منزہ ہو اور جب نبی کی روح غایت صفا اور شرف میں ہوگی تو اس کا بدن بھی انتہائی صاف اور پاکیزہ ہوگا اور اس کی قوت مدرکہ اور قوت محرکہ بھی انتہائی کامل ہوگی، کیونکہ یہ قوتیں ان انوار کے قائم مقام ہیں جو انوار جوہر روح سے صادر ہوتے ہیں اور نبی کے بدن سے واصل ہوتے ہیں اور جب فاعل (روح) اور قابل (بدن) انتہائی کامل ہوں گے تو ان کے آثار بھی انتہائی کامل، مشرف اور صاف ہوں گے۔ [1]

---

[1] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ۲ ص ۴۳۲-۴۳۳، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۰ھ

نبی کے چھیالیس امتیازات

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں کہ علامہ حلیمی نے انبیاء علیہم السلام کے چھیالیس خواص ذکر کیے ہیں، یہ وہ خواص ہیں جن کی وجہ سے انبیاء علیہم السلام عام انسانوں سے ممتاز ہوتے ہیں ان خواص کی تفصیل درج ذیل ہے:-

۱۔ جو اللہ تعالیٰ سے بلا واسطہ کلام کرتا ہے۔

۲۔ بغیر کلام کے نبی پر الہام ہوتا ہے، بلکہ نبی اپنے نفس میں بغیر تقدم اور تاخر کے ایک معنی پاتا ہے جس کو محسوس نہیں کیا جا سکتا۔

۳۔ فرشتہ کو دیکھ کر اس سے وحی سنتا ہے اور اس سے کلام کرتا ہے۔

۴۔ فرشتہ نبی کے قلب پر وحی القاء کرتا ہے اور یہ القاء احکام، وعد اور وعید پر مشتمل ہوتا ہے جبکہ اولیاء اللہ کے قلب پر جو واردات ہوتی ہیں وہ حوادث اور واقعات کی اطلاعات پر مشتمل ہوتی ہیں۔

۵۔ نبی کی عقل کامل ہوتی ہے اور اس کی عقل کو کبھی کوئی عارضہ لاحق نہیں ہوتا۔

۶۔ نبی کی قوت حافظہ غیر معمولی ہوتی ہے حتیٰ کہ وہ طویل ترین سورت کو صرف ایک مرتبہ سن کر حفظ کر لیتا ہے اور اس کا ایک لفظ بھی نہیں بھولتا۔

۷۔ نبی اپنے اجتہاد میں خطاء سے محفوظ رہتا ہے (یعنی وہ خطاء پر برقرار نہیں رہتا۔ سعیدی غفرلہ)

۸۔ نبی کی ذکاوت غیر معمولی ہوتی ہے اور اس کا استنباط بھی غیر معمولی ہوتا ہے۔

۹۔ نبی کی بصر بہت تیز ہوتی ہے اور وہ زمین کے ایک حصہ سے دوسرے حصہ کی چیز دیکھ لیتا ہے۔

۱۰۔ نبی کی سماعت بہت تیز ہوتی ہے حتیٰ کہ وہ زمین کے ایک حصہ سے دوسرے حصہ کی آواز سن لیتا ہے جس کو دوسرا نہیں سن سکتا۔

۱۱۔ نبی کی قوت شامہ غیر معمولی ہوتی ہے جیسا کہ حضرت یعقوب کا دور سے حضرت یوسف کی قمیص کی خوشبو سونگھ لینا

۱۲۔ نبی کا جسم بہت قوی ہوتا ہے حتیٰ کہ وہ ایک رات میں ایک ماہ کی مسافت طے کر لیتا ہے (بلکہ اس سے بھی زیادہ ــــ سعیدی غفرلہ ــــ)

۱۳۔ نبی کا آسمانوں پر جانا۔

۱۴۔ گھنٹی کی آواز کی صورت میں وحی کو پا لینا۔

۱۵۔ بکریوں سے کلام کرنا۔

۱۶۔ نباتات سے کلام کرنا۔

۱۷۔ درخت کے تنا (شہتیر) سے کلام کرنا۔ (جیسے استن حنانہ)

۱۸۔ پتھروں سے کلام کرنا۔

۱۹۔ بھیڑیے کی آواز سے اس کا مطلب سمجھ لینا۔

۲۰۔ اونٹ کی بلبلاہٹ کو سمجھ لینا۔

۲۱۔ متکلم کو دیکھے بغیر اس کی آواز سننا

۲۲ ۔ جنات کا مشاہدہ کرنا۔
۲۳ ۔ اشیاء غائبہ کی شکلوں کا بھی پیش کیا جانا، جیسا کہ معراج کے موقع پر آپ کے سامنے بیت المقدس کی مثال پیش کی گئی۔
۲۴ ۔ کسی حادثہ سے اس کی عاقبت کو جان لینا، جب آپ کی اونٹنی بیٹھ گئی تو فرمایا اس کو اس ذات نے روک لیا جس نے ہاتھیوں کو روک لیا تھا۔
۲۵ ۔ کسی نام سے فال نکالنا کیونکہ جب سہیل بن عمرو آیا تو آپ نے فرمایا اب اللہ نے تمہارا معاملہ سہل کر دیا ہے۔
۲۶ ۔ کسی آسمانی چیز کو دیکھ کر زمین کے حادثہ پر استدلال کرنا جیسا کہ فرمایا یہ بادل بنو کعب کی مدد کا اعلان کر رہا ہے۔
۲۷۔ پس پشت دیکھنا۔
۲۸ ۔ کسی شخص کی موت سے پہلے اس کے حال پر مطلع ہونا، جیسا کہ حضرت حنظلہ کے بارے میں فرمایا میں نے دیکھا فرشتے اس کو غسل دے رہے ہیں اور وہ حالت جنابت میں شہید ہوئے۔
۲۹۔ مستقبل کی فتح کا آپ پر اظہار کر دینا جیسا کہ غزوۂ خندق میں ہوا۔
۳۰۔ دنیا میں جنت اور دوزخ کو دیکھ لینا۔
۳۱۔ فراست۔
۳۲۔ درخت کا آپ کے حکم کی اطاعت کرنا حتیٰ کہ آپ کے بلانے پر درخت جڑوں اور ٹہنیوں سمیت آیا اور آپ کے حکم سے واپس چلا گیا۔
۳۳۔ ہرنی کا آپ سے شکایت کرنا۔
۳۴۔ بغیر خطا کے خواب کی تعبیر بیان کرنا۔
۳۵۔ کھجور کے درخت کے بارے میں صحیح اندازہ لگانا کہ اس میں اتنے وسق کھجوریں ہوں گی۔
۳۶۔ احکام کی ہدایت دینا۔
۳۷۔ دین اور دنیا کے انتظام اور سیاست کی ہدایت دینا۔
۳۸۔ عالم کی ہیئت اور ترکیب کی ہدایت دینا۔
۳۹۔ بدن انسان سے متعلق طبی امور کی ہدایت دینا۔
۴۰۔ عبادات کی ہدایت دینا۔
۴۱۔ صنعتوں کی ہدایت دینا۔
۴۲۔ ما یکون (امور مستقبلہ) پر مطلع ہونا۔
۴۳۔ ما کان (امور ماضیہ) پر مطلع ہونا (جن کو پہلے کسی نے بیان نہ کیا ہو۔)
۴۴۔ لوگوں کی پوشیدہ باتوں اور بھیدوں پر مطلع ہونا۔
۴۵۔ استدلال کے طریقوں کی تعلیم دینا۔
۴۶۔ حسن معاشرت کے طریقوں پر مطلع ہونا۔
علامہ حلیمی نے لکھا ہے کہ یہ نبوت کے چھیالیس خصائص ہیں، ہر چند کہ ان میں سے بعض اوصاف غیر نبی کو بھی حاصل ہوتے

ہیں لیکن یہ اوصاف نبوت کے خصائص اس وجہ سے ہیں کہ ان میں نبی کو اصلاً خطا نہیں ہوتی جب کہ غیر نبی کو ان میں خطا لاحق ہو جاتی ہے۔ [1]

نبی اور غیر نبی کا فرق

علامہ حلیمی کی عبارت نقل کرنے کے بعد حافظ ابن حجر عسقلانی خصائص نبوت بیان کرتے ہوئے احیاء العلوم سے امام غزالی کی عبارت نقل کرتے ہیں۔ ہم قارئین کے سامنے احیاء العلوم سے امام غزالی کی اصل عبارت پیش کر رہے ہیں:

ان النبوۃ عبارۃ عما یختص بہ النبی و یفارق بہ غیرہ وھو یختص بانواع من الخواص منھا انہ یعرف حقائق الامور المتعلقۃ باللہ وصفاتہ وملائکتہ والدار الاخرۃ لاکما یعلمہ غیرہ بل عندہ من کثرۃ المعلومات وزیادۃ الیقین والتحقیق مالیس عند غیرہ ولہ صفۃ تتم لہ بھا الافعال الخارقۃ للعادات کالصفۃ التی بھا تتم لغیرہ الحرکات الاختیاریۃ، ولہ صفۃ یبصر بھا الملائکۃ ویشاھد بھا الملکوت کالصفۃ التی یفارق بھا البصیر الاعمی ولہ صفۃ بھا یدرک ما سیکون فی الغیب ویطالع بھا ما فی اللوح المحفوظ کالصفۃ التی یفارق بھا الذکی البلید [2]

نبوت ان اوصاف کو کہتے ہیں جو نبی کے ساتھ خاص ہوں اور ان اوصاف کی وجہ سے نبی اپنے غیر سے ممتاز ہو، اور یہ کئی قسم کے خصائص ہیں، نبی کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات، فرشتوں اور آخرت کے حقائق کو اس طرح جانتا ہے جس طرح ان کو کوئی نہیں جانتا، کیونکہ نبی کو ان کی جتنی معلومات ہوتی ہیں اور ان پر جتنا یقین ہوتا ہے اور جتنی تحقیق ہوتی ہے کسی اور کو نہیں ہوتی۔ اور نبی کی ایک خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ جس طرح غیر نبی کو افعال اختیاریہ پر قدرت ہوتی ہے اسی طرح نبی کو افعال خارقہ للعادات (یعنی معجزات) پر قدرت ہوتی ہے، اور نبی کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس کو ایسی صفت حاصل ہوتی ہے جس سے وہ فرشتوں کو دیکھتا ہے اور عالم ملکوت کا مشاہدہ کرتا ہے جس طرح ہم میں بینا اور نابینا کا فرق ہے، اور نبی کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس کو ایسی صفت حاصل ہوتی ہے جس سے وہ مستقبل میں ہونے والے امور غیبیہ کا ادراک کر لیتا ہے اور لوح محفوظ کا مطالعہ کرتا ہے۔ جس طرح انسان میں ذہانت کی صفت ہوتی ہے اور اس صفت سے وہ بے وقوف شخص سے ممتاز ہوتا ہے۔

امام غزالی، امام رازی، علامہ حلیمی اور حافظ ابن حجر عسقلانی کی ان تصریحات سے واضح ہو گیا کہ نبی کی حقیقت عام انسانوں سے مختلف ہوتی ہے اور ہر چند کہ نبی انسان اور بشر ہوتا ہے لیکن اس کی حقیقت میں استعداد وحی کی صلاحیت ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ عام انسانوں سے ممتاز ہوتا ہے اور نبی میں ایسی خصوصیات ہوتی ہیں جن کی وجہ سے وہ دوسرے انسانوں سے اس طرح ممتاز ہوتا ہے جس طرح دیکھنے والا، اندھے سے اور ذکی غبی سے متمیز ہوتا ہے۔

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۲ ص ۳۶۷-۳۶۶، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] امام محمد بن محمد غزالی متوفی [illegible] مطبوعہ دار الکتب العربیہ مصر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانیت کا بیان

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

قد جاء کم من اللہ نور وکتاب مبین ۝ یھدی بہ اللہ من اتبع رضوانہ سبل السلام۔ (مائدہ: ۱۶-۱۵)

بے شک اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے پاس آگیا نور اور روشن کتاب اس (نور اور کتاب) کے ذریعہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو سلامتی کے راستوں کی ہدایت دیتا ہے جو اس کی رضا کے طالب ہیں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نور کا اطلاق کیا ہے۔ کیونکہ بعض معتزلہ کو چھوڑ کر تمام متقدمین اور متاخرین مفسرین نے کہا ہے کہ نور سے مراد نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

امام بخاری، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں:

وکان یقول فی دعائہ اللھم اجعل فی قلبی نورا وفی بصری نورا وفی سمعی نورا وعن یمینی نورا وعن یساری نورا وفوقی نورا وتحتی نورا وامامی نورا وخلفی نورا واجعل لی نورا۔[1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (نماز تہجد کی) دعا میں فرماتے تھے: اے اللہ! میرے دل میں نور کر دے اور میری بصر میں نور کر دے اور میری سماعت میں نور کر دے اور میرے دائیں نور کر دے اور میرے بائیں نور کر دے اور میرے اوپر نور کر دے اور میرے نیچے نور کر دے اور میرے آگے نور کر دے اور میرے پیچھے نور کر دے اور میرے لیے نور کر دے۔

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہے۔[2]

حافظ ابن حجر عسقلانی اس حدیث کی تشریح میں لکھتے ہیں: علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جن انوار کی دعا کی ہے ان انوار سے نور حسی بھی مراد لیا جا سکتا ہے، گویا آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کے اعضاء میں ایسا نور پیدا کر دے جس سے روز قیامت کے اندھیروں میں روشنی ہو، جو روشنی آپ کو، آپ کے متبعین کو اور جنھیں اللہ تعالیٰ چاہے گا حاصل ہو گی، علامہ قرطبی نے کہا کہ اولیٰ یہ ہے کہ نور سے مجازاً علم اور ہدایت کا ارادہ کیا جائے۔ علامہ عسقلانی فرماتے ہیں کہ تحقیق یہ ہے کہ نور کی جس عضو کی طرف نسبت ہے اس عضو کا اس کے مناسبات کے لیے مظہر ہونا مراد ہے۔ سمع کا نور یہ ہے کہ وہ مسموعات کا مظہر ہو جائے اور بصر کا نور یہ ہے کہ وہ مبصرات کے لیے کاشف ہو جائے اور قلب کا نور یہ ہے کہ وہ معلومات کے لیے کاشف ہو جائے اور اعضاء کا نور یہ ہے کہ ان سے عبادات صادر ہوں۔ علامہ طیبی نے کہا کہ اعضاء کے لیے نور کی دعا کا معنی یہ ہے کہ آپ کے اعضاء معرفت الٰہی اور عبادات کے انوار سے روشن ہو جائیں اور ان میں معرفت اور عبادت کے علاوہ کچھ نہ ہو، کیونکہ شیطان چھ جہتوں سے وسوسہ کے لیے حملہ آور ہوتا ہے تو اس سے بچنا اسی طرح ممکن ہو گا کہ ان چھ جہات (دائیں، بائیں، اوپر، نیچے اور آگے، پیچھے) میں ایسے انوار ہوں جو شیطان کو حملہ سے روک سکیں۔ علامہ طیبی نے

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۳۵-۹۳۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] امام ابو الحسین مسلم بن حجاج القشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۲۶۱، ۲۶۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

کہ ان انوار سے مراد ہدایت اور حق کی روشنی ہے۔ [1]

علامہ بدرالدین عینی نے بھی علامہ قرطبی اور علامہ طیبی کی عبارات کا خلاصہ بیان کیا ہے۔ [2]

شیخ شبیر احمد عثمانی نے بھی حافظ ابن حجر کے حوالے سے علامہ قرطبی کی عبارت نقل کی ہے۔ [3]

(علامہ قرطبی نے اس دعا میں نور کو نور حسی پر بھی محمول کیا ہے اور نور ہدایت پر بھی ہر چند کہ اولی نور ہدایت کو قرار دیا ہے)۔

ملا علی قاری نے لکھا ہے کہ اس دعا میں نور کے دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں، یعنی نور حسی بھی اور نور ہدایت بھی۔ [4]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اپنے لیے نور کی دعا کی ہے اس سے اجلۂ علماء اسلام نے نور حسی اور نور ہدایت دونوں مراد لیے ہیں اور بعض دیگر احادیث میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے نور حسی کا ذکر کیا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حسی نورانیت اور حسن وجمال

ہر چند کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انسان اور بشر ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ کو حسی نورانیت بھی عطا فرمائی ہے جیسا کہ ان احادیث سے ظاہر ہے۔

امام ترمذی اپنی سند کے ساتھ ذکر فرماتے ہیں:

عن ابن عباس قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم افلج الثنيتين وكان اذا تكلم رئى كالنور يخرج من بين ثنايا‍ه۔ [5]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کے دو دانتوں میں جھری (خلاء) تھی، جب آپ گفتگو فرماتے تو آپ کے سامنے کے دانتوں سے نور کی طرح نکلتا ہوا دکھائی دیتا تھا۔

امام دارمی نے بھی اس حدیث کو اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ [6]

اس حدیث کو امام بیہقی نے بھی اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس سے روایت کیا ہے۔ [7]

حافظ الہیثمی نے بھی اس کو طبرانی فی الاوسط کے حوالے سے ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ امام طبرانی کی سند میں عبدالعزیز بن ابی ثابت ضعیف راوی ہے۔ [8]

علامہ یوسف نبہانی نے اس حدیث کو امام ترمذی، امام بیہقی، امام طبرانی کے علاوہ ابن عساکر کے حوالے سے بھی ذکر کیا ہے۔ [9]

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۱ ص ۱۱۸، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] حافظ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۲۲ ص ۲۸۷، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ مصر، ۱۳۴۰ھ

[3] شیخ شبیر احمد عثمانی متوفی ۱۳۶۹ھ، فتح الملہم ج ۲ ص ۳۲۵، مطبوعہ مکتبۃ الحجاز کراچی

[4] ملا علی بن سلطان محمد القاری متوفی ۱۰۱۴ھ، مرقات ج ۳ ص ۱۲۵، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ۱۳۹۰ھ

[5] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، شمائل ترمذی مع جامع ترمذی ص ۵۶۹، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[6] امام عبداللہ بن عبدالرحمان دارمی متوفی ۲۳۵ھ، سنن دارمی ج ۱ ص ۳۳، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[7] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، دلائل النبوۃ ج ۱ ص ۲۱۵، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، الطبعۃ الاولیٰ

[8] حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۸ ص ۲۷۹، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

[9] علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی متو[illegible] مکتبہ فریدیہ رضویہ لائل پور

امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں:

کان احسن الناس وجھا وانور ھم لونا لم یصفہ واصف قط الا شبہ وجھہ بالقمر لیلۃ البدر ویقول ھو احسن فی اعیننا من القمر ازھر اللون نیر الوجہ یتلالأ تلالؤ القمر [۱]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ لوگوں میں سب سے زیادہ حسین اور رنگ سب سے زیادہ چمکدار تھا، جو شخص بھی آپ کے چہرہ مبارک کے جمال کو بیان کرتا اس کو چودھویں رات کے چاند سے تشبیہ دیتا اور کہتا کہ آپ ہماری نظر میں چاند سے زیادہ حسین ہیں آپ کا رنگ چمکدار اور آپ کا چہرہ نورانی ہے اور چاند کی طرح چمکتا ہے۔

اس حدیث کو علامہ سیوطی نے ابونعیم کے حوالے سے ذکر کیا ہے۔ [۲]

امام دارمی اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

قال ابن عمر: ما رایت احدا اجود ولا اشجع ولا اضوأ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ [۳]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی شخص کو سخی دیکھا نہ بہادر نہ روشن چہرے والا۔

علامہ یوسف نبہانی نے بھی اس حدیث کو سنن دارمی کے حوالے سے ذکر کیا ہے۔ [۴]

امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ بیان کرتے ہیں:

عن ابن عباس قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یری باللیل فی الظلمۃ کما یری بالنھار من الضوء۔ [۵]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے اندھیرے میں بھی اسی طرح دیکھتے تھے جس طرح دن کی روشنی میں دیکھتے تھے۔

امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن انس بن مالک قال: لما قبض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اظلمت المدینۃ حتی لم ینظر بعضنا الی بعض۔ وکان احدنا یبسط یدہ فلا یبصرھا فما فرغنا من دفنہ حتی انکرنا قلوبنا۔ [۶]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو مدینہ میں اندھیرا ہو گیا، حتی کہ ہم ایک دوسرے کو نہیں دیکھ سکے، اور ہاتھ کو ہاتھ نہیں سجھائی دیتا تھا۔ ہم آپ کو دفن کر کے فارغ ہوتے تو ایک دوسرے کو نہیں پہچان پا رہے تھے۔

---

[۱] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، دلائل النبوۃ ج ۱ ص ۳۰۰، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، الطبعۃ الاولی

[۲] علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ، خصائص کبری ج ۱ ص ۶۷، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائلپور

[۳] امام عبداللہ بن عبدالرحمن دارمی متوفی ۲۵۵ھ، سنن دارمی ج ۱ ص ۳۳، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[۴] علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی متوفی ۱۳۵۰ھ، حجۃ اللہ علی العالمین ص ۶۸۹، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائل پور

[۵] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، دلائل النبوۃ ج ۶ ص ۷۵، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، الطبعۃ الاولی

[۶] " " " " ، دلائل النبوۃ ج ۷ ص ۲۶۵، " " "

اس حدیث کو علامہ سیوطی نے ابن سعد، حاکم اور بیہقی کے حوالے سے ذکر کیا ہے۔ [1]

علامہ ابن جوزی بیان کرتے ہیں:

عن ابن عباس: لم یکن لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظل، ولم یقم مع شمس قط الا غلب ضوءہ ضوء الشمس ولم یقم مع سراج قط الا غلب ضوءہ علی ضوء السراج [2]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا، آپ جب بھی سورج کے سامنے کھڑے ہوتے آپ کا نور سورج کی روشنی پر غالب رہتا، اور آپ جب بھی چراغ کے سامنے کھڑے ہوتے آپ کا نور چراغ کے نور پر غالب رہتا۔

علامہ سیوطی، ابن عساکر کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

عن عائشۃ قالت کنت اخیط فی السحر فسقطت منی الابرۃ فطلبتها فلم اقدر علیها فدخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتبینت الابرۃ بشعاع نور وجهه فاخبرته فقال یا حمیراء الویل ثم الویل ثلاثا لمن حرم النظر الی وجهی۔ [3]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں سحری کے وقت سی رہی تھی، مجھ سے سوئی گر گئی میں نے اس کو ڈھونڈا لیکن وہ مجھے نہیں ملی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور آپ کے چہرہ کے نور کی شعاع سے وہ سوئی مل گئی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بتایا، آپ نے فرمایا اے حمیرا! افسوس ہو، پھر تین بار فرمایا اس شخص کے لیے افسوس ہو جو میرا چہرہ دیکھنے سے محروم رہا (یعنی جس نے باوجود زیارت پر قدرت کے میری زیارت نہیں کی۔)

علامہ نبہانی نے بھی اس حدیث کو ابن عساکر کے حوالے سے بیان کیا ہے۔ [4]

مولانا عبدالحئی لکھنوی لکھتے ہیں کہ یہ روایت روایۃً اور درایۃً ثابت نہیں ہے۔ (الآثار المرفوعۃ ص ۴۵)

قرآن مجید کی نصوص قطعیہ سے جو چیز صراحت کے ساتھ ثابت ہے وہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے انسان اور بشر ہیں جس پر وحی آتی ہے اور نور بھی ہیں، نور ہدایت کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو نور حسّی سے بھی وافر حصہ عنایت فرمایا ہے جیسا کہ مذکور الصدر احادیث سے واضح ہوتا ہے اور یہ آپ کی دیگر خصوصیات کی طرح ایک خصوصیت ہے۔

بشریت کا نورانیت سے افضل ہونا

ہر چند کہ احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حسّی نورانیت کی تصریح ہے اور یہ آپ کی خصوصیت ہے لیکن اس غلط فہمی میں مبتلا نہیں ہونا چاہیے کہ نورانیت افضل ہے اور بشریت مفضول ہے اور نہ یہ سمجھنا چاہیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عام انسانوں کی طرح بشر ہیں۔ عام

[1] علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ، خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۸، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائلپور

[2] علامہ ابوالفرج عبدالرحمان بن الجوزی متوفی ۵۹۷ھ، الوفاء باحوال المصطفیٰ ص ۴۰۷، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ۔ لائلپور ۱۳۸۲ھ

[3] علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ، خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۳-۶۴، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائلپور

[4] علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی متوفی [illegible] مکتبہ نوریہ رضویہ لائلپور

انسانوں کی طرح جو بشری کثافتیں اور مادی غلاظتیں ہوتی ہیں۔ انبیاء علیہم السلام ان تمام سے منزہ ہوتے ہیں خصوصاً نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت کائنات میں سب سے اعلیٰ اور افضل بشریت ہے اور ہر قسم کی مادی آلائش اور جسمانی کثافت سے پاک ہے، بشریت یوں بھی نورانیت سے افضل ہے کتب عقائد میں لکھا ہے کہ رسل بشر رسل ملائکہ سے افضل ہیں اور عوام بشر عوام ملائکہ سے افضل ہیں[1] اور جو بشریت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت کا جزو ہے۔ اس کے افضل خلائق ہونے میں کسی کو کیا شبہ ہو سکتا ہے، نور ہو یا کوئی اور عنصر تخلیق، آپ کے مادہ خلقت سے کسی چیز کو کیا نسبت ہے۔ اصل میں منشاء فضیلت آپ کی ذات ہے۔ بشر بھی اس لیے افضل ہے کہ آپ بشر ہیں، اگر آپ بشر نہ ہوتے تو بشریت کا یہ مقام نہ ہوتا، اور اگر آپ انسان نہ ہوتے تو انسانیت کو یہ عروج نہ ہوتا، انسانیت کا احترام بھی آپ سے ہے اور بشریت کی عزت بھی آپ سے ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بے مثل ہونا

آپ افضل البشر اور انسان کامل ہیں عام انسان اور بشر تو کجا تمام نبیوں اور رسولوں میں کوئی آپ کی مثل نہیں ہے۔ آپ کی آنکھیں دیکھئے! فرمایا انی اری مالا ترون۔ (ترمذی ص ۳۳۶) "میں وہ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے" فرمایا! واللہ ما یخفی علی رکوعکم ولا خشوعکم وانی اراکم من وراء ظھری (بخاری ج ۱ ص ۱۰۲) "بخدا مجھ پر تمہارا رکوع مخفی ہے نہ خشوع مخفی ہے اور بے شک میں تم کو اپنی پشت کے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں" نیز فرمایا "میں حوض کوثر کو دیکھ رہا ہوں" آپ نے نماز کسوف (سورج گرہن کی نماز) پڑھاتے ہوئے جنت اور دوزخ کو دیکھا۔ جن کی نظر کی جولانی کا یہ عالم ہے کہ اوپر نظر اٹھائیں تو سات آسمان ان کی نظر کے لیے حجاب نہیں اور نیچے نظر فرمائیں تو سات زمینیں ان کی نظر کے لیے رکاوٹ نہیں۔ آسمان اور زمین، جنت اور دوزخ بلکہ دنیا و آخرت کی تو کیا حقیقت ہے جس ذات کو کوئی نبی اور رسول نہیں دیکھ سکا آپ نے اس ذات کو دیکھا۔

حسن الوہیت کو بے حجاب دیکھا اور اس طرح دیکھا کہ دکھانے والے نے بھی داد دی اور کہا ما زاغ البصر وما طغی "نظر بہکی نہ کج ہوئی" یہ وہ آنکھیں ایسی ہیں کہ جاگیں تو ریاضت اور سوئیں تو عبادت! فرمایا میری آنکھیں سو جاتی ہیں اور دل نہیں سوتا، یونہی تو نہیں کہا تھا: انی لست کھیئتکم[2] "میں تمہاری مثل نہیں ہوں!"

سماعت دیکھئے! فرمایا انی اسمع مالا تسمعون[3] "میں وہ سنتا ہوں جو تم نہیں سنتے"، فرشتوں کی باتیں سنتے ہیں حیوانات اور جنات کا کلام سنتے ہیں، حتیٰ کہ شجر و حجر کی آوازیں بھی سنتے ہیں، یہ سب چیزیں الگ رہیں خالق کائنات کا کلام سنتے ہیں اس کلام کو سنتے ہیں جو اگر پہاڑ پر نازل ہو تو پہاڑ پھٹ جائے! جبھی تو کہا تھا کہ ایکم مثلی[4] "تم میں مجھ جیسا کون ہے؟"

لعاب دہن کو دیکھئے! یہ لعاب حضرت علی کی دکھتی ہوئی آنکھوں میں پہنچا تو ایسی ٹھیک ہوئیں کہ پھر کبھی دکھنے نہ آئیں، ایک جنگ میں حضرت قتادہ بن نعمان کی آنکھ کا ڈھیلا نکل گیا، آپ نے لعاب دہن لگا کر وہ ڈھیلا اپنی جگہ رکھا، حضرت قتادہ کہتے ہیں کہ پیدائشی آنکھ سے اتنا نہیں دکھائی دیتا تھا جتنا آپ کے ہاتھ سے لگائی ہوئی آنکھ سے دکھائی دیتا تھا، حضرت سلمہ بن اکوع کی پنڈلی کو اسی لعاب

---

[1] علامہ سعد الدین تفتازانی متوفی ۷۹۲ھ، شرح العقائد، ص ۱۷۶ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی

[2] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۵۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[3] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۳۶ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[4] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۵۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

سے جوڑا، حضرت رافع کی ٹوٹی ہوئی ٹانگ اسی لعاب سے جوڑ دی، حضرت ابوبکر کی زہر خوردہ ایڑی میں یہ لعاب لگایا تو زہر کا اثر جاتا رہا، حضرت جابر کی ہنڈیا میں لعاب ڈالا تو ایسی برکت ہوئی کہ تھوڑا سا کھانا تمام لشکر کے لیے کافی ہوگیا، کھارے کنوئیں میں یہ لعاب ڈالا تو میٹھا ہوگیا، فقط پانی کا ذائقہ نہیں بدلا زمین کی ماہیت بدل گئی۔!

صرف زمین کی ماہیت نہیں بدلی، لوگوں کے دل ودماغ بدل دیئے، فکر ونظر میں انقلاب پیدا کر دیا، یہ زبان کی تاثیر تھی اور یہ نظر کا فیضان ہے کہ چوروں، ڈاکوؤں، خائنوں اور لٹیروں کو لوگوں کی جان ومال اور عزت وآبرو کا امین اور محافظ بنا دیا، جو گلہ بانی کے آداب سے ناواقف تھے انہیں جہانگیر اور جہاں بان بنا دیا، بت پرست بت شکن ہوگئے، ریگ زار عرب کے وہ بدو جو رہن سہن کے آداب سے ناواقف تھے، ایک عالم کو تہذیب اور تمدن کا سبق سکھانے لگے!

یوں تو آپ کی بہت فضیلتیں ہیں، آپ کا بول وبراز طاہر تھا، آپ کے تمام فضلات طیب تھے، جس نے آپ کا پیشاب پی لیا اس کی بیماری جاتی رہی، جس نے فصد لگانے کے بعد آپ کا نکلا ہوا خون پی لیا اس پر دوزخ حرام ہوگئی، آپ کا پسینہ خوشبودار تھا، آپ کے جسم پر مکھی نہیں بیٹھتی تھی، زمین پر سایہ نہیں پڑتا تھا، دھوپ میں ابر سایہ کرتا تھا، اشارے سے سورج پلٹ آتا تھا اور چاند شق ہو جاتا تھا، لکڑی کو کہیں "تلوار ہو جا" تو تلوار ہو جاتی تھی، لیکن آپ کی اصل فضیلت اور کمال یہ ہے کہ آپ نے سب نبیوں سے کم تبلیغ کا زمانہ پایا اور سب سے زیادہ پیروکار چھوڑے، اور اپنے مشن اور نصب العین کو سب سے زیادہ پورا کیا۔ دوسرے نبیوں نے معجزات کے سہارے لوگوں کو مسلمان کیا۔ آپ نے اپنی پاکیزہ زندگی اور سیرت طیبہ سے لوگوں کو مسلمان کیا۔ اعلانِ نبوت سنتے ہی فوراً کسی دلیل اور معجزے کے بغیر حضرت خدیجۃ الکبریٰ اسلام لائیں، یہ آپ کی زوجہ تھیں، حضرت ابوبکر صدیق مسلمان ہوئے، یہ آپ کے دوست تھے اور حضرت زید بن حارثہ مسلمان ہوئے یہ آپ کے غلام تھے۔ ان میں سے کسی نے کوئی معجزہ نہیں دیکھا کوئی دلیل نہیں طلب کی۔ یہ صرف آپ کی سیرت کا اعجاز تھا، یہ آپ کی پاکیزہ زندگی کا کرشمہ تھا، جیسے جیسے آپ کی سیرت کا نور پھیلتا گیا، جیسے جیسے لوگ آپ کی شخصیت سے واقف ہوتے گئے، اسلام پھیلتا گیا، ہزاروں نبی اور رسول آئے اور تبلیغ کر کے چلے گئے لیکن کسی نبی اور رسول کی اصل تعلیم اور پیغام باقی نہیں ہے، کسی کی لائی ہوئی کتاب کا اصل متن تک موجود نہیں ہے لیکن آج چودہ سو سال گزر جانے کے بعد بھی آپ کی تعلیم اور آپ کا پیغام باقی ہے اور آپ کا مشن جاری ہے اور ان شاء اللہ قیامت تک جاری رہے گا یہی آپ کا نور ہے اور اسی نور کو پھیلانے کی ضرورت ہے۔

قرآن مجید کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اول الخلق ہونا

علماء اہل سنت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے پہلے آپ کی خلقت کے قائل ہیں، حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

اجسام سے قبل عالم امر میں ذوات انبیاء علیہم السلام کا موجود ہونا نص قرآن سے ثابت ہے جس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ ذات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم بطریق اولیٰ عالم ارواح میں موجود ہو، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے:

واذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما اتیتکم من کتاب وحکمۃ ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ ولتنصرنہ قال ءاقررتم واخذتم علی ذلکم اصری

اور جب اللہ نے نبیوں سے یہ عہد لیا کہ جو کچھ میں تم کو کتاب اور حکمت سے دوں پھر تمہارے پاس وہ عظیم رسول آجائے جو اس چیز کی تصدیق کرے جو تمہارے پاس [illegible] ایمان لانا اور ضرور بہ ضرور اس کی مدد کرنا۔

اقررنا قال فاشھدوا وانا معکم من الشاھدین ۰ فمن تولی بعد ذلک فاولئک ھم الفاسقون ۔ (آل عمران : ۸۱-۸۲)

فرمایا: کیا تم نے اقرار کر لیا اور اس شرط پر میرے عہد کو قبول کر لیا؟ سب نے کہا ہم نے اقرار کر لیا، فرمایا تو اب گواہ ہو جاؤ اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں، پھر جو اس (عہد) کے بعد پھر جائے تو وہی لوگ نافرمان ہیں ۔

واذ اخذ ربک من بنی آدم من ظھورھم ذریتھم واشھدھم علی انفسھم الست بربکم ط قالوا بلی شھدنا ۔ (اعراف : ۱۷۲)

اور جب آپ کے رب نے بنو آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے ان کی جانوں پر (یہ) اقرار کرایا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں، انھوں نے کہا: کیوں نہیں (واقعی بےشک تو ہمارا رب ہے!) ہم نے اقرار کیا۔

تمام نفوس بنی آدم سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نفس قدسی نے بلی کہہ کر اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا اقرار فرمایا اور باقی تمام نفوس بنی آدم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اقرار پر اقرار کیا، اس واقعہ کا مقتضیٰ بھی یہی ہے کہ ذات پاک مصطفوی علیہ التحیۃ والثناء مخلوق ہو کر عدم سے وجود میں جلوہ گر ہو چکی تھی، نیز فرمایا:

واذ اخذنا من النبیین میثاقھم ومنک ومن نوح وابراھیم وموسی وعیسی ابن مریم وا اخذنا منھم میثاقا غلیظا (احزاب: ۷)

اور جب ہم نے نبیوں سے ان کا اقرار لیا اور آپ سے اور نوح سے اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ بن مریم سے اور ہم نے ان سے پکا اقرار لیا۔

اس آیت میں جس عہد اور اقرار کا بیان ہے وہ تبلیغ رسالت پر ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے جہاں دیگر انبیاء علیہم السلام سے تبلیغ رسالت پر عہد لیا وہاں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی یہ عہد و اقرار کرایا یہ واقعہ بھی عالم ارواح کا ہے، ظاہر ہے کہ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خلقت اس وقت نہ ہو گئی ہوتی تو اس عہد و اقرار کا ہونا کس طرح متصور ہوتا۔

رہا یہ کہ خلقت محمدی تمام کائنات اور خصوصاً جمیع انبیاء کرام علیہم السلام کی خلقت سے پہلے ہے تو اس مضمون کی طرف قرآن کی بعض آیات میں واضح اشارات پائے جاتے ہیں، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین ۔ (انبیاء : ۱۰۷)

(اے محمد مصطفیٰ!) ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلا استثناء تمام عالمین کے لیے رحمت ہیں اور عالم ماسوا اللہ کو کہتے ہیں تو یہ بات بخوبی روشن ہو گئی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر فرد عالم کے لیے رحمت ہیں اور حضور کے رحمت ہونے کے یہ معنی ہیں کہ مرتبہ ایجاد میں تمام عالم کا موجود ہونا بواسطہ وجود سید الموجودات کے ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اصل ایجاد ہیں، حضور کے بغیر کوئی فرد ممکن موجود نہیں ہو سکتا، وجود نعمت ہے اور عدم اس کی ضد، کل موجودات نعمت وجود میں حضور کے دامن رحمت سے وابستہ ہیں ظاہر ہے کہ جو ذات کسی کے وجود کا سبب اور واسطہ ہو وہ یقیناً اس کے لیے رحمت ہے، رحمت کی حاجت ہوتی ہے اور جس چیز کی حاجت ہو وہ محتاج سے پہلے ہوتی ہے چونکہ تمام عالمین اپنے وجود میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے محتاج ہیں اس لیے سب سے پہلے حضور کا وجود ضروری ہو گا، نیز یہ کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم عالمین کے وجود کا سبب اور ان کے موجود ہونے میں واسطہ ہیں تو اس وجہ سے بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عالمین سے پہلے موجود اور مخلوق ہونا ضروری ہے کیونکہ سبب اور واسطہ ہمیشہ پہلے ہوا کرتا ہے ، علاوہ ازیں اسی آیت سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اصل کائنات ہونا بھی ثابت ہے اور سب جانتے ہیں کہ اصل کا وجود فروع سے پہلے ہوتا ہے ۔

اس لیے ذات پاک محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خلقت اصل کائنات ہونے کی حیثیت سے کل موجودات اور عالمین سے پہلے ہے۔ الحمد للہ خوب واضح ہو گیا کہ خلقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم تمام موجودات عالم سے پہلے ہے۔

دوسری آیت جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اولیت خلقت کی طرف واضح اشارہ پایا جاتا ہے یہ ہے:

انا اول المسلمین (انعام: ۱۶۳) میں سب سے پہلا مسلم ہوں۔

صاحب عرائس البیان فرماتے ہیں، اس آیت میں یہ اشارہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک اور سر ہر مقدس جمیع کون یعنی تمام ماسوی اللہ پر مقدم ہے (عرائس البیان ج ا ص ۲۳۸)

ظاہر ہے کہ اختیاری یا غیر اختیاری اسلام سے تو عالم کا کوئی ذرہ خالی نہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ولہ اسلم من فی السموات ومن فی الارض طوعا وکرھا والیہ یرجعون ۔ پھر اسلام لانے والوں سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اسی وقت ہو سکتے ہیں جب کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سب سے پہلے ہوں، لہٰذا اس آیت سے بھی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خلقت تمام کائنات سے پہلے معلوم ہوئی۔ [۱]

احادیث کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اوّل الخلق ہونا

امام ترمذی اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ قال، قالوا یا رسول اللہ متی وجبت لک النبوۃ قال و آدم بین الروح والجسد [۲]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کے لیے نبوت کب واجب ہوئی؟ آپ نے فرمایا جس وقت آدم روح اور جسم کے درمیان تھے۔

امام ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح قرار دیا ہے۔ اس حدیث کو امام ابونعیم نے بھی روایت کیا ہے۔ [۳]

امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن میسرۃ الفجر قال قلت یا رسول اللہ! متی کنت نبیا؟ قال: و آدم بین الروح والجسد [۴]

حضرت میسرۃ الفجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کس وقت نبی تھے؟ فرمایا جس وقت آدم روح اور جسم کے درمیان تھے۔

اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ [۵]

امام احمد نے اس حدیث کو بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی روایت کیا ہے۔ [۶]

۱۔ علامہ سید احمد سعید کاظمی متوفی ۱۴۰۶ھ، مقالات کاظمی ج ا ص ۵۳-۴۹، مطبوعہ مکتبہ فریدیہ ساہیوال، ۱۳۹۰ھ

۲۔ امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۵۱۹، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی۔

۳۔ امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہانی متوفی ۴۳۰ھ، دلائل النبوۃ ج ا ص ۴۸، مطبوعہ دار النفائس

۴۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، دلائل النبوۃ ج ۲ ص ۱۲۹، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۵۔ امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۵ ص ۵۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ

۶۔ ″ ″ مسند احمد [illegible] بیروت ۱۳۹۸ھ

امام بیہقی نے اس حدیث کو حضرت ابوہریرہ اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہما سے بھی روایت کیا ہے۔ [۱]

امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عرباض بن سارية صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: انى عبد الله وخاتم النبيين وابى منجدل فى طينته وسا خبركم عن ذلك دعوة ابى ابراهيم وبشارة عيسى ورؤيا امى التى رأت وكذلك امهات النبيين يرين۔ [۲]

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: میں اللہ کا بندہ اور خاتم النبیین ہوں، اور میرے باپ (ابھی) اپنی مٹی میں تھے، اور میں تم کو عنقریب اس کی خبر دوں گا، میں اپنے باپ ابراہیم کی دعا ہوں اور عیسیٰ کی بشارت ہوں اور اپنی ماں کا وہ خواب ہوں جو انہوں نے دیکھا تھا، اور نبیوں کی مائیں اسی طرح خواب دیکھتی ہیں۔

اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ [۳]

اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے [۴]

امام ذہبی نے بھی اس کی توثیق کی ہے۔ [۵]

حافظ الہیثمی نے اس حدیث کو امام احمد، امام طبرانی اور امام بزار کے حوالے سے ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ امام احمد نے اس حدیث کی جو سند بیان کی ہے اس کے راوی صحیح ہیں، البتہ ایک راوی سعید بن سوید میں کلام ہے لیکن امام ابن حبان نے اس کی توثیق کی ہے۔ [۶]

شیخ اشرف علی تھانوی ذکر کرتے ہیں:

شعبی سے روایت ہے کہ ایک شخص نے ذکر کیا: یارسول اللہ! آپ کب نبی بنائے گئے؟ آپ نے فرمایا کہ آدم اس وقت روح اور جسد کے درمیان تھے جبکہ مجھ سے میثاق (نبوت کا) لیا گیا، کما قال تعالیٰ واذ اخذنا من النبيين ميثاقهم ومنك ومن نوح الاية۔ روایت کیا اس کو ابن سعد نے جابر جعفی کی روایت سے ابن رجب کے ذکر کے موافق۔ [۷]

نیز شیخ تھانوی ذکر کرتے ہیں:

حضرت علی بن الحسین (یعنی امام زین العابدین) سے روایت ہے وہ اپنے باپ حضرت امام حسین اور وہ ان کے جد امجد یعنی

---

[۱] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، دلائل النبوۃ ج ۲ ص ۱۳۰، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[۲] 〃 〃 ، دلائل النبوۃ ج ۲ ص ۱۳۰، ج ۱ ص ۸۰، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[۳] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۴ ص ۱۲۸۔۱۲۷، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ

[۴] امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ، مستدرک ج ۲ ص ۶۰۰، مطبوعہ دار الباز للنشر والتوزیع مکہ مکرمہ

[۵] علامہ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی متوفی ۷۴۸ھ، تلخیص المستدرک ج ۲ ص ۶۰۰ 〃 〃

[۶] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۸ ص ۲۲۳، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

[۷] شیخ اشرف علی تھانوی متوفی ۱۳۶۲ھ، نشر الطیب ص ۸، مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی

حضرت علی سے نقل کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں آدم علیہ السلام کے پیدا ہونے سے چودہ ہزار برس پہلے اپنے پروردگار کے حضور میں ایک نور تھا۔ [1]

اس حدیث کو علامہ سیوطی نے بھی ابوسہل القطان کے حوالے سے ذکر کیا ہے۔ [2]

علامہ ابن جوزی کرتے ہیں:

عن کعب الاحبار قال، لما اراد اللہ تعالیٰ ان یخلق محمدا صلی اللہ علیہ وسلم امر جبرئیل علیہ السلام ان یاتیہ فاتاہ بالقبضۃ البیضاء التی ھی موضع قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فعجنت بماء التسنیم، ثم غمست فی انہار الجنۃ وطیف بہا فی السموت والارض، فعرفت الملائکۃ محمدا قبل ان تعرف آدم، ثم کان نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم یری فی غرۃ جبھۃ آدم وقیل لہ ھذا سید ولدک من الانبیاء والمرسلین [3]

کعب احبار سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا کرنے کا ارادہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے جبریل علیہ السلام کو مٹی لانے کا حکم دیا، جبریل، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی جگہ سے سفید مٹی لے کر آئے اس مٹی کو تسنیم (جنت کی نہر) کے پانی سے گوندھا گیا، پھر اس کو جنت کی نہروں میں غوطہ دیا گیا اور آسمانوں اور زمینوں میں اس مٹی کو گھمایا گیا، پس فرشتوں نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو آدم (علیہ السلام) کے پہچاننے سے پہلے جان لیا، پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نور آدم کی پیشانی میں دکھائی دیتا تھا اور آدم علیہ السلام سے کہا گیا کہ یہ تمہاری اولاد میں سے انبیاء اور مرسلین کے سردار ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اول الخلق ہونے کے بارے میں علماء کے نظریات اور مصنف کا موقف

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اول خلق ہونے کے بارے میں اکثر علماء اسلام کا اتفاق ہے لیکن اس میں علماء اسلام کی آراء مختلف ہیں کہ اول خلق کا مصداق کیا ہے؟ علامہ شہاب الدین خفاجی کی رائے یہ ہے کہ سب سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پیدا کی گئی، علامہ ابن جوزی کی رائے یہ ہے کہ حضرت آدم کی خلقت سے پہلے سفید نورانی مٹی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا کیا گیا، علامہ قسطلانی کی رائے یہ ہے کہ سب سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کو پیدا کیا گیا۔ علامہ سیوطی کی رائے یہ ہے کہ سب سے پہلے آپ کی روح یا آپ کی حقیقت کو پیدا کیا گیا۔ علامہ سبکی نے بھی یہی کہا ہے۔

ظاہر ہے کہ یہ مختلف نظریات اس وجہ سے ہیں کہ قرآن مجید کی کسی نص صریح یا کسی حدیث میں اس کی تصریح اور تعیین نہیں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے پہلے کس مادہ سے پیدا کیا گیا۔ اور قرآن اور حدیث نے اس چیز سے اس لیے تعرض نہیں کیا کہ ہماری

---

[1] شیخ اشرف علی تھانوی متوفی ۱۳۶۲ھ، نشر الطیب ص ۹، مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی
[2] علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ، خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۳، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائلپور
[3] علامہ ابوالفرج عبدالرحمان بن الجوزی [illegible] ۳۴-۳۵، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائلپور

دنیاوی فوز و فلاح اور اخروی سعادت کا مدار اس چیز پر نہیں ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مادہ خلقت کو جانیں! اس لیے اس میں بحث کرنے کے بجائے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اول خلق ہونے کا کیا مصداق تھا؟ ہماری توجہ اس پر مبذول رہنی چاہیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمارے پاس بھیجنے کا کیا مقصد ہے؟ اور آپ کی تعلیمات کیا ہیں؟ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت اور افضلیت جاننے کے لیے یہ چیز کافی ہے کہ حدیث یہ ہے کہ آپ کے لیے نبوت اس وقت واجب ہوئی جب حضرت آدم جسم اور روح کے درمیان تھے اور اس بحث میں پڑنا اور یہ موشگافیاں کرنا غیر ضروری ہے کہ اس وقت آپ کا جسم مٹی سے بنایا گیا تھا یا نور سے یا اس جسم کی حقیقت مجہول ہے، کیونکہ یہ تمام آراء اور نظریات کسی قطعی دلیل پر مبنی نہیں ہیں۔ تاہم اگر یہ کہا جائے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روح سب سے پہلے پیدا کی گئی اور جب آپ کی ولادت ہوئی تو آپ کا جسم پیدا کیا گیا تو یہ ظاہر قرآن اور حدیث کے اور عام اصول فطرت کے مطابق ہے۔

اب ہم قارئین کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اول خلق ہونے کے مصداق کے بارے میں علماء اسلام کے نظریات پیش کر رہے ہیں۔ اختصار کے پیش نظر ہم صرف ترجمہ کر رہے ہیں۔

علامہ احمد قسطلانی لکھتے ہیں:

شیخ تقی الدین سبکی نے لکھا ہے کہ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اجسام پیدا کرنے سے پہلے ارواح کو پیدا کیا اور کنت نبیا سے آپ کی روح شریفہ کی طرف اشارہ ہے۔ [1]

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ علامہ قسطلانی اور علامہ سبکی کے نزدیک اول خلق سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارکہ ہے۔

علامہ قسطلانی لکھتے ہیں:

جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کرنے اور رزق کو مقدر کرنے کا ارادہ کیا تو اس نے حضرت احدیہ میں انوار صمدیہ سے حقیقت محمدیہ کو ظاہر کیا پھر تمام علوی اور سفلی عالموں کو ان کی صورتوں کے اعتبار سے اپنے علم کے مطابق اس حقیقت سے نکالا پھر اللہ تعالیٰ نے اس حقیقت کو یہ بتایا کہ وہ نبی ہے اور اس کو رسالت کی بشارت دی یہ اس وقت ہوا جب ہنوز آدم پیدا نہیں ہوئے تھے بلکہ وہ روح اور جسم کے درمیان تھے جیسا کہ ارشاد رسالت ہے۔ پھر آپ سے ارواحِ صافیہ کا ظہور ہوا اس وقت ملأ اعلیٰ میں آپ کا ظہور ہو چکا تھا اور آپ ان کے لیے (فیض کا) چشمہ شیریں بن چکے تھے۔ لہٰذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام اجناس کے لیے جنس عالی اور تمام موجودات اور لوگوں کے لیے اب اکبر ہیں۔ [2]

اس عبارت سے ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول خلق باین معنی ہیں کہ آپ تمام اجناس کے لیے جنسِ عالی اور تمام انسانوں کے لیے اب اکبر ہیں۔

اس کے بعد علامہ قسطلانی لکھتے ہیں:

عارف ربانی عبداللہ بن ابی جمرہ نے اپنی کتاب بہجۃ النفوس میں اور ان سے پہلے ابن سبع نے تشنا الصدور میں کعب احبار سے روایت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو پیدا کرنے کا ارادہ کیا تو جبریل کو حکم دیا کہ زمین سے اس مٹی کو لے کر آئیں جو زمین کا قلب ہو، اور سب سے اچھی مٹی ہو تاکہ میں اس کو منور کروں، پھر جبریل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی جگہ کی مٹی لی درآں حالیکہ یہ سفید اور روشن تھی اس مٹی کو جنت کی نہروں کے پانی سے گوندھا گیا حتیٰ کہ یہ چمکدار موتی کی طرح ہو گئی اور اس کی عظیم شعاعیں تھیں، پھر فرشتے اس مٹی کو لے کر عرش، کرسی، آسمانوں، زمینوں، پہاڑوں

---

[1] علامہ احمد بن محمد بن ابی بکر الخطیب قسطلانی متوفی ۹۱۱ھ، المواہب اللدنیہ ج ۱ ص ۷، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[2] ” ” ” ” ، المواہب اللدنیہ ج ۱ ص ۵ ، ” ”

اور سمندروں میں گئے اور تمام فرشتوں اور تمام مخلوق نے سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ کی فضیلت کو آدم علیہ السلام سے پہلے جان لیا (یعنی فرشتوں نے پہلے آپ کو جانا اور پھر حضرت آدم کو جانا) اور ایک قول یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین سے فرمایا: خوشی اور ناخوشی سے میرے پاس آؤ! تو زمین سے کعبہ شریفہ اور آسمانوں سے کعبہ کے مقابل آسمان نے کہا ہم خوشی سے آتے ہیں اور حضرت ابن عباس نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مٹی کی اصل مکہ میں زمین کی ناف ہے۔ بعض علماء نے کہا اس میں یہ اشارہ ہے کہ زمین کے جس حصہ نے جواب دیا تھا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اصل کا ذرّہ تھا اور کعبہ کی جگہ کو پھیلا کر زمین بنائی گئی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی تکوین کی اصل ہیں اور باقی کائنات اس کے تابع ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ آپ کو اُمّی اس لیے کہا جاتا ہے کہ مکہ ام القریٰ ہے اور آپ کا ذرہ مکہ سے لیا گیا، اگر یہ اعتراض ہو کہ کسی شخص کی مٹی اس کے مدفن سے لی جاتی ہے اس کا تقاضا یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مدفن مکہ ہو کیونکہ آپ کی مٹی مکہ سے لی گئی ہے صاحب عوارف المعارف نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ جب پانی کا طوفان آیا تو پانی کی موجوں سے وہ ذرّہ اس جگہ چلا گیا جہاں مدینہ میں آپ کا مدفن ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکی بھی ہیں اور مدنی بھی۔[1]

علامہ قسطلانی نے جو عبارات نقل کی ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک آپ کا اول خلق ہونا بایں معنی ہے کہ آپ آدم علیہ السلام سے پہلے پیدا کیے گئے اور آپ کا مادہ خلقت مٹی ہے۔

اس کے بعد علامہ قسطلانی لکھتے ہیں:

عبدالرزاق نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ پر میرے ماں باپ فدا ہوں یہ بتلائیے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے کس چیز کو پیدا کیا؟ آپ نے فرمایا: اے جابر! اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی کے نور کو اپنے نور سے پیدا کیا پھر یہ نور قدرت الٰہی سے جہاں اللہ نے چاہا سیر کرتا رہا اس وقت لوح تھی نہ قلم، جنت تھی نہ دوزخ، نہ فرشتہ تھا نہ آسمان نہ زمین نہ سورج نہ چاند نہ جن اور نہ انس، پھر جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کرنا چاہا تو اس نور کے چار حصے کیے پہلے حصہ سے قلم پیدا کیا، دوسرے حصہ سے لوح، تیسرے حصہ سے عرش پھر چوتھے حصہ کے چار ٹکڑے کیے پہلے حصہ سے حاملین عرش کو پیدا کیا، دوسرے سے کرسی کو تیسرے حصہ سے باقی ملائکہ کو، چوتھے حصہ کے پھر چار حصے کیے پہلے حصہ سے آسمان دوسرے سے زمین تیسرے سے جنت اور دوزخ اور چوتھے حصہ کے پھر چار حصے کیے پہلے حصہ سے مومنین کی آنکھوں کا نور دوسرے حصہ سے ان کے دلوں کا نور اور وہ معرفت الٰہی ہے اور تیسرے حصہ سے دلوں کا اُنس یعنی کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پیدا کیا۔ الحدیث۔[2]

علامہ قسطلانی نے جو یہ روایت (؟) نقل کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام اشیاء کے اعتبار سے اول خلق ہیں اور آپ کا مادہ خلقت نور ہے۔

علامہ جلال الدین سیوطی اس بحث میں لکھتے ہیں:

اگر یہ اعتراض ہو کہ نبوت ایک وصف ہے اور اس کا موصوف موجود ہونا چاہیے اور نبوت سے چالیس سال کے بعد اتصاف

---

[1] علامہ احمد بن محمد بن ابی بکر الخطیب قسطلانی متوفی ۹۱۱ھ، المواہب اللدنیہ ج ۱ ص ۵، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[2] " " " "

ہوتا ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجنے سے پہلے آپ کا نبوت سے موصوف ہونا کیسے صحیح ہوگا اس کا جواب یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اجسام سے پہلے ارواح کو پیدا کیا ہے اور کنت نبیاً میں آپ کی روح شریفہ کی طرف اشارہ ہے یا آپ کی حقیقت کی طرف اشارہ ہے اور حقائق کے ادراک سے ہماری عقول قاصر ہیں حقائق کا ادراک صرف ان حقائق کا خالق ہی کر سکتا ہے۔ لہ

غور فرمائیے امام بیہقی کے نزدیک کنت نبیاً کا معنی ہے میں اللہ کے علم اور تقدیر میں نبی تھا ــــــــ

ــــــ اور علامہ قسطلانی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اول خلق ہونے کے بارے میں یہ نقل کیا ہے کہ سب سے پہلے آپ کی روح کو خلق کیا گیا، آدم علیہ السلام سے پہلے آپ کو مٹی سے بنایا گیا، آپ کو نور سے بنایا گیا اور آپ عقل عالی ہیں اور علامہ سیوطی اور علامہ سبکی وغیرہ نے لکھا ہے کہ حضرت آدم سے پہلے آپ کی روح کو پیدا کیا گیا یا آپ کی حقیقت کو پیدا کیا گیا جس کے ادراک سے ہماری عقول قاصر ہیں اور علامہ ابن جوزی نے کعب احبار کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضرت آدم کی خلقت سے پہلے آپ کو مٹی سے بنایا گیا۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی نے بھی خطیب کے حوالے سے لکھا ہے کہ آپ کو مٹی سے بنایا گیا۔ (فتاویٰ افریقیہ ص ۱۰۰ - ۹۹، مطبوعہ مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی۔)

ان تمام اقوال کو پڑھنے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ان میں سے کوئی چیز قطعی نہیں ہے ورنہ اس میں اس قدر اختلاف نہ ہوتا اس لیے صرف اس پر یقین رکھنا چاہیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کو سب سے پہلے پیدا کیا گیا، رہا یہ کہ آپ کا مادہ خلقت کیا ہے؟ اور آپ کو کس چیز سے پیدا کیا گیا؟ تو چونکہ یہ کسی حدیث صحیح یا یقینی دلیل سے ثابت نہیں اور نہ اس کے ساتھ دین اور شریعت کی کوئی غرض وابستہ ہے اور نہ اس کا تعلق ہمارے عقائد اور اعمال سے ہے، نہ ہم سے آخرت میں اس پر باز پرس ہوگی کہ تم نے یہ کیوں نہیں جانا کہ حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے تمہارے نبی کو کس چیز سے پیدا کیا گیا؟ اس لیے اس بحث میں نہیں الجھنا چاہیے۔ تاہم اگر کوئی شخص اس کے جاننے پر اصرار کرتا ہے تو ہمارے نزدیک سلامتی کی راہ اس قول میں ہے کہ سب سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پیدا کی گئی، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا عام اصول ہے کہ وہ اجسام سے پہلے ارواح کو پیدا کرتا ہے اور ظاہر قرآن اور حدیث میں بھی اس کی تائید ہے۔

علامہ شہاب الدین خفاجی حنفی نے اس مسئلہ پر نفیس بحث کی ہے وہ لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے تمام ارواح سے پہلے آپ کی روح کو پیدا کیا، اور اس کو نبوت کی خلعت سے مشرف کیا اور چونکہ نبوت آپ کی روح کی صفت ہے تو معلوم ہوا کہ آپ وفات کے بعد بھی نبی اور رسول ہیں، اور وحی اور احکام کا منقطع ہونا اس میں مضر نہیں ہے کیونکہ آپ کا دین مکمل ہو چکا ہے اس تحقیق کو حفظ کرلو کیونکہ یہ بہت نفیس ہے اور ابن القطان نے جو روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پیدا کرنے سے چودہ ہزار سال پہلے آپ کے نور کو پیدا کیا اور ایک روایت میں ہے کہ یہ نور ملائکہ کی تسبیح کے ساتھ ساتھ تسبیح کرتا تھا" اس نور سے بھی آپ کی روح مراد ہے۔ ٣ـہ

اس تمام بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ سب سے پہلے عالم امر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارکہ پیدا کی گئی اور ہر چند کہ آپ کی ولادت جنس بشر سے ہوئی ہے لیکن چونکہ آپ کی حقیقت میں، جو کی استعداد اور دیگر خصوصیات ہیں اس وجہ سے آپ عام انسانوں

لہ۔ علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ، خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۵-۴، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائلپور

٣ـہ۔ علامہ احمد شہاب الدین خفاجی متوفی ۱۰۶۹ھ، نسیم الریاض ج ۲ ص ۲۰۱ - ۲۰۰، مطبوعہ دار الفکر بیروت

سے ممتاز ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو نورِ ہدایت کے ساتھ ساتھ نورِ حسی بھی عطا فرمایا ہے، یہی وجہ ہے کہ آپ کا چہرہ اقدس انتہائی روشن اور نورانی تھا اور زمین پر آپ کا سایہ نہیں پڑتا تھا۔

میں نے یہ تمام کوشش صرف اس لیے کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت اور آپ کی حقیقت کے بارے میں جو لوگ افراط اور تفریط پر مبنی نظریات کے شکار ہیں ان کی اصلاح ہو جائے، اللہ العالمین میری اس تحریر کو لوگوں کے لیے مؤثر اور نافع بنا اور میری مغفرت فرما اور مجھے دارین کی سعادت عطا فرما، مجھے اس شرح کو مکمل کرنے کی توفیق دے اور اس شرح کو قبول دوام عطا فرما۔ والحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد خاتم النبیین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

مخلوق کی طرف علم غیب کی نسبت کرنے کی تحقیق

علامہ نووی، علامہ کرمانی، علامہ عسقلانی، علامہ عینی اور دیگر علماء نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بہ تقاضائے بشریت غیب کا علم نہیں تھا۔ اس مسئلہ میں علماء اہل سنت کا یہ موقف ہے کہ اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام کو غیب کا علم عطا فرماتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق سے زیادہ غیب کا علم عطا فرمایا ہے لیکن مطلقاً یہ کہنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غیب کا علم ہے" دو وجہ سے درست نہیں ہے اول اس لیے کہ یہ قول ظاہر قرآن کے خلاف ہے کیونکہ قرآن مجید نے اللہ کے غیر سے مطلقاً علم غیب کی نفی کی ہے اور دوسرے اس وجہ سے کہ جب مطلقاً علم کا ذکر کیا جائے تو اس سے مراد علم بالذات ہوتا ہے۔ اس لیے یوں کہنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب سے وافر حصہ عطا فرمایا ہے یا یوں کہا جائے کہ انبیاء علیہم السلام کو بعض علوم غیبیہ عطا کیے گئے اور کسی مخلوق کی طرف مطلقاً علم غیب کی نسبت کرنا درست نہیں ہے اسی طرح کسی کو عالم الغیب کہنا بھی صحیح نہیں ہے۔

امام احمد رضا قادری فرماتے ہیں:

علم جب کہ مطلق بولا جائے خصوصاً جبکہ غیب کی طرف مضاف ہو تو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے۔ اس کی تشریح حاشیہ کشاف پر میر سید شریف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کر دی ہے اور یہ یقیناً حق ہے، کوئی شخص کسی مخلوق کے لیے ایک ذرہ کا بھی علم ذاتی مانے یقیناً کافر ہے۔ [۱]

اعلیٰ حضرت کی اس عبارت کا صاف اور صریح مطلب یہ ہے کہ جب مطلقاً علم غیب بولا جائے تو اس سے ذاتی علم غیب مراد ہوتا ہے اور قرآن اور حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جہاں علم غیب کی نفی کی گئی ہے اس سے ذاتی علم غیب مراد ہے، اور چونکہ مطلقاً علم غیب سے ذاتی علم غیب مراد ہوتا ہے اس لیے مطلقاً یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے بعض علوم غیبیہ پر مطلع فرمایا ہے۔

علامہ ابن عابدین شامی نے مسئلہ علم غیب کی نفیس تحقیق کی ہے، قارئین کی علمی ضیافت کے لیے ہم اس کو یہاں بیان کر رہے ہیں، علامہ شامی لکھتے ہیں: فقہاء احناف نے اپنی مستند کتابوں میں یہ لکھا ہے کہ جس شخص نے اپنے لیے علم غیب کا دعویٰ کیا وہ کافر ہو گیا، فتاویٰ خانیہ میں ہے "جس شخص نے الو کی آواز سن کر کہا ایک آدمی مر جائے گا اس کے متعلق بعض فقہاء نے کہا وہ

[۱] امام احمد رضا قادری متوفی ۱۳۴۰ھ [illegible]

کافر ہو گیا اور بعض نے کہا وہ کافر نہیں ہوا، کیونکہ اس نے اس آواز سے بدشگونی لی ہے، اسی طرح کوئی شخص سفر کے لیے نکلا اور عقعق بول پڑا اور وہ پلٹ آیا تو اس میں بھی یہی اختلاف ہے۔ صاحب ہدایہ نے مختارات النوازل میں لکھا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ ان کے مسئلہ میں تکفیر نہیں کی جائے گی، بزازیہ میں ہے کہ جس شخص نے یہ کہا کہ میں چوری کی ہوئی اشیاء کو جانتا ہوں وہ کافر ہو گیا، اسی طرح جس نے کہا میں جنوں کی خبریں دیتا ہوں وہ بھی کافر ہو گیا کیونکہ جنات بھی انسانوں کی طرح غیب نہیں جانتے اور جو شخص جنوں کی خبر کی تصدیق کرے وہ بھی کافر ہے۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو شخص کاہن کے پاس گیا اور اس کی باتوں کی تصدیق کی اس نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر نازل شدہ دین سے کفر کیا" اسی طرح جامع الفصولین میں مذکور ہے کہ جس شخص نے بغیر گواہوں کے نکاح کیا اور کہا کہ اللہ اور اس کا رسول گواہ ہیں یا فرشتے گواہ ہیں اس کی تکفیر کی جائے گی کیونکہ اس نے یہ اعتقاد کیا کہ رسول یا فرشتوں کو غیب کا علم ہے پھر اس پر یہ اشکال وارد کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غیب کی خبریں دی ہیں۔ اسی طرح حضرت عمر اور دیگر سلف صالحین نے بھی غیب کی خبریں دی ہیں تو اس کا یہ جواب دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور سلف صالحین ______

سے جس علم غیب کی نفی کی جاتی ہے وہ علم مستقل ہے (یعنی وہ علم جو بتلائے بغیر حاصل ہو) یا علم یقینی ہے اور جو علم آپ کے لیے ثابت ہے وہ علم غیر مستقل ہے (جو علم بتانے سے حاصل ہو یعنی عطائی) یا آپ کے لیے جو علم حاصل ہے وہ علم ظنی ہے۔ اور اس کی تائید یہ ہے کہ فرشتوں نے اللہ تعالیٰ سے کہا اتجعل فیہا من یفسد فیہا "کیا تو زمین میں اس کو خلیفہ بنائے گا جو زمین میں فساد کرے گا؟" فرشتوں نے یہ غیب کی خبر دی تھی اور انہوں نے یہ خبر یا برنائے ظن دی تھی یا اللہ کے بتلانے سے لہٰذا جو شخص بغیر کسی کے بتلائے علم غیب کا دعویٰ کرے وہ کافر ہے اور جو یہ کہے کہ اس کو نیند میں بتلایا گیا یا بیداری میں اس نے کشف سے جان لیا اس وجہ سے اس کو غیب کا علم ہو گیا تو وہ کافر نہیں ہو گا کیونکہ اس کے دعویٰ میں اور قرآن مجید کی آیات میں کوئی تعارض اور تخالف نہیں ہے۔

علامہ رافعی نے ائمہ حنفیہ سے نقل کر کے یہ کہا کہ کسی شخص سے یہ پوچھا گیا کہ کیا تم کو غیب کا علم ہے؟ اس نے کہا ہاں! تو وہ کافر ہو گیا اور جو شخص سفر کے لیے نکلا اور عقعق کی آواز سن کر لوٹ آیا اس کے کفر میں اختلاف ہے، روضۃ الطالبین میں علامہ نووی نے لکھا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ ان دونوں مسئلوں میں وہ کافر نہیں ہو گا[1] علامہ نووی کے جواب پر یہ اعتراض ہے کہ جو شخص غیب جاننے کا دعویٰ کرتا ہے وہ قرآن مجید کی اس آیت کی تکذیب کر رہا ہے وعندہ مفاتح الغیب لا یعلمہا الا ھو۔ "اور غیب کی چابیاں اللہ ہی کے پاس ہیں اللہ کے سوا ان کو کوئی نہیں جانتا" نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا: عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول "(وہ) غیب جاننے والا (ہے) تو اپنے غیب پر کسی کو (کامل) اطلاع نہیں دیتا سوا ان کے جن کو پسند فرمالیا جو اس کے (سب) رسول ہیں، اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے علم غیب کی نفی میں رسولوں کے سوا کسی کا استثناء نہیں کیا۔ اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ اس شخص کا یہ قول قرآن مجید کی نص کی مخالفت اور تکذیب کو مستلزم نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو علم مختص ہے وہ تمام اشیاء کا علم ہے اور وہی مفاتح الغیب ہے جیسا کہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے ان اللہ عندہ علم الساعۃ وینزل الغیث الآیۃ۔ "اللہ تعالیٰ کے پاس ہی قیامت کا علم ہے اور وہی بارش نازل فرماتا ہے الخ" اس لیے جو شخص کسی ایک چیز یا چند چیزوں کے بارے میں غیب کے علم کا دعویٰ کرتا ہے وہ قرآن مجید کا مکذب یا مخالف نہیں ہے اور اس دعویٰ سے وہ کافر نہیں ہو گا، اور جس شخص نے یہ دعویٰ کیا کہ وہ تمام چیزوں کے غیب کا علم رکھتا ہے وہ کافر ہو جائے گا۔

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، روضۃ الطالبین وعمدۃ المفتین ج ۱۰ ص ۶۷، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۴۰۵ھ

(علامہ شامی کہتے ہیں) پھر میں نے دیکھا کہ علامہ اذرعی نے بھی علامہ نووی کی طرح لکھا ہے کہ ظاہر یہ ہے کہ کوئی شخص مطلقاً یہ کہنے سے (میں غیب جانتا ہوں") کافر نہیں ہوگا۔ ۵

علامہ ابن حجر مکی شافعی سے یہ سوال کیا گیا کہ" اگر کوئی شخص یہ کہے کہ مومن غیب کو جانتا ہے" تو کیا ان دو آیتوں کے انکار کی وجہ سے وہ کافر ہو جائے گا؟ علامہ ابن حجر مکی نے فتاوی حدیثیہ میں اس سوال کے جواب میں یہ لکھا کہ چونکہ اس شخص کے کلام میں تاویل ہے اس لیے اس کی تکفیر نہیں کی جائے گی جیسا کہ روضۃ الطالبین وغیرہ میں ہے، علامہ رافعی نے کہا اس شخص سے پوچھنا چاہیے کہ تمہارے اس قول (مومن غیب کو جانتا ہے") سے کیا مراد ہے اگر وہ اس کے جواب میں یہ کہے کہ میری مراد یہ ہے کہ بعض اولیاء اللہ کو کبھی اللہ تعالیٰ بعض غیب کا علم عطا فرماتا ہے تو اس کا یہ قول قبول کر لیا جائے گا کیونکہ یہ عقلاً جائز ہے اور نقلاً ثابت ہے کیونکہ غیب کو جاننا اولیاء اللہ کی جملہ کرامات میں سے ہے، بعض اولیاء کشف کے ذریعے غیب کو جان لیتے ہیں اور بعض پر لوح محفوظ منکشف کر دی جاتی ہے اور وہ اس کو دیکھ لیتے ہیں۔ قرآن مجید میں حضرت خضر کا جو واقعہ ہے وہ اس پر کافی دلیل ہے، کیونکہ حضرت خضر بعض علماء کی تصریح کے مطابق ولی ہیں ہر چند کہ جمہور علماء اور عارفین کے نزدیک صحیح یہی ہے کہ حضرت خضر نبی ہیں۔ اسی طرح حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک عورت کے حمل کے بارے میں یہ خبر دی کہ اس کے پیٹ میں لڑکا ہے۔ اسی طرح حضرت عمر نے عجم میں لڑنے والے اس لشکر کے بارے میں یہ خبر دی جو ساریہ کی قیادت میں لڑ رہا تھا، اور جمعہ کے دن خطبہ دیتے ہوئے برسر منبر کہا: یاسارية الجبل "اے ساریہ! پہاڑ کی اوٹ میں ہو جاؤ" اور حضرت ساریہ کو دشمنوں کے حملہ سے خبردار کیا۔ اسی طرح حدیث صحیح میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر کے بارے میں فرمایا وہ محدَّث ہیں (یعنی ان کو الہام کیا جاتا ہے) اور امام قشیری نے اپنے رسالہ میں اور شیخ سہروردی نے عوارف المعارف میں اور دیگر عارفین اور صلحاء نے اپنی تصانیف میں اولیاء اللہ کی دی ہوئی غیب کی خبروں کا ذکر کیا ہے اور اولیاء اللہ کو جو غیب کا علم ہوتا ہے وہ قرآن مجید کی ان دو آیتوں کے خلاف نہیں ہے جن میں غیب کے علم کا اللہ کے ساتھ مخصوص ہونا بیان کیا گیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کو بذاتہٖ علم ہوتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کے بتلانے سے غیب کا علم ہوتا ہے اور اولیاء اللہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بتلانے سے غیب کا علم ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا علم ما کان وما یکون کی تمام جزئیات کو محیط ہے اس کا علم صفت واحدہ ہے جو تمام معلومات کے لیے مبداء انکشاف ہے اور اس کا علم قدیم ہے وہ بدیہی ہے نہ کسبی نہ اس میں کسی نقص یا کمی کا شائبہ ہے اور یہ علم اسی کے ساتھ خاص ہے اس میں اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها الا هو میں اسی علم کی طرف اشارہ ہے۔ اس کے علاوہ باقی جزئیات کا اگر مخلوق کو علم ہوتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے بتلانے سے ہے۔ اور اس صورت میں یہ مطلقاً نہیں کہا جائے گا کہ اولیاء کو غیب کا علم ہے، کیونکہ اولیاء کو ایسی کوئی صفت حاصل نہیں جس سے ان کو مستقلاً غیب کا علم ہو، ان کو جو کچھ علم ہوتا ہے وہ بتلانے سے ہوتا ہے، نیز ان کو غیب مطلق کا علم نہیں دیا جاتا۔ اور انبیاء اور اولیاء کو جو غیب کا علم دیا جاتا ہے وہ کسی وجہ سے بھی محال کو مستلزم نہیں ہے اس لیے اس کا انکار کرنا عناد کے سوا اور کچھ نہیں ہے اور یہ بات بالکل بدیہی ہے کہ انبیاء اور اولیاء کو جو غیب کا علم ہوتا ہے اس سے ان کا اللہ تعالیٰ کے

---

۵ اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ کسی شخص کی طرف مطلقاً علم غیب کی نسبت کرنا کفر ہے یا نہیں، ہر چند کہ صحیح یہ ہے کہ یہ کفر نہیں ہے تاہم مخلوق کی طرف مطلقاً علم غیب کی نسبت کرنا صحیح نہیں ہے، کیونکہ علم غیب جب مطلقاً بولا جائے تو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے جیسا کہ ہم امام احمد رضا قادری کے حوالے سے بیان کر چکے ہیں۔

ساتھ شریک ہونا کسی وجہ سے لازم نہیں آتا، کیونکہ اللہ تعالیٰ کو جمیع اور غیر متناہی معلومات کا علم ہے اور اس کا علم بذاتہ اور مستقل ہے، قدیم اور واجب ہے اور ممتنع الزوال ہے اور انبیاء اور اولیاء کو بعض اور متناہی معلومات کا علم ہوتا ہے اور ان کا علم غیر مستقل ہے اور اللہ کے بتلانے سے حاصل ہوتا ہے اور یہ علم حادث اور ممکن ہے اس علم کا حصول بھی ممکن ہے اور اس کا زوال بھی ممکن ہے، اس آیت کی تشریح میں ہم نے جو کچھ ذکر کیا ہے، علامہ نووی نے بھی اپنے فتاویٰ میں اس کی تصریح کی ہے انہوں نے لکھا ہے کہ تمام غیر متناہی غیوب کا استقلالاً احاطہ کرنا اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے، البتہ معجزات اور کرامات اللہ تعالیٰ کے بتلانے اور خبر دینے سے واقع ہوتے ہیں[1]

مفتی ابوالسعود آفندی نے بھی عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا کی تفسیر میں اسی طرح لکھا ہے وہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے غیب پر اس کے رسولوں کے سوا کسی کو ایسی اطلاع کامل نہیں ہوتی جس سے ایسا انکشاف تام حاصل ہو جو موجب یقین ہو، کیونکہ جن غیوب کے علم کا تعلق رسالت سے ہوتا ہے اللہ تعالیٰ ان غیوب پر اپنے رسولوں کو مطلع فرماتا ہے یا اس وجہ سے کہ وہ غیوب رسول کی رسالت کے مبادی ہوتے ہیں یعنی وہ ایسے معجزے ہوتے ہیں جو رسول کی رسالت پر دلالت کرتے ہیں یا ان غیوب کا تعلق رسالت کے احکام اور ارکان سے ہوتا ہے جیسے عام احکام شرعیہ اور ان پر آخرت میں مرتب ہونے والے اجر و ثواب کا بیان۔ اور وہ غیوب جن کا ان دو چیزوں سے تعلق نہ ہو جیسے قیامت کے قائم ہونے کا وقت تو اس پر اللہ تعالیٰ کسی کو مطلع نہیں فرماتا کیونکہ اس غیب کا بتلا دینا حکمت تشریع کے خلاف ہے اور اس آیت میں اولیاء اللہ کی کرامات کی نفی نہیں ہے، کیونکہ یہ کرامات اولیاء اللہ کو کشف سے حاصل ہوتی ہیں اور یہ کشف اس سے بہت کم درجہ کا ہے جو رسولوں کو بذریعہ وحی حاصل ہوتا ہے رسولوں کا کشف قطعی اور یقینی ہے اور اولیاء کا کشف ظنی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس غیب مطلق کے ساتھ منفرد ہے جو جمیع معلومات کے ساتھ متعلق ہے اور اللہ تعالیٰ وحی کے ذریعہ اپنے رسولوں کو ان بعض علوم غیبیہ پر مطلع فرماتا ہے جو رسالت کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں اور اولیاء اللہ کو بعض حوادث غیبیہ پر الہام یا کشف کے ذریعہ مطلع فرمانا اس کے خلاف نہیں ہے، اس لیے اگر کسی صاحب کرامت ولی نے کسی غیب جاننے کا دعویٰ کیا تو اس کا دعویٰ کرنا جائز اور صادق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ غیب مطلق مختص ہے اور بندہ جس غیب کا دعویٰ کر رہا ہے وہ حقیقۃً غیب نہیں ہے بلکہ بندے کو اس کا علم اللہ تعالیٰ کے بتلانے سے ہوتا ہے۔

اسی طرح بعض علامات یا آلات کے ذریعہ مستقبل کے کسی واقعہ کی پیش گوئی کرنا (جیسے محکمہ موسمیات موسم اور بارش کی پیشگی اطلاع دیتا ہے یا جیسے سائنس دان سورج گرہن اور چاند گرہن کی پیشگی اطلاع دیتے ہیں) جائز ہے، کیونکہ علامہ مرغینانی صاحب ہدایہ نے مختارات النوازل میں لکھا ہے کہ علم نجوم فی نفسہ حسن ہے کیونکہ اس کی دو قسمیں ہیں ایک علم تو حساب اور ریاضی پر مبنی ہے اور یہ حق ہے اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے: والشمس والقمر بحسبان یعنی سورج اور چاند کی گردش ایک معین حساب سے ہے اور ایک علم استدلالی ہے اور یہ علم ستاروں کی رفتار اور حرکت افلاک سے حوادث پر استدلال سے عبارت ہے سو یہ علم بھی جائز ہے، جیسے طبیب نبض سے مریض کے مرض پر استدلال کرتا ہے۔ ہاں اگر وہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر کا منکر ہو اور ذاتی علم غیب کا مدعی ہو (یعنی اس کو بنفسہ انکشاف ہوتا ہے۔) تو پھر کافر ہے۔

ہم نے فقہاء کی جو عبارات پیش کی ہیں اس سے یہ امر واضح ہو گیا کہ معجزہ، کرامت یا آلات اور علامات سے بعض امور غیبیہ پر مطلع ہونا جائز ہے، البتہ جو شخص یہ دعویٰ کرے کہ اس کو کسی سبب کے بغیر بنفسہ غیب منکشف ہو جاتا ہے یا یہ دعویٰ

---

[1] علامہ احمد شہاب الدین ابن حجر ہیتمی مکی متوفی ۹۷۴ھ، الفتاویٰ الحدیثیہ ص ۲۶۸-۲۶۷ ملخصاً مطبوعہ مصطفیٰ البابی واولادہ، مصر، ۱۳۵۶ھ

کرے کہ اس کو جنات غیب کی خبر دیتے ہیں یا جو شخص ستاروں کی تاثیر کا قائل ہو سو ایسا شخص کافر ہے۔ [1]

قرآن اور سنت کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کی وسعت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات سے زیادہ علم عطا فرمایا ہے اور آپ کا یہ علم، غیب اور شہادت دونوں کو محیط ہے اور یہ علم تدریجی ہے، اللہ تعالیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم میں تاحیات اضافہ فرماتا رہا۔ اسی علم کو علماء اہلسنت علم کلی اور علم ما کان و ما یکون سے تعبیر کرتے ہیں۔ علم کلی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کل معلومات الٰہیہ کا علم ہے کسی مخلوق کے لیے اس علم کو ماننا نہ صرف محال ہے بلکہ شرک ہے۔

امام احمد رضا قادری لکھتے ہیں: کسی علم کی حضرت عزوجل سے تخصیص اور اس کی ذات پاک میں حصر اور اس کے غیر سے مطلقاً نفی چند وجہ پر ہے۔:

اول: علم کا ذاتی ہونا کہ بذات خود بے عطاء غیر ہو۔

دوم: علم کا غنا کہ کسی آلہ جارحہ و تدبیر فکر و نظر و التفات و انفعال کا اصلاً محتاج نہ ہو۔

سوم: علم کا سرمدی ہونا کہ ازلاً ابداً ہو۔

چہارم: علم کا وجوب کہ کسی طرح اس کا سلب ممکن نہ ہو۔

پنجم: علم کا اثبات و استمرار کہ کبھی کسی وجہ سے اس میں تغیر، تبدل، فرق اور تفاوت کا امکان نہ ہو۔

ششم: علم کا اقصیٰ غایت کمال پر ہونا کہ معلوم کی ذات، ذاتیات، اعراض، احوال لازمہ، مفارقہ، ذاتیہ، اضافیہ، ماضیہ آتیہ (مستقبلہ) موجودہ، ممکنہ سے کوئی ذرہ کسی وجہ پر مخفی نہ ہو سکے۔

ان چھ وجہ پر مطلق علم حضرت احدیت جل وعلا سے خاص اور اس کے غیر سے مطلقاً منفی، یعنی کسی کو کسی ذرہ کا ایسا علم جو ان چھ وجوہ سے ایک وجہ بھی رکھتا ہو حاصل ہونا ممکن نہیں ہے جو کسی غیر الٰہی کے لیے عقول مفارقہ ہوں خواہ نفوس ناطقہ ایک ذرے کا ایسا علم ثابت کرے یقیناً اجماعاً کافر مشرک ہے۔ [2]

نیز امام احمد رضا قادری لکھتے ہیں:

میں نے اپنی کتابوں میں تصریح کر دی ہے کہ اگر تمام اولین و آخرین کا علم جمع کیا جائے تو اس علم کو علم الٰہی سے وہ نسبت ہرگز نہیں ہو سکتی جو ایک قطرہ کے کروڑویں حصہ کو سمندر سے ہے، کیونکہ یہ نسبت متناہی کی متناہی کے ساتھ ہے اور وہ غیر متناہی کی متناہی سے۔ [3]

خلاصہ یہ ہے کہ تمام مخلوقات کے علوم کے مقابلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم ایسا ہے جیسے قطرہ کے مقابلہ میں سمندر ہو اور اللہ کے علم کے مقابلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کی وہ نسبت بھی نہیں ہے جو قطرہ اور سمندر میں ہوتی ہے۔ کیونکہ قطرہ اور سمندر میں متناہی کی نسبت متناہی کی طرف ہے اور آپ کے علم کی اللہ تعالیٰ کے علم کی طرف نسبت متناہی کی نسبت

---

[1] امام سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رسائل ابن عابدین ج ۲ ص ۲۱۶-۲۱۱، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور ۱۳۹۶ھ

[2] امام احمد رضا قادری متوفی ۱۳۴۰ھ، الصمصام ص ۶

[3] امام احمد رضا قادری متوفی ۱۳۴۰ [illegible] لاہور

غیر متناہی کی طرف ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وانزل اللہ علیک الکتاب والحکمۃ وعلمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیما۔ (نساء: ۱۱۳)

اللہ نے آپ پر کتاب اور حکمت نازل کی اور ان تمام چیزوں کا علم دے دیا جن کو آپ پہلے نہیں جانتے تھے اور یہ اللہ کا آپ پر فضل عظیم ہے۔

اس آیت سے علم کل کے استدلال پر ہم نے اپنی کتاب "مقام ولایت ونبوت" میں بہت تفصیل سے بحث کی ہے اور اس استدلال کی تائید میں بکثرت حوالہ جات نقل کیے ہیں اور اس استدلال پر وارد ہونے والے اعتراضات کا مکمل ازالہ کر دیا ہے۔ جو لوگ اس بحث کو تفصیل اور تحقیق سے جاننا چاہتے ہوں ان کو اس کتاب کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیے۔

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عمر وقال قام فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقاما فاخبرنا عن بدء الخلق حتی دخل اھل الجنۃ منازلھم واھل النار منازلھم حفظ ذلک من حفظہ ونسیہ من نسیہ۔[1]

حضرت عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان ایک مجلس میں کھڑے ہوئے پھر آپ نے ابتداء خلق سے خبریں بیان کرنا شروع کیں، حتیٰ کہ جنتیوں کے اپنے ٹھکانوں تک جانے اور جہنمیوں کو اپنے ٹھکانوں تک جانے کی خبریں بیان کیں جس شخص نے اس کو یاد رکھا اس نے یاد رکھا اور جس نے اس کو بھلا دیا اس نے اس کو بھلا دیا۔

نیز امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن حذیفۃ قال لقد خطبنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم خطبۃ ما ترک فیھا شیئا الی قیام الساعۃ الا ذکرہ علمہ من علمہ وجھلہ من جھلہ الحدیث۔[2]

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم میں ایک تقریر فرمائی اور اس میں قیامت تک کے ہونے والے تمام امور بیان فرما دیئے جس شخص نے اسے جان لیا اس نے جان لیا اور جس نے نہ جانا اس نے نہ جانا۔

امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن ابی زید قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الفجر وصعد المنبر فخطبنا حتی حضرت الظھر فنزل فصلی

حضرت ابوزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی اور منبر پر رونق افروز ہوئے اور ہمیں خطبہ دیا حتیٰ کہ ظہر کا وقت

---

[1] امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۵۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] " " " " ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۷۷، " " " "

ثم صعد المنبر فخطبنا حتی حضرت العصر ثم نزل فصلی ثم صعد المنبر فخطبنا حتی غربت الشمس فاخبرنا بما کان وبما ھو کائن فاعلمنا احفظنا۔[1]

آگیا پھر منبر سے اترے اور ظہر کی نماز پڑھائی اور پھر منبر پر رونق افروز ہوئے اور ہمیں خطبہ دیا حتیٰ کہ عصر کا وقت آگیا پھر آپ منبر سے اترے اور عصر کی نماز پڑھائی، پھر آپ نے منبر پر چڑھ کر ہمیں خطبہ دیا حتیٰ کہ سورج غروب ہو گیا پھر آپ نے ہمیں تمام ماکان وما یکون کی خبر دی سو جو ہم میں زیادہ حافظہ والا تھا اس کو ان کا زیادہ علم تھا۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن ابی سعید الخدری قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوما صلوٰۃ العصر بنھار ثم قام خطیبا فلم یدع شیئا یکون الی قیام الساعۃ الا اخبرنا بہ حفظہ من حفظہ ونسیہ من نسیہ۔[2]
(الحدیث)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں عصر کی نماز پڑھائی پھر آپ خطبہ دینے کھڑے ہوئے اور آپ نے قیامت تک ہونے والے ہر واقعہ اور ہر چیز کی ہمیں خبر دے دی، جس نے اس کو یاد رکھا اس نے یاد رکھا اور جس نے اس کو بھلا دیا اس نے بھلا دیا۔

امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ زوی لی الارض فرایت مشارقھا ومغاربھا۔[3]

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمام روئے زمین کو میرے لیے لپیٹ دیا اور میں نے اس کے تمام مشارق اور مغارب کو دیکھ لیا۔

اس حدیث کو امام بیہقی نے بھی روایت کیا ہے[4] نیز امام ابوداؤد[5] اور امام احمد[6] نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن معاذ بن جبل قال احتبس عنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذات غداۃ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز میں آنے کے

۱۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۹۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ ھ
۲۔ امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ ھ، جامع ترمذی ص ۳۱۹ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
۳۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۹۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ ھ
۴۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ ھ، دلائل النبوت ج ۶ ص ۵۲۷، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۵۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۲۲۸، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ ھ
۶۔ امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ ھ، [illegible] مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ ھ

من صلوٰۃ الصبح حتی کدنا نتراأی عین الشمس فخرج سریعا فثوب بالصلوٰۃ فصلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتجوز فی صلوٰتہ فلما سلم دعا بصوتہ فقال لنا علی مصافکم کما انتم ثم انفتل الینا فقال اما انی ساحدثکم ما حبسنی عنکم الغداۃ انی قمت من اللیل فتوضأت فصلیت ما قدر لی فنعست فی صلوٰتی فاستثقلت فاذا بربی تبارک وتعالی فی احسن صورۃ فقال یا محمد قلت رب لبیک قال فیما یختصم الملأ الاعلی قلت لا ادری رب قالہا ثلاثا قال فرأیتہ وضع کفہ بین کتفی حتی وجدت برد اناملہ بین ثدیی فتجلی لی کل شیء وعرفت الحدیث الی ان قال، قال ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح سالت محمد ابن اسماعیل عن ھذا الحدیث فقال ھذا صحیح [1]

لیے دیر کی، حتیٰ کہ قریب تھا کہ ہم سورج کو دیکھ لیتے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلدی سے آئے اور نماز کی اقامت کہی گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مختصر نماز پڑھائی، پھر آپ نے سلام پھیر کر باآواز بلند ہم سے فرمایا جس طرح اپنی صفوں میں بیٹھے ہوئے ہو بیٹھے رہو، پھر ہماری طرف مڑے اور فرمایا میں اب تم کو یہ بیان کروں گا کہ مجھے صبح کی نماز میں آنے سے کیوں دیر ہوگئی، میں رات کو اٹھا اور وضو کر کے میں نے اتنی رکعات نماز پڑھی جتنی میرے لیے مقدر کی گئی تھی پھر مجھے نماز میں اونگھ آئی، پھر مجھے گہری نیند آ گئی۔ اچانک میں نے اچھی صورت میں اپنے رب تبارک و تعالیٰ کو دیکھا، اس نے فرمایا: اے محمد! میں نے کہا اے میرے رب میں حاضر ہوں، فرمایا ملأ اعلیٰ کس چیز میں بحث کر رہے ہیں؟ میں نے کہا میں نہیں جانتا، آپ نے کہا: میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ میرے دو کندھوں کے درمیان رکھا اور اس کے پوروں کی ٹھنڈک میں نے اپنے سینے میں محسوس کی پھر ہر چیز مجھ پر منکشف ہو گئی اور میں نے اس کو جان لیا۔ الحدیث۔ امام ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے، میں نے امام بخاری سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا یہ حدیث صحیح ہے۔

نیز امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اتانی ربی فی احسن صورۃ فقال یا محمد فقلت لبیک ربی وسعدیک قال فیم یختصم الملا الاعلی قلت ربی لا ادری فوضع یدہ بین کتفی حتی وجدت بردھا بین ثدیی فعلمت ما بین المشرق و المغرب الحدیث [2]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے (خواب میں) اپنے رب کو حسین صورت میں دیکھا، میرے رب نے کہا اے محمد! میں نے کہا حاضر ہوں یا رب! فرمایا ملأ اعلیٰ کس چیز میں بحث کر رہے ہیں، میں نے کہا اے میرے رب! میں نہیں جانتا، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ میرے دو کندھوں کے درمیان رکھا جس کی ٹھنڈک میں نے اپنے سینے میں محسوس کی پھر میں نے جان لیا جو کچھ مشرق اور مغرب کے درمیان ہے۔

[1] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۴۶۶، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[2] 〃 〃 〃 ، جامع ترمذی ص ۴۶۶،

امام احمد بن حنبل اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اتانی ربی عز وجل اللیلۃ فی احسن صورۃ احسبہ یعنی فی النوم فقال یا محمد تدری فیم یختصم الملا الاعلی قال قلت لا قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فوضع یدہ بین کتفی حتی وجدت بردھا بین ثدیی او قال نحری فعلمت ما فی السموت والارض الحدیث۔[1]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج رات کو نیند میں میرا رب عزوجل حسین صورت میں میرے پاس آیا اور فرمایا: اے محمد! کیا تم جانتے ہو کہ ملا اعلیٰ کس چیز میں بحث کر رہے ہیں؟ حضرت ابن عباس کہتے ہیں آپ نے فرمایا نہیں! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ میرے دو کندھوں کے درمیان رکھا حتیٰ کہ میں نے اپنے سینے میں اس کی ٹھنڈک محسوس کی اور میں نے ان تمام چیزوں کو جان لیا جو آسمانوں اور زمینوں میں ہیں۔

امام احمد بن حنبل نے ایک اور سند سے بھی یہ حدیث روایت کی ہے اور اس میں یہ الفاظ ہیں:

فوضع کفیہ بین کتفی فوجدت بردھا بین ثدیی حتی تجلی لی ما فی السموات وما فی الارض۔[2]

اللہ تعالیٰ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو میرے کندھوں کے درمیان رکھا میں نے اس کی ٹھنڈک کو اپنے سینہ میں محسوس کیا حتیٰ کہ میرے لیے وہ تمام چیزیں منکشف ہو گئیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمینوں میں ہیں۔

حافظ الہیثمی ذکر کرتے ہیں۔

عن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ عزوجل قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیھا والی ما ھو کائن فیھا الی یوم القیمۃ کانما انظر الی کفی ھذہ۔ رواہ الطبرانی ورجالہ وثقوا علی ضعف کثیر۔[3]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے میرے لیے دنیا اٹھا کر رکھ دی اور میں دنیا کو اور جو کچھ قیامت تک دنیا میں ہونے والا ہے اس کو دیکھ رہا ہوں جیسا کہ میں اپنی اس ہتھیلی کو دیکھ رہا ہوں۔ اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے، ہر چند کہ اس حدیث کے راوی ضعیف ہیں لیکن ان کی توثیق کی گئی ہے۔

فقہاء اسلام کے اقوال کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کی وسعت

حضرت سواد ابن قارب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اسلام قبول کیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے آپ کی شان میں چند اشعار سنائے جن میں سے ایک شعر یہ ہے۔

---

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ا ص ۳۶۸، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] " " " ، مسند احمد ج ۵ ص ۲۶۶، " " "

[3] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر متوفی ۸۰۷ھ [illegible] العربی، ۱۴۰۲ھ

فاشهد ان الله لا رب غیره — میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی رب نہیں
وانك مأمون علی کل غائب — اور آپ اللہ تعالیٰ کے ہر غیب پر امین ہیں۔

حضرت سواد بن قارب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ اشعار سن کر مجھ سے بہت خوش ہوئے، آپ کے چہرۂ اقدس سے خوشی کے آثار ظاہر ہو رہے تھے اور آپ نے فرمایا: افلحت یا سواد "اے سواد تم کامیاب ہو گئے" اس حدیث کو بکثرت علماء اسلام نے اپنی تصانیف میں ذکر کیا ہے، بعض علماء کے اسماء یہ ہیں: امام ابو نعیم[1]، امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی[2]، علامہ ابن عبد البر[3] علامہ سہیلی[4] علامہ ابن الجوزی[5] حافظ ابن کثیر[6] علامہ بدر الدین عینی[7] علامہ جلال الدین سیوطی[8] علامہ حلبی[9] شیخ عبد اللہ بن محمد بن عبد الوہاب نجدی[10]۔

علامہ ابن جریر طبری لکھتے ہیں:

وعلمك ما لم تكن تعلم من خبر الاولين والآخرين وما كان وما هو كائن[11]

اولین اور آخرین کی خبروں اور ما کان و ما یکون میں سے جو کچھ آپ نہیں جانتے تھے وہ سب اللہ تعالیٰ نے آپ کو بتلا دیا۔

قاضی عیاض لکھتے ہیں:

واما تعلق عقده من ملكوت السموات والارض وخلق الله وتعيين اسماء الحسنى وآياته الكبرى وامور الآخرة واشراط الساعة واحوال السعداء والاشقياء وعلم ما كان وما يكون مما

آسمانوں اور زمینوں کی نشانیاں، اللہ تعالیٰ کی مخلوق، اللہ تعالیٰ کے اسماء کی تعیین، آیات کبریٰ، امور آخرت، علامات قیامت، اچھے اور برے لوگوں کے احوال اور ما کان و ما یکون کا علم اس قبیل سے ہے جن کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

[1] امام ابو نعیم احمد بن عبد اللہ الاصبہانی متوفی ۴۳۰ھ، دلائل النبوۃ ج ۱ ص ۱۱۴، مطبوعہ دار النفائس
[2] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، دلائل النبوۃ ج ۲ ص ۲۵۱، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
[3] علامہ ابو عمر یوسف بن عبد اللہ بن محمد بن عبد البر مالکی متوفی ۴۶۳ھ، استیعاب علی ہامش الاصابہ ج ۲ ص ۱۲۴، مطبوعہ دار الفکر بیروت
[4] علامہ ابو القاسم عبد الرحمن بن عبد اللہ سہیلی متوفی ۵۸۱ھ، الروض الانف ج ۱ ص ۱۴۰، مطبوعہ مکتبہ فاروقیہ ملتان
[5] علامہ ابو الفرج عبد الرحمن بن الجوزی متوفی ۵۹۷ھ، الوفاء باحوال المصطفیٰ ج ۱ ص ۱۵۲، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائل پور
[6] حافظ ابو الفداء اسماعیل بن کثیر متوفی ۷۷۴ھ، السیرۃ النبویہ ج ۱ ص ۳۳۶، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت
[7] علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۷ ص ۸، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ، مصر، ۱۳۴۸ھ
[8] علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ، خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۱۰۲، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائل پور۔
[9] علامہ علی بن برہان الدین حلبی متوفی ۱۰۴۴ھ، انسان العیون ج ۱ ص ۳۲۴، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی حلبی و اولادہ مصر، ۱۳۸۴ھ
[10] شیخ عبد اللہ بن محمد بن عبد الوہاب نجدی متوفی ۱۲۴۲ھ، مختصر سیرۃ الرسول ص ۶۹، مطبوعہ مکتبہ سلفیہ لاہور
[11] علامہ ابو جعفر محمد بن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ، جامع البیان ج ۵ ص ۲۷۵، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی و اولادہ مصر ۱۳۸۲ھ

لم یعلمہ الا بوحی [1]

بغیر وحی کے نہیں جانا۔

ملا علی قاری لکھتے ہیں:

ان علمہ (صلی اللہ علیہ وسلم) محیط بالکلیات والجزئیات [2]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم کلیات اور جزئیات کو محیط ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں:

الثانیۃ والاربعون اطلاع علی ما سیکون الثالثۃ والاربعون الاطلاع علی ما کان مما لم ینقلہ احد قبلہ [3]

نبوت کی بیالیسویں صفت یہ ہے کہ ان کو ما سیکون (امور مستقبلہ) کا علم ہو، اور تینتالیسویں صفت یہ ہے کہ ان کو ما کان (امور ماضیہ) کا علم ہو جن کو ان سے پہلے کسی نے نہ بیان کیا ہو۔

علامہ سید محمود آلوسی لکھتے ہیں:

(انزلہ بعلمہ) ای متلبسا بعلمہ المحیط الذی لا یعزب عنہ مثقال ذرۃ فی السموات والارض ومن ھنا علم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ما کان وما ھو کائن [4]

اللہ تعالی نے اپنی اس صفت علم کے ساتھ تجلی کر کے حضور پر قرآن نازل کیا جس صفت علم سے آسمانوں اور زمین کا کوئی ذرہ غائب نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ما کان وما یکون کو جان لیا۔

نیز علامہ آلوسی لکھتے ہیں:

فلم یقبض النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی علم کل شیء یمکن العلم بہ [5]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس وقت تک وصال نہیں ہوا جب تک کہ آپ نے ہر اس چیز کو نہیں جان لیا جس کا علم ممکن ہے۔

شیخ اشرف علی تھانوی کے خلیفہ مجاز شیخ مرتضی حسین چاند پوری لکھتے ہیں:

حاصل یہ ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو علم مغیبات اس قدر دیا گیا تھا کہ دنیا کے تمام علوم بھی اگر ملائے جائیں تو آپ کے ایک علم کے برابر نہ ہوں۔ [6]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کی وسعت پر تفصیلی دلائل جاننے کے لیے ہماری کتاب "مقام ولایت و نبوت" کا مطالعہ فرمائیں۔

---

[1] قاضی عیاض بن موسی مالکی متوفی ۵۴۴ ھ، الشفاء ج ۲ ص ۱۰۰، مطبوعہ عبد التواب اکیڈمی ملتان

[2] علامہ علی بن سلطان محمد القاری متوفی ۱۰۱۴ ھ، مرقات ج ۱۰ ص ۱۵۱، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ۱۳۹۰ ھ

[3] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ ھ، فتح الباری ج ۱۲ ص ۳۶۷، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ ھ

[4] علامہ سید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ ھ، روح المعانی ج ۶ ص ۲۲، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[5] " " ، روح المعانی ج ۱۵ ص ۱۵۴، " "

[6] شیخ مرتضی حسین چاند پوری [illegible]

قضاء کے ظاہراً اور باطناً نافذ ہونے میں مذاہب ائمہ

علامہ یحییٰ بن شرف نواوی لکھتے ہیں: صحابہ کرام، فقہا تابعین امام شافعی، امام احمد اور جمہور فقہاء اسلام کا یہ نظریہ ہے کہ حاکم کا حکم باطن میں کسی چیز کو حلال کرتا ہے نہ حرام کرتا ہے لہٰذا جب دو جھوٹے گواہ کسی کے حق میں مال کی گواہی دیں اور حاکم اس گواہی کی بناء پر مدعی کے حق میں مال کا فیصلہ کر دے تو مدعی کے لیے اس مال کو لینا جائز نہیں ہے اور اگر دو جھوٹے گواہ کسی شخص کے خلاف یہ گواہی دیں کہ اس شخص نے فلاں شخص کو قتل کیا ہے تو اگر ولی مقتول کو یہ علم ہو کہ یہ گواہ جھوٹے ہیں تو ان کے لیے ملزم کو قتل کرنا جائز نہیں ہے اور اگر دو شخص کسی کے خلاف یہ جھوٹی گواہی دیں کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی ہے اور قاضی نے اس گواہی کی بناء پر تفریق کر دی ہے تو جس شخص کو علم ہو کہ یہ گواہی جھوٹی ہے اس کے لیے اس عورت سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے اور امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں کہ قاضی کے حکم سے عورت تو حلال ہو جاتی ہے مال حلال نہیں ہوتا۔ لہٰذا ان کے نزدیک اس صورت میں نکاح جائز ہے۔ امام ابوحنیفہ کا یہ قول اس حدیث صحیح اور اجماع متقدمین کے خلاف ہے، اسی طرح ان کا یہ قول خود ان کے اور جمہور کے اس قاعدہ کے بھی خلاف ہے کہ عورت سے وطی کے معاملہ میں نکاح کی بہ نسبت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ [1]

علامہ ابوعبداللہ وشتانی مالکی لکھتے ہیں: علامہ مازری مالکی نے کہا ہے کہ ہمارا مذہب یہ ہے کہ جان، مال اور عورت اگر حرام ہو تو وہ قاضی کے حکم سے حلال نہیں ہوگی اور امام ابوحنیفہ نے یہ کہا ہے کہ قاضی کے حکم سے عورت حلال ہو جاتی ہے۔ پس اگر دو گواہ کسی شخص کے خلاف یہ جھوٹی گواہی دیں کہ اس شخص نے اپنی عورت کو طلاق دے دی تو جس شخص کو یہ علم ہو کہ انھوں نے جھوٹی گواہی دی ہے اس کے لیے بھی اس عورت سے نکاح کرنا حلال ہے۔ اس قول کی وجہ سے امام ابوحنیفہ پر ~~~ دے کی گئی کہ انھوں نے مال کی حفاظت کی اور عورت کی حفاظت نہیں کی حالانکہ عورت کی حفاظت مقدم ہے، ہمارے اصحاب نے اس حدیث کے عموم سے استدلال کیا ہے۔ [2]

قضاء کے ظاہراً اور باطناً نافذ ہونے میں فقہاء احناف کا موقف

علامہ علاؤ الدین حصکفی حنفی نے اس سلسلہ میں فقہاء احناف کا موقف بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ: جھوٹے گواہوں سے ظاہراً اور باطناً قضاء نافذ ہو جاتی ہے، بشرطیکہ محل اس حکم کا قابل ہو (یعنی محارم میں سے کسی پر دعویٰ نہ ہو) اور قاضی کو گواہوں کے جھوٹے ہونے کا علم نہ ہو، یہ قضا عقود (مثلاً بیع اور نکاح) اور فسوخ (مثلاً اقالہ اور طلاق) دونوں میں نافذ ہو جاتی ہے، کیونکہ حضرت علی نے اس عورت سے فرمایا تھا کہ تمہارے گواہوں نے تمہارا نکاح کر دیا، اور امام ابویوسف امام محمد، امام زفر اور ائمہ ثلاثہ یہ کہتے ہیں کہ اس صورت میں صرف ظاہراً قضاء نافذ ہوتی ہے اور اسی قول پر فتویٰ ہے۔ [3]

علامہ شامی لکھتے ہیں کہ امام طحاوی نے نقل کیا ہے کہ امام محمد کا قول بھی امام ابوحنیفہ کی طرح ہے، نیز علامہ شامی بیان کرتے ہیں کہ قہستانی اور البحر الرائق میں حقائق اور ابوالليث سے منقول ہے کہ فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے لیکن فتح القدیر میں ہے

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی شافعی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۲ ص ۷۵-۷۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] علامہ ابوعبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۸، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[3] علامہ علاؤ الدین الحصکفی حنفی متوفی ۱۰۸۸ھ، در مختار علی ہامش رد المحتار ج ۴ ص ۳۶۲، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ

کہ امام اعظم کا قول ہی معتبر ہے اور علامہ قاسم نے بھی اسی کی تائید کی اور عام متون میں بھی امام اعظم کا قول مذکور ہے۔ [1]

جن صورتوں میں فقہاء احناف کے نزدیک قضاء ظاہراً اور باطناً نافذ ہو جاتی ہے

علامہ شامی نے جھوٹی گواہی کی بناء پر عقود اور فسوخ میں قاضی کے حکم کی حسب ذیل مثالیں بیان کی ہیں:

(۱) ۔ ایک باندی نے کسی شخص پر یہ دعویٰ کیا کہ اس شخص نے اس باندی کو اتنے روپوں میں خریدا ہے، اس شخص نے اس دعویٰ کا انکار کیا، قاضی نے اس کو قسم کھانے کا حکم دیا اس نے قسم کھانے سے انکار کیا اور قاضی نے اس انکار کی بناء پر اس شخص کے خلاف فیصلہ کر دیا تو اب وہ باندی اس شخص پر دیانۃً اور قضاءً دونوں طرح حلال ہے۔

(۲) ۔ ایک شخص نے کسی عورت پر نکاح کا دعویٰ کیا اور اس کے ثبوت میں دو جھوٹے گواہ پیش کر دیئے، قاضی نے مدعی کے حق میں فیصلہ کر دیا۔

(۳) ۔ ایک عورت نے کسی شخص پر نکاح کا دعویٰ کیا۔ اور اس کے ثبوت میں دو جھوٹے گواہ پیش کر دیے اور قاضی نے مدعیہ کے حق میں فیصلہ کر دیا تو ان دونوں صورتوں میں مرد کے لیے عورت سے وطی کرنا اور عورت کا اس کو وطی کا موقع دینا جائز ہے۔

(۴) ۔ ایک عورت نے یہ دعویٰ کیا کہ اس کے شوہر نے اس کو تین طلاقیں دے دی ہیں، شوہر منکر ہے، عورت نے دو جھوٹے گواہ پیش کر دیے اور قاضی نے اس جھوٹی گواہی کے پیش نظر ان کے درمیان تفریق کا فیصلہ کر دیا اور عدت گذر جانے کے بعد عورت نے کسی اور شخص سے نکاح کر لیا تو اس دوسرے شخص کا اس عورت سے وطی کرنا جائز ہے خواہ اس کو گواہوں کے جھوٹے ہونے کا علم ہو اور گواہوں میں سے بھی کوئی ایک اس سے نکاح کر سکتا ہے اور وطی بھی کر سکتا ہے، اور پہلا شوہر اب وطی نہیں کر سکتا نہ عورت اس کو وطی کا موقع فراہم کر سکتی ہے۔

(۵) ۔ ایک باندی یہ دعویٰ کرے کہ اس کے مالک نے اس کو آزاد کر دیا ہے اور مالک منکر ہو، باندی اس پر دو گواہ پیش کر دے اور قاضی اس کے آزاد ہونے کا فیصلہ کر دے تو اب وہ باندی کسی شخص سے نکاح کر سکتی ہے اور اس شخص کا اس باندی سے وطی کرنا اور باندی کا اس کو وطی کا موقع فراہم کرنا جائز ہے خواہ اس شخص کو علم ہو کہ گواہ جھوٹے تھے۔

(۶) ۔ ایک شخص نے کسی مکان کے بارے میں یہ دعویٰ کیا کہ اس کے مالک نے اس کو وقف کر دیا تھا مالک منکر ہے اس شخص نے اس وقف پر دو جھوٹے گواہ پیش دے اور قاضی نے فیصلہ کر دیا تو مدعی کا اس جگہ پر وقف کے احکام لاگو کرنا جائز ہے۔

(۷) ۔ کسی شے کو کرایہ پر حاصل کرنے کا دعویٰ کیا اور اس پر دو جھوٹے گواہ پیش کر دیئے اور قاضی نے مدعی کے حق میں فیصلہ کر دیا تو مدعی کے لیے اس شئی میں تصرف کرنا جائز ہے۔ [2]

فقہاء احناف کے نزدیک قضاء کے ظاہراً اور باطناً نافذ ہونے کی شرائط

فقہاء احناف کے نزدیک قضاء کے ظاہراً اور باطناً نافذ ہونے کی حسب ذیل شرائط ہیں:

---

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۴ ص ۳۲۲، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

[2] " " " " " " "

(۱)۔ قاضی کو یہ علم نہ ہو کہ یہ گواہ جھوٹے ہیں۔

(۲)۔ مدعی نے ملک مطلق کا دعویٰ نہ کیا ہو بلکہ ملکیت کا سبب بھی بیان کیا ہو، قرض کا بھی یہی حکم ہے اگر کسی شخص پر مطلقاً قرض کا دعویٰ کیا تو باطناً قضا نافذ نہیں ہوگی جب تک کہ یہ نہ بتائے اس پر فلاں سبب سے قرض ہے، کسی شخص پر وراثت کے دعویٰ کرنے کا بھی یہی حکم ہے اس میں بھی باطناً قضا نافذ نہیں ہوگی۔

(۳)۔ مدعی نے جس چیز پر دعویٰ کیا ہے وہ اس کے دعویٰ کا محل بننے کی صلاحیت بھی رکھتی ہو، اگر اس میں اس کے دعویٰ کی صلاحیت نہیں ہے تو اس میں باطناً قضا نافذ نہیں ہوگی مثلاً منکوحہ غیر یا معتدہ غیر کے بارے میں یہ دعویٰ کیا کہ وہ اس کی بیوی ہے اور اس پر دو جھوٹے گواہ پیش کر دے تو اس میں ظاہراً قضاء نافذ ہوگی نہ باطناً۔ مرتدہ اور دیگر محارم کا بھی یہی حکم ہے۔

(۴)۔ مدعی کا دعویٰ اس چیز کے متعلق ہو جس میں انشاء ممکن ہو، انشاء سے مراد ان کلمات کو بولنا ہے جن سے کسی چیز کو واقع کیا جائے مثلاً "میں نے یہ چیز خریدی کہہ کر بیع کو واقع کیا" جیسے عقد بیع، فسخ بیع، نکاح اور طلاق اور جس چیز میں انشاء ممکن نہ ہو اس میں باطناً قضاءً نافذ نہیں ہوگی جیسے وراثت، کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ میں فلاں کا بیٹا ہوں اور اس پر دو جھوٹے گواہ پیش کر دے۔

(۵)۔ قاضی یہ فیصلہ منکر کی قسم پر نہ کرے اگر قاضی نے منکر کی قسم پر فیصلہ کر دیا تو یہ قضاً باطناً نافذ نہیں ہوگی مثلاً ایک عورت نے یہ دعویٰ کیا کہ اس کے شوہر نے اس کو تین طلاقیں دے دی ہیں، اس کے پاس گواہ نہیں ہیں، قاضی نے شوہر سے قسم طلب کی، شوہر نے جھوٹی قسم کھائی کہ اگر عورت کو یہ علم ہے کہ شوہر تین طلاقیں دے چکا ہے تو اس عورت کے لیے اس کو وطی کا موقع دینا جائز نہیں ہے اور مرد کے لیے بھی اس عورت سے وطی کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ اس صورت میں انشاء نکاح نہیں ہے بلکہ نکاح پہلے سے قائم تھا قاضی نے اس کے برقرار رکھنے کا حکم دیا ہے اس وجہ سے یہاں باطناً قضاء نافذ نہیں ہوگی، خلاصہ یہ ہے کہ باطناً قضاء اس وقت نافذ ہوتی ہے جب وہ قضاء گواہی کی بناء پر ہو یا انکار قسم کی بناء پر ہو اور وہ فیصلہ کسی عقد یا فسخ کے انشاء پر مبنی ہو اور محل انشاء بننے کی صلاحیت بھی رکھتا ہو۔

(۶)۔ جن گواہوں کی بنیاد پر قاضی نے فیصلہ کیا ہے وہ مسلمان، آزاد اور عادل ہوں، اگر وہ گواہ کافر، غلام یا محدود فی القذف ہوں تو باطناً قضاء نافذ نہیں ہوگی۔ [1]

قضاء باطنی کے نفاذ میں فقہاء احناف کے دلائل اور ائمہ ثلاثہ کے دلائل کا تجزیہ

شمس الائمہ سرخسی حنفی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ کے نزدیک عقود، فسوخ، نکاح، طلاق اور عتاق میں جھوٹے گواہوں سے بھی قاضی کا فیصلہ ظاہراً اور باطناً نافذ ہو جاتا ہے۔ پہلے امام ابو یوسف کی بھی یہی رائے تھی۔ امام ابو یوسف کے دوسرے قول اور امام محمد اور امام شافعی کے نزدیک ان صورتوں میں قاضی کا فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوتا ہے باطناً نافذ نہیں ہوتا، حتیٰ کہ جب کسی شخص نے ایک عورت پر نکاح کا دعویٰ کیا اور نکاح کے ثبوت میں دو جھوٹے گواہ پیش کر دیئے اور قاضی نے نکاح کا فیصلہ کر دیا تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس شخص کے لیے اس عورت سے وطی کرنا جائز ہے، امام ابو یوسف کا پہلا قول بھی یہی تھا، البتہ امام ابو یوسف کا دوسرا قول یہ ہے کہ اس شخص کے لیے اس عورت سے وطی کرنا جائز نہیں ہے، امام محمد اور امام شافعی

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۴ ص ۳۶۳-۳۶۲، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ

کا بھی یہی قول ہے۔

ائمہ ثلاثہ کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ولا تاکلوا اموالکم بینکم بالباطل وتدلوا بھا الی الحکام لتاکلوا فریقا من اموال الناس بالاثم وانتم تعلمون۔ (بقرہ: ۱۸۸)

ایک دوسرے کا مال آپس میں ناحق نہ کھاؤ، اور نہ (بطور رشوت) وہ مال حکام تک پہنچاؤ تاکہ لوگوں کے مال کا کچھ حصہ تم گناہ کے ساتھ (ناجائز طور پر) کھاؤ۔ حالانکہ تم جانتے ہو۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حاکم کے فیصلہ سے مال غیر کے ناجائز طریقہ سے کھانے کو حرام کر دیا ہے، لہٰذا یہ آیت اس پر نص صریح ہے کہ اگر قاضی نے جھوٹے گواہوں کی بنا پر کسی چیز کا فیصلہ کر دیا تو اس چیز کا لینا ناجائز ہوگا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے: تم میرے پاس مقدمات لے کر آتے ہو اور ہو سکتا ہے کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے موقف کو دوسرے کی بہ نسبت زیادہ چرب زبانی اور طلاقت لسانی سے پیش کرے پس اگر میں (ظاہری حجت کی بنا پر) کسی شخص کے لیے اس کے بھائی کے حق کا فیصلہ کر دوں تو میں (درحقیقت) اس کے لیے آگ کے ایک ٹکڑے کا فیصلہ کر رہا ہوں وہ چاہے اس کو لے یا چھوڑ دے (صحیح بخاری و صحیح مسلم) اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس فیصلہ کی بنا ایک سبب باطل پر ہے اس لیے یہ فیصلہ باطناً نافذ نہیں ہوگا، جس طرح قاضی، غلام، کافر یا محدود فی القذف کی گواہی پر فیصلہ کرے تو اس کا فیصلہ باطناً نافذ نہیں ہوتا۔ اور اس فیصلہ کی بنا جھوٹی گواہی پر ہے اور یہ ایک باطل سبب ہے کیونکہ جھوٹی گواہی گناہ کبیرہ ہے اور قضاء کی حجت ایک امر شرعی ہے اور گناہ کبیرہ اس کی ضد ہے اور جب جھوٹ کی تہمت کی وجہ سے گواہی مقبول نہیں ہوتی اور وہ گواہی فیصلے کی حجت نہیں بن سکتی تو حقیقتاً جھوٹی گواہی بدرجہ اولیٰ نامعتبر ہوگی، — نیز قاضی نے جس چیز کا فیصلہ کیا ہے اس کا واقع میں کوئی وجود نہیں ہے لہٰذا یہ قضاء باطل ہوگی جیسا کہ اگر قاضی جھوٹے گواہوں کی بنا پر کسی کے لیے منکوحۂ غیر کا فیصلہ کر دے تو وہ فیصلہ باطل ہوتا ہے نیز اس فیصلہ کو انشاء عقد قرار دینا بھی صحیح نہیں ہے، کیونکہ قاضی انشاء عقد کا قصد نہیں کرتا، بلکہ مدعی نے جس عقد کا دعویٰ کیا تھا قاضی اس کو ثابت کرتا ہے۔

امام ابوحنیفہ نے اس روایت سے استدلال کیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عدالت میں ایک شخص نے ایک عورت پر نکاح کا دعویٰ کیا اور اس کے ثبوت میں دو گواہ پیش کر دیے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کے درمیان نکاح کا فیصلہ کر دیا، اس عورت نے کہا: اے امیر المومنین! اگر اس نکاح کے سوا اور کوئی چارہ نہیں ہے تو پھر آپ میرا اس سے نکاح کر دیجئے کیونکہ ہمارے درمیان نکاح نہیں ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے گواہوں نے تمہارا نکاح کر دیا۔ دیکھئے اس عورت نے زنا سے بچنے کے لیے عقد نکاح کا مطالبہ کیا لیکن حضرت علی نے اس کا مطالبہ پورا نہیں کیا، ہو سکتا ہے کہ کوئی یہ کہے کہ حضرت علی نے ان کے درمیان نکاح کا مطالبہ اس لیے پورا نہیں کیا کہ اس کا خاوند راضی نہیں تھا لیکن یہ غلط خیال ہے کیونکہ اس کا خاوند نکاح پر راضی تھا، اسی وجہ سے وہ نکاح کا دعویٰ کر رہا تھا اور عورت بھی راضی تھی کیونکہ اس نے کہا تھا کہ میرا اس سے نکاح کر دیجئے اور حضرت علی کے لیے ان کا نکاح کرنا آسان تھا کیونکہ خاوند کو اس میں رغبت تھی اس کے باوجود حضرت علی نے نکاح نہیں کیا بلکہ یہ بیان فرمایا کہ ان کے فیصلہ سے ان کا مقصود حاصل ہو گیا۔ اور یہ فرمایا کہ تمہارے گواہوں نے تمہارا نکاح کر دیا یعنی ان گواہوں نے تمہارے درمیان نکاح کا فیصلہ مجھ پر لازم کر دیا، لہٰذا اس فیصلہ سے نکاح ثابت ہو گیا اور حضرت علی کا یہ اثر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث [illegible] اور قیاس سے جاننا ممکن نہ تھا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اس اثر سے یہ واضح ہو گیا کہ قرآن مجید کی آیت (ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ) اور حدیث "اگر میں (ظاہری حجت) کی بناء پر کسی شخص کے لیے اس کے بھائی کے حق کا فیصلہ کر دوں تو میں اس کے لیے آگ کے ٹکڑے کا فیصلہ کر رہا ہوں" املاک مرسلہ (بغیر سبب ملکیت بتائے بغیر کسی چیز پر ملکیت کا دعویٰ کرنا) کے بارے میں وارد ہے۔ اور امام ابوحنیفہ اس کے قائل ہیں۔ اور اس کی علت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جن معاملات میں قاضی کو انشاء کی ولایت دی ہے، قاضی نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان معاملات میں فیصلہ کیا اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے یہ فیصلہ حقیقتاً نافذ ہوگا، کیونکہ یہ محال ہے کہ اللہ تعالیٰ قاضی کو فیصلہ کرنے کا حکم دے پھر اس فیصلہ کے نفاذ کو روک دے۔ قاضی اس بات کا مکلف تھا کہ علی الاعلان اور خفیہ طریقہ سے گواہوں کی عدالت کے بارے میں معلومات حاصل کرے اور جب اس نے تزکیہ شہود کر لیا اور اس کے نزدیک گواہوں کی عدالت ثابت ہو گئی تو اس گواہی کے مطابق اس پر فیصلہ کرنا واجب ہے، حتیٰ کہ اگر اس نے یہ فیصلہ نہیں کیا تو وہ گنہگار ہوگا اور اس کو اس کے عہدہ سے معزول کر دیا جائے گا۔ اس لیے ہم کو یہ معلوم ہو گیا کہ قاضی فیصلہ کرنے پر مامور ہے اور حقیقت میں کسی گواہ کے صدق یا کذب کو جاننے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے اور جس چیز کی حقیقت کو جاننے کا کوئی شرعی طریقہ نہ ہو قاضی اس کے جاننے کا شرعاً مکلف بھی نہیں ہے، کیونکہ انسان کو اس کی وسعت اور طاقت کے اعتبار سے مکلف کیا جاتا ہے اور قاضی کی وسعت میں صرف اتنا ہی تھا کہ وہ گواہوں کے احوال کی جانچ پڑتال کرے اور جب اس نے اچھی طرح تزکیہ شہود کر لیا تو وہ اپنے عہدہ سے بری الذمہ ہو گیا اور اس پر لازم ہو گیا کہ وہ گواہوں کی گواہی کے اعتبار سے فیصلہ کر دے، اور قاضی کے فیصلہ پر ظاہراً اور باطناً عمل کرنا واجب ہے ورنہ قاضی کو قضاء پر مامور کرنا عبث ہوگا اور اس صورت میں قضاء کے دو طریقے تھے ایک نکاح کا اظہار کرنا، دوسرا عقد نکاح کر دینا، اور جب ان کے درمیان عقد نکاح نہیں تھا تو اس فیصلہ سے نکاح کا اظہار کرنا متعذر ہے، اس لیے اب انشاءِ نکاح متعین ہو گیا، کیونکہ اور کوئی طریقہ نہیں ہے لہٰذا دلیل شرعی کی اس نوع سے قاضی کے لیے ولایت انشاء ثابت ہوگی اور جس طرح اور تمام معاملات میں قاضی کی ولایت انشاء سے فیصلہ نافذ العمل ہوتا ہے اس صورت میں بھی قاضی کا فیصلہ نافذ العمل ہوگا بلکہ یہاں زیادہ اولیٰ ہے۔

کیا یہ نہیں دیکھتے کہ جب شوہر اور بیوی آپس میں لعان کرتے ہیں تو قاضی کو انشاء تفریق کی ولایت حاصل ہوتی ہے اور وہ اس اختیار سے زوجین کے درمیان تفریق کر دیتا ہے۔ اسی طرح قاضی ولایت انشاء تزویج سے نابالغ بچہ اور نابالغ بچی کا نکاح کر دیتا ہے، لہٰذا اس صورت میں بھی اس کو ولایت انعقاد عقد نکاح حاصل ہے تاکہ وہ عورت کو زنا سے محفوظ رکھ سکے اور قاضی کا یہ فیصلہ عورت کو زنا کا موقع دینے سے بچاتا ہے۔ جب دو فریق لعان کرتے ہیں تو ایک فریق یقیناً کاذب ہوتا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلاشبہ اللہ تعالیٰ یہ جانتا ہے کہ تم میں سے ایک جھوٹا ہے اور باوجود اس حقیقت کے کہ ان میں سے کوئی ایک کاذب ہے اس جھگڑے کو ختم کرنے کے لیے قاضی کو ولایت انشاء تفریق حاصل ہوتی ہے اور قاضی ان کے درمیان تفریق کر دیتا ہے اسی طرح یہاں بھی گواہوں کے جھوٹے ہونے کے باوجود قاضی کو انشاء نکاح کی ولایت حاصل ہوتی ہے کیونکہ وہ شرعاً قضاء کرنے پر مامور ہے[1]

علامہ ابوبکر جصاص حنفی لکھتے ہیں: حضرت علی، حضرت ابن عمر اور امام شعبی کا بھی اسی مسئلہ میں امام ابوحنیفہ کی طرح موقف

---

[1] شمس الائمہ ابوالطفیل محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۱۶ ص ۱۸۳-۱۸۰، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

ہے۔ امام ابو یوسف نے عمرو بن مقدام سے روایت کیا ہے کہ ایک قبیلہ کے ایک شخص نے ایک ایسی عورت کو نکاح کا پیغام دیا جو شرف اور مرتبہ میں اس سے زیادہ تھی اس عورت نے اس شخص سے نکاح کرنے سے انکار کر دیا، اس شخص نے یہ دعویٰ کر دیا کہ اس کا عورت سے نکاح ہو چکا ہے اور حضرت علی کی عدالت میں اس پر دو گواہ پیش کر دیے۔ اس عورت نے کہا میرا اس شخص سے نکاح نہیں ہوا، حضرت علی نے فرمایا ان دو گواہوں نے تمہارا نکاح کر دیا، امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ شعبہ بن حجاج، زید سے روایت کرتے ہیں کہ دو آدمیوں نے ایک شخص کے خلاف جھوٹی گواہی دی کہ اس نے اپنی عورت کو طلاق دے دی ہے، قاضی نے ان کے درمیان تفریق کر دی پھر ان گواہوں میں سے ایک شخص نے اس عورت سے نکاح کر لیا، شعبی نے کہا یہ جائز ہے اور حضرت ابن عمر نے ایک غلام کو عیب سے مبرا قرار دے کر فروخت کر دیا، خریدار اس غلام کو حضرت عثمان کی عدالت میں لے گیا، حضرت عثمان نے حضرت ابن عمر سے کہا کیا تم اللہ کی قسم کھا کر یہ کہہ سکتے ہو کہ جب تم نے اس کو فروخت کیا تھا تو تم نے اس کی بیماری کو نہیں چھپایا تھا، حضرت ابن عمر نے قسم کھانے سے انکار کیا، حضرت عثمان نے وہ غلام ان کو واپس کر دیا اور بعد میں حضرت ابن عمر نے وہ غلام زیادہ نفع کے ساتھ فروخت کر دیا، اس مسئلہ میں حضرت ابن عمر نے غلام کی بیع کو جائز قرار دیا حالانکہ ان کو علم تھا کہ باطن میں ایسا نہیں ہے اور باطن کا حکم ظاہر کے خلاف ہے (کیونکہ انھوں نے بری الذمہ ہو کر غلام کو فروخت کیا تھا اس وجہ سے باطن میں اس غلام کو واپس کرنا صحیح نہیں تھا) اگر حضرت عثمان کو بھی حضرت ابن عمر کی طرح اس بات کا علم ہوتا تو وہ بیع کو رد نہ کرتے۔ اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ حضرت ابن عمر کا بھی یہ مذہب تھا کہ اگر حاکم کسی عقد کو فسخ کر دے تو وہ بائع کی ملک میں آجاتا ہے، اگرچہ باطن میں حقیقت اس کے برعکس ہو۔

امام ابو حنیفہ کے قول کی صحت پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ روایت بھی دلیل ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہلال بن امیہ اور اس کی بیوی کے درمیان لعان کرایا پھر فرمایا اگر اس عورت کے ہاں اس اس طرح کا بچہ ہوا تو وہ ہلال بن امیہ کا ہے اور اگر دوسری شکل وصورت کا ہوا تو وہ شریک بن سحماء کا ہوگا جس کے ساتھ ہلال بن امیہ کی بیوی کو متہم کیا گیا تھا، پھر اس عورت کے ہاں ناپسندیدہ صفت پر بچہ پیدا ہوا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر ان کے درمیان لعان نہ ہو چکا ہوتا تو پھر میں اس عورت کو دیکھتا! ہلال بن امیہ کا صدق اور اس کی بیوی کا کذب ظاہر ہو گیا اس کے باوجود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تفریق کو باطل نہیں کیا جو لعان کی وجہ سے ہوئی تھی اور یہ اس کی دلیل ہے کہ حاکم جب کسی عقد کو فسخ کر دے تو وہ ظاہراً اور باطناً نافذ ہو جاتا ہے۔

امام ابو حنیفہ کے قول پر اس سے بھی استدلال کیا جاتا ہے کہ جب حاکم کے پاس ایسے گواہ گواہی دیں جن کا ظاہر حال صدق ہو تو حاکم پر واجب ہے کہ ان کی گواہی کے اعتبار سے فیصلہ کرے اور اگر اس نے گواہی کے بعد فیصلہ کرنے میں توقف کیا تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کا تارک اور گنہ گار ہوگا کیونکہ اس کو ظاہر کا مکلف کیا گیا ہے اور اس کو اس علم باطن کا مکلف نہیں کیا گیا جو اللہ تعالیٰ کا غیب ہے۔ [1]

علامہ بابرتی حنفی اس مسئلہ پر گفتگو کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ جو چیز پہلے ثابت ہو اس کا اظہار قضا ہوتا ہے اور جو چیز پہلے نہ ہو اس کا اثبات قضاء نہیں ہوتا اور نکاح پہلے ثابت نہیں تھا تو پھر کس طرح قضاء باطناً نافذ ہو گی، اس کا جواب یہ ہے کہ نکاح بطریقہ اقتضاء ملازم ہے گویا کہ قاضی نے اس عورت سے کہا میں نے اس شخص سے تیرا نکاح کر دیا اور تم دونوں کے درمیان نکاح کا حکم کر دیا تاکہ ان کے درمیان نزاع نہ رہے اور وہ شخص اس عورت کے ساتھ وطی

[1] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی [illegible] مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

کر سکے۔ بعض علماء نے اس پر یہ اعتراض کیا کہ نکاح ختم کرنے کے لیے یہ بھی تو ہو سکتا تھا کہ قاضی اس شخص سے کہتا کہ تم اس عورت کو طلاق دے دو، اس کا جواب یہ ہے کہ طلاق سے کیا مراد ہے طلاق مشروع یا طلاق غیر مشروع، طلاق غیر مشروع کا تو کوئی اعتبار نہیں ہے اور طلاق مشروع اس کو مقتضی ہے کہ اس سے پہلے نکاح ثابت ہونا چاہیے لہٰذا ہر حال میں نکاح کا قول کرنا پڑے گا۔[1]

بَابُ ۵۶۵ قَضِيَّةِ هِنْدٍ

حضرت ہند کے متعلق فیصلہ کا بیان

۴۳۶۳- حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَتْ هِنْدٌ بِنْتُ عُتْبَةَ امْرَأَةُ أَبِي سُفْيَانَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيحٌ لَا يُعْطِينِي مِنَ النَّفَقَةِ مَا يَكْفِينِي وَيَكْفِي بَنِيَّ إِلَّا مَا أَخَذْتُ مِنْ مَالِهِ بِغَيْرِ عِلْمِهِ فَهَلْ عَلَيَّ فِي ذَلِكَ مِنْ جُنَاحٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذِي مِنْ مَالِهِ بِالْمَعْرُوفِ مَا يَكْفِيكِ وَيَكْفِي بَنِيكِ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ابوسفیان کی بیوی ہند بنت عتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ! ابوسفیان بخیل شخص ہے وہ مجھے اتنا خرچ نہیں دیتا جو مجھے اور میرے بچوں کو کافی ہو الا یہ کہ میں اس کی لاعلمی میں اس کے مال سے کچھ لے لوں تو کیا اس صورت میں مجھ پر کوئی گرفت ہوگی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کے مال سے دستور کے مطابق اتنا لے سکتی ہو جو تمہیں اور تمہارے بچوں کو کفایت کرے۔

۴۳۶۴- وَحَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَوَكِيعٍ ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ أَخْبَرَنَا الضَّحَّاكُ يَعْنِي ابْنَ عُثْمَانَ كُلُّهُمْ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی تین سندیں ذکر کیں اور بتایا ان سندوں سے بھی یہ حدیث مروی ہے۔

۴۳۶۵- وَحَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ

---

[1] علامہ اکمل الدین محمد بن محمود بابرتی حنفی متوفی ۷۸۶ھ، عنایہ علی ہامش فتح القدیر ج ۶ ص ۱۵۴، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ هِنْدٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا كَانَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَهْلُ خِبَاءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يُذِلَّهُمُ اللّٰهُ مِنْ أَهْلِ خِبَائِكَ وَمَا عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَهْلُ خِبَاءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يُعِزَّهُمُ اللّٰهُ مِنْ أَهْلِ خِبَائِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَيْضًا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ مُمْسِكٌ فَهَلْ عَلَيَّ حَرَجٌ أَنْ أُنْفِقَ عَلَى عِيَالِهِ مِنْ مَالِهِ بِغَيْرِ إِذْنِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَرَجَ عَلَيْكِ أَنْ تُنْفِقِي عَلَيْهِمْ بِالْمَعْرُوفِ

علیہ وسلم کی خدمت میں ہند نے آکر عرض کیا، یا رسول اللہ! بخدا (پہلے) مجھے روئے زمین پر آپ کے اہل خانہ سے زیادہ کسی کے گھر کی ذلت اور خواری محبوب نہیں تھی اور اب روئے زمین پر آپ کے اہل خانہ سے زیادہ کسی گھر کی عزت میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ نہیں ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور قسم اس ذات کی جس کے قبضہ و قدرت میں میری جان ہے ابھی یہ محبت اور بڑھے گی، پھر ہند نے کہا: یا رسول اللہ! بلاشبہ ابوسفیان ایک کنجوس آدمی ہے، اگر میں اس کی اجازت کے بغیر اس کے مال سے کچھ لے کر اس کی اولاد پر خرچ کر دوں تو کیا مجھ پر گرفت ہوگی؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم دستور کے مطابق اس کی اولاد پر خرچ کرو تو اس میں تم پر کوئی حرج نہیں ہے۔

۲۶۳۴ - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمِّهِ أَخْبَرَنَا عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا كَانَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ خِبَاءٌ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَذِلُّوا مِنْ أَهْلِ خِبَائِكَ وَمَا أَصْبَحَ الْيَوْمَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ خِبَاءٌ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَعِزُّوا مِنْ أَهْلِ خِبَائِكَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَيْضًا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ مِسِّيكٌ فَهَلْ عَلَيَّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ہند بنت عتبہ بن ربیعہ آئی اور کہنے لگی یا رسول اللہ! مجھے آپ کے اہل خانہ سے زیادہ روئے زمین پر کسی کے گھر کی ذلت اور خواری محبوب نہیں تھی اور اب روئے زمین پر آپ کے اہل خانہ سے زیادہ کسی گھر کی عزت میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ نہیں ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور قسم اس ذات کی جس کے قبضہ و قدرت میں میری جان ہے ابھی یہ محبت اور بڑھے گی، پھر ہند نے کہا: یا رسول اللہ! بلاشبہ ابوسفیان ایک بخیل شخص ہے، اگر میں اس کے مال سے اپنے بچوں کو کچھ کھلا دوں تو مجھ پر کوئی گناہ تو نہیں؟ آپ نے فرمایا نہیں، البتہ دستور کے مطابق (کھلانا)

حَرَجٌ مِّنْ اَنْ اُطْعِمَ مِنَ الَّذِیْ لَهٗ عِیَالَنَا
فَقَالَ لَهَا لَا اِلَّا بِالْمَعْرُوْفِ ۔

اس باب کی نادھند کے مال سے اس کی اجازت کے بغیر بقدر حق وصول کرنے میں مذاہب ائمہ

احادیث میں ہے کہ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ ہند کو اتنا خرچ نہیں دیتے تھے جو ان کے اور ان کے بچوں کی ضروریات کے لیے کافی ہوتا، ہند نے پوچھا کیا میں حضرت ابوسفیان کے مال سے بقدر ضرورت لے لیا کروں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم دستور کے مطابق ابوسفیان کے مال سے اپنی ضروریات کے لیے لے لو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ اس حدیث کی روشنی میں اس مسئلہ پر بحث کی گئی ہے کہ کسی شخص نے ایک شخص سے اپنا مال وصول کرنا ہو اور وہ شخص (مقروض) اس (دائن) کو اس کا مال نہ دیتا ہو تو کیا دائن بقدر قرض مدیون کے مال سے اس کے علم اور اجازت کے بغیر لے سکتا ہے؟ فقہاء احناف کا مسلک یہ ہے کہ اگر مدیون کا مال قرض کی جنس سے ہے تو دائن لے سکتا ہے ورنہ نہیں اور فقہاء شافعیہ کا مسلک یہ ہے کہ دائن اپنے قرض کی مقدار مدیون کے مال سے ہر حال میں وصول کر سکتا ہے خواہ مدیون کا مال قرض کی جنس سے ہو یا نہیں، متاخرین فقہاء احناف نے بھی امام شافعی کے قول پر فتویٰ دیا ہے۔ فقہاء حنابلہ کا مسلک یہ ہے کہ دائن کا اپنے حق کو مدیون کے مال سے لینا جائز نہیں ہے خواہ اس کا حق مدیون کے مال کی جنس سے ہو یا نہ ہو، اور فقہاء مالکیہ کا مسلک یہ ہے کہ اگر صاحب حق اس شخص کا مقروض نہیں ہے تب تو وہ اپنے حق کے برابر مال اس شخص کے مال سے لے سکتا ہے اور اگر صاحب حق اس شخص کا مقروض ہے تو نہیں لے سکتا۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: اہل علم کا اس پر اتفاق ہے کہ جب ایک شخص کا دوسرے شخص پر کوئی حق ہو اور وہ شخص اس حق کا اقرار بھی کرتا ہو اور حق ادا بھی کرتا ہو تو صاحب حق کے لیے اس شخص کے مال سے بقدر حق مال لینا جائز نہیں ہے، اور اگر اس نے اس کی اجازت کے بغیر مال لیا تو اس کو واپس کرنا لازم ہو گا، خواہ وہ مال اس کے حق کی جنس سے ہو یا نہ ہو، اور اگر مدیون کو دائن کا حق ادا کرنے سے کوئی مانع ہو مثلاً وہ مہلت طلب کرتا ہو یا اس کے پاس پیسے نہ ہوں تب بھی اس کے مال سے اپنا حق یا اس کی مقدار کو لینا جائز نہیں ہے اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ اور اگر مدیون ناحق انکار کرتا ہو اور صاحب حق حاکم یا سلطان کے پاس استغاثہ دائر کر کے اپنا حق وصول کر سکتا ہو تب بھی مدیون کے مال سے اپنا حق یا اس کی مقدار لینا جائز نہیں ہے، اور اگر مدیون دائن کے حق کا منکر ہو اور صاحب حق کے پاس گواہ نہ ہوں اور وہ عدالت کے ذریعہ اپنا حق نہ لے سکتا ہو اور نہ کسی طرح اس کو ادائیگی پر مجبور کر سکتا ہو تب بھی (حنابلہ کا) مذہب یہ ہے کہ اس کے لیے مدیون کے مال سے بقدر حق لینا جائز نہیں ہے، امام مالک سے بھی ایک یہی روایت ہے: علامہ ابن عقیل مالکی نے کہا ہے کہ ہمارے اصحاب حدیث نے یہ کہا ہے کہ مدیون کے مال سے اپنا حق لینے کی بھی ایک دلیل ہے اور وہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہند سے فرمایا "کہ اپنے اور بچوں کے لیے دستور کے مطابق لے لو"۔ اور ابوالخطاب نے کہا کہ مدیون کے جس مال پر قدرت ہو اگر وہ اس کے حق کی جنس سے ہے تو لے لے اور اگر وہ مال اس کے حق کی جنس سے نہیں ہے تو وہ اس کی قیمت میں غور و فکر اور اجتہاد کرے جیسا کہ ہند کی حدیث میں ہے۔ اور امام احمد نے کہا ہے کہ جس کے پاس سواری رہن رکھی جائے وہ سواری پر سوار ہو اور اپنے خرچ کے مطابق جانور کا دودھ دوہ لے اور عورت اپنے خرچ کے مطابق لے لے اور دیوالیہ کے مال سے سودا

بیچنے والا اس کی رضا کے بغیر مال لے لے۔

امام شافعی نے کہا ہے کہ کوئی شخص اگر بعینہٖ اپنا حق وصول کرنے پر قادر نہ ہو تو وہ بقدر حق مدیون کے مال سے لے سکتا ہے خواہ مدیون کا مال اس کے حق کی جنس سے ہو یا نہ ہو اور اگر اس کے حق پر گواہ ہوں اور وہ اپنا حق وصول کرنے پر قادر ہو تو اس میں امام شافعی کے دو قول ہیں۔ اور امام مالک کے مذہب میں مشہور قول یہ ہے کہ اگر اس کا دوسرے شخص پر قرض نہیں ہے تب وہ بقدر حق اس کے مال سے لے سکتا ہے اور اگر اس کا دوسرے پر قرض ہو تو پھر اس کے مال سے نہیں لے سکتا۔

امام ابوحنیفہ یہ فرماتے ہیں کہ اگر ایک شخص کا دوسرے شخص پر حق ہے اور وہ حق کوئی معین چیز ہے یا چاندی ہے یا اس کے حق کی جنس سے مال ہے تو وہ بقدر حق اس مال سے لے سکتا ہے اور اس کا مال کوئی سامان ہے تو پھر وہ بقدر حق نہیں لے سکتا کیونکہ اپنے حق کے بدلہ میں سامان لینا عوض ہے اور کسی عوض کو بغیر فریقین کی رضا کے لینا جائز نہیں ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے الا ان تکون تجارۃ عن تراض منکم (النساء ۲۹)۔ البتہ یہ کہ تمہاری باہمی رضا مندی سے تجارت ہو"۔ اور جنھوں نے لینے کو جائز کہا ہے انھوں نے حضرت ہند کی حدیث سے استدلال کیا ہے کیونکہ حضرت ہند نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر عرض کیا: یارسول اللہ! بلاشبہ ابوسفیان ایک بخیل آدمی ہے، وہ مجھے میری اور بچوں کی ضروریات کے مطابق خرچ نہیں دیتا، آپ نے فرمایا تم دستور کے مطابق اس کے مال سے بقدر ضرورت لے لو (صحیح بخاری، صحیح مسلم) اور جب حضرت ہند کے لیے یہ جائز ہوا کہ وہ اپنی ضروریات کے مطابق حضرت ابوسفیان کے مال سے اس کی اجازت کے بغیر لے لیں تو جس شخص کا دوسرے پر حق ہے اس کے لیے بھی جائز ہے کہ اگر وہ اس کا حق نہ دے اور جائز طریقے سے لینے کی کوئی اور سبیل نہ ہو تو وہ اس کے مال سے بقدر حق لے لے۔

نادھندکے مال سے اس کی اجازت کے بغیر بقدر حق وصول کرنے کے عدم جواز میں حنابلہ کے دلائل

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: ہماری دلیل جامع ترمذی کی یہ حدیث ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ادّ الامانۃ الی من ائتمنک ولا تخن من خانک "جس شخص نے تمہارے پاس امانت رکھوائی ہے اس کی امانت ادا کرو اور جو شخص تمہارے ساتھ خیانت کرے اس کے ساتھ خیانت نہ کرو" اور جب وہ کسی شخص کے مال سے اس کے علم اور اجازت کے بغیر اپنے حق کے برابر نکال لے گا تو یہ اس کی خیانت ہے اور یہ اس حدیث کی ممانعت کے عموم میں داخل ہے، نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا یحل مال امری مسلم الا عن طیب نفس منہ "کسی شخص کی رضامندی کے بغیر اس کا مال لینا جائز نہیں ہے" نیز جب اس نے کسی شخص کے مال سے بقدر حق لے لیا تو یہ بغیر رضامندی کے معاوضہ لینا ہے۔

حضرت ہند کی حدیث کا امام احمد نے یہ جواب دیا ہے کہ ان کا حق اپنے شوہر پر ہر وقت واجب تھا جبکہ قرض کا ادا کرنا ہر دن اور ہر وقت واجب نہیں ہوتا، علامہ ابوبکر نے اس میں ایک اور فرق کیا ہے وہ یہ کہ کسی عورت کا زوجہ ہونا بینہ کے قائم مقام ہے اور اس میں ایک اور فرق یہ ہے کہ عورت کے لیے خاوند کے مال میں تصرف کرنا عادۃً مباح ہوتا ہے اور اس کو دستور کے مطابق خاوند کے مال میں خرچ کی اجازت [illegible] دوسرے شخص کو اس طرح تصرف کی اجازت

نہیں ہوتی، دوسرا فرق یہ ہے بیوی کا اپنے اور بچوں کے کھانے پینے کے لیے نفقہ لینا جان بچانے کے لیے ہے اور اپنے آپ اور اپنے بچوں کو زندہ رکھنے اور پرورش کرنے کے لیے جس خرچ کی ضرورت ہے اس پر صبر نہیں کیا جا سکتا اور اس خرچ کو چھوڑنے کی کوئی سبیل نہیں ہے لہٰذا اس خرچ کو بقدر ضرورت لینا جائز ہے اس کے برخلاف جس شخص سے قرض لینا ہو اس کے یہ احکام نہیں ہیں۔

نادہند کے مال سے بقدر حق وصول کرنے کے مسئلہ میں فقہاء حنابلہ کے دلائل کے جوابات۔

فقہاء حنابلہ کے یہ دلائل غایت متانت میں ہیں لیکن جمہور کی طرف سے اس کے جواب میں یہ کہا جاتا ہے کہ فقہاء حنبلیہ نے امام ترمذی کی جس حدیث سے استدلال کیا ہے وہ امانت میں خیانت نہ کرنے کے بارے میں ہے اور جو شخص کسی نادہند سے بقدر حق لے رہا ہے وہ خیانت نہیں کر رہا۔ خیانت اس وقت ہوتی جب وہ اپنے حق سے زائد لیتا اسی طرح جس حدیث میں ہے کہ کسی شخص کا مال اس کی رضامندی کے بغیر حلال نہیں تو سو یہ حدیث بھی عام احوال پر محمول ہے جب کوئی شخص دوسرے شخص کو اس کی چیز یا اس کے حق کا عوض دے رہا ہو تو اس کی رضامندی کے بغیر عوض نہ لیا جائے لیکن جب کوئی شخص دوسرے کی چیز یا اس کا حق دینے سے منکر ہو اور اس سے اپنا حق وصول کرنے کی کوئی اور سبیل نہ ہو تو وہ اس حدیث کے تحت داخل نہیں ہے بلکہ اس صورت میں نادہند کے مال سے اس کے علم اور اجازت کے بغیر بقدر حق مال نکال لینا قرآن مجید کے مطابق ہے۔

نادہند کے مال سے بقدر حق وصول کرنے کے مسئلہ میں جمہور کے دلائل

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وجزاء سیئة سیئة مثلها۔ (شوریٰ: ۴۰)
اور برائی کا بدلہ اس کی مثل برائی ہے۔

والذین کسبوا السیئات جزاء سیئة بمثلها۔ (یونس: ۲۷)
اور جنہوں نے برے کام کیے تو برائی کا بدلہ اسی کی مثل ہوگا۔

فمن اعتدی علیکم فاعتدوا علیه بمثل ما اعتدی علیکم۔ (بقرہ: ۱۹۴)
تو جو تم پر زیادتی کرے سو تم بھی اس پر اتنی زیادتی کرو جتنی اس نے تم پر زیادتی کی ہے۔

کسی شخص کا حق ادا نہ کرنا اور اس کا قرض نہ دینا اور بلا وجہ شرعی (مثلاً تنگ دستی یا طلب مہلت) ادائیگی سے انکار کر دینا ایک برائی اور زیادتی ہے اور کسی شخص کے مال سے اس کے علم اور اس کی اجازت کے بغیر اپنا حق نکال لینا یہ بھی برائی اور زیادتی ہے لیکن برائی اور زیادتی کا اتنا ہی بدلہ لینا از روئے قرآن مجید جائز ہے اس لیے کسی نادہند شخص کے مال سے اس کے علم اور اجازت کے بغیر اپنا حق نکال لینا قرآن مجید کی ان آیات کی روشنی میں جائز ہے۔

جمہور کی طرف سے دوسری دلیل یہ ہے کہ امام احمد بھی مرتہن کے لیے رہن سے فائدہ اٹھانے کو جائز قرار دیتے ہیں کہ وہ رہن رکھی ہوئی سواری پر سوار ہو سکتا ہے اور رہن رکھے ہوئے جانور کا دودھ دوہ سکتا ہے کیونکہ ان جانوروں کے کھانے

۱؎ علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی مع الشرح ج ۱۲ ص ۲۳۰-۲۲۹ مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۴ھ

پینے اور رکھوالی پر وہ اپنا مال خرچ کرتا ہے اس لیے ان جانوروں سے وہ راہن کے علم اور اجازت کے بغیر بھی یہ فائدہ حاصل کر سکتا ہے، اس مسئلہ میں امام احمد کا استدلال اس حدیث سے ہے:

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الظھر یرکب اذا کان مرھونا ولبن الدر یشرب اذا کان مرھونا وعلی الذی یرکب ویشرب نفقتہ۔ [۱]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب (جانور) رہن ہو تو اس کی پشت پر سواری کی جائے گی اور جب (جانور) رہن ہو تو اس کا دودھ دوہا جائے گا اور جو سواری کرے اور دودھ پیئے گا اس جانور کا خرچ اس کے ذمہ ہے۔

اور جب کوئی شخص رہن شدہ جانور کو کھلانے پلانے کے عوض راہن کے علم اور اس کی اجازت کے بغیر اس پر سواری کر سکتا ہے اور اس کا دودھ پی سکتا ہے تو کسی نادہند شخص کے مال سے اس کی اجازت کے بغیر اپنا حق بطریق اولیٰ وصول کر سکتا ہے۔ قرآن مجید کی مذکور الصدر آیات، اس حدیث، اور امام احمد نے جو اس حدیث کی تشریح کی ہے اس کی روشنی میں حضرت ہند کی حدیث سے جمہور کے موقف پر استدلال کرنا حق و صواب سے متجاوز اور بعید نہیں ہے۔

نادہند کے مال سے بقدر حق وصول کرنے میں فقہاء احناف کا موقف

علامہ علاؤ الدین الحصکفی حنفی لکھتے ہیں:

صاحب حق کے لیے غیر جنس سے اپنے حق کو لینا جائز نہیں ہے، امام شافعی کے نزدیک غیر جنس میں بھی جائز ہے اور اس میں زیادہ وسعت ہے۔ [۲]

علامہ ابن عابدین شامی حنفی اس کی تشریح میں لکھتے ہیں:

ہم کتاب الحجر میں پہلے یہ بیان کر چکے ہیں کہ ان کے زمانہ میں عدم جواز تھا لیکن اب جواز کا فتویٰ ہے۔ [۳]

اور کتاب الحجر میں علامہ شامی نے یہ لکھا ہے:

علامہ حموی نے شرح الکنز میں علامہ مقدسی سے نقل کیا ہے انھوں نے اپنے جدا شقر سے، انھوں نے اغصب کی شرح قدوری سے یہ نقل کیا ہے کہ مخالف جنس سے اپنے حق کو لینے کا عدم جواز ان کے زمانہ میں تھا اور اب یہ فتویٰ ہے کہ انسان جس مال پر بھی قادر ہو اس کو لے لے۔ [۴]

علامہ علاؤ الدین حصکفی حنفی لکھتے ہیں:

امام شافعی کے نزدیک خلاف جنس سے بھی اپنا حق لینا جائز ہے کیونکہ وہ مالیت میں ہم جنس ہے، مجتبیٰ میں لکھا ہے کہ اس میں زیادہ وسعت ہے لہٰذا ضرورت کے وقت اس پر عمل کرنا چاہیے۔ [۵]

---

[۱] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۲۰۱، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[۲] علامہ علاؤ الدین حصکفی حنفی متوفی ۱۰۸۸ھ، در مختار علی ہامش رد المحتار ج ۵ ص ۳۰۰، مطبوعہ دار الکتب العربیہ مصر، ۱۳۲۷ھ

[۳] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۵ ص ۳۰۰، مطبوعہ دار الکتب العربیہ مصر، ۱۳۲۷ھ

[۴] " " " ، رد المحتار ج ۵ ص ۱۰۵، " " " ۱۳۲۷ھ

[۵] علامہ علاؤ الدین حصکفی حنفی متوفی [illegible] ج ۳ ص ۲۳۰-۲۲۹، مطبوعہ دار الکتب العربیہ مصر

علامہ شامی لکھتے ہیں: علامہ قہستانی نے کہا ہے کہ اس میں یہ اشارہ ہے کہ مالیت میں ہم جنس ہونے کے وقت انسان کے لیے اپنے حق کو لینا جائز ہے، ہر چند کہ یہ ہمارا مذہب نہیں ہے لیکن ضرورت کے وقت انسان اپنے مخالف کے مذہب پر عمل کرنے کے لیے معذور ہوتا ہے جیسا کہ زاہدی میں ہے۔ [1]

سرکاری خزانہ سے اپنا حق وصول کرنے کی تفصیل

علامہ شامی لکھتے ہیں:

قنیہ میں علامہ وبری سے نقل کر کے لکھا ہے کہ جس شخص کا بیت المال میں حصہ (حق) ہو اور اس کو بیت المال سے اپنا حصہ اٹھانے کا موقع ملے تو وہ دیانۃً اپنا حصہ اٹھا سکتا ہے، یہ ذہبانیہ کی عبارت ہے، اور بزازیہ میں ہے کہ امام حلوانی نے یہ کہا ہے کہ جب کسی شخص کے پاس کسی کی امانت ہو اور امانت رکھوانے والا فوت ہو جائے اور اس کا کوئی وارث نہ ہو تو ہمارے زمانے میں امین کے لیے جائز ہے کہ وہ اس امانت کو اپنے مصرف میں لے آئے کیونکہ اگر اس نے اس امانت کو بیت المال میں داخل کیا تو وہ ضائع ہو جائے گی کیونکہ اب حکام بیت المال کی دولت کو اس کے مصارف میں خرچ نہیں کرتے، پس اگر وہ امین مصرف کا اہل ہے تو اس کو اپنے اوپر خرچ کرے ورنہ اس مال کو اس کے مصرف میں خرچ کرے، علامہ شامی کہتے ہیں شارح نے کتاب الزکوٰۃ کے باب العشر میں لکھا ہے: جس شخص کا بیت المال میں مثلاً فقیر یا عالم ہونے کی وجہ سے حصہ ہو اور اس نے ایسے مال کو پایا جس کو بیت المال میں داخل کرنا چاہیے تھا تو وہ اس مال میں سے دیانۃً لے سکتا ہے اور یہ ضروری نہیں ہے کہ اس مال کا تعلق بیت المال کے اس شعبہ سے ہو جس میں اس کا حق ہے کیونکہ اگر یہ قید لگائی جائے تو لازم آئے گا کہ کوئی مستحق بیت المال سے اپنا حق نہ لے سکے۔ کیونکہ ہمارے زمانہ میں بیت المال غیر منظم ہے اور اس کے شعبہ جات مرتب نہیں ہیں اور اگر اس نے (مثلاً لاوارث کے مال یا گری پڑی چیز کو) بیت المال میں داخل کر دیا تو اس کا ضائع ہونا لازم آئے گا، کیونکہ اب بیت المال کے مال کو اس کے مصارف میں صرف نہیں کیا جاتا جیسا کہ ہم کتاب الزکوٰۃ کے باب العشر میں بیان کر چکے ہیں، سو اس بنا پر اگر کسی شخص نے مال غنیمت سے باندی خریدی اور وہ باندی درحقیقت مال خمس کی تھی (جو بیت المال کا حصہ ہوتا ہے) تو اس شخص کے لیے اس باندی کو اپنے مصرف میں صرف کرنا جائز ہے، کیونکہ مال خمس میں سے وہ بھی مستحق ہے۔ اور اگر وہ شخص خود مستحق نہ ہو مثلاً وہ مالدار عالم ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ باندی کسی فقیر کی ملک کر دے اور پھر اس فقیر سے اس باندی کو خرید لے اور ایک قول یہ ہے کہ مال غنیمت اور خمس بیت المال میں جمع ہونے کے بعد مشترک ہو جاتا ہے اور اس میں شرکت خاصہ نہیں رہتی اور یہ بیت المال کے ان اموال کے حکم میں ہو جاتا ہے جو عام مسلمانوں کے حقوق میں سے ہیں اس لیے جس شخص کا بیت المال کے مال میں حق ہو اور اس کو اس مال کے لینے کا موقع ملے تو وہ دیانتاً اپنے حق کے مطابق مال لے سکتا ہے۔ [2]

کتاب الزکوٰۃ کے باب العشر میں علامہ علاؤ الدین حصکفی لکھتے ہیں:

جس شخص کا بیت المال میں حق (حصہ) ہو اور اس کو اپنے حصہ کے مطابق بیت المال سے اٹھانے کا موقع ملے تو وہ دیانۃً بیت المال سے اپنے حصہ کے مطابق لے سکتا ہے۔ [3]

---

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۳ ص ۲۳۰ - ۲۲۹، مطبوعہ دار الکتب العربیہ مصر، ۱۳۲۷ھ

[2] " " " ، رد المحتار ج ۳ ص ۲۶۶ - ۲۶۵،
" " " " "

[3] علامہ علاؤ الدین حصکفی حنفی متوفی ۱۰۸۸ھ، در مختار علی ہامش رد المحتار ج ۲ ص ۶۱، مطبوعہ دار الکتب العربیہ مصر، ۱۳۲۷ھ

علامہ شامی لکھتے ہیں: جن لوگوں کا بیت المال کے مال میں حصہ ہے وہ قاضی، عامل، عالم، لڑنے والے سپاہی اور ان کی اولاد ہیں اور ان کے لیے بیت المال سے اتنی مقدار کر لینا جائز ہے جو ان کی ضروریات کے لیے کافی ہو، مصنف نے کہا ہے کہ دینی طالب علم، واعظ اور معلم بھی ان میں شامل ہیں، اور فقہاء کی ظاہر عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بیت المال کے جس شعبہ سے بھی ان کو اپنا حق حاصل کرنے کا موقع ملے وہ اس کو حاصل کر سکتے ہیں خواہ بیت المال کا وہ شعبہ ان کے لیے مختص نہ ہو، اور جس مسئلہ میں ہماری گفتگو ہے وہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص کے لیے اپنے مخصوص شعبہ سے اپنا حق لینا ممکن ہے تو اس کے لیے دوسرے شعبہ سے اس حق کو لینا جائز نہیں ہے اور اگر یہ ممکن نہیں ہے جیسا کہ ہمارے زمانہ میں ہے تو دوسرے شعبہ سے بھی اپنا حق لینا جائز ہے کیونکہ ہمارے زمانہ میں بیت المال کے الگ الگ شعبہ جات نہیں ہیں سو اگر یہ قید لگا دی جائے تو کسی شخص کے لیے اپنے حق کو حاصل کرنا ممکن نہیں ہوگا۔ [1]

حضرت ہند کی حدیث کے فوائد

اس حدیث کے دیگر فوائد حسب ذیل ہیں:

(۱)۔ بیوی کا نفقہ شوہر پر واجب ہے۔

(۲)۔ چھوٹے اور ضرورت مند بچوں کا نفقہ باپ پر واجب ہے۔

(۳)۔ بیوی اور بچوں کا نفقہ بقدر کفایت واجب ہے۔

(۴)۔ فتویٰ دیتے وقت یا مقدمہ کا فیصلہ کرتے وقت اجنبی عورت سے بات کرنا اور اس کی بات سننا جائز ہے دیگر ضروری اور ناگزیر حالات میں بھی یہی حکم ہے۔

(۵)۔ بیوی کا کسی ضرورت کی بناء پر گھر سے باہر نکلنا جائز ہے بشرطیکہ اس کو معلوم ہو کہ اس پر اس کا شوہر ناراض نہیں ہوگا۔

(۶)۔ فتویٰ معلوم کرنے کے لیے یا مقدمہ میں شکایت کرنے کے لیے پس پشت کسی انسان کا عیب بیان کرنا جائز ہے جیسا کہ حضرت ہند نے کہا کہ حضرت ابوسفیان بخیل ہیں۔

(۷)۔ جس شخص کا کسی دوسرے شخص پر حق ہو اور وہ معروف طریقہ سے اس شخص سے اپنا حق وصول کرنے سے عاجز ہو تو وہ اس شخص کے علم اور اس کی اجازت کے بغیر اس کے مال سے بقدر حق لے سکتا ہے اس کی تفصیل اور مذاہب کا بیان گذر چکا ہے۔

(۸)۔ مفتی کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ یہ کہے کہ اگر ایسا ہو تو یہ حکم ہے بلکہ وہ صورت مسئولہ کے پیش نظر مطلقاً فتویٰ دے سکتا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ اگر ابوسفیان بخیل ہو تو ان کے مال سے لینا بلکہ مطلقاً فرمایا دستور کے مطابق حسب ضرورت ان کے مال سے لے لو۔

(۹)۔ بچوں کی پرورش اور نگہداشت میں عورت کا دخل ہوتا ہے۔

(۱۰) جس چیز کی شریعت نے کوئی حد نہیں بیان کی اس میں عرف اور عادت پر اعتماد ہوتا ہے، مثلاً بچوں کی پرورش کے لیے کس قدر نفقہ کی ضرورت ہے؟ اس کا مدار عرف پر ہے۔

---

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی [illegible] مطبوعہ دار الکتب العربیہ مصر، ۱۳۲۷ھ

(۱۱) بعض فقہاء شافعیہ نے اس حدیث سے قضاء غائب پر استدلال کیا ہے لیکن یہ صحیح نہیں ہے، کیونکہ حضرت ابوسفیان اس وقت مکہ میں موجود تھے اور یہ واقعہ مکہ میں پیش آیا تھا صرف اس مجلس میں حاضر نہیں تھے اور قضاء علی الغائب کے لیے یہ ذرک ہے کہ وہ شخص اس شہر سے غائب ہو، دوسرے یہ کہ اس حدیث میں قضاء کا نہیں فتوی کا ذکر ہے۔

بَابُ النَّهْيِ عَنْ كَثْرَةِ السُّؤَالِ وَإِضَاعَةِ الْمَالِ

بکثرت سوال کرنے اور مال ضائع کرنے کی ممانعت

۴۳۶۷- حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ يَرْضَى لَكُمْ ثَلَاثًا وَيَكْرَهُ لَكُمْ ثَلَاثًا فَيَرْضَى لَكُمْ أَنْ تَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَأَنْ تَعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا وَيَكْرَهُ لَكُمْ قِيلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَإِضَاعَةَ الْمَالِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہاری تین باتوں کو پسند کرتا ہے اور تمہاری تین باتوں کو ناپسند کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو یہ پسند ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، اور سب مل کر اللہ کے دین کی رسی مضبوطی سے پکڑو اور افتراق نہ کرو، اور اللہ تعالیٰ فضول بحث کرنے، بکثرت سوال کرنے اور مال ضائع کرنے کو ناپسند کرتا ہے۔

۴۳۶۸- وَحَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سُهَيْلٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَيَسْخَطُ لَكُمْ ثَلَاثًا وَلَمْ يَذْكُرْ وَلَا تَفَرَّقُوا.

امام مسلم نے کہا ہے کہ ایک اور سند سے اس حدیث کی مثل مروی ہے، البتہ اس میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری تین باتوں سے ناراض ہوتا ہے اور اس میں یہ نہیں ہے کہ تم افتراق نہ کرو۔

۴۳۶۹- وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ وَرَّادٍ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوقَ الْأُمَّهَاتِ وَوَأْدَ الْبَنَاتِ وَمَنْعًا وَهَاتِ وَكَرِهَ لَكُمْ ثَلَاثًا قِيلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَإِضَاعَةَ الْمَالِ.

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تم پر یہ چیزیں حرام کر دی ہیں، ماؤں کی نافرمانی کرنا، بیٹیوں کو زندہ درگور کرنا، حق نہ دینا، ناحق مانگنا، اور تین چیزیں مکروہ ہیں، فضول بحث کرنا، بکثرت سوال کرنا اور مال ضائع کرنا۔

۴۳۷۰ - وحدثني القاسم بن زكريا حدثنا عبيد الله بن موسى عن شيبان عن منصور بهذا الإسناد مثله غير أنه قال وحرم عليكم رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم يقل إن الله حرم عليكم.

امام مسلم نے کہا ہے کہ ایک اور سند سے بھی اس حدیث کی مثل مروی ہے البتہ اس میں یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کام تم پر حرام کر دیے ہیں اور یہ نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر یہ کام حرام کیے ہیں۔

۴۳۷۱ - حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة حدثنا إسماعيل بن علية عن خالد الحذاء حدثني ابن أشوع عن الشعبي حدثني كاتب المغيرة بن شعبة قال كتب معاوية إلى المغيرة اكتب إلي بشيء سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم فكتب إليه إني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إن الله كره لكم ثلاثا قيل وقال وإضاعة المال وكثرة السؤال.

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے کاتب کہتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت مغیرہ بن شعبہ کو خط لکھا کہ تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو حدیث سنی ہو وہ مجھے لکھ کر بھیجو! حضرت مغیرہ نے لکھا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ تین کاموں کو ناپسند کرتا ہے: فضول بحث کرنا، مال ضائع کرنا اور بکثرت سوال کرنا۔

۴۳۷۲ - حدثنا ابن أبي عمر حدثنا مروان بن معاوية الفزاري عن محمد بن سوقة أخبرنا محمد بن عبيد الله الثقفي عن وراد قال كتب المغيرة إلى معاوية سلام عليك أما بعد فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إن الله حرم عقوق الوالد ووأد البنات ولا وهات ونهى عن ثلاث قيل وقال وكثرة السؤال وإضاعة المال.

حضرت مغیرہ نے حضرت معاویہ (رضی اللہ عنہما) کی طرف لکھا: سلام علیک، اس کے بعد واضح ہو کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے: آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تین کاموں کو حرام کیا ہے اور تین کاموں سے منع فرمایا ہے والد کی نافرمانی کرنا، بیٹیوں کو زندہ درگور کرنا اور حق کو روکنا اور ناحق مانگنا حرام ہے، اور فضول بحث کرنے، بکثرت سوال کرنے اور مال ضائع کرنے سے منع فرمایا ہے۔

قیل وقال سے ممانعت کی حکمت

اس باب کی احادیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ قیل وقال کرنے، بکثرت سوال کرنے اور مال ضائع کرنے کو ناپسند فرماتا ہے۔ فضول بحث کی شرح میں علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: علامہ خطابی نے [illegible] مشہور اقوال بیان کرنا، یا اکثر دین

میں غیر محتاط اقوال نقل کرنا، علامہ ابن جوزی نے کہا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ کسی چیز کی صحت جانے بغیر اس کو بیان کرنا، امام مالک نے کہا ہے کہ اس سے بے مقصد باتیں کرنا مراد ہے۔ [۱]

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں اس سے زیادہ باتیں کرنا مراد ہے کیونکہ زیادہ باتوں کا نتیجہ کسی خطاء پر پہنچتا ہے دوسرا معنی یہ ہے کہ اس سے لوگوں کی باتیں نقل کرنا مراد ہے کیونکہ لوگوں کی باتیں نقل کرتے ہوئے انسان ایسی باتیں بیان کر دیتا ہے جن کا بیان کرنا صاحب معاملہ کے نزدیک ناپسندیدہ ہوتا ہے اور تیسرا معنی یہ ہے کہ امور دین میں بلا تحقیق اقوال نقل کرنا اور اس کی تائید صحیح مسلم کی اس حدیث سے ہوتی ہے کسی شخص کے جھوٹا ہونے کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات بیان کر دے۔ [۲]

بکثرت سوال کرنے سے ممانعت کی حکمت

اس حدیث میں بکثرت سوالات کرنے سے بھی منع کیا گیا ہے، اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ اس ممانعت سے مال کا سوال کرنا مراد ہے یا کسی مشکل اور پیچیدہ مسئلہ کے حل کا سوال کرنا مراد ہے یا ان دونوں سے عام سوال مراد ہے؟ اولیٰ یہ ہے کہ اس ممانعت کو عموم پر محمول کیا جائے۔ بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ اس سے واقعات اور حادثات کے متعلق سوال کرنا مراد ہے یا کسی خاص انسان کے حالات کے متعلق سوالات کرنا مراد ہے کیونکہ یہ امر بسا اوقات اس شخص کو ناپسند ہوتا ہے، امام ابو داؤد نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ کسی شخص پر پیچیدہ مسائل ڈالنا ممنوع ہے۔ اور جن چیزوں کا وقوع عادۃً محال ہو یا جو امور نادر ہوں ان کے متعلق سوال کرنا بھی مکروہ ہے اور یہ اس لیے ممنوع ہے کہ جو شخص اس قسم کے سوالات کرے گا وہ اپنے کلام میں غیر معمولی مبالغہ آرائی کرے گا اور ظن و تخمین سے کام لے گا اور اس کا کلام خطاء سے خالی نہیں ہوگا۔ اور قرآن مجید میں جو ہے لا تسئلوا عن اشیاء ان تبد لکم تسؤکم (مائدہ: ۱۰۱) " وہ باتیں نہ پوچھو جو اگر تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تم کو بری لگیں"، سو یہ زمانہ نبوت کے ساتھ خاص ہے۔ نیز کسی سے مال کا سوال کرنے کی مذمت بھی ثابت ہے اور ان لوگوں کی مدح کی گئی ہے جو گڑ گڑا کر مال کا سوال نہیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: لا یسئلون الناس الحافا (البقرہ: ۲۷۳) " جو لوگوں سے گڑ گڑا کر سوال نہیں کرتے"۔ صحیح بخاری میں ہے جو شخص ہمیشہ سوال کرتا ہے وہ جب قیامت کے دن آئے گا تو اس کے چہرے پر گوشت کا ٹکڑا نہیں ہوگا۔" اور صحیح مسلم میں ہے "صرف تین صورتوں میں سوال کرنا جائز ہے۔ بہت زیادہ فقر میں۔ ایسے قرض میں جو ذلیل کرنے والا ہو اور کسی ناگہانی آفت و مصیبت میں۔ اور سنن ابو داؤد میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب تم سوال کرو تو اللہ سے سوال کرو"۔ اور سنن ابو داؤد میں ہے: "اگر تجھے چار و ناچار سوال کرنا ہو تو نیک لوگوں سے سوال کر"۔ علامہ نووی نے شرح مسلم میں لکھا ہے کہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ بلا ضرورت سوال کرنا ممنوع ہے، اور جو شخص کمانے کی طاقت رکھتا ہو اس کے سوال کرنے کے حکم میں ہمارے علماء کو اختلاف ہے: ظاہر قول یہ ہے کہ یہ حرام ہے جیسا کہ احادیث کا مقتضیٰ ہے دوسرا قول یہ ہے کہ یہ مکروہ تنزیہی ہے۔ جائز سوال کی تین شرطیں ہیں، گڑ گڑا کر سوال نہ کرے، نفس سوال پر ذلت نہ کرے اور مسئول کو ایذاء نہ پہنچائے۔ اگر ان شرطوں میں ایک شرط بھی نہ ہو تو سوال کرنا حرام ہے۔ علامہ فاکہانی نے کہا ہے کہ مجھے اس شخص پر تعجب ہوتا ہے جو مطلقاً سوال کرنے کو مکروہ کہتا ہے، حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اور سلف صالحین کے دور میں لوگ سوال کرتے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کسی مکروہ کام کو برقرار نہیں رکھ سکتے۔ اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ مکروہ سے مراد

---

[۱] علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۹ ص ۲۱ مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[۲] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۰ ص ۴۰۷ مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

خلاف اولیٰ ہے اور دوسرا جواب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں لوگ حاجت شدیدہ کے وقت سوال کرتے تھے اور سوال کرنے کی کراہت پر دلیل وہ احادیث ہیں جن میں سوال کرنے کی مذمت بیان کی گئی ہے۔ یہ تمام بحث اس صورت میں تھی جب کوئی شخص اپنے لیے سوال کرے لیکن جب کوئی شخص دوسرے کے لیے سوال کرے تو اس کا حکم حالات کے اعتبار سے مختلف ہوگا۔ [1]

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: اس حدیث میں جو بکثرت سوال کرنے سے منع کیا گیا ہے یا تو اس سے یہ مراد ہے کہ لوگوں سے ان کے اموال کا بکثرت سوال نہ کیا جائے یا اس سے مراد یہ ہے کہ دین میں جو چیزیں متشابہات میں سے ہیں جن کے متعلق سوال کرنے سے شریعت میں منع کر دیا گیا ہے ان کے بارے میں سوال نہ کیا جائے یا یہ مراد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بلاضرورت سوال نہ کیے جائیں۔

علامہ خطابی نے کہا ہے کہ سوال کی ایک قسم قابل تعریف ہے یعنی جب کسی ضرورت کی بناء پر مسئلہ دریافت کرنے کے لیے سوال کیا جائے، جیسا کہ قرآن مجید میں ہے: یسئلونك ماذا ینفقون (بقرہ: ۲۱۵) "وہ آپ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں؟" اور سوال کی دوسری قسم مذموم ہے یعنی جب بلاضرورت سوال کیے جائیں جیسا کہ قرآن مجید میں ہے: ویسئلونك عن الروح (اسراء: ۸۵) "یہ لوگ آپ سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں۔" علامہ نووی نے لکھا ہے کہ اس حدیث سے مراد یہ ہے کہ کسی شخص سے اس کے حالات اور کوائف کے بارے میں بکثرت سوالات نہ کیے جائیں کیونکہ بعض اوقات انسان اپنے حالات اور معاملات کی تفصیلات دوسروں سے مخفی رکھنا چاہتا ہے اس لیے اس قسم کے سوالات اس کے لیے ناگواری کا باعث ہوں گے۔ علامہ عینی لکھتے ہیں اس حدیث میں بکثرت سوال کرنے سے منع فرمایا ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کم سوال کرنا بلاکراہت جائز ہے خصوصاً اس صورت میں جب سوال نہ کرنے کی وجہ سے انسان کو اپنی ہلاکت کا خدشہ ہو اس صورت میں اس پر سوال کرنا واجب ہے کیونکہ جب انسان کے پاس اپنی جان بچانے کا کوئی ذریعہ نہ ہو تو اس کے لیے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا جائز نہیں ہے۔ [2]

مسجد میں سوال کرنے اور سائل کو دینے کی تحقیق

مولانا امجد علی لکھتے ہیں: مسجد میں سوال کرنا حرام ہے اور اس سائل کو دینا بھی منع ہے۔ [3]

علامہ علاؤ الدین حصکفی لکھتے ہیں: مسجد میں سائل کو دینا مکروہ ہے، ہاں اگر وہ سوال کے وقت لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے تو پھر اس کو دینا بلاکراہت جائز ہے جیسا کہ اختیار اور مواہب الرحمان میں ہے کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حالت نماز میں اپنی انگوٹھی کو صدقہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کی مدح میں یہ آیت نازل فرمائی: ویؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون (مائدہ: ۵۵) "اور وہ لوگ جو حالت رکوع میں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔" [4]

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں: "کتاب الاختیار" میں ہے کہ اگر سائل نمازیوں کے درمیان سے گزرتا ہے اور لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہے تو اس کو دینا مکروہ ہے۔ کیونکہ یہ لوگوں کو ایذاء دینے پر معاونت ہے۔ حتیٰ کہ کہا گیا ہے کہ اس صورت میں ایک پیسہ دینے کا کفارہ سو پیسوں کے دینے سے بھی ادا نہیں ہوتا۔ اس عبارت سے معلوم ہوا کہ سائل کا مطلقاً پھلانگنا موجب

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۰ ص ۴۰۸-۴۰۷، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] حافظ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۹ ص ۶۲-۶۱، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[3] مولانا امجد علی متوفی ۱۳۶۷ھ، بہار شریعت ج ۳ ص ۱۵۰، مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز کراچی

[4] علامہ علاؤ الدین حصکفی حنفی متوفی ۱۰۸۸ھ ... مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

کراہت نہیں ہے۔ بلکہ کراہت اس صورت میں ہے کہ جب اس کے پھلانگنے سے لوگوں کو ایذا پہنچے جیسا کہ "اختیار" کی عبارت کے مفہوم کا تقاضا ہے۔ [1]

نیز علامہ شامی لکھتے ہیں حضرت علی نے حالت نماز میں مسجد میں انگوٹھی صدقہ کی اور نماز افضل اعمال ہے اور جب نماز کی حالت میں سائل کو مسجد میں دینا جائز ہے تو غیر حالت نماز میں سائل کو مسجد میں دینا بطریق اولیٰ جائز ہوگا۔ [2]

علامہ حصکفی نے جس آیت کا حوالہ دیا ہے وہ یہ ہے:

انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین اٰمنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ ویؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون۔ (مائدہ ۵۵)	تمہارا دوست صرف اللہ اور اس کا رسول ہیں اور وہ مومن ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔

علامہ سید محمود آلوسی لکھتے ہیں: حاکم اور ابن مردویہ وغیرہما نے اپنی سند متصل کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ ابن سلام اور ان کی قوم کے کچھ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا:

یا رسول اللہ! ہمارے گھر دور ہیں اور اس مجلس کے سوا ہماری اور کوئی جائے پناہ نہیں ہے کیونکہ جب ہماری قوم کو یہ معلوم ہوگا کہ ہم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آئے ہیں تو وہ ہم کو چھوڑ دیں گے اور یہ قسم کھائیں گے کہ وہ ہماری مجلس میں بیٹھیں گے نہ ہمارے ساتھ نکاح کریں گے، اور نہ ہم سے بات چیت کریں گے اور یہ چیز ہم پر دشوار ہوگی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا دوست صرف اللہ اور اس کا رسول ہے پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے تو دیکھا کہ کچھ لوگ قیام میں ہیں اور کچھ لوگ رکوع میں ہیں۔ آپ نے سائل کو دیکھ کر پوچھا تم کو کسی نے کچھ دیا؟ اس نے کہا ہاں! مجھے چاندی کی ایک انگوٹھی دی ہے فرمایا کس نے دی ہے؟ سائل نے حضرت علی کی طرف اشارہ کرکے کہا نماز پڑھنے والے نے! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے تم کو کس حال میں انگوٹھی دی! سائل نے کہا حالت رکوع میں! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ اکبر! اور پھر اس آیت کو تلاوت فرمایا۔ [3]

یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب نماز میں سلام اور کلام جائز تھا اور جب آپ نے یہ فرما دیا ان فی الصلوٰۃ لشغلا۔ "نماز میں صرف افعال نماز میں ہی مشغول رہنا چاہیے" تو نماز میں سلام، کلام اور دوسرے افعال منسوخ ہوگئے۔ اس لیے اب حالت نماز میں کسی کو کچھ دینا جائز نہیں ہے البتہ مسجد میں سائل کو دینا جائز ہے اور اس کے جواز بلکہ اولیٰ ہونے پر یہ آیت اور یہ حدیث دلیل ہے۔

ملا علی قاری اس مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

مسجد میں سائل کو کچھ دینے میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ حدیث صحیح میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے کسی نے آج کسی مسکین کو کھانا کھلایا ہے؟ حضرت ابو بکر نے کہا میں جب مسجد میں داخل ہوا تو میں نے ایک سائل کو دیکھا، میں نے عبدالرحمن کے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا دیکھا میں نے عبدالرحمن سے وہ روٹی کا ٹکڑا لے کر سائل کو دے دیا۔ (اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ

---

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۵ ص ۲۶۸، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

[2] " " " رد المحتار ج ۵ ص ۲۶۸، "

[3] علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی بغدادی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۶ ص ۱۶۷، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں سوال کرنے اور سائل کو دینے کو برقرار رکھا بلکہ یہ چیز حضرت ابوبکر کے فضائل سے شمار ہوتی ہے۔ سعیدی غفرلہٗ۔) اور امام بیہقی نے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سلیک غطفانی کو جمعہ کے دن خطبہ کے دوران نماز پڑھنے کا حکم دیا تاکہ لوگ ان کو دیکھ کر ان کو صدقہ اور خیرات دیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر سے لوگوں کو اس پر صدقہ کرنے کا حکم دیا ملا علی قاری لکھتے ہیں اس حدیث میں یہ دلیل نہیں ہے کہ وہ شخص سائل تھا۔ اور بحث اس میں ہے، کہ بعض سلف نے یہ کہا ہے کہ مسجد میں سائل کو دینا جائز نہیں ہے کیونکہ بعض احادیث میں ہے کہ قیامت کے دن یہ ندا کی جائے گی "جن لوگوں پر اللہ کا غضب ہے وہ کھڑے ہو جائیں"؟ تو مسجد میں سوال کرنے والے کھڑے ہو جائیں گے۔ اور بعض علماء نے یہ فرق کیا ہے کہ جو سائل سوال کرتے ہوئے لوگوں کی گردنیں پھلانگ کر ایذا دے تو اس کو دینا مکروہ ہے کیونکہ یہ معصیت پر تعاون ہے اور جو شخص لوگوں کو ایذا نہ دے تو اس کو دینا مسنون ہے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں لوگ مسجد میں سوال کرتے تھے حتیٰ کہ روایت ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے رکوع کی حالت میں انگوٹھی صدقہ کی اور اللہ تعالیٰ نے ان کی مدح میں یہ آیت نازل فرمائی: "یؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون" ملا علی قاری اس دلیل پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اس آیت اور اس حدیث میں یہ دلیل نہیں ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وہ انگوٹھی مسجد میں دی تھی۔ اور ظاہر یہ ہے کہ یہ اس دور کے سائلین کا حکم ہے اور اس دور کا حکم اور ہے۔[1]

ملا علی قاری کا یہ اعتراض صحیح نہیں ہے کیونکہ علامہ آلوسی نے حاکم اور ابن مردویہ کے حوالے سے جو حدیث نقل کی ہے اس میں یہ تصریح ہے کہ حضرت علی نے سائل کو انگوٹھی مسجد میں دی تھی اسی طرح خود ملا علی قاری نے جو حدیث بیان کی ہے اس میں تصریح ہے کہ حضرت ابوبکر نے سائل کو روٹی کا ٹکڑا مسجد میں دیا تھا، اس حدیث کو علامہ ابن حجر مکی نے مسند بزار کے حوالے سے بیان کیا ہے[2] اور اس میں یہ تصریح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس فعل پر (اس کے ساتھ اور نیک افعال بھی تھے) حضرت ابوبکر کو جنت کی بشارت دی، اور جس فعل پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت کی بشارت دی ہو اس کو ممنوع کہنا (جیسا کہ مولانا امجد علی نے بہار شریعت میں لکھا ہے) نامناسب ہے اور سہو کا نتیجہ ہے۔ غالباً یہ حدیث ان کے پیش نظر نہیں تھی۔

یہ بحث اس سائل کے بارے میں ہے جو اپنے لیے سوال کرے اور کسی دوسرے ضرورت مند شخص کے لیے مسجد میں سوال کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے امام مسلم اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں ...... کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ ہم دن کے ابتدائی حصہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، ناگاہ آپ کے پاس لوگوں کی ایک جماعت آئی جن کے پیر ننگے' بدن ننگے تھے، گلے میں چمڑے کی کفنیاں یا عبائیں پہنے ہوئے اور تلواریں لٹکائے ہوئے تھے' ان میں اکثر بلکہ سب قبیلہ مضر سے متعلق تھے، ان کے فقر و فاقہ کو دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور متغیر ہو گیا، آپ اندر گئے پھر باہر آئے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان دینے کا حکم دیا، حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی پھر اقامت کہی، آپ نے نماز پڑھائی پھر خطبہ دیا، اور فرمایا: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک نفس سے پیدا کیا۔ (یہ پوری آیت پڑھی) اور سورۂ حشر کی یہ آیت پڑھی (ترجمہ) انسان کو غور کرنا چاہیے کہ وہ کل آخرت کے لیے کیا بھیج رہا ہے، لوگ درہم، دینار، اپنے کپڑے، گیہوں

---

[1] ملا علی بن سلطان محمد القاری ہروی متوفی ۱۰۱۴ھ، مرقات ج ۴ ص ۲۰۰ - ۱۹۹، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ۱۳۹۰ھ

[2] علامہ احمد بن حجر ہیتمی مکی متوفی ۹۷۴ھ، [illegible] مصر، الطبعۃ الثانیۃ، ۱۳۸۵ھ

اور صاع بھر جَو صدقہ کریں، حتیٰ کہ کھجور کے ایک ٹکڑے کو صدقہ کریں۔ راوی کہتے ہیں کہ انصار میں سے ایک شخص تھیلی لے کر آئے جس کو اٹھانے سے ان کا ہاتھ تھکا جاتا تھا، اس کے بعد لوگوں کا تانتا بندھ گیا، یہاں تک کہ میں نے کھانے اور کپڑے کے دو ڈھیر دیکھے، حتیٰ کہ میں نے دیکھا کہ (خوشی سے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ چمک رہا تھا، یوں لگتا تھا جیسے آپ کا چہرہ سونے کی ڈلی ہو، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اسلام میں کسی نیک کام کی ابتداء کرے اس کو اپنی نیکی کا بھی اجر ملے گا اور بعد میں عمل کرنے والوں کے عمل کا بھی اجر ملے گا اور ان عاملین کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی، اور جس شخص نے اسلام میں کسی بُرے عمل کی ابتداء کی اسے اپنے عمل کا بھی گناہ ہوگا اور بعد میں عمل کرنے والوں کے عمل کا بھی گناہ ہوگا اور ان عاملین کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ [1]

خلاصہ یہ ہے کہ کسی ضرورت مند شخص کی مدد کے لیے مسجد میں اعلان کرنا اور اس کے لیے چندہ کرنا جائز اور مستحسن ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے اور کسی ضرورت مند شخص کا اپنے لیے مسجد میں سوال کرنا جائز ہے اور مسجد میں سائل کو دینا بھی جائز ہے اور حضرت ابوبکر اور حضرت علی کی سنت ہے، بشرطیکہ وہ سائل لوگوں کی گردنیں پھلانگ کر انہیں ایذا نہ دے اور جن فقہاء نے علی الاطلاق مسجد میں سوال کرنے والے کو دینے سے منع کیا ہے اس سے ایسا ہی سائل مراد ہے۔

زیادہ خرچ کرنے کی تفصیل اور تحقیق

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں، زیادہ خرچ کرنے کی تین صورتیں ہیں:

(الف) جو کام شرعاً مذموم ہیں ان میں مال خرچ کرنا، ناجائز ہے۔

(ب) جو کام شرعاً محمود ہیں ان میں زیادہ مال خرچ کرنا محمود ہے بشرطیکہ اس میں زیادہ خرچ کرنے سے اس سے زیادہ اہم دینی کام متاثر نہ ہو۔

(ج) مباح کاموں میں زیادہ خرچ کرنا مثلاً نفس کے آرام اور آسائش اور اس کے التذاذ کے لیے خرچ کرنا اس کی دو قسمیں ہیں:

(۱) خرچ کرنے والا اپنے مال اور اپنی حیثیت کے مطابق خرچ کرے تو یہ اسراف نہیں ہے۔

(۲) خرچ کرنے والا اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرے، اس کی پھر دو قسمیں ہیں اگر وہ کسی موجود یا متوقع ضرر اور خطرہ کو دور کرنے کے لیے زیادہ خرچ کرتا ہے تو جائز ہے اور اگر دفع ضرر کے بغیر اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرتا ہے تو جمہور کے نزدیک یہ اسراف ہے۔ اور بعض شافعیہ نے یہ کہا ہے کہ یہ اسراف نہیں ہے کیونکہ وہ اس سے بدن کے آرام اور آسائش کے حصول کا قصد کرتا ہے اور یہ غرض صحیح ہے اور جبکہ یہ کسی معصیت میں خرچ نہیں ہے تو مباح ہے۔ ابن دقیق العید، قاضی حسین، امام غزالی اور علامہ رافعی نے کہا ہے کہ یہ تبذیر ہے اور ناجائز ہے، محرر میں ہے کہ یہ تبذیر نہیں ہے، علامہ نووی کی بھی یہی رائے ہے۔ اور زیادہ راجح یہ ہے کہ اگر زیادہ خرچ کرنے سے کوئی خرابی لازم نہیں آتی مثلاً لوگوں سے سوال کرنے کی نوبت نہیں آتی تو پھر زیادہ خرچ کرنا جائز ہے ورنہ ناجائز ہے۔

اپنے تمام مال کو راہِ خدا میں صدقہ کرنا اس شخص کے لیے جائز ہے جو تنگی اور فقر میں صبر کر سکتا ہو، علامہ باجی مالکی نے لکھا ہے کہ تمام مال کو صدقہ کرنا ممنوع ہے اور دنیاوی مصلحتوں میں زیادہ مال خرچ کرنا مکروہ ہے، البتہ کبھی کبھی زیادہ خرچ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جیسے عید یا ولیمہ کے موقع پر، اور اس پر اتفاق ہے کہ قدر ضرورت سے زیادہ مکان پر خرچ کرنا مکروہ ہے،

[1] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۲۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

اسی طرح آرائش اور زیبائش پر زیادہ خرچ کرنا بھی مکروہ ہے اور مال کو ضائع کرنا گناہ کے کاموں کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ مال کسی ناتجربہ کار کے حوالہ کر دینا اور جواہر نفیسہ پر مال خرچ کر دینا بھی اس میں داخل ہے۔

علامہ سبکی نے لکھا ہے کہ مال کو ضائع کرنے کا ضابطہ یہ ہے کہ اگر مال خرچ کرنے سے کوئی دینی اور دنیاوی غرض نہ ہو تو اس میں مال خرچ کرنا حرام قطعی ہے، اور اگر دینی یا دنیوی غرض ہو اور اس جگہ مال خرچ کرنا معصیت نہ ہو اور خرچ اس کی حیثیت کے مطابق ہو تو یہ قطعاً جائز ہے، اور ان دونوں مرتبوں کے درمیان بہت ساری صورتیں ہیں جو کسی ضابطہ کے تحت داخل نہیں ہیں۔ بہرحال معصیت میں خرچ کرنا حرام ہے، اور آرام اور آسائش اور نفسانی لذتوں کے حصول کے لیے مال خرچ کرنے میں تفصیل اور اختلاف ہے۔ [۱]

اسراف اور اقتار کا محمل

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

والذين اذا انفقوا لم يسرفوا ولم يقتروا وكان بين ذلك قواما۔ (فرقان: ۶۷)

وہ لوگ جو خرچ کرتے وقت نہ فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ تنگی سے کام لیتے ہیں اور ان کا خرچ کرنا زیادتی اور کمی کے درمیان اعتدال پر ہوتا ہے۔

امام رازی نے اس آیت کی تین تفسیریں ذکر کی ہیں:

(۱)۔ خرچ کرنے میں اعتدال سے کام لیا جائے، غلو ہو نہ تقصیر جس طرح اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

ولا تجعل يدك مغلولة الى عنقك ولا تبسطها كل البسط فتقعد ملوما محسورا (بنی اسرائیل: ۲۹)

اور نہ رکھ اپنا ہاتھ بندھا ہوا اور نہ اسے پوری طرح کھول دے کہ بیٹھا رہے ملامت کیا ہوا تھکا ہارا۔

(۲)۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، مجاہد، قتادہ اور ضحاک سے منقول ہے کہ اللہ کی معصیت میں خرچ کرنا اسراف ہے اور اللہ تعالیٰ کا حق ادا نہ کرنا اقتار ہے، مجاہد نے کہا اگر پہاڑ کے برابر سونا اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں خرچ کرے تو اسراف نہیں ہے اور اگر ایک صاع (چار کلوگرام) بھی اللہ کی معصیت میں خرچ کرے تو اسراف ہے۔ حسن بصری نے کہا کبھی واجب کو ادا نہ کرنا تقتیر ہوتا ہے اور کبھی مستحب کو ادا نہ کرنا بھی تقتیر ہوتا ہے مثلاً اگر مالدار آدمی اپنے غریب رشتہ داروں کی کفالت نہ کرے تو یہ بھی تقتیر ہے۔

(۳)۔ دنیا کے عیش اور آسائش میں حد سے گزرنا اسراف ہے خواہ یہ عیش مال حلال سے ہو پھر بھی مکروہ ہے، کیونکہ یہ تکبر اور اقتار کا سبب ہے۔ اگر کوئی شخص اس قدر زیادہ سیر ہو کر کھائے جس کی وجہ سے عبادت نہ کر سکے تو یہ اسراف ہے اور اگر بقدر ضرورت سے کم کھائے تو اقتار ہے اور اعتدال یہ ہے کہ بقدر ضرورت کھائے اور یہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی صفت ہے جو لذت کے لیے نہیں کھاتے تھے اور نہ جمال اور زینت کے لیے پہنتے تھے وہ بس اتنا کھاتے تھے جس سے بھوک دفع ہو جاتی اور اس سے ان کو عبادت کرنے کی طاقت حاصل ہوتی اور اتنا لباس پہنتے جو ستر عورت کے لیے کافی ہوتا اور ان کو گرمی اور سردی سے بچا سکتا۔ [۲]

[۱] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۰ ص ۴۰۹ - ۴۰۸ مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[۲] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین [illegible] مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

لذت اور آسائش کے لیے مال خرچ کرنا اسراف نہیں ہے

امام رازی نے جو لکھا ہے کہ صحابہ لذت کے لیے نہیں کھاتے تھے اور جمال اور زینت کے لیے نہیں پہنتے تھے یہ ان بعض صحابہ کا حال ہے جن پر زُہد کا غلبہ تھا۔ ورنہ تحقیق یہ ہے کہ صاحب حیثیت کے لیے رزق حلال سے لذیذ کھانے کھانا، قیمتی کپڑے پہننا اور دیگر رہائش اور آرائش کی اشیاء حاصل کرنا نہ صرف جائز ہے بلکہ موجب اجر و ثواب ہے بشرطیکہ وہ ان نعمتوں کا شکر ادا کرے اور ان چیزوں کے حصول میں مال خرچ کرنے سے کوئی مالی عبادت فوت ہو نہ کسی کا حق تلف ہو، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یا یھا الذین امنوا کلوا من طیبات ما رزقناکم واشکروا للہ (بقرۃ: ۱۷۲)

اے ایمان والو! ان پاک چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تم کو دی ہیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو۔

یا یھا الذین امنوا لاتحرموا طیبات ما احل اللہ لکم۔ (مائدہ: ۸۷)

اے ایمان والو! ان پاک چیزوں کو حرام نہ کرو جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے حلال کر دی ہیں۔

قل من حرم زینۃ اللہ التی اخرج لعبادہ والطیبات من الرزق۔ (اعراف: ۳۲)

آپ فرمائیے کہ اللہ نے اپنے بندوں کے لیے جو زینت پیدا کی ہے اس کو کس نے حرام کیا ہے؟ اور اللہ کے رزق سے پاک اور لذیذ چیزوں کو کس نے حرام کیا ہے؟

امام مسلم اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عبد اللہ بن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یدخل الجنۃ من کان فی قلبہ مثقال ذرۃ من کبر قال رجل ان الرجل یحب ان یکون ثوبہ حسنا ونعلہ حسنۃ قال ان اللہ جمیل یحب الجمال الکبر بطر الحق وغمط الناس [۱]

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کے دل میں ایک ذرہ کے برابر بھی تکبر ہو گا وہ جنت میں نہیں جائے گا۔ ایک شخص نے کہا ایک آدمی یہ پسند کرتا ہے کہ اس کے کپڑے اچھے ہوں اور اس کی جوتی اچھی ہو، آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ حسین ہے اور حسن کو پسند کرتا ہے، تکبر حق کا انکار کرنا اور لوگوں کو حقیر جاننا ہے۔

امام ترمذی نے بھی اس حدیث کو حضرت عبد اللہ بن مسعود سے روایت کیا ہے۔ [۲]

اور امام احمد اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عقبۃ بن عامر انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما من رجل یموت حین یموت وفی قلبہ مثقال حبۃ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اس حال میں مرے کہ مرتے وقت اس کے دل میں ایک رائی کے دانہ کے برابر بھی تکبر

---

[۱] امام ابو الحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۶۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[۲] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۲۹۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

من خردل من کبر تحل له الجنة ان یریح ریحها و یراها فقال رجل من قریش یقال له ابو ریحانة واللہ یا رسول اللہ انی لاحب الجمال واشتهیه حتی انی لاحبه فی علاقة سوطی و فی شراك نعلی قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لیس ذاك الکبر ان اللہ عزوجل جمیل یحب الجمال ولکن الکبر من سفه الحق وغمص الناس بعینه[1]

ہو تو اس کے لیے جنت کی خوشبو سونگھنا اور جنت کو دیکھنا حلال نہیں ہے۔ قریش کے ایک شخص نے کہا جس کا نام ابو ریحانہ تھا: یارسول اللہ! میں حسن وجمال سے محبت کرتا ہوں، حتیٰ کہ میں پسند کرتا ہوں کہ میرے چابک کا دستہ اور میری جوتی کا تسمہ بھی خوبصورت ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تکبر نہیں ہے، اللہ تعالیٰ حسین ہے اور حسن سے محبت کرتا ہے البتہ حق کا انکار کرنا اور لوگوں کو حقیر نظروں سے دیکھنا تکبر ہے۔

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن ابی هریرة ان رجلا اتی النبی صلی اللہ علیه وسلم وکان رجلا جمیلا فقال یا رسول اللہ! انی رجل حبب الی الجمال و اعطیت منه ما تراه حتی ما احب ان یفوقنی احد اما قال بشراك نعلی و اما قال بشسع نعلی افمن الکبر ذلك قال لا ولکن الکبر من بطر الحق وغمط الناس فی قدر موضع الازار[2]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور وہ خوبصورت شخص تھا، اس نے کہا: یارسول اللہ! میں ایسا شخص ہوں کہ مجھے حسن وجمال بہت پسند ہے اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ میں کتنا حسین ہوں، حتیٰ کہ مجھے یہ بھی گوارہ نہیں ہے کہ کسی شخص کی جوتی کا تسمہ میرے تسمہ سے اچھا ہو کیا یہ تکبر ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! البتہ حق کا انکار کرنا اور لوگوں کو ذرا سا حقیر جاننا بھی تکبر ہے۔

امام احمد نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ اور اس میں فی قدر موضع الازار کے الفاظ نہیں ہیں۔[3]

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

ثم سأل رجل عمر فقال اذا وسع اللہ فاوسعوا۔[4]

ایک شخص نے حضرت عمر سے (دو کپڑے پہن کر نماز پڑھنے کے متعلق) پوچھا تو حضرت عمر نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں وسعت دی ہے تو وسعت اختیار کرو۔

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

---

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۴ ص ۱۵۱، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ
[2] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۲۱۰، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ
[3] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۴ ص ۱۳۷، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ
[4] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[illegible] موضع الازار [illegible]

عن ابی الاحوص عن ابیہ قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ثوب دون فقال الک مال قال نعم قال من ای المال قال قد اتانی اللہ من الابل والغنم والخیل والرقیق قال فاذا اتاک اللہ مالا فلیرا اثر نعمۃ اللہ علیک وکرامتہ[1]

ابوالاحوص کے والد (رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں، میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں معمولی کپڑوں میں گیا آپ نے فرمایا تمہارے پاس مال ہے؟ میں نے کہا جی! فرمایا کون سا مال ہے؟ میں نے کہا اللہ تعالیٰ نے مجھے اونٹ بکریاں گھوڑے اور غلام دیے ہیں، آپ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے تم کو مال دیا ہے تو اللہ تعالیٰ کی نعمت اور کرامت کا اثر تم پر دکھائی دینا چاہیے۔

اس حدیث کو امام نسائی نے بھی روایت کیا ہے۔[2]

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ یحب ان یری اثر نعمتہ علی عبدہ۔[3]

عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندے پر اپنی نعمت کا اثر دیکھنے کو پسند کرتا ہے۔

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن جابر بن عبد اللہ قال اتانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرای رجلا شعثا قد تفرق شعرہ فقال اما کان ھذا یجد مایسکن بہ شعرہ ورای رجلا اخر علیہ ثیاب وسخۃ فقال اما کان ھذا یجد ما یغسل بہ ثوبہ۔[4]

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ نے ایک شخص کو دیکھا جس کے بال بکھرے ہوئے تھے، آپ نے فرمایا کیا اس شخص کو ایسی چیز نہیں ملتی جس سے اپنے بالوں کو ٹھیک کر سکے، ایک اور شخص کو آپ نے دیکھا جس نے میلے کپڑے پہنے ہوئے تھے آپ نے فرمایا کیا اس کو ایسی چیز دستیاب نہیں جس سے اپنے کپڑے دھو سکے۔

ہم نے قرآن مجید کی آیات اور احادیث صحیحہ سے یہ واضح کر دیا ہے کہ رزق حلال سے لذیذ کھانے کھانا اور قیمتی کپڑے پہننا بھی مستحسن اور مستحب ہے بشرطیکہ ان نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا جائے اور مستحقین کے حقوق ادا کیے جائیں۔ باقی امام رازی نے جو یہ لکھا ہے کہ صحابہ لذت کے لیے نہیں کھاتے تھے اور زینت کے لیے کپڑے نہیں پہنتے تھے تو ہو سکتا ہے کہ یہ ان بعض صحابہ کا حال ہو جن پر زہد کا غلبہ تھا ورنہ عام صحابہ کرام سے یہ کیسے متصور ہو سکتا ہے کہ وہ قرآن مجید کی ان آیات اور صریح احادیث سے صرف نظر کر لیتے، اور اگر کسی شخص کو یہ وہم ہو کہ بھوک مٹانا اور شرم گاہ چھپانا تو ضروری ہے اس لیے بھوک مٹانے کے لیے کھانا اور ستر پوشی کے لیے پہننا تو اجر و ثواب کا باعث ہوگا لیکن لذت کے لیے اچھے کھانے کھانا اور زیبائش کے لیے قیمتی کپڑے پہننا کس

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۲۰۷، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ
[2] امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ، سنن نسائی ج ۲ ص ۲۵۶، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[3] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۴۰۰، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[4] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۲۰۶، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

طرح اجر و ثواب کا موجب ہوگا؟ کیونکہ مقصود رمقِ حیات کو برقرار رکھنا ہے حصولِ لذت تو مقصود نہیں ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ رزقِ حلال سے کھانے کی لذت حاصل کرنا اور حلال مال سے زیبائش حاصل کرنا اس لیے موجب اجر و ثواب ہے کہ اگر اس لذت کو حرام مال سے حاصل کیا جاتا تو اس پر بندہ اخروی سزا کا مستحق ہوتا سو اگر بندہ اس لذت کو حلال مال سے حاصل کرے گا تو اخروی اجر و ثواب کا مستحق ہوگا۔ اور اس کی دلیل اس حدیث میں ہے:

امام مسلم اپنی سند کے ساتھ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و فی بضع احدکم صدقۃ قالوا یا رسول اللہ أیأتی احدنا شہوتہ ویکون لہ فیہا اجر قال ارءیتم لو وضعہا فی حرام اکان علیہ وزر فکذلک اذا وضعہا فی الحلال کان لہ اجر[1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کسی شخص کا جماع کرنا بھی صدقہ ہے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم میں سے کوئی شخص اگر شہوت پوری کرنے کے لیے جماع کرے تو کیا پھر بھی اس کو ثواب ملے گا؟ آپ نے فرمایا یہ بتاؤ کہ اگر وہ حرام طریقے سے اپنی شہوت پوری کرتا تو اس کو گناہ ہوتا؟ سو اگر وہ حلال طریقے سے اپنی شہوت پوری کرے گا تو اس کو اجر ملے گا۔

اس حدیث کو امام احمد نے بھی متعدد اسانید کے ساتھ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔[2]

خلاصہ یہ ہے کہ رزقِ حلال سے لذیذ کھانے کھانا، قیمتی لباس پہننا، خوبصورت مکان بنانا اور دیگر زیب و زینت اور آرام اور آسائش کی چیزیں حاصل کرنا صاحب حیثیت کے لیے نہ صرف جائز ہے بلکہ اجر و ثواب کا موجب ہے بشرطیکہ ان لذتوں کے حصول کی وجہ سے کسی مالی عبادت میں حرج ہو اور نہ کسی حقدار کا حق تلف ہو اور ان نعمتوں پر وہ شخص اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا رہے۔

ماں باپ کی نافرمانی گناہ کبیرہ ہے

حدیث نمبر ۴۳۶۹ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ماؤں کی نافرمانی کرنے سے منع فرمایا ہے، اور بکثرت احادیث صحیحہ میں ہے کہ ماں کی نافرمانی کرنا گناہ کبیرہ ہے، اسی طرح باپ کی نافرمانی کرنا بھی گناہ کبیرہ ہے، اس حدیث میں صرف ماں کی نافرمانی پر اقتصار کیا گیا ہے کیونکہ ماں کی نافرمانی کی تحریم باپ کی نافرمانی سے زیادہ شدید ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص نے پوچھا میں کس سے نیکی کروں تو فرمایا اپنی ماں سے نیکی کرو، اس نے پوچھا پھر کس کے ساتھ نیکی کروں؟ تو فرمایا اپنی ماں سے، تیسری بار بھی یہی فرمایا اور اس کے چوتھی بار سوال کرنے پر فرمایا: پھر اپنے باپ کے ساتھ نیکی کرو، نیز عام طور پر لوگ ماں کی نافرمانی زیادہ کرتے ہیں۔ اس حدیث میں بیٹیوں کو زندہ درگور کرنے سے بھی منع فرمایا ہے کیونکہ اہل عرب اپنی بیٹیوں کو زندہ درگور کرتے تھے یہ بھی گناہ کبیرہ ہے۔

حدیث نمبر ۴۳۷۲ میں باپ کی نافرمانی کرنے سے منع فرمایا ہے اور یہ بھی گناہ کبیرہ ہے۔ تاہم یہ خیال رکھنا چاہیے کہ ماں اور

---

[1] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۲۵-۳۲۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ [illegible]، مطبعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

باپ کی نافرمانی اس وقت گناہ کبیرہ ہے جب وہ کسی ایسی چیز کا حکم نہ دیں جو شریعت کے خلاف ہو اور اگر وہ کسی ایسے کام کا حکم دیں جو شریعت کے خلاف ہو تو اس وقت ان کی اطاعت حرام ہے اور اس صورت میں بھی ان کے ساتھ نرمی اور ملاطفت سے پیش آنا چاہیے اور ان کو شرعی احکام کی اہمیت سمجھانا چاہیے۔

بَابُ ۵۶۷ بَيَانِ اَجْرِ الْحَاكِمِ اِذَا اجْتَهَدَ فَاَصَابَ اَوْ اَخْطَاَ!

حاکم فیصلہ صحیح کرے یا غلط اس کو اجتہاد کرنے پر اجر ملتا ہے

۴۳۷۳ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَزِيدَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ اَبِي قَيْسٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَصَابَ فَلَهُ اَجْرَانِ وَاِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَخْطَاَ فَلَهُ اَجْرٌ۔

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب حاکم اجتہاد سے فیصلہ کرے اور وہ فیصلہ (عند اللہ) صحیح ہو تو اس کو دو اجر ملتے ہیں اور اگر وہ اجتہاد سے فیصلہ کرے اور وہ فیصلہ (عند اللہ) غلط ہو تو اس کو ایک اجر ملتا ہے۔

۴۳۷۴ - وَحَدَّثَنِي اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ وَزَادَ فِي عَقِبِ الْحَدِيثِ قَالَ يَزِيدُ فَحَدَّثْتُ هٰذَا الْحَدِيثَ اَبَا بَكْرِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فَقَالَ هٰكَذَا حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بیان کی ہے۔ البتہ حدیث کے آخر میں یہ اضافہ ہے کہ یزید کہتے ہیں میں نے یہ حدیث ابوبکر بن محمد سے بیان کی تو انھوں نے کہا مجھ ابو سلمہ نے اسی طرح ابو ہریرہ سے روایت کی ہے۔

۴۳۷۵ - وَحَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ الدِّمَشْقِيَّ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ اللَّيْثِيُّ بِهٰذَا الْحَدِيثِ مِثْلَ رِوَايَةِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ بِالْاِسْنَادَيْنِ جَمِيعًا۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

قاضی کا عالم اور مجتہد ہونا ضروری ہے

علامہ نووی لکھتے ہیں: تمام مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ یہ حدیث اس حاکم کے متعلق ہے جو عالم ہو اور فیصلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو اگر اس کا فیصلہ صحیح ہے تو اس کو دو اجر ملیں گے ایک اجر اس کے اجتہاد کا ہوگا اور ایک اجر اس کی اصابت رائے کا اور اگر اس کا فیصلہ غلط ہے تو اس کو صرف اپنے اجتہاد کا اجر ملے گا۔ اور اس حدیث میں عبارت محذوف ہے اصل عبارت اس طرح ہے جب حاکم اجتہاد سے فیصلہ کرے اور اس کا فیصلہ صحیح ہو تو اس کو دو اجر ملیں گے۔ فقہاء نے کہا ہے کہ جو شخص اجتہاد کی اہلیت نہ رکھتا ہو اس کے لیے فیصلہ کرنا جائز نہیں ہے اور اگر کسی نا اہل شخص نے فیصلہ کیا تو اس کو اجر نہیں ملے گا۔ بلکہ وہ گنہ گار ہوگا اور اس کا فیصلہ نافذ نہیں ہوگا خواہ اس کا فیصلہ صحیح ہو یا غلط، کیونکہ اس کے فیصلہ کا صحیح ہونا اتفاقی ہے اور اس کا فیصلہ کسی دلیل شرعی پر مبنی نہیں ہے اس لیے وہ اپنے تمام فیصلوں میں گنہ گار ہوگا خواہ وہ صحیح ہوں یا نہ ہوں اور اس کو معذور نہیں قرار دیا جائے گا۔ کیونکہ کتب سنن میں یہ حدیث ہے: قاضی تین قسم کے ہیں ایک قاضی جنتی ہے اور دو قاضی دوزخی ہیں۔ ایک قاضی وہ ہے جس کو حق کا علم ہوتا ہے اور وہ اس کے مطابق فیصلہ کرتا ہے وہ جنتی ہے، دوسرا قاضی وہ ہے جو باوجود علم کے حق کے خلاف فیصلہ کرتا ہے وہ دوزخی ہے اور تیسرا قاضی وہ ہے جو بغیر علم کے فیصلہ کرتا ہے وہ بھی دوزخی ہے۔ [۱]

اس حدیث میں یہ بتایا گیا ہے کہ حاکم کا مجتہد ہونا ضروری ہے، ہر چند کہ ہم اس کتاب کی جلد ثالث اور کتاب الاقضیۃ کے شروع میں اجتہاد کی تعریف اور اس کی شرائط بیان کر چکے ہیں تاہم اس حدیث کی وضاحت کے لیے چند مزید حوالہ جات کے ساتھ اس بحث کو ذکر کر رہے ہیں تاکہ اس حدیث کے پڑھنے والوں کو اجتہاد کی تعریف اور اس کی شرائط پر آگاہی ہو اور محققین کے لیے مزید حوالہ جات کا مواد فراہم ہو۔

اجتہاد کی تعریف

قاضی بیضاوی اجتہاد کی تعریف میں لکھتے ہیں:

استفراغ الجهد فی درك الاحكام الشرعية۔ [۲]

احکام شرعیہ کو حاصل کرنے میں پوری طاقت (تمام علمی صلاحیت) کو صرف کرنا اجتہاد ہے۔

علامہ جمال الدین اسنوی لکھتے ہیں کہ علامہ ابن حاجب نے اجتہاد کی یہ تعریف کی ہے:

الاجتهاد استفراغ الفقيه الوسع لتحصيل ظن بحكم شرعی۔ [۳]

کسی حکم شرعی کے ظن کو حاصل کرنے کے لیے فقیہ (مجتہد) کا اپنی تمام علمی صلاحیتوں کو صرف کرنا اجتہاد ہے۔

علامہ ابن ہمام اجتہاد کی تعریف میں لکھتے ہیں:

الاجتهاد لغة بذل الطاقة فی تحصيل ذی كلفة واصطلاحًا ذلك من الفقيه فی

اجتہاد کا لغوی معنی ہے کسی مشقت طلب کام کو حاصل کرنے کے لیے طاقت صرف کرنا، اور اصطلاحی معنی ہے

۱۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۷۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولیٰ، ۱۳۷۵ھ

۲۔ قاضی ابو الخیر عبد اللہ بن عمر بیضاوی شیرازی متوفی ۶۸۵ ھ، منہاج الوصول الی علم الاصول ج ۳ ص ۲۴۴ مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق، مصر ۱۳۱۶ھ

۳۔ علامہ جمال الدین [illegible] التقریر والتحبیر ج ۳ ص ۲۸۶ مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق مصر ۱۳۱۶ھ

تحصیل حکم شرعی ظنی - کسی حکم شرعی ظنی کو حاصل کرنے کے لیے فقیہ کا اپنی علمی صلاحیتوں کو صرف کرنا۔[۱]

علامہ وشتانی مالکی نے قاضی عیاض مالکی سے اجتہاد کی یہ تعریف نقل کی ہے:

الاجتهاد بذل الوسع فى طلب الحق والصواب فى النازلة۔[۲] پیش آمدہ مسئلہ میں حق اور صواب کو طلب کرنے کے لیے اپنی علمی صلاحیت کو صرف کرنا اجتہاد ہے۔

اجتہاد کا طریقہ علامہ وشتانی لکھتے ہیں کہ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب مجتہد کے سامنے کوئی مسئلہ پیش کیا جائے تو پہلے وہ اس کے حل کے لیے نص قرآن تلاش کرے اگر قرآن مجید میں اس کا حکم تلاش نہ کر سکے تو پھر اس کا حکم اخبار متواترہ میں تلاش کرے، اگر اخبار متواترہ میں اس کا حکم نہ مل سکے تو پھر اخبار آحاد میں اس کا حکم تلاش کرے اور اگر قرآن اور سنت میں اس کا حکم نہ مل سکے تو پھر مذاہب مجتہدین میں اس کا حکم تلاش کرے، اگر اس حکم کے متعلق علماء کا اجماع مل جائے تو اس اجماع پر عمل کرے ورنہ قیاس سے اس مسئلہ کا حکم معلوم کرے۔

علامہ وشتانی، امام غزالی اور علامہ ابن عبد السلام سے نقل کر کے لکھتے ہیں اجتہاد کے لیے قرآن مجید کی صرف ان آیات کو جان لینا کافی ہے جن کا تعلق احکام سے ہے اور علم حدیث تو اب بہت آسان ہو چکا ہے کیونکہ ہر حدیث کی صحت اور ضعف کے بارے میں محققین نے تحقیق کر دی ہے اور اب احادیث کی اس قدر تصنیفات شائع ہو چکی ہیں جن کے بارے میں اندازہ ہے کہ امام مالک کے سامنے بھی اس قدر احادیث نہیں تھیں، اور جن مسائل پر اجماع ہے ان کی بھی کتابوں میں تصریح موجود ہے اس لیے اب اجتہاد کرنا بہت آسان ہو گیا ہے۔[۳]

مجتہدین اور مقلدین کے درجات علامہ ابن امیر الحاج لکھتے ہیں: علامہ زرکشی نے "بحر" میں لکھا ہے علم کی دو قسمیں ہیں ایک وہ علم ہے جس کی معرفت میں عام اور خاص مشترک ہیں یہ ضروریات دین کی معرفت ہے جن کا علم تواتر سے ہو اس میں کسی کی تقلید جائز نہیں ہے، مثلاً نمازوں اور رکعات کی تعداد، ماؤں اور بیٹیوں سے نکاح کا حرام ہونا، زنا اور لواطت کی حرمت کیونکہ یہ وہ امور ہیں جن کی معرفت عام آدمی پر دشوار نہیں ہے اور نہ ان کی معرفت اس کے لیے کسی کام سے حارج ہے اور بعض وہ امور ہیں جن کی معرفت خواص کے ساتھ مختص ہے، اور اس میں لوگوں کے تین طبقات ہیں:

طبقہ اولیٰ پہلا طبقہ محض عام لوگوں کا ہے اور جمہور کے نزدیک ان پر واجب ہے کہ وہ تمام احکام شرعیہ فرعیہ میں کسی مجتہد کی تقلید کریں، اور اگر ان میں سے کسی شخص کو قرآن اور حدیث کا علم ہو لیکن وہ قرآن اور حدیث سے مسائل کا استنباط نہ کر سکتا ہو تو اس کا یہ علم ناکافی ہے اور وہ تقلید سے مستغنی نہیں ہے۔

۱۔ علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ، التحریر ج ۳ ص ۲۹۱، مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق مصر، ۱۳۱۶ھ

۲۔ علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۵ مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت

۳۔ " " " ، اکمال اکمال المعلم ج ۵، ص ۱۶ - ۱۵، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت

طبقہ ثانیہ دوسرا طبقہ ان علماء کا ہے جن کو بعض علوم معتبرہ حاصل ہوں لیکن وہ درجہ اجتہاد تک نہ پہنچتے ہوں۔ علامہ ابن حاجب وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ یہ علماء عام مقلدین کی طرح ہیں کیونکہ یہ اجتہاد کرنے سے عاجز ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ ان کے لیے تقلید کرنا جائز نہیں ہے اور ان پر احکام شرعیہ کو ان کے مآخذ سے حاصل کرنا واجب ہے کیونکہ وہ دوسروں کے برخلاف احکام کو مستنبط کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، علامہ زرکشی نے کہا ہے کہ ان کو پہلے طبقہ کے ساتھ لاحق کرنے پر اعتراض ہے، علامہ ابن منیر نے کہا ہے کہ مختار یہ ہے کہ یہ مجتہد ہیں اور انہوں نے اس کا التزام کیا ہے کہ یہ کوئی نیا مذہب نہیں بنائیں گے، یہ مجتہد اس وجہ سے ہیں کہ ان میں مجتہدین کے اوصاف پائے جاتے ہیں اور کسی نئے مذہب کا ایجاد نہ کرنا اس وجہ سے ہے کہ ائمہ اربعہ نے تمام قواعد کا استیعاب کر لیا ہے اور تمام احکام فرعیہ کے لیے ایسے اصول اور قواعد کو وضع کرنا جو ائمہ اربعہ کے قواعد سے مختلف ہوں سب سے حد دشوار ہے، ہاں یہ کسی امام کے قاعدہ کی اتباع کر سکتے ہیں اور جب کسی مسئلہ میں اپنے امام کے علاوہ کسی اور امام کے قاعدہ کی صحت ان پر منکشف ہو جائے تو ان کے لیے اپنے امام کی تقلید جائز نہیں ہے لیکن اس کا وقوع مستبعد ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ دوسرا طبقہ ان علماء کا ہے جو اجتہاد مطلق کی صلاحیت تو نہیں رکھتے لیکن پیش آمدہ مسائل میں اجتہاد کر سکتے ہیں اور احکام شرعیہ کے دلائل سے واقف ہوتے ہیں اور ان کے استنباط کی اہلیت رکھتے ہیں۔ یہ پہلے طبقہ کی طرح محض مقلد نہیں ہیں انہیں اپنے احکام کے مستنبط کیے ہوئے مسائل کے دلائل کا علم ہوتا ہے اس وجہ سے یہ ان مسائل میں اپنے امام کی اتباع کرتے ہیں۔

طبقہ ثالثہ تیسرا طبقہ ان علماء کا ہے جو درجہ اجتہاد (مطلق، جیسے ائمہ اربعہ کا درجہ) تک پہنچ چکے ہوں۔ [1]

پیش آمدہ مسائل میں اہل فتویٰ کا اجتہاد

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں کہ: اس پر اتفاق ہے کہ جس شخص کا علم، اجتہاد اور عدالت (نیک چلنی) معروف ہو اور لوگ اس کی تعظیم کرتے ہوں اور اس سے مسائل دریافت کرتے ہوں اس سے فتویٰ طلب کرنا اور اس کا منصب افتاء پر فائز ہونا جائز ہے اور جس شخص میں یہ شرائط نہ ہوں اس سے فتویٰ طلب کرنا جائز نہیں ہے۔ نیز علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں کہ اگر کوئی غیر مجتہد (مطلق) کسی مجتہد کے مذہب پر فتویٰ دے اور اس کے پاس اس مجتہد کا مذہب منقول نہ ہو لیکن وہ اس مجتہد کے احکام کے مآخذ پر مطلع ہو اور اس مجتہد کے قواعد کے مطابق احکام مآخذ سے مستنبط کر سکتا ہو تو اس کا اس مجتہد کے مذہب پر فتویٰ دینا جائز ہے ورنہ نہیں۔ اور ایک قول یہ ہے کہ کسی مجتہد کے مذہب پر فتویٰ دینا مطلقاً جائز ہے خواہ مفتی اس کے مآخذ پر مطلع ہو یا نہ ہو، (علامہ ابن امیر الحاج نے لکھا ہے کہ صاحب بدیع کا یہی مختار ہے اور اکثر علماء کا یہی مذہب ہے) یہ قول مسترد کیے جانے کے لائق ہے۔ اور ابوالحسین نے کہا ہے کہ غیر مجتہد (مطلق) کا مجتہد کے مذہب پر فتویٰ دینا مطلقاً جائز نہیں ہے۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ غیر مجتہد (مطلق) کا کسی مجتہد کے مذہب پر فتویٰ دینا بلانکیر واقع ہے کیونکہ اصحاب مذاہب کے متبحر علماء ہمیشہ دوسرے ائمہ کے مذاہب پر فتویٰ دیتے رہے ہیں اگرچہ وہ اجتہاد مطلق کے درجہ پر فائز نہیں ہوتے تھے اور ان فتووں کا کبھی انکار نہیں کیا گیا اور جو شخص کسی

---

[1] علامہ ابن امیر الحاج متوفی ۸۷۹ھ التقریر والتحبیر ج ۳ ص ۳۴۰ مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق مصر، ۱۳۱۶ھ

مذہب کا غیر متبحر عالم ہو تو اس کے فتویٰ کا انکار کیا جاتا ہے پس کسی مذہب کے مقلد اور متبحر عالم کے فتویٰ کے قبول کرنے اور غیر متبحر عالم کے فتویٰ کے نہ قبول کرنے پر اجماع ہو گیا ہے، اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ یہ اجماع تو غیر مجتہدین کا ہے اور غیر مجتہدین کا اجماع حجت نہیں ہوتا اس لیے اس فتویٰ کا جواز ضرورت کی بناء پر ہے اس کا جواب یہ ہے کہ ہر چند کہ یہ علماء مجتہد مطلق تو نہیں ہیں لیکن ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ پیش آمدہ مسائل میں جزوی اجتہاد بھی ختم ہو چکا ہے کیونکہ اس پر اتفاق ہے کہ ارباب افتاء اگرچہ مجتہد مطلق نہیں ہوتے لیکن ان کا پیش آمدہ مسائل میں اجتہاد کرنا جائز ہے، اس بناء پر مفتی بھی مجتہد ہوتے ہیں اور کسی غیر مجتہد مطلق مفتی کا کسی مجتہد مطلق کے مذہب پر فتویٰ دینا ان مجتہدین کے اجماع سے بھی ثابت ہے اور یہ ضرورت کا بھی تقاضا ہے[۱]

مسائل اجتہادیہ میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک حکم معین ہوتا ہے یا نہیں؟

علامہ جمال الدین اسنوی لکھتے ہیں: علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ عقلیات میں حکم واحد ہوتا ہے، جس شخص نے اس حکم کو پایا اس نے صحت اور صواب کو پا لیا، اور جس نے اس حکم کو نہیں پایا اس نے خطاء کی اور وہ گناہ گار ہوگا، اور مسائل فقہیہ کے اجتہاد میں علماء کا اختلاف ہے، آیا اس میں حکم واحد ہوتا ہے یا مختلف احکام ہوتے ہیں اگر حکم واحد ہوتا ہے تو جس مجتہد نے اس حکم کو پا لیا وہ حق اور صواب کو پہنچا اور اس کے لیے دو اجر ہیں اور جس نے اس حکم کو نہیں پایا وہ خطاء پر ہے لیکن وہ معذور ہے اور اس کو اجتہاد کا ایک اجر ملے گا اور اگر احکام متعدد اور مختلف ہیں تو تمام مجتہدین صحت اور صواب کو پہنچ گئے۔

جس مسئلہ میں نص صریح نہ ہو اس میں علماء کے دو قول ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ مجتہد کے اجتہاد سے پہلے اس میں اللہ تعالیٰ کا کوئی حکم معین نہیں ہے بلکہ اس مسئلہ میں اللہ تعالیٰ کا حکم مجتہد کے ظن کے تابع ہے (العیاذ باللہ!) اور انہی لوگوں کا یہ نظریہ ہے کہ ہر مجتہد مصیب ہوتا ہے، اس نظریہ کے قائلین اشعری، قاضی اور اشاعرہ اور معتزلہ کے جمہور متکلمین ہیں پھر ان میں اختلاف ہے، بعض یہ کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ اس مسئلہ میں کوئی حکم نازل کرتا تو وہی حکم نازل کرتا جو مجتہد کا ظن ہے اور یہی قول اشبہ بالحق ہے اور بعض نے کہا ہر مسئلہ میں اللہ تعالیٰ کا ایک حکم معین ہوتا ہے، اور اس میں تین نظریات ہیں۔ بعض فقہاء اور متکلمین کا یہ نظریہ ہے کہ یہ حکم کسی دلالت اور علامت کے بغیر حاصل ہوتا ہے جیسے کسی طالب کو اتفاقاً کوئی دفینہ مل جائے سو جس شخص نے یہ حکم حاصل کر لیا اس کو دو اجر ملتے ہیں اور جس نے اس حکم کو حاصل کرنے میں خطاء کی اس کو ایک اجر ملتا ہے' دوسرا نظریہ یہ ہے کہ اس حکم پر کوئی علامت یعنی دلیل ظنی ہوتی ہے اس میں پھر اختلاف ہے فقہاء حنفیہ اور فقہاء شافعیہ کا یہ قول ہے کہ چونکہ یہ دلیل نہایت خفی اور غامض ہوتی ہے اس لیے مجتہد اس صحیح حکم کو حاصل کرنے کا مکلف نہیں ہوتا اس وجہ سے اس میں مخطی بھی معذور اور ماجور ہوتا ہے۔ اور بعض نے کہا کہ مجتہد اس حکم کو حاصل کرنے کا مکلف ہوتا ہے اگر اس کو اجتہاد میں خطاءً لاحق ہو جائے تو تکلیف بدل جاتی ہے اور اس پر یہ واجب کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے ظن کے تقاضے پر عمل کرے۔ اور تیسرا قول یہ ہے کہ اس معین حکم پر دلیل قطعی ہوتی ہے اور مجتہد اس دلیل کو حاصل کرنے کا مکلف ہوتا ہے اس نظریہ کے قائلین میں بھی اختلاف ہے جمہور کا یہ نظریہ ہے کہ اگر اس کو خطاء لاحق ہو گئی تو وہ گناہ گار نہیں ہوگا اور نہ اس کا فیصلہ غلط قرار دیا جائے گا اور بشر مریسی کا مذہب یہ ہے کہ وہ گناہ گار ہوگا اور اس کا فیصلہ مسترد کر دیا جائے گا۔

---

[۱] علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ، و علامہ ابن امیر الحاج متوفی ۸۷۹ھ، التحریر والتقریر ج ۳ ص ۳۰۶، ۳۴۶-۳۴۷، مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبری بولاق مصر

ان اختلافات میں ہماری رائے یہ ہے کہ ہر مسئلہ میں اللہ تعالیٰ کا ایک معین حکم ہوتا ہے اور اس پر دلیل ظنی ہوتی ہے اور اگر مجتہد اس حکم کو حاصل کرنے میں خطاء کرے تو وہ گناہ گار نہیں ہوتا اور نہ اس کا فیصلہ رد کیا جاتا ہے بلکہ خطاء کی صورت میں بھی اس کو اجتہاد پر ایک اجر ملتا ہے اور اگر وہ اللہ تعالیٰ کے اس حکم معین کو حاصل کر لے تو اس کو دو اجر ملتے ہیں ایک اجتہاد کا اور ایک اصابت رائے کا، امام شافعی سے بھی یہی منقول ہے اور قاضی بیضاوی نے بھی اس کی تصریح کی ہے۔ ؎

علامہ وشتانی مالکی لکھتے ہیں کہ قاضی عیاض مالکی نے کہا ہے کہ اس میں اختلاف ہے کہ آیا دونوں جانبوں میں حق ہوتا ہے اور ہر مجتہد مصیب ہوتا ہے یا حق صرف ایک جانب میں ہوتا ہے اور صرف ایک مجتہد مصیب ہوتا ہے؟۔

اور ہر فریق نے اس باب کی حدیث سے استدلال کیا ہے پہلے فریق نے یہ کہا ہے کہ مخطی کے لیے بھی اجر کا ذکر ہے اگر اس کی رائے صحیح نہ ہوتی تو اس کو اجر نہ دیا جاتا اور دوسرے فریق نے کہا اس کو مخطی کہنا اس کی دلیل ہے کہ اس کی رائے صحیح نہیں تھی اور پہلے فریق نے کہا کہ اس نے نص سے خطاء کی یا اس کو نص سے ذہول ہو گیا اور جو شخص کسی ایسے مسئلہ میں اجتہاد کرتا ہے جس میں کوئی نص ہے نہ اجماع تو اس کے متعلق یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ اس نے خطاء کی، اور بعض علماء کے اس قول کی طرف التفات نہیں کرنا چاہیے کہ ہر مسئلہ میں اللہ تعالیٰ کا ایک معین حکم ہوتا ہے جو مجتہد اس حکم پر مطلع ہو جائے وہ مصیب ہے اور جو اس حکم پر مطلع نہ ہو وہ مخطی ہے کیونکہ یہ غیر محققین کا قول ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جن پیش آمدہ مسائل میں اللہ تعالیٰ کے حکم پر کوئی نص نہیں ہے، نہ اس حکم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے اور نہ اس حکم پر علماء کا اجماع ہے سو اس مسئلہ کا اب تک کوئی حکم نہیں ہے، اور مجتہدین اپنے اجتہاد سے اس مسئلہ کا جو حکم معلوم بیان کریں گے وہی اس کا حکم ہے مثلاً امام شافعی کسی مسئلہ میں ایک شخص پر جواز کا حکم لگائیں اور امام مالک اسی مسئلہ میں دوسرے شخص پر عدم جواز کا حکم لگائیں یا امام ابوحنیفہ کسی معاملہ میں ایک شخص پر تعزیر کا حکم لگائیں اور امام مالک ایسے ہی مسئلہ میں دوسرے شخص پر قتل کا حکم دیں تو اللہ تعالیٰ کو ازل میں ان کے اختلاف کا علم تھا اور اس کو معلوم تھا کہ اس مسئلہ میں ایک شخص کے متعلق ایک مجتہد کا یہ حکم ہوگا اور ایسے ہی مسئلہ میں دوسرے شخص کے متعلق دوسرے مجتہد کا یہ حکم ہوگا اور یہ اجتماع نقیضین نہیں ہے کیونکہ ایک ہی شخص پر قتل کرنے اور قتل نہ کرنے کا حکم نہیں لگایا گیا بلکہ ایک مسئلہ میں مثلاً امام شافعی ایک شخص پر قتل کا حکم عائد کرتے ہیں اور امام ابوحنیفہ اس جیسے مسئلے میں دوسرے شخص پر قتل کا حکم نہیں عائد کرتے اور اللہ تعالیٰ کا حکم وہی ہے جو ان مجتہدین نے حکم دیا ہے پس جنس مسئلہ تو ایک ہے لیکن اس کے متعلقات الگ الگ ہیں۔

علامہ وشتانی لکھتے ہیں: اصولیین کا اس میں اختلاف ہے کہ آیا مسائل اجتہادیہ ظنیہ میں اللہ تعالیٰ کا ایک حکم معین ہوتا ہے یا نہیں، اور اگر ایک حکم معین ہوتا ہے تو مجتہد اس کا مکلف ہوتا ہے کہ اس حکم کو حاصل کرے اگر اس نے اس حکم کو حاصل کر لیا تو اس کا اجتہاد صحیح ہے ورنہ نہیں اور اگر ان مسائل میں اللہ تعالیٰ کا ایک حکم معین نہیں ہے تو پھر ان مسائل میں اللہ تعالیٰ کا حکم مجتہدین کے ظن کے تابع ہے، قاضی نے اسی نظریہ کو اختیار کیا ہے، بعض متاخرین نے اس تعبیر پر اعتراض کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کو مجتہدین کے ظن کے تابع قرار دینا سوء ادب ہے اور مجتہد کا ظن حادث ہے اور اللہ تعالیٰ کا حکم قدیم ہے اور قدیم حادث کے تابع کیسے ہو سکتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کو مجتہدین کے ظن کے تابع قرار دینے سے ان کی یہ مراد نہیں ہے کہ زمانا اس حکم کا وجود مؤخر ہے اور وہ حکم مجتہد کے ظن کے بعد ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کا حادث ہونا لازم آئے بلکہ ان کی مراد

؎ ۔ علامہ جمال الدین السنوسی متوفی ،، مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق مصر، ۱۳۱۷ ھ

یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ازل میں علم تھا کہ فلاں مسئلہ میں فلاں مجتہد کا یہ قول ہوگا اور اسی مسئلہ میں فلاں مجتہد کا یہ قول ہوگا اس لیے اللہ تعالیٰ کا اس مسئلہ میں فلاں مجتہد کے اعتبار سے یہ حکم ہے اور فلاں مجتہد کے اعتبار سے یہ حکم ہے۔ [1]

مسائل اجتہادیہ میں حکم کے معین ہونے یا نہ ہونے کے متعلق مصنف کا موقف

اشاعرہ، ماتریدیہ اور معتزلہ کے

جن علماء نے یہ نظریہ قائم کیا ہے کہ مسائل اجتہادیہ میں اللہ تعالیٰ کے احکام متعدد ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے یہ متعدد احکام مجتہدین کے احکام کے تابع ہوتے ہیں، ہمارے نزدیک یہ نہ صرف سوء ادب ہے بلکہ صراحۃً غلط ہے، مثلاً امام ابوحنیفہ کے نزدیک گوہ کا کھانا مکروہ تحریمی ہے اور امام شافعی، امام مالک اور امام احمد کے نزدیک گوہ کا کھانا بلا کراہت جائز ہے، اس قاعدہ سے لازم آئے گا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک گوہ کھانا مکروہ ہو اور مکروہ نہ ہو، اسی طرح امام ابوحنیفہ کے نزدیک مچھلی کے سوا تمام سمندری جانوروں کا کھانا حرام ہے اور امام مالک کے نزدیک تمام دریائی جانوروں کا کھانا جائز ہے، اور امام شافعی اور امام احمد کے نزدیک مینڈک اور مگرمچھ کے سوا تمام دریائی جانوروں کا کھانا جائز ہے، ابوعلی نجار کے نزدیک جو جانور خشکی میں حرام ہے اس کی نظیر سمندر میں بھی حرام ہے جیسے کتا، خنزیر اور انسان۔ اور اس قاعدہ سے لازم آئے گا کہ دریائی جانور اللہ کے نزدیک حرام بھی ہوں اور حلال بھی ہوں۔ علیٰ ہذا القیاس اور یہ صحیح نہیں ہے اس لیے اللہ تعالیٰ کے احکام کو تناقض اور تضاد پر محمول کرنا صحیح نہیں ہے۔ نیز اجتہاد سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ اللہ کے نزدیک کسی چیز کا جو حکم ہے اس کو معلوم کیا جائے جس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ مجتہد کا اجتہاد اللہ کے حکم کے تابع ہے اور یہ حضرات کہتے ہیں کہ اللہ کا حکم مجتہد کے اجتہاد کے تابع ہے مزید برآں یہ کہ یہ ایک حقیقت ثابتہ ہے کہ مجتہد کو اجتہاد میں خطاء بھی لاحق ہوتی ہے حضرت داؤد اور حضرت سلیمان کے اجتہادی فیصلوں میں اس کی واضح مثال ہے اور اس نظریہ کی بناء پر یہ لازم آئے گا کہ اللہ کے احکام بھی مبنی برخطاء ہوں اور اللہ کے احکام کو بھی خطاء قرار دیا جائے۔ العیاذ باللہ! حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ وہ کسی مسئلہ میں اجتہاد کرنے کے بعد کہتے تھے کہ اگر یہ حکم حق ہے تو اللہ کی جانب سے ہے اور اگر باطل ہے تو یہ میری عقل اور فہم کا قصور ہے۔

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں:

والمختار حکم معین اوجب طلبہ فمن اصابہ المصیب ومن لا المخطی ونقل عن الائمۃ الاربعۃ ثم المختار ان المخطی ماجور [2]

مذہب مختار یہ ہے کہ جس مسئلہ میں اجتہاد کیا جاتا ہے اس میں ایک حکم معین ہوتا ہے، جس کو اجتہاد سے طلب کرنا واجب کیا گیا ہے، جس مجتہد نے اجتہاد سے اس حکم کو حاصل کر لیا وہ مصیب ہے اور جس نے حاصل نہیں کیا وہ مخطی ہے ائمہ اربعہ سے بھی یہی مذہب منقول ہے اور پھر یہ مختار ہے کہ اجتہاد میں خطاء واقع ہونے پر بھی مجتہد کو اجر ملتا ہے۔

علامہ ابن امیر الحاج لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ، امام شافعی، امام مالک اور امام احمد سے یہی مذہب منقول ہے۔ علامہ سبکی نے لکھا ہے کہ ائمہ اربعہ سے یہی نقل صحیح ہے بلکہ علامہ کرخی نے لکھا ہے کہ ہمارے تمام فقہاء کا یہی مذہب ہے۔ علامہ قرافی نے اس کے

---

[1] علامہ ابوعبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۷-۱۶، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[2] علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ، التحریر ج ۳ ص ۳۰۷، مطبوعہ مطبعۃ امیریہ کبری بولاق مصر، ۱۳۱۷ھ

علاوہ امام مالک کا اور کوئی مذہب نہیں لکھا۔ علامہ سبکی نے لکھا ہے کہ امام شافعی نے اسی کو تحریر کیا ہے، علامہ ابن السمعانی نے لکھا ہے کہ جس شخص نے امام شافعی کی طرف کسی اور مذہب کو منسوب کیا ہے اس نے خطاء کی۔ [1]

علامہ ابن حجر عسقلانی نے علامہ مازری مالکی کے حوالے سے لکھا ہے کہ فقہاء اور متکلمین میں سے اکثر اہل تحقیق کا مذہب یہ ہے کہ حق دونوں جانبوں میں سے ہے اور یہی ائمہ اربعہ کا مذہب ہے ہر چند کہ ائمہ اربعہ سے اس کے خلاف بھی منقول ہے۔ اس کے بعد علامہ ابن حجر نے لکھا کہ میں کہتا ہوں کہ امام شافعی کا مذہب پہلا ہے۔ یعنی واقعہ میں ایک حکم معین ہوتا ہے۔ [2]

علامہ ابن حجر عسقلانی نے اس مسئلہ میں تحقیق نہیں کی ورنہ صرف علامہ مازری کا قول نقل کر کے بات ختم نہ کر دیتے۔ حقیقت یہ ہے کہ ائمہ اربعہ کا مذہب یہ ہے کہ مسئلہ اجتہادیہ ظنیہ میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک حکم معین ہوتا ہے اور اسی حکم کو حاصل کرنے کا مجتہد مکلف ہوتا ہے اگر اس نے اس حکم کو حاصل کر لیا تو اس کا اجتہاد صحیح ہے ورنہ غلط ہے۔ قاضی بیضاوی، علامہ اسنوی، علامہ ابن ہمام اور علامہ ابن امیر الحاج کی یہی تحقیق ہے اور انہوں نے تصریح کی ہے کہ یہی ائمہ اربعہ کا مذہب ہے اور ائمہ اربعہ اس سے بری ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکام کو مجتہدین کے اجتہاد کے تابع قرار دیں اور اللہ تعالیٰ کے احکام میں تناقض اور تضاد کا قول کریں اور اس کے احکام کو خطاء کے ساتھ متصف کریں۔

میں نے اس مسئلہ میں زیادہ تفصیل اور تحقیق اس لیے کی ہے کہ عام علماء علامہ وشتانی، علامہ مازری اور علامہ ابن حجر کی عبارات کو دیکھ ائمہ اربعہ سے بدگمان نہ ہوں یا اس نقل کو دیکھ کر یہ عقیدہ پہلے نہ باندھ لیں کہ مسائل اجتہادیہ میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک احکام متعدد ہوتے ہیں اور اس کے احکام مجتہد کے اجتہاد کے تابع ہوتے ہیں۔ العیاذ باللہ!

بَابُ ۵۶۸ كَرَاهَةِ قَضَاءِ الْقَاضِي وَهُوَ غَضْبَانُ

حالت غضب میں قاضی کو فیصلہ کرنے کی ممانعت

۴۲۷۶ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ كَتَبَ أَبِي وَكَتَبْتُ لَهُ إِلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ وَهُوَ قَاضٍ بِسِجِسْتَانَ أَنْ لَا تَحْكُمَ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَأَنْتَ غَضْبَانُ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَحْكُمُ أَحَدٌ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ۔

عبد الرحمن بن ابی بکرہ بیان کرتے ہیں کہ میرے والد نے عبید اللہ بن ابی بکرہ قاضی سجستان کو لکھوایا اور میں نے لکھا کہ دو آدمیوں کے درمیان غصہ کی حالت میں فیصلہ مت کرو، کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص بھی غصہ کی حالت میں دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ نہ کرے۔

---

[1] علامہ ابن امیر الحاج متوفی ۸۷۹ھ، التقریر والتحبیر ج ۳ ص ۳۰۶، مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبری بولاق مصر ۱۳۱۶ھ

[2] علامہ شہاب الدین احمد بن علی ابن [illegible]، مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

۴۳۷۷ - وَحَدَّثَنَاهُ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ ح وَحَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ كُلُّ هٰؤُلَاءِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي عَوَانَةَ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی چھ مختلف سندیں بیان کیں، ان سب اسانید میں حضرت ابوبکرہ کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل سابق روایت ہے۔

کن حالات میں حاکم کو فیصلہ کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے؟

علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی لکھتے ہیں: حالت غضب کے ساتھ ہر وہ حالت لاحق ہے جس حالت کی وجہ سے حاکم صحیح غور و فکر نہ کر سکے اور اس کا مزاج اعتدال پر نہ ہو مثلاً اس کو بہت زیادہ بھوک اور پیاس لگی ہو یا بہت زیادہ غم ہو یا کسی بات پر بہت زیادہ خوشی ہو یا اس کا دل و دماغ کسی معاملہ میں الجھا ہوا ہو تو اس قسم کے احوال میں حاکم کا فیصلہ کرنا مکروہ ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ وہ اس حال میں غلط فیصلہ کر دے اور اگر اس نے فیصلہ کر دیا تو اس کا فیصلہ صحیح ہوگا کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شراج حرۃ (ایک زمین میں پانی کی نالی) کا فیصلہ حالت غضب میں کیا تھا، اسی طرح ایک شخص نے لقطہ کے بارے میں سوال کیا (کہ اگر کسی شخص کو گم شدہ اونٹ مل جائے تو وہ اس کا کیا کرے؟) تو آپ نے غصہ سے جواب دیا تمہیں اس سے کیا سروکار؟ [۱]

حالت غضب میں فیصلے سے منع کرنے کی حکمت

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: علامہ مہلب نے کہا ہے کہ حالت غضب میں فیصلہ کرنے سے اس لیے منع کیا گیا ہے کہ غصہ کی حالت میں حاکم حق سے تجاوز کر سکتا ہے اس لیے اس کو حال غضب میں فیصلہ کرنے سے منع کر دیا، علامہ ابن دقیق العید نے کہا ہے کہ ممانعت کا سبب یہ ہے کہ حالت غضب میں انسان صحیح غور و فکر نہیں کر سکتا، اور فقہاء نے اس حکم سے یہ مسئلہ مستنبط کیا ہے کہ جس حالت کے طاری ہونے کی وجہ سے انسان کے غور و فکر کی صلاحیت متاثر ہو اس حالت میں فیصلہ نہیں کرنا چاہیے، مثلاً بہت زیادہ بھوک اور پیاس لگی ہو یا بہت بلند آ

[۱] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۷۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

رہی ہو اسی طرح ہر وہ کیفیت جس کا اس کے دل و دماغ پر غلبہ ہو، اور حدیث میں صرف حالت غضب پر اس وجہ سے اقتصار کیا گیا ہے کہ غصہ اور غضب کا انسان کے نفس پر زیادہ غلبہ ہوتا ہے اور دوسرے عوارض کی بہ نسبت اس کا رد کرنا زیادہ مشکل ہے امام بیہقی نے سند ضعیف کے ساتھ حضرت ابوسعید سے مرفوعاً یہ روایت بیان کی ہے کہ "قاضی صرف اسی وقت فیصلہ کرے جب وہ شکم سیر ہو" (یعنی اس کو بھوک اور پیاس نہ لگی ہو)۔ امام شافعی نے لکھا ہے کہ بھوک، پیاس، تھکاوٹ اور جب دل کسی کام میں مشغول ہو تو حاکم کا فیصلہ کرنا مکروہ ہے۔

حالت غضب میں فیصلہ کرنے کا حکم

علامہ ابن حجر لکھتے ہیں: اگر کوئی شخص اس حکم کی مخالفت کرے اور حالت غضب میں کسی مقدمہ کا فیصلہ کر دے تو جمہور کے نزدیک ہر چند کہ یہ فعل مکروہ ہے لیکن اس کا فیصلہ صحیح اور نافذ العمل ہوگا، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے حق میں حالت غضب میں فیصلہ کیا تھا جب کہ حضرت زبیر کے فریق نے شراج حرہ (نالی سے پانی دینے کے معاملہ) میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو غضبناک کر دیا تھا، البتہ اس حدیث سے یہ استدلال نہیں کیا جا سکتا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غیر کے لیے حالت غضب میں فیصلہ کرنا مکروہ نہیں ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم معصوم ہیں اور حال غضب میں بھی حال رضا کی مثل حکم دیتے ہیں، البتہ ہمارے حق میں حالت غضب میں فیصلہ کرنا مکروہ ہے، حدیث لقطہ کی تشریح میں علامہ نووی نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔

امام الحرمین اور علامہ بغوی وغیرہ نے لکھا ہے کہ اگر اللہ کے لیے غضب ہو تو فیصلہ کرنا مکروہ نہیں ہے اور اگر غیر اللہ کے لیے غضب ہو تو فیصلہ کرنا مکروہ ہے، علامہ رویانی اور دوسرے علماء نے اس تفصیل کو مستبعد قرار دیا ہے کیونکہ ظاہر حدیث میں مطلقاً حالت غضب میں فیصلہ کرنے سے منع کیا ہے، اور بعض حنبلی فقہاء نے کہا ہے کہ حالت غضب میں کیا ہوا فیصلہ نافذ نہیں ہوگا، کیونکہ حدیث میں اس سے منع کیا ہے اور ممانعت فساد کا تقاضا کرتی ہے۔ اور بعض علماء نے یہ تفصیل کی ہے کہ اگر حاکم پر مقدمہ کا حکم منکشف ہو گیا اور اس کے بعد اس کو کسی پر غصہ آیا تو اب فیصلہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اگر مقدمہ پر غور و فکر کرنے سے پہلے غصہ آ گیا تو پھر دیکھیں گے کہ وہ اللہ کے لیے غصہ ہے یا نہیں!

باب مذکور کی حدیث کے دیگر فوائد

اس حدیث کے فوائد میں سے یہ ہے کہ حدیث کو لکھنا بھی کسی شیخ سے حدیث کے سماع کے قائم مقام ہے، اور یہ کہ عہد صحابہ اور تابعین میں حدیث کو لکھنے کا عام رواج تھا اور یہ کہ کسی فتویٰ پر حدیث سے استدلال کرنا چاہیے جیسا کہ حضرت ابوبکرہ نے اپنے بیٹے کو حالت غضب میں فیصلہ سے منع کیا اور اس پر حدیث سے استدلال کیا، نیز اس میں باپ کی اولاد پر شفقت اور اس کو برائیوں سے روکنے کا بیان ہے اور علم کی نشر و اشاعت کا ذکر ہے اور یہ کہ اگر عالم سے کسی چیز کا سوال نہ کیا جائے تو اس کو پھر بھی اپنے علم سے لوگوں کو مستفید کرنا چاہیے[1]

باب ۵۶۹ نَقْضِ الْاَحْكَامِ الْبَاطِلَةِ وَرَدِّ مُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ

احکام باطلہ کو ساقط کرنے اور بدعات کو رد کرنے کا بیان

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر [illegible]، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

٤٣٧٨ - حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ وَعَبْدُ اللهِ بْنُ عَوْنٍ الْهِلَالِيُّ جَمِيعًا عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ ابْنُ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہمارے دین میں کوئی ایسی عبادت ایجاد کرے جس کی اصل دین میں نہ ہو تو وہ مردود ہے۔

٤٣٧٩ - وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ جَمِيعًا عَنْ أَبِي عَامِرٍ قَالَ عَبْدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ سَأَلْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ رَجُلٍ لَهُ ثَلَاثَةُ مَسَاكِنَ فَأَوْصٰى بِثُلُثِ كُلِّ مَسْكَنٍ مِنْهَا قَالَ يُجْمَعُ ذٰلِكَ كُلُّهُ فِي مَسْكَنٍ وَاحِدٍ ثُمَّ قَالَ أَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا لَيْسَ عَلَيْهِ أَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ۔

سعد بن ابراہیم کہتے ہیں کہ میں نے قاسم بن محمد سے اس شخص کے متعلق پوچھا جس کے پاس رہائش کے تین مکانات ہوں اور وہ ہر مکان میں سے ایک تہائی (⅓) کی وصیت کرے تو کیا یہ جائز ہے؟ انھوں نے کہا کہ سب کو ایک مکان میں جمع کیا جائے گا پھر کہا کہ مجھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے ایسا عمل کیا جس کی اصل ہمارے دین میں نہیں ہے وہ مردود ہے۔

احداث کا لغوی اور شرعی معنی

اس باب کی دونوں حدیثوں میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی یہ روایت ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہمارے دین میں کوئی ایسی عبادت ایجاد کرے جس کی اصل اس دین میں نہ ہو تو وہ عبادت مردود ہے۔"

اس حدیث میں احداث (دین میں کسی چیز کو گھڑ لینا) کا لفظ ہے۔ علامہ ابن منظور افریقی حدث کا معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: حدث الامر۔ کا معنی ہے کوئی چیز واقع ہوئی اور محدثات الامور۔ کا معنی ہے: "ایسے کام جن کو بندگان ہوا (دین کے مقابلہ میں اپنی خواہشات پر عمل کرنے والے لوگ) نے گھڑ لیا ہو، سلف صالحین کا ان پر عمل نہ ہو، حدیث میں ہے: ایاکم و محدثات الامور۔ "نو گھڑت کاموں سے بچو" اور یہ وہ کام ہیں جو کتاب سنت اور اجماع میں معروف نہ ہوں، حدیث میں ہے: "ہر محدث بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے" اور محدث سے مراد وہ برا کام ہے جو سنت میں معروف اور معمول نہ ہو۔[1] (حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر ملاحظہ ہو)۔

علامہ زبیدی نے بھی بعینہٖ یہی لکھا ہے۔ [۱]

علامہ ابن اثیر جزری لکھتے ہیں:

حدث اس نئے اور برے کام کو کہتے ہیں جو سنت میں معروف اور معمول نہ ہو اور محدِث اس شخص کو کہتے ہیں جو کسی برے کام کرنے والے کو پناہ دینے والا ہو اور محدَث کسی من گھڑت کام کو کہتے ہیں اور محدثات الامور سے مراد وہ کام ہیں جو کتاب، سنت اور اجماع میں معروف نہ ہوں۔ [۲]

علامہ بدر الدین عینی حنفی لکھتے ہیں:

جو امر کتاب اور سنت میں نہ پایا جائے اس کو دین میں گھڑ لینا احداث ہے۔ [۳]

جن عبادات کی دین میں اصل ہے وہ محدث، مخترع اور بدعت نہیں ہیں

حافظ ابن حجر عسقلانی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یہ حدیث اسلام کے اصول اور قواعد میں سے شمار کی جاتی ہے، کیونکہ اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ جو شخص دین میں کسی ایسے کام کو گھڑے جس کی اصول دین میں کوئی دلیل نہ ہو وہ کام قابل اعتبار نہیں ہے، علامہ نووی نے کہا ہے کہ اس میں منکرات کے ابطال پر استدلال کیا جاتا ہے، طرقی نے کہا ہے کہ یہ حدیث دلائل شرعیہ کا نصف ہے، کیونکہ دلیل صغریٰ اور کبریٰ دو مقدموں سے مرکب ہوتی ہے اور یہ حدیث مقدمہ کبریٰ ہے مثلاً ہم کہتے ہیں نجس پانی سے وضو کرنے کی دین میں اصل نہیں ہے اور جس کام کی دین میں اصل نہ ہو وہ باطل ہے سو نجس پانی سے وضو کرنا باطل ہے۔ اور اس کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ جس کام کی دین میں اصل ہو وہ صحیح ہے اور یہ بھی قیاس کا کبریٰ ہے مثلاً ہم کہتے ہیں کہ وضوء میں نیت کرنے کی دین میں اصل ہے۔ اور جس کام کی دین میں اصل ہو وہ صحیح ہے سو وضوء میں نیت کرنا صحیح ہے۔ [۴]

اسی طرح ہم کہتے ہیں کہ کھڑے ہو کر صلوٰۃ وسلام پڑھنے کی دین میں اصل ہے (کیونکہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم ہے) لہٰذا کھڑے ہو کر صلوٰۃ وسلام پڑھنا صحیح ہے البتہ اس کو واجب اور لازم سمجھنا بدعت ہے۔ اسی طرح اذان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام سن کر انگوٹھے چومنے کی دین میں اصل ہے کیونکہ یہ حضرت ابوبکر کی سنت ہے، اسی طرح الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کہنے کی دین میں اصل ہے کیونکہ نماز میں ایہا النبی کہا جاتا ہے اور جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا پیر سن ہو گیا تو انہوں نے چیخ کر کہا یا محمداہ البتہ اگر کوئی یہ عقیدہ رکھے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے سنائے بغیر از خود سن لیتے

(حاشیہ صفحہ سابقہ ملاحظہ ہو) [۱] علامہ جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور افریقی متوفی ۷۱۱ھ، لسان العرب ج ۲ ص ۱۳۱، مطبوعہ نشر ادب الحوزۃ قم ایران، ۱۴۰۵ھ

[۱] سید محمد مرتضیٰ الحسینی زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس ج ۱ ص ۶۱۳، مطبوعہ المطبعۃ الخیریۃ مصر، ۱۳۰۶ھ

[۲] علامہ محمد بن اثیر الجزری متوفی ۶۰۶ھ، نہایہ ج ۱ ص ۳۵۱، مطبوعہ مؤسسۃ مطبوعاتی ایران، ۱۳۶۴ھ

[۳] حافظ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۳ ص ۲۷۴، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[۴] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر [illegible] ۳۰۲، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

ہیں تو یہ عقیدہ شرک ہے اور مسلمان کے حال سے یہ عقیدہ بہت بعید ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں ڈوب کر یا رسول اللہ کہنے کو علماء دیوبند نے بھی جائز لکھا ہے اور آپ کو مستقل سامع نہ سمجھتے ہوئے یا رسول اللہ کہنے کو بھی جائز لکھا ہے[1] البتہ استمداد اور استعانت صرف اللہ سے کرنی چاہیے تمام انبیاء اور رسل نے یہی تعلیم دی ہے کہ اللہ سے سوال کرو اور اسی سے مدد مانگو، اور یہی صحابہ کرام، تابعین عظام اور سلف صالحین کا طریقہ ہے تاہم اگر کوئی شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غیر مستقل اور مدد الٰہی کا مظہر سمجھتے ہوئے اغثنی یا رسول اللہ یا یا رسول اللہ المدد کہہ دیتا ہے تو یہ شرک نہیں ہے۔ اسی طرح محفل میلاد منعقد کرنا صحیح ہے کیونکہ محفل میلاد کی اصل دین میں ہے، قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کی ولادت کا ذکر فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ولادت کا ذکر کیا اور تمام سلف صالحین کا اس پر عمل رہا ہے، البتہ اس کو لازم اور واجب سمجھنا بدعت ہے اور اس میں اسراف کرنا اور منکرات کو داخل کرنا گناہ ہے۔

فاتحہ، چہلم اور عرس وغیرہ میں دنوں اور تاریخوں کی تعیین کی تحقیق

فاتحہ، چہلم، عرس اور اہلسنت کے دیگر تمام معمولات کا رجوع اس طرف ہوتا ہے کہ کسی نفلی عبادت کے لیے عرفاً وقت معین کر لیا جاتا ہے، یہ تعیین شرعی نہیں ہے اور ان معین اوقات کے علاوہ بھی ان کاموں کو کرنا جائز ہے اور اگر کوئی شخص ان معین اوقات میں ان عبادات کو کرنا شرعاً لازمی اور ضروری سمجھتا ہے تو یہ بدعت ہے اور گناہ ہے۔ رہا یہ کہ کوئی نفلی عبادت جو کسی وقت بھی کی جا سکتی ہو اس کے لیے کسی خاص وقت کو معین کرنے پر کیا دلیل ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ تعیین احادیث سے ثابت ہے۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یاتی مسجد قبا کل سبت ماشیا وراکبا وکان عبد اللہ رضی اللہ عنہ یفعلہ۔[2]

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پیدل یا سوار ہو کر ہر ہفتہ کے دن مسجد قبا تشریف لے جاتے تھے اور حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی ایسا کرتے تھے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

وفی ھذا الحدیث علی اختلاف طرقہ دلالۃ علی جواز تخصیص بعض الایام ببعض الاعمال الصالحۃ والمداومۃ علی ذلک۔[3]

یہ حدیث مختلف اسانید سے مروی ہے اور اس میں یہ دلیل ہے کہ بعض ایام کو بعض اعمال صالحہ کے ساتھ خاص کر لینا جائز ہے اور اس پر مداومت کرنا صحیح ہے۔[3]

علامہ بدر الدین عینی لکھتے ہیں:

فیہ دلیل علی جواز تخصیص بعض الایام بنوع من القرب وھو کذلک الا فی الاوقات

اس حدیث میں بعض ایام کو بعض عبادات کے ساتھ خاص کر لینے کے جواز پر دلیل ہے اور یہ امر جائز ہے ماسوا

[1] شیخ رشید احمد گنگوہی متوفی ۱۳۲۳ھ، فتاویٰ رشیدیہ ص ۶۸، مطبوعہ محمد سعید اینڈ سنز کراچی
[2] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۵۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[3] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۳ ص ۶۹، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

المنھی عنھا کالنھی عن تخصیص لیلۃ الجمعۃ من بین اللیالی او تخصیص یوم الجمعۃ بصیام من بین الایام ۔[1]

ان اوقات کے جن میں کسی عبادت کی تخصیص سے منع کر دیا گیا ہے ۔ جیسے جمعہ کی رات کو نوافل کے قیام کے ساتھ خاص کرنے سے منع کیا گیا ہے یا جمعہ کے دن کو روزے کے ساتھ خاص کر لینے سے منع کیا گیا ہے ۔

شیخ اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں:

ہر دو حدیث سے ثابت ہوا کہ کسی مقصود مباح یا کسی طاعت کے لیے تعیین یوم اگر باعتقاد قربت نہ ہو بلکہ کسی مباح مصلحت کے لیے ہو جائز ہے ، جیسے مدارس دینیہ میں اسباق کے لیے گھنٹے معین ہوتے ہیں اور اگر باعتقاد قربت ہو منھی عنہ ہے ، پس عرس میں جو تاریخ معین ہوتی ہے اگر اس تعیین کو قربت نہ سمجھیں بلکہ اور کسی مصلحت سے یہ تعیین ہو مثلاً سہولت اجتماع تاکہ تداعی کی صعوبت یا بعض اوقات اس کی کراہت کے شبہ سے مامون رہیں اور خود اجتماع اس مصلحت سے ہو کہ ایک سلسلہ کے احباب باہم ملاقات کر کے حب فی اللہ کو ترقی دیں اور اپنے بزرگوں کو آسانی سے اور کثیر مقدار میں جو کہ اجتماع میں حاصل ہے ثواب پہنچانا بے تکلف میسر ہو جاوے نیز اس اجتماع میں طالبوں کو اپنے لیے شیخ کا انتخاب بھی سہل ہوتا ہے یہ تو ظاہری مصالح ہیں جو مشاہدہ ہیں یا کوئی باطنی مصلحت داعی ہو جیسا میں نے بعض اکابر اہل ذوق سے سنا ہے کہ میت کو اپنے یوم وفات کے عود سے وصول ثواب کے انتظار کی تجدید ہوتی ہے اور یہ مصلحت محض کشفی ہے جس کا کوئی مکذب عقلی یا نقلی موجود نہیں اس لیے صاحب کشف کو یا اس صاحب کشف کے معتقد کو بدرجہ ظن اس کی رعایت کرنا جائز ہے البتہ جزم جائز نہیں ۔ بہرحال اگر ایسے مصالح سے یہ تعیین فی نفسہٖ ہو تو جائز ہے ، لیکن اگر کوئی اور عارض موجب منع اس میں منضم ہو جاوے مثلاً سماع خلاف شرائط یا اختلاط امارد و نساء یا مجمع کے جمع کرنے کا اہتمام خصوص فساق و فجار کے شریک کرنے کا اہتمام یا شرکت کے بعد بلا ضرورت ان کا احترام یا احتمال فساد عقیدہ عوام تو ان عوارض سے پھر وہ مباح بھی ممنوع ہو جاوے گا اور قطعاً وہ عرس واجب الترک ہو جاوے گا ۔ جیسا اس زمانہ میں اکثر اعراس کی حالت ہو گئی پس قدماء مشائخ سے جو اعراس منقول ہیں اگر سند نقل صحیح ہو ان میں کوئی منکر ثابت نہیں پس ان کے فعل میں کوئی اشکال نہیں ۔[2]

شیخ تھانوی نے ان موانع میں مجمع جمع کرنے کا اہتمام اور احتمال فساد عقیدہ عوام کا جو ذکر کیا ہے یہ صحیح نہیں ہے ۔

شیخ انور شاہ کشمیری لکھتے ہیں:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہفتہ کے دن مسجد قبا تشریف لے جانا اتفاقیات سے ہے ، اور حافظ ابن تیمیہ رحمہ اللہ لکھتے ہیں اتفاقی امور کی برسبیل اتفاق پیروی کرنا سنت ہے اور اس کو دائمی معمول بنا لینا سنت نہیں ہے اور میرا خیال ہے کہ علماء نے اس رائے کو پسند نہیں کیا ۔[3]

نفلی عبادات کے لیے کسی وقت کو معین کرنے پر دوسری دلیل یہ حدیث ہے :

---

[1] حافظ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ ھ ، عمدۃ القاری ج ۷ ، ص ۲۵۹ ، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ، ۱۳۴۸ ھ

[2] شیخ اشرف علی تھانوی متوفی ۱۳۶۲ ھ ، بوادر نوادر ص ۵۰۸ ، مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور ، ۱۹۶۲ ء

[3] شیخ انور شاہ کشمیری متوفی ۱۳۵۲ ھ ، [illegible] مصر ، ۱۳۵۷ ھ

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی وائل قال کان عبد اللہ یذکر الناس فی کل خمیس الحدیث۔[1]

ابو وائل بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ ابن مسعود ہر جمعرات کو لوگوں کو وعظ کیا کرتے تھے۔

اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ کسی نفلی عبادت کے لیے ہفتہ کے ایام میں سے کسی ایک دن کو معین کر لینا جائز ہے۔ فلہذا سوئم، چہلم، عرس، گیارھویں، بارھویں وغیرہا کے لیے دنوں اور تاریخوں کی تعیین کرنا جائز ہے۔ البتہ اس تعیین کو لازم اور ضروری سمجھنا بدعت ہے، رہا یہ سوال کہ آپ سے ان تاریخوں میں ان کاموں کا کرنا ثابت نہیں ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ آپ سے ان دنوں میں ان کاموں سے منع کرنا بھی ثابت نہیں ہے۔

قاسم بن محمد کے فتویٰ پر ایک اشکال کا جواب

اس باب کی پہلی حدیث میں قاسم بن محمد کا یہ قول مذکور ہے کہ ایک شخص کے اگر تین مکان ہوں تو وہ ہر مکان کے ایک ثلث کی وصیت نہ کرے بلکہ سب کو جمع کر کے ایک ثلث کی وصیت کرے اس قول پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ اگر اس نے ہر مکان میں سے ایک ثلث کی وصیت کر دی تو اس میں کیا غلطی ہے؟ حافظ ابن حجر نے اس کے جواب میں یہ کہا ہے کہ اس وصیت میں کوئی اور زائد چیز تھی جس کا اس روایت میں ذکر نہیں ہے اسی وجہ سے قاسم بن محمد نے اس کی تغلیط کی۔[2]

علامہ وشتانی مالکی لکھتے ہیں: قاضی عیاض مالکی نے اس اشکال کے جواب میں یہ کہا ہے کہ اگر مکانات ایک دوسرے سے دور دور ہوں تو ان کی تقسیم میں سنت یہ ہے کہ ہر مکان کا الگ الگ حصہ کیا جائے اور اگر مکانات ایک دوسرے کے قریب ہوں تو پھر ان کی تقسیم میں سنت یہ ہے کہ ان کو تقسیم میں جمع کیا جائے اور قاسم بن محمد نے جس صورت کے پیش نظر یہ کہا تھا کہ ان کو جمع کیا جائے اس صورت میں یہ مکان ایک دوسرے کے قریب تھے اور چونکہ یہ تقسیم خلاف سنت تھی اس لیے انھوں نے مسئلہ بھی بتلایا اور حدیث بھی سنائی۔[3]

بَابُ بَیَانِ خَیْرِ الشُّهُوْدِ

بہترین گواہ کا بیان

۴۳۸۰۔ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ أَبِي عَمْرَةَ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو بہترین گواہ نہ بتلاؤں؟ اور وہ (بہترین گواہ) یہ ہے جو سوال کرنے سے پہلے گواہی دے دے۔

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۵ ص ۳۴۲، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[3] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۲، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

اَلشُّھَدَآءِ الَّذِیْ یَاْتِیْ بِشَھَادَتِہٖ قَبْلَ اَنْ یُّسْاَلَھَا۔

بغیر سوال کے گواہی دینے کی ممانعت اور فضیلت کا محمل

اس باب کی حدیث میں اس گواہ کی فضیلت بیان کی گئی ہے جو بغیر طلب اور سوال کے گواہی دے۔ یہ حدیث حضرت زید بن خالد جہنی سے مروی ہے اس کے برعکس حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے جو روایت ہے اس میں بغیر سوال کے گواہی دینے کی مذمت بیان کی گئی ہے اور یہ دونوں حدیثیں متعارض ہیں، پہلے ہم حضرت عمران بن حصین کی روایت بیان کرتے ہیں اس کے بعد اس تعارض کو دُور کریں گے۔ امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن عمران بن حصین قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم خیرکم قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم قال عمران لا ادری اذکر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد قرنین او ثلاثۃ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان بعدکم قوما یخونون ولا یؤتمنون ویشھدون ولا یستشھدون وینذرون ولا یفون ویظھر فیھم السمن۔[1]

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے زمانہ کے لوگوں میں سب سے بہترین میرے زمانہ کے لوگ ہیں پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے قریب ہیں پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے قریب ہیں، حضرت عمران نے کہا مجھے یاد نہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو زمانہ یا تین زمانہ کے بعد فرمایا: تمہارے زمانہ کے بعد ایسے لوگ ہوں گے جو خیانت کریں گے اور ان کو امین نہیں بنایا جائے گا وہ از خود گواہی دیں گے درآں حالیکہ ان سے گواہی نہیں طلب کی جائے گی وہ نذر مانیں گے اور اس کو پورا نہیں کریں گے اور وہ بہت موٹے (یعنی بسیار خور) ہوں گے۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن عمران بن حصین قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول خیر الناس قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم ثلاثا ثم یجئ قوم من بعدھم یتسمنون ویحبون السمن یعطون الشھادۃ قبل ان یسئلوھا۔[2]

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سُنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین لوگ میرے زمانہ کے لوگ ہیں پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے زمانہ کے قریب ہیں پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے قریب ہیں پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے قریب ہیں (تین بار فرمایا) پھر ان کے بعد ایک بسیار خور قوم آئے گی جو بسیار خوری کو پسند کرے گی یہ لوگ طلب اور سوال سے پہلے شہادت دیں گے۔

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۶۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[2] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ...، ... مطبوعہ ... کارخانہ تجارت کتب کراچی

امام ترمذی لکھتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث کہ بہترین گواہ وہ ہے جو گواہی کا سوال کرنے سے پہلے گواہی دے اس کا معنی یہ ہے کہ جب اس سے گواہی طلب کی جائے تو کسی رکاوٹ اور ہچکچاہٹ کے بغیر گواہی دے۔ [1]

امام ترمذی نے ان حدیثوں کے تعارض کو دور کرنے کے لیے جو جواب لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ انھوں نے حضرت عمران بن حصین کی روایت کو اپنی اصل پر رکھا ہے اور حضرت زید بن خالد جہنی کی روایت میں تاویل کی ہے اور بغیر طلب اور سوال کے گواہی دینے کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ وہ گواہی طلب اور سوال کے بعد دے مگر بغیر حیل و حجت کے فوراً گواہی دے، اور از خود گواہی دینے کو مذموم ہی قرار دیا ہے جیسا کہ حضرت عمران بن حصین کی روایت میں ہے۔

علامہ نووی نے حضرت زید بن خالد جہنی کی روایت کی تین تاویلیں ذکر کی ہیں اور حضرت عمران بن حصین کی روایت کی چار تاویلیں ذکر کی ہیں۔ پہلے ہم حضرت زید بن خالد کی روایت کی تین تاویلیں ذکر کرتے ہیں:

(ا) امام مالک اور اصحاب شافعی نے یہ تاویل کی ہے کہ کسی شخص کے پاس کسی انسان کے حق کے بارے میں شہادت ہو اور وہ انسان اپنے بارے میں اس شہادت کو نہ جانتا ہو تو وہ شخص اس انسان کو جا کر یہ خبر دے کہ وہ اس کے حق کا شاہد ہے، یعنی اس کے حق کی شہادت کا متحمل ہے۔

(ب) یہ شہادت حسبہ ہے۔ (شہادت حسبہ کی فقہاء نے یہ تعریف کی ہے کہ انسان جس شہادت کا متحمل ہو یعنی اس کے پاس جو شہادت ہو وہ اس شہادت کو کسی طالب کی طلب کے بغیر محض اجر و ثواب کی نیت سے ابتداءً بیان کرے) اور یہ آدمیوں کے حقوق مختصہ میں نہیں ہوتی بلکہ حقوق اللہ میں ہوتی ہے مثلاً طلاق، عتق، وقف، وصایا عامہ اور حدود وغیرہ میں پس جس شخص نے ان معاملات میں شہادت کا تحمل کیا ہو اس پر واجب ہے کہ وہ قاضی کے پاس جا کر وہ شہادت پیش کرے اور قاضی کو خبر دے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اقیموا الشهادة لله "اللہ کے لیے شہادت دو" اسی طرح پہلی قسم میں بھی جب کسی شخص کے پاس کسی انسان کے حق کی شہادت ہو اور اس انسان کو اس کا پتا نہ ہو تو اس پر اس شہادت کا ادا کرنا واجب ہے کیونکہ اس شخص کے پاس یہ شہادت اس انسان کی امانت ہے۔

(ج) اس حدیث کا مطلب ابتداءً شہادت دینا نہیں ہے، طلب اور سوال کے بعد ہی شہادت دینا مراد ہے لیکن چونکہ وہ شخص سوال کے بعد فوراً بغیر کسی ہچکچاہٹ کے گواہی دیتا ہے اس لیے اس کو مجازاً اور مبالغۃً ابتداء بغیر سوال کے شہادت دینے سے تعبیر فرمایا جیسا کہ کہتے ہیں: سخی سوال کرنے سے پہلے دیتے ہیں" یعنی سوال کے بعد بغیر توقف کے فوراً دے دیتے ہیں۔ (امام ترمذی نے بھی یہی جواب دیا ہے)

علامہ نووی نے حضرت زید بن خالد کی حدیث کو اصل پر رکھ کر حضرت عمران بن حصین کی روایت کے تین جواب دیے ہیں (حضرت عمران بن حصین کی روایت میں بغیر سوال اور طلب کے شہادت دینے کی مذمت ہے) وہ جوابات حسب ذیل ہیں:

(ا) ایک آدمی کے پاس کسی شخص کے حق میں شہادت ہو اور وہ اس کے طلب کرنے سے پہلے شہادت دے۔

(ب) ایک شخص بغیر طلب کے جھوٹی اور بے اصل گواہی دے۔

(ج) جو شخص شہادت کا اہل نہ ہو وہ گواہی دے۔

---

[1] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۳۵-۳۳۴، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

(د) کوئی شخص کسی کے جنتی یا دوزخی ہونے کی قطعی گواہی دے۔ [1]

علامہ عینی نے بھی مذکور الصدر توجیہات میں سے بعض بیان کی ہیں اور یہ لکھا ہے کہ بعض علماء نے حضرت عمران بن حصین کی روایت کو ترجیح دی ہے کیونکہ اس پر امام بخاری اور امام مسلم کا اتفاق ہے اور حضرت زید بن خالد کی روایت میں امام مسلم منفرد ہیں [2] اس باب کی حدیث میں بہترین شاہد کا بیان کیا گیا ہے۔ اس مناسبت سے ہم شہادت کے متعلق ضروری ابحاث کا ذکر کر رہے ہیں۔ فنقول وباللہ التوفیق وبہ الاستعانۃ یلیق۔

شہادت کا لغوی معنی

امام خلیل بن احمد لکھتے ہیں:

والشہادۃ ان تقول استشہد فلان فھو شہید۔ [3]

شہادت یہ ہے کہ تم یہ کہو کہ فلاں شخص کو گواہ بنایا گیا، سو وہ گواہ ہے۔

علامہ ابن اثیر الجذری لکھتے ہیں:

اصل الشہادۃ الاخبار بما شاھدہ و شہدہ۔ [4]

جس چیز کا مشاہدہ کیا ہو یا جس پر کوئی شخص حاضر ہو اس کی خبر دینا لغت میں شہادت ہے۔

علامہ راغب الاصفہانی لکھتے ہیں:

والشہادۃ قول صادر عن علم حصل بمشاھدۃ بصیرۃ او بصر۔ [5]

بصیرت سے یا آنکھوں کے ساتھ دیکھنے سے جس چیز کا علم حاصل ہو اس کی خبر دینے کو شہادت کہتے ہیں۔

شہادت کا اصطلاحی معنی

فقہاء شافعیہ میں سے شارح مہذب لکھتے ہیں:

والشہادۃ خبر قطع بما حضرہ وعاین ثم قد یکون بما علم واستفاض۔ [6]

جو شخص کسی جگہ حاضر ہو یا اس نے کسی چیز کو دیکھا ہو اس کی یقینی خبر دینے کو شہادت کہتے ہیں اور کبھی اس چیز کی خبر کو شہادت کہتے ہیں جس کا اس کو یقین ہو یا وہ چیز مشہور ہو۔

علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی لکھتے ہیں:

الشہادۃ اخبار صدق لاثبات حق بلفظ

کسی حق کو ثابت کرنے کے لیے "میں گواہی دیتا

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۷۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۳ ص ۲۱۴، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[3] امام ابو عبدالرحمان الخلیل بن احمد الفراہیدی متوفی ۱۷۵ھ، کتاب العین ج ۳ ص ۳۹۸، مطبوعہ دار الہجرۃ قم ایران، ۱۴۰۵ھ

[4] علامہ محمد بن اثیر الجذری متوفی ۶۰۶ھ، نہایہ ج ۲ ص ۵۱۲، مطبوعہ مؤسسہ مطبوعاتی ایران، ۱۳۶۴ھ

[5] علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ، المفردات ص ۲۶۸ مطبوعہ مکتبہ مرتضویہ ایران ۱۳۴۲ھ

[6] شرح المہذب ج ۲۰ ص ۲۲۵ [illegible]

الشہادۃ فی مجلس القضاء[1] — ہوں کے الفاظ کے ساتھ مجلس قضاء میں سچی خبر دینا شہادت ہے

علامہ ابن نجیم نے لکھا ہے کہ اشہد کا لفظ اختیار کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ لفظ قسم کو متضمن ہے گویا کہ گواہ یہ کہتا ہے کہ میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں کہ میں نے یہ واقعہ اس طرح دیکھا ہے اور اب میں اس کی خبر دے رہا ہوں۔

شہادت کی اقسام

(الف) عینی شہادت: یعنی گواہ آنکھوں سے دیکھے ہوئے کسی واقعہ کو بیان کرے، یہی شہادت فیصلہ کن ہوتی ہے۔ (ہدایہ اخیرین ص ۱۵۹)

(ب) سمعی شہادت: یعنی گواہ کسی چیز کو سن کر اس کی شہادت دے، جن امور کا تعلق مسموعات سے ہو ان میں سمعی شہادت اتنی ہی معتبر ہوتی ہے جتنی عینی شہادت ہے (ہدایہ اخیرین ص ۱۶۰)

(ج) شہادت علی الشہادت: اصل گواہ کسی شخص کو اپنی شہادت پہ شاہد بنائے تب یہ گواہ اصل کی شہادت دے سکتا ہے۔ (ہدایہ اخیرین ص ۱۵۸)

قرآن مجید کی روشنی میں شہادت کا بیان

شہادت کے ساتھ دو حکم متعلق ہوتے ہیں ایک تحمل شہادت ہے اور دوسرا اداء الشہادت۔ تحمل شہادت کا مطلب ہے کسی دقوم کا معائنہ کرکے اس کو مجھ کر منضبط کرنا[2] اور اداء الشہادت کا مطلب ہے اس شہادت کو قاضی کے سامنے ادا کرنا۔ تحمل شہادت کے متعلق قرآن مجید کی یہ آیات ہیں:

واستشہدوا شہیدین من رجالکم فان لم یکونا رجلین فرجل وامراتن ممن ترضون من الشہداء۔ (بقرہ ۲۸۲)
اور اپنے مردوں میں سے دو گواہ بناؤ پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں۔ ان گواہوں میں جن کو تم پسند کرتے ہو۔

واشہدوا اذا تبایعتم۔ (بقرہ ۲۸۲)
اور جب تم خرید و فروخت کرو تو گواہ بنالو۔

واشہدوا ذوی عدل منکم۔ (طلاق ۲)
اور اپنوں میں سے دو عادل (نیک) شخصوں کو گواہ بنالو۔

اور اداء شہادت کے متعلق قرآن مجید کی یہ آیات ہیں:

واقیموا الشہادۃ للہ۔ (طلاق ۲)
اور اللہ کی خاطر شہادت ادا کرو۔

ولا یاب الشہداء اذا ما دعوا۔ (بقرہ ۲۸۲)
اور جب گواہوں کو (گواہی کے لیے) بلایا جائے تو وہ انکار نہ کریں۔

ولا تکتموا الشہادۃ ومن یکتمہا فانہ اثم قلبہ۔ (بقرہ ۲۸۳)
اور گواہی کو نہ چھپاؤ اور جو گواہی چھپاتا ہے تو بیشک اس کا دل گنہگار ہے۔

---

[1] علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۶ ص ۳۴۶، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[2] ڈاکٹر وہبہ زحیلی، الفقہ الاسلامی وادلتہ، ج ۶ ص ۵۵۸، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۵ھ

یایھا الذین اٰمنوا کونوا قوامین بالقسط شھداء للہ ولو علی انفسکم او الوالدین والاقربین ان یکن غنیا او فقیرا فاللہ اولٰی بھما فلا تتبعوا الھوی ان تعدلوا وان تلوا او تعرضوا فان اللہ کان بما تعملون خبیرا۔ (نساء: ۱۳۵)

اے ایمان والو! انصاف پر سختی سے قائم رہنے والے ہوجاؤ اور اللہ کے لیے گواہ بن جاؤ، خواہ یہ گواہی) تمہاری اپنی ذات، تمہارے والدین یا تمہارے رشتہ داروں کے خلاف ہو، (فریق معاملہ) خواہ امیر ہو یا غریب، اللہ ان کا زیادہ خیر خواہ ہے، لہٰذا تم خواہش نفس کی پیروی میں عدل سے باز نہ رہو اور اگر تم لگی لپٹی بات کہوگے یا (شہادت سے) پہلو بچاؤ گے تو (جان لو کہ) اللہ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے۔

احادیث کی روشنی میں شہادت کا بیان

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال ذکر عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرجل یشھد بشھادۃ فقال یا ابن عباس لا تشھد الا علی ما یضیء لک کضیاء الشمس و اومأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدہ الی الشمس ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ۔[1]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کسی شخص کے شہادت دینے کا ذکر کیا گیا، آپ نے فرمایا اے ابن عباس! صرف اس چیز پر گواہی دو جو تمہارے لیے سورج کی روشنی کی طرح روشن ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے سورج کی طرف اشارہ فرمایا۔ یہ حدیث صحیح السند ہے اور شیخین نے اس کو روایت نہیں کیا۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی خطبتہ البینۃ علی المدعی والیمین علی المدعی علیہ۔[2]

عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا: مدعی پر بینہ (گواہ) لازم ہیں اور مدعیٰ علیہ پر قسم لازم ہے۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

ان الاشعث بن قیس خرج الینا فقال ما یحدثکم ابو عبد الرحمان فحدثناہ بما قال فقال صدق لفی نزلت کان بینی وبین رجل خصومۃ فی شیء فاختصمنا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال شاھداک او یمینہ

حضرت اشعث بن قیس ہمارے پاس آئے اور کہا حضرت عبد اللہ بن مسعود نے تمہیں کیا حدیث بیان کی ہے؟ ہم نے انہیں حدیث بیان کی۔ انہوں نے کہا حضرت ابن مسعود نے سچ کہا یہ آیت میرے بارے میں نازل ہوئی ہے، میرے اور ایک شخص کے درمیان کسی چیز میں جھگڑا تھا ہم نے نبی صلی

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ حاکم نیشاپوری ۴۰۵ھ، المستدرک ج ۴ ص ۹۸-۹۹، مطبوعہ دار الباز للنشر والتوزیع مکہ مکرمہ۔
[2] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی [illegible] کارخانہ تجارت کتب کراچی

الحدیث ۔ ۱

اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنا مقدمہ پیش کیا۔ آپ نے فرمایا: یا تم دو گواہ لاؤ ورنہ یہ قسم کھائے گا۔

شہادت کا حکم علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں کہ تحمل شہادت اور ادائے شہادت دونوں فرض کفایہ ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ولا یاب الشھداء اذا ما دعوا "اور جب گواہوں کو گواہی کے لیے بلایا جائے تو وہ انکار نہ کریں۔" نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ولا تکتموا الشھادۃ ومن یکتمھا فانہ اثم قلبہ (بقرہ ۲۸۳) "اور گواہی نہ چھپاؤ اور جو گواہی چھپائے تو بے شک اس کا دل گنہگار ہے۔" نیز اس لیے کہ شہادت ایک امانت ہے اور باقی امانتوں کی طرح اس کا ادا کرنا لازم ہے۔ ۲

علامہ ابو الحسن مرغینانی (صاحب ہدایہ) لکھتے ہیں شہادت کا ادا کرنا فرض ہے، اور جب مدعی شاہد کو بلائے تو شہادت کو چھپانا جائز نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ولا یاب الشھداء اذا ما دعوا (بقرہ: ۲۸۲) اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ولا تکتموا الشھادۃ الآیۃ ۔ بقرۃ: ۲۸۳) اور مدعی کا گواہ کو طلب کرنا اس لیے شرط ہے کہ یہ مدعی کا حق ہے سو باقی حقوق کی طرح یہ بھی طلب پر موقوف ہے، اور حدود میں شہادت دینے پر گواہ کو اختیار ہے کہ خواہ ستر کرے خواہ اظہار کرے کیونکہ دونوں چیزوں میں ثواب ہے پردہ پوشی میں بھی اور اقامت حدود میں بھی اور ستر افضل ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ہزال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کاش تم اپنے کپڑے سے اس کا ستر کر لیتے (سنن ابو داؤد ج ۲ ص ۲۴۵) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی اللہ تعالیٰ اس کی دنیا اور آخرت میں پردہ پوشی کرے گا (بخاری ج ۱ ص ۳۳۰) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام سے حدود ساقط کرنے کے بارے میں جو روایات منقول ہیں ان سے ستر کا افضل ہونا صراحۃً معلوم ہوتا ہے۔ ۳

علامہ مرغینانی کی عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مطلقاً ستر افضل ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے اگر کوئی شخص گناہ کرنے کے بعد اس پر نادم ہو تو اس کی پردہ پوشی کرنا افضل ہے اور جو شخص علی الاعلان بدکاری کرتا ہو جس سے حدود اللہ کا احترام مجروح ہوتا ہو تو پھر اس کے خلاف شہادت دینا افضل ہے۔

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں کہ تحمل شہادت میں مسلمان کے حق کا تحفظ ہے اور مسلمان کے حق کا تحفظ کرنا اولیٰ ہے اور تحمل شہادت سے انکار کرنا خلاف اولیٰ یا مکروہ تنزیہی ہے اور قرآن مجید کی جن آیات میں شہداء کا لفظ آیا ہے اس سے مراد اداء شہادت کرنے والا ہے کیونکہ شہادت تحمل کرنے والے کو شاہد مجازاً کہا جاتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ جب شاہد کو مدعی بلائے تو شہادت ادا کرنا فرض ہے اور تحمل شہادت کرنا مستحب ہے۔ ۴

۱۔ امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۶۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

۲۔ علامہ ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۱۰ ص ۲۵۴، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

۳۔ علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی متوفی ۵۹۳ھ ہدایہ اخیرین ص ۱۵۲ مطبوعہ مکتبہ شرکۃ علمیہ ملتان

۴۔ علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۶ ص ۴۴۷-۴۴۶، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

شہادت کی تعریف، رکن اور سبب وغیرہ کا بیان

مجلس قضاء میں کسی شخص کے حق کو ثابت کرنے کے لیے لفظ اشہد (میں گواہی دیتا ہوں) کے ساتھ سچی خبر بیان کرنا شہادت ہے۔ (فتح القدیر)

شہادت کا رکن لفظ اشہد ہے۔ یعنی میں گواہی دیتا ہوں۔ (تبیین الحقائق)

شہادت کو ادا کرنے کا سبب یہ ہے کہ مدعی گواہ سے شہادت طلب کرے یا مدعی از خود گواہی دے جبکہ گواہ کو یہ علم ہو کہ مدعی کو اپنے حق پر شہادت کا علم نہیں ہے اور اس کے گواہی نہ دینے کی صورت میں مدعی کے حق کے ضائع ہونے کا خدشہ ہو۔

شہادت کا حکم یہ ہے کہ شہادت کے بعد قاضی پر واجب ہے کہ اس شہادت کے مطابق فیصلہ کرے (عنایہ)۔

تحمل شہادت کی شرائط

شہادت کی شرائط دو قسم کی ہیں، تحمل شہادت (حصول شہادت) کی شرائط اور ادائیگی شہادت کی شرائط۔ تحمل شہادت کی شرائط یہ ہیں کہ جس وقت گواہ کسی مقدمہ کو دیکھ رہا ہے اور گواہی کو حاصل کر رہا ہے تو وہ شخص مجنون نہ ہو، ناسمجھ بچہ نہ ہو اور یہ شخص بصیر ہو لہٰذا اندھے کا تحمل شہادت کرنا جائز نہیں ہے، نیز مشہود بہ (جس چیز کی گواہی دی ہے) کا وہ خود مشاہدہ کرے کسی اور کے مشاہدہ کا تحمل نہ کرے البتہ بعض اشیاء میں لوگوں سے سن کر تحمل شہادت کرنا بھی جائز ہے (بدائع الصنائع)۔ تحمل شہادت کے لیے بلوغ، حریت، اسلام اور عدالت (نیک چلنی) شرط نہیں ہے حتیٰ کہ اگر تحمل شہادت کے وقت وہ سمجھ دار بچہ ہو یا غلام ہو یا کافر ہو یا فاسق ہو پھر بچہ بالغ ہو جائے یا غلام آزاد ہو جائے یا کافر مسلمان ہو جائے یا فاسق توبہ کر لے اور پھر وہ قاضی کے پاس شہادت دیں تو ان کی شہادت قبول کی جائے گی (البحر الرائق)۔

بلحاظ شاہد ادائیگی شہادت کی شرائط

شہادت ادا کرنے کے لیے شاہد میں عقل، بلوغ، حریت، بصر اور نطق (گویائی) کی شرط ہے، اور یہ کہ اس کو حد قذف نہ لگی ہو (یہ شرط احناف کے نزدیک ہے) اور یہ کہ وہ محض اللہ کے لیے شہادت دے اور اس شہادت سے اس کا مقصد نہ کسی نفع کو حاصل کرنا ہو اور نہ کسی ضرر کو دور کرنا ہو اور یہ کہ اس مقدمہ میں وہ شخص خود فریق نہ ہو، اور یہ کہ ادا شہادت کے وقت اس کو مشہود بہ کا علم ہو اور وہ اس کو یاد ہو۔ (یہ شرط امام ابوحنیفہ کے نزدیک ہے، صاحبین کے نزدیک یہ شرط نہیں ہے۔) (بدائع الصنائع)۔

عدالت کی تعریف

گواہوں کا عادل (نیک) ہونا قاضی پر وجوب قبول کے لیے شرط ہے نفس شہادت کے جواز کے لیے گواہوں کا عادل ہونا شرط نہیں ہے۔ (البحر الرائق) امام ابوحنیفہ کے نزدیک ظاہر یہ شرط ہے اور عدالت حقیقیہ جو تزکیہ شہود اور تعدیل سے ثابت ہوتی ہے وہ امام اعظم کے نزدیک شرط نہیں ہے اور امام ابویوسف اور امام محمد کے نزدیک عدالت حقیقیہ شرط ہے۔ (البدائع الصنائع)۔ اس زمانہ میں فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے (کافی)۔ امام ابویوسف سے جو عدالت کی تفسیر منقول ہے وہ یہ ہے کہ شہادت میں عدل یہ ہے کہ شاہد کبائر سے مجتنب ہو اور صغائر پر اصرار کرنے والا نہ ہو اور اس کی نیکیاں اس کی برائیوں سے زیادہ ہوں اور اس کی درست باتیں اس کی غلط باتوں سے زیادہ ہوں، یہ عدالت کی سب سے بہترین تفسیر ہے (نہایہ)

گناہ کبیرہ اور صغیرہ کی تحقیق میں فقہاء احناف کا نظریہ

علامہ ابن ہمام حنفی لکھتے ہیں کہ خلاصۃ الفتاوی میں ہے کہ معصیت کبیرہ وہ فعل ہے جس پر نص

کتاب سے حد واجب ہو، لیکن ہمارے فقہاء نے اس کو اختیار نہیں کیا بلکہ یہ کہا ہے کہ گناہ کبیرہ میں تین امور معتبر ہیں: (ا) ہر وہ فعل جو مسلمانوں میں معیوب سمجھا جاتا ہو اور اس میں اللہ تعالیٰ کے احکام کی بے وقعتی ہو۔ (ب) ہر وہ فعل جو مروت اور حسن اخلاق کے خلاف ہو، بلکہ بداخلاقی پر مشتمل ہو، (ج) گناہ پر اصرار کرے۔ علامہ ابن ہمام نے اس تعریف پر اعتراض کیا ہے کہ یہ تعریف غیر منضبط ہے اور غیر صحیح ہے۔[1]

علامہ بابرتی حنفی لکھتے ہیں اہل حجاز اور محدثین نے کہا ہے کہ گناہ کبیرہ وہ سات گناہ ہیں جن کا حدیث مشہور میں ذکر ہے وہ یہ ہیں: (۱) اللہ کے ساتھ شریک کرنا (۲) میدان جہاد سے بھاگنا۔ (۳) والدین کی نافرمانی کرنا۔ (۴) کسی انسان کو بے گناہ قتل کرنا۔ (۵) مسلمان پر بہتان باندھنا (۶) زنا کرنا۔ (۷) خمر (انگوری شراب) پینا۔ اور بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ جو معصیت حرام لعینہ ہو وہ معصیت کبیرہ ہے۔[2]

علامہ جلال الدین خوارزمی حنفی لکھتے ہیں معصیت کبیرہ کی تعریف میں اختلاف ہے۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ وہ سات گناہ ہیں جن کا حدیث مشہور میں ذکر ہے یہ اہل حجاز اور محدثین کا قول ہے اور بعض علماء نے ان سات گناہوں پر سود خوری اور یتیم کا مال ناحق کھانے کا بھی اضافہ کیا ہے۔ اور بعض علماء نے کہا کہ جو معصیت حرام لعینہ ہو وہ گناہ کبیرہ ہے اور صحیح ترین قول وہ ہے جو شمس الائمہ حلوانی سے منقول ہے کہ جو کام مسلمانوں میں معیوب ہو اور جس میں دین کی تخفیف اور بے وقعتی ہو وہ گناہ کبیرہ ہے اسی طرح گناہ پر مدد کرنا اور گناہ پر اُبھارنا بھی گناہ کبیرہ ہے۔[3]

علامہ بدر الدین عینی حنفی نے گناہ کبیرہ کی تفسیر میں وہ احادیث ذکر کیں جن میں ان سات امور کو گناہ کبیرہ قرار دیا ہے اور شمس الائمہ حلوانی کا قول ذکر کیا ہے۔ اس کے علاوہ لکھا ہے کہ شیخ الاسلام خواہر زادہ نے فتاویٰ صغریٰ میں بیان کیا ہے کہ جو گناہ حرام محض ہو وہ گناہ کبیرہ ہے خواہ اس کو شریعت میں فاحشہ کہا جائے جیسے لواطت یا دنیا میں اس کی کوئی سزا مقرر ہو جیسے چوری، زنا اور قتل ناحق یا اس گناہ پر آخرت میں عذاب کی وعید ہو جیسے ناحق مال یتیم کھانا اور بعض نے کہا ہے کہ جس گناہ پر حد ہو وہ گناہ کبیرہ ہے بعض نے کہا جو گناہ حرام لعینہ ہو وہ گناہ کبیرہ ہے، ایک قول یہ ہے کہ جس گناہ پر بندہ اصرار کرے وہ گناہ کبیرہ ہے اور جس گناہ پر استغفار کرے وہ گناہ صغیرہ ہے اور زیادہ بہتر وہ تعریف ہے جو متکلمین نے ذکر کی ہے کہ ہر گناہ اپنے مافوق کے اعتبار سے صغیرہ ہے اور ما تحت کے اعتبار سے کبیرہ ہے۔[4]

گناہ کبیرہ اور صغیرہ کی تحقیق میں فقہاء شافعیہ کا نظریہ

علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی لکھتے ہیں: گناہ صغیرہ اور کبیرہ دو قسم کے ہیں، استاذ ابو اسحاق نے کہا ہے کہ کوئی گناہ صغیرہ نہیں ہوتا۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے، گناہ کبیرہ کی چار تعریفیں ہیں۔

(۱)۔ جس معصیت سے حد واجب ہوتی ہے وہ گناہ کبیرہ ہے۔

(۲)۔ جس معصیت پر کتاب اور سنت میں وعید شدید ہو وہ گناہ کبیرہ ہے۔

---

[1]۔ علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۶ ص ۴۸۴، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر۔

[2]۔ علامہ اکمل الدین محمد بن محمود بابرتی حنفی متوفی ۷۸۶ھ، عنایہ علی ہامش فتح القدیر ج ۶ ص ۴۸۶، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر۔

[3]۔ علامہ جلال الدین خوارزمی حنفی، کفایہ علی ہامش فتح القدیر ج ۶ ص ۴۸۵-۴۸۴، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[4]۔ علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد حنفی عینی متوفی ۸۵۵ھ، بنایہ شرح ہدایہ ج ۳ الثالث ص ۳۳۷، مطبوعہ ملک سنز فیصل آباد

(۳) امام نے "ارشاد" میں لکھا ہے کہ جس گناہ کو لا پرواہی کے ساتھ کیا گیا ہو وہ گناہ کبیرہ ہے۔

(۴) جس کام کو قرآن مجید نے حرام قرار دیا ہو یا جس کام کی جنس میں قتل وغیرہ کی سزا ہو یا جو کام علی الفور فرض ہو اس کو ترک کرنا گناہ کبیرہ ہے۔

علامہ نووی نے دوسری تعریف کو ترجیح دی ہے، پھر علامہ نووی لکھتے ہیں کہ یہ گناہ کبیرہ کی منضبط تعریفات ہیں، بعض علماء نے گناہ کبیرہ کو تفصیلاً شمار بھی کیا ہے ان کی تفصیل یہ ہے: قتل، زنا، لواطت، شراب پینا، چوری، قذف (تہمت لگانا) جھوٹی گواہی دینا، مال غصب کرنا، میدان جہاد سے بھاگنا، سود کھانا، مال یتیم کھانا، والدین کی نافرمانی کرنا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر عمداً جھوٹ باندھنا۔ بلا عذر شہادت کو چھپانا، رمضان میں بلا عذر روزہ نہ رکھنا، جھوٹی قسم کھانا، قطع رحم کرنا، ناپ اور تول میں خیانت کرنا، نماز کو وقت سے پہلے پڑھنا، بلا عذر نماز قضاء کرنا، مسلمان کو ناحق مارنا، صحابہ کرام کو سب وشتم کرنا، رشوت لینا، دیوثی (فاحشہ عورتوں کے لیے گاہک لانا)، حاکم کے پاس چغلی کھانا، زکوٰۃ نہ دینا، نیکی کا حکم نہ دینا، باوجود قدرت کے برائی سے نہ روکنا، قرآن مجید بھلانا، حیوان کو جلانا، عورت کا بلا سبب خاوند کے پاس نہ جانا، اللہ کی رحمت سے مایوس ہونا۔ اللہ کے عذاب سے بے خوف ہونا، علماء کی توہین کرنا، ظہار، بلا عذر خنزیر یا مردار کا گوشت کھانا، جادو کرنا، حالت حیض میں وطی کرنا، اور چغلی کھانا۔ یہ سب گناہ کبیرہ ہیں۔

علامہ نووی نے گناہ صغیرہ کی تفصیل میں ان گناہوں کو لکھا ہے: اجنبی عورت کو دیکھنا، غیبت کرنا، ایسا جھوٹ جس میں حد ہے نہ ضرر، لوگوں کے گھروں میں جھانکنا، تین دن سے زیادہ کسی مسلمان سے قطع تعلق کرنا، زیادہ لڑنا جھگڑنا اگرچہ حق پر ہو، غیبت پر سکوت کرنا، مردہ پر بین کرنا، مصیبت میں گریبان چاک کرنا اور چلانا، اترا اترا کر چلنا، فاسقوں سے دوستی رکھنا اور ان کے پاس بیٹھنا، اوقات مکروہہ میں نماز پڑھنا، مسجد میں خرید وفروخت کرنا۔ بچوں اور پاگلوں کو مسجد میں لانا، جس شخص کو لوگ کسی عیب کی وجہ سے ناپسند کرتے ہوں اس کا امام بننا، نماز میں عبث کام کرنا، جمعہ کے دن لوگوں کی گردنیں پھلانگنا، قبلہ رخ بول وبراز کرنا، عام راستہ پر بول وبراز کرنا، جس شخص کو غلبہ شہوت کا خطرہ ہو اس کا روزہ میں بوسہ لینا، صوم وصال رکھنا، استمناء، بغیر جماع کے اجنبیہ سے مباشرت کرنا (یعنی بوس وکنار اور بغل گیر ہونا) بغیر کفارے کے مظاہر کا اپنی عورت سے جماع کرنا۔ اجنبی عورت سے خلوت کرنا، عورت کا بغیر محرم اور خاوند کے سفر کرنا یا بغیر ثقہ عورتوں کے سفر کرنا۔ (یہ مذہب شافعی کے ساتھ خاص ہے) نجش، احتکار، مسلمان کی بیع پر بیع کرنا، اسی طرح مسلمان کی قیمت پر قیمت لگانا اور منگنی پر منگنی کرنا، شہری کا دیہاتی سے بیع کرنا، دیہاتی قافلہ سے بیع کے لیے ملاقات کرنا، تصریہ (بیع کے لیے تھنوں میں دودھ روک لینا) بغیر عیب بیان کیے ہوئے عیب دار چیز فروخت کرنا، بلا ضرورت کتا رکھنا، مسلمان کا کافر کو قرآن مجید اور دینی کتابوں کو فروخت کرنا، بلا ضرورت نجاست کو بدن پر لگانا اور بلا ضرورت خلوت میں اپنی شرمگاہ کھولنا۔

عدالت (نیک چلنی) میں صغائر سے بالکلیہ اجتناب کرنا شرط نہیں ہے لیکن صغیرہ پر اصرار یعنی بلا توبہ بار بار صغیرہ کا ارتکاب کرنا، صغیرہ گناہ کو کبیرہ بنا دیتا ہے۔[1]

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ [illegible] ۲۲۲- مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۴۱۰ھ

گناہ کبیرہ اور صغیرہ کی تحقیق میں فقہاء حنبلیہ کا نظریہ

علامہ شمس الدین مقدسی حنبلی لکھتے ہیں: گناہ کبیرہ وہ گناہ ہے جس پر حد ہو یا اس پر وعید ہو، یا اس پر غضب ہو یا لعنت ہو، یا اس فعل کے مرتکب سے ایمان کی نفی کی گئی ہو، جس طرح حدیث میں ہے: من غش فلیس منا۔ "جس نے دھوکا دیا وہ ہم میں سے نہیں ہے" یعنی یہ وہ کام ہے جو ہمارے احکام میں سے نہیں ہے، یا ہمارے اخلاق میں سے نہیں ہے یا ہماری سنت میں سے نہیں ہے اور فصول، غنیہ اور مستوعب میں ہے کہ غیبت اور چغلی صغائر میں سے ہے اور قاضی نے معتمد میں کہا ہے کہ کبیرہ وہ ہے جس کا عقاب زیادہ ہو اور صغیرہ وہ ہے جس کا عقاب کم ہو، ابن حامد نے کہا ہے کہ صغائر خواہ کسی نوع کے ہوں وہ تکرار سے کبیرہ ہو جاتے ہیں اور ہمارے بعض فقہاء نے کہا ہے کہ تکرار سے صغیرہ کبیرہ نہیں ہوتا، جیسا کہ جو امور غیر کفر ہوں وہ تکرار سے کفر نہیں ہوتے۔ [۱]

علامہ بھوتی حنبلی لکھتے ہیں: گناہ کبیرہ وہ ہے جس پر دنیا میں حد ہو اور آخرت میں وعید ہو، جیسا کہ سود کھانا اور والدین کی نافرمانی کرنا اور شیخ نے یہ اضافہ کیا ہے کہ جس فعل پر غضب ہو یا لعنت ہو یا اس فعل کے مرتکب سے ایمان کی نفی ہو۔ جھوٹ بولنا گناہ صغیرہ ہے بشرطیکہ اس پر دوام اور استمرار نہ ہو، البتہ جھوٹی گواہی دینا، نبی پر جھوٹ باندھنا یا کسی پر جھوٹی تہمت لگانا گناہ کبیرہ ہے اور صلح کرانے کے لیے، بیوی کو راضی کرنے کے لیے اور جنگی چال کے لیے جھوٹ بولنا مباح ہے، علامہ ابن جوزی نے کہا ہے کہ ہر وہ نیک مقصد جس کو جھوٹ کے بغیر حاصل نہ کیا جا سکتا ہو اس کے لیے جھوٹ بولنا مباح ہے، غیبت میں اختلاف ہے، علامہ قرطبی نے اس کو کبائر میں سے شمار کیا ہے اور ایک جماعت کا قول یہ ہے کہ یہ صغیرہ ہے، صاحب الفصول، صاحب الغنیہ اور صاحب المستوعب کی یہی تحقیق ہے۔ امام ابوداؤد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ مسلمان شخص کی عزت پر ناحق ظلم کرنا، کبیرہ گناہوں میں سے ہے، اور پیشاب کے قطروں سے نہ بچنا گناہ کبیرہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات کے متعلق بلا علم کچھ کہنا گناہ کبیرہ ہے ضرورت کے وقت علم چھپانا گناہ کبیرہ ہے، فخر اور غرور کے لیے علم حاصل کرنا گناہ کبیرہ ہے، جاندار کی تصویر بنانا گناہ کبیرہ ہے، کاہن اور نجومی کے پاس جانا اور ان کی تصدیق کرنا گناہ کبیرہ ہے غیر اللہ کو سجدہ کرنا، بدعت کی دعوت دینا، خیانت کرنا، بدفالی نکالنا، سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانا، وصیت میں زیادتی کرنا، خمر بیچنا، سودی معاملہ لکھنا اور سود پر گواہی دینا گناہ کبیرہ ہے۔ دو چہروں والا ہونا یعنی بظاہر دوستی رکھنا اور بباطن دشمنی رکھنا گناہ کبیرہ ہے، خود کو کسی اور نسب کی طرف منسوب کرنا، جانور سے بدفعلی کرنا، بلا عذر جمعہ ترک کرنا، نشہ آور اشیاء استعمال کرنا، نیکی کر کے احسان جتلانا، لوگوں کی مرضی کے بغیر ان کی باتیں کان لگا کر سننا، کسی پر بلا استحقاق لعنت کرنا، غیر اللہ کی قسم کھانا یہ تمام امور گناہ کبیرہ ہیں، اور جو مسائل اجتہادیہ ہیں ان کو کسی مجتہد کی اتباع میں کرنا معصیت نہیں ہے مثلاً امام ابوحنیفہ کے نزدیک بغیر ولی کے نکاح کرنا جائز ہے اور امام شافعی کے نزدیک جائز نہیں ہے اور امام مالک کے نزدیک بغیر گواہوں کے نکاح جائز ہے اور باقی ائمہ کے نزدیک جائز نہیں۔ علامہ بھوتی حنبلی کے ذکر کردہ کبیرہ گناہوں میں سے ہم نے ان گناہوں کو حذف کر دیا جن کو اس سے پہلے ہم علامہ نووی کے حوالے سے بیان کر چکے ہیں۔ [۲]

---

[۱] علامہ شمس الدین مقدسی ابو عبد اللہ محمد بن مفلح حنبلی متوفی ۷۶۳ ھ، کتاب الفروع ج ۶ ص ۵۶۵-۵۶۴ مطبوعہ عالم الکتب بیروت ۱۳۸۸ھ

[۲] علامہ منصور بن یونس بن ادریس بہوتی حنبلی - ۱۰۴۲ ھ، کشاف القناع ج ۶ ص ۴۲۲-۴۱۹ ملخصاً مطبوعہ عالم الکتب بیروت۔

گناہ کبیرہ اور صغیرہ کی تحقیق میں فقہاء مالکیہ کا نظریہ

علامہ ابو عبد اللہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں: بعض عارفین نے کہا ہے کہ یہ مت سوچو کہ گناہ صغیرہ ہے یا کبیرہ یہ غور کرو کہ تم کس ذات کی نافرمانی کر رہے ہو اور اس اعتبار سے تمام گناہ، گناہ کبیرہ ہیں، قاضی ابو بکر بن طیب، استاذ ابو اسحٰق اسفرائنی ابو المعالی، ابو نصر عبد الرحیم قشیری وغیرہم کا یہی قول ہے۔ انھوں نے کہا کہ گناہوں کو اضافی طور پر صغیرہ اور کبیرہ کہا جاتا ہے مثلاً زنی کفر کی بہ نسبت صغیرہ ہے اور بوس و کنار زنی کی بہ نسبت صغیرہ ہے اور کسی گناہ سے اجتناب کی وجہ سے دوسرے گناہ کی مغفرت نہیں ہوتی بلکہ تمام گناہوں کی مغفرت اللہ تعالیٰ کی مشیت کے تحت داخل ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر مادون ذلک لمن یشاء۔ "اللہ تعالیٰ شرک کے گناہ کو نہیں بخشے گا اور شرک کے سوا تمام گناہوں کو جس کے لیے چاہے گا بخش دے گا"، اور یہ جو قرآن مجید میں ہے ان تجتنبوا کبائر ما تنھون عنہ نکفر عنکم سیاتکم (نساء ۳۱) اس آیت میں کبائر سے مراد انواع کفر ہیں، یعنی اگر تمام انواع کفر سے بچوگے تو اللہ تعالیٰ تمہارے گناہوں کو مٹا دے گا، نیز صحیح مسلم اور دوسری کتب حدیث میں حضرت ابو امامہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس شخص نے قسم کھا کر کسی مسلمان شخص کا حق ملا، اللہ تعالیٰ اس آدمی پر دوزخ واجب کر دے گا اور اس پر جنت حرام کر دے گا، ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ! ہر چند کہ (اس شخص کا حق) تھوڑی سی چیز ہو؟ آپ نے فرمایا: ہر چند کہ وہ پیلو کے درخت کی ایک شاخ ہی کیوں نہ ہو! پس معمولی معصیت پر بھی ایسی شدید وعید ہے جیسی بڑی معصیت پر وعید ہے۔

علامہ قرطبی مزید لکھتے ہیں کہ حضرت ابن عباس نے کہا ہے کہ جن چیزوں سے منع کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس ممانعت کو جہنم یا غضب یا لعنت یا عذاب کے ذکر پر ختم کیا ہے وہ گناہ کبیرہ ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا سورۂ نساء کی تینتیس (۳۳) آیتوں میں جن چیزوں سے منع کیا ہے اور پھر فرمایا ہے "ان تجتنبوا کبائر ما تنھون عنہ" وہ سب گناہ کبیرہ ہیں۔ طاؤس کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس سے سوال کیا گیا کہ کیا کبائر سات (۷) ہیں فرمایا یہ ستر کے قریب ہیں اور سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابن عباس سے پوچھا کیا کبائر سات ہیں فرمایا یہ سات سو کے قریب ہیں البتہ استغفار کے بعد کوئی کبیرہ نہیں رہتا اور اصرار سے کوئی گناہ صغیرہ نہیں رہتا (بلکہ کبیرہ ہو جاتا ہے)

گناہ کبیرہ کی تعداد اور ان کے حصر میں علماء کا اختلاف ہے کیونکہ ان میں آثار مختلف ہیں، میں یہ کہتا ہوں کہ گناہ کبیرہ کے متعلق صحیح اور حسن بکثرت احادیث ہیں اور ان سے حصر مقصود نہیں ہے، البتہ بعض گناہ بعض دوسرے گناہ سے زیادہ بڑے ہیں اور شرک سب سے بڑا گناہ ہے جس کی مغفرت نہیں ہو سکتی، اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہونا ہے کیونکہ اس میں قرآن مجید کی تکذیب ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ورحمتی وسعت کل شیء "میری رحمت ہر چیز کو محیط ہے"، اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: انہ لا یایئس من روح اللہ الا القوم الکافرون۔ "میری رحمت سے کافروں کے سوا کوئی مایوس نہیں ہوتا" اس کے بعد میرا درجہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بے خوف ہونا ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ کی رحمت پر تکیہ کر کے بے خوفی سے گناہ کرے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے افامنوا مکر اللہ فلا یامن مکر اللہ الا القوم الخاسرون (اعراف: ۹۹) "کیا یہ اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے بے خوف ہیں، تو اللہ کی خفیہ تدبیر سے صرف ..." اس کے بعد چوتھے درجہ پر قتل سب سے

بڑا گناہ ہے اور اس کے بعد لواطت ہے، پھر زنا ہے، پھر شراب نوشی ہے پھر نماز اور اذان کا ترک کرنا ہے پھر جھوٹی گواہی دینا ہے۔ اور ہر وہ گناہ جس پر عذاب شدید کی وعید ہے یا اس کا ضرر عظیم ہے وہ گناہ کبیرہ ہے اور اس کا ماسوا گناہ صغیرہ ہے[1]

میں نے گناہ کبیرہ کے متعلق ان تمام اقوال اور تعریفات پر غور کیا میرے نزدیک جامع مانع اور منضبط تعریف یہ ہے: جس گناہ کی دنیا میں کوئی سزا ہو یا اس پر آخرت میں وعید شدید ہو یا اس گناہ پر لعنت یا غضب ہو وہ گناہ کبیرہ ہے اور اس کا ماسوا گناہ صغیرہ ہے اور اس سے بھی زیادہ آسان اور واضح تعریف یہ ہے کہ فرض کا ترک اور حرام کا ارتکاب گناہ کبیرہ ہے اور واجب کا ترک اور مکروہ تحریمی کا ارتکاب گناہ صغیرہ ہے[2]، نیز کسی گناہ کو معمولی سمجھ کر بے خوفی سے کرنا بھی گناہ کبیرہ ہے۔ علامہ نووی شافعی اور علامہ بہوتی حنبلی نے جو گناہ کبیرہ اور صغیرہ کی مثالیں دی ہیں ان پر یہ تعریفیں صادق آتی ہیں اس لیے گناہ صغیرہ اور کبیرہ کو سمجھنے کے لیے ان تعریفات کی روشنی میں ان مثالوں کو ایک بار پھر پڑھ لیا جائے۔ اس بحث میں یہ نکتہ ملحوظ رہنا چاہیے کہ فرض کے ترک کا عذاب واجب کے ترک کے عذاب سے اور حرام کے ارتکاب کا عذاب مکروہ تحریمی کے عذاب سے شدید ہوتا ہے اور اصولیین کا یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ فرض اور واجب کے ترک کا عذاب ایک جیسا ہوتا ہے اور ان میں صرف ثبوت کے لحاظ سے فرق ہے۔

اصرار سے گناہ صغیرہ کے کبیرہ ہونے کی وجہ

علامہ شامی اور دوسرے فقہاء نے لکھا ہے کہ گناہ صغیرہ پر اصرار کرنے سے وہ گناہ کبیرہ ہو جاتا ہے[3]

ایک علمی مجلس میں مجھ سے ایک فاضل دوست[4] نے سوال کیا کہ صغیرہ پر اصرار کرنا دوبارہ اسی گناہ کا ارتکاب کرنا ہے اس لیے یہ اسی درجہ کی معصیت ہونی چاہیے اور جب یہ پہلے صغیرہ تھا تو دوبارہ اس کو کرنے سے یہ گناہ کبیرہ کیسے ہو گیا؟ میں نے اس کے جواب میں کہا: اگر گناہ صغیرہ کرنے کے بعد انسان نادم ہو اور اس پر استغفار کرے اور پھر دوبارہ شامت نفس سے وہ صغیرہ گناہ کرے تو یہ اصرار نہیں ہے تکرار ہے اور اگر گناہ صغیرہ کرنے کے بعد نادم اور تائب نہ ہو اور بلا جھجک اس گناہ کا اعادہ کرے تو پھر یہ اصرار ہے اور یہ کبیرہ اس وجہ سے ہو گیا کہ اس نے اس گناہ کو معمولی سمجھا اور اس میں احکام شرعیہ کی تخفیف اور بے وقعتی ہے اور شریعت کی تخفیف اور بے وقعتی گناہ کبیرہ ہے، جبکہ شریعت کی توہین کفر ہے۔ فرض اور واجب تو دور کی بات ہے جو فعل مسنون ہو اس کی تخفیف اور بے وقعتی بھی گناہ کبیرہ ہے اور اس کی توہین کرنا کفر ہے۔ العیاذ باللہ!

اس کے بعد اس بحث کو لکھتے وقت جب میں نے اس سوال پر غور کیا تو مجھ پر یہ منکشف ہوا کہ قرآن اور حدیث میں معصیت پر اصرار کرنے کو کبیرہ قرار دیا ہے خواہ وہ کسی درجہ کی معصیت ہو معصیت پر نفس اصرار گناہ کبیرہ ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

والذین اذا فعلوا فاحشة او ظلموا انفسهم ذکروا الله فاستغفروا لذنوبهم ومن يغفر	اور جب وہ لوگ بے حیائی کا کام یا اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی طلب

[1] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، احکام القرآن ج ۵ ص ۱۶۱ - ۱۵۹ مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ
[2] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ رد المحتار ج ۱ ص ۴۲۵ مطبوعہ مطبع عثمانیہ ۱۳۲۷ھ
[3] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۴ ص ۵۲۲، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ
[4] سید حسین الدین شاہ صاحب، اسلام آباد۔ منہ

الذنوب الا الله ولم یصروا علی ما فعلوا وھم یعلمون اولئك جزاؤھم مغفرة من ربھم وجنت تجری من تحتھا الانھر خالدین فیھا ونعم اجر العاملین۔

(آل عمران: ۱۳۶ - ۱۳۵)

کریں اور اللہ کے سوا کون گناہوں کو بخشتا ہے اور وہ لوگ جان بوجھ کر اپنے کیے (یعنی گناہوں) پر اصرار نہ کریں۔ ایسے لوگوں کی جزا ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہے اور وہ جنات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور (نیک) کام کرنے والوں کا کیا ہی اچھا بدلہ ہے!

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مغفرت اور اخروی انعامات کو عدم اصرار معصیت پر مرتب فرمایا ہے اس کا لازمی مفہوم یہ ہے کہ معصیت پر اصرار کرنا اخروی عذاب کو مستلزم ہے۔ اور اس سے بھی زیادہ صریح یہ آیت ہے:

عفا الله عما سلف ومن عاد فینتقم الله منه والله عزیز ذو انتقام۔

(مائدہ: ۹۵)

جو ہو چکا اس کو اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا، اور جس نے دوبارہ یہ کام کیا تو اللہ اس سے بدلہ لے گا اور اللہ بڑا غالب ہے بدلہ لینے والا۔

ان دو آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے اصرار پر وعید فرمائی ہے اور وعید گناہ کبیرہ پر ہوتی ہے۔ امام احمد روایت کرتے ہیں:

عن عبد الله بن عمرو بن العاص رضی الله عنھما قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ویل للمصرین الذین علی ما فعلوا وھم یعلمون۔ [1]

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان لوگوں کے لیے عذاب ہو جو اپنے کیے ہوئے (گناہ) پر جان بوجھ کر اصرار کرتے ہیں۔

امام ابو داؤد روایت کرتے ہیں:

عن ابی بکر الصدیق رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما اصر من استغفر وان عاد فی الیوم سبعین مرة۔ [2]

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے (گناہ پر) استغفار کر لیا تو یہ اس کا اصرار نہیں ہے خواہ وہ دن میں ستر مرتبہ گناہ کرے۔

اس حدیث سے یہ واضح ہوا کہ گناہ کے بعد استغفار کر لیا جائے تو یہ تکرار ہے اور گناہ کے بعد پھر گناہ کرے اور توبہ نہ کرے تو پھر یہ اصرار ہے جیسا کہ اس حدیث سے واضح ہوتا ہے۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا:

لا کبیرة مع استغفار ولا صغیرة مع

استغفار کے ساتھ گناہ کبیرہ نہیں رہتا، اور اصرار

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۱۶۵، ۲۱۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ

[2] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابو داؤد ج ۱ ص ۲۱۳، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

اصرار ۔ [1] کے ساتھ گناہ صغیرہ نہیں رہتا (یعنی کبیرہ ہو جاتا ہے)۔
اصرار کے ساتھ گناہ کبیرہ ہو جاتا ہے اس پر یہ حدیث صراحۃً دلالت کرتی ہے، علامہ آلوسی امام بیہقی کے حوالے سے لکھتے ہیں:

عن ابن عباس موقوفا کل ذنب اصر علیه العبد کبیر ولیس بکبیر ما تاب منه العبد۔ [2]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے موقوفاً روایت ہے کہ جس گناہ پر بندہ اصرار کرے (یعنی گناہ کے بعد توبہ نہ کرے) وہ گناہ کبیرہ ہے اور جب بندہ کسی گناہ پر توبہ کرلے تو وہ گناہ کبیرہ نہیں ہے۔

قرآن مجید کی آیات، احادیث اور آثار سے یہ واضح ہو گیا کہ گناہ پر اصرار کرنا (یعنی گناہ کے بعد توبہ نہ کرنا) اس گناہ کو کبیرہ بنا دیتا ہے خواہ وہ گناہ کسی درجہ کا ہو اور اس کی وجہ یہ ہے کہ گناہ کرنے کے بعد توبہ نہ کرنا اس پر دلالت کرتا ہے کہ وہ شخص اس گناہ کو معمولی اور بے وقعت سمجھتا ہے اور اس کا یہ عمل اس بات کا مظہر ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے منع کرنے کو اہمیت نہیں دیتا اور ان احکام کی پرواہ نہیں کرتا اور شریعت کو معمولی اور بے وقعت سمجھنا اور اس سے لاپرواہی برتنا بھی گناہ کبیرہ ہے۔

گناہ صغیرہ اور کبیرہ کی تفصیل اور تحقیق میں کلام طویل ہو گیا۔ اب ہم پھر اصل بحث یعنی شہادت کی شرائط کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

نفسِ شہادت کے اعتبار سے شرائط

(ا) مدعی یا اس کے نائب کی جانب سے شہادت دی جائے۔
(ب) شہادت دعویٰ کے موافق ہو۔
(ج)۔ شاہدین متفق ہوں۔
(د) شاہدوں کا عدد نصاب کے مطابق ہو۔
(ہ) حدود میں گواہی دینے والے مرد اور مسلمان ہوں۔
(و) جب مدعیٰ علیہ مسلمان ہو تو گواہ بھی مسلمان ہوں۔ (البحر الرائق)
(ز) مشہود بہ معلوم ہو، کسی مجہول چیز کی شہادت دینا جائز نہیں ہے، نہ مجہول شخص کے حق میں شہادت جائز ہے۔

نصابِ شہادت کی اقسام

(۱) زنا پر شہادت: اس میں چار مردوں کی شہادت معتبر ہے۔
(۲) بقایا حدود اور قصاص میں شہادت: اس میں دو مردوں کی شہادت معتبر ہے اور اس میں عورتوں کی شہادت معتبر نہیں ہے۔ (ہدایہ)
(۳)۔ ولادت، بکارت اور عورتوں کے عیوب سے متعلق امور پر شہادت، جن امور پر مرد مطلع نہیں ہوتے: ان میں ایک مسلمان، آزاد، عادل عورت کی شہادت بھی قبول کی جاتی ہے اور اگر دو عورتیں ہوں تو بہتر

---

[1] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۵ ص ۱۵۹، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ
[2] علامہ شہاب الدین سید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۴ ص ۲۲، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

ہے۔ (فتح القدیر) ان امور میں اگر کوئی مرد گواہی دے اور کہے کہ اچانک میری نظر پڑ گئی تھی تو اس کی شہادت قبول کرنا بھی جائز ہے بشرطیکہ وہ عادل ہو۔ (مبسوط)۔ یہ امر ایک آدمی کی شہادت سے بھی ثابت ہو جاتا ہے۔ (نہایہ)۔

(۴) بغیر حدود اور قصاص کے وہ امور جن پر مرد مطلع ہوتے ہیں، اس میں دو مردوں کی یا ایک مرد اور دو عورتوں کی شہادت شرط ہے۔ عام ازیں کہ حق مال ہو یا غیر مال ہو جیسا کہ نکاح، طلاق، وکالت، وصیت وغیرہ جو مال نہیں ہیں۔ (تبیین الحقائق) اور وہ امور جن پر کامل سزا موقوف ہوتی ہے یعنی احصان، سو ہمارے نزدیک احصان بھی ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی سے ثابت ہو جاتا ہے۔ [1]

جانب داری کی تہمت کی بنا پر جن کی شہادت قبول نہیں کی جاتی

والدین کی شہادت اپنی اولاد یا اولاد در اولاد کے حق میں قبول نہیں ہوتی، شوہر کی بیوی کے حق میں اور بیوی کی شوہر کے حق میں شہادت قبول نہیں ہوتی (حاوی) مالک کی شہادت اپنے غلام کے حق میں قبول نہیں ہوتی خواہ غلام کامل ہو یا ناقص، جو شخص کسی کا ملازم ہو خواہ اس کا مشاہرہ یومیہ ہو، ماہانہ ہو یا سالانہ اس کی مالک کے حق میں شہادت استحساناً قبول نہیں کی جائے گی، مالک کی ذکر کیے کام کے بارے میں شہادت قبول نہیں کی جائے گی، کسی خاص کاریگر کی اپنے استاذ کے حق میں شہادت قبول نہیں کی جائے گی۔ [2]

قرائن کی شہادت

واقعاتی شہادت یا قرائن کی شہادت کی اس زمانے میں بہت اہمیت ہے۔ اسلام میں بھی قرائن کی شہادت کو ایک گونہ اہمیت دی گئی ہے، اگر کوئی اور شہادت دستیاب نہ ہو تو قرائن کی شہادت پر فیصلہ کیا جا سکتا ہے اور بعض دفعہ قرائن اور واقعاتی شہادات دیگر شہادات کے لیے تائید اور تقویت کا باعث بنتی ہیں واقعات اور قرائن کی شہادت کی اصل قرآن مجید کی یہ آیت ہے:

وشهد شاهد من اهلها ان كان قميصه قد من قبل فصدقت وهو من الكاذبين ○ وان كان قميصه قد من دبر فكذبت وهو من الصدقين ○ فلما را قميصه قد من دبر قال انه من كيدكن ان كيدكن عظيم۔

(یوسف: ۲۸ - ۲۶)

اس عورت کے گھر والوں میں سے ایک گواہ نے یہ گواہی دی کہ اگر ان کا کرتا آگے سے پھٹا ہے تو عورت سچی ہے اور وہ (حضرت یوسف) غلط کہنے والوں میں سے ہیں، اور اگر ان کا کرتا پیچھے سے پھٹا ہے تو اس عورت نے جھوٹ بولا ہے اور وہ سچوں میں سے ہیں، پھر جب ان کا کرتا پیچھے سے پھٹا ہوا دیکھا تو کہنے لگا بے شک یہ تم عورتوں کی گہری چال ہے۔ یقیناً تم عورتوں کی فریب کاری بہت بڑی ہے۔

اور چونکہ قرآن اور سنت میں اس واقعاتی شہادت کا رد نہیں کیا گیا اس لیے ہماری شریعت میں بھی اس کا حجت ہونا برقرار ہے

---

[1] ملا نظام الدین متوفی ۱۱۶۱ھ فتاوی عالمگیری ج ۳ ص ۴۵۱ - ۴۵۰، مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبری بولاق مصر، ۱۳۱۰ھ

[2] فتاوی عالمگیری ج ۳ ص ۴۷۰ " " " "

قرائن اور واقعاتی شہادتوں سے شراب نوشی کا ثبوت

اسلام میں قرائن اور واقعاتی شہادتوں کا اعتبار کیا جاتا ہے اور اس پر احکام مرتب ہوتے ہیں، اگر کسی شخص کے منہ سے شراب کی بُو آرہی ہو تو خواہ اس کے خلاف دو مسلمان مرد گواہی نہ دیں تب بھی محض شراب کی بُو کی وجہ سے اس کا شراب پینا ثابت ہو جائے گا اور اس کو سزا دی جائے گی، اسی طرح اگر اس کو شراب کی قے کرتے ہوئے دیکھا گیا تب بھی اس کا شراب پینا ثابت ہو جائے گا اور اس کو شراب کی سزا دی جائے گی، صحابہ میں سے حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم نے ان واقعاتی شہادات کی بناء پر شراب کی حد جاری کی ہے۔ فقہاء میں سے امام احمد کے نزدیک شراب کی بُو کے ثبوت پر حد لازم ہوگی (امام احمد کے اس مسئلہ میں دو قول ہیں) امام مالک کے نزدیک اگر دو گواہوں سے شراب کی بُو ثابت ہو گی تو اس پر شراب نوشی کی حد ہو گی، اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک شراب کی بُو کی بناء پر حد تو نہیں ہے لیکن وہ اس پر تعزیر لازم کرتے ہیں۔ پہلے ہم اس مسئلہ کی وضاحت کے لیے آثار صحابہ پیش کریں گے اور پھر اقوال فقہاء بیان کریں گے۔

امام ابن ابی شیبہ روایت کرتے ہیں:

عن السائب بن یزید ان عمر کان یضرب فی الریح۔ [1]

سائب بن یزید بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ شراب کی بُو پر مارتے تھے۔

عن مالک بن عمیر الحنفی قال اتی عمر بابن مظعون قد شرب خمرا، فقال: من شھودك؟ قال فلان وفلان وغیاث بن سلمۃ وکان یسمی غیاث الشیخ الصدوق فقال رأیته یقیئھا ولم ادرہ یشربھا فجلدہ عمر الحد۔ [2]

مالک بن عمیر حنفی بیان کرتے ہیں کہ ان کے پاس ابن مظعون کو اس الزام میں لایا گیا کہ اس نے شراب پی ہے، حضرت عمر نے پوچھا تمہارے گواہ کون ہیں، اس نے کہا فلاں، فلاں اور غیاث بن سلمہ، غیاث کو سچا کہا جاتا تھا، اس نے کہا میں نے اس کو شراب کی قے کرتے ہوئے دیکھا ہے، شراب پیتے ہوئے نہیں دیکھا۔ حضرت عمر نے اس پر شراب کی حد جاری کر دی۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی قرائن کی شہادت کے قائل تھے جیسا کہ اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے،

امام احمد بن حنبل روایت کرتے ہیں:

عن علقمۃ قال اتی عبد اللہ الشام فقال له ناس من اھل حمص اقرأ علینا فقرأ علیھم سورۃ یوسف فقال رجل من القوم واللہ ما ھکذا انزلت فقال عبد اللہ ویحك واللہ لقد قرأتھا علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ھکذا فقال احسنت فبینا ھو یراجعه

علقمہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ علاقہ شام گئے، آپ سے حمص والوں نے کہا ہمیں قرآن مجید سنائیں، آپ نے ان پر سورۂ یوسف تلاوت کی ان لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا: بخدا یہ سورت اس طرح نازل نہیں ہوئی ہے! حضرت ابن مسعود نے کہا تجھ پر افسوس ہے! بخدا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس سورت

[1] حافظ ابوبکر عبداللہ بن محمد ابی شیبہ عیسی متوفی ۲۳۵ ھ، المصنف ج ۱۰ ص ۳۸، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۲ ھ

[2] حافظ ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ عیسی متوفی ۲۳۵ ھ، المصنف ج ۱۰ ص ۳۹، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۲ ھ

اذ وجد منہ ریح الخمر فقال اتشرب الرجس وتکذب بالقرآن واللہ لا تزاولنی حتی اجلدک فجلدہ الحد۔ [1]

کہ اسی طرح پڑھا جاتا تو آپ نے فرمایا تم نے اچھی قرأت کی، جس وقت یہ بحث ہو رہی تھی اچانک اس کے منہ سے خمر (شراب) کی بو آئی، حضرت ابن مسعود نے فرمایا تم ناپاک شراب پیتے ہو اور قرآن کی تکذیب کرتے ہو! بخدا! میں تم کو اس وقت تک نہیں چھوڑوں گا جب تک کہ تم پر حد نہ لگا دوں، پھر حضرت ابن مسعود نے اس پر حد لگا دی۔

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

اس حدیث سے یہ معلوم ہوگیا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی شراب کی بو کی بنار پر حد جاری کر دیتے تھے۔ اور یہ واقعاتی شہادت کا اعتبار کرنے پر واضح دلیل ہے۔

آثار صحابہ پیش کرنے کے بعد اب ہم اس مسئلہ پر اقوال فقہاء کا ذکر کریں گے۔ امام احمد کے ایک قول کے مطابق شراب کی بو کے ثبوت سے حد لازم ہو جاتی ہے، امام مالک کے نزدیک اگر دو گواہوں سے شراب کی بو ثابت ہو جائے تو حد ہوگی اور امام شافعی اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک محض بو کے ثبوت سے حد لازم نہیں ہوگی۔ اس حدیث میں یہ ثبوت ہے کہ واقعاتی شہادت کی بنار پر شراب کی حد لگائی جا سکتی ہے۔

ہر چند کہ فقہاء احناف کے نزدیک محض شراب کی بو پائی جانے سے یا کسی کو شراب کی قے کرتے دیکھنے سے اس پر حد لازم نہیں ہوتی جب تک کہ وہ شراب پینے کا اقرار نہ کرے یا دو گواہ اس کے شراب پینے کی گواہی نہ دیں لیکن فقہاء احناف کے نزدیک بھی ایسے شخص کو تعزیری سزا دی جا سکتی ہے۔ علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں کہ:

لاحتمال انہ شربہا مکرہا او مضطرا فلا یجب الحد بالشک واشار الی انہ لو وجد سکران لا یحد من غیر اقرار ولا بینۃ لاحتمال ما ذکرنا او انہ سکر من المباح بحر لکنہ یعزر بمجرد الریح او السکر کما فی القہستانی۔ [3]

کیونکہ یہ احتمال ہے کہ اس کو جبراً شراب پلائی گئی ہو یا اس نے مجبوراً شراب پی ہو لہٰذا اس شک کی بنار پر حد واجب نہیں ہوگی، مصنف نے یہ اشارہ کیا ہے کہ اگر کوئی شخص نشہ میں پایا گیا اور اس کے شراب پینے پر گواہی قائم ہوئی اور نہ اس نے اقرار کیا تو اس احتمال کی وجہ سے اس پر حد نہیں ہوگی اور البحر الرائق میں ہے کہ یہ احتمال بھی ہے کہ اس کو کسی مباح چیز کے پینے سے نشہ ہو گیا ہو، لیکن قہستانی میں ہے کہ شراب کی بو پائی جانے سے یا نشہ میں پائے جانے سے اس کو تعزیر لگائی جائے گی۔

---

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۱ ص ۴۲۵-۴۲۴-۳۷۸، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ

[2] حافظ ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۱۰ ص ۳۸، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

[3] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی [illegible] مطبوعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

علامہ ابن رشد مالکی نے لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کے نزدیک صرف شراب کی بو کے ثبوت سے حد لازم نہیں ہے لیکن امام مالک کے نزدیک اس پر حد ہے بشرطیکہ دو گواہ اس بات کی گواہی دیں کہ اس شخص کے منہ سے شراب کی بو آرہی ہے۔[1]

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں کہ امام احمد کے اس مسئلہ میں دو قول ہیں۔ ایک قول امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کی طرح ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اگر شراب کی بو آرہی ہو یا اس کو شراب کی قے کرتے ہوئے دیکھا جائے تو اس پر حد ہے۔ کیونکہ شعبی سے روایت ہے کہ علقمہ الخصی نے قدامہ کے خلاف حضرت عمر کے سامنے شہادت دی کہ انھوں نے اس کو شراب کی قے کرتے دیکھا ہے، حضرت عمر نے فرمایا جس شخص نے شراب کی قے کی اس نے شراب کو پیا اور اس پر شراب کی حد لگا دی۔ اسی طرح حضرت عثمان کے سامنے ولید بن عقبہ کے خلاف ایک شخص نے شراب پینے کی گواہی دی اور دوسرے نے شراب کی قے کرتے ہوئے دیکھنے کی گواہی دی، حضرت عثمان نے فرمایا جب تک شراب پیئے گا نہیں اس کی قے کیسے کرے گا اور حضرت علی سے کہا اس پر حد لگائیں، حضرت علی نے حضرت عبداللہ بن جعفر سے حد لگانے کے لیے کہا اور انھوں نے حد لگا دی (صحیح مسلم)[2]

مذکور الصدر حوالہ جات سے واضح ہو گیا کہ صحابہ میں سے حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی اور حضرت ابن مسعود واقعاتی شہادت کی بناء پر حد لگا دیتے تھے، امام مالک کا یہی مسلک ہے اور امام احمد کا ایک قول بھی یہی ہے اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس پر تعزیر ہے۔

واقعاتی شہادات اور قرائن خارجیہ سے زنا کا ثبوت

زنا کا ثبوت جس طرح گواہی اور اقرار سے ہوتا ہے اسی طرح قرائن سے بھی زنا کا ثبوت ہو جاتا ہے، ان قرائن میں سب سے واضح قرینہ عورت کا بغیر نکاح کے حاملہ ہونا ہے۔ احادیث میں حمل کو بھی زنا کے ثبوت کی دلیل قرار دیا گیا ہے۔ امام مالک روایت کرتے ہیں:

عن عبد اللہ بن عباس قال سمعت عمر بن الخطاب یقول الرجم فی کتاب اللہ حق علی من زنا من الرجال والنساء اذا احصن اذا قامت البینۃ او کان الحبل او الاعتراف۔[3]

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مردوں عورتوں میں سے جو شادی شدہ شخص بھی زنا کرے اس کے لیے قرآن مجید میں رجم کا حکم ہے، بشرطیکہ گواہوں سے زنا ثابت ہو یا (بغیر نکاح کے) حمل ہو یا زانی اعتراف کر لیں۔

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہے۔[4]

---

[1] قاضی ابوالولید محمد بن احمد بن رشد مالکی متوفی ۵۹۵ھ، بدایۃ المجتہد ج ۲ ص ۳۳۳، مطبوعہ دار الفکر بیروت
[2] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۹ ص ۱۳۹، ۱۳۸، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۵ھ
[3] امام مالک بن انس اصبحی متوفی ۱۷۹ھ، مؤطا امام مالک ص ۶۸۵، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور
[4] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۶۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اگر عورت کو بغیر نکاح کے حمل ہو جائے تو یہ اس کے زنا کی واقعاتی شہادت ہے سو اگر وہ شادی شدہ ہے تو اس کو رجم کر دیا جائے گا اور اگر کنواری ہے تو اس کو سو کوڑے لگائے جائیں گے۔

علامہ نووی شافعی اس مسئلہ میں بیان مذاہب کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

حضرت عمر، امام مالک اور ان کے تابعین کا مذہب یہ ہے کہ جب کوئی عورت حاملہ ہو جائے اور اس کا شوہر یا مالک نہ ہو اور نہ یہ ثابت ہو کہ اس کے ساتھ زنا بالجبر کیا گیا تھا تو اس پر حد لازم ہو جائے گی الا یہ کہ وہ مسافرہ ہو یا وہ یہ دعویٰ کرے کہ اس کا کوئی شوہر یا مالک ہے، فقہاء مالکیہ نے کہا ہے اگر اس نے زنا بالجبر کے خلاف استغاثہ نہیں کیا تھا تو ظہور حمل کے بعد جبر کا دعویٰ قبول نہیں کیا جائے گا، امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور جمہور علماء یہ کہتے ہیں کہ فقط ظہور حمل سے حد لازم نہیں آتی خواہ اس کا شوہر یا مالک ہو یا نہ ہو اور خواہ وہ مسافرہ ہو یا نہ ہو اور خواہ وہ جبر کا دعویٰ کرے یا نہ کرے یا خاموش رہے حد صرف اقرار یا گواہوں سے لازم آتی ہے۔ [1]

علامہ ابو عبد اللہ وشتانی مالکی لکھتے ہیں کہ اگر ظہور حمل سے پہلے ایسی علامات پائی جائیں جو حاملہ کے ساتھ زنا بالجبر پر دلالت کرتی ہوں مثلاً وہ چیخی چلائی ہو یا خون آلودہ ہو یا روتی اور چیختی ہوئی آئی ہو اور پھر ظہور حمل کے بعد وہ زنا بالجبر کا دعویٰ کرے تو اس کا دعویٰ سنا جائے گا ورنہ اس کا دعویٰ جبر غیر مسموع ہوگا اور اس پر حد لازم ہوگی۔ [2]

امام مالک نے روایت کیا ہے کہ ایک شادی شدہ عورت کے ہاں چھ ماہ کے بعد بچہ پیدا ہو گیا، حضرت عثمان نے اس کو رجم کرنے کا حکم دے دیا۔ بعد میں حضرت علی نے کہا قرآن مجید میں ہے وحملہ وفصلہ ثلثون شهرًا (احقاف: ۱۵) "عورت کا حمل اور اس کا دودھ چھڑانا تیس ماہ میں ہے۔" اور اس سے انہوں نے اس پر استدلال کیا کہ کم از کم مدت حمل چھ ماہ میں ہے، کیونکہ مدت رضاعت دو سال ہے۔ حضرت عثمان نے اس سے اتفاق کر کے اپنے پہلے فیصلہ سے رجوع کر لیا، مگر اس عورت کو رجم کیا جا چکا تھا۔ [3]

ہر چند کہ حضرت عثمان نے اپنے فیصلہ سے رجوع کر لیا لیکن اس سے یہ بہر حال ثابت ہو گیا کہ ان کے نزدیک صرف ظہور حمل بھی رجم کا موجب ہے۔ اور واقعاتی شہادت کی بناء پر رجم کیا جا سکتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عمر، حضرت عثمان اور فقہاء مالکیہ کے نزدیک واقعاتی شہادت اور قرائن حدود وغیرہ میں معتبر ہیں۔

میڈیکل رپورٹ کی بناء پر زنا کا ثبوت

اگر ایک اجنبی مرد اور عورت ایک کمرے سے پکڑے جائیں اور ان کے کپڑے منی سے آلودہ ہوں اور پکڑے جاتے وقت ان کے چہروں پر گھبراہٹ اور خجالت کے آثار ہوں اور میڈیکل ٹیسٹ کے ذریعہ یہ ثابت ہو جائے کہ یہ منی انہی دونوں کی ہے تو کیا اس واقعاتی شہادت سے ان پر حد لازم ہوگی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اس صورت میں ہر چند کہ ثبوت زنا پر قوی قرینہ موجود ہے لیکن ان پر حد نہیں جاری کی جائے گی بلکہ ان کو تعزیری سزا دی جائے گی۔

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۶۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] علامہ ابو عبد اللہ وشتانی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۴ ص ۴۴۱، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت

[3] امام مالک بن انس اصبحی متوفی ... مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور۔

کیا زانی کے خلاف استغاثہ کرنے والی لڑکی پر حد قذف لگے گی؟

ایک دہشت زدہ کنواری لڑکی جس کا لباس تار تار اور خون آلود ہے روتی اور آنسو بہاتی ہوئی پولیس کے پاس پہنچتی ہے اور کہتی ہے کہ فلاں شخص نے اس کے ساتھ زنا بالجبر کیا ہے۔ اس شخص کو فوراً موقع واردات پر گرفتار کر لیا جاتا ہے اور میڈیکل رپورٹ سے ثابت ہو جاتا ہے کہ اس لڑکی سے دخول کیا گیا ہے اور اس شخص کی منی اس لڑکی کے اندام نہانی میں موجود ہے تو اب سوال یہ ہے کہ اس قرینہ کی وجہ سے اس شخص پر زنا کی حد لازم ہو گی یا بغیر چار مرد گواہوں کے اس شخص کی طرف زنا کی نسبت کرنے کی وجہ سے اس لڑکی پر حد قذف لگائی جائے گی؟ اس کا حل یہ ہے کہ ثبوت زنا کے لیے یقیناً یہ قوی قرینہ ہے لیکن اس شخص پر حد لگانے کے بجائے اس کو تعزیراً سزا دی جائے جیسا کہ فقہاء شراب کی بو کی بناء پر شراب کی حد تو نہیں جاری کرتے لیکن تعزیراً سزا دیتے ہیں۔ باقی رہا یہ سوال کہ بغیر چار مرد گواہوں کے کسی شخص کی طرف زنا کی نسبت کرنا قذف ہے اور اس کو تہمت لگانا ہے اس لیے اس لڑکی پر حد قذف لگنی چاہیے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قذف اس وقت ہوگا جب کوئی شخص کسی کو متہم اور بدنام کرنے کی حیثیت سے اور مسلمانوں میں ایک فحش بات کو پھیلانے کی غرض سے اس پر زنا کی تہمت لگائے، اس کے علاوہ اگر کسی غرض صحیح کی وجہ سے کوئی شخص کسی کی طرف زنا کی نسبت کرے تو یہ قذف نہیں ہے مثلاً ایک شخص حاکم کے سامنے اعتراف جرم کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں نے فلاں عورت کے ساتھ زنا کیا ہے اس لیے مجھ پر حد جاری کی جائے۔ اب اس کے اعتراف سے اس پر تو زنا کی حد لازم ہو جائے گی لیکن اس کے اعتراف سے اس عورت پر اس وقت تک حد لازم نہیں ہو گی جب تک کہ وہ عورت خود اعتراف نہ کرے اور اس شخص نے جو اعتراف جرم کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ اس نے فلاں عورت کے ساتھ زنا کیا ہے اور اس عورت کی طرف زنا کی نسبت کی ہے یہ قذف نہیں ہے اور نہ ان کلمات سے اس شخص پر حد قذف لازم ہو گی کیونکہ ان کلمات سے اس شخص کا مقصود اپنے جرم کا اعتراف کرنا ہے نہ کہ کسی کو بدنام اور متہم کرنا مقصود ہے۔ اس کی نظیر یہ حدیث ہے۔ امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن ابی هريرة وزيد بن خالد الجهنی انهما قالا ان رجلا من الاعراب اتى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله انشدك الا قضيت لى بكتاب الله فقال الخصم الآخر وهو افقه منه نعم فاقض بيننا بكتاب الله وأذن لى فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم قل قال ان ابنى كان عسيفا على هذا فزنى بامرأته وانى اخبرت ان على ابنى الرجم فافتديت منه بمائة شاة ووليدة فسالت اهل العلم فاخبرونى انما على ابنى جلد مائة

حضرت ابوہریرہ اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک دیہاتی نے آکر کہا: یا رسول اللہ! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ آپ میرا فیصلہ صرف کتاب اللہ سے کریں، دوسرا شخص جو اس سے زیادہ سمجھ دار تھا اس نے کہا ہاں! آپ ہمارے درمیان کتاب اللہ سے فیصلہ کر دیجئے اور مجھے (واقعہ) عرض کرنے کی اجازت دیجئے آپ نے فرمایا بیان کرو، اس نے کہا میرا بیٹا اس شخص کے ہاں مزدور تھا اور اس نے اس شخص کی بیوی سے زنا کیا، مجھے بتایا گیا کہ میرے بیٹے کو رجم کیا جائے گا، میں نے اپنے بیٹے کی طرف سے ایک باندی اور سو

وتغریب عام وان علی امرأۃ ھذا الرجم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ لاقضین بینکما بکتاب اللہ الولیدۃ والغنم رد وعلی ابنك جلد مائۃ وتغریب عام اغدیا انیس الی امرأۃ ھذا فان اعترفت فارجمھا قال فغدا علیھا فاعترفت فامر بھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرجمت ۔ [1]

بکریاں فدیہ دیں، پھر میں نے علماء سے پوچھا انہوں نے کہا میرے بیٹے کو سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا جائے گا، اور اس شخص کی بیوی کو رجم کیا جائے گا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے۔ میں تمہارے درمیان کتاب اللہ سے فیصلہ کروں گا۔ باندی اور بکریاں تم کو واپس کردی جائیں گی، اور تمہارے بیٹے کو سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا جائے گا، اے انیس! صبح اس شخص کی بیوی کے پاس جانا اگر وہ (زنا کا) اعتراف کرے تو اس کو رجم کر دینا، حضرت انیس صبح گئے اس عورت نے اعتراف کرلیا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اس کو رجم کر دیا گیا۔

اس حدیث میں یہ بیان ہے کہ مزدور کے والد نے کہا "میرے بیٹے نے اس شخص کی بیوی سے زنا کیا ہے"، لیکن چونکہ اس کا مقصد اپنے بیٹے کی سزا کو معلوم کرنا تھا، اس عورت کو متہم کرنا یا اس کو سزا دلوانا مقصود نہیں تھا اس لیے اس قول کو قذف نہیں قرار دیا گیا اور نہ صرف اس کے کہنے سے اس عورت کو رجم کیا گیا بلکہ اس عورت کے اعتراف کی بناء پر اس کو رجم کیا گیا۔ اسی طرح جو لڑکی اظہار شکایت کے لیے یہ کہتی ہے کہ فلاں شخص نے اس کے ساتھ ظلماً اور جبراً زنا کیا ہے اس کا مقصد اپنی مظلومیت کا بیان ہے، اس شخص کو بدنام کرنا اس کا مقصد نہیں ہے اس لیے نہ اس کو حد قذف لگے گی اور نہ صرف اس کے اس قول کی وجہ سے اس شخص کا زانی ہونا ثابت ہوگا تاوقتیکہ اس کے خلاف دوسرے دلائل نہ قائم ہو جائیں۔

صحیح مسلم کی اس حدیث سے یہ واضح ہو گیا کہ مطلقاً کسی کی طرف زنا کی نسبت کرنا قذف نہیں ہے، اس لیے استغاثہ اور اظہار شکایت کے طور پر کسی مظلوم لڑکی کا یہ کہنا کہ فلاں شخص نے اس کے ساتھ زنا کیا ہے قذف نہیں ہے۔ اور اس پر دوسری دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے۔

لا یحب اللہ الجھر بالسوء من القول الا من ظلم۔ (نساء ۱۴۸)

اللہ تعالیٰ بُری بات کے آشکارا کرنے کو پسند نہیں فرماتا مگر اس شخص سے جس پر ظلم کیا گیا ہو۔

علامہ آلوسی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

عن مجاھد ان الد (لا یحب اللہ سبحانہ ان یذم احد احدا او یشکوہ ۔ الا من ظلم) فیجوز لہ ان یشکو ظالمہ ویظھر

مجاہد بیان کرتے ہیں کہ اس آیت سے مراد یہ ہے کہ کسی کی کسی کے مذمت کرنے یا اس کی شکایت کرنے کو اللہ تعالیٰ ناپسند فرماتا ہے لیکن مظلوم کے لیے ظالم

[1] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ ھ [illegible] المطابع کراچی، ۱۳۷۵ ھ

امر ۲ وین کرہ بسوء ما قد صنعہ وعن الحسن والسدی وھو المروی عن ابی جعفر رضی اللہ عنہ۔[1]

کی شکایت کرتا اور اس کے ظلم کو ظاہر کرنا جائز ہے اور مظلوم یہ بیان کرے کہ ظالم نے اس کے ساتھ کیا ظلم کیا ہے اور حسن اور سدی نے بیان کیا ہے کہ ابوجعفر رضی اللہ عنہ سے بھی یہی تفسیر منقول ہے۔

شیخ ابن حزم متوفی ۴۵۶ھ لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کے نزدیک شاہد اور قاذف میں فرق نہیں ہے اور ابوثور، ابوسلیمان اور ہمارے جمیع اصحاب کے نزدیک شاہد اور قاذف میں فرق ہے لہٰذا زنا کے شاہد پر حد نہیں لگائی جائے گی خواہ وہ اکیلا ہو یا نہ ہو، ہماری دلیل یہ ہے کہ قرآن اور سنت میں شاہد اور قاذف میں فرق کیا گیا ہے اور حد صرف قاذف پر لازم کی ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے والذین یرمون المحصنت ثم لم یاتوا باربعۃ شھداء فاجلدوھم ثمانین جلدۃ۔ "جو لوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائیں اور پھر چار گواہ نہ لائیں تو ان تہمت لگانے والوں کو اسّی کوڑے مارو" اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تہمت لگانے والے سے فرمایا: البینۃ والاحد فی ظھرک "گواہ لاؤ ورنہ تمہاری پشت پر کوڑے لگائے جائیں گے" پس بلاشک وشبہ قرآن مجید کی نص قطعی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحیح ارشاد سے ثابت ہوگیا کہ حد قاذف اور تہمت لگانے والے پر ہے، شاہد اور بینہ پر حد نہیں ہے نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تمہارے خون، تمہارے اموال، تمہاری عزتیں اور تمہاری کھالیں ایک دوسرے پر اس طرح حرام ہیں جس طرح اس مہینہ میں اس دن کی حرمت ہے" اور گواہ کی کھال بلاشک وشبہ حرام ہے اور قرآن اور سنت نے گواہ اور تہمت لگانے والے میں فرق کیا ہے اس لیے یہ جائز نہیں ہے کہ ایک کا حکم دوسرے پر لاگو کیا جائے یہی چیز قرآن اور سنت سے ثابت ہے۔ اور یہی چیز اجماع سے ثابت ہے، کیونکہ بغیر کسی اختلاف کے تمام امت کا اس پر اجماع ہے کہ جب ایک شخص کسی کے خلاف زنا کی گواہی دے پھر دوسرا پھر تیسرا اور پھر چوتھا تو ان چاروں پر حد نہیں ہے حالانکہ گواہی دیتے وقت ہر ایک نے تنہا گواہی دی تھی اور کوئی پتا نہیں تھا کہ بعد میں باقی گواہ اس کی موافقت کریں گے یا نہیں! اسی طرح اس پر بھی اجماع ہے کہ اگر ایک ہزار نیک آدمی کسی کے خلاف زنا کی تہمت لگائیں اور گواہ پیش نہ کریں تو ان پر حد لگ جائے گی، اس اجماع سے بھی یہ ظاہر ہوگیا کہ شاہد اور قاذف کے حکم میں فرق ہے۔

اور بہ طریق قیاس ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر شاہد اور قاذف کا حکم ایک ہو تو شہادت سے زنا کبھی ثابت نہیں ہوگا کیونکہ جب ایک شخص گواہی دے گا تو وہ قاذف قرار پائے گا اور اس پر حد لگ جائے گی اور جب دوسرا گواہی دے گا تو وہ بھی قاذف قرار پائے گا وعلیٰ ہذا القیاس، لہٰذا شاہد اور قاذف دونوں کو ایک قرار دینا قرآن مجید، صحیح حدیث، اجماع اور قیاس جلی کے خلاف ہے۔ (محلی ج ۱۱ ص ۲۶۱-۲۶۰، ملخصاً مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۵۲ھ)

شاہد اور قاذف کے فرق کی بناء پر ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم یہ پہلے بیان کر چکے ہیں کہ قذف یہ ہے کہ ایک آدمی کسی شخص کو متہم اور بدنام کرنے کی حیثیت سے اور مسلمانوں میں ایک فحش بات پھیلانے کے سبب سے اس پر زنا کی تہمت لگائے اور اگر کسی اور غرض صحیح کی بنا پر کسی شخص کی طرف زنا کی نسبت کی جائے تو یہ قذف نہیں ہے جس طرح حضرت ماعز نے اپنے نفس پر زنا کا اقرار کیا اور اپنے اوپر حد جاری کرنے کا مطالبہ کیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ تم ایک عفیفہ پر زنا کی تہمت لگا رہے ہو، یا جب عسیف (مزدور) کے باپ نے کہا کہ میرے بیٹے نے اس شخص کی بیوی سے زنا کیا ہے تو آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ تم نے اس شخص کی بیوی پر زنا کی تہمت لگائی ہے، اس سے واضح ہوگیا کہ مطلقاً کسی کی طرف زنا کی نسبت کرنا قذف نہیں ہے سو اسی اصول پر ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر کسی عورت کے ساتھ جبراً اور ظلماً زنا کیا گیا ہو اور قرائن سے اس کا مظلوم ہونا ثابت ہو تو اس کے استغاثہ کو قذف نہیں قرار دیا جائے گا، اور بات ہے کہ محض اس عورت کے قول کی بنا پر اس شخص کو زانی نہیں قرار دیا جائے گا ہاں اگر دیگر قرائن اور دلائل سے اس کا جرم ثابت ہو جائے تو اس کو تعزیراً سزا دی جا سکتی ہے، چونکہ ہم نے اپنی تقریر میں اس عورت کی مظلومیت کے مدلل ہونے کی قید لگائی ہے اس لیے

---

[1] علامہ سید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۶ ص ۲ مطبوعہ التراث العربی بیروت

یہ اعتراض نہ کیا جائے کہ پھر تو ہر عورت جس مرد سے دشمنی رکھے اس کے خلاف عدالت میں زنا بالجبر کا مقدمہ دائر کر سکتی ہے۔

امام ابن ابی شیبہ روایت کرتے ہیں:

عن اشعث عن الحسن انه سئل عن المراة تعلق بالرجل فتقول: فعل بی، فقال الحسن، قذفت رجلا من المسلمین، علیها الحد قال: وقال ابراهیم هی طالبة حق، کیف تقول۔[۱]

اشعث بیان کرتے ہیں کہ حسن بصری سے سوال کیا گیا کہ ایک عورت نے کہا کہ ایک مرد نے اس کے ساتھ زنا کیا ہے، حسن نے کہا اس نے ایک مسلمان مرد پر تہمت لگائی ہے اس پر حد قذف ہوگی۔ ابراہیم نخعی نے کہا کہ وہ اپنے حق کا مطالبہ کر رہی ہے، تم کیا کہہ رہے ہو، یعنی اس پر حد قذف کس طرح لازم کرتے ہو؟

اس سے معلوم ہوا کہ ابراہیم نخعی کے نزدیک بھی یہ قذف کی صورت نہیں ہے خاص طور پر ایسی شکل میں جب قرائن خارجیہ اور واقعاتی شہادتیں بھی عورت کی مظلومیت پر دلالت کرتی ہوں، نیز اس پر بھی غور کرنا چاہیے کہ قرآن اور سنت میں جہاں زنا کے ثبوت کے لیے چار مرد گواہوں کی شرط لگائی گئی ہے وہ سب ایسے واقعات ہیں جہاں ایک تیسرا شخص کسی مرد اور عورت کے بارے میں یہ تہمت لگائے کہ انھوں نے باہمی رضامندی سے زنا کیا ہے۔ قرآن مجید یا کسی صحیح حدیث میں یہ تصریح نہیں ہے کہ کسی عورت کے ساتھ ظلم اور جبر کے ساتھ زنا کیا گیا ہو اور ایسی صورت میں بھی وہ عدالت حاکم سے اپنی مظلومیت کو بغیر چار مرد گواہوں کے بیان نہیں کر سکتی اور اپنی داد رسی کے لیے کوئی چارہ اختیار نہیں کر سکتی اور اس سائنٹیفک اور ترقی یافتہ دور میں جب کہ میڈیکل رپورٹ کے ذریعہ اس عورت کے بیان کی تصدیق ہو جائے تو اس مرد کو تعزیری سزا دی جانی چاہیے اور اس عورت پر حد قذف نہیں ہوگی۔

بعض دیگر فقہاء نے بھی شاہد اور قاذف میں بھی فرق کیا ہے باپ طور کہ جو شخص شہادت دینے کے لیے کسی کی طرف زنا کی نسبت کرتا ہے اس کو قاذف نہیں کہا جائے گا۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی نے لکھا ہے کہ ابو الخطاب نے اس میں دو روایتیں ذکر کی ہیں اور امام شافعی کے بھی اس میں دو قول ہیں۔ (المغنی ج ۹ ص ۷۴)

امام رازی لکھتے ہیں:

لو شهد علی الزنا اقل من اربعة لا یثبت الزنا وهل یجب حد القذف علی الشهود فیه قولان احدهما لا یجب لانهم جاؤا مجیء الشهود ولانا لو حددنا لانسد باب الشهادة علی الزنا لان کل واحد لا یامن ان لا یوافقه صاحبه فیلزمه الحد۔[۲]

اگر چار مردوں سے کم زنا پر گواہی دیں تو زنا ثابت نہیں ہوگا لیکن کیا گواہوں پر حد قذف لازم ہوگی اس میں دو قول ہیں ایک یہ ہے کہ حد واجب نہیں ہوگی کیونکہ وہ بطور گواہ ہیں اور اس لیے کہ اگر ہم ان پر حد قذف لازم کر دیں تو زنا پر شہادت کا دروازہ بند ہو جائے گا کیونکہ ہر گواہ کو یہ خدشہ درپیش ہوگا کہ دوسرا گواہ اس کی موافقت نہ کرے اور اس پر حد لازم ہو جائے۔

---

[۱] امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۱۰ ص ۱۰۸، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

[۲] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ... مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۸ھ

امام رازی کے اس اقتباس سے بھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شاہد کو قاذف اس لیے نہیں قرار دیا جائے گا کہ اس کا مقصد صرف ایک واقعہ کی حاکم کے سامنے شہادت ادا کرنا ہے، کسی شخص کو زنا کی تہمت لگا کر بدنام کرنا اور ایک فحش بات کو مسلمانوں کے درمیان پھیلانا اس کا مقصد نہیں ہے، اسی طرح جو مظلوم لڑکی اپنے اوپر کیے ہوئے ظلم کا اظہار کرنے کے لیے حاکم کے سامنے یہ بیان کرتی ہے کہ فلاں شخص نے اس کے ساتھ جبراً زنا کیا ہے اس کو بھی قاذفہ نہیں قرار دیا جائے گا، کیونکہ اس کا مقصد بھی صرف اپنی مظلومیت کا اظہار ہے۔

نیز جس طرح دوسری حدود شک اور شبہ سے ساقط ہو جاتی ہیں تو شک اور شبہ کی بناء پر حد قذف بھی ساقط ہو جانی چاہیے اور جس عورت سے جبراً زنا کیا گیا ہے اور وہ اپنا حق طلب کرنے کے لیے لایحب الجھر بالسوء من القول الا من ظلم۔ کی بنیاد پر استغاثہ کرتی ہے اور بغیر چار گواہوں کے اپنا مقدمہ پیش کرتی ہے تو اس آیت سے اس عورت کو شبہ کا فائدہ بہر حال ملتا ہے سو اس سے حد قذف ساقط ہونی چاہیے۔

دیکھیے محارم سے نکاح کر کے وطی کرنا کھلا ہوا زنا ہے لیکن امام ابوحنیفہ اس کو زنا نہیں قرار دیتے، کیونکہ اس نے بغیر نکاح کے وطی نہیں کی بلکہ نکاح کر کے وطی کی ہے، اور ہر چند کہ محارم سے نکاح باطل ہے۔ لیکن ہو سکتا ہے کہ اس شخص کو یہ شبہ ہو کہ نکاح کی بناء پر محارم کی وطی حلال ہو گئی۔ اس وجہ سے امام اعظم امام ابوحنیفہ اس کو زنا نہیں قرار دیتے اور اس شبہ کی بناء پر اس سے حد زنا ساقط کر دیتے ہیں تو جو مظلوم لڑکی اس آیت (لا یحب اللہ الجھر بالسوء من القول الا من ظلم) کی بناء پر اپنی مظلومیت کا اظہار کرنے کے لیے یہ بیان کرتی ہے کہ فلاں شخص نے اس کے ساتھ زنا بالجبر کیا ہے تو وہ اس بات کے زیادہ لائق ہے کہ اس سے حد قذف ساقط کر دی جائے، اس لیے ہم یہ کہتے ہیں کہ اول تو اس لڑکی کا یہ قول قذف نہیں ہے لیکن اگر اس کو بالفرض قذف مان بھی لیا جائے تو چونکہ وہ اس آیت کی بنیاد پر اپنی مظلومیت کا اظہار کر رہی ہے اس لیے اس کو شک کا فائدہ ملے گا اور اس سے حد قذف ساقط ہو جائے گی لیکن وہ لڑکی جس شخص کے بارے میں یہ کہتی ہے کہ اس شخص نے اس لڑکی کے ساتھ جبراً زنا کیا ہے صرف اس لڑکی کے کہنے کی وجہ سے اس شخص کا زنا ثابت نہیں ہو گا جب تک کہ دوسرے دلائل مہیا نہ کیے جائیں۔

میں نے فریادی لڑکی سے حد قذف کے ساقط ہونے پر بڑی تفصیل سے بحث اس لیے کی ہے کہ میں نے دیکھا کہ بعض ملحد اسلام پر اعتراض کرتے ہیں کہ "دیکھو اگر کسی لڑکی سے کوئی شخص جبراً زنا کرے تو وہ عدالت میں آ کر اپنی مظلومیت بیان بھی نہیں کر سکتی، کیونکہ اس کے پاس چار مرد گواہ نہیں ہیں اور اگر بیان کرے گی تو اس پر حد قذف لگے گی"، سو میں نے اسلام کے دفاع میں یہ سطور لکھی ہیں، اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ (آمین)۔

قاتل کے تعین پر واقعاتی شہادت سے استدلال

بعض واقعاتی شہادتیں اور خارجی قرائن ایسے ہوتے ہیں جن سے قاتل متعین ہو جاتا ہے، مثلاً کوئی شخص کسی خالی مکان سے اس حال میں باہر نکلا کہ اس کے ہاتھ میں خون آلود چھری تھی اور وہ گھبرایا ہوا تھا اس کے بعد گھر میں جا کر دیکھا گیا کہ عین اسی وقت ایک شخص ذبح کیا ہوا پڑا ہے تو اب اس بات میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ قاتل

وہی مکان سے نکلنے والا شخص ہے، اس صورت میں اس وہم کی طرف توجہ نہیں کرنی چاہیے کہ ممکن ہے اس شخص نے خودکشی کرلی ہو
اسی طرح ایک شخص ایک مکان سے گھبرائی ہوئی حالت میں باہر آیا اس کے پاس سے ایک پستول برآمد ہوا جس سے
بارود کی بو آرہی تھی اور اس مکان میں ایک شخص پستول کی گولی سے مرا ہوا پایا گیا اور پوسٹ مارٹم کی رپورٹ سے ثابت
ہوگیا کہ اسی پستول کی گولی سے اس شخص کو ہلاک کیا گیا ہے مزید یہ کہ پستول پر اس شخص کی انگلیوں کے نشان تھے اور
کسی شخص کا کوئی نشان نہیں تھا تو اب اس شخص کے قاتل ہونے میں کوئی شبہ نہیں رہ جاتا۔ اسی طرح بال، خون اور انگلیوں
کے نشانات سے بھی قاتل کے تعین میں مدد مل سکتی ہے، یہ سب قرائن اور واقعاتی شہادات ہیں اور اسلام میں معتبر ہیں الا
یہ کہ ملزمان کسی نسبتۃً زیادہ قوی شہادت سے اپنی براءت ثابت کر دیں۔

علامہ ابن قیم جوزیہ لکھتے ہیں کہ شارع کا یہ مقصود نہیں ہے کہ اموال حدود
اور قصاص میں کسی شخص کے دعویٰ کا ثبوت صرف دو مرد گواہوں کے پیش کرنے پر موقوف ہے بلکہ خلفائے راشدین اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے
حمل کی بناء پر حد زنا جاری کی ہے اور شراب کی بو اور قے کی وجہ سے شراب نوشی کی حد جاری کی ہے، اسی طرح اگر چوری شدہ مال کسی شخص کے پاس
سے برآمد ہو جائے تو وہ اس کے چوری کرنے پر حمل اور شراب کی قے کرلینے سے زیادہ بڑا قرینہ ہے، اور جو تاویلات اور
احتمالات چوری کی نفی میں بیان کیے جائیں گے وہ سب احتمالات حمل اور شراب کی قے میں بھی بیان کیے جا سکتے ہیں، خلفاء
راشدین اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ان شبہات کی طرف توجہ نہیں کی جن سے صریح مشاہدہ کی تکذیب ہوتی ہے۔ [1]

کفار کی شہادت

امام احمد بن حنبل اور بعض دیگر فقہاء کے نزدیک اضطراری صورت میں کفار کو گواہ بنانا جائز ہے، مثلاً سفر میں جب کوئی مسلمان شخص موجود نہ ہو اور کسی کو وصیت پر گواہ بنانا ہو تو دو نیک خصلت
کافروں کو بھی گواہ بنانا جائز ہے، امام مالک، امام شافعی اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک یہ جائز نہیں ہے۔ امام احمد کی دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے:

یایها الذین امنوا شهادة بینکم اذا حضر احدکم الموت حین الوصیة اثنان ذوا عدل منکم او اخران من غیرکم ان انتم ضربتم فی الارض فاصابتکم مصیبة الموت۔
(مائدہ: ۱۰۶)

اے ایمان والو! جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے اور وہ وصیت کر رہا ہو تو اس کا نصاب شہادت یہ ہے کہ تم میں سے دو نیک آدمی گواہ بنائے جائیں اور اگر وہ سفر میں ہو اور اس کو موت کی مصیبت آپہنچے تو غیر مسلموں سے ہی دو گواہ بنا لیے جائیں۔

علامہ شمس الدین ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: اہل کتاب میں سے جب دو ذمی گواہ کسی ایسے مسافر کی وصیت پر گواہی دیں جو
دوران سفر فوت ہو گیا ہو تو ان کی گواہی قبول کی جائے گی اور ان سے عصر کی نماز کے بعد حلف لیا جائے گا، ابن منذر نے کہا
ہے کہ اکثر متقدمین کا یہی قول ہے، شریح، نخعی، اوزاعی اور یحییٰ بن حمزہ نے اس کی تصریح کی ہے، حضرت عبداللہ بن مسعود
اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما اسی کے مطابق فیصلہ کرتے تھے، امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام شافعی نے کہا ان کی
گواہی قبول نہیں کی جائے گی، کیونکہ جن کی گواہی وصیت کے علاوہ قبول نہیں کی جاتی ان کی گواہی وصیت میں بھی قبول نہیں کی جائے گی۔
اور جب اس صورت میں فساق کی گواہی قبول نہیں کی جاتی تو کفار کی گواہی بطریق اولیٰ نہیں قبول کی جائے گی اور اس آیت
کے جواب میں انہوں نے کئی تاویلات کی ہیں، ایک تاویل یہ ہے کہ اس آیت سے تحمل شہادت مراد ہے۔

[1] علامہ شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر [illegible] اعلام الموقعین ج ۱ ص ۱۰۳ مطبوعہ [illegible] لبنان

اور شہادت مراد نہیں ہے، دوسری تاویل یہ ہے کہ من غیرکم سے وہ مسلمان شخص مراد ہیں جو مسافر کے رشتہ دار نہ ہوں، اور ایک تاویل یہ ہے کہ شہادت سے مراد قسم ہے۔ علامہ ابن قدامہ کہتے ہیں اور ہماری دلیل سورۃ مائدہ (۱۰۶) کی زیر بحث آیت کا ظاہری معنی ہے۔ لہ

علامہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں اس آیت کی تفسیر میں تین قول ہیں:

قول اول اس آیت میں تکم کی ضمیر سے مسلمان مراد ہیں (اخران من غیرکم) سے کافر مراد ہیں اس تفسیر کی بنا پر سفر میں وصیت کے متعلق اہل کتاب کی شہادت جائز ہے اور آیت کے سیاق اور احادیث کی روشنی میں یہی تفسیر زیادہ صحیح ہے۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری، حضرت عبد اللہ بن قیس (علامہ قرطبی نے عبد اللہ بن قیس ہی لکھا ہے لیکن صحیح عبد اللہ بن مسعود ہے۔ سعیدی) اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کا بھی یہی موقف ہے، اور فقہاء تابعین میں سے سعید بن المسیب، یحییٰ بن یعمر، سعید بن جبیر، ابو مجلز، ابراہیم، شریح، عبیدہ سلمانی، ابن سیرین، مجاہد، قتادہ اور سدی وغیرہم کا بھی نظریہ ہے۔ اور بعد کے فقہاء میں سے سفیان ثوری، ابو عبید القاسم بن سلام اور امام احمد بن حنبل کا یہی مسلک ہے۔ امام احمد بن حنبل نے کہا جب مسلمان نہ ہوں تو ذمی کافروں کو مسلمانوں پر گواہ بنانا جائز ہے، کیونکہ جس وقت یہ آیت نازل ہوئی اس وقت مسلمان صرف مدینہ میں تھے اور وہ ذمی کافروں، بت پرستوں اور دوسری قسم کے کافروں کے ساتھ سفر کرتے تھے حضرت ابو موسیٰ اور شریح وغیرہ کے مذہب پر یہ آیت محکم ہے۔ (یعنی منسوخ نہیں ہے)۔

قول ثانی زید بن اسلم، نخعی، امام مالک، امام شافعی اور امام ابو حنیفہ وغیرہم کا یہ نظریہ ہے کہ "او اخران من غیرکم" منسوخ ہے البتہ امام ابو حنیفہ یہ کہتے ہیں کہ کفار کی آپس میں گواہی جائز ہے۔ ان فقہاء نے ممن ترضون من الشہداء "جن گواہوں کو تم پسند کرو" اور واشہدوا ذوی عدل منکم "اپنوں میں سے نیک لوگوں کو گواہ بناؤ" سے استدلال کیا ہے یہ کہتے ہیں کہ آیت مداینہ (جس میں ممن ترضون من الشہداء ہے) سب سے آخر میں نازل ہونے والی آیت ہے اور یہ سورۂ مائدہ کی اس آیت (۱۰۶) کی ناسخ ہے۔ اور نیز اس لیے کہ مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ فساق کی شہادت جائز نہیں ہے اور کفار فساق ہیں اس لیے ان کی شہادت جائز نہیں ہے۔

(علامہ قرطبی جمہور کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:) میں کہتا ہوں کہ ہر چند کہ جمہور کے دلائل صحیح ہیں لیکن سفر میں وصیت کے متعلق ذمیوں کی مسلمانوں کے بارے میں شہادت جائز ہے اور یہ خاص اس صورت میں ہے جب مسلمان گواہ نہ مل سکیں تو ضرورت کی بناء پر اہل ذمہ کو گواہ بنانا جائز ہے، اور جب مسلمان گواہ میسر ہوں تو پھر جائز نہیں ہے اور اس آیت کے نزول کے موقع پر صحابہ حاضر تھے ان میں سے کسی نے سورۂ مائدہ کی آیت کے منسوخ ہونے کا قول نہیں کیا۔ اور تین صحابہ نے یہ تصریح کی ہے کہ سفر میں جب مسلمان نہ ملیں تو وصیت کے بارے میں کافروں کو گواہ بنانا جائز ہے۔ اور ان صحابہ کے نظریہ کی تقویت اس سے ہوتی ہے کہ سورۂ مائدہ سب سے آخر میں نازل ہوئی ہے اور حضرت ابن عباس اور حسن بصری وغیرہما نے کہا ہے کہ سورۂ مائدہ کی کوئی آیت منسوخ نہیں ہوئی ہے۔ جمہور نے اس آیت کے منسوخ ہونے کا دعویٰ کیا ہے یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ کسی آیت کے منسوخ ہونے کا قول اس وقت کیا جاتا ہے جب وہ ایک دوسرے کے اس طرح منافی ہوں کہ ان کو جمع کرنا ممکن

لہ علامہ شمس الدین عبد الرحمن بن ابی عمر محمد بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۸۲ھ الشرح الکبیر ج ۱۲ ص ۲-۳-۶۰ مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۴ھ

نہ ہو جبکہ ان آیات کو جمع کرنا ممکن ہے کیونکہ ممن ترضون من الشهداء اور واشهدوا ذوی عدل منکم حالت اختیار پر محمول ہیں یعنی جب سفر اور ضرورت کا موقع نہ ہو، اور سورۂ مائدہ کی یہ آیت سفر میں حالت ضرورت پر محمول ہے۔ نیز اس لیے کہ کبھی کوئی کافر مسلمان کے نزدیک قابلِ اعتماد اور پسندیدہ ہوتا ہے، لہٰذا وہ ممن ترضون کے خلاف نہیں ہے اور یہ ثابت نہیں ہوا کہ ممن ترضون من الشهداء، سورۂ مائدہ کی اس آیت کے لیے ناسخ ہے۔

قول ثالث زہری، حسن اور عکرمہ نے کہا ہے کہ سورۂ مائدہ کی یہ آیت (۱۰۶) منسوخ نہیں ہے لیکن منکم اور او اخران من غیرکم میں مضاف محذوف ہے یعنی من عشیرتکم، او اخران من غیر عشیرتکم اور آیت کا معنی اس طرح ہے: "جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے اور وہ وصیت کر رہا ہو تو اس کا نصاب شہادت یہ ہے کہ تمہارے رشتہ داروں میں سے دو نیک آدمی گواہ بنا لیے جائیں اور اگر وہ سفر میں ہو اور اس کو موت کی مصیبت آپہنچے تو رشتہ دار کے غیر سے ہی دو گواہ بنا لیے جائیں۔" لیکن اس تفسیر پر یہ اعتراض ہے کہ اس آیت کے شروع میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: یا یھا الذین امنوا۔ "اے ایمان والو!" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ منکم اور غیرکم سے مسلم اور غیر مسلم ہی مراد ہیں۔[1]

اچانک پیش آنے والے واقعات اور اضطراری امور میں دو عورتوں کو گواہ بنانے کی بحث

علامہ قرطبی مالکی کے اس اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ فقہاء حنبلیہ کی طرح علامہ قرطبی مالکی بھی اس کے قائل ہیں کہ اضطراری صورت اور مجبوری کی حالت میں کسی معاملہ پر کفار کو بھی گواہ بنایا جا سکتا ہے اور جب ایسی صورت میں دو کافروں کو گواہ بنایا جا سکتا ہے تو دو مسلمان عورتوں کو گواہ بنانا بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا۔

علامہ باجوری لکھتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے معاملات میں دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنانے کا جو حکم دیا ہے وہ اختیاری امور ہیں جن میں انسان اپنی پسند کے گواہ بناتا ہے اور سورۂ بقرہ کی اس آیت (۲۸۲) کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اچانک پیش آنے والے حادثات اور وقائع میں بھی عورتوں کو گواہ نہیں بنایا جا سکتا، کیونکہ اگر اچانک پیش آنے والے واقعات میں عورتوں کو گواہ بنانا جائز نہ ہو تو لوگوں کے حقوق ضائع ہو جائیں گے اور جب کہ سفر میں وصیت کے موقع پر دو کافروں کو گواہ بنایا جا سکتا ہے تو دو مسلمان عورتوں کو گواہ بنانا بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا۔[2] مصنف کے نزدیک یہ اسلام کے اس عام اصول کے مطابق ہے کہ حالت اختیار میں جو شرائط ہوتی ہیں وہ حالت اضطرار میں لاگو نہیں ہوتیں۔ اس لیے اچانک پیش آنے والے واقعات اور اضطراری امور میں دو عورتوں کو گواہ بنانا جائز ہے۔

عورت کی شہادت کی تحقیق حدود اور قصاص میں عورت کی شہادت جائز نہیں ہے اور کاروباری لین دین اور قرض کے معاملات میں ایک مرد کے ساتھ دو عورتوں سے کم کی گواہی جائز نہیں ہے، اس

---

[1] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۶ ص ۳۵۱-۳۴۹، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ

[2] علامہ جلال الدین محمد نقی رسول الباجوری [illegible] مطبوعہ مطابع جامعۃ الموصل بغداد، ۱۹۸۷ء

وجہ سے مخالفین، اسلام پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اسلام نے حدود اور قصاص میں عورت کی شہادت کا اعتبار نہ کر کے عورت کی حق تلفی کی ہے اور معاملات میں عورت کی شہادت کو نصف قرار دے کر عورت کو آدھا انسان قرار دیا ہے گویا اسلام کے نزدیک عورت مکمل انسان نہیں ہے اور حدود اور قصاص میں چونکہ اس کی شہادت اصلاً جائز نہیں ہے اس لیے ان مقدمات کے لحاظ سے عورت کا درجہ نصف انسان ہونے سے بھی ساقط ہو گیا!

اس سوال کا جواب دینے سے پہلے ہم چاہتے ہیں کہ عورت کی شہادت کی متعلق فقہاء اسلام کے مذاہب کو تفصیل کے ساتھ ذکر کر دیں تاکہ قارئین کرام اسلام کے نقطہ نظر کو آسانی کے ساتھ سمجھ سکیں۔

عورت کی شہادت کے متعلق فقہاء اسلام کے نظریات

(۱) زنا کے اثبات کے لیے چار آزاد مسلمان مردوں کی گواہی ضروری ہے اور اس میں عورتوں کی گواہی جائز نہیں ہے۔ علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کا یہی نظریہ ہے۔ [۱]

علامہ ابن ہمام حنفی [۲]، علامہ یحییٰ بن شرف نووی [۳] اور علامہ ابن رشد مالکی نے بھی اس کی تصریح کی ہے [۴]

(۲) بقیہ حدود اور قصاص میں کم از کم دو آزاد اور مسلمان مردوں کی گواہی ضروری ہے، اور عورتوں کی گواہی جائز نہیں ہے۔ علامہ ابن قدامہ حنبلی نے تصریح کی ہے کہ امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کا یہی نظریہ ہے۔ [۵]

(۳) عطاء اور حماد سے منقول ہے کہ تین مردوں اور دو عورتوں کی گواہی سے بھی زنا ثابت ہو جائے گا اسی طرح عطاء اور حماد کہتے ہیں کہ ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی بقیہ حدود اور قصاص کے اثبات کے لیے کافی ہے۔ یہ حضرات حدود اور قصاص کو بھی اموال پر قیاس کرتے ہیں۔ [۶]

(۴) شیخ ابن حزم نے فقہاء اربعہ کے اجماع کی مخالفت کی ہے وہ کہتے ہیں کہ حدود اور قصاص میں عورت کی شہادت مطلقاً مقبول ہے۔ چنانچہ آٹھ عورتوں کی گواہی سے زنا ثابت ہو جائے گا اور بقیہ حدود اور قصاص میں ایک مرد اور دو عورتیں یا چار عورتیں گواہی دیں تو وہ ثابت ہو جائیں گے۔ [۷]

(۵) تمام علماء کا اس پر اجماع ہے کہ قرض اور کاروباری معاملات میں ایک مرد کے ساتھ دو عورتوں کی شہادت جائز

---

[۱] علامہ موفق الدین ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ المغنی ج ۱۰ ص ۱۵۵، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۵ھ

[۲] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۶ ص ۴۵۰، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر۔

[۳] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، روضۃ الطالبین وعمدۃ المفتین ج ۱۱ ص ۲۵۲ مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، الطبعۃ الثالثہ، ۱۴۰۵ھ

[۴] قاضی ابو الولید محمد بن احمد بن رشد مالکی اندلسی متوفی ۵۹۵ھ، بدایۃ المجتہد ج ۲ ص ۳۴۸، مطبوعہ دار الفکر بیروت

[۵] علامہ موفق الدین ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ المغنی ج ۱۰ ص ۱۵۰، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

[۶] " " " المغنی ج ۱۰ ص ۱۵۶-۱۵۵، " " "

[۷] شیخ علی بن احمد بن حزم اندلسی متوفی ۴۵۶ھ، المحلی ج ۹ ص ۳۹۶-۳۹۵، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ، ۱۳۴۹ھ

ہے۔ علامہ ابن قدامہ حنبلی نے اس کی تصریح کی ہے۔ [1]

(۵)۔ علامہ ابن ہمام نے لکھا ہے کہ فقہاء احناف کے نزدیک مالی حقوق کے علاوہ میں مثلاً نکاح، طلاق، وصیۃ، عدۃ، حوالہ، وقف اور صلح وغیرہ میں بھی ایک مرد کے ساتھ دو عورتوں کی شہادت جائز ہے۔ (یعنی حدود اور قصاص کے سوا تمام معاملات میں ایک مرد کے ساتھ دو عورتوں کو گواہ بنانا جائز ہے اور امام مالک اور شافعی کے نزدیک ان معاملات میں عورت کو گواہ بنانا جائز نہیں ہے اور امام احمد کے اس میں دو قول ہیں۔ [2]

(۶)۔ وہ تمام امور جن پر مرد مطلع نہیں ہوتے مثلاً حیض، عدت، رضاعت، ولادت، بکارت اور عورتوں کے عیوب وغیرہ ان میں صرف ایک عورت کی گواہی بھی جائز ہے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جن چیزوں کو دیکھنے کی مرد استطاعت نہیں رکھتے ان میں عورتوں کی گواہی جائز ہے۔ (مصنف عبدالرزاق)۔ علامہ مرغینانی حنفی [3]، شارح المہذب شافعی [4]، علامہ ابن قدامہ حنبلی [5] اور علامہ ابن رشد مالکی [6] وغیرہم نے اس کی تصریح کی ہے۔

مالی معاملات میں ایک مرد کے مقابلہ میں دو عورتوں کی شہادت مقرر کرنے کی وجوہات

عورتوں کی شہادت کے متعلق فقہاء اسلام کے مذاہب بیان کرنے کے بعد ہم دو چیزوں کی وضاحت کریں گے۔ ایک یہ کہ قرض کے لین دین اور کاروباری معاملات میں ایک مرد کی گواہی کے مقابلہ میں دو عورتوں کی گواہی کو کیوں مشروع کیا گیا ہے اور دوم یہ کہ حدود اور قصاص میں عورتوں کی گواہی کا کیوں اعتبار نہیں کیا گیا۔

سب سے پہلے یہ بات ملحوظ رکھنی چاہیے کہ جس بات میں دو مرد میسر نہ آنے کی صورت میں ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنانے کا حکم دیا ہے۔ یہ اختیاری شہادت کا بیان ہے۔ یعنی یہ وہ صورت نہیں ہے کہ جب کسی ہنگامی، ناگہانی یا اضطراری واقعہ میں کسی مالی معاملہ یا کسی انسانی حق میں موقع پر موجود کسی شخص کی گواہی کو اس معاملہ یا حق کے ثبوت میں پیش کرنا ہو ایسے کسی ہنگامی اور ناگہانی واقعہ میں ایک مسلمان عورت تو الگ رہی، کفار کی شہادت سے بھی وہ معاملہ یا حق ثابت ہو جائے گا، قرآن مجید کی زیر بحث جس آیت میں ایک مرد کے مقابلہ میں دو عورتوں کو گواہ بنانے کا حکم دیا گیا ہے اس میں یہ ہدایت کی گئی ہے کہ جب تم اپنے قصد اور اختیار سے اپنے کسی کاروباری معاملہ یا قرض کے لین دین پر گواہ بنانا چاہو تو اپنی پسند اور مرضی سے گواہ بناؤ۔ اور وہ دو مسلمان مرد ہیں یا ایک مسلمان مرد اور دو مسلمان عورتیں ہیں۔

اب رہا یہ سوال کہ توسع اور اختیار کی حالت میں ایک مرد کے مقابلہ میں دو عورتیں کیوں رکھی گئی ہیں! اس کا جواب یہ ہے کہ عدالت میں مدعیٰ علیہ کے خلاف گواہی دینا بہت بڑی جرأت، حوصلہ اور دلیری کی بات ہے، کیونکہ جس فریق کے خلاف

---

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۱۰ ص ۱۵۸، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

[2] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۶ ص ۴۵۱، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[3] علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اخیرین ص ۱۵۵، مطبوعہ مکتبہ شرکت علمیہ ملتان

[4] شرح المہذب ج ۲۰ ص ۲۵۶۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت۔

[5] علامہ موفق الدین ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۱۰ ص ۱۶۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

[6] قاضی ابو الولید محمد بن احمد بن رشد مالکی [illegible] ۳۰۳، مطبوعہ دار الفکر بیروت

گواہی دی جاتی ہے، فطری طور پر وہ فریق اس گواہ کا دشمن ہو جاتا ہے اور فریق مخالف، گواہ کو ڈراتا اور دھمکاتا ہے اور مختلف ہتھکنڈوں سے اس کو مرعوب اور متاثر کرنے کی کوشش کرتا ہے اور یہ ایک عام مشاہدہ ہے کہ عورتیں جب گواہی دینے کے لیے آتی ہیں تو رونے لگتی ہیں یا کوسنا شروع کر دیتی ہیں یا وکیل مخالف کے اعتراضات سے گھبرا کر بے ربط اور اول فول باتیں کرنا شروع کر دیتی ہیں۔

یہ ایک حقیقت ثابتہ ہے کہ عورتیں مردوں سے فطرۃً کمزور ہوتی ہیں اور ان میں مردوں کی بہ نسبت جرأت اور حوصلہ بہت کم ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عورتوں کو سپہ سالار جنرل اور کمانڈر نہیں بنایا جاتا، امریکہ میں معدودے چند عورتیں پائلٹ ہیں اور بالعموم ساری دنیا میں عورتوں کو پائلٹ نہیں بنایا جاتا، غرض ہمت، دلیری اور شجاعت کے تمام کام مردوں کے سپرد کیے جاتے ہیں اور عورتوں کو ان کاموں سے الگ رکھا جاتا ہے۔ چونکہ فریق مخالف کے خلاف گواہی دینا بہت جرأت اور حوصلہ کا کام ہے، اس وجہ سے اسلام نے یہ کام اصالۃً اور بالذات دو مردوں کے سپرد کیا ہے اور اگر کسی عقد اور معاملہ کے وقت دو مرد میسر نہ ہوں تو پھر ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنانے کا حکم دیا ہے، کیونکہ عین ممکن ہے کہ عدالت میں فریق مخالف کی جرح یا اس کے خوف سے عورت اپنی طبعی کمزوری سے گھبرا کر کچھ کا کچھ کہہ دے تو دوسری عورت اس کو صحیح بات یاد دلا دے اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

ان تضل احدٰھما فتذکر احدٰھما الاخری۔ (بقرہ: ۲۸۲)

تاکہ ایک عورت بھول جائے تو دوسری اس کو یاد دلا دے۔

علامہ قرطبی اس آیت کی تفسیر میں ضلال کا معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

والضلال عن الشھادۃ انما ھو نسیان جزء منھا و ذکر جزء و یبقی المرء حیران بعد ذلک ضالا[1]

شہادت میں ضلال یہ ہے کہ ایک چیز یاد رہے اور دوسری یاد نہ رہے اور انسان سرگشتہ و حیران ہو۔

وکلاء بیان کرتے ہیں کہ بچانوے فی صد مقدمات میں جب عورت گواہی کے لیے پیش ہوتی ہے تو یا رو پڑتی ہے یا گھبرا کر اول فول باتیں کرتی ہے یا کوسنا شروع کر دیتی ہے۔ اس کے مقابلہ میں مرد فطرۃً قوی، جرأت مند اور دلیر ہوتا ہے اور فریق مخالف کے دباؤ سے مرعوب اور متاثر نہیں ہوتا اس لیے وہ عدالت میں حوصلہ ہارے بغیر ٹھیک ٹھیک گواہی پیش کرتا ہے۔ اسلام نے جو نظام حیات پیش کیا ہے وہ چونکہ فطرتی تقاضوں سے ہم آہنگ ہے اس وجہ سے اس نے ایک مرد کے مقابلہ میں دو عورتوں کی گواہی رکھی ہے تاکہ گواہی کے موقعہ پر ان دونوں عورتوں کو ایک دوسری سے طمانیت خاطر رہے اور ڈھارس بندھی رہے اور جب عورت بوکھلا جائے اور گھبراہٹ میں کچھ کا کچھ کہنے لگے تو دوسری عورت اس کو صحیح بات یاد دلا دے۔

ایک مرد کی گواہی کے مقابلہ میں دو عورتوں کی گواہی کو مقرر کرنے کا دوسرا سبب یہ ہے کہ تجارتی مال کی پیچیدگیوں لین دین کی باریکیوں اور قرض کی ضروری شرائط اور قیود سے عام طور پر مرد پوری طرح واقف ہوتے ہیں اس کے برخلاف عورت چونکہ فطری اور شرعی طور پر صرف امور خانہ داری کی ماہر ہوتی ہے اور عام دنیاوی معاملات میں وہ براہ راست ملوث...

[1] علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۳ ص ۳۹۶، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ

نہیں ہوتی اور نہ اس کی باریکیوں سے کما حقہ واقف ہوتی ہے۔ اس وجہ سے کسی لین دین اور معاہدہ کے وقت فریق مخالف یہ چاہتا ہے کہ اس کے معاملہ پر زیادہ سے زیادہ تجربہ کار اور اہل شخص گواہی دے اس لیے وہ چاہتا ہے کہ اولین مرحلہ میں دو مردوں کو گواہ بنایا جائے اور اگر دو مرد میسر نہ آسکیں تو ایک مرد یا دو عورتوں کو گواہ بنا دیا جائے تاکہ اس کے معاہدہ پر زیادہ سے زیادہ بہتر گواہی پیش کی جا سکے اور اسلام چونکہ دین فطرت ہے اس لیے اس نے انسانی فطرت کے قریب گواہی کا یہ ضابطہ مقرر کیا ہے۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ عورت چونکہ فطرۃً منفعل مزاج ہوتی ہے اس لیے فریق مخالف کے وکیل کی جرح کے موقعہ پر اس کا اصل موقف سے پھسل جانا اور فریق مخالف کے دلائل سے متاثر ہو جانا زیادہ ممکن ہے اس لیے اس کو اصل موقف پر قائم رکھنے کے لیے ایک اور گواہ کی ضرورت ہے تاکہ جب وہ منفعل یا متاثر ہو کر اصل موقف سے پھسلنے لگے تو دوسری گواہ اس کو سنبھال سکے اور اس کو بروقت اصل موقف یاد دلا دے۔

وہ امور جن میں صرف عورتوں کی گواہی معتبر ہے

مذکور الصدر بحث سے یہ واضح ہو گیا کہ مالیات کے اختیاری معاملات میں ایک مرد کے مقابلہ میں دو عورتوں کی گواہی مشروع اور مقرر کرنے کی وجہ یہ نہیں ہے کہ اسلام کے نزدیک عورت آدھی انسان ہے یا وہ حقیر یا کم درجہ کی مخلوق ہے بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ فطرۃً منفعل مزاج ہے یا مرد کے مقابلہ میں جرأت اور حوصلہ کم رکھتی ہے۔ یا اس کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ وہ عادۃً، فطرۃً گھریلو معاملات اور امور خانہ داری میں ماہر ہوتی ہے اور مالیاتی نظام کی باریکیوں اور کاروباری نزاکتوں سے واقف اور ان امور کی ماہر نہیں ہوتی اس لیے ایک مرد کے مقابلہ میں دو عورتوں کی گواہی مشروع اور مقرر کی گئی ہے ورنہ جن معاملات پر اس کی دسترس ہوتی ہے یعنی عورتوں سے متعلق معاملات ان میں تنہا ایک عورت کی گواہی ہی مشروع اور مقرر کی گئی ہے۔ اگر اسلام کے نزدیک عورت آدھی انسان ہوتی یا ساقط الاعتبار ہوتی تو عورتوں کے مخصوص معاملات میں صرف ایک عورت کی گواہی کو کیوں کافی قرار دیا جاتا؟ اب ہم قارئین کے سامنے ایسی احادیث پیش کر رہے ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ عورتوں کے مخصوص معاملات میں صرف عورتوں کی گواہی کافی ہے۔ امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن عقبة بن الحارث قال تزوجت امرأة فجاءت امرأة فقالت انی ارضعتكما فاتيت فذكرت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال وكيف وقد قيل دعها عنك[1]

حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک عورت سے شادی کی ایک اور عورت نے آکر کہا کہ میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے! میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جا کر یہ واقعہ عرض کیا، آپ نے فرمایا: تم اس عورت کو اب نکاح میں کس طرح رکھ سکتے ہو جبکہ یہ شہادت ہو چکی ہے۔ اس عورت کو طلاق دے دو۔

[1] امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ صحیح بخاری ج ۱ ص [illegible]، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

اس حدیث میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ صرف ایک عورت نے یہ شہادت دی کہ اس نے حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ اور ان کی زوجہ کو دودھ پلایا ہے اور صرف اس ایک عورت کی شہادت پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عقبہ بن حارث کو یہ حکم دیا کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دے دیں، ہر چند کہ فقہاء احناف اور دیگر ائمہ کے نزدیک یہ حدیث استحباب پر محمول ہے، اور رضاعت میں صرف ایک عورت کی شہادت پر فیصلہ کرنا واجب نہیں ہے تاہم یہ ایک حقیقت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رضاعت میں ایک عورت کی شہادت پر فیصلہ کر دیا۔

نیز جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ مرد جن امور کو دیکھنے کے شرعاً مجاز نہیں ہیں ان امور میں تنہا عورتوں کی شہادت پر فیصلہ کر دیا جائے گا بلکہ صرف ایک عورت کی شہادت پر بھی فیصلہ کر دیا جائے گا۔ امام عبد الرزاق روایت کرتے ہیں:

قال ابن جریج: قال ابن شہاب مضت السنة فی ان تجوز شهادة النساء لیس معهن رجل فیما یلین من ولادة المرأة، واستهلال الجنین، وفی غیر ذلک من امر النساء الذی لا یطلع علیه ولا یلیه الا هن، فاذا شهدت المرأة المسلمة التی تقبل النساء فما فوق المرأة الواحدة فی استهلال الجنین جازت [1]

ابن جریج بیان کرتے ہیں کہ ابن شہاب نے کہا: اس بات پر سنت کے مطابق عمل ہوتا رہا ہے کہ عورتوں کے بچے جننے، نومولود بچہ کے رونے اور عورتوں کے ان معاملات میں جن پر مرد مطلع نہیں ہوتے اور صرف عورتیں ہی ان معاملات کی نگہبان ہوتی ہیں، ان میں صرف عورتوں کی شہادت جائز ہے، پس جب بچہ جننے والی ایک مسلمان عورت گواہی دے یا ایک عورت سے زیادہ عورتیں نومولود کے رونے کی گواہی دیں تو یہ شہادت جائز ہے۔

نیز امام عبد الرزاق روایت کرتے ہیں کہ:

عن ابن شهاب ان عمر بن الخطاب اجاز شهادة امرأة فی الاستهلال [2]

ابن شہاب بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب نے نومولود کے رونے میں ایک عورت کی شہادت کو جائز قرار دیا۔

عن القعقاع بن حکیم عن ابن عمر قال، لا تجوز شهادة النساء الا علی ما یطلع علیه الا هن من عورات النساء وما یشبه ذلک من حملهن وحیضهن [3]

قعقاع بن حکیم بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ تنہا عورتوں کی شہادت حمل اور حیض وغیرہ صرف ان امور میں جائز ہے جن پر صرف عورتیں ہی مطلع ہوتی ہیں۔

عن الشعبی والحسن قالا، تجوز شهادة المرأة الواحدة فیما لا یطلع علیه الرجال [4]

امام شعبی اور حسن بصری نے کہا کہ جن امور پر مرد مطلع نہیں ہوتے ان میں ایک عورت کی شہادت بھی جائز ہے۔

[1] امام عبد الرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۸ ص ۳۳۳، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ۔
[2] 〃 〃 ، المصنف ج ۸ ص ۳۳۴، 〃 〃 〃
[3] 〃 〃 ، المصنف ج ۸ ص ۳۳۳، 〃 〃 〃
[4] 〃 〃 ، المصنف ج ۸ ص ۳۳۳، 〃 〃 〃

عورت کی شہادت کو نصف شہادت قرار دینے کی حکمتیں!

مذکور الصدر احادیث، آثار، اقوال تابعین اور ائمہ مذاہب کی تصریحات سے یہ واضح ہوگیا کہ جو امور عورتوں کے ساتھ مخصوص ہوتے ہیں، ان میں صرف ایک عورت کی شہادت پر بھی فیصلہ کر دیا جاتا ہے اس لیے یہ اعتراض صحیح نہیں ہے کہ مالی معاملات کی اختیاری گواہی میں چونکہ ایک مرد کی گواہی کے مقابلہ میں دو عورتوں کی گواہی رکھی گئی ہے اس لیے اسلام نے عورت کو آدھا انسان قرار دیا ہے یا اس کی گواہی کو کمتر قرار دیا ہے' اگر اسلام کے نزدیک عورت آدھا انسان ہوتی یا وہ ذلیل اور حقیر ہوتی تو ان معاملات میں صرف ایک عورت کی گواہی پر فیصلہ کا مدار کیوں رکھا جاتا؟

اگر مرد یہ اعتراض کریں کہ بعض نسوانی معاملات میں ان کی شہادت اصلاً معتبر نہیں ہے، جبکہ ان معاملات میں عورتوں میں سے ایک عورت کی گواہی قبول کر لی جاتی ہے تو مردوں کو اسلام نے بالکل ساقط الاعتبار کر دیا اور ان کو آدھے انسان کا درجہ بھی نہیں دیا تو کیا مردوں کا یہ اعتراض درست اور معقول ہوگا؟ نہیں! بلکہ یہی کہا جائے گا کہ جن دنیاوی معاملات میں مردوں کو شہادت کی اہلیت ہے وہاں مردوں کی شہادت قبول کی جاتی ہے اور جن نسوانی معاملات میں عورتیں شہادت کی اہل ہیں وہاں عورتوں کی شہادت قبول کی جاتی ہے، اسلام نے جس صنف کی شہادت کا جس جگہ اعتبار کیا ہے وہ عین حکمت اور فطرت کے مطابق ہے سبحان اللہ وبحمدہٖ سبحان اللہ العظیم۔

مزید غور فرمائیے کہ اثبات زنا میں دو کے بجائے چار مردوں کی گواہی مقرر کی گئی ہے اب کیا مرد یہ کہہ سکتے ہیں کہ جناب ہماری گواہی تو آدھی کر دی گئی ہے کیونکہ باقی حدود اور معاملات میں دو مردوں کی گواہی کافی ہوتی ہے اور اب زنا میں بجائے دو کے چار مردوں کی گواہی ضروری قرار دی گئی ہے تو گویا دو مردوں کو ایک کے قائم مقام کیا ہے اور یہ مرد کو آدھا انسان قرار دینا ہے! اس کے جواب میں بھی یہی کہا جائے گا کہ چونکہ زنا کی سزا بہت سخت رکھی گئی ہے جس میں شادی شدہ زانی کو رجم کر دیا جاتا ہے اس لیے اس کے ثبوت کی بھی کڑی شرط رکھی ہے اور ثبوت زنا کو چار مسلمان مردوں کی گواہی پر موقوف کیا گیا ہے۔

پھر یہ چیز بھی ملحوظ رہنی چاہیے کہ شہادت دینا کوئی حق یا انعام نہیں ہے، اگر ایسا ہوتا تو عورتیں کہہ سکتی تھیں کہ ہمارا حق کم کر دیا گیا ہے، عدالت میں جا کر فریق مخالف کے خلاف گواہی دینا اور اس کی دشمنی مول لینا یہ تو ایک ابتلاء اور مصیبت ہے، بعض اوقات شہادت دینے کے لیے ایک شہر سے دوسرے شہر جانا پڑتا ہے اور سفر کی صعوبتیں اٹھانی پڑتی ہیں، اسلام نے صنف نازک پر جیسے اور احسانات کیے ہیں کہ اس پر معاش اور بچوں کی کفالت کا بوجھ نہیں رکھا، ایام حیض میں نمازوں کا مکلف نہیں کیا، حالت حیض، حمل اور رضاعت میں روزے سے قضاء کرنے کی سہولت دی ہے اسی طرح اسلام کا عورتوں پر یہ بھی احسان اور انعام ہے کہ اس پر شہادت ادا کرنے کا بوجھ کم سے کم رکھا ہے، حدود اور قصاص کے معاملات جن کی گواہی دینے میں زیادہ خطرہ اور مشقت ہے ان میں اس کو شہادت کا بالکل مکلف نہیں کیا اور مالی معاملات میں اس کے بوجھ کو کم کر دیا ہے اور جو بوجھ ایک مرد پر ڈالا جاتا ہے وہ دو عورتوں پر تقسیم کر دیا' الحمد للہ علی احسانہ وانعامہ۔

کیا اصالۃً صرف ایک عورت گواہ ہوتی ہے اور دوسری محض اس کی معاون ہوتی ہے!

عورت کی نصف شہادت پر مخالفین اسلام کے اعتراضات سے تنگ آکر بعض علماء نے یہ کہہ دیا کہ مالی معاملات

میں عورت کی شہادت مرد کی شہادت کے برابر ہے۔ اور دو عورتوں کو مقرر کرنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ دونوں عورتیں گواہ ہوتی ہیں۔ دراصل گواہ صرف ایک عورت ہوتی ہے اور دوسری عورت اس گواہ کی محض معاون ہوتی ہے اور اس آیت سے قرآن مجید کا یہ منشاء نہیں ہے کہ لازمی طور پر دو عورتوں کو گواہ بنایا جائے۔ اس لیے اس آیت سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کی گواہی کے برابر ہے اور عورت کی گواہی مرد کی گواہی کی نصف ہوتی ہے۔

یہ جواب قرآن مجید کی خالص تحریف اور سنت سے ناواقفیت پر مبنی ہے۔ قرآن مجید کی نص صریح سے ثابت ہے کہ دونوں عورتیں گواہ ہوتی ہیں اس لیے صرف ایک عورت کو گواہ کہنا نص قرآن کے خلاف ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فرجل وامراتن ممن ترضون من الشهداء۔ (بقرہ: ۲۸۲)

ایک مرد اور دو عورتیں ان گواہوں میں سے جن کو تم پسند کرتے ہو۔

اس آیت میں ایک مرد اور دونوں عورتوں پر شہداء (گواہوں) کا اطلاق کیا گیا ہے، اور یہ دونوں عورتیں اصالۃً گواہ ہیں۔ اس کے بعد اس آیت کے اگلے حصہ میں ایک مرد کے مقابلہ میں دو عورتوں کو مقرر کرنے کی حکمت بیان کی ہے تاکہ ایک عورت گھبرا کر بھول جائے یا غلط بیان کرے تو دوسری عورت اس کو یاد دلا دے۔

چنانچہ اس فکر کے مورث اعلیٰ جناب غلام احمد پرویز بھی اس آیت کے ترجمہ میں لکھتے ہیں:

اور ایسے معاملات کے وقت اپنے میں سے دو مرد بطور گواہ بلا لیا کرو۔ اگر کسی وقت دو مرد موجود نہ ہوں، تو ان میں سے جن پر فریقین رضامند ہوں، ایک مرد اور دو عورتیں بطور گواہ بلا لیا کرو۔ [1]

جناب غلام احمد پرویز نے بھی دونوں عورتوں کو گواہ قرار دیا ہے، اس لیے یہ کہنا کہ ایک عورت گواہ ہے اور دوسری اس کی معاون ہے اور شہادت میں ایک مرد کے ساتھ صرف ایک عورت گواہ ہوتی ہے۔ قرآن مجید کی اس آیت کے سراسر خلاف ہے۔

نیز بکثرت احادیث صریحہ میں اس کی تصریح کر دی گئی ہے کہ عورت کی شہادت مرد کی شہادت کا نصف ہے۔ امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی سعید الخدری قال خرج رسول الله صلی الله علیه وسلم فی اضحی او فطر الی المصلی فمر علی النساء فقال یامعشر النساء تصدقن فانی اریتکن اهل النار فقلن وبم یارسول الله، قال تکثرن اللعن وتکفرن العشیر ما رایت من ناقصات عقل و دین اذهب للب

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید الاضحیٰ یا عید الفطر میں عورتوں کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا: اے عورتوں کی جماعت! صدقہ کیا کرو! کیونکہ میں نے تم کو دوزخ میں دیکھا ہے! عورتوں نے کہا کس وجہ سے؟ یارسول اللہ! آپ نے فرمایا تم بکثرت لعنت کرتی ہو اور خاوند کی نافرمانی کرتی ہو، میں نے تم سے زیادہ کسی

---

[1] غلام احمد پرویز مفہوم القرآن ج ۱ ص ۱۱۱، مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

الرجل الحازم احدٰکن قلن وما نقصان دیننا وعقلنا یا رسول اللہ قال الیس شھادۃ المرأۃ مثل نصف شھادۃ الرجل قلن بلٰی قال فذٰلک نقصان عقلھا الیس اذا حاضت لم تصل ولم تصم قلن بلٰی قال فذٰلک من نقصان دینھا۔ [1]

ناقص العقل والدین کو نہیں دیکھا جو مرد دانا کی عقل پر غالب آنے والی ہو! عورتوں نے کہا: یا رسول اللہ! ہمارے دین اور عقل میں کیا کمی ہے؟ آپ نے فرمایا کیا عورت کی شہادت مرد کی شہادت کی نصف نہیں ہے؟ عورتوں نے کہا کیوں نہیں! آپ نے فرمایا یہ عورتوں کی عقل کی کمی ہے، اور فرمایا کہ جب عورتوں کو حیض آتا ہے تو وہ (ایام حیض میں) نماز اور روزہ نہیں چھوڑتیں؟ عورتوں نے کہا: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا یہ ان کے دین کی کمی ہے۔

اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تصریح کر دی ہے کہ عورت کی شہادت مرد کی شہادت کی نصف ہے۔ اس حدیث کو امام بخاری نے کتاب العیدین ج ۱ ص ۱۳۱، کتاب الزکوٰۃ ج ۱ ص ۱۹۷، کتاب الصوم ج ۱ ص ۲۶۱ اور کتاب الشہادت ج ۱ ص ۳۶۳ میں بھی بیان کیا ہے۔ امام بخاری کے علاوہ اس حدیث کو امام مسلم [2]، امام ترمذی [3]، امام ابوداؤد [4]، امام ابن ماجہ [5]، امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری [6]، امام ذہبی [7]، امام احمد [8]، امام دارمی [9] اور امام بیہقی [10] نے بھی مختلف اسانید کے ساتھ روایت کیا ہے۔ اور یہ حدیث حضرت ابوسعید خدری، حضرت ابوہریرہ، حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔

یہ حدیث چار عظیم صحابہ سے مروی ہے اور ہم نے اس حدیث کو دس اجلہ محدثین کے حوالوں سے بیان کیا ہے، اور حافظ ابن حجر عسقلانی کے ذکر کردہ اصول کے مطابق یہ حدیث حکماً متواتر ہے ورنہ اس حدیث کے مشہور ہونے میں کوئی کلام نہیں ہے اور اس حدیث سے یہ ثابت ہے کہ (اختیاری مالی معاملات میں) عورت کی شہادت مرد کی شہادت کی نصف ہوتی ہے لہٰذا اس کا انکار کرنا کھلی ہوئی گمراہی ہے۔

---

[1] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۶۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[3] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۷۵، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی۔

[4] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد، ج ۲ ص ۲۸۷، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[5] امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ، سنن ابن ماجہ ص ۲۸۹-۲۸۸، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[6] امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ، المستدرک ج ۲ ص ۱۹۰، مطبوعہ دار الباز للنشر والتوزیع مکہ مکرمہ

[7] حافظ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی متوفی ۷۴۸ھ، تلخیص المستدرک ج ۲ ص ۱۹۰، 〃 〃

[8] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد، ج ۲ ص ۶۶، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، الطبعۃ الثالثۃ، ۱۳۹۸ھ

[9] امام عبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی متوفی ۲۵۵ھ، سنن دارمی ج ۱ ص ۱۹۰، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[10] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی [illegible] السنۃ ملتان

اثبات گناہ میں صرف مردوں کی گواہی پر قرآن مجید سے استدلال

زنا کو ثابت کرنے کے لیے چار مسلمان آزاد مردوں کی گواہی ضروری ہے عورتوں کی گواہی سے زنا ثابت نہیں ہوتا ہم اثبات زنا کے نصاب شہادت کو قرآن مجید، احادیث، آثار، اجماع فقہاء اور عقل سلیم کی روشنی میں پیش کریں گے۔ سب سے پہلے اس نصاب کے ثبوت میں قرآن مجید کی آیات پیش کرتے ہیں۔ اللہ ملت کبریاءٗ کا ارشاد ہے:

(۱) والّتی یاتین الفاحشۃ من نسائکم فاستشهدوا علیهن اربعۃ منکم۔ (نساء، ۱۵)

تمہاری عورتوں میں سے جو بدکاری کریں تو ان کے خلاف اپنے مردوں میں سے چار مردوں کی گواہی طلب کرو۔

(۲) والذین یرمون المحصنت ثم لم یاتوا باربعۃ شهداء فاجلدوهم ثمانین جلدۃ (نور، ۴)

جو لوگ پاکدامن عورتوں پر بدکاری کی تہمت لگائیں پھر چار مرد گواہ پیش نہ کریں تو ان کو اسی ۸۰ کوڑے مارو۔

(۳) لولا جاءو علیه باربعۃ شهداء فاذ لم یاتوا بالشهداء فاولئك عند الله هم الکاذبون۔ (نور، ۱۳)

(تہمت لگانے والے) اپنی تہمت پر چار مرد گواہ کیوں نہ لائے؟ سو جب وہ مرد گواہ نہ لاسکے تو (جان لو کہ) وہی لوگ اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیں۔

سورۂ نساء کی آیت (۱۵) میں اللہ تعالیٰ نے اربعۃ منکم فرمایا ہے اور اس میں مرد گواہ طلب کرنے پر دو دلیلیں ہیں اول یہ کہ عربی قواعد کے مطابق اسم عدد ثلاثہ سے لے کر عشرہ تک مذکر کے لیے تاء کے ساتھ اور مؤنث کے لیے بغیر تاء کے استعمال ہوتا ہے لہٰذا چار مردوں کے لیے اربعۃ کا لفظ ہوگا اور چار عورتوں کے لیے اربع کا لفظ ہوگا۔ [۱] اور چونکہ اس آیت میں اربعۃ کا لفظ ہے اس لیے فاستشهدوا علیهن اربعۃ کا معنی ہے: "ان کے خلاف چار مرد گواہ طلب کرو۔"

دوسری دلیل یہ ہے کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اربعۃ منکم فرمایا ہے اور کم مخاطب مذکر کی ضمیر ہے اور آیت کا معنی ہے اپنے مردوں میں سے چار مردوں کی گواہی طلب کرو۔

سورۂ نور کی آیت نمبر تین اور تیرہ میں اللہ تعالیٰ نے اثبات زنا کے لیے اربعۃ شهداء کو ضروری قرار دیا ہے اور اس میں بھی گواہوں کے مرد ہونے پر دو دلیلیں ہیں ایک یہ کہ عربی قواعد کے مطابق ثلاثہ سے کر عشرہ تک کی تمیز مذکر ہوتی ہے۔ اس لیے اربعۃ کی تمیز مذکر ہوگی اور دوسری دلیل یہ ہے کہ شهداء شاہد کی جمع ہے اور شاہد مذکر کا صیغہ ہے۔ لہٰذا عربی

---

[۱] مشہور نحوی علامہ ابو الحیان اندلسی متوفی ۷۴۵ھ لکھتے ہیں: ومن ثلثۃ الی عشرۃ علی خلاف القیاس اعنی للمذکر بالتاء تقول ثلثۃ رجال الی عشرۃ رجال وللمؤنث بدونها تقول ثلث نسوۃ الی عشر نسوۃ" ثلثہ سے لے کر عشرہ تک تمیز خلاف قیاس ہے مذکر کے لیے تاء کے ساتھ ثلثۃ رجال سے لے کر عشرۃ رجال تک اور مؤنث کے لیے بغیر تاء کے ثلث نسوۃ سے لے کر عشر نسوۃ تک" (رسالہ النحو، ص مطبوعہ مطبع خیر کثیر کراچی) ایضاً (شرح جامی ص ۳۰۲، مطبوعہ ایچ۔ ایم سعید کمپنی کراچی)

قواعد کے مطابق ان دو وجہوں سے اربعۃ شہداء کا معنی ہے چار مرد گواہ۔ اور مفسرین، محدثین اور فقہاء مذاہب اربعہ نے انہی نکات کی بناء پر از روئے قرآن اثبات زنا کے لیے چار مردوں کی گواہی کو لازمی شرط قرار دیا ہے اور اثبات زنا میں عورتوں کی گواہی کو ناجائز کہا ہے۔

اربعۃ منکم سے مردوں کی گواہی پر استدلال

سورۂ نساء کی آیت نمبر ۱۵ کی تفسیر میں اربعۃ منکم کی بنیاد پر مفسرین کرام نے اثبات زنا کے لیے جو چار مردوں کی گواہی کی شرط ذکر کی ہے پہلے ہم اس کا بیان کریں گے اس کے بعد سورۂ نور کی آیات کے حوالوں کو بیان کریں گے۔

مشہور نحوی علامہ ابو الحیان اندلسی متوفی ۷۵۴ھ لکھتے ہیں:

والظاھر انہ یختص بالذکور المؤمنین لقولہ اربعۃ منکم[1]

ظاہر یہ ہے کہ یہ گواہی مسلمان مردوں کے ساتھ خاص ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اربعۃ منکم فرمایا ہے۔

قاضی بیضاوی متوفی ۶۸۵ھ اربعۃ منکم کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

فاطلبوا ممن قذفھن اربعۃ من رجال المؤمنین تشھد علیھن[2]

جن لوگوں نے عورتوں پر زنا کی تہمت لگائی ہے ان میں سے چار مسلمان مردوں کی ان کے خلاف گواہی طلب کرو۔

علامہ خازن متوفی ۷۲۵ھ اربعۃ منکم کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ویشترط فی ھذہ الشھادۃ العدالۃ والذکورۃ[3]

اس گواہی میں مردوں کی اور نیک مسلمانوں کی شرط ہے۔

علامہ ابو السعود متوفی ۹۸۲ھ، اربعۃ منکم کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

فاطلبوا ان یشھد علیھن باتیانھا اربعۃ من رجال المؤمنین[4]

ان چار مسلمان مردوں کی گواہی طلب کرو جو ان عورتوں کے خلاف زنا کی گواہی دیں۔

علامہ آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ، اربعۃ منکم کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ای اربعۃ من رجال المؤمنین واحرارھم[5]

یعنی چار مسلمان اور آزاد مردوں کی گواہی طلب کرو۔

علامہ طنطاوی جوہری اربعۃ منکم کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

فاطلبوا ممن قذفھن اربعۃ من الرجال

عورتوں پر زنا کی تہمت لگانے والے مردوں میں

---

[1] علامہ ابو الحیان محمد بن یوسف اندلسی غرناطی متوفی ۷۵۴ھ، البحر المحیط ج ۳ ص ۱۹۵، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۳ھ

[2] قاضی ابو الخیر عبد اللہ بن عمر بیضاوی شیرازی متوفی ۶۸۵ھ، انوار التنزیل علی ہامش عنایۃ القاضی ج ۳ ص ۱۱۶ مطبوعہ دار صادر بیروت

[3] علامہ علی بن محمد خازن متوفی ۷۲۵ھ، تفسیر خازن، ج ۱ ص ۴۰۵، مطبوعہ دار الکتاب العربیہ پشاور

[4] علامہ ابو السعود محمد بن محمد عمادی متوفی ۹۸۲ھ، تفسیر ابو السعود علی ہامش التفسیر الکبیر ج ۳ ص ۹۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۸ھ۔

[5] علامہ ابو الفضل شہاب الدین محمود آلوسی [illegible] مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

تشہد علیہن۔[1] سے ان کے خلاف چار مردوں کی شہادت طلب کرو۔

علامہ اسماعیل حقی متوفی ۱۱۳۷ھ لکھتے ہیں:

فاطلبوا ان یشہد علیہن باتیانہا اربعۃ من رجال المؤمنین واحرارھم۔[2]

ان چار مسلمان اور آزاد مردوں کی گواہی طلب کرو جو ان عورتوں کے خلاف زنا کی گواہی دیں۔

علامہ ابوجعفر طبری متوفی ۳۱۰ھ لکھتے ہیں:

یقول، فاستشہدوا علیہن بما اتین بہ من الفاحشۃ اربعۃ رجال من رجالکم یعنی من المسلمین۔[3]

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے عورتوں کے زنا کے خلاف اپنے مسلمان مردوں میں سے چار مردوں کی گواہی طلب کرو۔

شیخ محمد عبدہ لکھتے ہیں:

لفظ الاربعۃ یطلق علی الذکور، فالمراد اربعۃ من رجالکم۔[4]

اربعہ کے لفظ کا مردوں پر اطلاق کیا جاتا ہے اس لیے اس سے چار مرد مراد ہیں۔

علامہ احمد مصطفیٰ مراغی لکھتے ہیں:

ای اطلبوا شہادۃ اربعۃ رجال احرار منکم۔[5]

یعنی مسلمانوں میں سے چار آزاد مردوں کی گواہی طلب کرو۔

شیخ حسین احمد حبیبی اربعۃ منکم کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

چہار مرد عاقل بالغ عادل از شما کہ مومنانید تا بر ایشاں گواہی دہند۔[6]

تم مسلمانوں میں سے چار عاقل بالغ عادل مرد ان عورتوں کے خلاف گواہی دیں۔

"منکم" سے مردوں کی گواہی پر استدلال

بعض مفسرین نے اس آیت میں منکم کی ضمیر جمع مذکر مخاطب سے گواہوں کے مرد ہونے پر استدلال کیا ہے۔ علامہ نیشاپوری متوفی ۷۲۸ھ لکھتے ہیں:

والمراد بقولہ منکم ای من رجالکم۔

منکم سے مراد ہے تمہارے مردوں میں سے۔

قاضی ابوبکر ابن العربی متوفی ۵۴۳ھ لکھتے ہیں:

قولہ تعالیٰ منکم المراد بہ ھہنا الذکور دون الاناث۔

منکم سے اس آیت میں صرف مرد مراد ہیں، نہ کہ عورتیں۔

---

[1] علامہ حکیم شیخ طنطاوی جوہری ـــــ الجواہر فی تفسیر القرآن، ج ۳ ص ۲۹، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ

[2] علامہ اسماعیل حقی متوفی ۱۱۳۷ھ، روح البیان ج ۲ ص ۱۸۶، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ، الطبعۃ الثالثۃ، ۱۹۷۲ء

[3] علامہ ابوجعفر محمد بن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ، جامع البیان ج ۴ ص ۲۹۲، مطبوعہ مطبعہ مصطفیٰ البابی واولادہ بمصر، ۱۳۷۳ھ

[4] شیخ محمد عبدہ، تفسیر المنار ج ۴ ص ۴۳۵، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، الطبعۃ الثانیۃ

[5] علامہ احمد مصطفیٰ مراغی، تفسیر المراغی ج ۴ ص ۲۰۵، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، الطبعۃ الثالثۃ، ۱۳۹۴ھ

[6] علامہ نظام الدین حسن بن محمد بن حسین قمی نیشاپوری متوفی ۷۲۸ھ، غرائب القرآن ج ۴ ص ۲۰۳، مطبوعہ مطبعہ مصطفیٰ البابی واولادہ بمصر

علامہ قرطبی متوفی ۶۸۵ھ لکھتے ہیں:

ولا بد ان یکون الشھود ذکورا لقولہ "منکم" [۱]

گواہوں کا مرد ہونا ضروری ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے منکم فرمایا ہے۔

علامہ سیوطی متوفی ۹۱۱ھ لکھتے ہیں:

منکم ای من رجال المسلمین [۲]

یعنی مسلمان مردوں سے۔

اربعۃ شھداء سے مردوں کی گواہی پر استدلال

فقہاء اور محدثین نے یہ تصریح کی ہے کہ سورۂ نساء میں اربعۃ اور سورۂ نور میں اربعۃ شھداء کے الفاظ اثبات زنا میں گواہوں کے مرد ہونے کی دلیل ہیں۔ علامہ مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ لکھتے ہیں:

والشھادۃ فی الزنا یعتبر فیھا اربعۃ من الرجال لقولہ تعالی واللاتی یاتین الفاحشۃ من نسائکم فاستشھدوا علیھن اربعۃ منکم ولقولہ تعالی ثم لم یاتوا باربعۃ شھداء [۳]

زنا میں چار مردوں کی شہادت معتبر ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے واللاتی یاتین الفاحشۃ من نسائکم فاستشھدوا علیھن اربعۃ منکم۔

نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ثم لم یاتوا باربعۃ شھداء۔

اس کی تشریح میں علامہ بابرتی حنفی متوفی ۷۸۶ھ لکھتے ہیں:

ولفظ اربعۃ نص فی العدد والذکورۃ [۴]

اربعۃ کا لفظ عدد اور مذکر ہونے کے بیان میں نص ہے۔

علامہ ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

ولان النص اوجب اربعۃ رجال بقولہ تعالی اربعۃ منکم فقبول امراتین مع ثلاثۃ مخالف لما نص علیہ من العدد والمعدود [۵]

اللہ تعالیٰ کے قول اربعۃ منکم کی وجہ سے چار مردوں کا واجب ہونا منصوص ہے، لہٰذا تین مردوں کے ساتھ دو عورتوں کا گواہی میں اعتبار کرنا عدد اور معدود کی صریح نص کے خلاف ہے۔

علامہ خوارزمی حنفی اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

فان قیل فی ھذہ النصوص بیان جواز العمل بھذا العدد ولیس فیھا بیان نفی ذلک بدون العدد،

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ عدد کی ان تصریحات سے یہ ثابت ہوا کہ اس عدد کے ساتھ عمل جائز ہے لیکن اس میں

---

[۱] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۸۵ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۵ ص ۸۷، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران ۱۳۸۷ھ
[۲] علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ، تفسیر جلالین ص ۷۲، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ لاہور
[۳] علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اخیرین ص ۱۵۷، مطبوعہ مکتبہ شرکۃ علمیہ ملتان
[۴] علامہ محمد بن محمود بابرتی متوفی ۷۸۶ھ، عنایہ علی ہامش فتح القدیر ج ۵ ص ۲۵۰، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر
[۵] علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ [illegible] سکھر

قلنا التقدیر فی الشرع لمنع الزیادۃ او النقصان وھذا التقدیر لا یمنع الزیادۃ فلو لم یفد منع النقصان لم یبق لھذا التقدیر فائدۃ۔[1]

یہ تصریح تو نہیں ہے کہ اس عدد سے کم کی گواہی جائز نہیں ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ شریعت میں عدد کی تعیین زیادتی یا کمی سے منع کرنے کے لیے ہوتی ہے۔ یہاں گواہوں کا زیادہ ہونا تو ممنوع نہیں ہے اس لیے لامحالہ چار سے کم گواہوں کا ہونا ممنوع ہوگا ورنہ اس عدد کی تعیین کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

علامہ بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس کی تشریح میں لکھتے ہیں:

لفظ اربعۃ نص فی العدد والذکورۃ ولا یقبل فیہ الا اربعۃ رجال عدول مسلمین وھم احرار۔[2]

اربعۃ کا لفظ عدد اور مذکر ہونے کے بیان میں نص ہے اور زنا میں صرف چار نیک اور آزاد مسلمانوں کی گواہی قبول کی جائے گی۔

علامہ زیلعی حنفی متوفی ۷۴۳ھ، سورۂ نساء کی آیت نمبر ۳ اور سورۂ نور کی آیت نمبر ۴ اور ۱۳ تحریر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

ھذہ الالفاظ موضوعۃ للمذکر دون المؤنث۔[3]

یہ الفاظ مذکر کے لیے موضوع ہیں نہ کہ مونث کے لیے۔

علامہ ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ ان آیات کو تحریر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

ولفظ اربعۃ نص فی العدد والذکورۃ۔[4]

اربعۃ کا لفظ عدد اور مرد ہونے کے بیان میں نص ہے۔

ملا مسکین حنفی متوفی ۹۵۴ھ سورۂ نساء کی آیت نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

واشتراط الاربع مع وصف الذکورۃ یحقق معنی الستر۔[5]

گواہوں میں چار کے عدد کے ساتھ مرد ہونے کی شرط سے (گناہ پر) پردہ پوشی کا معنی مستحکم ہوتا ہے۔

علامہ خسرو حنفی متوفی ۸۸۵ھ لکھتے ہیں:

ونصابھا للزنا اربعۃ رجال لقولہ تعالٰی واللاتی یاتین الفاحشۃ من نسائکم فاستشھدوا علیھن اربعۃ منکم وقولہ تعالٰی ثم لم یاتوا باربعۃ شھداء۔[6]

زنا کی گواہی کا نصاب چار مرد ہیں کیونکہ اللہ تعالٰی نے فرمایا ہے: واللاتی یاتین الفاحشۃ من نسائکم فاستشھدوا علیھن اربعۃ منکم ——— اور اللہ تعالٰی کا ارشاد ہے: ثم لم یاتوا باربعۃ شھداء۔

---

[1] علامہ جلال الدین خوارزمی، کفایہ مع فتح القدیر ج ۶ ص ۲۵۰، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[2] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، بنایہ شرح الہدایہ ج ۳ ص ۳۱، مطبوعہ ملک سنز فیصل آباد۔

[3] علامہ عثمان بن علی زیلعی حنفی متوفی ۷۴۳ھ، تبیین الحقائق ج ۴ ص ۲۰۸، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

[4] علامہ زین الدین ابن نجیم مصری حنفی متوفی ۹۷۰ھ، البحرالرائق ج ۷ ص ۶۰، مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ

[5] علامہ معین الدین الہروی المعروف بملا مسکین متوفی ۹۵۴ھ، شرح الکنز ج ۲ ص ۵۳، مطبوعہ جمعیۃ المعارف المصریۃ مصر ۱۲۸۷ھ

[6] ملا احمد بن فراموز خسرو متوفی ۸۸۵ھ، درر الحکام فی غرر الاحکام ج ۲ ص ۳۷۱، مطبوعہ مطبعہ عامرہ مصر، ۱۳۰۲ھ

ملا علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ لکھتے ہیں:

ونصاب الشهادة للزنا اربعة رجال، فلا يقبل فيه شهادة النساء لقوله تعالى لولا جاءو عليه باربعة شهداء وقوله ثم لم ياتوا باربعة وقوله واللاتي يأتين الفاحشة من نسائكم فاستشهدوا عليهن اربعة منكم والتاء لا يدخل على العدد الا اذا كان معدوده مذكرا۔[1]

اثبات زنا کا نصاب شہادت چار مرد ہیں، لہٰذا اس میں عورتوں کی گواہی بالکل قبول نہیں ہوگی، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: لولا جاءو علیه باربعة شهداء اور فرمایا ثم لم یاتوا باربعة شهداء۔ نیز فرمایا واللاتی یاتین الفاحشة من نسائکم فاستشهدوا علیهن اربعة منکم۔ اور تاء عدد پر صرف اس وقت داخل ہوتی ہے جب اس کا معدود مذکر ہو۔

علامہ موفق الدین ابن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ لکھتے ہیں:

اجمع المسلمون على انه لا يقبل في الزنا اقل من اربعة شهود وقد نص الله تعالى عليه بقوله سبحانه لولا جاءو عليه باربعة شهداء فاذ لم ياتوا بالشهداء فاولئك عند الله هم الكذبون۔

مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ زنا میں چار مردوں سے کم کی گواہی قبول نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے چار مردوں پر نص کی ہے۔ اللہ سبحانہ کا ارشاد ہے: لولا جاءو علیه باربعة شهداء فاذ لم یاتوا بالشهداء فاولئك عند الله هم الکذبون۔

اس کے بعد علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: عطاء اور حماد نے تین مردوں اور دو عورتوں کی گواہی کو بھی جائز کہا ہے ولنا ظاهر الأية۔ اور ہمارا استدلال اس آیت کے ظاہر سے ہے۔[2]

علامہ شمس الدین ابن قدامہ حنبلی متوفی ۶۸۲ھ نے بھی اسی آیت سے چار مردوں پر استدلال کیا ہے اور عطاء اور حماد کا اسی آیت سے رد کیا ہے۔[3]

گیارھویں صدی کے فقیہ علامہ بہوتی حنبلی لکھتے ہیں:

الامر الثاني ان يشهد على الزنا اربعة رجال مسلمين عدول لقوله تعالى والذين يرمون المحصنت ثم لم ياتوا باربعة شهداء۔[4]

اثبات زنا کے لیے دوسرا امر یہ ہے کہ چار مسلمان نیک مرد زنا پر گواہی دیں کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: والذین یرمون المحصنت ثم لم یاتوا باربعة شهداء۔

دسویں ہجری کے فقہاء میں سے علامہ شربینی شافعی لکھتے ہیں:

ويشترط للزناء اربعة رجال لقوله تعالى والذين

اثبات زنا کے لیے چار مردوں کی گواہی شرط ہے

---

[1] ملا علی بن سلطان محمد القاری متوفی ۱۰۱۴ھ، شرح النقایہ ج ۲ ص ۳۱۲، مطبوعہ ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی

[2] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۱۰ ص ۱۵۵، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

[3] علامہ شمس الدین ابو عمر محمد بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۸۲ھ، الشرح الکبیر ج ۱۲، ص ۸۵-۸۴، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۴ھ

[4] علامہ منصور بن یونس بن ادریس بہوتی [illegible] الکتب بیروت۔

یرمون المحصنٰت ثم لم یاتوا باربعۃ شهداء۔[1]

کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: والذین یرمون المحصنٰت ثم لم یاتوا باربعۃ شهداء۔

سید سابق لکھتے ہیں:

نصاب الشهادۃ فی حد الزنا اربعۃ لقول اللہ تعالیٰ واللاتی یاتین الفاحشۃ من نسائکم فاستشهدوا علیهن اربعۃ منکم وقولہ تعالیٰ والذین یرمون المحصنات ثم لم یاتوا باربعۃ شهداء وقولہ تعالیٰ لولا جاءو علیہ باربعۃ شهداء۔[2]

حد زنا میں شہادت کا نصاب چار مرد ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: واللاتی یاتین الفاحشۃ من نسائکم فاستشهدوا علیهن اربعۃ منکم اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: والذین یرمون المحصنٰت ثم لم یاتوا باربعۃ شهداء۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: لولا جاءو علیہ باربعۃ شهداء۔

علامہ سید بکری دمیاطی شافعی لکھتے ہیں:

اربعۃ من الرجال۔ ای لقولہ تعالیٰ والذین یرمون المحصنات ثم لم یاتوا باربعۃ شهداء۔[3]

چار مرد اس لیے شرط ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: والذین یرمون المحصنٰت ثم لم یاتوا باربعۃ شهداء۔

اس بات کا جواب کہ لفظ شاھد مؤنث کے لیے بھی مستعمل ہے

سورۂ نساء کی آیت نمبر ۱۵ اور تیرہ میں اللہ تعالیٰ نے اربعۃ شهداء کو ضروری قرار دیا ہے۔ اور ان آیتوں کے مرد ہونے پر دو دلیلیں ہیں ایک دلیل اربعہ کا لفظ ہے عربی قواعد کے اعتبار سے اس کے بعد مذکر معدود کا ذکر ہونا چاہیے اور دوسری دلیل شہداء کا لفظ ہے اور شہداء شاہد کی جمع ہے اور شاہد مذکر کا صیغہ ہے اور یہ بھی اس کی دلیل ہے کہ گواہ مذکر ہونے چاہییں۔

بعض افاضل نے یہ اعتراض کیا ہے کہ شاہد کا لفظ مذکر اور مؤنث دونوں میں مشترک ہے اس لیے اس لفظ سے گواہوں کا مرد ہونا ثابت نہیں ہوگا۔ اور شاہد کے مذکر اور مؤنث میں مشترک ہونے پر دلیل یہ ہے کہ علامہ ابن منظور افریقی نے لکھا ہے کہ:

ورجل شاهد وکذلک الانثی لان اعرف ذلک انما هو فی المذکر۔[4]

"مرد شاہد" کہا جاتا ہے) اور اسی طرح مؤنث (کے لیے) ہے کیونکہ یہ لفظ مذکر میں زیادہ معروف ہے۔

اس اعتراض کا ایک جواب یہ ہے کہ یہ صرف علامہ ابن منظور افریقی کا شذوذ ہے باقی لغات میں شاہد کو مؤنث کے لیے مستعمل نہیں لکھا، چنانچہ صراح، قاموس، صحاح، مفردات، نہایہ، مجمع بحار الانوار، منتہی الادب، تہذیب الاسماء

---

[1] علامہ محمد شربینی خطیب شافعی، مغنی المحتاج ج ۴ ص ۱۴۴، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت
[2] علامہ سید سابق، فقہ السنۃ، ج ۳ ص ۴۲۶، مطبوعہ شرکۃ دار القبلۃ للثقافۃ الاسلامیہ جدہ
[3] علامہ سید ابی بکر المشہور بالسید البکری، اعانۃ الطالبین ج ۴ ص ۲۷۵، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت
[4] علامہ جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور افریقی متوفی ۷۱۱ھ، لسان العرب ج ۳ ص ۲۳۹، مطبوعہ نشر ادب الحوزۃ قم ایران، ۱۴۰۵ھ

واللغات، لغات الحدیث، اقرب الموارد، تاج العروس لاروس، منجد اور مصباح اللغات یہ سب معروف اور مستند اور متداول لغات ہیں اور ان میں سے کسی میں یہ نہیں لکھا کہ شاہد مونث کے لیے بھی مستعمل ہوتا ہے اور جو چیز خلاف اصل اور خلاف قاعدہ ہو اس کی اہل لسان سے نقل ضروری ہے صرف علامہ ابن منظور افریقی کے کہہ دینے سے کوئی چیز قاعدہ اور اصل کے خلاف ثابت نہیں ہو گی جب تک کہ باقی تمام لغات سے اس کی تائید نہ ہو، دیکھیے جس عورت کا شوہر موجود ہو اس کو خلاف قاعدہ امرأۃ مشھد کہا جاتا ہے اور اس کو تمام لغات نے نقل کیا ہے اس لیے امرأۃ مشھد باوجود خلاف اصل اور خلاف قاعدہ ہونے کے ثابت مانا جائے گا۔

لیکن امرأۃ شاہد کسی لغت میں نہیں ہے اس لیے اس کو علامہ ابن منظور کا شذوذ کہا جائے گا۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ علامہ ابن منظور افریقی کے برعکس علامہ شرتونی نے لکھا ہے:

(الشاہدۃ) مونث الشاہد[1] شاہدہ، شاہد کی مونث ہے۔

اور چونکہ یہ اصل کے موافق ہے اس لیے یہی صحیح ہے۔

تیسرا جواب یہ ہے کہ چونکہ مذاہب اربعہ کے جید فقہاء اور محدثین نے اربعۃ شہداء سے گواہوں کے مرد ہونے پر استدلال کیا ہے جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اور یہ تمام فقہاء علم اور فضل میں علامہ افریقی سے کہیں زیادہ اور ان پر مقدم ہیں اس لیے ان کا یہ استدلال اس پر دلیل ہے کہ لفظ شاہد اپنی اصل پر مذکر ہے اور علامہ افریقی کا کذلک الانثی لکھنا صحیح نہیں ہے۔

چوتھا جواب یہ ہے کہ یہ طباعت کی غلطی ہے، علامہ ابن منظور کی عبارت میں ولیس (حرف نفی) چھپنے سے رہ گیا ہے کیونکہ اس کے بعد انہوں نے دلیل دیتے ہوئے کہا ہے "کیونکہ یہ لفظ مذکر میں معروف ہے" اور یہ اس کی دلیل ہے کہ شاہد مونث میں مستعمل نہیں ہے نہ کہ شاہد کے مونث میں مستعمل ہونے کی دلیل ہے۔ اور "لیس" کے بغیر یہ عبارت بے ربط ہے۔ "لیس" کے بعد یہ عبارت اس طرح ہوگی:

ورجل شاھد ولیس کذلک الانثی لان اعرف ذلک انما ھو فی المذکر۔ مرد شاہد کہا جاتا ہے) اور اس طرح مونث نہیں ہے کیونکہ یہ لفظ مذکر میں معروف ہے۔

یہ مان لینے کے بعد کہ یہاں "لفظ لیس" چھپنے سے رہ گیا ہے نہ صرف یہ کہ علامہ منظور کی عبارت مربوط ہو جائے گی بلکہ ان کی یہ عبارت اصل اور قاعدہ کے مطابق اور باقی لغات کے موافق ہو جائے گی، میرے نزدیک یہ بہترین جواب ہے۔

"ثمانیۃ ازواج" سے اعتراض کا جواب

ایک سوال یہ کیا جاتا ہے کہ قرآن مجید میں ہے، وانزل لکم من الانعام ثمانیۃ ازواج (زمر ۶) "اور اللہ نے تمہارے لیے چوپایوں میں سے آٹھ نر و مادہ (جوڑے) اتارے" یہاں ثمانیۃ کے بعد خاص مذکر کا ذکر نہیں ہے اس سے معلوم ہوا کہ ثلاثۃ سے عشرۃ تک کا عدد، معدود مذکر کے ساتھ خاص نہیں ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اگر کوئی چیز قاعدہ کلیہ کے

---

[1] علامہ سعید خوری شرتونی لبنانی، اقرب الموارد ج ۱ ص ۶۱۷، مطبوعہ مکتبہ آیت اللہ العظمیٰ ایران، ۱۴۰۳ھ

[2] پروفیسر شیخ احمد رضا متوفی ۱۹۴۸ء نے معجم متن اللغۃ ج ۳ ص ۳۸۵ میں امرأۃ شاہد لکھا ہے، لیکن ان کا لکھنا کوئی حجت نہیں ہے یہ بیسویں صدی عیسوی کے ایک کالج کے پروفیسر ہیں کوئی لغت کے امام نہیں ہیں، نہ انہوں نے عرب کے کسی محاورہ سے استشہاد کیا ہے نہ کوئی حوالہ نقل کیا ہے اس لیے [illegible] مستند [illegible] ان کا شذوذ کوئی دلیل نہیں ہے۔ سعیدی غفرلہ

خلاف آجائے تو اس سے قاعدہ کلیہ باطل نہیں ہوتا بلکہ اس جزئیہ کو قاعدہ کلیہ سے مستثنیٰ قرار دیا جاتا ہے، یہ ایسا سوال ہے جیسا کہ قادیانی کہتے ہیں کہ لاصلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب "سورۂ فاتحہ کے بغیر نماز مکمل نہیں ہوتی" اس حدیث میں لا نفی جنس کے لیے نہیں ہے پس ثابت ہوا کہ لا نفی جنس کے لیے نہیں آتا۔ لہٰذا "لا نبی بعدی" میں بھی لا نفی جنس کے لیے نہیں ہے بلکہ اس کا مطلب ہے کہ "میرے بعد کوئی کامل نبی نہیں ہوگا" (یعنی امتی نبی ہو سکتا ہے) نعوذ باللہ من تلک الخرافات

دوسرا جواب یہ ہے کہ ثمانیۃ ازواج سے اعتراض اس وقت درست ہوتا جبکہ ازواج کا لفظ صرف مونث میں مستعمل ہوتا، جبکہ یہاں یہ لفظ مذکر اور مونث دونوں کے لیے ہے تو ہم کہیں گے کہ یہ باب تغلیب سے ہے اور مذکر کی جانب کو غالب قرار دے کر ثمانیہ کا لفظ لایا گیا ہے اگر مونث کو غالب قرار دیا جاتا تو ثمان ازواج کہا جاتا۔

تسعۃ رھط سے اعتراض کا جواب

اسی طرح قرآن مجید میں ہے: وکان فی المدینۃ تسعۃ رھط (نمل: ۴۸) اس سے بھی یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ رھط قبیلہ کو کہتے ہیں جس میں مرد اور عورت دونوں ہوتے ہیں۔ پس تسعۃ مرد کے ساتھ خاص نہ ہوا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ رھط اس گروہ کو کہتے ہیں جس میں صرف مرد ہوں اور عورتیں نہ ہوں[1] لہٰذا اس سے اعتراض صحیح نہیں ہے اور بر تقدیر تسلیم اس کا وہی جواب ہے جو ثمانیۃ ازواج میں بیان کیا گیا ہے۔

حدود اور قصاص میں عورتوں کی گواہی کے عدم اعتبار پر احادیث اور آثار!

امام ابن ابی شیبہ روایت کرتے ہیں:

عن الزهری قال، مضت السنة من رسول الله صلی الله علیه وسلم والخلیفتین من بعده الا تجوز شهادة النساء فی الحدود۔[2]

زہری کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد دونوں خلیفوں کے زمانہ میں یہ سنت تھی کہ حدود میں عورتوں کی شہادت جائز نہیں۔

عن عامر قال: لا تجوز شهادة النساء فی الحدود۔[3]

عامر کہتے ہیں کہ حدود میں عورتوں کی شہادت جائز نہیں ہے

عن الحسن قال لا تجوز شهادة النساء فی الحدود۔[4]

حسن بصری کہتے ہیں کہ حدود میں عورتوں کی گواہی جائز نہیں ہے۔

عن سفیان قال سمعت حمادا یقول لا تجوز

سفیان بیان کرتے ہیں کہ میں نے حماد سے سنا ہے

۱۔ لوئیس معلوف الیسوعی، المنجد مترجم ص ۴۱۳، مطبوعہ دارالاشاعت کراچی

۲۔ امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ عبسی متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۱۰ ص ۵۸، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

۳۔ " " " ، المصنف ج ۱۰ ص ۵۹، " " "

۴۔ " " " " ، المصنف ج ۱۰ ص ۵۹، " " " "

شہادۃ النساء فی الحدود [1]

عن الشعبی قال لا تجوز شہادۃ امرأۃ فی حد ولا شہادۃ عبد۔ [2]

کہ حدود میں عورتوں کی شہادت جائز نہیں ہے۔ شعبی کہتے ہیں کہ حدود میں عورت کی شہادت جائز ہے نہ غلام کی۔

امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں:

عن الحسن والزہری قالا: لا تجوز شہادۃ النساء فی حد ولا طلاق ولا نکاح وان کان معہن رجل۔ [3]

حسن اور زہری بیان کرتے ہیں کہ حدود اور طلاق اور نکاح میں عورتوں کی شہادت جائز نہیں ہے خواہ ان کے ساتھ مرد ہوں۔

عن الحکم بن عتیبۃ ان علی بن ابی طالب قال لا تجوز شہادۃ النساء فی الطلاق والنکاح والحدود والدماء۔ [4]

حکم بن عتیبہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب نے کہا کہ طلاق، نکاح، حدود اور قصاص میں عورتوں کی شہادت جائز نہیں ہے۔

عن عبد الرحمان قال، لا تجوز شہادۃ النساء فی الحدود۔ [5]

عبدالرحمان بیان کرتے ہیں کہ حدود اور قصاص میں عورتوں کی شہادت جائز نہیں ہے۔

حدود اور قصاص میں عورتوں کی گواہی کے عدم اعتبار پر اجماع

تمام اہل علم حضرات کا اس پر اجماع ہے کہ حدود اور قصاص میں عورتوں کی گواہی معتبر نہیں ہے اور شیخ ابن حزم وغیرہ کا شذوذ اس اجماع میں مضر نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ اہل علم نے ان کی مخالفت کا اعتبار نہیں کیا۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

ولا بد ان یکون الشہود ذکورا لقولہ "منکم" ولا خلاف فیہ بین الامۃ [6]

زنا کے گواہوں کا مرد ہونا ضروری ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے "منکم" فرمایا ہے اور اس میں امت کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔

علامہ علاؤ الدین سمرقندی لکھتے ہیں:

ولا تقبل فیہا شہادۃ النساء مع الرجال بلا خلاف۔ [7]

زنا میں مردوں کے ساتھ عورتوں کی گواہی قبول نہیں کی جاتی اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔

---

[1] امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ، المصنف ج ۱۰ ص ۶۰، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

[2] " " " ، المصنف ج ۱۰ ص ۵۹، " "

[3] امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۷ ص ۳۲۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

[4] " " " ، المصنف ج ۷ ص ۳۳۰-۳۲۹، " "

[5] " " " ، المصنف ج ۷ ص ۳۳۰، " "

[6] علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۵ ص ۸۴، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو، ۱۳۸۷ھ

[7] علامہ محمد علاؤ الدین، من علماء ۱۱۱۰ھ، [illegible] التراث العربی بیروت

علامہ ابن رشد مالکی لکھتے ہیں:

فان المسلمین اتفقوا علی انہ لا یثبت الزنا باقل من اربعۃ عدول ذکور۔[1]

مسلمانوں کا اس پر اتفاق ہے کہ چار نیک مردوں سے کم کی گواہی سے زنا ثابت نہیں ہوتا۔

حدود اور قصاص میں عورتوں کو گواہ نہ بنانے کی عقلی وجوہات

حدود اور قصاص میں شہادت کا تحمل اور بوقت ضرورت اس شہادت کو ادا کرنا اس کا تقاضا کرتا ہے کہ شاہد حوصلہ مند اور جری ہو اور اس کو بلا روک ٹوک ہر جگہ آنے جانے کی قدرت حاصل ہو، اور عورت چونکہ فطرتاً رقیق القلب ہوتی ہے اور قتل اور خونریزی کے مناظر دیکھنے کی تاب نہیں رکھتی اور نہ ہی لڑائی جھگڑوں کے مواقع پر عورت عادۃً موجود ہوتی ہے، اس لیے اس سے یہ توقع نہیں ہے کہ وہ قاتل کے قتل کرنے کی تمام کیفیات اور جزئیات کو محفوظ کر سکے اور پھر جرأت اور حوصلہ کے ساتھ عدالت میں اس کو بیان کر سکے۔ نیز جس شخص کو پھانسی کی سزا دی جانی ہے اور وہ عدالت میں کھڑا موت کا منتظر ہے ہو سکتا ہے اس وقت اس کی بے چارگی پر عورت کو اپنی فطری رقت قلبی کی وجہ سے رحم آ جائے اور وہ اپنا بیان بدل دے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ مخالف وکیل کے تابڑ توڑ اعتراضات سے گھبرا کر الٹ سلٹ کہہ دے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مخالف پارٹی کے دباؤ میں آ کر وہ اپنا بیان بدل دے کیونکہ قتل کے مقدمہ میں گواہی دینے کے لیے مضبوط حوصلہ اور نہایت قوت ارادی کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ قوت صرف مرد ہی کو حاصل ہے۔ ایام حیض میں عورت کا ذہن منتشر رہتا ہے اور ان ایام میں اس سے صحیح جواب دہی کی توقع نہیں کی جا سکتی، حمل کے ایام میں بعض اوقات عورت کا گھر سے باہر نکلنا اور سفر کرنا طبی اعتبار سے ممنوع ہوتا ہے، ہو سکتا ہے کہ جن تاریخوں میں اس کی پیشی ہو ان تاریخوں میں اس کی زچگی ہو یا حمل کے تکلیف دہ ایام ہوں، اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے عورت کو اس کا مکلف نہیں کیا کہ وہ حدود اور قصاص کی کڑی ذمہ داری کا بوجھ اٹھائے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ قصاص اور حد زنا کے گواہوں کی گواہی کی بناء پر ایک مسلمان شخص کی زندگی اور موت کا مدار ہوتا ہے اس وجہ سے اسلام نے اس کی گواہی ہر قسم کے شکوک اور شبہات سے بالاتر رکھی ہے۔ کافر پر یہ اعتماد نہیں کیا جا سکتا کہ وہ مسلمان کا خیر خواہ ہوگا اور یہ شک کیا جا سکتا ہے کہ اس نے مسلمان کی بدخواہی کے لیے غلط شہادت دی ہو اس وجہ سے اس باب میں کافر کی شہادت کا اعتبار نہیں کیا گیا اور عورت کی گواہی چونکہ نصف ہوتی ہے۔ اور اس کے بھول لینے بھٹکنے اور غلطی کرنے کا امکان ہے اس وجہ سے اس کی شہادت کا بھی اعتبار نہیں کیا گیا اور صرف مسلمان آزاد مرد عدل کی شہادت کا اعتبار کیا گیا ہے۔ شہادت کے باب میں میں نے بہت تفصیل اور تحقیق کی ہے اور بہت غور و خوض کیا ہے ان گنت کتابوں کی چھان بین کی ہے معاصرین علماء سے مذاکرات اور بحث و تمحیص کی اور بہت چھان پھٹک کر لکھا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے دیکھا کہ لوگ عورت کی شہادت کے نصاب اور حدود و قصاص میں عورت کی شہادت کا اعتبار نہ کرنے کی وجہ سے اسلام پر طرح طرح کے اعتراضات کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اسلام نے عورت کو آدھا انسان قرار دیا ہے اور حدود و قصاص میں چونکہ اس کی شہادت اصلاً نہیں ہے تو گویا وہ آدھا انسان بھی نہیں ہے اس بناء پر میں نے اسلام کی حقانیت واضح کرنے کے لیے شہادت کے تمام پہلوؤں کو واضح کیا تاکہ اسلام کے نظام شہادت کا فلسفہ نئی نسل کے قارئین پر

[1] قاضی ابوالولید محمد بن احمد ابن رشد مالکی متوفی ۵۹۵ھ، بدایۃ المجتہد ج ۲ ص ۳۴۸، مطبوعہ دار الفکر بیروت

واضح ہو سکے اور معترضین کو تسلی بخش جواب دیے جا سکیں۔

اللہ العالمین میری اس تحریر کو نفع آور بنا، مخالفین کے لیے ہدایت اور موافقین کے لیے استقامت کا سبب بنا اور میری اس کتاب کو میرے لیے توشۂ آخرت اور صدقہ جاریہ کر دے آمین وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد خاتم النبیین سید المرسلین اول الشافعین والمشفعین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

بَابُ بَيَانِ اِخْتِلَافِ الْمُجْتَهِدِيْنَ

مجتہدین کے اختلاف کا بیان

۴۳۸۱ - حَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنِيْ شَبَابَةُ حَدَّثَنِيْ وَرْقَاءُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَمَا امْرَاَتَانِ مَعَهُمَا ابْنَاهُمَا جَاءَ الذِّئْبُ فَذَهَبَ بِابْنِ اِحْدَاهُمَا فَقَالَتْ هٰذِهٖ لِصَاحِبَتِهَا اِنَّمَا ذَهَبَ بِابْنِكِ اَنْتِ وَقَالَتِ الْاُخْرٰى اِنَّمَا ذَهَبَ بِابْنِكِ فَتَحَاكَمَتَا اِلٰى دَاوٗدَ فَقَضٰى بِهٖ لِلْكُبْرٰى فَخَرَجَتَا عَلٰى سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ فَاَخْبَرَتَاهُ فَقَالَ ائْتُوْنِيْ بِالسِّكِّيْنِ اَشُقُّهٗ بَيْنَكُمَا فَقَالَتِ الصُّغْرٰى لَا يَرْحَمُكَ اللّٰهُ هُوَ ابْنُهَا فَقَضٰى بِهٖ لِلصُّغْرٰى قَالَ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ وَاللّٰهِ اِنْ سَمِعْتُ بِالسِّكِّيْنِ قَطُّ اِلَّا يَوْمَئِذٍ مَا كُنَّا نَقُوْلُ اِلَّا الْمُدْيَةَ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ دو عورتیں اپنے اپنے بچے کو ساتھ لے کر جا رہی تھیں، اتنے میں بھیڑیا آ کر ان میں سے ایک کے بچے کو لے گیا، ایک عورت نے دوسری سے کہا بھیڑیا تمہارے بچہ کو لے گیا ہے، دوسری نے کہا نہیں، تمہارے بچہ کو لے گیا ہے وہ دونوں حضرت داؤد کے پاس اپنا مقدمہ لے کر گئیں انھوں نے بڑی عورت کے حق میں فیصلہ کر دیا، پھر وہ دونوں حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کے پاس گئیں اور ان کو ماجرا سنایا، حضرت سلیمان نے فرمایا چھری لاؤ میں اس بچے کے دو ٹکڑے کر کے تم دونوں کو دے دیتا ہوں، چھوٹی نے کہا نہیں، اللہ تم پر رحم کرے وہ اسی کا بچہ ہے، پھر حضرت سلیمان نے چھوٹی کے حق میں اس بچہ کا فیصلہ کر دیا، حضرت ابو ہریرہ نے کہا بخدا! (چھری کے لیے) سکین، کا لفظ میں نے اسی دن سنا ہے۔ ہم اس سے پہلے "مدیہ" کہتے تھے۔

۴۳۸۲ - وَحَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنِيْ حَفْصٌ يَعْنِي ابْنَ مَيْسَرَةَ الصَّنْعَانِيَّ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ ح وَحَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا رَوْحٌ وَهُوَ ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ جَمِيْعًا عَنْ اَبِي الزِّنَادِ بِهٰذَا

امام مسلم نے اس حدیث کی دو سندیں اور بیان کی ہیں اور کہا ان سندوں سے بھی اسی طرح روایت ہے۔

الْاِسْنَادِ مِثْلَ مَعْنٰی حَدِیْثِ وَرْقَاءَ۔

اس باب کی حدیث میں ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اس بچہ کا بڑی عورت کے حق میں فیصلہ کر دیا، اس جگہ یہ سوال ہے کہ حضرت داؤد نے کس قرینہ کی بنا پر بڑی عورت کے حق میں فیصلہ کیا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے کہ حضرت داؤد کے خیال میں وہ بچہ بڑی عورت کے مشابہ ہو اور اس مشابہت کی بنا پر انھوں نے یہ فیصلہ کیا ہو، یا بچہ بڑی عورت کے ہاتھ میں دیکھ کر یہ فیصلہ کر دیا ہو۔

حضرت سلیمان کا واقعاتی شہادت سے استدلال

حضرت سلیمان نے حقیقت حال معلوم کرنے کے لیے یہ طریقہ اختیار کیا کہ ان دونوں سے کہا کہ میں چھری سے اس بچے کے دو ٹکڑے کر دیتا ہوں۔ تاکہ یہ دیکھیں کہ یہ فیصلہ کس پر دشوار ہوتا ہے اور جس عورت پر بچے کے دو ٹکڑے کرنے کا فیصلہ شاق ہوگا وہی عورت حقیقت میں بچہ کی ماں ہوگی، اور جب بڑی عورت بچے کے ٹکڑے کرنے پر راضی ہو گئی اور چھوٹی عورت نے بچے کی جان بچانے کے لیے کہا کہ نہیں، یہ اسی کا بچہ ہے تو حضرت سلیمان علیہ السلام کو معلوم ہو گیا کہ بچہ حقیقت میں چھوٹی عورت کا ہے، اور انھوں نے چھوٹی عورت کے حق میں فیصلہ کر دیا۔ درحقیقت اس مسئلہ میں حضرت سلیمان علیہ السلام نے واقعاتی شہادت اور قرینہ خارجیہ سے استدلال کیا ہے کیونکہ یہاں اور گواہی نہیں تھی۔ اور علماء نے کہا ہے کہ حکام کو اس قسم کے معاملات میں واقعاتی شہادتوں سے استدلال کرنا چاہیے۔

ایک مجتہد دوسرے مجتہد سے کب اختلاف کر سکتا ہے؟

ایک سوال یہ ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کے فیصلہ کے بعد اسی مقدمہ میں حضرت سلیمان علیہ السلام نے کیوں فیصلہ کیا، اور ان کے فیصلہ کو کیوں تبدیل کیا، حالانکہ ایک مجتہد دوسرے مجتہد کے فیصلہ کو تبدیل نہیں کرتا؟ اس کے متعدد جواب ہیں:

(۱)۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو اس فیصلہ پر یقین نہیں تھا۔

(۲)۔ یہ حضرت داؤد علیہ السلام کا فتویٰ تھا، فیصلہ نہیں تھا۔

(۳)۔ ہو سکتا ہے کہ ان کی شریعت میں یہ جائز ہو کہ جب دوسرے حاکم کے پاس مقدمہ پہنچے تو وہ پہلے حاکم کے خلاف فیصلہ کر دے۔

(۴)۔ حضرت سلیمان نے جب حیلہ سے یہ معلوم کر لیا کہ بچہ چھوٹی عورت کا ہے تو انھوں نے بڑی عورت سے اقرار کرا لیا اور اقرار حجت ملزمہ ہے، کیونکہ جب اس نے حضرت داؤد علیہ السلام کے فیصلہ کے خلاف خود ہی اقرار کر لیا کہ حق چھوٹی عورت کا ہے تو اب حضرت سلیمان پر فیصلہ تبدیل کرنے کا اعتراض نہیں ہے۔

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ایک مجتہد کا دوسرے مجتہد سے اختلاف کرنا جائز ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ انبیاء علیہم السلام اجتہاد کرتے ہیں اور بعض اوقات انبیاء علیہم السلام سے اجتہادی خطاء بھی ہو جاتی ہے، جیسا کہ اس مسئلہ میں حضرت داؤد علیہ السلام سے اجتہادی خطاء ہو گئی، لیکن وہ اجتہادی خطاء پر برقرار نہیں رہتے اللہ تعالیٰ ان پر حق واضح کر دیتا ہے۔

بَابُ ۵۶۲ اِسْتِحْبَابِ اِصْلَاحِ الْحَاكِمِ بَيْنَ الْخَصْمَيْنِ

دو فریقوں کے درمیان حاکم کے صلح کرانے کا استحباب

۴۳۸۳ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ اَحَادِيْثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرٰى رَجُلٌ مِّنْ رَّجُلٍ عَقَارًا لَهٗ فَوَجَدَ الرَّجُلُ الَّذِيْ اشْتَرَى الْعَقَارَ فِيْ عَقَارِهٖ جَرَّةً فِيْهَا ذَهَبٌ فَقَالَ لَهُ الَّذِي اشْتَرَى الْعَقَارَ خُذْ ذَهَبَكَ مِنِّيْ اِنَّمَا اشْتَرَيْتُ مِنْكَ الْاَرْضَ وَلَمْ اَبْتَعْ مِنْكَ الذَّهَبَ فَقَالَ الَّذِيْ شَرَى الْاَرْضَ اِنَّمَا بِعْتُكَ الْاَرْضَ وَمَا فِيْهَا قَالَ فَتَحَاكَمَا اِلٰى رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِيْ تَحَاكَمَا اِلَيْهِ اَلَكُمَا وَلَدٌ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِيْ غُلَامٌ وَقَالَ الْاٰخَرُ لِيْ جَارِيَةٌ قَالَ اَنْكِحُوا الْغُلَامَ الْجَارِيَةَ وَاَنْفِقُوْا عَلٰى اَنْفُسِكُمَا مِنْهُ وَتَصَدَّقَا۔

ہمام بن منبہ نے حضرت ابوہریرہ کی کئی احادیث بیان کیں از اں جملہ یہ ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک شخص نے دوسرے شخص سے زمین خریدی، جس شخص نے زمین خریدی تھی اس کو اس زمین میں سونے سے بھرا ہوا ایک گھڑا ملا، زمین خریدنے والے شخص نے زمین والے سے کہا اپنا سونا لے لو، میں نے تو تم سے فقط زمین خریدی تھی، اور تم سے سونا نہیں خریدا تھا، زمین بیچنے والے نے کہا میں نے تم کو زمین اور جو کچھ اس زمین میں ہے فروخت کر دیا ہے، پھر ان دونوں نے ایک شخص کو اپنا منصف بنایا، منصف نے پوچھا کیا تمہاری اولاد ہے؟ ایک نے کہا میرا لڑکا ہے دوسرے نے کہا میری لڑکی ہے، منصف نے کہا لڑکے اور لڑکی کی شادی کر دو اور یہ سونا اپنے اوپر خرچ کر دو اور صدقہ کر دو۔

حَکَم کے فیصلہ کے متعلق فقہاء کی آراء

اس حدیث میں یہ ہے کہ دونوں فریقوں نے ایک شخص کو حاکم بنا لیا، علامہ وشتانی اُبی مالکی اس کی تشریح میں لکھتے ہیں: بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ شخص حکومت کا مقرر کردہ حاکم نہیں تھا، اور ان دونوں فریقوں نے اس کو اپنا حاکم بنا لیا تھا۔ امام مالک بھی یہی کہتے ہیں کہ کسی شخص کو حاکم بنانا صحیح ہے اور اگر وہ شخص فیصلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے تو اس کا فیصلہ لازم ہو جائے گا اور اس کا فیصلہ غلط نہیں قرار دیا جائے گا خواہ قاضی شہر کی رائے اس کے موافق ہو یا مخالف، اور امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ اگر اس حاکم کا فیصلہ قاضی شہر کی رائے کے موافق ہے تو اس کا فیصلہ نافذ ہوگا ورنہ نہیں ہوگا۔ امام شافعی کے اس مسئلہ میں دو قول ہیں ایک قول امام مالک کی مثل ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس کا فیصلہ لازم اور نافذ نہیں ہوگا اور اس کا قول فتویٰ کی طرح ہوگا۔ [1]

---

[1] علامہ ابوعبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ... ص ۲۰۸ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

علامہ بدرالدین عینی حنفی نے بھی اسی طرح مذاہب فقہاء بیان کیے ہیں۔ [۱]

زمین خریدنے کے بعد اس میں دفینہ ملنے کی مختلف صورتیں اور ان کے احکام

علامہ وشتانی مالکی لکھتے ہیں کہ علامہ خطابی نے کہا ہے کہ اس حاکم نے وہ مال ان دونوں میں سے کسی ایک کو نہیں دیا بلکہ ان کی اولاد پر تقسیم کر دیا، اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ مال ضائع تھا اور ان میں سے کسی شخص نے اس مال کا دعویٰ نہیں کیا تھا اور شاید وہاں بیت المال نہیں تھا، اس لیے اس حاکم نے یہ سوچا کہ چونکہ یہ دونوں نیک آدمی ہیں اس لیے دوسروں کی بہ نسبت یہ دونوں اس مال کے زیادہ حق دار ہیں۔ علامہ ابی مالکی کہتے ہیں کہ جس مال کے دو شخص دعویٰ دار ہوں وہ مال ان دونوں پر تقسیم کر دیا جاتا ہے اس طرح جس مال کا دونوں انکار کریں اس کو بھی دونوں پر تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ (علامہ ابی کا بیان کردہ یہ قاعدہ کلیہ صحیح نہیں ہے، البتہ یوں کہا جا سکتا ہے کہ جس مال کے دو شخص دعویٰ دار ہوں اور کسی کے دعویٰ کو دوسرے پر ترجیح اور فوقیت نہ ہو تو پھر وہ مال دونوں پر تقسیم کر دیا جائے گا، اسی طرح اگر ایک مال دو شخصوں سے متعلق ہو اور ان کے علاوہ کسی اور کی ملکیت اس سے متعلق نہ ہو اور وہ دونوں اس سے انکار کرتے ہوں تو وہ مال دونوں پر تقسیم کر دیا جائے گا۔ (سعیدی غفرلہٗ)

علامہ مازری مالکی لکھتے ہیں: اگر کسی شخص نے زمین بیچی اور پھر خریدار کو اس زمین میں دفینہ ملا تو ہمارے نزدیک اس میں اختلاف ہے کہ وہ بائع کی ملکیت ہے یا مشتری کی؟ اور اس میں فقہاء مالکیہ کے دو قول ہیں۔ علامہ خطابی لکھتے ہیں کہ اختلاف اس وقت ہے جب وہ دفینہ پتھروں اور سنگ مرمر کی طرح زمین کی جنس سے ہو۔ ________ لیکن جو چیز زمین کی جنس سے نہ ہو جیسے سونا اور چاندی تو اگر وہ زمانہ جاہلیت کے دفینوں سے ہے تو وہ رکاز ہے۔ اور اگر وہ مسلمانوں کے دفینوں میں سے ہے تو وہ لقطہ ہے (اگر سونے اور چاندی کے ان سکوں پر بتوں کی تصویریں ہیں تو وہ دفینہ جاہلیت ہوگا اور اس کا پانچواں حصہ بیت المال کے لیے ہوگا اور باقی حصہ مالک زمین کا ہوگا یہ رکاز کا حکم ہے اور اگر ان سکوں پر مسلمانوں کی حکومتوں کی علامتیں ہوں تو پھر وہ مال لقطہ ہے، لقطہ کا حکم آئندہ ابواب میں آ رہا ہے۔ سعیدی غفرلہٗ)۔ اور اگر سونے اور چاندی کے ان سکوں کا کچھ پتا نہ چلے تو پھر وہ مال ضائع ہے اور اس کو بیت المال میں محفوظ کر دیا جائے گا اور اگر وہاں بیت المال نہ ہو تو پھر اس مال کو فقراء میں اور مسلمانوں کے مفاد عامہ میں خرچ کر دیا جائے گا۔

علامہ وشتانی اُبی مالکی لکھتے ہیں: اگر وہ دفینہ رکاز قرار دیا جائے تو امام ابن القاسم کے نزدیک وہ خریدار کی ملکیت ہے اور امام مالک کے نزدیک وہ بائع کی ملکیت ہے اور اگر اس کو لقطہ قرار دیا جائے تو پھر وہ بلا اختلاف بائع کا ہے۔ اور بعض فقہاء مالکیہ نے کہا ہے کہ اگر وہ قدیم زمانہ کا دفینہ ہے تب اس کو لقطہ قرار دیا جائے اور اگر وہ زمانہ قریب کا دفینہ ہے تو وہ بائع یا اس کے ورثہ کی ملکیت ہے اور زمانہ کے قرب اور بعد کا تعین قرائن سے کیا جائے گا۔ [۲]

دفینہ کے بارے میں علامہ بدرالدین عینی حنفی نے بھی علامہ مازری مالکی کے بیان کردہ اقوال نقل کیے ہیں اور اس مسئلہ میں انھوں نے امام مالک کے قول کو حسن قرار دیا ہے۔ [۳]

---

[۱] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۶ ص ۵۸، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[۲] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی اُبی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۹-۲۸، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[۳] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۶ ص ۵۸، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ

رکاز میں فقہاء احناف کے مذہب کی تفصیل ہم نے پانچویں جلد میں بیان کر دی ہے۔

۱۱ محرم الحرام ۱۴۲۱ھ کو کتاب الاقضیۃ ختم ہو گئی، والحمد للہ رب العالمین، اے بار الٰہ! مجھے صحیح مسلم کی باقی کتب اور ابواب کی شرح کی توفیق بھی عنایت کر اور صحت و عافیت قائم رکھ اور اس کے لیے مزید قوت، توانائی اور وسائل عطا فرما اور اس کتاب کو اپنی بارگاہ میں مقبول اور مشکور فرما اور اس کو تا قیامت تمام مسلمانوں کے لیے نافع بنا دے اور میرے لیے اس کو صدقہ جاریہ اور بخشش کا ذریعہ بنا دے۔ آمین و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد خاتم النبیین سید المرسلین اول الشافعین والمشفعین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ من المحدثین والمفسرین والائمۃ المجتہدین اجمعین۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ اللُّقَطَةِ

گری پڑی چیزوں کے احکام

بَابٌ ۵۰۳

۴۳۸۴۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا فَشَأْنَكَ بِهَا قَالَ فَضَالَّةُ الْغَنَمِ قَالَ لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ قَالَ فَضَالَّةُ الْإِبِلِ قَالَ مَا لَكَ وَلَهَا مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا قَالَ يَحْيَى أَحْسِبُ قَرَأْتُ عِفَاصَهَا۔

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے لقطہ (گم شدہ چیز) کے بارے میں سوال کیا، آپ نے فرمایا اس (تھیلی) کے باندھنے کی ڈوری اور اس تھیلی کی پہچان کو یاد رکھو، پھر ایک سال تک اس کا اعلان کرو اگر اس کا مالک آجائے تو فبہا ورنہ اس کو تم رکھ لو، اس شخص نے کہا اور گم شدہ بکری کا کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ تمہاری ہے یا تمہارے بھائی کی یا بھیڑیے کی! اس نے کہا اور گم شدہ اونٹ کا کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا تمہیں اس سے کیا مطلب؟ اس کے ساتھ اس کی مشک (پیٹ کا پانی) ہے اور اس کا جوتا بھی اس کے ساتھ ہے، وہ پانی (کے گھاٹ) پر جائے گا اور درختوں کے پتے کھائے گا حتیٰ کہ اس کا مالک آکر اس کو پکڑے گا۔

۴۳۸۵۔ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالَ ابْنُ حُجْرٍ أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لقطہ کے متعلق سوال کیا، آپ نے فرمایا تم اس کا ایک سال تک اعلان کرو، پھر اس کے سربند اور اس تھیلی کو پہچان کر یاد رکھو پھر اس کو خرچ کر لو، اور اگر اس کا مالک آئے تو وہ اس کو دے دو! اس شخص نے کہا: یا رسول! گم شدہ (جنگلی) بکری کا کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا اس کو لے لو وہ تمہاری ہے

عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ عَرِّفْهَا سَنَةً ثُمَّ اعْرِفْ وِكَاءَهَا وَعِفَاصَهَا ثُمَّ اسْتَنْفِقْ بِهَا فَإِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَأَدِّهَا إِلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَضَالَّةُ الْغَنَمِ قَالَ خُذْهَا فَإِنَّمَا هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَضَالَّةُ الْإِبِلِ قَالَ فَغَضِبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ أَوِ احْمَرَّ وَجْهُهُ ثُمَّ قَالَ مَا لَكَ وَلَهَا مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا حَتَّى يَلْقَاهَا رَبُّهَا۔

یا تمہارے بھائی کی ہے، یا بھیڑیے کی، اس شخص نے کہا یا رسول اللہ! اور گم شدہ اونٹ کا کیا حکم ہے؟ (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غضب ناک ہو گئے حتیٰ کہ آپ کے رخسار سرخ ہو گئے، یا چہرہ سرخ ہو گیا، پھر آپ نے فرمایا: تمہیں اونٹ سے کیا مطلب ہے؟ اس کے ساتھ اس کا جوتا اور مشک ہے (وہ چرتا پھرے گا) حتیٰ کہ اس کا مالک اس سے آملے گا۔

۴۳۸۶ - وَحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَمَالِكُ بْنُ أَنَسٍ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَغَيْرُهُمْ أَنَّ رَبِيعَةَ بْنَ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَهُمْ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَ حَدِيثِ مَالِكٍ غَيْرَ أَنَّهُ زَادَ قَالَ أَتَى رَجُلٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ فَسَأَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ قَالَ وَقَالَ عَمْرٌو فِي الْحَدِيثِ فَإِذَا لَمْ يَأْتِ لَهَا طَالِبٌ فَاسْتَنْفِقْهَا۔

ایک اور سند سے یہ حدیث مروی ہے اس میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص آیا درآں حالیکہ میں بھی اس کے ساتھ تھا اس شخص نے آپ سے لقطہ کے متعلق دریافت کیا اور اس حدیث کے آخر میں ہے جب اس چیز کا کوئی مانگنے والا نہ آئے تو اس کو خرچ کر ڈالو۔

۴۳۸۷ - وَحَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ وَهُوَ ابْنُ بِلَالٍ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ قَالَ سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ يَقُولُ أَتَى رَجُلٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَاحْمَارَّ وَجْهُهُ وَجَبِينُهُ وَغَضِبَ وَزَا…

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص آیا۔ اس کے بعد بقیہ حدیث حسب سابق ہے، اور اس میں یہ ہے کہ آپ کی پیشانی اور چہرہ مبارک سرخ ہو گیا، اور آپ غضب ناک ہو گئے اور اس کے بعد آپ کا یہ ارشاد ہے کہ پھر ایک سال تک اس کا اعلان کرو اور اگر اس کا مالک نہ آیا تو وہ چیز تمہارے پاس امانت رہے گی۔

قَوْلِهٖ ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ لَّمْ يَجِئْ صَاحِبُهَا كَانَتْ وَدِيْعَةً عِنْدَكَ۔

۴۳۸۸ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ أَنَّهٗ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللُّقَطَةِ الذَّهَبِ أَوِ الْوَرِقِ فَقَالَ اعْرِفْ وِكَاءَهَا وَعِفَاصَهَا ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ لَّمْ تَعْرِفْ فَاسْتَنْفِقْهَا وَلْتَكُنْ وَدِيْعَةً عِنْدَكَ فَإِنْ جَاءَ طَالِبُهَا يَوْمًا مِّنَ الدَّهْرِ فَأَدِّهَا إِلَيْهِ وَسَأَلَهٗ عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ فَقَالَ مَا لَكَ وَلَهَا دَعْهَا فَإِنَّ مَعَهَا حِذَاءَهَا وَسِقَاءَهَا تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ حَتّٰى يَجِدَهَا رَبُّهَا وَسَأَلَهٗ عَنِ الشَّاةِ فَقَالَ خُذْهَا فَإِنَّمَا هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سونے یا چاندی کے لقطہ (گم شدہ چیز) کے متعلق سوال کیا، آپ نے فرمایا اس کا سر بند اور اس کی تھیلی پہچان کر یاد رکھو اور اس کا ایک سال تک اعلان کرو۔ پھر بھی اگر وہ شناخت نہ کی جاتے تو تم اس کو خرچ کر لو لیکن وہ چیز تمہارے پاس امانت رہے گی، پھر جب کسی دن اس کا مالک آجائے تو وہ چیز اس کو دے دو، پھر اس شخص نے گم شدہ اونٹ کے بارے میں سوال کیا، آپ نے فرمایا تمہارا اس سے کیا تعلق؟ اس کو چھوڑ دو، کیونکہ اس کے ساتھ اس کی جوتی اور مشک ہے۔ وہ پانی پر جائے گا اور درخت کے پتے کھائے گا حتیٰ کہ اس کا مالک اس کو پالے گا، پھر اس نے آپ سے بکری کے بارے میں پوچھا۔ آپ نے فرمایا اس کو لے لو کیونکہ یا وہ تمہارے لیے ہے یا تمہارے بھائی کے لیے یا بھیڑیے کے لیے ہے۔

۴۳۸۹ - وَحَدَّثَنِيْ إِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ أَخْبَرَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَرَبِيْعَةُ الرَّأْيِ بْنُ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ زَادَ رَبِيْعَةُ فَغَضِبَ حَتَّى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ وَاقْتَصَّ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِ حَدِيْثِهِمْ وَزَادَ فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَعَرَفَ عِفَاصَهَا وَعَدَدَهَا وَوِكَاءَهَا فَأَعْطِهَا إِيَّاهُ وَإِلَّا فَهِيَ لَكَ۔

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے گم شدہ اونٹ کے بارے میں سوال کیا، ربیعہ کی روایت میں یہ زیادتی ہے کہ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم غضب ناک ہوئے حتیٰ کہ آپ کے رخسار مبارک سرخ ہو گئے اور اس روایت میں یہ زیادہ ہے کہ اگر اس کا مالک آئے اور اس تھیلی کے (پیسوں کے) عدد اور سر بند کو پہچان لے تو وہ اس کو دے دو، ورنہ وہ تمہارے لیے ہے۔

۴۳۹۰ - وَحَدَّثَنِيْ اَبُوالطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِوبْنِ سَرْحٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ اَبِي النَّضْرِ عَنْ بُسْرِبْنِ سَعِيْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ عَرِّفْهَا سَنَةً فَاِنْ لَّمْ تُعْتَرَفْ فَاعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا ثُمَّ كُلْهَا فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَاَدِّهَا اِلَيْهِ۔

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لقطہ کے بارے میں دریافت کیا گیا، آپ نے فرمایا اس کا ایک سال تک اعلان کرو، پھر بھی اگر وہ نہ پہچانی جائے تو اس کی تھیلی اور سربند کی پہچان کو یاد رکھو، پھر اس کو کھا لو اور اگر اس کا مالک آ جائے تو وہ چیز اس کو ادا کر دو۔

۴۳۹۱ - وَحَدَّثَنِيْهِ اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْبَكْرٍ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَقَالَ فِي الْحَدِيْثِ فَاِنِ اعْتُرِفَتْ فَاَدِّهَا وَاِلَّا فَاعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا وَعَدَدَهَا۔

ایک اور سند سے یہ روایت ہے، اور اس میں یہ ہے کہ اگر وہ چیز پہچان لی جائے تو اس کو دے دو، ورنہ اس تھیلی اس کے سربند اور اس کے عدد کی شناخت کو یاد رکھو۔

۴۳۹۲ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح وَحَدَّثَنِيْ اَبُوْبَكْرِ بْنُ نَافِعٍ وَاللَّفْظُ لَهٗ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ سُوَيْدَ بْنَ غَفَلَةَ قَالَ خَرَجْتُ اَنَا وَزَيْدُ بْنُ صُوْحَانَ وَسَلْمَانُ بْنُ رَبِيْعَةَ غَازِيْنَ فَوَجَدْتُ سَوْطًا فَاَخَذْتُهٗ فَقَالَا لِيْ دَعْهُ فَقُلْتُ لَا وَلٰكِنِّيْ اُعَرِّفُهٗ فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهٗ وَاِلَّا اسْتَمْتَعْتُ بِهٖ قَالَ فَاَبَيْتُ عَلَيْهِمَا فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ غَزَاتِنَا قُضِيَ لِيْ اَنِّيْ حَجَجْتُ فَاَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ فَلَقِيْتُ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ فَاَخْبَرْتُهٗ بِشَاْنِ السَّوْطِ وَبِقَوْلِهِمَا فَقَالَ اِنِّيْ وَجَدْتُ صُرَّةً فِيْهَا مِائَةُ دِيْنَارٍ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ [illegible]

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں اور حضرت زید بن صوحان اور حضرت سلمان بن ربیعہ جہاد کے لیے گئے، مجھے ایک چابک پڑا ہوا ملا، میں نے اس کو اٹھا لیا، ان دونوں نے مجھ سے کہا: اس کو چھوڑ دو، میں نے کہا نہیں، میں اس کا اعلان کروں گا اگر اس کا مالک آ گیا تو فبہا ورنہ میں خود اس سے فائدہ اٹھاؤں گا، اور میں نے ان دونوں کی بات نہیں مانی، جب ہم جہاد سے واپس لوٹے تو میں خوش قسمتی سے حج کے لیے چلا گیا اور پھر میں مدینے آیا میری ملاقات حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے ان کو چابک اٹھانے اور ان دونوں کے منع کرنے کا قصہ سنایا انھوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مجھے ایک تھیلی ملی تھی جس میں سو دینار تھے، میں اس کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے فرمایا اس کا ایک سال تک اعلان کرو، انھوں نے کہا پھر میں نے اس کا اعلان [illegible] شناخت کے لیے کوئی نہیں آیا، میں دوبارہ

فَاَتَيْتُ بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَرِّفْهَا حَوْلًا قَالَ فَعَرَّفْتُهَا فَلَمْ اَجِدْ مَنْ يَّعْرِفُهَا ثُمَّ اَتَيْتُهٗ فَقَالَ عَرِّفْهَا حَوْلًا فَعَرَّفْتُهَا فَلَمْ اَجِدْ مَنْ يَّعْرِفُهَا ثُمَّ اَتَيْتُهٗ فَقَالَ عَرِّفْهَا حَوْلًا فَعَرَّفْتُهَا فَلَمْ اَجِدْ مَنْ يَّعْرِفُهَا فَقَالَ احْفَظْ عَدَدَهَا وَوِعَاءَهَا وَوِكَاءَهَا فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَاِلَّا فَاسْتَمْتِعْ بِهَا فَاسْتَمْتَعْتُ بِهَا فَلَقِيْتُهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ بِمَكَّةَ فَقَالَ لَا اَدْرِيْ بِثَلَاثَةِ اَحْوَالٍ اَوْ حَوْلٍ وَّاحِدٍ۔

آپ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے فرمایا ایک سال تک اس کا اعلان کرو، انھوں نے کہا: میں نے پھر اس کا اعلان کیا اور کوئی اس کی شناخت کے لیے نہیں آیا میں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے فرمایا ایک سال تک اس کا اعلان کرو، انھوں نے کہا میں نے اعلان کیا اور اس کی شناخت کے لیے کوئی شخص نہیں آیا، پھر آپ نے فرمایا ان کے عدد، ان کی تھیلی اور سربند کی شناخت کو یاد رکھو، اگر اس کا مالک آجائے تو فبہا ورنہ تم اس سے فائدہ اٹھا لو پھر میں نے ان سے فائدہ اٹھایا، سوید بن غفلہ کہتے ہیں اس کے بعد میری حضرت اُبی سے مکہ میں ملاقات ہوئی، انھوں نے کہا مجھے یاد نہیں تین سال تھے یا ایک سال۔

۴۳۹۳ - وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِيْ سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ اَوْ اَخْبَرَ الْقَوْمَ وَاَنَا فِيْهِمْ قَالَ سَمِعْتُ سُوَيْدَ ابْنَ غَفَلَةَ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ زَيْدِ بْنِ صُوْحَانَ وَسَلْمَانَ بْنِ رَبِيْعَةَ فَوَجَدْتُّ سَوْطًا وَاقْتَصَّ الْحَدِيْثَ بِمِثْلِهٖ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاسْتَمْتَعْتُ بِهَا قَالَ شُعْبَةُ فَسَمِعْتُهٗ بَعْدَ عَشْرِ سِنِيْنَ يَقُوْلُ عَرِّفْهَا عَامًا وَّاحِدًا۔

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں اور حضرت زید بن صوحان اور حضرت سلمان بن ربیعہ ایک سفر پر گئے مجھے ایک چابک پڑا ہوا ملا، اس کے بعد "میں نے اس سے فائدہ اٹھایا" تک حسب سابق حدیث ہے شعبہ کہتے ہیں کہ میں دس سال بعد ان سے ملا تو وہ کہتے تھے ایک سال تک اعلان کرو۔

۴۳۹۴ - وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ جَمِيْعًا عَنْ سُفْيَانَ ح وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ ح وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

امام مسلم نے اس حدیث کی چار سندیں بیان کیں، حماد بن سلمہ کی روایت کے علاوہ تمام روایات میں تین سال تک اعلان کرنے کا ذکر ہے اور حماد کی روایت میں دو سال یا تین سال کا ذکر ہے، اور سفیان اور زید بن ابی انیسہ اور حماد بن سلمہ کی روایت میں ہے اگر کوئی شخص آئے اور وہ اس چیز کی تعداد، تھیلی اور سربند کی پہچان بتلائے تو تم اس کو وہ چیز دے دو اور وکیع کی روایت میں یہ زائد ہے کہ ورنہ وہ پھر تمہارے مال کی طرح ہے اور ابن نمیر کی روایت

بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ كُلُّ هٰؤُلَاءِ عَنْ سَلَمَةَ ابْنِ كُهَيْلٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ شُعْبَةَ وَفِي حَدِيثِهِمْ جَمِيعًا ثَلَاثَةَ أَحْوَالٍ إِلَّا حَمَّادَ بْنَ سَلَمَةَ فَإِنَّ فِي حَدِيثِهِ عَامَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً وَفِي حَدِيثِ سُفْيَانَ وَزَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ وَحَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ فَإِنْ جَاءَ أَحَدٌ يُخْبِرُكَ بِعَدَدِهَا وَوِعَائِهَا وَوِكَائِهَا فَأَعْطِهَا إِيَّاهُ وَزَادَ سُفْيَانُ فِي رِوَايَةِ وَكِيعٍ وَإِلَّا فَهِيَ كَسَبِيلِ مَالِكَ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ نُمَيْرٍ وَإِلَّا فَاسْتَمْتِعْ بِهَا۔

ہیں سے ہے ورنہ پھر تم اس سے نفع حاصل کرو۔

۴۳۹۵ - حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَيُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَا أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لُقَطَةِ الْحَاجِّ۔

حضرت عبدالرحمان بن عثمان تیمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاجیوں کی گری پڑی چیز اٹھانے سے منع فرمایا ہے۔

۴۳۹۶ - وَحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَيُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ عَنْ أَبِي سَالِمٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ آوَى ضَالَّةً فَهُوَ ضَالٌّ مَا لَمْ يُعَرِّفْهَا۔

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے کسی گم شدہ چیز کو رکھ لیا تو وہ شخص گمراہ ہے جب تک کہ وہ اس کا اعلان نہ کرے۔

لقطہ کا لغوی معنی

علامہ زبیدی لکھتے ہیں کہ لقطۃ بروزن ہُمزۃ ہے اور لقطہ اس چیز کو کہتے ہیں جو کسی کو راستہ میں گری پڑی مل جائے اور لقطۃ اس شخص کو کہتے ہیں جو گری پڑی چیز کو اٹھانے والا ہو، اور اگر راستہ میں کوئی بچہ پڑا ہوا مل جائے تو اس کو لقیط کہتے ہیں۔ [1]

لقطہ کو اٹھانے کے حکم میں مذاہب فقہاء

علامہ موفق الدین ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ لقطہ کا نہ اٹھانا افضل ہے۔ حضرت ابن عباس، حضرت ابن عمر، حضرت جابر، ابن زید، ربیع بن خثیم اور عطاء کا بھی یہی نظریہ ہے۔ قاضی شریح نے ایک درہم گرا ہوا دیکھا اور اس سے کوئی تعرض نہیں کیا۔ امام شافعی اور ابوالخطاب کا قول یہ ہے کہ اگر کوئی چیز ایسی جگہ پڑی ہے جہاں اس کے ضائع ہونے کا خطرہ ہو اور اس شخص کو اپنے اوپر یہ اطمینان حاصل ہو کہ وہ اس چیز میں خیانت نہیں کرے گا تو اس شخص کے لیے اس چیز کو اٹھانا افضل ہے۔ امام شافعی کا دوسرا قول یہ ہے کہ اس شخص پر اٹھانا واجب ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: والمؤمنون والمؤمنات بعضهم اولياء بعض (توبہ: ۷۱) "مسلمان مرد اور عورتیں ایک دوسرے کے ولی ہیں" اور جب مسلمان ایک دوسرے کے ولی ہیں تو ان پر ایک دوسرے کی چیزوں کی حفاظت واجب ہے۔ سعید بن مسیب، حسن بن صالح اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک بھی لقطہ کو اٹھانا واجب ہے (امام ابوحنیفہ کے نزدیک لقطہ کو اٹھانا واجب نہیں مستحب ہے۔ سعیدی غفرلہ)۔ حضرت ابی بن کعب اور حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہما نے لقطہ کو اٹھایا تھا۔ امام مالک فرماتے ہیں کہ اگر کوئی اہم اور قیمتی چیز ہو تو اس کو اٹھانا مستحب ہے اور وہ اٹھا کر اس کا اعلان کرے، کیونکہ اس میں مسلمان کے مال کی حفاظت ہے اور یہ اس کو ضائع کرنے سے بہتر ہے۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: ہماری دلیل حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے اور صحابہ میں سے کسی نے ان کے قول کی مخالفت نہیں کی۔ نیز لقطہ کو اٹھا کر اپنے آپ کو حرام کھانے اور اعلان نہ کرکے ترک واجب کے خطرہ میں ڈالنا ہے۔ اس لیے زیادہ محفوظ اور زیادہ بہتر یہ ہے کہ لقطہ کو نہ اٹھایا جائے، جس طرح یتیم کے مال کا ولی نہ بننا بہتر ہے، اور یہ خیال کہ لقطہ نہ اٹھانے سے ایک مسلمان کے مال کے ضائع ہونے کا خطرہ ہے اس لیے سود مند نہیں ہے کہ بھولے بھٹکے اونٹ وغیرہ کو بھی لے جانا جائز نہیں ہے۔ حالانکہ مال ضائع ہونے کا خطرہ اس میں بھی ہے۔ [2]

لقطہ کو اٹھانے کے حکم میں فقہاء احناف کا موقف

شمس الائمہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں: لقطہ کو اٹھانے کے حکم میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض غلو کرنے والے علماء یہ کہتے ہیں کہ لقطہ کو اٹھانا جائز نہیں ہے کیونکہ یہ بلا اجازت غیر کے مال کو اٹھانا ہے، اس لیے اس پر ہاتھ بڑھانا جائز نہیں ہے، اور بعض متقدمین ائمہ تابعین نے یہ کہا ہے کہ ہر چند کہ لقطہ کو اٹھانا جائز ہے لیکن اس کو نہ اٹھانا افضل ہے، کیونکہ جس شخص کی چیز گری ہے وہ اس کو اسی جگہ ڈھونڈے گا جس جگہ وہ چیز گری تھی اور جب اس چیز کو نہ اٹھایا نہیں جائے گا تو اس کا مالک اسی جگہ سے آکر اپنی چیز اٹھا لے گا، دوسری وجہ یہ ہے کہ چیز اٹھانے کے بعد یہ خطرہ موجود ہے

---

[1] علامہ سید محمد مرتضیٰ زبیدی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس ج ۵ ص ۲۴۹، مطبوعہ المطبعۃ الخیریۃ مصر، ۱۳۰۶ھ

[2] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۵ ص ۲۱۰۔۲۱۶، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

کو اٹھانے والے کی نیت بدل جائے اس لیے لقطہ کو اٹھانا اپنے آپ کو فتنہ میں ڈالنے کے مترادف ہے اس لیے لقطہ کو نہ اٹھانا افضل ہے۔

شمس الائمہ سرخسی لکھتے ہیں: ہمارے فقہاء رحمہم اللہ کا مسلک یہ ہے کہ لقطہ کو اٹھانا اس کے نہ اٹھانے سے افضل ہے، کیونکہ اگر وہ اس کو نہیں اٹھائے گا تو اس کا خدشہ ہے کہ کوئی شخص اس کو اٹھا کر مالک سے چھپا لے گا، اور جب وہ اس کو اٹھائے گا تو اس کا اعلان کر کے اس چیز کو اس کے مالک تک پہنچا دے گا، نیز وہ اس لقطہ کو اٹھا کر امانت کی طرح اس کی حفاظت کرے گا اور امانت کی ادائیگی کا التزام کرنا فرض ہے اور اس کو اس میں وہی ثواب ملے گا جو امانت کو ادا کرنے کا ملتا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ان اللہ یامرکم ان تؤدوا الامانات الی اھلھا (نساء: ۵۸) بے شک اللہ تعالیٰ تمہیں یہ حکم دیتا ہے کہ تم امانتیں ان کے حق داروں تک پہنچا دو" اور اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کرنا ثواب کا موجب ہے۔ [1]

لقطہ کی اقسام اور ان کے احکام

شمس الائمہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں: لقطہ کی دو قسمیں ہیں، ایک قسم وہ ہے جس کے بارے میں یہ علم ہوتا ہے کہ اس چیز کا مالک اس چیز کو طلب نہیں کرے گا، جیسے گٹھلیاں، انار کے چھلکے (ردی کاغذ، خالی ڈبے، خالی بوتلیں اور ردی کپڑے وغیرہ) دوسری قسم وہ ہے جس کے بارے میں علم ہوتا ہے کہ اس کا مالک اس کو طلب کرے گا (جیسے قیمتی اشیاء)۔

قسم اول کا حکم یہ ہے کہ اس کا اٹھانا اور اس سے نفع حاصل کرنا جائز ہے۔ البتہ اگر اس چیز کے مالک نے اس چیز کو اٹھانے والے کے ہاتھ میں دیکھ لیا تو وہ اس سے لے سکتا ہے کیونکہ مالک کا اس چیز کو پھینک دینا اٹھانے والے کے لیے نفع حاصل کرنے کی اباحت کا سبب تھا اس کی طرف سے تملیک نہیں تھی، کیونکہ مجہول کو مالک بنانا صحیح نہیں ہوتا۔ اور اباحت کے بعد بھی مالک کی ملکیت اس چیز سے منقطع نہیں ہوتی، البتہ جس شخص کو مباح چیز ملتی ہے وہ اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے لیکن مالک کی ملکیت اس چیز کے ساتھ قائم رہتی ہے اور وہ جب چاہے اس چیز کو لے سکتا ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے اپنے مال کو بعینہٖ پا لیا وہ اس کا زیادہ حقدار ہے۔ امام ابو یوسف نے یہ روایت ہے کہ ایک شخص نے ایک مردار بکری پھینک دی اور کسی شخص نے اس کا اون اتار لیا تو وہ اس سے نفع حاصل کر سکتا ہے اور اگر بکری کے مالک نے اس کے ہاتھ میں اون دیکھ لیا تو وہ اس کو لے سکتا ہے۔ اور اگر کسی شخص نے اس بکری کی کھال اتار کر اس کو رنگ لیا تو اب بھی اس کا مالک اس کھال کو لے سکتا ہے لیکن اس کو رنگنے کے پیسے دینے پڑیں گے۔

لقطہ کی دوسری قسم جس کے بارے میں یہ علم ہو کہ اس کا مالک اس کو طلب کرے گا، اس کا حکم یہ ہے کہ جو شخص اس چیز کو اٹھائے اس پر اس کی حفاظت کرنا واجب ہے اور اس پر اس کا اعلان کرنا لازم ہے تاکہ وہ اس چیز کو اس کے مالک تک پہنچا سکے۔ امام محمد نے ابراہیم سے روایت کیا کہ لقطہ کا ایک سال تک اعلان کرے، اگر اس کا مالک آ جائے تو فبہا ورنہ اس چیز کو صدقہ کر دے، صدقہ کے بعد اگر اس کا مالک آ گیا تو اس کو اختیار ہے اگر وہ چاہے تو اس صدقہ کو برقرار رکھے اور اگر چاہے تو وہ لقطہ اٹھانے والے کو اس صدقہ کا ضامن کر دے۔ امام محمد نے ابراہیم نخعی کے اس قول کو بطور

---

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی [illegible] المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

دلیل کے ذکر نہیں کیا کیونکہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تابعین کی تقلید نہیں کرتے تھے اور کہتے تھے ھم رجال ونحن رجال "وہ بھی انسان ہیں اور ہم بھی انسان ہیں" لیکن اصل سبب یہ ہے کہ ابراہیم نخعی اپنے فتاویٰ میں حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے اقوال پر اعتماد کرتے تھے اور اہل کوفہ کی فقہ کا مدار انہی حضرات پر تھا، ابراہیم نخعی باقی فقہاء کی بہ نسبت حضرت علی اور حضرت ابن مسعود کے اقوال کو زیادہ جاننے والے تھے، یہی وجہ ہے کہ امام محمد کی کتاب ابراہیم نخعی کے اقوال سے بھری ہوئی ہے۔ بہرحال اس حدیث میں ہے کہ اٹھانے والا لقطہ کا اعلان کرے اور ہر چیز میں ایک سال کی مدت لازم نہیں ہے، چیز کا اٹھانے والا خود اندازہ کرے کہ اس کا مالک کتنی مدت تک اس چیز کو ڈھونڈتا رہے گا، اتنی مدت تک وہ اس چیز کا اعلان کرتا رہے اور اس کا اندازہ اس چیز کی قیمت اور حیثیت سے ہوگا حتیٰ کہ فقہاء کہتے ہیں کہ دس درہم بھی اہم اور قیمتی ہیں کیونکہ دس درہم کی چوری کے عوض چور کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے۔ اور اگر لقطہ دس درہم سے کم ہو تو تین درہم تک ایک ماہ اعلان کرے اور اگر تین درہم سے کم ہو تو ایک درہم تک ایک ہفتہ اعلان کرے اور ایک درہم سے کم میں ایک دن اعلان کرے اور اگر ایک پیسہ کی چیز ہو تو دائیں بائیں مالک کو دیکھے اور پھر وہ چیز کسی فقیر کے ہاتھ پر رکھ دے۔ ان مدتوں میں سے کوئی مدت بھی لازم نہیں ہے کیونکہ رائے سے کسی مدت کو معین نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن ہم یہ جانتے ہیں کہ اعلان اس وجہ سے کیا جاتا ہے کہ اس چیز کا مالک اس چیز کو طلب کرے گا اور ہمارے پاس یہ جاننے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے کہ اس چیز کا مالک اس کو کب تک طلب کرتا رہے گا؟ اس لیے کسی چیز کے بارے میں ملتقط اپنی غالب رائے سے فیصلہ کرے۔ یعنی وہ یہ سوچے کہ اگر ایسی چیز گم ہو جائے تو اس کا مالک کتنی مدت تک اس چیز کو تلاش کرتا رہے گا اور جتنی مدت پر اس کا غلبہ ظن ہو اتنی مدت تک اعلان کرتا رہے۔ [1]

لقطہ کا اعلان کرنے کے مقامات اور طریقہ کار

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں کہ لقطہ کا اعلان بازاروں میں، عام مساجد کے دروازوں اور جامع مسجدوں کے دروازوں پہ ان اوقات میں کیا جائے جن اوقات میں لوگ بکثرت جمع ہوتے ہیں، اسی طرح جن مجالس میں لوگ جمع ہوتے ہیں وہاں بھی اعلان کیا جائے، کیونکہ مقصود اس چیز کا اظہار ہے کہ فلاں چیز گم ہو گئی ہے تاکہ اس کے مالک کو پتا چل جائے اس لیے لوگوں کے جمع ہونے کی مجالس کو تلاش کرنا چاہیے۔ یہ اعلان مساجد میں نہ کیا جائے کیونکہ مساجد اس لیے نہیں بنائی گئی ہیں، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے کسی آدمی کو مسجد میں گم شدہ چیز کا اعلان کرتے ہوئے سنا اس کو چاہیے کہ یوں کہے کہ اللہ تمہاری اس چیز کو واپس نہ کرے، کیونکہ مساجد اس لیے نہیں بنائی گئیں۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لقطہ اٹھانے والے شخص سے فرمایا اس کا مسجد کے دروازہ پہ اعلان کرو۔

لقطہ اٹھانے والا خود بھی لقطہ کا اعلان کر سکتا ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ وہ اس کے لیے کسی اور شخص کو مقرر کر دے۔ اگر کوئی شخص از خود ملتقط کی طرف سے اعلان کرے تو تنہا وہ نہ ملتقط خود اعلان کرے، کیونکہ اصل میں اعلان کرنا لقطہ اٹھانے والے پر واجب ہے۔ اور اگر وہ اجرت دے کر کسی سے اعلان کرائے تو یہ بھی جائز ہے۔ اس میں امام احمد، امام شافعی، امام مالک اور امام ابوحنیفہ کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۱۱ ص ۳-۲، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، الطبعۃ الثالثۃ ۱۳۹۸ھ

اعلان کا طریقہ یہ ہے کہ وہ صرف لقطہ کی جنس کا ذکر کرے مثلاً یوں کہے کہ کسی شخص کا سونا گم ہو گیا ہے یا چاندی یا درہم یا دینار علیٰ ہذا القیاس۔ اس چیز کی صفات اور علامات نہ بتلائے تاکہ کوئی غیر شخص اس کو حاصل کرنے کی جرأت نہ کرے۔ [۱]

لقطہ کے اعلان کی مدت میں مذاہب فقہاء

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں کہ لقطہ کے اعلان کی مدت ایک سال ہے، حضرت عمر، حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے یہی روایت ہے۔ ابن مسیب، شعبی، امام مالک، امام شافعی اور اصحاب رائے کا بھی یہی قول ہے۔ حضرت عمر سے دوسری روایت یہ ہے کہ تین ماہ تک اعلان کرے اور ایک اور روایت ہے کہ تین سال تک اعلان کرے، کیونکہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں تین سال تک ایک سو دینار کے اعلان کرنے کا حکم دیا تھا۔

علامہ ابن قدامہ کہتے ہیں کہ ہماری دلیل یہ ہے کہ حدیث صحیح میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن خالد کو ایک سال اعلان کرنے کا حکم دیا تھا۔ اور حضرت ابی بن کعب کی روایت کا جواب یہ ہے کہ راوی نے کہا مجھے پتا نہیں کہ تین سال کہا تھا یا ایک سال، امام ابوداؤد نے کہا کہ راوی کو اس میں شک ہے۔ [۲]

علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی لکھتے ہیں: لقطہ کا بازاروں میں اور مساجد کے دروازوں وغیرہ پر ایک سال تک اعلان کرے، پہلے ہفتہ ہر دن صبح و شام اعلان کرے، پھر ہر دن میں ایک مرتبہ پھر ہر ہفتہ میں پھر ہر مہینہ میں اور صحیح یہ ہے کہ جو چیز حقیر ہو اس کا اعلان ایک سال نہ کیا جائے بلکہ اتنی مدت تک اعلان کیا جائے جتنی مدت میں یہ گمان ہو جائے کہ اب مالک نے اس سے اعراض کر لیا ہوگا۔ [۳]

قاضی ابوالولید مالکی لکھتے ہیں کہ جو چیز قیمتی ہو اس کا اعلان ایک سال تک کیا جائے بشرطیکہ وہ مال غنیمت سے نہ ہو۔ [۴]

علامہ ابن ہمام حنفی لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ سے یہ روایت ہے کہ اگر لقطہ دو سو درہم (۶۱۲ء۳۶ گرام چاندی) یا اس سے زیادہ کی مالیت ہو تو ایک سال اعلان کیا جائے اور اگر دو سو درہم سے کم مالیت ہو تو دس درہم (۶۱۸ء۳۰ گرام چاندی) تک ایک ماہ اعلان کیا جائے اور اگر دس درہم سے کم مالیت کی چیز ہو تو جتنی مدت مناسب سمجھے اعلان کرے اور ایک روایت یہ ہے کہ تین درہم (۱۸۵ء۹ گرام چاندی) سے کہ دس درہم (۶۱۸ء۳۰ گرام چاندی) تک دس اعلان کرے اور ایک درہم (۶۱۸ء۳۰۶ گرام چاندی) سے لے کر تین درہم (۱۸۵ء۹ گرام چاندی) تک تین دن اعلان کرے، اور اگر ایک دانق یعنی درہم کا چھٹا حصہ ۵۱ء۰۳ گرام چاندی) یا اس سے زیادہ ہو تو ایک درہم تک ایک دن اعلان کرے اور اگر ایک دانق سے کم ہو تو دائیں بائیں دیکھ کر کسی فقیر کے ہاتھ پر رکھ دے۔ علامہ سرخسی نے کہا ہے کہ یہ نصاب لازم نہیں ہے بلکہ قلیل میں اپنی صواب دید کے مطابق اعلان کرے۔ علامہ سرخسی نے گویا امام اعظم کی پہلی روایت کو

۱۔ علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۶ ص ۵-۴، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

۲۔ " " " " " المغنی ج ۶ ص ۴ " " "

۳۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی متوفی ۶۷۶ھ، مغنی المحتاج ج ۲ ص ۴۱۴-۴۱۲، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

۴۔ قاضی ابوالولید محمد بن احمد بن رشد مالکی متوفی ۵۹۵ھ، بدایۃ المجتہد ج ۲ ص ۲۲۹، مطبوعہ دارالفکر بیروت

یہ ہے۔ اور ظاہر الروایۃ جس کو امام محمد نے کتاب الاصل میں ذکر کیا ہے وہ یہ ہے کہ قلیل اور کثیر میں فرق کے بغیر ایک سال اعلان کرے اور یہی امام مالک، امام شافعی (اور امام احمد) کا قول ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر کسی تفصیل اور فرق کے بیان فرمایا: من التقط شیئا فلیعرف سنۃ۔ ” جس کو کوئی چیز ملی ہو وہ اس کا ایک سال اعلان کرے ،، اور حضرت عمر، حضرت علی اور حضرت ابن عباس سے بھی اسی طرح مروی ہے۔ اور امام ابوحنیفہ سے جو پہلی روایت ہے کہ دو سو درہم یا زیادہ سے لے کر دس درہم تک ایک سال اعلان کرے اور دس درہم سے کم میں جتنی مدت تک مناسب سمجھے اعلان کرے اس کی دلیل یہ ہے کہ جن روایات میں ایک سال اعلان کرنے کا ذکر ہے وہ اس لقطہ کے بارے میں ہیں جو ایک سو دینار تھا جو ایک ہزار درہم کے مساوی ہے اور دس درہم یا اس سے زیادہ کی مالیت کی وجہ یہ ہے کہ مہر کی کم از کم مقدار نصاب سرقہ یعنی دس درہم ہے ، یعنی دس درہم شرعاً قیمتی مال ہے۔ کیونکہ اس کے عوض چور کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے اور فرج حلال ہو جاتی ہے اس لیے دس درہم کی مالیت کے حکم کو بھی ایک ہزار درہم کے حکم کے ساتھ لاحق کر دیا اور دس درہم سے کم کا چونکہ یہ مرتبہ نہیں ہے اس لیے اس کے اعلان کی مدت ایک سال نہیں رکھی بلکہ اس کو اعلان کرنے والے کی صواب دید پر چھوڑ دیا۔[۱]

آج کل کے دور میں لقطہ کے اعلان کا طریقہ کار

ہر چند کہ ائمہ ثلاثہ اور امام ابوحنیفہ سے ظاہر الروایۃ یہی ہے کہ دس درہم یا اس سے زیادہ کی مالیت کا ایک سال اعلان کرنا چاہیے لیکن چونکہ اس پر عمل کرنا دشوار ہے اس لیے امام ابوحنیفہ کی اس روایت پر عمل کرنا چاہیے جس کو علامہ ابن ہمام نے تفصیل سے بیان کیا ہے کہ ایک دانق سے ایک درہم تک ایک دن اور ایک درہم سے تین درہم تک تین دن اور تین درہم سے لے کر دس درہم تک دس دن اعلان کرے اور دس درہم سے دو سو درہم تک ایک ماہ اعلان کرے اور دو سو درہم یا اس سے زائد ہو تو ایک سال اعلان کرے اور اس روایت کی دلیل یہ ہے کہ حدیث میں ایک ہزار درہم کی مالیت کے لقطہ کے بارے میں ایک سال اعلان کا حکم ہے اور دو سو درہم چونکہ نصاب زکوٰۃ ہے اس لیے دو سو درہم کی مالیت کو بھی اس کے ساتھ لاحق کیا ہے اور دو سو درہم سے کم مالیت کو اس کے ساتھ لاحق نہیں کیا اور اس کی اپنے اجتہاد سے مدت مقرر کی ہے نیز طبرانی میں کم چیز کے لیے تین دن اور چھ دن تک اعلان کا بھی ذکر ہے۔ (مجمع الزوائد ج ۴ ص ۱۶۹)

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ فقہاء نے لکھا ہے کہ جہاں لوگ جمع ہوتے ہیں وہاں اعلان کیا جائے اور آج کل لوگ بازاروں میں مارکیٹوں میں اور تفریح گاہوں میں زیادہ جمع ہوتے ہیں، جب فقہاء نے یہ مسئلہ لکھا تھا اس وقت بہت چھوٹے چھوٹے شہر تھے اور زندگی اس قدر مصروف نہیں تھی اور اب کراچی ایسے شہر میں جو کئی ہزار مربع کلومیٹر رقبہ پر محیط ہے اور تقریباً ایک کروڑ انسانوں کی آبادی پر مشتمل ہے، ایک آدمی کے لیے یہ بہت مشکل ہے کہ وہ ایک سال یا ایک ماہ یا ایک ہفتہ تک روزانہ مارکیٹوں اور بازاروں میں جا کر کسی گم شدہ چیز کا اعلان کرتا پھرے۔

آج کل کے دور میں لقطہ کے اعلان اور تشہیر کی آسان اور قابل عمل صورت یہ ہے کہ جس شخص کو کوئی چیز ملی ہو وہ اس کا اعلان اخبارات، ریڈیو اور ٹی۔ وی میں کرا دے اور یہ ابلاغ عام کا بہت مؤثر ذریعہ ہیں۔ مثلاً کسی شخص کو کسی راستہ میں کوئی

---

[۱] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۵ ص ۳۵۱ - ۳۵۰ مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

قیمتی پین یا قیمتی گھڑی پڑی ملی ہے تو وہ یہ اعلان کرا دے کہ مجھے فلاں دن فلاں جگہ اتنے وقت پر ایک پارکر، شیفر یا کراس کا پین پڑا ہوا ملا ہے جس شخص کا وہ پین ہو وہ اس کی علامات اور نشانیاں بتا کر مجھ سے لے جائے۔ جب میں لاہور میں تھا تو ہمارے مدرسہ کے ایک طالب علم کو مسجد کے پاس ایک پارکر پین پڑا ہوا ملا، مجھے علم ہوا تو میں نے فوراً ایک طالب علم کے ذریعہ جنگ اخبار میں اس کا اعلان بھجوا دیا دوسرے دن اس کا مالک آیا اور نشانیاں بتلا کر اپنا پین لے گیا۔ اگر ایک بار اعلان کے بعد لقطہ کا مالک نہ آئے تو سال میں کئی بار وقفہ وقفہ سے اعلان کرایا جا سکتا ہے یا یوں کرے کہ پہلے شہر میں شائع ہونے والے تمام اخبارات میں ایک ایک کر کے اعلان بھیجے مثلاً پہلے جنگ اخبار میں اعلان بھیجے، پھر نوائے وقت میں پھر مشرق میں علیٰ ہٰذا القیاس۔ اگر اس کا نتیجہ نہ نکلے تو پھر ریڈیو کی سٹی سروس میں اعلان کرائے اور اس کا نتیجہ نہ نکلے تو پھر ٹی۔ وی کی سروس سے اعلان کرائے۔ اور یہ بہت بعید ہے کہ ان تمام ذرائع ابلاغ سے اعلان کے بعد بھی مالک لقطہ کو وصول کرنے کے لیے نہ آئے اور اعلان کرنے والے کو چاہیے کہ ایک سال میں وقفہ وقفہ کے ساتھ ان تمام ذرائع سے اعلان کرائے تاکہ منشاء حدیث صوری اور معنوی دونوں طرح سے پورا ہو جائے اور اس کی حجت تمام ہو جائے اور ایک سال کے بعد بھی اگر مالک نہ آئے تو پھر وہ اس کو صدقہ کر دے۔

اعلان کی مدت پوری ہونے کے بعد لقطہ کے مصرف میں فقہاء حنبلیہ کا نظریہ

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں کہ: جب ایک شخص نے ایک سال تک اعلان کیا اور اس کے مالک کا پتا نہ چلا تو اب وہ لقطہ اس کی ملکیت ہو گیا خواہ وہ شخص فقیر ہو یا غنی، حضرت عمر، حضرت ابن مسعود اور حضرت عائشہ سے اسی طرح روایت ہے (رضی اللہ عنہم) حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کا بھی یہی نظریہ ہے۔ عطاء، اسحاق، ابن منذر اور امام شافعی کا بھی یہی قول ہے۔ امام مالک، حسن بن صالح، ثوری اور فقہاء حنفیہ نے یہ کہا ہے کہ وہ لقطہ کو صدقہ کر دے اور جب اس کا مالک آئے تو اس کو یہ اختیار دے کہ وہ چاہے تو اس صدقہ کو برقرار رکھ کر اجر حاصل کرے اور چاہے تو اس صدقہ کا جرمانہ وصول کرے اور ملتقط اس کو لقطہ کا بدل مہیا کرے، کیونکہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لقطہ کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا ایک سال تک اعلان کرے اور ایک روایت میں تین سال ہے پھر اگر اس کا مالک آ جائے تو فبہا ورنہ اس چیز کو صدقہ کر دے فاذا جاء ربها فرضي بالاجر والاغرمها "اگر اس کا مالک اس صدقہ کے اجر پر راضی ہو تو فبہا ورنہ اٹھانے والا اس کا تاوان بھرے یعنی مالک کو اس صدقہ کا بدل مہیا کرے۔ اور اس پر عقلی دلیل یہ ہے کہ لقطہ ایک مال معصوم ہے (یعنی اس کی حفاظت واجب ہے اور اس کی لوٹ مار حرام ہے) اور مالک اس لقطہ سے اپنی ملکیت زائل کرنے پر راضی نہیں ہے اور نہ زوال ملکیت کا کوئی سبب اور مقتضی ہے اس لیے مالک سے اس کی ملکیت زائل نہیں ہوگی۔ اور ملتقط کے لیے اس کو اپنی ملک میں لینا جائز نہیں ہے۔ البتہ امام ابو حنیفہ نے یہ کہا ہے کہ اگر لقطہ اٹھانے والا غریب ہو اور اس کا کچھ قرضہ دار نہ ہو تو پھر وہ اس کو لے سکتا ہے کیونکہ امام نسائی نے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو لقطہ ملے وہ اس پر ایک نیک آدمی یا کئی نیک آدمیوں کو گواہ کرے نہ اس کو چھپائے نہ غائب کرے اگر اس کا مالک آ جائے تو اس کو واپس کر دے ورنہ وہ اللہ کا مال ہے وہ جس کو چاہے عطا کر دے" اور جس مال کی اللہ کی طرف نسبت ہو اس مال کا صدقہ کا مستحق مالک ہو سکتا ہے [illegible] ایک قول ہے اور بعض نے اس سے

اختلاف کیا ہے۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: ہماری دلیل حضرت زید بن خالد جہنی کی روایت ہے جس میں آپ کا ارشاد ہے: فان لم تعرف فاستنفقھا۔ "اگر لقطہ کے مالک کا پتا نہ چلے تو اس کو خرچ کر لو اور ایک روایت میں ہے: والا فھی کسبیل مالک۔ "ورنہ وہ تمہارے مال کی طرح ہے" اور ایک روایت میں ہے ثم کلھا "پھر تم اس کو کھالو اور ایک روایت میں ہے فانتفع بھا "اس سے نفع اٹھاؤ" اور ایک روایت میں ہے فشانک بھا۔ "اس کا تم جو چاہو کر لو" اور حضرت ابی بن کعب کی حدیث میں ہے فاستنفقھا "اس کو خرچ کرو" اور ایک روایت میں ہے فاستمتع بھا "اس سے فائدہ حاصل کرو" اور یہ حدیث صحیح ہے اور اس لیے کہ جو شخص مقروض ہو وہ غریب کی طرح لقطہ کا بھی مالک ہو جاتا ہے اور جس شخص کے لیے لقطہ کا اٹھانا جائز ہو وہ اعلان کے بعد فقیر کی طرح اس کا مالک ہو جاتا ہے۔ اور فقہاء احناف نے حضرت ابوہریرہ کی جو روایت بیان کی ہے اس کا حدیث کی کسی معتمد کتاب میں ثبوت نہیں ہے اور ان کا یہ کہنا کہ جس چیز کی اللہ کی طرف نسبت ہو وہ مستحقین صدقہ کا حق ہوتی ہے، بلادلیل ہے بلکہ باطل ہے، کیونکہ تمام اشیاء کی خلقاً اور ملکاً اللہ ہی کی طرف نسبت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: واٰتوھم من مال اللہ الذی اٰتاکم (النور: ۳۳) "اور (بدل مکاتبت ادا کرنے کے لیے) انہیں اللہ کے اس مال سے دو جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں عطا کیا ہے۔" [1]

اعلان کی مدت پوری ہونے کے بعد لقطہ کے مصرف میں فقہاء شافعیہ کا نظریہ

علامہ یحییٰ بن شرف نواوی شافعی لکھتے ہیں: جب ملتقط ایک سال تک اعلان کر دے اور اس کا مالک نہ آئے تو اس کے لیے جائز ہے کہ وہ اس چیز کو اس کے مالک کے لیے ہمیشہ محفوظ رکھے، اور اس کے لیے یہ بھی جائز ہے کہ وہ اس لقطہ کو اپنی ملکیت میں لے لے خواہ وہ امیر ہو یا غریب۔ جب ملتقط اس کو اپنی ملکیت میں لینا چاہے تو وہ اس کا کس وقت مالک ہوگا؟ اس میں فقہاء شافعیہ کے کئی قول ہیں، زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ جب تک وہ یہ نہیں کہے گا کہ میں نے اس کو اپنی ملکیت میں لے لیا اس وقت تک اس چیز کا مالک نہیں ہوگا، دوسرا قول یہ ہے کہ جب تک بیع اور شراء کی طرح اس میں مالکانہ تصرف نہیں کرے گا اس کا مالک نہیں ہوگا۔ تیسرا قول یہ ہے کہ اس کے لیے ملکیت کی نیت کر لینا کافی ہے یہ کہنا ضروری نہیں ہے۔ چوتھا قول یہ ہے کہ سال گزرتے ہی وہ اس کا مالک ہو جائے گا، نیت کی بھی ضرورت نہیں ہے اور اگر ملکیت میں لینے کے بعد اس کا مالک آگیا تو مالک متصل زیادتی لے لے گا اور منفصل زیادتی نہیں لے گا (مثلاً مرغی کا بچہ تھا اب وہ پورا مرغ بن گیا ہے تو اس کو لے لے گا اور اگر مرغی کے بچے ہو گئے ہیں تو وہ بچے نہیں لے گا۔ سعیدی) اور اگر ملکیت میں لینے کے بعد وہ چیز ضائع ہو گئی تو ہمارے اور جمہور کے نزدیک اس کا بدل ادا کرنا لازم ہوگا اور داؤد ظاہری کے نزدیک بدل ادا کرنا لازم نہیں ہے۔ [2]

---

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۶ ص ۸۰، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ
[2] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی شافعی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۸۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

اعلان کی مدت پوری ہونے کے بعد لقطہ کے مصرف میں فقہاء مالکیہ کا نظریہ

قاضی ابن رشد مالکی لکھتے ہیں: تمام شہروں کے فقہاء، امام مالک، ثوری، اوزاعی، امام ابوحنیفہ، امام شافعی، امام احمد، ابوعبید اور ابوثور اس پر متفق ہیں کہ جب مدت پوری ہو جائے تو غریب شخص کے لیے لقطہ کو اپنے مصرف میں لانا جائز ہے اور اگر وہ غنی ہے تو اس کو صدقہ کر دے، پھر اگر اس کا مالک آجائے تو مالک کو اختیار ہے اگر وہ چاہے تو اس صدقہ کو برقرار رکھے اور صدقہ کا ثواب حاصل کرے اور اگر چاہے تو ملتقط سے صدقہ کرنے کے تاوان میں اس چیز کو وصول کرے۔ البتہ اس میں اختلاف ہے کہ سال پورا ہونے کے بعد آیا غنی بھی اس چیز کو کھا سکتا ہے یا نہیں؟ امام مالک اور امام شافعی کہتے ہیں کہ یہ جائز ہے اور امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں کہ غنی کے لیے لقطہ کو کھانا یا اس کو صرف میں لانا جائز نہیں ہے اس پر لازم ہے کہ وہ اس لقطہ کو صدقہ کر دے۔ حضرت علی، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم اور تابعین کی ایک جماعت کا بھی یہی قول ہے، امام اوزاعی یہ کہتے ہیں کہ اگر وہ مال زیادہ ہے تو اس کو بیت المال میں رکھ دیا جائے۔ امام مالک اور امام شافعی کی دلیل حضرت عمر، حضرت ابن مسعود، حضرت ابن عمر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم کے اقوال ہیں اور اہل ظاہر (غیر مقلدین) کے سوا تمام فقہاء اس پر ——— متفق ہیں کہ اگر ملتقط کے کھانے کے بعد مالک آگیا تو ملتقط اس کا ضامن ہوگا۔[1]

اعلان کی مدت پوری ہونے کے بعد لقطہ کے مصرف میں فقہاء احناف کا نظریہ

شمس الائمہ علامہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں: اعلان کے بعد مالک آجائے تو ملتقط لقطہ کو اس کے حوالے کر دے، کیونکہ اعلان سے جو مقصود تھا وہ حاصل ہو گیا، اور اگر مالک نہ آئے تو اس کو اختیار ہے خواہ لقطہ کو مالک کے انتظار میں محفوظ رکھے، خواہ اس کو صدقہ کر دے کیونکہ اس کو محفوظ رکھنا عزیمت ہے اور ایک سال کے اعلان کے بعد اس کو صدقہ کر دینا رخصت ہے اور ملتقط کو رخصت اور عزیمت میں سے کسی ایک پر عمل کرنے میں اختیار ہے، صدقہ کرنے کے بعد اگر مالک آگیا تو پھر مالک کو اختیار ہے اگر وہ چاہے تو صدقہ کو برقرار رکھے اور اس کا ثواب مالک کو ہوگا اور اگر چاہے تو صدقہ کے تاوان میں لقطہ کا بدل لے لے۔ اور یہ تاوان چاہے تو ملتقط سے وصول کرے اور چاہے تو اس مسکین سے وصول کرے جس کو صدقہ دیا گیا ہے اور جو بھی ضامن ہوگا وہ دوسرے سے اس کا تاوان وصول نہیں کرے گا (یہ حکم اس وقت ہے جب ملتقط غنی ہو) اور اگر ملتقط غریب ہو تو وہ ایک سال کے اعلان کے بعد اس کو خود خرچ کر سکتا ہے کیونکہ اس کو یہ اختیار تھا کہ وہ اس لقطہ کو کسی غریب پر صدقہ کر دے اور جب کہ وہ خود غریب ہے تو وہ لقطہ کو اپنے نفس پر بھی صدقہ کر سکتا ہے۔ لیکن اگر ملتقط غنی ہو تو ہمارے نزدیک وہ اس لقطہ کو اپنے نفس پر خرچ نہیں کر سکتا اور امام شافعی کہتے ہیں کہ امیر بھی مدت گزرنے کے بعد اس کو اپنے اوپر خرچ کر سکتا ہے لیکن یہ اس کے اوپر قرض ہے اگر مالک آگیا تو اس کو وہ چیز دینا ہوگی۔[2]

امام شافعی کے دلائل کے جوابات

امام شافعی کی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابی بن کعب غنی تھے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تھا کہ اگر ایک سال اعلان کے بعد

---

[1] قاضی ابوالولید محمد بن احمد بن رشد مالکی متوفی ۵۹۵ھ، بدایۃ المجتہد ج ۲ ص ۲۲۹، مطبوعہ دار الفکر بیروت۔

[2] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی [illegible] دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

مالک نہ آئے تو لقطہ کو خرچ کر لینا اور ان کے غنی ہونے پر دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لقطہ کو اپنے مال کے ساتھ ملالو، اس سے ثابت ہوا کہ وہ مالدار تھے۔ ہم اس کے جواب میں یہ کہتے ہیں کہ ہو سکتا ہے ان پر لوگوں کے اس قدر قرض ہوں کہ مالدار ہونے کے باوجود حکماً فقیر ہوں اس وجہ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے انھیں یہ حکم دیا کہ وہ لقطہ کو اپنے مال کے ساتھ ملالیں۔ امام طحاوی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ حضرت ابی بن کعب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد غنی ہوئے تھے اور اس سے پہلے وہ فقیر (غریب) تھے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ جب حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ اپنی زمین صدقہ کرنے لگے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا یہ زمین اپنے غریب رشتہ داروں کو دو۔ سو انھوں نے وہ زمین حضرت حسان اور حضرت ابی بن کعب کو دے دی۔ علامہ ماردینی لکھتے ہیں کہ اس حدیث کو امام بیہقی نے باب الوصیۃ للقرابۃ میں ذکر کیا ہے اور امام بخاری نے اس حدیث کو تعلیقاً ذکر کیا ہے۔ (الجوہر النقی ج ۶ ص ۱۸۶) اس سے واضح ہو گیا کہ جس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے انھیں یہ حکم دیا کہ وہ لقطہ کو اپنے مال کے ساتھ ملالیں اس وقت وہ غریب تھے اور ان پر صدقہ جائز تھا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ لقطہ کسی حربی کافر کا مال ہو جس کی حفاظت کی مسلمانوں پر کوئی ذمہ داری نہیں ہے اور چونکہ اس مال پر حضرت ابی کے ہاتھ نے سبقت کی تھی اس لیے آپ نے ان کو اس کا زیادہ حقدار قرار دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نکتہ کی طرف اشارہ فرمایا ہے کیونکہ آپ نے فرمایا: رزق ساقہ اللہ الیک "یہ وہ رزق ہے جو اللہ نے تمہاری طرف بھیجا ہے" اور اس کے باوجود آپ نے ایک سال تک اس کے عدد اور تھیلی کے سربند کی پہچان کو یاد رکھنے کا احتیاطاً حکم دیا تاکہ اگر یہ مال محترم ہو تو وہ اس کو ادا کر سکیں۔

علامہ سرخسی لکھتے ہیں اس مسئلہ میں ہماری دلیل یہ ہے کہ بکثرت احادیث اور آثار میں یہ وارد ہے کہ ایک سال اعلان کے بعد لقطہ کو صدقہ کر دیا جائے۔ (ہم عنقریب ان احادیث اور آثار کو بیان کریں گے۔ سعیدی غفرلہ) نیز اصل مقصود یہ ہے کہ لقطہ کا ثواب اس کے مالک کو پہنچا دیا جائے۔ اگر غنی نے اس مال کو اپنے اوپر خرچ کر لیا تو یہ مقصود حاصل نہیں ہوگا بلکہ جب غنی اس مال کو اپنے اوپر خرچ کرے گا تو اس سے یہ ظاہر ہوگا کہ وہ اس لقطہ کو اپنے لیے اٹھانے والا تھا اور اپنے لیے لقطہ کو اٹھانا اس کے لیے شرعاً ناجائز ہے۔ پس جیسا کہ ابتداءً اس پر لازم تھا کہ وہ اس لقطہ میں اپنے تصرف کی نیت نہ کرے اسی طرح انتہاءً بھی اس پر لازم ہے کہ اس میں اپنے تصرف کی نیت نہ کرے۔

اس مسئلہ میں امام شافعی نے اس روایت سے بھی استدلال کیا ہے کہ حضرت علی کو ایک دینار پڑا ہوا ملا، انھوں نے اعلان کے بعد اس کا طعام خرید لیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم سب نے اس طعام کو کھایا۔ اگر لقطہ کو صدقہ کرنا ضروری ہوتا تو ملتقط اس کو اپنے اوپر خرچ نہ کر سکتا تو یہ حضرات اس طعام کو نہ کھاتے کیونکہ ان پر صدقہ حلال نہیں تھا۔ اس روایت کا جواب یہ ہے کہ حضرت علی کو جو دینار پڑا ہوا ملا تھا وہ لقطہ نہیں تھا۔ اس دینار کو ایک فرشتہ نے اس لیے گرایا تھا کہ حضرت علی اس کو اٹھالیں، کیونکہ ان حضرات کو کئی دنوں سے کھانا نہیں ملا تھا، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کو وحی سے جان لیا تھا اسی وجہ سے ان سب نے اس کھانے کو کھا لیا تھا ورنہ صدقہ واجبہ تو ان پر حلال نہیں تھا، اسی وجہ سے حضرت علی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس دینار سے طعام خریدنے کی اجازت لی تھی۔ [1]

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۱۱ ص ۸ - ۶، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

لقطہ کو صدقہ کرنے کے وجوب کے بارے میں احادیث

فقہاء احناف کا یہ نظریہ ہے کہ اعلان کی مدت پوری ہونے کے بعد لقطہ کو صدقہ کرنا واجب ہے، اگر ملتقط غریب ہے تو وہ اس کو اپنے اوپر صدقہ کر سکتا ہے لیکن اگر ملتقط امیر ہے تو وہ اس اپنے اوپر صرف نہیں کر سکتا اور اس پر لقطہ کو صدقہ کرنا واجب ہے، فقہاء احناف کا استدلال حسب ذیل احادیث سے ہے:

حافظ نور الدین الہیثمی ذکر کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سئل عن اللقطۃ فقال تعرف ولا تغیب ولا تکتم فان جاء صاحبھا والا فھو مال اللہ یؤتیہ من یشاء رواہ البزار ورجالہ رجال الصحیح۔[1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لقطہ کے بارے میں سوال کیا گیا، آپ نے فرمایا اس کا اعلان کرو، اس کو غائب کرو اور نہ چھپاؤ، اگر اس کا مالک آجائے تو اس کو دے دو ورنہ یہ اللہ کا مال ہے وہ جس کو چاہے عطا فرمائے۔ اس حدیث کو بزار نے روایت کیا ہے اور اس کے تمام راوی حدیث صحیح کے راوی ہیں۔

فقہاء احناف نے "مال اللہ" اللہ کے مال سے استدلال کیا ہے، کیونکہ اصل اور قاعدہ یہ ہے کہ اللہ کا مال اس مال کو کہتے ہیں جو فقراء کو دیا جاتا ہے اور صدقہ کیا جاتا ہے، اور اگر کسی جگہ مجازاً اس قاعدہ کے خلاف اطلاق ہو جیسے واتوھم من مال اللہ الذی اٰتاکم (النور: ۳۳) میں ہے تو یہ اس قاعدہ کے خلاف نہیں ہے۔ اس لیے اس قاعدہ پر علامہ ابن قدامہ کا اعتراض صحیح نہیں ہے۔

علامہ الہیثمی ذکر کرتے ہیں:

عن یعلی بن مرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من التقط لقطۃ یسیرۃ ثوبا او شبھہ فلیعرفہ ثلاثۃ ایام ومن التقط اکثر من ذلک ستۃ ایام فان جاء صاحبھا والا فلیتصدق بھا فان جاء صاحبھا فلیخیرہ رواہ الطبرانی فی الکبیر وفیہ عبد اللہ بن یعلی وھو ضعیف۔[2]

حضرت یعلیٰ بن مرہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو کوئی معمولی لقطہ کپڑا یا اس کی مثل کوئی چیز ملی تو اس کا تین دن اعلان کرے اور جس کو اس سے زیادہ کوئی چیز ملی وہ اس کا چھ دن اعلان کرے۔ پھر اگر اس کا مالک آجائے فبہا ورنہ اس کو صدقہ کر دے اور اگر اس کے بعد اس کا مالک آئے تو وہ مالک کو اختیار دے۔

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تحل اللقطۃ من

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لقطہ حلال نہیں ہے، جس شخص

---

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۴ ص ۱۶۰، مطبوعہ دار الکتاب العربی، بیروت، ۱۴۰۲ھ

[2] " " " " " "

التقط شيئا فليعرفه فان جاء صاحبها فليردها اليه فان لم يأت فليتصدق بها فان جاء فليخيره بين الاجر وبين الذي له رواه الطبراني في الصغير والاوسط وفيه يوسف بن خالد السمتي وهو كذاب [1]

نے کسی چیز کو اٹھایا وہ اس کا اعلان کرے، اگر اس کا مالک آجائے تو اس کو واپس کر دے اور اگر نہ آئے تو اس چیز کو صدقہ کر دے، پھر اگر اس کا مالک آئے تو اس کو (صدقہ کے) اجر اور اس چیز (کے تاوان لینے) میں اختیار دے۔ اس حدیث کو طبرانی نے معجم صغیر اور معجم اوسط میں روایت کیا ہے اور اس کی سند میں یوسف بن خالد السمتی راوی کذاب ہے۔

ہر چند کہ یہ دونوں حدیثیں ضعیف السند ہیں لیکن تعدد سند کی وجہ سے حسن لغیرہ ہیں اور ان کا مضمون دوسری احادیث سے مؤید ہے، اس لیے ان سے استدلال صحیح ہے۔

عن الجارود قال بينا نحن مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في بعض اسفاره وفي الظهر قلة اذ تذاكر القوم الظهر فقلت لرسول الله صلى الله عليه وسلم قد علمت ما تكفينا من الظهر قال وما يكفينا قلت ذود ناتي عليه في جوف فنستمتع بظهوره قال لا ضالة المسلم حرق النار فلا يقربنها ضالة المسلم حرق النار فلا يقربنها رواه احمد والطبراني في الكبير باسانيد رجال بعضها رجال الصحيح [2]

حضرت جارود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک سفر میں سواریوں کی قلت تھی لوگوں نے سواریوں کا ذکر کیا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا، آپ کو معلوم ہے کہ ہم کو سواریوں کی قلت کا سامنا ہے، آپ نے فرمایا اس کا کیا حل ہو سکتا ہے؟ میں نے کہا ہم جنگل میں پھرنے والے مویشیوں سے کچھ اونٹ لے لیں اور ان سے فائدہ اٹھائیں، آپ نے فرمایا نہیں! مسلمان کی گم شدہ چیز جہنم کی آگ ہے ہرگز اس کے قریب نہ ہوں، مسلمان کی گم شدہ چیز جہنم کی آگ ہے اس کے ہرگز قریب نہ ہوں۔ اس حدیث کو امام احمد نے اور امام طبرانی نے کبیر میں روایت کیا ہے اور اس کے بعض راوی حدیث صحیح کے راوی ہیں۔

اس حدیث کو امام عبدالرزاق نے بھی کئی اسانید سے روایت کیا ہے [3] اور امام ابن ماجہ اور امام نسائی نے بھی اس کو روایت کیا ہے

حافظ الہیثمی کی ذکر کردہ ان احادیث میں اس کی تصریح ہے کہ ملتقط پر لقطہ حلال نہیں ہے، اس کا کھانا جہنم کی آگ ہے اور اس کا صدقہ کرنا واجب ہے اور یہی فقہاء احناف کا موقف ہے۔

لقطہ کو صدقہ کرنے کے وجوب کے بارے میں آثار صحابہ و تابعین

امام محمد روایت کرتے ہیں:

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۴ ص ۱۶۸، مطبوعہ دار الکتاب العربی، بیروت، ۱۴۰۲ھ

[2] " " " " ، مجمع الزوائد ج ۴ ص ۱۶۷،

[3] امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۱۰ ص ۱۳۱، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

عن علی رضی اللہ تعالٰی عنہ قال فی اللقطۃ: یعرفہا حولا فان جاء صاحبہا و الا صدق بہا اوباعہا وتصدق بثمنہا، غیر ان صاحبہا بالخیار، ان شاء ضمنہ وان شاء ترکہ قال محمد: وبہ ناخذ وھو قول ابی حنیفۃ رحمہ اللہ۔ [1]

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لقطہ کے متعلق فرمایا: اس کا ایک سال اعلان کرے، اگر اس کا مالک آجائے تو فبہا ورنہ اس کو صدقہ کردے (پھر اگر اس کا مالک آجائے) تو اس کو اختیار ہے چاہے تو وہ ملتقط سے اس کا تاوان لے اور چاہے تو چھوڑ دے، امام محمد نے کہا ہم اسی پر عمل کرتے ہیں اور یہی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا قول ہے۔

امام عبدالرزاق اپنی سند کے ساتھ ایک طویل حدیث میں حضرت علی کا یہ ارشاد روایت کرتے ہیں:

قال: عرفہا فان عرفہا صاحبہا فادفعہا الیہ، والا فتصدق بہا فان جاء صاحبہا فاحب ان یکون لہ الاجر فبسبیل ذلک والا غرمتہا ولک الاجر۔ [2]

حضرت علی نے فرمایا اس کا اعلان کرو اگر اس کے مالک نے اس کو پہچان لیا تو اس کو دے دو، ورنہ اس کو صدقہ کردو، پھر اگر اس کا مالک آیا اور اس نے صدقہ کے اجر کو پسند کیا تو اس کی مرضی ورنہ تم اس کو تاوان دو اور تم کو اجر ملے گا۔

نیز امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں:

عن ابی السفر عن رجل من بنی رواس قال: التقطت ثلاث مئۃ درھم، فعرفتہا، وانا احب ان لا تعترف فلم یعترفہا احد، فاستنفقتہا، فاتیت علیا. فسالتہ، فقال تصدق بہا فان جاء صاحبہا خیرتہ، فان اختار الاجر کان لہ، وان اختار المال کان لہ۔ [3]

ابوالسفر بیان کرتے ہیں کہ بنو رواس کے ایک شخص نے کہا مجھے تین سو درہم پڑے ہوئے ملے میں نے ان کا اعلان کیا، اور میں یہ چاہتا تھا کہ وہ نہ پہچانے جائیں، سو ان کو کسی نے نہ پہچانا اور میں نے ان کو خرچ کر دیا، پھر میں حضرت علی کے پاس گیا اور ان سے یہ مسئلہ معلوم کیا، آپ نے فرمایا ان دراہم کو صدقہ کردو، اور جب ان کا مالک آئے تو اس کو اختیار دینا، اگر وہ صدقہ کا اجر اختیار کرے تو اس کی مرضی اور اگر اپنے مال کو اختیار کرے تو اس کی مرضی۔

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے بھی روایت کیا ہے۔ [4]

عن سوید بن غفلۃ عن عمر بن الخطاب قال فی اللقطۃ: یعرفہا سنۃ، فان جاء

سوید بن غفلہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب نے لقطہ کے بارے میں فرمایا اس کا ایک سال تک اعلان

---

[1] امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ ھ، کتاب الآثار ص ۱۹۰، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۷ ھ

[2] امام عبدالرزاق بن ہمام متوفی ۲۱۱ ھ، المصنف ج ۱۰ ص ۱۳۹-۱۳۸، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ ھ

[3] ″ ″ ″ ″ ، المصنف ج ۱۰ ص ۱۳۹، ″ ″ ″

[4] امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ ... ، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ ھ

صاحبها، والا تصدق بها، فان جاء صاحبها بعد ما یتصدق بها خیرہ، فان اختار الاجر کان له، وان اختار المال کان له ماله۔ [۱]

کرے، اگر اس کا مالک آجائے تو فبہا ورنہ اس کو صدقہ کر دے اور اگر صدقہ کرنے کے بعد اس کا مالک آجائے تو اس کو اختیار دینا اگر وہ اجر کو اختیار کرے تو اس کی مرضی اور اگر وہ مال کو اختیار کرے تو اس کی مرضی۔

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے بھی روایت کیا ہے۔ [۲]

امام عبد الرزاق نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا بھی یہ قول نقل کیا ہے کہ ایک سال اعلان کے بعد بھی اگر مالک نہ آئے تو لقطہ کو صدقہ کر دیا جائے۔ [۳]

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے بھی روایت کیا ہے [۴]

امام ابن ابی شیبہ روایت کرتے ہیں:

عن عبد العزیز بن رفیع قال: حدثنی ابی قال: وجدت عشرة دنانیر فاتیت ابن عباس فسألته عنها فقال عرفها علی الحجر سنة، فان لم تعرف فتصدق بها فان جاء صاحبها فخیرہ الاجر او الغرم۔ [۵]

عبد العزیز بن رفیع بیان کرتے ہیں کہ میرے والد نے بتایا کہ ان کو دس دینار پڑے ہوئے ملے، میں نے حضرت ابن عباس سے ان کے بارے میں مسئلہ معلوم کیا، انھوں نے فرمایا اس کا حطیم کعبہ میں ایک سال اعلان کرو پھر بھی اگر اس کے مالک کا پتا نہ چلے تو ان کو صدقہ کر دو، اور اگر اس کے بعد ان کا مالک آجائے تو اس کو اجر لینے یا تاوان لینے کا اختیار دو۔

امام ابن ابی شیبہ نے حضرت عبد اللہ بن عمرو کا بھی یہ قول روایت کیا ہے کہ اعلان کے بعد لقطہ کو صدقہ کر دیا جائے۔ [۶]

عن عبد الرحمن بن حرملة قال: سألت سعید بن المسیب عن اللقطة فقال: عرفها سنة فانشد ذکرها، فان جاء من یعرفها فاعطها ایاہ والا فتصدق بها فان جاء فخیرہ

عبد الرحمن بن حرملہ کہتے ہیں کہ میں نے سعید بن مسیب سے لقطہ کے متعلق سوال کیا، انھوں نے کہا کہ اس کا ایک سال تک اعلان کرو، اگر اس کا پہچاننے والا آجائے تو اس کو دے دو، ورنہ اس کو صدقہ کر دو، اور اس کے بعد وہ آئے تو اس کو صدقہ کا اجر لینے یا لقطہ (کا بدل)

---

[۱] امام عبد الرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۱۰ ص ۱۳۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

[۲] امام ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۶ ص ۴۵۲، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

[۳] امام عبد الرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۱۰ ص ۱۳۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

[۴] امام ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۶ ص ۴۵۰-۴۴۹، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

[۵] " " " " ، المصنف ج ۶ ص ۴۴۹، " "

[۶] " " " " ، المصنف ج ۶ ص ۴۵۱-۴۵۰، " "

بین الاجر و اللقطۃ ۔ لینے کا اختیار دے دو۔[۵]

حضرت ابی کی حدیث کی وضاحت اور فقہاء احناف کے جوابات کی تفصیل اور تنقیح

ان تمام احادیث اور آثار سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نظریہ کی تائید اور تقویت ہوتی ہے کہ اعلان کے بعد لقطہ کا صدقہ کرنا واجب ہے اور غنی کے لیے اسے اپنے نفس پر خرچ کرنا جائز نہیں ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ نے حضرت ابی بن کعب کی جن روایات سے استدلال کیا ہے وہ مؤول ہیں اور تاویل یہ ہے کہ حضرت ابی اس وقت خود صدقہ کے مستحق تھے، اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں لقطہ کو خرچ کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ علامہ بدرالدین عینی حنفی نے اس حدیث کا یہ جواب دیا ہے کہ اگر بالفرض حضرت ابی اس وقت امیر ہوں تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا انھیں خرچ کی اجازت دینا اس پر محمول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو وہ لقطہ بطور قرض دیا تھا اور امام کا لقطہ کو بطور قرض دینا جائز ہے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہو یا حضرت ابی کی خصوصیت ہو۔ اور خصوصیت پر محمول کرنے کی دلیل یہ ہے کہ دوسری احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملتقط کے لیے لقطہ کے خرچ کرنے کو ناجائز قرار دیا ہے اور حضرت عمر، حضرت علی، حضرت عبداللہ ابن مسعود، حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ ابن عباس ایسے فقہاء صحابہ نے لقطہ کے صدقہ کرنے کو واجب کہا ہے اور ظاہر یہی ہے کہ انھوں نے یہ اپنی رائے سے نہیں کہا بلکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اور آپ کی حدیث کی بناء پر کہا ہے۔

اسی طرح حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سائل سے فرمایا: ایک سال کے بعد اگر مالک نہ آئے تو تم اس کو خرچ کر لینا اس حدیث سے ائمہ ثلاثہ کا مطلوب اس وقت ثابت ہوگا جب یہ ثابت ہو جائے کہ وہ سائل غنی تھا اور یہ ثابت نہیں ہے، اس لیے اس حدیث سے ان کا استدلال ثابت نہیں ہے، حضرت ابی بن کعب کی روایت سے استدلال کرتے ہوئے ائمہ ثلاثہ نے حضرت ابی کے غنا کو ثابت کرنے کے لیے اس سے استدلال کیا تھا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تھا" اس کو اپنے مال کے ساتھ ملا لو" اس کے جوابات ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔ ان کے علاوہ ایک جواب یہ ہے کہ مان لیا کہ حضرت ابی کے پاس مال تھا لیکن اس سے یہ کب لازم آیا کہ وہ مال بقدر نصاب تھا جس سے ان کا غنی ہونا ثابت ہو جائے اس لیے حضرت ابی کی روایت سے بھی ان کا غنی ہونا ثابت نہیں ہوتا اور جب تک ان کا غنی ہونا ثابت نہ ہو ائمہ ثلاثہ کا مدلول ثابت نہیں ہوگا۔

ائمہ ثلاثہ نے حضرت ابی کو لقطہ کے خرچ کرنے کی اجازت سے جو استدلال کیا ہے اس کے جوابات کا خلاصہ یہ ہے کہ اولاً تو حضرت ابی کا غنا ثابت نہیں، کیونکہ ان کے پاس مال ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ مال بقدر نصاب ہو، ثانیاً حضرت ابی زمانہ نبوی میں غریب اور صدقہ کے مستحق تھے، کیونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوطلحہ کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ حضرت ابی پر بھی زمین صدقہ کریں، جیسا کہ صحیح بخاری اور سنن بیہقی میں ہے، ثالثاً اگر بالفرض وہ مالدار اور غنی ہوں تو ہو سکتا ہے کہ وہ اتنے مقروض ہوں کہ خود صدقہ کے مستحق ہوں، رابعاً ہو سکتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

[۵] امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ ... ۴۵۵، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

ان کو وہ لقطہ بطور قرض دیا ہو، خامساً ہو سکتا ہے کہ وہ لقطہ کسی کافر حربی کا مال ہو اس لیے ان کو خرچ کی اجازت دی ہو۔ سادساً یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ ان کی خصوصیت ہو یا بحیثیت امام آپ کی خصوصیت ہو، سابعاً دوسری احادیث اور آثار صحابہ میں غنی پر لقطہ کے خرچ کی ممانعت ہے اور حضرت ابی کی روایت میں اس کی اباحت ہے اور جب تحریم اور اباحت میں تعارض ہو تو تحریم کو ترجیح ہوتی ہے۔

اس حدیث کی اس طرز سے جو تشریح کی گئی ہے اور ائمہ ثلاثہ کی دلیل کے جو جوابات ذکر کیے گئے ہیں اس سے فقہ حنفی کی گہرائی اور گیرائی کا اندازہ ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ فقہ حنفی کو زیادہ سے زیادہ فروغ عطا فرمائے۔ والحمد للہ رب العالمین۔

اونٹ پکڑنے کے متعلق سوال کرنے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ناراض ہونے کی وجہ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ جب سائل نے گم شدہ چیز کا حکم معلوم کر لیا تو پھر سوال کیا اگر بھولا بھٹکا اونٹ مل جائے تو؟ اس سوال سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غضب ناک ہوئے حتیٰ کہ آپ کے دونوں رخسار مبارک سرخ ہو گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غصہ میں آنے کی علماء نے مختلف وجوہات بیان کی ہیں۔ حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ چونکہ پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ کے لینے سے منع فرما دیا تھا اور اب اس نے اونٹ کا سوال کیا اس لیے آپ ناراض ہوئے، یا اس لیے کہ سائل نے صحیح قیاس نہیں کیا اور جب لقطہ کا لینا متعین ہے اس پر اس کو قیاس کیا جس کا لینا متعین نہیں ہے۔

علامہ خطابی نے کہا ہے کہ آپ کو سائل کی کم فہمی پر غصہ آیا کیونکہ وہ لقطہ اٹھانے کی اصل وجہ کو نہیں سمجھا اور ایک چیز کو اس پر قیاس کیا جو اس کی نظیر نہیں تھی، کیونکہ لقطہ اس چیز کو کہتے ہیں جو کسی شخص سے گر جائے اور یہ پتا نہ چلے کہ اس کا مالک کہاں ہے۔ اور اونٹ اس طرح نہیں ہے کیونکہ وہ اسم اور صفت کے اعتبار سے لقطہ کا مغائر ہے کیونکہ اس میں ایسی صلاحیت ہے کہ وہ از خود مالک تک پہنچ سکتا ہے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بکثرت سوال کرنے کی وجہ سے ناراض ہوئے ہوں، کیونکہ سائل کسی حقیقی پیش آمدہ مسئلہ کا حل نہیں پوچھ رہا تھا بلکہ محض فرضی صورتوں کا سوال کر رہا تھا۔

ائمہ حجاز نے یہ کہا ہے کہ اونٹ، گائے اور گھوڑے میں افضل یہ ہے کہ ان کو چھوڑ دیا جائے حتیٰ کہ وہ اپنے مالک کے پاس پہنچ جائیں۔ علامہ ابن ہمام نے کہا ہے کہ اس زمانے میں ان جانوروں کو لے جانا افضل ہے کیونکہ اب ایسا زمانہ ہے کہ اگر کوئی نیک آدمی ان کو مالک کے پاس پہنچانے کے لیے نے کر نہیں گیا تو کوئی چور اچکا ان کو لے کر چلا جائے گا۔ علامہ سرخسی نے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ کو لے جانے کے لیے جو منع فرمایا تھا یہ حکم اس زمانے میں تھا جب عام طور پر لوگ نیک اور امانت دار تھے لیکن اس زمانہ میں یہ اطمینان نہیں ہے کہ وہ اونٹ محفوظ رہے گا اور کوئی خائن شخص اس کو لے کر چلا نہیں جائے گا اس لیے اب اونٹ کو لے جانے میں اس کی حفاظت ہے اور اس کے مالک کے حق کو محفوظ رکھنا ہے۔

حجاج کے لقطہ کو اٹھانے میں مذاہب فقہاء اور ممانعت کی حکمت

حدیث نمبر ۴۳۹۵ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجاج کی گری پڑی چیزوں کے اٹھانے سے منع فرمایا ہے۔

علامہ شربینی شافعی نے لکھا ہے کہ عام لقطہ اور حجاج کے لقطہ میں فرق ہے، عام لقطہ کو کوئی شخص بھی اٹھا سکتا ہے اور حجاج کے لقطہ کو صرف وہی شخص اٹھا سکتا ہے جو اعلان کے لیے مقرر ہو، اور حجاج کے لقطہ کے لیے صرف ایک سال اعلان کرنے کی حد نہیں ہے بلکہ اس کا ہمیشہ اعلان کرنا ہوگا ورنہ تخصیص کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ اور اس تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ حرم مکہ مکرمہ مسلمانوں کے لوٹ کر آنے کی جگہ ہے، مسلمان یہاں بار بار آتے رہتے ہیں (اللہ تعالیٰ ہمیں بھی مکہ کی زیارت سے مشرف فرمائے) اس لیے ہوسکتا ہے کہ اس چیز کا مالک دوبارہ وہاں آئے اور اپنی گم شدہ چیز کی تلاش کرے یا کسی شخص کو اس چیز کی تلاش میں بھیجے اس لیے ملتقط اس کا ہمیشہ اعلان کرتا رہے۔ [1]

جمہور کا نظریہ یہ ہے کہ حرم اور غیر حرم میں لقطہ کا حکم واحد ہے اور اس میں اختلاف نہیں ہے۔ علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں کہ امام احمد کا بھی یہی مسلک ہے، حضرت ابن عمر، حضرت ابن عباس، حضرت عائشہ، ابن مسیب، امام مالک اور امام ابوحنیفہ کا بھی یہی نظریہ ہے۔ امام احمد کا دوسرا قول یہ ہے کہ حرم کے لقطہ کو ملکیت کے لیے اٹھانا جائز نہیں ہے، اس کی صرف مالک کے لیے حفاظت کرنا جائز ہے اور اگر اس کو اٹھا لیا ہے تو پھر ہمیشہ اس کا اعلان کرنا ہے، عبدالرحمان بن مہدی، ابو عبید اور امام شافعی کا بھی یہی قول ہے۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی نے جمہور کے موقف پر استدلال کرتے ہوئے لکھا ہے کہ لقطہ امانت ہے اور اس کا حکم حرم اور غیر حرم میں مختلف نہیں ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے کہ حرم کے لقطہ کا اٹھانا صرف اعلان کرنے والے کے لیے جائز ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص ایک سال اعلان کر سکتا ہو وہی شخص حرم کے لقطہ کو اٹھائے اور یہ تخصیص تاکید کے لیے ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کی گم شدہ چیز جہنم کی آگ ہے حالانکہ ذمی کی گم شدہ چیز کا بھی یہی حکم ہے لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان کی تخصیص تاکیداً فرمائی ہے۔ [2]

علامہ المرغینانی نے جمہور کے موقف پر دیگر احادیث کے عموم اور اطلاق سے استدلال کیا ہے اور حرم مکہ کی تخصیص کا یہ جواب دیا ہے کہ اس کی تاویل یہ ہے کہ مکہ کا لقطہ وہی شخص اٹھائے جو اس کے اعلان کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ اور حرم کی تخصیص اس لیے کی ہے کہ حرم میں مسافر بکثرت آتے ہیں اس لیے وہاں اعلان ضرور کرنا چاہیے۔ علامہ ابن ہمام نے لکھا ہے کہ آپ نے حرم کی تخصیص اس لیے کی ہے کہ کسی شخص کو یہ وہم ہوسکتا تھا کہ چونکہ حرم میں مسافر بکثرت آتے ہیں اور ہوسکتا ہے کہ جس کی چیز ہو وہ شخص جا چکا ہو اس لیے وہاں اعلان کرنے کا کیا فائدہ ہے۔ اس لیے آپ نے اس پر تنبیہ کی کہ حرم ہو یا غیر حرم ہر جگہ لقطہ کا اعلان کرنا ضروری ہے۔ بعض علماء نے یہ ذکر کیا ہے کہ اس حدیث سے ایک سال اعلان کرنے کی تاکید مراد ہے تاکہ کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ حرم مکہ میں صرف ایام حج میں اعلان کرنا کافی ہے۔ [3]

---

[1] علامہ محمد شربینی الخطیب، مغنی المحتاج ج ۲ ص ۴۱۷، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت۔

[2] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ ھ، المغنی ج ۶ ص ۱۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ ھ

[3] علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ ھ، ... مطبوعہ مکتبہ رضویہ سکھر

علامہ ابن قیم نے یہ لکھا ہے کہ حرم اور غیر حرم کے لقطہ میں یہ فرق ہے کہ مکہ سے لوگ روانہ ہوتے رہتے ہیں اس لیے وہاں ایک سال تک لقطہ کا اعلان کرنا ممکن نہیں ہے۔ اس لیے مکہ میں صرف اس شخص کے لیے لقطہ اٹھانا جائز ہے جو لوگوں کے روانہ ہونے سے پہلے اس کا فوراً اعلان کر دے، جبکہ دوسرے شہروں میں لقطہ اٹھانے کے لیے یہ شرط نہیں ہے۔ مکہ اور دوسری جگہ کے لقطہ میں فرق کی ایک یہ وجہ بھی ہے کہ مکہ میں حجاج صرف اپنی ضرورت کا سامان لے جاتے ہیں لہٰذا اگر ان کی کوئی چیز گم ہو گئی تو وہ فوراً اس جگہ جائیں گے جہاں وہ چیز گم ہوئی تھی اور اگر وہ چیز پڑی ہو گی تو اس کو اٹھا لیں گے۔ اس وجہ سے آپ نے حجاج کے لقطہ کو اٹھانے سے منع فرمایا ہے، کیونکہ حجاج کو ایک جگہ تو قرار نہیں ہوتا، حجاج کہیں پھر رہے ہوں گے اور ملتقط کہیں اعلان کر رہا ہوگا۔ اس لیے حجاج کی چیزوں کو وہیں رہنے دیا جائے تاکہ وہ اپنی چیز کو خود آکر اٹھالیں الا یہ کہ یہ خطرہ ہو کہ اگر وہ چیز پڑی رہی تو ضائع ہو جائے گی۔ ایسی صورت میں اس کو ایسا شخص اٹھائے جو ایک سال تک اس کا اعلان کر سکتا ہو۔

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں کہ حجاج کا لقطہ اٹھانے سے آپ نے اس لیے منع فرمایا ہے کہ اگر حجاج کی چیز اپنی جگہ پڑی رہی تو حجاج کو آسانی سے مل جائے گی لیکن اگر آج کل وہ چیز پڑی رہی تو لوگ کعبہ کے ارد گرد مکہ میں چوریاں کرنا شروع کر دیں گے، اس لیے اس فساد سے بچنے کے لیے لقطہ کو اٹھا لینا چاہیے، کیونکہ جو احکام کسی شرط کے اعتبار سے مشروع ہوں پھر یہ پتا چلے کہ اس شرط کی وجہ سے اس میں کوئی فساد لازم آتا ہے تو پھر وہ حکم منقطع ہو جاتا ہے اس کے برخلاف جو احکام کسی سبب پر مبنی ہوں وہ احکام برقرار رہتے ہیں مثلاً طواف میں رمل کرنا اظہار قوت کے سبب سے مشروع ہے تو یہ حکم باقی رہے گا۔

علامہ ابن ہمام نے یہ بھی لکھا ہے کہ جن احادیث میں لقطہ کو اٹھا کر ایک سال تک اعلان کرنے کا حکم ہے وہ احادیث عام ہیں اور صحیح مسلم کی جس حدیث میں حجاج کے لقطہ کو اٹھانے سے منع فرمایا ہے یہ حدیث خاص ہے اور عام خاص پر مقدم ہوتا ہے اس لیے دوسری احادیث کو اس پر ترجیح ہوگی۔ ۱؎

مصنف کی رائے یہ ہے کہ مکہ کے لقطہ کے بارے میں دو حدیثیں ہیں ایک یہ کہ حجاج کے لقطہ کو نہ اٹھایا جائے اور ایک حدیث میں یہ ہے کہ مکہ کے لقطہ کو صرف اعلان کرنے والا ہی اٹھائے، ان دونوں حدیثوں کو بنظر دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا یہ مقصد نہیں ہے کہ مکہ کے لقطہ کو بالکل نہ اٹھایا جائے بلکہ آپ کا منشاء یہ ہے کہ ہر شخص حجاج کا لقطہ اٹھانے میں سبقت نہ کرے کیونکہ حجاج اپنی ضرورت کا محدود سامان لے جاتے ہیں اگر ان کو بروقت چیز نہ ملی تو وہ پریشان ہوں گے، اب مثلاً کسی شخص نے اس اطمینان سے حجاج کا لقطہ اٹھا لیا کہ اعلان کی مدت تو سال بھر ہے میں کسی وقت بھی اعلان کر دوں گا اور اس نے اس وجہ سے فی الفور اعلان نہ کیا تو حجاج کو پریشانی کا سامنا ہوگا کیونکہ سفر میں ان کو ان کی ضرورت کی چیز آسانی سے نہیں مل سکتی اس لیے حجاج کے لقطہ کو صرف وہی شخص اٹھائے گا جو پوری ذمہ داری سے ایک سال اعلان کرنے کا عزم رکھتا ہو اور علی الفور اس کا اعلان کرنا شروع کر دے تاکہ حجاج کو بروقت اپنی گم شدہ چیز مل جائے۔

۱؎ علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ فتح القدیر ج ۵ ص ۳۵۰-۳۵۶، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

بَابُ ۵ تَحْرِيمِ حَلْبِ الْمَاشِيَةِ بِغَيْرِ إِذْنِ مَالِكِهَا

۴۳۹۷ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحْلُبَنَّ أَحَدٌ مَاشِيَةَ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِهِ أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ تُؤْتَى مَشْرُبَتُهُ فَتُكْسَرَ خِزَانَتُهُ فَيُنْتَقَلَ طَعَامُهُ إِنَّمَا تَخْزُنُ لَهُمْ ضُرُوعُ مَوَاشِيهِمْ أَطْعِمَتَهُمْ فَلَا يَحْلُبَنَّ أَحَدٌ مَاشِيَةَ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِهِ -

۴۳۹۸ - وَحَدَّثَنَاهُ قُتَيْبَةُ ابْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ جَمِيعًا عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ ح وَحَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنِي أَبِي كِلَاهُمَا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ح وَحَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ وَأَبُو كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ ح وَحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ جَمِيعًا عَنْ أَيُّوبَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ أَيُّوبَ وَابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مُوسَى كُلُّ هٰؤُلَاءِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِ مَالِكٍ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِهِمْ جَمِيعًا فَيُنْتَقَلُ إِلَّا اللَّيْثَ بْنَ سَعْدٍ فَإِنَّ فِي حَدِيثِهِ فَيُنْتَقَلُ طَعَامُهُ

مالک کی اجازت کے بغیر دودھ دوہنے کی ممانعت

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص دوسرے کے جانور کا دودھ اس کی اجازت کے بغیر نہ دوہے، کیا تم میں سے کوئی شخص اس کو پسند کرتا ہے کہ اس کی کوٹھی میں گھسا جائے اس کا خزانہ توڑا جائے اور اس کا غلہ نکال لیا جائے، وجہ یہ ہے کہ جانوروں کے تھنوں میں ان کا طعام ذخیرہ کیا جاتا ہے، پس کوئی شخص کسی کے جانور کا دودھ اس کی اجازت کے بغیر نہ دوہے۔

امام مسلم نے اس حدیث کی سات سندیں ذکر کی ہیں، لیث بن سعد کی روایت کے سوا تمام روایتوں میں فینتقل کا لفظ ہے اور اس کی روایت میں فینتقل طعامہ کا لفظ ہے۔

طَعَامُهٗ، کَرِوَایَۃِ مَالِكٍ۔

پرائے جانور کا دودھ دوہنے کے متعلق دو متعارض حدیثوں میں تطبیق

اس باب کی احادیث میں ہے: کوئی شخص کسی کے جانور کا دودھ اس کی اجازت کے بغیر نہ دوہے۔" اور موطا کی بعض شروحات میں ہے کہ "کوئی شخص اپنے بھائی کے جانور کا دودھ اس کی اجازت کے بغیر نہ دوہے۔" اس دوسری روایت کی بناء پر بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ اس باب میں مسلمان اور ذمی کے درمیان فرق ہے۔ مسلمان کے جانور کا دودھ اس کی اجازت کے بغیر دوہنا جائز نہیں ہے اور ذمی کے جانور کا دودھ دوہنے کے لیے اس کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ کیونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے ذمیوں سے یہ معاہدہ کیا تھا کہ ان کو مسلمانوں کی ضیافت کرنی ہوگی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ امر سند صحیح کے ساتھ ثابت ہے۔ ابن وہب نے ذکر کیا ہے کہ امام مالک فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مسافر کسی ذمی کے ہاں ٹھیرے تو اس کی اجازت کے بغیر اس کی کوئی چیز نہ لے۔ امام مالک سے کہا گیا کہ ذمیوں پر تو مسلمانوں کی ضیافت لازم ہے، امام مالک نے فرمایا پہلے اس مسئلہ میں تخفیف کی جاتی تھی اب نہیں ہے۔ امام طحاوی نے کہا ہے کہ زکوٰۃ کے فرض ہونے سے پہلے ذمیوں پر مسلمانوں کی ضیافت واجب تھی اور زکوٰۃ کے فرض ہونے کے بعد ضیافت کا یہ حکم منسوخ ہوگیا۔

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں کہ اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تھنوں میں جمع شدہ دودھ کو گھر کے خزانہ میں جمع شدہ طعام کے ساتھ تشبیہ دی ہے کہ کسی شخص کی اجازت کے بغیر اس کے گھر سے کسی چیز کو لینا جائز نہیں ہے خواہ وہ دودھ ہو یا کوئی اور چیز ہو۔ [1]

بلا اجازت پرائی چیز لینے کے جواز میں امام احمد کا نظریہ اور ان کے دلائل

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں کہ علامہ ابوعمر نے کہا ہے کہ اس حدیث کا یہ مطلب ہے کہ جس چیز کے لینے سے کوئی شخص ناخوش ہو وہ چیز اس کی اجازت کے بغیر نہ لی جائے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: "کسی مسلمان شخص کا مال اس کی مرضی کے بغیر لینا جائز نہیں ہے"۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری جانیں، تمہارے اموال اور تمہاری عزتیں ایک دوسرے پر حرام ہیں۔" اس حدیث میں دودھ کا خصوصیت کے ساتھ اس لیے ذکر کیا ہے کہ لوگ دودھ کے معاملے میں بہت تساہل کرتے ہیں، اور اس باب میں دودھ اور کھجور وغیرہ میں کوئی فرق نہیں ہے۔

علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ جمہور فقہاء اسلام کا یہ نظریہ ہے کہ کسی شخص کی مرضی کے بغیر اس کے جانور کا دودھ یا کھجور وغیرہ کو لینا جائز نہیں ہے اور بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ کھانے پینے کی چیزوں کو کسی شخص کی مرضی اور اس کی اجازت کے بغیر بھی لینا جائز ہے، کیونکہ امام ابوداؤد نے حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تم میں سے کوئی شخص جب کسی مویشی کے پاس جائے تو اگر اس کا مالک وہاں موجود ہو تو اس سے (دودھ دوہنے کی) اجازت لے لے۔ اور اگر مالک موجود نہ ہو تو تین بار آواز دے اگر وہ جواب دے تو اس سے اجازت لے لے اگر وہ اجازت دے دے تو ٹھیک ورنہ اس کا دودھ دوہ کر پی لے لیکن دودھ ساتھ لے کر نہ جائے۔"

---

[1] علامہ بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ ھ، عمدۃ القاری ج ۱۲ ص ۲۰۸، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

اس حدیث کو امام ترمذی نے بھی روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ حضرت سمرہ کی یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے، بعض اہل علم اس حدیث پر عمل کرتے ہیں، امام احمد اور اسحاق کا یہی مذہب ہے اور علی ابن مدینی نے کہا ہے کہ حسن کا حضرت سمرہ سے سماع صحیح ہے (اس حدیث کو حضرت سمرہ سے حسن نے روایت کیا ہے۔) اور بعض ائمہ حدیث نے حضرت سمرہ سے حسن کی روایت پر تنقید کی ہے اور کہا ہے کہ حسن حضرت سمرہ کے صحیفہ سے روایت کرتے تھے۔ ان علماء نے اس حدیث سے بھی استدلال کیا ہے: امام ابن ماجہ سند صحیح کے ساتھ حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب تم کسی چرواہے (کے مویشی) کے پاس جاؤ تو اس کو تین مرتبہ آواز دو، اگر وہ تم کو جواب دے تو فبہا ورنہ اس کا دودھ پی لو لیکن ضائع نہ کرنا، اور جب تم کسی شخص کے باغ میں جاؤ تو اس کو تین بار آواز دینا اگر وہ جواب دے تو فبہا ورنہ (اس باغ کے پھل) کھا لینا لیکن ضائع نہ کرنا۔" ان علماء نے جامع ترمذی کی اس حدیث سے بھی استدلال کیا ہے: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا اگر ان کھجوروں کو کسی ضرورت مند نے کھایا اور وہ ان کو کپڑے میں باندھ کر نہیں لے گیا تو کوئی حرج نہیں ہے۔" ان علماء نے ہجرت کی رات کے اس واقعہ سے بھی استدلال کیا ہے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایک چرواہے کی بکری سے دودھ دوہ کر پیا۔ سو ان احادیث کے پیش نظر امام احمد، اسحق اور بعض علماء کا یہ مسلک ہے کہ کھانے پینے کی چیزوں کو کسی شخص کی اجازت اور اس کی مرضی کے بغیر بھی لینا جائز ہے[1]

بلا اجازت پرائی چیز لینے کے عدم جواز میں جمہور فقہاء اسلام کا نظریہ اور فقہاء حنبلیہ کے دلائل کے جوابات

امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، دیگر شہروں کے فقہاء اور جمہور علماء کا یہ موقف ہے کہ کسی شخص کے باغ سے اس کی اجازت کے بغیر پھل توڑ کر کھانا جائز نہیں ہے اسی طرح کسی شخص کی اجازت کے بغیر اس کے جانور سے دودھ دوہنا جائز نہیں ہے۔ اور امام احمد اور اسحق وغیرہ نے جامع ترمذی، سنن ابو داؤد اور سنن ابن ماجہ کی جن روایات سے استدلال کیا ہے ان کے جمہور فقہاء اسلام نے حسب ذیل جوابات دیے ہیں:

(۱)۔ جن احادیث میں مسلمان کے مال کو اس کی اجازت کے بغیر کھانے کی ممانعت ہے وہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی احادیث ہیں اور جن میں بلا اجازت مسلمان کا مال کھانے کی اجازت ہے وہ سنن کی روایات ہیں اور بخاری اور مسلم کی روایات ان سے زیادہ صحیح ہیں اس لیے ممانعت کی احادیث کو ترجیح حاصل ہے اور ان پر عمل کرنا واجب ہے۔

(۲)۔ قرآن مجید، احادیث صحیحہ مشہورہ اور قواعد قطعیہ سے ثابت ہے کہ مسلمان کا مال بلا اجازت کھانا جائز نہیں ہے مثلاً قرآن مجید میں ہے: لا تاکلوا اموالکم بینکم بالباطل (البقرہ: ۱۸۸) "آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ" اور جواز اور اباحت کی احادیث اخبار احاد ہیں اور جب دلائل قطعیہ اور ظنیہ میں تعارض ہو تو دلائل قطعیہ کو ترجیح ہوتی ہے

(۳)۔ جن آیات اور احادیث میں مال غیر کھانے کی ممانعت ہے وہ عام ہیں اور اباحت کی احادیث خاص ہیں اور عام کو

---

[1] علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۲ ص ۲۰۹، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

خاص پر ترجیح ہوتی ہے۔

(۴)۔ جو آیات اور احادیث ممانعت پر دلالت کرتی ہیں وہ محرم ہیں اور اباحت کی احادیث مبیح ہیں اور اصول میں یہ مقرر ہے کہ جب محرم اور مبیح میں تعارض ہو تو محرم کو مبیح پر ترجیح ہوتی ہے۔

بعض علماء ان حدیثوں میں تطبیق دے کر جواب دیا ہے ان کی تفصیل یہ ہے:

(۱)۔ اباحت اس صورت کے ساتھ خاص ہے جب کھانے والے کو یہ علم ہو کہ اس کے کھانے سے مالک ناخوش نہیں ہوگا، اور ممانعت اس وقت ہے جب یہ علم نہ ہو۔

(۲)۔ بلا اجازت کھانے کی اباحت ان کے لیے ہے جو مسافر ہوں، یا حالت اضطرار میں ہوں یا ان کو سخت بھوک لگی ہو۔

(۳) علامہ ابن بطال نے کہا ہے کہ بلا اجازت کھانے کی یہ اباحت صرف زمانہ رسالت کے ساتھ مخصوص تھی۔

(۴) جن احادیث میں ممانعت ہے وہ اس صورت کے ساتھ خاص ہیں جب مالک راہ گیروں سے زیادہ ضرورت مند اور محتاج ہو کیونکہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک سفر میں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اچانک ہم نے چند اونٹنیاں دیکھیں جن کے تھن باندھے ہوئے تھے، ہم دوڑ کر ان کے پاس پہنچے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ان مسلمانوں کی اونٹنیاں ہیں جن کی غذا کا مدار انہی اونٹنیوں پر ہے، کیا تم کو یہ پسند ہے کہ جب تم اپنے گھر واپس جاؤ تو تم کو اپنے توشہ دان خالی ملیں؟ ہم نے عرض کیا نہیں! آپ نے فرمایا یہ بھی اسی طرح ہے (مسند احمد و ابن ماجہ)۔ اس وجہ سے ممانعت کی حدیث، اس صورت پر محمول ہے جب مالک محتاج ہو اور اباحت کی حدیث اس صورت پر محمول ہے جب مالک غنی ہو۔

(۵) بعض فقہاء نے کہا ہے کہ اباحت اس وقت ہے جب کہ تھن باندھے ہوئے نہ ہوں اور جب تھن باندھے ہوئے ہوں تو اس صورت میں ممانعت ہے جیسا کہ مسند احمد کی اس حدیث کا تقاضا ہے۔ لیکن امام احمد کی دوسری روایت میں یہ ہے کہ "اگر تم کو سخت ضرورت ہو تو دودھ پی لو لیکن لے کر نہ جاؤ" اور یہ قید نہایت ضروری ہے۔

(۶) یہ اجازت صرف مجاہدین کے لیے ہے اور غیر مجاہدین کے لیے ممانعت ہے۔

(۷) اہل ذمہ کے مویشیوں سے دودھ دوہنے کی اجازت ہے اور مسلمانوں کے جانوروں سے دودھ دوہنے کی ممانعت ہے۔

(۸) یہ اجازت فرضیت زکوٰۃ سے پہلے تھی فرضیت زکوٰۃ کے بعد یہ اجازت منسوخ ہو گئی۔

(۹) جس باغ کے گرد چار دیواری ہو اس میں کھانے کی ممانعت ہے اور جس کے گرد چار دیواری نہ ہو اس میں اجازت ہے۔

(۱۰) امام طحاوی نے کہا ہے کہ ابتدائے اسلام میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسافرین کی ضیافت کرنے کو واجب کیا تھا یہ حکم اس وقت کے ساتھ مخصوص ہے بعد میں یہ وجوب منسوخ ہو گیا۔

بہر حال ائمہ ثلاثہ اور جمہور فقہاء اسلام کے نزدیک بلا اجازت مسلمان کا مال کھانا جائز نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ہجرت کی رات بکری کا دودھ پیا تھا اس پر بحث کرتے ہوئے علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ ان بکریوں کے مالک کی طرف سے چرواہے کو یہ اجازت تھی کہ راہ گیروں کو دودھ پلا دیں، اور آپ جانتے تھے کہ یہ آپ کے لیے مباح ہے یا یہ کافر حربی کا مال تھا جس کی اسلام میں کوئی حفاظت نہیں ہے اور علامہ داؤدی نے یہ کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور

حضرت ابوبکر مسافر تھے اور مسافروں کے لیے بوقت ضرورت دودھ پینا جائز ہے۔

ضرورت کے لیے پس انداز کرنا توکل کے خلاف نہیں ہے

علامہ بدر الدین عینی حنفی لکھتے ہیں کہ اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ طعام کو ذخیرہ کرنا اور اس کو ضرورت کے لیے پس انداز کرنا جائز ہے، اس کے برخلاف غالی قسم کے زاہد مطلقاً جمع کرنے سے منع کرتے ہیں۔[1] علامہ ابن حجر عسقلانی شافعی نے بھی علامہ قرطبی مالکی کے حوالے سے یہی لکھا ہے۔[2] میں نے آجکل تصوف کے مدعی زاہدوں سے سنا ہے کہ جمع کرنا توکل کے خلاف ہے اور توکل کا معنی یہ بیان کرتے ہیں کہ انسان صبح کھالے اور شام کے لیے نہ رکھے حالانکہ مستقبل کی فکر نہ کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے خلاف ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غار حرا جاتے تھے تو کئی کئی دن کا زادِ راہ لے جاتے تھے، اور امام مسلم اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خیبر کی نصف پیداوار دی جاتی تھی جو پھلوں اور زرعی فصلوں پر مشتمل ہوتی تھی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس میں سے ہر سال ازواج مطہرات کو ایک سو وسق دیتے تھے، اسی وسق کھجوریں اور بیس وسق جَو اور جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تو انہوں نے ازواج مطہرات کو اختیار دیا کہ وہ چاہیں تو زمین اور پانی لے لیں اور کاشت کرائیں اور چاہیں تو حسب دستور غلہ لے لیں، پھر بعض ازواج نے حسب دستور غلہ کو پسند کیا اور بعض نے زمین اور پانی کو پسند کیا۔[3]

قیاس سے استدلال کی دلیل

اس حدیث کے بقیہ فوائد بیان کرتے ہوئے علامہ بدر الدین عینی لکھتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تھنوں میں جمع شدہ دودھ کو جمع شدہ طعام پر قیاس کیا ہے، اور یہ قیاس کی دلیل ہے' اور اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ صحت قیاس کے لیے یہ شرط نہیں ہے کہ فرع بالکلیہ اصل کے مساوی ہو بلکہ اصل اور فرع کا اصل صفت میں مشترک ہونا کافی ہے خواہ اصل میں کوئی زیادتی ہو جو فرع میں نہ ہو، کیونکہ تھنوں میں جو دودھ ہوتا ہے ان پر قفل نہیں لگایا جاتا اس کے برخلاف خزانہ میں جو مال جمع ہوتا ہے اس پر قفل لگایا جاتا ہے۔ اس کے باوجود شارع علیہ السلام نے خزانہ کا حکم تھنوں پر عائد کیا اور ہر ایک کا بلا اجازت استعمال حرام قرار دیا، نیز اس حدیث میں افہام و تفہیم کے لیے مثال دینے کا بھی ثبوت ہے۔[4]

دودھ دینے والے جانور کو دودھ کے عوض فروخت کرنے میں مذاہب فقہاء

علامہ بدر الدین عینی لکھتے ہیں کہ دودھ دینے والی بکری کو دودھ اور طعام کے عوض فروخت کرنے میں علماء کا اختلاف ہے، امام مالک اور ان کے اصحاب یہ کہتے ہیں کہ اگر دودھ دینے والی بکری کے تھنوں میں دودھ نہ ہو تو اس کو دودھ کے عوض فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ نقد

۱۳۴۸ھ

[1] علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۲ ص ۲۷۸، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر،

[2] علامہ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۵ ص ۹۰، مطبوعہ دار نشر الکتب اسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[3] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[4] علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن [illegible] ص ۲۷۹، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

فروخت کیا جائے اور اگر اس کے تھنوں میں دودھ ہے تو پھر اس کو دودھ کے عوض فروخت کرنا جائز نہیں ہے، اگر بکری دودھ دینے والی نہیں ہے تو اس کو نقد اور ادھار ہر طرح فروخت کرنا جائز ہے۔ اور امام شافعی اور امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں کہ دودھ دینے والی بکری کو طعام کے عوض ادھار فروخت کرنا جائز نہیں ہے۔ اور امام شافعی کے نزدیک دودھ دینے والی بکری کے تھنوں میں اگر دودھ ہے تو اس کو دودھ کے عوض نقد اور ادھار کسی طرح فروخت کرنا جائز نہیں ہے [۱]

بَابُ الضِّيَافَةِ

مہمان نوازی کا بیان

۴۳۹۹ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْعَدَوِيِّ أَنَّهُ قَالَ سَمِعَتْ أُذُنَايَ وَأَبْصَرَتْ عَيْنَايَ حِينَ تَكَلَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ جَائِزَتَهُ قَالُوا وَمَا جَائِزَتُهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ يَوْمُهُ وَلَيْلَتُهُ وَالضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ فَمَا كَانَ وَرَاءَ ذَلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ عَلَيْهِ وَقَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ۔

حضرت ابوشریح رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے اپنے کانوں سے سنا اور اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کا اللہ تعالیٰ پر اور روز قیامت پر ایمان ہو اسے چاہیے کہ وہ اپنے مہمان کی عزت کرے اور اس کی خاطر داری کرے، صحابہ نے پوچھا یارسول اللہ! اس کی خاطر داری کب تک کرے؟ آپ نے فرمایا ایک دن اور ایک رات تک اور تین دن تک اس کی مہمانی کرے، اس کے بعد بھی اگر رہے تو وہ اس پر صدقہ ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور روز آخرت پر یقین رکھتا ہو وہ بھلائی کی بات کرے یا خاموش رہے۔

۴۴۰۰ - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَجَائِزَتُهُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ وَلَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ مُسْلِمٍ أَنْ يُقِيمَ عِنْدَ أَخِيهِ حَتَّى يُؤْثِمَهُ قَالُوا

حضرت ابوشریح خزاعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مہمانی تین دن تک ہے اور خاطر و مدارات ایک دن ایک رات تک ہے اور کسی مسلمان شخص کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کے پاس اتنی دیر تک ٹھہرے کہ اس کو گناہ گار کر دے۔ صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! وہ اس کو کیسے گناہ گار کرے گا؟ آپ نے فرمایا ایک شخص کسی کے ہاں (اتنی دیر) ٹھہرے کہ اس کے پاس مہمان نوازی کے لیے کچھ نہ رہے۔

---

[۱] علامہ بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۲ ص ۲۷۹، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَکَیْفَ یُؤْثِمُہٗ قَالَ یُقِیْمُ عِنْدَہٗ وَلَا شَیْءَ لَہٗ یَقْرِیْہِ بِہٖ ۔

۴۴۰۱ - وَحَدَّثَنَاہُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ یَعْنِی الْحَنَفِیَّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِیْدِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ الْمَقْبُرِیُّ اَنَّہٗ سَمِعَ اَبَا شُرَیْحٍ الْخُزَاعِیَّ یَقُوْلُ سَمِعَتْ اُذُنَایَ وَبَصُرَ عَیْنِیْ وَوَعَاہُ قَلْبِیْ حِیْنَ تَکَلَّمَ بِہٖ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ بِمِثْلِ حَدِیْثِ اللَّیْثِ وَذَکَرَ فِیْہِ وَلَا یَحِلُّ لِاَحَدِکُمْ اَنْ یُّقِیْمَ عِنْدَ اَخِیْہِ حَتّٰی یُؤْثِمَہٗ بِمِثْلِ مَا فِیْ حَدِیْثِ وَکِیْعٍ ۔

حضرت ابو شریح رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میرے کانوں نے سنا اور میری آنکھوں نے دیکھا اور میرے دل نے یاد رکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ تم میں سے کسی شخص کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کے پاس اتنی دیر ٹھہرے کہ اس کو گناہ گار کر دے، جیسا کہ وکیع کی روایت میں ہے۔

۴۴۰۲ - حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا لَیْثٌ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ اَخْبَرَنَا اللَّیْثُ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنْ اَبِی الْخَیْرِ عَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّہٗ قَالَ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّکَ تَبْعَثُنَا فَنَنْزِلُ بِقَوْمٍ فَلَا یَقْرُوْنَنَا فَمَا تَرٰی فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْ نَزَلْتُمْ بِقَوْمٍ فَاَمَرُوْا لَکُمْ بِمَا یَنْبَغِیْ لِلضَّیْفِ فَاقْبَلُوْا فَاِنْ لَّمْ یَفْعَلُوْا فَخُذُوْا مِنْہُمْ حَقَّ الضَّیْفِ الَّذِیْ یَنْبَغِیْ لَہُمْ ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ ہمیں کہیں بھیجتے ہیں، پھر ہم کسی قوم کے پاس جا کر ٹھہرتے ہیں اور وہ لوگ ہماری ضیافت نہیں کرتے، سو اس سلسلے میں آپ کا کیا حکم ہے؟ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا جب تم کسی قوم کے پاس ٹھہرو اور وہ تمہاری ایسی ضیافت کریں جیسے ایک مہمان کی ضیافت کی جاتی ہے تو اس کو قبول کر لو، اور اگر وہ تمہاری ایسی ضیافت نہ کریں تو ان سے اس قدر ضیافت کا سامان وصول کر لو جتنا ان پر ایک مہمان کا حق ہے۔

ف: یہ حکم حالت اضطرار میں ہے اور اگر اضطرار نہ ہو تو پھر یہ منسوخ ہے۔

مہمان کی ضیافت کرنے کے حکم میں مذاہب فقہاء

علامہ یحییٰ بن شرف نووی لکھتے ہیں کہ تمام مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ مہمان کی ضیافت کرنا اسلام میں ایک امر مؤکد ہے، امام شافعی، امام ابو [illegible] کی ضیافت کرنا سنت مؤکدہ ہے

واجب نہیں ہے اور لیث نے کہا ہے کہ ایک دن اور ایک رات مہمانی کرنا واجب ہے۔ امام احمد نے کہا ہے کہ ایک دن اور ایک رات مہمانی کرنا، قصبہ اور دیہات والوں پر واجب ہے اور جمہور فقہاء اسلام نے ان احادیث اور ان کی امثال کو استحباب اور مکارم اخلاق پر محمول کیا ہے اور مہمان کے حق کی تاکید ثابت کی ہے، جیسا کہ حدیث میں ہے "ہر بالغ پر جمعہ کے دن غسل کرنا واجب ہے" یعنی بالغ پر اس کا استحباب مؤکد ہے۔ اور علامہ خطابی نے ان احادیث کی تاویل میں یہ کہا ہے کہ جو مہمان حالتِ اضطرار میں ہو اس کی مہمان داری کرنا واجب ہے۔

مہمان کی ضیافت اور خاطر و مدارات کی تفصیل

اس حدیث میں ہے کہ ایک دن اور ایک رات مہمان کی خاطر و مدارات کرے، علامہ نووی لکھتے ہیں کہ فقہاء نے اس کا معنی یہ بیان کیا ہے کہ ایک دن اور ایک رات اس کی مہمان داری میں خاص اہتمام کرے اور اچھے اچھے تحائف وغیرہ پیش کرے، اور دوسرے اور تیسرے دن جو کھانا اس کو میسر ہو وہ اس کو کھلا دے اور اپنے معمول اور عادت کے خلاف زیادہ خرچ نہ کرے، اور تین دن کے بعد اس پر خرچ کرنا محض نیکی اور صدقہ ہے، خواہ خرچ کرے یا نہ کرے۔ [۱]

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: امام مالک سے اس حدیث کے متعلق پوچھا گیا، امام مالک نے کہا ایک دن اس کی عزت کرے اور اس کو تحفہ وغیرہ پیش کرے اور تین دن اس کی مہمانی کرے، حافظ ابن حجر لکھتے ہیں اس میں اختلاف ہے کہ آیا وہ ایک دن ان تین دنوں میں شمار ہے یا نہیں؟ ابو عبید نے کہا ہے کہ پہلے دن خاطر و مدارات میں تکلف کرے، اور دوسرے اور تیسرے دن اس کے پاس جو کھانا حاضر ہو وہ پیش کر دے اور اپنی عادت سے زیادہ خرچ نہ کرے، علامہ خطابی کہتے ہیں کہ جب تین دن گزر گئے تو اس نے میزبانی کا حق ادا کر دیا اب اس کے بعد اس کو وہ جو کچھ پیش کرے گا وہ صدقہ ہے، اور صحیح مسلم میں جو حضرت ابی شریح سے روایت ہے کہ تین دن مہمانی ہے اور ایک دن خاطر و مدارات ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک دن تین دنوں سے الگ ہے۔ [۲]

اس میں اختلاف ہے کہ آیا مہمان کو کھلانا پلانا واجب ہے یا نہیں؟ بعض علماء نے کہا ہے کہ چونکہ تین دن سے زیادہ میزبانی کرنا صدقہ ہے اس سے معلوم ہوا کہ تین دن تک میزبانی کرنا واجب ہے۔ اور علامہ ابن بطال نے کہا ہے کہ مہمان کی پہلے دن ضیافت کے لیے جائزہ کا لفظ استعمال کیا گیا ہے اور جائزہ اس انعام و اکرام کو کہتے ہیں جو وفد اور شاعروں کو پیش کیا جاتا ہے اور یہ انعام و اکرام اور عطیہ پیش کرنا واجب نہیں ہے اس سے معلوم ہوا کہ مہمان کو کھلانا پلانا واجب نہیں ہے۔ لیکن اس دلیل پر یہ اعتراض ہے کہ انعام و اکرام اور خاطر مدارات تو صرف ایک دن کی جاتی ہے اور اصل ضیافت تو تین دن ہے جس کے لیے جائزہ کا لفظ نہیں ہے اور اس کے بعد مہمان داری کو آپ نے صدقہ فرمایا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے کہ جمہور فقہاء اسلام کے نزدیک ضیافت سنت مؤکدہ ہے [۳] اور یہ ترب

---

[۱] علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی متوفی ۶۷۶ ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۸۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ ھ

[۲] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ ھ، فتح الباری ج ۱۰ ص ۵۳۳، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ ھ

[۳] ″ ″ ″ ″ ، فتح الباری ج ۵ ص ۴۶، ″ ″ ″ ″

الی الصواب ہے، کیونکہ تین دن کے بعد مہمان پر خرچ کرنا صدقہ اور مستحب ہے، اس لیے تین دن تک مہمان داری کرنا مستحب سے قوی ہونا چاہیے اور جب کہ اس کا وجوب صراحت سے ثابت نہیں ہے تو وجوب اور استحباب کے درمیان سنت مؤکدہ ہی متوسط حکم ہے۔

مہمان کے زیادہ دیر ٹھہرنے کا حکم

حدیث نمبر ۴۴۰۰ میں ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان شخص کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کے پاس اتنی دیر تک ٹھہرے کہ اس کو گنہگار کر دے، صحابہ نے پوچھا، یا رسول اللہ وہ اس کو گنہگار کیسے کرے گا؟ آپ نے فرمایا ایک شخص کسی کے ہاں اتنی دیر تک ٹھہرے کہ اس کے پاس مہمان نوازی کے لیے کچھ نہ رہے۔

علامہ نووی اس کی تشریح میں لکھتے ہیں: مہمان کے لیے کسی شخص کے پاس تین دن سے زیادہ ٹھہرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ اس کے زیادہ قیام کی وجہ سے میزبان اس کی غیبت کرنے لگے، یا اس کے معمولات میں حرج واقع ہو جس سے مہمان کو تکلیف ہو یا میزبان، مہمان کے متعلق بدگمانی میں مبتلا ہو جائے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اجتنبوا کثیرا من الظن ان بعض الظن اثم (حجرات: ۱۲) "زیادہ گمان کرنے سے بچو، بے شک بعض گمان گناہ ہوتے ہیں"، سو مہمان کے لیے قیام کی وجہ سے میزبان کے گناہ میں مبتلا ہونے کا خدشہ ہے لیکن یہ اس وقت ہے جب خود میزبان مہمان سے زیادہ قیام کے لیے نہ کہے اور جب میزبان خود مہمان سے زیادہ قیام کی خواہش کرے یا مہمان کو کسی قوی قرینہ سے اس کا علم ہو یا گمان ہو تو پھر اس کا تین دن سے زیادہ ٹھہرنا مکروہ نہیں ہے، کیونکہ ممانعت اس وجہ سے تھی کہ اس کے زیادہ قیام کی وجہ سے میزبان تنگ ہو گا اور جب میزبان اس کے زیادہ قیام پر خوش ہو تو پھر اس کا زیادہ قیام کرنا جائز ہے، اور اگر مہمان کو شک ہو کہ پتا نہیں میزبان اس کے زیادہ قیام پر خوش ہے یا نہیں؟ تو اس ظاہر حدیث کے مطابق اس کا زیادہ قیام کرنا جائز نہیں ہے۔

اگر میزبان ضیافت نہ کرے تو کیا مہمان اس سے بقدر ضیافت بزور لے سکتا ہے؟

حدیث نمبر ۴۴۰۲ میں حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کسی قوم کے پاس ٹھہرو اور وہ تمہاری ایسی ضیافت کریں جو ایک مہمان کی کی جاتی ہے تو اس کو قبول کر لو، اور اگر وہ تمہاری ایسی ضیافت نہ کریں تو ان سے اس قدر ضیافت کا سامان وصول کر لو جتنا ایک مہمان کا حق ہے۔

اس حدیث سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ مہمان کی مہمان داری کرنا میزبان پر واجب ہے، امام احمد اور فقیہ لیث نے اسی حدیث سے استدلال کیا ہے، جمہور فقہاء اسلام کے نزدیک ضیافت سنت مؤکدہ ہے، واجب نہیں ہے انہوں نے اس حدیث کے حسب ذیل جوابات دیے ہیں:

(۱) یہ حدیث ان لوگوں کے حق میں ہے جو حالت اضطرار میں ہوں، ان کی ضیافت کرنا واجب ہے اگر لوگ ان کی ضیافت نہ کریں تو ان کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ ان کے مال سے بقدر ضرورت لے لیں۔

(۲) اگر کوئی شخص کسی مہمان کی ضیافت نہ کرے تو مہمان کے لیے جائز ہے کہ وہ اس شخص کی مذمت کرے اور اس کا بخل بیان کرے۔

(۳) حدیث کا یہ حکم ابتداء اسلام میں تھا جب ایک دوسرے کی غمگساری واجب تھی جب اسلام میں وسعت ہوگئی تو یہ حکم منسوخ ہوگیا۔ علامہ نووی نے لکھا ہے کہ یہ تاویل ضعیف ہے۔

(۴) پہلے اہل ذمہ پر واجب تھا کہ ان کے علاقے سے جو مسلمان گزریں وہ ان کی ضیافت کریں، اس حدیث سے یہی مراد ہے، علامہ نووی نے لکھا ہے کہ یہ جواب بھی ضعیف ہے کیونکہ یہ حضرت عمر کے زمانہ کا معمول تھا۔[1]

(۵) یہ حکم ان عمال کے ساتھ مخصوص ہے جن کو امام صدقات کے وصول کرنے کے لیے بھیجتا ہے، اور جن لوگوں کے پاس امام کسی عامل کو بھیجے ان لوگوں پر اس عامل کی ضیافت کرنا واجب ہے۔ علامہ خطابی نے کہا ہے کہ یہ حکم اس وقت تھا جب مسلمانوں کا بیت المال نہیں تھا اور اب جب کہ مسلمانوں کا بیت المال موجود ہے تو عمال کا خرچ بیت المال سے واجب ہے۔

اگر حقدار کو اپنا حق حاصل کرنے کا موقع ملے تو وہ عدالت کے بغیر بھی اپنا حق لے سکتا ہے

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں اس حدیث سے "مسئلہ ظفر" پر استدلال کیا گیا ہے، امام شافعی کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص عدالت کے ذریعہ اپنا حق لینے پر قادر نہ ہو، مثلاً مقروض منکر ہو اور قرض خواہ کے پاس کوئی گواہ یا کوئی دلیل نہ ہو تو اس شخص کے لیے جائز ہے کہ اپنے حق کے برابر مالیت اس شخص کے مال سے لے لے اور اس میں ظلم اور زیادتی نہ کرے، اور اگر عدالت کے ذریعہ لینا ممکن ہو تو فقہاء شافعیہ کے نزدیک پھر بھی اس کا لینا جائز ہے، اور فقہاء مالکیہ کا اس میں اختلاف ہے، اور فقہاء احناف یہ کہتے ہیں کہ مثلی اشیاء کو لینا جائز ہے اور جن چیزوں کی مثل نہ ہو ان کو لینا جائز نہیں ہے، کیونکہ یہ خدشہ ہے کہ کبھی قیمت لگانے میں زیادتی نہ ہو جائے (مثلاً کسی شخص کا پانچ مکعب فٹ کا نیشنل کا فریج کوئی شخص لے گیا اور وہ واپس نہیں دے رہا۔ بعد میں اس کے ہاں اسی سائز اور اسی کمپنی کا کری اور سیٹ مل گیا تو اس شخص کو اگر اس سیٹ کے لینے پر قدرت ہو تو لے سکتا ہے لیکن اگر کوئی شخص کسی کا بکرا کاٹ کے لے گیا تھا اور اب اس کے ہاں وہ بکرا یا گائے نہیں ہے کرٹی اور بکرا یا گائے ہے تو وہ اس کو نہیں لے سکتا کیونکہ جانور ایک دوسرے کی مثل نہیں ہیں اور قیمت لگانے میں کمی اور زیادتی کا احتمال ہے۔ سعیدی)۔ اور اس پر علماء کا اتفاق ہے کہ قدرت کے وقت اپنی چیز یا اس کی مثل لینے کا جواز اموال میں ہے عقوبات بدنیہ میں نہیں ہے۔ (یعنی اگر کسی شخص نے کسی کا دانت توڑ دیا ہے اور عدالت کے ذریعہ وہ اپنا بدلہ لینے پر قادر نہیں ہے تو اس کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ از خود جا کر دانت توڑنے والے کا دانت توڑ دے۔) اور اموال میں بھی اپنے مال کے بدلہ میں کوئی چیز لینا اس وقت جائز ہے جب اس کو یہ اطمینان ہو کہ اس پر چوری کی تہمت نہیں لگے گی۔[2]

یہاں ہم نے "مسئلہ ظفر" کا اجمالی ذکر کیا ہے کیونکہ اس کی تفصیل اور تحقیق ہم (باب: ۵۰۷ میں) بیان کر چکے ہیں۔

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۸۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۵ ص ۱۰۹، مطبوعہ دار نشر کتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

بَابُ اسْتِحْبَابِ الْمُؤَاسَاتِ بِفُضُوْلِ الْمَالِ

زائد مال کو مسلمانوں کی خیر خواہی میں خرچ کرنے کا استحباب

۴۴۰۳ - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ قَالَ نَا اَبُو الْاَشْهَبِ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ فِيْ سَفَرٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلٰى رَاحِلَةٍ لَهٗ قَالَ فَجَعَلَ يَصْرِفُ يَمِيْنًا وَّشِمَالًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ مَعَهٗ فَضْلُ ظَهْرٍ فَلْيَعُدْ بِهٖ عَلٰى مَنْ لَّا ظَهْرَ لَهٗ وَمَنْ كَانَ لَهٗ فَضْلٌ مِّنْ زَادٍ فَلْيَعُدْ بِهٖ عَلٰى مَنْ لَّا زَادَ لَهٗ قَالَ فَذَكَرَ مِنْ اَصْنَافِ الْمَالِ مَا ذَكَرَ حَتّٰى رَاَيْنَا اَنَّهٗ لَا حَقَّ لِاَحَدٍ مِّنَّا فِيْ فَضْلٍ ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں جا رہے تھے، ناگاہ ایک شخص اونٹنی پر سوار ہو کر آیا اور دائیں بائیں گھورنے لگا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پاس فالتو سواری ہو وہ فالتو سواری اس شخص کو دے دے جس کے پاس سواری نہیں ہے اور جس شخص کے پاس فالتو زادِ راہ ہے وہ اس شخص کو زادِ راہ دے دے جس کے پاس زادِ راہ نہیں ہے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مال کی اقسام اتنی تفصیل سے بیان کیں کہ یوں لگتا تھا کہ ہم میں سے کسی کا اپنی فالتو چیز میں حق نہیں ہے۔

گھوڑے پر سوار سائل کو خیرات دینا

علامہ یحییٰ بن شرف نووی لکھتے ہیں: اس حدیث میں صدقہ پر برانگیختہ کرنے سخاوت کرنے، لوگوں کے ساتھ غمگساری اور خیر خواہی کرنے اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ نیکی کرنے کا ذکر ہے اور یہ کہ جو شخص قوم کا امیر ہو اس پر لازم ہے کہ وہ اپنے ساتھیوں کو کسی ضرورت مند کی خیر خواہی اور غم گساری کی تلقین کرے۔

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ضرورت مند کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ اپنے آپ کو عطا کے لیے پیش کر دے اور سوال نہ کرے جیسا کہ اس حدیث میں ہے وہ سوار آکر دائیں بائیں گھورنے لگا، اور اس کا دائیں بائیں کا جائزہ لینا اس قصد سے تھا کہ ان میں سے کوئی اس کی مدد کرنے والا ہے یا نہیں؟۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ضرورت مند مسافر کی مدد اور اس کی خیر خواہی کرنا چاہیے خواہ وہ گھوڑے پر سوار ہو اور اچھا لباس پہنے ہوئے ہو، کیونکہ ہوسکتا ہے کہ اس کے اپنے وطن میں اس کے پاس پیسے ہوں اور وہ مالدار ہو اور یہاں سفر میں اس کو کسی افتاد کی وجہ سے ضرورت کا سامنا ہو، اسی وجہ سے مسافر کو زکوٰۃ بھی دی جاتی ہے اور غالباً اسی وجہ سے آپ نے فرمایا ہے تم پر سائل کا حق ہے خواہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آیا [illegible] ملاحظہ ہو...

سائل کو بھیک دینے میں مستحق اور غیر مستحق کا فرق نہیں کرنا چاہیے

جب کسی سائل کا ظاہر حال امیرانہ ہو مثلاً وہ عمدہ پوشش ہو اور صاحب مکان ہو تو یہ خیال کر کے اس کی مدد سے ہاتھ نہیں روکنا چاہیے کہ یہ تو امیر آدمی ہے اس کو سوال کی کیا ضرورت ہے! کیونکہ ہو سکتا ہے وہ مکان کرایہ کا ہو یا قرض میں گروی رکھا ہوا ہو یا وہ کسی کے مکان میں عارضی طور پر رہتا ہو۔ اور ہر حال میں مسلمان سے حسن ظن رکھنا چاہیے اور یہی خیال کرنا چاہیے کہ یہ شخص یقیناً سوال کا مستحق ہے جبھی تو سوال کر رہا ہے۔

ایک بار ایک سائل نے آکر سوال کیا میں نے اس کے ہاتھ پر کچھ پیسے رکھ دیے، میرے ساتھ ایک دوست کھڑے تھے انہوں نے کہا آپ کو پتا ہے یہ لوگ بھیک مانگ کر ہیروئن اور چرس پیتے ہیں اس لیے ان پیشہ ور بھکاریوں کے سوال پر نہیں دینا چاہیے اس کے بجائے آپ کے محلہ میں کوئی سفید پوش غریب آدمی رہتا ہو تو اس کی حسب مقدور مدد کر دینی چاہیے۔ اس لیے آپ اس سائل کو دیں جو مستحق ہو اور غیر مستحق کو مت دیں۔ میں نے کہا اللہ تعالیٰ جو ہم کو ان گنت قسم قسم کی نعمتیں عطا فرماتا ہے، ہم کب ان نعمتوں کے مستحق ہیں، ہم دن رات اللہ تعالیٰ سے دعائیں کرتے ہیں اور ہم کب ان دعاؤں کے مستجاب ہونے کے مستحق ہیں، سنو! اللہ تعالیٰ بندوں کے ساتھ وہی معاملہ کرتا ہے جو تم اس کے بندوں کے ساتھ سلوک کرتے ہو، اگر کسی سائل کے بارے میں تم کو یقینی دلیل سے معلوم ہے کہ وہ ان پیسوں کی جا کر روٹی نہیں کھائے گا بلکہ چرس یا ہیروئن پیئے گا تو بے شک اس کو خیرات مت دو لیکن کسی سائل کی پیشانی پر یہ نہیں لکھا ہوتا کہ وہ اس خیرات کا کیا کرے گا! اس لیے تم مستحق اور غیر مستحق کی تحقیق اور تفتیش مت کرو اور اگر دے سکتے ہو تو جو سائل بھی سوال کرے اس کو دے دو کیونکہ اگر تم نے تفتیش اور تحقیق کر کے غیر مستحقین کے سوال کو رد کرنا شروع کر دیا تو جس سائل کو تم نے رد کر دیا ہے وہ تمہارے علاوہ کسی اور شخص کے دروازے سے جا کر بھیک لے لے گا لیکن اگر اللہ تعالیٰ نے بھی تمہیں غیر مستحق قرار دے کر رد کر دیا تو تم کس کے دروازہ سے بھیک لوگے!

بَابُ ۵۷ اسْتِحْبَابِ خَلْطِ الْاَزْوَادِ اِذَا قَلَّتْ وَالْمُوَاسَاةِ فِيْهَا

جب کمی ہو تو سب کے زاد راہ کو ملا دینے اور آپس میں غم گساری کرنے کا استحباب۔

۴۴۰۴ - حَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْدِيُّ قَالَ نَا النَّضْرُ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيَّ قَالَ نَا عِكْرِمَةُ وَهُوَ ابْنُ عَمَّارٍ قَالَ نَا اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ایاس بن سلمہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک جنگ میں گئے وہاں ہم کو تنگی کی شکایت ہوئی حتیٰ کہ ہم نے اپنی بعض سواریوں کو ذبح کرنے کا ارادہ کر لیا، تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا کہ ہم اپنے اپنے زاد راہ کو جمع کریں، پھر ایک چمڑے کا دستر خوان بچھایا

(حاشیہ صفحہ سابقہ) لے علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۸۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ فَأَصَابَنَا جَهْدٌ حَتّٰى هَمَمْنَا أَنْ نَنْحَرَ بَعْضَ ظَهْرِنَا فَأَمَرَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَمَعْنَا مَزَاوِدَنَا فَبَسَطْنَا لَهُ نِطَعًا فَاجْتَمَعَ زَادُ الْقَوْمِ عَلَى النِّطَعِ قَالَ فَتَطَاوَلْتُ لِأَحْزُرَهُ كَمْ هُوَ فَحَزَرْتُهُ كَرَبْضَةِ الْعَنْزِ وَنَحْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً قَالَ فَأَكَلْنَا حَتّٰى شَبِعْنَا جَمِيعًا ثُمَّ حَشَوْنَا جُرُبَنَا فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مِنْ وَضُوءٍ قَالَ فَجَاءَ رَجُلٌ بِإِدَاوَةٍ لَهُ فِيهَا نُطْفَةٌ فَأَفْرَغَهَا فِي قَدَحٍ فَتَوَضَّأْنَا كُلُّنَا نُدَغْفِقُهُ دَغْفَقَةً أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً قَالَ ثُمَّ جَاءَ بَعْدَ ذٰلِكَ ثَمَانِيَةٌ فَقَالُوا هَلْ مِنْ طَهُورٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَغَ الْوَضُوءُ۔

گیا جس پر سب کے زادِ راہ جمع کیے گئے۔ راوی کہتے ہیں کہ میں اس چمڑے کے ٹکڑے کا اندازہ کرنے کے لیے آگے بڑھا تو میرے اندازے کے مطابق وہ ایک بکری کے بیٹھنے کی جگہ کے برابر تھا، اس وقت لشکر میں ہم چودہ سو تھے، ہم سب نے اس کھانے کو کھایا حتیٰ کہ ہم سیر ہو گئے، پھر ہم نے اپنے اپنے کھانے کے تھیلوں کو بھر لیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا وضو کا پانی ہے؟ ایک شخص لوٹے میں تھوڑا سا پانی لے کر آیا، آپ نے اس پانی کو ایک پیالے میں ڈال دیا اور ہم سب نے اس سے اچھی طرح وضو کیا اور چودہ سو آدمیوں نے خوب اچھی طرح پانی بہایا، پھر اس کے بعد آٹھ آدمی آئے اور پوچھا کیا وضو کا پانی ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو سے فراغت ہو چکی ہے۔

تھوڑے سے طعام کا زیادہ کرنا معجزہ ہے اور طعام ابتداءً معدوم ہو تو اس کا موجود کرنا معجزہ کیوں نہیں ہے۔

علامہ یحییٰ بن شرف نووی لکھتے ہیں: اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دو معجزے ظاہر ہوئے ایک طعام کا زیادہ ہونا اور دوسرا پانی کا زیادہ ہونا، علامہ مازری نے اس معجزے کی تفصیل میں لکھا ہے کہ جب بھی طعام کا ایک جز کھایا جاتا تو اللہ تعالیٰ اس کا ایک اور جز پیدا کر دیتا اسی طرح جب پانی کا ایک گھونٹ پیا جاتا تو اللہ تعالیٰ اس کا ایک اور گھونٹ پیدا کر دیتا۔ لہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کھانے اور پینے کی اشیاء میں جب بھی برکت کا ظہور ہوا ہے اس کی یہی صورت تھی کہ پہلے کچھ کھانے اور پینے کی چیزیں لائی گئیں پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر دعا کی یا اس میں سے کچھ تناول فرمایا

لہ۔ علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متو[illegible] نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

یا ان کے گرد چکر لگایا تو اس میں اضافہ ہو گیا۔ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ کوئی چیز پہلے سرے سے نہ ہو اور پھر وہ آپ کی برکت سے موجود ہو جائے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کسی چیز کو عدم سے موجود کرنا اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے معجزات میں کسی تھوڑی چیز کے زیادہ ہو جانے کی تو مثالیں ہیں لیکن کسی معدوم چیز کے موجود ہونے کی مثال نہیں ہے۔

معجزات کے ثبوت کے طریقے

علامہ نووی لکھتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کی دو قسمیں ہیں ایک قسم قرآن مجید ہے جو تواتر سے منقول ہے دوسری قسم یہ ہے کہ مثلاً کھانے پینے کی چیزوں کو زیادہ کر دینا، اور اس کا ثبوت دو طریقوں سے ہے ایک تو یہ معجزات تواتر سے منقول ہیں، جیسے حاتم کی سخاوت اور احنف بن قیس کا حلم تواتر سے منقول ہے، اسی طرح خرق عادت، کے یہ واقعات بھی تواتر سے منقول ہیں۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ جب ایک صحابی نے اس قسم کا عجیب واقعہ تمام صحابہ کے سامنے بیان کیا اور کسی نے اس سے اختلاف نہیں کیا تو یہ ان سب کی طرف سے تصدیق ہو گئی جو اس کی روایت کے صحیح ہونے کا علم یقین ہے۔

مل جل کر کھانے کی برکت

اس حدیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جب کھانے پینے کی چیزیں کم ہوں تو ان سب کو جمع کر لینا چاہیے اور ہر شخص اپنے طعام کو اپنے ساتھیوں کے لیے مباح کر دے اور یہ خیال نہ کرے کہ اس نے دوسروں سے کم کھایا ہے یا زیادہ خصوصاً طعام کی قلت کے موقع پر ایثار اور قربانی سے کام لینا چاہیے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ سب کے مل کر کھانے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ برکت نازل فرمائے۔

الحمد للہ علی احسانہ آج ۱۹ محرم الحرام ۱۴۱۰ھ (۲۲ اگست ۱۹۸۹ء) بروز منگل کتاب اللقطۃ ختم ہو گئی ہے! الہ العالمین مجھے صحیح مسلم کی باقی کتب اور ابواب کی شرح مکمل کرنے کی سعادت بھی عطا فرما۔ میری تمام کوتاہیوں، لغزشوں اور گناہوں کو معاف فرما، میرے والدین اساتذہ اور مشائخ کی مغفرت فرما، اس کتاب کو قبول دوام عطا فرما اور اس کتاب کو میرے لیے تا قیامت صدقہ جاریہ اور توشۂ آخرت کر دے۔ الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد خاتم النبیین سید المرسلین اول الشافعین والمشفعین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کِتَابُ الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ

جہاد کا لغوی معنی علامہ سید زبیدی لکھتے ہیں جَھْد اور جُھْد کا معنی طاقت، وسعت اور کسی کام میں مبالغہ کرنا ہے اور جُھْد کا معنی مشقت ہے۔ علامہ ابن اثیر جزری نے کہا ہے کہ حدیث میں جَھْد اور جُھْد کا لفظ بکثرت استعمال ہوا ہے، جُھْد کا معنی مشقت اور جَھْد کا معنی وسعت ہے، ایک قول یہ ہے کہ یہ دونوں لفظ وسعت اور طاقت کے معنی میں مستعمل ہوتے ہیں، لیکن مشقت کے معنی میں صرف جُھْد ہی استعمال ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے: والذین لا یجدون الا جُھْدَھم (التوبہ: ۷۹) "وہ لوگ جو صرف اپنی مشقت سے (کمائی) حاصل کرتے ہیں" فراء نے کہا ہے کہ اس آیت میں جُھْد طاقت کے معنی میں ہے کہا جاتا ہے کہ ھذا جُھْدی "یہ میری طاقت ہے"۔

جہاد دشمن سے قتال کو کہتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وجاھدوا فی اللہ حق جھادہ (حج: ۷۸) "اللہ کی راہ میں دشمنوں سے اس طرح قتال کرو جو قتال کا حق ہے" کہا جاتا ہے "جاھد العدو" "اس نے دشمن سے قتال کیا، اور حدیث میں ہے لا ھجرۃ بعد الفتح ولکن جھاد و نیۃ "فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں ہے لیکن جہاد اور نیت ہے" اور جہاد کا معنی ہے دشمنوں سے جنگ کرنے میں اپنی پوری طاقت اور وسعت کو خرچ کرنا اور نیت اللہ کے لیے اخلاص عمل کو کہتے ہیں۔ علامہ راغب اصفہانی نے بیان کیا ہے: جہاد کی حقیقت یہ ہے کہ خواہش کے خلاف اپنی طاقت اور وسعت کو خرچ کیا جائے، اور اس کی تین قسمیں ہیں، ظاہری دشمن سے جہاد کرنا، شیطان سے جہاد کرنا اور نفس سے جہاد کرنا اور یہ تینوں قسمیں اس آیت میں داخل ہیں وجاھدوا فی اللہ حق جھادہ (حج: ۷۸)[1]

جہاد کا شرعی معنی علامہ بدرالدین عینی حنفی لکھتے ہیں: جہاد کا شرعی معنی ہے: اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے (یعنی اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے) کفار سے جنگ میں اپنی پوری طاقت اور وسعت کو خرچ کرنا اور جہاد فی النفس کا معنی ہے: احکام شرعیہ پر عمل کرنے کے لیے نفس کو تھکانا اور اتباع شہوات اور میلان لذات میں نفس کی مخالفت کرنا۔[2]

علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں: جہاد کا شرعی معنی ہے: اللہ کی راہ میں جنگ کرنے کے لیے جان، مال اور زبان کو انتہائی وسعت اور طاقت سے خرچ کرنا۔[3]

---

[1] سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس شرح القاموس ج ۲ ص ۳۳۰، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر ۱۳۰۶ھ

[2] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۴ ص ۸۰، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ

[3] ملک العلماء ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی [illegible]، بدائع الصنائع [illegible]، مطبوعہ ایچ۔ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

علامہ بابرتی حنفی لکھتے ہیں: دین حق کی طرف دعوت دینا اور جو اس دعوت کو قبول نہ کرے اس کے ساتھ جان اور مال کے ساتھ جنگ کرنا جہاد ہے۔ [1]

علامہ ابن ہمام حنفی نے بھی جہاد کی یہی تعریف کی ہے۔ [2]

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی لکھتے ہیں: کفار سے جنگ کرنے میں اپنی طاقت اور وسعت کو صرف کرنا شرعاً جہاد ہے، اور نفس، شیطان اور فاسقوں سے مجاہدہ کرنے کو بھی جہاد کہتے ہیں، الحمد دین کا علم حاصل کرنا پھر اس پر عمل کرنا اور اس کی تعلیم دینا مجاہدہ نفس ہے، شیطان کے شبہات کو دور کرنا اور اس کی مزین کردہ چیزوں سے بچنا مجاہدہ شیطان ہے۔ جان، مال، زبان اور دل سے کفار کے ساتھ جنگ کرنا مجاہدہ کفار ہے۔ اور ہاتھوں سے، زبان سے اور دل سے فاسقوں کی مخالفت کرنا مجاہدہ فساق ہے۔ [3]

علامہ وشتانی اُبی مالکی لکھتے ہیں: دین کی سربلندی کے لیے مسلمان کا کافر غیر ذمی سے جنگ کرنا یا میدان جنگ میں حاضر ہونا یا ارض کفار میں داخل ہونا جہاد ہے۔ جو شخص جنگ کرنے کے لیے میدان جنگ یا ارض کفار میں جائے اور اس کو جنگ کا موقع نہ ملے وہ بھی مجاہد ہے۔ [4]

علامہ بہوتی حنبلی لکھتے ہیں: بالخصوص کفار سے قتال کرنے کو جہاد کہتے ہیں، مسلمان باغیوں اور ڈاکوؤں سے قتال کو جہاد نہیں کہتے۔ [5]

فرضیت جہاد کے تدریجی مراحل

شمس الائمہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں: مشرکین کو دین اسلام کی دعوت دینا واجب ہے اور جو مشرکین اس دعوت کو قبول نہ کریں، ان سے قتال کرنا واجب ہے کیونکہ تمام آسمانی کتابوں میں اس امت کی یہ صفت بیان کی گئی ہے کہ یہ امت نیکی کی دعوت دیتی ہے اور برائی سے روکتی ہے، اسی بنا پر اس امت کو خیر الامم قرار دیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

كنتم خير امة اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنهون عن المنكر. (آل عمران: ۱۱۰)

جو امتیں لوگوں کے لیے ظاہر کی گئیں ہیں تم ان میں سب سے بہترین امت ہو، تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو۔

اور سب سے بڑی نیکی اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا ہے، اس لیے ہر مومن پر لازم ہے کہ وہ نیکی کی دعوت دے اور نیکی کا حکم دے اور سب سے بڑی برائی شرک ہے خصوصاً وہ لوگ جو عناداً شرک کرتے ہوں، اس لیے ہر مومن پر لازم ہے کہ وہ حسب استطاعت لوگوں کو شرک سے روکے۔

---

[1] علامہ محمد بن محمود بابرتی حنفی متوفی ۷۸۶ھ، عنایہ علی ہامش فتح القدیر ج ۵ ص ۱۸۹، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر
[2] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۵ ص ۱۸۷، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر
[3] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۳، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ
[4] علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۳۳-۲۳۴، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
[5] علامہ منصور بن یونس بن ادریس بہوتی حنبلی، کشاف القناع ج ۳ ص ۳۲، مطبوعہ عالم الکتب بیروت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ابتداءً مشرکین سے اعراض کرنے اور ان سے درگذر کرنے کا حکم دیا گیا تھا، اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:
فاصفح الصفح الجمیل (حجر: ۸۵) "آپ حسن وخوبی کے ساتھ ان سے درگذر کیجیے" اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:
واعرض عن المشرکین (حجر: ۹۴) "اور آپ مشرکین سے اعراض کیجیے" پھر اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا کہ آپ حکمت کے ساتھ نصیحت کرکے لوگوں کو دین کی طرف بلائیے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ادع الی سبیل ربك بالحکمة والموعظة الحسنة وجادلهم بالتی هی احسن.
(نحل: ۱۲۵)
حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ اپنے رب کے راستہ کی طرف بلائیے اور ان پر احسن طریقہ سے حجت قائم کیجیے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا کہ اگر مشرکین جنگ کی ابتداء کریں تو ان سے مدافعانہ جنگ کی جائے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فان قاتلوکم فاقتلوهم.
(بقرہ: ۱۹۱)
اگر کفار تم سے جنگ کریں تو تم بھی ان سے جنگ کرو۔

نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فان جنحوا للسلم فاجنح لها.
(انفال: ۶۱)
اگر وہ (کافر) صلح کی طرف مائل ہوں تو آپ صلح کی طرف مائل ہو جائیں۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ابتداءً مشرکین کو قتل کرنے کا حکم دیا۔ اور ارشاد فرمایا:

وقاتلوهم حتی لا تکون فتنة ویکون الدین لله.
(بقرہ: ۱۹۳)
اور ان (کفار) سے جنگ کرتے رہو حتیٰ کہ فتنہ (کا زور) نہ رہے اور صرف اللہ کے دین (کا نظام قائم) ہو جائے۔

فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموهم. (توبہ: ۵) سو تم جہاں بھی مشرکین کو پاؤ ان کو قتل کر دو۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ جب تک لوگ لا الہ الا اللہ کا اقرار نہ کرلیں میں ان سے جنگ کرتا رہوں، اور جب وہ اقرار کرلیں گے تو وہ اپنی جان اور مال کو مجھ سے محفوظ کرلیں گے البتہ جو ان پر حق ہوگا (وہ وصول کیا جائے گا) اور ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔ اس کے بعد مشرکین سے جہاد کی فرضیت برقرار رہی اور قیامت تک کے لیے جہاد فرض ہو گیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سے اللہ تعالیٰ نے مجھے مبعوث کیا ہے اس وقت سے لے کر جب تک میری امت دجال سے جنگ کرے گی جہاد جاری رہے گا۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے قیامت تک کے لیے تلوار کے ساتھ مبعوث کیا گیا ہے اور میرا رزق نیزوں کے سائے میں ہے اور جو شخص میری مخالفت کرے گا اس کے لیے ذلت اور محکومی ہے، اور جو شخص جس قوم کی مشابہت اختیار کرے گا اس کا اسی قوم میں شمار ہوگا، سفیان بن عیینہ نے اس کی یہ تفسیر کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چار تلواروں کے ساتھ مبعوث کیا ہے۔ ایک وہ تلوار ہے جس کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بت پرستوں کے ساتھ جہاد کیا، ایک وہ تلوار ہے جس کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مرتدین کے ساتھ جہاد کیا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تقاتلونهم او یسلمون (فتح: ۱۶) "تم ان سے جنگ کرتے رہو گے حتیٰ کہ وہ مسلمان ہو جائیں گے" تیسری وہ تلوار ہے جس کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجوس اور

اہل کتاب کے ساتھ جنگ کی، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ قاتلوا الذین لا یؤمنون باللہ (توبہ: ۲۹) "ان لوگوں سے جہاد کرو جو اللہ پر ایمان نہیں لائے" چوتھی وہ تلوار ہے جس کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خارجیوں، معاہدہ توڑنے والوں اور حق کی مخالفت کرنے والوں سے جہاد کیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: فقاتلوا التی تبغی حتی تفئ الی امر اللہ (حجرات: ۹) "جو قوم باغی ہو اس سے اس وقت تک جنگ کرو حتیٰ کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف واپس آجائے۔"[1]

جہاد کی اقسام میں فقہاء احناف کا نظریہ

ائمہ اربعہ کے نزدیک جہاد کی دو قسمیں ہیں فرض عین اور فرض کفایہ اسلام کی تبلیغ کے لیے پہلے کافروں کو اسلام کی دعوت دینا اور اگر وہ اسلام کو نہ قبول کریں تو پھر ان سے جہاد کرنا فرض کفایہ ہے، اور اگر کسی اسلامی شہر پر کافر حملہ کریں تو اس شہر کے مسلمانوں پر اپنے شہر کے دفاع کے لیے جہاد کرنا فرض عین ہے اور اگر اس شہر کے مسلمان اپنا دفاع نہ کر سکیں تو اس کے قریب کے شہر والوں پر جہاد کرنا فرض عین ہو جائے گا علیٰ ہذا القیاس اگر ایک اسلامی ملک اپنے دفاع کی استطاعت نہ رکھے تو اس کے قریب کے ملک پر اس ملک کے دفاع کے لیے جہاد کرنا فرض عین ہوگا۔

شمس الائمہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں: پھر فریضہ جہاد کی دو قسمیں ہیں پہلی قسم فرض عین ہے جب کفار پر حملہ کرنے کا عام حکم ہو تو ہر شخص پر اپنی قوت اور طاقت کے اعتبار سے جہاد کرنا فرض عین ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

انفروا خفافا و ثقالا (توبہ: ۴۱)	نکلو، خواہ ہلکے ہو یا بوجھل۔
یایھا الذین اٰمنوا ما لکم اذا قیل لکم انفروا فی سبیل اللہ اثاقلتم الی الارض ارضیتم بالحیٰوۃ الدنیا من الاٰخرۃ فما متاع الحیٰوۃ الدنیا فی الاٰخرۃ الا قلیل الا تنفروا یعذبکم عذابا الیما۔ (توبہ: ۳۹-۳۸)	اے ایمان والو! تمہیں کیا ہو گیا جب تم سے اللہ کی راہ میں نکلنے کے لیے کہا گیا تو تم زمین سے چمٹ کر رہ گئے، کیا تم نے آخرت کے مقابلہ میں دنیاوی زندگی کو پسند کر لیا ہے؟ آخرت کے مقابلہ میں دنیاوی زندگی کی متاع تو محض قلیل ہے، اگر تم (راہ خدا میں) نہ نکلے تو اللہ تعالیٰ تم کو دردناک عذاب دے گا۔

اور دوسری قسم فرض کفایہ ہے، جس میں بعض مسلمانوں کے جہاد کرنے سے باقی بعض مسلمانوں سے جہاد ساقط ہو جاتا ہے، کیونکہ جہاد کی وجہ سے مشرکین کی شوکت ٹوٹ جاتی ہے اور دین کو غلبہ حاصل ہوتا ہے اور جہاد سے یہی مقصود ہے۔ نیز اس لیے کہ اگر جہاد کو ہر وقت ہر شخص پر فرض کیا جاتا تو اس سے حرج واقع ہوتا کیونکہ مقصود تو یہ ہے کہ مسلمان دین اور دنیا کی اچھائیوں کو آزادی اور بے خوفی سے حاصل کر سکیں اور اگر ہر شخص جہاد میں مشغول ہو گیا تو دنیا کے دیگر اصلاحی اور تعمیری کام انجام نہیں پا سکیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی جہاد میں بنفس نفیس تشریف لے جاتے تھے اور کبھی دوسروں کو بھیجتے تھے حتیٰ کہ آپ نے فرمایا: "میری یہ خواہش ہے کہ کوئی جنگی قافلہ یا لشکر روانہ نہ کیا جائے مگر میں بھی اس میں شریک ہوں۔ لیکن میرے پاس سب کے لیے سواریاں نہیں ہیں اور میرے بغیر یہ خوش نہیں ہوں گے، اور میری بڑی تمنا یہ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتا رہوں حتیٰ کہ میں شہید کر دیا جاؤں اور میں پھر زندہ کیا جاؤں اور پھر شہید کیا جاؤں"، اس

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۱۰ ص ۳-۲، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

حدیث میں یہ بھی دلیل ہے کہ جہاد اور مرتبہ شہادت اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرتبہ رسالت حاصل ہونے کے باوجود شہادت کی تمنا کی ہے' اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا اس شخص کی طرح ہے جو دن کو روزہ رکھے اور رات قیام، رکوع اور سجود میں گزارے' اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی راہ میں صبح کرنا یا شام گذارنا دنیا اور مافیہا سے بہتر ہے جہاد کے بارے میں بکثرت احادیث اور آثار ہیں حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد کو دین کا کوہان فرمایا ہے اور مسلمانوں کے امیر پر یہ لازم ہے کہ وہ جہاد کے لیے کوشش کرتا رہے یا خود جہاد کے لیے نکلے یا کسی لشکر کو روانہ کرے[1]
ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں: اگر جہاد کے لیے روانہ ہونے کا مسلمانوں کو عام حکم دیا جائے تو جہاد فرض عین ہے اور اگر عام حکم نہ ہو تو جہاد فرض کفایہ ہے اور بعض مسلمانوں کے جہاد کرنے سے باقی مسلمانوں سے جہاد کی فرضیت ساقط ہو جاتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فضل اللہ المجاھدین باموالھم وانفسھم علی القاعدین درجۃ وکلا وعد اللہ الحسنیٰ وفضل اللہ المجاھدین علی القاعدین اجرا عظیما۔ (نساء: ۹۵)

جو لوگ اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرتے ہیں ان کو اللہ تعالیٰ نے بیٹھنے والوں (یعنی جہاد میں نہ جانے والوں) پر فضیلت دی ہے اور سب سے اللہ تعالیٰ نے اچھی عاقبت کا وعدہ کیا ہے، اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کو بیٹھنے والوں پر اجر عظیم کی فضیلت دی ہے۔

اگر ہر مسلمان پر جہاد فرض ہوتا تو جہاد نہ کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ اچھی عاقبت کا وعدہ نہ فرماتا اور جہاد کے موقع پر بیٹھے رہنا حرام ہوتا۔ نیز جہاد اس لیے فرض کیا گیا ہے کہ اسلام کی دعوت دی جائے اور دین حق کو سربلند کیا جائے اور کفار کے شر اور ان کے قہر کو دفع کیا جائے اور یہ مقصد بعض مسلمانوں کو جہاد کے لیے روانہ کرنے سے پورا ہو سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کبھی لشکر روانہ کر دیتے اور خود تشریف نہیں لے جاتے تھے اگر جہاد فرض عین ہوتا تو آپ لشکر کو روانہ کرنے کے بعد کبھی خود بیٹھے نہ رہتے اور نہ کسی مسلمان کو جہاد چھوڑ کر بیٹھے رہنے کی اجازت دیتے۔
اور جب کہ جہاد فرض کفایہ ہے تو مسلمانوں کے امیر پر لازم ہے کہ وہ کفار سے جہاد کرنے کے لیے تمام اسلامی سرحدوں پر مجاہدین کو روانہ کرے اور جب یہ مجاہدین کفار سے جہاد کریں گے تو باقی مسلمانوں سے جہاد ساقط ہو جائے گا اور جب کسی سرحد پر مجاہدین کمزور پڑ جائیں اور ان پر دشمن کے غلبہ کا خطرہ ہو تو اس شہر کے مسلمانوں پر ان کی مدد کے لیے روانہ ہونا واجب ہے اور سواریوں، اسلحہ اور مال سے ان کی مدد کرنا واجب ہے۔
نیز علامہ کاسانی فرماتے ہیں، جب جہاد کے لیے روانہ ہونے کا عام حکم دیا جائے بایں طور کہ دشمن کسی شہر پر حملہ کر دے تو پھر جہاد فرض عین ہے اور افراد مسلمین میں سے ہر مسلمان پر جہاد کرنا فرض عین ہے۔ بشرطیکہ وہ جہاد پر قادر ہو، کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

ماکان لاھل المدینۃ ومن حولھم من

مدینہ اور اس کے آس پاس کے لوگوں کو یہ نہیں

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی [illegible] بیروت، ۱۳۹۸ھ

الاعراب ان یتخلفوا عن رسول اللہ و لا یرغبوا بانفسھم عن نفسہ ذٰلک بانھم لایصیبھم ظمأٌ ولا نصب ولا مخمصۃ فی سبیل اللہ (توبہ : ۱۲۰)

چاہیے تھا کہ وہ (جہاد میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے رہ جاتے اور نہ یہ کہ وہ رسول کی جان سے زیادہ اپنی جان سے رغبت کرتے، تاکہ انھیں اللہ کی راہ میں بھوک، پیاس اور مشقت نہ پہنچے۔

سو اس صورت میں نماز روزے کی طرح ہر مسلمان پر جہاد کرنا فرض عین ہوگا۔ [1]

علامہ ابن ہمام حنفی لکھتے ہیں: "ذخیرہ" میں لکھا ہوا ہے کہ جب جہاد کے لیے روانہ ہونے کا بگل بج جائے تو جو لوگ دشمن کے قریب ہوں اور جہاد کرنے کی طاقت رکھتے ہوں ان پر جہاد کے لیے روانہ ہونا فرض عین ہے اور جو لوگ دور ہوں ان پر جہاد کرنا فرض کفایہ ہے حتیٰ کہ اگر ان کی ضرورت نہ پڑے تو ان کا جہاد نہ کرنا جائز ہے لیکن اگر ان کی ضرورت پڑ جائے باں طور کہ قریب والے مسلمان دشمن سے مقابلہ میں کمزور پڑ جائیں یا وہ سستی کی وجہ سے جہاد نہ کریں تو پھر جو مسلمان ان مسلمانوں سے قریب ہوں ان پر نماز اور روزے کی طرح جہاد فرض عین ہو جائے گا۔ [2]

علامہ بابرتی حنفی لکھتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کے لیے تشریف لے جاتے تھے اور بہت سے صحابہ کو مدینہ میں چھوڑ جاتے تھے اس سے یہ معلوم ہوا کہ جہاد صرف اسی وقت فرض عین ہوتا ہے جب جہاد کے لیے روانہ ہونے کا عام حکم دیا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

لا یستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر والمجاھدون فی سبیل اللہ باموالھم وانفسھم فضل اللہ المجاھدین باموالھم وانفسھم علی القاعدین درجۃ وکلًّا وعد اللہ الحسنٰی (نساء : ۹۵)

بلا عذر (جہاد سے) بیٹھ رہنے والے مسلمان اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان کے ساتھ (کافروں سے) جہاد کرنے والے مسلمان برابر نہیں ہیں، اللہ تعالیٰ نے اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ جہاد کرنے والے مسلمانوں کو بیٹھنے والے مسلمانوں پر درجہ میں فضیلت دی ہے، اور اللہ تعالیٰ نے سب سے اچھی عاقبت کا وعدہ کیا ہے۔

اس آیت سے یہ معلوم ہوا کہ جہاد نہ کرنے والوں سے بھی اللہ تعالیٰ نے اچھی عاقبت کا وعدہ کیا ہے اور اگر جہاد فرض عین ہوتا تو جہاد نہ کرنے والے اچھی عاقبت کے وعدہ کے بجائے عذاب کی وعید کے مستحق ہوتے اس سے معلوم ہوا کہ جہاد فرض کفایہ ہے۔ البتہ جس وقت جہاد پر روانہ ہونے کا عام حکم ہو جائے تو جو مسلمان دشمن کے قریب ہوں اور جہاد پر قادر ہوں ان پر جہاد کرنا فرض عین ہو جاتا ہے اور جو مسلمان دشمن سے دور ہوں ان پر جہاد فرض نہیں ہوتا، ہاں اگر قریب والے مسلمانوں کو کسی وجہ سے ان کی ضرورت پڑے تو پھر ان پر بھی جہاد فرض ہو جاتا ہے اور اگر ان کو بھی ضرورت پڑے تو پھر ان کے قریب مسلمانوں پر جہاد فرض ہوگا و علیٰ ہذا القیاس تدریجاً تمام اہل اسلام پر جہاد فرض عین

---

[1] ملک العلماء ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۹۸، مطبوعہ ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

[2] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۵ ص ۱۹۲، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

ہو جائے گا۔ [1]

جہاد کی اقسام میں فقہاء مالکیہ کا نظریہ

علامہ وشتانی ابی مالکی لکھتے ہیں: علامہ ابن قطان وغیرہ نے نقل کیا ہے کہ جو شخص جہاد پر قادر ہو اس پر جہاد کرنا فرض کفایہ ہے۔ اور علامہ مازری مالکی نے کتاب کبیر میں لکھا ہے کہ جہاد فرض عین بھی ہے اور فرض کفایہ بھی ہے۔ جو مسلمان دشمن اسلام کے قریب اور جہاد پر قادر ہوں ان پر جہاد کرنا فرض عین ہے اور جو مسلمان دور ہوں ان پر جہاد کرنا فرض کفایہ ہے۔ اسی طرح اگر کسی علاقہ کے مسلمانوں پر کفار حملہ کریں تو ان پر جہاد کرنا فرض عین ہے اور جن پر حملہ نہ کریں ان پر فرض کفایہ ہے۔ اسی طرح اگر کسی علاقہ کے مسلمانوں پر دشمن حملہ کرے اور وہ اس سے دفاع کی طاقت نہ رکھتے ہوں پھر بھی ان پر جہاد کرنا فرض عین ہے۔ [2]

جہاد کی اقسام میں فقہاء شافعیہ کا نظریہ

علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی لکھتے ہیں کہ عہد رسالت میں جہاد صرف فرض کفایہ تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: لا یستوی القاعدون الآیۃ (نساء: ۹۵) (علامہ بابرتی کے حوالے سے اس آیت سے استدلال کا بیان گذر چکا ہے۔) لیکن اب جہاد کی دو قسمیں ہیں ایک یہ ہے کہ کفار اپنے شہروں میں ہوں اس وقت ان سے جہاد کرنا فرض کفایہ ہے اگر کوئی مسلمان بھی ان سے جہاد نہ کرے تو وہ تمام مسلمان گناہ گار ہوں گے جن کو جہاد نہ کرنے کا کوئی عذر نہیں ہے۔ [3]

علامہ نووی شافعی لکھتے ہیں: جہاد کی دوسری قسم فرض عین ہے اور یہ اس وقت ہے جب کفار مسلمانوں کے شہروں کو روند رہے ہوں، یا مسلمانوں پر حملہ کرنے کے قصد سے مسلمانوں کے شہروں کی سرحدوں پر جمع ہو جائیں اس وقت ان سے جہاد کرنا فرض عین ہے۔ [4]

جہاد کی اقسام میں فقہاء حنبلیہ کا نظریہ

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: عام حالات میں جہاد کرنا فرض کفایہ ہے اور حسب ذیل صورتوں میں جہاد کرنا فرض عین ہے۔

(۱) جب جنگ ہو رہی ہو اور دونوں طرف سے فوجیں صف آراء ہوں تو پھر مسلمانوں کا میدان جنگ سے بھاگنا اور پیٹھ دکھانا حرام ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یایہا الذین اٰمنوا اذا لقیتم فئۃ فاثبتوا واذکروا اللہ کثیرا لعلکم تفلحون۔ (انفال: ۴۵)

اے ایمان والو! جب تمہارا دشمن کی فوج سے مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو۔

یایہا الذین اٰمنوا اذا لقیتم الذین کفروا زحفا فلا تولوھم الادبار ومن

اے ایمان والو! جب میدان جنگ میں تمہارا کفار سے مقابلہ ہو تو ان سے پیٹھ نہ پھیرنا، اور جو شخص

---

[1] علامہ اکمل الدین محمد بن محمود بابرتی حنفی متوفی ۷۸۶ھ، عنایہ علی ہامش فتح القدیر ج ۵ ص ۱۹۲، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[2] علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۴۴، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[3] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی شافعی متوفی ۶۷۶ھ، روضۃ الطالبین وعمدۃ المفتین ج ۱۰ ص ۲۰۸، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۴۰۵ھ

[4] 〃 〃 〃 روضۃ الطالبین وعمدۃ المفتین ج ۱۰ ص ۲۱۴،

يولهم يومئذ دبره الا متحرفا لقتال او متحيزا الى فئة فقد باء بغضب من الله وماوٰىه جهنم وبئس المصير۔ (انفال : ۱۶،۱۵)	جنگی چال کے سوا یا فوج کے کسی دستہ سے لاحق ہونے کے قصد کے بغیر اس دن کافروں سے پیٹھ پھیرے گا تو بلاشبہ وہ اللہ کے غضب میں گھر جائے گا اس کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ کیا ہی بُرا ٹھکانا ہے۔

۲۔ جب مسلمانوں کے کسی شہر پر کفار حملہ آور ہوں تو اس شہر کے مسلمانوں پر ان سے جنگ کرنا اور ان کا بھگانا فرض عین ہے

۳۔ جب امام یا امیر مملکت کسی قوم کو جہاد کے لیے بلائے تو ان پر جہاد کے لیے جانا فرض عین ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :

يايها الذين امنوا مالكم اذا قيل لكم انفروا فى سبيل الله اثاقلتم الى الارض ارضيتم بالحيوة الدنيا من الاخرة۔ (توبہ : ۳۸)	اے ایمان والو! تمہیں کیا ہو گیا! جب تم سے اللہ کی راہ میں نکلنے کے لیے کہا گیا تو تم زمین سے چمٹ کر رہ گئے ! کیا تم نے آخرت کے مقابلہ میں دنیاوی زندگی کو پسند کر لیا ہے؟

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "واذا استنفرتم فانفروا" جب تم کو جہاد کے لیے طلب کیا جائے تو فوراً چلے آؤ۔[۱]

کن حالتوں میں جہاد فرض عین ہوتا ہے اور کن حالتوں میں فرض کفایہ

فقہاء احناف، فقہاء مالکیہ، فقہاء شافعیہ اور فقہاء حنبلیہ کے نزدیک

جن صورتوں میں کفار سے جہاد کرنا فرض عین ہے وہ حسب ذیل ہیں :

۱۔ جب جہاد کے لیے روانہ ہونے کا عام حکم دیا جائے یعنی جب کسی مسلمان ملک کا امیر ملک کے ہر شہری کو جہاد کے لیے روانہ ہونے کا حکم دے خواہ وہ شہری فوجی ہو یا غیر فوجی اس وقت اس ملک کے ہر مسلمان پر جہاد کرنا فرض عین ہے۔ اسی طرح اگر کسی شہر کا مسلمان امیر حکم دے کہ تمام شہر کے لوگ جہاد کے لیے روانہ ہوں تو اس شہر کے ہر مسلمان پر جہاد کے لیے روانہ ہونا فرض عین ہے البتہ جو لوگ جہاد کرنے سے معذور ہوں وہ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔

۲۔ جس علاقہ کے لوگ دشمن اسلام سے قریب ہوں اور ان سے جہاد کرنے پر قادر ہوں ان پر اس سے جہاد کرنا فرض عین ہے۔

۳۔ مسلمانوں کے جس شہر کی سرحدوں پر کفار حملہ کرنے کے قصد سے جمع ہو جائیں اس شہر کے مسلمانوں پر ان کفار سے جہاد کرنا فرض عین ہے اور اگر ان کو اپنے دفاع میں دوسرے شہر کے مسلمانوں کی ضرورت ہو تو پھر ان پر بھی جہاد فرض عین ہے

۴۔ جب (العیاذ باللہ) کفار مسلمانوں کے کسی شہر کو روند رہے ہوں تو اس شہر کے مسلمانوں پر جہاد کرنا فرض عین ہے۔ اور جب انہیں دوسرے مسلمانوں کی مدد کی ضرورت ہو تو ان پر بھی جہاد فرض عین ہے۔

---

[۱] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۹ ص ۱۹۳، مطبوعہ دار الفکر بیروت

ان صورتوں کے علاوہ عام حالات میں جب کافر اپنے اپنے ملکوں میں ہوں تو جو مسلمان ان سے جہاد کرنے پر قادر ہوں ان پر تبلیغ دین اور اسلام کی سربلندی کے لیے کافروں سے جہاد کرنا فرض کفایہ ہے اور اگر کسی ملک کے مسلمان بھی کافروں سے جہاد نہ کریں تو پھر دنیا کے تمام مسلمان گنہ گار ہوں گے۔

جب تک دنیا میں مسلم اقوام تبلیغ دین اور اعلاء کلمۃ الحق کے لیے کفر اور باطل توتوں سے جہاد کرتی رہیں وہ دنیا میں عزت اور سربلندی کے ساتھ زندہ رہیں اور جب انھوں نے جہاد چھوڑ دیا اور عیش وطرب کی زندگی اختیار کر لی، مسلمان مشقت، جانفشانی اور سخت کوشی کی جگہ سہولت، آرام اور تن آسانی کی زندگی بسر کرنے لگے تو ذلت اور محکومی ان کا مقدر ہو گئی، اسپین میں مسلمانوں کا عروج اور زوال، ہندوستان میں سلاطین مغلیہ کی سربلندی اور پستی اور عربوں کی اسرائیلیوں سے فتح اور شکست کا راز اسی ایک نکتہ میں مضمر ہے۔

آج پاکستان کی قوم بھی تہذیب اور کلچر کے نام پر سینما اور وی۔سی۔آر پر پاکستانی اور ہندوستانی فلموں کے دیکھنے کے وفور شوق میں مبتلا ہے اور میوزک کے شور میں ڈوبی ہوئی ہے اور فلموں میں جو فحاشی اور نیم عریاں تہذیب دکھائی جاتی ہے اس کو عملی زندگی میں آرٹ اور فیشن کے نام پر فروغ دے رہی ہے یہی وجہ ہے کہ سقوط مشرقی پاکستان کے موقع پر نوّے ہزار فوجیوں نے ہتھیار ڈال کر مسلمانوں کی عسکری تاریخ کی بدترین مثال قائم کی۔

جہاد کے مباح ہونے کی شرائط

جہاد کے مباح ہونے کی دو شرطیں ہیں:

۱۔ دشمن دین اسلام کو قبول کرنے سے انکار کر دے اور مسلمانوں اور دشمنوں کے درمیان جنگ نہ کرنے کا معاہدہ نہ ہو۔

(۲)۔ مسلمانوں کو یہ توقع اور امید ہو کہ جنگ میں مسلمانوں کو کفار پر غلبہ حاصل ہو گا اگر مسلمانوں کو یہ توقع اور امید نہ ہو تو پھر ان کے لیے کفار سے جنگ کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ جب مسلمانوں کو جنگ کی قوت اور سامان حرب میں برتری حاصل نہ ہو تو پھر ان کا کفار سے جنگ کرنا خودکشی کے مترادف ہے۔ [1]

جہاد کے وجوب کی شرائط

جہاد کے واجب ہونے کی سات شرطیں ہیں: ۱۔ اسلام۔ ۲۔ بلوغ۔ ۳۔ عقل۔ ۴۔ آزاد ہونا۔ ۵۔ مرد ہونا۔ ۶۔ معذور نہ ہونا۔ ۷۔ ضروریات کا خرچ موجود ہونا۔

اسلام کی شرط اس لیے ہے کہ کافر پر جنگ میں اعتماد نہیں کیا جا سکتا، عقل کی شرط اس لیے ہے کہ مجنون جہاد نہیں کر سکتا اور بلوغ کی شرط اس لیے ہے کہ بچہ کمزور ہوتا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب میری عمر چودہ سال تھی تو میں نے اپنے آپ کو جنگ احد کے لیے پیش کیا لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے جنگ کرنے کی اجازت نہیں دی۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم) اور آزاد ہونے کی شرط اس لیے ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آزاد شخص سے اسلام اور جہاد کی بیعت لیتے تھے اور غلام سے صرف اسلام کی بیعت لیتے تھے جہاد کی بیعت نہیں لیتے تھے اور مرد ہونے کی شرط اس لیے ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا عورتوں پر جہاد فرض ہے؟ آپ نے فرمایا ان پر ایسا جہاد فرض ہے جس میں جنگ نہیں ہے اور وہ حج اور عمرہ ہے۔ غیر معذور ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ

[1] ملا نظام الدین متوفی ۱۱۶۱ھ، فتاویٰ [illegible] مطبوعہ مطبع کبریٰ بولاق مصر، ۱۳۱۰ھ

شخص اندھا، لنگڑا اور بیمار نہ ہو اور یہ اس لیے شرط ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: لیس علی الاعمٰی حرج ولا علی الاعرج حرج ولا علی المریض حرج (فتح: ۱۷) جہاد نہ کرنے کی وجہ سے اندھے پر کوئی گناہ نہیں اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے اور نہ بیمار پر کوئی گناہ ہے۔" اور خرچ موجود ہونے کی شرط اس لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

لیس علی الضعفاء ولا علی المرضی ولا علی الذین لا یجدون ما ینفقون حرج اذا نصحوا للہ ورسولہ۔ (توبہ: ۹۱)

(جہاد نہ کرنے کی وجہ سے) ضعیفوں پر کوئی گناہ نہیں اور نہ بیماروں پر کوئی گناہ ہے اور نہ ان لوگوں پر کوئی گناہ ہے جو زاد راہ (خرچ) نہیں پاتے جب اللہ سبحانہ و تعالیٰ اور اس کے رسول کی خیر خواہی کرتے ہوں۔

اگر جہاد مسافت قصر سے کم پر ہو تو مدت جہاد میں اہل و عیال کا خرچ ضروری ہے اور ہتھیاروں کا ہونا بھی ضروری ہے اور اگر جہاد مسافت قصر پر ہو تو اس کے ساتھ ساتھ سواری بھی ضروری ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ولا علی الذین اذا ما اتوک لتحملھم قلت لا اجد ما احملکم علیہ تولوا واعینھم تفیض من الدمع حزنا الا یجدوا ما ینفقون۔

(توبہ: ۹۲)

اور نہ ان لوگوں پر کوئی گناہ ہے جو آپ کے پاس اس لیے حاضر ہوئے کہ آپ انہیں (جہاد کے لیے) سواری دیں تو آپ نے ان سے فرمایا میرے پاس کوئی سواری نہیں ہے تو وہ اس حال میں واپس چلے گئے کہ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے کیونکہ ان کو یہ رنج تھا کہ ان کے پاس خرچ کے لیے کچھ نہیں ہے۔

یہ شرائط علامہ ابن قدامہ حنبلی نے بیان کی ہیں۔ [1]

کتنی مدت کے بعد مسلمانوں پر جہاد کرنا واجب ہے

تبلیغ دین کے لیے سال میں ایک مرتبہ مسلمانوں پر جہاد کرنا واجب ہے، الا یہ کہ مسلمانوں کی عددی قوت کم ہو یا ان کے پاس سامان حرب کی کمی ہو یا جہاد کے راستہ میں کوئی رکاوٹ ہو یا مسلمانوں کو یہ توقع ہو کہ اگر کفار سے جنگ میں تاخیر کی تو شاید وہ اسلام قبول کر لیں۔ [2]

بَابُ جَوَازِ الْإِغَارَةِ عَلَى الْكُفَّارِ الَّذِيْنَ بَلَغَتْهُمْ دَعْوَةُ الْإِسْلَامِ مِنْ غَيْرِ تَقَدُّمِ الْإِعْلَامِ بِالْإِغَارَةِ

جن کفار کو دعوت اسلام دی جا چکی ہو ان کو دوبارہ دعوت دیے بغیر جنگ کرنے کا جواز

۴۴۰۵ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ

ابن عون بیان کرتے ہیں کہ میں نے نافع کو خط کر

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۹ ص ۱۶۴-۱۶۳، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

[2] " " " " " ، المغنی ج ۹ ص ۱۶۴

حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ أَخْضَرَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ كَتَبْتُ إِلَى نَافِعٍ أَسْأَلُهُ عَنِ الدُّعَاءِ قَبْلَ الْقِتَالِ قَالَ فَكَتَبَ إِلَيَّ إِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ فِي أَوَّلِ الْإِسْلَامِ قَدْ أَغَارَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَنِي الْمُصْطَلِقِ وَهُمْ غَارُّونَ وَأَنْعَامُهُمْ تُسْقَى عَلَى الْمَاءِ فَقَتَلَ مُقَاتِلَتَهُمْ وَسَبَى سَبْيَهُمْ وَأَصَابَ يَوْمَئِذٍ قَالَ يَحْيَى أَحْسِبُهُ قَالَ جُوَيْرِيَةَ أَوْ قَالَ الْبَتَّةَ ابْنَةَ الْحَارِثِ وَحَدَّثَنِي هٰذَا الْحَدِيثَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ وَكَانَ فِي ذَاكَ الْجَيْشِ۔

جنگ سے پہلے کفار کو دین کی دعوت دینے کے متعلق سوال کیا، نافع نے لکھا یہ حکم ابتداء اسلام میں تھا، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو مصطلق پر بے خبری میں حملہ کیا درآں حالیکہ ان کے مویشی پانی پی رہے تھے، آپ نے ان کے جنگجو مردوں کو قتل کر دیا اور باقی کو قید کر لیا اور اسی دن حضرت جویریہ آپ کے ہاتھ لگیں، راوی کہتا ہے یا حارث کی بیٹی۔ یہ حدیث مجھ کو حضرت عبداللہ بن عمر نے بیان کی اور وہ اس لشکر میں تھے۔

۴۴۰۶۔ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ جُوَيْرِيَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ وَلَمْ يَشُكَّ۔

یہ حدیث ایک اور سند سے منقول ہے اور اس میں بغیر کسی شک کے جویریہ بنت الحارث کا لفظ ہے۔

جہاد کرنے سے پہلے کفار کو دعوت اسلام دینے میں مذاہب فقہاء

علامہ یحییٰ بن شرف نووی لکھتے ہیں: اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ جن کفار کو پہلے اسلام کی دعوت دی جا چکی ہے ان پر بغیر اعلانِ جنگ اور بغیر دعوتِ اسلام کے حملہ کرنا جائز ہے۔

علامہ مازری اور قاضی نے اس مسئلہ میں تین مذاہب بیان کیے ہیں:

۱۔ امام مالک وغیرہ نے کہا ہے کہ جنگ سے پہلے دعوتِ اسلام دینا مطلقاً واجب ہے لیکن یہ مذہب ضعیف ہے۔

۲۔ جنگ سے پہلے دعوتِ اسلام دینا اصلاً واجب نہیں ہے، یہ مذہب باطل ہے۔

۳۔ امام مالک کا صحیح مذہب امام شافعی کا قول جدید، امام ابوحنیفہ، امام اوزاعی اور جمہور فقہاء اسلام کا مذہب یہ ہے کہ اگر کفار کو پہلے اسلام کی دعوت نہیں دی تو ان کو جنگ سے پہلے اسلام کی دعوت دینا واجب ہے، اور اگر ان کو پہلے اسلام کی دعوت دی جا چکی ہے تو جنگ سے پہلے اسلام کی دعوت دینا مستحب ہے۔ بکثرت احادیث صحیحہ اس مذہب کی مؤید ہیں، کعب بن اشرف اور ابوالحقیق کو قتل کرنے کی حدیثوں میں بھی اس کی تائید ہے اور اس باب کی حدیث بھی اسی کی مؤید ہے۔ [۱]

---

[۱] علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافی متوفی [illegible] اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

جہاد کرنے سے پہلے کفار کو دعوت اسلام دینے میں فقہاء حنبلیہ کے مذہب کی تفصیل!!

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں دعوت اسلام کو پہنچا دیا گیا ہے اور وہ تمام دنیا میں شائع ہو چکی ہے، لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ رومیوں اور ترکوں کے ماوراء کوئی ایسی قوم ہو جس کو دعوت اسلام نہ پہنچی ہو، سو ایسی قوم سے دعوت اسلام دیے بغیر جنگ کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی شخص کو لشکر کا امیر بناتے تو اس کو بالخصوص اور اس کے باقی ساتھیوں کو بالعموم اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کا حکم دیتے اور فرماتے جب تمہارا مشرکین سے مقابلہ ہو تو ان کو تین چیزوں میں سے کسی ایک کی طرف دعوت دینا۔ وہ ان تین میں سے جس کو بھی مان لیں تو تم قبول کر لینا، اور جنگ سے رک جانا، ان کو اسلام کی دعوت دینا، اگر وہ اسلام لے آئیں تو ان کا اسلام قبول کرنا اور ان سے جنگ نہ کرنا، اگر وہ اسلام قبول کرنے سے انکار کریں تو ان کو جزیہ دینے کی دعوت دینا اگر وہ جزیہ دینے پر تیار ہوں تو ان کی یہ پیش کش قبول کرنا اور ان سے جنگ نہ کرنا، اور اگر وہ جزیہ دینے سے انکار کریں تو پھر اللہ کی مدد کے ساتھ ان کے خلاف جہاد شروع کر دینا، (مسلم و ابو داؤد)۔ ہو سکتا ہے کہ یہ حکم ابتداء اسلام کا ہو جب دعوت اسلام شائع نہیں ہوئی تھی اور دین اسلام کا ظہور نہیں ہوا تھا۔ لیکن اب دعوت اسلام شائع ہو چکی ہے اس لیے اب جنگ کے وقت کسی کو دعوت اسلام دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

امام احمد فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جنگ شروع کرنے سے پہلے اسلام کی دعوت دیتے تھے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے دین کو ظاہر کر دیا اور اسلام کو غلبہ عطا فرمایا۔ اور میں نہیں جانتا کہ آج کوئی شخص کسی کو اسلام کی دعوت دیتا ہو، کیونکہ ہر شخص کو اسلام کی دعوت پہنچ چکی ہے، رومیوں کو اسلام کی دعوت پہنچ چکی ہے اور وہ جانتے ہیں کہ ان سے کس چیز کا مطالبہ ہے۔ اسلام کی دعوت دینا صرف ابتداء اسلام میں ضروری تھا اور اگر اب بھی دعوت دی جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو مصطلق کی بے خبری میں ان پر حملہ کیا، درآں حالیکہ ان کے اونٹ پانی پی رہے تھے، آپ نے ان کے لڑنے والے افراد کو قتل کر دیا اور بچوں کو گرفتار کر لیا (بخاری و مسلم) اور حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو امیر بنایا پھر ہم نے مشرکین کے ایک گروہ سے جنگ کی اور ان پر شب خون مارا۔ (ابو داؤد) یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت بریدہ کی حدیث میں جو جنگ سے پہلے اسلام کی دعوت دینے کا حکم ہے وہ استحباب پر محمول ہو اور بلاشبہ یہ دعوت ہر حال میں مستحب ہے، کیونکہ امام بخاری نے یہ حدیث روایت کی ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ خیبر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جھنڈا عطا فرمایا اور ان کو اہل خیبر سے جنگ کے لیے بھیجا تو ان کو اسلام کی دعوت دینے کا حکم دیا حالانکہ اہل خیبر کو اسلام کی دعوت پہنچ چکی تھی (صحیح بخاری) اور جب طلیحہ اسدی نے نبوت کا دعویٰ کیا تو حضرت خالد بن ولید نے اس کو اسلام کی دعوت دی۔ اس نے یہ دعوت قبول نہ کی اور اللہ تعالیٰ نے حضرت خالد کو اس پر غالب کر دیا۔ اور حضرت سلمان نے اہل فارس کو اسلام کی دعوت دی۔

اس وضاحت کے بعد یہ جاننا چاہیے کہ اگر اہل کتاب یا مجوسیوں سے جہاد کرنا ہو تو پہلے ان کو اسلام کی دعوت دی جائے، اگر وہ انکار کریں تو ان کو جزیہ دینے کی دعوت دی جائے اور اگر وہ اس کا بھی انکار کریں تو پھر ان سے جنگ کی

جائے، اور اگر ان کے غیر سے جنگ ہو تو ان کو اسلام کی دعوت دی جائے اور اگر وہ انکار کریں تو پھر ان سے جنگ کی جائے اور جو دعوتِ اسلام سے پہلے قتل کر دیا گیا اس کے خون کی کوئی ضمانت نہیں ہے، کیونکہ اس سے کوئی معاہدہ ہے نہ اس کو امان ہے۔ [1]

جہاد کرنے سے پہلے کفار کو دعوت اسلام دینے میں فقہاء احناف کے مذہب کی تفصیل!

ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں: اگر کفار کو پہلے دعوت اسلام نہ پہنچی ہو تو مسلمانوں پر لازم ہے کہ پہلے زبانی اسلام کی دعوت دیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ادع الی سبیل ربك بالحكمة و الموعظة الحسنة وجادلهم بالتی هی احسن. (نحل: ۱۲۵)

حکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ اپنے رب کے راستہ کی طرف دعوت دیجئے اور ان پر اچھی طرح حجت قائم کیجئے۔

اور دعوت اسلام سے پہلے ان لوگوں سے جنگ کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ دعوت اسلام سے پہلے صرف عقل کی وجہ سے اگرچہ ان پر ایمان لانا واجب ہو چکا تھا اور وہ ایمان نہ لانے کی وجہ سے قتل کے مستحق تھے، لیکن اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی طرف رسول علیہم الصلوٰۃ والسلام بھیجنے اور ان کو تبلیغ کرنے سے پہلے ان سے قتال حرام کر دیا ہے، اور یہ ان پر محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے تاکہ ان کا کوئی عذر باقی نہ رہے، ہر چند کہ حقیقت میں ان کا کوئی عذر نہیں ہے، کیونکہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی ذات پر ایسے دلائل عقلیہ قائم کر دیئے ہیں کہ اگر وہ ان دلائل پر صحیح طریقہ سے غور کریں تو ان کو اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہو جائے گی لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل اور احسان سے رسولوں کو بھیجا (صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین) تاکہ کسی کو اللہ تعالیٰ کی معرفت کے بارے میں کوئی شبہ باقی نہ رہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ولو انا اهلكنا هم بعذاب من قبله لقالوا ربنا لولا ارسلت الينا رسولا فنتبع اياتك من قبل ان نذل و نخزی۔ (طٰہٰ: ۱۳۴)

اور اگر ہم رسول کے آنے سے پہلے انہیں کسی عذاب میں ہلاک کر دیتے تو وہ ضرور کہتے اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا کہ ہم ذلیل و خوار ہونے سے پہلے تیری آیتوں کی اتباع کر لیتے۔

جنگ سے پہلے اسلام کی دعوت دینے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ جہاد بحیثیت جہاد فرض نہیں ہے بلکہ جہاد دعوت اسلام کی وجہ سے فرض ہے اور جنگ کی بہ نسبت بیان اور تبلیغ سے اسلام کی دعوت دینا زیادہ سہل اور آسان ہے۔ اس لیے جنگ سے پہلے اسلام کی دعوت دینا ضروری ہے لیکن یہ اس وقت ہے کہ جب پہلے انہیں اسلام کی دعوت نہ پہنچی ہو اور اگر ان کو اس سے پہلے اسلام کی دعوت پہنچ چکی ہے تو تجدید دعوت کے بغیر بھی ان سے جنگ کرنا جائز ہے لیکن اس کے باوجود جنگ سے پہلے اسلام کی دعوت دینا افضل اور مستحب ہے، کیونکہ ان کے اسلام قبول کرنے کی امید بہرحال قائم ہے اور روایت ہے کہ جن لوگوں کو کئی مرتبہ اسلام کی دعوت دی جا چکی ہو ان سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعوت اسلام دینے کے بعد جنگ کرتے تھے۔

---

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبد اللہ [illegible] ۱۷۲-۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

اگر کفار نے دعوت اسلام کے بعد دین اسلام قبول کر لیا تو ان سے جنگ نہ کی جائے کیونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: مجھے اس وقت تک لوگوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا گیا ہے جب تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ نہ کہہ لیں اور جب وہ یہ کلمہ پڑھ لیں تو ان کی جان اور مال مجھ سے محفوظ ہو جائیں گے ما سوا اس چیز کے جس پر کسی کا کوئی حق ہو۔ اور اگر وہ اسلام نہ قبول کریں تو مشرکین عرب اور مرتدین کے سوا باقی لوگوں پر جزیہ پیش کریں اگر وہ جزیہ قبول کر لیں تو ان سے جنگ نہ کریں کیونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: اگر یہ لوگ ذمیوں کا عہد قبول کر لیں تو ان کے لیے مسلمانوں کے حقوق ہوں گے اور ان پر مسلمانوں کی سزائیں ہوں گی۔ اور اگر وہ جزیہ کا انکار کریں تو اللہ کی مدد پر بھروسہ کرتے ہوئے ان پر حملہ کر دیں، اور جب مسلمان اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت پر ثابت قدم رہیں، آپس میں اختلاف نہ کریں اور اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے رہیں تو اللہ تعالیٰ ان کو فتح اور نصرت سے ہمکنار کرتا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یایھا الذین اٰمنوا اذا لقیتم فئۃ فاثبتوا واذکروا اللہ کثیرا لعلکم تفلحون۔ واطیعوا اللہ ورسولہ ولا تنازعوا فتفشلوا وتذھب ریحکم واصبروا ان اللہ مع الصابرین۔

(انفال: ۴۶ - ۴۵)

اے ایمان والو! جب تمہارا دشمن کی فوج سے مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو، اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور آپس میں اختلاف نہ کرو ورنہ بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی، اور صبر کرو بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

اور مسلمانوں کے لیے دعوتِ اسلام دیے بغیر بھی کفار پر حملہ کرنا جائز ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم۔ (توبہ: ۵) مشرکین کو جہاں بھی پاؤ قتل کر دو۔

مشرکین سے ہر وقت جہاد کرنا جائز ہے خواہ اشہر حرم (حرمت والے مہینے ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب) ہوں یا نہ ہوں کیونکہ ان مہینوں میں جہاد کرنے کی ممانعت اس آیت اور جہاد کی دوسری آیات سے منسوخ ہو چکی ہے۔

جہاد میں کافر کی جان اور مال محترم نہیں ہے

جہاد میں کفار کو قتل و غارت کرنے، لوٹ مار کرنے اور شب خون مارنے میں کوئی حرج نہیں ہے، اسی طرح ان کے درخت کاٹنا بھی جائز ہیں خواہ وہ درخت پھلدار ہوں یا نہ ہوں اور ان کے کھیتوں کو ملیا میٹ کرنا بھی جائز ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ما قطعتم من لینۃ او ترکتموھا قائمۃ علی اصولھا فباذن اللہ ولیخزی الفاسقین۔

(حشر: ۵)

تم لوگوں نے کھجوروں کے جو درخت کاٹے یا جن کو اپنی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا، یہ سب اللہ ہی کے اذن سے تھا تاکہ اللہ تعالیٰ فاسقوں کو ذلیل و خوار کرے۔

کفار کے قلعوں کو جلانا اور پانی سے غرق کرنا ان کے قلعوں کو گرانا اور ان پر منجنیق نصب کرنا یہ سب جائز ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

یخربون بیوتھم بایدیھم وایدی وہ اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں سے اور مسلمانوں

المؤمنین (حشر: ۲/۰) کے ہاتھوں سے ویران کر رہے تھے۔

یہ تمام اُمور اس لیے جائز ہیں کیونکہ یہ سب اُمور جنگ کے لوازم ہیں، نیز مال کی حرمت جان کی حرمت کے تابع ہے اور جب کفار کی جان محترم نہیں ہے تو ان کا مال کیسے محترم ہو گا۔

اگر جہاد میں کافر مسلمانوں کو اپنی ڈھال بنالیں تو ان کو قتل کرنا بھی جائز ہے

کفار پر تیر اندازی کرنا بھی جائز ہے خواہ وہ مسلمان قیدیوں یا تاجروں کو اپنی ڈھال بنالیں اور یہ بھی جنگی ضرورت کی بنار پر ہے کیونکہ کفار کے قلعوں میں کہیں نہ کہیں مسلمان بھی ہوتے ہیں، لیکن مسلمان مجاہدین اس صورت میں اپنے حملوں سے کافروں کو قتل کرنے کا قصد کریں اسی طرح اگر کافر مسلمان بچوں کو اپنی ڈھال بنالیں تو ان کو قتل کرنا بھی جائز ہے، کیونکہ اس کے بغیر فریضۂ جہاد ادا نہیں ہوتا لیکن مسلمان اس حملے سے کافروں کو قتل کرنے ہی کا قصد کریں۔ [1]

بَابُ ۵۷۹ تَأْمِيرِ الْإِمَامِ الْأُمَرَاءَ عَلَى الْبُعُوثِ وَوَصِيَّتِهِ إِيَّاهُمْ بِآدَابِ الْغَزْوِ

کسی شخص کو جہاد کا امیر بنانا اور اس کو آداب جہاد کی تعلیم دینا

۴۴۰۷ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ سُفْيَانَ ح وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ أَمْلَاهُ عَلَيْنَا إِمْلَاءً ح وَحَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ هَاشِمٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ يَعْنِي ابْنَ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَمَّرَ أَمِيرًا عَلَى جَيْشٍ أَوْ سَرِيَّةٍ أَوْصَاهُ فِي خَاصَّتِهِ بِتَقْوَى اللهِ وَمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ خَيْرًا ثُمَّ قَالَ اغْزُوا بِاسْمِ اللهِ فِي سَبِيلِ اللهِ قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللهِ

سلیمان بن بریدہ اپنے والد (رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی شخص کو کسی بڑے یا چھوٹے لشکر کا امیر بناتے تو اس کو بالخصوص اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتے اور اس کے ساتھی مسلمانوں کو نیکی کی وصیت کرتے، پھر آپ فرماتے اللہ کا نام لے کر اللہ کے راستہ میں جہاد کرو، جو شخص اللہ کے ساتھ کفر کرے اس کے ساتھ جنگ کرو، خیانت نہ کرو، عہد شکنی نہ کرو، کسی شخص کے اعضاء کاٹ کر اس کی شکل نہ بگاڑو اور کسی بچہ کو قتل نہ کرو، جب تمہارا اپنے مشرکین دشمنوں کے ساتھ مقابلہ ہو تو ان کو تین چیزوں کی دعوت دینا وہ ان میں سے جس کو بھی مان لیں اس کو قبول کر لینا اور جنگ سے رُک جانا۔ پہلے ان کو اسلام کی دعوت دو، اگر وہ اسلام لے آئیں تو ان کا اسلام قبول کر لو اور ان سے جنگ نہ کرو اور ان سے یہ کہو کہ وہ اپنا شہر چھوڑ کر مہاجرین کے

[1] ملک العلماء علامہ ابو بکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷ ص ۱۰۰، مطبوعہ ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

اُغْزُوْا وَلَا تَغُلُّوْا وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تَمْثُلُوْا
وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا وَاِذَا لَقِيْتَ عَدُوَّكَ
مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَادْعُهُمْ اِلٰى ثَلَاثِ
خِصَالٍ اَوْخِلَالٍ فَاَيَّتُهُنَّ مَا اَجَابُوْكَ
فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ
اِلَى الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ
وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ
دَارِهِمْ اِلٰى دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَاَخْبِرْهُمْ
اَنَّهُمْ اِنْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَلَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ
وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُهَاجِرِيْنَ فَاِنْ اَبَوْا
اَنْ يَّتَحَوَّلُوْا مِنْهَا فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ يَكُوْنُوْنَ
كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ يَجْرِيْ عَلَيْهِمْ حُكْمُ
اللّٰهِ الَّذِيْ يَجْرِيْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَكُوْنُ
لَهُمْ فِي الْغَنِيْمَةِ وَالْفَيْءِ شَيْءٌ اِلَّا اَنْ يُّجَاهِدُوْا
مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَسَلْهُمُ
الْجِزْيَةَ فَاِنْ هُمْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ
وَكُفَّ عَنْهُمْ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَاسْتَعِنْ
بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ وَاِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ
حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ
اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهٖ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ
اللّٰهِ وَلَا ذِمَّةَ نَبِيِّهٖ وَلٰكِنِ اجْعَلْ
لَهُمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَّةَ اَصْحَابِكَ فَاِنَّكُمْ اَنْ
تُخْفِرُوْا ذِمَمَكُمْ وَذِمَمَ اَصْحَابِكُمْ اَهْوَنُ
مِنْ اَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُوْلِهٖ
وَاِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ
تُنْزِلَهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ فَلَا تُنْزِلْهُمْ
عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَنْزِلْهُمْ عَلٰى حُكْمِكَ
فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ اَتُصِيْبُ حُكْمَ اللّٰهِ
فِيْهِمْ اَمْ لَا قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ هٰذَا

شہر میں آجائیں اور ان کو یہ بتاؤ کہ اگر انھوں نے ایسا کر لیا تو ان کو وہ سہولتیں ملیں گی جو مہاجرین کو ملتی ہیں اور ان پر وہ ذمہ داریاں ہوں گی جو مہاجرین پر ہیں اور اگر وہ مہاجرین کے شہر میں آنے سے انکار کریں تو ان کو یہ خبر دے دو کہ پھر ان پر دیہاتی مسلمانوں کا حکم ہوگا، ان پر مسلمانوں کے احکام جاری ہوں گے لیکن ان کو مال غنیمت اور مال فئے سے جہاد کے بغیر کوئی حصہ نہیں ملے گا، اگر وہ لوگ اس دعوت کو قبول نہ کریں تو پھر ان سے جزیہ کا سوال کرو، اگر وہ اس کو تسلیم کر لیں تو تم بھی اس کو قبول کر لو اور ان سے جنگ کرو، اور اگر وہ اس کا انکار کریں تو پھر اللہ کی مدد کے ساتھ ان سے جنگ شروع کر دو، اور جب تم کسی قلعہ کا محاصرہ کرو اور قلعہ والے اللہ اور اس کے رسول کو (کسی عہد پر) ضامن بنانا چاہیں تو تم اللہ اور اس کے رسول کو ضامن نہ بنانا، بلکہ اپنے آپ کو اور اپنے ساتھیوں کو ضامن بنانا، کیونکہ تمہارے لیے اپنے اور اپنے ساتھیوں کے عہد سے پھر جانا اس سے آسان ہے کہ تم اللہ اور اس کے رسول کے عہد کو توڑو، اور جب تم کسی قلعہ والوں کا محاصرہ کر لو، اور ان کا یہ ارادہ ہو کہ تم ان کو اللہ کے حکم کے مطابق قلعہ سے نکالو تو تم ان کو اللہ کے حکم کے بموجب نہ نکالو بلکہ ان کو اپنے حکم کے مطابق نکالو، کیونکہ تم اس بات کو نہیں جانتے کہ تمہاری رائے اور اجتہاد اللہ کے حکم کے مطابق ہے یا نہیں؟ عبد الرحمن نے کہا یہ یا اس کی مثل ہے، اور اسحاق کی روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ میں نے اس حدیث کا مقاتل بن حیان سے ذکر کیا۔ انھوں نے کہا مجھ سے مسلم بن ہیصم نے نعمان بن مقرن کے واسطہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کی ہے۔

اَوْ نَحْوَهٗ وَزَادَ اِسْحٰقُ فِیْ اٰخِرِ حَدِیْثِهٖ عَنْ یَحْیَی بْنِ اٰدَمَ قَالَ فَذَکَرْتُ هٰذَا الْحَدِیْثَ لِمُقَاتِلِ بْنِ حَیَّانَ قَالَ یَحْیٰی یَعْنِیْ اَنَّ عَلْقَمَةَ یَقُوْلُهٗ لِابْنِ حَیَّانَ فَقَالَ حَدَّثَنِیْ مُسْلِمُ بْنُ هَیْصَمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ۔

۴۴۰۸۔ وَحَدَّثَنِیْ حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنِیْ عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ اَنَّ سُلَیْمَانَ بْنَ بُرَیْدَةَ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ اَمِیْرًا اَوْ سَرِیَّةً دَعَاهُ فَاَوْصَاهُ وَسَاقَ الْحَدِیْثَ بِمَعْنٰی حَدِیْثِ سُفْیَانَ۔

حضرت ابو بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب امیر یا کسی لشکر کو بھیجتے تو اس کو وصیت کرتے۔

۴۴۰۹۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْفَرَّاءُ عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ الْوَلِیْدِ عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۴۱۰۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَاَبُوْ کُرَیْبٍ وَاللَّفْظُ لِاَبِیْ بَکْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَیْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِهٖ فِیْ بَعْضِ اَمْرِهٖ قَالَ بَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے صحابہ میں سے کسی شخص کو کسی مہم پر روانہ کرتے تو اس سے ارشاد فرماتے لوگوں کو خوش کرو، ان کو متنفر مت کرو اور فرماتے آسان احکام بیان کرو، مشکل احکام مت بیان کرو۔

وَلَا تُعَسِّرُوْا۔

۴۴۱۱ - حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ وَمُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ يَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا وَتَطَاوَعَا وَلَا تَخْتَلِفَا.

حضرت ابوموسیٰ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہما کو یمن بھیجا اور فرمایا تم دونوں لوگوں کے لیے آسانی کرنا اور انھیں مشکل میں نہ ڈالنا۔ ان کو خوش کرنا اور متنفر مت کرنا اور آپس میں اتفاق رکھنا اور اختلاف نہ کرنا۔

۴۴۱۲ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو ح وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ وَابْنُ أَبِيْ خَلَفٍ عَنْ زَكَرِيَّاءَ بْنِ عَدِيٍّ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِيْ أُنَيْسَةَ كِلَاهُمَا عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيْثِ شُعْبَةَ وَلَيْسَ فِيْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ أَبِيْ أُنَيْسَةَ وَتَطَاوَعَا وَلَا تَخْتَلِفَا۔

امام مسلم نے ایک اور سند سے حضرت ابوموسیٰ کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے شعبہ کی طرح روایت بیان کی اس حدیث میں تطاوعا ولا تختلفا کے الفاظ نہیں ہیں۔

۴۴۱۳ - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِيْ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ عَنْ أَنَسٍ ح وَحَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَسَكِّنُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں پر آسانی کرو اور ان کو مشکل میں نہ ڈالو، لوگوں کو آرام پہنچاؤ اور ان کو متنفر مت کرو۔

سریہ کا معنی

اس حدیث میں جیش اور سریہ کے الفاظ ہیں جیش لشکر کو کہتے ہیں اور سریہ لشکر کے ایک حصہ کو کہتے ہیں علامہ نووی لکھتے ہیں: ابراہیم حربی نے بیان کیا ہے کہ چار سو گھوڑوں کے ٹولہ کو سریہ کہتے ہیں اس

کو سریہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ رات میں چلتا ہے اور "سری یسری" کا معنی رات میں سفر کرنا ہے۔ [1]

قتال کی کیفیت اور ان کافروں کا بیان جن کو قتل کرنا جائز نہیں ہے

اس حدیث میں مثلہ کرنے (اعضاء کاٹ کر شکل بگاڑنے) اور بچوں کو قتل نہ کرنے کا ذکر ہے۔ فتاویٰ عالم گیری میں ہے مسلمانوں کو چاہیے کہ عہد شکنی نہ کریں، نہ خیانت کریں اور نہ مثلہ کریں (ہدایہ) کسی عورت، بچے اور مجنون کو قتل نہ کریں، اور نہ کسی شیخ فانی (بہت بوڑھا شخص) کو قتل کریں اور نہ کسی اندھے اور لولے کو، ہاں اگر ان میں سے کوئی شخص جنگی تدابیر کا ماہر ہو تو اس کو قتل کر دیا جائے یا اگر عورت سردار یا ملکہ ہو تو اس کو بھی قتل کر دیا جائے اسی طرح اگر کافروں کا سردار کوئی چھوٹا بچہ ہو تو اس کو قتل کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے، (جوہرہ نیرہ) اگر کوئی عورت مالدار ہو اور وہ اپنے مال سے لوگوں کو جنگ پر اُبھار رہی ہو تو اس کو بھی قتل کر دیا جائے۔ (محیط) اسی طرح جن کا استثناء کیا گیا ہے اگر ان میں سے کوئی جنگ کر رہا ہو تو اس کو بھی قتل کر دیا جائے۔ (ہدایہ)۔

جس شخص کے ہاتھ اور پیر مخالف جانبوں سے کٹے ہوئے ہوں اس کو بھی نہ قتل کیا جائے، اور جس شخص کا داہنا ہاتھ کٹا ہوا ہو اس کو بھی نہ قتل کیا جائے، جس کا ہاتھ سوکھا ہوا ہو اس کو بھی نہ قتل کیا جائے، اور اگر یہ جنگ کر رہے ہوں تو ان کو قتل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، (قاضی خاں) اگر کسی مسلمان شخص کے رشتہ دار کافر ہوں تو وہ ان کو قتل کر سکتا ہے لیکن کوئی شخص اپنے والد، والدہ اور دادا، دادی کو قتل نہ کرے البتہ ناگزیر صورت میں ان کو قتل کرنا جائز ہے۔ (محیط)۔ کسی راہب کو اس کے گرجے میں نہ قتل کیا جائے اور اگر وہ لوگوں میں مل جل کر رہتا ہو تو پھر کوئی حرج نہیں ہے (قاضی خاں) [2]

فقہاء احناف نے جہاد میں جن کافروں کے قتل سے منع کیا ہے ان کی اصل حسب ذیل احادیث ہیں۔

حافظ نورالدین الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن ابن کعب بن مالک عن عمہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین بعثہ الی ابن ابی الحقیق بخیبر نھی عن قتل النساء والصبیان رواہ احمد ورجالہ رجال الصحیح۔ [3]

ابن کعب بن مالک اپنے چچا رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب ان کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر میں ابن ابی الحقیق کی طرف بھیجا تو انھیں عورتوں اور بچوں کے قتل کرنے سے منع فرمایا، اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے اور اس کے راوی صحیح کے راوی ہیں۔

عن ایوب قال سمعت رجلا منا یحدث عن ابیہ قال بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سریۃ کنت فیھا فنھانا

ایوب کہتے ہیں میں نے اپنے ایک شخص سے سنا وہ اپنے والد سے یہ حدیث بیان کرتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک لشکر میں بھیجا اور ہمیں مزدوروں اور

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۸۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولیٰ، ۱۳۷۵ھ

[2] ملا نظام الدین متوفی ۱۱۰۵ھ، فتاویٰ عالمگیری ج ۲ ص ۱۹۴، مطبوعہ مطبع امیریہ کبریٰ بولاق مصر، ۱۳۱۰ھ

[3] حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۳۱۶، مطبوعہ دارالکتاب العربی، ۱۴۰۲ھ

ان نقتل العسفاء والوصفاء۔ رواہ احمد وفیہ رجل لم یسم۔ [۱]

غلاموں کے قتل کرنے سے منع کیا اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے اور اس کی سند میں ایک شخص مجہول ہے۔

عن عوف بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقتلوا النساء رواہ البزار وفیہ محمد بن عبد اللہ بن ثمران وھو ضعیف [۲]

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کو مت قتل کرو۔ اس حدیث کو امام بزار نے روایت کیا ہے اور اس کی سند میں محمد بن عبد اللہ بن ثمران ضعیف راوی ہے۔

عن ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا بعث جیوشہ قال اخرجوا بسم اللہ تقاتلون فی سبیل اللہ من کفر باللہ لا تغدروا ولا تغلوا ولا تمثلوا ولا تقتلوا الولدان ولا اصحاب الصوامع وفی روایۃ ولا امراۃ ولا شیخا رواہ احمد وابو یعلی والبزار والطبرانی فی الکبیر والاوسط وفی رجال البزار ابراھیم بن اسماعیل بن ابی حبیبۃ وثقہ احمد وضعفہ الجمھور۔ [۳]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی لشکر کو روانہ کرتے تو فرماتے بسم اللہ پڑھ کر نکلو اور کافروں سے قتال کرو، عہد شکنی نہ کرنا، خیانت نہ کرنا اور کسی کا مثلہ نہ کرنا اور نہ بچوں کو قتل کرنا اور نہ گرجے کے راہبوں کو قتل کرنا اور ایک روایت میں ہے اور نہ کسی عورت اور بوڑھے کو قتل کرنا، اس حدیث کو امام احمد، امام ابو یعلیٰ، امام بزار اور امام طبرانی نے روایت کیا ہے، بزار کی سند میں ابراہیم بن اسماعیل بن ابی حبیبہ ایک راوی ہے اس کی امام احمد نے توثیق کی ہے اور جمہور نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔

ذمہ کا لغوی معنی اس حدیث میں جزیہ کا بھی ذکر کیا گیا ہے، اور جزیہ ذمیوں پر لگایا جاتا ہے، اس لیے ہم یہاں پر اختصاً کے ساتھ ذمہ کا لغوی معنی اور اصطلاحی معنی اس کے ارکان شرائط اور جزیہ کی مقدار کو بیان کریں گے۔

فنقول وباللہ التوفیق وبہ الاستعانۃ یلیق۔

ذمہ کا لغوی معنی ہے امان، ضمان اور کفالت علامہ زبیدی لکھتے ہیں رجل ذمی یعنی جس شخص کا معاہدہ ہو، جوہری نے کہا اہل ذمہ اہل عقد ہیں، یہ وہ مشرکین ہیں جو جزیہ ادا کرتے ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ جزیہ کا معنی امان ہے اور ذمی کو ذمی اس لیے کہتے ہیں کہ وہ مسلمانوں کی امان میں داخل ہوتا ہے اور ذمی کا معنی کفالت اور ضمانت بھی ہے کیونکہ ذمیوں سے جزیہ لینے کے بعد مسلمان ان کی جان اور مال کے ضامن ہو جاتے ہیں۔ [۴]

---

[۱] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۳۱۵، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

[۲] " " " مجمع الزوائد ج ۵ ص ۳۱۶، " "

[۳] " " " مجمع الزوائد ج ۵ ص ۳۱۷، ۳۱۶، " "

[۴] سید محمد مرتضیٰ زبیدی حسینی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس ج ۸ ص ۳۰۱، مطبوعہ مطبعہ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ھ

ذمہ کا اصطلاحی معنی ڈاکٹر وہبہ زحیلی لکھتے ہیں: علامہ ابن ہمام نے ذمہ کی تعریف میں لکھا ہے: جزیہ کے بدلہ میں کفار کو مسلمانوں کے ملک میں رکھنے کا التزام کرنا، ان کی حفاظت کرنا اور ان کی طرف سے مدافعت کرنا، اور ان کا مسلمانوں کی اطاعت کرنا۔ ذمہ کا عقد صرف مسلمانوں کا امیر یا ان کا نائب کر سکتا ہے، کیونکہ ذمہ میں وہ سیاسی مصلحتیں ہوتی ہیں جن کو صرف امام یا اس کا نائب ہی غور و فکر سے حاصل کر سکتا ہے[1] علامہ بہوتی حنبلی[2] اور علامہ شربینی شافعی[3] نے بھی ذمہ کی یہی تعریف کی ہے۔

عقد ذمہ کا رکن ذمہ کا عقد کرتے وقت صراحۃً عہد کا لفظ ذکر کرنا چاہیے یا کوئی ایسا فعل ہو جو عقد پر دلالت کرے مثلاً کوئی حربی دار الاسلام میں داخل ہو تو امام کو چاہیے کہ اپنی صواب دید سے اس کے قیام کے لیے ایک مدت معینہ مقرر کر دے اور اس سے کہے کہ اگر تم اس مدت سے زیادہ ٹھہرے تو تم ذمی ہو جاؤ گے اور جب وہ اس مدت معینہ سے زیادہ قیام کرے گا تو ذمی ہو جائے گا۔

عقد ذمہ کی شرائط ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی نے عقد ذمہ (کافروں کو اپنی پناہ میں لینے کا معاہدہ) کی حسب ذیل شرائط بیان کی ہیں:

پہلی شرط: مشرکین عرب سے عقد ذمہ نہیں ہو سکتا، ان سے صرف اسلام قبول کیا جائے گا یا پھر ان کے ساتھ تلوار سے جہاد ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم وخذوھم واحصروھم واقعدوا لھم کل مرصد فان تابوا واقاموا الصلوٰۃ واتوا الزکوٰۃ فخلوا سبیلھم۔ (توبہ: ۵)

سو مشرکین کو جہاں پاؤ قتل کر دو، ان کو پکڑو اور ان کا محاصرہ کرو، اور ان کی تاک میں ہر گھات کی جگہ بیٹھو، پس اگر وہ توبہ کریں اور زکوٰۃ دیں تو ان کا راستہ چھوڑ دو۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین عرب کو قتل کرنے اور گرفتار کرنے کا حکم دیا ہے اور فرمایا ہے ان کو اس وقت تک نہ چھوڑو جب تک کہ وہ اسلام قبول نہ کر لیں، اس سے معلوم ہوا کہ مشرکین عرب کو جزیہ لے کر چھوڑنا جائز نہیں ہے۔ اور اہل کتاب کے ساتھ عقد ذمہ جائز ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

قاتلوا الذین لا یؤمنون باللہ ولا بالیوم الاٰخر ولا یحرمون ما حرم اللہ و رسولہ ولا یدینون دین الحق من الذین اوتوا الکتاب حتی یعطوا الجزیۃ عن ید وھم صاغرون۔ (توبہ: ۲۹)

ان اہل کتاب سے جنگ کرو جو اللہ پر اور روز قیامت پر ایمان نہیں لاتے اور جو اللہ اور اس کے رسول کے حرام کیے ہوئے کو حرام نہیں قرار دیتے اور دین حق کو قبول نہیں کرتے (ان سے اس وقت تک جنگ کرو)۔ یہاں تک کہ وہ رسوائی کے ساتھ اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ ہر قسم کے اہل کتاب سے جزیہ لینا جائز ہے خواہ وہ عرب ہوں یا عجم کیونکہ قرآن مجید کی یہ

---

[1] ڈاکٹر وہبہ زحیلی، الفقہ الاسلامی وادلتہ، ج ۶ ص ۴۲۶، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ
[2] علامہ منصور بن یونس بن ادریس بہوتی، کشاف القناع ج ۳ ص ۹۲، مطبوعہ عالم الکتب بیروت۔
[3] علامہ محمد شربینی الخطیب، مغنی المحتاج ج ۴ ص ۲۴۲، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت
[4] ملک العلماء علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی [illegible] ۱۱۰، مطبوعہ ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

آیت عام ہے، اور مجوسیوں سے جزیہ لینا بھی جائز ہے کیونکہ مجوسی اہل کتاب کے ساتھ لاحق ہیں کیونکہ روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجوسیوں کے ساتھ اہل کتاب کی طرح سلوک کرو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اسی طرح کیا تھا، انھوں نے عراق کے مجوسیوں پر جزیہ مقرر کیا اور ان کی زمینوں پر خراج مقرر کیا۔

مشرکین عرب اور باقی مشرکین اور اہل کتاب میں فرق یہ ہے کہ باقی مشرکین اور اہل کتاب سے اس لیے جزیہ نہیں لیا جاتا کہ مسلمانوں کو ان کے پیسوں کی ضرورت ہے بلکہ جزیہ کے ذریعہ ان سے عقد ذمہ کرنے میں ان کا اسلام مطمع نظر ہوتا ہے، کیونکہ جب وہ مسلمانوں کے ساتھ مل جل کر رہیں گے اور شریعت اسلام اور اس کے محاسن پر غور کریں گے تو پھر ان کو اسلام لانے میں رغبت ہوگی اور وہ دین اسلام قبول کر لیں گے اور اگر مشرکین عرب سے عقد ذمہ کیا جاتا تو یہ فائدہ حاصل نہ ہوتا کیونکہ وہ از خود غور و فکر کر کے زمانہ جاہلیت کی عادات اور اپنے آباؤ و اجداد کی تقلید کو نہیں چھوڑ سکتے تھے اس لیے ان کے لیے صرف دو چیزیں ہیں تلوار یا اسلام، یہی وجہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین عرب سے جزیہ قبول نہیں فرمایا۔ اور مشرکین عجم کو اس حدیث کی بنا پر اہل کتاب کے ساتھ لاحق کر دیا ہے۔ [1]

علامہ المرغینانی حنفی لکھتے ہیں کہ عجم کے بت پرست بھی اہل کتاب کے ساتھ لاحق ہیں یعنی ان سے بھی جزیہ لینا جائز ہے اس کے برخلاف امام شافعی کے نزدیک ان سے قتال کرنا واجب ہے۔ فقہاء احناف یہ کہتے ہیں کہ اہل کتاب سے از روئے قرآن جزیہ لینا جائز ہے اور مجوسیوں سے از روئے حدیث جزیہ لینا جائز ہے اس کے بعد جو باقی لوگ بچے ان کو اصل پر محمول کر دیا۔ [2]

دوسری شرط: مرتد سے عقد ذمہ (کافروں کو اپنی پناہ میں لینے کا معاہدہ) کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ مرتدین سے بھی اسلام یا تلوار کے سوا اور کوئی چیز قبول کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ستدعون الی قوم اولی باس شدید تقاتلونھم او یسلمون۔ (فتح: ۱۶)	تمہیں عنقریب ایک ایسی قوم (مرتدین اہل یمامہ) کی طرف بلایا جائے گا جو نہایت سخت لڑنے والی ہوگی تم ان سے جنگ کرتے رہو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے۔

یہ آیت بنو حنیفہ کے مرتدین کے متعلق نازل ہوئی ہے اور اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ بتلا دیا ہے کہ مرتدین اسلام قبول کر لیں ورنہ ان سے جنگ کی جائے گی کوئی تیسری شکل نہیں ہے نیز عقد ذمہ کو اسلام کی امید کی بناء پر مشروع کیا گیا ہے اور عقد ذمہ مرتد کے اسلام کا وسیلہ نہیں بن سکتا کیونکہ جو شخص اسلام کے محاسن اور اس کے احکام شرعیہ کی حکمتوں کو جان چکا ہو پھر وہ دین اسلام کو ترک کر دے تو یہ اس کی طبعی شقاوت اور اس کی کج فکری ہی کی وجہ سے ہو سکتا ہے اس لیے اس کی فلاح کی کوئی امید نہیں رہی، اس لیے اس کے حق میں عقد ذمہ اور جزیہ کو قبول کرنا اسلام کا وسیلہ نہیں بن سکتا۔

باقی رہے صابئین (ستارہ پرست) تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک ان سے بھی عقد ذمہ کرنا جائز ہے۔ صابئین کی تفسیر میں اختلاف ہے، امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ اہل کتاب کا ایک گروہ ہے جو زبور کی تلاوت کرتا ہے اور امام ابو یوسف

---

[1] علامہ ابو بکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۱۱۱، مطبوعہ ایچ۔ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی ۱۴۰۰ھ

[2] علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر المرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اولین ص ۵۰۵-۵۰۲، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

اور امام محمد کے نزدیک یہ ستارہ پرست ہیں اس لیے یہ بت پرستوں کے حکم میں ہیں اور اگر یہ غیر عرب ہوں تو ان سے فدیہ لینا جائز ہے۔ ۱؎

تیسری شرط: عقد ذمہ (کافروں کو اپنی پناہ میں لینے کا معاہدہ) مؤبد اور دائمی ہونا چاہیے کیونکہ عقد ذمہ کی بناء پر جان اور مال کی اسی طرح حفاظت کی جاتی ہے جس طرح اسلام قبول کرنے کے بعد جان اور مال کی حفاظت کی جاتی ہے اس سے معلوم ہوا کہ عقد ذمہ اسلام کا نائب اور خلیفہ ہے اور جس طرح عقد اسلام عارضی اور مؤقت نہیں ہو سکتا اسی طرح عقد ذمہ بھی عارضی اور مؤقت نہیں ہو سکتا۔ ۲؎

عقد ذمہ کے احکام

ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی عقد ذمہ کے احکام کے بیان میں لکھتے ہیں: کافروں سے عقد ذمہ کر لینے کے بعد ان کی جان محفوظ ہو جاتی ہے کیونکہ قرآن مجید میں ہے کہ جب تک یہ جزیہ نہ دیں اس وقت تک ان سے جنگ کرتے رہو، (توبہ: ۲۹ مصلاً) اور یہ آیت اس کو مستلزم ہے کہ جزیہ ادا کرنے کے بعد مسلمان ان سے جنگ نہیں کریں گے اور اس کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمان ان کی جان کی حفاظت کریں گے۔

دوسرا حکم یہ ہے کہ عقد ذمہ کے بعد کافروں کا مال بھی محفوظ ہوگا کیونکہ مال جان کے تابع ہے اور حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے عقد ذمہ کو صرف اس لیے قبول کیا ہے کہ ان کی جانیں ہماری جانوں کی طرح اور ان کے اموال ہمارے اموال کی طرح محفوظ ہو جائیں۔ ۳؎

عقد ذمہ کے وجوب کی شرائط

علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں: عقد ذمہ کے وجوب کی شرائط یہ ہیں:

۱- عقل

۲- بلوغ

۳- مرد ہونا۔ اس لیے عورتوں، بچوں اور مجنونوں پر عقد ذمہ واجب نہیں ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جزیہ ان لوگوں پر واجب کیا ہے جو اہل قتال ہوں (توبہ: ۲۹) اور عورتیں، بچے اور مجنون اہل قتال نہیں ہیں اس لیے ان پر جزیہ واجب نہیں ہے۔

۴- چوتھی شرط صحت ہے کیونکہ جو شخص سالہا سال بیمار رہے وہ لڑنے کا اہل نہیں ہے اور جزیہ اسی پر واجب ہے جو لڑنے کا اہل ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: جب تک یہ جزیہ نہ دیں اس وقت تک ان سے جنگ کرتے رہو، (توبہ: ۲۹ مصلاً) اور جو شخص سال کے اکثر حصہ میں بیمار رہے وہ بھی پورا سال بیمار رہنے والے کے حکم میں ہے۔

۵- پانچویں شرط یہ ہے کہ وہ لنگڑا، لولا، اندھا اور بہت بوڑھا نہ ہو پس جو لوگ لنگڑے، لولے، اندھے اور بہت بوڑھے ہوں ان پر جزیہ واجب نہیں ہے۔

۶- چھٹی شرط یہ ہے کہ وہ شخص مالدار ہو یا مال کمانے پر قادر ہو لہٰذا جو شخص فقیر ہو یا جو کمانے پر قادر نہ ہو اس

۱؎ علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۱۱۱، مطبوعہ ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

۲؎ ملک العلماء علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۱۱۱، مطبوعہ ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

۳؎ " " " " ص ۱۱۱، "

پر جزیہ واجب نہیں ہے، البتہ گرجے کے عابدوں پر جزیہ واجب ہے، کیونکہ وہ کمانے پر قادر ہیں۔

۷۔ ساتویں شرط حریت ہے، اس لیے غلام پر جزیہ واجب نہیں ہے کیونکہ وہ مالدار ہونے کا اہل نہیں ہے۔[1]

جزیہ کی مقدار میں مذاہب فقہاء

جزیہ ہر سال کے شروع میں واجب ہوتا ہے اور ایک سال کے لیے ان کافروں سے جزیہ لیا جاتا ہے جن پر جزیہ واجب ہے۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں کہ امیر آدمی سے ۴۸ درہم ۱۴۶ء۹۶۶۴ گرام چاندی جزیہ لیا جائے گا اور متوسط سے چوبیس درہم ۴۸۳ء۷۳ گرام چاندی جزیہ لیا جائے گا اور فقیر سے بارہ درہم ۷۴۱۶ء۳۶ گرام چاندی جزیہ لیا جائے گا۔ یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہے اور امام مالک کہتے ہیں کہ غنی سے چوبیس درہم ۴۸۳ء۷۳ گرام چاندی لیے جائیں گے اور فقیر سے دس درہم ۶۱۸ء۳۰ گرام چاندی لی جائے گی۔ حضرت عمر سے بھی یہی ایک روایت ہے۔ اور امام شافعی کہتے ہیں کہ ہر شخص پر ایک دینار ۳۷۴ء۴ گرام سونا واجب ہے، کیونکہ سنن ابوداؤد میں روایت ہے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا کہ ہر حال میں کافروں سے ایک دینار لیا جائے" البتہ مستحب یہ ہے کہ کافروں کے تین طبقات کرنے چاہییں جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے تاکہ اختلاف نہ رہے، وہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ کرنا اولیٰ بالاتباع ہے۔

علامہ ابن قدامہ لکھتے ہیں، ہماری دلیل حضرت عمر کی حدیث ہے اور یہ حدیث صحیح ہے اور صحابہ کرام میں مشہور ہے اس کی صحت اور شہرت میں کوئی شک نہیں ہے اور کسی شخص نے اس کا انکار نہیں کیا اور نہ اس کی مخالفت کی ہے اور حضرت عمر کے بعد کے خلفاء نے اس پر عمل کیا ہے اس لیے اس پر اجماع ہو گیا اور یہ ایسا اجماع ہے جس میں خطاء نہیں ہے اور خود امام شافعی بھی اس پر عمل کرنے کو مستحب کہتے ہیں۔ حضرت معاذ کی روایت کے دو جواب ہیں:

پہلا جواب یہ ہے کہ یہ ان پر غلبہ فقر کی وجہ سے ہے جیسا کہ حضرت مجاہد نے کہا یہ ان پر آسانی کی وجہ سے ہے، دوسرا جواب یہ ہے کہ جزیہ کو معین کرنا واجب نہیں ہے بلکہ یہ امیر کی رائے اور اجتہاد پر موقوف ہے کیونکہ جزیہ بطور سزا واجب ہوا ہے یا بطور تحقیر، اور سزا لوگوں کے احوال کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے، بعض کو قتل کیا جاتا ہے اور بعض کو غلام بنا لیا جاتا ہے۔[2]

امام شافعی نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے، وہ سنن ابوداؤد، جامع ترمذی، مستدرک اور مصنف عبدالرزاق میں ہے، اور مصنف عبدالرزاق میں ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ کو یمن بھیجا تو انہیں حکم دیا کہ ہر بالغ مرد اور عورت سے ایک دینار وصول کریں۔ علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں کہ علامہ ابوعبید نے کہا ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے، کیونکہ ابتداء اسلام میں مشرک عورتوں اور بچوں کو بھی مردوں کے ساتھ قتل کر دیا جاتا تھا اس لیے ہو سکتا ہے کہ اس وقت عورتوں سے بھی جزیہ لیا جاتا ہو اور جب عورتوں کو قتل کرنے کی ممانعت ہو گئی تو عورتوں سے جزیہ لینے کا حکم بھی منسوخ ہو گیا۔[3]

۱۔ ملک العلماء علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷ ص ۱۱۱، مطبوعہ ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی ۱۴۰۰ھ

۲۔ علامہ موفق الدین ابومحمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۹ ص ۲۶۸ - ۲۶۷، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

۳۔ علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۵ ص ۲۹۰ - ۲۸۹، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں کہ جزیہ کی دو قسمیں ہیں ایک قسم وہ ہے جس کی مقدار صلح کے بعد باہمی رضامندی سے مقرر کی جاتی ہے، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل نجران سے ایک ہزار دو سو حلوں پر صلح کی اور دوسری قسم وہ ہے جس کو امیر اپنی صوابدید سے جزیہ دینے والوں پر مقرر کرتا ہے اس میں ان کی مرضی کا دخل نہیں ہوتا، بایں طور کہ مسلمانوں کا امیر کفار کے کسی ملک پر غلبہ حاصل کرے اور وہاں کے لوگوں کو ان کی املاک پر برقرار رکھے اور ان لوگوں کو اہل ذمہ قرار دے۔

جزیہ کی دوسری قسم کے تین مراتب ہیں، کیونکہ اہل ذمہ تین قسم کے ہیں، غنی، متوسط، اور فقیر، غنی پر ایک سال میں اڑتالیس درہم سالانہ ہیں اور متوسط پر چوبیس درہم سالانہ ہیں اور کام کاج کرنے والے غریب لوگوں پر بارہ درہم سالانہ ہیں، کیونکہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان بن حنیف کو سواد عراق میں بھیجا تو اسی طرح حکم دیا تھا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ حکم بکثرت مہاجرین اور انصار صحابہ کی موجودگی میں دیا تھا اور کسی صحابی نے اس سے اختلاف نہیں کیا تو گویا کہ سب کا اس پر اجماع ہو گیا۔ نیز حضرت عمر جزیہ کی اس رقم کا تعین اپنی رائے سے نہیں کر سکتے تھے کیونکہ اعداد و شمار کا تعین توقیفی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع پر موقوف ہے اس کو محض عقل اور قیاس سے نہیں جانا جا سکتا، پس گویا کہ انھوں نے اس عدد کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا۔

غنی، متوسط اور فقیر کی تفسیر میں بھی اختلاف ہے، بعض علماء نے کہا ہے کہ جو شخص دو سو درہم (۶۱۲ء۳۶ گرام چاندی) کا مالک نہ ہو وہ فقیر ہے اور جو دو سو درہم چاندی کا مالک ہو وہ متوسط ہے اور جو چار ہزار درہم یا اس سے زیادہ کا مالک ہو وہ غنی ہے، کیونکہ حضرت سیدنا علی اور حضرت عبداللہ بن سیدنا عمر رضی اللہ عنہم نے فرمایا چار ہزار درہم یا اس سے کم نفقہ ہے اور اس سے زیادہ خزانہ ہے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ جو دو سو درہم سے کر چار ہزار درہم تک کا مالک ہو وہ متوسط ہے اور جو دس ہزار درہم سے زیادہ کا مالک ہو وہ غنی ہے اور جو دو سو درہم سے کم کا مالک ہو وہ فقیر ہے۔ [۱]

ہجرت کی تحقیق

حدیث نمبر ۴۲۴۰ میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (پہلے) ان کو اسلام کی دعوت دو اگر وہ اسلام لے آئیں تو ان کا اسلام قبول کر لو، اور ان سے جنگ نہ کرو، اور ان سے یہ کہو کہ وہ اپنا شہر چھوڑ کر مہاجرین کے شہر میں آ جائیں۔

شمس الائمہ سرخسی اس کی شرح میں لکھتے ہیں یہ حکم فتح مکہ سے پہلے تھا جب ہجرت فرض تھی، اس وقت ہر مسلمان پر ہجرت کر کے مدینہ جانا فرض تھا تاکہ وہ دین کے احکام سیکھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کے لیے مسلمانوں کے ساتھ مل جل کر کام کرے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

والذین آمنوا ولم یھاجروا ما لکم من ولایتھم من شیء حتی یھاجروا۔ (انفال: ۷۲)

جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے ہجرت نہیں کی تم سے تمہاری ولایت (ریاست کا عوام کے حقوق کی حفاظت کرنا) کا اس وقت تک کوئی تعلق نہیں ہے

[۱] علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ... سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

جب تک کہ وہ ہجرت نہ کرلیں (یعنی ہجرت کر کے دارالاسلام میں نہ آجائیں)

اس کے بعد ہجرت کی فرضیت کا حکم منسوخ ہو گیا، کیونکہ فتح مکہ کے بعد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں ہے۔[۲]

ہجرت کے متعلق مختلف احادیث ہیں بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہجرت قیامت تک باقی رہے گی اور بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ فتح مکہ کے بعد ہجرت منسوخ ہو گئی اور بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہجرت صرف گناہوں کا ترک کرنا ہے، اس لیے پہلے ہم ہجرت کے بارے میں ان مختلف احادیث کا ذکر کریں گے اور اس کے بعد یہ بیان کریں گے کہ فقہاء اسلام کے نزدیک ہجرت کا کیا حکم ہے اور ہجرت کی کتنی اقسام ہیں پھر یہ بیان کریں گے کہ موجودہ دور میں مسلمانوں کے دارالکفر میں رہنے کا کیا حکم ہے۔ فنقول وباللہ التوفیق وبہ الاستعانۃ یلیق۔

قیامت تک ہجرت باقی رہنے کے بارے میں احادیث

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن معاویۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لاتنقطع الھجرۃ حتی تنقطع التوبۃ۔[۲]

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک توبہ منقطع نہیں ہو گی اس وقت تک ہجرت منقطع نہیں ہو گی

امام احمد بن حنبل روایت کرتے ہیں:

عن ابن السعدی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تنقطع الھجرۃ مادام العدو یقاتل۔[۳]

حضرت ابن السعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب تک دشمن سے مقابلہ ہوتا رہے گا ہجرت منقطع نہیں ہو گی۔

عن عمرو بن العاص ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان الھجرۃ خصلتان احدھما ان تھجر السیأت والاخری ان تھاجر الی اللہ ورسولہ ولا تنقطع الھجرۃ ما تقبلت التوبۃ ولا تزال التوبۃ مقبولۃ حتی تطلع الشمس من المغرب فاذا طلعت طبع علی کل قلب بما فیہ۔

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ہجرت کی دو قسمیں ہیں ایک قسم گناہوں سے ہجرت کرنا (یعنی ان کو ترک کرنا) ہے اور دوسری قسم یہ ہے کہ تم اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کرو، اور جب تک توبہ قبول کی جائے گی ہجرت منقطع نہیں ہو گی اور توبہ قبول ہوتی رہے گی حتیٰ کہ سورج مغرب سے طلوع ہو جائے گا، اور جب سورج مغرب

---

[۱] علامہ شمس الدین محمد بن احمد سرخسی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۱۰ ص ۶، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

[۲] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۳۳۶، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۶ھ

[۳] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۱۹۲، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

سے طلوع ہوگا تو ہر دل پر مہر لگا دی جائے گی۔ [۱]

حافظ نور الدین الہیثمی نے اس حدیث کو مسند احمد کے علاوہ مسند بزار اور معجم طبرانی کی سند سے بھی بیان کیا ہے اور کہا ہے کہ امام احمد کی سند کے تمام راوی ثقہ ہیں۔ [۲]

حافظ نور الدین الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن جنادة بن ابی امية ان رجالا من اصحٰب رسول الله صلی الله عليه وسلم قال بعضهم الهجرة قد انقطعت فاختلفوا فی ذٰلك فانطلقت الی رسول الله صلی الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله ان ناسا يقولون ان الهجرة قد انقطعت فقال رسول الله صلی الله عليه وسلم ان الهجرة لا تنقطع ما كان الجهاد رواه احمد ورجاله رجال الصحيح۔ [۳]

حضرت جنادہ بن اُمیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب ہجرت کے بارے میں بحث کر رہے تھے، بعض صحابہ نے کہا ہجرت منقطع ہو چکی ہے پھر ان کا اس میں اختلاف ہو گیا، پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اور میں نے کہا: یا رسول اللہ! بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہجرت منقطع ہو گئی ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک جہاد ہے، ہجرت منقطع نہیں ہو گی، اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے اور اس کے تمام راوی صحیح ہیں۔

ہجرت منقطع ہونے کے بارے میں احادیث

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابن عباس قال قال النبی صلی الله عليه وسلم يوم فتح مكة لا هجرة بعد الفتح ولكن جهاد ونية واذا استنفرتم فانفروا۔ [۴]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فتح (مکہ) کے بعد ہجرت (فرض) نہیں ہے، البتہ جہاد اور نیت ہے، اور جب تم کو جہاد کے لیے بلایا جائے تو چلے آؤ۔

عن مجاشع بن مسعود قال جاء مجاشع باخيه مجالد بن مسعود الی النبی صلی الله عليه وسلم فقال هٰذا مجالد يبايعك علی الهجرة فقال لا هجرة بعد فتح مكة ولكن ابايعه علی الاسلام۔ [۵]

حضرت مجاشع بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ اپنے بھائی حضرت مجالد کو لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ یہ مجالد ہیں جو آپ سے ہجرت پر بیعت کریں گے آپ نے فرمایا فتح (مکہ) کے بعد ہجرت نہیں ہے لیکن میں اس کو اسلام پر

۱۔ امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۱۹۲، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ ھ

۲۔ حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۵۱، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت ۱۴۰۲ ھ

۳۔ 〃 〃 〃 ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۵۱، 〃 〃

۴۔ امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۳۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ ھ

۵۔ امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری 〃 ، صحیح بخاری ج ۲ ص 〃 ، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ ھ

بیعت کروں گا۔

عن عطاء یقول ذهبت مع عبید بن عمیر الی عائشة وهی مجاورة بثبیر فقالت لنا انقطعت الهجرة منذ فتح الله علی نبیه صلی الله علیه وسلم مکة ۔[1]

عطاء کہتے ہیں کہ میں عبید بن عمیر کے ہمراہ حضرت عائشہ کے پاس مزدلفہ میں گیا دراں حالیکہ وہ پہاڑ ثبیر کے پاس مقیم تھیں۔ حضرت عائشہ نے فرمایا: رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے مکہ فتح کرنے کے بعد ہجرت منقطع ہو گئی۔

عن عطاء بن ابی رباح قال زرت عائشة مع عبید بن عمیر اللیثی فسئلناها عن الهجرة فقالت لا هجرة الیوم کان المؤمنون یفر احدهم بدینه الی الله ورسوله مخافة ان یفتتن علیه فاما الیوم فقد اظهر الله الاسلام والیوم یعبد ربه حیث شاء ولکن جهاد و نیة ۔[2]

عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں کہ میں نے عبید بن عمیر لیثی کے ہمراہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی زیارت کی، ہم نے آپ سے ہجرت کے متعلق سوال کیا، آپ نے فرمایا اب ہجرت نہیں ہے، پہلے مسلمان اپنے دین کی وجہ سے اللہ اور رسول کی طرف بھاگتے تھے، کیونکہ انھیں یہ خوف تھا کہ وہ اپنے دین کی وجہ سے کسی آزمائش میں مبتلا نہ ہو جائیں۔ لیکن اب اللہ تعالیٰ اسلام کو غلبہ عطا فرما چکا ہے، اب مسلمان جہاں چاہیں اپنے رب کی عبادت کریں۔ البتہ جہاد اور نیت باقی ہے۔

عن مجاشع بن مسعود سلمی اتیت النبی صلی الله علیه وسلم ابایعه علی الهجرة فقال ان الهجرة قد مضت لاهلها ولکن علی الاسلام والجهاد والخیر ۔[3]

حضرت مجاشع بن مسعود سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر ہجرت پر بیعت کرنے لگا آپ نے فرمایا ہجرت تو ہجرت والوں کے ساتھ گذر گئی۔ تاہم اسلام، جہاد اور خیر پر بیعت کرو۔

یہ حدیث صحیح بخاری اور مسند احمد بن حنبل میں بھی ہے۔
امام احمد بن حنبل روایت کرتے ہیں:

عن الفرزدق بن حبان قال خرجت انا وعبید الله بن حید فی طریق الشام فمرنا بعبد الله بن عمرو بن العاص فقال جاء رجل

فرزدق بن حبان بیان کرتے ہیں کہ میں اور عبداللہ بن حید شام کے راستہ پر گئے، ہمارا حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے گذر ہوا، انھوں نے کہا تم دونوں

[1] ۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۳۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[2] ۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۵۲ ۔ ۵۵۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[3] ۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۳۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

من قومکما اعرابی جاف جری فقال یا رسول الله این الھجرۃ الیک حیثما کنت ام الی ارض معلومۃ ام لقوم خاصۃ ام اذا مت انقطعت الھجرۃ قال فسکت رسول الله صلی الله علیہ وسلم ثم قال این السائل عن الھجرۃ قال ھا انا یا رسول الله قال اذا اقمت الصلوٰۃ واتیت الزکوٰۃ فانت مھاجر وان مت بالحضرمی قال یعنی ارضا بالیمامۃ وفی روایۃ الھجرۃ ان تھجر الفواحش ما ظھر منھا وما بطن وتقیم الصلوٰۃ وتؤتی الزکوٰۃ فانت مھاجر۔ [1]

کی قوم میں سے ایک بے باک اور بے جھجک دیہاتی آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ! آپ کی طرف ہجرت کرنے کی کون سی جگہ ہے؟ آیا آپ جہاں کہیں ہوں یا کسی خاص جگہ پر؟ آیا کسی خاص قوم پر ہجرت فرض ہے یا جب آپ رحلت فرما جائیں گے تو ہجرت منقطع ہو جائے گی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ساعت خاموش رہے، پھر آپ نے فرمایا وہ سائل کہاں ہے؟ اس نے کہا میں حاضر ہوں یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا جب تم نماز پڑھو اور زکوٰۃ ادا کرو تو تم مہاجر ہو خواہ تم ارض یمامہ میں فوت ہو! اور ایک روایت میں ہے کہ ہجرت یہ ہے کہ تم ظاہر اور باطن میں بے حیائی کے کام ترک کر دو اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ ادا کرو تو پھر تم مہاجر ہو۔

حافظ نور الدین الہیثمی بیان کرتے ہیں کہ اس حدیث کو امام احمد کے علاوہ امام بزار نے بھی روایت کیا ہے اور امام احمد کی دو سندوں میں سے ایک سند حسن ہے اور اس کو طبرانی نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

دار الکفر میں رہنے یا نہ رہنے کے بارے میں احادیث

حافظ نور الدین الہیثمی بیان کرتے ہیں:۔

عن خالد بن الولید ان رسول الله صلی الله علیہ وسلم قال: انا بریٔ من کل مسلم اقام مع المشرکین الحدیث رواہ الطبرانی ورجالہ ثقات۔ [3]

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ہر اس مسلمان سے بیزار ہوں جو مشرکوں کے ہاں (ان کے ملک میں یا شہر میں) اقامت کرے، اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے راوی ثقہ ہیں۔

یہ حدیث سنن ابو داؤد میں بھی ہے۔ نیز حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن الزبیر بن العوام قال سمعت رسول الله صلی الله علیہ وسلم یقول الارض ارض الله والعباد عباد الله فحیث وجد احدکم خیرا فلیتق الله ولیقم رواہ الطبرانی وفیہ من لم اعرفہ۔

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ زمین اللہ کی زمین ہے، اور یہ لوگ اللہ کے بندے ہیں لہٰذا جس جگہ بھی تم کو فائدہ ہو، اللہ سے ڈرو اور وہاں رہو۔ اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کی سند میں

---

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۲۰۳، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ
[2] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۵۳ - ۲۵۲، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ
[3] 〃 〃 〃 〃 〃 〃

ایک راوی ہے جس کو میں نہیں جانتا۔[1]

گناہوں سے ہجرت کرنے کے بارے میں احادیث

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن عبداللہ بن عمرو عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم المہاجر من ھجر ما نھی اللہ عنہ۔[2]

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہاجر وہ ہے جو اللہ کی منع کی ہوئی چیزوں سے ہجرت کرے (انھیں چھوڑ دے)۔

اس حدیث کو امام ابوداؤد[3]، امام نسائی[4]، اور امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔[5]

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عَنْ عبداللہ بن حبشی الخثعمی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم سئل ای الاعمال افضل قال طول القیام قیل فای الصدقۃ افضل قال جھد المقل قیل فای الھجرۃ افضل قال من ھجر ما حرم اللہ علیہ الحدیث۔[6]

حضرت عبداللہ بن حبشی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کون سا عمل سب سے افضل ہے؟ فرمایا نماز میں لمبا قیام کرنا، پھر کہا گیا کہ کونسا صدقہ سب سے افضل ہے فرمایا غریب آدمی کا مشقت اٹھا کر صدقہ کرنا، پھر سوال کیا گیا کون سی ہجرت سب سے افضل ہے فرمایا جو شخص ان کاموں سے ہجرت کرے جن کو اللہ تعالیٰ نے حرام کر دیا ہے۔

امام احمد روایت کرتے ہیں:

عَنْ انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال المہاجر من ھجر السوء۔[7]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہاجر وہ شخص ہے جو برائی ترک کر دے۔

عن فضالۃ بن عبید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والمہاجر من ھجر الخطایا والذنوب۔[8]

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور مہاجر وہ شخص ہے جو غلط کاموں اور گناہوں کو ترک کر دے۔

---

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۵۵، مطبوعہ دار الکتاب العربی، بیروت، ۱۴۰۲ھ

[2] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[3] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۳۳۶، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان، لاہور، ۱۴۰۶ھ

[4] امام احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ، سنن نسائی ج ۲ ص ۲۳۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[5] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۲۰۶، ۲۰۵، ۱۹۳، ۱۹۲، ۱۶۴، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[6] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۲۰۵-۲۰۴، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۶ھ

[7] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۳ ص ۱۵۴، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[8] " " ، مسند احمد ج ۶ ص ۲۲-۲۱، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ

ہجرت کی متعارض احادیث کے جوابات

ہجرت سے متعلق جن احادیث کا ہم نے ذکر کیا ہے، ان میں سے بعض احادیث میں یہ صراحت ہے کہ ہجرت کبھی منقطع نہیں ہوگی اور بعض میں یہ وضاحت ہے کہ فتح مکہ کے بعد ہجرت منقطع ہو جائے گی، بعض احادیث میں ہے کہ مسلمان زمین پر کہیں بھی قیام کر سکتا ہے اور بعض میں مشرکین کے ساتھ قیام کی ممانعت ہے اور بعض احادیث میں یہ تصریح ہے کہ ہجرت تو صرف گناہوں کو ترک کرنا ہے۔

علامہ بدرالدین عینی نے ان متعارض احادیث کے حسب ذیل جوابات ذکر کیے ہیں:

۱۔ جن احادیث میں فتح مکہ کے بعد ہجرت منقطع ہونے کا بیان ہے وہ صحاح کی احادیث ہیں اور جن احادیث میں قیامت تک ہجرت باقی رہنے کا ذکر ہے وہ سنن کی روایات ہیں اور صحاح کی احادیث کو سنن کی روایات پر ترجیح ہے۔

۲۔ علامہ خطابی نے کہا ہے کہ ابتداء اسلام میں مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت فرض تھی، اب یہ فرضیت منسوخ ہو گئی اور جو ہجرت قیامت تک باقی رہے گی وہ مستحب ہے۔

۳۔ علامہ ابن اثیر نے کہا ہے کہ ہجرت کی دو قسمیں ہیں ایک قسم یہ ہے کہ ایک شخص اپنے وطن، اہل و عیال اور مال سے ہجرت کر کے مدینہ چلا جاتا اور پھر کبھی ان چیزوں کی طرف واپس نہ لوٹتا اس ہجرت پر اللہ تعالیٰ نے جنت کا وعدہ فرمایا ہے۔ فتح مکہ کے بعد یہ ہجرت منسوخ ہو گئی، ہجرت کی دوسری قسم یہ ہے کہ کفار کے علاقہ سے ہجرت کر کے مسلمانوں کے علاقہ میں آجائے اور اس میں ہجرت کی پہلی قسم کی طرح شدت نہیں ہے۔

۴۔ کفار کے علاقہ سے مسلمانوں کے علاقہ کی طرف ہجرت منسوخ ہو گئی اور جو ہجرت باقی ہے وہ گناہوں سے ہجرت کرنا اور ان کو ترک کرنا ہے۔

۵۔ جس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کے ساتھ رہنے سے بیزاری کا اظہار فرمایا ہے اس سے مراد وہ جگہ ہے جہاں رہنے سے مسلمانوں کو اپنے دین، جان، مال اور عزت و آبرو کی بربادی کا خطرہ ہو، جہاں اسلامی شعائر، فرائض اور واجبات کی ادائیگی سے ممانعت ہو یا جہاں کی تہذیب، کلچر اور سوسائٹی کے برے اثرات سے مسلمانوں کے عقائد اور معمولات محفوظ نہ رہیں اور زمین کے جس حصہ میں مسلمانوں کے عقائد کو خطرہ نہ ہو، اور وہ آزادی کے ساتھ وہاں اپنی عبادات کو انجام دے سکیں وہاں مسلمانوں کے رہنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔[1]

فتح مکہ کے بعد ہجرت کے منسوخ ہونے کی وجوہات

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: علامہ خطابی وغیرہ نے کہا ہے کہ ابتداء اسلام میں مدینہ کی طرف ہجرت کرنا فرض تھا، کیونکہ مدینہ منورہ میں مسلمانوں کی تعداد کم تھی اور انہیں جمعیت کی ضرورت تھی، لیکن جب اللہ تعالیٰ نے مکہ کو فتح کر دیا اور لوگ فوج در فوج اسلام میں داخل ہونے لگے تو مدینہ کی طرف ہجرت منسوخ ہو گئی اور تبلیغ اسلام اور دشمن سے مدافعت کے لیے جہاد کی فرضیت باقی رہی۔

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں کہ ابتداء میں مدینہ منورہ ہجرت کرنا اس لیے بھی فرض تھا کہ جو شخص اسلام قبول کرتا تھا اس کو کفار

---

[1] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود [illegible] ۳۰۵ [illegible]، مطبوعہ، مطبع عامرہ استنبول، ۱۳۰۸ھ

ایذاء دیتے تھے اور اس وقت تک اس پر ظلم کرتے رہتے تھے جب تک کہ وہ (العیاذ باللہ) دین اسلام کو چھوڑ نہیں دیتا اور انہی لوگوں کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی:

ان الذین توفٰھم الملٰیکۃ ظالمی انفسھم قالوا فیم کنتم قالوا کنا مستضعفین فی الارض قالوا الم تکن ارض اللہ واسعۃ فتھاجروا فیھا فاولٰئک ماوٰھم جھنم وساءت مصیرا ہ الا المستضعفین من الرجال والنساء والولدان لا یستطیعون حیلۃ ولا یھتدون سبیلا ہ فاولٰئک عسی اللہ ان یعفو عنھم وکان اللہ عفوا غفورا ہ

(النساء: ۹۷-۹۹)

بے شک جن لوگوں کی جانیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے تو فرشتے ان سے کہتے ہیں تم کیا کرتے رہے؟ وہ کہتے ہیں ہم زمین میں بے بس تھے! فرشتے کہتے ہیں کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کرتے؟ ان لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ کیا ہی بُرا ٹھکانا ہے، البتہ مردوں، عورتوں اور بچوں میں سے جو (واقعی) بے بس (اور مجبور) ہیں، جو کسی تدبیر کی استطاعت رکھتے ہیں اور نہ کہیں کا راستہ جانتے ہیں، تو قریب ہے کہ اللہ ان لوگوں سے درگذر فرمائے اور اللہ بہت معاف فرمانے والا اور بے حد بخشنے والا ہے۔

جو شخص دار الکفر میں اسلام لائے اور اس سے نکلنے پر قادر ہو اس کے حق میں ہجرت اب بھی باقی ہے کیونکہ سنن نسائی میں حضرت معاویہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ مشرک کے اسلام قبول کرنے کے بعد اس کے کسی عمل کو اس وقت تک قبول نہیں کرتا جب تک کہ وہ مشرکین سے علیحدہ نہ ہو جائے" اور سنن ابوداؤد میں حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میں ہر اس مسلمان سے بیزار ہوں جو مشرکین کے درمیان رہتا ہے" یہ حدیث ان لوگوں پر محمول ہے جن کو یہ خدشہ ہو کہ اگر وہ دار الکفر میں رہے تو ان کا دین خطرہ میں پڑ جائے گا۔[1]

دار الکفر میں مسلمانوں کی سکونت کا حکم

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: لا ھجرۃ بعد الفتح "فتح کے بعد ہجرت نہیں ہے" کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ مطلقاً فتح کے بعد ہجرت نہیں ہے خواہ مکہ مکرمہ فتح ہو یا کوئی اور شہر، لہٰذا اب اگر مسلمان کسی شہر کو فتح کر لیں تو ان پر ہجرت واجب نہیں ہے، لیکن اگر کسی شہر کو مسلمانوں نے فتح نہیں کیا تو وہاں کے رہنے والوں کے متعلق تین قول ہیں:

(۱) پہلا قول جو شخص دار الکفر میں دین کا اظہار نہ کر سکتا ہو اور فرائض اور واجبات کو ادا نہ کر سکتا ہو اور وہ دار الکفر سے نکلنے کی استطاعت رکھتا ہو اس پر ہجرت کرنا واجب ہے۔

(۲) دوسرا قول مسلمان دار الکفر میں فرائض اور واجبات کو آزادی سے ادا کر سکتے ہوں اور ہجرت کرنے کی بھی استطاعت رکھتے ہوں پھر بھی ان کے لیے دار الکفر سے ہجرت کرنا مستحب ہے تاکہ دار الاسلام میں مسلمانوں کی کثرت اور جمعیت ہو اور وہ بوقت ضرورت مسلمانوں کے ساتھ جہاد میں شامل ہو سکیں اور دار الکفر میں کفار کی بدعہدی

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۱۹۰، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

اور فتنہ سے محفوظ رہیں اور کافروں کی تہذیب اور ثقافت اور ان کے معاشرے کی بے راہ روی، بد چلنی اور فحاشی کے بُرے اثرات سے مامون رہیں اور کفار اپنے دین کی اشاعت اور مسلمانوں کو اسلام سے منحرف کرنے کی جو کوششیں کرتے ہیں ان کے خطرات سے مسلمان محفوظ رہیں۔

(۳) تیسرا قول جو مسلمان قید، مرض یا کسی اور عذر کی بناء پر دار الکفر سے ہجرت نہ کر سکتا ہو اس کے لیے دار الکفر میں رہنا جائز ہے، اس کے باوجود اگر وہ تکلیف اور مشقت اٹھا کر ہجرت کرے تو ماجور ہو گا۔[۱]

ہجرت کی اقسام

علامہ بدر الدین عینی حنفی نے، ہجرت کی حسب ذیل اقسام ذکر کی ہیں:

(۱)۔ دار الخوف سے دار الامن کی طرف ہجرت، جیسا کہ مسلمانوں نے مکہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی، یا اب ہندوستان کے مسلمان ہندوؤں کے مظالم سے تنگ آکر انگلینڈ، امریکہ یا مغربی جرمنی کی طرف ہجرت کر جائیں۔

(۲)۔ دار الکفر سے دار الاسلام کی طرف ہجرت کرنا، جیسا کہ فتح مکہ سے پہلے مسلمانوں نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی، یا اب بھارت سے پاکستان کی طرف ہجرت کرنا۔ اسی طرح جو شخص دار الکفر میں اظہار دین پر قادر نہ ہو اس کا دار الاسلام کی طرف ہجرت کرنا۔

(۳)۔ قرب قیامت میں فتنوں کے ظہور کے وقت مسلمانوں کا شام کی طرف ہجرت کرنا، چنانچہ سنن ابو داؤد میں ہے حضرت عبد اللہ بن عمرو بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب ایک ہجرت کے بعد دوسری ہجرت ہو گی، سو روئے زمین کے اچھے لوگ حضرت ابراہیم کی ہجرت کی جگہ (شام) میں چلے جائیں گے اور باقی زمین پر بدترین لوگ رہ جائیں گے۔

(۴)۔ بُرائیوں اور گناہوں سے ہجرت کرنا۔[۲]

ایک اور قسم کا بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے اور وہ یہ ہے:

(۵)۔ ماسوا اللہ کو ترک کر کے اللہ کی طرف ہجرت کرنا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہو تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہی ہے۔ (بخاری)

ہجرت الی اللہ کی توضیح اللہ کی طرف ہجرت کرنے سے مراد یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو رضائے الٰہی میں اس طرح ڈھال لے کہ اس کے دل میں ہر کام کا محرک اور داعی اللہ کا حکم ہو، اور طبعی تقاضے شرعی تقاضوں کے مظہر ہو جائیں حتیٰ کہ وہ اس منزل پر آ جائے کہ اس کا کھانا پینا بھی اس نیت سے ہو کہ چونکہ اللہ نے کھانے پینے کا حکم دیا ہے اس لیے وہ کھاتا پیتا ہے ورنہ اس کو لاکھ بھوک اور پیاس لگتی وہ کھانے پینے کی طرف التفات نہ کرتا، اس مقام کا خلاصہ یہ ہے کہ بندے کے ہر کام کی نیت اور عقیدہ یہ ہو کہ چونکہ یہ اللہ کا حکم ہے اس لیے وہ اس کام کو کر رہا ہے اور اگر اللہ کا حکم نہ ہوتا تو خواہ کچھ ہوتا وہ اس کام کو نہ کرتا۔ اسی مرتبہ کو اللہ تعالیٰ نے صبغۃ اللہ سے تعبیر فرمایا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی مقام کی طرف اس حدیث میں ہدایت دی ہے۔ "اللہ کی صفات سے متصف ہو جاؤ" اقبال نے اسی منزل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ؎

در دشت جنون من جبریل زبوں صیدے
یزداں بکمند آور اے ہمت مردانہ!

---

[۱] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۳۸، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[۲] حافظ بدر الدین ابو محمد محمود بن [illegible] عمدۃ القاری [illegible]، مطبوعہ مطبع عامرہ استنبول، ۱۳۰۸ھ

یعنی انسان کے لیے مخلوق صفات اپنانا حتیٰ کہ مظہر جبرائیل ہونا بھی کمال نہیں ہے۔ اس کا مقام تو یہ ہے وہ الٰہی صفات اپنا کر اپنے آپ کو اللہ کے رنگ میں رنگ لے اور مظہر رب جبرائیل ہو جائے۔ چنانچہ بندہ اگر کسی پر رحم کرے تو اس لیے کہ اس کا رب رحیم ہے اور اگر کسی پر غضب ناک ہو تو اس لیے کہ اس کا رب قہار ہے اور انھیں پر رحم کرے جن پر اس کا رب رحم کرنا چاہتا ہے اور انھیں پر غضب ناک ہو جن پر اس کا رب اس سے غضب ناک ہونے کا تقاضا کرتا ہے۔ اسی طرح ہجرت الی الرسول کا مطلب بھی یہ ہے کہ اپنی سیرت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے تابع کرے اور چونکہ اللہ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی مرضی اور حکم الگ الگ اور متغائر نہیں ہیں اس لیے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے احکام پر عمل کرنا اللہ تعالٰی کے احکام پر عمل کرنا ہے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو راضی کرنا اللہ کو راضی کرنا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کرنا ہی اللہ کی طرف ہجرت کرنا ہے۔

مال غنیمت اور مال فئے

اس باب کی حدیث میں ہے کہ اگر انھوں نے ایسا کر لیا (یعنی ہجرت کی دعوت قبول کر لی) تو ان سے قبول کر لو، اور ان سے جنگ نہ کرو اور اگر انھوں نے ہجرت کی دعوت قبول نہیں کی تو ان کو یہ خبر دو کہ پھر ان پر دیہاتی مسلمانوں کا حکم ہوگا، ان پر مسلمانوں کے احکام جاری ہوں گے، لیکن ان کو مال فئے اور مال غنیمت سے کوئی حصہ نہیں ملے گا۔

شمس الائمہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں یہ حکم اس وقت تھا جب ہجرت فرض تھی، اس لیے آپ نے یہ حکم دیا کہ ان کو یہ بتلایا جائے کہ چونکہ انھوں نے دین حق کی اطاعت اور التزام کر لیا ہے، اس لیے ان پر اللہ تعالٰی کے احکام جاری ہوں گے، لیکن جب تک وہ جہاد اور دین کی نصرت نہیں کریں گے اور احکام دین کو سیکھنے میں مشغول نہیں ہوں گے ان کو مال فئے اور مال غنیمت سے کوئی حصہ نہیں ملے گا، اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ مال فئے اور مال غنیمت سے ان مسلمانوں کو حصہ ملتا ہے جو جہاد کریں یا احکام دین کی تعلیم حاصل کریں۔[1]

اللہ کے نام کی سربلندی اور دین کے غلبہ کے لیے کی جانے والی جنگ سے جو مال حاصل ہو اس کو مال غنیمت کہتے ہیں اور جو مال کفار سے جنگ کے بغیر حاصل ہو اس کو فئے کہتے ہیں جیسے جزیہ اور خراج۔ اللہ تعالٰی فرماتا ہے:

وما افاء الله على رسوله منهم فما اوجفتم عليه من خيل ولا ركاب ولكن الله يسلط رسله على من يشاءُ والله على كل شيء قدير۔ ما افاء الله على رسوله من اهل القرى فلله وللرسول ولذى القربى واليتمى والمسكين وابن السبيل كى لا يكون دولة بين الاغنياء منكم۔

(الحشر: ۷-۶)

اور جو (مال) اللہ نے ان (کفار) سے (نکال کر) اپنے رسول پر لوٹا دیا ہے تم نے تو ان پر گھوڑے دوڑائے تھے نہ اونٹ، لیکن اللہ تعالٰی جس پر چاہتا ہے اپنے رسولوں کو غلبہ عطا فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ تعالٰی نے جو مال ان بستیوں والوں سے (نکال کر) اپنے رسول پر لوٹا دیے ہیں تو وہ اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہیں اور (رسول کے) قرابت داروں اور یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہیں۔ تاکہ یہ اموال تمہارے مالدار

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۱۰ ص ۶، مطبوعہ دارالمعرفتہ بیروت، ۱۳۹۸ھ

لوگوں کے درمیان گردش ہوا کرتے ہیں۔[1]

مشرکین سے محاصرہ اٹھانے کے لیے مسلمان ان سے اللہ کی طرف سے معاہدہ کیوں نہ کریں؟

اس باب کی حدیث میں ہے: "اگر وہ ہجرت کرنے سے انکار کر دیں تو ان کو جزیہ دینے کی دعوت دو" یہ حکم عام ہے لیکن اس عام میں تخصیص کی گئی ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ اہل کتاب، مجوس اور عجم کے بت پرستوں سے جزیہ قبول کرو، کیونکہ عرب کے بت پرستوں اور مرتدوں سے جزیہ نہیں قبول کیا جاتا، اس لیے وہ جب تک اسلام نہ لائیں ان سے جنگ کی جاتی رہے گی، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تقاتلونهم او يسلمون "تم ان سے لڑتے رہو حتیٰ کہ وہ اسلام لے آئیں" پس اگر کفار ان لوگوں میں سے ہوں جن سے جزیہ قبول کیا جاتا ہے اور وہ ایمان نہ لائیں تو ان پر جزیہ پیش کرنا واجب ہے کیونکہ جنگ ختم ہونے کی یہی بنیاد ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: حتى يعطوا الجزية عن يد۔ "حتیٰ کہ وہ اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں" جزیہ ادا کرنے کے بعد وہ ہمارے ملک کے باشندے قرار پائیں گے اور ریاست کے عام قوانین میں ہماری اطاعت کو قبول کر لیں گے۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اگر وہ جزیہ ادا کرنا مان لیں تو تم اس کو ان سے قبول کر لو، اور جنگ سے اجتناب کرو، اور جب تم کسی قلعہ والوں کا یا کسی شہر کا محاصرہ کرو اور وہ یہ چاہیں کہ تم اللہ کے حکم کے مطابق یہ محاصرہ ختم کرو تو تم اس شرط پر محاصرہ ختم نہ کرو کیونکہ تم نہیں جانتے اس کے متعلق اللہ کا کیا حکم ہے۔

امام محمد اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اللہ کے حکم پر محاصرہ ختم کرنا جائز نہیں ہے اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حکم اس وقت کے ساتھ خاص تھا کیونکہ وحی نازل ہوتی رہتی تھی اور احکام بدلتے رہتے تھے، اور جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دور رہتے تھے وہ نہیں جانتے تھے کہ بعد میں اللہ کے کیا احکام نازل ہوئے ہیں، لیکن اب تمام احکام نازل ہو چکے ہیں اور شریعت مکمل ہو چکی ہے اور اب کوئی اور حکم نازل نہیں ہوگا۔ اور یہ بات معلوم ہو چکی ہے کہ مشرکین سے جہاد کرنے کے بارے میں یہ حکم ہے کہ ان کو اسلام کی دعوت دی جائے اور جب وہ اس دعوت کو قبول کر لیں تو پھر ان کو چھوڑ دیا جائے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فاقتلوا المشركين حيث وجدتموهم وخذوهم واحصروهم واقعدوا لهم كل مرصد فان تابوا واقاموا الصلوٰة واٰتوا الزكوٰة فخلوا سبيلهم۔ (توبہ: ۵)

تم مشرکوں کو جہاں پاؤ، انہیں قتل کر دو، ان کا محاصرہ کر لو، اور ان کی تاک میں ہر گھات کی جگہ بیٹھو، اور اگر وہ توبہ کر لیں، اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں تو پھر ان کا راستہ چھوڑ دو۔

اور اگر وہ قبول اسلام سے انکار کریں تو ان کو جزیہ قبول کرنے کی دعوت دی جائے اور اگر وہ اس کا بھی انکار کریں تو پھر ان کے جنگجو لوگوں کو قتل کیا جائے اور بچوں کو قید کر لیا جائے۔

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی ... المبسوط ... مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

اور امام محمد کہتے ہیں کہ اس حدیث کے مطابق اللہ کے حکم پر ان کا محاصرہ ختم کیا جائے، اور امام ابو یوسف نے جو حکم بیان کیا ہے وہ ان لوگوں کے بارے میں ہے جن پر مسلمانوں کو غلبہ حاصل ہو جائے، لیکن جو لوگ قلعہ میں محصور ہیں اور وہ اللہ کے حکم سے قلعہ سے نکلنا چاہتے ہیں تو یہ کسی کو معلوم نہیں ہے کہ ان کے بارے میں اللہ کا کیا حکم ہے؟ آیا محاصرہ ختم کر کے انہیں نکلنے دیا جائے یا نہیں؟

اس حدیث میں اہل سنت و جماعت کی یہ دلیل ہے کہ مجتہد کبھی خطاء کرتا ہے اور کبھی صواب کو پہنچتا ہے کیونکہ آپ نے فرمایا تم نہیں جانتے کہ محصورین کے متعلق اللہ کا کیا حکم ہے؟ اور اگر ہر مجتہد کا اجتہاد صحیح ہوتا تو وہ لامحالہ جان لیتا کہ ان کے متعلق اللہ کا حکم کیا ہے۔ اگر یہ اعتراض ہو کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: "تم اپنے حکم سے مشرکین کو قلعہ سے باہر نکالو پھر اپنی رائے کے مطابق مشرکین کے متعلق فیصلہ کرو"، اگر مجتہد کا اجتہاد برحق نہ ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم محصورین کے نکلنے کو ہمارے اجتہاد پر موقوف نہ کرتے کیونکہ آپ خطاء پر مبنی فیصلہ کو جاری کرنے کا حکم نہیں دے سکتے بلکہ آپ کی شان یہ ہے کہ آپ صحیح فیصلہ کو جاری کرنے کا حکم دیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ہم یہ نہیں کہتے کہ مجتہد کا فیصلہ لامحالہ غلط ہوتا ہے، بلکہ مجتہد صحیح حکم حاصل کرنے کی توقع پر اجتہاد کرتا ہے اور اپنی علمی استطاعت کے مطابق صحیح حکم معلوم کرنے کی کوشش کرتا ہے اس وجہ سے ہمیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ محصورین کو قلعہ سے نکالنے یا نہ نکالنے کے بارے میں ہم اپنی رائے اور اجتہاد سے فیصلہ کریں۔

نیز اس حدیث میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب تم کسی قلعہ والوں کا یا شہر والوں کا محاصرہ کرو اور وہ یہ کہیں کہ تم انہیں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ذمہ دو تو تم ان کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ذمہ مت دو، کیونکہ اگر تم نے اپنے عہد اور ذمہ کو پورا نہ کیا تو وہ زیادہ آسان ہے"۔ اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ مسلمانوں کو مشرکوں سے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا عہد نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ بعض اوقات ان کو اپنا عہد توڑنے کی ضرورت ہوتی ہے، اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کیے ہوئے عہد کو توڑنا جائز نہیں ہے، اسی وجہ سے آپ نے فرمایا تم ان سے اپنا معاہدہ کرو۔ [1]

بَابُ ۵۸ تَحْرِيمِ الْغَدْرِ　　　عہد شکنی کی حرمت

۴۴۱۴ - حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ وَّ اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَّ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ يَعْنِيْ اَبَا قُدَامَةَ السَّرْخَسِيَّ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيٰى وَهُوَ الْقَطَّانُ كُلُّهُمْ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ح وَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اولین اور آخرین کو جمع فرمائے گا تو ہر عہد شکن کے لیے ایک جھنڈا بلند کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ یہ فلاں بن فلاں کی عہد شکنی ہے۔

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۱۰ ص ۸-۷، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَمَعَ اللَّهُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرْفَعُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ فَقِيلَ هَذِهِ غَدْرَةُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ۔

۴۴۱۵- حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ ح وَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ كِلَاهُمَا عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی حدیث روایت کی ہے۔

۴۴۱۶- وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَ قُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْغَادِرَ يَنْصِبُ اللَّهُ لَهُ لِوَاءً يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُقَالُ أَلَا هٰذِهِ غَدْرَةُ فُلَانٍ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عہد شکن کے لیے قیامت کے دن ایک جھنڈا نصب کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ سنو! یہ فلاں شخص کی عہد شکنی ہے۔

۴۴۱۷- حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حَمْزَةَ وَسَالِمٍ ابْنَيْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن ہر عہد شکن کا ایک جھنڈا ہوگا۔

۴۴۱۸ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ ح وَحَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُقَالُ هٰذِهٖ غَدْرَةُ فُلَانٍ۔

حضرت عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن ہر عہد شکن کا ایک جھنڈا ہوگا اور یہ کہا جائے گا کہ یہ فلاں شخص کی عہد شکنی ہے۔

۴۴۱۹ - وَحَدَّثَنَاهُ إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ ح وَحَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ جَمِيعًا عَنْ شُعْبَةَ فِي هٰذَا الْإِسْنَادِ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُقَالُ هٰذِهٖ غَدْرَةُ فُلَانٍ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی دو سندیں بیان کیں اور کہا کہ عبدالرحمٰن کی روایت میں یہ الفاظ نہیں ہیں کہ " یقال هذه غدرة فلان۔

۴۴۲۰ - وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُعْرَفُ بِهٖ يُقَالُ هٰذِهٖ غَدْرَةُ فُلَانٍ۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن ہر عہد شکن کا ایک جھنڈا ہوگا جس سے وہ پہچانا جائے گا۔

۴۴۲۱ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُعْرَفُ بِهٖ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن ہر عہد شکن کا ایک جھنڈا ہوگا جس سے وہ پہچانا جائے گا۔ اور کہا جائے گا یہ فلاں شخص کی عہد شکنی ہے۔

۴۴۲۲ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُلَيْدٍ عَنْ أَبِي

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن ہر عہد شکن کی سُرین (مقعد) کے پاس ایک جھنڈا ہوگا۔

نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِکُلِّ غَادِرٍ لِوَآءٌ عِنْدَ اِسْتِهٖ یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔

۴۴۲۳۔ حَدَّثَنَا زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا الْمُسْتَمِرُّ بْنُ الرَّیَّانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِکُلِّ غَادِرٍ لِوَآءٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ یُرْفَعُ لَهٗ بِقَدْرِ غَدْرِهٖ اَلَا وَلَا غَادِرَ اَعْظَمُ غَدْرًا مِنْ اَمِیْرِ عَامَّةٍ۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن ہر عہد شکن کا ایک جھنڈا ہو گا جس کو اس کی عہد شکنی کے بقدر بلند کیا جائے گا، یاد رکھو! امیر مملکت سے بڑھ کر کسی شخص کی عہد شکنی نہیں ہے۔

عہد کی اقسام اور عہد شکنی کی ممانعت کی حکمت

علامہ نووی لکھتے ہیں: لواء اس بڑے جھنڈے کو کہتے ہیں جو سپہ سالار کے پاس ہوتا ہے، "ہر عہد شکن کا ایک جھنڈا ہو گا۔" اس حدیث سے مراد یہ ہے کہ ہر عہد شکن کی ایک علامت ہو گی جس سے وہ لوگوں میں مشہور ہو گا، اور اہل عرب کی یہ عادت تھی کہ وہ عہد شکن کی عہد شکنی مشہور کرنے کے لیے گلیوں اور بازاروں میں جھنڈے نصب کر دیتے تھے۔

غادر (عہد شکن) اس شخص کو کہتے ہیں جو کسی چیز کا وعدہ کرے اور اس کو پورا نہ کرے، ان احادیث میں عہد شکنی کی حرمت بیان کی گئی ہے، خصوصاً امیر لشکر یا امیر مملکت کی عہد شکنی کی حرمت زیادہ شدید ہے، کیونکہ اس کی عہد شکنی سے بکثرت لوگوں کو نقصان پہنچتا ہے، نیز اس لیے کہ امیر دوسرے لوگوں کی بہ نسبت ایفاء عہد پر زیادہ قادر ہوتا ہے اس لیے اس کی عہد شکنی کی حرمت زیادہ سنگین ہو گی۔

مشہور یہ ہے کہ یہ حدیث امام کی عہد شکنی کی مذمت میں وارد ہے قاضی عیاض نے دو احتمال ذکر کیے ہیں ایک یہ ہے کہ اس حدیث میں امیر مملکت کو عوام مسلمین یا کفار کے ساتھ عہد شکنی کرنے سے منع فرمایا ہے یا اسے عوام مسلمین کی امانتوں میں خیانت کرنے سے منع کیا ہے اور اس پر لازم کیا ہے کہ وہ عوام کے حقوق کی حفاظت کرے، اور جب وہ یہ حقوق ادا نہیں کرے گا یا ان کے مفادات کا تحفظ نہیں کرے گا یا ان کے ساتھ نرمی نہیں کرے گا تو وہ عوام کے ساتھ کیے ہوئے عہد کو توڑنے کا مرتکب ہو گا اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس حدیث میں عوام کو حکم دیا ہے کہ وہ اپنے امیر سے غداری نہ کریں اور اس کے خلاف بغاوت کر کے مسلمانوں کی جمعیت اور وحدت نہ توڑیں، لیکن پہلا احتمال صحیح ہے۔ [1] ....

علامہ آلوسی نے لکھا ہے کہ عہد کی تین قسمیں ہیں (۱) بندہ کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ عہد۔ (۲) بندے کا اپنے نفس کے ساتھ عہد جیسے کسی کام کی نذر ماننا۔ (۳) ایک انسان کا دوسرے انسان کے ساتھ کسی بات کا عہد۔ عہد کی ان تینوں قسموں کو پورا کرنا واجب ہے ماسوا اس صورت کے کہ کوئی شخص معصیت کا عہد کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

یاایھا الذین اٰمنوا اوفوا بالعقود۔ (مائدہ: ۱) اے ایمان والو! (اپنے) عہد پورے کرو۔

انسان کا اللہ سے عہد عہد کی ان تین قسموں کی پھر دو قسمیں ہیں عقلی اور شرعی۔ اللہ سے عقلی عہد وہ ہے جس کی موجب عقل ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے انسان کی عقل میں اپنی معرفت پیدا کی ہے اور انسان ہدایت عقل سے اللہ کی طرف واصل ہوتا ہے یا اس کائنات میں جو چیزیں اللہ تعالیٰ کی ذات پر دلالت کرتی ہیں ان میں غور و فکر کر کے اللہ تعالیٰ کی ذات تک رسائی حاصل کرتا ہے۔ اس عہد کی طرف قرآن مجید کی اس آیت میں اشارہ ہے:

واذ اخذ ربك من بنی اٰدم من ظھورھم ذریتھم واشھدھم علی انفسھم الست بربکم قالوا بلی شھدنا ان تقولوا یوم القیامۃ انا کنا عن ھذا غفلین۔

(اعراف: ۱۷۲)

اور آپ یاد کیجئے جب آپ کے رب نے آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور انھیں خود ان پر گواہ بنایا (فرمایا) کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے کہا کیوں نہیں؟ ہم (تیرے رب ہونے پر) گواہی دیتے ہیں (یہ اس لیے) تاکہ تم قیامت کے دن یہ نہ کہو کہ ہم تو اس سے بے خبر تھے۔

اللہ تعالیٰ سے شرعی عہد وہ ہے جس کو شریعت واجب کرتی ہے۔ یعنی انسان جب کلمہ پڑھ کر اسلام میں داخل ہو جاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ سے یہ عہد کرتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرے گا اور اس کے سوا کسی کو حاکم نہیں مانے گا اور عبادات اور معاملات میں صرف اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعمیل کرے گا، قرآن اور سنت کے تمام احکام میں اسی عہد کی تفصیل ہے، اس عہد کو پورا کرنا فرض ہے یہ وہ عہد ہے جس کو پورا کرنا بندہ پر ابتداءً لازم ہوتا ہے اس میں بندے کے التزام کا دخل نہیں ہے اور اس پر حسب ذیل آیات دلالت کرتی ہیں:

ولقد کانوا عاھدوا اللہ من قبل لا یولون الادبار وکان عھد اللہ مسئولا۔

(الاحزاب: ۱۵)

اور بے شک اس سے پہلے وہ اللہ سے یہ عہد کر چکے تھے کہ (جنگ میں) پیٹھ پھیر کر نہیں بھاگیں گے، اور اللہ کے ساتھ کیا ہوا عہد (ضرور) پوچھا جائے گا۔

الذین یوفون بعھد اللہ ولا ینقضون المیثاق ـــــ اولئك لھم عقبی الدار۔ (رعد: ۲۰)

جو لوگ اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور پکے عہد کو نہیں توڑتے ـــــ انھی کے لیے آخرت کا اچھا گھر ہے۔

واوفوا بعھد اللہ اذا عاھدتم۔ (نحل: ۹۱)

اور جب تم اللہ سے عہد کرو تو اس عہد کو پورا کرو۔

لہ۔ (حاشیہ صفحہ سابقہ)۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۸۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

انسان کا اپنے نفس سے عہد

انسان اپنے نفس سے جو عہد کرتا ہے یعنی کسی ایسے کام کرنے کا التزام کر لیتا ہے جس کو شریعت نے اس پر لازم نہیں کیا اس کی چار قسمیں ہیں ایک قسم وہ ہے جو انسان عبادات کی نذر ماننا ہے مثلاً کہے کہ اگر میرا فلاں کام ہو گیا تو میں روزہ رکھوں گا اس نذر کو پورا کرنا واجب ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ولیوفوا نذورھم۔ (حج: ۲۹) اور اپنی نذروں کو پورا کرو۔

دوسری قسم وہ ہے جو انسان کسی مباح کام کو ترک کرنے کی قسم کھاتا ہے اس عہد کو پورا کرنا بھی واجب ہے (بعض علماء نے اس کو مستحب لکھا ہے) اگر قسم کھا کر توڑ دی تو اس کا کفارہ ادا کرنا لازم ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ولا تنقضوا الایمان بعد توکیدھا وقد جعلتم اللہ علیکم کفیلا۔ (نحل: ۹۱) اور قسموں کو پکا کرنے کے بعد نہ توڑو۔ جب کہ تم اللہ کو اپنے اوپر نگہبان بنا چکے ہو۔

تیسری قسم یہ ہے کہ کسی مستحب کام کو ترک کرنے کی قسم کھائے اس قسم اور اس عہد کو توڑنا مستحب ہے مثلاً یہ قسم کھائے کہ میں دوستوں کی دعوت نہیں کروں گا یا صدقہ اور خیرات نہیں کروں گا، اس کے متعلق یہ حدیث ہے:

امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حلف علی یمین فرای غیرھا خیرا منھا فلیات الذی ھو خیر ولیکفر عن یمینہ۔[1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی چیز کی قسم کھائے پھر اس کے خلاف کرنے کو بہتر پائے وہ اس بہتر کام کو کرے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے۔

اپنے نفس سے کیے ہوتے عہد کی چوتھی قسم یہ ہے کہ انسان کسی حرام کام کو کرنے کی قسم کھائے مثلاً یہ کہ "میں فلاں مسلمان شخص کو قتل کروں گا" اس قسم کا پورا کرنا حرام ہے اور اس عہد کو توڑنا فرض ہے۔

اپنے نفس سے کیے ہوئے عہد کی یہ چار قسمیں شرعی ہیں اسی طرح اس عہد کی یہ چار قسمیں عقلی بھی ہیں۔

ایک انسان کا دوسرے انسان سے عہد

عہد کی تیسری قسم بھی باعتبار التزام ہے یعنی ایک انسان کسی دوسرے انسان سے کام کے کرنے کا عہد کرے اس عہد کا پورا کرنا بھی لازم ہے بشرطیکہ وہ عہد کسی معصیت اور گناہ کا نہ ہو، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

الا الذین عاھدتم من المشرکین ثم لم ینقصوکم شیئا ولم یظاھروا علیکم احدا فاتموا الیھم عھدھم الی مدتھم ان اللہ یحب المتقین۔ (توبہ: ۴)

ماسوا ان مشرکوں کے جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا اور انھوں نے تمہارے ساتھ (عہد پورا کرنے میں) کچھ کمی نہیں کی اور تمہارے خلاف کسی کی پشت پناہی نہیں کی تو ان سے ان کا عہد ان کی مدت (معینہ) تک پورا کرو، بے شک اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کو پسند کرتا ہے۔

واوفوا بالعھد ان العھد کان مسئولا۔ (اسراء: ۳۴) اور عہد پورا کرو، بے شک عہد کے متعلق

والذین ہم لامٰنٰتہم و عہدہم راعون۔ (مؤمنون : ۸)

اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی رعایت کرنے والے ہیں۔

عہد کی اس تیسری قسم میں بھی چار قسموں (وجوب، استحباب، کراہت اور تحریم) کا اعتبار ہو سکتا ہے اگر کسی شخص نے مثلاً بیوی کو نان نفقہ دینے کا یا قرض خواہ کو اس کا قرض واپس کرنے کا عہد کیا تو اس عہد کا پورا کرنا فرض ہے اور اگر مہمان سے خاطر مدارات یا ملازم سے تنخواہ بڑھانے کا عہد کیا تو اس کا پورا کرنا مستحب ہے اور اگر کسی شخص سے اس کو رشوت دینے کا عہد کیا تو اس کا پورا کرنا مکروہ تحریمی ہے اور اگر کسی شخص کے ساتھ شراب پینے یا جواء کھیلنے کا عہد کیا تو اس کا پورا کرنا حرام ہے۔

عہد کی دوسری قسم (جو انسان اپنے نفس سے عہد کرے) اور تیسری قسم (جو انسان کسی دوسرے شخص سے عہد کرے) کی شرعاً بھی یہ چار قسمیں ہیں اور عقلاً بھی چار قسمیں ہیں۔ اس اعتبار سے عہد کی سولہ اقسام ہو گئیں۔

علامہ آلوسی کی بیان کردہ عہد کی اقسام پر بحث و نظر

علامہ آلوسی نے عہد کی مذکور الصدر قسموں یعنی وجوب، استحباب، کراہت اور تحریم کو عہد کی تینوں قسموں (اللہ سے عہد، اپنے نفس سے عہد اور دوسرے انسان سے عہد) میں ضرب دی اور ہر تینوں کی عقلی اور شرعی اعتبار سے کل چوبیس قسمیں کیں[1] علامہ آلوسی کی اس تقسیم پر یہ اعتراض ہوتا ہے۔

اللہ سے عہد کے علاوہ اپنے نفس اور دوسرے شخص سے کیے ہوئے عہد میں تو وجوب، استحباب، کراہت اور تحریم کی چار قسمیں ہو سکتی ہیں لیکن اللہ تعالیٰ سے کیے ہوئے عہد کو پورا کرنا ہر حال میں فرض ہے، اس میں استحباب، کراہت اور تحریم کا تصور نہیں ہے، کیونکہ ہم نے اللہ تعالیٰ سے جو اس کی عبادت اور اطاعت کا عہد کیا ہے، اس عہد کا پورا کرنا بہرحال فرض ہے اس کو مستحب نہیں کہہ سکتے اور اس کو مکروہ یا حرام کہنے کا تو کوئی مسلمان تصور بھی نہیں کر سکتا۔ ہم نے اللہ سے اس کی اطاعت کا جو عہد کیا ہے اس کی تفصیل یہ ہے کہ ہم فرائض اور واجبات کو ضرور کریں گے اور محرمات اور مکروہات تحریمیہ سے ضرور اجتناب کریں گے اور مستحبات کو اچھا سمجھتے ہوئے کریں گے اور مکروہات کو برا سمجھتے ہوئے ترک کریں گے، اور ان کا فعل اور ترک فرض کے فعل اور حرام کے ترک کی طرح مؤکد نہیں ہے۔

اگر یہ کہا جائے کہ اللہ سے کیا ہوا عہد بھی مکروہ یا حرام ہو سکتا ہے مثلاً کوئی شخص یہ التزام کرے کہ وہ اللہ کے لیے حرام کام کرے گا تو اس عہد کا پورا کرنا حرام ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ قسم ثانی ہے یعنی بندے کا اپنے نفس سے عہد کرنا اور کسی کام کے کرنے کا التزام کرنا۔ اللہ سے کیا ہوا عہد وہ ہے جس کی تفصیل قرآن اور سنت میں ہے، علامہ آلوسی نے بھی اللہ سے کیے ہوئے عہد کی یہی تفسیر کی ہے کہ یہ وہ عہد ہے جس کو شریعت نے واجب کیا ہے اور جس کی تفصیل قرآن اور حدیث میں موجود ہے، یعنی تمام احکام شرعیہ کا التزام کرنا، اور قرآن اور حدیث میں اللہ کے کسی ایسے عہد کا بیان نہیں ہے جس کا پورا کرنا مکروہ یا حرام ہو۔

---

[1] علامہ سید محمود آلوسی بغدادی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۲ ص ۹۴، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

علامہ آلوسی کی طرف سے اس اعتراض کے جواب میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اللہ سے کیا ہوا عہد بھی بہ اعتبار التزام مکروہ یا حرام ہو سکتا ہے مثلاً کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے یہ عہد کرے کہ وہ اس کے لیے مکروہ یا حرام کام کرے گا تو اس عہد کا پورا کرنا مکروہ یا حرام ہے اور بندہ اپنے نفس سے جو عہد کرتا ہے اس میں وہ اپنے نفس سے یہ عہد کرتا ہے کہ وہ فلاں مکروہ یا حرام کام کرے گا اس اعتبار سے ان دونوں قسموں میں اعتباری فرق ہوگا، اس لحاظ سے عہد اللہ کی تفسیر یہ ہوگی کہ بندہ اللہ سے عہد کرے کہ وہ فرائض ادا کرے گا تو اس کا پورا کرنا فرض ہے اور یہ عہد کرے کہ وہ مستحبات ادا کرے گا تو اس کا پورا کرنا مستحب ہے اور مکروہ یا حرام کا عہد کرے تو اس کا پورا کرنا مکروہ یا حرام ہوگا۔ خلاصہ یہ ہے کہ بہ اعتبار التزام کے عہد اللہ کی چار قسمیں ہیں وجوب، استحباب کراہت اور تحریم اور یہ عقلی بھی ہیں اور شرعی بھی اس طرح آٹھ قسمیں ہوگئیں اور اسی طرح اپنے نفس سے عہد کی آٹھ قسمیں ہیں اور اسی طرح دوسرے سے عہد کی بھی آٹھ قسمیں ہیں تو کل چوبیس قسمیں ہوگئیں اور اللہ کا جو عہد ابتداءً لازم ہے وہ اتباع شریعت ہے اس کا پورا کرنا فرض ہے، قرآن اور حدیث سے یہی عہد ظاہر ہے۔

بَابُ ۵۸ جَوَازِ الْخِدَاعِ فِي الْحَرْبِ

جنگ میں دشمن کو دھوکہ دینے کا جواز

۴۴۲۴ - وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لِعَلِيٍّ وَزُهَيْرٍ قَالَ عَلِيٌّ أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعَ عَمْرٌو جَابِرًا يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَرْبُ خُدْعَةٌ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنگ دھوکا ہے۔

۴۴۲۵ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَرْبُ خُدْعَةٌ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنگ دھوکا ہے۔

حالت جنگ میں دشمن کو دھوکا دینے اور جھوٹ بولنے کا جواز

علامہ یحییٰ بن شرف نووی لکھتے ہیں: فقہاء کا اس پر اتفاق ہے کہ جنگ میں جس طرح بھی کفار کو دھوکا دینا ممکن ہو ان کو دھوکا دینا جائز ہے البتہ اس طرح دھوکا دینا جائز نہیں ہے جس میں ان سے کیا ہوا عہد توڑنا یا ان کو دی ہوئی امان کے خلاف کرنا لازم آئے۔ اور حدیث صحیح میں ہے کہ تین مواقع پر جھوٹ بولنا جائز ہے، ان مواقع میں سے ایک جنگ کا موقع ہے، علامہ طبری نے کہا ہے کہ جنگ میں حقیقۃً جھوٹ بولنا جائز نہیں ہے، جنگ میں دھوکا دینے کے لیے توریہ اور تعریض [illegible] مقصد توریہ اور تعریض کا مطلب یہ ہے کہ ایک

لفظ کے دو معنی ہوں ایک قریب اور ایک بعید، متکلم معنی بعید مراد لے اور مخاطب کو معنی قریب کے وہم میں مبتلا کرے) علامہ طبری کا یہ کہنا صحیح نہیں ہے، ظاہر یہ ہے کہ جنگ میں حقیقۃً جھوٹ بولنا بھی جائز ہے لیکن توریہ اور تعریض پر اقتصار کرنا زیادہ افضل ہے۔ [1]

علامہ بدرالدین عینی حنفی لکھتے ہیں: جنگ میں حیلوں اور چالوں سے بکثرت کام لیا جاتا ہے گویا جنگ بعینہٖ حیلہ اور چال ہے اس لیے آپ نے فرمایا: الحرب خدعة "جنگ دھوکا ہے" جیسا کہ آپ نے فرمایا: الحج عرفة "حج عرفہ ہے" خدع کا معنی ہے "باطن کے خلاف کسی چیز کو ظاہر کرنا" [2]

کذب بالاجماع حرام ہے، البتہ جنگ میں اللہ اور اس کے رسول نے کذب کی اجازت دی ہے اور بعض صحابہ نے منافقین سے جنگ میں اس رخصت سے فائدہ اٹھایا ہے، امام بخاری روایت کرتے ہیں: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کعب بن اشرف کو کون قتل کرے گا؟ کیونکہ اس شخص نے اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچائی ہے، حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں اس کو قتل کر دوں؟ آپ نے فرمایا ہاں، پھر حضرت محمد بن مسلمہ، کعب بن اشرف کے پاس آئے اور کہا اس شخص (یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم) نے ہم کو بہت تھکا دیا ہے اور ہم سے صدقہ کا سوال کیا ہے کعب نے کہا ابھی تو بہ خدا تم کو اور تھکائیں گے، حضرت محمد بن مسلمہ نے کہا ہم نے ان کی اتباع کی ہے اور اب ان کے چھوڑنے کو ناپسند کرتے ہیں تاوقتیکہ ہم یہ دیکھ لیں کہ ان کا انجام کار کیا ہوتا ہے، پھر حضرت محمد بن مسلمہ اس سے مسلسل باتیں کرتے رہے حتیٰ کہ اس پر قابو پا کر اس کو قتل کر دیا۔ [3]

کن کن صورتوں میں جھوٹ بولنے کی اجازت ہے؟

جیسا ہم نے پہلے ذکر کیا ہے کہ کذب حرام ہے لیکن حلال اور حرام کرنے کے احکام شارع کے اختیار میں ہیں، اللہ تعالیٰ جس چیز کو چاہے حلال کر دے اور جس چیز کو چاہے حرام کر دے، اللہ اور اس کے رسول نے کذب کو حرام قرار دیا ہے لیکن بعض مواقع پر اللہ اور اس کے رسول نے کذب کی اجازت دی ہے۔ امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن اسماء بنت يزيد قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحل الكذب الا في ثلاث يحدث الرجل امرأته يرضيها والكذب في الحرب والكذب ليصلح بين الناس۔ [4]

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین صورتوں کے سوا جھوٹ بولنا جائز نہیں ہے۔ (۱) ایک شخص اپنی بیوی کو راضی کرنے کے لیے جھوٹ بولے (۲) جنگ میں جھوٹ بولنا (۳) لوگوں میں صلح کرانے کے لیے جھوٹ بولنا۔

۱۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۸۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

۲۔ علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۴ ص ۲۷۵، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

۳۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۲۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

۴۔ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۲۸۷، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

جان، مال اور عزت بچانے کے لیے جھوٹ بولنے کی اجازت

علامہ شامی احیاء العلوم کے حوالے سے لکھتے ہیں: ہر وہ نیک مقصد جس کو صدق اور کذب دونوں سے حاصل کیا جا سکتا ہو اس میں جھوٹ بولنا حرام ہے اور اگر کسی نیک مقصد کو صرف جھوٹ بولنے سے حاصل کیا جا سکتا ہو اور وہ مقصد مباح ہو تو اس کے لیے جھوٹ بولنا مباح ہے اور اگر کسی نیک مقصد کو صرف جھوٹ بولنے سے حاصل کیا جا سکتا ہو اور وہ مقصد واجب ہو تو اس کے لیے جھوٹ بولنا واجب ہے مثلاً کسی شخص نے دیکھا کہ ایک ظالم کسی بے گناہ مسلمان کو قتل کر رہا ہے یا ایذاء پہنچا رہا ہے اور وہ جھوٹ بول کر اس کو بچا سکتا ہے تو اس صورت میں جھوٹ بولنا واجب ہے، اسی طرح اگر ظالم اس سے کسی مسلمان کی امانت چھیننا چاہتا ہے تو اس کے لیے جھوٹ بولنا واجب ہے، اسی طرح لڑائی میں صلح کرانے کے لیے اور کسی مظلوم کی دلجوئی کے لیے جھوٹ بولنا جائز ہے۔ اسی طرح اگر کسی شخص نے چھپ کر زنا کیا یا شراب پی یا حاکم اس کے متعلق سوال کرے تو اس کے لیے یہ کہنا جائز ہے کہ یہ کام میں نے نہیں کیا، کیونکہ یہ کام ہر چند کہ بے حیائی ہے لیکن اس کا اظہار کرنا ایک اور بے حیائی ہے، اسی طرح اس کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ اپنے کسی مسلمان بھائی کا راز بتانے سے انکار کرے، اور یہ دیکھنا چاہیے کہ جھوٹ بولنے پر جو خرابی مترتب ہو رہی ہے آیا وہ سچ پر مترتب ہونے والی خرابی سے زیادہ ہے یا نہیں اگر جھوٹ بولنے سے زیادہ خرابی مترتب ہو تو جھوٹ نہ بولے ورنہ جھوٹ بول سکتا ہے۔ اگر جھوٹ بولنے سے انسان کا اپنا حق ضائع ہوتا ہے تو عزیمت یہ ہے کہ جھوٹ نہ بولے اور اگر دوسرے مسلمان کا حق ضائع ہوتا ہے تو پھر اس پر واجب ہے کہ وہ جھوٹ بولے اور دوسرے مسلمان کے حق کی حفاظت کرے ۔[1] خلاصہ یہ ہے کہ مسلمان کا اپنی جان، مال اور عزت بچانے کے لیے جھوٹ بولنا جائز ہے اور دوسرے مسلمان کی جان، مال اور عزت بچانے کے لیے جھوٹ بولنا واجب ہے۔

شعر اور مبالغہ میں جھوٹ کا جواز

کسی بات میں مبالغہ کرنا جھوٹ نہیں ہے جیسا کہ کوئی شخص کہے میں تمہارے پاس ہزار بار گیا ہوں، یعنی بار بار گیا ہوں، مبالغہ کے جواز پر اس حدیث صحیح میں دلیل ہے اما ابو جهم فلا يضع عصاه عن عاتقه (صحیح مسلم ج ۱ ص ۴۸۳، مطبوعہ اصح المطابع کراچی) "لیکن ابوجہم تو اپنے کندھے سے لاٹھی اتارتا ہی نہیں"، یعنی وہ بیوی کو بہت مارتا ہے اسی طرح شعر میں بھی جھوٹ جائز ہے جبکہ اس کو مبالغہ پر محمول کیا جا سکے، جیسا کہ یہ شعر ہے:

انا ادعوك ليلا ونهارا　　ولا اخلي مجلسا عن شكرك

میں دن رات تمہارے لیے دعا کرتا ہوں، اور ہر مجلس میں تمہارا شکر ادا کرتا ہوں۔

علامہ رافعی اور علامہ نووی نے ان دونوں صورتوں کو جائز لکھا ہے۔[2]

ہر چند کہ علامہ شامی نے علامہ رافعی اور علامہ نووی کے حوالے سے شعر میں بغیر مبالغہ کے بھی جھوٹ بولنا جائز لکھا ہے لیکن ہمارے نزدیک اگر مبالغہ نہ ہو تو پھر شعر میں جھوٹ بولنا جائز نہیں ہے۔ کیونکہ مبالغہ کے لیے تو حضرت ابوجہم کی

---

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۵ ص ۲۷۴، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

[2] " " " " " "

حدیث اصل ہے اور شعر میں جھوٹ کے جواز پر کوئی دلیل نہیں ہے۔

تعریض اور توریہ میں جھوٹ بولنے کا جواز

جمہور فقہاء اسلام نے تعریض اور توریہ کے طور پر جھوٹ بولنا جائز لکھا ہے بلکہ بعض فقہاء نے یہ لکھا ہے کہ تعریض اور توریہ میں اس قدر وسعت ہے کہ اگر تعریض اور توریہ سے کام لیا جائے تو پھر حقیقۃً جھوٹ بولنے کی کبھی ضرورت نہیں ہو گی، اس پر دلائل دینے سے پہلے ہم چاہتے ہیں کہ تعریض اور توریہ کی تعریفات ذکر کر دیں تاکہ عام قارئین اس بحث سے مستفید ہو سکیں۔

تعریض کا لغوی معنی ہے "دوسرے پر ڈھال کر بات کرنا۔ (المنجد)

علامہ ابن منظور افریقی لکھتے ہیں: تعریض تصریح نہ کرنے کو کہتے ہیں اور معاریض کا معنی ایک چیز کا دوسری چیز سے توریہ (کنایہ) کرنا ہے، حضرت عمران بن حصین بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معاریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا معاریض مسلمان کو جھوٹ سے مستغنی کر دیتی ہیں۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا مجھے معاریض سرخ اونٹوں سے زیادہ پسند ہیں۔ اگر کسی عورت کو اس کی عدت میں نکاح کا پیغام دینا ہو تو اس کی تصریح نہ کرے اور تعریضاً کہے "تم بہت خوبصورت ہو" یا کہے "مجھے نکاح کی ضرورت ہے" حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے فرمایا! ان وسادك لعريض "تمہارا تکیہ بہت چوڑا ہے" اور تکیہ سے ان کی نیند کا ارادہ کیا یعنی تم بہت سوتے ہو، حدیث میں ہے:

من عرض عرضنا له ومن مشى على الكلا القيناه فى النهر۔

جو شخص تعریض کرے گا تو ہم بھی اس کے ساتھ تعریض کریں گے اور جو شخص دریا کے کنارے چلے گا ہم اس کو دریا میں ڈال دیں گے۔

اس کی تفسیر یہ ہے کہ جو شخص کسی مسلمان پر تعریضاً تہمت لگائے گا تو ہم اس کو تعریضاً سزا دیں گے یعنی ایسی سزا دیں گے جو حد سے کم ہو گی اور جو شخص کسی پر صراحۃً تہمت لگائے گا اور تہمت کی کشتی پر سوار ہو کر دریا میں چلے گا ہم اس پر حد جاری کریں گے اور اس کو "حد" کے دریا میں ڈبو دیں گے۔ [1]

علامہ تفتازانی تعریض کی تعریف میں لکھتے ہیں: کلام کو ایک ایسی جانب کی طرف پھیرنا جو مقصود پر دلالت کرے تعریض ہے، یعنی جب اشارہ ایک جانب کیا جائے اور مراد دوسری جانب ہو تو یہ تعریض ہے۔ [2]

خلاصہ یہ ہے کہ جب کلام میں صراحۃً ایک شخص کی طرف کسی فعل کا اسناد ہو اور اشارہ اور مراد کوئی دوسرا شخص ہو تو یہ تعریض ہے مثلاً کوئی بڑا افسر دیر سے دفتر میں آتا ہو جس سے لوگوں کے کاموں میں دشواری آتی ہو اور اس کو صراحۃً تنبیہ کرنا اس کے وقار اور مرتبہ کے خلاف ہو تو کوئی شخص اس سے کہے کہ دفتر کا سٹاف یا کلرک وغیرہ دیر سے دفتر آتے ہیں اور اس سے بڑا حرج ہوتا ہے۔

[1] علامہ جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور افریقی متوفی ۷۱۱ ھ، لسان العرب ج ۷، ص ۱۸۴-۱۸۳، مطبوعہ نشر ادب الحوزۃ قم ایران، ۱۴۰۵ ھ

[2] علامہ سعد الدین تفتازانی متوفی ۷۹۲ ھ، مختصر المعانی ص ۴۴۱-۴۴۰، مطبوعہ میر محمد کتب خانہ، کراچی

توریہ کا معنی چھپانا اور کنایہ کرنا ہے۔ علامہ زبیدی لکھتے ہیں: "ورّى الخبر تورية" کا معنی ہے اصل خبر کو چھپا کر کچھ اور ظاہر کیا، حدیث میں ہے کہ کان اذا اراد السفر ورّى بغيره یعنی جب آپ سفر کا ارادہ کرتے تو سفر کو چھپا کر یہ وہم ڈالتے کہ آپ کسی اور چیز کا ارادہ کر رہے ہیں۔ [1]

علامہ تفتازانی توریہ کی تعریف میں لکھتے ہیں توریہ کو ابہام بھی کہتے ہیں اور اس کی تعریف یہ ہے کہ ایک لفظ کے دو معنی ہوں قریب اور بعید اور بولنے والا کسی خفی قرینہ کی بناء پر اس لفظ کا بعید معنی مراد لے اور مخاطب اس سے قریب سمجھے۔ [2]

قرآن مجید اور احادیث میں توریہ اور تعریض کی مثالیں بھی ہیں: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فقال انی سقيم۔ حضرت ابراہیم نے کہا میں بیمار ہوں۔

(صفت: ۸۹)

سقیم کا قریب معنی ہے جسمانی بیمار اور بعید معنی ہے روحانی بیمار، حضرت ابراہیم جسمانی بیمار نہ تھے انہوں نے اس لفظ سے توریہ کر کے روحانی بیماری مراد لی، یعنی قوم کی بت پرستی کی وجہ سے ان کی روح بیمار تھی یا مستقبل میں بیمار ہونا مراد لیا۔

قالوا ءانت فعلت هذا بالهتنا يا ابراهيم قال بل فعله كبيرهم هذا فسئلوهم ان كانوا ينطقون۔

انہوں نے کہا اے ابراہیم کیا آپ نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ کام کیا ہے؟ ابراہیم نے کہا بلکہ ان کے اس بڑے (بت) نے یہ کام کیا ہے، اگر یہ بولتے ہیں تو تم ان سے پوچھ لو۔

(الانبیاء: ۶۳-۶۲)

اس آیت میں کبیرھم ھذا کا قریب معنی ہے "اس بڑے بت نے" اور اس کا بعید معنی ہے قوم کے اس بڑے شخص نے، لوگوں نے یہی سمجھا کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ اس بڑے بت نے باقی بتوں کو توڑا ہے حالانکہ آپ کی مراد یہ تھی کہ قوم کے اس بڑے شخص یعنی خود حضرت ابراہیم نے ان بتوں کو توڑا ہے اور آپ نے اس بڑے بت کی طرف اسناد کا ابہام اس لیے کیا ہے کہ ان کی قوم خود دیکھے کہ یہ بت تو ہل جل بھی نہیں سکتے بتوں کو کس طرح توڑ سکتے ہیں اور ان کے خلاف حجت قائم ہو جائے۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی هريرة قال بينا هو ذات يوم وسارة اذ اتى على جبار من الجبابرة فقيل له ان هٰهنا رجلا معه امرأة من احسن الناس فارسل اليه فساله عنها قال من هذه قال اختی الحديث۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک دن حضرت ابراہیم اور حضرت سارہ ایک ظالم بادشاہ کے ملک میں گئے۔ اس بادشاہ کو بتایا گیا کہ اس ملک میں ایک شخص آیا ہے اس کے ساتھ ایک عورت ہے جو تمام لوگوں سے زیادہ خوبصورت ہے، بادشاہ نے حضرت ابراہیم کو

[1] علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس ج ۱۰ ص ۳۸۹، مطبوعہ المطبعۃ الخیریۃ، مصر ۱۳۰۶ھ

[2] علامہ سعد الدین تفتازانی متوفی [illegible] مطبوعہ میر محمد، کتب خانہ کراچی

بلایا اور پوچھا کہ یہ عورت کون ہے؟ حضرت ابراہیم نے کہا یہ میری بہن ہے۔[1]

اُخت کے دو معنی ہیں قریب معنی ہے نسبی بہن اور بعید معنی ہے دینی بہن، بادشاہ نے اس لفظ سے نسبی بہن سمجھا اور حضرت ابراہیم نے دینی بہن کا ارادہ کیا اور یہی توریہ ہے۔

نیز امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن انس بن مالك جاء رجل الى النبی صلی اللہ علیہ وسلم يستحمله فقال انا حاملك على ولد ناقة قال: يارسول الله! وما اصنع بولد ناقة؟ فقال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم وهل تلد الابل الا النوق۔[2]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر ایک شخص نے سواری طلب کی آپ نے فرمایا میں تم کو اونٹ کے بچہ پر سوار کروں گا، اس شخص نے کہا یا رسول اللہ میں اونٹ کے بچے کا کیا کروں گا، آپ نے فرمایا، جو اونٹ پیدا ہوتا ہے وہ اونٹ کا بچہ ہی ہوتا ہے۔

اس حدیث کو امام ابو داؤد[3] اور امام ترمذی نے بھی روایت کیا ہے۔[4]

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن انس مات ابن لابی طلحة فقال كيف الغلام قالت ام سليم هدأ نفسه وارجو ان اكون قد استراح وظن انها صادقة۔[5]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کا بیٹا فوت ہو گیا، انھوں نے (بیوی سے) کہا لڑکے کی طبیعت کیسی ہے؟ حضرت ام سلیم نے کہا وہ پُر سکون ہے اور مجھے امید ہے کہ اس کو آرام مل گیا ہے! اور حضرت ابو طلحہ نے ان کی بات کو سچ سمجھا۔

حضرت ام سلیم نے جو کہا کہ "بیٹا پُر سکون ہے اور مجھے امید ہے کہ اس کو راحت مل گئی ہے" اس کا قریب معنی یہ تھا کہ اس کو بیماری سے شفا مل گئی ہے اور بعید معنی یہ تھا کہ وہ فوت ہو گیا اور اس کو ابدی راحت مل گئی، حضرت ام سلیم نے اسی معنی کا ارادہ کیا تھا کیونکہ حضرت ابو طلحہ اسی وقت سفر سے آئے تھے اور وہ ان کو آتے ہی کوئی تکلیف دہ بات سنانا نہیں چاہتی تھیں۔

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۷۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ ھ

[2] " " ، الادب المفرد ص ۷۷، مطبوعہ مکتبہ اثریہ سانگلہ ہل

[3] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ ھ، سنن ابو داؤد ج ۲ ص ۳۲۶، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ ھ

[4] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ ھ، جامع ترمذی ص ۲۹۲، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[5] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۱۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ ھ

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ قال قالوا یا رسول اللہ انک تداعبنا قال ان لا اقول الا حقا۔[1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ آپ ہم سے خوش طبعی کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا میں حق کے سوا اور کچھ نہیں کہتا۔

اس حدیث کو امام بخاری نے بھی روایت کیا ہے۔[2]

توریہ کے سلسلے میں فقہاء کی رائے

علامہ شامی لکھتے ہیں غرض صحیح کے لیے توریہ اور تعریض جائز ہے مثلاً مزاح میں، جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جنت میں کوئی بڑھیا نہیں جائے گی" (یعنی بڑھیا بحیثیت بڑھیا نہیں جائے گی بلکہ جوان ہو کر جائے گی) نیز فرمایا "تیرے شوہر کی آنکھ میں سفیدی ہے" نیز فرمایا "ہم تم کو اونٹ کے بچہ پر سوار کریں گے" (کیونکہ ہر اونٹ کسی اونٹ کا بچہ ہوتا ہے)[3]

خلاصۂ بحث

قرآن مجید کی آیات، احادیث، آثار صحابہ اور فقہاء کی تصریحات سے یہ واضح ہو گیا کہ جس جگہ کسی مصلحت سے جھوٹ بولنا پڑے تو صراحۃً جھوٹ بولنے کے بجائے توریہ اور تعریض سے کام لینا چاہیے تاہم بعض مواقع پر صراحۃً جھوٹ بولنے کی بھی گنجائش ہے جیسا کہ ہم نے امام غزالی اور علامہ شامی کے حوالہ سے ذکر کیا ہے کہ مسلمان کے لیے اپنی جان، مال اور عزت بچانے کے لیے جھوٹ بولنا جائز ہے لیکن یہ رخصت ہے اور عزیمت اس کے برعکس ہے اور دوسرے مسلمان کی جان، مال اور عزت بچانے کے لیے جھوٹ بولنا واجب ہے اور ان مواقع پر بھی توریہ مستحسن ہے۔

فقہاء کرام نے اپنی جان اور دوسرے مسلمان کی جان بچانے کے سلسلے میں جو جواز اور وجوب کا فرق کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان اپنے معاملہ میں تو رخصت کو چھوڑ کر عزیمت پر عمل کر سکتا ہے لیکن دوسرے شخص کے معاملہ میں اس کو یہ اختیار نہیں ہے۔

بَابُ ۵۸۲ كَرَاهَةِ تَمَنِّيْ لِقَاءِ الْعَدُوِّ وَ الْاَمْرِ بِالصَّبْرِ عِنْدَ اللِّقَاءِ

دشمن سے مقابلہ کی تمنا کرنے کی ممانعت اور مقابلہ کے وقت ثابت قدمی کا حکم

۴۴۲۶ - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دشمن سے مقابلہ کی

[1] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۲۹۳-۲۹۲، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[2] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، الادب المفرد ص ۷۷، مطبوعہ مکتبہ اثریہ سانگلہ ہل
[3] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی [illegible] مطبوعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ

الْعَقَدِيُّ عَنِ الْمُغِيرَةِ وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِزَامِيُّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ فَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ فَاصْبِرُوا۔

تمنا مت کرو اور جب ان سے مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو۔

۴۴۲۷ - وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ أَبِي النَّضْرِ عَنْ كِتَابِ رَجُلٍ مِنْ أَسْلَمَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي أَوْفَى فَكَتَبَ إِلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ حِينَ سَارَ إِلَى الْحَرُورِيَّةِ يُخْبِرُهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي بَعْضِ أَيَّامِهِ الَّتِي لَقِيَ فِيهَا الْعَدُوَّ يَنْتَظِرُ حَتَّى إِذَا مَالَتِ الشَّمْسُ قَامَ فِيهِمْ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ لَا تَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ وَاسْأَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ فَاصْبِرُوا وَاعْلَمُوا أَنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوفِ ثُمَّ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ وَمُجْرِيَ السَّحَابِ وَهَازِمَ الْأَحْزَابِ اهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ۔

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب عمر بن عبید اللہ مقام حروریہ ہیں گئے تو انہوں نے عمرو کو خط لکھ کر یہ حدیث بیان کی کہ جن دنوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمنوں سے مقابلہ ہوا تو آپ نے انتظار کیا حتیٰ کہ سورج ڈھل گیا، پھر آپ نے ان اصحاب میں کھڑے ہو کر فرمایا اے لوگو! دشمن سے مقابلہ کی تمنا مت کرو اور اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کرو، اور جب تمہارا دشمن سے مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو، اور یاد رکھو جنت تلواروں کے سائے میں ہے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر دعا کی: اے اللہ! اے کتاب کے نازل فرمانے والے، اے بادلوں کو چلانے والے، اے لشکروں کو شکست دینے والے! ان کو شکست دے اور ہم کو ان پر غالب کر دے۔

دشمن سے مقابلہ کی تمنا کرنے کی ممانعت کی حکمت

حدیث نمبر ۴۴۲۶ میں ہے، دشمن سے مقابلہ کی تمنا مت کرو، علامہ یحییٰ بن شرف نووی لکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دشمن سے مقابلہ کرنے کی تمنا کرنے سے اس لیے منع فرمایا ہے کہ اس تمنا میں اپنے نفس پر اعتماد، اپنی طاقت پر بھروسہ اور صورۃً تکبر ہے اور یہ بھی بغاوت کی ایک فرع ہے اور اللہ تعالیٰ نے باغیوں کے خلاف نصرت کی ضمانت دی ہے، اور جو شخص یہ تمنا کرے گا وہ دشمن کو حقیر سمجھے گا اور اس سے جنگ کی زیادہ تیاری نہیں کرے گا، اور یہ حزم اور احتیاط کے خلاف ہے۔ بعض علماء نے اس حدیث کو ایک خاص صورت پر محمول کیا ہے یعنی دشمن سے مقابلہ کرنے کی تمنا اس وقت ممنوع ہے جب دشمن سے مقابلہ میں ضرر کا خطرہ ہو اور اس

سے جنگ کرنا مصلحت کے خلاف ہو، ورنہ کافروں سے جنگ کرنا ہر صورت میں فضیلت کا باعث اور عبادت ہے لیکن صحیح پہلی تشریح ہے، یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کے بعد فرمایا: اور اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کرو اور بکثرت احادیث میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عافیت کی دعا کرنے کا حکم دیا ہے، عافیت کی دعا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اپنے بدن، روح، ظاہری اور باطنی حالات، دین، دنیا اور آخرت میں عافیت کی دعا کرے اور یوں دعا کرے کہ اے اللہ! مجھے، میرے دوستوں کو اور تمام مسلمانوں کو دین اور دنیا کے تمام امور میں عافیت عطا فرما! ـ له

آداب جہاد

اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد میں ثابت قدم رہنے کا حکم دیا ہے، اور جہاد میں ثابت قدم رہنا جہاد کے اہم ارکان میں سے ایک رکن ہے، اللہ تعالیٰ آداب جہاد بیان کرتا ہوا فرماتا ہے:

یا یھا الذین اٰمنوا اذا لقیتم فئۃ فاثبتوا واذکروا اللہ کثیرًا لعلکم تفلحون ۝ واطیعوا اللہ ورسولہ ولا تنازعوا فتفشلوا وتذھب ریحکم واصبروا ان اللہ مع الصابرین ۝ ولا تکونوا کالذین خرجوا من دیارھم بطرا ورئاء الناس ویصدون عن سبیل اللہ واللہ بما یعملون محیط۔ (انفال: ۴۷ - ۴۵)

اے ایمان والو! جب تمہارا دشمن کی فوج سے مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو، تاکہ تم کامیاب ہو، اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو، اور آپس میں جھگڑا نہ کرو، ورنہ تم بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کو اپنے (کارنامے) دکھاتے ہوئے نکلے اور وہ اللہ کے راستے سے روکتے تھے اور اللہ ان کے سب کاموں کو اپنے علم کے ساتھ محیط ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے جہاد میں ثابت قدم رہنے، اللہ کا ذکر کرنے، اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرنے کا حکم دیا ہے اور اختلاف کرنے، بزدلی کرنے، اترانے، ریا کرنے اور اللہ کے راستے سے روکنے سے منع کیا ہے۔ دشمن سے مقابلہ میں ثابت قدم رہنے کا مطلب یہ ہے کہ جہاد کی مشقتوں اور صعوبتوں کو خوش دلی سے برداشت کیا جائے۔

اللہ کا بکثرت ذکر کرنے کے دو مطلب ہیں، ایک یہ کہ دل سے اللہ کو یاد کریں اور زبان سے اللہ کا ذکر کریں، حضرت ابن عباس نے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے اولیاء کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ شدید سے شدید مصائب میں بھی اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے رہیں تاکہ لوگوں کو یہ معلوم ہو کہ مسلمان کے دل اور زبان کو کسی وقت بھی یاد الٰہی سے غافل نہیں رہنا چاہیے اور اگر کوئی شخص مشرق سے مغرب تک سخاوت کرتا ہوا چلا جائے اور کوئی شخص مغرب سے مشرق تک تلوار سے جہاد کرتا ہوا پہنچ جائے تب بھی اللہ کے ذکر میں مشغول رہنے والا مسلمان ان سے بڑھ کر ہوگا۔ بکثرت ذکر کرنے کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے مدد اور فتح کی دعا بکثرت کی جائے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی

له ـ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۸۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

مدد کے بغیر فتح اور نصرت حاصل نہیں ہو سکتی، اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لعلکم تفلحون "تاکہ تم کو کامیابی حاصل ہو" کیونکہ کفار سے جنگ اگر اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے اور اس کی رضاجوئی کے لیے ہے تو یہی عبودیت کا سب سے عظیم مقام ہے، اگر اس جنگ میں مسلمان دشمن پر غالب آگئے تو دنیا میں مال غنیمت اور آخرت میں ثواب حاصل ہوگا اور اگر مغلوب ہو گئے تو شہادت حاصل ہوگی، اور اگر یہ جنگ شہرت اور نام آوری کے لیے اور طلب غنیمت کے لیے ہو تو پھر یہ کامیابی اور فلاح کا ذریعہ نہیں ہوگی۔

اس آیت میں اترانے سے منع کیا ہے، اس کی تحقیق یہ ہے کہ جب کسی انسان کو اللہ تعالیٰ کی زیادہ نعمتیں حاصل ہوں تو اگر وہ انسان ان نعمتوں کو ان کے محل اور مصرف میں خرچ کرے اور یہ سمجھے کہ اس پر یہ نعمتیں محض اللہ کا فضل اور انعام ہیں تو یہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اور اگر ان نعمتوں سے اپنے معاصرین اور احباب پر فخر کرے تو یہ بطر یعنی اترانا ہے۔

اس آیت میں ریاکاری سے بھی منع کیا ہے ریاکاری کا معنی ہے خوبیوں کا اظہار کرنا حالانکہ بباطن برائی ہو اور نفاق کا معنی اظہار ایمان اور بباطن کفر، اور ریا میں اطاعت کا اظہار اور باطن میں معصیت ہے۔

قرآن مجید کی از اول تا آخر دعوت کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان خلائق وغیرہ سے منقطع ہو کر قرب الٰہی کے لیے کوشش کرے، راہ حق کی صعوبتوں کو خوش دلی سے برداشت کرے، اللہ تعالیٰ کو ہر وقت یاد رکھے، اس کی نعمتوں پر اس کا شکر ادا کرے اور اخلاص کے ساتھ اس کی عبادت کرے اس آیت میں بھی یہی پیغام دیا گیا ہے کہ جہاد کی سختیوں میں اللہ سے دعا کرے اور فتح و کامرانی کے وقت اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے، جہاد کی تکالیف کو دیکھ کر جنگ سے منہ نہ موڑے پامردی استقلال اور ثابت قدمی کے ساتھ دشمن سے مقابلہ جاری رکھے اور آخری فتح کے لیے جدوجہد کرتا رہے۔

بَابُ ۵۸۳ اِسْتِحْبَابِ الدُّعَاءِ بِالنَّصْرِ عِنْدَ لِقَاءِ الْعَدُوِّ

دشمن سے مقابلہ کے وقت فتح کی دعا کرنے کا استحباب

۴۴۲۸ - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اَوْفٰى قَالَ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْاَحْزَابِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ سَرِيعَ الْحِسَابِ اهْزِمِ الْاَحْزَابَ اللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ۔

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احزاب (کفار کے گروہوں) کے خلاف دعائے ضرر کی "اے اللہ! اے کتاب کے نازل کرنے والے، اے بسرعت حساب لینے والے! احزاب کو شکست دے، اے اللہ! ان کو شکست دے اور ان کو متزلزل کر۔"

۴۴۲۹ - وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ اَبِي اَوْفٰى يَقُولُ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ نے (احزاب کے خلاف) دعائے ضرر کی یہ حدیث مثل سابق ہے البتہ اس میں "اے احزاب کو شکست دینے والے" ہے اور اللّٰھم نہیں ہے۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيْثِ خَالِدٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ هَازِمَ الْأَحْزَابِ وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَهُ اللّٰهُمَّ

۴۴۳۰ - وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيْعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ فِي رِوَايَتِهِ مُجْرِيَ السَّحَابِ.

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی اس میں "بادلوں کے چلانے والے" کا اضافہ ہے۔

۴۴۳۱ - وَحَدَّثَنِيْ حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ يَوْمَ أُحُدٍ اللّٰهُمَّ إِنَّكَ إِنْ تَشَأْ لَا تُعْبَدْ فِي الْأَرْضِ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنگ احد کے دن فرما رہے تھے "اے اللہ! اگر تو چاہے تو زمین میں تیری عبادت نہیں کی جائے گی"۔

مسجع کلام کے ساتھ دعا کی وضاحت

اس باب کی احادیث میں مشرکین کے خلاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء ضرر کا بیان ہے، آپ نے دعا فرمائی اے اللہ کفار کی فوجوں کو شکست دے اور ان کو متزلزل کر دے یعنی ان کو سکون اور قرار نہ ہو اور جم کر نہ لڑ سکیں، علامہ داؤدی نے کہا ہے یعنی ان کی عقلیں طیش میں آ جائیں اور مقابلہ کے وقت ان کے قدم اکھڑ جائیں۔

اس دعا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کلمات استعمال فرمائے وہ سب ہم وزن اور ہم قافیہ ہیں یعنی منزل الکتاب، سریع الحساب، اهزم الاحزاب، اس کو عربی میں مسجع کلام کہتے ہیں، اس جگہ یہ اعتراض ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا میں مسجع کلام، استعمال کرنے سے منع فرمایا ہے اور یہاں آپ نے خود مسجع کلمات استعمال فرمائے، علامہ بدرالدین عینی حنفی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ آپ کے ان کلمات کا ہم وزن اور ہم قافیہ ہونا اتفاقی امر تھا اور آپ نے جو منع فرمایا ہے وہ دعا میں قصد اور اختیار سے مسجع کلمات کو لانا ہے۔ [1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کو بددعا کہنے کا عدم جواز

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے کہ اس حدیث میں کفار کے خلاف بددعا کرنے کی دلیل ہے [2] واضح رہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو احزاب کی شکست اور ان کے قدم اکھڑنے کی دعا فرمائی ہے اس کو بددعا کہنا جائز نہیں ہے اور ایسا کہنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سخت توہین ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی قول یا فعل "بد" نہیں ہے، قرآن مجید میں ہے:

---

[1] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۴ ص ۲۰۲، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[2] علامہ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی ... مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ۔ بے شک اللہ کے رسول میں تمہارے لیے حسین نمونہ ہے۔

(احزاب: ۲۱)

اللہ تعالیٰ نے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال کو حسین فرمایا ہے اور کوئی شخص آپ کا امتی ہو کر آپ کے کسی فعل کو "بد" کہے یہ نہایت بے ادبی اور سخت توہین ہے، جس شخص نے بھی آپ کی کسی دعا کو بد کہا اس کو توبہ کرنی چاہیے۔ اسی قسم کی دعاؤں کے لیے بالعموم دعائے ضرر کہنا چاہیے یا بالخصوص ترجمہ کیا جائے مثلاً آپ نے دعا فرمائی اللھم علیک بابی جھل تو یوں ترجمہ کیا جائے آپ نے دعا فرمائی اے اللہ! ابوجہل کو پکڑ یا آپ نے ابوجہل کی گرفت کے لیے دعا فرمائی اسی طرح یہاں یہ ترجمہ کیا جائے کہ آپ نے مشرکین کی جماعتوں کی شکست کی دعا کی۔ عام طور پر مترجمین اس قسم کے کلمات کا ترجمہ "بد دعا" کرتے ہیں بعض معاصرین نے بھی اس قسم کے کلمات کا ترجمہ بد دعا کیا ہے۔ العیاذ باللہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر قول اور فعل بد ہونے سے پاک اور بری ہے۔ بعض معاصرین لکھتے ہیں:

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کے لیے بددعا فرمائی [1]

نیز لکھتے ہیں:

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احزاب کے روز مشرکوں کے لیے بد دعا کی۔ [2]

اور لکھتے ہیں:

ابوجہل بن ہشام، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ ولید بن عتبہ، ابی بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط کے لیے بد دعا کی [3]

بعض معاصرین اور ایسے تمام مترجمین پر لازم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال حسنہ کو بد کہنے سے توبہ کریں اور اپنی تصانیف سے ان کلمات کو نکال دیں۔

رہا یہ اعتراض کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو رحمۃ للعالمین ہیں پھر آپ کا کفار کے لیے دعاء ضرر کرنا کس طرح آپ کی رحمۃ للعالمینی کے مناسب ہوگا سو اس کا جواب ہم نے شرح صحیح مسلم کی جلد ثانی، باب ۲۲۱ اور ۲۳۲ میں بڑی تفصیل سے بیان کیا ہے، شائقین اس کا ضرور مطالعہ کریں۔

دو مختلف حدیثوں میں تطبیق

اس باب کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اے اللہ اگر تو چاہے تو زمین میں تیری عبادت نہیں کی جائے گی" علامہ نووی لکھتے ہیں: اس حدیث میں اللہ تعالیٰ کی تقدیر کو تسلیم کرنے کا بیان ہے اور غالی قسم کے منکرین تقدیر کا رد ہے جو تقدیر کا انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ شر اللہ تعالیٰ کی مراد نہیں ہے۔ اور اس حدیث میں یہ بھی دلیل ہے کہ فتح اور نصرت کے لیے مسلمانوں کو صرف اللہ تعالیٰ سے ہی دعا کرنی چاہیے۔

اس حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ اُحد کے دن یہ کلمات فرمائے تھے، اور اس کے بعد کے باب میں یہ ہے کہ آپ نے یہ کلمات جنگ بدر کے دن فرمائے تھے اور سیر اور مغازی کی کتابوں میں یہی مشہور ہے

[1] مولانا غلام رسول رضوی، تفہیم البخاری ج ۴ ص ۲۸۱، مطبوعہ مطبع ریاض حسین

[2] " " ، تفہیم البخاری ج ۴ ص ۴۰۳-۴۰۲، مطبوعہ مطبع ریاض حسین

[3] " " ، تفہیم البخاری ج ۴ ص ۴۰۳، مطبوعہ مطبع ریاض حسین

لیکن اس میں کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ آپ نے دونوں دن یہ کلمات فرمائے ہوں۔ [1]

بَابُ تَحْرِيمِ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ فِي الْحَرْبِ
جنگ میں عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت

۴۴۳۲ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَا أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ امْرَأَةً وُجِدَتْ فِي بَعْضِ مَغَازِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْتُولَةً فَأَنْكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی جہاد میں ایک عورت مقتول پائی گئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کے قتل کو برا گردانا۔

۴۴۳۳ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ وَأَبُو أُسَامَةَ قَالَا حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وُجِدَتِ امْرَأَةٌ مَقْتُولَةً فِي بَعْضِ تِلْكَ الْمَغَازِي فَنَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ کسی جہاد میں ایک عورت مقتول پائی گئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرما دیا۔

جہاد میں بچوں، عورتوں اور دیگر معذوروں کے قتل کے متعلق مذاہب فقہاء

علامہ یحیی بن شرف نووی شافعی لکھتے ہیں: اس حدیث پر تمام فقہاء اسلام کا اجماع ہے اور سب کے نزدیک جنگ میں عورتوں اور بچوں کا قتل حرام ہے بشرطیکہ وہ جنگ نہ کر رہے ہوں۔ اور اگر وہ جنگ کر رہے ہوں تو جمہور فقہاء اسلام کے نزدیک ان کو قتل کر دیا جائے گا۔ اور بوڑھے کافر اگر جنگ کی مہارت اور تجربہ رکھتے ہوں تو ان کو بھی قتل کر دیا جائے گا ورنہ ان میں اور راہبوں میں اختلاف ہے، امام مالک اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک ان کو قتل نہیں کیا جائے گا اور امام شافعی کا زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ ان کو قتل کر دیا جائے گا۔ [2]

---

[1] علامہ یحیی بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۸۴ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] " " " " "

شمس الائمہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں: چھوٹے بچوں کو قتل کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ وہ جنگ نہیں کرتے، اور حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بچوں اور عورتوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے، نیز حدیث میں ہے کہ بوڑھے مشرکوں کو قتل کر دو اور ان کے اتباع یعنی عورتوں اور بچوں کو زندہ رہنے دو، اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت یزید بن ابی سفیان کو یہ وصیت کی کہ شیخ فانی اور اس چھوٹے بچے کو قتل نہ کرنا جو جنگ نہ کرتا ہو۔ [1]

علامہ شمس الدین مقدسی حنبلی لکھتے ہیں: بچہ اور عورت کو قتل کرنا حرام ہے۔ راہب کو قتل کرنا بھی حرام ہے، ایک جماعت نے یہ کہا ہے کہ جو راہب لوگوں سے مل جل کر نہ رہتا ہو اس کو قتل کرنا حرام ہے، شیخ فانی، لنجے (اپاہج جس کے اعضاء معطل ہوں یا بعض اعضاء نہ ہوں) اور اندھے کو قتل کرنا بھی حرام ہے "مغنی" میں ہے غلام اور کاشتکار کو قتل کرنا حرام ہے۔ "ارشاد" میں ہے عالم کو قتل کرنا بھی حرام ہے الا یہ کہ وہ جنگ کا تجربہ رکھتا ہو اور جنگ پر ابھارتا ہو، مغنی میں ہے اگر عورت مسلمانوں کے سامنے آئے اور ان کو گالیاں دے تو اس پر تیر مارے جائیں لیکن مذہب حنبلی کی ظاہر نصوص اس کے خلاف ہیں۔ مروزی نے نقل کیا ہے کہ کم عقل لوگوں کو قتل نہیں کیا جائے گا، ہاں اگر کفار ان کو اپنے لیے ڈھال بنالیں تو پھر ان کو قتل کر دیا جائے گا۔ اور اگر جنگ کے وقت کفار مسلمانوں کو اپنے لیے ڈھال بنالیں تو ان کو بھی کفار کو قتل کرنے کے قصد سے قتل کر دیا جائے گا بشرطیکہ ان کو قتل نہ کرنے سے مسلمانوں کو اپنی جان کا خطرہ ہو اور جنگ نہ ہو تو پھر مسلمان کو قتل کرنا حرام ہے اور جب مسلمان کا قتل حرام نہ ہو اور اس کو قتل کر دیا جائے تو کفارہ ادا کرنا لازم ہوگا، اور اس کی دیت نہیں ہے۔ [2]

علامہ حطاب مالکی لکھتے ہیں: اگر کفار کی عورتیں مسلمانوں کو ایذاء نہ دیں اور اپنے گھروں کے اندر رہیں تو ان کو قتل کرنا اتفاقاً حرام ہے اور اگر وہ کافروں کو جنگ پر ابھاریں اور ہتھیاروں سے مسلح ہوں تو پھر ان کو قتل کرنا جائز ہے۔ [3]

علامہ ابو القاسم العبدری مالکی لکھتے ہیں: بہت بوڑھے کو قتل کرنا جائز نہیں ہے، علامہ ابن قاسم نے کہا عورتوں اور بچوں کو قتل کرنا جائز نہیں ہے، امام مالک نے کہا ہے کہ دشمن کی سرزمین پر بہت بوڑھے، عورت اور راہب کو قتل کرنا جائز نہیں ہے، البتہ اگر بہت بوڑھا شخص جنگ کا تجربہ رکھتا ہو تو اس کو قتل کر دیا جائے، لنجے، اپاہج، اندھے، لنگڑے اور جس کے اعضاء شل ہوں ان کو بھی قتل نہیں کیا جائے گا اسی طرح ناتجربہ کار کو بھی نہیں قتل کیا جائے گا۔ [4]

بَابٌ جَوَازِ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ فِي الْبَيَاتِ مِنْ غَيْرِ تَعَمُّدٍ

شبخون میں بلاقصد عورتوں اور بچوں کے مارے جانے کا جواز

۴۴۳۴ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، حضرت صعب بن جثامہ

---

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ، مبسوط ج ۱۰ ص ۶، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] علامہ شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن مفلح مقدسی متوفی ۷۶۳ھ، کتاب الفروع ج ۶ ص ۲۱۱-۲۱۰، مطبوعہ مکتبۃ المعارف، ریاض ۱۴۰۲ھ

[3] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن محمد بن عبد الرحمان مغربی المطاب مالکی متوفی ۹۵۴ھ، مواہب الجلیل ج ۳ ص ۳۵۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

[4] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن یوسف العبدری مالکی متوفی ۸۹۷ھ، التاج والاکلیل ج ۳ ص ۳۵۱، مطبوعہ دار الفکر، بیروت، ۱۳۹۸ھ

وَسَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ جَمِيْعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ يَحْيٰى أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الذَّرَارِيِّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يُبَيَّتُوْنَ فَيُصِيْبُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ فَقَالَ هُمْ مِنْهُمْ۔

رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا اگر شب خون مارتے وقت مشرکوں کے بچے اور عورتیں مارے جائیں (تو کیا حکم ہے؟) آپ نے فرمایا وہ انہیں میں سے ہیں۔

۴۴۳۵- حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا نُصِيْبُ فِي الْبَيَاتِ مِنْ ذَرَارِيِّ الْمُشْرِكِيْنَ قَالَ هُمْ مِنْهُمْ۔

حضرت صعب بن جثامہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! شب خون مارتے وقت ہمارے ہاتھوں مشرکین کے بچے بھی مارے جاتے ہیں؟ آپ نے فرمایا وہ بھی انہی میں سے ہیں۔

۴۴۳۶- وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ أَخْبَرَهُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ لَهُ لَوْ أَنَّ خَيْلًا أَغَارَتْ مِنَ اللَّيْلِ فَأَصَابَتْ مِنْ أَبْنَآءِ الْمُشْرِكِيْنَ قَالَ هُمْ مِنْ اٰبَآئِهِمْ۔

حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا اگر فوج کا کوئی دستہ شب خون مارے اور مشرکین کے بچے بھی مارے جائیں تو؟ آپ نے فرمایا وہ بھی اپنے آباء (یعنی مشرکین) میں سے ہیں۔

کافروں پر شب خون مارنے کے تفصیلی احکام

علامہ یحییٰ بن شرف نووی لکھتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا گیا کہ شب خون میں اگر مشرکین کے بچے اور عورتیں ماری جائیں تو ان کا کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا وہ اپنے آباء سے ہیں یعنی اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ مشرکین کی اولاد کے میراث، نکاح، قصاص اور دیات وغیرہ ... سے پہلے باب کی حدیث میں مشرکین کے

بچوں اور عورتوں کو قتل کرنے سے منع کیا گیا تھا تو اس کا جواب یہ ہے کہ بلا ضرورت اور قصد اور اختیار سے مشرکین کے بچوں اور عورتوں کو قتل کرنا ممنوع ہے اور ضرورت کی بناء پر بلا قصد اور بلا اختیار ان کو قتل کرنا جائز ہے۔

امام شافعی، امام ابوحنیفہ، امام مالک اور جمہور فقہاء اسلام کا نظریہ یہ ہے کہ جب ملت کو کافروں پر حملہ کیا جائے اور رات کے اندھیرے میں مردوں، عورتوں اور بچوں میں امتیاز نہ ہو سکے اور وہ اچانک حملے کے دوران مارے جائیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ جن مشرکوں کو دعوت اسلام پہنچ چکی ہو ان پر بے خبری میں حملہ کرنا جائز ہے اور یہ کہ دنیاوی معاملات میں مشرکین کی اولاد اپنے آباء کے حکم میں ہے لیکن آخرت میں جب اولاد مشرکین بلوغ سے پہلے فوت ہو جائے تو ان میں تین مذہب ہیں صحیح یہ ہے کہ وہ جنت میں ہوں گے، دوسرا مذہب یہ ہے کہ وہ جہنم میں ہوں گے اور تیسرا مذہب یہ ہے کہ ان میں سے کسی چیز پر یقین نہیں ہے یعنی ان کا حال صرف اللہ کو معلوم ہے۔ [1]

آخرت میں اولاد مشرکین کے حکم کی تفصیل ہم ان شاء اللہ عنقریب بیان کریں گے۔

جن مسلمانوں کو کفار ڈھال بنالیں ان کو قتل کرنے کے حکم میں مذاہب فقہاء

علامہ بدرالدین عینی حنفی لکھتے ہیں: جب کسی قلعہ میں مشرکین کے بچے یا مسلمان قیدی ہوں تو اس قلعہ پر منجنیق سے پتھر برسانے (اور اسی طرح اس پر توپ سے گولہ باری کرنے) میں فقہاء کا اختلاف ہے۔ امام مالک نے کہا ہے کہ جس قلعہ میں مشرکین کے بچے یا مسلمان قیدی ہوں اس پر تیر اندازی نہ کی جائے اس طرح جس بحری جہاز میں مسلمان قیدی ہوں اس کو نہ ڈبویا جائے اور امام اوزاعی نے یہ کہا ہے کہ جب کفار مسلمان بچوں کو ڈھال بنالیں تو ان پر تیر اندازی نہ کی جائے اور جس جہاز میں مسلمان قیدی ہوں اس کو نہ جلایا جائے اور امام ثوری، امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف، امام محمد، امام شافعی، امام احمد اور امام اسحاق نے یہ کہا ہے کہ اگر بچوں اور عورتوں کو قتل کیے بغیر مشرکوں کو قتل کرنا ممکن نہ ہو تو پھر ان کو بھی قتل کرنا جائز ہے۔ علامہ ابن بطال نے کہا امام ابوحنیفہ ان کے اصحاب اور ثوری یہ کہتے ہیں اگر مشرکین کے قلعوں میں مسلمان قیدی ان کے بچے اور مشرکوں کے بچے ہوں تو ان کے قلعوں پر تیر اندازی کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اسی طرح اگر کسی جہاز میں مسلمان قیدی یا اطفال مشرکین ہوں تو مشرکین کو ہلاک کرنے کے قصد سے اس جہاز کو جلانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور اگر اس حملہ سے مسلمان ہلاک ہو جائیں تو اس میں دیت ہے نہ کفارہ اور ثوری نے کہا کہ اس میں کفارہ ہے لیکن دیت نہیں ہے۔ [2]

آخرت میں اطفال مشرکین کے ٹھکانے کے متعلق فقہاء اسلام کے نظریات

اس باب کی احادیث میں اطفال مشرکین کا دنیاوی حکم بیان کیا گیا ہے کہ ان کو جہاد میں قتل نہیں کیا جائے گا، اس مناسبت سے ہم یہاں ان کا اخروی حکم بیان کرنا چاہتے ہیں، علامہ بدرالدین عینی حنفی اور علامہ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں اس مسئلہ میں علماء کا شروع سے اختلاف رہا ہے اور اس میں

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۸۵-۸۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ ھ

[2] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ ھ، عمدۃ القاری ج ۱۴ ص ۲۶۲، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ ھ

علماء کے متعدد اقوال ہیں، ان اقوال کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱۔ حماد بن سلمہ، حماد بن زید، عبداللہ بن مبارک اور اسحاق کا مسلک یہ ہے کہ اطفال مشرکین کا حشر آخرت میں اللہ تعالیٰ کی مرضی اور مشیت پر موقوف ہے ان کی دلیل یہ حدیث ہے: اللہ اعلم بما کانوا عاملین " اللہ ہی جاننے والا ہے کہ اطفال مشرکین کیا عمل کرنے والے تھے" امام بیہقی نے اس مسلک کو امام شافعی سے بھی نقل کیا ہے

۲۔ ازارقہ (خوارج کا ایک فرقہ) کا یہ نظریہ ہے کہ آخرت میں تمام اطفال اپنے آباء کے تابع ہوں گے اس لیے مسلمانوں کی اولاد جنت میں ہوگی اور مشرکین کی اولاد جہنم میں ہوگی، ان کا استدلال اس آیت سے ہے:

حضرت نوح علیہ السلام نے دعا کی:

وقال نوح رب لا تذر على الارض من الكافرين ديارا ۝ انك ان تذرهم يضلوا عبادك ولا يلدوا الا فاجرا كفارا۔

(نوح: ۲۶-۲۷)

اور نوح نے دعا کی اے میرے رب زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا نہ چھوڑ بے شک تو نے اگر ان کو چھوڑا تو وہ تیرے بندوں کو گمراہ کر دیں گے اور ان کی اولاد صرف بدکار اور شدید کافر ہوگی۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ کافر کی اولاد کافر ہی ہوتی ہے اس وجہ سے اطفال مشرکین جہنم میں ہوں گے لیکن یہ استدلال مردود ہے کیونکہ یہ حکم حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے ساتھ خاص تھا اور حضرت نوح علیہ السلام کو یہ اس لیے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں یہ وحی کی تھی: انه لن يؤمن من قومك الا من قد آمن۔ "تمہاری قوم سے صرف وہی لوگ ایمان لائیں گے جو ایمان لا چکے ہیں"۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ صحیح بخاری و مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: هم من آبائهم "یہ اپنے آباء میں سے ہیں" اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث حالت جنگ پر محمول ہے جیسا کہ تفصیل سے ہم بیان کر چکے ہیں اگر یہ سوال ہو کہ امام احمد نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے: "میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مسلمانوں کی اولاد کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا: جنت میں ہوگی اور اولاد مشرکین کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا: جہنم میں ہوگی اور اگر تم چاہو تو میں تم کو ان کے جہنم میں چلانے کی آوازیں سنواؤں؟" میں کہتا ہوں یہ حدیث بہت ضعیف ہے کیونکہ اس کی سند میں بہیہ کا مولیٰ ابو عقیل ہے اور وہ متروک راوی ہے۔

۳۔ بعض علماء کا یہ نظریہ ہے کہ اطفال کفار جنت اور دوزخ کے درمیان برزخ میں ہوں گے کیونکہ انھوں نے کوئی نیکی نہیں کی جس کی وجہ سے وہ جنت میں جا سکیں اور نہ انھوں نے کوئی گناہ کیا جس کی وجہ سے وہ جہنم میں داخل ہوں۔

۴۔ بعض علماء کا یہ مسلک ہے کہ وہ اہل جنت کے خادم ہوں گے کیونکہ سنن ابو داؤد طیالسی، مسند بزار اور مسند ابو یعلیٰ میں حضرت سمرہ سے مرفوعاً ایک حدیث ضعیف مروی ہے "مشرکین کی اولاد اہل جنت کی خادم ہوگی"۔

۵۔ بعض علماء کا یہ نظریہ ہے کہ اطفال مشرکین کا آخرت میں امتحان لیا جائے گا بایں طور کہ ان کو آگ دکھائی جائے گی جو اس میں داخل ہوگا اس پر وہ سلامتی کے ساتھ ٹھنڈک ہو جائے گی اور جو اس میں داخل ہونے سے انکار کرے گا اس کو عذاب دیا جائے گا۔ امام بزار نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرا گمان ہے کہ جو شخص ایام فترت میں فوت ہو گیا اس کو، پاگل کو اور چھوٹے بچے کو بلایا جائے گا، فترت [illegible] کتاب آئی نہ کوئی رسول آیا، اور پاگل کہے گا:

اے میرے رب! تو نے مجھے عقل مند نہیں بنایا جس سے میں خیر اور شر کا ادراک کرتا، اور چھوٹا بچہ کہے گا میں نے عمل کرنے کا زمانہ نہیں پایا، پھر ان کے لیے آگ بلند کی جائے گی اور ان سے کہا جائے گا اس میں داخل ہو جاؤ پھر جو اللہ کے علم میں نیک ہوگا یا (نیک) عمل کرنے والا ہوگا وہ اس آگ میں داخل ہو جائے گا اور جو اللہ کے علم میں عمل کا زمانہ پانے کے بعد برا کرنے والا ہوگا وہ رک جائے گا اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم تو میری نافرمانی کر رہے ہو، میرے رسولوں کی نافرمانی کیسے نہ کرتے۔ امام بزار نے کہا کہ ہم حضرت ابوسعید کی اس حدیث کو صرف فضیل سے پہچانتے ہیں، امام طبرانی نے اس حدیث کو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ فترت میں مرنے والے اور مجنون کا امتحان اسناد صحیحہ سے ثابت ہے، امام بزار نے اپنی سند کے ساتھ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن چار شخصوں کو لایا جائے گا، بچہ، مجنون اور ایام فترت میں مرنے والا اور شیخ فانی اور ان میں سے ہر شخص اپنی حجت پیش کرے گا پھر اللہ تعالیٰ جہنم سے فرمائے گا "ظاہر ہو" اور ان سے فرمائے گا میں نے اپنی طرف سے تمہارے پاس رسول بھیجے اور اب میں خود تمہاری طرف اپنا رسول ہوں اس جہنم میں داخل ہو جاؤ پس جس شخص کی تقدیر میں شقاوت ہوگی وہ کہے گا کیا تو ہمیں جہنم میں داخل کر رہا ہے حالانکہ ہم اس سے بھاگتے تھے اور جس شخص کی تقدیر میں سعادت ہوگی وہ دوڑ کر جہنم میں داخل ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ (ان سے) فرمائے گا تم نے میری نافرمانی کی ہے تو تم میرے رسولوں کی تو اس سے زیادہ تکذیب اور نافرمانی کرتے، پھر ان کو (یعنی جہنم میں داخل ہونے والوں کو) جنت میں داخل کر دے گا اور ان کو (جو جہنم میں داخل نہیں ہوتے تھے) جہنم میں داخل کر دے گا۔ حضرت اسود بن سریع نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے سامنے ایک بہرے کو پیش کیا جائے گا جس کو بالکل سنائی نہ دیتا ہو اور ایک بے وقوف کو، ایک بوڑھے کو اور ایک اس شخص کو جو ایام فترت میں فوت ہوا ہو، بہرا کہے گا اے میرے رب! اسلام آیا لیکن میں کچھ نہیں سن سکتا تھا، احمق کہے گا، اسلام آیا لیکن میں کچھ سمجھ نہیں سکتا تھا اور فترت میں فوت ہونے والا کہے گا، اے میرے رب، میرے پاس تیرا کوئی رسول نہیں آیا، اللہ تعالیٰ ان سے پختہ عہد لے گا پھر اللہ تعالیٰ ان کے پاس ایک پیغام بر بھیجے گا اور وہ کہے گا جہنم میں داخل ہو جاؤ، قسم اس ذات کی جس کے قبضہ و قدرت میں محمد کی جان ہے اگر وہ جہنم میں داخل ہوں گے تو جہنم ان پر ٹھنڈک اور سلامتی ہو جائے گی۔ امام بیہقی نے کتاب الاعتقاد میں یہ نقل کیا ہے کہ مجنون اور ایام فترت میں مرنے والوں کے لیے امتحان منعقد ہونا، مذہب صحیح ہے، اس پر یہ اعتراض ہے کہ آخرت دار تکلیف نہیں ہے اس لیے وہاں کوئی عمل ہے نہ امتحان۔ اس کا جواب یہ ہے کہ جنت اور دوزخ میں دخول اور استقرار کے بعد کوئی آزمائش نہیں ہوگی لیکن میدان قیامت میں امتحان اور آزمائش سے کوئی مانع نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یوم یکشف عن ساق ویدعون الی السجود فلا یستطیعون ٥ خاشعۃ ابصارھم ترھقھم ذلۃ ط وقد کانوا یدعون الی السجود وھم سالمون۔

(قلم: ۴۳-۴۲)

جس دن ساق (کی تجلی) ظاہر کی جائے گی اور وہ (نافرمان) سجدہ کے لیے بلائے جائیں گے تو وہ سجدہ نہ کر سکیں گے۔ (مارے خوف کے) ان کی نگاہیں جھکی ہوئی ہوں گی اور ان پر ذلت چھائی ہوئی ہوگی اور بے شک (اس سے پہلے دنیا میں) وہ سجدہ کے لیے بلائے جاتے تھے اور وہ صحیح سالم (ہونے کے باوجود سجدہ سے انکار کرتے تھے)

اور صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں یہ حدیث ہے کہ لوگوں کو سجدہ کا حکم دیا جائے گا تو منافق کی پشت طباق کی طرح سیدھی (یعنی بے لچک) ہو جائے گی اور وہ سجدہ نہیں کر سکے گا۔

۶۔ بعض علماء کا نظریہ ہے کہ اطفال مشرکین مٹی ہو جائیں گے، یہ ثمامہ بن اشرس سے مروی ہے۔

۷۔ قاضی عیاض نے لکھا ہے کہ امام احمد کا مسلک یہ ہے کہ وہ جہنم میں ہوں گے اور شیخ ابن تیمیہ کا یہ کہنا غلط ہے کہ یہ امام احمد کا مسلک نہیں ہے بلکہ ان کے بعض اصحاب کا مسلک ہے۔

۸۔ بعض علماء کا مسلک یہ ہے کہ اس مسئلہ میں توقف کرنا چاہیے۔

۹۔ بعض علماء کا یہ نظریہ ہے کہ اس مسئلہ میں امساک کرنا چاہیے اور ان دونوں نظریوں میں بہت باریک فرق ہے۔

۱۰۔ علامہ نووی نے لکھا ہے کہ مذہب صحیح اور مختار جس پر تمام محققین کا اتفاق ہے وہ یہ ہے کہ اطفال مشرکین جنت میں ہوں گے، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وما کنا معذبین حتی نبعث رسولاً۔ (اسراء: ۱۵) جب تک ہم رسول نہ بھیج دیں ہم عذاب دینے والے نہیں ہیں۔

اور جب صاحب عقل کو اس وجہ سے عذاب نہیں دیا جائے گا کہ اس تک دعوت نہیں پہنچی تو غیر عاقل کو بطریق اولیٰ عذاب نہیں دیا جائے گا۔

اور حدیث صحیح میں بھی اس پر دلیل ہے کیونکہ امام بخاری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کی ایک طویل حدیث روایت کی جس کے آخر میں ہے:

واما الرجل الطویل الذی فی الروضۃ فانہ ابراھیم علیہ السلام واما الولدان الذین حولہ فکل مولود مات علی الفطرۃ قال فقال بعض المسلمین یارسول اللہ واولاد المشرکین فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واولاد المشرکین (صحیح بخاری ج۲ ص۱۰۴۲)

وہ طویل القامت شخص جو باغ میں تھے حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے اور ان کے گرد جو بچے تھے یہ وہ بچے تھے جو فطرت پر فوت ہو گئے، بعض مسلمانوں نے پوچھا یا رسول اللہ مشرکین کی اولاد بھی (اس باغ میں ہو گی؟) فرمایا اہل مشرکین کی اولاد بھی!

اس حدیث کا ظاہر معنی یہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اطفال مشرکین کو بھی آخرت کے حکم میں اولاد مسلمین کے ساتھ لاحق کر دیا، اور جس حدیث میں ہے "وہ اپنے آباء کے ساتھ لاحق ہیں وہ دنیا میں حالت جنگ کے حکم پر محمول ہے۔

باقی رہا یہ کہ صحیح بخاری میں ہے: اللہ اعلم بما کانوا عاملین "اللہ ہی زیادہ جاننے والا ہے کہ وہ کیا کرنے والے تھے" اس حدیث کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں اطفال مشرکین کے جہنمی ہونے کی تصریح نہیں ہے نیز یہ بھی ہو سکتا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث اس خواب دیکھنے سے پہلے فرمائی ہو کیونکہ آپ کا علم تدریجی ہے۔ قاضی بیضاوی نے کہا ہے کہ ثواب اور عذاب کا مدار اعمال پر نہیں ہے ورنہ لازم آئے گا کہ مسلمانوں کے بچے نہ جنت میں ہوں نہ دوزخ میں، بلکہ جنت کا موجب لطف ربانی ہے اور جہنم کا موجب اس لطف سے محرومی ہے اس لیے اس مسئلہ میں توقف واجب ہے پس جس کی تقدیر میں جنت ہے وہ جنتی ہو گا اور جس کی تقدیر میں جہنم ہے وہ جہنمی

ہوگا۔ ؎

قاضی بیضاوی کا اطفال مشرکین کی نجات میں توقف کرنا خلاف تحقیق ہے اور قرآن مجید کی نص صریح اور صحیح بخاری کی اس صریح حدیث کے خلاف ہے۔

بَابُ جَوَازِ قَطْعِ أَشْجَارِ الْكُفَّارِ وَتَحْرِيقِهَا

کفار کے درختوں کو کاٹنے اور جلانے کا جواز

۴۴۳۷ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَا أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيرِ وَقَطَعَ وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ زَادَ قُتَيْبَةُ وَابْنُ رُمْحٍ فِي حَدِيثِهِمَا فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَى أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ ـ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نخلستان بویرہ میں بنو نضیر کے درخت جلوا دیئے کٹوا دیئے، قتیبہ اور ابن رمح کی روایت میں یہ زیادہ ہے پھر اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: (ترجمہ) ”جن درختوں کو تم نے کاٹا یا انہیں ان کی جڑوں پر کھڑا ہوا چھوڑ دیا یہ اللہ تعالیٰ کی اجازت سے تھا تاکہ اللہ تعالیٰ فاسقوں کو رسوا کرے“

۴۴۳۸ - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَهَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيرِ وَحَرَّقَ وَلَهَا يَقُولُ حَسَّانُ ـ

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو نضیر کے درخت کٹوا کر جلوا دیئے، حضرت حسان نے اس موقع پر ایک شعر کہا: (ترجمہ) بنی لؤی کے سرداروں کے نزدیک بویرہ میں آگ لگا دینا معمولی بات ہے اور اسی واقعہ کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی: (ترجمہ) جن درختوں کو تم نے کاٹا یا انہیں ان کی جڑوں پر کھڑا ہوا چھوڑ دیا سو وہ اللہ کی اجازت سے تھا۔

؎ علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۸ ص ۲۱۳-۲۱۴، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ
ایضاً۔ علامہ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۳ ص ۲۴۶-۲۴۷، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِيْ لُؤَيٍّ
حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ

وَفِيْ ذٰلِكَ نَزَلَتْ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰى اُصُوْلِهَا الْاٰيَةَ۔

۴۴۳۹ - وَحَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ اَخْبَرَنِيْ عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ السَّكُوْنِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ حَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو نضیر کے درخت جلوا دیے۔

مدینہ منورہ میں اقامت کے دوران رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفار کے طرزِ عمل کی اقسام

ہجرت کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفار کی تین قسمیں تھیں، (۱) یہود کے تین گروہوں بنو قریظہ، بنو نضیر اور بنو قینقاع نے آپ سے یہ معاہدہ کیا تھا کہ وہ آپ سے جنگ کریں گے نہ آپ کے خلاف آپ کے دشمن کی مدد کریں گے، (۲) کفار قریش نے آپ سے جنگ کی اور آپ کے خلاف دشمنی کا محاذ کھول دیا۔ (۳) اور تیسری قسم میں عرب کے باقی قبائل تھے یہ قبائل خاموش اور منتظر تھے یہ لوگ ہوا کا رخ دیکھ رہے تھے، بنو خزاعہ دل میں آپ کا ظہور اور غلبہ چاہتے تھے اور بنو بکر آپ سے عداوت رکھتے تھے اور آپ کی ہزیمت کے منتظر تھے اور منافقین بظاہر آپ کے رفیق اور حلیف تھے اور بباطن آپ سے عداوت رکھتے تھے۔

سب سے پہلے یہود میں بنو قینقاع نے معاہدہ توڑ دیا اور واقعہ بدر کے بعد شوال میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے جہاد کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر وہ قلعہ سے نکل آئے آپ نے ان کو قتل کرنے کا ارادہ کیا۔ عبداللہ بن ابی نے ان کی جان بخشی طلب کی کیونکہ وہ اس کے حلیف تھے پھر آپ نے ان کو مدینہ سے نکال دیا اور ان کو شام کے علاقہ اذرعات میں جلا وطن کر دیا گیا۔ [1]

بنو قینقاع کے خلاف جنگ کا پس منظر

بنو قینقاع کے خلاف جنگ کی تفصیل علامہ زرقانی نے اس طرح لکھی ہے کہ ایک انصاری کی بیوی مدینہ کے بازار میں ایک یہودی کی دکان میں (نقاب پہنے ہوئے) آئیں، یہودیوں نے ان کی بے حرمتی کی (ان کی نقاب اتار پھینکی) ایک مسلمان یہ دیکھ کر غیرت سے بے قابو ہو گیا اور اس نے یہودی کو قتل کر دیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب ان واقعات کا علم ہوا تو آپ یہودیوں کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا خدا سے ڈرو، ایسا نہ ہو کہ تم پر اہل بدر کی طرح عذاب آ جائے یہودیوں نے کہا ہم قریش نہیں ہیں جب ہم سے جنگ ہو گی تو ہم دکھا دیں گے کہ لڑائی کس چیز کا نام ہے۔" چونکہ بنو قینقاع کی

[1] علامہ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر ... مطبوعہ طبع نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

طرف سے نقض عہد اور اعلانِ جنگ ہو گیا تھا اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے مجبوراً جنگ کی بنو قینقاع قلعہ بند ہو گئے اور پندرہ دن تک محاصرہ جاری رہا بالآخر وہ اس پر راضی ہو گئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے بارے میں جو فیصلہ کریں گے وہ ان کو منظور ہوگا، عبد اللہ بن ابی ان کا حلیف تھا اس نے درخواست کی کہ ان کو جلا وطن کر دیا جائے چنانچہ ان کو شام کے علاقہ اذرعات میں جلا وطن کر دیا گیا، شوال ۲ ہجری میں یہ غزوہ برپا ہوا۔ [1]

بنو نضیر کے خلاف جنگ کا پس منظر

حافظ ابن حجر عسقلانی نے غزوہ بنو نضیر کا پس منظر اس طرح لکھا ہے کہ عمرو بن امیہ نے قبیلہ عامر کے دو آدمی قتل کر دیے تھے ان کا خون بہا اب تک واجب الادا تھا۔ اس کا ایک حصہ معاہدہ کی رو سے یہود بنو نضیر پر واجب الادا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے مطالبہ کے لیے بنو نضیر کے پاس تشریف لے گئے، انھوں نے بظاہر یہ مطالبہ منظور کر لیا لیکن در پردہ یہ سازش کی کہ ایک شخص چپکے سے بالاخانہ پر چڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر پتھر گرا دے، کیونکہ اس وقت آپ اتفاق سے بالاخانہ کی دیوار کے سائے تلے کھڑے تھے۔ عمرو بن جحاش نام کا ایک یہودی اس ارادے سے کوٹھے پر چڑھا کہ آپ پر پتھر گرا دے لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ پر اس کے دل کا حال منکشف کر دیا اور آپ فوراً مدینہ واپس چلے آئے۔ [2]

اس واقعہ کو علامہ زرقانی نے بھی تفصیل سے بیان کیا ہے۔ [3]

علامہ زرقانی لکھتے ہیں: پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کی واپسی میں دیر ہو گئی تو یہود آپ کو ڈھونڈنے لگے حی نے کہا ہم تو ابو القاسم (صلی اللہ علیہ وسلم) کا مطالبہ پورا کرنا چاہتے تھے اور ان کی ضیافت کرنا چاہتے تھے، اور یہود اپنے کیے پر پشیمان ہوئے، کنانہ بن صوریا نے کہا: کیا تم جانتے ہو کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کیوں اٹھ کر چلے گئے؟ یہودیوں نے کہا بخدا ہم جانتے ہیں نہ تم جانتے ہو، کنانہ نے کہا اللہ تعالیٰ نے ان کو تمہاری عہد شکنی پر مطلع کر دیا تم خود فریبی میں نہ رہو، بخدا وہ اللہ کے سچے رسول ہیں۔ موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں اسی واقعہ کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی ہے:

یایھا الذین اٰمنوا اذکروا نعمۃ اللہ علیکم اذ ھم قوم ان یبسطوا الیکم ایدیھم فکف ایدیھم عنکم و اتقوا اللہ و علی اللہ فلیتوکل المؤمنون۔	اے ایمان والو! تم پر جو اللہ کا احسان ہے اس کو یاد کرو، جب ایک قوم نے تم کو ضرر پہنچانے کے قصد سے تمہاری طرف اپنے ہاتھ بڑھائے تو اللہ تعالیٰ نے تم سے اس کا ہاتھ روک لیا، اور اللہ سے ڈرو، اور مومن اللہ ہی پر توکل کرتے ہیں۔

(مائدہ: ۱۱)

بنو نضیر کی شکست اور جلاوطنی

علامہ زرقانی غزوہ بنو نضیر کا سبب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: امام عبد الرزاق نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے کہ جنگ بدر سے پہلے

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷ ص ۳۳۱-۳۳۲ مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] علامہ محمد عبد الباقی زرقانی متوفی ۱۱۲۲ھ، شرح المواہب اللدنیہ ج ۱ ص ۴۵۸-۴۵۹ مطبوعہ دار الفکر بیروت، الطبعۃ الثانیہ ۱۳۹۳ھ

[3] علامہ محمد عبد الباقی زرقانی متوفی ۱۱۲۲ھ، شرح المواہب اللدنیہ ج ۲ ص ۸۱ مطبوعہ دار الفکر بیروت، الطبعۃ الثانیہ ۱۳۹۳ھ

کفار قریش اور دیگر بت پرستوں نے عبداللہ بن ابی کو خط لکھا اور اس کو اس بات پر دھمکایا کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ میں کیوں پناہ دی ہے اور اس سے یہ وعدہ کیا کہ اگر اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جنگ کی تو سب عرب اس کا ساتھ دیں گے، پھر عبداللہ بن ابی اور اس کے ساتھیوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کا ارادہ کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس آئے اور فرمایا جس طرح قریش نے تم کو دھوکا دیا ہے اس طرح تو کوئی دھوکا نہیں کھاتا انہوں نے اپنی جنگ تم پر مسلط کر دی ہے، جب یہودیوں نے یہ سنا تو انہوں نے حق پہچان لیا اور متفرق ہو گئے، جنگ کے بعد کفار قریش نے ان کو پھر دھمکیاں دیں تب بنو نضیر عہد شکنی پر آمادہ ہوئے اور آپ کی طرف یہ پیغام بھیجا، آپ اپنے تین اصحاب کو لے کر آئیں، ہم بھی اپنے تین علماء کو بلاتے ہیں۔ یہود نے اپنے تین آدمیوں کے ساتھ تین خنجر رکھ لیے۔ بنو نضیر کی ایک عورت نے اس بات کی اطلاع اپنے ایک انصاری بھائی کو بھجوا دی جو مسلمان تھا اور اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روانہ ہونے سے پہلے آپ کو اس کی اطلاع دے دی، پھر صبح نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر کے ساتھ بنو نضیر پر حملہ کر دیا وہ قلعہ بند ہو گئے اور آپ نے ان کا محاصرہ کر لیا، دوسرے دن بھی آپ نے بنو نضیر کا محاصرہ جاری رکھا انہوں نے آپ سے معاہدہ کر لیا آپ پھر بنو نضیر کی طرف لوٹے اور ان سے جنگ کی حتیٰ کہ وہ جلا وطنی کے وعدہ پر قلعہ سے نکل آئے اور یہ کہ وہ اپنے ساتھ صرف اتنا سامان لے جا سکیں گے جتنا سامان ان کے اونٹ اٹھا سکیں پھر بنو نضیر اپنے ساتھ گھروں کے دروازے تک اکھاڑ کر لے گئے، انہوں نے اپنے گھروں کو منہدم کر دیا اور تمام کاٹھ کباڑ اٹھا کر لے گئے۔ جنگ بدر کے چھ ماہ بعد یہ غزوہ واقع ہوا۔ [1]

بنو نضیر کے درختوں کو کاٹنے اور جلانے کی حکمت

علامہ زرقانی لکھتے ہیں کہ جب بنو نضیر قلعہ بند ہو گئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو لیلیٰ المازنی اور حضرت عبداللہ بن سلام کو درخت کاٹنے کا حکم دیا۔ حضرت ابو لیلیٰ نے عجوہ (ایک قسم کی کھجور) کے درخت کاٹے اور حضرت ابن سلام نے لینہ کے درخت کاٹے۔ جب بنو نضیر کی عورتوں نے یہ درخت کٹتے ہوئے دیکھے تو انہوں نے فرط غم سے اپنے کپڑے پھاڑ لیے اور منہ پر تھپڑ مارے اور چیخ و پکار کرنے لگیں پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض درختوں کو جلوا دیا اس وقت یہودیوں نے چلا کر کہا اے محمد! آپ تو فساد سے روکتے ہیں اور اس کی مذمت کرتے ہیں پھر آپ نے یہ درخت کیوں کاٹے اور کیوں جلوائے، اس وقت بعض مسلمانوں کے دل میں بھی آپ کے اس فعل کے خلاف شبہ پیدا ہو گیا تب یہ آیت نازل ہوئی: [2]

ما قطعتم من لينة او تركتموها قائمة على اصولها فباذن الله وليخزي الفاسقين۔ (الحشر: ۵)

جن درختوں کو تم نے کاٹا یا ان کو ان کی جڑوں پر چھوڑ دیا تو یہ اللہ کی اجازت سے تھا تاکہ اللہ تعالیٰ فاسقوں کو رسوا کرے۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ درختوں کے کاٹنے میں ان کی رسوائی اس وجہ سے تھی کہ وہ درخت ان کے ہاتھوں سے

---

[1] علامہ محمد عبدالباقی زرقانی متوفی ۱۱۲۲ ھ، شرح المواہب اللدنیہ ج ۲ ص ۸۲، مطبوعہ دار الفکر بیروت الطبعۃ الثانیہ ۱۳۹۳ ھ

[2] " " " " "

نکل کر ان کے دشمنوں یعنی مسلمانوں کے قبضہ میں جارہے تھے اور جو درخت باقی رکھے گئے انہیں دیکھ کر وہ حسرت میں رہ جاتے کہ اب وہ ان درختوں سے فائدہ نہیں اٹھائیں گے بلکہ ان کے دشمن ان درختوں سے فائدہ اٹھائیں گے [1] اور میں کہتا ہوں کہ درختوں کا جلانا بھی ان کی ذلت اور رسوائی کا سبب تھا کیونکہ وہ اپنی محنت اور مشقت سے لگائے ہوئے درختوں کو تباہ و برباد ہوتے ہوئے دیکھ رہے تھے۔

- بعض علماء نے درخت کاٹنے اور جلانے کی یہ حکمت بیان کی ہے کہ ان درختوں کے جھنڈ سے کمین گاہ کا کام لیا جا سکتا تھا اور آپ نے وہ درخت اس لیے صاف کرا دیے تاکہ محاصرہ میں کوئی چیز حائل نہ ہو۔

دشمن کے درختوں کے کاٹنے اور جلانے میں مذاہب فقہاء

امام ترمذی فرماتے ہیں بعض علماء کا قول اس حدیث کے مطابق ہے وہ دشمن کے درختوں کو کاٹنے اور ان کے قلعوں کو منہدم کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے، امام اوزاعی نے اس کو مکروہ کہا ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق نے کسی پھلدار درخت کے کاٹنے اور کسی عمارت کو منہدم کرنے سے منع کیا ہے اور آپ کے بعد کے مسلمانوں نے آپ کے قول پر عمل کیا ہے، امام شافعی نے کہا ہے کہ دشمن کی سرزمین پر آگ لگانے اور درختوں اور پھلوں کے کاٹنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور بعض اوقات جنگی مصلحتوں کے پیش نظر دشمن کی زمین میں آگ لگانے یا درخت کاٹنے کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں ہوتا البتہ کھیل اور مشغلہ کے طور پر آگ نہیں لگانی چاہیے۔ فقیہ اسحاق نے کہا ہے کہ اگر دشمن کی زمین پر آگ لگانے سے دشمن پر غلبہ حاصل ہو تو پھر آگ لگانا سنت ہے۔ [2]

علامہ بدرالدین عینی حنفی لکھتے ہیں: بعض اہل علم نے یہ بیان کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو جلانے کے لیے درخت کٹوا دیے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے، ولیخزی الفاسقین (تاکہ اللہ تعالیٰ فاسقوں کو رسوا کرے) پس گویا کہ درختوں کو کاٹنا اور جلانا ان کی رسوائی تھا، علامہ نووی نے لکھا ہے کہ جنگی حکمت کے پیش نظر ائمہ اربعہ اور جمہور فقہاء اسلام کے نزدیک دشمن کے درختوں کو کاٹنا اور جلانا جائز ہے۔ علامہ بطال نے لکھا ہے جب فتح کی امید ہو اور یہ گمان ہو کہ یہ علاقہ مسلمانوں کے ہاتھ آجائے گا تو پھر درختوں کا باقی رکھنا بھی جائز ہے۔

اگر یہ اعتراض ہو کہ امام نسائی نے حضرت عبداللہ بن حبشی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے بیر کے درخت کو کاٹا اللہ تعالیٰ اس کا سر جہنم میں جھکا دے گا اور عروہ سے بھی یہ حدیث الفاظ مختلفہ سے مروی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عروہ خود اپنی زمین سے بیر کے درختوں کو کاٹتے تھے اور جب راوی کا عمل روایت کے خلاف ہو تو وہ اس روایت کے مطعون یا منسوخ ہونے پر دلالت کرتا ہے اور اگر یہ حدیث صحیح ہو تو پھر اس سے مکہ مکرمہ کے درخت مراد ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے مدینہ منورہ کے درخت مراد ہیں کیونکہ وہاں کے درخت لوگوں اور زائرین کے لیے انس اور سائے کا سبب ہیں، اسی وجہ سے عروہ اپنی زمین سے درخت کاٹ دیتے تھے اور ان جگہوں سے درختوں کو نہیں کاٹتے تھے جہاں لوگ درختوں سے انس اور مسافر سایہ حاصل کرتے تھے اور جانور ان کی

---

[1] علامہ ابوالفضل شہاب الدین سید محمود آلوسی بغدادی حنفی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۲۸ ص ۴۳ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۲۴۳ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

چھاؤں تلے آرام کرتے تھے۔ [1]

بَابُ تَحْلِيْلِ الْغَنَائِمِ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ خَاصَّةً

مال غنیمت حلال ہونے کی اس امت کے ساتھ خصوصیت

۴۴۴۰ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْكُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ اَحَادِيْثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ فَقَالَ لِقَوْمِهِ لَا يَتْبَعْنِيْ رَجُلٌ قَدْ مَلَكَ بُضْعَ امْرَاَةٍ وَهُوَ يُرِيْدُ اَنْ يَّبْنِيَ بِهَا وَلَمَّا يَبْنِ وَلَا اٰخَرُ قَدْ بَنٰى بُنْيَانًا وَّلَمَّا يَرْفَعْ سُقُفَهَا وَلَا اٰخَرُ قَدِ اشْتَرٰى غَنَمًا اَوْ خَلِفَاتٍ وَّهُوَ مُنْتَظِرٌ وِلَادَهَا قَالَ فَغَزَا فَاَدْنٰى لِلْقَرْيَةِ حِيْنَ صَلٰوةِ الْعَصْرِ اَوْ قَرِيْبًا مِّنْ ذٰلِكَ فَقَالَ لِلشَّمْسِ اَنْتِ مَاْمُوْرَةٌ وَّاَنَا مَاْمُوْرٌ اَللّٰهُمَّ احْبِسْهَا عَلَيَّ شَيْئًا فَحُبِسَتْ عَلَيْهِ حَتّٰى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَ فَجَمَعُوْا مَا غَنِمُوْا فَاَقْبَلَتِ النَّارُ لِتَاْكُلَهُ فَاَبَتْ اَنْ تَطْعَمَهُ فَقَالَ فِيْكُمْ غُلُوْلٌ فَلْيُبَايِعْنِيْ مِنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انبیاء (سابقین) میں سے ایک نبی نے جہاد کیا، اور اپنی قوم سے یہ کہا کہ جس شخص نے ابھی نکاح کیا ہو اور اس نے ہنوز شب زفاف نہ گذاری ہو اور وہ یہ عمل کرنا چاہتا ہو وہ میرے ساتھ نہ جائے، اور نہ وہ شخص جائے جس نے مکان بنایا ہو اور اس نے ہنوز چھت بلند نہ کی ہو اور نہ وہ شخص جائے جس نے بکریاں اور گابھن اونٹنیاں خریدی ہوں اور وہ ان کے بچہ دینے کا منتظر ہو، پھر اس نبی (علیہ السلام) نے جہاد کیا اور عصر کی نماز کے وقت یا اس کے قریب وہ ایک دیہات میں پہنچے تو انھوں نے سورج سے کہا تم بھی حکم الٰہی کے ماتحت ہو اور میں بھی حکم الٰہی کے تابع ہوں" اے اللہ! اس سورج کو تھوڑی دیر میری خاطر روک دے" پھر سورج روک دیا گیا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو فتح عطا کی آپ نے فرمایا پھر انھوں نے مال غنیمت جمع کیا پھر اس مال کو کھانے کے لیے ایک آگ آئی لیکن اس نے مال کو نہ کھایا، اس نبی نے فرمایا تم میں سے کسی شخص نے خیانت کی ہے، سو ہر قبیلہ کا ایک شخص مجھ سے بیعت کرے، پھر سب نے بیعت کی اور ایک شخص کا ہاتھ نبی کے ہاتھ سے چمٹ گیا۔ نبی نے فرمایا خیانت کرنے والا تمہارے قبیلہ میں سے لہٰذا اب تمہارا پورا قبیلہ میری بیعت کرے، انھوں نے بیعت کی آپ نے فرمایا پھر دو یا تین آدمیوں کا ہاتھ پیغمبر کے ہاتھ سے چمٹ گیا، نبی نے فرمایا تمہارے اندر خیانت ہے بالآخر وہ گائے

[1] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۴ ص ۲۲۲، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ

كُلِّ قَبِيلَةٍ رَجُلٌ فَبَايَعُوهُ فَلَصِقَتْ يَدُ رَجُلٍ بِيَدِهِ فَقَالَ فِيكُمُ الْغُلُولُ فَلْتُبَايِعْنِي قَبِيلَتُكَ فَبَايَعَتْهُ قَالَ فَلَصِقَتْ بِيَدِ رَجُلَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةٍ فَقَالَ فِيكُمُ الْغُلُولُ أَنْتُمْ غَلَلْتُمْ قَالَ فَأَخْرَجُوا لَهُ مِثْلَ رَأْسِ بَقَرَةٍ مِنْ ذَهَبٍ قَالَ فَوَضَعُوهُ فِي الْمَالِ وَهُوَ بِالصَّعِيدِ فَأَقْبَلَتِ النَّارُ فَأَكَلَتْهُ فَلَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِأَحَدٍ مِنْ قَبْلِنَا ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى رَأَى ضَعْفَنَا وَعَجْزَنَا فَطَيَّبَهَا لَنَا۔

کے سر کے برابر سونا نکال کر لائے، نبی نے فرمایا اس کو مال غنیمت میں اونچی جگہ پر رکھ دو پھر آگ نے آکر اس مال کو کھا لیا، (آپ نے فرمایا) سو ہم سے پہلے کسی کے لیے بھی مال غنیمت حلال نہیں تھا لیکن جب اللہ تعالیٰ نے ہمارا ضعف اور عجز دیکھا تو ہمارے لیے مال غنیمت کو حلال کر دیا۔

انبیاء سابقین علیہم السلام کے لیے ردشمس کے واقعات کی تفصیل اور تحقیق

اس باب کی حدیث نمبر ۴۴۲ میں انبیاء سابقین میں سے جس نبی علیہ السلام کی دعا سے سورج کے ٹھہرنے کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی اس کے متعلق لکھتے ہیں اس سے مراد حضرت یوشع بن نون علیہ السلام ہیں جیسا کہ امام حاکم نیشاپوری نے کعب احبار سے روایت کیا ہے، اور اس کی اصل ایک حدیث صحیح ہے جس کو امام احمد بن حنبل نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج کو یوشع بن نون کے سوا کسی بشر کے لیے نہیں ٹھہرایا گیا اس حدیث پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ خطیب بغدادی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ "ایک قوم نے حضرت یوشع سے سوال کیا کہ وہ انھیں لوگوں کے پیدا ہونے اور مرنے کے اوقات سے مطلع کر دیں، حضرت یوشع علیہ السلام نے ان کو بارش کے پانی میں وہ تاریخیں دکھا دیں۔ سو ان میں سے ہر شخص کو یہ علم تھا کہ وہ کب مرے گا اور وہ اس کیفیت پر قائم رہے یہاں تک کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے ان کے کفر کی بناء پر ان سے جہاد کیا تو ان لوگوں نے حضرت داؤد علیہ السلام سے لڑنے کے لیے ان لوگوں کو بھیجا جن کی موت ابھی نہیں آئی تھی، سو اس جنگ میں حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھی تو قتل ہو جاتے تھے اور وہ لوگ قتل نہیں ہوتے تھے۔ پھر حضرت داؤد علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے سورج کے ٹھہرانے کی دعا کی اور سورج ٹھہرا دیا گیا اور دن بہت بڑا ہو گیا اور پھر ان پر دن اور رات کا حساب مشتبہ ہو گیا کیونکہ دن اور رات غیر متوازن ہو گئے تھے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سورج کو حضرت داؤد علیہ السلام کے لیے بھی ٹھہرایا گیا تھا اور یہ اس حدیث کے خلاف ہے جس میں یہ ہے کہ حضرت یوشع بن نون کے سوا کسی بشر کے لیے سورج کو نہیں ٹھہرایا گیا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ خطیب کی اس روایت کی سند بہت ضعیف ہے اور امام احمد نے جو حضرت ابوہریرہ سے حضرت یوشع بن نون کے متعلق حدیث روایت کی ہے وہ اس سے اولیٰ ہے کیونکہ اس حدیث کے راوی وہ ہیں جن سے صحاح میں بھی روایات ہیں، اس لیے صحیح اور معتمد یہ ہے کہ حضرت یوشع بن نون کے سوا اور کسی شخص کے لیے سورج کو نہیں ٹھہرایا گیا، البتہ اس پر یہ اعتراض ہوگا کہ ابن اسحاق نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت

موسیٰ کو یہ حکم دیا کہ وہ بنی اسرائیل کے ساتھ جا کر حضرت یوسف کا تابوت لائیں ——————
تو حضرت موسیٰ اس تابوت کو تلاش کرتے رہے حتیٰ کہ طلوع فجر کا وقت قریب آگیا اور انھوں نے بنی اسرائیل سے وعدہ کیا تھا کہ وہ طلوع فجر ہوتے ہی اس تابوت کو لے آئیں گے اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے یہ دعا کی کہ وہ طلوع فجر کو مؤخر کر دے حتیٰ کہ وہ حضرت یوسف علیہ السلام کے معاملہ سے فارغ ہو جائیں چنانچہ ایسا ہی ہو گیا" اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت موسیٰ کے لیے بھی سورج کو ٹھہرایا گیا تھا پھر حضرت یوشع کے حق میں یہ حصر کس طرح صحیح ہوگا کہ صرف ان کے لیے سورج کو ٹھہرایا گیا تھا اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کے لیے تو نفس سورج کو ٹھہرایا گیا تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے طلوع فجر کو مؤخر کیا گیا تھا اور یہ اس حصر کے منافی نہیں ہے۔

بعض روایات میں ہے کہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کے لیے بھی سورج کو ٹھہرایا گیا ہے، چنانچہ ثعلبی اور بغوی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: کیا تم نے قرآن مجید میں حضرت سلیمان کا قول نہیں پڑھا ردوھا علی (ص: ۳۸/۳۳) "ان گھوڑوں کو میرے پاس واپس لاؤ" میں نے کہا مجھ سے کعب نے بیان کیا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام پر چودہ گھوڑے پیش کیے گئے تھے اور ان کی نماز عصر سے پہلے سورج غروب ہو گیا پھر انھوں نے گھوڑوں کو واپس کرنے کا حکم دیا اور ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر تلواروں سے وار کر کے ان کو ہلاک کر دیا، پھر اللہ تعالیٰ نے ان سے چودہ دن ان کی حکومت واپس لے لی کیونکہ انھوں نے گھوڑوں کو قتل کر کے ان پر ظلم کیا تھا، حضرت علی نے فرمایا کعب نے جھوٹ بولا، حضرت سلیمان علیہ السلام نے دشمن سے جہاد کا ارادہ کیا، ان پر گھوڑے پیش کیے گئے وہ ان کے معائنہ میں مشغول ہو گئے حتیٰ کہ سورج غروب ہو گیا اور عصر کی نماز چلی گئی، پھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے ان فرشتوں سے کہا جو اللہ کے اذن سے سورج پر مؤکل ہیں کہ "سورج کو میرے لیے لوٹا دو" ان فرشتوں نے سورج کو لوٹا دیا حتیٰ کہ آپ نے عصر کی نماز اپنے وقت میں پڑھ لی، انبیاء علیہم السلام خود کسی پر ظلم کرتے ہیں اور نہ کسی پر ظلم کا حکم دیتے ہیں"

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں کہ اس اثر کا مدار اس پر ہے کہ "ردوھا علی" میں ھا ضمیر سورج کی طرف لوٹے اور اس کا معنی یہ ہو کہ "سورج کو مجھ پر لوٹا دو" لیکن جو مفسرین صحابہ اور بعد کے لوگوں کی روایات کے عالم ہیں ان میں سے کسی نے اس ضمیر کو سورج کی طرف نہیں لوٹایا بلکہ گھوڑوں کی طرف لوٹایا ہے اور اس روایت کو اکثر مفسرین نے نقل کیا ہے لیکن اس کی صحت پر بحث نہیں کی، یہ روایت حضرت ابن عباس سے ثابت ہے نہ کسی اور سے۔[1]

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے رد شمس کا واقعہ ثابت نہیں ہے اور انبیاء سابقین میں سورج کو روکنے کا واقعہ صرف حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کے لیے واقع ہوا اور حضرت یوسف علیہ السلام کے تابوت کی تلاش میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے طلوع فجر کو مؤخر کیا گیا۔
ردوھا کی ضمیر کو شمس کی طرف لوٹا کر حضرت سلیمان کے لیے رد شمس کو ثابت کرنے کا اجلہ مفسرین نے بھی رد کیا ہے

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، [illegible] مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

ہم پہلے قرآن مجید کی اس مکمل آیت کو بیان کرتے ہیں اس کے بعد مفسرین کرام کے دلائل کو پیش کریں گے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے ردشمس کا واقعہ ثابت نہ ہونے پر دلائل

اللہ عزوجل کا ارشاد ہے:

اذ عرض علیہ بالعشی الصفنٰت الجیاد ۵ فقال انی احببت حب الخیر عن ذکر ربی حتی توارت بالحجاب ۵ ردوھا علی فطفق مسحا بالسوق والاعناق ۔ (ص: ۳۳-۳۱)

جب (حضرت) سلیمان پر پچھلے پہر (عصر کے وقت) نہایت اصیل اور تیز رفتار گھوڑے پیش کیے گئے تو آپ نے فرمایا بے شک میں نے صرف اپنے رب کے ذکر کی وجہ سے اس مال سے محبت کی ہے یہاں تک کہ وہ گھوڑے پس پردہ چھپ گئے (پھر حکم دیا) انھیں میرے پاس واپس لاؤ پھر ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے۔

علامہ رازی لکھتے ہیں جو علماء حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے ردشمس کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ "توارت" اور "ردوھا" کی ضمیر شمس کی طرف لوٹتی ہیں اور اس آیت کا معنی یہ ہے: حتیٰ کہ سورج پردے کی اوٹ میں غروب ہوگیا اور انھوں نے کہا سورج کو لوٹاؤ، کیونکہ حضرت سلیمان علیہ السلام جب گھوڑوں میں مشغول ہوگئے تو سورج غروب ہوگیا اور ان کی عصر کی نماز فوت ہوگئی پھر انھوں نے اللہ تعالیٰ سے سورج کو لوٹانے کا سوال کیا اس لیے ان کا قول "ردوھا" سورج کو لوٹانے کا سوال ہے، میرے نزدیک یہ احتمال بعید ہے اور اس کی حسب ذیل وجوہ ہیں:

پہلی وجہ قرآن مجید کی اس آیت میں صافنات (گھوڑوں) کا صراحۃً ذکر ہے اور شمس کا ذکر نہیں ہے اور مذکور کو چھوڑ کر غیر مذکور کی طرف ضمیر لوٹانا بعید ہے۔

دوسری وجہ اگر حضرت سلیمان علیہ السلام کی گھوڑوں میں مشغول ہونے کی وجہ سے نماز قضاء ہوگئی تھی تو ان کا یہ کہنا بے معنی ہوگا انی احببت حب الخیر عن ذکر ربی بے شک میں نے صرف اپنے رب کے ذکر کی وجہ سے اس مال سے محبت کی ہے، کیونکہ اس محبت کا تقاضا یہ تھا کہ وہ نماز کو قضاء نہ ہونے دیتے۔

تیسری وجہ اگر حضرت سلیمان گھوڑوں میں مشغول رہنے کی وجہ سے نماز عصر ترک کر دیتے تو آپ اس فعل پر نادم ہوتے اور اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتے اور روتے اور گڑگڑاتے نہ کہ اللہ رب العالمین سے بسبیل عظمت یہ کہتے کہ "سورج مجھ پر لوٹاؤ"، اس قسم کا فعل تو کسی عام آدمی سے بھی متصور نہیں ہو سکتا چہ جائیکہ حضرت سلیمان علیہ السلام ایسے اولو العزم نبی سے اس کا صدور ہو۔

چوتھی وجہ افلاک اور کواکب کو متحرک کرنے پر صرف اللہ عزوجل قادر ہے تو حضرت سلیمان کو واحد کے صیغہ کے ساتھ "رُدَّھا علی" کہنا چاہیے تھا نہ کہ جمع کے صیغہ کے ساتھ "ردوھا علی" کہتے اگر یہ کہا جائے کہ جمع کا صیغہ تعظیم کے لیے لائے ہیں تو ہم کہیں گے کہ "سورج کو مجھ پر واپس لاؤ" میں تو انتہائی اہانت کا اظہار ہے، اس لفظ سے تعظیم کیسے متصور ہوگی۔

پانچویں وجہ اگر سورج غروب ہونے کے بعد دوبارہ لوٹایا جاتا تو اس کا تمام دنیا والے مشاہدہ کرتے اور اگر ایسا ہوتا تو

اس واقعہ کے نقل کے ذرائع بہت کثیر ہوتے اور تواتر کے ساتھ یہ خبر ہم تک پہنچتی اور جب کسی ایک شخص نے بھی یہ خبر نہیں دی تو معلوم ہوا کہ یہ خبر جھوٹی ہے۔ [۱]

امام رازی کے بیان کردہ ان دلائل سے یہ واضح ہو گیا کہ قرآن مجید سے حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے رد شمس کا اثبات انتہائی ضعیف اور رکیک ہے اور ثعلبی اور بغوی نے اس سلسلے میں جو حدیث بیان کی ہے اس کی سند بھی نہایت درجہ ضعیف ہے۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے ردِّ شمس کا ثبوت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بھی محدثین نے رد شمس کا معجزہ بیان کیا ہے، چنانچہ امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری اور امام احمد بن حسین بیہقی نے حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زانو پر سر رکھ کر سو گئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عصر کی نماز قضا ہو گئی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی تو سورج لوٹ آیا، حضرت علی نے نماز عصر پڑھ لی تو پھر سورج غروب ہو گیا۔ [۲]

اس حدیث پر امام احمد کی اس روایت سے اعتراض کیا جاتا ہے:

عن ابی هریرۃ قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الشمس لم تحبس علی بشر الا لیوشع لیالی سار الی بیت المقدس۔ [۳]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت یوشع کے سوا کسی بشر کے لیے سورج کو نہیں ٹھہرایا گیا، جن راتوں میں حضرت یوشع بن نون نے بیت المقدس کی طرف سفر کیا تھا۔

اس حدیث کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں سورج کو روکنے کا حصر بیان کیا گیا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سورج کو روکا یا ٹھہرایا نہیں گیا تھا بلکہ سورج کو پلٹایا گیا تھا اور سورج کو پلٹانا اور رد کرنا سورج کو روکنے اور ٹھہرانے کی نفی کے منافی نہیں ہے، دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ حصر انبیاء سابقین کے اعتبار سے ہے یعنی انبیاء سابقین میں حضرت یوشع کے سوا اور کسی نبی کے لیے سورج کو نہیں ٹھہرایا گیا۔ اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے رد شمس کا ثبوت اس حدیث کے حصر کے منافی نہیں ہے۔

حدیث رد شمس پر علامہ ابن جوزی اور شیخ ابن تیمیہ کے اعتراضات کے جوابات !!

علامہ آلوسی بغدادی لکھتے ہیں: جو لوگ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے رد شمس کے قائل ہیں وہ اسی طرح حضرت یوشع اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بھی رد شمس کے قائل ہیں، جب معراج سے واپسی کے بعد قافلہ میں تاخیر

---

[۱] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ۷ ص ۱۹۲، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۸ھ

[۲] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۲۲۲-۲۲۱، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[۳] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۳۲۵، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ

کے موقع پر سورج کو روک دیا گیا اور جب یوم خندق کو نماز عصر قضاء ہو گئی اور جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی اور سورج کو لوٹایا گیا کیونکہ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہو رہی تھی درآں حالیکہ آپ کا سر اقدس حضرت علی رضی اللہ عنہ کی گود میں تھا اور حضرت علی نماز نہ پڑھ سکے یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علی! تم نے نماز پڑھ لی؟ انھوں نے کہا نہیں! پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! یہ تیری اور تیرے رسول کی اطاعت میں تھا، اس پر سورج کو لوٹا دے، حضرت اسماء کہتی ہیں میں نے سورج کو غروب ہوتے دیکھا اور پھر سورج کو غروب کے بعد طلوع ہوتے دیکھا یہ واقعہ جنگ خیبر میں صہبا کے موقع پر ہوا۔ (علامہ آلوسی لکھتے ہیں) اس حدیث کی صحت میں اختلاف ہے، ابن جوزی نے اس کو موضوعات میں ذکر کیا ہے اور تصریح کی ہے کہ یہ حدیث موضوع ہے، اس حدیث کی سند میں ایک راوی احمد بن داؤد ہے امام دار قطنی نے اس کے متعلق کہا کہ یہ متروک الحدیث اور کذاب ہے اور امام ابن حبان نے کہا یہ حدیثیں گھڑتا تھا، علامہ ابن جوزی نے کہا یہ حدیث باطل ہے جس شخص نے اس کے موضوع ہونے کی طرف توجہ نہیں کی اس نے صرف اس کی ظاہر فضیلت کو دیکھا اور یہ نہیں دیکھا کہ اس حدیث کا کوئی فائدہ نہیں ہے کیونکہ سورج غروب ہونے کے بعد نماز قضاء ہو گئی اور سورج کے لوٹانے سے وہ ادا نہیں ہو گی۔

شیخ ابن تیمیہ نے روافض کے رد میں ایک مستقل رسالہ لکھا ہے اس رسالہ میں اس حدیث کی تمام اسانید اور راویوں کا ذکر کرنے کے بعد یہ لکھا ہے کہ یہ حدیث موضوع ہے، امام احمد نے کہا ہے کہ اس حدیث کی کوئی اصل نہیں ہے، امام طحاوی اور قاضی عیاض نے اس کو صحیح قرار دیا ہے، امام طبرانی نے معجم کبیر میں اس حدیث کو سند حسن کے ساتھ روایت کیا ہے، اسی طرح شیخ الاسلام ابن العراقی نے شرح التقریب میں اس کو سند حسن کے ساتھ روایت کیا ہے اور اس کے الفاظ قدرے مختلف ہیں اور ابن مردویہ نے اس کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے، اور احمد بن صالح یہ کہتے تھے کہ جو شخص علم بالحدیث حاصل کرنا چاہتا ہو وہ حضرت اسماء کی حدیث سے غافل نہ رہے کیونکہ یہ نبوت کی علامات میں سے ہے، اسی طرح یوم خندق کے موقع پر رد شمس کی حدیث میں اختلاف ہے، ایک قول یہ ہے کہ یہ ضعیف ہے اور ایک قول یہ ہے کہ یہ موضوع ہے، علامہ ابن حجر ہیتمی نے اس کی صحت کا دعویٰ کیا ہے اسی طرح قافلہ معراج کے موقع پر سورج کے ٹھیرانے میں بھی انھوں نے صحت کا دعویٰ کیا ہے۔ (علامہ آلوسی کہتے ہیں) میرا گمان یہ ہے کہ قافلہ کی حدیث کی صحت کے متعلق اختلاف ہے اور یہ صراحۃً مردود نہیں ہے، کیونکہ حدیث کے الفاظ یہ ہیں کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کرائی گئی، اور آپ نے قوم کو اس کی خبر دی اور قافلہ کی علامات بتائیں تو لوگوں نے پوچھا قافلہ کب آئے گا تو آپ نے فرمایا بدھ کو قافلہ آئے گا اس دن کفار قریش قافلے کا انتظار کر رہے تھے، دن چھپنے لگا اور قافلہ نہ آیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی تو دن کا کچھ وقت بڑھا دیا گیا اور سورج کو ٹھیرا دیا گیا اور سورج کو ٹھیرانا اور بات ہے اور اس کو پلٹانا اور چیز ہے اور اگر اس موقع پر سورج پلٹایا جاتا تو قریش اس دفعہ بھی یہی کہتے جو انھوں نے چاند شق ہونے کے موقع پر کہا تھا۔ حالانکہ ان کا ایسا قول منقول نہیں ہے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ یہ زمانہ میں برکت تھی جس کو صوفیاء نشر زمان کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں اگرچہ اکثر لوگ اس کو نہیں سمجھتے، حضرت یوشع علیہ السلام کا واقعہ بھی اسی طرح تھا جیسا کہ حدیث صحیح میں ہے کہ صرف یوشع بن نون کے لیے سورج کو ٹھیرایا گیا تھا۔ یہ قصہ مشہور

ہے اور یہ حدیث سب کے نزدیک صحیح ہے اور یہ ردِ شمس کے باقی واقعات کے معارض ہے۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے جو سورج ٹھہرانے یا لوٹانے کے واقعات ہیں ان پر جو حضرت یوشع کی حدیث سے اعتراض ہوتا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت یوشع کی حدیث کی تاویل یہ ہے کہ میرے علاوہ کسی نبی کے لیے سورج کو نہیں ٹھہرایا گیا ماسوا حضرت یوشع علیہ السلام کے، یا یہ جواب دیا جائے گا کہ متکلم عموم کلام میں داخل نہیں ہوتا۔ خلاصہ یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے تو ردِ شمس ثابت نہیں ہے اور اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ یہ فی نفسہٖ ممتنع ہے جیسا کہ فلاسفہ کہتے ہیں بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ حدیث ثابت نہیں ہے اور قرآن مجید کی آیت کو ردِ شمس پر محمول کرنا صحیح نہیں ہے جیسا کہ امام رازی نے دلائل سے واضح کیا ہے۔

علامہ ابن حجر ہیتمی نے تحفہ میں لکھا ہے کہ اگر غروب کے بعد سورج لوٹ آئے گا تو وقت بھی لوٹ آئے گا جیسا کہ علامہ ابن عماد نے ذکر کیا ہے، علامہ زرکشی نے اس سے اختلاف کیا ہے لیکن بہترین توجیہ علامہ ابن العماد کی ہے اور وقت کا لوٹ آنا معجزہ کے منافی نہیں ہے، کیونکہ سورج کا لوٹ آنا ہی آپ کا معجزہ ہے اور سورج کے لوٹ آنے سے وقت کا باقی رہنا حکم شرع سے ہے یہی وجہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نماز عصر ادا کر کے پڑھی بلکہ سورج کو لوٹایا ہی اس لیے گیا تھا کہ آپ کی یہ نماز ادا ہو جائے۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ فقہاء احناف کے نزدیک وقت کے لوٹ آنے سے نماز ادا ہوتی ہے یا نہیں؟ یہ مجھے اس وقت مستحضر نہیں ہے البتہ میں نے علامہ شہاب الدین خفاجی حنفی کی تفسیر میں یہ دیکھا ہے کہ وقت لوٹ آنے سے نماز ادا ہوتی ہے اور وہ فقہاء احناف کے بہت بڑے عالم ہیں، وقت لوٹنے کے بعد نماز ادا ہوتی ہے یا قضاء اس میں فقہاء نے بہت بحث کی ہے جس کی تفصیل کا یہ موقع نہیں ہے۔ [1]

معجزۂ ردِ شمس کے متعلق مفسرین کی آراء

سید ابوالاعلیٰ مودودی لکھتے ہیں:

قصہ معراج میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے سورج کے واپس لائے جانے کا ذکر ہے، غزوۂ خندق کے موقع پر بھی حضور کے لیے وہ واپس لایا گیا، اور حضرت علی کے لیے بھی، جبکہ حضور ان کی گود میں سر رکھے ہوئے سو رہے تھے اور ان کی نماز عصر قضاء ہو گئی تھی، حضور نے سورج کی واپسی کے لیے دعا فرمائی تھی اور وہ پلٹ آیا تھا، لیکن ان روایات سے استدلال اس تفسیر سے بھی زیادہ کمزور ہے جس کی تائید کے لیے انہیں پیش کیا گیا ہے، حضرت علی کے متعلق جو روایات بیان کی جاتی ہے اس کے تمام طرق اور رجال پر بحث کر کے ابن تیمیہ نے اس کو موضوع ثابت کیا ہے اور ابن جوزی کہتے ہیں کہ بلاشک وشبہ موضوع ہے۔ غزوہ خندق کے موقع پر سورج کی واپسی والی روایت بھی بعض محدثین کے نزدیک ضعیف اور بعض کے نزدیک موضوع ہے۔ [2]

معجزہ ردِ شمس کو رد کرنے کے لیے سید ابوالاعلیٰ مودودی نے وہی دلائل ذکر کیے ہیں جن کو علامہ آلوسی نقل کر کے ان کا جواب لکھ چکے ہیں، ہم اس مسئلہ کی مکمل وضاحت کے لیے علامہ قرطبی کی رائے نقل کر رہے ہیں:

---

[1] علامہ شہاب الدین ابوالفضل محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۲۳ ص ۱۹۲-۱۹۳، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] سید ابوالاعلیٰ مودودی متوفی ۱۳۹۹ھ [illegible] مطبوعہ ترجمان القرآن لاہور [illegible]

علامہ قرطبی لکھتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بھی رد شمس کا واقعہ پیش آیا ہے، امام طحاوی نے مشکل الحدیث میں دو سندوں کے ساتھ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی ہو رہی تھی اور آپ کا سر حضرت علی کی گود میں تھا، حضرت علی نے نماز عصر نہیں پڑھی حتیٰ کہ سورج غروب ہو گیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی کیا تم نے نماز پڑھ لی ہے؟ انھوں نے کہا نہیں! پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: "اے اللہ! یہ تیری اور تیرے رسول کی طاعت میں تھا، اس پر سورج لوٹا دے" حضرت اسماء کہتی ہیں میں نے سورج کو غروب ہوتے دیکھا تھا پھر میں نے دیکھا کہ سورج پہاڑوں اور زمین پر طلوع ہوا، یہ واقعہ خیبر میں مقام صہبا پر پیش آیا، امام طحاوی نے کہا یہ دونوں حدیثیں ثابت ہیں اور ان کے راوی ثقہ ہیں۔ [1]

میں کہتا ہوں کہ امام طحاوی کی توثیق کے بعد علامہ ابن جوزی اور شیخ ابن تیمیہ کی جرح کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

معجزہ رد شمس کے متعلق محدثین کی آراء

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: ابن اسحاق کی مغازی میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے واقعہ معراج کی صبح کو جب کفار قریش کو یہ خبر دی کہ آپ نے ان کا قافلہ دیکھا ہے اور وہ طلوع آفتاب کے ساتھ آ جائے گا پھر آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی حتیٰ کہ قافلہ آنے تک سورج ٹھہرا رہا، یہ حدیث منقطع ہے لیکن امام طبرانی کی اوسط میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے یہ روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج کو حکم دیا تو وہ کچھ دیر متاخر ہو گیا، اس حدیث کی سند حسن ہے اور مسند احمد میں جو روایت ہے کہ حضرت یوشع کے سوا اور کسی کے لیے سورج نہیں ٹھہرایا گیا اس کا مطلب یہ ہے کہ انبیاء سابقین میں سے اور کسی کے لیے سورج نہیں ٹھہرایا گیا اور اس حدیث میں اس بات کی نفی نہیں ہے کہ حضرت یوشع کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سورج ٹھہرایا گیا ہو، اور امام طحاوی، امام طبرانی، امام حاکم اور امام بیہقی نے حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے یہ روایت کیا ہے کہ جب حضرت علی کے زانو پر سر رکھ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے اور حضرت علی کی نماز عصر فوت ہو گئی تو سورج لوٹا دیا گیا حتیٰ کہ حضرت علی نے نماز پڑھ لی اور اس کے بعد سورج غروب ہو گیا اور یہ آپ کا بہت عظیم معجزہ ہے۔ اور تحقیق یہ ہے کہ ابن جوزی اور ابن تیمیہ نے اس حدیث کو موضوع قرار دینے میں خطاء کی ہے واللہ اعلم۔ البتہ قاضی عیاض نے جو یہ نقل کیا ہے کہ یوم خندق کو بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سورج کو لوٹایا گیا تھا حتیٰ کہ آپ نے عصر کی نماز پڑھ لی تو اگر یہ ثابت ہو تو پھر یہ آپ کے لیے رد شمس کا تیسرا واقعہ ہے۔ [2]

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب قافلہ آنے کی خبر دی تو سورج کو ٹھہرا یا گیا، اور قاضی عیاض نے یوم خندق کو بھی رد شمس کا واقعہ نقل کیا ہے اور امام حاکم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے بھی رد شمس کا واقعہ اپنی سند کے ساتھ بیان کیا ہے اور امام طحاوی نے مشکل الآثار میں لکھا ہے کہ احمد بن صالح

---

[1] علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۱۵ ص ۱۹۵، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ

[2] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۲۲۲-۲۲۱، مطبوعہ دار نشر کتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

کہتے تھے کہ اہل علم کو حضرت اسماء کی اس روایت کے حفظ سے غافل نہیں رہنا چاہیے کیونکہ یہ عظیم علامت نبوت ہے اور یہ حدیث متصل ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں اور ابن جوزی نے جو اس حدیث پر تنقید کی ہے اس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ [1]

علامہ ابو عبد اللہ وشتانی ابی مالکی لکھتے ہیں کہ روایت ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دو مرتبہ سورج کو ٹھہرایا گیا ایک مرتبہ جب یوم خندق کو کفار سے جہاد کی مشغولیت کی وجہ سے نماز عصر فوت ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے سورج کو لوٹا دیا حتیٰ کہ آپ نے عصر کی نماز پڑھ لی اس واقعہ کو امام طحاوی نے نقل کیا ہے اور اس کے راوی ثقہ ہیں دوسری مرتبہ معراج سے واپسی کے موقع پر جب آپ نے فرمایا تھا کہ سورج نکلنے کے ساتھ قافلہ آجائے گا۔ [2]

علامہ ابن جوزی، شیخ ابن تیمیہ اور شیخ ابن قیم وغیرہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزہ رد شمس کا انکار کیا ہے اور علامہ آلوسی اور علامہ قرطبی وغیرہ نے اس کو ثابت مانا ہے اور علامہ ابن حجر عسقلانی اور علامہ بدر الدین عینی وغیرہ نے ابن تیمیہ اور ابن جوزی کا رد کیا ہے اور یہی حق اور صواب ہے، کیونکہ معجزہ رد شمس خلاف عادت ہے محال عقلی نہیں ہے اور جب کہ یہ معجزہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے اور محققین نے اس کی سند کو صحیح تسلیم کیا ہے تو اس کا انکار کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

اس امت کے لیے مال غنیمت حلال ہونے کی تحقیق

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ مال غنیمت کا حلال ہونا اس امت کی خصوصیت ہے، اور اس کی ابتداء غزوۂ بدر سے ہوئی اور اسی کے متعلق قرآن مجید کی یہ آیت نازل ہوئی:

فکلوا مما غنمتم حلالا طیبا۔ (انفال: ۶۹)

جو مال غنیمت تم نے حاصل کیا ہے اس کو کھاؤ در آں حالیکہ وہ حلال اور طیب ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مال غنیمت کو حلال قرار دیا ہے اور یہ حدیث صحیح میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے ثابت ہے۔ نیز امام بخاری نے یہ روایت بیان کی ہے کہ غزوہ بدر سے دو ماہ پہلے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کی قیادت میں جو لشکر روانہ کیا گیا تھا اس سے پہلا مال غنیمت حاصل کیا گیا تھا، ان میں تطبیق اس طرح ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس غزوہ کے مال غنیمت کی تقسیم کو مؤخر کر دیا تھا اور غزوۂ بدر سے واپسی کے بعد آپ نے غزوہ بدر کے مال غنیمت کے ساتھ اس کو تقسیم کیا تھا۔

اس باب کی حدیث میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ پچھلی امتوں میں مسلمان جہاد کرتے تھے اور مال غنیمت کو حاصل کرتے تھے لیکن وہ اس میں تصرف نہیں کرتے تھے اور اس کو ایک جگہ جمع کر کے رکھ دیتے تھے اور ان کے جہاد کی

---

[1] علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۵ ص ۴۳، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ ۱۳۴۸ھ

[2] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۵۸، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

مقبول ہونے کی علامت یہ تھی کہ آسمان سے آگ نازل ہو کر اس مال غنیمت کو کھا لیتی تھی اور آگ کا نازل نہ ہونا اس جہاد کی عدم مقبولیت کی علامت تھی، اور عدم مقبولیت کی ایک وجہ اس مال غنیمت میں خیانت کرنا تھا، اللہ تعالیٰ نے اس امت پر اپنا فضل اور احسان فرمایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے اس امت پر مال غنیمت حلال کر دیا، اور اب اگر کوئی شخص مال غنیمت میں خیانت کرے تو اللہ تعالیٰ اس پر ستر فرماتا ہے اور اس کی پردہ پوشی فرماتا ہے اور آسمانی آگ کی وجہ سے اس کی شرمندگی اور رسوائی نہیں ہوتی سو ان نعمتوں پر اللہ تعالیٰ ہی کی حمد و ثناء ہے۔

مال غنیمت میں قیدی بھی شامل ہوتے ہیں اور بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ آگ ان کو بھی کھا جاتی تھی لیکن یہ بات بعید ہے کیونکہ اس کا تقاضا یہ ہے کہ آگ بچوں اور جنگ نہ کرنے والی عورتوں کو بھی کھا جاتی ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ مستثنیٰ ہوں اور استثناء کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ بنی اسرائیل کے لونڈی اور غلام ہوتے تھے اگر جنگ میں ان کے قیدی نہ ہوتے تو لونڈی اور غلام کیسے ہو سکتے تھے البتہ اس پر یہ اشکال ہے کہ ان کی شریعت میں چور کو بھی غلام بنا لیا جاتا تھا اس لیے لونڈیوں اور غلاموں کا ہونا اس کو مستلزم نہیں ہے کہ قیدیوں کو باقی رکھا جاتا ہو[1]۔ علامہ عینی نے لکھا ہے کہ سابقہ امتوں میں مال غنیمت کو آگ اس لیے کھاتی تھی تاکہ ان کا جہاد مال غنیمت کے لیے نہ ہو بلکہ خالص اللہ کے لیے ہو اور اس امت پر مال غنیمت اس لیے حلال کیا ہے کہ اس امت میں خلوص غالب ہے[2]۔

اس باب کی حدیث کے دیگر فوائد

اس حدیث میں اس کا بھی ثبوت ہے کہ بعض نادانوں کے فعل سے پوری جماعت کو سزا ملتی ہے اور یہ بھی ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے بعض احکام امر باطن پر مبنی ہوتے ہیں جیسا کہ اس حدیث میں ہے کیونکہ مال غنیمت سے چوری کرنے والے کے خلاف کوئی ظاہری شہادت اور ثبوت نہیں تھا اور کبھی انبیاء علیہم السلام کے احکام ظاہری حجت پر مبنی ہوتے ہیں جیسا کہ صحیح بخاری اور مسلم میں ہے تم میرے پاس مقدمات لے کر آتے ہو الحدیث۔ علامہ ابن بطال نے اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے کہ مشرکین کے اموال کو جلانا جائز ہے اس پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ یہ حکم شریعت سابقہ میں تھا اور اس امت کے لیے مال غنیمت حلال ہونے کے حکم سے یہ حکم بھی منسوخ ہو گیا، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بات علامہ ابن بطال پر بھی مخفی نہیں تھی ان کے استدلال کی وجہ یہ ہے کہ جب مال غنیمت کو آگ کھا سکتی ہے تو جب ان کے مال کو حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو تو اس کو جلانا جائز ہے اور اس کے منسوخ ہونے پر کوئی تصریح نہیں ہے بلکہ اموال بنو نضیر کو جلانے میں اس کی تائید ہے۔[3]

علامہ وشتانی ابی مالکی نے لکھا ہے کہ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ امور مہمہ ان لوگوں کے سپرد کرنے چاہییں جو دنیاوی معاملات میں مشغول نہ ہوں اور ان کا دل و دماغ گھریلو ذمہ داریوں اور ازدواجی معاملات میں الجھا ہوا نہ ہو[4]

---

[1]۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۲۲۴-۲۲۳، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2]۔ حافظ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۵ ص ۴۴-۴۵ مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[3]۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۲۲۴، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[4]۔ حافظ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۵۸، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

باب ۵۸۸ الانفال

۴۴۴۱ - وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَخَذَ أَبِي مِنَ الْخُمُسِ سَيْفًا فَأَتَى بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَبْ لِي هٰذَا فَأَبَى فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ قُلِ الْأَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُولِ۔

۴۴۴۲ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ نَزَلَتْ فِيَّ أَرْبَعُ آيَاتٍ أَصَبْتُ سَيْفًا فَأَتَى بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ نَفِّلْنِيهِ فَقَالَ ضَعْهُ ثُمَّ قَامَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعْهُ مِنْ حَيْثُ أَخَذْتَهُ ثُمَّ قَامَ فَقَالَ نَفِّلْنِيهِ يَا رَسُولَ اللهِ فَقَالَ ضَعْهُ فَقَامَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ نَفِّلْنِيهِ أَأُجْعَلُ كَمَنْ لَا غَنَاءَ لَهُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعْهُ مِنْ حَيْثُ أَخَذْتَهُ قَالَ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ قُلِ الْأَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُولِ۔

۴۴۴۳ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً وَأَنَا فِيهِمْ قِبَلَ نَجْ [illegible]

غنیمت کا بیان

مصعب بن سعد اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میرے والد نے مال خمس میں سے ایک تلوار نکالی اور اس کو لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا مجھے یہ تلوار ہبہ کر دیجئے، آپ نے اس سے انکار فرمایا، اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی: (ترجمہ) آپ سے یہ لوگ انفال کے بارے میں پوچھتے ہیں: آپ کہیے انفال اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہیں۔

مصعب بن سعد کے والد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میرے متعلق چار آیات نازل ہوئیں، ایک مرتبہ میں نے ایک تلوار پائی میں اس کو لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا یا رسول اللہ! یہ تلوار مجھے عنایت فرما دیں آپ نے فرمایا اس کو رکھ دو پھر جب میں کھڑا ہوا تو آپ نے فرمایا اس کو وہیں رکھ دو جہاں سے اٹھائی تھی، پھر میں کھڑا ہوا اور میں نے کہا یا رسول اللہ! یہ تلوار مجھے دے دیجئے آپ نے فرمایا اس کو رکھ دو، میں نے پھر کھڑے ہو کر کہا: یا رسول اللہ! یہ مجھے دے دیجئے! کیا میں ان لوگوں کی طرح کیا جاؤں گا جن کا اس کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں ہے؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس تلوار کو وہیں رکھ دو جہاں سے اس کو اٹھایا تھا، پھر یہ آیت نازل ہوئی: یہ لوگ آپ سے انفال کے متعلق دریافت کرتے ہیں، آپ کہیے انفال اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہیں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی جانب ایک سریہ (چھوٹا لشکر) بھیجا جس میں میں بھی تھا انہیں وہاں مال غنیمت میں بہت [illegible] ایک کے حصہ میں بارہ بارہ یا گیارہ [illegible]

إِبِلًا كَثِيرَةً فَكَانَتْ سُهْمَانُهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيرًا أَوْ أَحَدَ عَشَرَ بَعِيرًا وَنُفِّلُوا بَعِيرًا بَعِيرًا۔

گیارہ اونٹ آئے اور ایک ایک اونٹ زائد ملا۔

۴۴۴۴ - وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً قِبَلَ نَجْدٍ وَفِيهِمُ ابْنُ عُمَرَ وَأَنَّ سُهْمَانَهُمْ بَلَغَتِ اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيرًا وَنُفِّلُوا سِوَى ذَلِكَ بَعِيرًا فَلَمْ يُغَيِّرْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی جانب ایک سریہ روانہ کیا اس میں ابن عمر بھی تھے، اس میں ان کے حصہ میں بارہ بارہ اونٹ آئے اور اس کے علاوہ ایک اونٹ زائد ملا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تقسیم میں کوئی تغیر اور تبدل نہیں کیا۔

۴۴۴۵ - وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَعَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً إِلَى نَجْدٍ فَخَرَجْتُ فِيهَا فَأَصَبْنَا إِبِلًا وَغَنَمًا فَبَلَغَتْ سُهْمَانُنَا اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيرًا اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيرًا وَنَفَّلَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعِيرًا بَعِيرًا۔

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی طرف ایک سریہ روانہ کیا، میں بھی اس کے ساتھ گیا، وہاں ہم کو بہت سے اونٹ اور بکریاں ملیں، ہمارے حصے میں بارہ بارہ اونٹ آئے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ایک ایک اونٹ زائد دیا۔

۴۴۴۶ - وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۴۴۷ - وَحَدَّثَنَاهُ أَبُو الرَّبِيعِ وَأَبُو كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ كَتَبْتُ إِلَى نَافِعٍ أَسْأَلُهُ عَنِ النَّفَلِ فَكَتَبَ

امام مسلم نے اس حدیث کی تین اور سندیں بیان کیں۔

اِلَى اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ فِي سَرِيَّةٍ ح
وَحَدَّثَنَا ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ
اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي مُوسٰى ح وَ
حَدَّثَنَا هٰرُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِيُّ حَدَّثَنَا
ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ اُسَامَةُ ابْنُ زَيْدٍ
كُلُّهُمْ عَنْ نَافِعٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَ
حَدِيْثِهِمْ۔

۴۴۴۸ - وَحَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ
وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَاللَّفْظُ لِسُرَيْجٍ قَالَا
حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ عَنْ يُوْنُسَ
عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ
نَفَّلَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نَفَلًا سِوٰى نَصِيْبِنَا مِنَ الْخُمُسِ فَاَصَابَنِيْ
شَارِفٌ وَالشَّارِفُ الْمُسِنُّ الْكَبِيْرُ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ مال غنیمت کے خمس میں سے جو ہمارا حصہ نکلتا تھا، اس کے علاوہ بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیں مال عطا فرمایا میرے حصہ میں ایک "شارف" آیا اور شارف بڑی عمر کا اونٹ ہوتا ہے۔

۴۴۴۹ - وَحَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ
حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ ح وَحَدَّثَنِيْ حَرْمَلَةُ
بْنُ يَحْيٰى اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ كِلَاهُمَا
عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ بَلَغَنِيْ
عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَفَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً بِنَحْوِ حَدِيْثِ
ابْنِ رَجَاءٍ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سریہ کو مال غنیمت دیا باقی حدیث ابن رجاء کی روایت کی طرح ہے۔

۴۴۵۰ - وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ ابْنُ
شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ
قَالَ حَدَّثَنِيْ عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ
شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ
يُنَفِّلُ بَعْضَ مَنْ يَبْعَثُ مِنَ السَّرَايَا
لِاَنْفُسِهِمْ خَاصَّةً سِوٰى قِسْمِ عَامَّةِ
الْجَيْشِ وَالْخُمُسُ فِيْ ذٰلِكَ

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سریہ کے بعض مجاہدین کو مال غنیمت میں سے ان کے حصہ کے علاوہ خصوصیت کے ساتھ بھی کچھ عنایت فرماتے تھے اور پورے لشکر کے لیے خمس واجب تھا۔

وَاجِبٌ كُلُّهٗ۔

اس باب کی احادیث میں نفل اور غنیمت کا ذکر آگیا ہے اس لیے ہم غنیمت اور نفل کی تفصیل اور تحقیق بیان کر رہے ہیں۔

نفل کا لغوی معنی

علامہ ابن اثیر جزری لکھتے ہیں: احادیث میں نفل اور انفال کا ذکر بکثرت آیا ہے، اس کا معنی زیادتی ہے، نفلی عبادات کو نوافل اسی لیے کہتے ہیں کہ وہ فرائض پر زائد ہوتی ہیں حدیث میں ہے لایزال العبد یتقرب الی بالنوافل "بندہ نوافل کے ساتھ ہمیشہ میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے" اور تراویح کی حدیث میں ہے لو نفلتنا بقیۃ لیلتنا ھذہ "کاش آپ رات کے باقی حصہ میں ہم کو نفلی نماز پڑھاتے" ایک اور حدیث میں ہے:

ان المغانم کانت محرمۃ علی الامم قبلنا فنفلھا اللہ تعالٰی ھذہ الامۃ۔

ہم سے پہلی امتوں پر مال غنیمت حرام تھا اللہ تعالیٰ نے اس امت کو مال غنیمت کی زیادتی عطا فرمائی ہے۔

نفل (فا کے سکون کے ساتھ) کا معنی زیادتی ہے اور کبھی نَفَل (فاء کی زبر) کا معنی بھی زیادتی ہوتا ہے اور نفل کا معنی مال غنیمت ہے۔ [1]

نفل کا اصطلاحی معنی

بعض مجاہدین کو مال غنیمت سے بالخصوص کچھ زیادہ مال (بطور عطیہ یا انعام) دینا نفل ہے گویا لشکر کا امیر کہے جس نے فلاں چیز کو حاصل کر لیا اس کو اس چیز کا چوتھا حصہ یا تیسرا حصہ ملے گا یا وہ چیز اس کو مل جائے گی، یا جس نے کسی شخص کو قتل کر دیا تو اس سے چھینا ہوا مال اس کو مل جائے گا، یا کسی لشکر سے کہے جو مال تم نے حاصل کیا وہ تمہارا ہے، یہ نفل ہے اس کو نفل اس لیے کہتے ہیں کہ یہ حصہ مال غنیمت پر زائد ہوتا ہے۔ [2]

تنفیل میں مذاہب فقہاء

تنفیل کے جواز پر قرآن مجید کی یہ آیت دلیل ہے:

یا ایھا النبی حرض المؤمنین علی القتال (انفال: ۶۵)

اے نبی! ایمان والوں کو (کافروں سے) قتال پر برانگیختہ کیجئے

تمام اموال میں تنفیل جائز ہے خواہ سونا، چاندی ہو یا سلب ہو، مقتول کا مال، مثلاً اس کے کپڑے، اس کے ہتھیار اور اس کی سواری بالاتفاق سلب ہیں اور اگر دوسری سواری پر مقتول کا غلام ہو یا دوسری سواری پر اس کے ساتھ اور اموال ہوں تو فقہاء حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک یہ مال غنیمت ہے، فقہاء مالکیہ اور حنفیہ کے نزدیک سلب حاصل کرنے کے لیے امام کی اجازت ضروری ہے اور فقہاء شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک قاتل مقتول کے مال کو ہر حال میں حاصل کرے گا کیونکہ حدیث میں ہے: امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن ابی قتادۃ قال قال رسول اللہ صلی

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ

۱۔ علامہ محمد بن اثیر الجزری متوفی ۶۰۶ھ، نہایہ ج ۵ ص ۹۹، مطبوعہ مؤسسۃ مطبوعات ایران، ۱۳۶۴ھ

۲۔ ڈاکٹر وہبہ زحیلی الفقہ الاسلامی وادلتہ ج ۶ ص ۴۵۲، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۴۰۲ھ

اللہ علیہ وسلم من قتل قتیلا لہ علیہ بینۃ فلہ سلبہ۔[1] صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے کسی (کافر) کو قتل کیا اور اس کے پاس اس پر شہادت ہو تو اس کا سلب اس کو ملے گا۔

ان دونوں فریقوں میں اختلاف کا منشاء یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا ہے "جو شخص کسی (کافر) کو قتل کرے اس کو اس کا سلب ملے گا" آیا آپ نے یہ حکم بحیثیت امیر دیا تھا یا یہ آپ نے ایک شرعی حکم بیان کیا ہے؟۔

فقہاء احناف اور فقہاء مالکیہ یہ کہتے ہیں کہ قاتلوں کو مقتولین کا سلب صرف یوم حنین کو دیا گیا تھا، اس لیے بعض مجاہدین کی سلب کے ساتھ خصوصیت امام کے اجتہاد پر موقوف ہے، اور یہ صرف امیر کی سیاست کی جہت سے ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بحیثیت امیر کے جو تصرفات کیے ہیں اس قسم کے تصرفات میں ہر زمانہ کے امیر کی اجازت ضروری ہے۔

فقہاء شافعیہ اور حنابلہ یہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سلب کو جو بطور انعام دیا ہے، یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شرعی حکم بیان کیا ہے اور بحیثیت امیر یہ حکم نہیں دیا اور ہر وہ حکم جس کو آپ نے بہ طریق فتویٰ اور تبلیغ بیان کیا ہو اس میں قاضی کی قضاء اور امام کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے، اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے: "جس شخص نے کسی غیر آباد زمین کو کاشت کیا وہ اس کا مالک ہے"، اس میں بھی یہی اختلاف ہے، فقہاء احناف اور مالکیہ کے نزدیک کوئی شخص امیر کی اجازت کے بغیر اس زمین کا مالک نہیں ہوگا اور فقہاء شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک محض کاشت کرنے سے وہ شخص اس زمین کا مالک ہو جائے گا۔

تنفیل کی شرائط

فقہاء احناف اور مالکیہ کے نزدیک تنفیل اس قتل میں جاری ہوتی ہے جو مباح ہو اس لیے اگر کوئی شخص غیر جنگجو افراد مثلاً بچہ، عورت، مجنون وغیرہ کو قتل کر دے تو وہ نفل کا مستحق نہیں ہوگا۔

تنفیل کے جواز کی یہ شرط ہے کہ مجاہدین کے ہاتھوں میں مال غنیمت پہنچنے سے پہلے ان کو نفل (انعام) دیا جائے اور اگر مال غنیمت تقسیم کر دیا گیا تو اب صرف خمس سے ان کو انعام دیا جا سکتا ہے۔

تنفیل کا حکم

تنفیل کا حکم یہ ہے کہ قتل کرنے والا مجاہد اس عطیہ یا انعام کے ساتھ خاص کر دیا جاتا ہے اور باقی مجاہدین اس میں شریک نہیں ہوتے لیکن امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک جب مال دار اسلام میں پہنچ جائے تب مال پر ملکیت مکمل ہوتی ہے اور امام محمد کے نزدیک دار اسلام میں مال پہنچنے سے پہلے بھی ملکیت مکمل ہو جاتی ہے۔[2]

تنفیل میں فقہاء احناف کا نظریہ

ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں: تنفیل یہ ہے کہ امام یہ کہے کہ جس شخص یا سریہ نے فلاں چیز کو حاصل کر لیا تو اس کو

---

[1] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۸۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] ملک العلماء علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی [illegible]، مطبوعہ ایچ۔ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

اس چیز کا چوتھائی ملے گا یا تہائی ملے گا یا وہ چیز مل جائے گی یا یہ جس نے کسی شخص کو قتل کر دیا تو اس کا سلب اس کو ملے گا، یہ اس لیے جائز ہے کہ یہ قتال پر برانگیختہ کرنے کی تخصیص ہے اور یہ شریعت میں مستحب ہے، اللہ عز شانہٗ فرماتا ہے: یا ایھا النبی حرض المؤمنین علی القتال "اے نبی! مسلمانوں کو جنگ پر برانگیختہ کیجئے" البتہ امام کو یہ سزاوار نہیں کہ وہ جنگ سے حاصل شدہ تمام مال کو بطور انعام (تنفیل) دینے کا اعلان کر دے کیونکہ اس میں دوسرے مجاہدین کی حق تلفی ہے لیکن اس کے باوجود اگر کسی وقت یہ جنگی مصلحت کا تقاضا ہو تو پھر جائز ہے۔

تنفیل کے دو حکم ہیں ایک یہ کہ نفل صاحب نفل کے ساتھ مختص ہوتا ہے یعنی جس مجاہد کو کسی کارنامہ کی وجہ سے انعام دیا گیا ہے اس انعام میں دوسرے افراد شریک نہیں ہوتے، دوسرا حکم یہ ہے کہ نفل میں خمس واجب نہیں ہوتا کیونکہ خمس اس مال غنیمت میں واجب ہوتا ہے جو تمام مجاہدین میں مشترک ہوتا ہے اور نفل کو امام کسی ایک شخص کے ساتھ مختص کرتا ہے۔ [۱]

فئے کا لغوی اور شرعی معنی

علامہ ابن اثیر الجزری لکھتے ہیں فئے کا معنی ہے لوٹنا اور پلٹنا۔ اور اصطلاح شرع میں اس کا معنی ہے اموال کفار میں سے جو مال مسلمانوں کو بغیر جنگ اور جہاد کے حاصل ہوا ہو۔ [۲]

ڈاکٹر وہبہ زحیلی لکھتے ہیں: فئے وہ مال ہے جو حربیوں سے بغیر جنگ کے حاصل ہو۔ جو مال صلح سے حاصل ہو جیسے جزیہ اور خراج وہ بھی مال فئے ہے۔ مال فئے میں تصرف کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے۔ قرآن مجید میں ہے:

وما افاء الله علی رسوله منهم فما اوجفتم علیه من خیل ولا رکاب ولکن الله یسلط رسله علی من یشاء ط والله علی کل شیء قدیر ٥ ما افاء الله علی رسوله من اهل القری فلله وللرسول ولذی القربی والیتمی والمسکین وابن السبیل لا کی لا یکون دولة بین الاغنیاء منکم ط۔

(حشر: ۷-۶)

اور جو اموال اللہ تعالیٰ نے ان (کافروں) سے (نکال کر) اپنے رسول پر پلٹا دیے تم نے تو ان پر اپنے گھوڑے دوڑائے تھے نہ اونٹ، لیکن اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو جن پر چاہے غلبہ عطا فرماتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ جو چاہے اس پر قادر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو (اموال) ان بستیوں والوں سے نکال کر اپنے رسول پر لوٹا دیے تو وہ اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہیں اور (رسول کے) قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہیں تاکہ وہ اموال تمہارے مالداروں کے درمیان گردش کرتے نہ رہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بنو نضیر کے اموال اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بطور فئے عطا فرمائے تھے۔ اور یہ صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تصرف میں تھے، آپ ان اموال میں سے اپنے اہل وعیال کے لیے ایک سال کا خرچ دیتے تھے اور باقی مال کو جنگی سواریوں کے لیے خرچ کرتے تھے۔ [۳]

[۱] - ملک العلماء علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۱۱۵، مطبوعہ ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

[۲] - علامہ محمد بن اثیر الجزری متوفی ۶۰۶ھ، نہایہ ج ۳ ص ۴۸۲، مطبوعہ مؤسسۃ مطبوعاتی ایران، ۱۳۶۴ھ

[۳] - ڈاکٹر وہبہ زحیلی الفقہ الاسلامی وادلتہ ج ۶ ص ۴۵۵، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۲ھ

فے کے حکم میں فقہاء احناف کا نظریہ

ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں: فے اس مال کو کہتے ہیں جس کے حصول کے لیے مسلمانوں نے جنگ نہ کی ہو، مثلاً جو اموال مسلمانوں کے امیر کی طرف سفارت کے ذریعے بھیجے جاتے ہیں یا وہ اموال جو اہل حرب سے کسی عہد کی بناء پر لیے جاتے ہوں۔ اس مال سے خمس نہیں لیا جاتا، کیونکہ خمس اس مال سے لیا جاتا ہے جو کفار سے بذریعہ جنگ حاصل کیا گیا ہو۔

مال فے صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تصرفات کے ساتھ خاص ہے خواہ آپ اپنے اوپر خرچ کریں یا جن لوگوں پر آپ خرچ کرنا چاہیں ان کے اوپر خرچ کردیں۔ اسی وجہ سے اموال فدک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص تھے کیونکہ ان کے حصول کے لیے صحابہ نے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے تھے، کیونکہ روایت ہے کہ جب اہل فدک کو یہ خبر پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو خیبر سے جلاوطن کرنا چاہتے ہیں تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس معاہدہ پر صلح کرلی کہ وہ وہاں کی زمینوں پر کاشت کاری کریں گے اور پیداوار کا نصف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا کریں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور بعد کے حکام میں یہ فرق ہے کہ یہ اموال فے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خرچ کے لیے ہوتے تھے اور بعد کے ائمہ کے پاس جو اموال فے آتے ہیں وہ عام مسلمانوں پر خرچ کے لیے ہوتے ہیں، کیونکہ یہ فتوحات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رعب اور ہیبت کی وجہ سے تھیں جیسا کہ آپ نے فرمایا: میری اس چیز سے مدد کی گئی ہے کہ دو ماہ کی مسافت تک میرا رعب طاری کر دیا گیا ہے۔

مذکور الصدر قاعدہ کی بناء پر یہ اختلاف ہے کہ اگر کوئی حربی (اس سے مطلقاً کافر مراد نہیں) امان حاصل کیے بغیر دارالاسلام میں داخل ہو جائے، اس کو کوئی مسلمان پکڑ لے تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس سے حاصل شدہ مال جماعت مسلمین کے لیے ہوگا اور اس کو پکڑنے والے کے ساتھ خاص نہیں ہوگا اور امام ابویوسف اور امام محمد کے نزدیک وہ مال پکڑنے والے کے ساتھ مختص ہوگا، صاحبین کی دلیل یہ ہے کہ اس مال کی ملکیت کا سبب اس حربی کو پکڑنے والے کے ساتھ خاص ہے۔ اس لیے اس سے حاصل شدہ مال بھی اسی کے ساتھ خاص ہونا چاہیے اور امام ابوحنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ عام مسلمانوں کی ملکیت کے ثبوت کا ایک سبب اس جگہ متحقق ہوگیا جو ملکیت کی استعداد رکھتا ہے اور وہ محل مباح ہے لہٰذا حربی کا یہ مال تمام مسلمانوں کی ملکیت ہوگا، جیسا کہ ایک جماعت مل کر کسی شکار کو پکڑ لے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جب وہ حربی دار اسلام میں داخل ہوا تو اس پر تمام دار اسلام کے مسلمانوں کا غلبہ ثابت ہوگیا کیونکہ دار اسلام ان سب کے قبضہ میں ہے اور جو چیز دار اسلام میں آجائے گی اس پر ان سب کا قبضہ ہوگا۔ اسی وجہ سے ہم کہتے ہیں کہ جب تک اموال کفار دار الحرب میں ہوں اس وقت تک ان پر غانمین کی ملکیت ثابت نہیں ہوگی تاوقتیکہ ان اموال کو دار اسلام میں منتقل نہ کر لیا جائے۔[1] فے کی تمام تفصیل، تحقیق اور بیان مذاہب باب نمبر ۵۹۲ میں ملاحظہ فرمائیں۔

مال غنیمت کا لغوی معنی اور شرعی تفسیر

غنیمت کا لغوی معنی ہے کسی چیز کا بغیر محنت اور مشقت کے حاصل ہونا، علامہ ابن اثیر الجزری لکھتے ہیں: مسلمانوں نے جنگ کے ذریعہ گھوڑے اور اونٹ دوڑا کر حربیوں کا جو مال حاصل کیا ہو اس کو مال غنیمت کہتے ہیں۔[2]

---

[1] ملک العلماء علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۱۱۶، مطبوعہ ایچ۔ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

[2] علامہ محمد بن اثیر الجزری متوفی ۶۰۶ [illegible] مطبوعہ ایران، ۱۳۶۷ھ

ڈاکٹر وہبہ زحیلی لکھتے ہیں: اہل حرب کا جو مال جنگ سے حاصل کیا جائے وہ مال غنیمت ہے۔ [۵۱]
ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں: جو سامان اہل حرب کو مغلوب کر کے حاصل کیا جائے وہ سامان ہمارے نزدیک مال غنیمت ہے، اور زور اور غلبہ صرف قوت جنگ سے متحقق ہوتا ہے، یا تو حقیقۃً قوت جنگ ہو یا حکماً ہو اور وہ امیر کی اجازت ہے، امام شافعی کے نزدیک اہل حرب سے جس طرح بھی مال حاصل کر لیا جائے وہ مال غنیمت ہے، ان کے نزدیک اس میں عسکری طاقت اور قوت جنگ کا ہونا شرط نہیں ہے۔ مثلاً ایک جماعت اسلحہ کے ساتھ دار الحرب میں داخل ہوئی اور انھوں نے حربیوں کا مال حاصل کر لیا تو اس مال میں سے مال غنیمت کر اجماعاً نکالا جائے گا خواہ وہ امام کی اجازت سے داخل ہوئے ہوں یا امام کی اجازت کے بغیر کیونکہ انھوں نے اسلحہ کے بل پر غالب آکر مال حاصل کیا ہے اور اسلحہ حقیقۃً فوج کے قائم مقام ہے، اور ظاہر الروایہ کے مطابق کم از کم فوج کی تعداد چار ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہترین اصحاب چار ہیں اور امام ابو یوسف سے نو کی روایت ہے۔ اور اگر کوئی شخص بغیر ہتھیاروں کے امام کی اجازت سے دار الحرب میں داخل ہوا تو اس کا حاصل کیا ہوا مال ظاہر الروایۃ کے مطابق مال غنیمت ہوگا۔ کیونکہ امام کی اجازت عسکری طاقت اور فوجی قوت کے قائم مقام ہے، اور اگر کوئی شخص امام کی اجازت اور اسلحہ کے بغیر دار الحرب میں داخل ہوا تو اس کا حاصل کیا ہوا مال، مال غنیمت نہیں ہوگا کیونکہ اس کے پاس قوت جنگ اور غالب آنے کی طاقت اصلاً نہیں ہے، اس کے پاس بالفعل اسلحہ ہے نہ اس کو امیر کی اجازت اور تائید و حمایت حاصل ہے۔ اور امام شافعی کے نزدیک یہ مال بھی مال غنیمت ہے، لیکن ہمارا قول صحیح ہے کیونکہ غنیمت کا معنی ہے وہ مال جس کو اہل حرب سے حاصل کیا جائے اور اس مال کے حصول کے لیے مسلمانوں نے اپنے گھوڑے اور اونٹ دوڑائے ہوں قرآن مجید کی اشارۃ النص سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ما افاء اللہ علی رسولہ منھم فما اوجفتم علیہ من خیل ولا رکاب۔ (حشر: ۶)

اور جو اموال اللہ تعالیٰ نے ان (کافروں) سے (نکال کر) اپنے رسول پر پلٹا دیے تم نے تو ان پر اپنے گھوڑے دوڑائے تھے نہ اونٹ،

اس آیت میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے یہ اشارہ فرمایا ہے کہ جب تک مسلمان کسی مال کے حصول کے لیے گھوڑے اور اونٹ نہ دوڑائیں اس وقت تک یہ مال، مال غنیمت نہیں ہوگا، اور اہل حرب کے مال کو گھوڑے اور اونٹ دوڑا کر حاصل کرنا صرف جنگی اور دفاعی قوت کے ذریعہ ہی ممکن ہے اور جب دفاعی قوت حقیقۃً ہو نہ حکماً تو پھر کسی مال کو قہر اور غلبہ سے حاصل کرنا ممکن نہیں ہے اور اس کے بغیر حاصل کیا ہوا مال، شکار کی طرح مال مباح ہوگا۔ [۵۲]

مفتوحہ علاقہ کی زمینوں اور ساز و سامان کا حکم

ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں: جب مسلمانوں کا امیر اہل حرب کے کسی ملک پر فتح حاصل کرے تو مفتوحہ امور تین چیزیں ہیں ساز و سامان، زمین اور جنگی قیدی۔ ساز و سامان میں سے خمس (پانچواں حصہ) نکالا جائے

۵۱۔ ڈاکٹر وہبہ زحیلی، الفقہ الاسلامی وادلتہ، ج ۶ ص ۴۵۶، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۲ھ
۵۲۔ ملک العلماء علامہ ابو بکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۷، ص ۱۱۸-۱۱۷، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۲ھ

گا اور باقی چار حصے مجاہدین میں تقسیم کر دیے جائیں گے اور ان میں امیر کا کوئی اختیار نہیں ہے، اور زمین میں امیر کا اختیار ہے اگر وہ چاہے تو زمین کا خمس نکال کر باقی مجاہدین میں تقسیم کر دے اور چاہے تو ان زمینوں کو خراج کے عوض ان کے مالکوں کے پاس رہنے دے اور زمین کے مالکوں کو ذمی بنا دے (بشرطیکہ وہ اہل ذمہ ہوں یعنی وہ اہل کتاب ہوں یا عجم کے مشرکین ہوں) اور ان لوگوں پر شخصی طور پر جزیہ عائد کرے اور ان کی زمینوں سے خراج وصول کرے، یہ ہمارا اور امام شافعی کا مذہب ہے اور امام مالک یہ کہتے ہیں کہ زمین کو خراج پر دینا جائز نہیں ہے بلکہ مجاہدوں پر تقسیم کرنا واجب ہے۔

امام مالک کی دلیل یہ ہے کہ اس زمین کو مجاہدین نے غلبہ سے حاصل کیا ہے اور زمین کے مالکوں کو زمین دینے سے مجاہدین کی حق تلفی ہوتی ہے پس جس طرح امیر کو مفتوحہ ساز و سامان پر اختیار نہیں ہے اسی طرح امیر کو مفتوحہ زمینوں پر بھی اختیار نہیں ہے۔ (علامہ کاسانی نے امام مالک کا یہ قول صحیح نقل نہیں کیا۔ صحیح یہ ہے کہ امام مالک کے نزدیک ان اراضی کو مجاہدین پر تقسیم نہیں کیا جائے گا۔)

ہماری دلیل یہ ہے کہ زمین کو خراج کے عوض دینے پر تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کا اجماع ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ نے جب سوادِ عراق (عراق کے دیہات اور بستیاں) کو فتح کیا تو آپ نے ان زمینوں کو ان کے سابقہ مالکوں کی ملک میں رہنے دیا اور ان لوگوں پر جزیہ مقرر کیا اور ان کی زمینوں پر خراج مقرر کیا آپ نے تمام صحابہ کی موجودگی میں یہ فیصلہ کیا اور کسی صحابی نے اس سے اختلاف نہیں کیا سو اس فیصلہ پر تمام صحابہ کا اجماع ہو گیا۔

جنگی قیدیوں کے حکم کے متعلق فقہاء اسلام کے نظریات

جنگی قیدیوں کے بارے میں امیر کو تین امور میں سے کسی ایک کا اختیار ہے اگر امیر چاہے تو جنگی قیدیوں کو قتل کر دے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ بدر کے قیدیوں میں سے عقبہ بن ابی معیط اور نضر بن حارث کو قتل کیا تھا نیز ان کو قتل کرنے میں مادہ فساد کو جڑ سے اکھاڑنا ہے، اور اگر امیر چاہے تو ان کو غلام بنا لے کیونکہ اس سے ان کا شر دور ہو گا اور اہل اسلام کو نفع حاصل ہو گا، اور اگر چاہے تو مشرکین عرب اور مرتدین کے ماسوا کو آزاد رہنے دے اور ان سے جزیہ وصول کرے، ان قیدیوں کو واپس دار الحرب میں بھیجنا جائز نہیں ہے کیونکہ اس اقدام سے کفار کو مسلمانوں کے خلاف قوت حاصل ہو گی، اور اگر قیدی مسلمان ہو جائیں تو پھر ان کو قتل نہ کرے البتہ ان کو غلام بنانا جائز ہے کیونکہ غلامی اسلام کے منافی نہیں ہے۔

امام ابوحنیفہ کے نزدیک قیدیوں کا مسلمان قیدیوں سے تبادلہ جائز نہیں ہے، امام ابو یوسف اور امام محمد یہ کہتے ہیں کہ مسلمان قیدیوں کو بطور فدیہ لے کر جنگی قیدیوں کو چھوڑنا جائز ہے، امام شافعی کا بھی یہی قول ہے، کیونکہ اس اقدام سے مسلمانوں کو کافروں کی قید سے رہائی دلانا ہے اور یہ کافر کو قتل کرنے اور اس کو غلام بنانے یا جزیہ لینے سے بہتر ہے، امام ابوحنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ تبادلہ کی وجہ سے جنگجو کفار دار الحرب میں چلے جائیں گے اور دوبارہ مسلمانوں سے لڑیں گے اور جنگ کے شر کو دور کرنا مسلمان قیدی کے چھڑانے سے بہتر ہے، نیز جب مسلمان قیدی ان کی قید میں ہو گا تو یہ صرف اس کے حق میں ابتلاء ہے اور دوسرے مسلمانوں کو اس سے خطرہ نہیں ہے اور جنگی قیدیوں کے تبادلہ کے بعد کافر جنگی قیدی دوسرے مسلمانوں کے [illegible] مشہور مذہب یہ ہے کہ مال کے بدلہ میں جنگی قیدیوں کو چھوڑنا جائز نہیں ہے اور سیر کبیر میں ہے کہ اگر مسلمانوں کو پیسوں کی ضرورت ہو تو پھر مال کے بدلہ میں جنگی

قیدیوں کو چھوڑنا جائز ہے، جس طرح جنگ بدر میں قیدیوں کو فدیہ لے کر چھوڑ دیا گیا تھا، اور اگر کوئی قیدی مسلمان ہو جائے تو پھر اس کا مسلمان قیدی سے تبادلہ جائز نہیں ہے کیونکہ اس میں کوئی فائدہ نہیں ہے، ہاں اگر وہ شخص تبادلہ پر راضی ہو اور اس کے اسلام کو خطرہ نہ ہو تو پھر جائز ہے۔ جنگی قیدیوں پر احسان کر کے ان کو چھوڑ دینا بھی جائز نہیں ہے، اس کے برخلاف امام شافعی یہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جنگ بدر میں بعض قیدیوں پر احسان کر کے انھیں چھوڑ دیا تھا، ہماری دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم "مشرکین کو جہاں پاؤ قتل کر دو" نیز ان کو قید میں رکھنے سے ان کو غلام بنانے کا حق حاصل ہوتا ہے اور کسی منفعت اور عوض کے بغیر اس حق کو ساقط کرنا جائز نہیں ہے اور جو حدیث انھوں نے بیان کی ہے وہ منسوخ ہے۔ [1]

جنگی قیدیوں کو مال یا مسلمان جنگی قیدیوں کے بدلہ میں رہا کرنے کی تحقیق

علامہ ابن ہمام حنفی لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ سے ایک روایت تو یہی ہے کہ جنگی قیدیوں کا مسلمان قیدیوں سے تبادلہ جائز نہیں ہے، علامہ قدوری اور صاحب ہدایہ نے اسی روایت کو اختیار کیا ہے۔ اور دوسری روایت یہ ہے کہ مسلمان قیدیوں کے بدلہ میں جنگی قیدیوں کو چھوڑنا جائز ہے جیسا کہ امام ابویوسف، امام محمد، امام شافعی، امام مالک اور امام احمد کا قول ہے، کیونکہ ان سب کے نزدیک عورتوں کے علاوہ جنگی قیدیوں کو مسلمان قیدیوں کے بدلہ میں چھوڑنا جائز ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان قیدیوں کے بدلہ میں جنگی قیدیوں کو چھوڑا ہے، امام ابوحنیفہ سے یہ روایت سیر کبیر میں ہے اور ایک قول یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کی یہی روایت زیادہ ظاہر ہے، امام ابویوسف یہ کہتے ہیں کہ مال غنیمت کی تقسیم سے پہلے جنگی قیدیوں کا تبادلہ جائز ہے اور تقسیم کے بعد جائز نہیں ہے، اور امام محمد کے نزدیک تقسیم سے پہلے اور بعد ہر صورت میں یہ تبادلہ جائز ہے۔ [2]

امام مالک، امام شافعی، امام احمد، امام ابویوسف اور امام محمد کے نزدیک مسلمان جنگی قیدیوں کے بدلہ میں جنگی قیدیوں کو چھوڑنا جائز ہے، اور امام ابوحنیفہ سے بھی ایک روایت یہی ہے اس لیے ہمارے نزدیک امام ابوحنیفہ کی اسی روایت پر عمل کرنا چاہیے اور جنگی قیدیوں کا مسلمان قیدیوں سے تبادلہ کر لینا چاہیے۔

جنگی قیدیوں کو بلا معاوضہ امتناناً اور احساناً رہا کرنے کی تحقیق

علامہ ابن ہمام حنفی لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام احمد کے نزدیک جنگی قیدیوں کو بلا معاوضہ محض احساناً چھوڑنا جائز نہیں ہے، اور امام شافعی یہ کہتے ہیں کہ اگر امیر کے نزدیک اس میں مصلحت ہو تو پھر جائز ہے، امام شافعی کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

---

[1] علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اولین ص ۵۴۷-۵۴۲، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان
[2] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۵ ص ۲۲۰-۲۲۱، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

فاذا لقیتم الذین کفروا فضرب الرقاب حتی اذا اثخنتموھم فشدوا الوثاق فاما منا بعد واما فداءً۔

(محمد: ۴)

سو جب تمہارا کافروں سے مقابلہ ہو تو ان کی گردنیں اڑا دو، حتیٰ کہ جب تم ان کا خوب خون بہا چکو تو ان (جنگی قیدیوں) کو مضبوطی سے باندھ لو پھر خواہ محض احسان کر کے انہیں چھوڑ دو یا ان سے فدیہ لے کر ان کو چھوڑ دو۔

نیز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جنگ بدر کے کئی قیدیوں کو احساناً چھوڑ دیا ان میں سے ایک قیدی ابوالعاص بن ابی الربیع تھے، چنانچہ امام ابن اسحاق اور امام ابو داؤد نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ جب اہل مکہ نے اپنے قیدیوں کو چھڑانے کے لیے فدیہ بھیجا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے ابوالعاص کو چھڑانے کے لیے فدیہ بھیجا اور اس فدیہ میں وہ ہار بھی تھا جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو جہیز میں رخصتی کے وقت دیا تھا، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ہار کو دیکھا تو آپ پر رقت طاری ہو گئی اور آپ نے صحابہ سے فرمایا اگر تم مناسب خیال کرو تو اپنے قیدی کو زینب کی خاطر چھوڑ دو اور زینب کا بھیجا ہوا فدیہ واپس کر دو۔ اس حدیث کو حاکم نے روایت کیا ہے، اور اس کو صحیح قرار دیا ہے، اور اس میں یہ بھی ہے کہ آپ نے ابوالعاص سے وعدہ لیا کہ وہ حضرت زینب کو آپ کے پاس روانہ کر دیں سو انہوں نے حضرت زینب کو آپ کے پاس روانہ کر دیا، اور ابن اسحاق نے ذکر کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلب بن حنطب کو بھی بلا عوض احسان کر کے چھوڑ دیا۔ مطلب بن حنطب کو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے گرفتار کیا تھا آپ نے اس کو رہا کر دیا۔ اسی طرح ایک شخص کی کئی بیٹیاں تھیں اور وہ محتاج تھا آپ نے اس کو بھی بلا عوض چھوڑ دیا اس کا نام ابوعزۃ الجمحی تھا آپ نے اس سے یہ عہد لیا تھا کہ وہ آپ کے خلاف کسی کی مدد نہیں کرے گا، اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں کئی اشعار کہے، پھر وہ جنگ میں مشرکین کے ساتھ گرفتار ہوا، اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو قتل کرنے کا حکم دیا، اور سب سے واضح دلیل یہ ہے کہ صحیح بخاری میں ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مطعم بن عدی زندہ ہوتا اور وہ مجھ سے ان بدبودار (بدر کے قیدیوں) کی رہائی کے لیے سفارش کرتا تو میں ان کو چھوڑ دیتا۔ (صحیح بخاری ج ۲ ص ۳، ۵ مطبوعہ کراچی) سو اگر جنگی قیدیوں کو چھوڑنا جائز نہ ہوتا تو آپ اس طرح نہ فرماتے، مصنف (صاحب ہدایہ) نے یہ کہا ہے کہ ان تمام واقعات کا حکم سورۂ توبہ کی آیت اقتلوا المشرکین "مشرکین کو قتل کر دو" سے منسوخ ہے، یہ ٹھیک ہے کہ بدر کے یہ واقعات سورۂ توبہ نازل ہونے سے پہلے کے ہیں لیکن مصنف کا یہ جواب اس لیے صحیح نہیں ہے کہ اقتلوا المشرکین "مشرکین کو قتل کر دو" کا یہ حکم جنگی قیدیوں کے ماسوا کے لیے ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ جنگی قیدیوں کو غلام بنانا بالاجماع جائز ہے اگر ان کو قتل کرنا ضروری ہوتا تو ان کو غلام بنانا جائز نہ ہوتا اس سے واضح ہو گیا کہ مشرکین کو قتل کرنے کا حکم جنگی قیدیوں کے ماسوا میں ہے اور یہ کہ جنگی قیدیوں کو فدیہ لے کر اور بلا معاوضہ احساناً چھوڑنے کے تمام واقعات غیر منسوخ ہیں اسی طرح قرآن مجید کی آیت فاما منا بعد واما فداء "جنگی قیدیوں کو بلا معاوضہ چھوڑ دو یا فدیہ لے کر چھوڑ دو" بھی غیر منسوخ اور محکم ہے۔ [1]

---

[1] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ ھ، فتح القدیر ج ۵ ص ۲۲۱-۲۲۲ مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

علامہ ابن ہمام نے جو محققانہ بحث کی ہے اس سے واضح ہوگیا کہ جنگی قیدیوں کو مسلمان قیدیوں کے فدیہ میں یا مال کے فدیہ میں رہا کرنا جائز ہے جیسا کہ ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد کا مسلک ہے اور امام اعظم ابو حنیفہ کی بھی یہی روایت مختار ہے اور اگر امیر مناسب سمجھے تو جنگی قیدیوں کو بلا معاوضہ احساناً اور احساناً چھوڑنا بھی جائز ہے جیسا کہ قرآن مجید کی نص صریح اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے اور یہی امام شافعی رحمہ اللہ کا موقف ہے۔

کیا موجودہ دور میں بھی جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانا جائز ہے؟

اس بحث سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانا لازمی اور حتمی حکم نہیں ہے بلکہ یہ امیر کی رائے اور صواب دید پر موقوف ہے اور اس کی اجازت اس لیے دی گئی تھی کہ پہلے دنیا میں عام جنگی چلن یہی تھا کہ فاتح قوم مفتوح قوم کے جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنالیتی تھی اس لیے اسلام نے بھی یہ اجازت دی کہ اگر کوئی قوم مسلمانوں کے جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بناتی ہے تو مسلمان بھی اس قوم کے جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنالیں۔ کیونکہ:

وجزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا۔ (الشوریٰ: ۴۰) اور برائی کا بدلہ اس کی مثل برائی ہے۔

لیکن اب جبکہ دنیا سے غلامی کی لعنت ختم ہو چکی ہے اور کوئی قوم دوسری قوم کے جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام نہیں بناتی تو اب کسی مفتوح قوم کے جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانے کی کوئی وجہ نہیں ہے اس لیے اب جنگی قیدیوں کو فاما منّا بعد واما فداءً کے حکم پر عمل کرتے ہوئے فدیہ سے کر یا بغیر فدیہ کے احساناً اور امتناناً چھوڑ دینا چاہیے، اور چونکہ اسلام انسانیت کی اعلیٰ اقدار کا داعی ہے اور عدل واحسان کا نقیب ہے اور حسن عمل اور کار خیر میں کافروں سے آگے ہے اس لیے یہ کہنا بعید نہیں ہے کہ جب فریق مخالف جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانا روا نہیں رکھتا تو مسلمانوں کے لیے بدرجہ اولیٰ ان کے جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانا جائز نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید میں پہلے سے بنائے لونڈیوں اور غلاموں کے متعلق احکام تو بیان کیے گئے ہیں لیکن جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانے کی کہیں ہدایت نہیں دی، اس کے برخلاف ان کو فدیہ لے کر یا بلا فدیہ رہا کرنے کی ہدایت دی ہے اور ہر چند کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت کے جنگی چلن کے مطابق جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بھی بنایا تھا لیکن آپ نے بدر کے تمام جنگی قیدیوں کو رہا کر کے حسن عمل کی مثال قائم کی بعض کو فدیہ لے کر رہا کیا اور بعض کو بلا فدیہ رہا کیا اور "فاما منا بعد واما فداءً" پر پورا پورا عمل کیا بلکہ میں یہ کہتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانا رخصت پر عمل ہے اور انھیں فدیہ لے کر یا بلا فدیہ رہا کر دینا عزیمت پر عمل ہے جیسا کہ اس آیت سے ظاہر ہے:

وجزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا فمن عفا واصلح فاجرہ علی اللہ۔ (شوریٰ: ۴۰)

اور برائی کا بدلہ اس کی مثل برائی ہے، پھر جو شخص معاف کر دے اور (برائی کی) اصلاح کرے تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ (کرم پر) ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنا کر وجزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا پر عمل کیا اور انھیں آزاد کر کے فمن عفا واصلح پر عمل کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابتداءً جنگی قیدیوں کو رہا کرنے سے اختلاف کیا تھا اور بدر کے قیدیوں کو قتل کرنے کا مشورہ دیا تھا لیکن بالآخر نور رسالت ان پر غالب آگیا اور سواد عراق کے

جنگی قیدیوں کو انھوں نے قتل کیا نہ لونڈی اور غلام بنایا بلکہ ان سے جزیہ لے کر ان کو اہل ذمہ قرار دیا اور اس واقعہ سے فقہاء اسلام نے یہ استدلال کیا ہے کہ جنگی قیدیوں سے جزیہ لے کر ان کو اہل ذمہ بنانا جائز ہے۔

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں:

وان شاء ترکھم احرارا ذمۃ للمسلمین لما بینا من ان عمر فعل ذلک فی اھل السواد۔[1]

اور اگر مسلمانوں کا امیر چاہے تو جنگی قیدیوں کو آزاد چھوڑ دے اور انھیں ذمی بنا دے جیسا کہ حضرت عمر نے سواد عراق کے جنگی قیدیوں کے ساتھ معاملہ کیا تھا۔

علامہ بابرتی نے بھی یہی لکھا ہے۔[2]

علامہ جلال الدین خوارزمی حنفی لکھتے ہیں: اس میں حضرت عمر کے اس فعل کی طرف اشارہ ہے جو انھوں نے سواد عراق والوں سے کیا تھا، اگر اس پر یہ اعتراض ہو کہ قتل کو ترک کرنے کا اختیار ثابت نہیں ہونا چاہیے، کیونکہ یہ اختیار اس آیت کے خلاف ہے واقتلوھم حیث وجدتموھم "تم ان (کافروں کو) جہاں بھی پاؤ قتل کر دو" اس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت کے عموم سے بعض افراد مستثنیٰ ہیں چنانچہ مستامن اہل ذمہ اور عورتوں وغیرہ کو قتل نہیں کیا جاتا لہٰذا متنازع فیہ (یعنی جنگی قیدی) بھی حضرت عمر کے اس فعل کے سبب اس آیت کے اس عموم سے خاص کیے جائیں گے۔[3]

ان دلائل سے یہ ثابت ہو گیا کہ ابتداء اسلام میں جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانا اس زمانہ کے مخصوص حالات کی بناء پر معمول تھا اور بعد میں اس کو ترک کر دیا گیا اور اب جبکہ تمام دنیا میں جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانے کا طریقہ متروک ہو چکا ہے بلکہ سرے سے غلامی کی لعنت ختم ہو چکی ہے اور انسان کو انسان کا غلام بنانا اب معیوب سمجھا جاتا ہے تو اب جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانے کے جواز کو اسلام کے ساتھ نتھی کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے، اسلام نے جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانے کا کہیں حکم نہیں دیا اس کے جواز کو فقہاء نے بعض جزوی واقعات سے مستنبط کیا ہے اور یہ واقعات اخبار آحاد سے ثابت ہیں جو زیادہ سے زیادہ ظنیت کا فائدہ دیتے ہیں اس کے برخلاف جنگی قیدیوں کو فدیہ لے کر یا بلا فدیہ رہا کرنا قرآن مجید کا حکم قطعی ہے اور بعض جزوی اور ظنی واقعات کی بناء پر قرآن مجید کی نص قطعی کو ترک کرنا اور اس پر عمل نہ کرنا عقل اور اصول کے خلاف ہے، جبکہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگی قیدیوں کو فدیہ لے کر یا بلا فدیہ رہا کیا ہے تو انھی احادیث پر عمل کرنا چاہیے جو قرآن مجید کے صریح حکم کے مطابق ہیں اور جو احادیث اس حکم کے خلاف ہیں ان کی توجیہ ہم بیان کر چکے ہیں اور اب جبکہ جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانے کی وجہ باقی نہیں رہی اس لیے اب اس کا کوئی جواز باقی نہیں رہا۔ قرآن مجید میں جنگی قیدیوں کے بارے میں صرف ایک ہی حکم ہے اور وہ ہے:

---

[1] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۵ ص ۲۱۹، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[2] علامہ اکمل الدین محمد بن محمد بابرتی حنفی متوفی ۷۸۶ھ، عنایہ علی ہامش فتح القدیر ج ۵ ص ۲۱۹، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[3] علامہ جلال الدین خوارزمی، کفایہ مع فتح القدیر ج ۵ ص ۲۱۹، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

فاذا لقیتم الذین کفروا فضرب الرقاب حتی اذا اثخنتموھم فشدوا الوثاق فاما منًا بعد و اما فداء حتی تضع الحرب اوزارھا ذلک ولو یشاء اللہ لانتصر منھم و لکن لیبلو بعضکم ببعض۔

(محمد : ۴)

سو جب تمہارا کفار سے مقابلہ ہو تو (تمہارا پہلا کام) ان کی گردنیں مارنا ہے، حتی کہ جب تم ان کا خون بہا چکو تو پھر ان کو مضبوطی سے باندھ دو (اس کے بعد تمہیں اختیار ہے) خواہ محض ان پر احسان کر کے انہیں رہا کر دو یا ان سے فدیہ لے کر ان کو آزاد کر دو، تا آنکہ جنگ اپنے ہتھیار ڈال دے، یہی (اللہ کا حکم) ہے، اور اگر اللہ چاہتا تو خود ہی کافروں سے بدلہ لے لیتا لیکن (اس طریقہ کی وجہ یہ ہے کہ) وہ تم لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعہ آزمائے۔

بدر کے جنگی قیدیوں کو آزاد کرنے پر اعتراضات کے جوابات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے جنگی قیدیوں سے فدیہ لے کر ان کو رہا کر دیا تھا اس پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس فعل پر اظہار ناپسندیدگی کیا اور بطور عتاب کے یہ آیتیں نازل فرمائیں:

ما کان لنبی ان یکون لہ اسری حتی یثخن فی الارض تریدون عرض الدنیا واللہ یرید الاخرۃ واللہ عزیز حکیم۔ لولا کتب من اللہ سبق لمسکم فیما اخذتم عذاب عظیم۔ فکلوا مما غنمتم حللا طیبا واتقوا اللہ ان اللہ غفور رحیم۔

(انفال : ۶۷ - ۶۹)

کسی نبی کے شایانِ شان اس وقت تک قیدی (بنانا) نہیں ہے جب تک کہ وہ زمین پر اچھی طرح (کافروں کا) خون نہ بہا دے (اے مسلمانو!) تم (اپنے لیے) دنیا کا مال چاہتے ہو اور اللہ (تمہارے لیے) آخرت کا ارادہ فرماتا ہے اور اللہ بڑا غالب اور بہت حکمت والا ہے۔ اگر پہلے سے (معافی کا حکم) اللہ کی طرف سے لکھا ہوا نہ ہوتا تو تم نے جو (مال) لیا تھا اس کی وجہ سے تم کو ضرور بڑا عذاب پہنچتا۔ سو اب اس مال غنیمت کو کھاؤ جو تم نے حاصل کیا ہے درآں حالیکہ وہ حلال و طیب ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا اور بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

اس اعتراض کی وضاحت کے لیے ضروری ہے کہ پہلے جنگ بدر کے قیدیوں کو آزاد کرنے کی پوری تفصیل بیان کی جائے۔

بدر کے جنگی قیدیوں کی رہائی کا پس منظر بیان کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں: امام احمد اور امام ترمذی نے سند حسن کے ساتھ امام طبرانی اور امام حاکم نے سند صحیح کے ساتھ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ بدر کے دن جب قیدیوں کو لایا گیا (جن میں عباس بھی تھے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان قیدیوں کے بارے

میں تمہاری کیا رائے ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ آپ کی قوم اور آپ کے خاندان کے لوگ ہیں، ان کو زندہ رہنے دیں شاید کہ اللہ تعالیٰ ان کو توبہ کی توفیق مرحمت فرمائے! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ان لوگوں نے آپ کو جھٹلایا، آپ کو ہجرت پر مجبور کیا اور آپ سے جنگ کی، آگے بڑھیے اور ان کی گردنیں اتار دیجئے! حضرت عبداللہ بن رواحہ نے کہا: یا رسول اللہ! دیکھیے! یہ گھنی لکڑیوں کی وادی ہے اس کو آگ لگا دیجئے! عباس نے یہ سن کر کہا تم نے رحم کے رشتے توڑ دیے! نبی صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے گئے اور آپ نے کوئی جواب نہیں دیا، بعض صحابہ نے کہا: آپ نے حضرت ابوبکر کا مشورہ قبول کیا ہے اور بعض نے کہا آپ نے حضرت عمر کی رائے قبول کر لی ہے اور بعض نے کہا آپ نے حضرت عبداللہ بن رواحہ کا قول پسند کیا ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں کو نرم کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ وہ دودھ سے زیادہ رقیق ہو جاتے ہیں اور بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں کو سخت کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ وہ پتھر سے زیادہ سخت ہو جاتے ہیں۔ اے ابوبکر! تمہاری مثال حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح ہے جنہوں نے فرمایا تھا: فمن تبعنی فانہ منی ومن عصانی فانک غفور رحیم "جو میری پیروی کرے وہ میرے طریقہ پر ہے اور جس نے میری نافرمانی کی تو تو بخشنے والا مہربان ہے" اور تمہاری مثال حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرح ہے جنہوں نے فرمایا: ان تعذبهم فانهم عبادك وان تغفر لهم فانك انت العزيز الحكيم "اگر تو ان کو عذاب دے تو بے شک یہ تیرے بندے ہیں، اور اگر تو ان کو بخش دے تو تو بہت غالب اور حکمت والا ہے" اور اے عمر! تمہاری مثال حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرح ہے جنہوں نے کہا تھا: ربنا اطمس على اموالهم واشدد على قلوبهم فلا يؤمنوا حتى يروا العذاب الاليم۔ "اے ہمارے رب! ان کے اموال کو برباد کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے تاکہ یہ اس وقت تک ایمان نہ لائیں جب تک کہ دردناک عذاب کو نہ دیکھ لیں" اور اے عمر! تمہاری مثال حضرت نوح علیہ السلام کی طرح ہے جنہوں نے کہا تھا: رب لا تذر على الارض من الكافرين ديارا "اے میرے رب کافروں میں سے زمین پر کوئی بسنے والا نہ چھوڑ" تم لوگ نقراء ہو سو کسی شخص کو گردن مارے بغیر یا فدیہ لیے بغیر نہ چھوڑنا، حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ! سہل بن بیضاء کو چھوڑ دیں کیونکہ میں نے اس کو اسلام کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے سنا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے، (حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے اس دن سے زیادہ کبھی اپنے آپ کو خوف زدہ نہیں محسوس کیا مجھے ڈر تھا کہ اس دن آسمان سے پتھر برسنے لگیں گے! حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "سہل بن بیضاء کے ماسوا"۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر کی رائے پر عمل کرنے کا قصد کیا اور میری رائے پر عمل کرنے کا ارادہ نہیں فرمایا اور قیدیوں سے فدیہ لے لیا دوسرے دن میں حاضر ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے رو رہے تھے، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے بتلائیے کہ آپ اور آپ کے صاحب کس وجہ سے رو رہے ہیں اگر مجھے رونا آیا تو میں بھی روؤں گا ورنہ آپ دونوں کے رونے کی وجہ سے رونے کی کوشش کروں گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے اصحاب [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ایک

درخت تھا، آپ نے فرمایا اس درخت کے قریب مجھ پر ان لوگوں کا عذاب پیش کیا گیا تھا!
ابن جریر نے محمد بن اسحاق سے روایت کیا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: لولا کتٰب من اللہ سبق لمسکم فیما اخذتم عذاب عظیم۔ "اگر پہلے سے معافی کا حکم اللہ کی طرف سے لکھا ہوا نہ ہوتا تو تم نے (کافروں سے) جو (فدیہ کا مال) لیا تھا اس کی وجہ سے تم کو ضرور بڑا عذاب پہنچتا" تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اگر آسمان سے عذاب نازل ہوتا تو عمر بن الخطاب اور سعد بن معاذ کے سوا لوگوں میں سے) کوئی عذاب سے نہ بچتا کیونکہ انھوں نے کفار کے خون بہانے کو زیادہ پسند کیا تھا۔ [1]

اس تفصیل سے یہ واضح ہو گیا کہ بدر کے قیدیوں کو فدیہ لے کر رہا کرنا کوئی پسندیدہ امر نہ تھا ورنہ اللہ تعالیٰ یہ نہ فرماتا: **ما کان لنبی ان یکون لہ اسرٰی حتی یثخن فی الارض** ۔ "کسی نبی کے شایان شان اس وقت تک قیدی بنانا جائز نہیں ہے جب تک کہ وہ زمین پر اچھی طرح کافروں کا خون نہ بہالے"۔ میرے شیخ علامہ سید احمد سعید کاظمی قدس سرہ العزیز نے فرمایا جنگ بدر میں ستر کافروں کا خون بہا دیا گیا تھا اور ستر کافروں کا خون بہانے کے بعد باقی ماندہ کو قیدکر لیا گیا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ستر کافروں کا خون بہانے کے بعد ستر کو گرفتار کیا تھا۔ رؤسائے قریش میں سے جو نامور قریش کے سپہ سالار تھے ایک ایک کر کے مارے گئے، ان میں شیبہ، عتبہ، ابوجہل، ابوالبختری، زمعہ بن الاسود، عاص بن ہشام، امیہ بن خلف اور منبہ بن الحجاج کفار قریش کی جنگی طاقت میں ریڑھ کی ہڈی تھے۔ ان لوگوں کے مارے جانے سے کفار قریش کی کمر ٹوٹ چکی تھی، لہٰذا کفار قریش کے صنادید سمیت ستر کافروں کا خون بہانے کے بعد ستر کافروں کو قیدی بنانا قرآن مجید کی اس آیت کے عین مطابق تھا، عمل اس وقت ناپسندیدہ اور اس آیت کے خلاف ہوتا جب جنگ میں کسی کافر کا خون بہائے بغیر کافروں کو گرفتار کیا جاتا اور جب ستر کافروں کا خون بہانے کے بعد ستر کافروں کو گرفتار کیا گیا تو پھر آپ کا یہ عمل ناپسندیدہ کیسے ہو سکتا ہے۔ باقی رہا یہ سوال کہ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ کیوں فرمایا:

تریدون عرض الدنیا واللہ یرید الاٰخرۃ (الانفال: ٦٧) (اے مسلمانو!) تم دنیا کا مال چاہتے ہو اور اللہ (تمہارے لیے) آخرت کا ارادہ فرماتا ہے۔

بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت میں ان صحابہ کو ملامت کی گئی ہے جنہوں نے فدیہ لے کر قیدیوں کو آزاد کرنے کا مشورہ دیا تھا، لیکن حقیقتاً یہ خطاب ان تمام صحابہ کرام کی طرف متوجہ نہیں ہے بلکہ اس آیت کا روئے سخن ان بعض مسلمانوں کی طرف ہے جنھوں نے نیا نیا اسلام قبول کیا تھا اور مال دنیا کی طمع میں فدیہ لینے کی خواہش کی تھی، ورنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مال دنیا کی طمع سے بری ہیں ان کا مشورہ اس وجہ سے تھا کہ ہو سکتا ہے ان میں سے کچھ لوگ اسلام لے آئیں اور اسلام کی نشر و اشاعت میں اضافہ ہو اور مسلمانوں کو شوکت اور غلبہ حاصل ہو سو حضرت ابوبکر نے جو فدیہ لے کر قیدیوں کو رہا کرنے کا مشورہ دیا تھا وہ آخرت ہی کی بناء پر تھا اور اسی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مشورہ کو قبول فرمایا تھا۔ لہٰذا یہ آیت قیدیوں کو رہا کرنے کے خلاف نہیں ہے۔

ایک سوال یہ بھی کیا جاتا ہے کہ اگر قیدیوں کو رہا کرنا جائز اور صحیح تھا تو پھر اللہ تعالیٰ نے یہ کیوں فرمایا:

لولا کتٰب من اللہ سبق لمسکم فیما اگر پہلے سے (معافی کا حکم) اللہ کی طرف سے

---

[1] علامہ ابوالفضل شہاب الدین سید محمود آلوسی متوفی ١٢٧٠ھ، روح المعانی ج ١٠ ص ٣٥-٣٤ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت۔

اخذتم عذاب عظیم۔
(انفال، ۸/ ۶۸)

لکھا ہوا نہ ہوتا تو تم نے جو مال لیا تھا اس کی وجہ سے تم کو ضرور بڑا عذاب پہنچتا۔

اس آیت کا یہ مطلب نہیں ہے کہ فدیہ لینے کی وجہ سے تم عذاب کے مستحق تھے، کیونکہ اس سے پہلے فدیہ لینے سے ممانعت نہیں کی گئی تھی پھر فدیہ لینا عذاب کا سبب کیسے ہو سکتا تھا بلکہ اس کی وجہ یہ تھی کہ پہلی شریعتوں میں مال غنیمت لینا حرام تھا اور ابھی اس کے حلال ہونے کا حکم نازل نہیں ہوا تھا اور جب مسلمانوں نے بلا اجازت کافروں کا مال غنیمت لوٹ لیا تو یہ آیت نازل ہوئی:

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لم تحل الغنائم لاحد سود الرؤس من قبلکم کانت تنزل نار من السماء فتاکلھا قال سلیمان الاعمش فمن یقول ھذا الا ابو ھریرۃ الأن فلما کان یوم بدر وقعوا فی الغنائم قبل ان تحل لھم فانزل اللہ لولا کتاب من اللہ سبق لمسکم فیما اخذتم عذاب عظیم ھذا حدیث حسن صحیح۔ [1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سے پہلے بنی آدم میں سے کسی کے لیے بھی مال غنیمت حلال نہیں کیا گیا، آسمان سے ایک آگ نازل ہوتی اور مال غنیمت کو کھا لیتی سلیمان اعمش نے کہا اس بات کو اب ابوہریرہ کے سوا کون بیان کر سکتا ہے اور جب جنگ بدر ہوئی تو مال غنیمت کی حلت کے حکم نازل ہونے سے پہلے مسلمانوں نے مال غنیمت لوٹنا شروع کر دیا۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی: "اگر پہلے سے (معافی کا حکم) اللہ کی طرف سے لکھا ہوا نہ ہوتا (کیونکہ اللہ تعالیٰ فرما چکا ہے جب تک آپ ان میں ہیں ان پر عذاب نازل نہیں ہوگا) تو تم نے جو مال لیا تھا اس کی وجہ سے تم کو ضرور بڑا عذاب پہنچتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

اس صحیح حدیث سے یہ واضح ہو گیا کہ اس آیت کا تعلق فدیہ لینے سے نہیں ہے بلکہ بلا اجازت مال غنیمت لوٹنے سے ہے اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ اس سے بعد والی آیت میں اللہ تعالیٰ نے مال غنیمت لینے کی عام اجازت دے دی چنانچہ ارشاد ہے:

فکلوا مما غنمتم حلالاً طیبا۔
(انفال: ۶۹)

سو اب اس مال غنیمت کو کھاؤ جو تم نے حاصل کیا ہے درآں حالیکہ وہ حلال، طیب ہے۔

اس بحث سے یہ ثابت ہو گیا ہے کہ سورۂ انفال کی ان آیات میں قیدیوں سے فدیہ لے کر انہیں رہا کرنے کی مذمت نہیں کی گئی بلکہ بلا اجازت مال غنیمت لینے پر ملامت کی گئی ہے اور اگر بالفرض ان آیات کا ربط قیدیوں کو فدیہ لے کر آزاد کرنے سے ہی جوڑا جائے تو اس ملامت کی وجہ یہ ہے کہ ابتداء اسلام میں کفار کی بیخ کنی ہی مطلوب تھی، اس وجہ سے کفار کو قتل نہ کرنے اور گرفتار کرنے کو ناپسندیدہ قرار دیا لیکن بعد میں جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت اور غلبہ عطا فرمایا اور مسلمانوں کی کثرت ہو گئی تو پھر یہی حکم نازل ہوا کہ میدان جنگ میں کافروں کی گردنیں اڑا دو پھر ان کو

[1] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی [illegible] نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

گرفتار کرو اور گرفتار کرنے کے بعد یا ان کو فدیہ لے کر چھوڑ دو یا بلا فدیہ رہا کر دو چنانچہ علامہ آلوسی لکھتے ہیں:

امر بالا ثخان و نھی عن اخذ الفدیۃ حیث کان الاسلام غضا وشوکۃ اعدائہ قویۃ وخیر بینہ و بین المن بقولہ تعالٰی: فاما منا بعد و اما فداء لما تحولت الحال واستغلظ زرع الاسلام واستقام علی سوقہ۔[1]

جب اسلام ایک کمزور شاخ کی مانند تھا اور دشمنان اسلام بہت قوی تھے تو اللہ تعالٰی نے کافروں کے خون بہانے کا حکم دیا اور فدیہ لینے سے منع کیا (فی الواقع اللہ تعالٰی نے فدیہ لینے سے منع نہیں کیا۔ سعیدی) اور جب مسلمانوں کی حالت سنبھل گئی اور شجر اسلام اپنے تنے پر مضبوطی سے قائم ہو گیا تو پھر اللہ تعالٰی نے مسلمانوں کو اختیار دیا کہ وہ چاہیں تو فدیہ لے کر قیدیوں کو چھوڑ دیں اور اگر چاہیں تو بغیر فدیہ کے امتنانًا اور احسانًا قیدیوں کو رہا کر دیں اور فرمایا فاما منا بعد و اما فداء۔

بدر کے قیدیوں کو آزاد کرنے پر امام رازی اور مصنف کے جوابات

سورۂ انفال کی ان آیات سے جو بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھی طرح خون بہائے بغیر کفار کو قید کر لیا، اور فدیہ لے کر قیدیوں کو آزاد کیا اور ان افعال پر اللہ تعالٰی نے عتاب نازل فرمایا کیونکہ اللہ تعالٰی اس سے پہلے یہ حکم نازل فرما چکا تھا کہ:

فاضربوا فوق الاعناق واضربوا منھم کل بنان۔ (انفال: ۱۲)

سو کافروں کی گردنوں کے اوپر وار کرو اور کافروں کے ہر جوڑ پر ضرب لگاؤ۔

امام رازی نے ان نکات پر بڑی نفیس بحث کی ہے، لکھتے ہیں: اللہ تعالٰی نے جو یہ فرمایا ہے کہ ما کان لنبی ان یکون لہ اسری۔ "کافروں کا اچھی طرح خون بہائے بغیر ان کو قید کرنا کسی نبی کی شان کے لائق نہیں ہے" اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اچھی طرح خون بہانے کے بعد کافروں کو قید کرنا جائز ہے، اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یوم بدر کو صحابہ کرام نے کافروں کی ایک بہت بڑی تعداد کو قتل کیا تھا اور زمین میں اچھی طرح خون بہانے کی یہ شرط نہیں ہے کہ تمام لوگوں کو قتل کر دیا جائے اور قتل کرنے اور خون بہانے کے بعد صحابہ نے کافروں کو قید کیا تھا اور اس آیت سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ اچھی طرح خون بہانے کے بعد کافروں کو قید کرنا جائز ہے اور جب صحابہ کرام نے ایک جائز کام کیا تھا تو اس آیت سے یہ استدلال کرنا صحیح نہیں ہے کہ انہوں نے یا معاذ اللہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی گناہ یا معصیت کی تھی، خاص طور پر جب کہ اللہ تعالٰی نے بعد میں خود اس فعل کا حکم دے کر اس کے جواز کو مؤکد کر دیا۔ چنانچہ فرمایا:

فاذا لقیتم الذین کفروا فضرب الرقاب حتی اذا اثخنتموھم فشدوا

سو جب تمہارا کفار سے مقابلہ ہو تو (تمہارا پہلا کام) ان کی گردنیں مارنا ہے حتٰی کہ جب تم ان کا اچھی طرح

[1] علامہ ابو الفضل شہاب الدین سید محمود آلوسی حنفی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۱۰ ص ۳۳، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

الوثاق فاما منا بعد واما فداء۔ (محمد: ۴)

خون بہا چکو تو پھر ان کو مضبوطی سے باندھ لو (اس کے بعد تمہیں اختیار ہے) خواہ محض ان پر احسان کر کے انہیں رہا کر دو یا ان سے فدیہ لے کر انہیں چھوڑ دو۔

باقی رہا یہ کہ جب یہ ایک جائز کام تھا تو اللہ تعالیٰ نے اس آیت سے عتاب کیوں نازل فرمایا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ زمین پر اچھی طرح خون بہانے کی کوئی حد اور مقدار نہیں ہے اور اس کا تعین اور انضباط نہیں ہے بلکہ اس سے یہ مقصود ہے کہ اس قدر کثرت سے کافروں کو قتل کیا جائے کہ کفار کے دلوں پر رعب پڑے اور ہیبت چھا جائے تاکہ وہ دوبارہ مسلمانوں سے جنگ کرنے کی جرأت نہ کریں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اس حد تک کافروں کو قتل کرنا اجتہاد پر موقوف ہے، اس لیے یہ ہو سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ گمان فرمایا ہو کہ جس قدر کافروں کو قتل کیا جا چکا ہے ان سے یہ مقدار حاصل ہو گئی ہے اور فی الواقع وہ مقدار حاصل نہ ہوئی ہو تو یہ آپ کی اجتہادی خطاء ہے کیونکہ اس حد کے سلسلہ میں کوئی نص نازل نہیں ہوئی تھی اور ہر چند کہ اجتہادی خطاء بھی موجب اجر و ثواب ہوتی ہے اور اس پر مؤاخذہ یا ملامت نہیں ہوتی، لیکن مقربین قرب الٰہی کے اس درجہ پر فائز ہوتے ہیں کہ نیکوکاروں کی نیکیاں بھی ان کے ہاں برائی کے حکم میں ہوتی ہیں اس بناء پر اللہ تعالیٰ نے از راہ لطف و محبت بطور تعریض فرمایا: کسی نبی کی شان کے لائق نہیں کہ وہ اچھی طرح خون بہائے بغیر کفار کو قیدی بنائے اصراحۃً یہ نہیں فرمایا کہ تمہیں ان کو قیدی بنانا نہیں چاہیے تھا یا تمہارا یہ اقدام غلط تھا بلکہ تعریض اور کنایہ سے کام لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کی عظمت اور مرتبہ کی رفعت کو ظاہر فرمایا! کیونکہ ایسے مواقع پر صراحت کو چھوڑ کر انہیں کے لیے تعریض اور کنایہ سے کام لیا جاتا ہے جن کا مرتبہ بلند اور پایہ اونچا ہو!

ایک سوال یہ بھی کیا جاتا ہے کہ قرآن مجید میں معرکۂ بدر کے متعلق ہے: فاضربوا فوق الاعناق واضربوا منھم کل بنان (انفال: ۱۲) "سو کافروں کی گردنوں کے اوپر وار کرو اور کافروں کے ہر جوڑ پر ضرب لگاؤ۔"
اور جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام کافروں کو قتل نہیں کیا اور ستر کافروں کو قید کر لیا تو اس حکم کی مخالفت ہوئی، اس کا امام رازی نے یہ جواب دیا ہے کہ اس پر اجماع ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بنفسہ کفار کو قتل کرنے کا حکم نہیں دیا گیا، یہ خطاب صحابہ کو تھا اور جب انہوں نے سب کافروں کو قتل کرنے کی بجائے بعض کافروں کو گرفتار کر لیا تو یہ حکم عدولی ان صحابہ سے ہوئی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو گرفتار کیا تھا نہ گرفتار کرنے کا حکم دیا تھا نہ آپ کو شروع میں اس کا علم ہوا، جب صحابہ نے ان کو گرفتار کر لیا تب آپ کو علم ہوا اگر یہ کہا جائے کہ جب آپ کو علم ہو گیا تھا تو پھر آپ کو چاہیے تھا کہ آپ کافروں کے قتل کا حکم دیتے تاکہ اس آیت پر عمل ہو جاتا اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حکم حالتِ جنگ کا ہے یعنی حالتِ جنگ میں کفار کی گردنوں پر وار کرو اور ان کے ہر جوڑ پر ضرب لگاؤ، یہی وجہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے ان قیدیوں کے بارے میں مشورہ لیا کہ ان کو قتل کیا جائے یا رہا کیا جائے اگر حالت جنگ کے بعد بھی ان کو قتل کرنے کا حکم ہوتا تو آپ اس معاملہ میں صحابہ سے مشورہ نہ لیتے۔ [۱]

مصنف کے نزدیک اس سوال کا جواب یہ ہے کہ اس میں مفسرین کا اختلاف ہے کہ یہ حکم فرشتوں کو دیا گیا تھا یا

[۱] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی [illegible]، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

مسلمانوں (صحابہ) کو۔ قرآن مجید کے سیاق وسباق سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حکم فرشتوں کو ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اذ یوحی ربك الی الملائکة انی معکم فثبتوا الذین امنوا سالقی فی قلوب الذین کفروا الرعب فاضربوا فوق الاعناق و اضربوا منھم کل بنان۔ (انفال: ۱۲)

(اس وقت کو یاد کرو) جب آپ کے رب نے فرشتوں کو یہ وحی کی کہ میں تمہارے ساتھ ہوں تو تم ایمان والوں کو ثابت قدم رکھو، عنقریب میں کافروں کے دلوں میں ہیبت ڈال دوں گا سو تم کافروں کی گردنوں کے اوپر وار کرو اور ان کے ہر جوڑ پر ضرب لگاؤ۔

اور جب یہ حکم فرشتوں کو دیا گیا تھا تو پھر کفار کے قید کرنے پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی اعتراض ہے نہ صحابہ کرام پر، اس سوال کا دوسرا جواب میرے نزدیک یہ ہے کہ اس آیت میں یہ فرمایا ہے کہ سو تم کافروں کی گردنوں پر وار کرو اور ان کے ہر جوڑ پر ضرب لگاؤ یہ نہیں فرمایا کہ تمام کافروں کی گردنوں پر وار کرو اور کسی کو زندہ نہ چھوڑو، لہٰذا جب صحابہ کرام نے ستر کافروں کو قتل کر دیا تو اس آیت کے حکم پر عمل ہو گیا اور چونکہ اللہ تعالیٰ نے سب کافروں کو قتل کرنے کا حکم نہیں دیا تھا اور گرفتار کرنے سے منع نہیں کیا تھا اس لیے اگر صحابہ نے بعض کافروں کو گرفتار کر کے قید کر لیا تو اس میں انھوں نے کوئی حکم عدولی اور گناہ نہیں کیا اور جب کہ بعد میں وہ کافر اسلام لے آئے اور اللہ تعالیٰ نے سورۂ محمد میں خود جنگ کے بعد کافروں کو گرفتار کرنے کا حکم دیا تو اس سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کا یہ اقدام عین منشاء الٰہی کے مطابق تھا و للہ الحمد علی ذالك۔

مشرکین کو قتل کرنے کے عمومی حکم سے جنگی قیدیوں کو مستثنیٰ کرنے پر دلائل

جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانے کے سلسلے میں ہم نے بدر کے جنگی قیدیوں کو آزاد کرنے کی تفصیل اور اس پر اعتراضات اور جوابات کو بیان کیا اس سے ہمارا مقصد یہ بتانا ہے کہ اسلام میں جنگی قیدیوں کو لونڈی اور غلام بنانا حتماً اور لازماً نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت جنگی قیدیوں کو فدیہ لے کر یا بلا فدیہ آزاد کر دینا ہے اور قرآن مجید کی بھی یہی ہدایت ہے جیسا کہ سورۂ محمد کی آیت " فاما منا بعد واما فداء " سے واضح ہے اور بعض فقہاء کا یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ یہ آیت: فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم (توبہ: ۵) "سو مشرکین کو جہاں پاؤ قتل کر دو" سے منسوخ ہے کیونکہ مشرکین کو قتل کرنے کا حکم حالت جنگ پر محمول ہے یعنی حالت جنگ میں مشرکین کو جہاں پاؤ قتل کر دو، اگر یہ حکم عام ہوتا یعنی جنگ ہو یا امن ہر حال میں مشرکین کو قتل کر دو تو مستامن اور اہل ذمہ کو بھی قتل کرنا واجب اور ضروری ہوتا۔ حالانکہ تمام فقہاء نے مستامن اور ذمیوں کو اس آیت کے حکم سے مستثنیٰ کیا ہے۔ مستامنوں کے استثناء پر یہ آیت دلیل ہے:

وان احد من المشرکین استجارك فاجرہ حتی یسمع کلم اللہ ثم ابلغہ مامنہ ط ذلك بانھم قوم لا یعلمون۔ (توبہ: ۶)

اور اگر مشرکین میں سے کوئی شخص آپ سے پناہ مانگے تو اس کو پناہ دیجئے یہاں تک کہ وہ اللہ کا کلام سنے، پھر آپ اسے اس کی امن کی جگہ پہنچا دیجئے یہ حکم اس وجہ سے ہے کہ یہ لوگ علم نہیں رکھتے۔

اس آیت سے مشرکین کو قتل کرنے کے حکم سے ان لوگوں کو مستثنیٰ کیا گیا ہے جو پناہ اور امن حاصل کر کے دارالاسلام

میں داخل ہوں۔ اور اہل ذمہ کے استثناء پر یہ آیت دلیل ہے:

قاتلوا الذین لا یؤمنون باللہ ولا بالیوم الاخر ولا یحرمون ما حرم اللہ ورسولہ ولا یدینون دین الحق من الذین اوتوا الکتاب حتی یعطوا الجزیۃ عن ید وھم صاغرون۔ (توبہ: ۲۹)

اہل کتاب میں سے ان لوگوں کے خلاف جنگ کرو جو اللہ پر اور روز آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور اللہ اور اس کے رسول نے جو حرام کیا ہے اس کو حرام نہیں قرار دیتے اور دین حق کو نہیں اپناتے (ان سے اس وقت تک جنگ کرو) جب تک کہ وہ اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں اور چھوٹے بن کر (یعنی مسلمانوں کے تابع بن کر) رہیں۔

اس آیت سے مشرکین کو قتل کرنے کے حکم سے ان لوگوں کو مستثنیٰ کر لیا گیا ہے جو جزیہ ادا کریں اور مسلمانوں کی حکومت تسلیم کر کے مسلمانوں کی حکمرانی کے تحت زندگی گزاریں۔

جس طرح مشرکین کو قتل کرنے کے حکم سے قرآن مجید نے متامنوں اور ذمیوں کو مستثنیٰ کیا ہے اسی طرح اس حکم سے جنگی قیدیوں کو بھی مستثنیٰ کیا ہے اور اس استثناء پر یہ آیت دلیل ہے:

فاذا لقیتم الذین کفروا فضرب الرقاب حتی اذا اثخنتموھم فشدوا الوثاق فاما منا بعد واما فداء حتی تضع الحرب اوزارھا۔ (محمد: ۴)

سو جب تمہارا کفار سے مقابلہ ہو تو تمہارا پہلا کام ان کی گردنیں مارنا ہے حتیٰ کہ جب تم ان کا خون بہا چکو تو پھر ان کو مضبوطی سے باندھ لو۔ (اس کے بعد تمہیں اختیار ہے) خواہ محض ان پر احسان کر کے ان کو رہا کر دو، یا ان سے فدیہ لے کر انہیں آزاد کر دو، تا آنکہ جنگ اپنے ہتھیار ڈال دے۔

اور اس آیت کی رو سے جنگی قیدی، مشرکین کو قتل کرنے کے عام حکم سے مستثنیٰ ہیں لہذا فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم (توبہ: ۹/۵) "سو تم مشرکین کو جہاں پاؤ قتل کر دو" اور واقتلوھم حیث ثقفتموھم (نساء: ۹۱) "تم ان کو جہاں پاؤ قتل کر دو" حرب اور جنگ کی حالت پر محمول ہیں۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: امام مسلم، امام ابوداؤد، امام ترمذی، اور امام ابن جریر نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مشرک کے بدلے میں دو مسلمانوں کا فدیہ لیا، (صحیح مسلم ج ۲ ص ۸۹، مطبوعہ کراچی) نیز امام مسلم نے روایت کیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق کی قیادت میں ایک لشکر جنگ کے لیے گیا۔ حضرت ابوبکر نے حضرت سلمہ کو ایک مشرک عورت بطور باندی انعام میں دی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ عورت حضرت سلمہ سے واپس لے لی اور اس کو فدیہ میں دے کر ان مسلمانوں کو چھڑایا جو مکہ میں کفار کی قید میں تھے۔ (صحیح مسلم ج ۲ ص ۸۹، مطبوعہ نور محمد کراچی، ان حدیثوں میں جنگی قیدیوں کے تبادلہ کی دلیل ہے، سعیدی)

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: علامہ ابن ہمام نے کہا ہے کہ مشرکین کو بالعموم قتل کرنے کا حکم جنگی قیدیوں کے ماسوا میں ہے کیونکہ ان کو غلام بنانا بھی جائز ہے اس سے معلوم ہوا کہ جنگی قیدی قتل کرنے کے حکم سے مستثنیٰ ہیں [۱] (علامہ ابن ہمام کی مفصل عبارت

---

[۱] علامہ ابوالفضل شہاب الدین سید محمود [illegible]، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

ہم اس سے پہلے نقل کر چکے ہیں۔)
قرآن مجید اور احادیث صحیحہ کی نصوص صریحہ سے یہ واضح ہوگیا کہ جنگی قیدیوں کو یا تو تفضلاً اور احساناً بغیر کسی عوض کے چھوڑ دینا چاہیے یا مسلمان جنگی قیدیوں سے ان کا تبادلہ کر لینا چاہیے یا مال کے بدلہ میں جنگی قیدیوں کو رہا کر دینا چاہیے۔ اور اب چونکہ دنیا میں جنگی قیدیوں کو غلام بنانے کا رواج نہیں رہا اور وہ وجہ باقی نہیں رہی جس وجہ سے جنگی قیدیوں کو غلام بنایا جاتا تھا اس لیے اب جنگی قیدیوں کو غلام بنانا جائز نہیں ہے۔ کیونکہ انسان مخدوم کائنات ہے اور انسان کو انسان کا غلام بنانا انسان کے شرف اور اس کی فضیلت کے خلاف ہے اور اب تمام دنیا میں اس فعل کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اور انسانیت کے شرف اور اس کی اعلیٰ اقدار کا سب سے بڑا حامی اور علمبردار دین اسلام ہے اس لیے اب اسلام میں اس مکروہ فعل کا جواز نکالنا اسلام کی کوئی خدمت نہیں ہے اور تحقیق یہ ہے کہ اب جنگی قیدیوں کو غلام بنانا جائز نہیں ہے۔ اس مسئلہ پر ہم نے شرح صحیح مسلم جلد رابع کتاب العتاق میں بھی مفصل گفتگو کی ہے اور　　اس مسئلہ میں اسلام کا نقطۂ نظر تمام پہلوؤں سے سمجھنے کے لیے کتاب العتاق کا بھی مطالعہ کرنا چاہیے۔

مال غنیمت کی تقسیم

علامہ ابوالحسن مرغینانی حنفی لکھتے ہیں: امیر لشکر مال غنیمت کو تقسیم کرے گا اور مال غنیمت کا پانچواں حصہ نکال کر باقی چار حصے لشکر میں تقسیم کر دے گا، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: فان للہ خمسہ "مال غنیمت کا خمس اللہ کے لیے ہے" اور باقی چار حصے لشکر میں تقسیم کرنے کی اصل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مال غنیمت کے چار حصے مجاہدین میں تقسیم کر دیے تھے، امام ابوحنیفہ کے نزدیک گھوڑے سوار کو دو حصے دیے جائیں اور پیدل کو ایک حصہ دیا جائے۔ امام ابویوسف اور امام محمد نے یہ کہا ہے کہ گھوڑے سوار کو تین حصے دیے جائیں، امام شافعی رحمہ اللہ کا بھی یہی قول ہے، کیونکہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے سوار کو تین حصے دیے اور پیدل کو ایک حصہ دیا (صحیح بخاری، صحیح مسلم، جامع ترمذی، سنن ابوداؤد، سنن ابن ماجہ) اور امام ابوحنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے سوار کو دو حصے دیے اور پیدل کو ایک حصہ دیا (حضرت ابن عباس سے یہ روایت نہیں ہے، سنن ابوداؤد میں مجمع بن جاریہ انصاری سے طبرانی میں مقداد بن عمرو سے اور سنن ابن مردویہ میں حضرت عائشہ سے روایت ہے۔ نصب الرایہ ج ۳ ص ۴۱۷-۴۱۶۔) اور یہ دونوں فعل کی حدیثیں متعارض ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قول یہ ہے کہ للفارس سہمان وللراجل سہم۔ "گھوڑے سوار کے دو حصے ہیں اور پیدل کا ایک حصہ ہے" اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے گھوڑے سوار کو دو حصے دینے کی بھی روایت ہے اور جب ان کی روایت میں خود بھی تعارض ہے تو ان کی اس روایت پر عمل کیا جائے گا جو دوسرے صحابہ کی روایات کے مطابق ہے۔ [1]

علامہ مرغینانی حنفی لکھتے ہیں: غلام عورت، بچے اور ذمی کو مال غنیمت سے پورا حصہ نہیں دیا جائے گا البتہ ان کو تھوڑا سا حصہ دیا جائے گا کیونکہ روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں، بچوں اور غلاموں کے لیے مال غنیمت کا حصہ نہیں نکالتے تھے اور ان کو تھوڑا سا مال دیتے تھے اور جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہودیوں سے یہودیوں کے خلاف مدد حاصل کرتے تو ان کو مال غنیمت سے کچھ حصہ نہیں دیتے تھے، نیز جہاد عبادت ہے اور ذمی عبادت کے اہل نہیں ہیں، اور بچے اور عورتیں

---

[1] علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اولین ص ۵۵۲-۵۵۳ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

جہاد کرنے سے عاجز ہیں اسی وجہ سے ان پر جہاد فرض بھی نہیں ہے اور غلام مولیٰ کے تابع ہے اس کی اجازت کے بغیر جہاد نہیں کر سکتا، البتہ ان کو جہاد پر برانگیختہ کرنے کے لیے تھوڑا سا مال دیا جائے گا۔ لہ

خمس کی تعریف

خمس کے متعلق قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

واعلموا انما غنمتم من شیء فان للہ خمسہ وللرسول ولذی القربٰی والیتٰمی والمسٰکین وابن السبیل۔ (انفال: ۴۱)

اور (اے مسلمانو) جان لو کہ تم مال غنیمت سے جو کچھ حاصل کرو اس کا پانچواں حصہ اللہ اور اس کے رسول، رسول کے قرابت داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر افتتاح کلام کے لیے تبرکاً ہے اور بعض علماء نے کہا ہے کہ اس حصہ کو خانہ کعبہ اور دیگر جامع مسجدوں میں خرچ کیا جائے گا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد مال غنیمت سے آپ کا حصہ ساقط ہو گیا، جیسا کہ آپ کے دیگر خصوصی اخراجات ساقط ہو گئے۔ امام شافعی یہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ خلیفہ پر خرچ کیا جائے گا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں کا حصہ وہ تھا جس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم بہ اعتبار نصرت کے ان پر خرچ کرتے تھے کیونکہ حدیث میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر مٹھی بند کر کے فرمایا یہ لوگ میرے ساتھ زمانہ جاہلیت اور اسلام میں اس طرح ساتھ رہے ہیں اور آپ کے وصال کے بعد اگر آپ کے قرابت دار اغنیاء ہیں تو غناء کی وجہ سے ان کا حصہ ساقط ہے اور اگر فقراء ہیں تو پھر ان کا حصہ فقراء میں داخل ہو جائے گا، لہٰذا اب اس آیت میں صرف تین اقسام رہ گئی ہیں۔ یتامیٰ، مساکین اور مسافرین۔

علامہ ابو الحسن مرغینانی لکھتے ہیں خمس کے تین حصے کیے جائیں گے۔ ایک حصہ یتیموں کے لیے ایک حصہ مسکینوں کے لیے اور ایک حصہ مسافروں کے لیے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غریب قرابت دار فقراء میں داخل ہیں اور آپ کے قرابت داروں میں جو غنی ہوں ان کو خمس میں سے حصہ نہیں ملے گا، امام شافعی یہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں کو خمس کا پانچواں حصہ ملے گا اس میں غنی اور فقیر دونوں برابر ہیں، اس کی تقسیم ان میں اس طرح ہو گی کہ مردوں کو عورتوں سے دوگنا ملے گا قرابت داروں میں بنو ہاشم اور بنو مطلب ہیں، ان کے علاوہ (بنو عبد شمس اور بنو نوفل وغیرہ) کو نہیں دیا جائے گا۔

ہماری دلیل یہ ہے کہ خلفاء راشدین نے مال خمس کے تین حصے کیے تھے جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے اور ہمارے لیے ان کی اقتداء کافی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بنو ہاشم اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے لوگوں کے مال کا میل دھوون ناپسند کیا ہے اور اس کے عوض تم کو خمس کا پانچواں حصہ دیا ہے اور عوض اس کے لیے ہوتا ہے جس کے لیے معوض ہو اور جب معوض یعنی زکوٰۃ بنو ہاشم اور اغنیاء کے لیے ثابت نہیں ہے بلکہ فقراء کے لیے ہے تو اس کا عوض بھی بنو ہاشم اور اغنیاء کے لیے نہیں ہو سکتا، اور اگر یہ اعتراض ہو کہ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو خمس کا پانچواں حصہ کیوں دیا تھا اس کا جواب یہ ہے کہ آپ نے ان کو یہ حصہ بطور خمس کے نہیں دیا بلکہ بطور نصرت کے دیا تھا۔ ۲ہ

لہ علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اولین ص ۵۵۵، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

۲ہ ″ ″ ″ ″ ″

بَابُ ۵۸۹ اِسْتِحْقَاقِ الْقَاتِلِ سَلَبَ الْقَتِيْلِ

مقتول کے سلب پر قاتل کا استحقاق

۴۴۵۱- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ أَفْلَحَ عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيِّ وَكَانَ جَلِيْسًا لِأَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ أَبُوْ قَتَادَةَ وَاقْتَصَّ الْحَدِيْثَ۔

ابو محمد انصاری جو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے ساتھی تھے، انھوں نے کہا کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اور حدیث بیان کی۔

۴۴۵۲- وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ مَوْلَى أَبِيْ قَتَادَةَ أَنَّ أَبَا قَتَادَةَ قَالَ وَسَاقَ الْحَدِيْثَ۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی۔

۴۴۵۳- وَحَدَّثَنَا أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ وَاللَّفْظُ لَهُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ أَنَسٍ يَقُوْلُ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ أَفْلَحَ عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ مَوْلَى أَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ قَالَ فَرَأَيْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاسْتَدَرْتُ إِلَيْهِ حَتّٰى أَتَيْتُهُ مِنْ وَّرَائِهِ فَضَرَبْتُهُ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهِ وَأَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً وَّجَدْتُ مِنْهَا رِيْحَ الْمَوْتِ ثُمَّ أَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَأَرْسَلَنِيْ فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ مَا لِلنَّاسِ فَقُلْتُ أَمْرُ اللّٰهِ ثُمَّ إِنَّ النَّاسَ رَجَعُوْا وَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهُ سَلَبُهُ قَالَ فَقُمْتُ فَقُلْتُ مَنْ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم غزوہ حنین میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ گئے، جب مقابلہ ہوا تو مسلمانوں نے ایک بار بھاگنے کے بعد پھر حملہ کیا، میں نے دیکھا کہ ایک مشرک ایک مسلمان پر چھایا ہوا ہے، میں گھوم کر اس کے پیچھے گیا اور اس کے شانہ پر تلوار ماری (جو زرہ کاٹ کر اندر چلی گئی) وہ میری طرف مڑا اور مجھ کو پکڑ کر اس طرح دبوچا کہ مجھے موت نظر آنے لگی پھر اس کو موت نے آلیا اور اس نے مجھ کو چھوڑ دیا، میں حضرت عمر بن الخطاب کے پاس گیا انھوں نے کہا لوگوں کو کیا ہو گیا ہے؟ میں نے کہا اللہ کا حکم! پھر لوگ پلٹ آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ گئے، آپ نے فرمایا جس نے کسی شخص کو قتل کیا اور اس پر کوئی گواہ ہو تو اس مقتول سے چھینا ہوا مال اس قاتل کو ملے گا، حضرت ابوقتادہ کہتے ہیں میں کھڑا ہوا اور میں نے کہا میرا کون گواہ ہے؟ پھر آپ نے اسی طرح فرمایا، میں نے پھر کھڑے ہو کر کہا میرا کون گواہ ہے؟ پھر میں بیٹھ گیا، آپ نے پھر تیسری بار فرمایا، میں پھر کھڑا ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوقتادہ کیا بات ہے؟ میں نے آپ سے واقعہ بیان کیا، قوم میں سے ایک شخص نے کہا: یارسول اللہ! یہ سچ کہہ رہا ہے اس مقتول کا سامان میرے پاس ہے اب آپ اس کو راضی کر

يَشْهَدُ لِي ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَ فَقُمْتُ فَقُلْتُ مَنْ يَشْهَدُ لِي ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ الثَّالِثَةَ فَقُمْتُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَكَ يَا اَبَا قَتَادَةَ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ صَدَقَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ سَلَبُ ذٰلِكَ الْقَتِيلِ عِنْدِي فَاَرْضِهِ مِنْ حَقِّهِ وَقَالَ اَبُو بَكْرِ الصِّدِّيقُ لَا هَا اللّٰهِ اِذًا لَا يَعْمِدُ اِلٰى اَسَدٍ مِّنْ اُسُدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَعَنْ رَسُولِهِ فَيُعْطِيكَ سَلَبَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ فَاَعْطِهِ اِيَّاهُ فَاَعْطَانِي قَالَ فَبِعْتُ الدِّرْعَ فَابْتَعْتُ بِهِ مَخْرَفًا فِي بَنِي سَلِمَةَ فَاِنَّهُ لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُهُ فِي الْاِسْلَامِ وَفِي حَدِيثِ اللَّيْثِ فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ كَلَّا لَا يُعْطِيهِ اُضَيْبِعَ مِنْ قُرَيْشٍ وَيَدَعُ اَسَدًا مِّنْ اُسُدِ اللّٰهِ وَفِي حَدِيثِ اللَّيْثِ لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُهُ۔

دیں کہ یہ اپنے حق سے دستبردار ہو جائے حضرت ابو بکر صدیق نے کہا: نہیں! خدا کی قسم! ہرگز نہیں! ایک اللہ کا شیر اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے لڑے اور وہ اپنا سلب (چھینا ہوا مال) تمہیں دے دے! ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابو بکر نے سچ کہا، تم وہ مال ان کو دے دو، سو اس نے وہ مال مجھے دے دیا میں نے وہ زرہ فروخت کر دی اور اس کی قیمت سے بنو سلمہ کے محلہ میں ایک باغ خرید لیا، یہ وہ سب سے پہلا مال تھا جس کو میں نے اسلام میں حاصل کیا، لیث کی روایت میں ہے: حضرت ابو بکر نے کہا یہ نہیں ہوگا کہ حضور قریش کی ایک لومڑی کو یہ مال دیں اور اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر کو چھوڑ دیں اور لیث کی روایت میں یہ بھی ہے، یہ پہلا مال تھا جس کو میں نے حاصل کیا۔

۴۴۵۴ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ اَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ الْمَاجِشُونِ عَنْ صَالِحِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَنَّهُ قَالَ بَيْنَا اَنَا وَاقِفٌ فِي الصَّفِّ يَوْمَ بَدْرٍ نَظَرْتُ عَنْ يَمِينِي وَشِمَالِي فَاِذَا اَنَا بَيْنَ غُلَامَيْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ حَدِيثَةٍ اَسْنَانُهُمَا تَمَنَّيْتُ لَوْ كُنْتُ بَيْنَ اَضْلَعَ مِنْهُمَا فَغَمَزَنِي اَحَدُهُمَا فَقَالَ يَا عَمِّ هَلْ تَعْرِفُ اَبَا جَهْلٍ

حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ بدر کے دن میں صف میں کھڑا ہوا تھا، میں نے اپنے دائیں بائیں دیکھا، کیا دیکھتا ہوں کہ انصار کے دو کم سن لڑکے کھڑے ہیں، میرے دل میں خیال آیا کہ کاش میں طاقتور آدمیوں کے درمیان ہوتا، اتنے میں ان میں سے ایک لڑکے نے مجھے اشارہ کر کے کہا اے چچا کیا آپ ابو جہل کو پہچانتے ہیں؟ میں نے کہا ہاں، تمہیں اس سے کیا کام ہے اس نے کہا مجھے یہ پتا چلا ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا ہے، قسم اس ذات کی جس کے قبضہ و قدرت میں میری

قَالَ قُلْتُ نَعَمْ وَمَا حَاجَتُكَ إِلَيْهِ يَا ابْنَ أَخِي قَالَ أُخْبِرْتُ أَنَّهُ يَسُبُّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَئِنْ رَأَيْتُهُ لَا يُفَارِقُ سَوَادِي سَوَادَهُ حَتَّى يَمُوتَ الْأَعْجَلُ مِنَّا قَالَ فَتَعَجَّبْتُ لِذَلِكَ فَغَمَزَنِي الْآخَرُ فَقَالَ مِثْلَهَا قَالَ فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ نَظَرْتُ إِلَى أَبِي جَهْلٍ يَزُولُ فِي النَّاسِ فَقُلْتُ أَلَا تَرَيَانِ هَذَا صَاحِبُكُمَا الَّذِي تَسْأَلَانِ عَنْهُ قَالَ فَابْتَدَرَاهُ فَضَرَبَاهُ بِسَيْفَيْهِمَا حَتَّى قَتَلَاهُ ثُمَّ انْصَرَفَا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَاهُ فَقَالَ أَيُّكُمَا قَتَلَهُ فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا أَنَا قَتَلْتُ فَقَالَ هَلْ مَسَحْتُمَا سَيْفَيْكُمَا قَالَا لَا فَنَظَرَ فِي السَّيْفَيْنِ فَقَالَ كِلَاكُمَا قَتَلَهُ وَقَضَى بِسَلَبِهِ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ وَالرَّجُلَانِ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ وَمُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ۔

۴۴۵۵۔ وَحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَتَلَ رَجُلٌ مِنْ حِمْيَرَ رَجُلًا مِنَ الْعَدُوِّ فَأَرَادَ سَلَبَهُ فَمَنَعَهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَكَانَ وَالِيًا عَلَيْهِمْ فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ لِخَالِدٍ مَا مَنَعَكَ

جان ہے اگر میں اس کو دیکھ لوں تو میں اس سے اس وقت تک جدا نہیں ہوں گا جب تک ہم میں سے وہ نہ مر جائے جس کی موت پہلے مقدر ہو چکی ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کہتے ہیں مجھے اس کی باتوں پر تعجب ہوا، پھر دوسرے نے بھی اسی طرح کہا، ابھی کچھ ہی دیر گذری تھی کہ میری ابوجہل پر نظر پڑی جو لوگوں میں گشت کر رہا تھا، میں نے کہا کیا تم دیکھ نہیں رہے یہی وہ شخص ہے جس کے بارے میں تم پوچھ رہے تھے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کہتے ہیں یہ سنتے ہی وہ اس پر جھپٹے، اور اپنی تلواروں سے کی پرواز کیا حتیٰ کہ ان دونوں نے اس کو قتل کر دیا! پھر ان دونوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس واقعہ کی خبر دی، آپ نے فرمایا: تم میں سے کس نے اس کو قتل کیا ہے؟ ان میں سے ہر ایک نے کہا میں نے اس کو قتل کیا ہے، آپ نے فرمایا: کیا تم نے اپنی تلوار سے خون پونچھ دیا ہے؟ انھوں نے کہا نہیں، آپ نے ان کی تلواروں کی طرف دیکھا اور فرمایا تم دونوں نے اس کو قتل کیا ہے؛ اور یہ حکم دیا کہ اس کا سلب (چھینا ہوا سامان) معاذ بن عمرو بن جموح کو دیا جائے اور وہ دونوں معاذ بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عفراء تھے۔

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ قبیلہ حمیر کے ایک شخص نے دشمنوں سے ایک شخص کو قتل کر دیا اور اس کے سلب (چھینے ہوئے سامان) کو لینے کا ارادہ کیا، حضرت خالد بن ولید نے اس کو منع کیا کیونکہ وہ اس لشکر کے امیر تھے، حضرت عوف بن مالک نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کی شکایت کی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد سے فرمایا تم نے اس کو وہ سلب کیوں نہیں دیا؟ انھوں نے کہا: یا رسول اللہ! میں نے اس سلب کو بہت سمجھا! آپ نے فرمایا وہ سلب اس کو دے دو، پھر حضرت خالد

اَنْ تُعْطِيَهُ سَلَبَهُ قَالَ اسْتَكْثَرْتُهُ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ ادْفَعْهُ إِلَيْهِ فَمَرَّ خَالِدٌ بِعَوْفٍ فَجَرَّ بِرِدَائِهِ ثُمَّ قَالَ هَلْ اَنْجَزْتُ لَكَ مَا ذَكَرْتُ لَكَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتُغْضِبَ فَقَالَ لَا تُعْطِهِ يَا خَالِدُ لَا تُعْطِهِ يَا خَالِدُ هَلْ اَنْتُمْ تَارِكُونَ لِي أُمَرَائِي إِنَّمَا مَثَلُكُمْ وَمَثَلُهُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتُرْعِيَ إِبِلًا اَوْ غَنَمًا فَرَعَاهَا ثُمَّ تَحَيَّنَ سَقْيَهَا فَاَوْرَدَهَا حَوْضًا فَشَرَعَتْ فِيهِ فَشَرِبَتْ صَفْوَهُ وَتَرَكَتْ كَدْرَهُ فَصَفْوُهُ لَكُمْ وَكَدْرُهُ عَلَيْهِمْ۔

حضرت عوف کے پاس سے گزرے تو انھوں نے حضرت خالد کی چادر کھینچی اور کہا میں نے تم سے جو کچھ کہا تھا کیا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہی پورا نہیں کرالیا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سن لیا، آپ ناراض ہوئے اور فرمایا: اے خالد (اب) اس کو مت دینا، اے خالد! اب اس کو مت دینا، کیا تم میرے (مقرر کردہ) امیروں (کی اطاعت) کو چھوڑنے والے ہو؟ میری اور تمہاری مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے اونٹ اور بکریاں چرانے کے لیے لیں پھر ان کو چرایا، پھر ان کو پانی پلانے کا وقت آیا وہ ان کو حوض پر لے گیا، انھوں نے صاف صاف پانی پی لیا اور تلچھٹ چھوڑ دیا تو کیا صاف چیزیں تمہارے لیے ہیں اور تلچھٹ امیروں کے لیے ہیں؟۔

۴۴۵۶- وَحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ مَنْ خَرَجَ مَعَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ فِي غَزْوَةِ مُؤْتَةَ وَرَافَقَنِي مَدَدِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ فِي الْحَدِيثِ قَالَ عَوْفٌ فَقُلْتُ يَا خَالِدُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالسَّلَبِ لِلْقَاتِلِ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنِّي اسْتَكْثَرْتُهُ۔

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جو لوگ حضرت زید بن حارثہ کے ساتھ غزوہ مؤتہ میں گئے تھے ان کے ساتھ میں بھی گیا تھا اور یمن سے بھی مجھ کو مدد پہنچی اس کے بعد حسب سابق حدیث بیان کی البتہ اس حدیث میں یہ ہے کہ حضرت عوف نے کہا: اے خالد! تم کو علم نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قاتل کو (مقتول کا) سلب دلوایا ہے؟ حضرت خالد نے کہا کیوں نہیں! میرے خیال میں یہ زیادہ ہے۔

۴۴۵۷- حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ ...

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ

حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنِي أَبِي سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ فَبَيْنَا نَحْنُ نَتَضَحَّى مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلَى جَمَلٍ أَحْمَرَ فَأَنَاخَهُ ثُمَّ انْتَزَعَ طَلَقًا مِنْ حَقَبِهِ فَقَيَّدَ بِهِ الْجَمَلَ ثُمَّ تَقَدَّمَ يَتَغَدَّى مَعَ الْقَوْمِ وَجَعَلَ يَنْظُرُ وَفِينَا ضَعْفَةٌ وَرِقَّةٌ فِي الظَّهْرِ وَبَعْضُنَا مُشَاةٌ إِذْ خَرَجَ يَشْتَدُّ فَأَتَى جَمَلَهُ فَأَطْلَقَ قَيْدَهُ ثُمَّ أَنَاخَهُ وَقَعَدَ عَلَيْهِ فَأَثَارَهُ فَاشْتَدَّ بِهِ الْجَمَلُ فَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ عَلَى نَاقَةٍ وَرْقَاءَ قَالَ سَلَمَةُ وَخَرَجْتُ أَشْتَدُّ فَكُنْتُ عِنْدَ وَرِكِ النَّاقَةِ ثُمَّ تَقَدَّمْتُ حَتَّى كُنْتُ عِنْدَ وَرِكِ الْجَمَلِ ثُمَّ تَقَدَّمْتُ حَتَّى أَخَذْتُ بِخِطَامِ الْجَمَلِ فَأَنَخْتُهُ فَلَمَّا وَضَعَ رُكْبَتَهُ فِي الْأَرْضِ اخْتَرَطْتُ سَيْفِي فَضَرَبْتُ رَأْسَ الرَّجُلِ فَنَدَرَ ثُمَّ جِئْتُ بِالْجَمَلِ أَقُودُهُ عَلَيْهِ رَحْلُهُ وَسِلَاحُهُ فَاسْتَقْبَلَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ مَعَهُ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ قَالُوا ابْنُ الْأَكْوَعِ قَالَ لَهُ سَلَبُهُ أَجْمَعُ۔

ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ قبیلہ ہوازن کے خلاف جہاد کرنے گئے، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صبح کا ناشتہ کر رہے تھے، اس اثناء میں سرخ اونٹ پر سوار ایک شخص آیا اس نے اونٹ کو بٹھایا پھر اس نے اپنی کمر سے ایک تسمہ نکال کر اس کے ساتھ اونٹ کو باندھ دیا۔ اور لوگوں کے ساتھ ناشتہ کرنے لگا اور ادھر ادھر دیکھنے لگا، ہم میں کچھ لوگ کمزور تھے، کچھ سواریوں سے خالی تھے اور کچھ پیدل تھے اتنے میں وہ تیزی سے دوڑا اور اپنے اونٹ کے پاس آیا، اس کا تسمہ کھول کر اس کو بٹھایا اور اس پر سوار ہو گیا، اس نے اونٹ کو دوڑایا اور اونٹ اس کو لے کر دوڑا، ایک شخص نے خاکی رنگ کی اونٹنی پر اس کا تعاقب کیا، سلمہ کہتے ہیں میں بھی اس کے پیچھے دوڑتا ہوا بھاگا، پہلے میں اونٹنی کی سرین کے پاس تھا پھر میں اور آگے بڑھا حتی کہ اونٹ کی سرین کے پاس پہنچ گیا۔ پھر میں نے آگے بڑھ کر اونٹ کی نکیل پکڑ لی۔ میں نے اس اونٹ کو بٹھایا۔ جونہی اس اونٹ نے اپنا گھٹنا زمین پر ٹیکا میں نے تلوار سے آدمی کے سر پر ایک وار کیا وہ آدمی گر پڑا پھر میں اس آدمی کے ہتھیار اور کجاوے سمیت اس اونٹ کو لے آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ مجھے سامنے سے آتے ہوئے ملے۔ آپ نے فرمایا اس شخص کو کس نے قتل کیا ہے؟ لوگوں نے کہا سلمہ بن اکوع نے، آپ نے فرمایا اس کا سارا سلب ابن اکوع کا ہے۔

۴۴۵۸ - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنِي

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے قبیلہ فزارہ کے ساتھ جہاد کیا۔ اس جہاد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ہمارا

أَبِي قَالَ غَزَوْنَا فَزَارَةَ وَعَلَيْنَا أَبُو بَكْرٍ أَمَّرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا فَلَمَّا كَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمَاءِ سَاعَةٌ أَمَرَنَا أَبُو بَكْرٍ فَعَرَّسْنَا ثُمَّ شَنَّ الْغَارَةَ فَوَرَدَ الْمَاءَ فَقَتَلَ مَنْ قَتَلَ عَلَيْهِ وَسَبَى وَأَنْظُرُ إِلَى عُنُقٍ مِنَ النَّاسِ فِيهِمُ الذَّرَارِيُّ فَخَشِيتُ أَنْ يَسْبِقُونِي إِلَى الْجَبَلِ فَرَمَيْتُ بِسَهْمٍ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْجَبَلِ فَلَمَّا رَأَوُا السَّهْمَ وَقَفُوا فَجِئْتُ بِهِمْ أَسُوقُهُمْ وَفِيهِمُ امْرَأَةٌ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ عَلَيْهَا قَشْعٌ مِنْ أَدَمٍ قَالَ الْقَشْعُ النِّطَعُ مَعَهَا ابْنَةٌ لَهَا مِنْ أَحْسَنِ الْعَرَبِ فَسُقْتُهُمْ حَتَّى أَتَيْتُ بِهِمْ أَبَا بَكْرٍ فَنَفَّلَنِي أَبُو بَكْرٍ ابْنَتَهَا فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ وَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا فَلَقِيَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّوقِ فَقَالَ يَا سَلَمَةُ هَبْ لِي الْمَرْأَةَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَاللَّهِ لَقَدْ أَعْجَبَتْنِي وَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا ثُمَّ لَقِيَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْغَدِ فِي السُّوقِ فَقَالَ لِي يَا سَلَمَةُ هَبْ لِي الْمَرْأَةَ لِلَّهِ أَبُوكَ فَقُلْتُ هِيَ لَكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَوَاللَّهِ مَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا فَبَعَثَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ فَفَدَى بِهَا نَاسًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ كَانُوا أُسِرُوا بِمَكَّةَ.

امیر بنایا تھا جب ہمارے اور پانی کے درمیان کچھ دیر کی مسافت رہ گئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہمیں حکم دیا، ہم رات کے آخری حصہ میں اترے پھر ہر طرف سے حملہ کا حکم دیا، اور (ان کے) پانی پر پہنچے اور اس جگہ جس کو قتل کرنا تھا اس کو قتل کیا اور قید کیا، میں کفار کے ایک گروہ کو دیکھ رہا تھا جس میں کفار کے بچے اور عورتیں تھیں مجھے یہ خطرہ ہوا کہ وہ کہیں مجھ سے پہلے پہاڑ تک نہ پہنچ جائیں۔ میں نے ان کے اور پہاڑ کے درمیان ایک تیر مارا جب انھوں نے تیر کو دیکھا تو وہ سب ٹھہر گئے، میں ان سب کو گھیر کر لے آیا، ان میں بنو فزارہ کی ایک عورت تھی جس نے چمڑے کی کھال کو منڈھ رکھا تھا اور اس کے ساتھ ایک لڑکی تھی جو عرب کی حسین ترین دوشیزہ تھی، میں ان سب کو پکڑ کر حضرت ابوبکر کے پاس لے آیا، حضرت ابوبکر نے وہ لڑکی مجھ کو انعام میں دے دی، ہم مدینہ میں پہنچے ابھی میں نے اس لڑکی کے کپڑے اتارے بھی نہ تھے کہ میری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بازار میں ملاقات ہوئی۔ آپ نے فرمایا اے سلمہ! یہ لڑکی مجھے ہبہ کر دو، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! خدا کی قسم یہ لڑکی مجھے بہت پسند ہے، اور میں نے ابھی تک اس کا لباس نہیں اتارا ہے، اگلے دن میری پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات ہوئی، آپ نے مجھ سے فرمایا: اے سلمہ! یہ لڑکی مجھے ہبہ کر دو، تمہارا باپ بہت اچھا تھا، میں نے کہا یا رسول اللہ! یہ آپ کی ہے، خدا کی قسم! ——— میں نے اس کا لباس تک نہیں اتارا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ لڑکی اہل مکہ کو بھیج دی اور اس کے بدلہ میں مکہ کے کئی مسلمان قیدیوں کو چھڑا لیا۔

غزوہ حنین کا مختصر بیان

غزوہ حنین آٹھ ہجری میں واقع ہوا، حنین مکہ اور طائف کے درمیان ایک وادی کا نام ہے یہ مکہ سے تین میل پر واقع ہے۔

فتح مکہ کے بعد بعض قبائل نے اسلام لانے میں پیش قدمی کی تھی لیکن ہوازن اور ثقیف پر فتح مکہ سے اُلٹا اثر ہوا یہ فنون جنگ کے ماہر اور نہایت جنگجو قبیلے تھے، اسلام کے غلبہ سے انھوں نے یہ محسوس کیا کہ اب ان کی ریاست اور اقتدار کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اس بناء پر ہوازن اور ثقیف کے سرداروں نے مل کر طے کیا کہ مسلمانوں پر ایک زبردست حملہ کر دیا جائے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں ان واقعات کی خبر پہنچی تو آپ نے معاملات کی چھان بین کے لیے حضرت عبد اللہ ابن ابی حدرد رضی اللہ عنہ کو بھیجا وہ جاسوس بن کر حنین میں آئے اور کئی دن تک وہاں رہ کر حالات کی تحقیق کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقابلہ کی تیاری کی۔ شوال ۸ ہجری میں بارہ ہزار مسلمان فوجیں اس قدر ساز و سامان کے ساتھ بڑھیں کہ بعض صحابہ کی زبان سے بے اختیار یہ الفاظ نکل گئے کہ "آج ہم پر کون غالب آسکتا ہے" اس وجہ سے یہ آیات نازل ہوئیں:

لقد نصرکم اللہ فی مواطن کثیرۃ ویوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم فلم تغن عنکم شیئا وضاقت علیکم الارض بما رحبت ثم ولیتم مدبرین ۰ ثم انزل اللہ سکینتہ علی رسولہ وعلی المؤمنین وانزل جنودا لم تروھا وعذب الذین کفروا وذلک جزاء الکافرین۔

(توبہ: ۲۶ - ۲۵)

اس سے پہلے بہت موقعوں پر اللہ تمہاری مدد کر چکا ہے اور یوم حنین میں بھی (تم اس کی مدد کا تجربہ کر چکے ہو) جب تم اپنی کثرت تعداد پر مغرور ہو گئے تھے لیکن وہ تمہارے کچھ کام نہ آئی اور باوجود اپنی وسعت کے زمین تم پر تنگ ہو گئی، اور تم پیٹھ پھیر کر بھاگ نکلے، پھر اللہ نے اپنے رسول اور مومنوں پر اپنی "سکینہ" (طمانیت قلب) نازل فرمائی اور اپنے لشکر اتارے جو تمہیں نظر نہیں آتے تھے اور کافروں کو عذاب دیا اور کافروں کی یہی سزا ہے۔

اس جنگ میں قبیلہ ہوازن کے تیر اندازوں نے مسلمانوں کا منہ پھیر دیا اور لشکر اسلام بری طرح تتر بتر ہو کر پسپا ہوا، اس وقت صرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مٹھی بھر جانباز تھے جن کے قدم اپنی جگہ پر جمے رہے اور انہی کی ثابت قدمی کا نتیجہ تھا کہ دوبارہ فوج کی ترتیب قائم ہو سکی اور بالآخر فتح مسلمانوں کے ہاتھ رہی ورنہ فتح مکہ سے جو کچھ حاصل ہوا تھا اس سے بہت زیادہ حنین میں کھو دینا پڑتا۔

شکست کے مختلف اسباب تھے مقدمۃ الجیش میں زیادہ تر نو مسلم نوجوان تھے جو جوانی کے زعم میں نسہ بھن کر بھی نہیں آئے تھے۔ فوج میں دو ہزار طلقاء بھی تھے (جو ابھی اسلام نہیں لائے تھے) دوسری طرف ہوازن تیر اندازی کے اندر تمام عرب میں مشہور تھے، میدان جنگ میں ان کا ایک تیر بھی خالی نہیں جاتا تھا، کفار نے میدان جنگ میں پہنچ کر تمام مناسب مقامات پر قبضہ کر لیا تھا، اور پہاڑوں کی گھاٹیوں، کھائیوں اور دروں میں جگہ جگہ اپنے تیر انداز دستے بٹھا دیے تھے، اسلامی فوج نے منہ اندھیرے حملہ کیا تھا، میدانِ جنگ اس قدر نشیب میں تھا کہ مسلمانوں کے پاؤں نہیں جم پاتے تھے، مسلمانوں کا بڑھنا تھا کہ سامنے سے ہزاروں فوجیں نکل آئیں اور کمین گاہوں سے تیروں کی بارش ہونے لگی، مقدمۃ الجیش ابتری کے ساتھ گھبرا کر پیچھے ہٹا اور پھر تمام فوج کے پاؤں اکھڑ گئے، تیروں کا مینہ برس رہا تھا بارہ ہزار فوج ہوا ہو گئی تھی لیکن ایک پیکر شجاعت

تھا جو تیر و تفنگ کے اس طوفان میں چٹان کی طرح ڈٹا ہوا تھا فقاتل فی سبیل اللہ لا تکلف الا نفسک "اب آپ اللہ کی راہ میں جنگ کیجئے آپ اپنی ذات کے سوا اور کسی کے جواب دہ نہیں ہیں" (نساء: ۸۴/۴) کی شان کا نزول ہو رہا تھا، اس وقت آپ کی ذات تنہا ایک فوج تھی، ایک اقلیم تھی بلکہ مجموعہ کائنات تھی، آپ بار بار یہ فرماتے تھے: انا النبی لا کذب. انا ابن عبد المطلب۔ "میں پیغمبر ہوں یہ جھوٹ نہیں ہے میں عبد المطلب کا بیٹا ہوں۔"

آپ نے حضرت عباس کو حکم دیا کہ مہاجرین اور انصار کو آواز دو، حضرت عباس نے پکارا یا معشر الانصار یا اصحاب الشجرۃ۔ یہ پُر اثر آواز کانوں میں کیا پڑی کہ تمام فوج ایک دم پلٹ پڑی اور دفعۃً جنگ کا پانسہ پلٹ گیا کفار بھاگ نکلے اور جو باقی بچے وہ گرفتار ہو گئے، بنو مالک (ثقیف کی ایک شاخ) جم کر لڑے لیکن ان کے ستر آدمی مارے گئے اور جب ان کا سالار بھی مارا گیا تو وہ بھی ثابت قدم نہ رہ سکے۔

اس حدیث (۴۴۵۳) میں حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ نے اسی غزوہ کا ایک واقعہ بیان کیا ہے کہ جب اس جنگ میں لوگ بھاگ نکلے تو میں نے دیکھا کہ ایک کافر ایک مسلمان کے سینہ پر سوار ہے میں نے عقب سے اس کے شانہ پر تلوار ماری جو زرہ کاٹ کر اندر اتر گئی اس نے پلٹ کر مجھ کو اس زور سے دبوچا کہ میری جان پر بن گئی لیکن پھر وہ ٹھنڈا ہو کر گر پڑا ——— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ فرمایا: "جس شخص نے کسی کو قتل کیا تو اس کا سلب (چھینا ہوا سامان) اس کو ملے گا بشرطیکہ اس کے پاس گواہ ہو" تو مجھے اس شخص کی سلب لینے کا خیال آیا لیکن میں نے کہا) میرا گواہ کون ہے؟ ——— الحدیث

سَلَب کا لغوی معنی

علامہ زبیدی لکھتے ہیں: سَلَب مفعول کے معنی میں ہے یعنی مسلوب، یہ وہ چیزیں ہیں کہ جن کو جنگ میں ایک شخص دوسرے شخص کے پاس سے چھین کر حاصل کرتا ہے، یہ چیزیں اس کا لباس اس کے ہتھیار اور اس کی سواری ہے۔ ہر وہ چیز جو کسی انسان کے پاس ہو وہ سَلَب ہے اور انسان مال غنیمت میں سے جو چیز چھین کر حاصل کرتا ہے وہ بھی سلب ہے، حدیث میں ہے من قتل قتیلا فلہ سلبہ "جو شخص کسی کو قتل کرے وہ اس کی سَلَب کا حقدار ہے"، اس کی جمع اسلاب ہے۔ [1]

سلب کی تفسیر میں مذاہب فقہاء

علامہ ابی مالکی لکھتے ہیں: سَلَب کی تفسیر میں اختلاف ہے اوزاعی اور ابن حبیب کہتے ہیں کہ گھوڑا اور اس کی زین سلب میں داخل ہے خواہ زین میں سونا، چاندی اور جواہرات ہوں، اور مقتول کے اوپر جو لباس، ہتھیار اور زیورات ہوں اور اس کا گھوڑا اور پٹکا اور کنگن اور انگوٹھی اور طوق اور تاج وغیرہ یہ سب سَلَب ہیں، امام شافعی کا بھی ایسا ہی قول ہے البتہ کنگن اور جو زیورات جنگ میں نہیں پہنے جاتے ان میں امام شافعی کو تردد ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا گھوڑا اور ہتھیار سلب ہیں، یہی امام مالک کا مذہب ہے امام سحنون مالکی نے امام شافعی کی طرح کہا ہے کہ گھوڑا، ہتھیار اور زیورات والے ہتھیار سَلَب ہیں، امام احمد گھوڑے کو تنفل (انعام) میں داخل کرتے ہیں اور تلواروں میں انہوں نے توقف کیا ہے، اور یہ قول شاذ ہے، اور ابن حبیب نے کہا ہے کہ اگر منطقہ میں سونا اور چاندی ہو تو وہ سلب ہے۔ دشمن کے لشکر میں مقتول کے جو اموال پائے جائیں ان کے متعلق امام شافعی کے دو قول ہیں۔ [2]

[1] سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی ۱۲۰۵ ھ، تاج العروس ج ۱ ص ۳۰۱، مطبوعہ مطبعہ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ ھ

[2] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۹۲، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی لکھتے ہیں: جمہور کے نزدیک لڑنے والے کے پاس جو ملبوس وغیرہ پایا جائے وہ سلب ہے امام احمد سے ایک روایت یہ ہے کہ اس میں سواری داخل نہیں ہے اور امام شافعی سے ایک روایت ہے کہ یہ آلات جنگ کے ساتھ مخصوص ہے۔ [1]

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:

مقتول جو چیزیں پہنے ہوئے ہو وہ سب سلب ہے۔ مثلاً کپڑے، عمامہ، ٹوپی، منطقہ، زرہ، خود، تاج، کنگن اور موزے وغیرہ اور ان چیزوں میں جو زیورات ہوں وہ بھی سلب ہیں، کیونکہ سلب سے لباس کا معنی سمجھ میں آتا ہے، اسی طرح تلوار، نیزہ اور چھری وغیرہ بھی سلب ہیں، کیونکہ ان سے جنگ میں مدد حاصل کی جاتی ہے اس لیے یہ سلب میں بطریق اولیٰ داخل ہیں، اسی طرح سواری سے بھی جنگ میں مدد حاصل ہوتی ہے اس لیے وہ بھی سلب میں داخل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سواری والا مجاہد مال غنیمت سے زیادہ حصے کا حقدار ہوتا ہے، اس لیے سواری کا ہتھیاروں سے زیادہ جنگ میں دخل ہے البتہ جو مال مقتول کے تھیلے میں ہو وہ سلب نہیں ہے کیونکہ وہ ملبوس میں شامل ہے نہ اس سے لڑنے میں مدد ملتی ہے، اسی طرح اس کا کجاوہ اور اس کا سامان اور جو مال اس کی ملکیت میں نہیں ہے وہ سلب نہیں ہے، امام اوزاعی، مکحول اور امام شافعی کا بھی یہی قول ہے لیکن امام شافعی یہ کہتے ہیں کہ جن چیزوں کی جنگ میں ضرورت نہیں پڑتی وہ سلب نہیں ہیں جیسا کہ تاج، کنگن اور طوق وغیرہ اور ہمیان بھی جس میں خرچ کے لیے مال ہو۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی فرماتے ہیں: ہماری دلیل یہ ہے کہ حضرت براء رضی اللہ عنہ نے مرزبان سے مبارزت کی (یعنی اس کو للکارا) اور اس کو قتل کر دیا، اس کے کنگن اور منطقہ کی قیمت تیس ہزار تھی اور حضرت عمر نے وہ کنگن اور منطقہ حضرت براء کو دے دیے اور حضرت عمرو بن معدی کرب نے ایک شخص پر حملہ کیا اور اس کی پیٹھ میں نیزہ مار کر اس کو گرا دیا پھر اتر کر اس کے ہاتھ کاٹ دیے اور اس کے کنگن اتار لیے اور اس کی تلوار اور منطقہ بھی ان کو دے دی گئیں، نیز یہ چیزیں مقتول نے پہنی ہوئی ہوتی ہیں اس لیے یہ چیزیں ملبوس میں شامل ہیں اور لفظ سلب کے عموم میں داخل ہیں، سواری کے متعلق امام احمد سے مختلف روایات ہیں ایک روایت یہ ہے کہ یہ سلب میں داخل نہیں ہے اور عمرو بن معدی کرب کی حدیث میں کنگن اور منطقہ لینے کا ذکر ہے اور سواری کو لینے کا ذکر نہیں ہے۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ عوف بن مالک سے روایت ہے کہ انہوں نے غزوہ موتہ میں ایک رومی گھوڑ سوار کو قتل کر دیا اور حضرت خالد بن ولید سے اس کے گھوڑے اور ہتھیاروں کو سلب میں لے لیا، اور شبر بن علقمہ سے روایت ہے کہ انہوں نے بھی گھوڑے کو سلب میں لیا تھا اور امام احمد کا اس میں دوسرا قول یہ ہے کہ گھوڑے سے بھی جنگ میں مدد حاصل کی جاتی ہے اس لیے وہ ہتھیاروں کے مشابہ ہے اور جب سواری کا سلب ہونا ثابت ہو گیا تو سواری پر جو زین اور لگام ہے وہ بھی سلب ہے اور زین میں جو زیورات ہوں وہ بھی سلب ہیں اور سواری کے باقی آلات بھی سلب ہیں۔ سواری سلب اس وقت ہو گی جب مقتول اس پر سوار ہو اور جو سواری اس کے گھر میں ہو یا کسی اور کے پاس ہو وہ سلب نہیں ہے اسی طرح ہتھیاروں کا حکم ہے۔ [2]

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۲۴۷، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] علامہ موفق الدین عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی مع الشرح ج ۱۰ ص ۴۲۳-۴۲۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۴ھ

علامہ المرغینانی حنفی لکھتے ہیں: مقتول کے کپڑے، اس کے ہتھیار اور اس کی سواری سلب ہے، اسی طرح اس کی سواری پر جو زین اور دیگر آلات ہوں وہ بھی سلب ہیں، اسی طرح اس کی سواری میں جو مال ہو یا اس کی ہمیان (کمر سے بندھی ہوئی تھیلی) میں جو مال ہو وہ بھی سلب ہے، اور ان کے علاوہ جو چیز ہو وہ سلب نہیں ہے، اسی طرح اگر دوسری سواری پر اس کا غلام ہو تو وہ بھی سلب نہیں ہے۔ لے

سلب کے احکام اور شرائط میں فقہاء کے نظریات

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: اس میں سب علماء کا اتفاق ہے کہ قاتل مقتول کے سلب کا مستحق ہوتا ہے، کیونکہ احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے: جو شخص کسی کو قتل کرے گا اس مقتول کا سلب قاتل کو ملے گا۔ (صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ابوداؤد)

سلب ہر قاتل کے لیے ہے خواہ وہ مال غنیمت میں سے حصہ کا مستحق ہو یا معمولی چیز کا۔ جس شخص کو مال غنیمت سے حصہ نہیں ملتا اس کے متعلق امام شافعی کے دو قول ہیں، ایک قول یہ ہے کہ وہ سلب کا مستحق نہیں ہوگا کیونکہ مال غنیمت کا حصہ زیادہ مؤکد ہے اور جب وہ اس کو نہیں ملے گا تو وہ سلب کا بطریق اولیٰ مستحق نہیں ہوگا کیونکہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ غلام جب اپنے مولیٰ کی اجازت سے مبارزت کرے اور کسی کو قتل کر دے تو وہ سلب کا مستحق نہیں ہے البتہ اس کو معمولی چیز دی جائے گی، اور غلام، عورت، بچے اور مشرک مال غنیمت سے حصہ کے مستحق نہیں ہوتے بلکہ ان کو تھوڑی سی کوئی چیز دی جاتی ہے اس لیے وہ سلب کے بھی مستحق نہیں ہیں۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: ہماری دلیل یہ ہے کہ احادیث میں بالعموم حکم ہے جس نے کسی کو قتل کیا وہ سلب کا مستحق ہے نیز اس لیے کہ لشکر کا امام امیر اگر کسی ایسے کام پر جس میں مسلمانوں کا نفع ہو کسی شخص کے لیے انعام مقرر کرے تو وہ اس انعام کا مستحق ہوتا ہے تو جس شخص کے لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم انعام مقرر کریں وہ بطریق اولیٰ اس انعام کا مستحق ہوگا۔

علامہ ابن قدامہ لکھتے ہیں: سلب کے استحقاق کی چار شرطیں ہیں:

(۱)۔ مقتول ان لڑنے والوں میں سے ہو جن کا قتل کرنا جائز ہے، اگر کسی شخص نے عورت، بچے، شیخ فانی یا بہت کمزور شخص کو قتل کر دیا اسی طرح جو لوگ جنگ نہیں کرتے ان کو قتل کرنے سے سلب کا مستحق نہیں ہوگا اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے، ہاں اگر ان میں سے کوئی جنگ کر رہا ہو تو پھر اس کو قتل کرنے سے سلب کا مستحق ہوگا۔

(۲)۔ اگر ایک شخص نے مقتول کے اعضاء کاٹ کر اس کو بے بس کر دیا اور دوسرے شخص نے اس کو قتل کر دیا تو سلب کا مستحق اعضاء کاٹنے والا ہے کیونکہ اس کے شر سے مسلمانوں کو محفوظ کرنے والا وہی ہے، حضرت معاذ بن عمرو بن جموح نے تلوار مار کر ابوجہل کو گرایا اور حضرت ابن مسعود نے اس کا سر کاٹا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی سلب کا فیصلہ حضرت معاذ کے لیے کیا اور حضرت ابن مسعود کو اس کی سلب سے کچھ نہیں دیا۔ امام شافعی رحمہ اللہ

لے علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر المرغینانی [illegible] مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

کا بھی یہی مسلک ہے

(۳)۔ اگر ایک شخص کسی کو زخمی کر دے اور اس کا اچھی طرح خون بہا دے تو زخمی بھی حکماً مقتول ہے، امام احمد یہ کہتے ہیں کہ سلب صرف قاتل کے لیے ہے اگر کوئی شخص کسی کو قید کرے تو وہ اس کی سلب کا مستحق نہیں ہوگا خواہ اس کو امام قتل کرے یا نہ کرے، کیونکہ جنگ بدر میں مسلمانوں نے کافروں کو قید کر لیا تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیدیوں میں سے عقبہ اور نضر بن حارث کو قتل کر دیا اور قید کرنے والوں کو ان کی سلب نہیں دی۔

(۴)۔ قتل کرنے والا اس قتل میں مستقل اور منفرد ہو اگر اس نے مسلمانوں کی صفوں میں سے کسی کو تیر مارا اور وہ مر گیا تو سلب کا مستحق نہیں ہے، امام احمد نے کہا ہے کہ قاتل کے لیے سلب اس وقت ہوگی جب وہ مبارزت (للکار) کرے، اسی طرح اگر مسلمانوں کی ایک جماعت نے مل کر کسی کو قتل کیا تو وہ بھی اس کی سلب کے مستحق نہیں ہوں گے۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: سلب میں سے خمس نہیں لیا جائے گا، حضرت سعد بن ابی وقاص، ابن منذر اور ابن جریر کا بھی یہی قول ہے اور حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ اس میں سے خمس لیا جائے گا امام اوزاعی اور مکحول کا بھی یہی قول ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: واعلموا انما غنمتم من شیء فان للہ خمسه (انفال: ۴۱) "یاد رکھو تم نے مال غنیمت میں سے جو کچھ حاصل کیا ہے اس میں سے اللہ کے لیے پانچواں حصہ ہے"، ہماری دلیل یہ ہے کہ حضرت عوف بن مالک اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قاتل کے لیے سلب کا فیصلہ کیا اور اس میں سے خمس نہیں نکالا۔ (سنن ابو داؤد) اور حضرت عمر کا قول بھی ہماری دلیل ہے انھوں نے فرمایا: "ہم سلب میں سے خمس نہیں نکالتے تھے"، ابن سیرین نے روایت کیا ہے کہ براء بن مالک نے بحرین میں مرزبان سے مبارزت کی اور نیزہ مار کر اس کو قتل کر دیا اور اس کے کنگن اتار لیے جب حضرت عمر تک یہ خبر پہنچی تو انھوں نے فرمایا ہم پہلے سلب میں سے خمس نہیں نکالتے تھے لیکن براء کی سلب مال کو پہنچتی ہے میں اس میں سے خمس نکالوں گا، اسلام میں سب سے پہلے براء کی سلب سے خمس نکالا گیا اور براء کی سلب تیس ہزار کو پہنچ چکی تھی، اس سے معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر کے دورِ خلافت اور حضرت عمر کے ابتدائی ایام میں یہی معمول تھا کہ سلب میں سے خمس نہیں نکالا جاتا تھا، اور آپ کی اتباع اولیٰ ہے، جوزجانی نے کہا جس چیز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلے کوئی ہدایت آچکی ہے اس چیز میں آپ کی ہدایت کے سوا اور کسی کی اتباع جائز نہیں ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فعل کی بناء پر قرآن مجید کی آیت (انفال: ۸/ ۴۱) کے عموم میں تخصیص کی جائے گی کیونکہ آپ قرآن مجید کے شارح ہیں اور قرآن مجید کی مراد کو آپ ہی بہتر جانتے ہیں۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: امام نے سلب لینے کے لیے کہا ہو یا نہیں، ہر حال میں قاتل سلب کا مستحق ہوگا۔ امام اوزاعی، لیث، امام شافعی، اسحاق، ابو عبید اور ابو ثور کا بھی یہی قول ہے۔ امام ابو حنیفہ اور ثوری نے یہ کہا ہے کہ قاتل سلب کا اس وقت مستحق ہوگا جب امام یا امیر لشکر قاتل کے لیے سلب کی شرط لگائے گا، امام مالک نے کہا ہے کہ امیر لشکر کہے گا تو قاتل سلب کا مستحق ہوگا، امام احمد سے بھی ایک قول ان کے قول کی طرح منقول ہے کیونکہ امام مسلم اور امام ابو داؤد نے روایت کیا ہے کہ حضرت عوف بن مالک نے ایک کافر کو قتل کر دیا حضرت خالد نے اس کی سلب کو زیادہ سمجھ کر وہ حضرت عوف کو نہیں دی، جب حضرت عوف نے اس کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی تو پہلے آپ نے حضرت عوف کے حق میں فیصلہ کیا لیکن جب حضرت عوف نے اس فیصلہ کی وجہ سے حضرت خالد کی

تخفیف کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اے خالد! اس کو سلب مت دو"، نیز حضرت عمر نے حضرت براء کی سلب سے خمس لے لیا اگر سلب ان کا حق ہوتا تو وہ اس سے خمس نہ لیتے!

علامہ ابن قدامہ فرماتے ہیں: ہماری دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من قتل قتیلا فلہ سلبہ "جس شخص نے کسی کو قتل کیا اس کی سلب کا وہی حقدار ہے!" یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مشہور فیصلہ ہے جس پر خلفاء راشدین نے عمل کیا ہے، حضرت عمر کا یہ کہنا کہ "ہم سلب میں سے خمس نہیں لیتے تھے" اس پر دلیل ہے کہ یہ حکم ہر قاتل کے لیے عام اور مستمر ہے اور اس پر ہر غزوہ میں عمل ہوتا رہا ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عوف کو جو سلب نہیں دی یہ اس کی سزا تھی کہ انہوں نے حضرت خالد کی تخفیف کی تھی اور امام احمد کے قول کی توجیہ یہ ہے کہ سلب لینے کے لیے امام کی اجازت حاصل کرنا مستحب ہے۔ [1]

سلب کے حکم میں فقہاء احناف کے نظریات اور دلائل

علامہ بدر الدین عینی حنفی لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد یہ کہتے ہیں کہ سلب لشکر کے مال غنیمت سے ہے اور اس کا حکم وہی ہے جو مال غنیمت کا ہے (یعنی اس سے خمس نکالا جائے گا) البتہ اگر امام نے یہ کہہ دیا کہ "جس شخص نے کسی کو قتل کیا تو اس کی سلب اس کو ملے گی" اس صورت میں سلب کا صرف قاتل مستحق ہوگا (اور اس سے خمس نہیں نکالا جائے گا)۔ [2]

علامہ ابوالحسن المرغینانی حنفی لکھتے ہیں: جب سلب قاتل کو نہیں دی جائے گی تو اس کا شمار مال غنیمت سے ہوگا، اس میں قاتل اور غیر قاتل دونوں برابر ہیں، امام شافعی یہ کہتے ہیں کہ جب قاتل غنیمت لینے کا اہل ہو تو صرف وہی سلب لینے کا مستحق ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من قتل قتیلا فلہ سلبہ "جس نے کسی شخص کو قتل کیا تو اس کے لیے مقتول کی سلب ہے" اور بظاہر یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شرعی حکم بیان کیا ہے کیونکہ آپ شرعی حکم بیان کرنے کے لیے مبعوث ہوئے ہیں اور قاتل نے اس کو قتل کرنے میں زیادہ مشقت اٹھائی ہے اس لیے وہ اس کی سلب کے ساتھ مختص ہوگا تاکہ اس میں اور دوسروں میں فرق واضح ہو۔

علامہ المرغینانی حنفی لکھتے ہیں: قاتل نے مقتول کو لشکر کی قوت سے قتل کیا ہے اس لیے اس سے چھینا ہوا سلب مال غنیمت میں شمار ہوگا اور مال غنیمت کی طرح اس کی تقسیم کی جائے گی، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حبیب بن ابی سلمہ (مسلمہ۔ سعیدی غفرلہ) سے فرمایا لیس لک من سلب قتیلک الا ما طابت بہ نفس امامک "مقتول کی سلب سے تم کو وہی چیز ملے گی جس کو امام، تمہیں خوشی سے دے گا" اور امام شافعی نے جو حدیث بیان کی ہے "جس شخص نے کسی کو قتل کیا تو اس کے لیے مقتول کی سلب ہے" اس میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ شرعی حکم بیان کیا ہو جیسا کہ امام شافعی اور امام احمد وغیرہ کا مذہب ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بطور نفل اور انعام کے فرمایا ہو اور ہم اس کو حبیب بن ابی مسلمہ کی روایت کی بناء پر نفل اور انعام پر محمول

---

[1] علامہ موفق الدین عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی مع الشرح ج ۱۰ ص ۴۲۰-۴۲۱، ملخصاً مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۴ھ

[2] علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۵ ص ۶۶، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

کرتے ہیں اور کسی کی زیادہ مشقت اس کے لیے زیادہ غنیمت کی مقتضی نہیں ہے۔ [1]

علامہ ابن ہمام فرماتے ہیں: علامہ المرغینانی نے جو حبیب بن ابی مسلمہ کی روایت سے استدلال کیا ہے یہ بہت خوب ہے بشرطیکہ یہ حدیث صحیح یا حسن ہو لیکن اس حدیث کو امام طبرانی نے معجم اوسط اور معجم کبیر میں روایت کیا ہے کہ حبیب بن مسلمہ کو یہ خبر پہنچی کہ قبرص کا امیر آزر بائیجان کے راستہ سے جا رہا ہے اور اس کے ساتھ زمرد، یاقوت اور موتی وغیرہ ہیں، انھوں نے جا کر اس پر حملہ کیا اور اس کو قتل کر دیا اور اس کا تمام مال لے آئے، حضرت ابو عبیدہ نے اس مال سے خمس نکالنا چاہا تو حبیب بن مسلمہ نے کہا: اللہ تعالیٰ نے جو مجھے مال دیا ہے تم مجھ کو اس سے محروم نہ کرو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلب کو قاتل کا حق قرار دیا ہے، اس پر حضرت معاذ نے کہا اے حبیب میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے، انسان کا حق اسی چیز پر ہے جو اس کا امام اس کو خوشی سے دے؟" یہ حدیث عمرو بن واقد کی وجہ سے مجہول ہے۔

اس حدیث کو اسحاق بن راہویہ نے بقیہ بن ولید سے، انھوں نے ایک شخص سے، انھوں نے جنادہ بن امیہ سے روایت کیا کہ حبیب بن مسلمہ پانچ خچروں پر ریشم، یاقوت اور زمرد لاد کر لائے، حبیب نے یہ تمام مال لینا چاہا اور حضرت ابو عبیدہ ان کو اس میں سے بعض دینا چاہتے تھے، حبیب نے حضرت ابو عبیدہ سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے" جس شخص نے کسی کو قتل کیا اس کے لیے مقتول کی سلب ہے؟" حضرت ابو عبیدہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ کے لیے یہ قانون نہیں بنایا، حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بھی یہ گفتگو سن رہے تھے، انھوں نے حبیب سے کہا کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے؟ اس چیز کو لے رہے ہو جس کو دینے پر تمہارا امام راضی نہیں ہے تم اسی چیز کو لے سکتے ہو جو تم کو امام خوشی سے دے، اور حضرت معاذ نے اس بارے میں ان کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کی، پھر ان کا اس پر اتفاق ہو گیا اور خمس نکالنے کے بعد مال حبیب کو دے دیا گیا اور حبیب نے اس مال کو ایک ہزار میں فروخت کر دیا۔ اس حدیث کی سند مجہول ہے کیونکہ بقیہ بن ولید اور جنادہ بن امیہ کے درمیان ایک مجہول راوی ہے۔

علامہ المرغینانی (صاحب ہدایہ) نے کہا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حبیب بن ابی سلمہ سے فرمایا" مقتول کی سلب سے تم کو وہی چیز ملے گی جو تم کو امام خوشی سے دے گا،" حالانکہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نہیں بلکہ حضرت معاذ کا حبیب سے خطاب ہے، نیز علامہ المرغینانی نے ان کا نام حبیب بن سلمہ لکھا ہے حالانکہ ان کا نام حبیب بن مسلمہ ہے۔

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں: ہر چند کہ یہ حدیث ضعیف ہے (ایک سند معلول ہے اور دوسری مجہول) لیکن اس کا ضعف ہمیں مضر نہیں ہے کیونکہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی حدیث میں اس کی تائید ہے جنگ بدر میں ابوجہل کے متعلق حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن عمرو بن جموح اور حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہما کی تلواروں کو دیکھنے کے بعد دونوں سے فرمایا: تم دونوں نے اس کو

---

[1] علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر المرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ ھ، ہدایہ اولین ص ۵۵۹، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

قتل کیا ہے، اس کے باوجود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل کی سلب فقط حضرت معاذ بن عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ کو عطا فرمائی، اگر قاتل سلب کا مستحق ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں کو اس کی سلب عطا فرماتے۔

امام بیہقی نے اس دلیل کا یہ جواب دیا ہے کہ نص کتاب سے ثابت ہے کہ بدر کا مال غنیمت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ملک تھا آپ جس کو چاہیں عنایت فرما دیں یہی وجہ ہے کہ آپ نے ان صحابہ کو مال غنیمت سے حصہ دیا جو اس معرکہ میں حاضر نہیں تھے، پھر معرکہ بدر کے بعد مال غنیمت کے متعلق آیت نازل ہوئی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سلب کو قاتل کے ساتھ خاص کر دیا اور پھر یہی قاعدہ مقرر رہا۔ علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں یہ دعویٰ بھی کیا جاتا ہے کہ جنگ بدر میں بھی سلب قاتل کے لیے تھی کیونکہ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ بدر کے دن فرمایا من قتل قتیلا فله سلبه۔ "جس نے کسی شخص کو قتل کیا اس کی سلب قاتل کے لیے ہے" یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے لیکن اس سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ جنگ بدر میں بھی سلب قاتل کے لیے تھی۔

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں کہ متعدد احادیث سے یہ ثابت ہے کہ سلب کا قاتل کے لیے ہونا ہمیشہ کے لیے قاعدہ نہیں ہے اور ہرچند کہ یہ احادیث ضعیف السند ہیں لیکن تعدد طرق روایت سے یہ درجہ حسن کو پہنچتی ہیں اور صحیح مسلم اور سنن ابوداؤد میں ہے کہ حضرت عوف بن مالک کی سلب میں جب ان کا اور حضرت خالد بن ولید کا مناقشہ ہوا تو پہلے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عوف کے حق میں فیصلہ کیا لیکن جب حضرت عوف نے حضرت خالد کی تخفیف کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہوئے اور حضرت خالد سے فرمایا: اے خالد! ان کو سلب واپس نہ کرنا، کیا تم میرے امراء (کی اطاعت) کو ترک کر رہے ہو؟ اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ سلب کا قاتل کے لیے ہونا کوئی لازمی اور ابدی قانون نہیں ہے اور علامہ خطابی کا یہ جواب دینا صحیح نہیں ہے کہ چونکہ حضرت عوف نے حضرت خالد کی تخفیف کی تھی اس لیے آپ نے ان کو سلب نہیں دی تاکہ کوئی شخص امیر کے فیصلہ کے خلاف جرأت نہ کرے یہ جواب اس لیے غلط ہے کہ اگر سلب قاتل کا حق ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غصہ کی بناء پر ان کو ان کے حق سے محروم نہ کرتے اس سے ثابت ہوا کہ سلب کا قاتل کے لیے ہونا کوئی ابدی قاعدہ نہیں ہے بلکہ یہ امام کی مرضی پر موقوف ہے خواہ وہ قاتل کو دے یا نہ دے اور جب یہ قاتل کا حق نہیں ہے تو پھر یہ مال غنیمت ہے اور اس سے خمس نکالا جائے گا یہی امام ابوحنیفہ کا مذہب ہے۔ [1]

حدیث نمبر ۴۴۵۲
جنگ بدر میں حضرت معاذ بن عمرو کو سلب کے ساتھ خاص کرنے کا سبب

یہ ابوجہل کو قتل کرنے کا واقعہ ہے، حضرت معاذ بن عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ اور حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہ دونوں نے اپنی اپنی تلواروں سے وار کر کے اس کا خون بہایا تھا لیکن کاری اور مہلک وار حضرت معاذ بن عمرو نے کیا تھا جس کے بعد اس کا ہلاک ہو جانا یقینی ہو گیا تھا اسی وجہ سے اس کی سلب اس کو دی گئی، حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کا سر تن سے جدا کیا تھا، یہ تینوں صحابہ اس کے قتل میں شریک تھے لیکن فیصلہ کن وار حضرت معاذ بن عمرو بن جموح

[1] علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۵ ص ۲۴۹-۲۵۱، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

نے کیا تھا۔

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: امام طحاوی نے اس حدیث کو روایت کرنے کے بعد فرمایا اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ سلب پر قاتل کا حق نہیں ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن عمرو اور حضرت معاذ بن عفراء دونوں سے فرمایا: تم دونوں نے ابوجہل کو قتل کیا ہے لیکن سلب صرف حضرت معاذ بن عمرو کو دی اس سے معلوم ہوا کہ سلب پر قاتل کا حق نہیں ہے ورنہ دونوں کو سلب دیتے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ متصور نہیں ہے کہ آپ ایک کا حق چھین کر دوسرے کو دے دیں، کیونکہ اگر امام یہ اعلان کرے کہ جس نے کسی کو قتل کیا تو اس کو مقتول کی سلب ملے گی اور دو شخص مل کر کسی ایک آدمی کو قتل کریں تو امام اس کی سلب ان دونوں میں تقسیم کرے گا اور امام کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ ایک کو محروم کر کے دوسرے کو مکمل سلب دے دے۔ اور چونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت تک یہ نہیں فرمایا تھا کہ قتل کرنے والے کو مقتول کی سلب ملے گی اس لیے آپ نے وہ سلب دو میں سے ایک کو دے دی، اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک حضرت معاذ بن عمرو بن جموح کا تلوار سے وار کرنا زیادہ قوی تھا اس وجہ سے آپ نے تنہا ان کو سلب دی۔ [1]

اس باب کی آخری حدیث میں جنگی قیدیوں کو فدیہ میں دے کر مسلمان قیدیوں کے چھڑانے کا ذکر ہے، ہم اس پر بحث اس سے پہلے والے باب میں (یعنی باب ۵۸۸) کر چکے ہیں اور اس پر مفصل گفتگو اور مکمل تحقیق انشاء اللہ العزیز باب نمبر ۵۹۶ میں کریں گے۔

بَابُ ۵۹۰ حُكْمِ الْفَيْءِ

فَے کا حکم

۴۴۵۹ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا قَرْيَةٍ أَتَيْتُمُوهَا وَأَقَمْتُمْ فِيهَا فَسَهْمُكُمْ فِيهَا وَأَيُّمَا قَرْيَةٍ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ خُمُسَهَا لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ ثُمَّ هِيَ لَكُمْ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جس بستی میں جاؤ اور وہاں قیام کرو تو تمہارا حصہ اس بستی میں ہوگا۔ جو بستی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے (یعنی اس نے مسلمانوں سے جنگ کی) تو اس کا پانچواں حصہ اللہ اور اس کے رسول کا ہے اور باقی تمہارا ہے۔

۴۴۶۰ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ بنو نضیر

[1] علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۵ ص ۶۷، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَ اللَّفْظُ لِابْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا وَقَالَ الْاٰخَرُوْنَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسٍ عَنْ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ اَمْوَالُ بَنِي النَّضِيْرِ مِمَّا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِمَّا لَمْ يُوْجِفْ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ بِخَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ فَكَانَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً فَكَانَ يُنْفِقُ عَلٰى اَهْلِهٖ نَفَقَةَ سَنَةٍ وَمَا بَقِيَ يَجْعَلُهٗ فِي الْكُرَاعِ وَالسِّلَاحِ عُدَّةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

کے اموال ان اموال میں سے تھے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر لوٹا دیے تھے، مسلمانوں نے ان کے حصول کے لیے گھوڑے دوڑائے تھے نہ اونٹ، یہ اموال بالخصوص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تصرف میں تھے، آپ ان اموال میں سے اپنے اہل کے لیے ایک سال کا خرچ نکال لیتے تھے اور جو مال باقی بچتا اس کو جہاد کی سواریوں اور ہتھیاروں کی تیاری پر خرچ کرتے تھے۔

۴۴۶۱۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۴۶۲۔ وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَآءَ الضُّبَعِيُّ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ مَالِكَ بْنَ اَوْسٍ حَدَّثَهٗ قَالَ اَرْسَلَ اِلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَجِئْتُهٗ حِيْنَ تَعَالَى النَّهَارُ قَالَ فَوَجَدْتُهٗ فِيْ بَيْتِهٖ جَالِسًا عَلٰى سَرِيْرٍ مُفْضِيًا اِلٰى رُمَالِهٖ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ مِّنْ اَدَمٍ فَقَالَ لِيْ يَا مَالُ اِنَّهٗ قَدْ دَفَّ اَهْلُ اَبْيَاتٍ مِّنْ قَوْمِكَ وَقَدْ اَمَرْتُ فِيْهِمْ بِرَضْخٍ فَخُذْهُ فَاقْسِمْهُ بَيْنَهُمْ قَالَ قُلْتُ لَوْ اَمَرْتَ بِهٰذَا غَيْرِيْ قَالَ خُذْهُ يَا مَالُ قَالَ فَجَآءَ يَرْفَا فَقَالَ هَلْ لَكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ عُثْمَانَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرِ وَسَعْدٍ فَقَالَ

حضرت اوس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے بلوایا میں دن چڑھنے کے بعد ان کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے دیکھا کہ وہ گھر میں خالی تخت پر چمڑے کے ایک تکیہ سے ٹیک لگائے بیٹھے ہیں، فرمانے لگے: اے مالک! تمہاری قوم کے کچھ لوگ جلدی جلدی آئے تھے، میں نے انہیں تھوڑی سی چیزیں دینے کا حکم دے دیا ہے، تم وہ چیزیں لے کر ان کے درمیان تقسیم کر دو، میں نے کہا آپ میرے علاوہ کسی اور کے ذمہ یہ کام لگا دیتے تو اچھا تھا، حضرت عمر نے فرمایا: اے مالک! تم یہ چیزیں لے لو! اتنے میں (ان کا غلام) یرفا اندر آیا اور کہنے لگا: حضرت عثمان، حضرت عبدالرحمن بن عوف، حضرت زبیر اور حضرت سعد کے متعلق کیا حکم ہے؟ (یعنی وہ اندر آنے کی اجازت چاہتے ہیں) حضرت عمر نے کہا، اچھا اور

عُمَرُ نَعَمْ فَاَذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوْا ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ هَلْ لَكَ فِيْ عَبَّاسٍ وَعَلِيٍّ قَالَ نَعَمْ فَاَذِنَ لَهُمَا فَقَالَ عَبَّاسٌ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْضِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ هٰذَا الْكَاذِبِ الْاٰثِمِ الْغَادِرِ الْخَائِنِ فَقَالَ الْقَوْمُ اَجَلْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاقْضِ بَيْنَهُمْ وَاَرِحْهُمْ فَقَالَ مَالِكُ بْنُ اَوْسٍ يُخَيَّلُ اِلَيَّ اَنَّهُمْ قَدْ كَانُوْا قَدَّمُوْهُمْ لِذٰلِكَ فَقَالَ عُمَرُ اتَّئِدَا اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ بِاِذْنِهٖ تَقُوْمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ قَالُوْا نَعَمْ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى الْعَبَّاسِ وَعَلِيٍّ فَقَالَ اَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ الَّذِيْ بِاِذْنِهٖ تَقُوْمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ اَتَعْلَمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَاهُ صَدَقَةٌ قَالَا نَعَمْ فَقَالَ عُمَرُ اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَزَّ كَانَ خَصَّ رَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَاصَّةٍ لَمْ يُخَصِّصْ بِهَا اَحَدًا غَيْرَهٗ قَالَ مَا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ مَا اَدْرِيْ هَلْ قَرَاَ الْاٰيَةَ الَّتِيْ قَبْلَهَا اَمْ لَا قَالَ فَقَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَكُمْ اَمْوَالَ بَنِي النَّضِيْرِ فَوَاللّٰهِ مَا اسْتَاْثَرَ عَلَيْكُمْ وَلَا اَخَذَهَا دُوْنَكُمْ حَتّٰى بَقِيَ هٰذَا الْمَالُ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْخُذُ مِنْهُ نَفَقَةَ سَنَةٍ ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ اُسْوَةَ الْمَالِ ثُمَّ قَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ بِاِذْنِهٖ تَقُوْمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ اَتَعْلَمُوْنَ ذٰلِكَ قَالُوْا نَعَمْ ثُمَّ نَشَدَ عَبَّاسًا

انہیں اندر آنے کی اجازت دے دی اور وہ اندر آگئے پھر یرفا آئے اور کہا حضرت علی اور حضرت عباس کے بارے میں کیا حکم ہے ؟ حضرت عمر نے کہا اچھا! اور ان کو بھی اجازت دے دی، حضرت عباس نے کہا: اے امیر المؤمنین میرے اور اس جھوٹے، خطاکار، عہد شکن اور خائن کے درمیان فیصلہ کر دیجئے! باقی صحابہ نے بھی کہا: ہاں اے امیر المؤمنین ان کے درمیان فیصلہ کر دیجئے اور ان کو راحت دلائیے! حضرت مالک بن اوس نے کہا میرا خیال تھا کہ ان دونوں نے ان صحابہ کو اسی لیے پہلے بھیجا تھا، حضرت عمر نے کہا ٹھہرو میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے اذن سے آسمان اور زمین قائم ہیں، کیا تمہیں علم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا، ہم نے جو کچھ بھی چھوڑا ہے وہ صدقہ ہے، انھوں نے کہا ہاں! پھر حضرت عمر، حضرت عباس اور حضرت علی کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا میں تم دونوں کو اس ذات کی قسم دیتا ہوں جس کے اذن سے آسمان اور زمین قائم ہیں، کیا تم دونوں یہ جانتے ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا کہ ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا ہم نے جو کچھ چھوڑا ہے وہ صدقہ ہے؟ ان دونوں نے کہا ہاں! حضرت عمر نے کہا بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک چیز کے ساتھ خاص کیا تھا جس کے ساتھ کسی اور کو خاص نہیں کیا تھا، یہ بستیوں کے وہ اموال ہیں جو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لوٹا دیے تھے یہ اموال اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہیں (یعنی اموال فئے) راوی کہتے ہیں مجھے علم نہیں کہ انھوں نے اس سے پہلے والی آیت پڑھی تھی یا نہیں! پھر حضرت عمر نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے درمیان بنو نضیر کے اموال تقسیم کر دیے، بخدا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان اموال کو اپنے ساتھ خاص نہیں کیا، اور نہ تمہیں چھوڑ کر ان اموال کو خود رکھا،

وَعَلَيْنَا بِمِثْلِ مَا نَشَدَ بِهِ الْقَوْمَ أَتَعْلَمَانِ
ذٰلِكَ قَالَا نَعَمْ قَالَ فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ
أَنَا وَلِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَجِئْتُمَا تَطْلُبُ مِيْرَاثَكَ مِنِ ابْنِ أَخِيْكَ
وَيَطْلُبُ هٰذَا مِيْرَاثَ امْرَأَتِهٖ مِنْ أَبِيْهَا
فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ
فَرَأَيْتُمَاهُ كَاذِبًا آثِمًا غَادِرًا خَائِنًا وَاللّٰهُ
يَعْلَمُ إِنَّهٗ لَصَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ
لِلْحَقِّ ثُمَّ تُوُفِّيَ أَبُوْ بَكْرٍ وَأَنَا وَلِيُّ رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَلِيُّ أَبِيْ
بَكْرٍ فَرَأَيْتُمَانِيْ كَاذِبًا آثِمًا غَادِرًا خَائِنًا
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنِّيْ لَصَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ
لِلْحَقِّ فَوَلِيْتُهَا ثُمَّ جِئْتَنِيْ أَنْتَ وَهٰذَا
وَأَنْتُمَا جَمِيْعٌ وَأَمْرُكُمَا وَاحِدٌ فَقُلْتُمَا
ادْفَعْهَا إِلَيْنَا فَقُلْتُ إِنْ شِئْتُمْ دَفَعْتُهَا
إِلَيْكُمَا عَلٰى أَنَّ عَلَيْكُمَا عَهْدَ اللّٰهِ أَنْ
تَعْمَلَا فِيْهَا بِالَّذِيْ كَانَ يَعْمَلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذْتُمَاهَا
بِذٰلِكَ قَالَ أَكَذٰلِكَ قَالَا نَعَمْ قَالَ ثُمَّ
جِئْتُمَانِيْ لِأَقْضِيَ بَيْنَكُمَا وَلَا وَاللّٰهِ
لَا أَقْضِيْ بَيْنَكُمَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ حَتّٰى
تَقُوْمَ السَّاعَةُ فَإِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهَا
فَرُدَّاهَا إِلَيَّ۔

حتیٰ کہ یہ مال باقی رہ گیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس مال سے ایک سال کا خرچ لے لیتے تھے، باقی جو بچتا وہ بیت المال میں رکھ لیتے، حضرت عمر نے پھر فرمایا میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے اذن سے آسمان اور زمین قائم ہیں، کیا تم کو اس کا علم ہے؟ انھوں نے کہا ہاں پھر حضرت عمر نے حضرت عباس اور حضرت علی کو بھی وہی قسم دی جو باقی صحابہ کو دی تھی، اور کہا کیا تم کو اس کا علم ہے؟ انھوں نے کہا ہاں! حضرت عمر نے کہا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا تو حضرت ابوبکر نے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خلیفہ ہوں، پھر تم دونوں آئے، تم اپنے بھتیجے کی میراث سے طلب کرتے تھے اور یہ اپنی زوجہ کے لیے ان کے والد کی میراث سے طلب کرتے تھے تو حضرت ابوبکر نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہم کسی کو وارث نہیں بناتے ہم نے جو کچھ بھی چھوڑا ہے وہ صدقہ ہے۔ سو تم دونوں نے حضرت ابوبکر کو جھوٹا، گنہ گار، عہد شکن اور خائن گمان کیا اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا تھا کہ حضرت ابوبکر سچے، نیک، ہدایت یافتہ اور حق کی پیروی کرنے والے ہیں، پھر حضرت ابوبکر فوت ہو گئے اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر کا خلیفہ بنایا گیا پس تم دونوں نے مجھے بھی جھوٹا، گنہ گار، عہد شکن اور خائن گمان کیا (یعنی میرے ساتھ وہ سلوک کیا جو جھوٹے اور خائن کے ساتھ کرتے ہیں) اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں سچا، نیک، ہدایت یافتہ اور حق کی پیروی کرنے والا ہوں پھر میں ان اموال کا ولی بنایا گیا پھر تم اور یہ میرے پاس آئے درآں حالیکہ تم دونوں کی رائے متفق تھی تم دونوں نے کہا ان اموال کی نگہداشت ہمارے سپرد کر دیجئے، میں نے کہا اگر تم چاہو تو میں یہ اموال اس شرط کے ساتھ تمہارے سپرد کر دیتا ہوں کہ تم ان اموال میں اسی طرح تصرف کرو گے جس طرح ان اموال میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تصرف کرتے تھے تم دونوں نے اس کا اقرار کیا حضرت عمر نے کہا کیا ایسی

طرح معاہدہ ہوا تھا؟ انھوں نے کہا ہاں! حضرت عمر نے کہا اب پھر تم دونوں میرے پاس آئے ہو کہ میں تم دونوں کے درمیان فیصلہ کر دوں، نہیں! خدا کی قسم! قیامت تک میں تمہارے درمیان اس کے سوا کوئی اور فیصلہ نہیں کروں گا اگر تم ان اموال کا انتظام کرنے سے عاجز ہو گئے ہو تو پھر یہ مجھے واپس کر دو۔

۴۲۶۳ - حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ أَرْسَلَ إِلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ حَضَرَ أَهْلُ أَبْيَاتٍ مِنْ قَوْمِكَ بِنَحْوِ حَدِيثِ مَالِكٍ غَيْرَ أَنَّ فِيهِ فَكَانَ يُنْفِقُ عَلَى أَهْلِهِ مِنْهُ سَنَةً وَرُبَّمَا قَالَ مَعْمَرٌ يَحْبِسُ قُوتَ أَهْلِهِ مِنْهُ سَنَةً ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ مِنْهُ مَجْعَلَ مَالِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ -

حضرت مالک بن اوس بن حدثان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے بلایا اور فرمایا تمہاری قوم کے کچھ لوگ میرے پاس آئے تھے اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے، البتہ اس میں یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اموال میں سے اپنے اہل وعیال کے لیے ایک سال کا خرچ نکالتے تھے اور معمر کی روایت میں ہے کہ ان اموال میں سے اپنے اہل کے لیے ایک سال کی خوراک رکھتے تھے۔ اور باقی مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کے لیے رکھ لیتے تھے۔

۴۲۶۴ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ إِنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَدْنَ أَنْ يَبْعَثْنَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ فَيَسْأَلْنَهُ مِيرَاثَهُنَّ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ عَائِشَةُ لَهُنَّ أَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا فَهُوَ صَدَقَةٌ -

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہو گئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج نے یہ ارادہ کیا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو حضرت ابو بکر کے پاس بھیج کر ان سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث میں سے اپنا حصہ طلب کریں۔ حضرت عائشہ نے فرمایا ان کے لیے یہ سوال جائز نہیں ہے، کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا۔ ہم نے جو کچھ بھی چھوڑا ہے وہ صدقہ ہے۔

٤٤٦٥ - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ أَخْبَرَنَا حُجَيْنٌ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسَلَتْ إِلَى أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ تَسْأَلُهُ مِيرَاثَهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِالْمَدِينَةِ وَفَدَكَ وَمَا بَقِيَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ إِنَّمَا يَأْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْمَالِ وَإِنِّي وَاللّٰهِ لَا أُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْ صَدَقَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَالِهَا الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهَا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَأَعْمَلَنَّ فِيهَا بِمَا عَمِلَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبَى أَبُو بَكْرٍ أَنْ يَدْفَعَ إِلَى فَاطِمَةَ شَيْئًا فَوَجَدَتْ فَاطِمَةُ عَلَى أَبِي بَكْرٍ فِي ذَلِكَ قَالَ فَهَجَرَتْهُ فَلَمْ تُكَلِّمْهُ حَتَّى تُوُفِّيَتْ وَعَاشَتْ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ أَشْهُرٍ فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ دَفَنَهَا زَوْجُهَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ لَيْلًا وَلَمْ يُؤْذِنْ بِهَا أَبَا بَكْرٍ وَصَلَّى عَلَيْهَا عَلِيٌّ وَكَانَ لِعَلِيٍّ مِنَ النَّاسِ وِجْهَةٌ حَيَاةَ فَاطِمَةَ فَلَمَّا تُوُفِّيَتِ اسْتَنْكَرَ عَلِيٌّ وُجُوهَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت سیدتنا فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس کسی کو بھیج کر یہ سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے مدینہ اور فدک میں جو مال فئے دیا ہے اور خیبر کے خمس میں سے جو مال بچا ہے اس کی میراث میں سے میرا حصہ دیں، حضرت ابوبکر نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہم کسی کو وارث نہیں بناتے ہم نے جو کچھ چھوڑا ہے وہ صدقہ ہے، البتہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل اس مال سے کھاتی رہے گی اور میں خدا کی قسم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صدقہ میں کوئی تبدیلی نہیں کروں گا، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں جس طرح وہ مال خرچ ہوتا تھا اس میں کوئی تغیر نہیں ہوگا۔ اور میں ان اموال میں اسی طرح تصرف کرتا رہوں گا جس طرح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان میں تصرف کرتے تھے، سو حضرت ابوبکر نے حضرت فاطمہ کو (بطور میراث) کچھ دینے سے انکار کر دیا، حضرت فاطمہ کو اس وجہ سے حضرت ابوبکر پر غصہ آیا اور انھوں نے حضرت ابوبکر سے (ملنا جلنا) چھوڑ دیا وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد چھ ماہ زندہ رہیں اور تا دم مرگ حضرت ابوبکر سے بات نہیں کی۔ جب حضرت فاطمہ فوت ہوگئیں تو حضرت علی بن ابی طالب نے رات میں ان کو دفن کر دیا اور حضرت ابوبکر کو اس کی خبر نہیں دی، حضرت فاطمہ کی زندگی میں لوگوں کا حضرت علی کی طرف کچھ میلان تھا، حضرت فاطمہ کے فوت ہونے کے بعد حضرت علی نے لوگوں کے رویہ میں کچھ تبدیلی محسوس کی، تو انھوں نے حضرت ابوبکر سے صلح اور بیعت کرنا چاہی اس عرصہ میں انھوں نے حضرت ابوبکر سے بیعت نہیں کی تھی انھوں نے حضرت [illegible] پیغام بھیجا کہ وہ ہمارے پاس آئیں،

فَالْتَمَسَ مُصَالَحَةَ أَبِي بَكْرٍ وَمُبَايَعَتَهُ وَلَمْ يَكُنْ بَايَعَ تِلْكَ الْأَشْهُرَ فَأَرْسَلَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ أَنِ ائْتِنَا وَلَا يَأْتِنَا مَعَكَ أَحَدٌ كَرَاهِيَةَ مَحْضَرِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ عُمَرُ لِأَبِي بَكْرٍ وَاللَّهِ لَا تَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَحْدَكَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ وَمَا عَسَاهُمْ أَنْ يَفْعَلُوا بِي إِنِّي وَاللَّهِ لَآتِيَنَّهُمْ فَدَخَلَ عَلَيْهِمْ أَبُو بَكْرٍ فَتَشَهَّدَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ثُمَّ قَالَ إِنَّا قَدْ عَرَفْنَا يَا أَبَا بَكْرٍ فَضِيلَتَكَ وَمَا أَعْطَاكَ اللَّهُ وَلَمْ نَنْفَسْ عَلَيْكَ خَيْرًا سَاقَهُ اللَّهُ إِلَيْكَ وَلَكِنَّكَ اسْتَبْدَدْتَ عَلَيْنَا بِالْأَمْرِ وَكُنَّا نَحْنُ نَرَى لَنَا حَقًّا لِقَرَابَتِنَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَزَلْ يُكَلِّمُ أَبَا بَكْرٍ حَتَّى فَاضَتْ عَيْنَا أَبِي بَكْرٍ فَلَمَّا تَكَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَرَابَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَبُّ إِلَيَّ أَنْ أَصِلَ مِنْ قَرَابَتِي وَأَمَّا الَّذِي شَجَرَ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ مِنْ هَذِهِ الْأَمْوَالِ فَإِنِّي لَمْ آلُ فِيهَا عَنِ الْحَقِّ وَلَمْ أَتْرُكْ أَمْرًا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُهُ فِيهَا إِلَّا صَنَعْتُهُ فَقَالَ عَلِيٌّ لِأَبِي بَكْرٍ مَوْعِدُكَ الْعَشِيَّةُ لِلْبَيْعَةِ فَلَمَّا صَلَّى أَبُو بَكْرٍ صَلَاةَ الظُّهْرِ رَقِيَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَتَشَهَّدَ وَذَكَرَ شَأْنَ عَلِيٍّ وَتَخَلُّفَهُ عَنِ الْبَيْعَةِ وَعُذْرَهُ بِالَّذِي اعْتَذَرَ إِلَيْهِ ثُمَّ اسْتَغْفَرَ وَتَشَهَّدَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَعَظَّمَ حَقَّ أَبِي بَكْرٍ وَأَنَّهُ لَمْ

اور آپ کے ساتھ ہمارے ہاں اور کوئی نہ آئے کیونکہ وہ حضرت عمر بن الخطاب کا آنا ناپسند کرتے تھے، حضرت عمر نے حضرت ابوبکر کو مشورہ دیا، بخدا! آپ ان کے ہاں تنہا نہ جائیں، حضرت ابوبکر نے یہ کہا مجھے یہ توقع نہیں ہے کہ وہ میرے ساتھ کوئی ناگوار سلوک کریں، خدا کی قسم! میں ان کے ہاں ضرور جاؤں گا، حضرت ابوبکر ان کے ہاں گئے، حضرت علی بن ابی طالب نے کلمہ شہادت پڑھا اور کہا اے ابوبکر! ہم آپ کی فضیلت کو پہچانتے ہیں، اور اللہ نے جو آپ کا مرتبہ عطا کیا ہے اس سے واقف ہیں، اور جو خلافت اللہ نے آپ کو دی ہے اس کو آپ سے چھیننے میں رغبت نہیں رکھتے لیکن آپ نے خود ہی یہ حکومت حاصل کر لی (یعنی ہم سے مشورہ نہیں لیا) حالانکہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قرابت کی بنا پر اس (مشورہ) میں اپنا حق سمجھتے تھے، پھر وہ اس مسئلہ میں حضرت ابوبکر سے مسلسل گفتگو کرتے رہے حتیٰ کہ حضرت ابوبکر کی آنکھوں میں آنسو بہنے لگے، پھر حضرت ابوبکر نے کہا: خدا کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں سے حسن سلوک کرنا مجھے اپنے قرابت داروں سے زیادہ عزیز ہے، اور جن اموال کی وجہ سے میرے اور تمہارے درمیان اختلاف ہوا ہے میں نے ان میں کسی حق کو ترک نہیں کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اموال کو جہاں جہاں صرف کرتے تھے میں نے ان میں کوئی کمی نہیں کی، حضرت علی نے حضرت ابوبکر سے کہا آج سہ پہر کے وقت ہم آپ سے بیعت کریں گے اور جب حضرت ابوبکر ظہر کی نماز سے فارغ ہو گئے تو حضرت ابوبکر منبر پر چڑھے، کلمہ شہادت پڑھا اور حضرت علی کا معاملہ بیان کیا اور بیعت میں ان کی تاخیر کرنے کا عذر بیان کیا جو حضرت علی نے بیان کیا تھا پھر استغفار کیا (اور منبر سے اتر آئے) پھر حضرت علی نے کلمہ شہادت پڑھا اور حضرت ابوبکر کے

يَحْمِلُهُ عَلَى الَّذِي صَنَعَ نَفَاسَةً عَلَى
أَبِي بَكْرٍ وَلَا إِنْكَارًا لِلَّذِي فَضَّلَهُ اللّٰهُ بِهِ
وَلٰكِنَّا كُنَّا نَرٰى لَنَا فِي الْأَمْرِ نَصِيْبًا
فَاسْتُبِدَّ عَلَيْنَا بِهِ فَوَجَدْنَا فِي أَنْفُسِنَا
فَسُرَّ بِذٰلِكَ الْمُسْلِمُوْنَ وَقَالُوْا أَصَبْتَ
فَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ إِلٰى عَلِيٍّ قَرِيْبًا حِيْنَ
رَاجَعَ الْأَمْرَ الْمَعْرُوْفَ۔

حق کی عظمت کو بیان کیا اور یہ بتلایا کہ انھوں نے جو تاخیر کی
اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ وہ حضرت ابوبکر کے خلاف خلافت
میں کچھ رغبت رکھتے تھے اور نہ وہ حضرت ابوبکر کی خداداد
فضیلت کا انکار کرتے تھے لیکن ہم یہ سمجھتے تھے کہ اس حکومت
(کے مشورہ) میں ہمارا بھی کچھ حصہ ہے اور ہم سے مشورہ
لیے بغیر یہ حکومت بنالی گئی اس وجہ سے ہمارے دلوں کو
رنج پہنچا۔ مسلمان اس بیان سے خوش ہوئے اور کہا آپ
نے ٹھیک فرمایا، اور جب حضرت علی نے اس معروف راستہ کو
اختیار کر لیا تو لوگ ان کی طرف پھر مائل ہو گئے۔

۴۳۶۶ - حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ
وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ
قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ
أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ
الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ
فَاطِمَةَ وَالْعَبَّاسَ أَتَيَا أَبَا بَكْرٍ يَلْتَمِسَانِ
مِيْرَاثَهُمَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ وَهُمَا حِيْنَئِذٍ يَطْلُبَانِ
أَرْضَهُ مِنْ فَدَكٍ وَسَهْمَهُ مِنْ خَيْبَرَ
فَقَالَ لَهُمَا أَبُوْ بَكْرٍ إِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَاقَ
الْحَدِيْثَ بِمِثْلِ مَعْنٰى حَدِيْثِ عُقَيْلٍ
عَنِ الزُّهْرِيِّ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ ثُمَّ قَامَ
عَلِيٌّ فَعَظَّمَ مِنْ حَقِّ أَبِيْ بَكْرٍ وَذَكَرَ
فَضِيْلَتَهُ وَسَابِقَتَهُ ثُمَّ مَضٰى إِلٰى أَبِيْ
بَكْرٍ فَبَايَعَهُ فَأَقْبَلَ النَّاسُ إِلٰى عَلِيٍّ
فَقَالُوْا أَصَبْتَ وَأَحْسَنْتَ فَكَانَ
النَّاسُ قَرِيْبًا إِلٰى عَلِيٍّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضرت
فاطمہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما حضرت ابوبکر کے
پاس آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث سے اپنا
حصہ طلب کرنے لگے، وہ دونوں فدک کی زمین اور خیبر کے
حصہ میں سے مطالبہ کر رہے تھے، حضرت ابوبکر نے ان سے
کہا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے
اس کے بعد حسب سابق حدیث بیان کی البتہ اس میں یہ ہے
کہ پھر حضرت علی کھڑے ہوئے اور انھوں نے حضرت ابوبکر
کے حق کی عظمت، ان کی فضیلت اور دین میں ان کی سبقت
بیان کی پھر حضرت ابوبکر کے پاس جا کر ان کی بیعت کی پھر
مسلمان حضرت علی کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا آپ نے صحیح
اور مناسب کام کیا، اور جب حضرت علی نے اس نیک کام کو
اپنا لیا تو لوگ ان کے قریب ہو گئے۔

قَالَ بِالْأَمْرِ الْمَعْرُوفِ .

۴۴۶۷ - وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي ح وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَتْ أَبَا بَكْرٍ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْسِمَ لَهَا مِيرَاثَهَا مِمَّا تَرَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا أَفَاءَ اللهُ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهَا أَبُو بَكْرٍ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ قَالَ وَعَاشَتْ بَعْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ أَشْهُرٍ وَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَسْأَلُ أَبَا بَكْرٍ نَصِيبَهَا مِمَّا تَرَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْبَرَ وَفَدَكَ وَصَدَقَتِهِ بِالْمَدِينَةِ فَأَبَى أَبُو بَكْرٍ عَلَيْهَا ذٰلِكَ وَقَالَ لَسْتُ تَارِكًا شَيْئًا كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ بِهِ إِلَّا عَمِلْتُ بِهِ إِنِّي أَخْشَى إِنْ تَرَكْتُ شَيْئًا مِنْ أَمْرِهِ أَنْ أَزِيغَ فَأَمَّا صَدَقَتُهُ بِالْمَدِينَةِ فَدَفَعَهَا عُمَرُ إِلَى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ فَغَلَبَهُ عَلَيْهَا عَلِيٌّ وَأَمَّا خَيْبَرُ وَفَدَكُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت سیدتنا فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کیا کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس ترکہ سے جو آپ کو اللہ تعالیٰ نے بطور فئی دیا تھا ان کی میراث تقسیم کریں، حضرت ابوبکر نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے" ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا، ہمارا تمام ترکہ صدقہ ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت فاطمہ چھ ماہ زندہ رہیں اور حضرت فاطمہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس ترکہ سے اپنے حصے کا سوال کرتی رہیں جو آپ کو فدک، خیبر اور مدینہ کے صدقات سے حاصل تھا، حضرت ابوبکر نے ان کو دینے سے انکار کیا اور کہا میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کیے ہوئے کاموں میں سے کسی کو ترک نہیں کروں گا، مجھے یہ خدشہ ہے کہ اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کیے ہوئے کسی کام کو ترک کیا تو میں گمراہ ہو جاؤں گا، رہے مدینہ کے صدقات تو حضرت عمر نے وہ حضرت علی اور حضرت عباس کی تولیت میں دے دیئے سو ان پر حضرت علی غالب آ گئے، اور خیبر اور فدک کو حضرت عمر نے اپنی تولیت میں رکھا، اور کہا کہ یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صدقات ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے حقوق اور ریاست کی ضروریات میں خرچ کرتے تھے اور یہ اس شخص کی تولیت (زیر انتظام) میں رہیں گے جو مسلمانوں کا خلیفہ ہوگا سو آج تک ان کے ساتھ یہی معمول ہے۔

فَأَمْسَكَهُمَا عُمَرُ وَقَالَ هُمَا صَدَقَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتَا لِحُقُوقِهِ الَّتِي تَعْرُوهُ وَنَوَائِبِهِ وَأَمْرُهُمَا إِلَى مَنْ وَلِيَ الْأَمْرَ قَالَ فَهُمَا عَلَى ذٰلِكَ إِلَى الْيَوْمِ۔

۴۴۶۸۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَقْتَسِمُ وَرَثَتِي دِينَارًا مَا تَرَكْتُ بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِي وَمَؤُونَةِ عَامِلِي فَهُوَ صَدَقَةٌ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے ترکہ میں سے میرے وارث ایک دینار بھی نہیں خرچ کر سکتے، میری ازواج اور میرے عامل کے خرچ کے بعد جو کچھ باقی بچے گا وہ صدقہ ہے

۴۴۶۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنُ أَبِي عُمَرَ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۴۷۰۔ وَحَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي خَلَفٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ عَدِيٍّ أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا ہم نے جو کچھ چھوڑا وہ صدقہ ہے۔

فئے کا لغوی معنی اور اس کی شرعی تفسیر

علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں: فئے کا معنی ہے حالت محمودہ کی طرف لوٹنا، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: حتّٰی تفیٓء الی امر اللّٰہ۔ "حتیٰ کہ باغی جماعت اللہ کے حکم کی طرف پلٹ آئے" فئے اس مال غنیمت کو بھی کہتے ہیں جس کو دشمن سے حاصل کرنے کے لیے مسلمانوں نے کوئی مشقت نہ اٹھائی ہو، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ما افاء اللّٰہ علی رسولہ "اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی طرف جو اموال پلٹا دیے" [1]

علامہ ابوبکر جصاص لکھتے ہیں: اہل شرک کے جو اموال مسلمانوں کے قبضہ میں آجائیں وہ فئے ہے، لہٰذا غنیمت بھی

[1] علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ، المفردات ص ۳۸۹، مطبوعہ مکتبہ مرتضویہ ایران، ۱۳۴۲ھ

اور خراج یہ سب فئے ہیں، کیونکہ یہ تمام وہ چیزیں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے کفار کی ملکیت سے نکال مسلمانوں کی ملکیت میں داخل کر دیں، ہر چند کہ غنیمت بھی فئے ہے لیکن وہ بعض خصوصیات کی وجہ سے فئے سے الگ ہو گئی، کہ جو اموال کفار سے بذریعہ جنگ حاصل ہوں ان کو غنیمت کہتے ہیں، اور ان اموال میں سے خمس (۱/۵) نکالنے کے بعد ان کو مجاہدین پر تقسیم کر دیا جاتا ہے اور جو مال فئے ہوں وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر انتظام رہتے ہیں ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ضروریات اپنے اقرباء، فقراء، مساکین، مسافروں اور عام مسلمانوں کی فلاح اور بہبود پر خرچ کرتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد ان کا مصرف فقراء، مساکین، مسافر اور عام مسلمانوں کی ضروریات ہیں، کیونکہ حضرت مالک بن اوس بن حدثان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بنو نضیر کے اموال فئے تھے ان اموال کو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پلٹا دیا، ان کے حصول کے لیے مسلمانوں نے اپنے اونٹ اور گھوڑے نہیں دوڑائے تھے، یہ اموال خاص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے تصرف میں تھے، آپ ان اموال میں سے اپنے اہل عیال کے لیے ایک سال کا خرچ نکالتے تھے، اور باقی اموال کو جہاد فی سبیل اللہ کے لیے سواریوں اور ہتھیاروں میں خرچ کرتے تھے۔ علامہ ابوبکر جصاص فرماتے ہیں: یہ وہ اموال فئے ہیں جن میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تصرف کرتے تھے، ان اموال میں کسی کا حق نہیں ہے الا یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان اموال میں سے کسی کو کچھ عطا فرما دیں، ان اموال میں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل پر خرچ کرتے تھے اور باقی اموال کو سواریوں اور ہتھیاروں پر خرچ کرتے تھے، کیونکہ ان اموال کو مسلمانوں نے جنگ کے ذریعہ حاصل نہیں کیا تھا بلکہ صلح کے ذریعہ حاصل کیا تھا، ارض فدک اور عرینہ کے اموال کا بھی یہی حکم ہے۔ قرآن مجید میں فئے کے متعلق سورۂ حشر کی جو آیات ہیں ان میں یہ دلیل ہے کہ کفار کے جو اموال بغیر جنگ کے مسلمانوں کو حاصل ہوئے ہوں ان کو مسلمانوں کے بیت المال میں نہیں رکھا جائے گا بلکہ ان کو ان مصارف میں خرچ کیا جائے گا جن مصارف میں خراج اور جزیہ کے اموال کو خرچ کیا جاتا ہے، کیونکہ وہ اموال بنو نضیر کے اموال کے حکم میں ہیں کیونکہ ان کے حصول کے لیے مسلمانوں نے کوئی جنگ کی ہے نہ کوئی مشقت اٹھائی ہے۔ [1]

مال غنیمت اور مال فئے کو کفار کی ملکیت سے نکال کر مسلمانوں کو دینے کی وجہ

کفار سے جس نوع کے بھی اموال حاصل ہوتے ہیں ان سب کی حقیقت یہ ہے کہ کفار کے باغی ہو جانے کی وجہ سے بحق سرکار ضبط ہونے کے بعد وہ اموال ان کی ملکیت سے نکل جاتے ہیں اور مالک حقیقی (یعنی اللہ تعالیٰ) کی طرف لوٹ جاتے ہیں، اس لیے اموال کے اللہ کی طرف پلٹ آنے کو افاء اور فیئی سے تعبیر کیا جاتا ہے لیکن جن اموال کے حصول میں مسلمانوں کی جنگ اور جہاد کا دخل ہوتا ہے اس مال کو اللہ تعالیٰ نے لفظ غنیمت سے تعبیر فرمایا ارشاد ہوا: و اعلموا انما غنمتم من شیٔ الآیۃ "جان لو کہ جو مال تم نے بطور غنیمت حاصل کیا ہے"، اور کفار کے جس مال کے حصول میں جنگ اور جہاد کی ضرورت نہیں پڑتی اللہ تعالیٰ نے اس کو فئے سے تعبیر فرمایا ہے اور ارشاد فرمایا

[1] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی متوفی ۳۷۰ھ، احکام القرآن ج ۳ ص ۴۳۰۔۴۲۹، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

ما افاء اللہ علی رسولہ من اہل القری۔ یعنی بنو نضیر اور بنو قریظہ کے جو اموال اللہ تعالیٰ نے بغیر جنگ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پلٹا دیے۔

سورۂ حشر کی ابتدائی آیات میں بنو نضیر کی ان جائیدادوں اور املاک کا ذکر ہو رہا ہے جو پہلے بنو نضیر کی ملک تھیں اور ان کی جلاوطنی کے بعد وہ اسلامی حکومت کے قبضہ میں آگئیں، ان آیات میں ان متروکہ جائیدادوں کے انتظام اور ان کے اموال میں تصرف کرنے کا طریقہ بیان فرمایا ہے۔ کیونکہ یہ ایک علاقہ کے فتح ہونے کے بعد اس کے اسلامی مقبوضات میں شامل ہونے کا پہلا موقع تھا اور اس کے بعد بھی اس قسم کے بہت سے علاقے فتح ہونے والے تھے اس لیے اللہ تعالیٰ نے ابتداء ہی میں اراضی مفتوحہ کا قانون بیان فرما دیا۔ اس آیت میں یہ بات قابل غور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ان سے اپنے رسول کی طرف پلٹا دیا" ان الفاظ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ زمین اور یہاں کی ساری چیزیں اللہ کے باغیوں کا حق نہیں ہیں، اگر وہ ان چیزوں پر متصرف ہیں تو اس کی مثال ایسے ہے جیسے ڈاکو اور باغی حکومت کے اموال پر قبضہ کر کے اس میں تصرف کرنے لگیں، درحقیقت تمام اموال میں اصل یہ ہے کہ ان اموال کو ان کے حقیقی مالک اللہ رب العالمین کے احکام اور اس کی اطاعت اور عبادت میں خرچ کیا جائے اور ان اموال میں اس طرح کا خرچ صرف صالحین مؤمنین ہی کر سکتے ہیں۔ اس لیے جو اموال بھی ایک جائز اور صحیح جنگ کے نتیجے میں کفار کے قبضہ سے نکل کر اہل ایمان کے قبضہ میں آجائیں ان کی حقیقی حیثیت یہ ہے کہ ان کا مالک انہیں اپنے خائن ملازموں کے قبضہ سے نکال کر اپنے فرمانبردار ملازموں کی طرف پلٹاتا ہے۔ اس لیے ان املاک کو اسلامی قانون کی اصطلاح میں فئے (پلٹا کر لائے ہوئے اموال) کہا جاتا ہے۔

مال غنیمت اور مال فئے کا فرق

مال غنیمت وہ مال ہے جس کو مسلمان فوج دشمن سے جنگ کر کے اور مقابلہ میں فتحیاب ہو کر دشمن سے حاصل کرتی ہے لیکن فوج میں اس مال کو تقسیم کرنے کی صرف یہ وجہ نہیں ہے کہ چونکہ اس فوج نے لڑ کر یہ مال جیتا ہے اس وجہ سے یہ مال اس کا حق ہے، بلکہ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مسلمانوں کو اس جنگ میں فتح عطا کی ہے اور درحقیقت یہ اس اسلامی نظام کی فتح ہے جس کو قائم کرنے کے لیے مسلمانوں نے جنگ کی تھی اس لیے مسلمانوں پر لازم ہے کہ خمس نکالنے کے بعد مال غنیمت کے عنوان سے ان کو جو مال دیا جائے اس مال کو وہ اللہ کے احکام اور اس کی اطاعت اور عبادت میں صرف کریں تاکہ دنیا کو معلوم ہو کہ جب کفار کے ہاتھ میں پیسہ ہو تو وہ اس کو کس طرح خرچ کرتے ہیں اور جب مسلمانوں کے ہاتھ میں پیسہ آئے تو وہ اس کو کس طرح صرف کرتے ہیں۔

مال غنیمت کے برخلاف مال فئے کی یہ نوعیت نہیں ہے کہ اس مال کو اسلامی فوج نے میدان جنگ میں لڑ کر جیتا ہے اور اس بناء پر اس مال کو اسلامی فوج میں تقسیم کر دیا جائے۔ بلکہ مال فئے کی حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے اپنے رسول اور مسلمانوں کو کفار پر غالب کر دیا اور اسلام کے رعب اور ہیبت سے کفار اپنے اموال کو چھوڑ کر بھاگ گئے اور بغیر کسی جنگ کے مسلمانوں کے ہاتھوں میں کفار کے اموال آگئے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے ظاہر ہوتا ہے: فما اوجفتم علیہ من خیل ولا رکاب۔ "یہ ایسے اموال نہیں ہیں جن پر تم نے اپنے گھوڑے یا اونٹ دوڑائے ہوں۔" اس وجہ سے اموال فئی میں فوج کا حق نہیں ہے کہ مال غنیمت کی طرح مال فئی کو بھی ان میں تقسیم کر دیا جا

اسلام میں غنیمت اور فئے کا حکم الگ الگ مقرر کیا ہے، غنیمت کا حکم سورۂ انفال کی آیت نمبر ۴۱ میں بیان کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ مال غنیمت کے پانچ حصے کیے جائیں، چار حصے لڑنے والی فوج میں تقسیم کر دیے جائیں اور ایک حصہ بیت المال میں داخل کر کے اس کو یتامیٰ، مساکین، مسافروں اور مسلمانوں کے عام رفاہی امور میں خرچ کیا جائے (اس کی تفصیل باب نمبر ۵۰۸ میں بیان کی جا چکی ہے) اور فئے کا حکم سورۂ حشر کی آیت نمبر ۱تا ۱۰، میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اموال فئے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کے قرابت داروں، یتامیٰ، مساکین اور مسافروں پر خرچ کیا جائے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد آپ کا حصہ ساقط ہو گیا، امام شافعی کے نزدیک یہ حصہ اب امام اور خلیفہ پر خرچ کیا جائے گا، اور آپ کے قرابت داروں کا حصہ فقراء اور مساکین میں آگیا اور یہ تقسیم کی وہی صورت ہے جو خمس میں بیان کی گئی ہے۔ غنیمت اور فئے کا یہ ایک اجمالی فرق ہے اس کی تفصیل آئندہ سطور میں ہم فقہاء اسلام کے مذاہب کے ذکر میں بیان کریں گے اس سے پہلے کہ فئے اور غنیمت کی مزید وضاحت کریں پہلے سورۂ حشر کی ان آیات کو بیان کرتے ہیں جو فئے کے احکام کا اصل ماخذ ہیں۔

قرآن مجید سے اموال فئے کے وقف ہونے پر دلائل

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وما افاء اللہ علی رسولہ منہم فما اوجفتم علیہ من خیل ولا رکاب ولکن اللہ یسلط رسلہ علی من یشاء ط واللہ علی کل شیء قدیر ○ ما افاء اللہ علی رسولہ من اہل القری فللہ وللرسول ولذی القربی والیتمی والمسکین وابن السبیل لا کی لا یکون دولۃ بین الاغنیاء منکم ط

(حشر: ۷-۶)

اور جو مال اللہ نے کفار کے قبضہ سے نکال کر اپنے رسول کی طرف لوٹا دیے وہ ایسے مال نہیں ہیں جن پر تم نے اپنے گھوڑے اور اونٹ دوڑائے ہوں، اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو جس چیز پر چاہتا ہے غلبہ عطا فرماتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے، اور جو کچھ بھی اللہ نے ان بستیوں کے لوگوں (بنو نضیر) سے اپنے رسول کی طرف لوٹا یا وہ اللہ، رسول، (رسول کے) رشتہ داروں، یتامیٰ، مساکین، اور مسافروں کے لیے ہے تاکہ یہ مال تمہارے مالداروں کے درمیان ہی گردش کرتا نہ رہے۔

اس کے بعد فرمایا:

والذین جاءو من بعدھم

(حشر: ۱۰)

اور (یہ مال ان لوگوں کے لیے بھی ہے) جو پہلوں کے بعد آئے ہیں۔

ان آیات سے واضح ہو گیا کہ مال خمس اور مال فئے کے مصارف ایک جیسے ہیں اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے یہ اموال کسی شخص کی شخصی ملکیت میں نہیں دیے، حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اللہ تعالیٰ نے ان اموال کا شخصی مالک نہیں بنایا بلکہ اللہ تعالیٰ نے یہ اموال آپ کی تولیت اور انتظام میں کر دیے اور ان کے مصارف متعین کر دیے تاکہ آپ ان اموال کو اپنی ضروریات میں خرچ کریں، اپنے قرابت داروں میں صرف کریں اور یتیموں، مسکینوں اور مسافروں پر خرچ کریں چنانچہ اس باب کی احادیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اموال کو اسی طرح خرچ کرتے تھے، نیز اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ

ان اموال کے مصارف اس لیے مقرر کیے ہیں تاکہ یہ مال تمہارے مالداروں کے درمیان ہی گردش کرتا نہ رہے، اس سے واضح ہو گیا کہ مال فئی کا کوئی شخص شخصی مالک نہیں ہے اور اس میں وراثت جاری نہیں ہو سکتی ہے نیز ان کلمات کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا والذین جاء و من بعدھم (اور یہ مال ان لوگوں کے لیے بھی ہے) جو پہلوں کے بعد آنے والے ہیں" اس آیت سے بھی یہ واضح ہو گیا کہ اموال فئے کسی شخص کی ملکیت اور شخصی ملکیت نہیں ہوتے بلکہ یہ مسلمانوں کے مفاد عام اور یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے قیامت تک وقف ہوتے ہیں اور اموال فئے کے وقف ہونے پر سورۂ حشر کی یہ نصوص قطعیہ ناطق اور شاہد ہیں۔

احادیث آثار صحابہ اور اقوال تابعین سے اموال فئے کے وقف ہونے پر دلائل

امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں:

عن عبد الرزاق عن الثوری قال: الفیء و الغنیمۃ مختلفان اما الغنیمۃ فما اخذ المسلمون فصار فی ایدیھم من الکفار، و الخمس فی ذلک الی الامیر یضعہ حیث امر اللہ و الاربعۃ الاخماس الباقیۃ للذین غنموا الغنیمۃ، و الفیء ما وقع من صلح بین الامام و الکفار، فی اعناقھم، و ارضھم، و زرعھم، و فیما صولحوا علیہ مما لم یأخذہ المسلمون عنوۃ، و لم یحوزوہ و لم یقھروہ علیہ، حتی وقع فیہ بینھم صلح، قال، فذلک الصلح الی الامام، یضعہ حیث امر اللہ۔[1]

امام عبدالرزاق بیان کرتے ہیں کہ امام ثوری نے کہا کہ فئی اور غنیمت دو مختلف چیزیں ہیں، غنیمت وہ مال ہے جس کو مسلمان میدان جنگ میں کفار کے قبضہ سے حاصل کرتے ہیں۔ اس مال کا پانچواں حصہ نکال کر امیر کو دیا جاتا ہے اور وہ اس کو اللہ تعالیٰ کے احکام کے مطابق خرچ کرتا ہے، اور باقی چار حصے (۴/۵) مجاہدین میں تقسیم کر دیے جاتے ہیں۔ اور فئے مال وہ ہے جو مسلمانوں کے امیر اور کفار کے درمیان معاہدہ صلح سے حاصل ہوتا ہے، یہ مال کفار کی گردنوں، ان کی زمینوں، ان کی کھیتیوں اور دیگر ان چیزوں پر مشتمل ہوتا ہے جن پر صلح ہو جائے اور یہ وہ اموال ہیں جن کو مسلمانوں نے بذریعہ جنگ حاصل نہ کیا ہو، حتیٰ کہ ان کی ان اموال پر صلح ہو گئی ہو، یہ صلح امام کی رائے پر موقوف ہے اور وہ ان اموال فئے کو اللہ تعالیٰ کے احکام کے مطابق خرچ کرے گا۔

اس حدیث میں اموال غنیمت اور اموال فئے کا وہی فرق بیان کیا ہے جو ہم اس سے پیشتر سورۂ انفال کی آیت نمبر ۴۱ اور سورۂ حشر کی آیت نمبر ۱ تا ۶ کے حوالوں سے بیان کر چکے ہیں۔

جب مسلمان، کفار کے کسی علاقے کو جنگ سے فتح کریں تو اس علاقہ کے مکان اور زمینیں لازمی طور پر مال غنیمت میں شمار نہیں ہوں گی۔ بلکہ مسلمانوں کے امیر کو یہ اختیار ہے کہ اس علاقہ کی زمینیں، مکانات اور دیگر اموال کو مسلمانوں کے امیر اللہ کے احکام کے مطابق خرچ کرے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو فتح کرنے کے بعد اس علاقے کی زمینوں

[1] امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی [illegible] بیروت، ۱۳۹۰ھ

کو یہودیوں کے ہاتھ مزارعت پر دے دیا اور اس کی آمدنی کو آپ کے احکام کے مطابق خرچ کرتے تھے۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن نافع ان عبد اللہ بن عمر اخبرہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم عامل اھل خیبر بشطر ما یخرج منھا من زرع او ثمر وکان یعطی ازواجہ مأۃ وسق ثمانون وسق تمر وعشرون وسق شعیر وقسم عمر فخیر ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یقطع لھن من الماء والارض او یمضی لھن فمنھن من اختار الارض ______ ومنھن من اختار الوسق وکانت عائشۃ اختارت الارض۔ [1]

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے یہودیوں سے یہ معاہدہ کیا کہ وہ خیبر کے کھیتوں اور باغات کی نصف آمدنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ادا کریں گے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس آمدنی میں سے سو وسق (ایک وسق ۲۴۰ کلوگرام کے برابر ہے) ازواج مطہرات کو دیتے تھے، اسی وسق کھجوریں اور بیس وسق جو، حضرت عمر نے بھی اس تقسیم کو قائم رکھا سو انہوں نے ازواج کو یہ اختیار دیا کہ وہ زمین میں کھیتی باڑی کا انتظام خود سنبھال لیں اور چاہیں تو حسب دستور غلہ لیتی رہیں بعض ازواج نے غلہ لینا پسند کیا اور بعض نے زمین میں کاشتکاری کرانے کو پسند کیا، حضرت عائشہ ان ازواج میں سے تھیں جنہوں نے زمین میں کاشتکاری کرانے کو پسند کیا تھا۔

امام مسلم نے بھی اس حدیث کو بیان کیا ہے۔ [2]

اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ مفتوحہ علاقہ کی زمینوں کو لازماً مال غنیمت قرار نہیں دیا جاتا اور اس کو اسلامی فوج پر تقسیم نہیں کیا جاتا اور اس میں یہ بھی دلیل ہے کہ نئے وقف ہوتا ہے کیونکہ خیبر کی بعض زمینوں کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو مالک نہیں بنایا، بلکہ اس کی آمدنی کو نئے کے احکام کے مطابق خرچ کرتے رہے اس کی مزید وضاحت اس حدیث سے ہوتی ہے:

امام ابو داؤد روایت کرتے ہیں:

عن مالک بن اوس بن الحدثان قال کان فیما احتج بہ عمر انہ قال کانت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلث صفایا بنو النضیر، وخیبر وفدک، فاما بنو النضیر فکانت لنوائبہ واما فدک فکانت حبسًا

حضرت مالک بن اوس بن حدثان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مفتوحہ علاقے کی زمینوں کے فئے ہونے پر اس سے استدلال کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تین زمینیں مخصوص تھیں، بنو نضیر، خیبر اور فدک، بنو نضیر کی زمینوں کی آمدنی کو آپ اپنی ضروریات

---

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۱۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] امام ابو الحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

لابناء السبیل واما خیبر فجزاها رسول الله صلی الله علیہ وسلم ثلاثۃ اجزاء جزئین بین المسلمین وجزء لنفقۃ اھلہ فما فضل عن نفقۃ اھلہ جعلہ بین الفقراء المھاجرین۔ [۱]

پر خرچ کرتے تھے اور فدک کی زمینوں کو آپ نے مسافروں کے لیے وقف کر دیا تھا، اور خیبر کی زمینوں کی آمدنی کے آپ نے تین حصے کر دیے تھے، دو حصے آپ نے مسلمانوں کے لیے وقف کر دیے تھے اور ایک حصہ آپ نے ازواج مطہرات کے لیے وقف کیا تھا اور ان کے خرچ سے جو آمدنی بچتی اس کو آپ فقراء مہاجرین پر خرچ کرتے تھے۔

عن سھل بن ابی حثمۃ قال قسم رسول الله صلی الله علیہ وسلم خیبر نصفین نصفا لنوائبہ وحاجتہ ونصفا بین المسلمین قسمھا بینھم علی ثمانیۃ عشر سھما۔ [۲]

حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اموال خیبر کے دو حصے کیے آدھا حصہ اپنی ضروریات کے لیے رکھا اور باقی آدھے حصہ کو مسلمانوں کے درمیان اٹھارہ حصوں پر تقسیم کر دیا۔

عن بشیر بن یسار قال لما افاء الله علی نبیہ صلی الله علیہ وسلم خیبر قسمھا علی ستۃ وثلاثین سھما جمع کل سھم مأۃ سھم فعزل نصفھا لنوائبہ وما ینزل بہ الوطیحۃ والکتیبۃ وما اجیز معھما وعزل نصف الآخر فقسمہ بین المسلمین الشق والنطاۃ وما اجیز معھما وکان سھم رسول الله صلی الله علیہ وسلم فیما اجیز معھما۔ [۳]

حضرت بشیر بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف خیبر کو پلٹا دیا (یعنی خیبر کی زمین بطور فئی عطا کی) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے چھتیس حصے کیے اور ہر حصے کے سو حصے کیے، اس میں سے نصف حصہ (یعنی اٹھارہ حصوں کو) کو اپنی ضروریات کے لیے رکھ لیا، یہ وہ زمین تھی جو وطیحہ، کتیبہ اور ان دونوں سے ملحق تھی، اور باقی نصف کو مسلمانوں کے درمیان تقسیم فرما دیا یہ وہ زمین تھی جو شق، نطاۃ اور ان دونوں سے ملحق تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ بھی ان دونوں زمینوں سے ملحق تھا۔

عن بشیر بن یسار مولی الانصار عن رجال من اصحاب النبی صلی الله علیہ وسلم ان رسول الله صلی الله علیہ وسلم لما ظھر علی خیبر قسمھا علی ستۃ وثلاثین سھما فکان لرسول الله صلی الله علیہ

بشیر بن یسار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعدد صحابہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو فتح کیا تو آپ نے اس کو چھتیس حصوں میں تقسیم فرما دیا ——— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے لیے اس میں سے نصف تھا اور

---

[۱] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۵، مطبوعہ مطبع مجتبائی لاہور پاکستان، ۱۴۰۲ھ

[۲] " " سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۶۹ " "

[۳] " " سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۶۹ " "

وسلم وللمسلمین النصف من ذٰلک وعزل النصف الباقی لمن نزل بہ من الوفود والامور ونوائب الناس۔ [1]

باقی نصف کو آپ نے وفود کے اخراجات، دیگر ضروری امور اور عام مسلمانوں کی ضروریات کے لیے الگ کر دیا۔

امام ابوداؤد نے ان کے علاوہ اور بھی کئی اسانید سے احادیث ذکر کی ہیں جن میں یہ تصریح ہے کہ خیبر کی مفتوحہ زمینیں فئی تھیں اور ان کی آمدنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی ضروریات کے لیے وقف تھی۔

جس طرح خیبر کی بعض زمینیں وقف تھیں اسی طرح بنو نضیر، فدک اور دوسری زمینیں جو بطور فئی حاصل ہوئیں وہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی ضروریات کے لیے وقف تھیں جیسا کہ حسب ذیل احادیث سے واضح ہوتا ہے۔

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن مالک بن اوس بن حدثان عن عمر قال کانت اموال بنی النضیر مما افاء اللہ علی رسولہ مما لم یوجف المسلمون علیہ بخیل ولا رکاب کانت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خالصا ینفق علی اھل بیتہ قال ابن عبدۃ ینفق علی اھلہ قوت سنۃ فما بقی جعل فی الکراع وعدۃ فی سبیل اللہ قال ابن عبدۃ فی الکراع والسلاح۔ [2]

حضرت مالک بن اوس بن حدثان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بنو نضیر کے اموال کو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لوٹا دیا تھا مسلمانوں نے ان پر اپنے گھوڑے دوڑائے تھے نہ اونٹ۔ یہ اموال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص تھے آپ ان اموال کو اپنے اہل خانہ پر خرچ کرتے تھے۔ ابن عبدہ نے کہا آپ اپنے اہل خانہ کو ان اموال میں سے ایک سال کا خرچ دیتے تھے۔ اور جو مال باقی بچتا اس کو جہاد فی سبیل اللہ کی تیاری اور سواریوں پر خرچ کرتے تھے۔ ابن عبدہ نے کہا یعنی سواریوں اور ہتھیاروں میں خرچ کرتے تھے۔

عن الزھری فی قولہ فما اوجفتم علیہ من خیل ولا رکاب قال صالح النبی صلی اللہ علیہ وسلم اھل فدک وقری قد سماھا ولا احفظھا وھو محاصر قوما اخرین فارسلوا علیہ بالصلح قال فما اوجفتم علیہ من خیل ولا رکاب یقول بغیر قتال قال الزھری وکانت بنو النضیر للنبی صلی اللہ علیہ وسلم خالصا لم یفتحوھا

اللہ تعالیٰ کے ارشاد "تم نے (ان اموال پر) گھوڑے دوڑائے تھے نہ اونٹ" کی تفسیر میں امام زہری نے کہا یہ اموال فدک اور دوسری بستیاں تھیں۔ امام زہری نے ان بستیوں کا نام بھی لیا تھا لیکن معمر کو یاد نہیں رہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوسری بستیوں کا محاصرہ کیے ہوئے تھے تو اہل فدک اور ان بستیوں والوں نے آپ کے پاس صلح کا پیغام بھیجا، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے تم نے ان پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے تھے، امام زہری

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۷۰، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ
[2] " " " ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۵۷، " " "

عنوۃ افتتحوھا علی صلح فقسمھا النبی صلی اللہ علیہ وسلم بین المھاجرین لم یعط الانصار منھا شیئا الا رجلین کانت بھما حاجۃ[1]

کہتے ہیں کہ بنو نضیر کی زمینیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص تھیں ان کو مسلمانوں نے جنگ سے نہیں فتح کیا تھا بلکہ صلح سے فتح کیا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مہاجرین پر تقسیم فرمایا اور سوا دو ضرورت مند انصاریوں کے اور کسی انصاری کو ان میں سے کچھ نہیں دیا۔

عن الزھری وعبد اللہ بن ابی بکر وبعض ولد محمد بن مسلمۃ قالوا بقیت بقیۃ من اھل خیبر فتحصنوا فسالوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یحقن دماءھم ویسیرھم ففعل فسمع بذلک اھل فدک فنزلوا علی مثل ذلک فکانت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاصۃ لانہ لم یوجف علیھا بخیل ولا رکاب[2]

امام زہری حضرت عبد اللہ بن ابی بکر اور حضرت محمد بن مسلمہ کے بعض لڑکوں نے بیان کیا کہ اہل خیبر سے جو لوگ بچ گئے وہ قلعہ میں محصور ہو گئے پھر انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا کہ آپ انھیں معاف کر دیں اور ان کو یہاں سے جانے کی اجازت دے دیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو منظور کر لیا، جب اہل فدک نے یہ سنا تو انھوں نے بھی اس شرط پر اپنا قلعہ کھول دیا سو فدک اور خیبر کی یہ زمینیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص تھیں کیونکہ ان پر گھوڑے دوڑائے گئے تھے نہ اونٹ۔

ان احادیث سے یہ واضح ہو گیا کہ بنو نضیر، خیبر کے بعض علاقے اور فدک کی زمینیں فئی تھیں اور ان کی آمدنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی ضروریات اور مفاد عامہ کے لیے وقف تھی اور ان زمینوں کو مال غنیمت میں شمار کیا گیا تھا نہ یہ کسی کی میراث تھیں۔ ان احادیث کو بیان کرنے کے بعد اب ہم عراق کی مفتوحہ زمینوں کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا موقف بیان کریں گے۔

سوادِ عراق اور دیگر مفتوحہ زمینوں کو وقف کرنے کے متعلق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فیصلہ

قرآن اور سنت کی تصریحات کے مطابق حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ جب مسلمانوں کا لشکر کسی علاقے کو فتح کرے تو میدان جنگ میں جو سواریاں، سامان حرب اور مال ومتاع مسلمانوں کے ہاتھ آئے وہ مال غنیمت ہے لہٰذا اس میں سے خمس نکالنے کے بعد وہ مال مجاہدین میں تقسیم کر دیا جائے گا اور اس علاقہ کی زمینیں اور نہریں وغیرہ مال فئی ہیں ان زمینوں کو مجاہدین میں تقسیم نہیں کیا جائے گا بلکہ ان زمینوں کو ان زمین والوں کے قبضہ میں رہنے دیا جائے گا اور

---

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۵۹ - ۵۸، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور ۱۴۰۴ھ

[2] " " " " "

ان پر خراج مقرر کر کے ان کی آمدنی کو بیت المال میں داخل کیا جائے گا تاکہ اس مال کو عام مسلمانوں کی ضروریات، جہاد کے ساز و سامان، مفاد عامہ اور بعد میں آنے والے مسلمانوں کی فلاح اور بہبود پر خرچ کیا جا سکے۔ بعض صحابہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس فیصلہ سے اختلاف کیا لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قرآن اور حدیث سے ٹھوس دلائل فراہم کر کے انہیں مطمئن کر دیا حتی کہ تمام صحابہ کا اس فیصلہ پر اجماع ہو گیا، حسب ذیل احادیث میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے موقف اور ان کے دلائل کا بیان ہے۔

امام بیہقی روایت کرتے ہیں:

عن یزید بن ابی حبیب قال کتب عمر الی سعد رضی اللہ عنہما حین افتتح العراق، اما بعد فقد بلغنی کتابك تذکر ان الناس سالوك ان تقسم بینہم مغانمہم وما افاء اللہ علیہم فاذا جاءك کتابی ھذا فانظر ما اجلب الناس علیك الی العسکر من کراع او مال فاقسمہ بین من حضر من المسلمین واترك الارضین والانہار لعمالہا فیکون ذلك فی اعطیات المسلمین فانك ان قسمتہا بین من حضر لم یکن لمن بقی بعدہم شیء [1]

یزید بن ابی حبیب بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے عراق فتح کر لیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے خط کے جواب میں لکھا: حمد و صلوٰۃ کے بعد واضح ہو کہ مجھے تمہارا خط ملا جس میں تم نے یہ لکھا کہ لوگ تم سے مال غنیمت اور مال فئ کی تقسیم کا مطالبہ کر رہے ہیں سو جب تمہارے پاس میرا یہ خط پہنچے تو مال غنیمت یعنی سواریوں اور دیگر اموال کو لشکر اسلام میں تقسیم کر دو اور زمینوں اور نہروں کو ان کے کارکنوں کے پاس رہنے دو تاکہ ان کو مسلمانوں کے بیت المال میں داخل کیا جا سکے، اگر تم نے اس کو بھی لشکر میں تقسیم کر دیا تو بعد میں آنے والی نسلوں کے لیے کچھ نہیں بچے گا۔

عن حارثة بن مضرب عن عمر رضی اللہ عنہ انہ اراد ان یقسم اھل السواد بین المسلمین وامر بہم ان یحصوا فوجد الرجل المسلم یصیبہ ثلاثة من الفلاحین یعنی العلوج فشاور اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ذلك فقال علی رضی اللہ عنہ دعہم یکونون مادة للمسلمین فبعث عثمان بن حنیف فوضع علیہم ثمانیة واربعین واربعة وعشرین و

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے یہ ارادہ کیا کہ مفتوحہ زمینوں کے کارکنوں کو مسلمانوں میں تقسیم کر دیں سو آپ نے ان کو گننے کا حکم دیا تو ہر مسلمان (مجاہد) کے حصہ میں تین کسان آ رہے تھے، حضرت عمر نے اس معاملہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے مشورہ کیا، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا آپ ان کو مسلمانوں کے بیت المال کے لیے رہنے دیجئے، پھر حضرت عمر نے عثمان بن حنیف کو بھیجا اور ان کسانوں پر حسب حیثیت اڑتالیس، چوبیس اور بارہ بارہ

[1] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۹ ص ۱۳۴، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

اثنی عشر۔ [1]

عن زید بن اسلم عن ابیہ قال: قال عمر: اجتمعوا لهذا الفئ حتی ننظر فیہ۔ فالی قرأت أیات من کتاب اللہ استغنیت بها قال اللہ: ما افاء اللہ علی رسولہ من اهل القری فللہ وللرسول ولذی القربی والیتامی والمساکین وابن السبیل الی قولہ واللہ شدید العقاب واللہ ما هو لهؤلاء وحدهم، ثم قرأ للفقراء المهاجرین الذین اخرجوا من دیارهم واموالهم الی قولہ هم الصادقون واللہ ما هو لهؤلاء وحدهم، ثم قرأ والذین جاءو من بعدهم الی اخر الأیۃ۔ [2]

درہم مقرر کر دیے۔

زید بن اسلم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا آؤ بیٹھ کر فئی کے معاملہ میں غور کریں، مجھے تو قرآن مجید کی چند آیات سے اس کا حکم معلوم ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو جن بستیوں (بنو نضیر، خیبر اور فدک وغیرہ) کا مال بطور فئی دیا ہے وہ اللہ کے لیے ہے اس کے رسول کے لیے ہے اور رسول کے رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے۔ (اس کے بعد واللہ شدید العقاب تک یہ آیت پڑھی) لہٰذا یہ اموال صرف لشکر اسلام کے لیے نہیں ہیں پھر پڑھا یہ اموال ان فقراء مہاجرین کے لیے ہیں جو اپنے گھروں اور مالوں سے نکال دیے گئے (اور ہم الصادقون تک یہ آیت پڑھی) پھر پڑھا یہ اموال ان مسلمانوں کے لیے بھی ہیں جو بعد میں آئیں گے۔

اس سے پہلے ہم سنن ابو داؤد (ج ۲ ص ۵۷) کے حوالے سے بیان کر چکے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے موقف پر اس سے بھی استدلال فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو نضیر، خیبر کی بعض زمینوں اور فدک کی زمینوں کو مجاہدین پر تقسیم نہیں کیا تھا بلکہ آپ نے ان زمینوں کو وقف قرار دیا تھا اور اس آمدنی کو اپنے اہل و عیال اور فقراء مہاجرین پر خرچ کرتے تھے۔

اس تفصیل سے معلوم ہو گیا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ فیصلہ قرآن اور سنت کی حجت پر مبنی تھا۔

اس سلسلہ میں بعض احادیث سے شبہ ہو سکتا ہے کیونکہ امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن زید عن ابیہ انہ سمع عمر بن الخطاب یقول اما والذی نفسی بیدہ لولا ان اترک اخر الناس ببانا لیس لهم شیء ما فتحت قریۃ الا قسمتها کما قسم النبی صلی اللہ علیہ وسلم خیبر

زید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے یہ سنا "سنو! اس ذات کی قسم جس کے قبضہ و قدرت میں میری جان ہے اگر مجھے بعد میں لوگوں کے فقر اور احتیاج کا خوف نہ ہوتا تو جو علاقہ بھی فتح ہوتا میں اس کو (مجاہدین) میں اسی

---

[1] امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ ھ، سنن کبریٰ ج ۶ ص ۳۴۲، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان
[2] امام ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ... ۳۵۱-۳۵۰، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ ھ

ولکنی اترکہا خزانۃ لہم یقسمونہا۔ [1]

طرح تقسیم کر دیتا جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم کیا تھا لیکن میں اس علاقہ کو وقف کر رہا ہوں تاکہ وہ اس کی آمدنی کو تقسیم کر سکیں۔

عن زید بن اسلم عن ابیہ عن عمر قال لولا اٰخر المسلمین ما فتحت علیہم قریۃ الا قسمتہا کما قسم النبی صلی اللہ علیہ وسلم خیبر۔ [2]

زید بن اسلم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر مجھے بعد میں آنے والے مسلمانوں کا خیال نہ ہوتا تو جو علاقہ بھی فتح ہوتا میں اس کو مجاہدین میں تقسیم کر دیتا جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم کر دیا تھا۔

ان حدیثوں سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی زمینوں کو مجاہدین پر تقسیم کر دیا تھا' حالانکہ ہم نے یہ بیان کیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی زمینوں کو مجاہدین پر تقسیم نہیں کیا' اس کا جواب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی ان اراضی کو تقسیم کیا تھا جو جنگ کے بعد فتح ہوئی تھیں اور خیبر کی جو اراضی صلح سے حاصل ہوئی تھیں ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کے مفاد عامہ کے لیے وقف کر دیا تھا۔ حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی لکھتے ہیں:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو یہ فرمایا ہے کہ "جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم کر دیا تھا" امام طحاوی نے کہا ہے اس سے حضرت عمر کی مراد یہ تھی کہ آپ نے خیبر کے بعض علاقہ کو تقسیم کیا تھا کیونکہ حضرت بشیر بن یسار سے روایت ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم کیا تو آپ نے اس کے نصف حصہ کو اپنی ضروریات اور بعض دیگر امور کے لیے الگ کر لیا تھا اور باقی نصف حصہ کو مسلمانوں میں تقسیم کر دیا تھا، اور چونکہ مسلمانوں کے پاس کاشتکاری کے لیے آدمی نہیں تھے اس لیے آپ نے یہودیوں کو وہ زمین نصف پیداوار کے عوض بٹائی پر دے دی۔ (الحدیث) حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ حضرت بشیر بن یسار کی مراد یہ ہے کہ جو نصف علاقہ جنگ سے فتح ہوا تھا اس کو مجاہدین میں تقسیم کر دیا اور جو نصف علاقہ صلح سے فتح ہوا تھا اس کو آپ نے اپنی ضروریات اور مفاد عامہ کے لیے وقف کر دیا۔ [3]

حافظ بدرالدین عینی نے اس بحث کو زیادہ تفصیل سے لکھا ہے وہ لکھتے ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی تمام اراضی کو تقسیم نہیں کیا تھا، خیبر کے بعض علاقوں کو تقسیم کیا اور بعض علاقوں کو تقسیم نہیں کیا، "شق" اور "نطاۃ" کو تقسیم کیا تھا اور باقی تمام اراضی کو وقف کر دیا تھا، سو امام کے لیے جائز ہے کہ مفتوحہ زمینوں میں جو مناسب سمجھے کرے۔

---

[1] امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۶۰۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] " " ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۶۰۸، ۶۳۴، ۵۲۳ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[3] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۲۲۵، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مفتوحہ زمینوں کو تقسیم نہ کرنے پر سورۂ حشر کی آیات سے استدلال کیا۔ آپ کا استدلال صرف اس سے تھا: "اور اموال فیٔ ان لوگوں کے لیے بھی ہیں جو بعد میں آئیں گے" حضرت عمر نے فرمایا اس آیت نے تمام مسلمانوں کا احاطہ کر لیا اور اس مال (فیٔ) میں ہر مسلمان کا حق ہے حتیٰ کہ میرے بعد آنے والے چرواہوں کا بھی اس مال میں حق ہوگا۔[1]

عراق اور شام کی مفتوحہ زمینوں کو وقف کرنے کے متعلق حضرت عمر اور بعض صحابہ کا مباحثہ

حضرت بلال اور بعض دوسرے صحابہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس فیصلہ سے اختلاف کیا تھا، امام ابو یوسف رحمہ اللہ اس بحث کو ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

حضرت بلال اور ان کے اصحاب نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے عراق اور شام کے اموال فیٔ کو تقسیم کرنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ ان زمینوں کو بھی ہمارے درمیان اسی طرح تقسیم کر دو جس طرح لشکر کے مال غنیمت کو تقسیم کیا جاتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے اس مطالبہ کو نہیں مانا اور ان کے سامنے سورۂ حشر کی آیات تلاوت کیں اور خاص طور پر اس آیت سے استدلال کیا "اموال فیٔ میں بعد میں آنے والے مسلمانوں کا بھی حصہ ہے" حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ تعالیٰ نے بعد میں آنے والے مسلمانوں کو بھی اس فیٔ میں شریک کر دیا، اگر میں نے ان زمینوں کو تمہارے درمیان تقسیم کر دیا تو تمہارے بعد میں آنے والوں کے لیے کچھ نہیں بچے گا، اور اگر میں زندہ رہا تو صنعاء کا چرواہا بھی اس فیٔ میں سے اپنا حصہ لے گا۔

امام ابو یوسف لکھتے ہیں کہ متعدد اسانید سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عراق اور شام کے فیٔ (مفتوحہ زمینوں) کے متعلق صحابہ اور فقہاء تابعین سے مشورہ کیا، بعض لوگوں کی رائے یہ تھی کہ مفتوحہ زمینوں کو لشکر اسلام میں تقسیم کر دیا جائے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا پھر آنے والے مسلمانوں کے لیے کیا بچے گا؟ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ زمین اور کسان مجاہدین کا حق ہیں جو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف پلٹا دیئے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر عراق اور شام کی زمینیں کسانوں سمیت لشکر پر تقسیم کر دی گئیں تو سرحدوں کی حفاظت کا کیا ذریعہ ہوگا؟ اور شام، عراق اور اس شہر کی بیواؤں اور بچوں کی کفالت کا کیا ذریعہ ہوگا؟ ان لوگوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اپنے مطالبہ پر اصرار کیا اور یہ کہا کیا آپ یہ فیٔ ان لوگوں کو دیں گے جو ہمارے ساتھ جہاد میں شریک نہ تھے نہ شہید ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میری رائے یہی ہے، انھوں نے کہا آپ اس معاملہ میں مشورہ کریں، حضرت عمر نے مہاجرین اولین سے مشورہ کیا تو حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی تو رائے یہی تھی کہ عراق کی مفتوحہ زمینوں کو لشکر میں تقسیم کر دیا جائے، اور حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کی رائے حضرت عمر کے موافق تھی، پھر حضرت عمر نے انصار سے مشورہ کیا اور اوس اور خزرج سے پانچ پانچ بزرگ صحابہ کو بلایا، جب یہ سب جمع ہو گئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کے بعد فرمایا میں نے آپ لوگوں کو صرف اس لیے زحمت دی ہے کہ آپ ان امانتوں کی ادائیگی میں میرے شریک ہوں جو میرے سپرد کی گئی ہیں، کیونکہ میں آپ ہی کی طرح ایک شخص ہوں اور آپ لوگ اس زمانہ میں حق و صداقت کی علامت ہیں۔ اس مسئلہ میں بعض لوگوں نے میری مخالفت

---

[1] حافظ بدرالدین محمود بن احمد عینی ... مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ

کی اور بعض نے میری مخالفت کی، میں یہ نہیں چاہتا کہ آپ لوگ میری رائے کی حمایت کریں، آپ کے سامنے اللہ کی کتاب ہے جس میں حق بات کو بیان کیا گیا ہے اور میں نے جو کچھ کہا ہے اس سے میرا ارادہ صرف حق بات کا اظہار ہے، انھوں نے کہا: اے امیرالمومنین آپ اپنا موقف بیان کیجئے، حضرت عمر نے فرمایا: یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ میں ان کی حق تلفی کر رہا ہوں، حالانکہ میں کسی کی حق تلفی کرنے سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، البتہ میرا یہ خیال ہے کہ کسریٰ کی فتح کے بعد اور کوئی علاقہ لائق فتح نہیں رہے گا، اللہ تعالیٰ نے ان کے اموال، ان کی زمینیں اور ان کے کسان ہم کو بطور غنیمت عطا فرمائے ہیں میں نے مال غنیمت میں سے خمس نکالنے کے بعد اس کو فوج میں تقسیم کر دیا، اور میری رائے یہ ہے کہ میں مفتوحہ زمینوں اور کسانوں کو وقف کر دوں اور ان زمینوں پر خراج مقرر کر دوں اور اہل ذمہ پر جزیہ مقرر کر دوں، تاکہ یہ آمدنی عام مسلمانوں، افواج اسلام اور یتیموں پر خرچ کرنے کا ذریعہ ہو اور اموال فئ میں اس کا شمار ہو، کیا آپ کے خیال میں سرحدوں کی حفاظت کے لیے فوج کا انتظام کرنا ضروری نہیں ہے؟ اور کیا شام، جزیرہ، کوفہ، بصرہ اور مصر ایسے اہم علاقوں کی حفاظت کے لیے افواج کی ضرورت نہیں ہے؟ اگر بیت المال کی آمدنی کے وسائل تلاش نہ کیے جائیں اور ان زمینوں اور کسانوں کو مجاہدین پر تقسیم کر دیا جائے تو ان افواج کو تنخواہیں کہاں سے دی جائیں گی؟

حضرت عمر کی یہ تقریر سن کر تمام صحابہ نے بیک زبان کہا آپ کی رائے درست ہے اور آپ کا فیصلہ صحیح ہے! اگر اسلامی شہروں اور سرحدوں کا تحفظ نہ کیا گیا تو کفار ان شہروں پر قبضہ کر لیں گے۔

امام ابویوسف حبیب بن ابی ثابت سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہ اور مسلمانوں کی ایک جماعت کی یہ خواہش تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ شام کی زمینوں کو ان میں تقسیم کر دیں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں میں خیبر کی زمینوں کو تقسیم کر دیا تھا، حضرت زبیر بن عوام اور حضرت بلال بن ابی رباح رضی اللہ عنہما بڑی شدت سے یہ مطالبہ کر رہے تھے، حضرت عمر نے فرمایا اگر ایسا ہوا تو بعد کے مسلمانوں کے لیے کچھ نہیں بچے گا! پھر آپ نے دعا کی اے اللہ! بلال اور اس کے ساتھیوں سے میرا پیچھا چھڑا دے۔

امام ابویوسف زہری سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے موقف پر استدلال کرتے ہوئے سورۂ حشر کی آیت ۷ تا ۱۰ سے استدلال کیا، (ہم اس بحث کے شروع میں ان آیات کو مع ان کے ترجمہ کے بیان کر چکے ہیں۔ سعیدی غفرلہ)

امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ مفتوحہ علاقوں کی زمینوں کے متعلق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا موقف کتاب اللہ کے مطابق تھا اور اسی میں تمام مسلمانوں کی بھلائی تھی اور اگر مفتوحہ زمینوں کی آمدنی کو مسلمانوں کے لیے وقف نہ کیا جاتا تو سرحدوں کا تحفظ نہ ہوتا اور جہاد کے لیے لشکر اسلام کی قوت کا سامان نہ ہوتا اور اسلامی مقبوضات کفار کے حملوں سے محفوظ نہ رہتے۔ [۵]

سواد عراق کو وقف کرنے کے متعلق حضرت علی اور حضرت معاذ کی رائے

امام ابوعبید حارثہ بن مضرب سے

---

[۵] - امام ابویوسف یعقوب بن ابراہیم متوفی ۱۸۲ھ، کتاب الخراج ص ۲۷-۲۴، مطبوعہ دارالمعرفۃ بیروت

روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر نے سواد عراق (کی مفتوحہ زمینوں) کو مسلمانوں میں تقسیم کرنے کا ارادہ کیا تو انھوں نے مردم شماری کا حکم دیا، معلوم ہوا کہ فی کس تین کسان آتے ہیں، پھر انھوں نے اس مسئلہ میں مشورہ کیا تو حضرت علی نے یہ رائے دی کہ ان زمینوں کو مسلمانوں میں تقسیم نہ کیا جائے بلکہ ان کو مسلمانوں کی مجموعی دولت قرار دیا جائے۔ فلہذا حضرت عمر نے ان زمینوں کو تقسیم نہیں کیا اور عثمان بن حنیف کو ان زمینوں کا والی بنا کر بھیج دیا۔ انھوں نے ان مفتوح کسانوں پر حسب حیثیت اڑتالیس، چوبیس اور بارہ درہم جزیہ مقرر کیا۔

امام ابو عبید حضرت عبد اللہ بن ابی قیس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر جابیہ آئے تو انھوں نے مسلمانوں میں زمینوں کو تقسیم کرنے کا ارادہ کیا، اس موقع پر حضرت معاذ نے ان سے کہا: بخدا! اگر ایسا کیا گیا تو اس کے نتائج اچھے نہیں ہوں گے، اگر آپ نے یہ زمینیں تقسیم کر دیں تو لوگوں کے ہاتھ بے تحاشا دولت آجائے گی، پھر ان کے مرنے کے بعد ممکن ہے یہ دولت کسی ایک مرد یا عورت کو مل جائے اور ان کے بعد جو لوگ اسلام کی مدافعت میں حصہ لیں ان کو کچھ نہ مل سکے، اس لیے کوئی ایسی تدبیر کیجیے جس سے اس زمانہ کے لوگوں اور بعد کے مسلمانوں دونوں کو فائدہ پہنچ سکے۔

امام ابو عبید، عبد اللہ بن ابی قیس سے ایک روایت ذکر کرتے ہیں کہ انھوں نے حضرت عمر سے زمینوں کو تقسیم کرنے کے بارے میں سنا تھا لیکن حضرت معاذ کا یہ مشورہ سننے کے بعد حضرت عمر کی رائے حضرت معاذ کے موافق ہو گئی۔ [1]

اموال فئی کے متعلق امام ابو عبید کا نظریہ

امام ابو عبید، زید بن اسلم کے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر سے یہ سنا کہ اگر مجھے بعد میں آنے والے مسلمانوں کا خیال نہ ہوتا تو میں ہر مفتوحہ علاقہ اسی طرح تقسیم کر دیتا جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر تقسیم کر دیا تھا۔ [2]

امام ابو عبید، قیس بن ابی حازم سے روایت کرتے ہیں کہ جنگ قادسیہ میں قبیلہ بجیلہ کی تعداد تمام فوج کی چوتھائی تھی اس وجہ سے حضرت عمر نے ان کو سواد عراق کا چوتھائی حصہ دے دیا، اس پر وہ دو تین سال قابض رہے، اس کے بعد عمار بن یاسر، جریر بن عبد اللہ کے ساتھ حضرت عمر کے پاس آئے تو حضرت عمر نے جریر بن عبد اللہ سے کہا: اے جریر! اگر میں تقسیم کرنے میں اللہ تعالیٰ کے سامنے جواب دہ نہ ہوتا تو میں اس علاقے کو تمہارے قبضہ ہی میں رہنے دیتا لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ آبادی بڑھ گئی ہے اور میری رائے یہ ہے کہ تم وہ علاقہ ان لوگوں (اہل قادسیہ) کو واپس دے دو، جریر نے حضرت عمر کی اس رائے پر عمل کیا اس پر حضرت عمر نے ان کو اسی دینار انعام میں دیے۔ [3]

ان تمام روایات کو بیان کرنے کے بعد امام ابو عبید لکھتے ہیں کہ میری رائے یہ ہے کہ صحیح بات وہی ہے جس کو سفیان نے بیان کیا ہے جس علاقہ پر فوجی طاقت کے ذریعہ قبضہ کیا جائے اس کا فیصلہ مسلمانوں کے امیر کی صواب دید پر ہے، وہ چاہے تو عامۃ المسلمین کی فلاح و بہبود کو مدنظر رکھتے ہوئے اس علاقہ کو غنیمت میں شمار کر کے اللہ

---

[1] امام ابو عبید قاسم بن سلام متوفی ۲۲۴ھ، کتاب الاموال (مترجم) ج ۱ ص ۱۸۱-۱۸۵، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد

[2] ” ” کتاب الاموال (مترجم) ج ۱ ص ۱۸۶، ” ”

[3] ” ” ” ” ” ”

وہ چاہے تو اس کو فئی قرار دے ، اس چیز کی وضاحت خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے طریق کار سے ہو رہی ہے کیونکہ ایک طرف تو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث پیش کر رہے ہیں کہ آپ نے خیبر کو تقسیم کر دیا تھا اور دوسری طرف وہ خود ہی یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ اگر مجھے بعد میں آنے والے مسلمانوں کا خیال نہ ہوتا تو میں ہر مفتوحہ علاقہ کو (مسلمان فاتحین میں) اسی طرح تقسیم کر دیتا جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم کیا تھا۔

یہاں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جو زمینیں غلبہ اور فوجی طاقت کے ذریعہ حاصل ہوتی ہیں ان میں مسلمانوں کے امیر کو یہ اختیار ہے کہ وہ کسی ایک طریقہ پر عمل کرے اگر ایسا نہ ہوتا تو حضرت عمر کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ سے دانستہ تجاوز نہ کرتے۔ [1]

مسلمانوں کی مقبوضہ اراضی مطلقاً فئی ہیں خواہ ان پر جنگ سے قبضہ ہوا ہو یا صلح سے

خیبر کا بعض علاقہ جنگ سے فتح ہوا تھا اس وجہ سے خیبر کی ساری زمین فئے نہیں تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی زمین کے تین حصے کیے تھے دو حصے مسلمانوں میں تقسیم کر دیے اور ایک حصہ اپنی ازواج کے خرچ کے لیے رکھ لیا اور ازواج کے خرچ سے جو بچ جاتا اس کو آپ فقراء مہاجرین میں تقسیم کر دیتے (سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۵۰)۔ امام ابوعبید کا مطلقاً یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی زمین مسلمانوں میں تقسیم کر دی تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی زمینوں کے ساتھ "کلیتہً" غنیمت کا معاملہ کیا نہ "کلیتہً" مال فئی کا معاملہ کیا بلکہ اپنے خصوصی اختیارات سے خیبر کی زمینوں میں تصرف کیا، البتہ بنو نضیر اور فدک کی زمینیں جنگ سے حاصل نہیں ہوئی تھیں اس لیے وہ ساری زمینیں وقف تھیں، اور ان میں صرف وہی تصرف جائز تھے جو تصرف فئی میں جائز ہیں۔

جو اسلامی مقبوضات جنگ سے حاصل ہوئے بہر حال ان میں اجماع صحابہ سے یہ ثابت ہو گیا کہ میدان جنگ میں جو منقولی اشیاء قبضہ میں آئیں وہ مال غنیمت ہیں مثلاً سامان حرب اور سواریاں، اور خمس نکالنے کے بعد ان کو اسلامی عسکر میں تقسیم کر دیا جائے گا۔ اور جو اشیاء غیر منقول ہیں مثلاً قابل کاشت اراضی اور باغات وغیرہ وہ فئی ہیں اور ان کے ساتھ وہی معاملہ کیا جائے گا جو فئی کے ساتھ کیا جاتا ہے اور جب مہاجرین اور انصار تمام صحابہ نے اس پر اجماع کر لیا کہ جنگ سے حاصل ہونے والی مفتوحہ زمینیں بھی فئی ہیں تو اب بعد کے لوگوں کو اس میں رد و بدل کرنے کا اختیار نہیں رہا کیونکہ اجماع صحابہ بھی حجت شرعیہ ہے۔

خلاصہ بحث یہ ہے کہ کفار کے جو علاقے بغیر جنگ کے حاصل ہوئے ہوں وہ تو سورہ حشر کی آیات قطعیہ کے بموجب فئی ہیں اور ان کی آمدنی یتیموں، مسکینوں، مسافروں اور سامان حرب اور مسلمانوں کے مفاد عامہ کے لیے وقف ہوگی جیسے بنو نضیر اور فدک کی زمینیں وقف تھیں اور کفار کے جو علاقے جنگ سے حاصل ہوئے ہوں جیسے عراق اور شام وغیرہ ان مفتوحہ علاقوں کی زمینیں اجماع صحابہ سے فئی ہو گئیں اور ان کی آمدنی بھی مسلمانوں کے مفاد عامہ کے لیے وقف ہو گئی۔

---

[1] امام ابوعبید قاسم بن سلام متوفی ۲۲۴ھ، کتاب الاموال (مترجم) ج ۱ ص ۱۹۱، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد

سواد عراق کے معاملہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نظریہ پر دلائل

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نظریہ کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جو علاقے جنگ سے فتح ہونے تھے ان میں سے کسی علاقہ کی زمینوں اور باشندوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غنیمت کا معاملہ نہیں کیا بایں طور کہ خمس نکالنے کے بعد ان زمینوں اور وہاں کے باشندوں کو فوج میں تقسیم کر دیا ہو، آپ کے زمانہ کی دو نمایاں ترین مثالیں فتح مکہ اور فتح خیبر کی ہیں ان میں سے مکہ کی مثال تو بالکل واضح ہے، کیونکہ مکہ فتح کرنے کے بعد آپ نے مکہ جوں کا توں وہاں کے باشندوں کے حوالہ کر دیا اور خیبر کے بارے میں سنن ابو داؤد کے حوالہ سے یہ حدیث گذر چکی ہے کہ آپ نے خیبر کے ۳۶ حصے کیے ان میں سے ۱۸ حصے اجتماعی ضروریات کے لیے وقف کر کے باقی ۱۸ حصے فوج میں تقسیم فرما دیے۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس عمل سے یہ بات واضح ہو گئی جو مفتوحہ زمینیں جنگ سے حاصل ہوئی ہوں ان کا حکم غنیمت کا نہیں ہے ورنہ یہ کیسے ممکن تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کو بالکلیہ اہل مکہ کے حوالہ کر دیتے، اور خیبر سے صرف خمس نکالنے کے بجائے اس کا پورا نصف حصہ اجتماعی ضروریات کے لیے بیت المال کی تحویل میں دے کر وقف فرما دیتے۔ لہٰذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے جو بات ثابت ہے وہ یہ ہے کہ جو ممالک جنگ سے فتح ہوں ان کے بارے میں مسلمانوں کے امیر کو یہ اختیار ہے کہ ان کے متعلق حالات کے لحاظ سے اپنی صواب دید کے مطابق فیصلہ کرے، وہ ان علاقوں کو فوج میں تقسیم بھی کر سکتا ہے، اور ان علاقوں کے باشندوں پر احسان کر کے انہیں وہ علاقے واپس بھی دے سکتا ہے اور ان علاقوں کو مسلمانوں کے اجتماعی مفاد کی خاطر وقف بھی کر سکتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں چونکہ بڑے بڑے ممالک فتح نہیں ہوئے تھے، اس لیے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بڑے بڑے ممالک فتح ہوئے تو صحابہ کرام کو یہ الجھن ہوئی کہ جنگ سے فتح ہونے والے ممالک پر غنیمت کا حکم لاگو ہوگا یا فئی کا؟ مصر کی فتح کے بعد حضرت زبیر نے حضرت عمرو بن العاص سے یہ مطالبہ کیا کہ اس پورے علاقہ کو اس طرح تقسیم کر دیجیے جس طرح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم کیا تھا، [1] شام اور عراق کے مفتوحہ علاقوں کے متعلق حضرت بلال بن ابی رباح نے یہ مطالبہ کیا کہ ان زمینوں کو ان کے فاتحین کے درمیان اسی طرح تقسیم کر دیجیے جس طرح مال غنیمت کو لشکر میں تقسیم کر دیا جاتا ہے، [2] دوسری طرف حضرت علی کی رائے یہ تھی کہ ان زمینوں کو ان کے کاشتکاروں کے پاس رہنے دیجیے تاکہ یہ مسلمانوں کی آمدنی کا ذریعہ بنی رہیں [3]، اسی طرح حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی بھی یہ رائے تھی کہ اگر سواد عراق کو تقسیم کیا گیا تو اس کے نتائج بہت برے ہوں گے [4]، حضرت عثمان کی بھی یہی رائے تھی بالآخر تمام مہاجرین اور انصار صحابہ کا اس پر اجماع ہو گیا کہ سواد عراق کو افواج پر تقسیم نہ کیا جائے تاکہ عراق کی زمینوں سے مسلمانوں کی اجتماعی ضروریات پوری ہوتی رہیں اور دفاع کا انتظام ہو سکے۔

---

[1] امام ابو عبید قاسم بن سلام متوفی ۲۲۴ھ، کتاب الاموال ج ۱ ص ۱۸۳، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد

[2] امام ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم متوفی ۱۸۲ھ، کتاب الخراج ص ۲۴-۲۳، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت

[3] امام ابو عبید قاسم بن سلام متوفی ۲۲۴ھ کتاب الاموال ج ۱ ص ۱۸۵، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد

[4] " " " " کتاب الاموال ج ۱ ص ۱۸۳ " " "

میں کہتا ہوں کہ جنگ سے فتح ہونے والے ممالک کی زمینوں کے متعلق صحابہ کرام کے اس اجماع کی نظیر یہ ہے، جیسے شراب کی حد کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں کوئی معین سزا نہیں تھی، بعض دفعہ شراب پینے والے کو چند کوڑے لگائے جاتے اور بعض دفعہ اس کو چند جوتے مارے جاتے لیکن بعد میں صحابہ کرام نے غور وخوض اور کافی بحث اور تمحیص کے بعد اس پر اتفاق کر لیا کہ شرابی کی حد اسی کوڑے ہوگی سو اب اس پر اجماع ہو گیا اور اب شراب کی حد میں اسی کوڑوں سے کم لگانا جائز نہیں ہے اسی طرح جنگ سے فتح ہونے والے علاقوں کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں تین احکام تھے بعض علاقوں کو فوج پر تقسیم کیا گیا جیسا کہ خیبر کے بعض علاقے دیے گئے، بعض علاقے وہاں کے باشندوں کو بخش دیے گئے جیسے مکہ مکرمہ اہل مکہ کو دے دیا گیا اور بعض علاقوں کی زمینوں کو مسلمانوں کے اجتماعی مفاد کی خاطر وقف کیا گیا جس طرح خیبر کے نصف علاقہ کو مسلمانوں کی ضروریات کی خاطر وقف کر دیا گیا اور جب بعد میں صحابہ کرام کا ایک طویل بحث اور کافی غور وفکر کے بعد اس پر اجماع ہو گیا کہ عراق اور شام کی مفتوحہ زمینوں کو مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا جائے تو اب یہی شکل معین ہو گئی اور اب ان زمینوں کو لشکر اسلام پر تقسیم کر دینا جائز نہیں ہے، امام مالک کا یہی مذہب ہے، اور باقی ائمہ ثلاثہ اس معاملہ کو مسلمانوں کے امیر کی صواب دید پر چھوڑتے ہیں۔

مفتوحہ علاقہ کی زمینوں کے متعلق فقہاء کی آراء

علامہ بھوتی حنبلی لکھتے ہیں: کفار کی زمینوں کی تین قسمیں ہیں:

اول: جس علاقہ کو مسلمانوں نے جنگ سے فتح کیا ہو اس میں مسلمانوں کے امیر کو اختیار ہے خواہ اس زمین کو لشکر اسلام میں تقسیم کر دے جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے نصف حصہ کو لشکر میں تقسیم فرما دیا تھا اور باقی نصف کو وقف کر دیا تھا (سنن ابوداؤد) اور اگر امیر مناسب سمجھے تو اس تمام زمین کو مسلمانوں کے مفاد عامہ کے لیے وقف کر دے جس طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مصر، عراق، شام اور تمام مفتوحہ ممالک کی زمینوں کی آمدنی کو مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا تھا۔

ثانی: جس علاقہ کے کفار مسلمانوں کے خوف سے بھاگ گئے ہوں اور اس علاقہ پر مسلمان قابض ہو گئے ہوں اس علاقہ کی زمینیں وقف ہو جاتی ہیں کیونکہ یہ فئے میں داخل ہیں۔

ثالث: جس علاقہ کے کفار سے مسلمانوں کے امیر نے اس شرط پر صلح کی ہو کہ وہ زمین مسلمانوں کی ملکیت ہوگی اور اگر کفار ان زمینوں پر کاشت کاری کریں گے تو ان کو خراج ادا کرنا ہوگا تو یہ زمین بھی وقف ہوگی کیونکہ یہ بھی فئے میں داخل ہے، اور اگر امام نے اس شرط پر صلح کی ہے کہ وہ زمینیں کفار کی ملکیت میں رہیں گی اور وہ کاشت کاری کر کے خراج ادا کریں گے تو یہ صلح صحیح ہے اور زمینیں ان کی ملکیت میں رہیں گی اور ان کا خراج وہ جزیہ کی طرح ادا کریں گے اور اگر وہ اسلام قبول کر لیں تو ان سے خراج ساقط ہو جائے گا۔ [1]

علامہ شربینی شافعی لکھتے ہیں: اس زمانہ میں اگر مسلمانوں کے امیر کے نزدیک مصلحت یہ ہو کہ جنگ سے فتح شدہ علاقہ

---

[1] علامہ منصور بن یونس بن منصور بن ادریس بھوتی متوفی الحادی العشر، کشاف القناع ج ۳ ص ۹۶-۹۴، مطبوعہ دار الکتب بیروت۔

کی زمینوں کو وقف کیا جائے تو وہ وقف کر سکتا ہے بلکہ وہ منقول اشیاء کو بھی وقف کر سکتا ہے، بشرطیکہ لشکر اسلام اس پر راضی ہو جائے اور اس کی دلیل سواد عراق کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا طریق کار ہے۔ [1]

علامہ بدر الدین عینی حنفی نے لکھا ہے کہ امام طحاوی نے کہا ہے کہ امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد کی رائے یہ ہے کہ جنگ سے فتح ہونے والی زمینوں کا معاملہ مسلمانوں کے امیر کے اجتہاد پر موقوف ہے خواہ وہ ان میں سے خمس نکال کر باقی کو مجاہدین پر تقسیم کر دے خواہ ساری زمین کو وقف کر دے، امام ابو عبید اور ثوری کی بھی یہی رائے ہے۔ [2]

علامہ دردیر مالکی لکھتے ہیں: کفار کی قابل کاشت اراضی پر جب مسلمان جنگ کے بعد قابض ہو جائیں تو وہ از خود مسلمانوں کے مفاد عامہ کے لیے وقف ہو جاتی ہیں، اس میں امیر کے فیصلہ کرنے کا دخل نہیں ہے اور نہ اس سلسلہ میں مجاہدین کو راضی کرنے کی ضرورت ہے۔ [3]

غالباً فقہاء مالکیہ نے اپنے اس قول کی بنیاد اجماع صحابہ پر رکھی ہے اور اجماع صحابہ ایک قوی حجت ہے، ہمارے نزدیک بھی قول صحیح ہے یہاں تک جو ہم نے بحث کی ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ کفار کے جو علاقے جنگ سے فتح ہوں ان کی زمینوں کے بارے میں فقہاء کی آراء مختلف ہیں، لیکن کفار کے جو علاقے صلح سے حاصل ہوئے ہوں جیسے خیبر کے بعض علاقے، بنو نضیر کی اراضی اور فدک، ان کے بارے میں تمام فقہاء اس پر متفق ہیں کہ یہ اراضی مسلمانوں کے مفاد عامہ، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے وقف ہیں، ان زمینوں کا کوئی شخص شخصی مالک نہیں ہے، ان کو بیچا جا سکتا ہے نہ خریدا جا سکتا ہے اور نہ ان میں وراثت جاری ہو سکتی ہے۔

مسئلہ فدک

اس باب کی حدیث نمبر ۴۴۶۲ میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس اور حضرت علی سے فرمایا: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا اور حضرت ابوبکر خلیفہ منتخب ہو گئے تو تم دونوں حضرت ابوبکر کے پاس آئے، تم اپنے بھتیجے کی وراثت طلب کرتے تھے اور یہ اپنی زوجہ (حضرت فاطمہ) کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث طلب کرتے تھے، حضرت ابوبکر نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا، ہم نے جو کچھ بھی چھوڑا ہے وہ صدقہ ہے، سو تم دونوں نے حضرت ابوبکر کو جھوٹا، گنہ گار، خائن اور عہد شکن گمان کیا اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ حضرت ابوبکر سچے، نیک، ہدایت یافتہ اور حق کی پیروی کرنے والے ہیں۔ الحدیث۔

علماء اہل سنت اور علماء شیعہ کے درمیان یہ ایک بہت معرکہ آراء مسئلہ ہے، علماء شیعہ کہتے ہیں کہ فدک کا علاقہ حضرت فاطمہ کا حق تھا جو حضرت ابوبکر نے ان کو نہیں دیا، اس کی تفصیل میں کبھی وہ یہ کہتے ہیں کہ فدک کا علاقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث میں حضرت فاطمہ کو ملنا تھا لیکن حضرت ابوبکر نے یہ حدیث سنائی کہ رسول اللہ صلی اللہ

---

[1] علامہ محمد شربینی الخطیب من قرن العاشر، مغنی المحتاج ج ۴ ص ۲۳۶، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ ھ، عمدۃ القاری ج ۱۵، ص ۴۴، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[3] علامہ ابو البرکات سید احمد دردیر مالکی متوفی ۱۱۹۷ھ، الشرح الکبیر علی حاشیۃ الدسوقی ج ۲ ص ۱۸۹، مطبوعہ دار الفکر بیروت

علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا اور کبھی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں حضرت فاطمہ کو فدک ہبہ کر دیا تھا، حضرت فاطمہ نے اس ہبہ کے ثبوت میں حضرت علی اور ام ایمن کو بطور گواہ پیش کیا لیکن حضرت ابوبکر نے اس گواہی کو تسلیم نہیں کیا اور ان کو فدک نہیں دیا، علماء اہل سنت کے نزدیک یہ ثابت نہیں ہے کہ حضرت فاطمہ نے ہبہ کا دعویٰ کیا تھا البتہ حضرت فاطمہ نے وراثت کی رو سے اپنا حصہ مانگا تھا کیونکہ ان کی رائے یہ تھی کہ اہل بیت کی ضروریات کے بعد جو حضور کا ترکہ باقی بچے گا اس میں وراثت جاری ہوگی، وہ اس حدیث میں تخصیص کی قائل تھیں، اس کے برخلاف حضرت ابوبکر اس حدیث کو عموم پر رکھتے تھے، ابتداء میں حضرت فاطمہ نے اس سے اختلاف کیا، لیکن جب حضرت ابوبکر نے یقین دلایا کہ وہ فدک کی آمدنی کو اہل بیت کی ضروریات پر خرچ کرتے رہیں گے تو حضرت فاطمہ راضی ہو گئیں۔

اس مسئلہ کی تحقیق میں پہلے ہم فدک کا جغرافیائی محل وقوع اور اس کی لغوی تحقیق بیان کریں گے، اس کے بعد قرآن مجید، احادیث صحیحہ اور معتبر کتب شیعہ کے حوالوں سے یہ بیان کریں گے کہ فدک از قبیل فئی تھا اور فئی وقف ہوتا ہے اور جو چیز وقف ہو وہ کسی کی شخصی ملکیت نہیں ہوتی، وہ کسی کو ہبہ کی جا سکتی ہے اور نہ اس میں میراث جاری ہو سکتی ہے پھر معتبر کتب شیعہ سے یہ بیان کریں گے کہ انبیاء علیہم السلام کے ترکہ میں وراثت جاری نہیں ہوتی لہٰذا فدک کے بطور وراثت ملنے کی بنیاد نہ رہی۔ علماء شیعہ نے اہل سنت کی جن کتابوں سے یہ دلیل پیش کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فدک حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو ہبہ کر دیا تھا اس کا جواب بیان کریں گے اور اس سلسلہ میں تمام شبہات کا ازالہ کریں گے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس جملہ کی وضاحت کریں گے "سو تم دونوں (یعنی حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما) نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو جھوٹا، گنہ گار، خائن اور عہد شکن گمان کیا!" فنقول و باللہ التوفیق وبہ الاستعانۃ یلیق۔

فدک کا لغوی معنی، جغرافیائی محل وقوع اور تاریخ

علامہ زبیدی لکھتے ہیں:

(فدک محرکۃ بخیبر) فیہا نخل وعین افاء اللہ علی نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم [1]

فدک خیبر کا ایک علاقہ ہے اس میں کھجور کے باغات اور چشمے ہیں، اللہ تعالیٰ نے یہ علاقہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بطور فئی عطا کیا تھا۔

عام طور پر اس لفظ کو فِدک پڑھا جاتا ہے یہ صحیح نہیں ہے، صحیح لفظ فَدک ہے۔ (سعیدی غفرلہ)

علامہ ابن منظور افریقی لکھتے ہیں:

فدک قریۃ بخیبر وقیل بناحیۃ الحجاز فیہا عین ونخل افاءہا اللہ علی نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم [2]

فدک خیبر کی ایک بستی ہے ایک قول یہ ہے کہ یہ حجاز کی سمت میں ہے، اس میں چشمے اور باغات ہیں، اللہ تعالیٰ نے یہ بستی اپنے نبی کو بطور فئی عطا فرمائی تھی

[1] سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس ج ۷ ص ۱۶۶، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ھ

[2] علامہ جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور افریقی متوفی ۷۱۱ھ، لسان العرب ج ۱۰ ص ۴۷۳، مطبوعہ نشر ادب الحوزۃ قم ایران ۱۴۰۵ھ

علامہ اسماعیل جوہری لکھتے ہیں:

فَدَكُ: اسم قرية بخيبر۔[1] فدک خیبر کی ایک بستی کا نام ہے۔

علامہ شہاب الدین حموی لکھتے ہیں:

فدک کا معنی روئی دھنکنا ہے روئی دھنکنے کو اہل عرب فَدَّكْتُ القطن کہتے ہیں، فدک حجاز کی ایک بستی ہے اور یہ مدینہ سے دو دن کی مسافت پر واقع ہے، ایک قول یہ ہے کہ یہ مدینہ سے تین دن کی مسافت پر واقع ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سات ہجری میں فدک صلح سے بطور فئی عطا فرمایا تھا، اور اس کا قصہ یوں ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم خیبر میں پہنچے اور تین قلعوں کے سوا تمام قلعوں کو فتح کر لیا اور ان تین قلعوں کا بشدت محاصرہ کیا تو ان قلعہ والوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ پیغام بھیجا کہ آپ انہیں یہاں سے جلاوطن ہونے دیں تو وہ قلعہ کے دروازے کھول دیں گے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اتفاق کر لیا، جب اہل فدک کو یہ خبر پہنچی تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ پیغام بھیجا کہ وہ فدک کے پھلوں اور دیگر اموال کا نصف دے کر صلح پر تیار ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پیش کش کو قبول کر لیا۔ فدک کا علاقہ ان علاقوں میں سے تھا جس کو فتح کرنے کے لیے مسلمان مجاہدین نے اپنے اونٹ اور گھوڑے نہیں دوڑائے تھے، اس میں بکثرت کھجور کے درخت اور بہتے ہوئے چشمے تھے، اور یہ خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تصرف میں تھا۔

علامہ حموی لکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد فدک میں کافی اختلاف ہوا اور اس مسئلہ میں مختلف روایات ہیں بہر حال میرے نزدیک جو چیز صحت کے ساتھ ثابت ہے وہ یہ ہے جس کو بلاذری نے کتاب الفتوح میں ذکر کیا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر سے لوٹے تو آپ نے محیصہ بن مسعود کو فدک بھیجا اس وقت فدک کا رئیس یوشع بن نون یہودی تھا آپ نے ان کو اسلام کی دعوت دی، فدک والے خیبر کی خبریں سن کر پہلے ہی مرعوب ہو چکے تھے انہوں نے فدک کی آدھی زمین دینے پر صلح کر لی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پیش کش کو قبول کر لیا اور وہ زمین خاص آپ کے تصرف میں رہی کیونکہ اس کو جنگ سے حاصل نہیں کیا گیا تھا، آپ اس زمین کی آمدنی سے مسافروں پر خرچ کرتے تھے۔ فدک والے اس جگہ رہتے رہے حتیٰ کہ حضرت عمر نے ان کو جلاوطن کر دیا اور باقی نصف کی قیمت یہودیوں کو ادا کر دی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئیں اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فدک ہبہ کر دیا تھا اور اس پر حضرت علی بن ابی طالب اور ام ایمن کی گواہی پیش کی، حضرت ابوبکر نے کہا: اے بنت رسول اللہ! دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کے سوا گواہی مقبول نہیں ہوتی تو وہ واپس چلی گئیں اور ام ہانی سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ نے حضرت ابوبکر سے پوچھا تمہارا کون وارث ہوگا؟ حضرت ابوبکر نے کہا میری بیوی اور میری اولاد! حضرت فاطمہ نے کہا کیا وجہ ہے کہ تم تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وارث ہو اور ہم نہ ہوں؟ حضرت ابوبکر نے کہا اے بنت رسول اللہ! میں سونے چاندی، یا فلاں فلاں چیز کا وارث نہیں ہوں، حضرت فاطمہ نے کہا خیبر میں جو ہمارا

[1] علامہ اسماعیل بن حماد الجوہری متوفی [illegible] دار العلم بیروت، ۱۴۰۴ھ

حصہ ہے اور فدک ہیں جو ہمارے صدقات ہیں، حضرت ابوبکر نے کہا اے بنت رسول اللہ! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے کہ یہ چیزیں اللہ تعالیٰ نے میری زندگی میں مجھے عطا کی ہیں اور میرے بعد یہ مسلمانوں پر صدقہ ہیں،
اور عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیج کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حصہ سے اپنی میراث کا سوال کیا حضرت ابوبکر نے یہ کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے کہ ہم گروہ انبیاء کا کوئی وارث نہیں بنایا جاتا۔ ہم نے جو چھوڑا وہ صدقہ ہے، اور یہ مال آل محمد کی ضروریات اور ان کے مہمانوں کے لیے ہے اور جب میں فوت ہو جاؤں گا تو اس کا متولی وہ شخص ہوگا جو میرے بعد مسلمانوں کا والی ہوگا۔ اس حدیث کو سننے کے بعد ازواج مطہرات میراث کے سوال سے باز رہیں۔

جب عمر بن عبد العزیز خلیفہ ہوئے تو انھوں نے خطبہ دیا اور کہا کہ فدک خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا اور اس کی آمدنی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ضروریات پر خرچ کرتے تھے اور جو مال بچ جاتا اس کو مسافروں پر خرچ کرتے تھے اور یہ بیان کیا کہ حضرت فاطمہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا تھا کہ آپ ان کو فدک ہبہ کر دیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکار کیا اور فرمایا نہ تمہارے لیے فدک کو ہبہ کرنے کا سوال کرنا جائز ہے اور نہ میرے لیے اس کو دینا جائز ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کی آمدنی سے مسافروں پر خرچ کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہم بھی فدک کی آمدنی کو اسی طرح خرچ کرتے رہے، جب حضرت معاویہ حاکم ہوئے تو انھوں نے فدک مروان بن الحکم کو دے دیا اور جب مروان حاکم ہوا تو اس نے عبد العزیز کو فدک ہبہ کر دیا اور عبد الملک نے اپنے بیٹوں کو دے دیا پھر میرے بھائی سلیمان اور ولید کو مل گیا اور جب ولید حاکم ہوا تو میں نے اس سے اس کا حصہ مانگ لیا اس نے بھی مجھ کو اپنا حصہ دے دیا سو میں نے فدک کے تمام حصوں کو جمع کر لیا اور میرے نزدیک فدک سے زیادہ پسندیدہ اور کوئی مال نہیں ہے اور میں تم تمام لوگوں کو گواہ کرتا ہوں کہ میں نے پھر فدک کو اسی طرح لوٹا دیا ہے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی کے زمانہ میں فدک پر عمل ہوتا تھا (یعنی اس کو اپنی ملکیت سے نکال کر پھر وقف کر دیا۔ سعیدی غفرلہ) پھر عمر بن عبد العزیز کے بعد خلفاء اس کی آمدنی سے مسافروں پر خرچ کرتے تھے (یعنی اس کو بدستور وقف برقرار رکھا)۔

پھر ۲۱۰ھ میں مامون رشید نے حکم دیا کہ فدک حضرت فاطمہ کی اولاد کو دے دیا جائے اور مدینہ کے گورنر قثم بن جعفر کو لکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی فاطمہ (رضی اللہ عنہا) کو فدک دے دیا تھا، اور ان پر فدک کو صدقہ کر دیا تھا اور یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد میں مشہور اور معروف تھی، پھر حضرت فاطمہ اس کا خلیفہ سے مطالبہ کرتی رہیں، مامون کی رائے یہ تھی کہ حضرت فاطمہ کے وارثوں میں سے محمد بن یحییٰ بن الحسین بن زید بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب اور محمد بن عبد اللہ بن الحسین بن علی بن الحسین بن علی بن طالب کے حوالے فدک کر دیا جائے تاکہ وہ اس کی آمدنی کو اپنی ضروریات پر خرچ کریں۔

پھر جب جعفر متوکل خلیفہ ہوئے تو انھوں نے فدک کو پھر اسی طرح لوٹا دیا جس طرح وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، عمر بن عبد العزیز اور ان کے بعد خلفاء کے زمانہ میں تھا، (یعنی حضرت فاطمہ کی اولاد کی ملکیت سے نکال کر اس کو پھر وقف کر دیا۔)

علامہ حموی نے یہ بھی لکھا ہے کہ جب عمر بن عبد العزیز خلیفہ ہوئے تو انھوں نے مدینہ کے حاکم کو یہ لکھا کہ وہ اولاد فاطمہ کو فدک واپس کر دیں، سو عمر بن عبد العزیز کے ایام خلافت میں فدک اولاد فاطمہ کے تصرف میں رہا، پھر جب یزید بن عبد الملک خلیفہ ہوا تو اس نے فدک پر قبضہ کر لیا اور پھر یہ بنو امیہ کے خلفاء میں منتقل ہوتا رہا یہاں تک کہ ابو العباس سفاح خلیفہ ہوئے تو انھوں نے یہ حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب کو دے دیا اور وہ اس کے متولی رہے اور حضرت علی بن ابی طالب کی اولاد میں اس کی آمدنی تقسیم کرتے رہے اور جب منصور خلیفہ ہوا تو اس کے خلاف حضرت حسن کی اولاد نے خروج کیا تو پھر منصور نے فدک اولاد علی سے لے لیا پھر اس کے بعد موسیٰ ہادی نے اس پر قبضہ کیا اور پھر یہ اس کے بعد کے حکمرانوں کے قبضہ میں رہا حتیٰ کہ مامون رشید خلیفہ ہوا اس کے پاس اولاد علی بن ابی طالب کا نمائندہ آیا اور اس نے فدک کا مطالبہ کیا تو مامون نے یہ حکم دیا کہ فدک حضرت علی بن ابی طالب کی اولاد کے حوالے کر دیا جائے۔

علامہ حموی نے اخیر میں یہ لکھا ہے کہ جب جعفر متوکل خلیفہ ہوئے تو انھوں نے فدک کو پھر اسی طرح لوٹا دیا جس طرح وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت عمر بن عبد العزیز اور ان کے بعد کے خلفاء کے عہد میں تھا یعنی اس کو پھر وقف کر دیا۔ [1]

علامہ حموی نے فدک کی تاریخ بیان کرنے کے لیے وہ تمام روایات بیان کر دیں جو ان کو اس سلسلہ میں دستیاب ہوئیں، وہ کوئی حدیث کے ماہر نہیں تھے جو روایات کی چھان پھٹک کرتے اسی وجہ سے انھوں نے متعارض اور باہم متصادم روایات بیان کر دیں مثلاً انھوں نے یہ بیان کیا کہ حضرت فاطمہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ترکہ سے میراث کا مطالبہ کیا اور میراث کا مطالبہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فدک کسی کو ہبہ نہ کیا ہو اور وہ وقت وصال تک آپ کی ملکیت ہو اس سے معلوم ہوا کہ حضرت فاطمہ کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فدک کسی کو ہبہ نہیں کیا تھا اس کے بعد علامہ حموی نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ حضرت فاطمہ نے یہ دعویٰ کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فدک ان کو ہبہ کر دیا تھا اور فدک پر ہبہ کا دعویٰ کرنا مطالبہ میراث کے بالکل مخالف اور متصادم ہے پھر علامہ حموی نے یہ روایت بھی بیان کی ہے کہ حضرت فاطمہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ درخواست کی کہ ان کو فدک ہبہ کر دیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درخواست کو مسترد کر دیا اور فرمایا کہ "تمہارے لیے اس کو مانگنا جائز ہے اور نہ میرے لیے اس کو دینا جائز ہے" اور اس کی وجہ یہی ہے کہ فدک از قبیل فئی تھا اور اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فئی کے مصارف متعین کر دیے ہیں کہ فئی کی آمدنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ضروریات، یتیموں، مسکینوں، مسافروں اور بعد میں آنے والے مسلمانوں پر خرچ کی جائے گی اور اللہ تعالیٰ نے ان مصارف کی یہ علت بیان کی ہے تاکہ یہ آمدنی تمہارے مالداروں کے درمیان گردش کرنے والی دولت نہ بن جائے اس سے صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فئی کو وقف قرار دیا ہے اور اس کو کسی کی شخصی ملکیت میں نہیں دیا، اور رسول اللہ صلی اللہ

[1] شیخ شہاب الدین ابو عبد اللہ یاقوت بن [illegible] ج ۴ ص ۲۴۰-۲۳۸ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۳۹۹ھ

علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، عمر بن عبدالعزیز اور ان کے بعد کے خلفاء نے فدک کے ساتھ وقف کا ہی معاملہ کیا ہے، اس لیے یہ روایت صحیح نہیں ہے کہ حضرت فاطمہ نے فدک پر ہبہ کا دعویٰ کیا تھا اور عنقریب ہم اس پر قوی دلائل قائم کریں گے اور ٹھوس شواہد پیش کریں گے، علامہ حموی نے مورخین کے عام اسلوب کے مطابق فدک کے سلسلہ میں تمام روایات کو جمع کر دیا، اللہ تعالیٰ علامہ حموی کی مغفرت فرمائے حضرت فاطمہ کا دامن اس سے پاک ہے کہ انھوں نے فدک پر ہبہ کا دعویٰ کیا ہو پھر اس کے ثبوت میں اپنے شوہر اور ایک عورت کی شہادت پیش کی ہو، حضرت فاطمہ بتول اور زاہدہ تھیں دنیا اور اس کی متاع سے مستغنی تھیں ان کا مقام اس سے بہت بلند تھا کہ وہ متاع دنیا کے حصول کے لیے اس قدر سعی اور جد و جہد کرتیں اور دنیا کا مال نہ ملنے پر خلیفہ رسول سے ترک تعلق کر لیتیں[2]۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن سے زیادہ قطع تعلق کرنے کو حرام کر دیا ہے اور حضرت فاطمہ مال دنیا نہ ملنے کے غم اور غصہ میں چھ ماہ تک حضرت ابوبکر سے بات نہ کریں اور تا دم مرگ یہ مقاطعہ جاری رکھیں یہ ان کی سیرت حمیدہ اور اسوۂ جمیلہ پر ایک ناروا تہمت اور بدنما داغ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حضرت سیدتنا فاطمہ رضی اللہ عنہا کے غلاموں اور مداحوں کے زمرہ میں قائم رکھے اور اسی گروہ میں ہمارا حشر کرے۔ (آمین)۔

امین اللہ وثیر لکھتے ہیں:

فدک: شمالی حجاز میں خیبر کے قریب ایک قدیم قصبہ جو یاقوت کے بیان کے مطابق مدینہ منورہ سے دو یا تین دن کی مسافت پر واقع تھا۔ بظاہر اس نام کی کوئی بستی اب موجود نہیں ہے البتہ حافظ وہبہ نے بیان کیا ہے کہ الحویط کا گاؤں جو کہ حرۂ خیبر کے آخری سرے پر واقع ہے، فدک ہی کی پرانی بستی کی جگہ آباد ہوا ہے، خیبر کی طرح فدک بھی یہودی کاشتکاروں کی ایک آبادی تھی، یہاں پانی کے چشمے تھے اور کھجور اور اناج کی پیداوار ہوتی تھی یہ قصبہ دستکاری کے لیے بھی مشہور تھا اور یہاں کمبل بننے کا کام کیا جاتا تھا۔[1]

شیعہ عالم مرتضیٰ حسین فاضل لکھتے ہیں: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت فاطمہ نے فدک کا دعویٰ کیا تھا تو اس کے جواب میں حضرت ابوبکر نے کہا کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے "ہم پیغمبروں کا کوئی وارث نہیں ہوگا، جو کچھ ہم چھوڑ جائیں گے، وہ صدقہ ہوگا، حضرت فاطمۃ الزہراء نے گواہوں اور تقریر کے ذریعہ اپنے حق پر روشنی ڈالی (الاحتجاج، ص ۵۹ دلائل الامامۃ، ص ۳۱ ابن ابی الحدید: شرح نہج البلاغۃ، ۴: ۷۹)، لیکن حضرت ابوبکر نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جس کام کو کرتے رہے ہیں اس کو اسی طرح کروں گا۔ حضرت فاطمہ یہ سن کر کبیدہ خاطر

---

[1] اردو دائرہ معارف اسلامیہ ج ۱۵ ص ۲۱۰، مطبوعہ زیر اہتمام دانش گاہ پنجاب لاہور، طبع اول ۱۳۹۵ ھ

[2] صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت فاطمہ غضب ناک ہوئیں اور حضرت ابوبکر سے قطع تعلق کر لیا۔ اس سے وہ ترک مراد نہیں جو شرعاً مذموم ہے کہ سلام و کلام بھی نہ کیا، بلکہ آپ گوشہ نشین ہو گئی تھیں، امام بیہقی نے شعبی سے روایت کیا ہے کہ جب حضرت فاطمہ بیمار ہو گئیں تو حضرت ابوبکر آپ کی عیادت کے لیے آئے اور کہا میرا تمام مال، اور میری تمام اولاد سب اللہ، اس کے رسول اور اے اہل بیت آپ کی رضا کے لیے وقف ہے، یہ سن کر حضرت فاطمہ راضی ہو گئیں، امام بیہقی کہتے ہیں اس حدیث کی سند صحیح ہے (سنن کبریٰ ج ۶ ص ۳۱۰)۔ ملا باقر مجلسی نے بھی حضرت ابوبکر کی عیادت کرنے کا ذکر کیا ہے۔ (جلاء العیون مترجم ج ۱ ص ۲۴۴)

واپس چلی آئیں اور حضرت ابو بکر سے ناراض رہیں (البخاری: جامع الصحیح مطبوعہ دہلی ۲: ۹۹۶، کتاب الغدیر، ۷: ۲۲۰)۔ حضرت عمر نے اجتہاد فرمایا اور فدک کی تولیت حضرت علی اور عباس کو دے دی (یاقوت معجم البلدان، ۳: ۸۵۵ تا ۸۵۸)۔ حضرت علی کے عہد میں بھی فدک مسلمانوں کے لیے صدقہ تھا (البخاری: جامع الصحیح، مطبوعہ دہلی ۱: ۴۲۶)۔ امیر معاویہ نے اپنے عہد میں یہ جاگیر مروان بن الحکم کو دے دی۔ مروان نے اپنے فرزند عبدالعزیز کو دے دی۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے خلیفہ ہوتے ہی یہ علاقہ حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب یا امام زین العابدین کو واپس کر دیا لیکن یزید بن عبدالملک نے پھر اسے واپس لے لیا (یاقوت حوالہ مذکور)۔

بنو عباس کے پہلے حکمران ابوالعباس السفاح نے فدک اہل بیت کے وارثوں کو دے دیا، لیکن المنصور نے ضبط کر لیا المہدی نے پھر واپس کر دیا (عمدۃ الاخبار ص ۳۹۵)۔ جب المامون خلیفہ ہوا تو اس نے فدک بنو ہاشم کو دے دیا (ابن ابی الحدید ۴: ۸۱)۔ ۲۳۲ھ میں المتوکل تخت نشین ہوا تو اس نے فدک پر قبضہ کر کے عبداللہ بن البازیار کو جاگیر میں دے دیا۔ اس کے بعد فدک ویران ہو گیا۔ [۱]

شیعوں کے مشہور امام ابو جعفر کلینی لکھتے ہیں:

فقال له المهدی، یا ابا الحسن حدها لی، فقال حد منها جبل احد وحد منها عریش مصر، وحد منها سیف البحر وحد منها دومة الجندل، فقال له، کل هذا؟ قال: نعم یا امیر المؤمنین هذا کله مما لم یوجف علی اهله رسول الله صلی الله علیه وسلم بخیل ولا رکاب فقال کثیر وانظر فیه۔ [۲]

خلیفہ مہدی نے امام ابوالحسن سے کہا: اے ابوالحسن! فدک کی حدود بیان کیجئے، امام ابوالحسن نے کہا اس کی ایک حد احُد پہاڑ ہے، اور ایک حد عریش مصر ہے اور ایک حد سمندر کا کنارہ ہے اور ایک حد دومۃ الجندل ہے، مہدی نے کہا کیا یہ سب فدک ہے؟ امام ابوالحسن نے کہا ہاں! اے امیر المومنین! یہ تمام وہ علاقے ہیں جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے۔ مہدی نے کہا یہ تو بہت ہے میں اس پر غور کروں گا۔

یہ ہے فدک کی تاریخی اور جغرافیائی حیثیت، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ فدک خیبر سے دو یا تین دن کی مسافت پر ایک دیہات تھا جس میں بکثرت باغات اور چشمے تھے، ۲۳۲ھ کے بعد فدک ویران ہو گیا اور اب اس نام کی وہاں کوئی بستی نہیں ہے البتہ حافظ وہبہ کے بیان کے مطابق حرہ خیبر کے آخری سرے پر الحویط نامی ایک گاؤں ہے اور یہ اسی جگہ پر واقع ہے جہاں کسی زمانہ میں فدک تھا۔

علماء شیعہ نے فدک کی تحدید میں ناقابل فہم مبالغہ کیا ہے اصول کافی کے حوالہ سے بیان کیا گیا ہے کہ امام ابوالحسن نے بتایا کہ اُحد سے لے کر مصر تک فدک ہے اور ملا باقر مجلسی نے لکھا ہے کہ امام موسیٰ کاظم نے ہارون رشید سے کہا کہ فدک

---

[۱] اردو دائرہ معارف اسلامیہ ج ۱۵ ص ۲۱۲-۲۱۳، مطبوعہ زیر اہتمام دانش گاہ پنجاب، لاہور طبع اول ۱۳۹۵ھ
[۲] شیخ ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینی ...، مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ تہران طبع رابع ۱۳۹۵ھ

کی ایک حد عدن ہے، دوسری سمرقند ہے تیسری حد افریقہ ہے اور چوتھی حد سمندر کا وہ کنارہ ہے جو آرمینیہ سے ملا ہوا ہے (کتاب المختن بحث فدک، بحار الانوار)۔ شیعہ حضرات کے دیگر خلاف واقع دعاوی کی طرح یہ بھی ایک افسانوی دعویٰ ہے جس کا تاریخ اور جغرافیہ سے کوئی تعلق نہیں۔

علماء شیعہ کا یہ دعویٰ کہ حضرت فاطمہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث سے فدک کا مطالبہ کیا

فدک کے متعلق علماء شیعہ دو متضاد اور متصادم دعوے کرتے ہیں جو ایک دوسرے کی تکذیب کرتے ہیں ایک دعویٰ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث سے حضرت فاطمہ نے اپنا حصہ مانگا اور فرمایا مجھے اپنے والد کی وراثت سے حصہ میں فدک دو، اور وراثت اسی مال میں جاری ہوتی ہے جس کی زندگی میں کسی کو ہبہ نہ کیا گیا ہو لہٰذا اس دعویٰ میں یہ دلیل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو اپنی زندگی میں فدک نہیں دیا تھا کیونکہ اگر زندگی میں فدک ہبہ کر دیا تھا تو بعد از وصال اس کی وراثت سے مطالبہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں تھی، لیکن اس کے برخلاف علماء شیعہ یہ بھی بیان کرتے ہیں کہ حضرت فاطمہ نے یہ دعویٰ بھی کیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں حضرت فاطمہ کو فدک ہبہ کر دیا تھا اور جو چیز کسی کو زندگی میں دے دی گئی ہو اس میں وراثت جاری نہیں ہوتی کیونکہ وراثت اسی مال میں جاری ہوتی ہے جس کو زندگی میں ہبہ نہ کیا ہو، فلہٰذا اگر مطالبہ میراث کا دعویٰ صحیح ہے تو ہبہ کا دعویٰ صحیح نہیں ہے اور اگر ہبہ کا دعویٰ صحیح ہے تو مطالبہ میراث کا دعویٰ صحیح نہیں ہے یہ دونوں دعوے ایک دوسرے کی ضد ہیں، یہ ایک صاف اور سیدھی بات ہے جس کو ہر صاحب عقل اور صاحب انصاف درست قرار دے گا۔

پہلے ہم علماء شیعہ کی معتبر تصانیف سے یہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر سے فدک کا مطالبہ بطور میراث کیا تھا۔

شیخ ابو منصور طبرسی لکھتے ہیں:

روی عبد اللہ بن الحسن باسناده عن آبائه علیهم السلام انه لما اجمع ابو بکر و عمر علی منع فاطمة علیها السلام فدکا و بلغها ذلك ......

عبد اللہ بن الحسن اپنی سند کے ساتھ اپنے آباء علیہم السلام سے روایت کرتے ہیں کہ جب ابوبکر اور عمر (رضی اللہ عنہما) نے حضرت فاطمہ علیہا السلام کو فدک نہ دینے پر اتفاق کر لیا اور حضرت فاطمہ کو یہ خبر پہنچی......

اس روایت میں ذکر ہے کہ حضرت فاطمہ دوپٹہ اوڑھ کر حضرت ابوبکر کے پاس گئیں درآں حالیکہ حضرت ابوبکر کے پاس مہاجرین اور انصار بیٹھے ہوئے تھے، حضرت فاطمہ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی اور ایک بہت طویل اور فصیح و بلیغ خطبہ دیا جس میں اپنے فضائل اور مناقب بیان کیے اور اخیر میں فرمایا:

ایها المسلمون اغلب علی ارثی یا ابن ابی قحافة افی کتاب اللہ ترث اباك ولا

اے مسلمانو! کیا میں اپنی میراث پر مغلوب کی جاؤں گی؟! اے ابو قحافہ کے بیٹے کیا کتاب اللہ میں

ارث ابی؛ لقد جئت شیئاً فریا افعلی عمد ترکتم کتاب الله و نبذتموه وراء ظهورکم؟ اذ یقول وورث سلیمان داؤد وقال: فیما اقتص من خبر یحیی بن زکریا اذ قال: فهب لی من لدنك ولیا یرثنی ویرث من آل یعقوب وقال اولوا الارحام بعضهم اولی ببعض فی کتاب الله، وقال یوصیکم الله فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین وقال ان ترك خیر الوصیة للوالدین والاقربین بالمعروف حقا علی المتقین وزعمتم ان لا حظوة لی ولا ارث من ابی ولا رحم بیننا، افخصکم الله بآیة اخرج ابی منها ام هل تقولون ان اهل ملتین لا یتوارثان اولست انا وابی من اهل ملة واحدة؟ ام انتم اعلم بخصوص القرآن وعمومه من ابی وابن عمی؟ فدونکها مخطومة مرحولة تلقاك یوم حشرك فنعم الحکم الله والزعیم محمد والموعد القیامة وعند الساعة یخسر المبطلون ولکل نبأ مستقر وسوف تعلمون من یأتیه عذاب یخزیه ویحل

یہ لکھا ہے کہ تم تو اپنے باپ کے وارث ہو گے اور میں اپنے باپ کی وارث نہیں ہوں گی؟ یہ تو تم نے اپنے خدا پر جھوٹ باندھا ہے! کیا تم نے عمداً کتاب اللہ کو چھوڑ دیا اور اور اس کے احکام کو پس پشت پھینک دیا؟ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے سلیمان داؤد کے وارث ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے یحییٰ بن زکریا کا یہ قول نقل کیا ہے[3] "اے اللہ! مجھے ایسا ولی عطا فرما جو میرا اور آل یعقوب کا وارث ہو" اور فرمایا بعض رشتہ داروں کا حق بعض سے زیادہ ہے، اور فرمایا: اللہ تمہاری اولاد کے متعلق وصیت کرتا ہے کہ مرد کو دو لڑکیوں کا حصہ ملے گا اور فرمایا اگر کسی شخص نے مال چھوڑا تو اس پر لازم ہے کہ وہ والدین اور رشتہ داروں کے حق میں دستور کے مطابق وصیت کرے، یہ متقین پر فرض ہے، اور تم نے یہ گمان کیا ہے کہ میرا اپنے والد کی میراث میں سے کوئی حصہ نہیں ہے اور ہمارے درمیان کوئی رشتہ داری نہیں ہے، کیا اللہ تعالیٰ نے تمہیں میراث کا کوئی خاص حکم بتایا ہے جس کی بناء پر تم نے میرے والد کو میراث کے احکام سے خارج کر دیا ہے؟ یا تم یہ کہتے ہو کہ میرا اور میرے والد کا ایک دین نہیں ہے اور جن کے دین مختلف ہوں وہ ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوتے؟ یا تم میرے والد اور میرے شوہر کی بہ نسبت قرآن کے خاص اور عام کو زیادہ جانتے ہو، سو آج تم فدک کو بغیر کسی معارض اور منازع کے لے لو کل حشر کے دن تم سے ملاقات ہوگی، سب سے اچھا فیصلہ کرنے والا اللہ ہے اور حق کو طلب کرنے والے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں، تم سے قیامت کا وعدہ ہے اور اس دن اہل باطل نقصان اٹھائیں گے

[3] شیخ احمد بن علی بن ابی طالب طبرسی متوفی ۶۲۰ ھ نے احتجاج ص ۱۳۸ (مطبوعہ ایران) اور ملا باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۰ ھ نے حق الیقین ص ۱۹۹ (مطبوعہ ایران) میں حضرت فاطمہ کے خطبہ میں یہ لکھا ہے کہ یحییٰ بن زکریا نے دعا کی حالانکہ یہ دعا حضرت زکریا نے کی تھی جس کی معبود [illegible] ی عفر لہٗ

علیہ عذاب مقیم۔ [۱]

اور ہر چیز کی ایک قرارگاہ ہے اور تم عنقریب جان لوگے کہ دائمی اور ذلت والا عذاب کون اٹھائے گا۔

ملا باقر مجلسی نے بھی اس طویل خطبہ کو بعینہٖ ذکر کیا ہے اور اس کا آخری حصہ یہ ہے:

پس چوں فاطمہ دید کہ از منافقاں صدائے برنیامد، خطاب کرد با ابوبکر کہ بگیر امروز فدک را بے معارضے و منازعے تا روز حشر تورا ملاقات کنم الخ [۲]

جب (حضرت) فاطمہ نے یہ دیکھا کہ ان کی اس تقریر کو سن کر منافقوں پر کوئی اثر نہیں ہوا اور ان کی طرف سے کوئی آواز نہیں آئی تو انھوں نے (حضرت) ابوبکر سے متوجہ ہو کر کہا آج تم بغیر کسی معارض اور فریق کے فدک لے لو کل روز حشر تم سے ملاقات ہو گی۔

اس کے علاوہ ملا باقر مجلسی نے جلاء العیون میں بھی یہ ذکر کیا ہے کہ حضرت فاطمہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث سے اپنا حصہ مانگا تھا اور حضرت ابوبکر نے یہ حصہ نہیں دیا اور یہ حدیث سنائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہم گروہ انبیاء کا وارث نہیں بنایا جاتا، ملا باقر مجلسی لکھتے ہیں:

ان سب نے مل کر باتفاق ایک حدیث وضع کی کہ حضرت رسول نے فرمایا ہے کہ ہم گروہ انبیاء کا وارث نہیں بنایا جاتا۔ [۳]

اور حیاۃ القلوب میں لکھا ہے کہ: بعد وفات رسول خلیفہ اول و دوم نے یہ فدک غصب کر لیا۔ [۴]

اور شیخ احمد بن ابی یعقوب اصفہانی لکھتے ہیں:

رسول اللہ کی بیٹی فاطمہ حضرت ابوبکر کے پاس گئیں اور اپنے والد کی میراث میں سے اپنا حصہ مانگا، حضرت ابوبکر نے ان سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے: ہم گروہ انبیاء کا وارث نہیں بنایا جاتا، ہم نے جو کچھ چھوڑا وہ صدقہ ہے، حضرت فاطمہ نے کہا کیا یہ کتاب اللہ میں ہے کہ تمہارا باپ تو مورث ہوگا اور میرا باپ مورث نہیں ہوگا؟ اور کیا رسول اللہ نے یہ نہیں فرمایا کہ مرد اپنی اولاد کی رعایت کرتا ہے؟ [۵]

متاخرین علماء شیعہ میں سے شیخ خمینی لکھتے ہیں:

اینک مخالفتہائے ابوبکر با صریح قرآن بحسب نقل و تواریخ معتبرہ و اخبار کثیرہ بلکہ متواترہ اہل سنت است۔

(حضرت) ابوبکر نے قرآن مجید کی جن صریح آیات کی مخالفت کی ہے وہ معتبر تواریخ اور اہل سنت کی کتب احادیث سے ثابت ہے اور یہ احادیث درجہ تواتر کو

۱۔ شیخ ابو منصور احمد بن علی بن ابی طالب طبرسی متوفی ۶۲۰ھ، الاحتجاج ص ۱۳۹۔ ۱۳۱، مطبوعہ دار النعمان ایران
۲۔ ملا باقر بن محمد تقی مجلسی متوفی ۱۱۱۰ھ، حق الیقین ص ۲۰۰، مطبوعہ خیابان ناصر خسرو ایران، ۱۳۴۷ھ
۳۔ 〃 〃 ، جلاء العیون (مترجم) ج ۲ ص ۲۳۵، مطبوعہ انصاف پریس لاہور
۴۔ 〃 〃 ، حیاۃ القلوب (مترجم) ج ۲ ص ۴۱۹، مطبوعہ امامیہ اہل بیت وقف لاہور۔
۵۔ شیخ احمد بن ابی یعقوب متوفی ۲۹۰ھ، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۱، مطبوعہ مرکز انتشارات علمی و فرہنگی ایران، ۱۳۶۲ھ

پہنچی ہوئی ہیں۔

(۱)۔ در تواریخ معتبرہ و کتابہای صحیح سنیان نقل شدہ کہ فاطمہ دختر پیغمبر آمد پیش ابوبکر و مطالبہ ارث پدرش کرد ابوبکر گفت پیغمبر گفت انا معشر الانبیاء لا نورث ما ترکناہ صدقۃ۔ و این کلام ابوبکر کہ بہ پیغمبر اسلام نسبت دادہ مخالف آیات صریحہ است کہ پیغمبران ارث مے برند و ما بعض از آنہا را ذکر مے کنیم۔

(۱)۔ معتبر تواریخ اور سنیوں کی صحیح کتب حدیث میں لکھا ہوا ہے کہ حضرت فاطمہ دختر پیغمبر (حضرت) ابوبکر کے پاس آئیں اور اپنے والد کی میراث کا مطالبہ کیا، (حضرت) ابوبکر نے کہا پیغمبر نے کہا ہے کہ "ہم کسی کو وارث نہیں بناتے ہم نے جو کچھ بھی ترک کیا وہ صدقہ ہے" (حضرت) ابوبکر نے پیغمبر اسلام کی طرف جو اس حدیث کی نسبت کی ہے یہ قرآن مجید کی آیات صریحہ کے خلاف ہے، کیونکہ قرآن مجید میں ہے کہ پیغمبر کے وارث ہوتے ہیں اور ہم ان آیات سے بعض کا ذکر کرتے ہیں۔

اس کے بعد شیخ مجلسی نے و ورث سلیمان داؤد (نمل: ۱۶) اور فھب لی من لدنک ولیا یرثنی ویرث من آل یعقوب (مریم: ۵) کا ذکر کیا ہے، اس کے بعد لکھتے ہیں:

اینک شما بگوید خدا را تکذیب کنیم یا بگوئیم پیغمبر اسلام برخلاف گفتہ ہائے خدا سخن گفتہ یا بگوئیم این حدیث از پیغمبر نیست و برائے استیصال اولاد پیغمبر پیدا شدہ[1]

اب یا تو تم یہ کہو کہ ہم خدا کی تکذیب کرتے ہیں (یعنی خدا کہتا ہے پیغمبر کے وارث ہوتے ہیں اور ہم کہتے ہیں نہیں ہوتے) یا یہ کہو کہ پیغمبر خدا نے خدا کی کہی ہوئی بات کے خلاف کہا اور یا یہ کہو کہ یہ حدیث پیغمبر خدا کی کہی ہوئی نہیں ہے بلکہ اولاد پیغمبر کا حق غصب کرنے کے لیے اس حدیث کو وضع کیا گیا ہے۔

علماء اہل سنت قرآن مجید کی ان آیات کا یہ جواب دیتے ہیں کہ ان آیات میں مال کی وراثت مراد نہیں ہے بلکہ وراثت علمی مراد ہے اور سورہ نمل کی آیت کا مطلب یہ ہے کہ حضرت سلیمان حضرت داؤد کے علم کے وارث ہوئے اور سورہ مریم کی آیت کا مطلب یہ ہے کہ حضرت زکریا نے یہ دعا کی کہ اے اللہ! مجھے ایسا ولی عطا فرما جو میرے اور آل یعقوب کے علوم کا وارث ہو لہٰذا نہ یہ لازم آیا کہ اہل سنت نے اللہ تعالیٰ کی تکذیب کی نہ یہ لازم آیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خلاف قرآن کوئی بات کہی اور نہ اس حدیث کا موضوع ہونا لازم آیا۔ بعض علماء شیعہ نے قرآن مجید کی ان آیات میں وراثت کو وراثت علمی پر محمول کرنے کو باطل قرار دیا ہے اور اس حدیث کے موضوع ہونے پر مزید دلائل قائم کیے ہیں اب ہم وہ دلائل پیش کرتے ہیں:

حدیث "لا نورث" کو موضوع اور باطل قرار دینے پر علماء شیعہ کے دلائل

ملا باقر مجلسی لکھتے ہیں:

---

[1] شیخ سید حاج اللہ موسیٰ مجلسی متوفی ... کشف الاسرار ... انتشارات آزادی قم ایران

(حضرت) ابوبکر نے جو یہ دعویٰ کیا تھا کہ پیغمبروں کی میراث نہیں ہوتی یہ محض جھوٹ اور افتراء ہے اور اس پر متعدد دلائل ہیں:

اول یہ حدیث قرآن مجید کی اُن آیات کے خلاف ہے جن میں یہ ذکر ہے کہ انبیاء میراث لیتے تھے حضرت یحییٰ نے زکریا سے میراث لی۔ اگر یہ کہا جائے کہ اس جگہ علم اور پیغمبری کی وراثت مراد ہے تو اس کے متعدد جوابات ہیں:

پہلا جواب لغت اور عرف میں جب میراث کا لفظ مطلقاً بولا جاتا ہے تو اس سے مال کی وراثت مراد ہوتی ہے خصوصاً اس آیت میں مال کی وراثت پر قرائن ہیں کیونکہ اس آیت میں فرمایا ہے: واجعله رب رضیا "اے میرے رب اس لڑکے کو پسندیدہ بنا") اس آیت میں یہ دعا کی ہے کہ اس لڑکے کو اچھے اور صالح کردار کا بنا اور یہ بات معلوم ہے کہ پیغمبر ایسے ہی ہوتے ہیں (اس لیے اگر وراثت سے وراثت نبوت مراد ہو تو) یہ شرط بے فائدہ ہوگی، نیز حضرت زکریا کو اپنے رشتہ داروں کے بارے میں مال کے خدشہ کی وجہ تو تھی۔ کیونکہ ہو سکتا ہے کہ مال کی وجہ سے وہ فسق اور فساد میں مبتلا ہو جائیں، اسی وجہ سے یہ حدیث اس آیت کے بھی خلاف ہے جس میں ہے کہ حضرت سلیمانؑ داؤد کے وارث ہوئے اسی طرح یہ حدیث ان آیات کے بھی خلاف ہے جن میں میراث کے احکام بیان کیے گئے ہیں اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ نبوت رشتہ داروں کو وراثت سے محروم کرنے کا سبب ہو۔

دوسرا جواب (حضرت) ابوبکر کی اس حدیث پر شہادت اس لیے مردود ہے کہ یہ حدیث ان کے حق میں حصول نفع کا سبب ہے اور وہ کئی وجہ سے اس حدیث کے سلسلہ میں متہم ہیں۔

پہلی وجہ (حضرت) ابوبکر چاہتے تھے کہ اس مال میں جس طرح چاہیں تصرف کریں جس کو چاہیں اس میں سے مال دیں اور جس کو چاہیں نہ دیں جیسا کہ جامع الاصول میں ابوالطفیل سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ (حضرت) ابوبکر کے پاس گئیں اور اپنے والد کی میراث طلب کی اور ابوبکر نے یہ کہا کہ میں نے پیغمبر سے یہ سنا ہے کہ اللہ نے پیغمبر کو یہ طعمہ (خوراک یا غذا) دی ہے اور یہ ان کے بعد اس کے تصرف ہوگی جو ان کے بعد خلیفہ ہوگا۔

دوسری وجہ قرآن سے یہ معلوم ہوتا ہے بلکہ اس پر یقین ہے کہ وہ اہل بیت کو کمزور کرنا چاہتے تھے کیونکہ مسلمانوں کا اہل بیت کی طرف میلان تھا اور ابوبکر یہ چاہتے تھے کہ اہل بیت کمزور ہو جائیں تاکہ ان کے ساتھ خلافت میں مناقشہ نہ کر سکیں، اور یہی وجہ تہمت کے لیے کافی ہے اور باقی جن دوسرے لوگوں نے اس حدیث کی روایت کی ہے اور ابوبکر کی تصدیق کی ہے وہ سب اس صدقہ میں شریک تھے اور اہل بیت کی عداوت میں معروف تھے اور ان لوگوں پر یہ تہمت بالکل ظاہر ہے۔

دوم اس حدیث کے باطل اور موضوع ہونے پر دوسری دلیل یہ ہے کہ اخبار متواترہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی اس حدیث کو باطل اور موضوع گردانتے تھے کیونکہ صحیح مسلم میں مالک بن اوس سے یہ روایت ہے کہ (حضرت) عمر نے حضرت علی اور حضرت عباس سے یہ کہا کہ حضرت ابوبکر نے یہ کہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے کہ ہم کسی کو وارث نہیں بناتے ہم نے جو کچھ بھی چھوڑا وہ صدقہ ہے پس تم دونوں نے حضرت ابوبکر کو جھوٹا، مکار، خائن اور گنہگار گمان کیا اور اللہ خوب جانتا ہے کہ ابوبکر سچے، نیک اور حق کی پیروی

کرنے والے تھے، پھر ابوبکر فوت ہو گئے اور میں رسول اللہ کا خلیفہ ہوا پھر تم دونوں نے مجھ کو جھوٹا، مکار، خائن اور گنہگار گمان کیا اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں سچا، نیک اور حق کی پیروی کرنے والا ہوں۔ صحیح بخاری میں بھی اس حدیث کی مثل مروی ہے، اور ابن ابی الحدید نے بھی اس مضمون کو کئی اسانید سے روایت کیا ہے اور احادیث متواترہ میں ہے کہ حضرت علی سے حق الگ نہیں ہوتا، اور آیت تطہیر، اخبار ثقلین اور حدیث سفینہ بھی اس پر دلالت کرتی ہیں اسی طرح حضرت فاطمہ کا بھی اس حدیث کا انکار اس حدیث کے موضوع ہونے پر حجت قاطعہ ہے۔

سوم اگر یہ حدیث حق ہوتی تو چاہیے تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ کو اس حدیث کی تعلیم کرتے تاکہ وہ ناحق دعویٰ نہ کرتیں اور حضرت علی کو بھی اس حدیث کی تعلیم کرتے جو آپ کے وصی اور معدن علم تھے اور کوئی صاحب عقل اس کو جائز نہیں کہے گا کہ سیدہ نساء عالمین نے اس حدیث کو اپنے والد سے سنا ہو اور اس کے باوجود مہاجرین اور انصار کے مجمع میں اس قدر شدت سے میراث کا مطالبہ کیا ہو اور مسلمانوں کے امیر پر ظلم اور بے انصافی کی تہمت لگائیں اور لوگوں کو اس کے خلاف قتال پر آمادہ کریں اور اس وجہ سے مسلمانوں کی ایک عظیم جماعت نے ابوبکر کو ظالم اور غاصب گردانا ہو اور قیامت کے دن تک ابوبکر اور اس کے مددگاروں پر لعنت کریں اور اگر حضرت علی یہ جانتے کہ حضرت فاطمہ حق پر نہیں ہیں اور حق پر ابوبکر ہیں تو وہ کس طرح حضرت فاطمہ کو میراث کے مسئلہ میں ابوبکر کے پاس جانے کی اجازت دیتے۔ کیا کوئی مسلمان یہ تصور کر سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امور دین اور تبلیغ احکام میں اس طرح کا سہو اور تسامح کر سکتے تھے کہ اپنے اہل بیت اور خصوصاً اپنے جزو بدن کو اس قدر ضروری حکم نہ بتلاتے پس معلوم ہوا کہ یہ حدیث محض افترا اور جھوٹ ہے۔

چہارم اس حدیث کے جھوٹ ہونے پر یہ دلیل ہے کہ جو چیز عرف اور عادت کے خلاف ہو اس کے روایت کرنے والے متعدد افراد ہوتے ہیں اور حضرت آدم سے لے کر حضرت خاتم تک یہ سنت جاریہ ہے کہ اولاد کو ماں باپ کی وراثت ملتی ہے نیز یہ بھی معلوم ہے کہ انبیاء کے احوال اور ان کی سیرتوں کو اور ان کے خصائص کو منضبط کرنے میں بہت اہتمام کیا جاتا ہے سو اگر عام عرف اور عادت کے خلاف اگر انبیاء کے خصائص میں یہ ہوتا کہ وہ کسی کو وارث نہیں بناتے تو تمام تواریخ اور سیرت کی کتابوں میں یہ امر مذکور ہوتا اور جب صرف ابوبکر اور دو تین منافقوں کے علاوہ اور کوئی شخص اس خلاف عادت حکم پر مطلع نہیں ہوا تو معلوم ہوا کہ یہ حدیث محض افترا اور جھوٹ ہے۔ اور جیسا کہ صحاح سے ظاہر ہوتا ہے اور ابن ابی الحدید نے بھی اس کا اعتراف کیا ہے کہ سوا ابوبکر کے اور کسی نے اس حدیث کا ذکر نہیں کیا، اور یہ جو ذکر کیا ہے کہ عمر کے زمانہ میں علی اور عباس نے ان کے سامنے منازعہ کیا اور عمر نے ــــــــ طلحہ، زبیر، عبد اللہ بن عوف (عبد الرحمن بن عوف، سعیدی) اور سعد بن ابی وقاص سے اس حدیث پر شہادت طلب کی اور ان سب نے بالاتفاق اس حدیث پر شہادت دی تو اس کا جواب یہ ہے کہ انھوں نے ڈر اور خوف کی وجہ سے اس حدیث پر شہادت دی تھی۔ [1]

س۔ ہم صحیح مسلم کی اسی حدیث کی شرح کر رہے ہیں، صحیح بخاری میں یہ حدیث کئی جگہ ہے مگر اس میں یہ الفاظ نہیں ہیں تم نے ابوبکر کو جھوٹا، مکار، خائن اور گنہ گار گمان کیا۔ ۱۲۔ سعیدی غفرلہ

[1] ملا باقر بن محمد تقی مجلسی متوفی [illegible] حق الیقین [illegible] مطبوعہ خیابان ناصر خسرو، ایران، ۱۳۴۷ھ

وراثت کے لفظ سے علم اور نبوت کی وراثت مراد لینا اسلوب قرآن کے مطابق ہے۔!!

قرآن مجید میں ہے: حضرت زکریا نے دعا کی: فھب لی من لدنک ولیا یرثنی ویرث من آل یعقوب.
علماء شیعہ کہتے ہیں اس آیت میں یہ ثبوت ہے کہ انبیاء کے وارث ہوتے ہیں، علماء اہل سنت یہ کہتے ہیں کہ اس آیت میں مال کی وارثت مراد نہیں ہے بلکہ علم کی وراثت مراد ہے۔ ملا باقر مجلسی نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ لغت اور عرف میں جب مطلقاً وراثت کا لفظ بولا جاتا ہے تو اس سے مال کی وراثت مراد ہوتی ہے لہٰذا قرآن مجید کی اس آیت کو بھی مال کی وراثت پر محمول کیا جائے گا اور اس کو علم کی وراثت پر محمول کرنا صحیح نہیں ہے۔

ملا باقر مجلسی کا یہ کہنا لغت اور اسلوب قرآن سے بے خبری اور لاعلمی کی وجہ سے ہے لغت میں ورث کا معنی انتقال اور بقاء ہے، امام راغب اصفہانی لکھتے ہیں:

الارث انتقال قنیة الیک من غیر عقد وقال علیہ الصلوٰۃ والسلام اثبتوا علی مشاعرکم فانکم علی ارث ابیکم ای اصلہ و بقیتہ۔[۱]

کسی کی کمائی کا بغیر عقد کے تمہاری طرف منتقل ہونا وراثت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنے مشاعر پر ثابت قدم رہو کیونکہ تم اپنے باپ کی وراثت یعنی اس کی اصل اور بقیہ پر ہو۔

علامہ زبیدی لکھتے ہیں:

الوارث الباقی، وفی التنزیل یرثنی و یرث من آل یعقوب ای یبقی بعدی وفی الدعاء النبوی اللھم امتعنی بسمعی و بصری واجعلہ الوارث منی ای ابقہ معی حتی اموت۔[۲]

وارث کا معنی ہے باقی، قرآن مجید میں حضرت یحییٰ کی دعا ہے" مجھے ایسا ولی دے جو میرا وارث ہو اور آل یعقوب کا وارث ہو، یعنی اس کو میرے بعد باقی رکھ، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی، اے اللہ میرے کان اور آنکھ سے مجھے فائدہ پہنچا اور اس کو میرا وارث کر یعنی ان کو میرے ساتھ تا حیات باقی رکھ

اب ہم قرآن مجید کی ایسی آیات پیش کرتے ہیں جن میں وراثت کا معنی "مال کی وراثت" کسی حال میں نہیں ہے۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وانا لنحن نحی ونمیت ونحن الوارثون۔ (حجر، ۲۳)

زندگی اور موت ہم ہی دیتے ہیں اور ہم ہی باقی رہنے والے ہیں۔

وکنا نحن الوارثین (قصص، ۵۸)

اور انجام کار ہم ہی باقی رہنے والے ہیں۔

مذکور الصدر آیات سے یہ واضح ہو گیا کہ قرآن مجید میں وراثت کا لفظ صرف وراثت بالمال میں ہی استعمال نہیں

---

[۱] علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ، المفردات ص ۵۱۸، مطبوعہ مکتبہ رضویہ ایران، ۱۳۶۲ھ
[۲] علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس ج ۱ ص ۶۵۲، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ھ

ہوا بلکہ قرآن مجید کی متعدد آیات میں وراثت کا لفظ بقاء کے لیے استعمال ہوا ہے اس لیے ورث سلیمان داؤد اور یرثنی ویرث من آل یعقوب میں علم اور نبوت کی وراثت مراد لینا اسلوب قرآن کے عین مطابق ہے اور یہ دعویٰ غلط ہے کہ عرف اور لغت میں وراثت کا استعمال صرف وراثت بالمال میں ہوتا ہے۔

لفظ وراثت سے وراثت نبوت مراد لینے پر ملا مجلسی کے اعتراض کا جواب

ملا باقر مجلسی نے جس آیت میں وراثت سے وراثت نبوت مراد لینے پر بحث کی ہے وہ یہ ہے: حضرت زکریا دعا کرتے ہیں:

فھب لی من لدنک ولیا ہ یرثنی ویرث من آل یعقوب واجعلہ رب رضیا ہ (مریم: ۵-۶)

تو مجھے ایک وارث عطا کر دے جو میرا بھی وارث ہو اور آل یعقوب کی میراث بھی پائے اور اے میرے رب! اس کو ایک پسندیدہ شخص بنا۔

ملا باقر یہ کہتے ہیں کہ اگر حضرت زکریا کی دعا کا یہ مطلب تھا کہ مجھے ایسا فرزند عطا کر جو نبی ہو تو پھر یہ کہنے کی کیا ضرورت تھی کہ واجعلہ رب رضیا۔ "اس کو ایک پسندیدہ شخص بنا، کیونکہ ہر نبی اللہ کا پسندیدہ ہوتا ہے، اس لیے یہاں وراثت نبوت مراد نہیں ہے بلکہ وراثت مال مراد ہے اور جو شخص مال کا وارث ہوگا تو ہو سکتا ہے کہ وہ مال کی وجہ سے کسی گناہ میں مبتلا ہو جائے اس لیے دعا کی اس کو ایک پسندیدہ شخص بنا!

الجواب ملا باقر مجلسی کا یہ کہنا غلط ہے کہ جب حضرت زکریا نے اپنے فرزند کے لیے نبوت کی دعا کی تو پھر اس کے پسندیدہ ہونے کی دعا کی کیا ضرورت تھی کیونکہ نبی تو ہوتا ہی پسندیدہ ہے، اس لیے کہ نبوت کے ذکر کے بعد بھی ان اوصاف کا ذکر تاکید اور توضیح کے لیے کیا جاتا ہے اور اس کی قرآن مجید میں بکثرت مثالیں ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وبشرنہ باسحق نبیا من الصلحین۔ (الصّٰفّٰت: ۱۱۲)

اور ہم نے ابراہیم کو اسحق کی بشارت دی، ایک نبی تھے صالحین میں سے۔

کیا اب یہ کہا جا سکتا ہے کہ نبی تو ہوتا ہی صالح ہے پھر نبی کے بعد صالحین میں سے کہنے کی کیا ضرورت تھی! فرشتوں نے حضرت زکریا کو ندا کی:

ان اللہ یبشرک بیحیی مصدقا بکلمۃ من اللہ وسیدا وحصورا ونبیا من الصلحین۔ (آل عمران: ۳۹)

اللہ آپ کو یحییٰ کی (ولادت کی) خوشخبری دیتا ہے جو کلمۃ اللہ کے مصدق ہوں گے، سردار ہوں گے، عورتوں سے بچنے والے ہوں گے، نبی ہوں گے صالحین میں سے۔

جب اللہ تعالیٰ نے فرمادیا کہ حضرت یحییٰ نبی ہوں گے تو پھر یہ کہنے کی کیا ضرورت تھی کہ وہ صالحین میں سے ہوں گے، نبی تو ہوتا ہی صالح ہے، قرآن مجید میں اس قسم کی بہت سی مثالیں ہیں ہم نے صرف دو آیتوں پر اکتفاء کی ہے اور جب ملا باقر مجلسی کا یہ اعتراض دور ہو گیا تو یرثنی ویرث من آل یعقوب میں وراثت سے وراثت نبوت مراد لینا بے غبار ہو گیا [illegible] علم اور نبوت مراد لینے پر کوئی اشکال

درہا، وللہ الحمد۔

ائمہ اہل بیت کی روایات سے انبیاء کی وراثت علمی کا ثبوت

انبیاء علیہم السلام کسی کو مال کا وارث نہیں بناتے تو سو داؤد علیہ السلام کے علم کا وارث حضرت سلیمان تھے علیٰ ہذا القیاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء سابقین کے علم کے وارث ہیں اور آپ کی امت کے اولیاء کاملین آپ کے علوم کے وارث ہیں، علماء اہل سنت یہ بات کہیں تو علماء شیعہ اس کو جھوٹ کہتے ہیں لیکن کریں کیا کہ شیعہ حضرات کے ایک بہت بڑے محدث شیخ کافی کلینی نے یہ ثابت کرنے کے لیے کہ ائمہ اہل بیت انبیاء سابقین کے علم کے وارث ہوتے ہیں، اس قسم کی بکثرت روایات ذکر کی ہیں، شیخ کلینی نے باب کا عنوان یہ قائم کیا ہے ان الائمۃ ورثوا علم النبی وجمیع الانبیاء "ائمہ نبی علیہ السلام اور جمیع انبیاء کے علوم کے وارث ہیں۔"

شیخ کلینی روایت کرتے ہیں

عن عبد اللہ بن جندب انہ کتب الیہ الرضاء علیہ السلام اما بعد فان محمدا صلی اللہ علیہ وسلم کان امین اللہ فی خلقہ فلما قبض صلی اللہ علیہ وسلم کنا اهل البیت ورثتہ الی قولہ فقد علمنا وبلغنا علم ما علمنا واستودعنا علمھم نحن ورثۃ اولی العزم من الرسل[1]

عبد اللہ بن جندب بیان کرتے ہیں کہ امام رضا علیہ السلام نے ان کو لکھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی مخلوق میں امین تھے اور جب آپ کا وصال ہو گیا تو ہم اہل بیت آپ کے وارث ہوئے، ہمیں علم دیا گیا اور ہم کو جو علم دیا گیا تھا اور جس علم کو ہمارے پاس امانت رکھا گیا تھا ہم نے وہ علم پہنچا دیا سو ہم اولو العزم رسولوں کے وارث ہیں۔

اور اس روایت میں یہ تصریح ہے کہ اہل بیت اولو العزم رسولوں کے علوم کے وارث ہیں!

عن ابی جعفر علیہ السلام قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ..... ان علی بن ابی طالب کان ھبۃ اللہ لمحمد وورث علم الاوصیاء وعلم من کان قبلہ واما ان محمد اورث علم من کان قبلہ من الانبیاء والمرسلین۔[2]

ابو جعفر علیہ السلام بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک علی بن ابی طالب اللہ کی عطا ہیں اور وہ وصیوں کے علم کے وارث ہیں اور تمام پہلوں کے علم کے وارث ہیں، اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سابقین انبیاء اور مرسلین کے علم کے وارث تھے!

اس روایت میں بھی تصریح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی تمام سابقین کے علم کے وارث ہیں۔

عن المفضل بن عمر قال، قال ابو عبد اللہ علیہ اسلام، ان سلیمان ورث داؤد وان محمد ورث سلیمان وانا ورثنا محمدا[3]

مفضل بن عمر بیان کرتے ہیں کہ ابو عبد اللہ علیہ السلام نے فرمایا سلیمان، داؤد کے وارث تھے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)، سلیمان کے وارث تھے اور ہم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے وارث ہیں۔

---

[1] شیخ ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینی متوفی ۳۲۹ھ، الاصول من الکافی ج ۱ ص ۲۲۴-۲۲۳، مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ تہران، الطبعۃ الرابعۃ، ۱۳۶۵ھ

[2] ″ ″ ″ ″ ، الاصول من الکافی ج ۱ ص ۲۲۴، ″ ″ ″ ″

[3] ″ ″ ″ ″ ، الاصول من الکافی ج ۱ ص ۲۲۵، ″ ″ ″ ″

لیجئے امام جعفر صادق نے صاف بیان کر دیا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام حضرت داؤد کے علم کے وارث تھے یہ لفظ وراثت کو وراثت علم میں استعمال کرنے کی نص صریح ہے اور ورث سلیمان داؤد کی تفسیر ہے اور اسی حقیقت کو بیان کرنے کے ہم درپے ہیں۔

عن ضريح الكناسي قال كنت عند ابي عبد الله عليه السلام وعنده ابو بصير فقال ابو عبد الله عليه السلام: ان داؤد ورث علم الانبياء وان سليمان ورث داؤد وان محمدا صلى الله عليه وسلم ورث سليمان وانا ورثنا محمدا صلى الله عليه وسلم[1]

ضریح کناسی بیان کرتے ہیں کہ میں ابو عبداللہ علیہ السلام کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور ان کے پاس ابو بصیر بھی تھے، ابو عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا: حضرت داؤد علوم انبیاء کے وارث تھے اور حضرت سلیمان داؤد کے وارث تھے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سلیمان کے وارث تھے اور ہم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وارث ہیں۔

عن ابراهيم عن ابيه عن ابي الحسن الاول عليه السلام قال: قلت له جعلت فداك اخبرني عن النبي صلى الله عليه وسلم ورث النبيين كلهم؟ قال نعم الى قوله فنحن الذين اصطفانا الله عزوجل واورثنا هذا الذي فيه تبيان كل شيء[2]

ابراہیم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ابوالحسن علیہ السلام سے پوچھا: میں آپ پر قربان ہوں! یہ بتائیے کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء کے وارث ہیں؟ فرمایا ہاں! پس ہم وہ لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے منتخب فرمایا اور ہم کو اس کتاب کا وارث بنا دیا جس میں ہر چیز کا بیان ہے

اس روایت میں یہ بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء کے وارث ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ آپ تمام انبیاء کے مال کے وارث نہیں تھے بلکہ ان کے علم کے وارث تھے اور اس سے زیادہ واضح یہ ہے کہ ابوالحسن نے فرمایا کہ ہم اہلبیت قرآن مجید کے وارث ہیں اور یہ علم کی وراثت ہے۔ ان تمام روایات سے یہ واضح ہو گیا کہ وراثت کا لفظ وراثت علمی میں استعمال ہوتا ہے اور انبیاء علیہم السلام کی وراثت، وراثت علمی ہے، شیعہ علماء اس کے جواب میں یہ نہیں کہہ سکتے کہ ان روایات کو ائمہ شیعہ نے تقیۃً بیان کیا ہے کیونکہ ان روایات کو ائمہ نے ائمہ اہل بیت کی فضیلت علم ظاہر کرنے کے لیے بیان کیا ہے، یہاں کسی ڈر اور خوف کا معاملہ نہ تھا۔

اس بات کا جواب کہ حضرت ابوبکر نے حضرت فاطمہ کو وراثت نہ دے کر احکام میراث کی مخالفت کی

حضرت ابوبکر نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جو یہ روایت بیان کی ہے کہ ہم گروہ انبیاء کسی کو وارث نہیں بناتے اور اس روایت کی بناء پر حضرت فاطمہ اور ازواج مطہرات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ترکہ سے وراثت نہیں دی، اس پر ملا باقر مجلسی نے یہ اعتراض کیا ہے کہ حضرت ابوبکر کی یہ روایت قرآن مجید کی ان آیات کے خلاف ہے جن میں وراثت کے عام احکام بیان کیے گئے ہیں، سو اس وجہ سے یہ روایت مردود ہے۔ نیز یہ خبر واحد اور ظنی ہے اور خبر واحد قرآن مجید

[1] شیخ ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینی متوفی ۳۲۹ھ، الاصول من الکافی ج ۱ ص ۲۲۵، مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ تہران، ۱۳۶۵ھ
[2] 〃 〃 〃 〃 〃 الاصول من الکافی [illegible]

کے احکام کے عموم کی ناسخ نہیں ہو سکتی۔

پہلی بات یہ ہے کہ حضرت ابوبکر کے لیے یہ حدیث خبر واحد اور ظنی نہیں تھی، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے براہ راست یہ حدیث سنی تھی اور ان کے لیے یہ حدیث اسی طرح قطعی تھی جس طرح احکام میراث کی آیات قطعی ہیں، دوسری بات یہ ہے کہ حضرت ابوبکر نے اس حدیث کی وجہ سے احکام میراث کی مخالفت نہیں کی بلکہ اس حدیث کی وجہ سے احکام میراث کے عموم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں کا مخصوص اور مستثنیٰ ہونا بیان کیا ہے تیسری بات یہ ہے کہ احکام میراث میں صرف اس حدیث کی وجہ سے تخصیص نہیں ہوئی بلکہ ان آیات کے عموم سے اور بھی کئی چیزیں مستثنیٰ ہو چکی ہیں، دیکھئے کافر کی اولاد، باپ کی وارث نہیں ہوتی، غلام، باپ کا وارث نہیں ہوتا، قاتل، باپ کا وارث نہیں ہوتا ———

چوتھی بات یہ ہے کہ اگر بفرض محال حضرت ابوبکر نے احکام میراث کی مخالفت کی اور حضرت فاطمہ کو ترکہ نہیں دیا تو حضرت علی نے اپنے دور خلافت میں اس کو کیوں برقرار رکھا؟ اور اولاد فاطمہ کو اس مال کا وارث کیوں نہیں بنایا؟

نبی کے ترکہ کے وارث نہ ہونے کی وجہ

ملا باقر مجلسی نے اعتراض کیا ہے کہ نبوت اپنی اولاد کو میراث سے محروم کرنے کا سبب کیسے ہو سکتی ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ:

علامہ بدرالدین حنفی لکھتے ہیں:

انبیاء علیہم السلام کی میراث نہ ہونے کا سبب یہ ہے کہ کوئی شخص ان کے متعلق یہ بدگمانی نہ کرے کہ انھوں نے اپنے رشتہ داروں کے لیے مال جمع کیا ہے اور نبوت کا دعویٰ اور اشاعت دین کی تمام سعی حصول مال کے لیے تھی، ایک قول یہ ہے کہ کہیں ان کے اقرباء ان کی موت کی تمنا کرنے لگیں اور ہلاکت میں مبتلا ہو جائیں، اور ایک قول یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی تمام زامت کے لیے بمنزلہ باپ ہوتے ہیں اور ان کی تمام امت ان کے لیے بمنزلہ اولاد ہوتی ہے اس لیے ان کا تمام مال ان کی تمام اولاد کے لیے صدقہ کر دیا جاتا ہے۔ اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم نے جو کچھ چھوڑا وہ صدقہ ہے[1]۔

کیا حضرت ابوبکر نے ذاتی مفاد اور خلافت کو مستحکم کرنے کے لیے حدیث لا نورث بیان کی تھی؟

زیر بحث حدیث کو موضوع قرار دینے کے لیے ملا باقر مجلسی نے لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر اس حدیث کی روایت میں دو وجہوں سے متہم ہیں، اول یہ کہ وہ اس مال میں اپنی مرضی سے تصرف کرنا چاہتے تھے اس لیے انھوں نے یہ حدیث گھڑ لی دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ اہل بیت کو کمزور کرنا چاہتے تھے تاکہ وہ ان سے خلافت میں مناقشہ نہ کر سکیں، یہ دونوں وجہیں باطل ہیں اول کا بطلان اس وجہ سے ہے کہ حضرت ابوبکر پر تہمت تب ہوتی جب اس مال میں سے وہ کوئی ذاتی فائدہ حاصل کرتے یا اپنی ذات یا اپنے اقارب پر اس مال کو خرچ کرتے، حالانکہ تاریخ اس پر شاہد ہے کہ حضرت ابوبکر

---

[1] علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۵ ص ۲۰، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

نے اس مال سے کوئی ذاتی فائدہ اٹھایا نہ بیت المال سے کوئی نفع حاصل کیا جو معمولی وظیفہ لیا تھا مرتے سے پہلے اس کو بھی بیت المال کو واپس کر دیا، اور فدک کے اموال میں حضرت ابوبکر نے اپنی مرضی سے کوئی تصرف نہیں کیا، بلکہ وہی تصرف کیا جو تصرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔ نیز یہ حدیث صرف حضرت ابوبکر سے مروی نہیں ہے بلکہ حضرت علی سمیت متعدد صحابہ کرام سے مروی ہے جیسا کہ انشاء اللہ ہم عنقریب دلائل سے بیان کریں گے۔

دوسری وجہ کا بطلان اس وجہ سے ہے کہ اگر حضرت ابوبکر کا منشاء اپنی خلافت کو مستحکم کرنا ہوتا تو ان کو چاہیے تھا کہ فدک حضرت فاطمہ کے حوالے کر دیتے تاکہ ان کو اہل بیت کی ہمدردیاں اور تعاون حاصل ہوتا اور ان کے خلاف کوئی محاذ نہ بنتا نہ ان کا کوئی فریق ہوتا اور عام لوگ بھی خوش ہوتے اس کے برخلاف جب کہ عام لوگوں کا میلان اہل بیت کی طرف تھا اور پھر انھوں نے حضرت فاطمہ کا حق ان کو نہیں دیا تو اہل بیت بھی ناراض ہو کر ایک فریق بن گئے اور لوگوں کی ایک جماعت بھی ان سے کٹ گئی، لہٰذا ملا باقر مجلسی کا یہ کہنا کہ حضرت ابوبکر نے اہل بیت کو فدک اس لیے نہیں دیا۔ تاکہ وہ خلافت میں مناقشہ نہ کر سکیں بالکل الٹ اور برعکس ہے کیونکہ خلافت میں مناقشہ سے بچنے کے لیے تو انھیں چاہیے تھا کہ سیاسی رشوت کے طور پر ان کو فدک دے کر اپنے ساتھ ملا لیتے اور فدک کا نہ دینا تو خلافت میں مناقشہ اور ناراضگی کا سبب ہے۔ دراصل بات یہ ہے کہ یہ بے نفس اور نیک لوگ تھے حضرت فاطمہ کا مطالبہ میراث بھی نیک نیتی پر مبنی تھا اور حضرت ابوبکر کا فدک نہ دینا بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث پر عمل کرنے کی وجہ سے تھا اور خلافت کو کمزور یا مستحکم کرنا کسی فریق کا بھی مطمح نظر نہیں تھا۔

کیا حضرت علی نے حدیث لا نورث کی روایت میں حضرت ابوبکر اور عمر کو جھوٹا، عہد شکن، خائن اور گنہ گار گمان کیا تھا؟

ملا باقر مجلسی نے کہا ہے کہ اس حدیث کے باطل اور موضوع ہونے پر یہ دلیل ہے کہ صحیح مسلم میں مالک بن اوس سے روایت ہے کہ حضرت عمر نے حضرت علی اور حضرت عباس سے کہا حضرت ابوبکر نے تم دونوں سے یہ کہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہم کسی کو وارث نہیں بناتے ہم نے جو کچھ ترک کیا ہے وہ صدقہ ہے پس تم دونوں نے ابوبکر کو جھوٹا، عہد شکن خائن اور گنہ گار گمان کیا، اور اللہ خوب جانتا ہے کہ ابوبکر سچے، نیک اور حق کی پیروی کرنے والے تھے پھر ابوبکر فوت ہو گئے اور میں رسول اللہ کا خلیفہ ہوا، پھر تم دونوں نے مجھ کو جھوٹا، عہد شکن، خائن اور گنہ گار گمان کیا اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں سچا، نیک اور حق کی پیروی کرنے والا ہوں! ملا باقر مجلسی کہتے ہیں کہ صحیح مسلم کی اس روایت سے یہ ثابت ہو گیا کہ حضرت علی، حضرت ابوبکر کو اس روایت میں جھوٹا گردانتے تھے اور حضرت علی کا اس روایت کو جھوٹا قرار دینا اس روایت کے باطل اور موضوع ہونے پر واضح دلیل ہے، کیونکہ حضرت علی حق کے سوا کچھ نہیں کہتے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ خود بھی اس حدیث کی صداقت کے معترف تھے جیسا کہ مالک بن اوس کی اسی روایت میں ہے: حضرت عمر [illegible]:

ثم اقبل علی العباس وعلی فقال انشدکما باللہ الذی باذنہ تقوم السماء والارض اتعلمان ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا نورث ما ترکنا صدقۃ قالا نعم۔[1]

پھر حضرت عمر، حضرت عباس اور حضرت علی کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا میں تم کو اس ذات کی قسم دیتا ہوں جس کی اجازت سے زمین اور آسمان قائم ہیں، کیا تم دونوں کو یہ علم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا ہم نے جو کچھ چھوڑا ہے وہ صدقہ ہے، حضرت عباس اور حضرت علی دونوں نے کہا، ہاں! (ہمیں علم ہے۔)

اس جگہ یہ اشکال ہوتا ہے کہ حضرت عباس اور حضرت علی کو اس حدیث کا علم تھا اور جب انہیں علم تھا تو حضرت فاطمہ کو بھی یقیناً علم ہوگا تو پھر ان حضرات نے حضرت ابوبکر سے میراث کا مطالبہ کیوں کیا اور پھر دوبارہ حضرت عمر سے میراث کا مطالبہ کیوں کیا؟

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ حضرت علی، حضرت فاطمہ اور حضرت عباس اس حدیث کے تو معترف تھے لیکن اس حدیث کو عام نہیں سمجھتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ترکہ میں سے کسی چیز کا بھی کوئی وارث نہیں ہوگا، ان کے نزدیک اس حدیث کا مفہوم یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ترکہ میں سے بعض چیزوں کا کوئی وارث نہیں ہوگا۔ اور باقی متروکات میں وراثت جاری ہوگی اور خیبر کی بعض اراضی اور فدک کے متعلق ان کا گمان تھا کہ اس میں وراثت جاری ہوگی اس وجہ سے وہ ان میں وراثت کو طلب کرتے تھے، اس کے برعکس حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور دیگر صحابہ اس حدیث کو عموم پر محمول کرتے تھے اور اس حدیث کی تعمیم اور تخصیص میں ان کی آراء اور اجتہاد میں اختلاف ہو گیا، حضرت علی اور حضرت عباس کو اپنے موقف پر اصرار تھا اس وجہ سے پہلے انہوں نے حضرت ابوبکر سے اور پھر حضرت عمر سے میراث کی تقسیم کا مطالبہ کیا۔[2]

دوسرا اشکال یہ ہے کہ حضرت عمر نے جو حضرت عباس اور حضرت علی سے فرمایا کہ تم دونوں نے پہلے ابوبکر کو اور پھر مجھے جھوٹا، عہد شکن اور خائن گمان کیا اس کا کیا محمل ہے؟ علامہ اُبی مالکی لکھتے ہیں کہ علامہ مازری مالکی نے اس کے جواب میں کہا ہے کہ یہ باب تنزل سے ہے یعنی تم دونوں نے حضرت ابوبکر کے استدلال اور حجت کو تسلیم نہیں کیا اور برابر میراث کی تقسیم کا مطالبہ کرتے رہے، خلاصہ یہ ہے کہ تم نے سچے شخص کے ساتھ جھوٹے شخص کا معاملہ کیا نہ یہ کہ تم نے ان کو فی الواقع جھوٹا سمجھا۔ علامہ اُبی مالکی لکھتے ہیں کہ یہاں ہمزہ استفہام محذوف ہے یعنی افرایتماہ کاذبا غادرا خائنا آثما۔ "کیا تم نے ابوبکر کو جھوٹا، عہد شکن، خائن اور گنہگار سمجھا تھا؟" اور یہ استفہام انکاری ہے، یعنی جب تم حضرت ابوبکر کو جھوٹا اور عہد شکن نہیں سمجھتے تھے تو پھر کیوں بار بار میراث کی تقسیم کا مطالبہ کرتے تھے؟[3]

[1] امام ابوالحسن مسلم بن حجاج القشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۹۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[2] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۲۰۷، (محصلا) مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ
[3] علامہ ابوعبداللہ محمد بن خلفہ ابی وشتانی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۸۰، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

میں کہتا ہوں کہ ان توجیہات کے صحیح اور صواب ہونے کی دلیل یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں ان اراضی کو حضرت فاطمہ کی اولاد کی ملکیت میں نہیں دیا اور اس سے یہ ظاہر ہو گیا کہ بعد میں حضرت علی کو یہ شرح صدر ہو گیا کہ اس حدیث کے بارے میں حضرت ابوبکر کا اجتہاد صحیح اور صائب تھا اور یہ کہ یہ حدیث اپنے عموم پر ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متروکات میں سے کسی چیز میں وراثت جاری نہیں ہوگی۔

ہم نے جو اس حدیث کی تحقیق کی ہے اس سے یہ واضح ہو گیا کہ حضرت علی اور حضرت عمر کا اس حدیث سے استدلال میں اختلاف تھا اور اس حدیث کی صحت میں اہل بیت کا اختلاف نہیں تھا نہ حضرت علی، حضرت فاطمہ اور حضرت عباس میں سے کسی نے اس حدیث کا انکار کیا تھا جیسا کہ ملا باقر مجلسی نے سمجھا ہے بلکہ انہوں نے قسم کھا کر اس حدیث کا اعتراف کیا اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ ائمہ شیعہ نے بھی اس حدیث کو کئی اسانید سے روایت کیا ہے جیسا کہ ہم عنقریب بیان کریں گے۔

کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی اور حضرت فاطمہ کو حدیث لانورث پر مطلع نہیں فرمایا تھا؟

ملا باقر مجلسی نے کہا ہے کہ اس حدیث کے باطل اور موضوع ہونے پر تیسری دلیل یہ ہے کہ اگر واقعی کوئی ایسی حدیث ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی، اور حضرت فاطمہ کو اس پر ضرور مطلع فرماتے تاکہ وہ حضرت ابوبکر سے وراثت کے معاملہ میں ناحق جھگڑا نہ کرتے اور جب آپ نے ان کو اس حدیث پر مطلع نہیں کیا تو معلوم ہوا کہ یہ حدیث محض افتراء اور جھوٹ ہے۔

الجواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث پر حضرت علی اور حضرت عباس کو بھی مطلع کیا تھا کیونکہ امام مسلم نے حضرت مالک بن اوس سے روایت کیا ہے کہ حضرت عمر نے حضرت عباس اور حضرت علی کو قسم دے کر پوچھا کہ کیا تم کو علم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ہم کسی کو وارث نہیں بناتے ہم نے جو کچھ چھوڑا ہے وہ صدقہ ہے؟ تو حضرت عباس اور حضرت علی دونوں نے فرمایا: ہاں! اور جب حضرت عباس اور حضرت علی اس حدیث پر مطلع تھے تو یقیناً حضرت فاطمہ بھی اس حدیث پر مطلع تھیں اور اہل بیت کے نزدیک یہ حدیث ثابت اور غیر متنازعہ فیہ تھی کیونکہ ائمہ اہل بیت نے اس حدیث کو خود بیان کیا ہے چنانچہ شیخ کلینی نے اس حدیث کو امام ابوعبداللہ سے دو سندوں کے ساتھ روایت کیا، رہا یہ کہ جب حضرت فاطمہ کے نزدیک یہ حدیث ثابت تھی تو انہوں نے پھر حضرت ابوبکر سے میراث کا مطالبہ کیوں کیا تو اس کا جواب ہم ابھی ابھی بیان کر چکے ہیں کہ حضرت فاطمہ کے نزدیک اس حدیث کا حکم عام نہیں تھا حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام متروکات کو شامل ہو اور حضرت ابوبکر کے نزدیک اس حدیث کا حکم عام تھا اور آپ کے تمام ترکہ کو شامل تھا۔

حدیث لانورث روایت کرنے والے صحابہ کرام کا تعدد اور تکثر

ملا باقر مجلسی نے اس حدیث پر آخری اعتراض یہ کیا ہے

کہ اگر یہ حدیث واقعۃً ہوتی تو اس کے روایت کرنے والے بکثرت ہوتے حالانکہ ابوبکر اور دو تین منافقوں کے سوا اس حدیث کا اور کوئی راوی نہیں ہے، اور اس سے یہ واضح ہوگیا کہ یہ حدیث جھوٹ ہے۔

الجواب یہ حدیث حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے علاوہ اور بھی متعدد صحابہ سے مروی ہے، ہم اختصار کے ساتھ اس حدیث کو مستند کتب حدیث کے حوالہ جات کے ساتھ بیان کرتے ہیں:

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

عن عائشۃ ام المؤمنین اخبرتہ ان فاطمۃ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سالت ابا بکر الصدیق بعد وفاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یقسم لہا میراثہا مما ترک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مما افاء اللہ علیہ فقال لہا ابوبکر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا نورث ما ترکنا ہ صدقۃ الحدیث[1]

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر سے یہ سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو فئی عطا کیا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں جو کچھ چھوڑا ہے اس میں ان کی میراث کو تقسیم کریں، حضرت ابوبکر نے ان سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا، ہم نے جو کچھ چھوڑا ہے وہ صدقہ ہے۔

اس حدیث کو امام مسلم[2]، امام ترمذی[3]، امام نسائی[4]، امام احمد[5]، امام بیہقی[6]، اور شاذ علی متقی[7] نے بھی روایت کیا ہے۔

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

عن مالک بن اوس بن حدثان ... --- فقال عمر اتئدوا انشدکم باللہ الذی باذنہ تقوم السماء والارض ھل تعلمون ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت مالک بن اوس بن حدثان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (حضرت عثمان، حضرت عبدالرحمٰن، حضرت زبیر اور حضرت سعد سے) کہا ٹھیرو! میں تم کو اللہ کی قسم دے کر سوال کرتا ہوں جس کے

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۲۶-۴۳۵، ج ۲ ص ۹۹۵-۱۰۰۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[2] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۹۲-۹۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[3] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۲۵۰، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[4] امام احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ، سنن نسائی ج ۲ ص ۱۵۸، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[5] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۵ ص ۱۰، ۹، ۶، ۴، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ
[6] امام احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۶ ص ۳۰۲، ۳۰۱، ۳۰۰، ۲۹۸، مطبوعہ نشر السنہ ملتان
[7] شیخ علی متقی بن حسام الدین ہندی متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۱۱ ص ۲۰، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت ۱۴۰۵ھ

قال لا نورث ما ترکنا صدقۃ یرید بذلک نفسہ قالوا قد قال ذلک [1]

اذن سے آسمان اور زمین قائم ہیں کیا تم کو علم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا، ہم نے جو کچھ چھوڑا وہ صدقہ ہے؟ انھوں نے کہا بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا۔

اس حدیث کو امام مسلم [2]، امام ابو داؤد [3]، امام نسائی [4]، امام احمد [5]، امام بیہقی [6]، اور شیخ علی متقی [7] نے بھی روایت کیا ہے۔

امام ترمذی نے بیان کیا ہے کہ یہ حدیث حضرت عمر، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت سعد، حضرت عائشہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہے، سو لکھتے ہیں:

وفی الباب عن عمر، وطلحۃ والزبیر وعبدالرحمٰن بن عوف وسعد وعائشۃ وحدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن غریب [8]

اس باب میں حضرت عمر، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت سعد اور حضرت عائشہ سے بھی روایت ہے اور حضرت ابو ہریرہ کی حدیث حسن غریب ہے۔

امام بخاری نے بیان کیا ہے کہ حضرت عثمان، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت زبیر، حضرت سعد، حضرت عباس اور حضرت علی نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا! امام بخاری روایت کرتے ہیں:

فقال مالک انطلقت حتی ادخل علی عمر اذا تاہ حاجبہ یرفا فقال ھل لک فی عثمان وعبدالرحمٰن والزبیر وسعد یستاذنون قال نعم فاذن لھم قال فدخلوا وسلموا فجلسوا ثم لبث

حضرت مالک بن اوس بن حدثان روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اس وقت ان کا دربان یرفا آیا اور کہا حضرت عثمان، حضرت عبدالرحمان، حضرت زبیر اور حضرت سعد آنے کی اجازت مانگ رہے ہیں، آپ کا کیا حکم ہے؟ حضرت عمر نے

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۵۷۵، ۵۷۶، ۶۰۹، ۸۰۶، ۹۹۶، ۱۰۸۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع

[2] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۹۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[3] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۵۶، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۷ھ

[4] امام احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ، سنن نسائی ج ۲ ص ۱۵۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی

[5] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، ج ۱ ص ۲۹۱/۲۰۸، ۱۶۱/۱۶۴، ۱۶۲، ۴۰، ۴۹، ۴۸، ۴۷، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ

[6] امام احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۶ ص ۳۰۰، ۲۹۹، ۲۹۸، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[7] شیخ علی متقی بن حسام الدین ہندی متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۱۱ ص ۲۰، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۵ھ

[8] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۲۶۵، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

یرفأ قلیلا فقال لعمر هل لك فی علی وعباس قال نعم فاذن لهما فلما دخلا فسلما وجلسا فقال عباس یا امیرالمؤمنین اقض بینی وبین هذا فقال الرهط عثمان واصحابه یا امیر المؤمنین اقض بینهما وارح احدهما من الآخر فقال عمر اتئدوا انشدكم بالله الذی باذنه تقوم السماء والارض هل تعلمون ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا نورث ما تركنا صدقة یرید رسول الله صلی الله علیه وسلم نفسه قال الرهط قد قال ذلك فاقبل عمر علی علی وعباس قال انشدكما بالله هل تعلمان ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ذلك قالا قد قال ذلك۔[1]

کہا ہاں اور اجازت دی وہ لوگ آئے، سلام کیا اور بیٹھ گئے، تھوڑی دیر بعد یرفا پھر آیا اور کہنے لگا حضرت عباس اور حضرت علی کے متعلق کیا حکم ہے؟ حضرت عمر نے کہا ہاں! اور ان کو اجازت دے دی پھر وہ دونوں آگر سلام کر کے بیٹھ گئے حضرت عباس نے کہا اے امیر المؤمنین، میرے اور اس شخص (حضرت علی) کے درمیان فیصلہ کیجئے، حضرت عثمان اور ان کے اصحاب نے بھی کہا: اے امیر المؤمنین! ان کے درمیان فیصلہ کیجئے اور ایک کو دوسرے سے راحت دلائیے حضرت عمر نے کہا ٹھہرو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان اور زمین قائم ہیں کیا نہیں یہ علم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا ہم نے جو کچھ چھوڑا وہ صدقہ ہے، (اس سے حضور کی اپنی ذات مراد تھی) اس جماعت نے کہا ہاں آپ نے یہ فرمایا تھا، پھر حضرت عمر، حضرت علی اور حضرت عباس کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا تم کو علم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ حضرت علی اور حضرت عباس نے کہا بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا۔

اس حدیث کو امام مسلم[2]، امام بیہقی[3]، اور امام ابوداؤد[4] نے بھی روایت کیا ہے۔

ملا باقر مجلسی نے لکھا ہے کہ حضرت عثمان، حضرت عبدالرحمٰن، حضرت سعد اور حضرت زبیر نے حضرت عمر کے خوف سے یہ شہادت دی تھی چونکہ یہ دعویٰ بلا دلیل ہے اس لیے مردود ہے۔

امام مسلم اپنی سند کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لا نورث ما تركنا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہمارا وارث نہیں بنایا

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۸۰، ۵۷۵، ۹۹۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۸۱ھ
[2] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۹۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۷۵ھ
[3] امام احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۶ ص ۲۹۷، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان
[4] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۲۵۶، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور ۱۴۰۵ھ

صدقۃ۔[۱] جائے گا ہم نے جو کچھ چھوڑا ہے وہ صدقہ ہے۔

اس حدیث کو امام احمد[۲]، امام بیہقی[۳] اور شیخ علی متقی[۴] نے بھی روایت کیا ہے۔

حافظ نور الدین الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن حذیفۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما ترکنا ہ صدقۃ رواہ البزار ورجالہ رجال الصحیح۔[۵]

حضرت حذیفہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم نے جو کچھ چھوڑا وہ صدقہ ہے، اس حدیث کو امام بزار نے روایت کیا ہے اور اس کے تمام راوی صحیح ہیں۔

اس حدیث کو شیخ علی متقی نے بھی بیان کیا ہے۔[۶]

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں:

عن عائشۃ ان ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین توفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اردن ان یبعثن الی ابی بکر یسئلنہ میراثھن فقالت عائشۃ الیس قد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا نورث ما ترکنا ہ صدقۃ۔[۷]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فوت ہونے کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج نے یہ ارادہ کیا کہ حضرت ابوبکر کے پاس کسی کو بھیج کر میراث کا سوال کریں۔ حضرت عائشہ نے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا تھا ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا۔ ہم نے جو کچھ چھوڑا وہ صدقہ ہے۔

اس حدیث کو امام مسلم[۸]، امام ابوداؤد[۹]، امام مالک[۱۰]، اور امام احمد[۱۱] نے بھی روایت کیا ہے۔

---

[۱] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۹۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[۲] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۴۶۳، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[۳] امام احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبری ج ۶ ص ۳۰۲، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[۴] شیخ علی متقی بن حسام الدین ہندی متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۱۱ ص ۲۰، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۵ھ

[۵] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۹ ص ۲۲، مطبوعہ دار الکتاب العربی، ۱۴۰۲ھ

[۶] شیخ علی متقی بن حسام الدین ہندی متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۱۱ ص ۲۰، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۵ھ

[۷] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۹۶ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[۸] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۹۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[۹] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۶۰، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۶ھ

[۱۰] امام مالک بن انس اصبحی متوفی ۱۷۹ھ، مؤطا امام مالک ص ۷۳۳، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور

[۱۱] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ... بیروت، ۱۳۹۸ھ

ہم نے مستند کتب حدیث کے حوالہ جات سے اس حدیث کی روایت اور تصدیق کرنے والے جن صحابہ کرام کا ذکر کیا ہے وہ یہ ہیں: (۱) حضرت ابوبکر (۲) حضرت عمر (۳) حضرت عثمان (۴) حضرت عباس (۵) حضرت علی (۶) حضرت طلحہ (۷) حضرت زبیر (۸) حضرت عبدالرحمان بن عوف (۹) حضرت سعد بن ابی وقاص (۱۰) حضرت ابوہریرہ (۱۱) حضرت حذیفہ (۱۲) اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے چونکہ تمام مہاجرین، انصار اور اہل بیت کے سامنے یہ حدیث روایت کی تھی اور کسی نے اس سے اختلاف نہیں کیا تو اس پر تمام صحابہ اور اہل بیت کا اجماع ہو گیا، امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن فضیل بن مرزوق قال قال زید بن علی بن الحسین بن علی اما انا فلو کنت مکان ابی بکر رضی اللہ عنہ لحکمت بمثل ما حکم بہ ابو بکر رضی اللہ عنہ فی فدک۔[۱]

فضیل بن مرزوق کہتے ہیں کہ زید بن علی بن حسین بن علی رضی اللہ عنہما نے کہا اگر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی جگہ ہوتا تو فدک کے بارے میں میں بھی وہی فیصلہ کرتا جو حضرت ابوبکر نے کیا تھا۔

یہ اہل بیت کی شہادت ہے، اور بکثرت کتب احادیث میں حضرت علی کی تصدیق ہے نیز حضرت علی نے اپنی خلافت کے دوران حضرت ابوبکر اور عمر کے طریقہ کو برقرار رکھا سو یہ تمام امور اس حدیث کی صحت اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے موقف کی صداقت پر ٹھوس دلائل اور شواہد ہیں۔ احادیث اہل سنت پیش کرنے کے بعد اب ہم اس حدیث کے ثبوت میں اہل تشیع کی احادیث پیش کر رہے ہیں۔

حدیث لا نورث کا اہل تشیع کی اسانید سے ثبوت

شیخ کافی کلینی روایت کرتے ہیں:

عن ابی البختری عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال: ان العلماء ورثۃ الانبیاء وذالک ان الانبیاء لم یورثوا درھما ولا دینارا، وانما اورثوا احادیث من احادیثھم۔[۲]

ابوالبختری بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا: علماء انبیاء کے وارث ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کسی کو درہم اور دینار کا وارث نہیں کرتے، انبیاء علیہم السلام صرف اپنی احادیث کا وارث کرتے ہیں۔

اس حدیث میں تصریح ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے مال میں وراثت جاری نہیں ہوتی صرف ان کے علم میں وراثت جاری ہوتی ہے۔

عن القداح عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سلک طریقا یطلب فیہ علما

قداح بیان کرتے ہیں کہ ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص علم کی طلب میں کسی راستہ پر جاتے، اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے

[۱] امام احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۶ ص ۳۰۲، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان
[۲] شیخ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی متوفی ۳۲۹ھ، الاصول من الکافی ج ۱ ص ۳۲، مطبوعہ دارالکتب الاسلامیہ تہران، ۱۳۶۵ھ

سلك الله به طريقا الى الجنة (الى قوله) وان العلماء ورثة الانبياء ان الانبياء لم يورثوا دينارا ولا درهما ولكن ورثوا العلم فمن اخذ منه اخذ بحظ وافر[1]

راستہ پر لے جاتا ہے، اور علماء انبیاء کے وارث ہیں اور انبیاء کسی شخص کو درہم اور دینار کا وارث نہیں بناتے البتہ وہ علم کا وارث بناتے ہیں، پس جس نے علم حاصل کیا اس نے ان کی میراث سے بڑا حصہ حاصل کیا۔

اصول کافی اہل تشیع کی بہت معتبر اور مستند کتاب ہے اور اس کا ان کے ہاں وہی درجہ حاصل ہے جو اہل سنت کے ہاں صحیح بخاری کا مقام ہے، شیخ کلینی نے اس کتاب میں موجودہ قرآن کی تحریف اور تنقیص کے متعلق تمام روایات بیان کی ہیں اور یہ روایت درج کی ہے کہ موجودہ قرآن، اصل قرآن کا ایک ثلث (⅓) ہے[2] اور اس میں بکثرت تحریف کی گئی ہے اور اس کے متعلق ایک مستقل باب قائم کیا ہے، اور فروع کافی میں یہ روایت درج کی ہے کہ حضرت عمر نے حضرت ام کلثوم بنت فاطمہ کی فرج کو غصب کر لیا تھا[3] اور فدک کو ہبہ کرنے کے متعلق روایت درج کی ہے[4]۔ اس لیے اہل تشیع حضرات اس حدیث سے فرار حاصل کرنے کے لیے یہ نہیں کہہ سکتے کہ شیخ کلینی نے اس حدیث کو اپنی کتاب میں تقیۃ" درج کیا ہے کیونکہ اگر انہوں نے اہل سنت کی اس روایت کو تقیۃ" درج کیا ہے تو پھر اہل سنت کے خلاف اس سے زیادہ شدید روایات کو اپنی کتاب میں کیوں درج کیا ہے!

یہاں تک ہم نے یہ بیان کیا ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فدک کا مطالبہ کیا تھا لیکن جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث سنائی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "ہمارا وارث نہیں بنایا جائے گا تو حضرت زہراء خاموش ہو گئیں اور اس حدیث پر شیعہ علماء کے اہم اعتراضات کے جوابات ذکر کیے، اس کے بعد اب ہم اہل سنت کے ان دلائل کا ذکر کرتے ہیں جن سے واضح ہو جائے گا کہ فدک کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وراثت میں تقسیم نہیں کیا جا سکتا تھا۔

فدک میں وراثت نہ جاری ہونے پر قرآن مجید سے استدلال

فدک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بغیر جنگ کے صلح سے حاصل ہوا تھا اور جو علاقہ بغیر جنگ کے حاصل ہو وہ فئ ہوتا ہے اور قرآن مجید میں یہ تصریح ہے کہ جو علاقہ فئ ہو وہ کسی کی شخصی ملکیت نہیں ہوتا بلکہ وقف ہوتا ہے اور وقف میں وراثت جاری نہیں ہوتی لہٰذا ثابت ہو گیا کہ فدک میں وراثت جاری نہیں ہو سکتی۔

رہا یہ کہ فدک فئ ہے تو اس پر علماء اہل تشیع کی حسب ذیل تصریحات ہیں:

شیخ ابوعلی فضل بن حسن طبرسی لکھتے ہیں:

---

[1] شیخ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی متوفی ۳۲۹ھ، الاصول من الکافی ج ۱ ص ۳۴، مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ تہران، ۱۳۶۵ھ

[2] " " " ، الاصول من الکافی ج ۲ ص ۶۳۴-۶۳۳، " " "

[3] " " " ، الاصول من الکافی ج ۵ ص ۳۴۶، " " "

[4] " " " [illegible] " " "

قال ابن عباس نزل قوله ما افاء الله علی رسوله من اهل القری الأیۃ فی اموال کفار اهل القری وهم قریظۃ وبنو النضیر وهما بالمدینۃ وفدک وهی من المدینۃ علی ثلاثۃ امیال وخیبر وقری عرینۃ وینبع جعلها الله لرسوله یحکم فیها ما اراد واخبر انها کلها له لہ

حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ: قرآن مجید کی آیت "ما افاء الله علی رسوله من اهل القری" کفار کی بستیوں کے متعلق نازل ہوئی ہے یہ بستیاں قریظہ اور بنو النضیر کی بستیاں ہیں جو مدینہ میں تھیں اور فدک، یہ مدینہ سے تین میل کے فاصلہ پر ہے اور خیبر ہے اور عرینہ کی بستی اور ینبع ہے۔ ان سب بستیوں کو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کر دیا، آپ ان میں جو چاہتے وہ تصرف فرماتے، اور اللہ تعالیٰ نے یہ خبر دی کہ یہ تمام بستیاں آپ کے تصرف میں ہیں۔

شیخ محمد حسین طباطبائی نے بھی حضرت ابن عباس کی اس روایت کو بعینہٖ نقل کیا ہے۔ ٢ه
نیز شیخ طباطبائی لکھتے ہیں:

و فی التهذیب باسناده عن الحلبی عن ابی عبد الله علیه السلام قال «ما افاء الله علی رسوله منهم فما اوجفتم علیه» الأیۃ قال الفیء ما کان من اموال لم یکن فیها هراقۃ دم او قتل۔ ٣ه

تہذیب الاحکام میں اپنی سند کے ساتھ حلبی سے روایت ہے کہ امام ابو عبد اللہ علیہ السلام نے قرآن مجید کی اس آیت (ما افاء الله علی رسوله الخ) کی تفسیر میں فرمایا فیٔ ان اموال کو کہتے ہیں جن کے حصول کے لیے جنگ کی گئی ہو نہ خون بہایا گیا ہو۔

شیخ محمد جواد مغنیہ لکھتے ہیں:

ومعنی الفیء فی اللغۃ الرجوع وفی اصطلاح الفقهاء ما اخذ من الکفار من غیر قتال۔ ٤ه

لغت میں فیٔ کا معنی لوٹانا ہے اور فقہاء کی اصطلاح میں اس کا معنی ہے جو چیز کفار سے بغیر جنگ کے حاصل کی گئی ہو۔

علماء شیعہ کی مذکور الصدر تصریحات سے یہ واضح ہو گیا کہ فیٔ اس زمین کو کہتے ہیں جو بغیر جنگ کے حاصل ہوئی ہو اور فدک بھی فیٔ تھا جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بغیر جنگ کے حاصل ہوا تھا اب دیکھیے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے فیٔ کے کیا احکام نازل فرمائے ہیں: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ما افاء الله علی رسوله من اهل القری

اور جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ بستیوں کے لوگوں سے

١ه۔ شیخ ابو علی فضل بن حسن طبرسی متوفی ۵۴۸ھ، مجمع البیان ج ۹ ص ۲۶۰، مطبوعہ کتاب فروشی اسلامیہ تہران، طبع دوم ۱۳۹۰ھ
٢ه۔ سید محمد حسین طباطبائی متوفی ۱۴۰۳ھ، المیزان ج ۹ ص ۲۴۱ مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ طہران، طبع چہارم، ۱۳۶۲ھ
٣ه۔ " " " المیزان ج ۹ ص ۲۴۱، " " " "
٤ه۔ شیخ محمد جواد مغنیہ، فقہ الامام جعفر الصادق ج ۲ ص ۲۷۶، دار العلم بیروت

فلله و للرسول ولذی القربیٰ والیتٰمیٰ و المسٰکین وابن السبیل کی لا یکون دولۃ بین الاغنیاء منکم (الی قولہ تعالیٰ) للفقراء المھاجرین الذین اخرجوا من دیارھم واموالھم یبتغون فضلا من اللہ و رضوانا (الی قولہ تعالیٰ) والذین تبوؤ الدار والایمان من قبلھم یحبون من ھاجر الیھم (الی قولہ تعالیٰ) والذین جاءو من بعدھم یقولون ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان۔

(حشر: ۵۹/ ۱۰-۶)

اپنے رسول کی طرف لوٹا دے، وہ اللہ، رسول اور رسول کے رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے تاکہ یہ مال تمہارے دولت مند لوگوں کے درمیان گردش نہ کرتا رہے، اور یہ ان فقراء مہاجرین کے لیے ہے جو اپنے گھروں اور جائیدادوں سے نکال دیے گئے۔ درآں حالیکہ یہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رضا کو طلب کرتے تھے، اور یہ ان لوگوں کے لیے ہے جو مہاجرین کے آنے سے پہلے دار ہجرت میں رہتے ہیں اور مہاجرین سے محبت کرتے ہیں، اور یہ ان لوگوں کے لیے بھی ہے جو ان (پہلوں) کے بعد آئیں گے اور یہ کہیں گے اے ہمارے رب ہماری مغفرت فرما اور ہم سے پہلے مسلمانوں کی مغفرت فرما۔

سورہ حشر کی ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے یہ بتایا ہے کہ فئی کی آمدنی اللہ تعالیٰ، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم، آپ کے رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، فقرا مہاجرین، انصار صحابہ اور بعد میں آنے والے مسلمانوں پر خرچ کی جائے گی، اور جب علماء شیعہ کی تصریحات سے یہ واضح ہو گیا کہ فدک بھی فئی ہے تو از روئے قرآن مجید فدک کی آمدنی کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم، آپ کے رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں اور فقراء مہاجرین، انصار صحابہ اور بعد میں آنے والے مسلمانوں پر خرچ کیا جانا ضروری ہے اور جس جائیداد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ یتیموں، مسکینوں، مسافروں، مہاجرین، انصار اور بعد کے مسلمانوں کا بھی حصہ ہو اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وراثت کیسے جاری ہو سکتی ہے!

وراثت اس جائیداد میں جاری ہوتی ہے جو کسی شخص کی شخصی ملکیت ہو اور سورۂ حشر کی ان آیات سے واضح ہو گیا کہ فدک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی شخصی ملکیت نہیں تھا بلکہ اس کی آمدنی عہد رسالت کے مستحق مسلمانوں سے لے کر بعد میں آنے والے مسلمانوں تک کے لیے وقف تھی اور وقف میں وراثت جاری نہیں ہوتی۔ اگر اللہ تعالیٰ فدک کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی شخصی ملکیت میں دے دیتا تب اس میں وراثت کا سوال اٹھ سکتا تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے فدک کو شخصی ملکیت قرار نہیں دیا بلکہ شخصی ملکیت کی یہ فرما کر نفی فرمائی ہے کہ کی لا یکون دولۃ بین الاغنیاء منکم۔ "تاکہ یہ مال تمہارے دولت مند لوگوں کے درمیان گردش نہ کرتا رہے۔" اگر علماء شیعہ کے قول کے مطابق فدک وراثت میں اہل بیت کی طرف منتقل کر دیا جاتا تو یہ جائیداد نسل در نسل اہل بیت کے دولت مندوں میں گردش کرتی رہتی اور یہ قطعاً صریح قرآن کے خلاف ہوتا، اللہ تعالیٰ نے فدک کو شخصی ملکیت میں نہیں دیا، بلکہ اللہ کے لیے[1] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کے قرابت داروں اور اس دور کے اور بعد کے عام مستحق مسلمانوں کی ضروریات کے لیے اس

[1] اللہ تعالیٰ کے لیے خرچ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ [illegible] مثلاً مساجد کی تعمیر میں خرچ کیا جائے۔

کے خرچ کو متعین کر دیا، اسی وجہ سے حضرت ابوبکر نے فدک میں آپ کی وراثت نہیں جاری کی اور اس کی آمدنی کو ازواجِ مطہرات، اہل بیت اور دیگر مستحق مسلمانوں کی ضروریات پر خرچ کیا اور کہا میں اس کی آمدنی کو انہی مدات پر خرچ کرتا رہوں گا جن مدات پر اس کی آمدنی کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خرچ کرتے تھے، اور میں اس خرچ میں سے کسی چیز کو کم نہیں کروں گا، اور مجھے یہ ندشہ ہے کہ اگر میں نے اس خرچ میں سے کسی چیز کو کم کیا تو میں گمراہ ہو جاؤں گا (صحیح بخاری ج ا ص ۴۳۵) اور حضرت ابوبکر کے بعد حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی نے بھی حضرت ابوبکر کے طریق کار کو برقرار رکھا اور فدک بدستور قومی ملکیت میں رہا اور اس کی آمدنی ازواجِ مطہرات، اہل بیت اور دیگر مسلمانوں کی ضروریات پر خرچ ہوتی رہی۔

ہمارے اس استدلال کا خلاصہ یہ ہے کہ فدک فیٔ تھا اور فیٔ از روئے قرآن وقف ہوتا ہے لہٰذا فیٔ وقف ہوا اور فیٔ میں وراثت جاری نہیں ہوتی، اس لیے فدک میں وراثت جاری نہیں ہوگی، اخیر میں ہم فدک کے فیٔ ہونے پر علماء شیعہ کا ایک اور حوالہ پیش کر رہے ہیں:

مؤرخ شہیر مرزا محمد تقی لکھتے ہیں:

و چوں فتح فدک بے لشکر سوارہ و پیادہ بود، تمامت خاص پیغمبر گشت، و ایں آیت مبارکہ مفاد ایں معنا تواند بود۔

جب فدک شہسواروں اور پیادہ فوج کے بغیر فتح ہوا تو وہ پیغمبر کے ساتھ خاص ہو گیا، اور اس آیت مبارکہ کا مصداق ہو گیا۔

وما افاء الله على رسوله منهم فما اوجفتم عليه من خيل ولا ركاب ولكن الله يسلط رسله على من يشاء والله على كل شئ قدير[1] ۔

اور جو مال اللہ تعالیٰ نے کفار کے قبضہ سے نکال کر اپنے رسول کی طرف لوٹا دیے وہ ایسے مال نہیں ہیں جن پر تم نے اپنے گھوڑے اور اونٹ دوڑائے ہوں بلکہ اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے تصرف عطا فرما دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

میرزا محمد تقی نے اس عبارت میں یہ تصریح کر دی ہے کہ فدک فیٔ تھا اور سورۂ حشر کی ان آیات کا مصداق تھا اور ہم بیان کر چکے ہیں کہ سورۂ حشر کی ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے فیٔ کے یہ مصارف بیان کیے ہیں، اللہ کے لیے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے قرابت داروں کی ضروریات کے لیے، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، مہاجرین، انصار اور بعد میں آنے والے مسلمانوں کی ضروریات کے لیے، اور یہ بات بالکل بدیہی ہے کہ جس چیز میں ان مدات پر خرچ کرنا متعین ہو وہ شخصی ملکیت نہیں ہو سکتی، کیونکہ شخصی ملکیت میں یہ قید نہیں ہوتی کہ اس کو فلاں فلاں مد پر خرچ کیا جائے آدمی جس چیز کا شخصی طور پر مالک ہو وہ چاہے تو اس تمام کو صرف اپنی ذات پر خرچ کرے اور چاہے تو وہ سارا مال اپنے قرابت داروں کو دے دے یا سب راہ خدا میں (جہاد وغیرہ پر) خرچ کر دے یا کسی ایک یتیم کو دے دے علیٰ ہذا القیاس اس پر یہ لازم نہیں ہے وہ اپنی جائیداد کو ان مذکور مدوں پر خرچ کرے، جبکہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں فیٔ کو ان مدات پر خرچ کرنا لازم کر دیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ فیٔ شخصی ملکیت نہیں ہوتی اور فدک بالاتفاق فیٔ ہی ہے تو ثابت ہو گیا کہ

[1] مؤرخ شہیر میرزا محمد تقی متوفی ۱۲۹۷ھ، ناسخ التواریخ ج ۲ ص ۳۰۷، مطبوعہ کتاب فروشی اسلامیہ، ۱۳۶۳ھ

فدک کسی کی شخصی ملکیت نہیں ہے اور جو چیز شخصی ملکیت نہ ہو اس میں وراثت جاری نہیں ہوتی لہذا فدک میں وراثت جاری نہیں ہوگی۔

سورۂ حشر کی ان آیات سے جس طرح یہ ثابت ہوتا ہے کہ فدک کو وراثت میں نہیں دیا جاسکتا اسی طرح ان آیات سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ فدک کو ہبہ نہیں کیا جا سکتا کیونکہ فدک فئی ہے اور فئی وقف ہوتا ہے اور جو چیز وقف ہو اس کو نہ بیچا جا سکتا ہے نہ ہبہ کیا جا سکتا ہے۔

علماء شیعہ کا یہ دعویٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فدک حضرت فاطمہ کو ہبہ کر دیا تھا

فدک کے متعلق علماء شیعہ یہ بھی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ زہراء کو اپنی حیات مبارکہ میں فدک ہبہ کر دیا تھا۔ ہم پہلے اس سلسلہ میں علماء شیعہ کی تصریحات پیش کریں گے پھر بکثرت دلائل سے یہ واضح کریں گے کہ آپ نے حضرت فاطمہ کو فدک ہبہ نہیں کیا تھا اور یہ دعویٰ صحیح نہیں ہے۔

شیخ کلینی روایت کرتے ہیں:

عن علی بن اسباط قال: لما ورد
ابوالحسن موسی علیہ السلام علی المھدی
رآہ یرد المظالم فقال یا امیرالمؤمنین
ما بال مظلمتنا لا ترد؟ فقال لہ: وما
ذاك یا ابا الحسن؟ قال ان اللہ تبارك و
تعالی لما فتح علی نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم
فدك وما والاھا لم یوجف علیہ بخیل
ولا رکاب فانزل اللہ علی نبیہ صلی اللہ
علیہ وسلم وآت ذا القربی حقہ فلم یدر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ھم
فراجع فی ذلك جبرئیل وجبرئیل علیہ السلام
ربہ فاوحی اللہ الیہ ان ادفع فدك
الی فاطمۃ علیھا السلام فدعاھا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لھا
یا فاطمۃ ان اللہ امرنی ان
ادفع الیك فدك فقالت قد

علی بن اسباط بیان کرتے ہیں کہ جب ابوالحسن موسیٰ علیہ السلام (خلیفہ) مہدی کے پاس گئے اور یہ دیکھا کہ وہ لوگوں کے حقوق واپس کر رہے ہیں تو ان سے کہا اے امیر المؤمنین کیا وجہ ہے کہ آپ ہمارے حقوق واپس نہیں کرتے؟ مہدی نے کہا آپ کے کون سے حقوق ہیں؟ ابوالحسن نے کہا فدک اور اس کا قرب و جوار، جن پر گھوڑے دوڑائے گئے تھے نہ اونٹ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل فرمائی "قرابت داروں کو ان کا حق دیجئے"، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ پتہ نہ چلا کہ کون سے قرابت دار مراد ہیں، آپ نے جبرئیل سے پوچھا اور جبرئیل نے اللہ تعالیٰ سے پوچھا تب اللہ تعالیٰ نے آپ پر یہ وحی نازل کی کہ آپ حضرت فاطمہ کو فدک دے دیں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو بلایا اور فرمایا: اے فاطمہ! اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ حکم دیا ہے کہ میں تم کو فدک دے دوں، حضرت فاطمہ نے کہا یا رسول اللہ!

قبلت یا رسول اللہ من اللہ و منک [1] میں نے اللہ کی طرف سے اور آپ کی طرف سے فدک کو قبول کر لیا

احمد بن ابو یعقوب لکھتے ہیں:

حضرت حسنین کے فرزندوں میں سے ایک فرزند خلیفہ مامون رشید کے پاس گئے اور یہ شکایت کی کہ پیغمبر نے حضرت فاطمہ کو فدک دے دیا تھا، پیغمبر کی وفات کے بعد حضرت فاطمہ نے (حضرت) ابوبکر سے مطالبہ کیا کہ فدک ان کے حوالے کر دیں (حضرت) ابوبکر نے حضرت فاطمہ سے کہا کہ اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کریں، انھوں نے گواہی میں حضرت علی، حضرت حسن، حضرت حسین اور ام ایمن کو پیش کیا ——— [2]

شیخ ابو علی فضل بن حسن طبرسی لکھتے ہیں:

عن ابی سعید الخدری قال لما نزل قوله و أت ذا القربی حقه اعطی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاطمة فدکا [3]

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی قرابت داروں کو ان کا حق دیجئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ کو فدک عطا کر دیا

شیخ علی بن ابراہیم قمی وأت ذا القربی حقه ——— کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ھ انزلت فی فاطمة علیہا السلام فجعل لہا فدک۔ [4]

یہ آیت حضرت فاطمہ کے بارے میں نازل ہوئی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو فدک دے دیا۔

ملا باقر مجلسی لکھتے ہیں:

ثم ان فاطمة علیہا السلام بلغہا ان ابا بکر قبض فدکا فخرجت فی نساء بنی ھاشم حتی دخلت علی ابی بکر فقالت یا ابا بکر تریدان تاخذ منی ارضا جعلہا لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتصدق بہا علی من الوجیف الذی لم یوجف المسلمون علیہ بخیل ولا رکاب۔ [5]

پھر جب حضرت فاطمہ علیہا السلام تک یہ خبر پہنچی کہ (حضرت) ابوبکر نے فدک پر قبضہ کر لیا تو وہ بنو ہاشم کی عورتوں کے ساتھ (حضرت) ابوبکر کے پاس گئیں اور کہا اے ابوبکر! تم مجھ سے وہ زمین لینا چاہتے ہو جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے لیے کر دی تھی اور مجھ پر صدقہ کر دی تھی، اور یہ وہ زمین ہے جس پر مسلمانوں نے گھوڑے دوڑائے تھے نہ اونٹ!

---

[1] شیخ ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینی متوفی ۳۲۹ ھ، الاصول من الکافی ج۲ ص ۵۴۳، مطبوعہ دار الکتاب الاسلامیہ تہران، ۱۳۶۵ ھ

[2] شیخ احمد بن ابو یعقوب متوفی ۲۶۰ ھ، تاریخ یعقوبی ج۲ ص ۴۹۳ - ۴۹۲، مطبوعہ مرکز انتشارات علمی و فرہنگی ایران، ۱۳۶۲ھ

[3] شیخ ابو علی فضل بن حسن طبرسی متوفی ۵۴۸ ھ، مجمع البیان ج ۵ ص ۴۱۱، مطبوعہ کتاب فروشی اسلامیہ، طبع دوم ۱۳۸۰ھ

[4] شیخ ابو الحسن علی بن ابراہیم القمی متوفی ۳۲۹ ھ، تفسیر قمی ج۲ ص ۱۸، مطبوعہ مطبعۃ النجف، ۱۳۸۷ ھ

[5] ملا محمد باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۰ ھ، بحار الانوار ج ۲۸ ص ۳۰۲، مطبوعہ المطبعۃ الاسلامیہ طہران، ۱۳۲۹ ھ

(بقیہ آئندہ پیر)۔

(فائدہ) بحار الانوار، ملا باقر مجلسی کی ایک بہت ضخیم کتاب ہے جس کی ایک سو جلدیں ہیں، اس کی انتیس ۲۹ سے چونتیس ۳۴

مورخ شہیر میرزا محمد تقی لکھتے ہیں :

چوں ایں فرمان برسید کہ حق خویشان را بادہ پیغمبر فرمود! ایں خویشاں کرامند عرض کرد فاطمہ علیہا السلام است، حوائط فدک را با او گذار حق خویش مطلب، چہ خداوند نیز حق خود با او گذاشت و ایں فدک حصاری در نشیب خیبر بود اگرچہ باستواری خیبر حصار نداشت، لکن خواستہ و خرماستانہا بیش افزون بود،

جب یہ حکم پہنچا کہ "قرابت داروں کا حق انھیں دو" تو پیغمبر نے فرمایا کہ وہ قرابت دار کون ہیں؟ تو بتایا کہ وہ فاطمہ علیہا السلام ہیں فدک کے باغات انھیں دے دو اور اپنا حق مت طلب کرو، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بھی اپنا حق ان کے لیے چھوڑ دیا ہے، فدک خیبر کے نشیبی علاقے میں ایک قلعہ تھا ہر چند کہ خیبر جیسی اس کی فصیل نہ تھی لیکن اس کے محاصل اور اس کے اردگرد کھجوروں کے باغات بہت زیادہ تھے۔

لاجرم رسول خدای فاطمہ را طلب داشت و ایں آیت را برا و قرائت فرمود و اموالی کہ از فدک بدست کردہ بود، تسلیم داد و حوائط فدک را برو گذاشت، فاطمہ عرض کرد آنچہ بفرمان خدا بہرہ من گشت، باز گذاشتم پیغمبر فرمود ایں جملہ از بہر خویشتن و فرزندان خود بدار دانستہ باش کہ بعد از من ایں فدک را از تو بستانند و با تو منازعت و مناجزت آغاز کنند۔

اس آیت کے نزول کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو بلایا اور ان کے سامنے یہ آیت تلاوت کی اور فدک سے جو اموال حاصل ہوتے تھے حضرت فاطمہ کے حوالے کر دیے اور فدک کے باغات انھیں دے دیے۔ حضرت فاطمہ نے کہا اللہ کے حکم سے جو چیز میرا حصہ قرار پائی ہے وہ میں آپ کو دیتی ہوں، پیغمبر نے کہا یہ تمام علاقہ اپنے اور اپنی اولاد کے لیے رکھو اور یاد رکھو کہ میرے بعد یہ فدک تم سے لے لیا جائے گا اور اس کے سلسلہ میں تم سے جھگڑا کیا جائے گا۔

ایں وقت بفرمود تا صنادید صحابہ را انجمن کردند و در مجلس ایشاں حوائط فدک را باہر ملک و ہر مال کہ از آنجا ماخوذ داشت، بہ تسلیم فاطمہ داد و وثیقہ ئی نگاشت کہ فدک بایں خواستہ خاص فاطمہ و فرزندان او حسن و حسین

اس گفتگو کے بعد آپ نے اکابر صحابہ کو جمع کیا اور ان کی مجلس میں فدک کو اس کی ہر ملکیت اور اس کے تمام محاصل سمیت حضرت فاطمہ کو دے دیا اور یہ دستاویز لکھ دی کہ فدک ان تمام محاصل سمیت فاطمہ اور ان کے فرزندگان

(گذشتہ سے پیوستہ)

جلد بیں کتاب الفتن ہے جس میں منافقین اور مرتدین کے احوال بیان کیے گئے ہیں، فدک پر بھی اس جلد میں بحث کی گئی ہے لیکن ملا ملا باقر مجلسی نے کتاب الفتن میں صحابہ کرام پر اس قدر شدید اور غلیظ تبرا کیا ہے کہ کتاب الفتن کو اب ایران اور بیروت کا کوئی پبلیشر نہیں چھاپتا اور تمام ناشروں نے اس پر اتفاق کر لیا ہے کہ اس کتاب کی ۲۹ سے کر ۳۳ جلد کو نہیں چھاپا جائے گا ہمارے پیش نظر اس وقت ایران کا چھپا ہوا نسخہ ہے جس میں ۲۹ سے کر ۳۳ تک کی جلدیں نہیں ہیں۔ ۱۲ - سیدی عفرلہ،

است، پس دست تصرف فرا داشت، و اں اموال واشغال بر مسلمین بخش کرد و ہر سال قوت خویش را از فدک برمے گرفت و آنچہ برزیادات بود بر مسلمین بذل میفرمود، چنانکہ از مستقصی و دیگر کتب مستفاد مے شود و مردم شیعی و بسیار کس از اہل سنت و جماعت بر ایں سخن متفق اند کہ رسول خدا فدک را بفاطمہ بخشید و در روزگار خویش بتصرف اونہاد و عامل فاطمہ ضبط فدک میکرد و بعد از آنکہ رسول خدای از ایں جہاں روئے بنہفت ابوبکر عامل فاطمہ را از فدک معزول داشت و خود مضبوط ساخت[1]

حسن اور حسین کا ہے اور آپ نے اس سے اپنا دستِ تصرف اٹھا لیا اور اس کے اموال اور خزانے مسلمانوں کو بخش دیئے، آپ ہر سال اپنی خوراک کو فدک کی آمدنی سے لیتے تھے اور اس کی آمدنی سے جو کچھ بچتا اس کو مسلمانوں پر خرچ کرتے تھے، جیسا کہ مستقصی اور دوسری کتابوں میں لکھا ہوا ہے، علماء شیعہ اور سنیوں کی بھی ایک جماعت کا اس پر اتفاق ہے کہ رسول خدا نے فدک حضرت فاطمہ کو عطا کر دیا تھا۔ اور اپنی زندگی میں فدک کو حضرت فاطمہ کے تصرف میں دے دیا تھا، اور حضرت فاطمہ کا مقرر کردہ عامل فدک کا حساب کرتا تھا۔ اور جب رسول خدا نے اس جہان سے پردہ فرما لیا تو (حضرت) ابوبکر نے حضرت فاطمہ کے عامل کو فدک سے معزول کر دیا اور فدک کو اپنے قبضہ میں لے لیا

میرزا محمد تقی نے جو یہ تاریخی حقائق بیان کیے ہیں یہ خود متعارض اور متضاد ہیں، ایک طرف انھوں نے یہ لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے و اٰت ذا القربیٰ حقہ کے نازل ہونے کے بعد فدک حضرت فاطمہ کے حوالہ کر دیا تھا، حضرت فاطمہ نے اس پر قبضہ کر لیا تھا اور وہ ان کے تصرف میں آگیا تھا اور حضرت فاطمہ نے فدک پر اپنا عامل مقرر کر دیا تھا جو فدک کی آمدنی کو حساب سے وصول کرتا تھا اور دوسری طرف یہ بھی لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ایک سال کے اخراجات فدک کی آمدنی سے لیتے تھے اور جو کچھ باقی بچتا وہ مسلمانوں کو عطا کر دیتے تھے اور اس عبارت کا یہی مطلب ہے کہ فدک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تحویل اور تصرف میں تھا آپ نے وہ کسی کو ہبہ نہیں کیا تھا اور آپ قرآن مجید کے حکم کے مطابق فدک کی آمدنی کو ان مدات پر خرچ کرتے تھے جن پر خرچ کرنے کا اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا تھا۔

فدک کے دعوی ہبہ کا قرآن مجید کی روشنی میں ایک جائزہ

ہم ابھی ابھی " فدک میں وراثت نہ جاری ہونے پر قرآن مجید سے استدلال "، کے زیر عنوان یہ بیان کر چکے ہیں کہ علماء شیعہ نے اس کی تصریح کی ہے کہ فدک فئی ہے اور سورۂ حشر کی آیات سے ثابت ہے کہ جو چیز فئی ہو وہ کسی کی شخصی ملکیت نہیں ہوتی بلکہ وقف ہوتی ہے، لہٰذا فدک وقف قرار پایا۔ اور جو چیز وقف ہو اس کو ہبہ کرنا جائز نہیں ہے، اس لیے فدک کو ہبہ کرنے کا دعوی از روئے قرآن باطل قرار پایا۔ دعوی ہبہ کے بطلان کی دوسری وجہ یہ ہے کہ علماء شیعہ نے و اٰت ذا القربیٰ حقہ سے فدک کو ہبہ

---

[1] مترجم شیبیر میرزا محمد تقی متوفی ۱۲۹۷ھ، ناسخ التواریخ ج ۲ ص ۳۰۲-۳۰۷، مطبوعہ کتاب فروشی اسلامیہ طبع دوم، ۱۳۶۳ھ

کرنے پر استدلال کیا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حکم پر عمل کرنے کے لیے فدک حضرت فاطمہ کو دے دیا، یہ دلیل اس لیے باطل ہے کہ یہ آیت سورۂ بنی اسرائیل اور سورۂ روم میں ہے اور یہ دونوں سورتیں مکی ہیں اور مکہ میں فدک تھا کب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ حضرت فاطمہ کو دے دیا، ہجرت مدینہ میں تشریف لانے کے سات سال بعد خیبر فتح ہوا ہے اور اس کے بعد صلح کے نتیجہ میں بغیر جنگ کے فدک حاصل ہوا۔ چنانچہ بعض محققین شیعہ نے بھی اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے کہ اس آیت سے فدک کو ہبہ کرنے پر استدلال کرنا صحیح نہیں ہے۔

شیخ محمد حسین طباطبائی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

وبالاٰیۃ یظھر ان ایتاء ذی القربٰی والمسکین وابن السبیل مما شرع قبل الھجرۃ لانھا آیۃ مکیۃ من سورۃ مکیۃ۔[1]

اس آیت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ رشتہ داروں، مسکینوں اور مسافروں کو دینا ہجرت سے پہلے مشروع ہو چکا تھا کیونکہ یہ آیت مکی ہے اور یہ سورۃ مکی کا جز ہے۔

شیخ طباطبائی نے دوسرے مفسروں کی طرح یہ نہیں لکھا کہ اس آیت کے نزول کے بعد اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم دیا کہ حضرت فاطمہ کو فدک دے دو بلکہ اس کے برخلاف یہ لکھا ہے کہ یہ آیت مکی ہے اور مکی سورت کا جز ہے اور رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحم کرنے کا حکم مکہ ہی میں مشروع ہو چکا تھا۔

دعویٰ ہبہ کے بطلان کی از روئے قرآن تیسری وجہ یہ ہے کہ وات ذا القربٰی کا سیاق و سباق اس چیز کو ظاہر کرتا ہے کہ اس آیت میں بالخصوص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب نہیں ہے بلکہ عام افراد امت سے خطاب ہے ملاحظہ کیجئے:

وقضی ربک الا تعبدوا الا ایاہ وبالوالدین احسانا اما یبلغن عندک الکبر احدھما اوکلھما فلا تقل لھما اف ولا تنھرھما وقل لھما قولا کریما ○ واخفض لھما جناح الذل من الرحمۃ وقل رب ارحمھما کما ربینی صغیرا ○ ربکم اعلم بما فی نفوسکم ان تکونوا صالحین فانہ کان للاوابین غفورا ○ وات ذا القربٰی حقہ والمسکین وابن السبیل ولا تبذر تبذیرا ○ ان المبذرین کانوا اخوان الشیٰطین وکان الشیطٰن لربہ کفورا ○ واما تعرضن عنھم ابتغاء رحمۃ من ربک ترجوھا فقل لھم قولا میسورا ○ ولا تجعل ید[illegible]

اور آپ کے رب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تم لوگ اس کے سوا اور کسی کی عبادت نہ کرو، اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو، اگر تمہارے پاس والدین میں سے کوئی ایک یا دونوں بڑھاپے میں رہیں تو انھیں اُف تک نہ کہو، اور ان کے سامنے نرمی اور رحم دلی کے ساتھ جھک کر رہو، اور یہ دعا کرو کہ اے پروردگار ان پر رحم فرما کیونکہ انھوں نے مجھے بچپن میں پالا تھا، تمہارا رب خوب جانتا ہے کہ تمہارے دلوں میں کیا ہے، اگر تم نیک چلنی اختیار کرو تو وہ توبہ کرنے اور رجوع کرنے والوں کو معاف فرمانے والا ہے، رشتہ داروں کو ان کا حق دو اور مسکین اور مسافر کو اس کا حق دو، فضول خرچی نہ کرو، بلا شبہ فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں، [illegible] رب کا نافرمان ہے، اگر تم [illegible]

عنقك ولا تبسطها كل البسط فتقعد ملوماً محسوراً۔

(اسراء: ۱۷/ ۲۹-۲۳)

اور مسکینوں وغیرہ سے) اس وجہ سے اعراض کرو کہ ابھی تم اپنے رب کی اس رحمت کے منتظر ہو جس کی تمہیں امید ہے، تو انھیں نرمی سے جواب دے دو، نہ تو اپنا ہاتھ گردن سے بندھا رکھو اور نہ اسے بالکل ہی کھلا چھوڑ دو کہ حسرت زدہ اور ملامت زدہ ہو کر بیٹھ جاؤ۔!

وآت ذاالقربیٰ حقہ۔ جن آیات کی سلک میں منسلک ہے ان کے سیاق و سباق سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ باقی آیات کی طرح اس آیت میں بھی عام انسان کو خطاب ہے کہ وہ ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرے، نیک چلنی اختیار کرے، توبہ کرے، قرابت دار کو، مسکین اور مسافر کو اس کا حق دے، فضول خرچی نہ کرے، سائل کو نرمی سے جواب دے، بے مدفراخی سے خرچ کرے نہ بہت تنگی سے۔ کوئی انصاف پسند شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ ان آیات سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کیا گیا ہے۔ ایران سے ایک جدید تفسیر آئی ہے جس کو علماء شیعہ کی ایک جماعت نے مرتب کیا ہے اس میں بھی اس حقیقت کا اعتراف کیا گیا ہے، لکھتے ہیں:

در اینکہ منظور از ذی القربیٰ در اینجا ہمہ خویشاوندان است یا خصوص خویشاوندان پیامبر صلی اللہ علیہ وسلم (زیرا مخاطب در آیت اوست) درمیان مفسران گفتگو است۔

آیت ذی القربیٰ سے عام رشتہ دار مراد ہیں یا بالخصوص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ دار مراد ہیں، اس بات میں مفسرین نے بحث کی ہے۔

در احادیث متعددی کہ در کتب بحث اہل خاص آمدہ می خوانیم کہ این آیہ بہ ذوی القربائے پیامبر صلے اللہ علیہ وسلم تفسیر شدہ، وحتیٰ در بعضے می خوانیم کہ بہ داستان بخشیدن سرزمین فدک بہ فاطمہ زہرا علیہا السلام نظر دارد۔

متعدد احادیث میں ہم یہ پڑھتے ہیں کہ یہ آیت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں کے ساتھ خاص ہے، حتیٰ کہ بعض تفاسیر میں ہم نے اس آیت کے تحت حضرت فاطمہ کو فدک کی سرزمین بخشنے کی روایت بھی پڑھی ہے۔

ولی ہمانگونہ کہ بارہا گفتہ ایم اینگونہ تفسیرہا مفہوم وسیع آیات را محدود نے کند، و در واقع بیان مصداق روشن و واضح است۔

اور ہم نے بارہا بیان کیا ہے کہ اس قسم کی تفاسیر اور روایات آیت کے مفہوم عام کو مقید اور محدود نہیں کر سکتیں اور در واقع یہ اس کا مصداق بالکل ظاہر ہے۔

خطاب بہ پیامبر صلے اللہ علیہ وسلم در جملہ "وآت" دلیل بر اختصاص این حکم بہ او نیست؛ زیرا سائر احکامے کہ در این سلسلہ آیات وارد شدہ، مانند نہی از تبذیر یا مدارا با سائل و مستمند و یا نہی از بخل و اسراف، ہمہ بصورت خطاب بہ پیامبر صلے اللہ علیہ وسلم ذکر شدہ درحالیکہ می دانیم این احکام جنبہ اختصاص ندارد، ومفہوم آن کاملاً عام است۔[1]

اس آیت میں وآت کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرنا اس حکم کے خاص ہونے کی دلیل نہیں ہو سکتی، کیونکہ ان آیات کے باقی تمام احکام عام ہیں، مثلاً فضول خرچی سے منع کرنا، سائل اور محتاج کو نرمی سے جواب دینا اور بخل اور زیادہ خرچ کرنے سے منع کرنا اور ہم خوب جانتے ہیں کہ یہ احکام اختصاص کا

[1] مجمع از نویسندگان، تفسیر نمونہ، ج ۱۲ ص ۸۷، مطبوعہ دارالکتب الاسلامیہ ایران، ۱۳۴۳ ھ

کا پہلو نہیں رکھتے اور ان تمام آیات کا مفہوم کلیۃً عام ہے

سورۂ روم میں بھی یہ آیت (وآت ذا القربیٰ حقہ[1]) ہے لیکن شیعہ علماء نے صرف سورۂ اسراء کی آیت کی تفسیر میں فدک ہبہ کرنے کی روایات بیان کی ہیں، جبکہ سورۂ روم بھی مکی ہے اور وہاں بھی سیاق وسباق میں عام احکام بیان کیے گئے ہیں اور ہم چونکہ اختصار کے درپے ہیں اس لیے ہم ان آیات کا ذکر نہیں کر رہے قارئین سورۂ روم کی آیت نمبر ۳۸ اور اس کے سیاق وسباق کو خود ملاحظہ فرمالیں۔

حاصل بحث یہ ہے کہ سورۂ حشر کی آیات سے واضح ہو گیا کہ فئی وقف ہوتا ہے اور وقف کو ہبہ نہیں کیا جا سکتا اور چونکہ فدک بھی بالاتفاق فئی ہے لہٰذا اس کو بھی ہبہ نہیں کیا جا سکتا اور وآت ذا القربیٰ حقہ سے فدک کو ہبہ کرنے پر استدلال دو وجہ سے صحیح نہیں ہے اوّل یہ آیت مکی ہے دوئم اس میں حکم عام ہے اور ان دونوں چیزوں کا علماء شیعہ نے بھی اعتراف کر لیا ہے۔ وللہ الحمد۔

فدک کو ہبہ کرنے کے دعویٰ کا میراث کے دعویٰ سے بطلان

علماء شیعہ کی طرف سے جو یہ دعویٰ کیا گیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو فدک ہبہ کر دیا تھا یہ اس وجہ سے بھی باطل ہے کہ خود علماء شیعہ کی تصریحات سے ثابت ہے کہ حضرت فاطمہ نے فدک کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وراثت سے لینے کا مطالبہ کیا تھا اور وراثت اسی مال میں جاری ہوتی ہے جو کسی کو ہبہ نہ کیا گیا ہو، لہٰذا مطالبہ میراث سے دعویٰ ہبہ باطل ہو گیا۔

فقیر سید محمد حسن قزوینی نے اس اعتراض کا یہ جواب دیا ہے کہ:

حضرت زہراء اپنے والد کی ملک سے ہبہ اور عطاء کے عنوان سے فدک کو نہیں لے سکتی تھیں۔ اس لیے انھوں نے میراث کا مطالبہ کیا اور صاحب حق کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنے حق کو ہر جائز طریقہ سے لینے کی جد وجہد کرے۔[1]

یہ عذر گناہ بدتر از گناہ ہے حضرت سیدتنا فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا کی طرف یہ منسوب کرنا کہ جو چیز میراث میں نہیں تھی آپ نے حصول دنیا کے لیے اس پر میراث کا دعویٰ کیا آپ کی طرف جھوٹ اور فریب کو منسوب کرنا ہے العیاذ باللہ!۔

کیا زمانہ جہاد اور تنگی اور عسرت کے دور میں حضرت فاطمہ کو فدک کی جاگیر کا ہبہ کرنا متصوّر تھا؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات ہجری میں خیبر کو فتح کیا اور اس کے بعد فدک آپ کے قبضہ اور تصرف میں آیا، اس زمانہ میں اشاعت اسلام مسلمانوں کی حفاظت، ان کو کفار کے حملوں سے محفوظ رکھنے، ایلچیوں اور مہمانوں کے ٹھہرانے

---

[1] فقیر سید محمد حسن قزوینی، فدک [illegible] مطبوعہ جامع طہران، ۱۳۹۸ھ ملخصاً

اور جہاد کی تیاری کے لیے مال و دولت کی سخت ضرورت تھی، اور عام مسلمان سخت تنگی اور افلاس میں مبتلا تھے، خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حالت تھی کہ کئی کئی روز فاقے سے رہتے اور ضروری حاجات کو پورا کرنے کے لیے بھی پیسہ نہ تھا۔ ان حالات میں عام مسلمانوں کی کفالت، اشاعت اسلام اور جہاد کی تیاری کے لیے مال و دولت کی سخت ضرورت تھی کہا جاتا ہے کہ فدک کی آمدنی چوبیس ہزار یا ستر ہزار دینار سالانہ تھی، ان حالات میں کوئی ہوش مند یہ باور کر سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ستر ہزار دینار سالانہ آمدنی کی جاگیر آئے اور آپ وہ تمام جاگیر اپنی ایک بیٹی کو بخش دیں! نہ اشاعت اسلام کا خیال کریں نہ جہاد کے ساز و سامان لینے کی فکر کریں نہ عام مسلمانوں کی ضروریات کا خیال کریں، سب کو نظر انداز کر کے یہ سارا مال و متاع اپنی بیٹی کو بخش دیں! کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور آپ کا کردار ایسا ہی تھا؟

اس کے برعکس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ مبارکہ یہ تھا کہ آپ کے پاس جب مال غنیمت آتا تو آپ دوسرے ضرورت مند مسلمانوں کو اس مال سے دیتے اور اپنے اہل بیت کو صبر اور ایثار و قربانی کی تلقین کرتے حتیٰ کہ ایک موقع پر سیدہ فاطمہ زہراء نے آپ سے خدمت کے لیے ایک کنیز مانگی تو وہ بھی نہیں دی اور ان کو تسبیح کرنے کی تلقین کی، ملا باقر مجلسی بیان کرتے ہیں:

بسند معتبر جناب امیر سے روایت ہے جناب فاطمہ حضرت رسول کو محبوب ترین مردم تھیں اور اس قدر مشکیزے پانی کے اٹھائے کہ سینہ مبارک سے اثر ایذاء ظاہر ہوا اور اس قدر چکی پیسی کہ ہاتھ مجروح ہو گئے اور اس قدر گھر میں جھاڑو دی کہ کپڑے گرد آلود ہو گئے اور اس قدر کھانے پکائے اور آگ سلگائی کہ کپڑے سیاہ ہو گئے لہذا کثرت کاروبار سے جناب سیدہ کو سخت تکلیف ہوئی۔ میں نے ایک روز کہا کہ اپنے پدر بزرگوار کے پاس جاؤ کر مجھے کام کاج کے لیے ایک کنیز مول لے دیجئے۔ جناب فاطمہ رسول خدا کے پاس گئیں لوگوں کا ہجوم دیکھا کہ حضرت سے باتیں کر رہے ہیں اس وقت حیاء مانع ہوئی کہ حضرت سے بات کریں، گھر ہی پھر (واپس) آئیں، جناب رسول خدا نے خیال فرمایا اور جانا کہ فاطمہ کسی کام کو آئی تھیں، دوسرے دن صبح کو حضرت ہمارے پاس آئے اور ہم دونوں ایک لحاف میں تھے، دوسرا کپڑا نہ تھا کہ اسے اوڑھ کر باہر آتے حضرت نے فرمایا السلام علیکم، ہمیں شرم آئی کہ اسی حالت میں حضرت کے سلام کا جواب دیں، دوسری مرتبہ حضرت نے سلام کیا اور ہم نے حیاء سے جواب نہ دیا، تیسری مرتبہ حضرت نے سلام کیا ہم ڈرے اگر ہم جواب نہ دیں گے تو حضرت پھر جائیں گے اور حضرت کی یہی عادت تھی، میں نے کہا وعلیکم السلام یا رسول اللہ تشریف لائیے۔ پس حضرت تشریف لاتے سرہانے بیٹھے اور فرمایا: اے فاطمہ کل میرے پاس کیوں آئی تھیں؟ جب جناب سیدہ نے مارے شرم کے نہ دیا، میں ڈرا اگر جواب نہ دیا تو حضرت اٹھ جائیں گے اس وقت میں نے لحاف سے سر نکالا اور جناب فاطمہ کا مطلب عرض کیا، حضرت نے فرمایا کہ میں تم کو اس چیز کی خبر نہ دوں جو تمہارے لیے کنیز سے بہتر ہو، پس فرمایا جب بستر خواب پر جاؤ تینتیس مرتبہ سبحان اللہ، تینتیس مرتبہ الحمد للہ، اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر کہو، اس وقت جناب فاطمہ نے لحاف سے منہ نکال کر تین مرتبہ فرمایا میں خدا اور رسول سے راضی ہوں۔ [1]

یہ ائمہ شیعہ کا بیان کی ہوئی روایت ہے [2] اور اس روایت سے یہ معلوم ہو گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ

---

[1] ملا محمد باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۰ھ، جلاء العیون ج ۱ ص ۱۸۶-۱۸۷، (مترجم) مطبوعہ شیعہ جنرل بک ایجنسی لاہور۔

[2] اس سے ملتی جلتی روایت صحیح بخاری ج ۲ ص ۸۰۸-۸۰۷ میں بھی مذکور ہے۔ ۱۲ سعیدی غفرلہ

کے لیے مال دینا کو پسند نہیں کرتے تھے اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب فاطمہ کو ایک کنیز تک نہیں دی تو کیسے باور کیا جا سکتا ہے کہ آپ نے تمام مسلمانوں کی ضروریات جہاد اور اشاعت اسلام کے تقاضوں کو یکسر نظر انداز کر کے ستر ہزار سالانہ آمدنی کی جاگیر حضرت فاطمہ کو ہبہ کر دی ہو!

اب ہم ائمہ شیعہ کی بیان کردہ ایک اور روایت پیش کر رہے ہیں جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت فاطمہ کے پاس دنیاوی مال دیکھنا سخت ناپسند تھا، ملا باقر مجلسی بیان کرتے ہیں:

مکارم اخلاق میں بسند معتبر حضرت امام محمد باقر سے روایت ہے جب جناب رسول خدا سفر کا ارادہ فرماتے تو سب سے آخر میں جناب فاطمہ کو رخصت کرتے اور ان کے گھر سے متوجہ سفر ہوتے اور جب سفر سے واپس آتے تو سب سے پہلے جناب فاطمہ سے ملاقات کرتے۔ جناب امیر نے مال غنیمت میں کوئی چیز لڑائی میں پائی تھی اور وہ جناب سیدہ کو دے دی تھی، جب جناب رسول خدا سفر میں گئے تو جناب فاطمہ نے اس مال غنیمت سے دو چاندی کے کڑے بنوائے، ہاتھ میں پہنے اور کپڑا لے کر دروازہ پر پردہ ڈالا، جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے واپس آئے اور داخل خانہ زہرا ہوئے، جناب فاطمہ خوش خوش استقبال کو آئیں حضرت نے جب کڑے اور پردہ دیکھا پھر (واپس) آگئے اور مسجد میں جا کر بیٹھے، جناب سیدہ کو اس بات سے بہت رنج ہوا اور رو کر فرمانے لگیں اس سے پہلے حضرت نے کبھی ایسا نہیں کیا پس جناب حسن اور امام حسین کو بلایا اور پردہ کھول ڈالا، ایک صاحبزادے کو کڑے اور دوسرے کو پردہ دیا اور فرمایا ان کو میرے پدر بزرگوار کے پاس لے جاؤ اور میرا سلام کہو اور کہو کہ آپ کے تشریف لے جانے کے بعد میں نے اس کے سوائے اور کوئی کام نہیں کیا جو آپ کے غصہ اور غضب کا باعث ہو، آپ ان چیزوں کو جو چاہیں فرمائیں، جب دونوں شاہزادوں نے اپنی مادر بزرگوار کا پیغام پہنچایا، حضرت نے دونوں فرزندوں کو گود میں لیا اور پیار کیا، دونوں کو اپنے زانوؤں پر بٹھایا پھر حکم دیا کہ ان کڑوں کو توڑ کر اہل صفہ کے ان فقراء مہاجرین میں تقسیم کر دو جن کے پاس رہنے کے لیے مکان نہیں تھے اور پردہ کو لنگی (تہبند) کے برابر ٹکڑے ٹکڑے کیا اور ان لوگوں میں تقسیم کر دیا جن کے پاس ستر پوشی کے لیے کپڑا نہیں تھا، حضرت نے فرمایا خدا فاطمہ پر رحمت نازل کرے اور اس کو کپڑے کے عوض جامہ ہائے بہشت پہنائے۔ [1]

یہ واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے عین مطابق ہے، اور اس واقعہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت سیدہ فاطمہ مزاج شناس رسول تھیں اور جب آپ نے جان لیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے پاس متاع دنیا دیکھنا پسند نہیں ہے تو چاندی کے ان دونوں کڑوں اور کپڑے کے اس پردہ کو فوراً فقراء مہاجرین پر صدقہ کر دیا اور اس روایت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت فاطمہ کی خوشحالی کی بہ نسبت فقراء مہاجرین کی ضروریات کا زیادہ احساس تھا، سوچیے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت فاطمہ کے پاس مال دنیا میں چاندی کے دو کڑے اور پردے کی ایک چادر بھی دیکھنا گوارہ نہ تھا اور آپ ان کے پاس یہ مال دیکھ کر غصہ میں آگئے اور ان سے ملے بغیر واپس چلے گئے تو کیسے تصور کیا جا سکتا ہے کہ آپ نے مال دنیا میں ستر ہزار دینار سالانہ آمدنی کی اراضی حضرت فاطمہ کو ہبہ کر دی ہو، اور جس زمانہ میں مسلمانوں کی غربت اور افلاس کا یہ عالم ہو کہ ان کو جہاد کے لیے سواریاں تک میسر ہوں، وہ نان شبینہ کے محتاج ہوں اس وقت اللہ نے جو مال فئی آپ کو یتیموں، مسکینوں اور مسافروں پر

[1] ملا محمد باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۰ھ، جلاء العیون [illegible] لاہور

خرچ کرنے کے لیے دیا ہو آپ اس مال کو بجائے حاجت مندوں اور غرباء پر تقسیم کرنے کے وہ تمام مال اپنی بیٹی کو ہبہ کر دیں! کیا یہ عمل نبی کی سیرت کے مطابق ہے؛ خصوصاً اس نبی کی جس نے عیش و عشرت سے زندگی بسر کرنے کے بجائے سادگی سے زندگی بسر کی ہو اور اسی کی امت کو تلقین کی ہو کیا یہ ممکن ہے کہ جو امت کو ویؤثرون علی انفسھم۔ (اپنی ضروریات پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں) کا وعظ کرتا ہو وہ عین تنگی اور عسرت کے زمانہ میں جب لوگوں کو جہاد کے لیے سواریاں میسر نہیں تھیں ایسے میں وہ عام مسلمانوں کی ساری ضروریات اور اشاعت دین کے تمام تقاضوں سے صرف نظر کر کے اتنی بڑی جاگیر اپنی بیٹی کو ہبہ کر دے!

آخر دورِ رسالت تک مسلمانوں کی تنگی اور عسرت پر کتب شیعہ سے شواہد

جس زمانہ میں فدک پر قبضہ ہوا ہے اس زمانہ میں مسلمانوں کی تنگی اور عسرت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ سات ہجری میں فدک ملا اور دس ہجری میں حجۃ الوداع ہوا اور جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حج سے واپس آئے تو اس وقت بھی آپ کے پاس غیر ملکی وفود کی ضیافت کے لیے کچھ نہ تھا۔ شیخ کلینی روایت کرتے ہیں:

فلما رجع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حجۃ الوداع ---- (الی قولہ) فلما قدم المدینۃ اتتہ الانصار فقالوا یا رسول اللہ ان اللہ جل ذکرہ قد احسن الینا و شرفنا بك و بنزولك بین ظھرانینا فقد فرح اللہ صدیقنا وکبت عدونا وقد یاتیك وفود، فلا تجد ما تعطیھم فیشمت بك العدو فنحب ان تأخذ ثلث اموالنا حتی اذا قدم علیك وفد مکۃ وجدت ما تعطیھم، فلم یرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیئا وکان ینتظر ما یأتیہ من ربہ فنزل جبرئیل علیہ السلام، لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربی ولم یقبل اموالھم[1]

جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع سے واپس تشریف لائے اور مدینہ پہنچے تو آپ کے پاس انصار آئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہم میں مبعوث فرما کر ہم پر بڑا احسان کیا ہے اور آپ کی تشریف آوری سے ہم کو منور فرمایا۔ آپ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے دوستوں کو خوش کیا اور ہمارے دشمنوں کو ذلیل کیا، آپ کے پاس باہر سے وفود آتے ہیں اور آپ کے پاس اتنا بھی نہیں ہوتا کہ آپ ان کو کچھ عطا فرمادیں، اس سے آپ کے دشمن ہنستے ہیں، اس لیے ہم یہ چاہتے ہیں کہ آپ ہمارا ایک تہائی مال قبول فرمائیں تاکہ جب آپ کے پاس مکہ سے وفد آئیں تو آپ ان پر خرچ کر سکیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی جواب نہیں دیا، اور اپنے رب کی وحی کا انتظار کرتے رہے؛ پھر جبرائیل علیہ السلام یہ آیت لے کر نازل ہوئے لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ۔ اور آپ نے ان کے مال کو قبول نہیں فرمایا۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ عہد رسالت میں اخیر زمانہ تک عسرت اور تنگی کا دور دورہ تھا حتیٰ کہ آپ کے پاس

---

[1] شیخ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی متوفی ۳۲۹ھ، الاصول من الکافی ج ۱ ص ۲۹۵، مطبوعہ دار الکتاب الاسلامیہ تہران ۱۳۶۵ھ

مہمانوں اور وفود کی خاطر مدارات کے لیے بھی کچھ نہ تھا، پھر کیسے باور کیا جا سکتا ہے کہ ایسی تنگی اور عسرت کے دور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ستر ہزار دینار سالانہ آمدنی کی جاگیر اپنی بیٹی کو بخش دی ہو اور تبلیغ اسلام اور مسلمانوں کی ضروریات کا کچھ خیال نہ کیا ہو۔

حضرت فاطمہ کا غزوہ تبوک میں کوئی صدقہ نہ دینا فدک کو ہبہ کرنے کے خلاف ہے

۷ ہجری میں فدک حاصل ہوا اور ۹ ہجری میں غزوہ تبوک ہوا، اس غزوہ میں مسلمان بہت تنگی اور عسرت میں مبتلا تھے۔ حتی کہ جہاد میں شامل ہونے کے لیے مسلمانوں کے پاس سواریاں بھی نہ تھیں، اس موقع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو جہاد میں مالی امداد فراہم کرنے پر برانگیختہ کیا اور صحابہ کرام نے بڑی فراخدلی سے اس جہاد میں مالی صدقات دیے، اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ۷ ہجری میں حضرت فاطمہ کو فدک دے دیا تھا تو چاہیے تھا کہ دیگر صحابہ کی طرح حضرت فاطمہ بھی غزوہ تبوک میں بیش بہا امداد کرتیں جب حضرت فاطمہ مال دنیاوی سے چاندی کے دو کڑے اور ایک پردہ بھی اپنے پاس نہیں رکھتیں تو اس موقع پر تو وہ ستر ہزار دینار سالانہ کی مالک تھیں چاہیے یہ تھا کہ وہ غزوہ تبوک کی امداد کے لیے ہزاروں دینار صدقہ کرتیں لیکن افسوس کہ تاریخ شیعہ میں بھی اس موقع پر حضرات صحابہ کرام کے صدقہ و خیرات کا تو بکثرت ذکر ہے لیکن حضرت فاطمہ اور حضرت علی کی طرف سے غزوہ تبوک میں ایک دینار تک کے صدقہ کا ذکر نہیں ہے، اس سے معلوم ہوا کہ فدک کو ہبہ کرنے کا دعویٰ محض افسانہ اور داستان سرائی ہے اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے ورنہ یہ ممکن نہ تھا کہ حضرت فاطمہ اتنی بڑی جاگیر کی مالک ہونے کے باوجود غزوہ تبوک کی مالی مہم میں کوئی حصہ نہ لیتیں۔

اب ہم شیعہ مؤرخین کے حوالوں سے پہلے غزوہ تبوک میں مسلمانوں کی تنگی اور عسرت کا ذکر کریں گے اور پھر یہ بیان کریں گے کہ غزوہ تبوک میں درپیش مالی مہم میں حصہ لینے والے کون کون مسلمان تھے!

شیخ احمد بن ابی یعقوب لکھتے ہیں:

غزوہ تبوک میں رسول خدا ایک بہت بڑی جماعت کے ساتھ تبوک شام کی طرف روانہ ہوئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام قبیلوں کی طرف ان کے سرداروں کو روانہ کیا تھا تاکہ وہ لوگوں کو جہاد کی رغبت دلائیں اور مال اللہ کو آپ نے مالی صدقات دینے کی ترغیب دی، انھوں نے بہت صدقات دیے اور ناداروں کو تونگر کر دیا، اور رسول خدا نے فرمایا افضل الصدقة جهد المقل۔ "بہترین صدقہ وہ ہے جس کو نادار مشکلات کے باوجود دیتا ہے" کئی مسلمان آپ کے پاس آکر رونے لگے اور یہ مطالبہ کیا کہ آپ ان کو جہاد کے لیے سواریاں دیں، ان میں عمرو بن عوف، سالم بن عمیر، عمرو بن حمام، عبدالرحمن بن کعب اور صخر بن سلیمان وغیرہ تھے آپ نے فرمایا لا اجد ما احملکم علیہ "تمہیں سوار کرنے کے لیے میرے پاس سواریاں نہیں ہیں۔"[1]

ایک اور شیعہ مؤرخ غزوہ تبوک کے بیان میں لکھتے ہیں:

[1] شیخ احمد بن ابی یعقوب متوفی ۲۹۰ھ [illegible] مرکز انتشارات علمی و فرہنگی ایران، ۱۳۶۲ھ

جب پیغمبر نے جہاد کی تیاری پر برانگیختہ کیا تو مدینہ کے مسلمانوں میں جوش اور جذبہ پیدا ہوا، (حضرت) عثمان بن عفان نے اس وقت دو سو اونٹ اور دو سو اوقیہ (آٹھ ہزار درہم) چاندی شام کی تجارت کے لیے رکھی تھی، انھوں نے وہ تمام مال لا کر رسول اللہ کے سامنے اس لشکر کی تیاری کے لیے رکھ دیا، رسول اللہ نے فرمایا: لا یضر عثمان ما عمل بعد ھذا۔ "اس عمل کے بعد عثمان کو کسی عمل سے ضرر نہیں ہوگا" اور ایک روایت میں ہے کہ تین سو اونٹ مع ساز و سامان اور ایک ہزار مثقال سونے کے دینار پیش کیے، پیغمبر (علیہ السلام) نے فرمایا: اللّٰھم ارض عن عثمان فانی عنہ راض "اے اللہ! عثمان سے راضی ہو جا کیونکہ میں بھی اس سے راضی ہوں" اور ایک روایت میں ہے کہ لشکر تبوک میں تیس ہزار افراد تھے جن میں سے بیس ہزار افراد کو حضرت عثمان نے جہاد کا سامان فراہم کیا تھا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: من جھز جیش العسرۃ فلہ الجنۃ فجھزھا عثمان۔ "جس نے تنگ دست لشکر کو ساز و سامان دیا اس کے لیے جنت ہے" پس (حضرت) عثمان نے اس لشکر کو ساز و سامان دیا۔

(حضرت) عمر بن الخطاب کہتے تھے کہ میرے دل میں یہ خیال تھا کہ میں آج ابوبکر پر سبقت لے جاؤں گا اور اپنے تمام مال و متاع کا نصف رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس لے گئے، اس وقت (حضرت) ابوبکر آئے اور اپنا سارا مال و متاع لا کر آپ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ آپ نے پوچھا کہ اپنے گھر والوں کے لیے کیا رکھا ہے کہا ادخرت اللہ ورسولہ "میں نے ان کے لیے اللہ اور اس کے رسول کو رکھا ہے، عمر نے کہا: اے ابوبکر! جس جگہ تم ہو گے وہاں میں تم پر سبقت نہیں کر سکتا۔"

(حضرت) عبدالرحمن بن عوف نے چالیس اوقیہ سونا پیش کیا، اور ایک روایت میں ہے چار ہزار درہم پیش کیے کہنے لگے میرے پاس آٹھ ہزار درہم تھے نصف خدا کی راہ میں دے دیے اور نصف اپنے اہل خانہ کے لیے رکھ لیے، خلاصہ یہ ہے عباس بن مطلب، طلحہ بن عبید اللہ، سعد بن عبادہ، محمد بن مسلمہ ان میں سے ہر ایک نے ایک متاع پیش کی، عاصم بن عدی انصاری نے لشکر کی تیاری کے لیے ایک سو وسق (چوبیس ہزار کلو) کھجوریں پیش کیں، ابو عقیل انصاری ایک صاع (چار کلو) یا نصف صاع (۲ کلو) کھجوریں کر آئے اور کہا مجھے دو صاع اجرت ملی تھی آدھی اپنے اہل و عیال کے لیے رکھ لی اور آدھی لے کر حاضر ہوا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کھجوروں کو باقی کھجوروں کے اوپر رکھ دیا، منافقوں نے اس صدقہ کے کم ہونے کی وجہ سے اس کی مذمت کی اور کہا یہ صدقہ اس لیے لایا ہے تاکہ صدقات کے مال سے کوئی چیز لے اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی:

الذین یلمزون المطوعین من المؤمنین فی الصدقات والذین لا یجدون الا جھدھم فیسخرون منھم سخر اللہ منھم ولھم عذاب الیم۔

(توبہ: ۷۹)

جو لوگ بہ رضا و رغبت صدقات دینے والے مسلمانوں کے صدقات میں عیب نکالتے ہیں اور ان لوگوں کے صدقات میں عیب نکالتے ہیں جن کے پاس صرف ان کی مزدوری کی اجرت ہوتی ہے، اور ان کا مذاق اڑاتے ہیں، اللہ تعالیٰ انھیں ان کے مذاق اڑانے کی سزا دے گا، اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

بہت سی مسلمان عورتوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے زیورات بھیجے تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی قیمت کو لشکر کی ضروریات میں صرف کریں، اس وقت سالم بن عمیر، عتبہ بن زید حارثی، ابولیلی عبدالرحمن بن کعب، عمرو بن عتمہ اسلمی، سلمہ بن صخر، عرباض بن ساریہ اسلمی، عبداللہ بن مغفل، مہدی بن عبدالرحمن، عمرو بن الحمام بن الجموح، اور صخر بن خنساء نے کہا: یارسول اللہ! ہمارے پاس سواریاں نہیں ہیں کہ آپ کے ساتھ جہاد کے لیے جاسکیں، آپ ہمیں سواریاں دیں تاکہ ہم آپ کے ساتھ جہاد کے لیے جاسکیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس تمہیں سوار کرنے کے لیے سواریاں نہیں ہیں وہ لوگ واپس چلے گئے درآں حالیکہ جہاد پر نہ جاسکنے کی وجہ سے ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے، اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی:

ولا علی الذین اذا ما اتوك لتحملهم قلت لا اجد ما احملكم علیه تولوا و اعینهم تفیض من الدمع حزنا الا یجدوا ما ینفقون۔ (توبہ: ۲۹)

ان لوگوں پر کوئی حرج نہیں ہے جو آپ کے پاس سواری (لینے) کے لیے حاضر ہوئے اور آپ نے فرمایا: تمہیں سوار کرنے کے لیے میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے تو وہ لوگ واپس لوٹ گئے درآں حالیکہ اس غم کے سبب سے ان کی آنکھوں سے آنسو بہ رہے تھے کہ ان کے پاس خرچ کرنے کے لیے کچھ نہیں ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ ابن یامین بن عمرو بن کعب نے ابولیلی اور ابو معقل کو ایک اونٹ دیا کہ اس پر باری باری بیٹھیں اور عباس بن عبدالمطلب نے دو شخصوں کو اور عثمان بن عفان نے تین شخصوں کو زاد اور حلہ دیا، اور ان لوگوں میں سے علبہ بن زید وہ شخص ہے کہ جب لوگ مختلف صدقات لا رہے تھے تو انھوں نے خود کو بطور صدقہ پیش کیا اور کہا یارسول اللہ! لوگ صدقات لارہے ہیں میرے پاس دینے کے لیے کوئی چیز نہیں ہے میں اپنے آپ کو تصدق کرتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمہارے صدقہ کو قبول کرلیا، ابوموسیٰ اشعری کہتے ہیں کہ میں اشعریین کی ایک جماعت کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جہاد کے لیے سواریاں مانگنے گیا آپ نے فرمایا بخدا! میں تم کو سوار نہیں کروں گا ہم غمگین ہو کر واپس لوٹے، بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا اور ہم میں سے چھ افراد کو سواریاں دیں، الغرض تیس ہزار افراد پر مشتمل لشکر تبوک روانہ ہوا جس میں ایک ہزار سوار تھے اور باقی پیادہ تھے۔ [1]

شیعہ مؤرخ میرزا محمد تقی نے غزوہ تبوک میں صدقات دینے والوں کا تفصیلی بیان کیا ہے اور ڈھونڈ ڈھونڈ کر ان تمام صحابہ کرام کے نام ذکر کیے ہیں جنھوں نے غزوہ تبوک میں صدقات دیے حتیٰ کہ جس نے دو کلو کھجوریں دیں ان کا نام بھی ذکر کیا ہے، اگر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا غزوہ تبوک میں کوئی صدقہ دیتیں اور اس جہاد میں مسلمانوں کی مدد کرتیں تو وہ اس کا بڑے طمطراق سے ذکر کرتے، لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ کسی شیعہ مؤرخ نے غزوہ تبوک میں حضرت فاطمہ کی طرف سے مالی مدد کا ذکر نہیں کیا، اور حضرت فاطمہ ایسی عابدہ، زاہدہ اور راہ خدا میں فیاضی سے خرچ کرنے والی خاتون جنت سے یہ کسی طور متصور نہیں ہے کہ ان کے قبضہ اور تصرف میں دو سال سے فدک کی اتنی بڑی جاگیر ہو جس کی آمدنی

---

[1] مورخ شہیر میرزا محمد تقی متوفی [illegible] کتاب فروشی اسلامیہ ایران، طبع دوم، ۱۳۶۳ھ

بقول شیعہ علماء چوبیس یا ستر ہزار دینار سالانہ ہو اور وہ ایسی تنگی اور عسرت کے وقت میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہاد میں مالی مدد کی بار بار اپیل کر رہے ہوں اور اس تنگ دست لشکر کے تیار کرنے والے کو جنت کی نوید سنا رہے ہوں، وہ اس لشکر کی مدد کے لیے ایک پائی بھی نہ دیں۔ یقیناً سیدتنا حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کا دامن اس تہمت سے پاک ہے اور فدک کو ہبہ کرنے کا دعویٰ محض داستان سرائی اور افسانہ ہے اور اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے، ورنہ حضرت سیدہ فاطمہ پر ایک بڑی مکروہ تہمت لازم آئے گی جو خناترین مال دنیا میں سے چاندی کے دو ٹکڑے اور ایک پردہ کا کپڑا بھی اپنے پاس رکھنے کی روادار نہیں ہیں اور اس کو ضرورت مندوں میں تقسیم کے لیے دے دیتی ہیں ان سے یہ کب متصور ہے کہ وہ اس آزمائش کے وقت میں جب ہر شخص پر کچھ نہ کچھ صدقہ دینے کی دھن سوار تھی اگر کسی کے پاس کویا دو کھجوریں تھیں تو وہ اسی کو لے کر چلا آرہا تھا اور جس کے پاس کچھ نہ تھا وہ خود اپنے آپ کو صدقہ کر رہا تھا صدقات و خیرات کا ایک سیل رواں تھا، ایک طوفان تھا جو امڈا چلا آرہا تھا اور ایسے میں حضرت فاطمہ کے پاس مفت میں ملی ہوئی اتنی بڑی جاگیر ہو اور وہ اس میں سے راہ خدا میں ایک حبہ بھی نہ دیں، وہ کریمہ بنت کریم ہیں بخدا یہ ان سے متصور نہیں ہے اور یہ کہنا کہ ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فدک ہبہ کر دیا تھا اور اس کو ان کے قبضہ اور تصرف میں دے دیا تھا اور انہوں نے فدک پر اپنا ایک وکیل مقرر کر دیا تھا محض ایک جھوٹ ہے، دروغ بے فروغ ہے اور حضرت سیدہ فاطمہ کی پاکیزہ سیرت پر ایک بدنما اور ناروا تہمت ہے۔

اہل سنت کی کتابوں سے حضرت فاطمہ کو فدک کے ہبہ کرنے پر علماء شیعہ کا استدلال

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو فدک کے ہبہ کرنے پر علماء شیعہ نے اس سے استدلال کیا ہے کہ اہل سنت کی کتابوں میں بھی حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہ روایت ہے کہ جب " وات ذا القربی حقہ " (اسراء: ۱۷/ ۲۶) نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو فدک دے دیا۔

یہ روایت حافظ نور الدین الہیثمی نے طبرانی کے حوالے سے ذکر کی ہے:

عن ابی سعید قال لما نزلت (وات ذا القربی حقہ) دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاطمۃ فاعطاھا فدک۔ رواہ الطبرانی وفیہ عطیۃ العوفی وھو ضعیف متروک۔[1]

ابو سعید بیان کرتے ہیں کہ جب وآت ذا القربی حقہ نازل ہوئی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو بلایا اور ان کو فدک عطا فرمایا۔ اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کی سند میں عطیہ عوفی ضعیف اور متروک ہے۔

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۷، ص ۴۹، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

اس حدیث کو علامہ سیوطی [۱] نے اور حافظ الہیثمی نے امام بزار کی سند سے بھی روایت کیا ہے۔ [۲]
یہ حدیث کنز العمال اور مدارج النبوۃ میں بھی مذکور ہے۔

علماء شیعہ کے استدلال کا جواب شاہ عبدالعزیز سے

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ان روایات سے استدلال کے جواب میں لکھتے ہیں:

شیعہ علماء کا ایک مکر یہ بھی ہے کہ تفاسیر اور سِیَر میں اہل سنت کی جو کتابیں قلیل الاستعمال ہیں اور چنداں شہرت نہیں رکھتیں اور نہ زیادہ دستیاب ہوتی ہیں ان میں وہ ایسی جھوٹی باتیں ملا دیتے ہیں جن سے شیعہ مذہب کا ثبوت ہو اور سُنّی مذہب کا بطلان ہو، چنانچہ فدک کے ہبہ کا قصہ بعض تفاسیر میں شامل کر دیا ہے اور اس طرح بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "وآت ذا القربیٰ حقہ" تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو بلایا اور فدک دے دیا لیکن جھوٹے کا حافظہ کہاں ہوتا ہے ان کو یہ یاد نہ رہا کہ یہ آیت مکی ہے اور مکہ میں فدک کہاں؟ پھر یہ بھی چاہیے تھا کہ آپ مساکین اور ابن سبیل کو بھی کچھ وقف فرماتے تاکہ تمام آیت پر عمل ہوتا اس کے علاوہ اعطاھا فدک سے ہبہ وتملیک ثابت نہیں ہوتی اس کی بجائے وھبہا کا لفظ ذکر ہونا چاہیے تھا۔ [۳]

فدک کو ہبہ کیے جانے کے بارے میں روایت کردہ حدیث کی فنی حیثیت

اس حدیث کو حافظ الہیثمی نے امام بزار کی سند کے ساتھ روایت کیا ہے ہم اس حدیث کو اس کی پوری سند کے ساتھ بیان کرتے ہیں اس کے بعد ہر راوی کی فنی حیثیت پر اسماء رجال کی مستند کتابوں سے بحث کریں گے، حافظ الہیثمی لکھتے ہیں:

حدثنا عباد بن یعقوب ثنا ابو یحیی تیمی ثنا فضیل بن مرزوق عن عطیۃ عن ابی سعید قال: لما نزلت ھذہ الآیۃ (وآت ذا القربی حقہ) دعا رسول اللہ فاطمۃ فاعطاھا فدك۔ [۴]

امام بزار عباد بن یعقوب سے وہ ابو یحییٰ تیمی سے وہ فضیل بن مرزوق سے، وہ عطیہ سے وہ ابو سعید سے روایت کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: (وآت ذا القربی حقہ) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو بلایا اور فدک عطا کر دیا۔

اس حدیث کے تمام راوی شیعہ ہیں آخری راوی جن کو ابو سعید لکھا ہے یہ محمد بن سائب کلبی ہے اس شخص نے دجل کے لیے کئی کنیتیں اختیار کی تھیں ان میں سے ایک ابو سعید ہے، شیعہ علماء نے یہ ظاہر کیا ہے کہ یہ مشہور صحابی حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ ہیں، چنانچہ تفسیر مجمع البیان اور دیگر کتب شیعہ میں لکھا ہے کہ ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ

۱۔ علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ، در منثور ج ۴ ص ۱۷۷، مطبوعہ مطبعہ میمنہ مصر، ۱۳۱۴ھ
۲۔ حافظ نور الدین علی بن ابی بکر ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، کشف الاستار عن زوائد البزار ج ۳ ص ۵۵، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۴ھ
۳۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی متوفی ۱۲۳۹ھ، تحفہ اثنا عشریہ ص ۲۷۰۔۲۶۶، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
۴۔ حافظ نور الدین الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، کشف الاستار ج ۳ ص ۵۵، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۴ھ
۵۔ اصل کتاب میں فما عطاک ہے لیکن فاعطاھا فدک ہی لکھا گیا ہے۔ سعیدی غفرلہ

جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو بلا کر فدک عطا کر دیا، حالانکہ یہ روایت ابو سعید کلبی کی ہے ابو سعید خدری کی نہیں ہے کیونکہ عطیہ کی حضرت ابو سعید خدری سے کوئی روایت نہیں ہے۔ اس کی روایت محمد بن سائب ابو سعید کلبی سے ہے، یہ اس سند کے مردود ہونے کا ایک اجمالی بیان ہے اب ہم تفصیل سے ہر ایک راوی پر مفصل گفتگو کرتے ہیں، فاقول باللہ التوفیق وبہ الاستعانۃ یلیق۔

عباد بن یعقوب

اس حدیث کی سند کا پہلا راوی ہے عباد بن یعقوب، شیخ عبدالوہاب اس کے متعلق لکھتے ہیں:
عباد بن یعقوب رواجنی متروک ہے، شیخ سیوطی نے کہا ہے کہ یہ کبار روافض میں سے ہے، اور منکر روایت کو بیان کرتا ہے۔[1]

حافظ ذہبی اس کے بارے میں لکھتے ہیں:
عباد بن یعقوب اسدی رواجنی کوفی، انتہائی غالی شیعہ تھا اور اہل بدعت کا سرخیل تھا، عبدان اہوزی نے ثقات سے روایت کیا ہے کہ عباد بن یعقوب سلف کو گالیاں دیتا تھا اور صالح جزرہ نے بیان کیا ہے کہ عباد بن یعقوب حضرت عثمان کو گالیاں دیتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ اللہ تعالیٰ اس سے کہیں عادل ہے کہ وہ طلحہ اور زبیر کو جنت میں داخل کرے جنھوں نے حضرت علی سے بیعت کرنے کے بعد ان سے جنگ کی۔ ابو نعیم نے حافظ محمد بن جریر سے روایت کیا ہے کہ میں نے عباد کو یہ کہتے ہوئے سنا جو شخص ہر روز نماز میں اعداء آل محمد سے تبرّی نہ کرے اس کا حشر انہیں کے ساتھ ہوگا ابن حبان نے کہا یہ شخص ۲۵۰ ھ میں فوت ہوگیا، یہ رفض کی دعوت دیتا تھا اس کے باوجود مشاہیر سے منکر احادیث روایت کرتا تھا یہ راوی ترک کیے جانے کا مستحق ہے۔[2]

حافظ ابن حجر عسقلانی عباد بن یعقوب کے متعلق لکھتے ہیں:
یہ شخص سلف کو گالیاں دیتا تھا اور اس میں تشیع تھا، ابن عدی نے کہا عباد غالی شیعہ تھا اس نے فضائل اور مثالب میں منکر روایات بیان کی ہیں، صالح بن محمد نے کہا یہ حضرت عثمان کو گالیاں دیتا تھا اور کہتا تھا کہ اللہ اس سے کہیں عادل ہے کہ وہ طلحہ اور زبیر کو جنت میں داخل کرے، حالانکہ انھوں نے حضرت علی سے بیعت کرنے کے بعد ان سے جنگ کی۔

قاسم بن زکریا بیان کرتے ہیں کہ میں نے کوفہ کے مشائخ سے احادیث سنیں پھر میں عباد بن یعقوب کے پاس گیا درآں حالیکہ وہ اپنے شاگردوں سے امتحان لے رہا تھا اس نے مجھ سے پوچھا سمندر کو کس نے کھودا؟ میں نے کہا اللہ نے، اس نے کہا ٹھیک ہے لیکن اس کو کس نے کھودا؟ میں نے کہا آپ بتائیں اس نے کہا حضرت علی نے، اس نے پھر پوچھا سمندر کو کس نے جاری کیا؟ میں نے کہا اللہ ہی دریاؤں کو جاری کرنے والا ہے، اس نے کہا یہ ٹھیک ہے لیکن کس نے جاری کیا؟ میں نے کہا آپ بتائیں، اس نے کہا حضرت حسین نے سمندر کو جاری کیا۔ اس کے گھر میں ایک تلوار لٹکی ہوئی تھی میں نے پوچھا یہ تلوار کس لیے ہے؟ اس نے کہا میں نے یہ تلوار مہدی کے ساتھ جہاد کے لیے لی ہے۔

---

[1] شیخ عبدالوہاب بن مولوی محمد غوث مدراسی، کشف الاحوال فی نقد الرجال ص ۷۵، مطبوعہ مطبع علوی، ۱۳۰۳ ھ
[2] حافظ شمس الدین ذہبی متوفی ۷۴۵ ھ، میزان الاعتدال ج ۲ ص ۱۵، مطبوعہ مطبع محمدی لکھنؤ، ۱۳۰۱ ھ

کی ہے، جب میں واپس جانے لگا تو اس نے مجھ سے پوچھا کہ سمندر کو کس نے کھودا؟ میں نے کہا اس کو حضرت معاویہ نے کھودا اور حضرت عمرو بن العاص نے جاری کیا وہ اچھل پڑا اور چیخ چیخ کر کہنے لگا اس فاسق اور اللہ کے دشمن کو پکڑ و اور قتل کر دو، خطیب نے ذکر کیا ہے کہ ابن خزیمہ نے اس سے آخر میں روایت لینے کو ترک کر دیا تھا، ابن حبان نے کہا کہ یہ رافضی تھا رفض کی دعوت دیتا تھا اور منکر احادیث کی روایت کرتا تھا۔ اس نے حضرت عبداللہ بن مسعود کی طرف منسوب کر کے یہ مرفوعاً روایت کیا ہے کہ جب تم معاویہ کو میرے منبر پر دیکھو تو قتل کر دو۔ [۱]

ابو یحییٰ تیمی حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: ان کا نام اسماعیل بن ابراہیم الاحول ابو یحییٰ تیمی کوفی ہے۔ ابو حاتم نے کہا یہ ضعیف الحدیث ہیں، ابن نمیر نے کہا یہ بہت ضعیف ہیں، امام بخاری نے کہا اس کو ابن نمیر نے بہت ضعیف قرار دیا۔ امام ترمذی نے کہا یہ حدیث میں ضعیف ہے، نسائی نے کہا ضعیف ہے۔ ابن مدینی، مسلم اور دار قطنی نے کہا ضعیف ہے، ابن حبان نے کہا یہ خطا کرتا تھا اور اس کی منفرد حدیث لائق استدلال نہیں، حاکم نے کہا یہ قوی نہیں ہے اور ابو داؤد نے کہا یہ شیعی ہے۔ [۲]

فضیل بن مرزوق حافظ ذہبی لکھتے ہیں: فضیل بن مرزوق کوفی ہے، نسائی نے کہا یہ ضعیف ہے اسی طرح عثمان بن سعید نے اس کو ضعیف قرار دیا اور میں (یعنی حافظ ذہبی) کہتا ہوں کہ یہ تشیع میں مشہور تھا، ابن حبان نے کہا یہ سخت منکر الحدیث تھا اور ثقات کی روایات بیان کرنے میں خطا کرتا تھا اور عطیہ سے موضوع احادیث روایت کرتا تھا، میں (حافظ ذہبی) کہتا ہوں کہ عطیہ اس سے بھی زیادہ ضعیف ہے، ابن معین نے بھی اس کو ضعیف کہا ہے۔ [۳]

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں فضیل بن مرزوق رقاشی کوفی، اس کی کنیت ابو عبد الرحمان ہے یہ بنی عنزہ کا مولیٰ تھا، ابن معین سے روایت ہے کہ یہ حدیث کی صلاحیت رکھتا تھا مگر اس میں بہت شدید تشیع تھا۔ ابن حبان نے کہا یہ ثقات سے روایت کرنے میں خطا کرتا تھا اور عطیہ سے احادیث روایت کرتا تھا [۴] (یہ حدیث بھی اس نے عطیہ سے روایت کی ہے۔)

عطیہ حافظ ذہبی لکھتے ہیں: اس کا نام عطیہ بن سعد عوفی کوفی تھا یہ مشہور تابعی تھا، حضرت ابن عباس، ابو سعید اور حضرت ابن عمر سے احادیث روایت کرتا تھا، سالم مرادی نے کہا عطیہ مرادی تشیع کرتا تھا، امام احمد نے کہا یہ حدیث میں ضعیف ہے، امام احمد کہتے ہیں کہ یہ (ابو سعید) کلبی کے پاس جاتا اور اس سے تفسیر کی روایات لے کر ان کو ابو سعید کی روایت سے لکھ لیتا اور کہتا کہ مجھ کو یہ حدیث ابو سعید نے بیان کی ہے اور سننے والوں کو یہ وہم ڈالتا کہ یہ حضرت ابو سعید خدری کی روایت ہے۔ امام نسائی نے کہا محدثین کی ایک جماعت نے اس کو ضعیف

---

[۱] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، تہذیب التہذیب ج ۵ ص ۱۱۰۔۱۰۹، مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن، ۱۳۲۶ھ

[۲] ،، ،، ،، ،، تہذیب التہذیب ج ۱ ص ۲۸۱

[۳] حافظ شمس الدین ذہبی متوفی ۷۴۸ھ، میزان الاعتدال ج ۲ ص ۳۰۲، مطبوعہ مطبع محمدی لکھنؤ، ۱۳۰۱ھ

[۴] حافظ احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، تہذیب التہذیب ج ۸ ص ۲۹۸، مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن، ۱۳۲۶ھ

قرار دیا ہے۔ لے

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: یہ عطیہ بن سعد عوفی جدلی قیسی کوفی ہے، اس کی کنیت ابوالحسن ہے، امام احمد نے عطیہ عوفی کا ذکر کر کے فرمایا یہ ضعیف الحدیث ہے یہ کلبی کے پاس جاتا تھا اور اس سے تفسیر کے بارے میں پوچھتا تھا، اس نے کلبی کی کنیت ابوسعید رکھ دی اور کہتا تھا کہ ابوسعید نے کہا ہے (زیر بحث حدیث کو عطیہ نے ابوسعید یعنی کلبی سے ہی روایت کیا ہے۔ سعیدی غفرلہ۔) ہیثم عطیہ کی حدیث کو ضعیف کہتے تھے، امام احمد کہتے تھے کہ میں نے ابواحمد زبیری سے سنا وہ کہتے تھے کہ کلبی نے کہا کہ عطیہ نے میری کنیت ابوسعید رکھ دی، ابن عدی نے کہا اس کا شمار کوفہ کے شیعوں میں ہوتا تھا، امام ابن حبان نے کہا کہ اس نے حضرت ابوسعید خدری سے کچھ احادیث سنی تھیں جب وہ فوت ہو گئے تو یہ کلبی کے پاس بیٹھنے لگا اور جب کلبی یہ کہتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح فرمایا ہے تو یہ اس کو یاد کر لیتا اس نے کلبی کی کنیت ابوسعید رکھ دی اور ابوسعید کے نام سے روایت کرتا تھا، جب اس سے پوچھا جاتا کہ یہ حدیث کس نے بیان کی تو یہ کہتا کہ ابوسعید نے لوگوں کو یہ وہم ہوتا کہ اس کی مراد ابوسعید خدری ہے حالانکہ یہ کلبی کو مراد لیتا تھا، اس کی حدیث لکھنا جائز نہیں ہے، اور ابوخالد نے بیان کیا کہ کلبی نے کہا عطیہ نے مجھ سے کہا میں نے تمہاری کنیت ابوسعید رکھ دی ہے میں کہتا ہوں حدثنا ابوسعید، امام ابوبکر بزار نے کہا اس کا شیعوں میں شمار ہوتا تھا، امام ساجی نے کہا یہ حجت نہیں ہے یہ حضرت علی کو تمام صحابہ پر مقدم رکھتا تھا۔ ۲ے

ابوسعید حافظ عبدالرحمن بن ابی حاتم رازی لکھتے ہیں:

اس کا نام محمد بن سائب کلبی ہے، سفیان ثوری نے کہا کلبی حضرت ابن عباس سے جو تفسیر کی روایات بیان کرتا ہے وہ جھوٹ ہے اس کو روایت نہ کرو، قرۃ بن خالد نے کہا کلبی جھوٹ بولتا ہے، مروان بن محمد نے کہا کلبی کی تفسیر باطل ہے۔ یحییٰ بن معین نے کہا کلبی کی کچھ حیثیت نہیں۔ ۳ے

حافظ ذہبی لکھتے ہیں:

محمد بن سائب کلبی ابوالنضر، یہ مفسر، نساب اور مؤرخ ہے، ابوصالح نے کہا یہ جو احادیث ابن عباس سے روایت کرتا ہے ان کو مت بیان کرو، سفیان کہتے ہیں کہ مجھ سے کلبی نے کہا جب میں ابوصالح سے حدیث روایت کروں تو وہ جھوٹ ہے، یزید بن زریع نے کہا کلبی سبائی تھا (یعنی عبداللہ بن سبا کی طرف منسوب تھا یہ شخص فرقہ شیعہ کا بانی تھا۔ سعیدی) ابن حبان نے کہا کلبی سبائی تھا اور اس کا عقیدہ تھا کہ حضرت علی فوت نہیں ہوئے وہ دوبارہ دنیا میں آئیں گے اور اس کو عدل سے بھر دیں گے، اور جب بادل دیکھتا تو کہتا اس میں امیر المؤمنین ہیں، ابوعوانہ کہتے ہیں کہ کلبی نے کہا کہ جبرائیل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی لکھواتا تھا اور جب حضور بیت الخلاء چلے جاتے تو پھر حضرت علی

لے۔ حافظ شمس الدین ذہبی متوفی ۷۴۸ھ، میزان الاعتدال ج ۳ ص ۸۱، مطبوعہ مطبع محمدی لکھنؤ، ۱۳۰۱ھ

۲ے۔ حافظ احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، تہذیب التہذیب ج ۷ ص ۲۲۶ مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن، ۱۳۲۶ھ

۳ے۔ حافظ عبدالرحمن بن ابی حاتم رازی متوفی ۳۲۷ھ، کتاب الجرح والتعدیل ج ۷ ص ۲۷۱، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۲۷۱ھ

کو درج لکھواتا تھا، امام احمد بن حنبل نے کہا کہ کلبی کی تفسیر کو دیکھنا جائز نہیں ہے، جوزجانی نے کہا کلبی کذاب ہے، امام دارقطنی اور ایک جماعت نے کہا یہ متروک ہے، امام ابن حبان نے کہا اس کا مذہب دین میں جھوٹ پھیلانا ہے، ابو صالح نے کہا اس کی کتابوں کو دیکھنا جائز نہیں ہے۔ [۱]

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں:

محمد بن سائب بن بشر بن عمرو بن عبد الحارث بن عبد العزیٰ کلبی ابو النضر کوفی نسابہ مفسر، معتمر بن سلیمان نے کہا کوفہ میں دو کذاب تھے ان میں سے ایک کلبی ہے، لیث بن ابی سلیم نے کہا کوفہ میں دو کذاب ہیں ان میں سے ایک کلبی اور دوسرا سُدّی ہے، یحییٰ بن معین نے کہا اس کی کوئی حیثیت نہیں، ابو عوانہ کہتے ہیں میں نے کلبی سے ایسی روایات سنی ہیں جن کا کہنا کفر ہے، ابو جنزہ نے کہا میں شہادت دیتا ہوں کہ کلبی کافر ہے، یزید بن زریع کہتے ہیں کہ میں نے کلبی سے سنا وہ کہتا تھا میں سبائی ہوں، میں سبائی ہوں، عقیلی نے کہا سبائی رافضیوں کا ایک فرقہ ہے جو عبداللہ بن سبا کا پیروکار ہے، ابراہیم نے محمد بن سائب سے کہا جب تک تم اس عقیدہ پر ہو ہمارے پاس نہ آنا اور یہ مرجئی تھا، ابو حاتم نے کہا اس کی احادیث کے ترک کرنے پر تمام لوگوں کا اجماع ہے، یہ شخص کوفہ میں ۱۴۶ھ میں فوت ہو گیا، ابو صالح نے کہا اس کی روایات سے استدلال کرنا جائز نہیں ہے، ساجی نے کہا یہ متروک الحدیث ہے اور یہ چونکہ تشیع میں بہت افراط کرتا تھا اس لیے یہ بہت ضعیف ہے، حاکم ابو عبداللہ کہتے ہیں یہ ابو صالح سے موضوع احادیث روایت کرتا تھا۔ اور عطیہ کی سوانح میں یہ گذر چکا ہے کہ اس نے کلبی کی کنیت ابو سعید رکھی تھی اور اس کنیت کے ساتھ اس سے احادیث روایت کرتا تھا۔ [۲]

اسماء رجال کی ان مستند کتابوں کی تصریحات سے ظاہر ہو گیا کہ اس حدیث کے پانچوں راوی کوفہ کے کٹر شیعہ اور رافضی تھے، اور جھوٹی اور موضوع روایات بیان کرنے اور گھڑنے میں مشہور تھے اس لیے یہ روایت جھوٹی اور موضوع ہے اور امام بزار، امام طبرانی، علامہ سیوطی، علامہ علی متقی اور ملا معین کاشفی نے اپنی کتابوں میں احادیث صحیحہ درج کرنے کا التزام نہیں کیا ہے، ان لوگوں کو جس قسم کی سند سے بھی حدیث مل جائے یہ اپنی کتابوں میں درج کر دیتے ہیں اور حدیث کے مقبول یا مردود ہونے کا معاملہ اس کی سند پر موقوف ہے اس لیے صرف بعض اہل سنت کی کتابوں میں اس روایت کے مندرج ہونے سے اس کا مقبول ہونا لازم نہیں آتا اور شاہ عبدالعزیز کا یہ کہنا بھی بعید نہیں ہے کہ شیعہ علماء نے ان کتابوں میں یہ حدیث درج کر دی ہے، نیز اس حدیث کو حضرت ابو سعید خدری کی طرف شیعہ علماء کا منسوب کرنا خالص تلبیس اور جھوٹ ہے، یہ شخص ابو سعید کلبی ہے، جیسا کہ میزان الاعتدال اور تہذیب التہذیب کے حوالوں سے واضح ہو چکا ہے۔

یہ اس روایت پر سند کے لحاظ سے بحث تھی، اور یہ روایت متن کے لحاظ سے اس لیے مردود ہے کہ حضرت فاطمہ کا میراث میں فدک مانگنا اس پر دلیل ہے کہ وہ آپ کو ہبہ نہیں کیا گیا تھا نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا

---

[۱] حافظ شمس الدین ذہبی متوفی ۷۴۸ھ، میزان الاعتدال ج ۳ ص ۳۸۲ - ۳۸۱، مطبوعہ مطبع محمدی لکھنؤ، ۱۳۰۱ھ

[۲] حافظ احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی [illegible]، مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن، ۱۳۲۶ھ

حضرت فاطمہ کے لیے مال دنیا کو پسند نہ فرماتا، اور فدک پر قبضہ کے بعد راہِ خدا میں امداد کے موقع پر حضرت فاطمہ کا راہِ خدا میں کسی چیز کو نہ دینا بھی اس بات کی دلیل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو فدک نہیں دیا تھا جیسا کہ ہم شروع میں وضاحت سے بیان کر چکے ہیں۔

فدک کے تنازعہ پر حضرت فاطمہ کا حضرت ابوبکر سے ناراض ہونا حضرت ابوبکر کے حق میں کسی عتاب کا موجب نہیں

ملا باقر مجلسی اور دیگر علماء شیعہ نے یہ اعتراض بھی کیا ہے کہ جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے مطالبہ میراث پر حضرت ابوبکر نے یہ حدیث سنائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "ہمارا وارث نہیں بنایا جاتا"، تو حضرت فاطمہ ناراض ہوئیں اور حضرت ابوبکر سے ملنا جلنا چھوڑ دیا اس کے بعد آپ چھ ماہ زندہ رہیں اور تا دمِ مرگ حضرت ابوبکر سے بات نہیں کی، اگر فی الواقع یہ حدیث ہوتی تو حضرت فاطمہ یہ حدیث سن کر حضرت ابوبکر سے ناراض نہ ہوتیں!

پیر محمد کرم شاہ الازہری نے اس اعتراض کے جواب میں لکھا ہے کہ یہ حدیث بخاری میں کئی جگہ ہے اور حضرت فاطمہ کے ناراض ہونے کا ذکر صرف عبدالعزیز کی روایت میں ہے، نیز حضرت فاطمہ نے خود تو نہیں فرمایا کہ میں ابوبکر سے ناراض ہوں اور نہ ہی یہ حضرت عائشہ کا قول ہے بلکہ بعد کے راویوں میں سے کسی راوی نے یہ قیاس آرائی کی ہے اور ہو سکتا ہے کہ اس راوی نے حالات کا تجزیہ کرنے میں مغالطہ کھایا ہو۔[1] پیر صاحب کا یہ جواب صحیح نہیں ہے، یہ حدیث حضرت عائشہ کی روایت سے صحیح بخاری میں ایک جگہ نہیں دو جگہ پر دو مختلف سندوں کے ساتھ ہے اور صحیح مسلم میں بھی ہے ان کے علاوہ یہ حدیث دیگر کتب حدیث میں بھی ہے اور یہ کسی اور راوی کی قیاس آرائی نہیں ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہی قول ہے پہلے ہم ان روایات کے اقتباس ذکر کریں گے، جس سے ظاہر ہو جائے گا کہ پیر صاحب کا جواب صحیح نہیں ہے پھر اس کا صحیح جواب بیان کریں گے:

امام بخاری عبدالعزیز کی سند کے ساتھ حضرت عائشہ سے روایت کرتے ہیں:

فغضبت فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم فهجرت ابا بكر فلم تزل مهاجرته حتى توفيت۔[2]	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ غضب ناک ہوئیں اور حضرت ابوبکر سے ملنا جلنا چھوڑ دیا اور تا دمِ مرگ ان سے نہیں ملیں۔

امام بخاری یحییٰ بن بکیر کی سند کے ساتھ حضرت عائشہ سے روایت کرتے ہیں:

فوجدت فاطمة على ابى بكر فى ذلك فهجرته فلم تكلمه حتى	اس بات پر حضرت فاطمہ حضرت ابوبکر پر ناراض ہوئیں، ان سے ملنا جلنا چھوڑ دیا اور تا دمِ مرگ ان سے

---

[1] پیر محمد کرم شاہ الازہری، ماہنامہ ضیاء حرم ص ۳۵۰-۳۵۲ ملخصاً، (مئی جون ۱۹۷۲ء، فاروق اعظم نمبر ...)

[2] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۳۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ... ۱۳۸۱ھ

توضیحات ۳

بات نہیں کی۔

اس حدیث کو انہی الفاظ کے ساتھ امام مسلم نے محمد بن رافع کی سند سے بیان کیا ہے۔ ۱

دراصل بات یہ ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اس حدیث کی وجہ سے ناراض نہیں ہوئیں، کیونکہ وہ اس حدیث سے پہلے ہی باخبر تھیں جیسا کہ ہم اس سے پہلے بیان کر چکے ہیں، حضرت فاطمہ کا خیال یہ تھا کہ یہ حدیث عموم پر نہیں ہے اور فدک کی جاگیر اس کے عموم سے مستثنیٰ ہے، جبکہ حضرت ابوبکر کی رائے یہ تھی کہ حدیث اپنے عموم پر ہے، کیونکہ تخصیص پر کوئی قرینہ اور دلیل نہیں ہے۔ لہٰذا حضرت ابوبکر اور حضرت فاطمہ میں اس حدیث کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں تھا بلکہ ان کے درمیان رائے اور اجتہاد کا اختلاف تھا، حضرت ابوبکر کے نزدیک یہ حدیث اپنے عموم پر تھی جبکہ حضرت فاطمہ کے نزدیک اس حدیث سے فدک کی جاگیر مستثنیٰ تھی۔ اب رہا یہ سوال کہ کیا حضرت ابوبکر پر یہ لازم تھا کہ اجتہادی امور میں بھی حضرت فاطمہ کی موافقت کریں تو اس کا جواب واضح ہے کہ یہ ضروری نہیں ہے کیونکہ ایک مجتہد پر دوسرے مجتہد کی موافقت لازم نہیں ہے، دیکھئے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان کے قصاص کے معاملہ میں حضرت عائشہ سے اختلاف کیا، نہ صرف اختلاف کیا بلکہ ان سے جنگ کی، حالانکہ جس طرح حضرت فاطمہ کو ناراض کرنا حضور کو ناراض کرنا ہے، اسی طرح حضرت عائشہ کو ایذا دینا بھی حضور کو دینا ہے کیونکہ امام بخاری نے روایت کیا ہے کہ جب بعض ازواج مطہرات نے حضرت ام سلمہ سے حضور کے پاس یہ سفارش کرائی کہ لوگ صرف حضرت عائشہ کی باری کے دن حضور کو ہدیے اور تحفے نہ بھیجیں بلکہ حضور جس زوجہ کے ہاں بھی ہوں ہدیے اور تحفے دیں اور حضرت عائشہ کی تخصیص نہ کریں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام سلمہ سے فرمایا:

لاتوذینی فی عائشۃ فان الوحی لم یاتنی وانا فی ثوب امراۃ الا عائشۃ ۲	مجھے عائشہ کے سلسلہ میں اذیت مت دو کیونکہ کسی زوجہ کے بستر میں مجھ پر وحی نازل نہیں ہوتی، البتہ عائشہ کے بستر میں مجھ پر وحی نازل ہوتی ہے۔

دیکھیے اگر لوگوں کو حضرت عائشہ کی تخصیص سے منع کر دیا جاتا تو حضرت عائشہ کو اذیت پہنچتی لیکن آپ نے فرمایا مجھے اذیت مت دو، اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عائشہ کو اذیت دینا حضور کو اذیت دینا ہے۔ اس کے باوجود حضرت علی نے وہی کیا جو ان کی رائے میں حق اور صواب تھا اور حضرت عائشہ کے اجتہاد کی موافقت نہیں کی حالانکہ جب حضرت علی نے حضرت عائشہ کی رائے کے خلاف فوری قصاص نہیں لیا بلکہ ان سے جنگ کی تو اس سے حضرت عائشہ کو اذیت پہنچی۔ اس سے معلوم ہوا کہ ایک مجتہد دوسرے مجتہد سے اختلاف کر سکتا ہے اور اس سلسلہ میں اذیت کا اعتبار نہیں ہے، اور یہ حدیث جو بیان کی جاتی ہے:

عن المسور بن مخرمۃ ان رسول اللہ	حضرت مسور بن مخرمہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ

۱۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۰۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

۲۔ امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۹۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

۳۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۵۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

صلی اللہ علیہ وسلم قال فاطمۃ بضعۃ منی فمن اغضبھا اغضبنی [۱]

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فاطمہ میرا جزو ہے جس نے اس کو غضب ناک کیا اس نے مجھ کو غضب ناک کیا۔

اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حضرت فاطمہ کو مطلقاً ناراض کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ناراض کرنا ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس نے حضرت فاطمہ کو اذیت دینے اور ایذا پہنچانے کے قصد سے کوئی کام کیا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت دی اور جس نے اپنی رائے اور اجتہاد سے کوئی جائز کام کیا اور بہ تقاضائے بشریت حضرت فاطمہ اس سے ناراض ہو گئیں تو یہ ناراضگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی کا موجب نہیں ہے کیونکہ بعض دفعہ اجتہاد اور رائے کے اختلاف سے حضرت سیدتنا فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے بھی ناراض ہوئیں۔ امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن المسور بن مخرمۃ ان علی بن ابی طالب خطب بنت ابی جھل علی فاطمۃ فسمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخطب الناس فی ذلک علی منبرہ ھذا وانا یومئذ لمحتلم فقال ان فاطمۃ منی وانا اتخوف ان تفتن فی دینھا ثم ذکر صھرا لہ من بنی عبد شمس فاثنی علیہ فی مصاھرتہ ایاہ قال حدثنی فصدقنی ووعدنی فوفی لی وانی لست احرم حلالا ولا احل حراما ولکن واللہ لا تجتمع بنت رسول اللہ و بنت عدو اللہ ابدا۔ [۲]

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی نے حضرت فاطمہ پر ابوجہل کی دختر کو نکاح کا پیغام دیا، میں اس وقت بالغ تھا، میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس منبر پر فرمایا: فاطمہ مجھ سے ہے اور مجھے خدشہ ہے کہ وہ کسی دینی آزمائش میں پڑ جائے گی پھر آپ نے بنو عبد شمس سے اپنے داماد کا ذکر کیا (یعنی عاص بن ربیع شوہر زینب) اور بحیثیت داماد اس کی تعریف کی فرمایا کہ اس نے مجھ سے سچ کہا اور وعدہ پورا کیا، اور میں کسی حلال کو حرام نہیں کرتا اور نہ حرام کو حلال کرتا ہوں لیکن بخدا رسول اللہ کی بیٹی اور دشمن خدا کی بیٹی ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتیں۔

امام ابوداؤد نے بھی اس حدیث کو متعدد اسانید سے روایت کیا ہے ایک سند سے اس طرح روایت ہے:

عن المسور بن مخرمۃ انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی المنبر یقول ان بنی ھشام بن المغیرۃ استاذنوا ان ینکحوا ابنتھم من علی بن ابی طالب فلا اذن ثم لا اذن ثم لا اذن الا ان یرید ابن ابی طالب ان یطلق ابنتی و ینکح ابنتھم فانما ابنتی

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر فرمایا کہ ہشام بن مغیرہ کی اولاد نے مجھ سے اجازت طلب کی ہے کہ وہ اپنی بیٹی کا علی بن ابیطالب سے نکاح کر دیں، سو میں اس کی اجازت نہیں دیتا، میں اس کی اجازت نہیں دیتا، میں اس کی اجازت نہیں دیتا، ہاں اگر علی بن ابیطالب میری بیٹی

---

[۱] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۲۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[۲] 〃 〃 〃 〃، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۳۸، 〃 〃

بضعة منی یریبنی ما ارابها ویؤذینی ما آذاها [1] | کو طلاق دے دیں تو پھر ان کی بیٹی سے نکاح کر سکتے ہیں کیونکہ میری بیٹی میرے جسم کا جزو ہے، جو چیز اس کو بے چین کرتی ہے وہ مجھے بے چین کرتی ہے اور جو چیز اس کو ایذاء دیتی ہے وہ مجھے ایذاء دیتی ہے۔

ان احادیث سے واضح ہو گیا کہ حضرت علی نے حضرت فاطمہ کے اوپر دوسرا نکاح کرنے کا ارادہ کیا جس سے حضرت فاطمہ کو اذیت پہنچی لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے اس اقدام سے حضرت فاطمہ کو اذیت دینے کا ارادہ نہیں کیا تھا بلکہ اپنی رائے اور اجتہاد سے ایک شرعی اباحت اور گنجائش پر عمل کرنے کا ارادہ کیا تھا کیونکہ ایک مسلمان بشرط عدل بیک وقت چار عورتوں کو نکاح میں رکھ سکتا ہے۔ حضرت فاطمہ بہ تقاضائے بشریت اس پر ناراض ہوئیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کی دل جوئی کی خاطر ان کو اس ارادہ سے باز رکھا لیکن ساتھ ہی یہ بھی واضح کر دیا کہ حضرت علی نے کوئی حرام اور ناجائز کام نہیں کیا تھا اس لیے فرمایا میں کسی حلال کو حرام نہیں کرتا اور نہ کسی حرام کو حلال کرتا ہوں، اس سے ملتا جلتا ایک واقعہ شیعہ علماء نے بھی ذکر کیا ہے۔

ملا باقر مجلسی لکھتے ہیں:

کتاب علل الشرائع و بشارۃ المصطفیٰ و خوارزمی میں بسند ہائے معتبر ابوذر اور ابن عباس سے روایت کیا ہے: جب جعفر طیار مدینہ آئے ایک کنیز کو بطور تحفہ اپنے بھائی علی بن ابی طالب کے پاس بھیجا وہ کنیز جناب امیر کی خدمت کرتی تھی، ایک دن جناب فاطمہ گھر میں آئیں تو دیکھا کہ جناب امیر کا سر اس کے دامن میں ہے، جب یہ حالت ملاحظہ فرمائی تو متغیر ہو گئیں اور پوچھا: اس کنیز کے ساتھ کیا تم نے کوئی تعلق قائم کیا ہے؟ جناب امیر نے فرمایا سوگند بخدا! اے دختر محمد! میں نے اس کے ساتھ کوئی تعلق قائم نہیں کیا، اب جو کچھ تم کو منظور ہو بیان کرو، میں بجا لاؤں۔ جناب سیدہ نے کہا مجھے میرے پدر بزرگوار کے گھر جانے کی اجازت دو، جناب امیر نے فرمایا، میں نے اجازت دے دی، پس جناب فاطمہ نے چادر سر پہ اوڑھی اور اپنے باپ کی خدمت میں پہنچیں۔ جبرائیل از خداوند جلیل نازل ہوئے اور کہا حق تعالیٰ آپ کو سلام فرماتا ہے اور ارشاد کرتا ہے، اس وقت فاطمہ تمہارے پاس علی کی شکایت کرنے آئی ہے تم حق علی میں فاطمہ کی کوئی شکایت قبول نہ کرنا، جب جناب فاطمہ داخل دولت سرائے پدر بزرگوار ہوئیں، حضرت رسول نے فرمایا: فاطمہ علی کی شکایت لے کر آئی ہو؟ فاطمہ نے کہا ہاں برب کعبہ، حضرت رسول نے فرمایا علی کے پاس پھر جاؤ، اور کہو میں تم سے راضی ہوں، پس جناب فاطمہ جناب امیر کے پاس آئیں اور تین مرتبہ فرمایا میں تم سے راضی ہوں، جس میں تمہاری رضا ہے، جناب امیر نے فرمایا: تم نے میری شکایت میرے دوست، میرے حبیب اور میرے یار رسول خدا سے کی۔ رسول خدا کے سامنے اس شرمندگی پر مجھے افسوس ہے۔ اے فاطمہ میں خدا کو گواہ کرتا ہوں اور اس کنیز کو محض برضائے حق تعالیٰ میں نے آزاد کیا۔ [2]

---

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۱، ص ۲۸۳، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[2] ملا محمد باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۰ھ، جلاء العیون ج ۱ ص ۱۸۳، مطبوعہ شیعہ جنرل بک ایجنسی لاہور

اس واقعہ سے یہ معلوم ہوا کہ حضرت علی نے اپنی رائے اور اجتہاد سے ایک جائز کام کیا اور اپنی کنیز کو خدمت سے مشرف کیا، حضرت فاطمہ اس کام سے بہ تقاضائے بشریت ناراض ہوئیں لیکن ان کی یہ ناراضگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی پر منتج نہیں ہوئی بلکہ اس کے برعکس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا: علی کے پاس جاؤ اور کہو میں تم سے راضی ہوں، اس سے صاف ظاہر ہو گیا کہ حضرت فاطمہ کا مطلقاً ناراض ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی کا سبب نہیں ہے بلکہ یہ اس وقت ہے جب کوئی شخص قصداً اور عمداً حضرت فاطمہ کو ناراض کرنے کے لیے کوئی کام کرے، علیٰ ہذا القیاس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے پیش نظر ایک جائز اور صحیح کام کیا بلکہ وہ کام کیا جس کا کرنا ان پر بحیثیت خلیفہ فرض تھا اور حضرت فاطمہ اس پر بہ تقاضائے بشریت ناراض ہوئیں تو ان کی یہ ناراضگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی کو ہرگز مستلزم نہیں ہے۔

اس بحث میں ملا باقر مجلسی نے ایک نہایت عجیب اعتراض کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اہل سنت کی کتابوں میں لکھا ہے جس نے اپنے زمانہ کے امام کو نہ پہچانا وہ جاہلیت کی موت مرا (صحیح مسلم) اور حضرت فاطمہ تا دم مرگ حضرت ابوبکر سے ناراض رہیں اور گویا ان کو امام نہیں مانا، اب یا کہو کہ حضرت فاطمہ جاہلیت کی موت مریں (العیاذ باللہ) اور یا کہو کہ حضرت ابوبکر خلیفہ نہیں تھے۔[1]

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت فاطمہ حضرت ابوبکر کو امیر اور خلیفہ مانتی تھیں تبھی تو ان کے پاس مطالبہ میراث لے کر گئی تھیں، ناراض تو آپ حضرت علی سے بھی ہوئی تھیں لیکن کیا جس وقت آپ حضرت علی سے ناراض ہوئیں تو کیا اس وقت آپ نے حضرت علی کو امیر نہیں مانا تھا؟ نیز ملا باقر مجلسی اور دیگر شیعہ علماء نے تصریح کی ہے کہ حضرت علی مطالبہ میراث کے وقت بھی حضرت ابوبکر کے پیچھے نماز پڑھتے تھے اور امام کا ماننا کیا ہوتا ہے؟

دراصل بات یہ ہے کہ بہ تقاضائے بشریت وقتی طور پر حضرت فاطمہ کو اختلاف رائے کی وجہ سے ملال ہوا تھا، بعد میں آپ بیمار اور گوشہ نشین ہو گئیں اس سے راویوں نے سمجھ لیا کہ آپ نے حضرت ابوبکر سے ترک تعلق کر لیا، حالانکہ سلام، کلام اور ملنا جلنا، آپ نے منقطع نہیں کیا تھا، امام بیہقی روایت کرتے ہیں:

عن الشعبی قال لما مرضت فاطمة رضی اللہ تعالیٰ عنہا اتاہا ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ فاستاذن علیہا فقال علی رضی اللہ عنہ یا فاطمة ھذا ابوبکر یستاذن علیك فقالت تحب ان اذن لہ قال نعم فاذنت لہ فدخل علیہا یترضاھا وقال واللہ ما ترکت الدار والمال والاھل والعشیرة الا ابتغاء مرضاة اللہ ومرضاة رسولہ ومرضاتکم اھل البیت ثم ترضاھا حتی رضیت ھذا

شعبی بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت فاطمہ بیمار ہوئیں تو حضرت ابوبکر نے ان سے ملنے کی اجازت طلب کی، حضرت علی نے کہا اے فاطمہ ابوبکر آپ سے ملنے کی اجازت طلب کرتے ہیں، حضرت فاطمہ نے کہا کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں ان کو اجازت دوں؟ حضرت علی نے کہا ہاں! حضرت فاطمہ نے اجازت دی، حضرت ابوبکر نے آ کر حضرت فاطمہ کو راضی کیا اور کہا بخدا میں نے ترکہ سے میرا مکان، میرا مال، میرے اہل اور میرے رشتہ دار اور جو کچھ بھی ہے وہ سب اللہ کی رضا کے لیے

---

[1] ملا محمد باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۱ھ، حق الیقین ص ۲۰۵-۲۰۴، مطبوعہ خیابان شرکت سہامی، تہران ۱۳۴۰ھ

مرسل حسن باسناد صحیح۔[1]

ہے' اللہ کے لیے رسول کی رضا کے لیے اور اہل بیت آپ کی رضا کے لیے ہے، پھر حضرت فاطمہ کو راضی کیا حتی کہ وہ راضی ہو گئیں۔ یہ حدیث صحیح السند ہے۔

ہر چند کہ بعض احادیث اور علماء شیعہ کی روایات میں فدک کے معاملہ میں حضرت فاطمہ کی حضرت ابوبکر سے ناراضگی بیان کی گئی ہے لیکن یہ قطعی اور یقینی بات نہیں ہے کیونکہ علماء شیعہ کی بعض روایات سے یہ بھی ثابت ہے کہ حضرت فاطمہ حضرت ابوبکر کے اس فیصلہ سے راضی ہو گئی تھیں اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی جو آخرت کی طرف توجہ اور دنیا سے بے رغبتی تھی اس کے مطابق بھی یہی روایات ہیں۔

شیخ کمال الدین البحرانی لکھتے ہیں کہ حضرت فاطمہ کی گفتگو سننے کے بعد حضرت ابوبکر نے کہا:

اے تمام عورتوں سے بہتر! اے خیر الآباء کی دختر! بخدا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے سے سر مو تجاوز نہیں کیا، میں نے صرف آپ کے حکم پر عمل کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدک کی آمدنی سے اپنی خوراک لیتے تھے اور باقی آمدنی کو مستحقین میں تقسیم کر دیا کرتے تھے، اسی آمدنی سے جہاد کے لیے سواریاں مہیا کرتے تھے، اور میں اللہ تعالیٰ کو ضامن بنا کر یہ کہتا ہوں کہ میں اس کی آمدنی کو اسی طرح خرچ کروں گا جس طرح اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرچ کرتے تھے اس پر حضرت فاطمہ راضی ہو گئیں اور اس پر عمل پیرا ہونے کا پختہ وعدہ کر لیا۔[2]

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت فاطمہ کا اس معاملہ میں حضرت ابوبکر سے ناراض ہونا اول تو قطعی اور یقینی نہیں ہے کیونکہ آپ کی رضامندی کے بارے میں روایات ہیں اور اگر بالفرض آپ ناراض بھی ہوئی ہوں تو یہ ناراضگی بہ تقاضائے بشریت ہے اور یہ ناراضگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ناراض ہونے کو مستلزم نہیں ہے جیسا کہ ہم نے حضرت علی کی مثال سے واضح کر دیا ہے جبکہ آپ بالآخر حضرت ابوبکر سے راضی ہو گئی تھیں جیسا کہ امام بیہقی نے روایت کیا ہے، وللہ الحمد علیٰ ذالک۔

کیا عمر بن عبدالعزیز نے آل فاطمہ کو فدک واپس دے دیا تھا

بعض علماء شیعہ یہ بھی کہتے ہیں کہ "عمر بن عبدالعزیز نے فدک کی جاگیر آل فاطمہ کو واپس کر دی تھی، پس ثابت ہوا کہ اس کے بارے میں حضرت ابوبکر کا فیصلہ غلط تھا اور یہ حضرت فاطمہ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میراث تھی"۔ ایک شیعہ عالم نے مجھ پر یہ اعتراض کیا میں نے کہا حیرت ہے کہ تم علی پر عمر بن عبدالعزیز کو ترجیح دیتے ہو! اگر فدک آل فاطمہ کا تھا تو حضرت علی نے اپنے پانچ سالہ دور خلافت میں حق داروں کو یہ حق کیوں نہیں دیا؟ حضرت فاطمہ کو فدک نہ دینے پر حضرت ابوبکر کو غاصب کہا جاتا ہے جبکہ حضرت علی نے بھی فدک پر خلفاء ثلاثہ کے عمل کو برقرار رکھا، یہ عجیب ناانصافی ہے، اگر حضرت علی کا طریق کار صحیح تھا تو خلفاء ثلاثہ کو غاصب کیوں کہا جاتا ہے!

---

[1] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ ھ، سنن کبریٰ ج ۶ ص ۳۰۱، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[2] شیخ کمال الدین میثم بن علی بن میثم البحرانی متوفی ... شرح نہج البلاغہ ج ۵ ص ۱۰۷، مطبوعہ مؤسستہ النصر ایران ۱۳۸۴ھ

دوسرا جواب یہ ہے کہ عمر بن عبد العزیز نے درحقیقت فدک آل فاطمہ کو واپس نہیں کیا تھا بلکہ اس کی آمدنی کو اس کے مصارف سابقہ پر لوٹا دیا تھا کیونکہ مروانیوں نے فدک کو ذاتی جاگیر بنالیا تھا، عمر بن عبد العزیز نے مروانیوں سے فدک کو واپس لے کر اس کو اسی طریقہ پر لوٹا دیا جس طریقہ پر یہ خلفاء راشدین کے عہد میں تھا۔

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن المغیرۃ جمع عمر بن عبد العزیز بنی مروان حین استخلف فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کانت لہ فدک فکان ینفق منہا ویعود منہا علی صغیر بنی ہاشم ویزوج منہا ایمہم وان فاطمۃ سالتہ ان یجعلہا لہا فابی فکانت کذلک فی حیاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی مضی لسبیلہ فلما ان ولی ابوبکر عمل بما عمل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی حیاتہ حتی مضی لسبیلہ فلما ان ولی عمر عمل فیہا بمثل ما عملا حتی مضی لسبیلہ ثم اقطعہا مروان ثم صارت لعمر بن عبد العزیز قال عمر یعنی ابن عبد العزیز فرایت امرا منعہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاطمۃ لیس لی بحق وانی اشہدکم انی قد رددتہ علی ما کانت یعنی فی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔[1]

مغیرہ کہتے ہیں کہ عمر بن عبد العزیز نے خلیفہ بننے کے بعد بنو مروان کو جمع کیا اور یہ کہا کہ فدک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تصرف میں تھا اور آپ اس کی آمدنی سے خرچ کرتے تھے اور بنو ہاشم کے کم سنوں پر خرچ کرتے تھے اور ان کی بیواؤں کی شادیاں کرتے تھے، اور حضرت فاطمہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فدک کا سوال کیا کہ آپ انہیں فدک دے دیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا انکار کیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں اسی پر عمل ہوتا رہا، حتیٰ کہ آپ کا وصال ہو گیا، پھر جب حضرت ابوبکر خلیفہ ہوئے تو انہوں نے بھی اپنی زندگی میں اسی پر عمل کیا، حتیٰ کہ ان کی وفات ہو گئی پھر جب حضرت عمر خلیفہ ہوئے تو انہوں نے بھی حضور اور حضرت ابوبکر کی طرح عمل کیا حتیٰ کہ ان کا انتقال ہو گیا، پھر مروان نے فدک پر قبضہ کر لیا، پھر یہ عمر بن عبد العزیز کے حصے میں آیا، عمر بن عبد العزیز نے کہا میں نے یہ سوچا کہ جس چیز کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو نہیں دیا اس پر میرا حق نہیں ہے اور میں تم لوگوں کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے فدک کو اسی حال پر لوٹا دیا جس حال پر وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں تھا (یعنی وقف کر دیا)۔

امام ابوداؤد کی اس روایت سے یہ واضح ہو گیا کہ عمر بن عبد العزیز نے فدک آل فاطمہ کو واپس نہیں کیا تھا بلکہ اس کو عہد رسالت کے مصارف پر لوٹا دیا تھا۔ باقی رہا یہ کہ حضرت علی نے بھی فدک آل فاطمہ کو واپس نہیں کیا تھا بلکہ اس کو خلفاء ثلاثہ کے دور کے دستور کے مطابق برقرار رکھا اس پر علماء شیعہ کی یہ تحریر دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے:

شیخ فقیر قزوینی لکھتے ہیں:

---

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۵۹، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

در طول تاریخ اول کسی کہ فدک را اہل بیت پیغمبر (ص) بازگردانید عمر بن عبد العزیز بود، ہنگامیکہ بخلافت رسید اعلام کرد: اے مردم من فدک را بفرزندان رسول اللہ (ص)، و فرزندان علی بن ابی طالب (ع) رد کردم و مادامی کہ عمر بن عبد العزیز خلیفہ بود فدک در دست آنہا بود، ابن ابی الحدید

از ابابکر جوہری نقل میکند: ہنگامی کہ عمر بن عبد العزیز حکومت رسید اولین داد خواہی کہ انجام داد: حسن بن حسن بن علی (ع) را طلبید و بعضی گفتہ اند مولای زین العابدین (ع) را طلبید و فدک را بآنحضرت رد کرد۔ [1]

طویل تاریخ میں اگر کسی شخص نے سب سے پہلے پیغمبر علیہ السلام کے اہل بیت کو فدک واپس کیا تو وہ عمر بن عبد العزیز تھے، جس وقت ان کو خلافت ملی تو انھوں نے یہ اعلان کیا کہ اے لوگو! میں نے فرزندان رسول اور فرزندان علی بن ابی طالب کو فدک واپس کر دیا اور جب تک عمر بن عبد العزیز خلیفہ رہے، فدک ان کے (اہل بیت کے) پاس رہا، ابن ابی الحدید، ابو بکر جوہری سے نقل کرتے ہیں کہ جس وقت عمر بن عبد العزیز کو حکومت ملی تو انھوں نے سب سے پہلے یہ انصاف کیا کہ حسن بن حسن بن علی کو طلب کیا اور بعض روایات میں ہے کہ مولی زین العابدین کو طلب کیا اور فدک ان کو واپس کر دیا۔

نیز شیخ کمال الدین میثم بن علی میثم البحرانی لکھتے ہیں:

وکان یاخذ غلتھا فید فع الیھم منھا ما یکفیھم ثم فعلت الخلفاء بعدہ کذلک الی ان ولی معاویۃ فاقطع مروان ثلثھا بعد الحسن علیہ السلام ثم خلصت لہ فی خلافتہ وتداولھا اولادہ الی انتھت الی عمر بن عبد العزیز فردھا فی خلافتہ علی اولاد فاطمۃ علیھا السلام قالت الشیعۃ فکانت اول ظلامۃ ردھا۔ [2]

حضرت ابو بکر فدک کی آمدنی وصول کرتے اور اس میں سے اہل بیت کو ان کی ضروریات کے مطابق دیتے، بعد میں خلفاء نے بھی ایسا ہی کیا، حتی کہ حضرت حسن کے بعد جب معاویہ کی حکومت آئی تو مروان نے تہائی فدک کو اپنی ملک میں لے لیا، اور جب مروان حکمران ہوا تو اس نے پورا فدک لے لیا اور پھر یہ اس کی اولاد میں منتقل ہوتا رہا حتی کہ جب عمر بن عبد العزیز کی حکومت آئی تو اس نے فدک اولاد فاطمہ کو واپس کر دیا، علماء شیعہ کہتے ہیں کہ یہ پہلا شخص تھا جس نے اس حق کو واپس کیا۔

شیخ قزوینی اور شیخ میثم کی ان عبارات میں یہ تصریح ہے اور فدک کی اس طویل تاریخ میں سب سے پہلے عمر بن عبد العزیز نے اہل بیت کو فدک لوٹا دیا، اور اس سے یہ واضح ہو گیا کہ حضرت علی نے اپنے دور خلافت میں اہل بیت کو فدک واپس نہیں کیا تھا اور یہ اس پر قوی دلیل ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب کے نزدیک فدک کی جاگیر حضرت فاطمہ کو ہبہ کی گئی تھی اور نہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کی میراث تھی، ورنہ حضرت علی بھی عمر بن عبد العزیز کی طرح فدک اولاد فاطمہ کو لوٹا دیتے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اپنے دور خلافت میں فدک کو خلفاء ثلاثہ کے طریقہ اور ان کے دور کے دستور پر قائم رکھنا اس بات

---

[1] شیخ فقیر سید محمد حسن قزوینی، فدک ص ۲۸۸، مطبوعہ کتاب خانہ مدرسہ چہل ستون مسجد جامع طہران

[2] شیخ کمال الدین میثم بن علی میثم البحرانی متوفی ۶۷۹ھ، شرح نہج البلاغہ ج ۵ ص ۱۰۷، مطبوعہ مؤسسۃ النصر ایران ۱۳۸۴ھ

کی بہت مضبوط شہادت ہے کہ فدک کے متعلق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نظریہ ہی برحق تھا، وللہ الحمد۔

فدک کی تحقیق کے سلسلہ میں یہ وہ آخری بات تھی جس کو ہم بیان کرنا چاہتے تھے، فدک کے متعلق علماء اہل سنت ہمیشہ سے اہل سنت کے موقف کی وضاحت کرتے رہے ہیں، متاخرین میں سے خاص طور پر شاہ عبد العزیز محدث دہلوی اور محسن الملک سید محمد مہدی علی خان نے تحقیق کا حق ادا کر دیا ہے اور ہم نے بھی اس مضمون میں ان کی تحقیقات سے استفادہ کیا ہے ہم نے اس مسئلہ کو بہت تفصیل اور وضاحت سے بیان کیا ہے اور قرآن مجید، علماء شیعہ کی تصانیف اور عقلی دلائل سے اس مسئلہ کو واضح کر دیا ہے، میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان صفحات کو طالبان حق کے لیے رشد و ہدایت کا سبب بنائے اور مصنف کے لیے اس تحریر کو مغفرت اور دارین کی فلاح کا ذریعہ بنائے اور اس کتاب کو تاقیامت باقی رکھے اور قبول عام عطا فرمائے وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد سید المرسلین خاتم النبیین شفیع المذنبین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ وذریاتہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

مسئلہ خلافت

اس باب کی حدیث نمبر ۴۴۶۵ میں یہ مذکور ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے چھ ماہ تک حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حیات میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت نہیں کی اور حضرت فاطمہ کے وصال کے بعد مسجد میں آکر حضرت ابوبکر سے بیعت کی، اس کی تفصیل حضرت عائشہ نے اس طرح بیان کی ہے کہ حضرت علی مسجد میں آئے، کلمہ شہادت پڑھا اور حضرت ابوبکر کے حق کی عظمت کو بیان کیا اور یہ بتلایا کہ انہوں نے بیعت میں (چھ ماہ کی) تاخیر اس وجہ سے نہیں کی کہ وہ حضرت ابوبکر کے خلاف خلافت میں کچھ رغبت رکھتے تھے اور نہ وہ حضرت ابوبکر کی فضیلت کا انکار کرتے تھے، لیکن ہم یہ سمجھتے تھے کہ اس حکومت (کے مشورہ) میں ہمارا بھی کچھ حصہ ہے اور چونکہ یہ حکومت ہمارے مشورہ کے بغیر بنائی گئی تھی اس وجہ سے ہمارے دلوں کو رنج پہنچا، مسلمان اس بیان سے خوش ہو گئے اور کہا آپ نے ٹھیک فرمایا! اور جب حضرت علی نے اس معروف راستہ کو اختیار کر لیا تو لوگ ان کی طرف پھر مائل ہو گئے۔

شیعہ حضرات، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کے قائل نہیں ہیں، اس لیے ہم اس حدیث کی شرح میں قرآن مجید کی آیات اور عقلی دلائل کی روشنی میں حضرت ابوبکر کی خلافت کا حق ہونا بیان کریں گے اور مسئلہ خلافت میں علماء شیعہ کے اہم شبہات کے جوابات ذکر کریں گے فنقول بااللہ التوفیق وبہ الاستعانۃ یلیق۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے حق ہونے پر قرآن مجید سے استدلال

(۱) قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یایها الذین امنوا من یرتد منکم عن دینه فسوف یاتی الله بقوم یحبهم ویحبونه اذلة علی المؤمنین اعزة علی الکافرین یجاهدون فی سبیل الله ولا یخافون لومة	اے ایمان والو! اگر تم میں سے کوئی شخص اپنے دین سے پھر جائے تو (وہ یہ سن لے کہ) عنقریب اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو لائے گا جن سے اللہ محبت کرے گا اور وہ قوم اللہ سے محبت کرے گی، یہ لوگ مسلمانوں پر نرم اور کافروں پر

لا ثم ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء و الله واسع عليم۔ (مائدہ: ۵۴)

سخت ہوں گے، یہ لوگ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے یہ اللہ کا فضل ہے، جسے وہ چاہتا ہے اس کو عطا فرماتا ہے، اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت کا مالک اور علم والا ہے۔

اس آیت میں جس قوم کا ذکر کیا گیا ہے کہ وہ اللہ کو محبوب ہوگی اور اس کو اللہ محبوب ہوگا، اس قوم سے حضرت ابوبکر اور ان کے موافقین مراد ہیں، کیونکہ اسلام میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مرتدین سے جہاد کیا اور اس سلسلہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں کی۔

علامہ ذہبی نے بیان کیا ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کی خبر اطراف عالم میں پھیلی تو بہت سارے عرب اسلام سے مرتد ہو گئے اور زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان سے قتال کے لیے تیار ہو گئے، حضرت عمر اور بعض دوسرے صحابہ نے حضرت ابوبکر کو اس اقدام سے باز رکھنے کی کوشش کی لیکن حضرت ابوبکر نے اس کی طرف التفات نہیں کیا اور فرمایا: بخدا اگر یہ لوگ اس رسی یا اس بکری کے بچے کو دینے سے بھی انکار کریں گے جس کو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں دیا کرتے تھے تو میں ان سے جنگ کروں گا، اور فرمایا جس شخص نے نماز اور زکوٰۃ میں فرق کیا میں اس سے قتال کروں گا حتیٰ کہ حضرت عمر نے حضرت ابوبکر سے اتفاق کر لیا۔

حضرت ابوبکر نے حضرت خالد کو بنی اسد اور غطفان کی طرف روانہ کیا انہوں نے کچھ مرتدوں کو قتل کیا اور کچھ کو قید کر لیا اور باقی لوگ دوبارہ مسلمان ہو گئے، پھر حضرت ابوبکر نے حضرت خالد کو مسیلمہ کذاب سے جہاد کرنے کے لیے یمامہ بھیجا، جہاں کئی روز تک بہت خون ریز جنگ ہوئی حتیٰ کہ حضرت وحشی (قاتل حمزہ) نے مسیلمہ کذاب کو قتل کر دیا، حضرت عکرمہ بن ابی جہل کو عمان کے مرتدین کی طرف روانہ کیا اور حضرت مہاجر بن امیہ کو مرتدین کے ایک ٹولہ کی طرف روانہ کیا، حضرت زیاد بن لبید انصاری کو مرتدین کے ایک دوسرے ٹولہ کی طرف روانہ کیا اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو سات سو سواروں کے ساتھ شام کی طرف روانہ کیا۔

شیعہ مؤرخ شیخ احمد بن ابی یعقوب نے بھی بہت تفصیل سے مرتدین کے خلاف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے جہاد کا ذکر کیا ہے۔ [1]

اہل سنت اور اہل تشیع دونوں کے نزدیک یہ امر اتفاقی ہے کہ اسلام میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر اور ان کے رفقاء نے مرتدین کے خلاف جہاد کیا، اس لیے اس آیت کا مصداق حضرت ابوبکر اور ان کے متبعین ہیں اور سورۂ مائدہ کی یہ آیت اس مقصد میں نص صریح ہے کہ حضرت ابوبکر اور ان کے متبعین اللہ تعالیٰ کے محبوب اور محب ہیں، مسلمانوں پر نرم اور کفار پر سخت ہیں اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے اور نڈر ہیں اور ان پر اللہ کا فضل ہے، سو اگر حضرت ابوبکر بقول شیعہ غاصب اور ظالم ہوتے تو اللہ تعالیٰ ان کی شان میں یہ آیت نازل نہ فرماتا۔

جہاد کا انتظام کرنا، مسلمانوں پر نرمی اور کفار پر سختی کرنا، ان صفات سے وہی شخص متصف ہوگا جو شخص صاحب اقتدار

[1] شیخ احمد بن ابی یعقوب متوفی ۲۹۰ھ [illegible] انتشارات علمی و فرہنگی ایران، ۱۳۶۲ھ

ہو کیونکہ سربراہ مملکت اور امیر ریاست کے حکم اور اس کی اجازت کے بغیر جہاد نہیں ہوتا، اس لیے اس آیت میں یہ اشارہ ہے کہ جو قوم مرتدین کے خلاف جہاد کرے گی وہ برسر اقتدار ہوگی اور اس قوم کا برسر اقتدار ہونا اللہ تعالیٰ کو محبوب ہوگا اور چونکہ مرتدین کے خلاف سب سے پہلے حضرت ابوبکر نے جہاد کیا ہے اس سے ثابت ہوا کہ اس آیت کا مصداق حضرت ابوبکر ہیں اور ان کا برسر اقتدار، اور امیر مملکت ہونا اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب اور پسندیدہ ہے وللہ الحمد علی ذلک۔

(۲)۔ اور قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

قل للمخلفین من الاعراب ستدعون الی قوم اولی باس شدید تقاتلونھم او یسلمون فان تطیعوا یؤتکم اللہ اجرا حسنا وان تتولوا کما تولیتم من قبل یعذبکم عذابا الیما۔ (فتح: ۱۶)

(آپ (غزوہ حدیبیہ میں) پیچھے رہ جانے والے بدوؤں سے کہیے کہ: عنقریب تم کو ایسی قوم (مرتدین اہل یمامہ) سے جنگ کے لیے بلایا جائے گا جو بہت جنگجو اور زور آور ہے، تم ان سے جنگ کرتے رہو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے اگر تم نے اس وقت (احکام جہاد کی) اطاعت کی تو اللہ تعالیٰ تم کو بہترین اجر دے گا اور اگر تم نے (اس حکم جہاد سے) روگردانی کی جس طرح تم پہلے روگردانی کر چکے ہو تو اللہ تعالیٰ تم کو دردناک عذاب دے گا۔

اہل علم کا اس پر اتفاق ہے کہ اس آیت کے نزول کے بعد سب سے پہلے حضرت ابوبکر نے ان بدوؤں کو بنو حنیفہ مانعین زکوٰۃ اور دیگر مرتدین کے خلاف جنگ کے لیے بلایا تھا اور اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ان بدوؤں پر جہاد کی دعوت دینے والے امیر کی اطاعت کو واجب قرار دیا ہے اور اس کی اطاعت پر ثواب کا وعدہ کیا ہے اور اس کی نافرمانی پر عذاب کی وعید سنائی ہے اور جس امیر کی اطاعت واجب ہوگی اس کی خلافت واجب ہوگی اور جب ان بدوؤں کو جہاد کے لیے بلانے والے حضرت ابوبکر تھے تو ان کی خلافت واجب ہو گئی۔

حافظ ابن کثیر نے لکھا ہے کہ بعض مفسرین نے کہا ہے کہ اس جنگجو قوم سے فارس اور روم مراد ہیں، تب بھی کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ فارس اور روم کے خلاف لشکر کو حضرت ابوبکر نے تیار کیا تھا اور حضرت عمر اور حضرت عثمان کے ہاتھوں یہ علاقے فتح ہوئے اور ان دونوں کی خلافت حضرت ابوبکر کی خلافت کی فرع ہے۔

اگر یہ سوال کیا جائے کہ اس آیت میں جس دعوت دینے والے کا ذکر ہے اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا حضرت علی کیوں مراد نہیں ہو سکتے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس لیے مراد نہیں ہیں کہ اس سے پہلے والی آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

سیقول المخلفون اذا انطلقتم الی مغانم لتاخذوھا ذرونا نتبعکم یریدون ان یبدلوا کلم اللہ قل لن تتبعونا کذلکم قال اللہ من قبل

(جب تم اموال غنیمت لینے جاؤ گے تو غزوہ حدیبیہ سے) پیچھے رہ جانے والے بدو عنقریب یہ کہیں گے: "ہمیں بھی اپنے ساتھ چلنے دو" یہ بدو اللہ کے کلام کو تبدیل کرنے کا ارادہ کرتے ہیں، آپ کہہ دیجئے: تم

(فتح : ۱۵) ہمارے ساتھ ہرگز نہیں جاؤ گے" اللہ تعالیٰ نے پہلے سے ہی اس طرح فرما دیا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عمرہ کے لیے مدینہ سے روانہ ہوئے اور آپ نے مسلمانوں کو ساتھ چلنے کے لیے اجالا کیونکہ آپ کو قرائن سے جنگ کا بھی احتمال تھا تو اس موقع پر عرب کے وہ بدو جن کے دلوں میں ایمان راسخ نہیں ہوا تھا جان چرا کر بیٹھ رہے اور آپس میں کہنے لگے "بھلا ہم ایسی قوم کی طرف جائیں گے جو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے گھر (مدینہ) آکر ان کے ساتھیوں کو قتل کر گئی ہے! حدیبیہ سے واپس آنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خیبر پر حملہ کرنے کا حکم ہوا تو اللہ تعالیٰ نے حضور کو خبر دی کہ جو بدو حدیبیہ میں آپ کے ساتھ نہیں گئے تھے اب وہ معرکہ خیبر میں آپ کے ساتھ چلنے کے لیے کہیں گے کیونکہ وہاں خطرہ کم اور مال غنیمت ملنے کی توقع زیادہ ہے، آپ ان سے فرما دیں کہ اللہ تعالیٰ پہلے ہی یہ بتلا چکا ہے کہ تم ہمارے ساتھ نہیں جاؤ گے اب اگر تم ہمارے ساتھ جاؤ گے تو گویا اللہ کا کلام تبدیل ہو جائے گا اور یہ تو ہو نہیں سکتا لہٰذا تم ہمارے ساتھ نہیں جا سکتے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بتلا دیا کہ یہ بدو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہیں جائیں گے، ہاں عنقریب ان کو ایک سخت جنگجو قوم سے لڑنے کے لیے بلایا جائے گا اس وقت اگر انہوں نے اطاعت کی تو ان کو اچھا اجر ملے گا!

اس تفصیل سے یہ واضح ہو گیا کہ اس سخت جنگجو قوم سے جہاد کرنے کے داعی کا مصداق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی فرما دیا ہے یہ بدو آپ کے ساتھ نہیں جائیں گے اور اس داعی کا مصداق حضرت علی بھی نہیں ہیں کیونکہ حضرت علی نے اپنی خلافت میں دعوت اسلام کے لیے کوئی جنگ نہیں کی، حضرت علی نے اپنی زندگی میں جتنی لڑائیاں کیں وہ سب اپنی خلافت کی بقاء اور اپنے حقوق کی حفاظت کے لیے تھیں اور بعد کے حکمران بالاجماع مراد نہیں ہیں، پس متعین ہو گیا کہ دعوت اسلام کے لیے ایک سخت قوم کے خلاف جس شخص نے بدوؤں کو جہاد کی دعوت دی اور جس داعی کی اطاعت پر اللہ تعالیٰ نے اجر حسن اور جس کی حکم عدولی پر اللہ تعالیٰ نے عذاب کو واجب کیا وہ خلفاء ثلاثہ میں سے کوئی ایک شخص ہے اور ہر تقدیر پر حضرت ابوبکر کی خلافت کی حقانیت ثابت ہو گی کیونکہ حضرت عمر اور حضرت عثمان کی خلافت کا حق ہونا حضرت ابوبکر کی خلافت کے حق ہونے کی فرع ہے۔ پس واضح ہو گیا کہ اس آیت میں حضرت ابوبکر کی خلافت کے حق ہونے کی قوی دلیل ہے۔ وللہ الحمد علیٰ ذالک۔

(۳) نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

للفقراء المهاجرين الذين اخرجوا من ديارهم واموالهم يبتغون فضلا من الله و رضوانا وينصرون الله ورسوله اولئك هم الصادقون. (حشر : ۸)

(نیز وہ مال) ان فقراء مہاجرین کے لیے ہے جو اپنے گھروں اور مالوں سے نکال دیے گئے، یہ لوگ اللہ کا فضل اور اس کی رضا مندی چاہتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں، یہی لوگ صادق ہیں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مہاجرین کے صادق ہونے کی خبر دی ہے، اور حضرت ابوبکر کو مہاجرین نے خلیفہ بنایا تھا اور یہ کہا تھا کہ حضرت ابوبکر کے ہوتے ہوئے اور کوئی شخص خلافت کا مستحق نہیں ہے سو اگر حضرت ابوبکر کو خلیفہ برحق نہ مانا جائے تو مہاجرین [illegible] نے کہا حضرت ابوبکر خلیفہ برحق ہیں اور

مہاجرین کا جھوٹا ہونا خلاف قرآن ہے پس ثابت ہوا کہ حضرت ابوبکر کا خلیفہ برحق نہ ہونا بھی خلاف قرآن ہے۔ نیز اس آیت میں بلا تخصیص اور بلا استثناء تمام مہاجرین کو سچا فرمایا ہے اور حضرت ابوبکر بھی مہاجر ہیں بلکہ مدینہ کی طرف ہجرت کرنے والے عظیم صحابی ہیں ـــــ اور اگر بقول شیعہ آپ خلیفہ برحق نہ ہوں بلکہ ظالم، غاصب اور کاذب ہوں تو تمام مہاجرین صادق نہیں رہیں گے اور یہ قرآن کے خلاف ہے اس لیے از روئے قرآن حضرت ابوبکر کو صادق ماننا واجب ہے اور حضرت ابوبکر کو صادق ماننا اس کو مستلزم ہے کہ آپ کی خلافت برحق ہو، پس اس آیت سے حضرت ابوبکر کی خلافت کا حق ہونا دو طریقوں سے ثابت ہوگیا۔ وللہ الحمد

(۴)۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

والسابقون الاولون من المھاجرین و الانصار والذین اتبعوھم باحسان رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ واعد لھم جنت تجری تحتھا الانھر خالدین فیھا ابداً ذلک الفوز العظیم۔ (توبہ: ۱۰۰)

وہ لوگ جو سب سے پہلے اور بڑھ چڑھ کر ہجرت کرنے والے اور نصرت کرنے والے ہیں، اللہ ان سے راضی ہوگیا اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ایسی جنتیں تیار کر رکھی ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں وہ ابد تک ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہی عظیم الشان کامیابی ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے لیے اپنی رضا مندی اور اخروی انعامات کی بشارت دی ہے جنہوں نے سب سے پہلے ہجرت کی اور سب سے بڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت کی اور تمام سنی اور شیعہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ ہجرت اور نصرت میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سب سے سابق اور اول ہیں (ناسخ التواریخ کے حوالہ سے غزوہ تبوک میں حضرت ابوبکر کی سب سے زیادہ نصرت کا بیان گذر چکا ہے) پس اس آیت سے واضح ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ جن سے راضی ہے اور جن کو اللہ نے عظیم کامیابی کی بشارت دی ہے ان میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سرفہرست ہیں، سو اگر بقول شیعہ حضرت ابوبکر ظالم، غاصب اور فاسق یا کافر ہوتے تو وہ ان اخروی انعامات کا مصداق نہ ہوسکے، لہٰذا اس آیت سے واضح ہوگیا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ برحق تھے تبھی وہ اللہ کی رضا مندی اور آخرت کی عظیم کامیابی کے حامل ہوئے۔

اس آیت میں مہاجرین اور انصار صحابہ کے بعد میں آنے والے ان لوگوں کے لیے بھی اللہ کی رضا، جنت اور آخرت کی عظیم کامیابی کی بشارت ہے جو ان سابقین اولین کی نیکی کے ساتھ اتباع کریں یا ان کے حق میں کلمہ خیر کہیں سو جو لوگ اخروی انعامات کو حاصل کرنا چاہتے ہیں ان پر لازم ہے کہ وہ حضرت ابوبکر اور دیگر خلفائے راشدین کے متعلق اچھے کلمات کہیں اور نیکی کے ساتھ ان کی پیروی کریں اور ان کے متبعین بالاحسان میں شامل رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں خلفاء راشدین کے متبعین بالاحسان میں شامل رکھے اور اسی پر ہمارا خاتمہ کرے ہم سے راضی ہو جائے اور ہمیں راضی کرے اور ہمیں وہ دائمی جنات عطا فرمائے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور عظیم الشان کامیابی عطا فرمائے (آمین)

حضرت ابوبکر کے خلیفہ برحق ہونے پر عقلی دلائل

تمام امت کا اس پر اتفاق ہے کہ خلافت کا مستحق تین شخصوں میں سے کوئی ایک تھا، حضرت ابوبکر،

حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہم، پھر حضرت علی اور حضرت عباس نے حضرت ابوبکر کی بیعت سے اختلاف نہیں کیا بلکہ ان دونوں حضرات نے حضرت ابوبکر کی بیعت کر لی، پس تمام صحابہ کا حضرت ابوبکر کی بیعت پر اجماع ہو گیا۔

نیز اگر حضرت ابوبکر خلیفہ برحق نہ ہوتے تو حضرت علی حضرت ابوبکر سے اسی طرح جنگ کرتے جس طرح انھوں نے حضرت معاویہ سے جنگ کی تھی جبکہ معاویہ بیس سال سے شام میں حکمران تھے اور ان کو فوج اور اسلحہ کی بڑی بھاری طاقت حاصل تھی یہی وجہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ طویل عرصہ تک جنگ کرنے کے بعد بھی ان کو زیر نہیں کر سکے، اس کے برخلاف حضرت ابوبکر کو ایسی عسکری قوت حاصل نہیں تھی اور تمام بنوہاشم حضرت علی کی پشت پر موجود تھے اور حضرت معاویہ کی بہ نسبت حضرت ابوبکر سے جنگ کرنا بہت آسان تھا پس اگر حضرت ابوبکر خلیفہ برحق نہ ہوتے تو حضرت علی کبھی ان کی بیعت نہ کرتے جس طرح حضرت حسین نے یزید کی بیعت نہیں کی تھی اور ان سے ضرور جنگ کرتے جس طرح حضرت علی نے حضرت معاویہ سے جنگ کی تھی۔

انعقاد بیعت کے وقت انصار نے یہ کہا تھا کہ ایک امیر ہم میں سے ہو اور ایک امیر تم میں (مہاجرین) سے ہو، حضرت ابوبکر نے اس کا یہ جواب دیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: الائمة من قریش "امام قریش ہی سے ہوگا" انصار نے اس حدیث کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا اور حضرت ابوبکر کی بیعت کر لی، حضرت علی کے حامی انصار سے زیادہ تھے اور عام مسلمانوں کو بھی خانوادہ نبوت سے محبت اور ہمدردی تھی اگر ان کے پاس اپنی خلافت کے بارے میں کوئی نص ہوتی تو انصار کی بہ نسبت وہ معارضہ کرنے کے زیادہ حقدار تھے اور ان کے حمایتی اور مددگار انصار سے بہت زیادہ تھے، اس لیے وہ اس نص کو ضرور پیش کرتے اور ثابت کرتے کہ وہ خلافت کے حقدار ہیں، اور تمام مسلمان ان کا ساتھ دیتے۔

کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے چھ ماہ بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کی تھی؟

امام بخاری نے ابن شہاب زہری کی سند سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ حضرت علی نے حیات فاطمہ میں چھ ماہ تک حضرت ابوبکر سے بیعت نہیں کی، اور حضرت فاطمہ کی وفات کے بعد انھوں نے حضرت ابوبکر سے صلح کر کے بیعت کر لی۔ [1]

امام مسلم نے بھی ابن شہاب زہری کی سند سے اس روایت کو بیان کیا ہے۔ [2]

ہرچند کہ حضرت علی کی بیعت میں تاخیر کو امام بخاری اور امام مسلم نے روایت کیا ہے لیکن یہ صحیح نہیں ہے بلکہ اس کے برعکس صحیح یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بیعت عام کے وقت ابتداء ہی میں بیعت کر لی تھی، اور تمام مسلمانوں کے اجتماعی عمل سے الگ نہیں رہے تھے۔ امام بیہقی، امام بخاری اور امام مسلم کی اس روایت پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

---

[1] امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۶۰۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[2] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۹۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

قال معمر قلت للزهری کم مکثت فاطمة بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ستة اشہر فقال رجل للزهری فلم یبایعہ علی رضی اللہ عنہ حتی ماتت فاطمة رضی اللہ عنہا قال ولا احد من بنی هاشم رواه البخاری فی الصحیح من وجهین عن معمر ورواه مسلم عن اسحاق بن راهویه وغیره عن عبد الرزاق - وقول الزهری فی قعود علی عن بیعة ابی بکر رضی اللہ عنہ حتی توفیت فاطمة رضی اللہ عنہا منقطع وحدیث ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ فی مبایعتہ ایاه حین بویع العامة بعد السقیفة اصح ولعل الزهری اراد قعوده عنها بعد البیعة ثم نهوضه الیها ثانیا وقیامه بواجباتها واللہ اعلم۔[1]

معمر کہتے ہیں کہ میں نے زہری سے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت فاطمہ کتنے دن زندہ رہیں زہری نے کہا چھ ماہ، پھر ایک شخص نے زہری سے کہا: کیا حضرت فاطمہ کے انتقال تک حضرت علی نے بیعت نہیں کی تھی؟ زہری نے کہا بنو ہاشم میں سے کسی نے بھی بیعت نہیں کی! اس حدیث کو امام بخاری نے معمر سے دو سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے اور امام مسلم نے اسحٰق بن راہویہ سے اور دوسروں نے عبد الرزاق سے روایت کیا ہے اور زہری کی یہ روایت منقطع ہے کہ حضرت فاطمہ کے انتقال تک حضرت علی نے بیعت نہیں کی تھی اور حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ کی یہ روایت صحیح ہے کہ جس وقت عام بیعت ہو رہی تھی حضرت علی نے اسی وقت حضرت ابوبکر کی بیعت کر لی تھی اور شاید کہ زہری کی یہ مراد ہو کہ حضرت علی بیعت کرنے کے بعد چھ ماہ تک گھر بیٹھے رہے اور اس کے بعد دوبارہ (چھ ماہ بعد) حضرت ابوبکر کے پاس گئے اور بیعت کے تقاضوں کو پورا کیا۔

امام بیہقی نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی جس روایت کا حوالہ دیا ہے وہ یہ ہے:

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری روایت کرتے ہیں:

عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال لما توفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قام خطباء الانصار فجعل الرجل منهم یقول یا معاشر المهاجرین ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا استعمل رجلا منکم قرن معه رجلا منا فنری ان یلی هذا الامر رجلان احدهما منکم والاخر منا قال فتتابعت خطباء الانصار علی ذلک فقام زید بن ثابت فقال ان رسول اللہ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی تو انصار کے خطباء کھڑے ہو گئے اور ان میں سے ایک شخص نے کہا: اے جماعت مہاجرین! رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب تم میں سے کسی شخص کو حاکم بناتے اور اس کے ساتھ ہمارے ایک آدمی کو بھی حاکم بناتے، سو ہمارا خیال یہ ہے کہ اس خلافت کے لیے بھی دو شخص مقرر کیے جائیں، ایک ہم میں سے ہو اور ایک تم میں سے، پھر انصار کے سب خطیبوں نے

[1] امام احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ ھ، سنن کبریٰ ج ۶ ص ۳۰۰، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

صلی اللہ علیہ وسلم کان من المھاجرین و ان الامام یکون من المھاجرین ونحن انصارہ کما کنا انصار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقام ابوبکر رضی اللہ عنہ فقال جزاکم اللہ خیرا یا معشر الانصار وثبت قائلکم ثم قال اما لو فعلتم غیر ذلک لما صالحناکم ثم اخذ زید بن ثابت بید ابی بکر فقال ھذا صاحبکم فبایعوہ ثم انطلقوا فلما قعد ابوبکر علی المنبر نظر فی وجوہ القوم فلم یر علیا فسأل عنہ فقام ناس من الانصار فاتوا بہ فقال ابوبکر ابن عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وختنہ اردت ان تشق عصا المسلمین فقال لا تثریب یا خلیفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبایعہ ثم لم یر الزبیر بن العوام فسأل عنہ حتی جاءوا بہ فقال ابن عمۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وحواریہ اردت ان تشق عصا المسلمین فقال مثل قولہ لا تثریب یا خلیفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبایعاہ ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ [1]

اسی طرح کہنا شروع کیا، اس وقت حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مہاجرین میں سے تھے اور امام بھی مہاجرین میں سے ہونا چاہیے اور ہم اس کی نصرت کریں گے جس طرح ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انصار تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر کہا: اے جماعت انصار اللہ تعالیٰ تم کو جزاء خیر دے اور تمہارے قائل کو ثابت قدم رکھے، اگر تم اس کے علاوہ کوئی اور فیصلہ کرتے تو ہم اس کو قبول نہ کرتے، پھر حضرت زید بن ثابت نے حضرت ابوبکر کا ہاتھ پکڑ کر کہا یہ تمہارے صاحب ہیں ان سے بیعت کر لو، پھر سب نے بیعت کی، جب حضرت ابوبکر منبر پر بیٹھ گئے تو آپ نے لوگوں کی طرف دیکھا، حضرت علی نظر نہیں آئے، آپ نے ان کے متعلق دریافت کیا، انصار میں سے کچھ لوگ حضرت علی کو بلا کر لائے، حضرت ابوبکر نے کہا اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عم زاد اور آپ کے داماد! کیا آپ مسلمانوں کے اتحاد کو توڑنا چاہتے ہیں، حضرت علی نے کہا اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ ملامت نہ کریں، سو آپ نے بیعت کر لی! پھر آپ نے دیکھا کہ حضرت زبیر بن عوام بھی نہیں ہیں تو ان کے متعلق دریافت کیا، پھر لوگ ان کو لائے، آپ نے فرمایا: اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد اور آپ کے مددگار! کیا آپ مسلمانوں کی جمعیت کو توڑنا چاہتے ہیں؟ حضرت زبیر نے بھی کہا اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ ملامت نہ کریں پھر دونوں نے بیعت کی، یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے اور انہوں نے اس کو روایت نہیں کیا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے کہ امام ابن حبان اور دیگر محدثین نے سند صحیح کے ساتھ حضرت ابو سعید خدری وغیرہ سے روایت کیا ہے کہ حضرت علی نے ابتداء ہی میں حضرت ابوبکر سے بیعت کر لی تھی اور یہ روایت بخاری اور مسلم کی اس روایت سے زیادہ صحیح اور اس پر راجح ہے اور بر تقدیر تسلیم بخاری اور مسلم کی روایت کا محمل یہ ہے کہ حضرت علی نے دوبارہ آ کر بیعت کی، کیونکہ حضرت فاطمہ کی تیمار داری میں مشغولیت کے باعث وہ حضرت ابوبکر کی مجلس سے غیر حاضر رہے تھے اس لیے لوگوں کے

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ حاکم نیشاپوری [illegible] دار الباز مکہ مکرمہ

اطمینان کی خاطر دوبارہ آکر بیعت کی تجدید کی۔ [۱]

حضرت ابو سعید کی روایت کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے:

امام ابن سعد روایت کرتے ہیں:

عن الحسن قال، قال علی لما قبض النبی صلی اللہ علیہ وسلم نظرنا فی امرنا فوجدنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد قدم ابا بکر فی الصلوٰۃ فرضینا لدنیانا من رضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لدیننا فقدمنا ابا بکر [۲]

حسن کہتے ہیں کہ حضرت علی نے فرمایا جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم وصال کر گئے تو ہم نے خلافت کے متعلق غور کیا پس ہم نے یہ دیکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر کو نماز میں مقدم کیا تھا، پھر ہم اپنی دنیا کے معاملہ میں اس شخص سے راضی ہو گئے جس شخص پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے دین کے معاملہ میں راضی تھے۔

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشا پوری اور امام ابن سعد کی ان روایات سے واضح ہو گیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر کی اسی وقت بیعت کر لی تھی جب بیعت عام منعقد ہوئی تھی اور امام بخاری اور امام مسلم نے معمر کے حوالے سے جو بیعت میں چھ ماہ تاخیر کی روایت بیان کی ہے وہ زہری کا قول ہے اور غیر متصل ہے اس لیے حجت نہیں ہے۔ اور بہ فرض محال اگر یہ روایت صحیح ہو بھی تب بھی کوئی مضائقہ نہیں ہے کیونکہ اس صورت میں حضرت علی کی تاخیر کی وجہ یہ ہے کہ بیعت کی صحت کے لیے ہر ہر فرد کا بیعت کرنا ضروری نہیں ہے بلکہ ارباب حل وعقد میں سے جو علماء اور رؤسا میسر ہوں ان کا بیعت کرنا صحت بیعت کے لیے کافی ہے، البتہ باقی لوگوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ امام کی اطاعت کریں اور اس کی مخالفت نہ کریں اور جماعت مسلمین سے باہر نہ ہوں سو حضرت علی نے ایسا ہی کیا ہر چند کہ انہوں نے بیعت عام کے وقت بیعت نہیں کی لیکن انہوں نے اتحاد مسلمین کی لاٹھی کو نہیں توڑا اور نہ حضرت ابوبکر کی مخالفت کی اور جب ان کو حضرت فاطمہ کی تیمارداری سے فرصت ملی تو انہوں نے اطمینان سے آکر شرح صدر سے حضرت ابوبکر کی بیعت کر لی۔

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ حضرت علی نے تاخیر بیعت کا خود یہ عذر بیان کیا ہے کہ ہمیں حضرت ابوبکر کی افضلیت اور خلافت میں ان کے استحقاق سے کوئی اختلاف نہیں ہمیں صرف یہ شکایت ہے کہ مشورہ میں ہم کو شریک نہیں کیا گیا، حضرت ابوبکر، عمر اور دوسرے صحابہ کی طرف سے اس عذر کا یہ جواب ہے کہ خلافت کا معاملہ بے حد اہم تھا اور اس مسئلہ کو جلد از جلد طے کرنا مقصود تھا، اسی وجہ سے اس قضیہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تدفین پر مقدم کیا گیا، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دینے اور تجہیز و تکفین میں مشغول تھے اس بنا پر ان کو مشورہ کے لیے نہیں بلایا جا سکا، بہر حال یہ توجیہات حضرت علی کی بیعت میں تاخیر کی بنا پر ہیں ورنہ صحیح یہی ہے کہ حضرت علی نے ابتداء ہی بیعت عام کے وقت بیعت کر لی تھی، اہل تشیع کی روایات سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے جیسا کہ ان شاء اللہ ہم عنقریب بیان کریں گے۔

---

[۱] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷، ص ۴۹۵، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[۲] امام محمد بن سعد متوفی ۲۳۰ھ، الطبقات الکبریٰ ج ۳ ص ۱۸۳، مطبوعہ دار صادر بیروت، ۱۳۸۸ھ

حضرت ابوبکر کی خلافت پر حضرت علی کا تبصرہ

حضرت علی کے نزدیک حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان کی خلافت صحیح تھی، اس کی دلیل یہ ہے کہ انھوں نے ان کی خلافت کے خلاف کوئی مناقشہ نہیں کیا، کوئی محاذ آرائی نہیں کی بلکہ خلفاء ثلاثہ کے ساتھ وہ مسلسل تعاون اور ان کی حمایت کرتے رہے چوبیس سال تک لگاتار خلفاء ثلاثہ کی اقتداء میں نمازیں پڑھیں، خلفاء ثلاثہ کی سونپی ہوئی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے پورا کیا اور ہمیشہ ایک رفیق اور حلیف کی حیثیت سے ان کے ساتھ تعاون کرتے رہے۔

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن علی انہ قال یوم الجمل ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یعہد الینا عھدا ناخذ بہ فی امارۃ ولکنہ شیء رایناہ من قبل انفسنا ثم استخلف ابو بکر رحمۃ اللہ علی ابی بکر فاقام واستقام ثم استخلف عمر رحمۃ اللہ علی عمر فاقام واستقام حتی ضرب الدین بجرانہ۔[1]

جنگ جمل کے دن حضرت علی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خلافت کے متعلق ہمیں کوئی وصیت نہیں کی تھی جس پر ہم عمل کرتے، ہم نے خود اپنے اجتہاد سے خلیفہ مقرر کیا، پھر ابوبکر کو خلیفہ بنایا گیا، ابوبکر پر اللہ کی رحمت ہو انھوں نے خلافت کو درستگی کے ساتھ قائم کیا اور خود بھی راہ راست پر رہے پھر عمر کو خلیفہ بنایا گیا، عمر پر اللہ کی رحمت ہو انھوں نے بھی کار خلافت کو صحیح رکھا اور خود بھی راہ استقامت پر گامزن رہے حتیٰ کہ دین کے تمام معاملات درست ہو گئے۔

اہل تشیع کی تصانیف میں حضرت علی کے بیعت کرنے کا نقشہ

یہاں تک ہم نے علماء اہل سنت کی احادیث اور دیگر تصانیف سے حضرت ابوبکر کے ہاتھ پر حضرت علی کے بیعت کرنے کا واقعہ بیان کیا ہے اب ہم تقابلی جائزہ کے لیے علماء اہل تشیع کی تصانیف سے حضرت علی کے بیعت کرنے کا واقعہ بیان کرتے ہیں:

ملا باقر مجلسی لکھتے ہیں:

جب حضرت عمر نے دیکھا کہ جمیع مہاجرین وانصار نے بغیر حیدر کرار اور چار نفر خواص اصحاب رسول دین کو دنیا سے فروخت کر ڈالا اور حضرت ابوبکر سے بیعت کی، اس وقت ابوبکر سے کہا علی کو بیعت کے لیے کیوں نہیں بلاتے واللہ جب تک وہ بیعت نہ کریں گے کب تک تم پر خلافت قائم نہ رہے گی کہ وہ خلیفہ برحق رسول خدا ہیں اور عالم تر اور شجاع تر اور فاضل تر اس امت کے ہیں، لوگ ان کی طرف بہت رجوع کرتے ہیں، ابوبکر نے جناب امیر کو بیعت کے لیے بلایا، جناب امیر نے فرمایا میں نے قسم کھائی ہے جب تک قرآن جمع نہ کر لوں گھر سے باہر نہ آؤں اور چادر کندھے پر نہ ڈالوں بعد چند روز کے قرآن ناطق یعنی جناب امیر نے قرآن کو جمع فرمایا اور حزدان میں رکھ کر سر بمہر کر دیا پھر مسجد میں تشریف لا کر مجمع مہاجرین وانصار میں ندا فرمائی کہ اے گروہ مردمان جب میں دفن پیغمبر آخر الزمان سے فارغ ہوا بحکم آنحضرت قرآن جمع کرنے میں مشغول

---

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ... [illegible] ... بیروت، ۱۴۰۲ھ

ہوا اور جمیع آیات و سورہ ہائے قرآن کو میں نے جمع کیا اور کوئی آیہ آسمان سے نازل نہ ہوا جو حضرت نے مجھے نہ سنایا ہو ، اور اس کی تعلیم مجھے نہ کی ہو ، چونکہ اس قرآن میں چند آیات کفر و نفاق منافقین و آیات نص خلافت جناب امیر صریح تھے اس وجہ سے خلافت لے اس قرآن سے انکار کر دیا۔ جناب امیر غضبناک اپنے حجرہ طاہرہ کی طرف تشریف لے گئے اور فرمایا اب اس قرآن کو تم لوگ تا ظہور قائم آل محمد نہ دیکھو گے ۔ [1]

اس اقتباس سے یہ معلوم ہوا کہ علماء شیعہ کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد پانچ اصحاب کے سوا باقی تمام صحابہ نے بیعت کی ، اہل تشیع نے جس ذلت و رسوائی کے ساتھ حضرت علی کو مسجد میں بلوانے اور جبراً بیعت لینے کا واقعہ بیان کیا ہے وہ کسی تبصرہ کا محتاج نہیں ہے ، اس کے ساتھ ہی حضرت خاتون جنت سیدنا فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کی شدید توہین کی ہے ، اور حضرت علی کی انتہائی بزدلی بیان کی ہے ۔ حضرت خاتون جنت پر دروازہ گرا کر ان کا حمل ساقط کر دیا اور وہ کچھ نہ کر سکے ایسا بھی کیا تقیہ! حضرت علی کو اپنی جان اتنی پیاری تھی کہ اپنی اور رسول اللہ کی عزت کو پامال ہوتے ہوئے دیکھتے رہے اور اسد اللہی قوت سے کوئی مزاحمت نہیں کی !

تقیہ کا جواب

ملا باقر مجلسی لکھتے ہیں : ایک گروہ منافقین نے صلاح کی جناب امیر کو قتل کریں اور باہم کہا ہماری عملداری مستحکم نہ ہو گی جب تک علی کو قتل نہ کریں ۔ جب ابوبکر نے ان سے کہا جب پتہ چلا یہ کوئی جرأت نہیں کر سکتا تو ثانی نے ایک آدمی کو بھیج کر خالد بن ولید کو بلا یا اور کہا تم کو میں نے ایک امر عظیم کے لیے بلایا ہے ، بولا جو کچھ کہو مجھ کو منظور ہے اگرچہ قتل علی ہی کیوں نہ ہو ، کہا اسی لیے تم کو بلایا ہے ، خالد نے پوچھا کس وقت علی کو قتل کروں ۔ . . . . نے کہا وقت نماز میں علی کے پہلو میں کھڑا ہو جب میں سلام کہوں تو علی کو قتل کر ۔ اسماء بنت عمیس کہ پہلے زن جعفر طیار تھیں اس وقت زوجۂ ابوبکر تھیں جب اس نے لوگوں کے اس مشورہ کو سنا اپنی کنیزہ سے کہا علی اور فاطمہ کے گھر جا اور ان کے گھر میں پھرتی اور یہ آیت پڑھتی جا : ان الملأ یأتمرون بک لیقتلوک فاخرج انی لک من الناصحین " جب وہ کنیز آئی اور یہ آیت پڑھی ۔ جناب امیر نے فرمایا اپنی بی بی سے کہہ دے خدا تجھ پر رحمت نازل کرے وہ لوگ یہ قدرت نہیں رکھتے ، اس لیے کہ اگر وہ مجھے قتل کریں گے تو ناکثین و قاسطین و مارقین سے کون لڑے گا پس جناب امیر نے وضو کیا اور مسجد میں تشریف لائے اور مشغول نماز ہوئے ۔ خالد بن ولید بھی پہلو میں آکھڑا ہوا اس وقت ابوبکر نماز پڑھاتے تھے ۔ اور ڈرے کہ جناب امیر نے اگر تلوار کھینچ لی تو پہلے میں ہی نہ مارا جاؤں اس خیال سے تشہد کو بہت طول دیا یہاں تک کہ نزدیک ہوا آفتاب طلوع ہو جائے ۔ خوف دوسرا یہ بھی تھا اگر سلام کہی اور خالد بن ولید اپنی حرکت ناپاک کرے فتنہ و فساد برپا نہ ہو جائے ۔ پس قبل سلام ابوبکر نے کہا اے خالد ! جس بات کا میں نے تم کو حکم دیا ہے وہ نہ کرنا ، اور اگر کرے گا تو میں تجھے مار ڈالوں گا ۔ یہ کہہ کر سلام نماز کیا اس وقت جناب امیر نے خالد سے کہا تجھے ابوبکر نے کیا حکم دیا تھا اس نے کہا تمہارے قتل کا ۔ فرمایا کیا تو مجھے قتل کرتا ۔ خالد نے کہا ہاں واللہ ! اگر ابوبکر منع نہ کرتے تو میں تم کو قتل کر دیتا ۔ یہ سن کر جناب امیر نے خالد کو بلند کر کے زمین پر دے مارا اور اس کے سینہ پر چڑھ بیٹھے اور تلوار اٹھائی کہ سر کاٹ لیں عمر نے چلا کر کہا بحق پروردگار کہ علی ابن ابیطالب خالد کو مارے ڈالتے ہیں ۔ سب مل کر چھڑا لو ۔ یہ سن کر تمام حاضرین مسجد میں جمع ہو گئے مگر جناب امیر کے ہاتھ سے نہ چھڑا سکتے تھے ۔ [2]

---

[1] ملا محمد باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۰ھ ، جلاء العیون مترجم ج ا ص ۲۲۷-۲۲۶ ، مطبوعہ شیعہ جنرل بک ایجنسی ۔ مر ۔

[2] ، ، ، ، جلاء العیون مترجم ج ا ص ۲۳۸ ، ۲۳۷ ۔

ملا باقر مجلسی کے بیان کردہ اس واقعہ سے یہ ظاہر ہو گیا کہ حضرت علی حضرت ابوبکر کی اقتداء میں نماز پڑھتے تھے اور یہ عذر بیان کرنا صحیح نہیں ہے کہ حضرت علی نے تقیۃً یہ نمازیں پڑھی ہیں کیونکہ اسی عبارت میں یہ لکھا ہے کہ حضرت علی اتنے زور آور تھے کہ انہوں نے حضرت خالد بن ولید کو پکڑ لیا تو تمام حاضرین مسجد مل کر بھی ان کو نہیں چھڑا سکتے تھے۔ اور جب حضرت علی کو اپنی جان کا خوف اور خطرہ نہیں تھا کیونکہ وہ بار بار فرماتے تھے کہ یہ لوگ مجھے قتل کرنے کی قدرت نہیں رکھتے تو تقیہ کی کوئی وجہ نہ تھی اور جب ان کے نزدیک حضرت ابوبکر کافر تھے۔ (العیاذ باللہ) تو پھر کافر کے پیچھے نمازیں پڑھ کر نمازوں کو برباد کرنے کی کیا ضرورت تھی!

نیز اس واقعہ سے یہ معلوم ہوا کہ موجودہ قرآن ناتمام اور محرف ہے اصل قرآن اب تک غائب ہے، حتیٰ کہ حضرت علی نے اس قرآن کو اپنے دور خلافت میں بھی نہیں ظاہر کیا اور تمام امت مسلمہ کو اب تک اس سے محروم رکھا ہے جب قائم آل محمد (یعنی امام مہدی) کا ظہور ہوگا تب اس قرآن کا ظہور ہوگا۔!

ملا باقر مجلسی حضرت علی کو مسجد میں بلانے کا نقشہ کھینچتے ہوئے لکھتے ہیں:

ثانی (حضرت عمر) نے کسی کو مسجد میں بھیج کر اپنے ساتھیوں سے اور کل منافقین سے نصرت و مددگاری چاہی پس گروہ منافقین فوج فوج . . . . کی نصرت و مددگاری کو آئے۔ یہاں تک کہ انبوہ و اژدحام ہو گیا۔ خالد بن ولید نے شمشیر کھینچ کر جناب امیر پر حملہ کیا۔ جناب امیر نے اس پر حملہ کر کے چاہا قتل کر دیں مگر لوگوں نے بحق رسول خدا جناب امیر کو قسم دی۔ جناب امیر نے خالد کو چھوڑ دیا۔ سلمان، ابوذر، مقداد، عمار، بریدہ اسلمی (رضوان اللہ علیہم) جناب امیر کی نصرت و مددگاری کو اٹھ کھڑے ہوئے اور قریب تھا کہ فتنۂ عظیم برپا ہو۔ جناب امیر نے ان کو منع کیا اور فرمایا مجھے ان اشقیاء کے ساتھ چھوڑ دو اس لیے کہ خدا نے مجھے حکم نہیں دیا کہ اس وقت ان سے جہاد کروں۔ وہ اشقیائے امت گلوئے مبارک حضرت میں رسیاں ڈال کر مسجد میں لے گئے۔ وبروایت دیگر۔ جب دروازہ در دولت پر پہنچے اور جناب فاطمہ اندر آنے سے مانع ہوئیں اس وقت قنفذ نے بروایت دیگر ثانی نے تازیانہ بازو تے جناب فاطمہ پہ مارا کہ بازو جناب سیدہ کا مضروب ہو کر سوج گیا مگر پھر بھی جناب فاطمہ نے جناب امیر سے ہاتھ نہ اٹھایا۔ اور ان لوگوں کو گھر میں آنے سے منع کیا۔ یہاں تک کہ دروازہ شکم جناب فاطمہ پر گرا دیا جس نے پسلیوں کو شکستہ کر دیا۔ اور اس فرزند کو جو شکم میں تھا حضرت رسول نے جس کا نام محسن رکھا تھا شہید کر دیا اور سیدہ نے بھی اسی صدمۂ ضربت سے انتقال کیا۔ وبروایت دیگر مغیرہ بن شعبہ نے بحکم حضرت دوم (حضرت عمر) دروازہ شکم محترم جناب فاطمہ پر گرا دیا۔ اور ان کے فرزند محسن کو ان کے شکم میں شہید کیا پھر جناب امیر کو مسجد میں لے گئے جفاکار و اشقیائے امت پیچھے پیچھے تھے اور کوئی نصرت و مدد حضرت کی نہ کرتا تھا۔ سلمان، ابوذر، مقداد، عمار، بریدہ اسلمی روتے پیٹتے اور کہتے تھے، کیا جلد حضرت رسول خدا سے تم لوگوں نے خیانت کی۔ کینہ ہائے سینہ کو ظاہر کیا۔ اور انتقام حضرت کا ان کے اہل بیت سے لیا۔ اس وقت بریدہ اسلمی نے کہا اے . . . . سب قریش تیری اصلیت و نسب کو جانتے ہیں اور تجھے پہچانتے ہیں کہ کتنی مرتبہ کے . . . . سے تو پیدا ہوا ہے ایسا شخص خانہ اہلبیت میں آئے اور پیغمبر کی بیٹی کو مجروح کرے برادر اور وصی رسول کو اس رسوائی سے مسجد میں لے جائے جب ابوبکر کی نظر جناب امیر پر پڑی لوگوں سے کہا چھوڑ دو۔ جناب امیر نے فرمایا اے ابوبکر کس حق اور کس میراث اور کس فضیلت پر تو نے خلافت میں تصرف کیا۔ کل تک . . . . کی اور بحکم پیغمبر مجھ پر بامارت سلام

تو نے سلام کیا۔ یہ سن کر...... شمشیر غلاف سے کھینچ کر بلائے سر جناب امیر کھڑا ہو گیا اور کہا ان باتوں کو جانے دو اور بیعت کرو۔ جناب امیر نے فرمایا اگر بیعت نہ کروں کیا کرے گا؟ ثانی نے کہا اگر بیعت نہ کرو گے تو قتل کروں گا۔ جناب امیر نے فرمایا رسول کے بھائی کو قتل کرے گا؟ بخدا سوگند اگر مجھے خیال حکم خدا اور اطاعت رسول نہ ہوتا تو ابھی اچھی طرح معلوم ہو جاتا کہ کون زیادہ ضعیف ہے۔ پس بریدہ اسلمی اٹھے اور کہا اے ابوبکر و عمر! یاد تم نہیں تھے کہ جناب رسول خدا نے تمہیں اور ہمیں فرمایا کہ جا کر جناب امیر پر بامارت و بادشاہی سلام کریں۔ تم لوگوں نے پوچھا یہ حکم آپ از جانب حق تعالیٰ دیتے ہیں؟ حضرت رسول نے فرمایا ہاں بحکم خدا دیتا ہوں اس وقت ہم لوگ گئے اور سلام کیا اور کہا السلام علیکم یا امیر المؤمنین! عمر نے کہا اے بریدہ تمہیں ان باتوں سے کیا۔ بریدہ نے کہا بخدا سوگند میں اس شہر میں نہ رہوں گا جہاں تم لوگ امیر ہو اور خلیفۂ رسول معزول ہو۔ اس کلام کے بعد باجازت حضرت عمرؓ بریدہ اسلمی کو مار کر مسجد سے نکال دیا۔ بعد ازاں سلمان فارسی اٹھے اور کہا اے ابوبکر! خدا سے خوف کر اور جس جگہ بیٹھنے کا سزاوار نہیں وہاں سے اٹھ جا۔ اور حق خلافت اہل بیت کو دے اور جمیع امت کو جہالت و ضلالت میں تا روز قیامت نہ ڈال۔ یہ سن کر عمر نے آواز دی سلمان تم کو ان باتوں سے کیا کام۔ سلمان نے کہا بخدا! سوگند اگر میں جانتا اپنی تلوار سے اہل دین کی خدمت کرتا۔ بے شک تلوار کھینچ کر مردانہ راہ خدا میں جہاد کرتا تاکہ تم وصی رسول سے ایسا سلوک نہ کر سکتے۔ پس اور لوگوں کی طرف مخاطب ہوئے اور کہا تم نے کیا کیا نہ کیا اور کیا نہ جانا۔ کیا دین میں آئے اور کیا دین میں سے خارج ہو گئے۔ اب میں تم کو بلا میں مبتلا ہونے اور نعمت فراخی سے ناامیدی کی بشارت دیتا ہوں۔ واضح ہو کہ ایک گروہ ستمگار تم پر مسلط ہو گا اور بجور و ستم تم سے سلوک کرے گا۔ کتاب خدا اور اس کے احکام کو بدل ڈالے گا، اس کے بعد ابوذر، مقداد و عمار اٹھے اور ہر ایک نے حجت لائے بالغہ اور دلیل لائے کاملہ ان اشقیا پر تمام کیں اور جناب امیر کی طرف مخاطب ہو کر کہا، آپ کیا فرماتے ہیں اگر حکم دیں تو ہم شمشیر سے ان لوگوں کے ساتھ جہاد کریں یہاں تک کہ مارے جائیں جناب امیر نے فرمایا خدا تم پر رحمت کرے۔ ان اشقیاء سے دست بردار ہو اور وصیت رسول خدا یاد کرو۔ ابوبکر منبر پر چپ چاپ بیٹھے تھے...... نے کہا بیٹھا ہے علی زیر منبر مقام محاربہ میں ہے اور بیعت نہیں کرتے۔ مجھے اجازت دے کہ ان کو قتل کر دوں۔ اس وقت حسنین سرہانے اپنے پدر بزرگوار کے کھڑے تھے۔ اس کلام سے رونے اور چلانے لگے۔ اور قبر رسول کی طرف منہ کر کے فریاد کرنے لگے۔ یا جداہ یا رسول اللہ ۔ ہم کو آپ اس حالت میں دیکھیں کہ ہم بے یار و مددگار ہیں پس جناب امیر نے حسنین کو اپنے سینے سے لگا کر فرمایا اے جان پدر! نہ رو۔ بخدا سوگند یہ اشقیاء تمہارے باپ کے قتل پر قادر نہیں اور اس سے زیادہ ذلیل و بے مقدار ہیں جو یہ ارادہ کر سکیں۔ پس ام سلمہ زوجۂ رسول خدا اور ام ایمن مربیہ آنحضرت اپنے اپنے مکان سے روتی ہوئی دوڑیں اور بولیں اے لوگو! تم نے بہت جلد اپنے کینہ ہائے دیرینہ کو بعد رسول ظاہر کیا۔ ثانی نے کہا ان عورتوں کو مسجد سے نکال دو اور ان کے کلام سے کیا کام۔ پس جناب امیر اٹھے اور مہاجرین و انصار سے اپنے فضائل و مناقب ایک ایک بیان کیے اور ان سے نصوص رسول خدا پر اپنی خلافت کے مقدمہ میں گواہی چاہی اور روز غدیر و دیگر مقامات متعددہ انھیں یاد دلائے اور حجت الٰہی ان پر تمام کی۔ ان لوگوں نے کہا یا حضرت اگر آپ اس سے پہلے فرماتے تو ہم ابوبکر کی بیعت نہ کرتے اس گفتگو سے عمر کو خوف ہوا کہ لوگ ایسا نہ ہو ابوبکر کی خلافت سے منحرف ہو جائیں لہٰذا پھر جناب امیر سے کہا یا علی بیعت کرو ورنہ میں تم کو...... کر دوں گا۔ جناب امیر نے فرمایا تو جھوٹ کہتا ہے۔ بخدا سوگند میرے اوپر تمہیں قدرت نہیں۔

یہ سن کر خالد بن ولید دوڑا اور تلوار غلاف سے کھینچ کر بولا۔ بخدا سوگند بیعت کرو ورنہ قتل کر دوں گا۔ جناب امیر نے گریبان پکڑ کر دور پھینک دیا اس کے ہاتھ سے تلوار گر پڑی بعد اس کے ہر چند کوشش کی مگر جناب امیر نے بیعت نہ کی۔ لوگوں نے جن میں عمر بھی تھے جناب امیر کا ہاتھ پکڑ لیا زبردستی۔ اور ابوبکر نے اپنا ہاتھ دراز کر کے حضرت کے ہاتھ تک پہنچایا احادیث معتبرہ میں منقول ہے جب جناب امیر کو مسجد میں لائے آپ نے مرقد مطہر جناب رسول کی طرف منہ کر کے کہا: یا ابن عم ان القوم استضعفونی وکادوا یقتلوننی۔ اے برادر من! تیری قوم نے مجھے ضعیف کیا اور نزدیک ہوا مجھے مار ڈالیں پس حضرت رسول کی قبر سے ایک ہاتھ نکلا۔ سب نے کہا پہچان کر۔ یہ حضرت رسول کا ہاتھ ہے اور ایک آواز آئی کہ سب نے پہچانی رسول کی آواز ہے اور وہ آواز یہ تھی: یا ابابکر اکفرت بالذی خلقک من تراب ثم من نطفۃ ثم سواک رجلا اے ابوبکر! کافر ہوا اس خدا سے جس نے تجھے خاک سے پیدا کیا۔ [1]

ملا باقر مجلسی نے متعدد بار لکھا ہے کہ حضرت علی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت کا خیال مانع تھا ورنہ چار کے سوا تمام صحابہ کو مار ڈالتے۔ سوال یہ ہے کہ جب چار کے سوا تمام صحابہ مرتد ہو گئے تھے تو رسول اللہ کا تو یہی حکم ہے کہ مرتد کو قتل کر دو اور قرآن مجید میں بھی یہی حکم ہے کہ کفار اور منافقین کو قتل کر دو، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ محض افتراء ہے کہ آپ نے کافروں، مرتدوں، ظالموں اور غاصبوں کو قتل کرنے سے منع کیا تھا، اور یہ بھی ایک جھوٹا حیلہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ وصیت کی تھی کہ جب تک تمہارے ساتھ ایک جماعت نہ ہو ان سے جنگ نہ کرنا، جب حضرت علی تنہا ان سب پر بھاری تھے تو پھر جماعت کی کیا ضرورت تھی؟ اور یہ بھی غلط ہے کہ آپ کے ساتھ جماعت نہیں تھی تمام بنو ہاشم اور اہل بیت آپ کے ساتھ تھے اور اہل تشیع کے زعم کے مطابق یہ صحابہ کافر تھے تو پھر ان کافروں سے جنگ کرنا واجب تھا خصوصاً اس وقت جب کہ حضرت علی کو یہ یقین تھا کہ یہ ان کو قتل کرنے پر قدرت نہیں رکھتے۔

حقیقت یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بلا جبر و اکراہ بطیب خاطر عزت و کرامت کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کی تھی اور ہمیشہ خلفائے ثلاثہ کے ہم نوا، معاون اور حلیف رہے، ان کی اقتداء میں نمازیں پڑھتے رہے اور ان کے احکام پر خوش دلی سے عمل کرتے رہے، حضرت علی کا حضرت ابوبکر کی اقتداء میں نمازیں پڑھنا جلاء العیون کی اس عبارت سے ثابت ہے اور ہم نے دلائل سے واضح کر دیا ہے کہ حضرت علی تقیۃً نمازیں نہیں پڑھتے تھے۔

یہاں تک ہم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے برحق ہونے پر قرآن مجید، احادیث، عقل صریح اور کتب شیعہ سے دلائل پیش کیے ہیں۔ اب ہم حضرت ابوبکر کی خلافت پر اہل تشیع کے اہم اعتراضات کے جوابات ذکر کریں گے فنقول وباللہ التوفیق۔

اہل تشیع کے اس اعتراض کا جواب کہ حضرت ابوبکر میں شجاعت کی کمی تھی

اہل تشیع کا ایک اعتراض یہ ہے کہ خلیفہ کو شجاع اور بہادر ہونا چاہیے اور حضرت ابوبکر شجاع اور بہادر نہیں تھے، اسی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر

---

[1] ملا محمد باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۰ھ، جلاء العیون ج ۱ ص ۲۰۳-۲۰۲، مطبوعہ کتاب فروشی اسلامیہ تہران / ۔۔۔ جنرل بک ایجنسی لاہور

کو کسی مہم کی ذمہ داری نہیں سونپی۔

الجواب اہل تشیع کا یہ کہنا باطل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو کسی مہم کی قیادت نہیں دی، کیونکہ صحیح بخاری میں حضرت سلمہ بن اکوع سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات غزوات میں شریک ہوا اور نو ایسی مہمات میں شریک ہوا جن میں سے بعض میں حضرت ابوبکر امیر تھے اور بعض میں حضرت اسامہ بن زید امیر تھے۔ اور نو ہجری میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو حج کا امیر بنا کر بھیجا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ خود بھی یہ اعتراف کرتے تھے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تمام صحابہ میں سب سے زیادہ بہادر تھے، مسند بزار میں ہے حضرت علی نے لوگوں سے پوچھا بتاؤ سب سے زیادہ بہادر کون ہے؟ لوگوں نے کہا آپ ہیں! حضرت علی نے فرمایا میں نے جس کو بھی مقابلہ کی دعوت دی میں اس سے برابر رہا، لیکن مجھے بتاؤ کہ سب سے زیادہ بہادر کون ہے؟ لوگوں نے کہا ہمیں علم نہیں! حضرت علی نے کہا جنگ بدر کے دن ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ایک چھپر بنایا، ہم نے سوچا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کے لیے اس چھپر میں کون رہے گا تاکہ کوئی مشرک آپ پر حملہ نہ کر سکے! بخدا! ابوبکر کے سوا ہم میں سے کوئی شخص بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس چھپر میں نہیں گیا، حضرت ابوبکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کے لیے آپ کے پاس برہنہ تلوار لیے کھڑے رہے، پس ابوبکر ہی صحابہ میں سب سے زیادہ بہادر تھے۔ حضرت علی نے فرمایا میں نے دیکھا کفار قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پکڑ لیا اور آپ کو ایذاء پہنچانے لگے اور کہنے لگے کہ تم ہی وہ شخص ہو جو ہمارے تمام معبودوں کو باطل معبود قرار دیتے ہو، حضرت علی کہتے ہیں کہ بخدا! حضرت ابوبکر کے سوا ہم میں سے کوئی شخص بھی حضور کے قریب نہیں پہنچا، حضرت ابوبکر ان کو مارتے اور ان کو روندتے اور کہتے تمہارا ناس ہو جائے تم اس شخص کو اس لیے قتل کرتے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے! پھر حضرت علی نے اپنی چادر اٹھائی اور رونے لگے حتیٰ کہ ان کی ڈاڑھی بھیگ گئی۔ پھر حضرت علی نے سوال کیا کہ آل فرعون کا مومن بہتر ہے یا ابوبکر بہتر ہیں؟ جب لوگ خاموش رہے تو حضرت علی نے فرمایا بخدا ابوبکر کے ساتھ ایک لحظہ گزارنا آل فرعون کے مومن کی مثل سے بہتر ہے، کیونکہ آل فرعون کا مومن ایمان چھپاتا تھا اور ابوبکر نے اپنے ایمان کو مشتہر کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوی زندگی میں سب سے مشکل مرحلہ سفر ہجرت تھا اور اس سفر میں آپ نے جس کی شجاعت پر اعتماد کیا وہ حضرت ابوبکر تھے۔

صحیح بخاری میں ہے کہ عروہ بن زبیر نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے سوال کیا کہ مشرکین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ ایذاء کب پہنچائی تھی؟ انھوں نے کہا کہ میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے اس حالت میں عقبہ بن ابی معیط نے آکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گلے میں چادر ڈال کر زور سے آپ کا گلا گھونٹنا شروع کر دیا، اس وقت حضرت ابوبکر نے آکر اس کو دھکا دیا اور کہا تم اس شخص کو اس لیے قتل کر رہے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے پاس دلائل لے کر آیا ہے!

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی شجاعت میں سے ظاہر امر یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد جب کچھ عرب مرتد ہوگئے اور زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا اور دوسری طرف مدعیان نبوت کھڑے ہوگئے تو حضرت ابوبکر نے ان تمام فتنوں کا پامردی سے مقابلہ کیا اور ان تمام داخلی فتنوں کے باوجود حضرت ابوبکر نے حضرت اسامہ کی قیادت

میں شام کی طرف لشکر روانہ کیا، حالانکہ بعض صحابہ کی طرف سے منکرین زکوٰۃ کے خلاف جہاد کی مخالفت کی گئی اور شام میں لشکر بھیجنے کی بھی سب نے مخالفت کی کہ اس وقت حالات سازگار نہیں ہیں لیکن حضرت ابوبکر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تجویز کردہ لشکر کے بھیجنے کو مقدم رکھا اور مصلحت وقت کا خیال نہیں کیا اور یہی حضرت ابوبکر کی بہت بڑی دلیری اور شجاعت ہے۔ حضرت ابوبکر کی شجاعت پر یہ بہت بڑی واضح دلیل ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے پرخطر سفر میں اپنی رفاقت اور حفاظت کے لیے تمام صحابہ میں سے صرف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو منتخب کیا، اس میں کوئی شک نہیں کہ عہد رسالت کی فتوحات میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا بہت بڑا حصہ ہے لیکن یہ اس وقت کی بات ہے جب شجر اسلام قوی اور ثمر آور ہو چکا تھا حضرت ابوبکر نے اس وقت اسلام کی خدمت کی ہے جب اسلام ایک چھوٹا سا پودا تھا مخالفین کی کثرت تھی مسلمانوں کی تعداد بہت کم تھی حضرت علی اس وقت کم سن تھے اس وقت کفار اور مخالفین کی طرف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر جس قدر حملے کیے جاتے تھے ان کے سامنے صرف حضرت ابوبکر سینہ سپر ہوتے تھے۔

شیعہ حضرات کی مستند کتاب رجال کشی میں لکھا ہے حضرت علی نے فرمایا جس شخص نے مجھ کو ابوبکر اور عمر پر فضیلت دی میں اس کو کذاب اور مفتری کی سزا دوں گا۔

اہل تشیع کے اس اعتراض کا جواب کہ اعلان برأت کے وقت حضور نے حضرت ابوبکر کو امارت سے معزول کر دیا تھا

اہل تشیع یہ کہتے ہیں کہ نو ہجری میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو حج کا امیر بنا کر بھیجا تاکہ وہ مسلمانوں کو حج کرائیں پھر ان کے پیچھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی اونٹنی عضباء پر سوار کر کے بھیجا تاکہ وہ مشرکین مکہ کو سورۂ براۃ (توبہ) کی ابتدائی آیات پڑھ کر سنا دیں۔ اس میں یہ دلیل ہے کہ حضور نے حضرت ابوبکر کو معزول کر کے حضرت علی کو امیر بنا دیا تھا۔

الجواب حضرت علی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاہدہ توڑنے کے اعلان کے لیے بھیجا تھا تاکہ مشرکین پر حجت ہو کیونکہ ان کے نزدیک صاحب معاملہ کے قریبی رشتہ دار کا اعلان ہی حجت اور مؤثر ہو سکتا تھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ذمہ صرف یہ اعلان تھا ورنہ حج کے تمام احکام میں حضرت ابوبکر امیر تھے اور حضرت علی نے بھی حضرت ابوبکر کی امارت اور ان کی متابعت میں فریضہ حج انجام دیا تھا۔ اس اعتراض کا تفصیلی جواب ہم نے شرح صحیح مسلم جلد ثالث کتاب الحج میں لکھا ہے تفصیل وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

"من کنت مولاہ فعلی مولاہ" سے استدلال کا جواب

اہل تشیع کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع سے واپسی کے موقع پر غدیر خم کے مقام پر تمام صحابہ کرام کے مجمع میں فرمایا: کیا میں تمہارے نفسوں سے زیادہ تمہارا ولی نہیں ہوں؟ سب صحابہ نے اس کا اعتراف کیا اور تصدیق کی، پھر آپ نے حضرت علی کے ہاتھ اوپر اٹھا کر فرمایا:

من کنت مولاہ فعلی مولاہ [illegible] مولا ہوں اس کے علی مولا ہیں اے اللہ

من والاہ وعاد من عاداہ[1] اس سے دوستی رکھ جو علی سے دوستی رکھے اور اس سے دشمنی رکھ جو علی سے دشمنی رکھے۔

اہل تشیع یہ کہتے ہیں کہ اس حدیث میں مولی بمعنی اولی ہے یعنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جس شخص پر اولی بالتصرف ہیں اس پر حضرت علی اولی بالتصرف ہیں اور جو شخص اولی بالتصرف ہو وہ امام معصوم ہوتا ہے اور اس کی اطاعت فرض ہوتی ہے لہٰذا حضرت علی امام معصوم ہیں اور ان کی اطاعت فرض ہے اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو امام قرار دے دیا تو ان کی موجودگی میں حضرت ابوبکر کی امامت صحیح نہیں ہوئی۔

الجواب یہ حدیث صحیح ہے اس کو امام ترمذی، امام ابن ماجہ اور امام احمد نے بکثرت اسانید سے روایت کیا ہے، لیکن اہل تشیع کا اس حدیث سے حضرت علی کی امامت اور خلافت پر استدلال کرنا صحیح نہیں ہے، اور ان کے اس استدلال کے متعدد جوابات ہیں:

(۱) لفظ مولیٰ ولی سے ماخوذ ہے اور اہل تشیع کا استدلال اس پر موقوف ہے کہ اس حدیث میں ولی بمعنی اولی ہے، اس سے ہم پہلے دیکھتے ہیں کہ اس لفظ کے لغت میں کیا معنی ہیں۔ علامہ زبیدی نے قاموس کے حوالے سے ولی کے حسب ذیل معنی ذکر کیے ہیں: (۱) محب، (۲) صدیق (دوست)، (۳) نصیر (۴) سلطان (۵) مالک (۶) عبد (۷) آزاد کرنے والا (۸) آزاد کیا ہوا (۹) قریب (۱۰) مہمان (۱۱) شریک (۱۲) عصبہ (۱۳) رب (۱۴) منعم (۱۵) تابع (۱۶) سسرالی رشتہ دار (۱۷) بھانجہ۔[2]

ولی کے یہ تمام حقیقی معانی ہیں اور ولی کا معنی اولی بالتصرف نہیں ہے، اس لیے یہاں مولیٰ کے لفظ کو اولی بالتصرف پر محمول کرنا صحیح نہیں ہے نیز یہ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص فلاں کا مولیٰ ہے۔ یہ نہیں کہا جاتا کہ فلاں شخص فلاں سے مولیٰ ہے، یعنی اولیٰ ہے۔

(۲) بفرض محال اگر یہ مان لیا جائے کہ یہاں مولیٰ بمعنی اولیٰ ہے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ اولی بالامامۃ کے معنی میں ہو بلکہ یہ اولیٰ بالاتباع اور اولیٰ بالقرب کے معنی میں ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں ہے ان اولی الناس بابراھیم للذین اتبعوہ (آل عمران: ۶۸) "ابراہیم سے اولی بالقرب وہ لوگ ہیں جنھوں نے ان کی پیروی کی ہے"

(۳) اگر یہ لفظ اولیٰ بالامامۃ کے معنی میں ہی مان لیا جائے تو اس حدیث کا یہ معنی نہیں ہے کہ جب حضور نے یہ فرمایا تھا اس وقت حضرت علی اولی بالامامۃ تھے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت علی مآل کے اعتبار سے اولی بالامامۃ ہیں یعنی جس وقت حضرت علی کی خلافت کا موقع ہوگا اس وقت وہی اولی بالامامت ہوں گے اور خلفاء ثلاثہ کا ان سے پہلے خلیفہ اور امیر ہونا اس حدیث کے خلاف نہیں ہے۔

(۴) اگر یہ حدیث حضرت علی کی خلافت پر نص ہوتی تو حضرت علی اس سے حضرت ابوبکر کی خلافت کے خلاف اپنی خلافت پر استدلال کرتے لیکن حضرت علی اور حضرت عباس میں سے کسی نے بھی اس حدیث سے استدلال نہیں کیا۔

---

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۵ ص ۳۷۰، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس ج ۱۰ ص ۳۹۹-۳۹۸، مطبوعہ المطبعۃ الخیریۃ، ۱۳۰۶ھ

(۵) مسند بزار میں ہے حضرت علی نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو خلیفہ نہیں بنایا تو میں کسی کو کیسے اپنا خلیفہ بنا سکتا ہوں۔ اگر یہ حدیث حضرت علی کی خلافت پر نص ہوتی تو حضرت علی اس طرح نہ فرماتے۔

(۶) اس حدیث میں مولیٰ دوست محب اور ناصر کے معنی میں ہے جیسا کہ اس حدیث میں یہ الفاظ ہیں: اے اللہ! اس سے دوستی رکھ جو علی سے دوستی رکھے اور اس سے دشمنی رکھ جو علی سے دشمنی رکھے۔ یہ دعا اس پر قرینہ ہے کہ من کنت مولاہ فعلی مولاہ کا معنی ہے میں جس کا دوست یا محب یا ناصر ہوں علی اس کے دوست یا محب یا ناصر ہیں۔

اہل تشیع کے اس اعتراض کے اور بھی متعدد جوابات ہیں لیکن ہم نے اختصار کے پیش نظر صرف انہی جوابات پر اکتفاء کیا ہے۔

اس باب کی احادیث کی ہم نے بہت مبسوط شرح کی ہے اور خراج اور فئی پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا نقطہ نظر بہت تفصیل سے بیان کیا ہے اور قرآن مجید کی آیات اور احادیث سے اس پر دلائل فراہم کیے ہیں، اس کے بعد مسئلہ فدک اور مسئلہ خلافت پر نہایت بسط سے بحث کی ہے ہر چند کہ ان مسائل پر علماء اہل سنت نے کافی کچھ لکھ دیا ہے لیکن اس کی ترتیب اور تدوین ایسی نہیں ہے جس سے آج کا سہل پسند قاری استفادہ کر سکے، ہم نے اس دور کی تحریر کے اسلوب اور تصنیف و تالیف کے جدید تقاضوں کے پیش نظر لکھا ہے اور اہل سنت کے موقف کی وضاحت کے لیے اللہ تعالیٰ نے جو دلائل ہمیں القاء کیے ان کو بھی بیان کیا ہے۔ اس سلسلہ میں ہم نے بہت محنت کی ہے، مختلف لائبریریوں میں جا کر چھان پھٹک کر کے کتب شیعہ سے مواد فراہم کیا اور بہت محنت، عرق ریزی اور جانسوزی سے حوالہ جات تلاش کیے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو نفع آور بنائے۔ اہل سنت کے لیے اس تحریر کو استقامت اور طمانیت کا سبب بنائے اور شیعہ حضرات کے لیے اس کو موجب رشد و ہدایت بنائے، اللہ تعالیٰ مصنف، ناشر، مصحح، کاتب، جملہ معاونین اور قارئین کو تعظیم صحابہ اور محبت اہل بیت پر قائم رکھے، اسلام پر زندہ اور ایمان پر خاتمہ فرمائے، ہمارے تمام گناہوں کو معاف فرمائے، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب فرمائے، دنیا اور آخرت میں ہر قسم کے عذاب سے محفوظ اور مامون رکھے اور اپنے فضل و کرم اور سرکار کے توسل سے جنت الفردوس عطا فرمائے۔ آمین یا رب العالمین بجاہ حبیبک سید المرسلین۔

واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد خاتم النبیین سید المرسلین اول الشافعین والمشفعین وعلی اٰلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین الی یوم الدین۔

بَابُ ۵۹۱ كَيْفِيَّةِ قِسْمَةِ الْغَنِيْمَةِ بَيْنَ الْحَاضِرِيْنَ

مجاہدین میں مال غنیمت تقسیم کرنے کا طریقہ

۱۷۴۴ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَاَبُوْ كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ كِلَاهُمَا عَنْ سُلَيْمٍ قَالَ يَحْيٰى اَخْبَرَنَا سُلَيْمُ بْنُ اَخْضَرَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ حَدَّثَنَا نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے کو مال غنیمت سے دو حصے دیے اور آدمی کو ایک حصہ دیا۔

بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَسَمَ فِی النَّفَلِ لِلْفَرَسِ سَہْمَیْنِ وَلِلرَّجُلِ سَہْمًا۔

۴۴۷۲۔ حَدَّثَنَاہُ ابْنُ نُمَیْرٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بِہٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَہٗ وَلَمْ یَذْکُرْ فِی النَّفَلِ۔

امام مسلم نے ایک اور سند سے اس حدیث کا ذکر کیا ہے اس میں غنیمت کا ذکر نہیں ہے۔

گھوڑے کو دو حصے دینے پر جمہور فقہاء کی احادیث

حافظ بدر الدین عینی لکھتے ہیں کہ امام ابو داؤد نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آدمی اور اس کے گھوڑے کے لیے تین حصے دیے، ایک حصہ اس کے لیے اور دو حصے اس کے گھوڑے کے لیے، اور امام نسائی نے حضرت زبیر سے روایت کیا ہے کہ فتح خیبر کے سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر کو چار حصے دیے، ایک حصہ حضرت زبیر کو، ایک حصہ ذوی القربیٰ میں سے حضرت زبیر کی والدہ حضرت صفیہ بنت عبد المطلب کو اور دو حصے گھوڑے کے لیے، اور امام احمد نے حضرت عمر، حضرت طلحہ بن عبید اللہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے کے لیے دو حصے نکالتے تھے اور امام دار قطنی نے حضرت ابی رہم رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ میں اور میرا بھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کے لیے گئے اور ہمارے ساتھ دو گھوڑے تھے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں چھ حصے عنایت کیے چار حصے ہمارے (دو) گھوڑوں کے لیے اور دو حصے ہمارے لیے۔ امام دار قطنی نے ابو کبشہ انماری، حضرت ابن عباس، حضرت ضباعۃ بنت الزبیر، حضرت مقداد، حضرت جابر، حضرت سہل بن ابی حثمہ اور حضرت ابو ہریرہ سے بھی اس مضمون کی احادیث روایت کی ہیں۔

جمہور فقہاء اسلام امام مالک، امام شافعی، امام احمد، امام ابو یوسف اور امام محمد نے ان احادیث کے پیش نظر یہ کہا ہے کہ مال غنیمت سے گھوڑے سوار کو تین حصے دیے جائیں گے جس میں سے دو حصے اس کے گھوڑے کے لیے اور ایک حصہ خود اس کے لیے۔

گھوڑے کو ایک حصہ دینے پر امام ابو حنیفہ کی احادیث

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا قول یہ ہے کہ گھوڑے کو صرف ایک حصہ ملے گا اور ایک حصہ گھوڑ سوار کو ملے گا، امام ابو حنیفہ کا استدلال اس حدیث سے ہے، امام طبرانی اپنی سند کے ساتھ حضرت مقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ جنگ بدر کے دن مسبحہ نام کے ایک گھوڑے پر سوار تھے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مال غنیمت سے دو حصے دیے، ایک حصہ ان کے لیے اور ایک حصہ ان کے گھوڑے کے لیے۔ نیز امام واقدی نے مغازی میں اپنی سند کے ساتھ جعفر بن خارجہ سے روایت کیا ہے کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں بنو قریظہ کے خلاف جنگ میں ایک گھوڑے پر سوار ہو کر گیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حصہ مجھے اور ایک حصہ میرے گھوڑے کو دیا، اور امام ابن ابی شیبہ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ حضرت ابن عمر بھی ...

بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے سوار کو دو حصے دیے اور پیادے کو ایک حصہ دیا۔ اور ابن مردویہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بنو مصطلق کی عورتیں قید ہو کر ہاتھ آئیں آپ نے ان میں سے خمس نکال کر باقی کو مسلمانوں میں تقسیم کر دیا، آپ نے گھوڑے سوار کو دو حصے دیے اور پیادے کو ایک حصہ دیا' اور امام دارقطنی نے کتاب المؤتلف والمختلف میں اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے سوار کو دو حصے اور پیدل کو ایک حصہ دیتے تھے۔

گھوڑے کو ایک حصہ دینے پر امام ابوحنیفہ کے عقلی دلائل

توضیح میں لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے تمام اگلے پچھلے علماء کی مخالفت کی ہے اور یہ کہا ہے کہ گھوڑے کو صرف ایک حصہ ملے گا، امام ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ گھوڑے کو دو حصے اور انسان کو ایک حصہ دینے میں انسان پر گھوڑے کی فضیلت ہے اور میں انسان پر جانور کو فضیلت دینا مکروہ سمجھتا ہوں، امام ابوحنیفہ کے اصحاب نے بھی ان کی مخالفت کی ہے اور تمام فقہاء کے مقابلہ میں امام ابوحنیفہ تنہا رہ گئے، علامہ ابن سحنون نے بھی کہا ہے کہ یہ صرف امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔ اور وہ اس میں منفرد ہیں، علامہ عینی نے بیان کیا ہے کہ اس قول میں امام ابوحنیفہ منفرد نہیں ہیں، بلکہ حضرت عمر، حضرت علی اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہم کا بھی یہی قول ہے۔

احادیث ابی حنیفہ پر جرح کا جواب

امام ابوحنیفہ نے امام واقدی کی سند سے بھی استدلال کیا ہے، اس پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ امام واقدی کی ثقاہت میں قیل و قال ہے۔ علامہ عینی لکھتے ہیں کہ امام واقدی پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے، مصعب زبیری سے ان کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا واقدی ثقہ اور مامون ہیں۔ اسی طرح مسیبی نے بھی ان کو ثقہ قرار دیا اور ابو عبید القاسم بن سلام نے بھی کہا کہ واقدی ثقہ ہیں، داؤدی نے کہا کہ واقدی امیر المؤمنین فی الحدیث ہیں۔

جمہور فقہاء کی احادیث پر جرح

جمہور فقہاء نے امام ابوداؤد کی جو روایت امام احمد سے بیان کی ہے اس میں ایک راوی مسعودی ہے اس پر جرح کی گئی ہے، اور امام دارقطنی نے جو حدیث ابورہم سے روایت کی ہے اس کی سند میں قیس بن ربیع ہے، تنقیح میں لکھا ہے اس کو بعض ائمہ نے ضعیف قرار دیا ہے اور ابورہم کی صحابیت میں اختلاف ہے اور امام دارقطنی نے ابی کبشہ انماری سے جو روایت بیان کی ہے اس کی سند میں محمد بن عمران علبی ہے اس کو امام نسائی نے ضعیف قرار دیا ہے اور اس میں ایک راوی عبد اللہ بن بشر ہے، اس کو امام نسائیؒ، یحییٰ قطان، ابوحاتم اور خود امام دارقطنی نے ضعیف قرار دیا ہے اور امام دارقطنی نے مقداد سے جو حدیث روایت کی ہے اس میں موسیٰ بن یعقوب ضعیف راوی ہے۔

امام ابوحنیفہ کے موقف پر علامہ عینی کے دلائل

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ ہر چند کہ جمہور فقہاء کی حدیث بعض اسانید سے ضعیف ہے، لیکن یہ اسانید صحیحہ سے بھی مروی ہے چنانچہ امام بخاری اور امام مسلم نے اس حدیث کو روایت کیا ہے لہٰذا ان اسانید صحیحہ سے یہ حدیث امام ابوحنیفہ پر حجت ہو گی۔ علامہ بدر الدین عینی نے ان احادیث کے جواب میں لکھا ہے کہ قرآن مجید میں ہے: واعلموا انما غنمتم من شیء فان للہ [illegible] اور جان لو تم نے جو مال غنیمت حاصل کیا ہے

خمسہ وللرسول ولذی القربی والیتمی والمسٰکین وابن السبیل ۔ (الانفال: ۴۱) اس کا پانچواں حصہ اللہ، اس کے رسول، (رسول کے) رشتہ داروں یتیموں اور مسکینوں کے لیے ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت میں تمام مال غنیمت حاصل کرنے والوں کو خطاب ہے اور اس کا یہ تقاضا ہے کہ گھوڑے سوار اور پیادے کے درمیان مساوات ہو اور جن احادیث میں گھوڑے کے لیے دو حصہ دینے کا ذکر ہے وہ بطور عطیہ اور انعام پر محمول ہیں۔ ؎

علامہ عینی کے اس استدلال پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ اس آیت کا کوئی لفظ اس پر دلالت نہیں کرتا کہ گھوڑے سوار اور پیادہ کا حصہ مساوی ہو اور بفرض تسلیم یہ امام ابوحنیفہ کو بھی مضر ہے کیونکہ وہ بھی گھوڑے سوار کو دو حصے اور پیادہ کو ایک حصہ دینے کے قائل ہیں۔

علامہ المرغینانی کے دلائل اور خلاصہ بحث

علامہ المرغینانی (صاحب ہدایہ) نے ان احادیث صحیحہ کے جواب میں یہ لکھا ہے کہ ان احادیث میں گھوڑے کے لیے دو حصے دینے کا ذکر ہے اور امام ابوحنیفہ نے جن احادیث سے استدلال کیا ہے ان میں گھوڑے کے لیے ایک حصہ دینے کا ذکر ہے اور یہ دونوں احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے متعلق ہیں جو آپس میں متعارض ہیں، اس کے برخلاف حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے آپ کی یہ قولی حدیث روایت کی ہے:

وقد قال علیہ الصلوٰۃ والسلام للفارس سھمان وللراجل سھم۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گھوڑے سوار کے لیے دو حصے ہیں اور پیادہ کے لیے ایک حصہ ہے۔

علامہ المرغینانی لکھتے ہیں: جب فعلی احادیث متعارض ہیں تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے قول پر عمل کرنا چاہیے اور وہ یہی ہے کہ گھوڑے سوار کو دو حصے دیے جائیں اور پیادہ کو ایک، اور اس سے امام ابوحنیفہ کے موقف کی تائید ہوتی ہے ؎

علامہ المرغینانی کی یہ دلیل بہت قوی تھی بشرطیکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی یہ قولی حدیث موجود ہوتی، حافظ زیلعی لکھتے ہیں یہ حدیث بہت غریب ہے اور جس نے اس حدیث کی نسبت امام ابن شیبہ کی طرف کی ہے اس نے خطا کی ہے کیونکہ امام ابن ابی شیبہ نے حضرت ابن عمر سے یہ روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے سوار کو دو حصے دیے اور پیادہ کو ایک حصہ دیا۔ ؎

حاصل بحث یہ ہے کہ اس مسئلہ میں ائمہ ثلاثہ اور امام ابویوسف اور امام محمد کا یہ نظریہ بہت قوی ہے کیونکہ ان حضرات نے جن احادیث سے استدلال کیا ہے ان کی اسانید بلاشبہ ان احادیث کی اسانید سے زیادہ قوی ہیں جن سے امام ابوحنیفہ نے استدلال کیا ہے۔

۱؎ علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۴ ص ۱۵۵، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

۲؎ علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر المرغینانی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اولین ص ۵۵۳، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

۳؎ حافظ جمال الدین ابو محمد عبداللہ بن یوسف زیلعی متوفی ۷۶۲ھ، نصب الرایہ ج ۳ ص ۴۱۱، مطبوعہ مجلس علمی سورت ہند ۱۳۵۷ھ

بَابُ ۵۹۲ الْإِمْدَادِ بِالْمَلَائِكَةِ فِي غَزْوَةِ بَدْرٍ وَإِبَاحَةِ الْغَنَائِمِ

۴۴۷۳ - حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ ح وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي أَبُو زُمَيْلٍ هُوَ سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ نَظَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمُشْرِكِينَ وَهُمْ أَلْفٌ وَأَصْحَابُهُ ثَلَاثُمِائَةٍ وَتِسْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا فَاسْتَقْبَلَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ مَدَّ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يَهْتِفُ بِرَبِّهِ اللَّهُمَّ أَنْجِزْ لِي مَا وَعَدْتَنِي اللَّهُمَّ آتِ مَا وَعَدْتَنِي اللَّهُمَّ إِنْ تُهْلِكْ هَذِهِ الْعِصَابَةَ مِنْ أَهْلِ الْإِسْلَامِ لَا تُعْبَدْ فِي الْأَرْضِ فَمَا زَالَ يَهْتِفُ بِرَبِّهِ مَادًّا يَدَيْهِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ حَتَّى سَقَطَ رِدَاؤُهُ عَنْ مَنْكِبَيْهِ فَأَتَاهُ أَبُو بَكْرٍ فَأَخَذَ رِدَاءَهُ فَأَلْقَاهُ عَلَى مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ الْتَزَمَهُ مِنْ وَرَائِهِ وَقَالَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ كَفَاكَ مُنَاشَدَتُكَ رَبَّكَ فَإِنَّهُ سَيُنْجِزُ لَكَ مَا وَعَدَكَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي

غزوہ بدر میں فرشتوں کی امداد اور غنیمت کے مباح ہونے کا بیان

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے کہا غزوہ بدر کے دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کی طرف دیکھا تو وہ ایک ہزار تھے اور آپ کے ساتھ تین سو انیس مرد تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی طرف منہ کیا اور ہاتھ اٹھا کر باآواز بلند اپنے رب سے یہ دعا کی: اے اللہ! تو نے مجھ سے جو وعدہ کیا ہے اس کو پورا فرما، اے اللہ! تو نے جس چیز کا مجھ سے وعدہ کیا ہے وہ عطا فرما، اے اللہ اہل اسلام کی یہ جماعت اگر ہلاک ہو گئی تو پھر روئے زمین پر تیری عبادت نہیں کی جائے گی، آپ ہاتھ پھیلا کر باآواز بلند مسلسل دعا کرتے رہے حتیٰ کہ آپ کے شانوں سے چادر گر گئی، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے پاس آئے اور چادر پکڑ کر آپ کے کندھوں پر ڈالی اور پھر پیچھے سے آپ کے ساتھ لپٹ گئے اور کہنے لگے یا نبی اللہ! اللہ سے آپ کی یہ دعا کافی ہے، آپ کا رب آپ سے کیے ہوئے وعدہ کو عنقریب پورا فرمائے گا پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: (ترجمہ) "جب تم اپنے رب سے مدد طلب کر رہے تھے تو اس نے تمہاری دعا قبول فرمائی، میں تمہاری لگاتار ایک ہزار فرشتوں سے مدد فرماؤں گا، پھر اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے آپ کی مدد فرمائی ——— ابوزمیل نے کہا حضرت ابن عباس نے یہ حدیث بیان کی اس روز ایک مسلمان ایک مشرک کے پیچھے دوڑ رہا تھا جو اس سے آگے تھا، اتنے میں اس نے اپنے اوپر سے ایک کوڑے کی آواز سنی اور ایک گھڑ سوار کی آواز آئی جو کہہ رہا تھا "اے حیزوم آگے بڑھو" — (حیزوم ایک فرشتے کے گھوڑے کا نام تھا) پھر اچانک

مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ فَأَمَدَّهُ اللّٰهُ بِالْمَلَائِكَةِ قَالَ أَبُوْ زُمَيْلٍ فَحَدَّثَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ يَشْتَدُّ فِيْ أَثَرِ رَجُلٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ أَمَامَهُ إِذْ سَمِعَ ضَرْبَةً بِالسَّوْطِ فَوْقَهُ وَ صَوْتَ الْفَارِسِ يَقُوْلُ أَقْدِمْ حَيْزُوْمُ فَنَظَرَ إِلَى الْمُشْرِكِ أَمَامَهُ فَخَرَّ مُسْتَلْقِيًا فَنَظَرَ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ قَدْ خُطِمَ أَنْفُهُ وَ شُقَّ وَجْهُهُ كَضَرْبَةِ السَّوْطِ فَاخْضَرَّ ذٰلِكَ أَجْمَعُ فَجَاءَ الْأَنْصَارِيُّ فَحَدَّثَ بِذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ صَدَقْتَ ذٰلِكَ مِنْ مَدَدِ السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ فَقَتَلُوْا يَوْمَئِذٍ سَبْعِيْنَ وَأَسَرُوْا سَبْعِيْنَ قَالَ أَبُوْ زُمَيْلٍ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَلَمَّا أَسَرُوا الْأُسَارٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ لِأَبِيْ بَكْرٍ وَ عُمَرَ مَا تَرَوْنَ فِيْ هٰؤُلَاءِ الْأُسَارٰى فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ هُمْ بَنُو الْعَمِّ وَ الْعَشِيْرَةِ أَرٰى أَنْ تَأْخُذَ مِنْهُمْ فِدْيَةً فَتَكُوْنُ لَنَا قُوَّةً عَلَى الْكُفَّارِ فَعَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّهْدِيَهُمْ لِلْإِسْلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَا تَرٰى يَا ابْنَ الْخَطَّابِ قُلْتُ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا أَرَى الَّذِيْ رَأٰى أَبُوْ بَكْرٍ وَ لٰكِنِّيْ أَرٰى أَنْ تُمَكِّنَّا فَنَضْرِبَ أَعْنَاقَهُمْ فَتُمَكِّنَ عَلِيًّا مِّنْ عَقِيْلٍ فَيَضْرِبَ عُنُقَهُ وَ تُمَكِّنِّيْ مِنْ فُلَانٍ نَسِيْبًا لِعُمَرَ فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ فَإِنَّ هٰؤُلَاءِ أَئِمَّةُ الْكُفْرِ وَ صَنَادِيْدُهَا فَهَوِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اس نے دیکھا کہ وہ مشرک اس کے سامنے چت گر پڑا، اس مسلمان نے اس مشرک کی طرف دیکھا تو اس کی ناک پر چوٹ تھی اور اس کا چہرہ اس طرح پھٹ گیا تھا جیسے کوڑا لگا ہو اور اس کا پورا جسم نیلا پڑ گیا تھا، اس انصاری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ واقعہ بیان کیا آپ نے فرمایا تم نے سچ کہا یہ تیسرے آسمان سے مدد آئی تھی، اس دن مسلمانوں نے ستر مشرکوں کو قتل کیا اور ستر کو گرفتار کر لیا، ابو زمیل کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس نے کہا جب مسلمانوں نے قیدیوں کو گرفتار کر لیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو بکر اور حضرت عمر سے کہا تمہارا ان قیدیوں کے بارے میں کیا خیال ہے؟ حضرت ابو بکر نے کہا یا نبی اللہ! یہ ہمارے عم زاد اور ہمارے قبیلہ کے لوگ ہیں، میری رائے یہ ہے کہ آپ ان سے فدیہ لیں اس سے ہمیں کفار کے خلاف قوت حاصل ہوگی اور شاید اللہ تعالیٰ انھیں اسلام کی ہدایت دے دے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابن الخطاب تمہاری کیا رائے ہے؟ میں نے کہا نہیں، بخدا یا رسول اللہ! میری وہ رائے نہیں ہے جو حضرت ابو بکر کی رائے ہے، لیکن میری رائے یہ ہے کہ آپ انھیں ہمارے حوالے کیجئے تاکہ ہم ان کی گردنیں اتار دیں، آپ عقیل کو حضرت علی کے حوالے کیجئے کہ وہ اس کی گردن اتار دیں، اور میرا فلاں رشتہ دار میرے حوالے کریں کہ میں اس کی گردن مار دوں۔ یہ لوگ کافروں کے بڑے اور ان کے سردار ہیں، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو حضرت ابو بکر کی رائے پسند آئی اور میری رائے پسند نہیں آئی، دوسرے دن جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو کیا دیکھتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر بیٹھے ہوئے رو رہے ہیں، میں نے کہا یا رسول اللہ! مجھے بتلائیے کہ آپ اور آپ کا صاحب کس وجہ سے رو رہے ہیں، اگر مجھے بھی رونا آیا تو میں رو دونگا اور اگر مجھے رونا نہ آیا تو میں

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ أَبُو بَكْرٍ وَلَمْ يَهْوِ مَا قُلْتُ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ جِئْتُ فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ قَاعِدَيْنِ يَبْكِيَانِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَخْبِرْنِي مِنْ أَيِّ شَيْءٍ تَبْكِي أَنْتَ وَصَاحِبُكَ فَإِنْ وَجَدْتُ بُكَاءً بَكَيْتُ وَإِنْ لَمْ أَجِدْ بُكَاءً تَبَاكَيْتُ لِبُكَائِكُمَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْكِي لِلَّذِي عَرَضَ عَلَيَّ أَصْحَابُكَ مِنْ أَخْذِهِمُ الْفِدَاءَ لَقَدْ عُرِضَ عَلَيَّ عَذَابُهُمْ أَدْنَى مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ شَجَرَةٍ قَرِيبَةٍ مِنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرَى حَتَّى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ إِلَى قَوْلِهِ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا فَأَحَلَّ اللَّهُ الْغَنِيمَةَ لَهُمْ۔

آپ دونوں کے رونے کی وجہ سے رونے ایسی صورت بنا لوں گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اس واقعہ کی وجہ سے رو رہا ہوں جو تمہارے ساتھیوں کے فدیہ لینے کی وجہ سے مجھ پر پیش آیا ہے، بلاشبہ مجھ پر ان لوگوں کا عذاب پیش کیا گیا جو اس درخت سے بھی زیادہ قریب تھا وہ درخت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب تھا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر یہ آیت نازل فرمائی: (ترجمہ) کسی نبی کی شان کے یہ لائق نہیں ہے کہ وہ کفار کا زمین پر خون بہانے سے پہلے ان کو قیدی بنا لے ______ سو تم کو جو مال غنیمت حاصل ہے اس کو کھاؤ، دراں حالیکہ یہ حلال اور طیب ہے پھر اللہ نے مسلمانوں کے لیے مال غنیمت حلال کر دیا۔

بدر کا محل وقوع علامہ نووی لکھتے ہیں بدر وہ جگہ ہے جہاں پر ایک بہت عظیم اور مشہور جنگ واقع ہوئی، یہاں پر ایک مشہور پانی کی جگہ اور ایک بستی تھی یہ جگہ مکہ اور مدینہ کے درمیان واقع تھی اور مدینہ منورہ سے چار مرحلہ دور تھی، ابن قتیبہ نے کہا ہے کہ بدر ایک شخص کا کنواں تھا اس شخص کا نام بھی بدر تھا، اسی کے نام پر اس کنواں کا نام بدر رکھ دیا گیا، ابوالیقظان نے کہا ہے کہ بنو غفار کے ایک شخص کا یہ کنواں تھا، غزوہ بدر سترہ رمضان دو ہجری کو جمعہ کے دن واقع ہوا۔ صحیح بخاری میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس دن غزوہ بدر ہوا وہ سخت گرم دن تھا۔[1]

جنگ بدر کے دن اللہ تعالیٰ کے وعدہ فتح کے باوجود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شدت گریہ وزاری سے دعا کی حکمت

اس باب کی حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کی فتح اور نصرت کے لیے اللہ تعالیٰ سے انتہائی

[1] - علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۹۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

گریہ وزاری کے ساتھ دعا کی اس حال میں حضرت ابوبکر نے آپ کو تسلی دی اور کہا یا نبی اللہ آپ کی یہ دعا کافی ہے، اللہ تعالیٰ آپ سے کیے ہوئے وعدہ کو ضرور پورا فرمائے گا۔ علامہ نووی لکھتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس قدر شدت کے ساتھ اس لیے دعا کی تھی تاکہ آپ کے اصحاب آپ کو دعا کرتے ہوئے دیکھ لیں، اور آپ کی دعا کی وجہ سے ان کے دل قوی ہو جائیں، علاوہ ازیں دعا کرنا اور اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر مانگنا عبادت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ آپ کو کفار کے لشکر ـــــ یا کفار کے قافلہ میں سے کسی ایک پر فتح عطا فرمائے گا، اور قافلہ نکل چکا تھا، اس لیے اب کفار کے لشکر پر آپ کو فتحیاب کرنا متعین ہو گیا تھا۔ اس کے باوجود آپ نے اس لیے شدت سے دعا کی تاکہ یہ فتح جلد حاصل ہو اور مسلمانوں کو زیادہ ضرر پہنچے بغیر فتح حاصل ہو جائے۔ [1]

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: علامہ خطابی نے کہا ہے کہ کسی شخص کے لیے یہ گمان کرنا جائز نہیں ہے کہ اس وقت حضرت ابوبکر اللہ کی نصرت پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ پُر امید تھے۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قدر گریہ وزاری سے دعا کرنے کی وجہ آپ کی صحابہ پر شفقت اور ان کے دلوں کو تقویت دینا تھی کیونکہ یہ صحابہ کا پہلا جہاد تھا اس لیے آپ نے سخت آہ و زاری سے دعا کی کیونکہ صحابہ کو یہ یقین تھا کہ آپ کی دعا مستجاب ہوتی ہے اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم مقام خوف میں تھے اور یہ بندہ کا انتہائی کامل مقام ہے اور آپ کے نزدیک یہ جائز تھا کہ اس دن مدد نہ آئے کیونکہ مدد کا وعدہ مجمل تھا بہرحال یہ وہم کرنا قطعاً باطل ہے کہ اس موقع پر حضرت ابوبکر کو زیادہ طمانیت حاصل تھی بلکہ حضرت ابوبکر کو یہ یقین تھا کہ حضور نے اس قدر شدت گریہ سے جو دعا کی ہے وہ ضرور باریاب ہو کر رہے گی۔ [2]

کیا جنگ بدر میں فرشتوں نے قتال کیا تھا؟

اس باب کی حدیث میں ہے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے آپ کی مدد فرمائی، اور حضرت ابن عباس نے فرمایا جنگ بدر کے دن ایک مسلمان ایک مشرک کے پیچھے دوڑ رہا تھا، اتنے میں اس نے اوپر سے ایک کوڑے کی آواز سنی اور ایک گھوڑے سوار کی آواز سنائی دی جو کہہ رہا تھا "اے حیزوم آگے بڑھ" پھر اچانک اس نے دیکھا کہ وہ مشرک اس کے سامنے چت گر پڑا۔ اس کی ناک پر چوٹ تھی اور چہرہ پھٹ گیا تھا اور اس پر یل کا سبز نشان تھا جیسے کوڑا لگا ہو، اس انصاری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ ماجرا عرض کیا آپ نے فرمایا: تم سچ کہتے ہو یہ تیسرے آسمان سے مدد آئی تھی۔

علماء اسلام کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ جنگ بدر میں فرشتوں نے بھی جنگ میں حصہ لیا تھا یا نہیں؟ صحیح مسلم کی اس صریح حدیث کے پیش نظر زیادہ تر مفسرین کی یہ رائے ہے کہ فرشتوں نے جنگ میں حصہ لیا تھا، اور بعض محققین کی رائے یہ ہے کہ فرشتوں کا نازل ہونا صرف مسلمانوں کو تقویت اور بشارت دینے کے لیے تھا کیونکہ قرآن مجید میں فرشتوں کے نازل کرنے کا ذکر سورہ آل عمران اور سورۂ انفال میں ہے اور دونوں جگہ اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: وما جعله الله الا بشرٰی لکم ولتطمئن قلوبکم به "اللہ تعالیٰ نے صرف تمہارے دلوں کو مطمئن کرنے اور تمہیں

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۹۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷ ص ۲۸۹، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

خوشخبری دینے کے لیے فرشتوں کو نازل کیا ہے" لہٰذا اس صریح آیت کے مقابلہ میں ان روایات کو ترک کر دیا جائے گا جن میں فرشتوں کے قتل کرنے اور جنگ کرنے کا ذکر ہے، ہمارے نزدیک یہی نظریہ راجح ہے اس بحث کو پوری طرح واضح کرنے کے لیے پہلے ہم قرآن مجید کی وہ آیات ذکر کریں گے جن میں فرشتوں کے نازل کرنے کا ذکر ہے پھر اس کے بعد مفسرین کی آراء کا ذکر کریں گے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

اذ تقول للمؤمنين الن يكفيكم ان يمدكم ربكم بثلثة الاف من الملائكة منزلين ۝ بلى ان تصبروا وتتقوا ويأتوكم من فورهم هذا يمددكم ربكم بخمسة الاف من الملئكة مسومين ۝ وما جعله الله الا بشرى لكم ولتطمئن قلوبكم به وما النصر الا من عند الله العزيز الحكيم ۝

(آل عمران: ۱۲۶-۱۲۴)

جب آپ مسلمانوں سے فرماتے تھے کیا تمہیں یہ کافی نہیں کہ تمہارا رب تین ہزار نازل کیے ہوئے فرشتوں سے تمہاری مدد فرمائے گا۔ کیوں نہیں اگر تم صبر کرو اور اللہ سے ڈرو اور وہ اسی وقت یکدم تم پر ٹوٹ پڑیں تو (اسی دن) تمہارا رب تمہاری پانچ ہزار نشان زدہ فرشتوں سے مدد فرمائے گا اور اللہ نے اس کو تمہارے لیے صرف خوشخبری بنایا ہے اور تاکہ اس سے تمہارے دل مطمئن ہو جائیں اور مدد صرف اللہ غالب، حکمت والے کی طرف سے ہے

اذ تستغيثون ربكم فاستجاب لكم انى ممدكم بالف من الملئكة مردفين ۝ وما جعله الله الا بشرى ولتطمئن به قلوبكم وما النصر الا من عند الله ان الله عزيز حكيم ۝

(انفال: ۱۰-۹)

جب تم اپنے رب سے فریاد کرتے تھے تو اس نے تمہاری دعا سن لی کہ میں ایک ہزار لگاتار آنے والے فرشتوں سے تمہاری مدد کرنے والا ہوں اور اس کو اللہ نے صرف خوشخبری بنایا ہے، اور اس لیے کہ تمہارے دل اس سے مطمئن ہو جائیں اور مدد صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے بیشک اللہ بہت غالب، (اور) نہایت حکمت والا ہے۔

امام رازی سورہ آل عمران کی آیات کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

فرشتوں کی نصرت کی کیفیت میں مفسرین کا اختلاف ہے، بعض مفسرین نے کہا ہے کہ فرشتوں نے مومنوں کے ساتھ قتال کیا تھا اور بعض نے کہا ہے کہ صرف مسلمانوں کے دلوں کو تقویت دی تھی، اور ان کو یہ خبر دی تھی کہ ان کو فتح ہوگی اور کافروں کے دلوں پر رعب ڈال دیا تھا، اور ظاہر یہ ہے کہ اگر ضرورت پڑتی تو وہ ملائکہ کے ساتھ جنگ میں شریک ہوتے اور یہ ہو سکتا ہے کہ جنگ میں ان کی ضرورت پیش نہ آئی ہو، اور مسلمانوں کے دلوں کی تقویت کے لیے صرف ان کا میدان جنگ میں حاضر ہونا کافی ہو اور زیادہ مفسرین کا یہ زعم ہے کہ فرشتوں نے صرف جنگ بدر میں قتال کیا تھا اور کسی جنگ میں قتال نہیں کیا۔ [1]

[1] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی [illegible] دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

امام رازی سورۃ انفال کی آیات کے تحت لکھتے ہیں:
اس بات میں اختلاف ہے کہ فرشتوں نے جنگ بدر کے قتال میں حصہ لیا تھا یا نہیں، ایک قوم نے کہا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام پانچ سو فرشتوں کے ساتھ میمنہ پر تھے جس میں حضرت ابوبکر تھے، اور میکائیل علیہ السلام پانچ سو فرشتوں کے ساتھ میسرہ پر تھے جس میں حضرت علی بن ابی طالب تھے، یہ فرشتے سفید کپڑے پہنے ہوئے انسانوں کی صورت میں تھے، اور انھوں نے قتال کیا، ایک قول یہ ہے کہ انھوں نے صرف جنگ بدر میں قتال کیا اور جنگ احزاب اور جنگ حنین میں قتال نہیں کیا، ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابن مسعود سے ابوجہل نے کہا وہ آواز کہاں سے آرہی تھی جس کو میں سن رہا تھا، اور مارنے والا نظر نہیں آرہا تھا، حضرت ابن مسعود نے کہا وہ فرشتوں میں سے تھا۔ ابوجہل نے کہا پھر فرشتوں نے ہم کو شکست دی ہے نہ کہ تم نے! اور ایک روایت ہے کہ ایک مسلمان ایک مشرک کے پیچھے دوڑ رہا تھا اچانک اس نے اوپر سے کوڑا مارنے کی آواز سنی۔ اس نے اس مشرک کی طرف دیکھا تو وہ زمین پر چت گر پڑا درآں حالیکہ اس کا چہرہ پھٹ چکا تھا، اس انصاری نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ واقعہ بیان کیا، آپ نے فرمایا تم نے سچ کہا یہ آسمان سے مدد آئی تھی۔

دوسری قوم نے یہ کہا کہ فرشتوں نے قتال نہیں کیا وہ صرف لشکر کی تعداد میں اضافے اور مسلمانوں کو ثابت قدم رکھنے کے لیے آئے تھے ورنہ صرف ایک فرشتہ ہی تمام دنیا کو ہلاک کرنے کے لیے کافی ہے، کیونکہ جبرائیل علیہ السلام نے اپنے صرف ایک پر سے مدائن میں قوم لوط کو ہلاک کر دیا تھا اور قوم صالح اور ثمود کے شہروں کو صرف ایک چیخ سے ہلاک کر دیا تھا، اور اس امداد کی کیفیت کا سورۃ آل عمران میں تفصیلاً ذکر ہے، فرشتے قتال کے لیے نہیں آئے تھے اس پر دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وما جعلہ اللہ الا بشرٰی "اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے نازل کرنے کو صرف خوشخبری کے لیے بنایا ہے"۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنگ بدر کے دن ایک چھپر کے نیچے بیٹھ کر دعا کر رہے تھے اور حضرت ابوبکر آپ کی دائیں جانب تھے آپ کے ساتھ اور کوئی نہیں تھا، اس وقت آپ کو اونگھ آگئی، پھر آپ نے اپنا دایاں ہاتھ حضرت ابوبکر کی ران پر مارا اور فرمایا "اللہ تعالیٰ کی مدد کی بشارت سنو، میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ جبرائیل ایک لشکر کی پیشوائی کر رہے ہیں"۔ یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ فرشتوں کے نازل کرنے سے صرف اسی بشارت کا بھیجنا مقصود تھا، اور یہ حدیث فرشتوں کے قتال کرنے کی نفی کرتی ہے۔

نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وما النصر الا من عند اللہ۔ "نصرت صرف اللہ کی جانب سے ہے"۔ اس آیت سے اس بات پر متنبہ کرنا ہے کہ ہر چند کہ فرشتے مسلمانوں کی موافقت کے لیے نازل ہوتے ہیں، لیکن مسلمانوں پر واجب ہے کہ وہ فرشتوں کے نزول پر اعتماد نہ کریں بلکہ وہ صرف اللہ تعالیٰ کی امداد و اعانت اور اس کی ہدایت کو کافی سمجھیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی غالب ہے جو کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور وہی حکیم ہے اور جس جگہ مدد اور نصرت کی ضرورت ہو وہیں مدد پہنچاتا ہے۔[1]

قاضی بیضاوی لکھتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے جو یہ فرمایا ہے وما جعلہ اللہ الا بشرٰی لکم ولتطمئن قلوبکم بہ وما النصر الا من عند اللہ۔

---

[1] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ۶ ص ۳۵۵، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

اس میں یہ تنبیہ ہے کہ مسلمانوں کی نصرت کے لیے فرشتوں کی مدد کی کوئی ضرورت نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی مدد کا وعدہ مسلمانوں کو صرف بشارت دینے کے لیے کیا ہے اور ان کے دلوں کو مطمئن کرنے کے لیے کیا ہے کیونکہ عام لوگوں کی نظر صرف اسباب کی طرف ہوتی ہے اور اس لیے کہ اگر کچھ لوگ جہاد میں ساتھ نہیں شامل ہوئے اور پیچھے رہ گئے ہیں تو اس کی پرواہ نہ کریں ان کے بدلہ میں فرشتے ان کے ساتھ ہیں۔ [1]

سورۂ انفال کی آیات کی تفسیر میں قاضی بیضاوی لکھتے ہیں:

واختلف فی مقاتلتهم وقد روی اخبار تدل علیها۔ [2]

فرشتوں کے قتال کرنے میں اختلاف ہے اور ایسی روایات بھی ہیں جو فرشتوں کے قتال کرنے پر دلالت کرتی ہیں۔

علامہ آلوسی سورۂ انفال میں وما جعله الله الا بشری کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

وفی الآیة اشعار بان الملائکة لم یباشروا قتالا وهو مذهب لبعضهم ویشعر ظاهرها بان النبی صلی الله علیه وسلم اخبرهم بذلك الامداد وفی الاخبار ما یؤیده۔ [3]

اس آیت میں یہ بتایا ہے کہ فرشتوں نے خود جنگ نہیں کی، اور یہ بعض محققین کا مذہب ہے اور ظاہر آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امداد کی بشارت دی تھی اور بعض روایات سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

غزوۂ بدر میں فرشتوں کے نزول کے متعلق مصنف کی تحقیق

خلاصہ یہ ہے کہ قرآن مجید کی صریح آیات اور بعض احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جنگ بدر میں فرشتے صرف مسلمانوں کو بشارت دینے اور ان کو تقویت دینے کے لیے نازل ہوتے تھے اور انھوں نے خود جنگ نہیں کی اس کے برخلاف بعض دیگر احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ فرشتوں نے خود جنگ کی تھی، لیکن یہ احادیث چونکہ قرآن مجید کی ان صریح آیات سے معارض ہیں اس لیے ان کو ترک کر دیا جائے گا نیز اگر فرشتوں نے یہ لڑائی لڑی ہوتی تو پھر کوئی ایک صحابی بھی اس جنگ میں زخمی یا شہید نہ ہوتا، حالانکہ چودہ صحابی شہید ہوئے اور متعدد زخمی ہوئے نیز اگر یہ فرشتوں کا کارنامہ تھا تو اصحاب بدر کا کوئی کمال نہ ہوا اور ان کی اس قدر فضیلت نہ ہوتی اور پھر ہزاروں فرشتوں کی کیا ضرورت تھی؟ تمام کافروں کو قتل کرنے کے لیے تو ایک فرشتہ ہی کافی تھا! علاوہ ازیں یہ کہ مجاہدین صحابہ میں سے ہر ایک کے متعلق معلوم اور ثابت ہے کہ فلاں صحابی نے فلاں کافر کو قتل کیا اور فلاں صحابی نے فلاں کافر کو قتل کیا پھر فرشتوں کو کس نے قتل کیا؟ نیز قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فلم تقتلوهم ولکن الله قتلهم

تو (اے مسلمانو!) تم نے ان کافروں کو (حقیقۃً)

---

[1] قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی متوفی ۶۸۵ھ، انوار التنزیل علی ہامش الخفاجی ج ۴ ص ۶۱، مطبوعہ دار صادر بیروت، ۱۲۸۳ھ

[2] " " " انوار التنزیل علی ہامش الخفاجی ج ۴ ص ۲۵۶، " "

[3] علامہ ابوالفضل شہاب الدین سید محمود آلوسی متوفی [illegible] ج ۹ ص ۱۷۱، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی۔ (انفال: ۱۷)

(اے مسلمانو!) تم نے ان کو (حقیقۃً) قتل نہیں کیا، لیکن ان کو اللہ نے (حقیقۃً) قتل کیا ہے اور (اے محبوب) آپ نے (حقیقۃً خاک) نہیں پھینکی جس وقت (بظاہر) آپ نے (خاک) پھینکی تھی، وہ خاک اللہ نے پھینکی۔

بظاہر اصحاب بدر نے کافروں کو قتل کیا تھا اس لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا تم نے ان کو حقیقۃً قتل نہیں کیا، اللہ نے ان کو قتل کیا ہے، اگر فرشتوں نے بظاہر قتل کیا ہوتا تو اللہ تعالیٰ فرماتا ان کو فرشتوں نے حقیقۃً قتل نہیں کیا اللہ نے قتل کیا ہے اور اگر بظاہر اصحاب بدر نے قتل کیا ہوتا اور حقیقۃً فرشتوں نے قتل کیا ہوتا تو اللہ تعالیٰ یوں فرماتا اے مسلمانو! تم نے ان کافروں کو حقیقۃً قتل نہیں کیا ان کو تو در حقیقت فرشتوں نے قتل کیا ہے لیکن جب اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی طرف قتل کی نسبت ظاہراً کی نہ حقیقۃً، تو معلوم ہوا کہ بدر کے کافروں کو قتل کرنے میں فرشتوں کا کوئی دخل نہیں ہے نہ ظاہراً نہ حقیقۃً اور بدر میں حملہ آور کافروں کو قتل کرنا صرف اور صرف صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا کارنامہ ہے اور بدر میں فرشتوں کا نزول صرف مسلمانوں کے اطمینان اور ان کو بشارت دینے کے لیے تھا، اور جو فرشتے بدر میں اترے انہیں دوسرے فرشتوں پر فضیلت حاصل ہوئی، اس لیے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بعض فرشتوں کو عزت اور فضیلت دینے کے لیے بدر میں فرشتوں کو اتارا ہو!

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن معاذ بن رفاعۃ الزرقی عن ابیہ وکان ابوہ من اھل بدر قال جاء جبرئیل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما تعدون اھل بدر فیکم قال من افضل المسلمین او کلمۃ نحوھا قال وکذلک من شھد بدرا من الملئکۃ۔[1]

حضرت معاذ بن رفاعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں (ان کے والد اہل بدر سے تھے) کہ حضرت جبرئیل، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہنے لگے! آپ اہل بدر کو کون سا درجہ دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا وہ مسلمانوں میں سب سے افضل ہیں یا اس کی مثل کوئی اور کلمہ فرمایا، حضرت جبرئیل نے کہا ہم بھی اسی طرح فرشتوں میں بدری فرشتوں کو سب سے افضل قرار دیتے ہیں۔

اس لیے فرشتوں کو بدر میں نازل کرنے کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ بعض فرشتوں کو عزت اور فضیلت دی جائے۔

قرآن مجید کی صریح آیات اور بعض احادیث سے ہم نے یہی سمجھا ہے کہ غزوہ بدر میں فرشتوں کا نزول صرف بشارت دینے یا مسلمانوں کی تائید اور تقویت کے لیے ہوا تھا اور فرشتوں نے قتال میں حصہ نہیں لیا، میں نے اس مسئلہ میں بہت چھان بین کی لیکن میں نے دیکھا کہ اکثر مفسرین نے اس مسئلہ کو بیان کرنے سے پہلو تہی کی ہے، اسی طرح شارحین حدیث اور مصنفین سیرت نے بھی اس مسئلہ پر بحث کرنے سے دامن بچایا ہے، قابل ذکر علماء میں سے صرف امام رازی نے اس مسئلہ پر بحث کی ہے، بہرحال میرے نزدیک جو حق تھا وہ میں نے بیان کر دیا۔ اگر یہ فی الواقع حق ہے تو یہ اللہ کی

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۵۶۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

جانب سے ہے اور اگر یہ غلط ہے تو یہ میری فہم کا نقص ہے اللہ اور اس کا رسول اس سے بری ہیں۔
اس حدیث کے اخیر میں مال غنیمت کے حلال ہونے کا بھی بیان ہے اس کی مفصل تحقیق ہم ابواب سابقہ میں بیان کر چکے ہیں۔

باب ۵۹۳ رَبْطِ الْاَسِيْرِ وَحَبْسِهٖ وَجَوَازِ الْمَنِّ عَلَيْهِ

قیدیوں کو گرفتار کرنا اور ان کو احسانًا رہا کرنے کا جواز

۴۴۷۴ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًا قِبَلَ نَجْدٍ فَجَآءَتْ بِرَجُلٍ مِّنْ بَنِيْ حَنِيْفَةَ يُقَالُ لَهٗ ثُمَامَةُ بْنُ اُثَالٍ سَيِّدُ اَهْلِ الْيَمَامَةِ فَرَبَطُوْهُ بِسَارِيَةٍ مِّنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاذَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِيْ يَا مُحَمَّدُ خَيْرٌ اِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَاِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰى شَاكِرٍ وَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَانَ بَعْدَ الْغَدِ فَقَالَ مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ قَالَ مَا قُلْتُ لَكَ اِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰى شَاكِرٍ وَاِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَانَ مِنَ الْغَدِ فَقَالَ مَاذَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِيْ مَا قُلْتُ لَكَ اِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰى شَاكِرٍ وَاِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ سواروں کو نجد کی طرف بھیجا، وہ لوگ بنو حنیفہ کے ایک شخص کو گرفتار کر کے لائے، اس کا نام ثمامہ بن اثال تھا اور وہ اہل یمامہ کا سردار تھا انہوں نے اس کو مسجد کے ایک ستون کے ساتھ باندھ دیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا: اے ثمامہ! تمہارا کیا ارادہ ہے؟ اس نے کہا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) خیر ہے، اگر آپ قتل کریں گے تو ایک طاقتور شخص کو قتل کریں گے، اور اگر آپ احسان کریں گے تو ایک شکر گزار شخص پر احسان کریں گے، اور اگر آپ مال چاہتے ہیں تو آپ سوال کیجئے، آپ جو مال چاہیں گے آپ کو مل جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو چھوڑ کر چلے گئے، دوسرے دن پھر آپ نے فرمایا: اے ثمامہ تمہارا کیا ارادہ ہے؟ اس نے کہا وہی جو میں آپ سے کہہ چکا ہوں، اگر آپ احسان کریں گے تو ایک شکر گزار پر احسان کریں گے، اور اگر آپ قتل کریں گے تو ایک طاقتور شخص کو قتل کریں گے، اور اگر آپ مال چاہتے ہیں تو آپ سوال کیجئے آپ جو مال چاہیں گے، وہ آپ کو مل جائے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر اس کو چھوڑ کر چلے گئے، حتیٰ کہ اگلے روز پھر آپ نے فرمایا: اے ثمامہ تمہارا کیا ارادہ ہے؟ اس نے کہا میری وہی رائے ہے جو میں آپ سے کہہ چکا ہوں اگر آپ احسان کریں گے تو ایک شکر گزار

كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ فَانْطَلَقَ اِلٰى نَخْلٍ قَرِيْبٍ مِّنَ الْمَسْجِدِ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ يَا مُحَمَّدُ وَاللّٰهِ مَا كَانَ عَلَى الْاَرْضِ وَجْهٌ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ وَّجْهِكَ فَقَدْ اَصْبَحَ وَجْهُكَ اَحَبَّ الْوُجُوْهِ كُلِّهَا اِلَيَّ وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ دِيْنٍ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ دِيْنِكَ فَاَصْبَحَ دِيْنُكَ اَحَبَّ الدِّيْنِ كُلِّهٖ اِلَيَّ وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ بَلَدٍ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ بَلَدِكَ فَاَصْبَحَ بَلَدُكَ اَحَبَّ الْبِلَادِ كُلِّهَا اِلَيَّ وَاِنَّ خَيْلَكَ اَخَذَتْنِيْ وَاَنَا اُرِيْدُ الْعُمْرَةَ فَمَاذَا تَرٰى فَبَشَّرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَرَهٗ اَنْ يَّعْتَمِرَ فَلَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ قَالَ لَهٗ قَائِلٌ اَصَبَوْتَ فَقَالَ لَا وَلٰكِنِّيْ اَسْلَمْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا وَاللّٰهِ لَا يَاْتِيْكُمْ مِّنَ الْيَمَامَةِ حَبَّةُ حِنْطَةٍ حَتّٰى يَاْذَنَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

شخص پر احسان کریں گے، اور اگر آپ قتل کریں گے تو ایک طاقتور شخص کو قتل کریں گے، اور اگر آپ مال کا ارادہ کرتے ہیں تو آپ سوال کریں آپ جو مال چاہیں گے وہ آپ کو دیا جائے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ثمامہ کو کھول دو، وہ مسجد کے قریب ایک کھجور کے درخت کے پاس گیا اور غسل کر کے مسجد میں داخل ہو گیا اور کہنے لگا: اشھد ان لا الٰہ الا اللہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ۔

اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بخدا پہلے میرے نزدیک روئے زمین پر آپ کے چہرے سے زیادہ ناپسندیدہ کوئی چہرہ نہیں تھا اور اب آپ کا چہرہ اور مجھے تمام چہروں سے زیادہ محبوب ہے، بخدا! پہلے میرے نزدیک آپ کے دین سے زیادہ کوئی دین ناپسندیدہ نہ تھا، اور اب مجھے آپ کا دین تمام دینوں سے زیادہ محبوب ہے بخدا پہلے میرے نزدیک آپ کے شہر سے زیادہ کوئی شہر ناپسندیدہ نہ تھا اور اب آپ کا شہر مجھے تمام شہروں سے زیادہ محبوب ہے، آپ کے سواروں نے مجھے گرفتار کر لیا درآں حالیکہ میرا ارادہ عمرہ کرنے کا تھا، اب آپ کا کیا حکم ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں بشارت دی اور عمرہ کرنے کا حکم دیا، جب وہ مکہ پہنچے تو کسی شخص نے ان سے کہا: کیا تم نے دین بدل لیا ہے؟ انھوں نے کہا نہیں، لیکن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آیا ہوں، اور سن لو، خدا کی قسم! اب تمہارے پاس اس وقت تک یمامہ سے گندم کا کوئی دانہ نہیں پہنچے گا جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی اجازت نہ دیں۔

۴۲۷۵ ـ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيُّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی طرف گھوڑے سواروں کی ایک جماعت بھیجی، وہ لوگ ایک شخص کو گرفتار کر کے لائے جس کا نام ثمامہ بن اثال حنفی تھا جو

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًا لَّهُ نَحْوَ أَرْضِ نَجْدٍ فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ الْحَنَفِيُّ سَيِّدُ أَهْلِ الْيَمَامَةِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ حَدِيثِ اللَّيْثِ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ إِنْ تَقْتُلْنِي تَقْتُلْ ذَا دَمٍ۔

اہل یمامہ کا سردار تھا باقی حدیث حسب سابق ہے البتہ اس میں یہ ہے کہ اگر آپ "مجھے" قتل کریں گے تو ایک طاقتور شخص کو قتل کریں گے۔

اس حدیث میں جنگی قیدیوں کو احساناً آزاد کرنے کا ثبوت ہے۔ ابواب سابقہ میں ہم اس پر تفصیلی بحث کر چکے ہیں، علامہ نووی نے لکھا ہے کہ اس حدیث میں قیدی کو باندھنے اور اس کو قید کرنے کا ثبوت ہے اور اس حدیث میں کافر کو مسجد میں داخل کرنے کے جواز کا بھی ثبوت ہے، امام شافعی کے نزدیک مسلمان کی اجازت سے کافر کو مسجد میں داخل کرنا جائز ہے، خواہ کافر کتابی ہو یا غیر کتابی، امام مالک کے نزدیک جائز نہیں ہے، امام ابو حنیفہ کے نزدیک اہل کتاب کو داخل کرنا جائز ہے اور غیر کتابی کافر کو مسجد میں داخل کرنا جائز نہیں ہے، ہم شرح صحیح مسلم جلد ثانی میں اس مسئلہ پر تفصیلی بحث کر چکے ہیں۔

اسلام قبول کرنے کے بعد غسل کرنے کے حکم میں مذاہب فقہاء

اس حدیث میں یہ بھی ذکر ہے کہ ثمامہ نے اسلام قبول کرنے سے پہلے غسل کیا، علامہ نووی لکھتے ہیں: جب کوئی کافر اسلام قبول کرنے کا ارادہ کرے تو فوراً اسلام قبول کرے اور غسل کی وجہ سے اس کو مؤخر نہ کرے، اور نہ کسی شخص کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ اس کو غسل کی اجازت دے بلکہ اس کو فوراً اسلام لانے کا حکم دے، اور اس کے بعد وہ شخص غسل کرے، علامہ نووی کہتے ہیں ہمارا مذہب یہ ہے کہ اگر زمانہ کفر میں وہ جنبی تھا تو اس پر غسل واجب ہوگا خواہ اس نے غسل کیا ہو یا نہ، بعض مالکیہ نے یہ کہا ہے کہ اسلام کی وجہ سے اس سے غسل ساقط ہوگیا جیسا کہ دوسرے گناہ ساقط ہوجاتے ہیں لیکن یہ قول ضعیف ہے، اور اگر اسلام سے قبل وہ جنبی نہ ہو تو پھر اس کا غسل کرنا مستحب ہے، یہ ہمارا، امام مالک کا اور دوسرے فقہاء کا مذہب ہے، امام احمد اور دوسرے فقہاء نے کہا ہے کہ اس پر غسل کرنا واجب ہے۔ [1]

تحقیق یہ ہے کہ قبول اسلام سے پہلے تو غسل کر کے اسلام قبول کرنے میں تاخیر جائز نہیں ہے لیکن اسلام قبول کرنے کے بعد غسل کرنا فرض ہے، کیونکہ زمانہ کفر میں جو جنابت لاحق ہوئی ہے وہ ان کے غسل سے نہیں اتری، امام ابن خزیمہ، امام ابن حبان اور امام بزار نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اسلام لانے کے بعد حضرت ثمامہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کرنے کا حکم دیا، اور امام حاکم نے تاریخ نیشاپور میں لکھا ہے: محمد بن عقیل اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جب میں نے اسلام قبول کر لیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے غسل کرنے کا حکم دیا، اور امام ابو نعیم نے واثلہ سے روایت کیا ہے کہ جب میں مسلمان ہو گیا تو نبی

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ ... اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں بیری کے پتوں کے پانی سے غسل کر دوں اور فرمایا زمانہ کفر کے بال کاٹ دو، اور کتاب قرطبی میں حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ ایک شخص مسلمان ہوا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو غسل کرنے کا حکم دیا۔

طالب اسلام کو کلمہ پڑھانے میں تاخیر کرنا جائز نہیں بلکہ خدشہ کفر ہے

اگر کوئی کافر کسی مسلمان سے یہ کہے کہ میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں تو وہ اس میں تاخیر نہ کرے اور اس کو فوراً کلمہ پڑھا دے، عام طور پر لوگ اس شخص کو کسی عالم دین کے پاس لے جا کر کلمہ پڑھواتے ہیں یہ طریقہ غلط ہے کیونکہ اس کو کلمہ پڑھانے میں تاخیر کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص اتنی دیر اس کے کفر پر راضی ہے اور کفر پر راضی ہونا بھی کفر ہے اور اگر بالفرض وہ اس وقفہ میں مر گیا تو العیاذ باللہ کفر پر مرے گا۔ اس لیے جو شخص اسلام کا طالب ہو اس کو فوراً کلمہ پڑھا دینا چاہیے اور بعد میں اس کو غسل کرنے کا حکم دیں اور اس کو اسلام کے احکام کی تعلیم دیں۔

بَابُ ۵۹۴ اِجْلَاءِ الْيَهُوْدِ مِنَ الْحِجَازِ

یہودیوں کو سرزمین حجاز سے نکال دینے کا بیان

۴۴۷۶- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ نَا لَيْثٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ اِذْ خَرَجَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْطَلِقُوْا اِلَى يَهُوْدَ فَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتّٰى جِئْنَا هُمْ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَاهُمْ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ يَهُوْدَ اَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا فَقَالُوْا قَدْ بَلَّغْتَ يَا اَبَا الْقَاسِمِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ اُرِيْدُ اَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا فَقَالُوْا قَدْ بَلَّغْتَ يَا اَبَا الْقَاسِمِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ اُرِيْدُ فَقَالَ لَهُمُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ اعْلَمُوْا اَنَّمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے اس اثناء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے، اور فرمایا یہودیوں کے پاس چلو، ہم آپ کے ساتھ اٹھ کر یہودیوں کے پاس گئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر ان سے بہ آواز بلند فرمایا: اے یہودیو! مسلمان ہو جاؤ تم سلامت رہوگے، انھوں نے کہا اے ابوالقاسم آپ نے تبلیغ کر دی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا میں بھی یہی چاہتا ہوں (کہ تم اعتراف کرو) اسلام لے آؤ اور سلامت رہو، انھوں نے کہا اے ابوالقاسم آپ نے تبلیغ کر دی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری بار فرمایا: میں بھی یہی چاہتا ہوں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنو! زمین اللہ اور اس کے رسول کی ہے، اور میں یہ چاہتا ہوں کہ تم کو اس زمین سے

لہ علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۲ ص ۲۲۸، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ

الْاَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ اُجْلِیَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاَرْضِ فَمَنْ وَجَدَ مِنْكُمْ بِمَالِهٖ شَيْئًا فَلْيَبِعْهُ وَاِلَّا فَاعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔

نکال دوں۔ لہٰذا تم میں سے جو شخص اپنے مال کو بیچنا چاہے اس کو بیچ دے ورنہ جان لو کہ زمین اللہ اور اس کے رسول کی ہے۔

۴۴۷۷۔ وَحَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا وَقَالَ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ يَهُوْدَ بَنِي النَّضِيْرِ وَقُرَيْظَةَ حَارَبُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَجْلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنِي النَّضِيْرِ وَاَقَرَّ قُرَيْظَةَ وَمَنَّ عَلَيْهِمْ حَتّٰى حَارَبَتْ قُرَيْظَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَقَتَلَ رِجَالَهُمْ وَقَسَمَ نِسَآءَهُمْ وَاَوْلَادَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا اَنَّ بَعْضَهُمْ لَحِقُوْا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰمَنَهُمْ وَاَسْلَمُوْا وَاَجْلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُوْدَ الْمَدِيْنَةِ كُلَّهُمْ بَنِيْ قَيْنُقَاعَ وَهُمْ قَوْمُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ وَيَهُوْدَ بَنِيْ حَارِثَةَ وَكُلَّ يَهُوْدِيٍّ كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ بنو نضیر اور بنو قریظہ کے یہودیوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو نضیر کو جلا وطن کر دیا، اور بنو قریظہ کو برقرار رکھا، اور ان پر احسان فرمایا۔ اس کے بعد بنو قریظہ نے جنگ کی آپ نے ان کے مردوں کو قتل کر دیا اور ان کی عورتوں اور بچوں کو اور ان کے اموال کو مسلمانوں میں تقسیم کر دیا۔ البتہ ان میں سے بعض یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا ملے آپ نے ان کو امن دے دیا اور وہ مشرف بہ اسلام ہو گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے تمام یہودیوں کو جلا وطن کر دیا، ان میں بنو قینقاع حضرت عبداللہ بن سلام کی قوم تھی اور بنو حارثہ کے یہودی تھے اور ہر وہ یہودی تھا جو مدینہ میں رہتا تھا۔

۴۴۷۸۔ وَحَدَّثَنِیْ اَبُو الطَّاهِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ مُوْسٰى بِهٰذَا الْاِسْنَادِ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَحَدِيْثُ ابْنِ جُرَيْجٍ اَكْثَرُ وَاَتَمُّ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۴۷۹۔ وَحَدَّثَنِیْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ح وَحَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لَهٗ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں یہود و نصاریٰ کو جزیرہ [illegible] نکال دوں گا اور سوا مسلمان کے [illegible]

أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَقُولُ أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَأُخْرِجَنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى مِنْ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ حَتَّى أَدَعَ إِلَّا مُسْلِمًا۔

کسی اور کو نہیں رہنے دوں گا۔

۴۴۸۰ - وَحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ ح وَحَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ وَهُوَ ابْنُ عُبَيْدِ اللهِ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی دو سندیں اور بیان کی ہیں۔

ذمیوں کی عہد شکنی کی سزا

اس حدیث سے یہ مسئلہ ثابت ہوا کہ جس قوم سے معاہدہ ہو وہ لوگ یا ذمی اگر عہد توڑ دیں تو پھر وہ حربی ہو جاتے ہیں اور ان پر اہل حرب کے احکام جاری ہوتے ہیں اور امام کے لیے جائز ہے کہ ان میں سے جس کو چاہے قید کرے اور جس پر چاہے احسان کرے، اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر امام نے کسی قوم پر احسان کیا اور اس نے جنگ کی تو اس سے کیا ہوا معاہدہ ٹوٹ جائے گا، بنو قریظہ امان میں تھے پھر انہوں نے عہد شکنی کی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جنگ میں قریش کی مدد کی، ان کے متعلق قرآن مجید کی یہ آیت نازل ہوئی:

وانزل الذين ظاهروهم من اهل الكتاب من صياصيهم وقذف في قلوبهم الرعب فريقا تقتلون وتاسرون فريقا۔

(احزاب: ۲۶)

اور جن اہل کتاب نے ان حملہ آوروں (قریش مکہ) کی مدد کی تھی، اللہ نے انہیں ان کے قلعوں سے نکال لیا، اور ان کے دلوں میں (مسلمانوں کا) ایسا رعب ڈال دیا کہ تم ان میں سے ایک گروہ کو قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو قید کرتے ہو۔

بَابُ ۵۹۵ جَوَازِ قِتَالِ مَنْ نَقَضَ الْعَهْدَ وَجَوَازِ إِنْزَالِ أَهْلِ الْحِصْنِ عَلَى حُكْمِ حَاكِمٍ عَدْلٍ أَهْلٍ لِلْحُكْمِ

عہد شکنی کرنے والوں کو قتل کرنے کا جواز اور اہل قلعہ کو کسی عادل شخص کے فیصلہ پر قلعہ سے نکالنے کا جواز

۴۴۸۱ - وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے

وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ وَقَالَ الْاٰخَرَانِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ نَزَلَ اَهْلُ قُرَيْظَةَ عَلٰى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى سَعْدٍ فَاَتَاهُ عَلٰى حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا قَرِيْبًا مِّنَ الْمَسْجِدِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِ قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ اَوْ خَيْرِكُمْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِكَ قَالَ تَقْتُلُ مُقَاتِلَتَهُمْ وَتَسْبِيْ ذُرِّيَّتَهُمْ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَيْتَ بِحُكْمِ اللّٰهِ وَرُبَّمَا قَالَ قَضَيْتَ بِحُكْمِ الْمَلِكِ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ الْمُثَنّٰى وَرُبَّمَا قَالَ قَضَيْتَ بِحُكْمِ الْمَلِكِ۔

ہیں کہ بنو قریظہ، حضرت سعد بن معاذ کے فیصلے پر قلعہ سے نکل آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد کو بلایا، وہ ایک گدھے پر سوار ہو کر آپ کے پاس آئے جب وہ مسجد کے قریب پہنچے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار سے کہا اپنے سردار یا اپنے افضل کی طرف کھڑے ہو، پھر فرمایا یہ لوگ تمہارے فیصلہ پر قلعہ سے نکلے ہیں، حضرت سعد بن معاذ نے کہا ان میں سے جو لوگ لڑائی کے قابل ہیں ان کو قتل کر دیجئے اور ان کے بچوں اور عورتوں کو قید کر لیجئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے اللہ کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے، اور کبھی کہا تم نے بادشاہ کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے۔ ابن مثنیٰ نے یہ آخری جملہ ذکر نہیں کیا۔

۴۴۸۲- وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَقَالَ فِيْ حَدِيْثِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ حَكَمْتَ فِيْهِمْ بِحُكْمِ اللّٰهِ وَقَالَ مَرَّةً لَقَدْ حَكَمْتَ بِحُكْمِ الْمَلِكِ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند ذکر کی ہے اس میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اللہ کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے اور کبھی فرمایا تم نے بادشاہ کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے۔

۴۴۸۳- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ نُمَيْرٍ قَالَ ابْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اُصِيْبَ سَعْدٌ يَوْمَ الْخَنْدَقِ رَمَاهُ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ يُقَالُ لَهٗ ا[illegible]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جنگ خندق کے دن حضرت سعد بن معاذ کو قریش کے ایک شخص نے تیر مارا، اس شخص کا نام ابن العرقہ تھا، یہ تیر آپ کے بازو کی ایک رگ میں لگا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد کے لیے مسجد میں ایک خیمہ لگا دیا، اور [illegible] ان کی عیادت کرتے تھے، جب

رَمَاهُ فِي الْأَكْحَلِ فَضَرَبَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْمَةً فِي الْمَسْجِدِ يَعُوْدُهُ مِنْ قَرِيْبٍ فَلَمَّا رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَنْدَقِ وَضَعَ السِّلَاحَ فَاغْتَسَلَ فَأَتَاهُ جِبْرِيْلُ وَهُوَ يَنْفُضُ رَأْسَهُ مِنَ الْغُبَارِ فَقَالَ وَضَعْتَ السِّلَاحَ وَاللّٰهِ مَا وَضَعْنَاهُ اُخْرُجْ إِلَيْهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَيْنَ فَأَشَارَ إِلَى بَنِيْ قُرَيْظَةَ فَقَاتَلَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلُوْا عَلَى حُكْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُكْمَ فِيْهِمْ إِلَى سَعْدٍ قَالَ فَإِنِّيْ أَحْكُمُ فِيْهِمْ أَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ وَأَنْ تُسْبَى الذُّرِّيَّةُ وَالنِّسَاءُ وَتُقْسَمَ أَمْوَالُهُمْ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنگ خندق سے واپس لوٹے تو آپ نے ہتھیار اتار کر غسل کیا، اس وقت آپ کے پاس حضرت جبرائیل آئے دراں حالیکہ وہ اپنے سر سے غبار جھاڑ رہے تھے انھوں نے کہا آپ نے ہتھیار اتار دیے؟ بخدا ہم نے ابھی ہتھیار نہیں اتارے، ان کی طرف روانہ ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا: کہاں؟ تو انھوں نے بنو قریظہ کی طرف اشارہ کیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے جنگ کی، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ پر قلعہ سے نکل آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا فیصلہ حضرت سعد کی طرف مفوض کر دیا، انھوں نے کہا میرا فیصلہ یہ ہے کہ ان کے جنگجو افراد کو قتل کیا جائے اور ان کے بچوں اور عورتوں کو گرفتار کیا جائے اور ان کے اموال کو تقسیم کر دیا جائے۔

۴۴۸۴ - **وَحَدَّثَنَا** أَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ قَالَ أَبِيْ فَأُخْبِرْتُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقَدْ حَكَمْتَ فِيْهِمْ بِحُكْمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

ہشام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے یہ خبر دی گئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت سعد سے) فرمایا: تم نے اللہ عزوجل کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے۔

۴۴۸۵ - **حَدَّثَنَا** أَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ هِشَامٍ أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ سَعْدًا قَالَ وَتَحَجَّرَ كَلْمُهُ لِلْبُرْءِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنْ لَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أُجَاهِدَ فِيْكَ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوْا رَسُوْلَكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخْرَجُوْهُ اللّٰهُمَّ فَإِنْ كَانَ بَقِيَ مِنْ حَرْبِ قُرَيْشٍ شَيْءٌ فَأَبْقِنِيْ أُجَاهِدْهُمْ فِيْكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضرت سعد کا زخم بھرنے کے قریب تھا تو انھوں نے یہ دعا کی: اے اللہ! تو خوب جانتا ہے کہ جن لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی اور آپ کو شہر سے نکالا مجھے تیری راہ میں ان کے خلاف جہاد کرنے سے کوئی چیز زیادہ عزیز نہیں ہے، اے اللہ! اگر قریش کے خلاف جنگ ابھی رہتی ہو تو مجھے ابھی زندہ رکھ تاکہ میں ان سے جہاد کر سکوں، کیونکہ میرا گمان یہ ہے کہ تو نے ہمارے

اللّٰهُمَّ فَإِنِّي أَظُنُّ أَنَّكَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَإِنْ كُنْتَ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَافْجُرْهَا وَاجْعَلْ مَوْتِي فِيهَا فَانْفَجَرَتْ مِنْ لَبَّتِهِ فَلَمْ يَرُعْهُمْ وَفِي الْمَسْجِدِ مَعَهُ خَيْمَةٌ مِنْ بَنِي غِفَارٍ إِلَّا وَالدَّمُ يَسِيلُ إِلَيْهِمْ فَقَالُوا يَا أَهْلَ الْخَيْمَةِ مَا هَذَا الَّذِي يَأْتِينَا مِنْ قِبَلِكُمْ فَإِذَا سَعْدٌ جُرْحُهُ يَغِذُّ دَمًا فَمَاتَ مِنْهَا.

اور ان کے درمیان جنگ ختم کر دی ہے سو اگر تو نے ہماری اور ان کی جنگ ختم کر دی ہے تو تو اس زخم کو جاری کر دے اور اسی میں میری موت واقع کر دے! پس وہ زخم ہنسلی کے مقام سے بہنے لگا، مسجد میں ان کے ساتھ بنو غفار کا خیمہ تھا وہ خون ان کی طرف بہہ کر آرہا تھا وہ اس سے خوف زدہ ہو گئے اور کہنے لگے اے خیمہ والو! یہ تمہاری طرف سے ہمارے پاس کیا چیز بہہ کر آرہی ہے؟ پس دیکھا تو حضرت سعد کا زخم بہہ رہا تھا اور وہ اسی میں فوت ہو گئے۔

۴۴۸۴ـ وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَانْفَجَرَ مِنْ لَيْلَتِهِ فَمَا زَالَ يَسِيلُ حَتَّى مَاتَ وَزَادَ فِي الْحَدِيثِ قَالَ فَذَاكَ حِينَ يَقُولُ الشَّاعِرُ ؎

ایک اور سند سے بھی یہ روایت ہے، اس روایت میں یہ ہے کہ اسی رات سے زخم جاری ہو گیا اور مسلسل وہ خون بہتا رہا حتیٰ کہ وہ فوت ہو گئے، اور حدیث میں زیادہ ہے کہ شاعر نے اس موقع پر کہا ؎

أَلَا يَا سَعْدُ سَعْدَ بَنِي مُعَاذٍ
فَمَا فَعَلَتْ قُرَيْظَةُ وَالنَّضِيرُ
لَعَمْرُكَ إِنَّ سَعْدَ بَنِي مُعَاذٍ
غَدَاةَ تَحَمَّلُوا لَهُوَ الصَّبُورُ
تَرَكْتُمْ قِدْرَكُمْ لَا شَيْءَ فِيهَا
وَقِدْرُ الْقَوْمِ حَامِيَةٌ تَفُورُ
وَقَدْ قَالَ الْكَرِيمُ أَبُو حُبَابٍ
أَقِيمُوا قَيْنُقَاعُ وَلَا تَسِيرُوا
وَقَدْ كَانُوا بِبَلْدَتِهِمْ ثِقَالًا
كَمَا ثَقُلَتْ بِمَيْطَانَ الصُّخُورُ

سنو اے سعد! سعد بن معاذ۔ قریظہ اور بنو نضیر نے کیا کیا۔ اے سعد بن معاذ! تمہاری زندگی کی قسم۔ جس صبح کو انہوں نے مصائب برداشت کیے وہ بڑے صبر والے ہے۔ تم نے اپنی ہانڈی خالی چھوڑ دی ـــ اور قوم کی ہانڈی گرم ہے اور ابل رہی ہے ـــ نیک شخص ابو حباب نے کہا ـــ اے قینقاع! ٹھہرو۔ مت جاؤ ـــ حالانکہ وہ اپنے شہر میں وزن والے تھے ـــ جیسا کہ میطان پہاڑی کے پتھر وزنی ہیں۔

اوس، بنو قریظہ کے حلیف تھے اور حضرت سعد اوس کے سردار تھے، اس وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو قریظہ کے معاملہ میں حضرت سعد بن معاذ کو حکم بنایا۔

اس حدیث میں مسجد میں سونے کا [illegible] جواز ہے خواہ وہ زخمی ہو، اس حدیث پر

یہ سوال بھی ہوتا ہے کہ اس میں حضرت سعد بن معاذ کا موت کی تمنا کرنے کا ذکر ہے، حالانکہ موت کی تمنا کرنا منع ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ دنیاوی آلام اور تکلیفوں سے گھبرا کر موت کی تمنا کرنا منع ہے اور حضرت سعد بن معاذ نے شہادت کے حصول کی وجہ سے موت کی تمنا کی تھی۔

مجلس میں آنے والے شخص کی تعظیم کے لیے کھڑے ہونے کے متعلق مذاہب فقہاء

اس حدیث میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار سے فرمایا: قوموا الی سیدکم "اپنے سردار کی طرف کھڑے ہو" اس حدیث کو امام بخاری نے بھی متعدد اسانید سے روایت کیا ہے [۱] امام احمد نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے [۲] اور امام ابوداؤد نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔ [۳]

علامہ یحییٰ بن شرف نواوی شافعی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں یہ ثبوت ہے کہ جب معزز لوگ آئیں تو ان کی تعظیم اور اکرام کے لیے قیام کیا جائے، اسی طرح جمہور فقہاء اسلام نے اس حدیث سے قیام کے استحباب پر استدلال کیا ہے، قاضی عیاض نے کہا ہے کہ یہ وہ قیام نہیں ہے جس سے منع کیا گیا ہے، قیام ممنوع یہ ہے کہ ایک شخص بیٹھا ہو اور دوسرے لوگ اس کی تعظیم کے لیے جب تک وہ بیٹھا ہو کھڑے رہیں، (علامہ نووی کہتے ہیں) میں کہتا ہوں کہ اہل فضل کے آنے کے وقت کھڑے ہونا مستحب ہے۔ اس کے متعلق احادیث موجود ہیں۔ اور اس کی مخالفت میں صراحت سے کوئی چیز ثابت نہیں، میں نے اس موضوع پر ایک مستقل رسالہ لکھا ہے جس میں مانعین کے تمام شکوک اور شبہات کو زائل کیا ہے۔ [۴]

علامہ وشتانی ابی مالکی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

قاضی عیاض نے کہا اس حدیث سے لازم آتا ہے کہ قوم کے رئیس اور اہل خیر اور اہل فضل کی تعظیم کے لیے قیام کرنا چاہیے، کیونکہ تحقیق سے ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک سے زیادہ افراد کے لیے کھڑے ہوئے اور یہ وہ قیام نہیں ہے جس سے منع کیا گیا ہے، قیام ممنوع یہ ہے جیسے عجمی بادشاہ بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں اور لوگ ان کی تعظیم کے لیے کھڑے رہتے ہیں، صحابہ کا اس میں اختلاف تھا کہ آپ نے صرف انصار کو حضرت سعد کے لیے قیام کا حکم دیا تھا یا تمام مہاجرین اور انصار کو یہ حکم دیا تھا۔ [۵]

علامہ بدرالدین عینی حنفی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں یہ ثبوت ہے کہ سلطان یا حاکم مسلمانوں کے سردار کی تعظیم کا حکم دے، اور سلطان کی مجلس میں

---

[۱] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۳۷، ۴۲۶، ج ۲ ص ۹۲۶، ۵۹۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[۲] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۳۵۲، ج ۳ ص ۲۲، ۷۱، ج ۶ ص ۱۴۲، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[۳] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۹۵، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[۴] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۹۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[۵] علامہ ابوعبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۹۲، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

اہل فضل کی تعظیم کرنا اور ان کی تعظیم کے لیے اٹھنا جائز ہے، اور تمام لوگوں پر لازم ہے کہ وہ اپنے سید کی تعظیم کریں۔

ایک قوم نے قیام تعظیمی سے منع کیا ہے، ان کا استدلال اس حدیث سے ہے: امام ابوداؤد اور امام ابن ماجہ نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عصا پر ٹیک لگائے ہوئے آئے، ہم آپ کے لیے کھڑے ہوئے تو آپ نے فرمایا عجمیوں کی طرح کھڑے نہ ہو، علامہ طبری نے کہا یہ حدیث ضعیف اور مضطرب السند ہے اور اس میں ایک راوی مجہول ہے، نیز مانعین کا استدلال اس حدیث سے بھی ہے جس کو حاکم نے حضرت عبداللہ بن بریدہ سے روایت کیا ہے کہ ان کے والد حضرت معاویہ کے پاس گئے اور ان کو یہ حدیث سنائی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس کو یہ پسند ہو کہ لوگ اس کی تعظیم کے لیے کھڑے ہوں اس کے لیے جہنم واجب ہے۔ علامہ طبری نے کہا یہ وعید اس شخص کے لیے ہے جو قیام سے خوش ہوتا ہے، اس شخص کے لیے یہ وعید نہیں ہے جس کی تعظیم کے لیے قیام کیا جائے۔

اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ امام عادل اور رئیس فاضل کے لیے قوم کو اور عالم کے لیے متعلم کو قیام کرنا مستحب ہے، ہاں جو شخص امام عادل اور عالم نہ ہو اس کے لیے قیام کرنا مکروہ ہے۔ [۱]

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس مسئلہ پر بہت تفصیل سے بحث کی ہے، علامہ نووی کے دلائل اور ان پر علامہ ابن الحاج کے اعتراضات ذکر کیے ہیں اور کہیں کہیں محاکمہ کیا ہے، اخیر میں لکھتے ہیں:

خلاصہ یہ ہے کہ اگر قیام کا ترک کرنا اہانت کا سبب ہو یا اس سے کوئی خرابی لازم آتی ہو تو قیام واجب ہوگا، علامہ ابن عبدالسلام نے بھی یہی کہا ہے، اور حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں بعض محققین سے یہ تفصیل نقل کی ہے: اگر قیام کو عادت بنا لیا جائے جیسا کہ عجمیوں کا طریقہ ہے تو یہ مکروہ ہے اور اگر کوئی شخص سفر سے آئے، یا حاکم کے لیے عدالت میں قیام کیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے، اسی طرح اگر کسی شخص کو کوئی نعمت ملی ہو تو اس کو مبارکباد دینے کے لیے قیام کیا جائے یا عاجز کی اعانت کے لیے یا مجلس میں وسعت کرنے کے لیے یا اور کسی جائز مقصد کے لیے قیام کیا جائے تو قیام درست ہے، امام غزالی نے کہا ہے کہ کسی کی تعظیم کے لیے قیام کرنا مکروہ ہے اور کسی کی عزت افزائی کے لیے قیام کرنا مکروہ نہیں ہے اور یہ بہت اچھی تفصیل ہے۔ [۲]

ملا علی قاری حنفی نے بھی اس بحث میں حافظ ابن حجر عسقلانی کی شرح کا خلاصہ بیان کر دیا ہے۔ [۳]

شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے بھی اس بحث میں وہی لکھا ہے جو ملا علی قاری نے لکھا ہے۔ [۴]

علامہ علاؤالدین الحصکفی حنفی لکھتے ہیں:

آنے والے کی تعظیم کے لیے اٹھنا جائز ہے بلکہ مستحب ہے، جیسا کہ عالم کے سامنے پڑھنے والے کے لیے بھی تعظیماً

---

[۱] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۲۲ ص ۲۵۲ - ۲۵۱، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[۲] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۱ ص ۵۴، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[۳] ملا علی بن سلطان محمد القاری متوفی ۱۰۱۴ھ، مرقات ج ۹ ص ۸۳، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ۱۳۹۰ھ

[۴] شیخ عبدالحق محدث دہلوی متوفی ۱۰۵۲ھ، [illegible] مطبوعہ تیج کمار لکھنؤ

کھڑے ہونا مستحب ہے۔ [1]

علامہ ابن عابدین شامی اس عبارت پر حاشیہ لکھتے ہیں:

یعنی اگر وہ شخص تعظیم کا مستحق ہو (تو اس کے آنے پر کھڑے ہونا مستحب ہے)۔ قنیہ میں ہے جو شخص مسجد میں بیٹھا ہو اس کا آنے والے کی تعظیم کے لیے کھڑے ہونا مکروہ نہیں ہے اسی طرح قرآن مجید پڑھنے والے کا بھی آنے والے کی تعظیم کے لیے کھڑے ہونا مکروہ نہیں ہے، البتہ جس شخص کے لیے قیام کیا جائے اس کا قیام کو پسند کرنا مکروہ ہے۔ علامہ ابن وہبان نے کہا ہے کہ ہمارے زمانہ میں قیام مستحب ہے، کیونکہ قیام نہ کرنے سے کینہ، بغض اور عداوت پیدا ہوتی ہے خاص طور پر جس شخص کے لیے عموماً لوگ قیام کرتے ہوں وہاں قیام کرنا مستحب ہے، باقی قیام پر جو وعید ہے وہ اس شخص کے بارے میں ہے جو یہ پسند کرتا ہو کہ لوگ اس کے سامنے کھڑے رہیں، جیسا کہ ترک اور عجمی کرتے ہیں اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ غایہ وغیرہ میں ہے کہ شیخ حکیم ابوالقاسم کے پاس جب کوئی غنی آتا تو اس کی تعظیم کے لیے کھڑے ہوتے اور فقراء اور طلباء کے لیے نہیں کھڑے نہیں ہوتے تھے، جب ان سے اس کا سبب پوچھا گیا تو انہوں نے کہا غنی مجھ سے تعظیم کی توقع رکھتا ہے اگر میں اس کی تعظیم نہ کروں تو اس کو تکلیف ہوگی، اور فقراء اور طلباء مجھ سے صرف سلام کے جواب اور علمی مباحث میں گفتگو چاہتے ہیں۔ [2]

ایک قوم مصحف میں دیکھ کر قرآن مجید پڑھ رہی ہو یا ایک اکیلا شخص پڑھ رہا ہو اور اس کے پاس معزز اور معظم لوگوں میں سے کوئی شخص آئے اور پڑھنے والا اس کی خاطر کھڑا ہو تو فقہاء نے کہا کہ اگر آنے والا عالم دین، اس کا والد یا اس کو علم دین سکھانے والا استاذ ہے تو اس کے لیے کھڑا ہونا جائز ہے ورنہ جائز نہیں ہے۔ [3]

خلاصہ یہ ہے کہ جمہور فقہاء اسلام کے نزدیک اشراف اور معزز لوگوں کے لیے قیام تعظیمی جائز ہے بلکہ مستحب ہے اور اگر کوئی شخص سفر سے واپس آئے، یا کسی کو مبارکباد دینی ہو یا اور کوئی جائز مقصد ہو تو پھر قیام کے جواز میں کسی کا اختلاف نہیں ہے، فقہاء مالکیہ میں سے علامہ ابن الحاج اور فقہاء حنبلیہ میں سے علامہ ابن قیم نے اس مسئلہ میں اختلاف کیا ہے لیکن موخر الذکر صورتوں میں وہ بھی قیام کو جائز کہتے ہیں۔

قوموا الی سیدکم سے قیام تعظیمی کے استدلال پر ایک اشکال کا جواب!!!

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: علامہ تورپشتی نے شرح المصابیح میں یہ اعتراض کیا ہے کہ قوموا الی سیدکم کا معنی ہے سعد کی اعانت اور اس کو سواری سے اتارنے کے لیے اس کی طرف کھڑے ہو" کیونکہ حضرت سعد بن معاذ بیمار تھے اور اگر تعظیم مراد ہوتی تو آپ قوموا السیدکم فرماتے!۔

علامہ طیبی نے اس اشکال کا یہ جواب دیا ہے کہ علامہ تورپشتی نے الی اور لام کا جو فرق بیان کیا ہے وہ ضعیف ہے کیونکہ اس جگہ "الی" میں "لام" سے زیادہ تعظیم ہے اور یہ حدیث اس تاویل میں ہے "قوموا فامشوا الیہ تلقیا و اکراما"

---

[1] علامہ علاؤ الدین حصکفی متوفی ۱۰۸۸ھ، درمختار علی ہامش رد المحتار ج ۵ ص ۳۳۸ مطبوعہ مطبع عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

[2] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۵ ص ۳۳۸، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

[3] علامہ حسن بن منصور اوزجندی المعروف بہ قاضی خان، متوفی ۲۹۵ھ فتاویٰ قاضی خان ج ۳ ص ۴۲۳، علی ہامش الہندیہ مطبوعہ مصر، ۱۳۱۰ھ

"کھڑے ہو اور ان کی تکریم اور ان سے ملاقات کے لیے ان کی طرف جاؤ" اور یہ اس قاعدہ سے ماخوذ ہے کہ مشتق پر حکم کی علت اس کا مبداء اشتقاق ہوتا ہے اور یہاں سید کے لیے قیام کا حکم دیا گیا ہے لہٰذا اس حکم کی علت سیادت ہے۔

امام بیہقی نے کہا ہے کہ تعظیم اور تکریم کے قصد سے قیام کرنا جائز ہے جیسا کہ انصار نے حضرت سعد کے لیے قیام کیا اور حضرت طلحہ نے حضرت کعب کے لیے قیام کیا۔[۱]

حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں: علامہ نووی نے کتاب القیام میں لکھا ہے کہ امام بخاری، امام مسلم اور امام ابوداؤد نے اس حدیث سے قیام کے جواز پر استدلال کیا ہے، امام مسلم نے فرمایا قیام کے جواز کے لیے میرے علم میں اس سے زیادہ اور کوئی صحیح حدیث نہیں ہے۔[۲]

ان حوالوں سے ظاہر ہو گیا کہ قیام تعظیمی کے جواز اور استحباب پر امام بخاری، امام مسلم، امام ابوداؤد، امام بیہقی اور جمہور فقہاء اسلام نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے اور ان عظیم ائمہ اور فقہاء کے مقابلہ میں علامہ ابن الحاج اور علامہ تورپشتی کا اختلاف کچھ وقعت نہیں رکھتا خصوصاً جب ان کے اعتراض کا جواب بھی دیا جا چکا ہے۔

قیام تعظیمی کے ثبوت میں دیگر احادیث و آثار

ہم ابھی ابھی امام بخاری، امام مسلم، امام ابوداؤد، اور امام احمد کے حوالوں سے حدیث قوموا الی سید کم کا ذکر کر چکے ہیں، جس سے جمہور فقہاء اسلام نے قیام تعظیمی کے جواز اور استحباب پر استدلال کیا ہے۔ اب ہم اس سلسلہ میں دیگر احادیث پیش کر رہے ہیں۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن عائشة ام المؤمنين قالت ما رايت احدا اشبه سمتا ولا هديا برسول الله فى قيامها وقعودها من فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت وكانت اذا دخلت على النبى صلى الله عليه وسلم قام اليها فقبلها واجلسها فى مجلسه وكان النبى صلى الله عليه وسلم اذا دخل عليها قامت من مجلسها فقبلته واجلسته فى مجلسها الحديث۔[۳]

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ سے زیادہ کسی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اٹھنے اور بیٹھنے میں مشابہ نہیں دیکھا۔ جب حضرت فاطمہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاتیں تو آپ ان کے لیے کھڑے ہوتے اور ان کو بوسہ دیتے اور ان کو اپنی جگہ بٹھاتے اور جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ کے پاس جاتے تو وہ اپنی نشست سے کھڑی ہوتیں، آپ کو بوسہ دیتیں اور آپ کو اپنی جگہ بٹھاتیں۔

اس حدیث کو امام ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے۔[۴] نیز امام بخاری نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔[۵]

---

[۱] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۱ ص ۵۲، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ، ۱۴۰۱ھ

[۲] ″ ″ ″ ″ ، فتح الباری ج ۱۱ ص ۵۱، ″ ″

[۳] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۵۵۰، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[۴] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۳۵۲، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[۵] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، الادب المفرد ص ۱۴۳، مطبوعہ مکتبہ اثریہ سانگلہ ہل

امام بخاری نے قیام الرجل لاخیہ کے تحت قوموا السیدکم والی حدیث کو بھی روایت کیا ہے۔ [۱]
نیز امام بخاری روایت کرتے ہیں:

ان عبد اللہ بن کعب قال سمعت کعب بن مالک یحدث حدیثہ حین تخلف عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن غزوۃ تبوک فتاب اللہ علیہ واذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بتوبۃ اللہ علینا حین صلی صلوٰۃ الفجر فتلقانی الناس فوجا فوجا یھنونی بالتوبۃ یقولون لتھنک توبۃ اللہ علیک حتی دخلت المسجد فاذا برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حولہ الناس فقام الی طلحۃ بن عبید اللہ یھرول حتی صافحنی وھنانی واللہ ما قام الی رجل من المھاجرین غیرہ۔ [۲]

عبد اللہ بن کعب بیان کرتے ہیں کہ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ وہ غزوۂ تبوک سے رہ گئے تھے اور اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی تھی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز پڑھائی تو ہمیں اللہ کے توبہ قبول فرمانے کی خبر دی تھی، اس وقت مجھ سے صحابہ فوج در فوج ملے اور مجھے توبہ قبول ہونے پر مبارکباد دینے لگے، وہ کہتے تھے کہ اللہ کا تمہاری توبہ قبول کرنا مبارک ہو، میں جب مسجد میں داخل ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد صحابہ کرام بیٹھے ہوئے تھے۔ (مجھے دیکھ کر) حضرت طلحہ بن عبید اللہ کھڑے ہوئے اور دوڑ کر آکے مجھ سے مصافحہ کیا، اور مجھے مبارکباد دی، بخدا مہاجرین میں سے ان کے سوا اور کوئی شخص میرے لیے نہیں کھڑا ہوا۔

امام بخاری نے اس حدیث کو اپنی صحیح میں بھی روایت کیا ہے۔ [۳]
حافظ الہیثمی لکھتے ہیں:

عن محمد بن ہلال عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا خرج قمنا لہ حتی یدخل بیتہ رواہ البزار ورجال البزار ثقات [۴]

محمد بن ہلال اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب تشریف لے جاتے تو ہم آپ کے گھر میں داخل ہونے تک آپ کے لیے کھڑے رہتے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں اس حدیث کو امام ابو داؤد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ [۵]
ان احادیث کے علاوہ اور بھی متعدد احادیث ہیں جو قیام تعظیمی پر دلالت کرتی ہیں، علامہ نووی نے ان کو کتاب القیام میں بیان کیا ہے اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے بھی ان کا تفصیلاً ذکر کیا ہے، لیکن ہم نے بغرض اختصار صرف مذکور الصدر

---

[۱] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، الادب المفرد ص ۲۴۳، مطبوعہ مکتبہ اثریہ سانگلہ ہل
[۲] " " " ، الادب المفرد ص ۲۴۳، "
[۳] " " " ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۶۳۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[۴] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۸ ص ۴۰، مطبوعہ دار الکتاب العربی، ۱۴۰۲ھ
[۵] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۱ ص ۵۲، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

احادیث کے بیان پر اکتفاء کی ہے ۔ ۔ اب ہم ان احادیث کا ذکر کریں گے جن کو قیام تعظیمی کے مخالفین بیان کرتے ہیں اور ان احادیث کے جوابات بھی بیان کریں گے ۔

قیام تعظیمی کے خلاف احادیث اور ان کے جوابات

امام ابو داؤد روایت کرتے ہیں :

عن ابی امامۃ قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متوکئا علی عصًا فقمنا الیہ فقال لا تقوموا کما تقوم الاعاجم یعظم بعضھا بعضا [۱]

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصا پر ٹیک لگائے ہوئے ہمارے پاس تشریف لائے ہم آپ کے لیے کھڑے ہو گئے ، آپ نے فرمایا عجمیوں کی طرح مت کھڑے ہو ، جو بعض ، بعض کی تعظیم کرتے ہیں ۔

پہلی بات یہ ہے کہ امام طبرانی نے کہا ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے ، مضطرب السند ہے ۔ اور اس کی سند میں مجہول راوی ہیں ، دوسری بات یہ ہے کہ یہ حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم اور دیگر صحاح کی حدیث کے معارض ہے جن میں آپ نے قیام کا حکم دیا ہے اور خود بھی قیام کیا ہے ، تیسری بات یہ ہے کہ اس میں مطلقاً قیام سے منع نہیں فرمایا بلکہ عجمیوں کے قیام سے منع فرمایا ہے جس میں سردار بیٹھا رہتا ہے اور لوگ اس کی تعظیم کے لیے کھڑے رہتے ہیں ، اس کی وضاحت اس حدیث سے ہوتی ہے ، امام بخاری روایت کرتے ہیں :

عن جابر قال : اشتکی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فصلینا وراءہ وھو قاعد وابوبکر یسمع الناس تکبیرہ ۔ فالتفت الینا فرآنا قیاما فاشار الینا فقعدنا فصلینا بصلوتہ قعودًا فلما سلم قال ان کدتم لتفعلوا فعل فارس والروم یقومون علی ملوکھم وھو قعود فلا تفعلوا ۔ الحدیث [۲]

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو گئے ، ہم نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی درآں حالیکہ آپ بیٹھے ہوئے تھے ، اور حضرت ابو بکر نماز کی تکبیر بن کہہ رہے تھے ، آپ نے ہم کو کھڑے ہوئے دیکھ لیا ، پھر آپ نے ہمیں بیٹھنے کا اشارہ کیا ہم بیٹھ گئے ، جب آپ نے سلام پھیرا تو فرمایا مجھے خدشہ ہے کہ تم اہل روم اور فارس کی طرح کام کرنے لگو گے ، جو اپنے بادشاہوں کے سامنے کھڑے رہتے ہیں درآں حالیکہ وہ بیٹھے ہوتے ہیں سو ایسا نہ کرو ۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں :

عن انس قال لم یکن شخص احب الیھم من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکانوا اذا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ صحابہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کوئی شخص محبوب

---

[۱] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ ھ ، سنن ابو داؤد ج ۲ ص ۳۵۲ ، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور ، ۱۴۰۵ ھ

[۲] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ ھ ، الادب المفرد ص ۲۸۲ ، مطبوعہ مکتبہ اثریہ سانگلہ ہل

داود لم یقوموا لما یعلمون من کراھتہ لذلک ھذا حدیث صحیح غریب[1]

نہیں تھا (اس کے باوجود) وہ حضور کو دیکھ کر کھڑے نہیں ہوتے تھے کیونکہ انھیں علم تھا کہ آپ قیام کرنا ناپسند فرماتے ہیں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے علامہ نووی سے اس حدیث کے دو جواب نقل کیے ہیں، پہلا جواب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صحابہ کا قیام کرنا اس لیے ناپسند تھا کہ آپ کو یہ خدشہ تھا کہ کہیں وہ تعظیم میں زیادہ افراط نہ کرنے لگیں یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ آپ نے فرمایا: لا تطرونی "میری تعظیم میں زیادہ مبالغہ نہ کرو" اور آپ نے آپس میں صحابہ کا قیام کرنا ناپسند نہیں کیا، کیونکہ بعض صحابہ کے لیے آپ نے خود قیام کیا اور آپ کے سامنے صحابہ دوسروں کی تعظیم کے لیے کھڑے ہوتے اور آپ نے اس پر انکار نہیں کیا بلکہ ان کو مقرر اور ثابت رکھا اور اس کا حکم دیا۔ دوسرا جواب یہ ہے آپ کے اور صحابہ کے درمیان اس قدر انس اور محبت تھی جس میں قیام تعظیمی کی گنجائش نہیں تھی، اور جب لوگ کمال محبت کے ساتھ آپس میں گھل مل کر رہنے لگیں تو پھر قیام کے تکلف کی ضرورت نہیں رہتی۔[2]

علامہ ابو حامد نے لکھا ہے: ہر چند کہ قیام، ایثار اور اعتذار وغیرہ محبت کے حقوق میں سے ہیں، لیکن ان میں ایک طرح کی اجنبیت اور تکلف ہے اور جب جانبین میں مکمل اتحاد ہوتا ہے تو تکلف کی بساط بالکلیہ لپیٹ دی جاتی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ صحابہ کا قیام کرنا اور قیام کو ترک کرنا یہ دونوں امر ثابت ہیں اور ان دونوں کا ثبوت ازمنہ، احوال اور اشخاص کے اختلاف کی وجہ سے مختلف ہے۔ نیز امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن ابی مجلز قال خرج معاویۃ فقام عبد اللہ بن الزبیر وابن صفوان حین راوہ فقال اجلسا سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من سرہ ان یتمثل الرجال قیاما فلیتبوا مقعدہ من النار[3]

ابو مجلز بیان کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ آئے تو حضرت عبد اللہ بن الزبیر اور ابن صفوان ان کو دیکھ کر کھڑے ہو گئے حضرت معاویہ نے کہا بیٹھ جاؤ! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے جو اس سے خوش ہوتا ہو کہ لوگ اس کے سامنے کھڑے ہوں وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے علامہ نووی سے اس حدیث کا یہ جواب نقل کیا ہے کہ اس حدیث سے قیام کی محبت سے ممانعت ہے اور اس میں مطلقاً قیام کی ممانعت کا بیان نہیں ہے، جس شخص کے دل میں قیام کی محبت نہ ہو اس کے لیے لوگ قیام کریں یا نہ کریں اس پر کوئی ملامت نہیں ہے اور اگر کسی شخص کے دل میں قیام کی محبت ہو تو وہ حرام کا مرتکب ہوگا خواہ لوگ اس کے لیے قیام کریں یا نہ کریں، لہٰذا اس حدیث سے ترک قیام پر استدلال کرنا صحیح نہیں ہے، اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ قیام کی وجہ سے کوئی شخص اس کی محبت میں مبتلا ہوگا جس سے منع کیا گیا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ ممنوع قیام کی محبت ہے قیام کرنا ممنوع نہیں ہے۔[4]

---

[1] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۹۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[2] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۱ ص ۵۳، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[3] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۹۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[4] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۱ ص ۵۳، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

علامہ ابن الحاج اور علامہ ابن قیم نے یہ اعتراض کیا ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے بہر حال اس حدیث سے ترک قیام پر استدلال کیا تھا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حضرت معاویہ کا اجتہاد ہے جو صحیح اور صریح احادیث کے مقابلہ میں حجت نہیں ہے، دوسرا جواب یہ ہے کہ امام ترمذی کی تصریح کے مطابق یہ حدیث حسن ہے اور جن احادیث میں قیام کا حکم اور قیام کا ثبوت ہے وہ احادیث صحیحہ ہیں اور حدیث حسن حدیث صحیح سے معارضہ کی صلاحیت نہیں رکھتی۔

نیز علامہ ابن قتیبہ نے اس حدیث کا یہ جواب دیا ہے اس حدیث میں اس قیام کی محبت پر وعید ہے جو عجمی بادشاہوں کے سامنے قیام کیا جاتا ہے بایں طور کہ جب تک بادشاہ بیٹھا رہے لوگ اس کے سامنے کھڑے رہتے ہیں۔ [1]

یہاں تک ہم نے وہ احادیث بیان کیں جن سے قیام کے مخالفین استدلال کرتے ہیں اور جمہور کی طرف سے ان کے جوابات بیان کیے، اب اس بحث کے آخر میں ہم قیام کی اقسام بیان کر رہے ہیں:

قیام تعظیمی کی اقسام

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی لکھتے ہیں قاضی ابوالولید ابن رشد مالکی نے قیام کی چار اقسام بیان کی ہیں:

(۱) جو شخص قیام کرنے والوں کے قیام کی وجہ سے تکبر کرتا ہو اس کے لیے قیام کرنا ممنوع ہے۔

(۲) جو شخص قیام کی وجہ سے تکبر تو نہ کرتا ہو لیکن قرائن سے اس پر تکبر کا خدشہ ہو اس کے لیے قیام کرنا مکروہ ہے۔

(۳) جس شخص پر تکبر کا خدشہ نہ ہو اس کی عزت افزائی کے لیے قیام جائز ہے۔

(۴) جو شخص سفر سے واپس آئے اس کے استقبال کے لیے قیام کرنا مستحب ہے، یا جس شخص کو کوئی نعمت ملی ہو اس کو مبارکباد دینے کے لیے قیام کرنا بھی مستحب ہے، اسی طرح جس شخص کو کوئی مصیبت پہنچی ہو اس کی تعزیت کے لیے قیام کرنا بھی مستحب ہے۔ [2]

ان چار قسموں کو علامہ بدرالدین عینی حنفی نے بھی بیان کیا ہے۔ [3]

میری تحقیق یہ ہے کہ یہاں تین قسموں کو اور شامل کر لیا جائے اور وہ یہ ہیں:

(۱) مشائخ، اساتذہ، علماء دین، والدین اور منعم اور محسن کی تعظیم کے لیے قیام کرنا مستحب ہے۔

(۲) اگر کوئی شخص قیام کے لائق نہ ہو لیکن اس کی تعظیم کرنے پر کوئی دینی کام موقوف ہو تو بطور مدارات اس کے لیے قیام کرنا جائز ہے۔

(۳) اگر کوئی شخص لائق تعظیم نہ ہو لیکن دنیاوی منفعت کی خاطر مداہنت سے اس کے لیے قیام کیا جائے تو یہ قیام مکروہ تحریمی ہے۔

قیام تعظیمی کے سلسلہ میں یہ آخری بات تھی جس کو ہم لکھنا چاہتے تھے، اللہ تعالیٰ اس سعی کو مشکور فرمائے اور اس کتاب کو تاقیامت قبول عام عطا فرمائے وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد سید المرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۱ ص ۵۰، مطبوعہ دارنشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[2] ″ ″ ″ فتح الباری ج ۱۱ ص ۵۱، ″ ″

بَابُ الْمُبَادَرَةِ بِالْغَزْوِ وَتَقْدِيمِ أَهَمِّ الْأَمْرَيْنِ الْمُتَعَارِضَيْنِ

جہاد میں سبقت اور اہم کام کی تقدیم کا بیان

۴۴۸۷ - وَحَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ الضُّبَعِيُّ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ نَادَى فِينَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ انْصَرَفَ عَنِ الْأَحْزَابِ أَنْ لَا يُصَلِّيَنَّ أَحَدٌ الظُّهْرَ إِلَّا فِي بَنِي قُرَيْظَةَ فَتَخَوَّفَ نَاسٌ فَوْتَ الْوَقْتِ فَصَلَّوْا دُونَ بَنِي قُرَيْظَةَ وَقَالَ آخَرُونَ لَا نُصَلِّي إِلَّا حَيْثُ أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنْ فَاتَنَا الْوَقْتُ قَالَ فَمَا عَنَّفَ وَاحِدًا مِنَ الْفَرِيقَيْنِ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب ہم غزوہ احزاب سے واپس لوٹے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ندا کی کہ بنو قریظہ میں پہنچنے سے پہلے کوئی شخص ظہر کی نماز نہ پڑھے، بعض صحابہ نے وقت ختم ہونے کے خوف سے بنو قریظہ پہنچنے سے پہلے نماز پڑھ لی، اور دوسرے صحابہ نے کہا ہم اسی جگہ نماز پڑھیں گے جہاں نماز پڑھنے کا ہمیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے، خواہ نماز قضا ہو جائے، حضرت ابن عمر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو ملامت نہیں کی۔

بنو قریظہ میں نماز پڑھنے کی ہدایت میں روایات کا تعارض اور ان میں تطبیق

علامہ نووی لکھتے ہیں: امام مسلم نے اس واقعہ میں ظہر کی نماز بنو قریظہ میں پہنچنے سے پہلے نہ پڑھنے کی ہدایت کو روایت کیا ہے، اور امام بخاری نے (باب صلوٰۃ الخوف میں) حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ہی اس واقعہ میں عصر کی نماز کا ذکر کیا ہے۔ حضرت ابن عمر فرماتے ہیں کہ جب ہم غزوہ احزاب سے لوٹے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص بنو قریظہ پہنچنے سے پہلے عصر کی نماز نہ پڑھے بعض صحابہ کو راستہ میں عصر کا وقت آگیا، بعض نے کہا ہم بنو قریظہ پہنچنے سے پہلے عصر نہیں پڑھیں گے، اور بعض نے کہا نہیں! ہم نماز پڑھیں گے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ منشاء نہیں تھا، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ذکر کیا گیا تو آپ نے دونوں فریقوں میں سے کسی کو بھی ملامت نہیں کی۔

حضرت ابن عمر کی یہ دونوں روایتیں متعارض ہیں، صحیح بخاری میں عصر کی نماز کا ذکر ہے اور صحیح مسلم میں ظہر کی نماز کا ذکر ہے ان میں تطبیق اس طرح ہے کہ آپ نے بعض سے ظہر کی نماز کا فرمایا اور بعض سے عصر کی نماز کو فرمایا، کیونکہ آپ نے مدینہ میں ظہر کی نماز پڑھ لی تھی، اور بعض صحابہ نے آپ کے ساتھ ظہر پڑھ لی تھی اور بعض نے نہیں پڑھی تھی۔ جن صحابہ نے ظہر کی نماز پڑھ لی تھی ان کو عصر کے لیے تاکید فرمائی اور جنھوں نے ظہر نہیں پڑھی تھی ان کو یہ حکم دیا کہ اب وہ ظہر بنو قریظہ میں پڑھیں، اور ایک قول یہ ہے کہ آپ نے ظہر اور عصر دونوں نمازیں بنو قریظہ میں پڑھنے کا حکم دیا تھا، اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جو پہلے روانہ ہو گئے تھے انھیں حکم دیا کہ وہ ظہر بنو قریظہ میں پڑھیں اور جو بعد میں روانہ ہوتے تھے ان کو حکم دیا کہ وہ عصر بنو قریظہ میں پڑھیں۔ واللہ اعلم۔

صحابہ کرام کے اجتہاد کا ثبوت جب راستہ میں نماز کا وقت آگیا اور وقت تنگ ہونے لگا تو صحابہ کرام میں اس جگہ نماز پڑھنے یا نہ پڑھنے کا جو اختلاف ہوا اس کی وجہ یہ ہے کہ دو دلیل متعارض تھے اور ہر ایک نے اپنے اجتہاد سے کام لیا، کیونکہ شریعت میں یہ حکم ہے کہ ہر نماز اپنے وقت میں پڑھی جائے اس لیے بعض صحابہ نے یہ اجتہاد کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ مطلب نہیں تھا کہ نماز خواہ قضاء ہو جائے پھر بھی بنو قریظہ میں نماز پڑھنا بلکہ آپ کا منشاء یہ تھا کہ سفر جلدی طے کرنا حتی کہ نماز عصر تک بنو قریظہ میں پہنچ جانا اور وہاں نماز پڑھنا، لیکن اب چونکہ نماز عصر کا وقت جا رہا ہے تو ہم کو نماز عصر راستہ میں ہی پڑھ لینی چاہیے اس کے برخلاف دوسرے صحابہ نے آپ کے ارشاد کے ظاہری معنی پر عمل کیا کہ نماز بنو قریظہ میں پڑھنی ہے خواہ قضا ہو جائے۔ گویا ایک فریق نے قیاس اور اجتہاد سے کام لیا اور دوسرے فریق نے ظاہر حدیث پر عمل کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی فریق کو ملامت نہیں کی کیونکہ دونوں مجتہد تھے اور دونوں نے دلیل شرعی پر عمل کیا۔

بعض علماء نے اس سے یہ استدلال کیا ہے کہ ہر مجتہد مصیب ہوتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ آپ نے ہر فریق کی تصویب نہیں کی بلکہ کسی کو ملامت نہیں کی، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ جب مجتہد اپنی پوری صلاحیت صرف کر کے اجتہاد سے کوئی حکم حاصل کرے تو ہر چند کہ وہ حکم خطاء پر ہو اس کو ملامت نہیں کی جاتی۔ [۱]

بَابُ ۵۹۷ رَدِّ الْمُهَاجِرِيْنَ اِلَى الْاَنْصَارِ مَنَائِحَهُمْ مِنَ الشَّجَرِ وَالثَّمَرِ حِيْنَ اسْتَغْنَوْا عَنْهَا بِالْفُتُوْحِ

مہاجرین کا غنی ہونے کے بعد انصار کے عطایا کو لوٹانا

۴۴۸۸ - وَحَدَّثَنِيْ اَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ قَالَا اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُوْنَ مِنْ مَكَّةَ الْمَدِيْنَةَ قَدِمُوْا وَلَيْسَ بِاَيْدِيْهِمْ شَيْءٌ وَكَانَ الْاَنْصَارُ اَهْلَ الْاَرْضِ وَالْعَقَارِ فَقَاسَمَهُمُ الْاَنْصَارُ عَلٰى اَنْ اَعْطَوْهُمْ اَنْصَافَ ثِمَارِ اَمْوَالِهِمْ كُلَّ عَامٍ وَيَكْفُوْنَهُمُ الْعَمَلَ وَالْمَئُوْنَةَ وَكَانَتْ اُمُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَهِيَ تُدْعٰى اُمَّ سُلَيْمٍ وَكَانَتْ اُمَّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ كَانَ اَخًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب مہاجرین مکہ سے مدینہ آئے تو ان کے ہاتھ خالی تھے، اور انصار کھیتوں اور زمینوں کے مالک تھے تب انصار نے مہاجرین کو اپنی زمینیں دیں کہ وہ ہر سال پیداوار کا نصف انصار کو دے دیں اور باقی رکھ لیں اور زمینوں پر انصار کی جگہ کام کریں۔ حضرت انس بن مالک کی والدہ جن کو ام سلیم کہا جاتا تھا، وہ حضرت عبد اللہ بن ابی طلحہ کی والدہ بھی تھیں، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک کھجور کا درخت دیا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ درخت اپنی آزاد کردہ باندی حضرت ام ایمن کو دے دیا جو حضرت اسامہ بن زید کی والدہ تھیں، ابن شہاب زہری

[۱] علامہ یحیٰی بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۹۶ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

لِأُمِّهِ وَكَانَتْ أَعْطَتْ أُمُّ أَنَسٍ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِذَاقًا فَأَعْطَاهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ أَيْمَنَ مَوْلَاتَهُ أُمَّ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا فَرَغَ مِنْ قِتَالِ أَهْلِ خَيْبَرَ وَانْصَرَفَ إِلَى الْمَدِينَةِ رَدَّ الْمُهَاجِرُونَ إِلَى الْأَنْصَارِ مَنَائِحَهُمُ الَّتِي كَانُوا مَنَحُوهُمْ مِنْ ثِمَارِهِمْ قَالَ فَرَدَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أُمِّي عِذَاقَهَا وَأَعْطَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ أَيْمَنَ مَكَانَهُنَّ مِنْ حَائِطِهِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَكَانَ مِنْ شَأْنِ أُمِّ أَيْمَنَ أُمِّ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهَا كَانَتْ وَصِيفَةً لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَكَانَتْ مِنَ الْحَبَشَةِ فَلَمَّا وَلَدَتْ آمِنَةُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَا تُوُفِّيَ أَبُوهُ فَكَانَتْ أُمُّ أَيْمَنَ تَحْضُنُهُ حَتَّى كَبِرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْتَقَهَا ثُمَّ أَنْكَحَهَا زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ ثُمَّ تُوُفِّيَتْ بَعْدَ مَا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَمْسَةِ أَشْهُرٍ۔

کہتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے مجھے خبر دی کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اہل خیبر سے جہاد کر کے مدینہ واپس لوٹے تو مہاجرین نے انصار کو ان کے وہ عطایا واپس کر دیے جو انھوں نے پھلوں کی شکل میں ان کو دیے تھے، تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی میری والدہ کو ان کا کھجور کا درخت واپس کر دیا، اور حضرت ام ایمن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درخت کے عوض اپنے باغ سے ایک اور درخت دے دیا۔ ابن شہاب زہری کہتے ہیں کہ حضرت ام ایمن جو حضرت اسامہ بن زید کی والدہ تھیں وہ حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب کی باندی تھیں، اور حبشہ کی رہنے والی تھیں۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے والد گرامی کی وفات کے بعد حضرت آمنہ کے ہاں پیدا ہوتے تو اس وقت حضرت ام ایمن آپ کی پرورش کرتی تھیں، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بڑے ہوئے تو آپ نے ان کو آزاد کر دیا اور پھر ان کا نکاح حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے کر دیا۔ حضرت ام ایمن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے پانچ ماہ بعد انتقال کر گئیں۔

۴۴۸۹ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَحَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الْقَيْسِيُّ كُلُّهُمْ عَنِ الْمُعْتَمِرِ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا وَقَالَ حَامِدٌ وَابْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لوگ اپنے درخت پیش کرتے تھے حتیٰ کہ جب بنو قریظہ اور بنو نضیر فتح ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے دیے ہوئے درخت واپس کر دیے۔ حضرت انس کہتے ہیں کہ میرے گھر والوں نے مجھ سے کہا کہ میں نبی صلی اللہ

اَنَّ الرَّجُلَ كَانَ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّخَلَاتِ مِنْ اَرْضِهِ حَتّٰى فُتِحَتْ عَلَيْهِ قُرَيْظَةُ وَالنَّضِيرُ فَجَعَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ يَرُدُّ عَلَيْهِ مَا كَانَ اَعْطَاهُ قَالَ اَنَسٌ وَاِنَّ اَهْلِي اَمَرُونِي اَنْ اٰتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْاَلَهُ مَا كَانَ اَهْلُهُ اَعْطَوْهُ اَوْ بَعْضَهُ وَكَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَعْطَاهُ اُمَّ اَيْمَنَ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِيهِنَّ فَجَاءَتْ اُمُّ اَيْمَنَ فَجَعَلَتِ الثَّوْبَ فِي عُنُقِي وَقَالَتْ وَاللّٰهِ لَا يُعْطِيكَهُنَّ وَقَدْ اَعْطَانِيهِنَّ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اُمَّ اَيْمَنَ اتْرُكِيهِ وَلَكِ كَذَا وَكَذَا وَتَقُولُ كَلَّا وَالَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَجَعَلَ يَقُولُ كَذَا حَتّٰى اَعْطَاهَا عَشَرَةَ اَمْثَالِهِ اَوْ قَرِيبًا مِنْ عَشَرَةِ اَمْثَالِهِ۔

علیہ وسلم کی خدمت میں جاؤں اور یہ سوال کروں کہ ہمارے گھر والوں نے آپ کو جو درخت دیے تھے وہ سب یا اس میں سے بعض واپس کر دیں، در آں حالیکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم وہ درخت حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا کو دے چکے تھے، میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے وہ درخت مجھے دے دیے، اتنے میں حضرت ام ایمن آگئیں انھوں نے میری گردن میں کپڑا ڈال کر کہا بخدا میں تم کو وہ درخت نہیں دوں گی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے دے چکے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ام ایمن وہ درخت چھوڑ دو، اور تم کو اتنے اور اتنے درخت مل جائیں گے، وہ کہنے لگیں ہرگز نہیں! قسم اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ فرمانے لگے میں تم کو اتنا دوں گا، حتیٰ کہ ان کو تقریباً دس گنے زیادہ درخت عطا فرمائے۔

انصار کا ایثار، مہاجرین کی خود داری اور حضرت ام ایمن کی ناز برداری

علامہ نووی لکھتے ہیں، علماء نے بیان کیا ہے کہ جب مہاجرین مدینہ آئے تو انصار نے بطور ایثار اپنے درخت مہاجرین کو دے دیے، بعض مہاجرین نے ان درختوں کو محض عطیہ کے طور پر قبول کیا اور بعض نے ان درختوں کو بطور مساقاۃ قبول کیا وہ ان درختوں کو پانی دیتے اور ان کے پھلوں کی نگہداشت کرتے آدھے پھل اجرت میں خود رکھتے اور آدھے انصار کو دیتے، اللہ تعالیٰ نے مہاجرین کے ساتھ انصار کے اس حسن سلوک اور ایثار کی تعریف فرمائی ہے، ارشاد باری ہے:

والذین تبوؤا الدار والایمان من قبلھم یحبون من ھاجر الیھم ولا یجدون فی صدورھم حاجۃ مما اوتوا ویؤثرون علی انفسھم ولو کان بھم خصاصۃ ومن یوق شح نفسہ فاولئک ھم المفلحون۔ (حشر: ۹)

جو لوگ مہاجرین کے آنے سے پہلے ہی دار الہجرت اور دار الایمان (مدینہ منورہ) میں مقیم ہو گئے اور وہ اپنی طرف ہجرت کر کے آنے والوں سے محبت رکھتے ہیں، اور انھوں نے (مہاجرین کو) جو کچھ دیا ان کے لیے اپنے دل میں طلب نہیں رکھتے، اور باوجود شدید ضرورت کے وہ اپنے اوپر ایثار کرتے ہیں، اور جو لوگ اپنے نفس کے بخل سے بچائے گئے وہی لوگ کامیاب ہیں۔

قرآن مجید کی اس آیت اور اس حدیث میں انصار صحابہ کی واضح فضیلت ہے، کیونکہ وہ اسلام سے محبت کرتے تھے، اور اہل اسلام کی عزت کرتے تھے اور انھوں نے جو مہاجرین کے لیے ایثار کیا اس سے ان کے اخلاق جمیلہ اور ان کی پاکیزہ فطرت کا اظہار ہوتا ہے۔

حضرت ام سلیم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو درخت دیے تھے وہ بطور مساقاۃ نہیں تھے، بلکہ اس کے پھل آپ کو ہبہ کر دیے تھے تاکہ آپ اس میں جو چاہیں تصرف کریں خواہ خود کھائیں، اپنے اہل وعیال کو کھلائیں اپنے مہمانوں کو کھلائیں یا کسی کو ہبہ کر دیں اور اگر ان پھلوں کو صرف آپ کے لیے مباح کیا ہوتا تو آپ حضرت ام ایمن کو یہ درخت عطا نہ فرماتے کیونکہ جو چیز فی نفسہ مباح ہو اس کو دوسرے کے لیے مباح نہیں کیا جا سکتا۔

مہاجرین نے انصار کو جو درخت واپس کیے اس میں یہ دلیل ہے کہ ان درختوں کے پھلوں کا کھانا مہاجرین کے لیے مباح کیا گیا تھا اگر انصار نے مہاجرین کو ان درختوں کا مالک بنا دیا ہوتا تو پھر وہ ان کو واپس نہ لیتے، کیونکہ قبضہ کے بعد ہبہ لازم ہو جاتا ہے۔ اور اباحت میں بلاکراہت رجوع کیا جا سکتا ہے، اس کے باوجود انصار نے مہاجرین سے اس وقت تک رجوع نہیں کیا جب تک کہ وہ مرفہ الحال نہیں ہو گئے، فتح خیبر کے بعد جب ان میں وسعت اور خوشحالی آگئی اور انھوں نے انصار کو ان کے عطیات واپس کئے تو پھر انھوں نے قبول کر لیا۔ اور اس سے مہاجرین کی خود داری اور بے نفسی کا بھی اظہار ہوتا ہے کہ اول تو اکثر مہاجرین نے مساقاۃ کا معاہدہ کر کے انصار کی امداد کو قبول کیا اور محض عطیہ نہیں لیا اور جن مہاجرین نے محض عطیات لیے تھے تو انھوں نے بلاضرورت بار احسان نہیں اٹھایا اور فراغت ملتے ہی انصار کے عطیات واپس کر دیے، اس سے یہ سبق حاصل کرنا چاہیے کہ اگر کوئی شخص کسی کے ساتھ کچھ نیکی کرے تو اس کو بالکل مونڈ لینے کا تصد نہ کیا جائے۔

حضرت ام ایمن نے جو اس درخت کو دینے سے انکار کیا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ انھوں نے یہ سمجھا تھا کہ یہ دائمی ہبہ ہے اور حضور نے ان کو اس درخت کا مالک بنا دیا ہے جبکہ ان کو اس درخت کے صرف پھل دیے گئے تھے، چونکہ حضرت ام ایمن نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش کی تھی اس لیے آپ نے ان کا مان رکھا اور اس درخت کے عوض میں اضافہ کرتے رہے حتیٰ کہ حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا راضی ہو گئیں۔ [1]

بَابُ ۵۹۸ جَوَازِ الْاَكْلِ مِنْ طَعَامِ الْغَنِيْمَةِ فِي دَارِ الْحَرْبِ

دار الحرب میں مال غنیمت کے طعام سے کھانے کا جواز

۴۴۹۰۔ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ غزوہ خیبر کے دن مجھے چربی کی ایک تھیلی ملی میں نے اس کو رکھ لیا، اور میں نے کہا کہ آج میں اس میں سے کسی کو

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۹۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولیٰ ۱۳۷۵ھ

قَالَ اَصَبْتُ جِرَابًا مِّنْ شَحْمٍ يَوْمَ خَيْبَرَ قَالَ فَالْتَزَمْتُهُ فَقُلْتُ لَا اُعْطِىَ الْيَوْمَ اَحَدًا مِّنْ هٰذَا شَيْئًا قَالَ فَالْتَفَتُّ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَبَسِّمًا۔

کچھ نہیں دوں گا، میں نے مڑ کر جو دیکھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے مسکرا رہے تھے۔

۴۴۹۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُغَفَّلٍ يَقُوْلُ رُمِيَ اِلَيْنَا جِرَابٌ فِيْهِ طَعَامٌ وَشَحْمٌ يَوْمَ خَيْبَرَ فَوَثَبْتُ لِاٰخُذَهُ قَالَ فَالْتَفَتُّ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ۔

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ خیبر کے دن کسی نے ہماری طرف ایک تھیلی پھینکی جس میں طعام اور چربی تھی میں اس کو اٹھانے کے لیے دوڑا، مڑ کر جو دیکھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے تھے، پھر مجھے شرم آئی۔

۴۴۹۲۔ وَحَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ جِرَابٌ مِّنْ شَحْمٍ وَلَمْ يَذْكُرِ الطَّعَامَ۔

ایک اور سند سے بھی یہ حدیث مروی ہے۔ اس میں تھیلی کے اندر چربی کا ذکر ہے، طعام کا ذکر نہیں ہے۔

دارالحرب میں حربیوں کا مال کھانے کے متعلق مذاہب فقہاء

علامہ نووی لکھتے ہیں: قاضی عیاض نے کہا ہے کہ مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ جب تک مسلمان دارالحرب میں ہوں وہ حربیوں کے مال سے بقدر ضرورت کھا سکتے ہیں اور اس کے لیے مسلمانوں کے امیر کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے اور زہری کے سوا کسی نے بھی اس کے لیے امام سے اجازت لینے کی شرط نہیں لگائی، جمہور فقہاء کہتے ہیں کہ اس قسم کی چیز کو دار اسلام میں لے جانا جائز نہیں ہے، اگر لے گیا تو اس کو واپس کرنا ہوگا، امام اوزاعی کہتے ہیں کہ اس کو واپس کرنا لازم نہیں ہے، فقہاء کا اس پر بھی اتفاق ہے کہ اس قسم کی چیز کو بیچنا بھی جائز نہیں ہے، دارالحرب میں نہ دارالاسلام میں۔

حالت جنگ میں حربیوں کی سواریوں پر سواری کرنا، ان کے کپڑے پہننا اور ان کے ہتھیاروں کو استعمال کرنا بالاجماع جائز ہے اور اس میں امیر سے اجازت لینا شرط نہیں ہے، امام اوزاعی نے اس میں بھی امام سے اجازت لینے کی شرط عائد کی ہے۔

اہل کتاب کے ذبیحہ میں مذاہب فقہاء

اس حدیث میں یہ دلیل بھی ہے کہ یہودیوں کے ذبیحوں کی چربی حلال ہے، اگرچہ ان پر چربی حرام تھی، امام مالک، امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور جمہور فقہاء کا یہی نظریہ ہے، امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور جمہور فقہاء کے نزدیک اس میں کراہت بھی نہیں ہے اور امام مالک کے نزدیک یہ مکروہ ہے، [illegible] فقہاء حنابلہ کے نزدیک یہ حرام ہے

امام شافعی اور جمہور فقہاء کا استدلال قرآن مجید کی اس آیت سے ہے: وطعام الذین اوتوا الکتاب حل لکم۔ "اہل کتاب کا طعام تمہارے لیے حلال ہے" مفسرین نے بیان کیا ہے کہ اس طعام سے اہل کتاب کا ذبیحہ مراد ہے، اس آیت میں گوشت، چربی، یا کسی اور چیز کا کوئی استثناء نہیں ہے، اور اسی آیت میں یہ دلیل بھی ہے کہ اہل کتاب کا ذبیحہ حلال ہے اور اس میں ماسوا شیعہ کے تمام اہل اسلام کا اتفاق ہے، ہمارا اور جمہور فقہاء کا مسلک یہ ہے کہ اہل کتاب کا ذبیحہ حلال ہے خواہ وہ اس پر بسم اللہ پڑھیں یا نہ پڑھیں (یعنی ذبح کے وقت اللہ کا نام لیں یا نہ لیں) اور ایک قوم کا نظریہ یہ ہے کہ اگر انھوں نے ذبح کے وقت بسم اللہ کا نام لیا تو ان کا ذبیحہ جائز ہے اور اگر انھوں نے ذبح کے وقت مسیح یا گرجے کا نام لیا تو پھر ہمارے نزدیک وہ ذبیحہ جائز نہیں ہے اور جمہور فقہاء اسلام کا بھی یہی نظریہ ہے۔ [۱]

اہل کتاب کے ذبیحہ میں فقہاء احناف کے نظریات

علامہ ابن عابدین شامی حنفی لکھتے ہیں: فتاویٰ حامدیہ میں لکھا ہے کہ کیا یہودی کے ذبیحہ کے جواز کے لیے اس کا اسرائیلی ہونا شرط ہے اور نصرانی کے ذبیحہ کے جواز کے لیے یہ شرط ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ کو خدا نہ مانتا ہو؟ ہدایہ اور دوسری کتب فقہیہ نے جو اس مسئلہ کو مطلقاً لکھا ہے اس کا تقاضا یہ ہے کہ یہ شرط نہیں ہے، مستصفیٰ میں لکھا ہے کہ عیسائی عورتوں سے نکاح کے جواز کی شرط یہ ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ کی الوہیت کا اعتقاد نہ رکھتی ہوں، اور مبسوط میں ہے کہ اگر عیسائی حضرت مسیح کو خدا مانتے ہوں اور یہودی حضرت عزیر کی الوہیت کا اعتقاد رکھتے ہوں تو واجب ہے کہ ان کی عورتوں سے نکاح نہ کریں، اور شمس الائمہ نے مبسوط میں لکھا ہے کہ نصاریٰ کا ذبیحہ مطلقاً جائز ہے خواہ وہ تثلیث کے قائل ہوں یا نہیں۔ اور دلائل کا تقاضا بھی مطلقاً جواز ہے، جیسا کہ علامہ تمرتاشی نے اپنے فتاویٰ میں لکھا ہے۔ اور اولیٰ یہ ہے کہ بغیر ضرورت کے ان کا ذبیحہ کھایا جائے نہ ان کی عورتوں سے نکاح کیا جائے، علامہ ابن ہمام کی بھی یہی تحقیق ہے، معراج میں ہے کہ اہل کتاب میں یہ شرط لگانا عام روایات کے خلاف ہے۔ [۲]

علامہ علاؤ الدین حصکفی حنفی لکھتے ہیں: اہل کتاب کا ذبیحہ جائز ہے البتہ اگر کوئی شخص ذبح کرنے والے سے ذبح کے وقت مسیح کا نام سن لے تو پھر جائز نہیں ہے۔ [۳]

علامہ شامی حنفی لکھتے ہیں، اگر کوئی شخص اس سے ذبح کے وقت اللہ کا نام سنے لیکن وہ حضرت مسیح کو الٰہ اعتقاد کرتا ہو تب بھی فقہاء نے کہا ہے کہ اس کا ذبیحہ جائز ہے ہاں اگر وہ یہ کہے کہ میں اللہ کے نام سے ذبح کرتا ہوں جو تین میں سے تیسرا ہے تو پھر اس کا ذبیحہ جائز نہیں ہے (ہندیہ) اس عبارت سے یہ مستفاد ہوتا ہے کہ اگر اس کے پاس نصرانی کا ذبح کیا ہوا گوشت لایا جائے تو اس کو کھا لیا جائے گا (عنایہ) جیسا کہ اس کے سامنے صرف اللہ کے نام پر ذبح کیا ہوا گوشت کھا لیا جاتا ہے۔ [۴]

۱۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

۲۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۵ ص ۲۵۹-۲۵۸، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ

۳۔ علامہ علاؤ الدین حصکفی حنفی متوفی ۱۰۸۸ھ، در مختار علی ہامش رد المحتار ج ۵ ص ۲۵۹، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

۴۔ علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۶ ص ۶۴، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت

علامہ آلوسی حنفی لکھتے ہیں: اگر یہودی اور عیسائی ذبح کے وقت غیر اللہ مثلاً عزیر اور عیسیٰ (علیہما السلام) کا نام لیں تو کیا ان کا ذبیحہ جائز ہے؟ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا یہ ذبیحہ حلال نہیں ہے اور یہی ربیعہ کا قول ہے، اور اکثر اہل علم نے کہا یہ جائز ہے اور یہ شعبی اور عطاء کا قول ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے ذبیحوں کو حلال کر دیا حالانکہ اس کو علم تھا کہ وہ ذبح کے وقت کیا کہتے ہیں، حسن بصری نے کہا ہے کہ جب تم یہ سنو کہ یہودی یا نصرانی نے ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا ہے تو اس ذبیحہ کو مت کھاؤ، اور جب تمہارے سامنے ذبح نہ کیا جائے تو کھاؤ، کیونکہ اس کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے حلال کر دیا ہے۔ [1]

اہل کتاب کے ذبیحہ میں مصنف کی تحقیق

مصنف کے نزدیک حسن بصری کا قول صحیح ہے اور شعبی اور عطاء کا قول صحیح نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب کے طعام کو حلال فرمایا ہے اور یہ بھی فرمایا ہے: ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ انہ لفسق۔ (انعام: ۱۲۱) ”جس چیز پر اللہ کا نام نہ لیا جائے اس کو مت کھاؤ کیونکہ وہ فسق ہے“۔ نیز فرمایا: انما حرم علیکم المیتۃ والدم ولحم الخنزیر وما اہل بہ لغیر اللہ (بقرہ: ۱۷۳) ”تم پر صرف مردار، خون، خنزیر کے گوشت اور اس جانور کو حرام کیا ہے جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا جائے“، اس لیے اگر اس کے سامنے اہل کتاب ذبح نہ کریں تو وہ طعام الذین اوتوا الکتاب حل لکم۔ کے پیش نظر ان کا کھانا کھا لے خواہ انہوں نے غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا ہو، اور اگر اس کے سامنے اہل کتاب غیر اللہ کے نام پہ جانور کو ذبح کریں تو ان آیات کے پیش نظر وہ اس ذبیحہ کو نہ کھائے۔

اہل کتاب کی عورتوں سے نکاح کے متعلق فقہاء اسلام کے نظریات

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

والمحصنت من الذین اوتوا الکتاب من قبلکم اذا اتیتموھن اجورھن محصنین غیر مسافحین ولا متخذی اخدان۔
(مائدہ: ۵)

اسی طرح تمہارے لیے اہل کتاب کی آزاد اور پاکدامن عورتیں حلال ہیں جب کہ تم ان کے مہر ادا کر دو، درآں حالیکہ تم ان کو نکاح کی قید میں لانے والے ہو نہ ظاہراً بدکاری کرنے والے ہو اور نہ خفیہ آشنائی کرنے والے ہو۔

علامہ آلوسی حنفی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا حربی عورتوں سے نکاح جائز نہیں ہے۔ یہ آیت ذمی عورتوں کے ساتھ خاص ہے، حضرت ابن عباس نے اس آیت سے استدلال کیا:

لا تجد قوما یؤمنون باللہ و الیوم الاخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ۔
(مجادلہ: ۲۲)

جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے ہیں، آپ ان لوگوں کو ان سے محبت کرنے والا نہ پائیں گے جو اللہ اور اس کے رسول سے عداوت

[1] علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی متوفی [illegible] داراحیاء التراث العربی بیروت

رکھتے ہیں۔

اس آیت میں اللہ اور اس کے رسول کے دشمنوں کے ساتھ محبت اور مودت رکھنے سے منع فرمایا ہے اور نکاح مودت کا سبب ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ومن ایاتہ ان خلق لکم من انفسکم ازواجا لتسکنوا الیھا وجعل بینکم مودۃ ورحمۃ۔ (روم: ۲۱)

اور اللہ کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس سے جوڑے پیدا کیے تاکہ تم ان سے سکون پاؤ اور اللہ نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت رکھ دی ہے۔

علامہ ابوبکر جصاص نے کہا ہے کہ ہمارے نزدیک اس دلیل سے کراہت ثابت ہوتی ہے اور ہمارے اصحاب حربی عورتوں سے نکاح کرنے کو مکروہ کہتے ہیں۔ اور شیعہ حضرات حربی عورتوں سے نکاح کرنے کو ناجائز کہتے ہیں۔

ابن جریر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان مہاجر عورتوں کے سوا تمام عورتوں کے ساتھ نکاح کرنے سے منع فرمایا ہے اور اسلام کے سوا کسی اور دین کی عورتوں سے نکاح کرنے کو حرام فرمایا ہے، اور امام عبدالرزاق اور امام ابن منذر نے روایت کیا ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ سے یہودی اور نصرانی عورتوں سے نکاح کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: ہم نے فتح (مکہ) کے زمانہ میں، جب مسلمان عورتیں کثرت سے دستیاب نہ تھیں، ان سے نکاح کیا اور جب ہم واپس لوٹے تو ان کو طلاق دے دی۔ ابن جریر نے حسن بصری سے روایت کیا ہے: ان سے پوچھا گیا کہ کیا کوئی شخص اہل کتاب کی لڑکی سے نکاح کر سکتا ہے؟ انہوں نے کہا اس کا اہل کتاب سے کیا واسطہ؟ جبکہ اللہ تعالیٰ نے مسلمان عورتیں بکثرت پیدا کی ہیں، گر اس نے کتابیہ سے نکاح کرنا ہی ہو تو غیر مسافحہ سے نکاح کرے۔ پوچھا مسافحہ کون ہے؟ کہا جس کو دا آنکھ سے اشارہ کرے تو وہ اس کے ساتھ چل پڑے۔[1]

اہل کتاب کی عورتوں سے نکاح کے متعلق مصنف کی تحقیق

خلاصہ یہ ہے کہ دارالحرب میں حربی عورتوں سے نکاح مکروہ تحریمی ہے اور دارالاسلام میں بلا ضرورت مکروہ تنزیہی ہے، آج کل انگلینڈ، امریکہ وغیرہ اس مسئلہ میں دارالحرب کے حکم میں ہیں، اس لیے وہاں حربی عورتوں سے نکاح کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ اس فرق کی وجہ یہ ہے کہ دارالاسلام میں کتابیہ کو مسلمان کرنا آسان ہے اور اس سے اسلامی احکام پر عمل کرانا بھی سہل ہے اور اولاد کو اسلام کے تابع کرنا اور مسلمان قرار دینا بھی کوئی مشکل نہیں اس کے برخلاف جہاں عیسائیوں کی حکومت ہو وہاں یہ تمام امور بے حد دشوار اور مشکل ہیں۔

---

[1] علامہ شہاب الدین ابوالفضل سید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۶ ص ۶۶، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

بَابُ ۵۹۹ كِتَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى هِرَقْلَ يَدْعُوهُ إِلَى الْإِسْلَامِ

دعوت اسلام کے لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہرقل کے نام مکتوب

۴۴۹۳ - حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ أَخْبَرَهُ مِنْ فِيهِ إِلَى فِيهِ قَالَ انْطَلَقْتُ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي كَانَتْ بَيْنِي وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَبَيْنَا أَنَا بِالشَّامِ إِذْ جِيءَ بِكِتَابٍ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى هِرَقْلَ يَعْنِي عَظِيمَ الرُّومِ قَالَ وَكَانَ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ جَاءَ بِهِ فَدَفَعَهُ إِلَى عَظِيمِ بُصْرَى فَدَفَعَهُ عَظِيمُ بُصْرَى إِلَى هِرَقْلَ فَقَالَ هِرَقْلُ هَلْ هٰهُنَا أَحَدٌ مِنْ قَوْمِ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَدُعِيتُ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَدَخَلْنَا إِلَى هِرَقْلَ فَأَجْلَسَنَا بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ أَيُّكُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا مِنْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ فَقُلْتُ أَنَا فَأَجْلَسُونِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَجْلَسُوا أَصْحَابِي خَلْفِي ثُمَّ دَعَا بِتَرْجُمَانِهِ فَقَالَ لَهُ قُلْ لَهُمْ إِنِّي سَائِلٌ هٰذَا عَنِ الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ فَإِنْ كَذَبَنِي فَكَذِّبُوهُ قَالَ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ وَايْمُ اللّٰهِ لَوْلَا مَخَافَةُ أَنْ يُؤْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوسفیان نے مجھے خود روبرو بیان کیا کہ جس مدت میں میرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان معاہدہ تھا، اس دوران میں ملک شام گیا، شام میں قیام کے دوران رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بادشاہ روم ہرقل کے نام مکتوب پہنچا حضرت دحیہ کلبی اس مکتوب کو لے کر گئے اور بصریٰ کے حاکم کو وہ مکتوب پہنچایا، اس نے وہ مکتوب ہرقل تک پہنچایا۔ ہرقل نے کہا کہ یہاں اس شخص کی قوم کا کوئی شخص حاضر ہے جس کا یہ دعویٰ ہے کہ میں نبی ہوں؟ لوگوں نے کہا ہاں! حضرت ابوسفیان نے کہا پھر مجھے قریش کی ایک جماعت کے ساتھ بلایا گیا پھر ہم ہرقل کے پاس گئے، ہرقل نے ہمیں اپنے سامنے بٹھایا اس نے کہا تم میں سے اس شخص کا قریبی رشتہ دار کون ہے جس کا دعویٰ ہے کہ میں نبی ہوں؟ حضرت ابوسفیان نے کہا میں ہوں، پھر انھوں نے مجھے ہرقل کے سامنے بٹھایا اور میرے ساتھیوں کو میرے پیچھے بٹھا دیا پھر اس نے مترجم کو بلایا اور اس نے کہا ان سے کہو میں اس شخص کے بارے میں سوال کر رہا ہوں جس کا یہ دعویٰ ہے کہ میں نبی ہوں اگر یہ مجھ سے جھوٹ بولے تو تم بتا دینا کہ یہ جھوٹا ہے، حضرت ابوسفیان نے کہا بخدا اگر مجھے یہ خدشہ نہ ہوتا کہ یہ مجھ کو جھوٹا کہیں گے تو میں ضرور جھوٹ بولتا، پھر اس نے اپنے مترجم سے کہا اس سے پوچھو کہ ان کا تم میں حسب خاندان کیسا ہے؟ میں نے کہا وہ ہم میں اچھے حسب والے ہیں اس نے پوچھا کیا ان کے آباء میں کوئی بادشاہ بھی گزرا ہے؟ میں نے کہا نہیں، اس نے پوچھا کیا اس دعوے سے پہلے تم ان پر جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے؟ میں نے کہا نہیں، اس نے پوچھا ان کی پیروی اعلیٰ طبقے کے لوگ [illegible] طبقے کے؟ میں نے کہا [illegible] طبقے کے

الْكَذِبُ لَكَذَبْتُ ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ سَلْهُ
كَيْفَ حَسَبُهُ فِيكُمْ قَالَ قُلْتُ هُوَ فِينَا
ذُو حَسَبٍ قَالَ فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ
قُلْتُ لَا قَالَ فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ
قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ وَمَنْ
يَتَّبِعُهُ أَشْرَافُ النَّاسِ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ
قَالَ قُلْتُ بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ قَالَ أَيَزِيدُونَ
أَمْ يَنْقُصُونَ قَالَ قُلْتُ لَا بَلْ يَزِيدُونَ
قَالَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ
بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ سَخْطَةً لَهُ قَالَ
قُلْتُ لَا قَالَ فَهَلْ قَاتَلْتُمُوهُ قُلْتُ
نَعَمْ قَالَ فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ
قَالَ قُلْتُ تَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ
سِجَالًا يُصِيبُ مِنَّا وَنُصِيبُ مِنْهُ قَالَ
فَهَلْ يَغْدِرُ قُلْتُ لَا وَنَحْنُ مِنْهُ فِي
مُدَّةٍ لَا نَدْرِي مَا هُوَ صَانِعٌ فِيهَا قَالَ
فَوَاللّٰهِ مَا أَمْكَنَنِي مِنْ كَلِمَةٍ أُدْخِلُ
فِيهَا شَيْئًا غَيْرَ هٰذِهِ قَالَ فَهَلْ قَالَ
هٰذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ قَالَ قُلْتُ
لَا قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ قُلْ لَهُ إِنِّي سَأَلْتُكَ
عَنْ حَسَبِهِ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ فِيكُمْ ذُو
حَسَبٍ وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي أَحْسَابِ
قَوْمِهَا وَسَأَلْتُكَ هَلْ كَانَ فِي آبَائِهِ مَلِكٌ
فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَقُلْتُ لَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ
مَلِكٌ قُلْتُ رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ وَ
سَأَلْتُكَ عَنْ أَتْبَاعِهِ أَضُعَفَاؤُهُمْ أَمْ
أَشْرَافُهُمْ فَقُلْتَ بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ وَهُمْ
أَتْبَاعُ الرُّسُلِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ
تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا

اس نے پوچھا ان کے پیروکار زیادہ ہو رہے ہیں یا کم؟ میں
نے کہا نہیں بلکہ وہ (دن بدن) زیادہ ہو رہے ہیں، اس نے
پوچھا ان کے دین میں داخل ہونے کے بعد کیا کوئی ان سے
ناراض ہو کر ان کے دین سے پلٹ (مرتد) جاتا ہے؟
میں نے کہا نہیں، اس نے پوچھا کیا تم نے کبھی ان سے
جنگ کی ہے؟ میں نے کہا ہاں! اس نے پوچھا ان کا تمہارے
ساتھ جنگ میں کیا نتیجہ رہا؟ میں نے کہا ہمارے اور
ان کے درمیان جنگ ایک ڈول کی طرح ہے کبھی وہ
کھینچ لیتے ہیں اور کبھی ہم! اس نے پوچھا کبھی انھوں نے
عہد شکنی کی؟ میں نے کہا نہیں، لیکن جس دوران ہم یہاں
ہیں ہمیں ان کا حال معلوم نہیں، حضرت ابوسفیان کہتے ہیں
بخدا! اس ایک جملہ کے سوا مجھے اور کسی بات کو اپنی گفتگو میں
داخل کرنے کی گنجائش نہیں ملی، اس نے پوچھا کیا ان سے
پہلے کسی اور نے بھی یہ دعویٰ کیا تھا؟ میں نے کہا نہیں،
پھر اس نے اپنے مترجم سے کہا اس کو بتاؤ: میں نے تم سے
ان کے حسب کے متعلق پوچھا تو تم نے یہ بتایا کہ وہ تم میں اچھے
حسب والے ہیں، اور قاعدہ یہی ہے کہ انبیاء اپنی قوم
کے سب سے اچھے حسب میں مبعوث ہوتے ہیں، پھر
میں نے تم سے پوچھا کیا ان کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ
گزرا ہے؟ تم نے کہا نہیں میں نے سوچا کہ اگر ان کے
آباء میں کوئی بادشاہ ہوتا تو یہ گمان ہو سکتا تھا کہ انھوں
نے اپنے آباء کی حکومت حاصل کرنے کے لیے یہ دعویٰ
کیا ہے! پھر میں نے پوچھا کہ ان کے پیروکار پسماندہ
ہیں یا ذی حیثیت؟ تم نے کہا بلکہ وہ پس ماندہ لوگ ہیں،
اور رسولوں کے پیروکاروں میں پس ماندہ لوگ ہی ہوتے
ہیں، پھر میں نے تم سے پوچھا کیا اس دعویٰ سے پہلے
تم ان پر جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے؟ تم نے کہا نہیں! سو
میں نے جان لیا کہ جو شخص بندوں پر جھوٹ نہیں باندھتا
وہ اللہ پر کب جھوٹ باندھے گا! اور میں نے تم سے

قَالَ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَقَدْ عَرَفْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ ثُمَّ يَذْهَبَ فَيَكْذِبَ عَلَى اللهِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَهُ سَخْطَةً لَهُ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا وَكَذٰلِكَ الْإِيمَانُ إِذَا خَالَطَ بَشَاشَةَ الْقُلُوبِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَزِيدُونَ أَوْ يَنْقُصُونَ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُونَ وَكَذٰلِكَ الْإِيمَانُ حَتّٰى يَتِمَّ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوهُ فَزَعَمْتَ أَنَّكُمْ قَدْ قَاتَلْتُمُوهُ فَتَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سِجَالًا يَنَالُ مِنْكُمْ وَتَنَالُونَ مِنْهُ وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلٰى ثُمَّ تَكُونُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ لَا يَغْدِرُ وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ لَا تَغْدِرُ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَقُلْتُ لَوْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ قُلْتُ رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيلَ قَبْلَهُ قَالَ ثُمَّ قَالَ بِمَ يَأْمُرُكُمْ قُلْتُ يَأْمُرُنَا بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ قَالَ إِنْ يَكُنْ مَا تَقُولُ فِيهِ حَقًّا فَإِنَّهُ نَبِيٌّ وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ وَلَمْ أَكُنْ أَظُنُّهُ مِنْكُمْ وَلَوْ أَنِّي أَعْلَمُ أَنِّي أَخْلُصُ إِلَيْهِ لَأَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهُ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ قَالَ ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَهُ فَإِذَا فِيهِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللهِ إِلٰى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ

کیا کیا ان کے دین میں داخل ہونے کے بعد کوئی شخص ان سے ناراض ہو کر ان کے دین سے مرتد ہو جاتا ہے؟ تم نے کہا نہیں اور دل میں ایمان کے رچ جانے کے بعد یہی ہوتا ہے، میں نے تم سے سوال کیا ان کے پیروکار زیادہ ہو رہے ہیں یا کم؟ تم نے کہا وہ زیادہ ہو رہے ہیں اور ایمان لانے کا یہی قاعدہ ہے حتیٰ کہ وہ اپنے کمال کو پہنچ جاتا ہے اور میں نے تم سے پوچھا کیا کبھی تم نے ان سے جنگ کی ہے؟ تم نے کہا ہاں جنگ کی ہے اور ہماری جنگ ڈول کی طرح ہے کبھی اس کو وہ کھینچ لیتے ہیں اور کبھی ہم، اور یہی قاعدہ ہے پہلے رسولوں کے ساتھ اسی طرح ہوتا رہا ہے پھر آخری فتح انہی کی ہوتی ہے، اور میں نے تم سے پوچھا کیا انہوں نے کبھی عہد شکنی کی ہے؟ تم نے کہا وہ عہد شکنی نہیں کرتے، اور یہی قاعدہ ہے رسول عہد شکنی نہیں کرتے، اور میں نے تم سے پوچھا کیا ان سے پہلے بھی کسی نے یہ دعویٰ کیا تھا، تم نے کہا نہیں، میں نے سوچا اگر ان سے پہلے کوئی شخص یہ دعویٰ کرتا تو میں یہ کہتا کہ اس شخص نے اس پہلے قول کی اتباع کی ہے پھر ابوسفیان نے کہا کہ پھر ہرقل نے پوچھا وہ تم کو کن باتوں کا حکم دیتے ہیں؟ ابوسفیان نے کہا وہ ہمیں نماز پڑھنے، زکوٰۃ دینے، صلہ رحمی کرنے اور پاک دامنی کا حکم دیتے ہیں، اس نے کہا اگر تم نے سچ بیان کیا ہے تو وہ واقعی نبی ہیں اور مجھے علم تھا کہ اس نبی کا ظہور ہونے والا ہے لیکن مجھے یہ گمان نہیں تھا کہ ان کا تم میں ظہور ہوگا اگر مجھے یہ معلوم ہوتا کہ میں ان تک پہنچ جاؤں گا تو میں ان سے ملاقات کو پسند کرتا، اور اگر میں وہاں موجود ہوتا تو ان کے مبارک قدم دھو دیتا، ان کی حکومت یہاں تک ضرور پہنچے گی، پھر اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مکتوب منگوایا اور اس کو پڑھا اس میں لکھا ہوا تھا بسم اللہ الرحمن الرحیم، یہ محمد رسول اللہ [illegible] کی جانب سے روم کے بادشاہ ہرقل کے [illegible]

أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ أَسْلِمْ تَسْلَمْ وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللَّهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ وَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيسِيِّينَ وَيَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ " فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ ارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ عِنْدَهُ وَكَثُرَ اللَّغْطُ وَأَمَرَ بِنَا فَأُخْرِجْنَا قَالَ فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي حِينَ خَرَجْنَا لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ إِنَّهُ لَيَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ قَالَ فَمَا زِلْتُ مُوقِنًا بِأَمْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتَّى أَدْخَلَ اللَّهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامَ۔

ہدایت کا پیروکار ہے اس کو سلام ہو، اس کے بعد واضح ہو کہ میں تم کو اسلام کی دعوت دیتا ہوں، اسلام لے آؤ، سلامتی سے رہوگے، اسلام قبول کر لو، اللہ تعالیٰ تم کو دوہرا اجر عطا فرمائے گا، اور اگر تم نے اعراض کیا تو تمہارے پیروکاروں کے اعراض کا گناہ بھی تم پر ہوگا، اے اہل کتاب آؤ اس بات کو قبول کر لو جو ہمارے اور تمہارے درمیان اتفاقی ہے، یہ کہ ہم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی عبادت نہیں کریں گے، اور اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بنائیں گے اور ہم میں سے کوئی بھی اللہ کے سوا کسی کو معبود نہیں بنائے گا، اگر وہ اس سے اعراض کریں تو کہہ دو گواہ رہو ہم مسلمان ہیں، جب ہرقل اس مکتوب کو پڑھ کر فارغ ہوا تو اس کے سامنے شور مچ گیا اور بکثرت آوازیں آنے لگیں، اس نے ہمیں باہر نکالنے کا حکم دیا، اور ہم کو نکال دیا گیا، باہر آنے کے بعد میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا: ابن ابی کبشہ (یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم) کی اہمیت اب بہت بڑھ گئی ہے کیونکہ روم کا بادشاہ بھی ان سے بہت ڈرتا ہے اس کے بعد مجھے ہمیشہ یہ یقین رہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عنقریب غلبہ حاصل ہوگا، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں اسلام داخل کر دیا۔

۴۴۹۴ - وَحَدَّثَنَاهُ حَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ فِي الْحَدِيثِ وَكَانَ قَيْصَرُ لَمَّا كَشَفَ اللَّهُ عَنْهُ جُنُودَ فَارِسَ مَشَى مِنْ حِمْصَ إِلَى إِيلِيَاءَ شُكْرًا لِمَا أَبْلَاهُ اللَّهُ وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَقَالَ إِثْمَ الْيَرِيسِيِّينَ وَقَالَ بِدَاعِيَةِ الْإِسْلَامِ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بھی ذکر کی ہے، اس میں ہے کہ فارس (ایران) کی افواج کو شکست دینے کے بعد جب قیصر روم حمص سے ایلیاء (بیت المقدس) کی طرف روانہ ہوا تاکہ اس امتحان میں سرخروئی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے، اور اس حدیث میں ہے کہ محمد عبداللہ و رسولہ کی جانب سے اور اریسیین کی جگہ یریسیین کا لفظ ہے اور دعایۃ کی بجائے داعیۃ الاسلام کا لفظ ہے۔

حدیث ہرقل کے مسائل اور مباحث

اس حدیث میں متعدد فوائد ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔
(۱)۔ امام بخاری نے بھی اس حدیث کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہرقل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے صادق ہونے کو جانتا تھا، لیکن جب اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کے ارادہ کو ظاہر کیا تو اس کے دربار کے تمام اراکین اور سردار اس سے متنفر ہو گئے اور بالآخر اس نے آخرت کے مقابلہ میں دنیا کو ترجیح دی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہیں لایا اور روم کی حکومت پر قائم رہا، یہ نعمت حبشہ کے بادشاہ نجاشی کے مقدر میں تھی وہ آپ پر ایمان لے آیا تھا۔
(۲)۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے روم کے بادشاہ کو اسلام کی دعوت دی اس میں یہ دلیل ہے کہ قتال اور جہاد سے پہلے اسلام کی دعوت دینا واجب ہے اور دعوت اسلام سے پہلے ان سے قتال کرنا حرام ہے اور اگر ان کو پہلے دعوت اسلام پہنچ چکی ہو تو پھر دوبارہ دعوت دینا مستحب ہے۔
(۳)۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت دحیہ کلبی کے ہاتھ پیغام بھیجا اس سے معلوم ہوا کہ خبر واحد پر عمل کرنا واجب ہے
(۴)۔ کافر کی طرف لکھے جانے والے خط میں بھی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھنا جائز ہے، کیونکہ آپ نے اس مکتوب میں بسم اللہ لکھی۔
(۵)۔ بعض روایات میں ہے کہ امور عظیمہ کو بسم اللہ سے شروع کیا جائے اور بعض میں ہے کہ الحمد للہ سے شروع کیا جائے، اس مکتوب کو آپ نے بسم اللہ سے شروع کیا اس سے معلوم ہوا کہ الحمد للہ سے مراد بھی اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اس کا نام ہے، کیونکہ یہ مکتوب بھی ایک عظیم امر تھا۔
(۶)۔ دوسرے انبیاء اور رسل کی نظر پہلے اپنی طرف اور پھر اللہ کی طرف ہوتی ہے اور آپ کی نظر پہلے اللہ کی طرف اور پھر اپنی طرف ہوتی ہے۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا: ان معی ربی "میرے ساتھ میرا رب ہے" آپ نے فرمایا: ان اللہ معنا "اللہ ہمارے ساتھ ہے" حضرت سلیمان نے مکتوب میں لکھا: انہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور آپ نے لکھا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم من محمد رسول اللہ الی ہرقل عظیم الروم حضرت موسیٰ اور سلیمان نے پہلے اپنا اور پھر اللہ کا نام لیا اور آپ نے پہلے اللہ کا اور پھر اپنا نام لیا۔
(۷)۔ بعض احادیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کے علاقہ میں قرآن مجید لے کر جانے سے منع فرمایا ہے اور اس حدیث میں ہے کہ آپ نے ہرقل کی طرف مکتوب بھیجا جس میں قرآن مجید کی آیات لکھی ہوئی تھیں، علامہ نووی نے اس کا یہ جواب لکھا ہے کہ دو تین آیات کو لے جانا ممنوع نہیں ہے اور پورے قرآن کو لے کر جانا ممنوع ہے، میرے نزدیک اس کا جواب یہ ہے کہ جن کفار سے بالفعل جنگ ہو رہی ہو اور حالت حسب قائم ہو وہاں قرآن کو لے جانا ممنوع ہے اور کفار کے جو علاقے برسر جنگ نہ ہوں وہاں قرآن مجید لے کر جانا جائز ہے، کیونکہ آپ نے فرمایا ہے دشمن کی سرزمین میں قرآن کو لے کر سفر نہ کیا جائے اور یہ معنی ان علاقوں کے مناسب ہے جہاں حالت جنگ موجود ہو۔
(۸)۔ اس حدیث میں یہ ثبوت ہے کہ کافر اور بے وضو کا کسی ایسی کتاب کو چھونا جائز ہے جس میں قرآن مجید کی چند آیات لکھی ہوئی ہوں۔

(۹)۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہرقل کو ملکِ روم نہیں لکھا کیونکہ ملک اور سلطنت اللہ اور اس کے رسول کی ہے یا جس کو اللہ اور رسول ملک اور سلطنت دے دیں یا جو کسی ملک پر اللہ اور اس کے رسول کی نیابت کرے، اور اس کو عظیم الروم اس لیے لکھا تاکہ اس کی دل جوئی اور حوصلہ افزائی ہو کیونکہ تبلیغ میں نرمی اور ملاطفت مطلوب ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ادع الی سبیل ربك بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ (نحل ۱۲۵) "اپنے رب کے دین کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ بلائیے۔"

(۱۰)۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا اسلم تسلم اس میں نہایت اختصار، جامعیت، بلاغت اور حسن عبارت ہے یعنی اسلام قبول کرنے کے بعد تم دنیا میں اپنی جان اور مال کو محفوظ کر لوگے، تمہارا ملک غارت گری سے محفوظ رہے گا اور اخروی عذاب سے مامون اور سلامت رہوگے۔

(۱۱)۔ اس حدیث میں یہ بیان ہے کہ جو شخص دوسروں کی گمراہی کا سبب ہوگا، وہ ان کے عذاب کا بھی مستحق ہوگا کیونکہ آپ نے فرمایا اگر تم نے دعوت اسلام سے اعراض کیا تو تم کو اپنے پیروکاروں کے اعراض کا بھی گناہ ہوگا۔ قرآن مجید میں ہے: ولیحملن اثقالھم واثقالا مع اثقالھم (عنکبوت: ۲۹) "اور وہ ضرور اپنے بوجھ اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ اور کئی بوجھ بھی اٹھائیں گے"، اس آیت سے بھی مراد ہے۔

(۱۲)۔ اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ اہل کتاب میں سے جو شخص ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اس کو دوہرا اجر ملے گا۔

(۱۳)۔ اس حدیث میں خطبہ کے بعد اما بعد کہنے کا بھی ثبوت ہے۔

(۱۴)۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہرقل کے لیے لکھا وسلام علی من اتبع الھدیٰ اور سلام علیك نہیں لکھا، اس میں یہ دلیل ہے کہ کافر کو ابتداءً سلام نہیں کرنا چاہیے، بعض متقدمین نے کافر کو ابتداءً سلام کرنے کو بھی جائز کہا ہے، لیکن یہ صحیح نہیں ہے، اگر کافر ابتداءً سلام کرے تو جواب میں کہے وعلیکم ما علیکم اور اگر فتنہ کا خوف ہو تو فرشتوں کو سلام کرنے کی نیت سے وعلیک السلام کہنا جائز ہے۔

(۱۵)۔ بنو خزاعہ کا ایک شخص تھا جو شعریٰ (ایک ستارہ) کی عبادت کرتا تھا اور اہل عرب میں سے کوئی اس کے موافق نہیں تھا اس کا نام ابن ابی کبشہ تھا، ابوسفیان نے آپ کو ابن ابی کبشہ کے مشابہ قرار دے کر آپ کو ابن ابی کبشہ کہا کیونکہ اس وقت زیادہ تر عرب آپ کے دین کے مخالف تھے، اور ایک قول یہ ہے کہ ابو کبشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نانا کا نام تھا اور ایک قول یہ ہے کہ ابو کبشہ حضرت حلیمہ کے والد کے چچا کا نام تھا اس وجہ سے آپ کو ابن ابی کبشہ کہا۔

(۱۶)۔ ہرقل نے کہا وکذلك الرسل تبعث فی احساب قومھا۔ "اور اسی طرح قاعدہ ہے کہ رسول اپنی قوم کے سب سے اچھے نسب میں مبعوث ہوتے ہیں"۔ ۱۹۵۳ء میں جب پاکستان میں سب سے پہلے قادیانیوں کے خلاف تحریک چلی اور تمام مکاتب فکر کے علماء اکٹھے ہوئے تو ایک مجلس میں میرے شیخ علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمہ اللہ نے شیخ ادریس کاندھلوی سے کہا آپ نے اپنی کتاب علم الکلام میں لکھا ہے کہ نبی کے لیے ضروری ہے کہ اس کا نسب اپنے زمانہ کے انساب سے افضل ہو اور یہ صحیح نہیں ہے، شیخ کاندھلوی نے کہا میں نے تو حدیث کا ترجمہ کیا ہے وکذلك الرسل تبعث فی احساب قومھا۔ حضرت نے فرمایا حدیث کا ترجمہ یہ ہے کہ نبی

کا نسب اپنی قوم کے انساب سے افضل ہوتا ہے وہ کہ اپنے زمانہ کے انساب سے افضل ہوتا ہے، شیخ کاندھلوی نے کہا زمانہ کے انساب میں کیا اشکال ہے؛ حضرت نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان اللہ اصطفی من ولد ابراہیم اسماعیل و اصطفی من ولد اسمٰعیل بنی کنانۃ واصطفی من بنی کنانۃ قریشا واصطفی من قریش بنی ھاشم واصطفانی من بنی ھاشم (جامع ترمذی ص ۵۱۹، مطبوعہ نور محمد کراچی) "اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کی اولاد سے حضرت اسماعیل کو فضیلت دی، اور حضرت اسماعیل کی اولاد سے بنو کنانہ کو فضیلت دی اور بنو کنانہ سے قریش کو فضیلت دی اور قریش میں سے بنو ہاشم کو فضیلت دی اور بنو ہاشم میں سے مجھ کو فضیلت دی"۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت اسماعیل کا نسب حضرت اسحاق سے افضل تھا اور حضرت اسحاق کی اولاد میں انبیاء ہوئے اور جس وقت یہ انبیاء مبعوث ہوئے اس وقت حضرت اسماعیل کی اولاد بھی موجود تھی اور ان کا نسب ان انبیاء کے نسب سے افضل تھا، سو اگر نبی کے لیے یہ ضروری ہو کہ اس کا نسب اپنے زمانہ کے تمام انساب سے افضل ہو تو بنو اسرائیل کے کسی نبی پر نبی کی تعریف صادق نہیں آئے گی کیونکہ ان کا نسب اپنے زمانہ میں موجود اولاد اسماعیل سے افضل نہیں تھا، اس لیے نبی کی یہی تعریف ہے کہ اس کا نسب اپنی قوم کے انساب میں سے افضل ہوتا ہے۔ جب حضرت نے یہ اشکال قائم کیا تو شیخ کاندھلوی سے کوئی جواب نہ بن پڑا اور تمام حاضرین دم بخود رہ گئے۔

بَابُ كُتُبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مُلُوكِ الْكُفَّارِ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

دعوت اسلام کے لیے کافر بادشاہوں کے نام نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خطوط

۴۴۹۵ - حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَى كِسْرَى وَإِلَى قَيْصَرَ وَإِلَى النَّجَاشِيِّ وَإِلَى كُلِّ جَبَّارٍ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللّٰهِ تَعَالَى وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذِي صَلَّى عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسریٰ اور قیصر کی طرف خط لکھا اور نجاشی کی طرف خط لکھا اور ہر حاکم کی طرف خط لکھا اور اس کو اسلام کی دعوت دی۔ یہ وہ نجاشی نہیں ہے جس کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھائی تھی۔

۴۴۹۶ - وَحَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرُّزِّيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ وَلَمْ يَقُلْ وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کی، اس روایت میں یہ نہیں ہے کہ یہ وہ نجاشی نہیں تھا جس کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھائی تھی۔ ایک اور سند سے بھی یہ روایت ہے اور اس میں بھی یہ جملہ نہیں ہے کہ یہ وہ نجاشی نہیں

صَلّٰی عَلَیْہِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
وَحَدَّثَنِیْہِ نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ الْجَھْضَمِیُّ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ حَدَّثَنِیْ خَالِدُ بْنُ قَیْسٍ عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ اَنَسٍ وَلَمْ یَذْکُرْ وَلَیْسَ بِالنَّجَاشِیِّ الَّذِیْ صَلّٰی عَلَیْہِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

تھا جس کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھائی تھی۔

مختلف اقوام کے بادشاہوں کے القاب

ہر قوم کے بادشاہ کا ایک خصوصی لقب ہوتا ہے جس سے اس قوم کے بادشاہ کو مراد لیا جاتا ہے۔ علامہ نووی لکھتے ہیں: فارس (ایرانیوں) کے بادشاہ کا لقب کسریٰ ہے، روم کے بادشاہ کا لقب قیصر ہے، اور حبشہ کے بادشاہ کا لقب نجاشی ہے اور ترک کے بادشاہ کا لقب خاقان ہے اور قطبیوں کے بادشاہ کا لقب فرعون ہے اور مصر کے بادشاہ کا لقب عزیز ہے[1] اسی طرح ہندوؤں اور سکھوں کے بادشاہ کا لقب راجہ اور مہاراجہ ہے، انگریزوں کے بادشاہ کا لقب جارج اور ایڈورڈ ہے اور مسلمانوں کے بادشاہ کا لقب سلطان ہے، تمام مسلم ریاستوں کے سربراہ کو خلیفہ کہا جاتا ہے اور کسی ایک مسلم ریاست کے سربراہ کو سلطان کہا جاتا ہے۔

اس حدیث میں حکمرانوں کی طرف خطوط لکھنے کا ثبوت ہے۔ اور یہ ثبوت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم لکھتے تھے اور آپ کا لکھنا آپ کے امی ہونے کے منافی نہیں ہے کیونکہ امی کا معنی ہے جس نے اپنی ماں سے پیدا ہونے کے بعد کسی دنیاوی استاذ سے لکھنا اور پڑھنا نہ سیکھا ہو، اور آپ نے دنیا کے کسی شخص سے لکھنا اور پڑھنا نہیں سیکھا۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے آپ کو باقی تمام چیزوں کا علم عطا فرمایا اسی طرح آپ کو لکھنے اور پڑھنے کا علم بھی عطا فرمایا، اور آپ نے وصال سے پہلے لکھا بھی اور پڑھا بھی اور یہ بھی آپ کا معجزہ ہے۔ اس کی مکمل تفصیل اور تحقیق انشاء اللہ باب نمبر ۶۰۵ میں بیان کی جائے گی۔

بَابٌ فِیْ غَزْوَۃِ حُنَیْنٍ ۶۱۰

غزوہ حنین کا بیان

۴۴۹۷ - وَحَدَّثَنِیْ اَبُو الطَّاھِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ کَثِیْرُ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ قَالَ عَبَّاسٌ شَھِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ حُنَیْنٍ فَلَزِمْتُ اَنَا وَاَبُوْ سُفْیَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ غزوہ حنین میں، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا، میں اور حضرت ابو سفیان بن حارث بن عبد المطلب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ساتھ رہے اور آپ سے بالکل الگ نہیں ہوئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سفید رنگ کی خچر پر سوار تھے جو آپ کو فروہ بن نفاثہ جذامی نے ہدیہ کی تھی، جب مسلمانوں اور کفار کا مقابلہ ہوا تو مسلمان پیٹھ پھیر کر بھاگے، رسول اللہ

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۲ ص ۹۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

فَلَمْ نُفَارِقْهُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَةٍ لَهُ بَيْضَاءَ أَهْدَاهَا لَهُ فَرْوَةُ بْنُ نُفَاثَةَ الْجُذَامِيُّ فَلَمَّا الْتَقَى الْمُسْلِمُونَ وَالْكُفَّارُ وَلَّى الْمُسْلِمُونَ مُدْبِرِينَ فَطَفِقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكُضُ بَغْلَتَهُ قِبَلَ الْكُفَّارِ قَالَ عَبَّاسٌ وَأَنَا آخِذٌ بِلِجَامِ بَغْلَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكُفُّهَا إِرَادَةَ أَنْ لَا تُسْرِعَ وَأَبُو سُفْيَانَ آخِذٌ بِرِكَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْ عَبَّاسُ نَادِ أَصْحَابَ السَّمُرَةِ فَقَالَ عَبَّاسٌ وَكَانَ رَجُلًا صَيِّتًا فَقُلْتُ بِأَعْلَى صَوْتِي أَيْنَ أَصْحَابُ السَّمُرَةِ قَالَ فَوَاللَّهِ لَكَأَنَّ عَطْفَتَهُمْ حِينَ سَمِعُوا صَوْتِي عَطْفَةُ الْبَقَرِ عَلَى أَوْلَادِهَا فَقَالُوا يَا لَبَّيْكَ يَا لَبَّيْكَ قَالَ فَاقْتَتَلُوا وَالْكُفَّارَ وَالدَّعْوَةُ فِي الْأَنْصَارِ يَقُولُونَ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ قَالَ ثُمَّ قُصِرَتِ الدَّعْوَةُ عَلَى بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ فَقَالُوا يَا بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ يَا بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ فَنَظَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى بَغْلَتِهِ كَالْمُتَطَاوِلِ عَلَيْهَا إِلَى قِتَالِهِمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا حِينَ حَمِيَ الْوَطِيسُ قَالَ ثُمَّ أَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَصَيَاتٍ فَرَمَى بِهِنَّ وُجُوهَ الْكُفَّارِ ثُمَّ قَالَ انْهَزَمُوا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ قَالَ فَذَهَبْتُ

صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خچر کو کفار کی جانب دوڑا رہے تھے، حضرت عباس نے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خچر کی لگام تھام کر اس کو تیز بھاگنے سے روک رہا تھا، اور حضرت ابو سفیان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی رکاب پکڑے ہوئے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عباس! اصحاب سمرۃ کو آواز دو، حضرت عباس بلند آواز شخص تھے وہ کہتے ہیں میں نے باآواز بلند پکارا اصحاب سمرۃ کہاں ہیں؟ حضرت عباس نے کہا بخدا یہ آواز سنتے ہی وہ اس طرح پلٹے جیسا کہ گائے اپنے بچوں کی طرف پلٹتی ہے، وہ یا لبیک، یا لبیک کہتے ہوئے دوڑے آئے اور انھوں نے کافروں سے لڑنا شروع کر دیا، اور انھوں نے انصار کو بلایا اور کہتے تھے اے انصار کی جماعت! اے انصار کی جماعت! پھر بنو حارث بن خزرج کو بلایا گیا اور کہا اے بنو حارث بن خزرج! اے بنو حارث بن خزرج پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گردن اٹھا کر ان کی طرف دیکھا درآں حالیکہ آپ خچر پر سوار تھے، آپ ان کی جنگ کا منظر دیکھ رہے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس وقت تنور گرم ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند کنکریاں اٹھائیں اور کفار کے چہروں کی طرف پھینکیں اور فرمایا رب محمد کی قسم یہ ہار گئے، حضرت عباس کہتے ہیں کہ میں دیکھ رہا تھا لڑائی اسی تیزی کے ساتھ جاری تھی میں اسی طرح دیکھ رہا تھا کہ اچانک آپ نے کنکریاں پھینکیں بخدا! میں نے دیکھا کہ ان کا زور ٹوٹ گیا اور وہ پیٹھ پھیر کر بھاگنے لگے۔

اَنْظُرُ فَاِذَا الْقِتَالُ عَلٰى هَيْئَتِهٖ فِيْمَا اَرٰى قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ رَمَاهُمْ بِحَصَيَاتِهٖ فَمَا زِلْتُ اَرٰى حَدَّهُمْ كَلِيْلًا وَاَمْرَهُمْ مُدْبِرًا۔

۴۴۹۸ - وَحَدَّثَنَاهُ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ جَمِيْعًا عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ فَرْوَةُ بْنُ نُعَامَةَ الْجُذَامِيُّ وَقَالَ انْهَزَمُوْا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ انْهَزَمُوْا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ وَزَادَ فِي الْحَدِيْثِ حَتّٰى هَزَمَهُمُ اللّٰهُ قَالَ وَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكُضُ خَلْفَهُمْ عَلٰى بَغْلَتِهٖ۔

امام مسلم نے ایک اور سند سے یہ روایت ذکر کی ہے اس میں یہ ہے کہ آپ نے فرمایا رب کعبہ کی قسم یہ ہار گئے، رب کعبہ کی قسم یہ ہار گئے، اور اس حدیث میں یہ اضافہ ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو شکست دے دی، گویا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ آپ ان کے پیچھے اپنا خچر دوڑا رہے ہیں۔

۴۴۹۹ - وَحَدَّثَنَاهُ ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ كَثِيْرُ بْنُ الْعَبَّاسِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَسَاقَ الْحَدِيْثَ غَيْرَ اَنَّ حَدِيْثَ يُوْنُسَ وَحَدِيْثَ مَعْمَرٍ اَكْثَرُ مِنْهُ وَاَتَمُّ۔

کثیر بن عباس اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ غزوہ حنین میں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا، اس کے بعد حسب سابق حدیث روایت کی ہے البتہ یونس اور معمر کی روایت زیادہ تام ہے۔

۴۵۰۰ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلْبَرَاءِ يَا اَبَا عُمَارَةَ اَفَرَرْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ قَالَ لَا وَاللّٰهِ مَا وَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنَّهٗ خَرَجَ شُبَّانُ اَصْحَابِهٖ وَاَخِفَّاؤُهُمْ حُسَّرًا لَيْسَ عَلَيْهِمْ سِلَاحٌ اَوْ كَثِيْرُ سِلَاحٍ فَلَقُوْا قَوْمًا رُمَاةً لَا يَكَادُ يَسْقُطُ لَهُمْ سَهْمٌ جَمْعَ هَوَازِنَ

ابو اسحاق بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت براء سے کہا اے ابو عمارہ! کیا تم جنگ حنین کے دن بھاگ پڑے تھے، انہوں نے کہا نہیں، خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیٹھ نہیں پھیری تھی، بلکہ امر واقعہ یہ تھا کہ آپ کے اصحاب میں سے چند جلد باز اور نہتے نوجوان آگے نکلے اور ان کا مقابلہ ہوازن اور بنو نضر کے تیر اندازوں سے ہوا جن کا کوئی تیر خطا نہیں جاتا تھا، انہوں نے اس طرح تاک تاک کر تیر

وَبَنِيْ نَصْرٍ فَرَشَقُوْهُمْ رَشْقًا مَا يَكَادُوْنَ يُخْطِئُوْنَ فَأَقْبَلُوْا هُنَاكَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَآءِ وَأَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَقُوْدُ بِهٖ فَنَزَلَ فَاسْتَنْصَرَ وَقَالَ ؎

أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ
أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

ثُمَّ صَفَّهُمْ۔

برسائے کہ ان کا کوئی تیر خطا نہیں گیا، پھر یہ جوان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف پلٹ آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفید خچر پر سوار تھے، اور ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب اس کے آگے تھے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم خچر سے اترے اور اللہ سے مدد طلب کی اور آپ نے فرمایا: میں نبی ہوں یہ جھوٹ نہیں ہے، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں، پھر آپ نے ان کی صف بندی کی۔

۴۵۰۱ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيْصِيُّ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنْ أَبِيْ إِسْحٰقَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى الْبَرَاءِ فَقَالَ أَكُنْتُمْ وَلَّيْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ يَا أَبَا عُمَارَةَ قَالَ أَشْهَدُ عَلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَلّٰى وَلٰكِنَّهُ انْطَلَقَ أَخِفَّاءُ مِنَ النَّاسِ وَحُسَّرٌ إِلٰى هٰذَا الْحَيِّ مِنْ هَوَازِنَ وَهُمْ قَوْمٌ رُمَاةٌ فَرَمَوْهُمْ بِرَشْقٍ مِّنْ نَبْلٍ كَأَنَّهَا رِجْلٌ مِّنْ جَرَادٍ فَانْكَشَفُوْا فَأَقْبَلَ الْقَوْمُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ يَقُوْدُ بِهٖ بَغْلَتَهٗ فَنَزَلَ وَدَعَا وَاسْتَنْصَرَ وَهُوَ يَقُوْلُ ؎

أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ
أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

اَللّٰهُمَّ نَزِّلْ نَصْرَكَ قَالَ الْبَرَاءُ كُنَّا وَاللّٰهِ إِذَا احْمَرَّ الْبَأْسُ نَتَّقِيْ بِهٖ وَإِنَّ الشُّجَاعَ مِنَّا لَلَّذِيْ يُحَاذِيْ بِهٖ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ابواسحاق بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت براء کے پاس آیا اور کہنے لگا اے ابوعمارہ کیا تم جنگ حنین کے دن بھاگ گئے تھے، انھوں نے کہا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے پشت نہیں پھیری، لیکن چند جلد باز اور نہتے نوجوان ہوازن کی طرف بڑھے وہ لوگ تیر انداز تھے انھوں نے تیروں کی اس طرح بوچھاڑ کی جیسے ٹڈی دل، ہو تو یہ لوگ ان کے سامنے سے ہٹ گئے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، حضرت ابوسفیان بن حارث آپ کے خچر کے آگے تھے، آپ خچر سے اترے، دعا کی اور اللہ سے مدد مانگی اور آپ یہ فرما رہے تھے، میں نبی ہوں یہ جھوٹ نہیں ہے، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں، اے اللہ اپنی مدد نازل فرما۔ حضرت براء نے کہا خدا کی قسم جب جنگ تیز ہوتی تو ہم خود کو آپ کی پناہ میں بچاتے تھے اور ہم میں بہادر وہ شخص ہوتا تھا جو جنگ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے۔

۴۵۰۲ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ وَسَأَلَهُ رَجُلٌ مِنْ قَيْسٍ أَفَرَرْتُمْ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ الْبَرَاءُ وَلَكِنْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَفِرَّ وَكَانَتْ هَوَازِنُ يَوْمَئِذٍ رُمَاةً وَإِنَّا لَمَّا حَمَلْنَا عَلَيْهِمُ انْكَشَفُوا فَأَكْبَبْنَا عَلَى الْغَنَائِمِ فَاسْتَقْبَلُونَا بِالسِّهَامِ وَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ وَإِنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ الْحَارِثِ آخِذٌ بِلِجَامِهَا وَهُوَ يَقُولُ ؎

أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ
أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

ابو اسحاق کہتے ہیں کہ قبیلہ قیس کے ایک شخص نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے سوال کیا: کیا تم غزوہ حنین کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر بھاگ گئے تھے، حضرت براء نے کہا لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دشمنوں کے سامنے سے نہیں ہٹے، ہوازن کے جوان اس دن تیر اندازی کر رہے تھے ہم نے جب ان پر حملہ کیا تو وہ بھاگ گئے اور جب ہم مال غنیمت لوٹنے لگے تو انھوں نے ہمیں تیروں پر رکھ لیا، اور میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سفید خچر پر سوار تھے اور حضرت ابوسفیان بن حارث اس کی لگام پکڑے ہوئے تھے اور آپ فرما رہے تھے، میں نبی ہوں یہ جھوٹ نہیں ہے میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔

۴۵۰۳ - وَحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ قَالُوا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ يَا أَبَا عُمَارَةَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَهُوَ أَقَلُّ مِنْ حَدِيثِهِمْ وَهَؤُلَاءِ أَتَمُّ حَدِيثًا.

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان سے ایک شخص نے کہا اے ابو عمارہ! اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے اس روایت میں کم الفاظ ہیں اور دیگر روایات اس کی بہ نسبت مکمل ہیں۔

۴۵۰۴ - وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا فَلَمَّا وَاجَهْنَا الْعَدُوَّ تَقَدَّمْتُ فَأَعْلُو ثَنِيَّةً

ایاس بن سلمہ کہتے ہیں کہ میرے والد رضی اللہ عنہ نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ حنین میں گئے، جب ہمارا دشمن کے ساتھ مقابلہ ہوا تو میں آگے بڑھ کر ایک گھاٹی پر چڑھ گیا، دشمن کا ایک شخص سامنے سے آیا، میں نے اس کے تیر مارا، وہ چھپ گیا اور مجھ کو پتا نہ چل سکا اس نے کیا کیا،

فَاسْتَقْبَلَنِیْ رَجُلٌ مِّنَ الْعَدُوِّ فَأَرْمِیْهِ
بِسَهْمٍ فَتَوَارٰی عَنِّیْ فَمَا دَرَیْتُ مَا صَنَعَ
وَنَظَرْتُ إِلَی الْقَوْمِ فَإِذَا هُمْ قَدْ طَلَعُوْا
مِنْ ثَنِیَّةٍ أُخْرٰی فَالْتَقَوْا هُمْ وَصَحَابَةُ
النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَلّٰی
صَحَابَةُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
وَأَرْجِعُ مُنْهَزِمًا وَعَلَیَّ بُرْدَتَانِ مُتَّزِرًا
بِإِحْدٰهُمَا مُرْتَدِیًا بِالْأُخْرٰی فَاسْتَطْلَقَ
إِزَارِیْ فَجَمَعْتُهُمَا جَمِیْعًا وَمَرَرْتُ عَلٰی
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُنْهَزِمًا
وَهُوَ عَلٰی بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ رَأٰی
ابْنُ الْأَکْوَعِ فَزَعًا فَلَمَّا غَشُوْا رَسُوْلَ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَنِ
الْبَغْلَةِ ثُمَّ قَبَضَ قَبْضَةً مِّنْ تُرَابٍ
مِنَ الْأَرْضِ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ بِهٖ وُجُوْهَهُمْ
فَقَالَ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ فَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْهُمْ
إِنْسَانًا إِلَّا مَلَأَ عَیْنَیْهِ تُرَابًا بِتِلْكَ الْقَبْضَةِ
فَوَلَّوْا مُدْبِرِیْنَ فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ
وَقَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
غَنَائِمَهُمْ بَیْنَ الْمُسْلِمِیْنَ.

میں نے قوم کی طرف دیکھا تو وہ دوسری گھاٹی سے چڑھ رہے تھے، ان کا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کا مقابلہ ہوا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ پشت پھیر کر بھاگے، میں بھی شکست خوردہ لوٹا، درآں حالیکہ مجھ پر دو چادریں تھیں، ایک میں نے باندھی ہوئی تھی اور دوسری اوڑھی ہوئی تھی، میرا تہبند کھل گیا تو میں نے دونوں چادروں کو اکٹھا کر لیا، اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے شکست خوردہ لوٹا، درآں حالیکہ آپ اپنے خچر شہباء پر سوار تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن الاکوع خوف زدہ ہو کر دیکھ رہا ہے۔ جب دشمنوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گھیر لیا تو آپ خچر سے اترے اور زمین سے خاک کی ایک مٹھی اٹھا کر دشمن کے چہروں کی طرف پھینکی اور فرمایا ان کے چہرے قبیح ہو گئے، پھر اللہ تعالیٰ نے اس مٹھی سے ان کے ہر انسان کی آنکھ میں مٹی بھر دی اور وہ پیٹھ پھیر کر بھاگے، سو اللہ عزوجل نے ان کو شکست دی، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا مال غنیمت مسلمانوں میں تقسیم کر دیا۔

غزوہ حنین کا اجمالی ذکر

مکہ اور طائف کی درمیانی وادی کا نام حنین ہے، یہ غزوہ شوال آٹھ ہجری میں واقع ہوا، اس کی تفصیل باب نمبر ۵۸۹ میں گزر چکی ہے

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

لقد نصركم الله فى مواطن كثيرة ويوم حنين اذ اعجبتكم كثرتكم فلم تغن عنكم شيئا وضاقت عليكم الارض بما رحبت ثم وليتم مدبرين ○ ثم انزل الله سكينته على رسوله وعلى المؤمنين وانزل

بے شک اللہ تعالیٰ نے بکثرت مواقع پر تمہاری مدد فرمائی اور غزوہ حنین کے دن تمہاری مدد کی جب تم اپنی کثرت پر اترا رہے تھے، اور یہ کثرت تم سے کسی ضرر کو ٹال نہ سکی، اور زمین اپنی وسعت کے باوجود تم پر تنگ ہو گئی پھر تم پشت پھیرتے ہوئے واپس لوٹے

تروها وعذب الذين كفروا وذلك جزاء الكافرين ۔ (توبہ، ۲۶-۲۵)

پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اور مسلمانوں پر طمانیت قلب نازل فرمائی اور ایسے لشکر اتارے جن کو تم نے نہیں دیکھا، اور کافروں کو عذاب دیا اور کافروں کی یہی سزا ہے۔

ان دو آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے غزوہ حنین کا وہ تمام ماجرا بیان فرما دیا ہے، جس کی تفصیل اس باب کی احادیث میں ہے۔

کفار اور مشرکین سے ہدیے قبول کرنے کی تحقیق

اس باب کی حدیث نمبر ۴۴۹۱ میں ہے کہ غزوہ حنین میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فروہ بن نفاثہ کی ہدیہ کی ہوئی خچر پر سوار تھے، علامہ نووی لکھتے ہیں: قاضی عیاض نے کہا ہے کہ اس شخص کے اسلام قبول کرنے میں اختلاف ہے، طبری نے کہا ہے کہ یہ مسلمان ہو گیا تھا اور اس نے طویل عمر گذاری، اور دوسرے مورخین نے کہا ہے کہ یہ اسلام نہیں لایا، صحیح بخاری میں ہے کہ ایلہ کے بادشاہ نے آپ کو خچر ہدیہ کی تھی، اور اس کا نام یحنہ بن رؤبہ تھا۔

اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کافر سے ہدیہ قبول کیا اور دوسری احادیث میں آپ نے عاملوں کو ہدیہ قبول کرنے سے منع فرمایا ہے جیسا کہ ابن اللتبیہ کی حدیث میں ہے، اور ایک حدیث میں ہے کہ آپ نے مشرکین کے ہدیے واپس کر دیے اور فرمایا ہم مشرکین کی بخشش قبول نہیں کرتے، سو ان احادیث میں تعارض ہے۔ قاضی عیاض نے کہا یہ احادیث ہدیہ قبول کرنے کے لیے ناسخ ہیں، اور جمہور فقہاء نے کہا یہ حدیث منسوخ نہیں ہے کیونکہ آپ کا اس ہدیہ کو قبول کرنا از قبیل فئی ہے اور آپ کی خصوصیت ہے، عام مسلمان مشرک سے ہدیہ قبول نہیں کر سکتے، نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس مشرک سے ہدیہ قبول کرتے تھے جس کے اسلام کی توقع ہو یا ہدیہ قبول کرنے میں مسلمانوں کے لیے کوئی مصلحت ہو اور بعض کو آپ ہدیہ کا عوض دیتے تھے اور جس شخص کے اسلام لانے کی توقع نہ ہوتی یا جس کے ہدیہ قبول کرنے میں مسلمانوں کی کوئی مصلحت نہ ہوتی اس کا ہدیہ آپ رد کر دیتے تھے، کیونکہ ہدیہ محبت اور مودت کو واجب کرتا ہے اور کفار اور مشرکین سے محبت اور مودت ممنوع ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ جو عمال اور حکام ہیں ان کا اپنے لیے ہدیہ قبول کرنا جمہور فقہاء اسلام کے نزدیک جائز نہیں ہے، اور اگر انہوں نے قبول کر لیا تو وہ فئی قرار پائے گا، کیونکہ کافر نے ان کو وہ ہدیہ اس لیے دیا ہے کہ وہ مسلمانوں کے امام ہیں، اور جس قوم کا مسلمانوں نے محاصرہ کیا ہوا ہے اگر اس کے کسی فرد نے ہدیہ دیا تو اس کا شمار مال غنیمت میں ہوگا، امام اوزاعی، امام محمد بن الحسن، ابن القاسم اور ابن حبیب کا یہی قول ہے، اور امام ابو یوسف اور مالکی فقہاء میں سے علامہ اشہب اور امام سحنون کا قول یہ ہے کہ وہ ہدیہ صرف امام کے لیے ہوگا۔

علامہ طبری نے کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کے صرف ان ہدیوں کو رد کیا جو انہوں نے آپ کو ذاتی حیثیت سے دیے تھے اور جو ہدیے انہوں نے اس حیثیت سے نہیں دیے تھے ان کو آپ نے مسلمانوں کے مفاد کے لیے قبول کر لیا، اور یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ مشرکین سے ہدیہ لینے کا جواز منسوخ ہو گیا، اور آپ کے بعد امام کو جو ہدیے دیے جائیں ان کا شمار بہ تقاضائے حال فئی یا غنیمت میں ہوگا۔

قاضی عیاض نے کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار اہل کتاب سے ہدیے قبول کیے ہیں مثلاً مقوقس اور شام کے بادشاہ وغیرہ جو دین نصرانیت پر تھے اور جن مشرکین کے ہدیے قبول کرنے سے منع فرمایا ہے وہ غیر اہل کتاب

ہیں لہٰذا آپ کے ہدیہ قبول کرنے اور اس سے منع فرمانے میں کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ ہمارے لیے اہل کتاب کا ذبیحہ اور ان کی عورتوں سے نکاح حلال کیا گیا ہے اور بت پرست کافروں اور مشرکوں کا ذبیحہ اور ان کی عورتوں سے نکاح کرنا حرام کر دیا گیا ہے۔ [1]

کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی شعر کہا ہے؟

اس باب کی احادیث میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انا النبی لا کذب انا ابن عبد المطلب، حالانکہ قرآن مجید میں ہے وما علمناہ الشعر وما ینبغی لہ "ہم نے آپ کو شعر گوئی کی تعلیم نہیں دی اور نہ یہ آپ کے مناسب ہے" قاضی عیاض مالکی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ رجز ہے شعر نہیں ہے اور یہی اخفش کا مذہب ہے، لیکن خلیل کا مذہب یہ ہے کہ رجز شعر ہے اس بنا پر جواب یہ ہے کہ جس کلام کو موزوں اور مسجع اور مقفیٰ بنانے کا قصد کیا جائے اور قصد اور ارادہ سے اس کلام کو موزوں اور مقفیٰ بنایا جائے وہ شعر ہوتا ہے اور جو کلام غیر ارادی طور پر موزوں ہو اس کو شعر نہیں کہا جاتا اور نہ اس متکلم کو شاعر کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں بہت سی آیات ایک وزن پر ہیں حالانکہ قرآن مجید شعر کی کتاب نہیں ہے۔ [2]

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد المطلب کی طرف اپنی نسبت کیوں کی تھی؟

ایک سوال یہ ہے کہ کافر آباؤ اجداد کی طرف نسبت کر کے ان پر فخر کرنا عمل جاہلیت سے ہے پھر آپ نے اپنی نسبت عبد المطلب کی طرف کر کے اس کو بطور افتخار کیسے بیان فرمایا؟ اس کا علامہ نووی نے یہ جواب دیا ہے کہ عبد المطلب مکہ والوں کے سردار تھے اور مکہ کی ایک مشہور شخصیت تھے اور آپ کے والد گرامی کا جوانی میں انتقال ہو گیا تھا اس لیے آپ کو عبد المطلب کی طرف منسوب کیا جاتا تھا۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ عبد المطلب نے ایک خواب دیکھا تھا جو اس پر دلالت کرتا تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو غلبہ حاصل ہوگا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد اس خواب کو یاد دلانا تھا اور اس پر متنبہ کرنا تھا کہ آپ کو دشمنانِ اسلام پر غلبہ حاصل ہوگا اور اس میں یہ دلیل ہے کہ جنگ میں انسان یہ کہے کہ میں فلاں بن فلاں ہوں، جیسے حضرت سلمہ نے کہا کہ میں ابن الاکوع ہوں یا جیسے حضرت علی نے کہا کہ میں وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام حیدر (شیر) رکھا ہے۔ [3]

اس سوال کا صحیح جواب یہ ہے کہ حضرت عبد المطلب کافر نہیں تھے ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف نسبت کو کبھی فخریہ بیان نہ کرتے، بلکہ یہ حدیث اس کی دلیل ہے کہ حضرت عبد المطلب مومن تھے اور دین ابراہیم پر تھے اور اسی طرح آپ کے نسب میں تمام آباء اور تمام امہات مؤمن ہیں۔ شرح صحیح مسلم جلد ثانی کتاب الجنائز میں ہم نے اس مسئلہ پر مفصل اور مدلل گفتگو کی ہے۔

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۹۹ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[2] " " " " ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۰۱
[3] " " " " ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۰۱

بَابُ غَزْوَةِ الطَّائِفِ

غزوہ طائف کا بیان

۴۵۰۵۔ حَدَّثَنَا أَبُوبَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ جَمِيعًا عَنْ سُفْيَانَ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ الشَّاعِرِ الْأَعْمَى عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ حَاصَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ الطَّائِفِ فَلَمْ يَنَلْ مِنْهُمْ شَيْئًا فَقَالَ إِنَّا قَافِلُونَ إِنْ شَاءَ اللهُ قَالَ أَصْحَابُهُ نَرْجِعُ وَلَمْ نَفْتَتِحْهُ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْدُوا عَلَى الْقِتَالِ فَغَدَوْا عَلَيْهِ فَأَصَابَهُمْ جِرَاحٌ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا قَافِلُونَ غَدًا قَالَ فَأَعْجَبَهُمْ ذٰلِكَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل طائف کا محاصرہ کیا اور ان سے کچھ حاصل نہیں کیا تو فرمایا ہم انشاء اللہ لوٹ جائیں گے، آپ کے اصحاب نے کہا کیا ہم بغیر فتح کے لوٹ جائیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کل صبح ان سے جنگ کرنا، صحابہ نے صبح حملہ کیا اور زخمی ہو گئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا: ہم کل صبح واپس چلے جائیں گے، صحابہ اس سے خوش ہو گئے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا۔

طائف کا جغرافیائی محل وقوع اور تاریخ

علامہ حموی لکھتے ہیں: طائف کا عرض بلد اکیس درجہ ہے۔ مکہ سے آتے ہوئے یہ ایک دن کی مسافت پر واقع ہے اور مکہ کی طرف جاتے ہوئے آدھے دن کی مسافت پر ہے۔ اس شہر کو حسین بن سلامہ نے آباد کیا تھا۔ علامہ حموی نے یہ بھی لکھا ہے کہ طائف ثقیف کے شہروں کی ایک وادی ہے اور یہ مکہ سے بارہ فرسخ (چھتیس شرعی میل) دور ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف پر حملہ کیا اور نو ہجری میں اس کو صلح سے فتح کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم آٹھ ہجری میں جب وادی حنین سے لوٹے تو طائف میں اترے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا محاصرہ کیا، اسلام میں یہ پہلا موقع تھا کہ قلعہ شکن آلات یعنی دبابہ اور منجنیق وغیرہ استعمال کیے گئے، بیس دن تک محاصرہ رہا لیکن شہر فتح نہ ہو سکا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ محاصرہ اٹھا یا جائے، صحابہ نے عرض کیا کہ آپ ان کی ہلاکت کے لیے دعا کریں، آپ نے یہ دعا کی: "اے اللہ ثقیف کو ہدایت دے اور ان کو یہ توفیق دے کہ میرے پاس آجائیں" آپ کی یہ دعا قبول ہوئی اور اگلے سال بغیر جنگ کے اہل طائف نے بیعت کر لی۔ [1]

[1] علامہ شہاب الدین یاقوت بن عبداللہ حموی متوفی ۶۲۶ھ، معجم البلدان ج ۴ ص ۱۲۔ ۸ ملخصاً مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، ۱۳۹۹ھ

محمد حمید اللہ لکھتے ہیں:

طائف: عرب کا ایک شہر، جو مکے کے جنوب مشرق میں واقع ہے یہاں سے مکے تک جانے والی سڑک چونکہ کئی پیچیدہ گھاٹیوں سے گزرتی ہے، اس لیے موٹر کو تقریباً پچھتر میل طے کرنا پڑتے ہیں۔ براہ راست مسافت اس سے خاصی کم ہے۔ یہ ایک سطح مرتفع میں واقع ہے، جو سلسلۂ کوہ سراۃ میں سطح سمندر سے تقریباً پانچ ہزار فٹ کی بلندی پر ہے۔ ایک دلچسپ بدوی افسانے کے مطابق جب حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی بیوی ہاجرہ کے ساتھ شام سے صحرائے عرب روانہ ہوئے تو خدا نے مرغزار شام کا ایک ٹکڑا اسا تھ کر دیا اور یہی طائف ہے۔ سردیوں میں یہاں بعض اوقات پانی جم جاتا ہے۔ قبل اسلام ہی سے طائف اور مکہ توأم شہر رہے ہیں۔ طائف کی پیداوار کی مکے میں نکاسی ہوتی ہے۔ اگر ایک طرف مالدار اہل مکہ، بالخصوص بنو امیہ، طائف میں زمینیں خریدنے اور گرمیاں گزارنے آیا کرتے تھے تو طائف کے متعدد باشندے بھی تجارتی کاروبار کے سلسلے میں مکے میں بود و باش رکھتے تھے۔ قرآن مجید ۴۳ [الزخرف: ۳۱) میں مکے اور طائف کو ملا کر " قریتین ——— " (دو شہر) کہا گیا ہے۔ آغاز اسلام کے وقت یہ مغربی عرب کے بڑے شہروں میں سے ایک تھا۔ یہاں کا بت خانہ مکے کا حریف تھا۔ اب سعودی دور میں اس شہر نے گرمائی قیام گاہ کے طور پر بڑی ترقی کر لی ہے۔ یہاں کثرت سے یورپی، امریکی لوگ بھی نظر آیا کرتے ہیں۔ قبل اسلام یہاں سے میووں اور ترکاری کے علاوہ انگور کی شراب، گیہوں اور لکڑی، نیز دباغت شدہ کھالیں برآمد ہوتی تھیں۔ مکتوبات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے ایک میں، جو اہل طائف کے نام ہے، غبیراء (مکئی کی شراب) کو بھی حرام سمجھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

جیسا کہ مادۂ ثقیف میں بیان ہوا، طائف میں جسے اکثر وَجّ سے بھی موسوم کرتے ہیں۔ شروع میں عامر بن الظرب کا قبیلہ عدوان بستا تھا۔ پھر ثقیف اور اَیاد آئے اور بعد ازاں بعض دیگر قبائل، جو احلاف کے نام سے مشہور ہیں۔

خاندان بنو ہاشم کی طائف میں رشتہ داریاں تھیں۔ بنو عبدہ یا لیل کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ماموؤں کا خاندان کہا جاتا ہے۔ ابولہب کی بیٹیوں کی اہل طائف سے شادیاں ہوئی تھیں۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا بھی طائف سے رقمی اور تجارتی کاروبار بہت تھا۔ اسی لیے کوئی تعجب کی بات نہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہموطنان مکہ سے مایوس ہوئے تو انھوں نے اپنے ماموؤں کا رخ کیا، اگرچہ ان سے طائف میں جسمانی اور روحانی تکلیف اور مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوا۔ ہجرت کے بعد جلد ہی رجب ۲ھ میں سریۂ نخلہ (ما بین مکہ و طائف) پیش آیا، جو اگرچہ خاصتاً اہل مکہ پر معاشی دباؤ ڈالنے کے لیے تھا، مگر مکے سے تجارت میں رکاوٹ پڑنے پر طائف کا متاثر ہونا ناگزیر تھا۔ اور مدینے کی جنگوں میں طائف ہمیشہ اہل مکہ کی تائید کرتا رہا۔ احد میں بھی چند باشندگان طائف فوجی عملے میں شریک تھے اور غزوۂ خندق میں تو (البلاذری: کتاب الانساب، ۱: ۱۷۵، کی صراحت کے مطابق) ثقیفیوں کا ایک پورا دستہ مدینہ کے محاصرے میں شریک تھا۔ اہل طائف کی تجارت یمن اور مکے کے علاوہ غالباً عرب کے شمالی حصے سے بھی اچھی خاصی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ابو عبیدہ نے صلح نامۂ حدیبیہ [رک بآں] کا جو متن دیا ہے اس میں صراحت ہے کہ جو مسلمان تجارت کے لیے طائف [illegible] گزریں انھیں امن وامان حاصل رہے گا

۸ھ میں اہل طائف اور ان کے حلیف رشتہ داروں (بنو ہوازن) نے فتح مکہ پر چراغ پا ہو کر شدید مخالفت دکھائی۔ غالباً انہیں مکے کی منڈی کے ہاتھ سے نکل جانے کا بھی صدمہ ہوگا۔ اس پر حنین [ارک بال] میں پہلی کشمکش ہوئی۔ پھر اس کا سلسلہ خود طائف میں جاری رہا، جس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی ہفتوں تک محاصرہ رکھا۔ دبابے، منجنیق اور دیگر قلعہ شکن آلات کے استعمال کے باوجود قلعے نے کامیاب مدافعت کی۔ عام مؤرخوں کے بیان کے مطابق ایران کے کسی کسریٰ نے ایک طائفی تاجر نے دربار داری سے خوش ہو کر اس کی منہ مانگی مراد پوری کی اور ایک مہندس اس غرض سے بھیجا کہ اس کی بستی کے اطراف میں ایک فصیل تعمیر کرے (اور یہی طائف تھا) امام سہیلی نے ایک مختلف روایت بیان کی ہے، یعنی یہ کہ بعض یمنی معماروں نے یہ کام انجام دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزید محاصرہ جاری رکھنے کے بجائے ثقیف کے بعض حریف قبائل کو، جو مسلمان ہو گئے تھے، اس پر مامور کیا کہ طائف پر معاشی دباؤ ڈالتے رہیں۔ سال بھر بھی نہ گزرا تھا کہ اہل طائف نے پریشان ہو کر اطاعت قبول کر لی۔ شروع میں تو اس کے وفد نے چاہا کہ نہ نماز پڑھیں، نہ زکاۃ دیں، نہ اپنا بت خانہ توڑیں اور نہ شراب و زنا و سود کی حرمت کو مانیں۔ مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سمجھانے پر وہ شرطیں اور اس پر اکتفا کی کہ عکاظ کے آنے والے میلے میں سابقہ سودی قرضوں کی ادائی کر کے آئندہ سود سے اجتناب کریں گے، زکاۃ و جہاد سے مستثنیٰ نہ رہیں گے اور ان کے شہر کو ایک حرم قرار دیا جائے گا، جہاں چرند پرند کا شکار اور جنگل کی قطع و برید ممنوع رہے گی، نیز اپنا بت خانہ وہ اپنے ہاتھ سے مسمار نہیں کریں گے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مغیرہ بن شعبہ الثقفی اور ابو سفیان کو بھیجا کہ بت خانہ لات کو مسمار کر دیں۔ کہتے ہیں کہ طائف کا موجودہ سرکاری مہمان خانہ اسی بت خانے کی جگہ تعمیر ہوا ہے۔ شہر طائف کی موجودہ فصیل ترکی دور کی ہے لیکن یقیناً اس کا کچھ حصہ قدیم دیوار ہی کی جگہ تعمیر ہوا ہے کیونکہ ابن ہشام کے قول کے مطابق مسجد ابن عباس اس جگہ تعمیر ہوئی ہے جہاں حصار طائف میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ڈیرہ نصب ہوا تھا۔ یہ مسجد، نیز عہد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں محاصرہ طائف کے شہداء کا قبرستان موجودہ فصیل کے باہر واقع ہے۔ کاتب وحی حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بھی اسی میں دفن ہیں۔ ترکی دور میں مسجد ابن عباس رضی اللہ عنہ کا کتب خانہ ہزاروں مخطوطات پر مشتمل تھا۔ ۱۹۳۲ء میں جب وہاں بمشکل سو پچاس معمولی مخطوطے نظر آئے اور بتایا گیا کہ باقی مختلف لوگ ریاض لے گئے ہیں۔

عہد اسلام میں طائف کبھی بڑا سیاسی مرکز نہ رہا لیکن اس کی سرپرستی معاشی حیثیت سے ضرور جاری رہی۔ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے [وج سے تین میل کے فاصلے پر] وہط میں ایک بہت بڑا نخلستان لگایا اور پھر اسے وقف علی الاولاد کر دیا۔ یہ وقف نامہ ابن مجاور نے (المستبصر، مخطوطہ پیرس، ورق ۱۲/ب میں) نقل کیا ہے۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اس کے مضافات میں ایک بڑا تالاب تعمیر کیا، جس کا کتبہ مؤرخہ ۵۸ھ، عربی زبان کے قدیم ترین کتبوں میں شمار ہوتا ہے (دیکھیے ....

EARLY ISLAMIC . GEORGE C. MILES JOURNAL . INSCRIPTIONS TAIF IN THE HIJAZ, USA, OF . NEAR EASTARN STUDIES ج ۷/۴ (اکتوبر ۱۹۴۸ء): ۲۳۴ تا ۲۴۲..

روایت ہے کہ دور عباسیہ میں نہر زبیدہ کی تعمیر کے بعد اس کی نگہداشت کے لیے ملکہ زبیدہ نے طائف کے بعض رقبے وقف کر دیے تھے۔ مکے سے جبل کرا (ایک چشمے کا نام) ہو کر طائف کو جو راستہ جاتا ہے وہ مسلسل غفلت اور بارشوں کی وجہ سے خراب ہو جانے کے باوجود اب بھی گدھوں کے قافلوں کے لیے استعمال ہوتا ہے اور راقم کے رہنما نے بتایا کہ وہ عہد عباسی میں تعمیر ہوا تھا۔

چوتھی صدی ہجری اور بعد کے عرب جغرافیہ نگار اسے "بلیدۃ صغیرۃ" (ایک چھوٹا شہر) بتاتے ہیں۔ ترکی دور میں

شریف مکہ اور ترکی گورنر گرمیاں یہاں گزارتے تھے۔ ۱۸۰۲ء میں سعودی نجدیوں نے اس پر قبضہ کیا اور ۱۸۱۳ء میں طوسون پاشا کی سرکردگی میں مصری فوجوں نے اسے واپس لے لیا۔ ایک سال بعد برکہارٹ Burckhardt نے اس کی سیر کی۔ وہ لکھتا ہے آدھا شہر کھنڈر ہے۔ اس نے وہاں بڑے بڑے انگور کھائے جو نہایت لذیذ اور خوشبودار تھے۔ اس کے علاوہ بہی، انجیر اور انار کھائے، باشندے زیادہ تر ثقفی ہیں۔ یہاں بہت سے مالدار اہل مکہ کے مکان ہیں۔ غیر ملکیوں میں بہت سے ہندوستانی مسلمان ہیں۔

Philby ۱۹۱۸ء میں لکھتا ہے: کہ یہاں پانچ ہزار سے زیادہ آبادی نہیں، البتہ گرمیوں میں بیس ہزار تک پہنچ جاتی ہے۔ اپریل ۱۹۲۴ء میں شریف حسین سے جنگ کر کے نجدیوں نے اس پر دوبارہ قبضہ کر لیا اور اب یہ سعودی مملکت کے بہت زیادہ ترقی یافتہ شہروں میں سے ہے، ۱۹۳۹ء میں مجھے یہاں پندرہ ہزار آبادی بتائی گئی، اور ۱۹۴۶ء میں چالیس ہزار کے لگ بھگ (موجودہ آبادی پچاس ہزار کے قریب ہے) شہر اب فصیل کے باہر دور دور تک پھیل گیا ہے۔ ٹیلی فون، لاسلکی، ہوائی اسٹیشن، شاندار مکانات اور ہر قسم کی جدید سہولتیں مہیا ہیں۔ مکے اور ریاض سے ڈاک کے محکمے نے بس سروس بھی جاری کر رکھی ہے۔ [1]

بَابُ غَزْوَةِ بَدْرٍ ۶۳

غزوہ بدر

۴۵۰۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاوَرَ حِينَ بَلَغَهُ إِقْبَالُ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ فَتَكَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ تَكَلَّمَ عُمَرُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ فَقَالَ إِيَّانَا تُرِيدُ يَا رَسُولَ اللهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نُخِيضَهَا الْبَحْرَ لَأَخَضْنَاهَا وَلَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نَضْرِبَ أَكْبَادَهَا إِلَى بَرْكِ الْغِمَادِ لَفَعَلْنَا قَالَ فَنَدَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ فَانْطَلَقُوا حَتَّى نَزَلُوا بَدْرًا وَوَرَدَتْ عَلَيْهِمْ رَوَايَا قُرَيْشٍ وَفِيهِمْ غُلَامٌ أَسْوَدُ لِبَنِي الْحَجَّاجِ فَأَخَذُوهُ فَكَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ابوسفیان کے (قافلہ کے) آنے کی خبر پہنچی تو آپ نے صحابہ کرام سے مشورہ کیا، حضرت ابوبکر نے کوئی مشورہ دیا، آپ نے ان سے اعراض کیا، پھر حضرت عمر نے کوئی مشورہ دیا، آپ نے ان سے بھی اعراض کیا، پھر حضرت سعد بن عبادہ کھڑے ہو کر کہنے لگے یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس کے قبضہ و قدرت میں میری جان ہے اگر آپ ہمیں سمندر میں گھوڑے دوڑانے کا حکم دیں تو ہم سمندر میں گھوڑے دوڑا دیں گے، اگر آپ ہمیں برک الغماد تک گھوڑے دوڑانے کا حکم دیں تو ہم ایسا کریں گے، تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو بلایا، لوگ آئے اور وادی بدر میں اترے، وہاں قریش کے پانی پلانے والے ملے، ان میں بنی حجاج کا ایک سیاہ فام غلام تھا، صحابہ نے اس کو پکڑ لیا اور اس سے ابوسفیان اور اس کے ساتھیوں

[1] اردو دائرہ معارف اسلامیہ ج ۱۲ ص [illegible]، لاہور، طبع اول، ۱۳۹۳ھ

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُوْنَهُ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ وَأَصْحَابِهِ فَيَقُوْلُ مَا لِي عِلْمٌ بِأَبِي سُفْيَانَ وَلَكِنْ هَذَا أَبُوْ جَهْلٍ وَعُتْبَةُ وَشَيْبَةُ وَأُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ فَإِذَا قَالَ ذَلِكَ ضَرَبُوْهُ فَقَالَ نَعَمْ أَنَا أُخْبِرُكُمْ هَذَا أَبُوْ سُفْيَانَ فَإِذَا تَرَكُوْهُ فَسَأَلُوْهُ فَقَالَ مَا لِي بِأَبِي سُفْيَانَ عِلْمٌ وَلَكِنْ هَذَا أَبُوْ جَهْلٍ وَعُتْبَةُ وَشَيْبَةُ وَأُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ فِي النَّاسِ فَإِذَا قَالَ هَذَا أَيْضًا ضَرَبُوْهُ وَرَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يُصَلِّي فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ انْصَرَفَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتَضْرِبُوْهُ إِذَا صَدَقَكُمْ وَتَتْرُكُوْهُ إِذَا كَذَبَكُمْ. قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ قَالَ وَيَضَعُ يَدَهُ عَلَى الْأَرْضِ هَهُنَا وَهَهُنَا قَالَ فَمَا مَاطَ أَحَدُهُمْ عَنْ مَوْضِعِ يَدِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

کے بارے میں سوال کیا، اس نے کہا مجھے ابوسفیان کا کوئی پتا نہیں! لیکن یہاں ابوجہل، عتبہ، شیبہ اور امیہ بن خلف ہیں، جب اس نے یہ بتایا تو صحابہ نے اس کو پیٹنا شروع کیا، اس نے کہا اچھا میں تمہیں ابوسفیان کے متعلق بتاتا ہوں، جب انہوں نے اس کو چھوڑ کر ابوسفیان کے بارے میں سوال کیا تو اس نے کہا مجھے ابوسفیان کا کوئی پتا نہیں، لیکن یہاں لوگوں میں ابوجہل، عتبہ، شیبہ اور امیہ بن خلف ہیں، جب اس نے یہ کہا تو انہوں نے پھر مارنا شروع کر دیا اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے، جب آپ نے یہ منظر دیکھا تو نماز سے فارغ ہونے کے بعد فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے، جب یہ سچ بولتا ہے تو تم اس کو مارتے ہو اور جب یہ جھوٹ بولتا ہے تو تم اس کو چھوڑ دیتے ہو، پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ فلاں کافر کے گرنے کی جگہ ہے، آپ زمین پر اس جگہ اور اس جگہ ہاتھ رکھتے، حضرت انس کہتے ہیں کہ پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ رکھنے کی جگہ سے کوئی کافر متجاوز نہیں ہوا۔ (یعنی جس جگہ آپ نے جس شخص کا نام لے کر ہاتھ رکھا تھا وہ کافر اسی جگہ گر کر مرا)۔

بدر کا لغوی معنی، جغرافیائی محل وقوع اور تاریخ

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ولقد نصرکم اللہ ببدر وانتم اذلۃ (آل عمران: ۱۲۳)

اللہ تعالیٰ نے تم کو بدر میں فتح اور نصرت عطا کی، حالانکہ تم اس وقت کمزور تھے۔

۲ھ میں غزوہ بدر واقع ہوا، بدر ایک گاؤں کا نام ہے جہاں ہر سال میلہ لگتا تھا، بدر مدینہ منورہ سے تقریباً اسی میل کی مسافت پر واقع ہے۔ علامہ حموی لکھتے ہیں: بدر کا لغوی معنی ہے بھرنا، چودھویں رات کے چاند کو بدر کہا جاتا ہے کیونکہ وہ بھرا ہوا اور مکمل ہوتا ہے۔ یہ مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک وادی میں مشہور کنواں ہے، ایک قول یہ ہے کہ بنو ضمرہ کا ایک شخص رہتا تھا اس کے نام پر اس وادی کا نام پڑ گیا۔ [1]

[1] علامہ شہاب الدین یاقوت بن عبداللہ حموی متوفی ۶۲۶ھ، معجم البلدان ج ۱ ص ۳۵۷، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۳۹۹ھ

قریش مدینہ منورہ پر حملہ کرنے کی تیاریاں کر رہے تھے، اسی اثناء میں حضرمی کے قتل کا واقعہ پیش آگیا جس سے قریش اور غضب ناک ہو گئے، انہی دنوں میں مکہ مکرمہ میں یہ جھوٹی خبر پھیل گئی کہ مسلمان قریش کے قافلہ کو لوٹنے آرہے ہیں اس پر قریش مدینہ منورہ پر حملہ کرنے کے لیے چل پڑے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب ان حالات کا علم ہوا تو آپ نے صحابہ کرام کو جمع کیا، مہاجرین صحابہ نے بڑی جانثارانہ تقریریں کیں، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصار کی طرف دیکھ رہے تھے، کیونکہ انصار نے بیعت کے وقت صرف یہ اقرار کیا تھا کہ وہ اس وقت تلوار اٹھائیں گے جب دشمن مدینہ پر چڑھ آئیں۔ خزرج کے سردار حضرت سعد بن عبادہ نے اٹھ کر کہا، کیا آپ کا اشارہ ہماری طرف ہے خدا کی قسم اگر آپ حکم دیں تو ہم سمندر میں گھوڑے اتار دیں گے۔ صحیح مسلم کے اس باب کی حدیث میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

کون کہاں مرے گا اس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم

اس باب کی حدیث میں یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر میں پیشگی فرما دیا تھا کہ فلاں کافر اس جگہ مرے گا اور فلاں کافر اس جگہ مرے گا، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس جگہ جس کافر کا نام لے کر اشارہ کیا تھا وہ کافر اسی جگہ مرا اور اس سے سرمو تجاوز نہیں ہوا۔ اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عظیم معجزہ ہے اور آپ کے علم کی وسعت کا بیان ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ علم دیا تھا کہ کون کہاں مرے گا اور یہ حدیث اس آیت کے خلاف نہیں ہے وما تدری نفس بای ارض تموت (لقمان: ۳۴) "اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کہاں مرے گا" کیونکہ اس آیت میں علم ذاتی کی نفی ہے یعنی وہ علم جو از خود ہوتا ہے۔ اور حدیث میں اس علم کا ثبوت ہے جو اللہ کی عطا سے ہے۔

بَابُ فَتْحِ مَكَّةَ

فتح مکہ کا بیان

۴۵۰۷ - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ وَفَدَتْ وُفُودٌ إِلَى مُعَاوِيَةَ وَذٰلِكَ فِي رَمَضَانَ فَكَانَ يَصْنَعُ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ الطَّعَامَ فَكَانَ أَبُو هُرَيْرَةَ مِمَّا يُكْثِرُ أَنْ يَدْعُوَنَا إِلَى رَحْلِهِ فَقُلْتُ أَلَا أَصْنَعُ طَعَامًا فَأَدْعُوَهُمْ إِلَى رَحْلِي فَأَمَرْتُ بِطَعَامٍ يُصْنَعُ ثُمَّ لَقِيتُ أَبَا هُرَيْرَةَ مِنَ الْعَشِيِّ فَقُلْتُ الدَّعْوَةُ عِنْدِي اللَّيْلَةَ فَقَالَ سَبَقْتَنِي قُلْتُ نَعَمْ

عبداللہ بن رباح کہتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ نے کہا کہ ماہ رمضان میں متعدد جماعتیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئیں، ہم ایک دوسرے کے لیے کھانا تیار کرتے تھے، حضرت ابوہریرہ ہم کو اپنے ٹھکانے پر بکثرت بلایا کرتے تھے میں نے سوچا کہ میں بھی کھانا تیار کر کے ان حضرات کو اپنے ٹھکانے پر کھانے کی دعوت کیوں نہ دوں! میں نے کھانا تیار کرنے کا حکم دیا، پھر شام کے وقت میری حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، میں نے کہا آج رات میرے گھر دعوت ہے، حضرت ابوہریرہ نے فرمایا تم نے مجھ پر سبقت کر لی؟ میں نے کہا ہاں! میں نے ان سب کو بلایا ... نے فرمایا اے گروہ انصار میں تم کو

فَدَعَوْتُهُمْ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ أَلَا أُعْلِمُكُمْ بِحَدِيثٍ
مِنْ حَدِيثِكُمْ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ ذَكَرَ
فَتْحَ مَكَّةَ فَقَالَ أَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى قَدِمَ مَكَّةَ فَبَعَثَ
الزُّبَيْرَ عَلَى إِحْدَى الْمُجَنِّبَتَيْنِ وَبَعَثَ
خَالِدًا عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْأُخْرَى وَبَعَثَ أَبَا
عُبَيْدَةَ عَلَى الْحُسَّرِ فَأَخَذُوا بَطْنَ الْوَادِي
وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي
كَتِيبَةٍ قَالَ فَنَظَرَ فَرَآنِي فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ
قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ لَا يَأْتِينِي
إِلَّا أَنْصَارِيٌّ زَادَ غَيْرُ شَيْبَانَ فَقَالَ
اهْتِفْ لِي بِالْأَنْصَارِ قَالَ فَأَطَافُوا بِهِ
وَوَبَّشَتْ قُرَيْشٌ أَوْبَاشًا لَهَا وَأَتْبَاعًا
فَقَالُوا نُقَدِّمُ هَؤُلَاءِ فَإِنْ كَانَ لَهُمْ
شَيْءٌ كُنَّا مَعَهُمْ وَإِنْ أُصِيبُوا أَعْطَيْنَا الَّذِي
سُئِلْنَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ تَرَوْنَ إِلَى أَوْبَاشِ قُرَيْشٍ وَأَتْبَاعِهِمْ
ثُمَّ قَالَ بِيَدَيْهِ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى
ثُمَّ قَالَ حَتَّى تُوَافُونِي بِالصَّفَا قَالَ
فَانْطَلَقْنَا فَمَا شَاءَ أَحَدٌ مِنَّا أَنْ يَقْتُلَ
أَحَدًا إِلَّا قَتَلَهُ وَمَا أَحَدٌ مِنْهُمْ يُوَجِّهُ
إِلَيْنَا شَيْئًا قَالَ فَجَاءَ أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ
يَا رَسُولَ اللَّهِ أُبِيحَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ لَا قُرَيْشَ
بَعْدَ الْيَوْمِ ثُمَّ قَالَ مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ
فَهُوَ آمِنٌ فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ
أَمَّا الرَّجُلُ فَأَدْرَكَتْهُ رَغْبَةٌ فِي قَرْيَتِهِ وَ
رَأْفَةٌ بِعَشِيرَتِهِ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ وَجَاءَ
الْوَحْيُ وَكَانَ إِذَا جَاءَ الْوَحْيُ لَا يَخْفَى عَلَيْنَا
فَإِذَا جَاءَ فَلَيْسَ أَحَدٌ يَرْفَعُ طَرْفَهُ إِلَى رَسُولِ

تمہارے بارے میں ایک حدیث کی خبر نہ دوں؟ پھر حضرت
ابوہریرہ نے فتح مکہ کا ذکر کیا اور بیان کیا کہ رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے اور مکہ مکرمہ پہنچ گئے۔ آپ نے
ایک جانب حضرت زبیر کو بھیجا اور دوسری جانب حضرت
خالد کو روانہ کیا، اور حضرت ابو عبیدہ کو ان کا سردار مقرر کیا جو
زرہوں سے خالی تھے۔ وہ بطن الوادی سے گزرے اور
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لشکر کے ایک حصہ میں تھے آپ
نے مجھے دیکھا اور فرمایا: ابوہریرہ؟ میں نے عرض کیا لبیک
یارسول اللہ! آپ نے فرمایا میرے پاس صرف انصاری آتے
ہیں! اور ایک روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا انصار کو میرے
پاس بلاؤ، وہ سب آپ کے گرد جمع ہو گئے، اور قریش
نے بھی اپنے ساتھی اور تابع دار اکٹھے کر لیے اور کہا ہم
ان لوگوں کو آگے بڑھاتے ہیں اگر ان کو کوئی فائدہ پہنچا تو
ہم بھی اس میں شریک ہوں گے اور اگر یہ گرفتار ہو گئے تو
ہم سے جس چیز کا سوال کیا جائے گا ہم اس کو حوالے کر
دیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم قریش
کی جماعتوں اور ان کے متبعین کو دیکھ رہے ہو پھر آپ
نے ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھ کر اشارہ کیا، (ان کو
مار دو) پھر فرمایا حتیٰ کہ تم مجھ سے صفا پر ملو، پھر ہم روانہ
ہوئے اور ہم میں سے جو شخص کسی کو قتل کرنا چاہتا اس کو
قتل کر دیتا اور ان کا کوئی شخص ہمارا مقابلہ نہیں کر پاتا
تھا، اتنے میں ابوسفیان آئے اور کہا: یارسول اللہ!
قریش کی جماعت ختم ہو رہی ہے اور آج کے بعد کوئی
قریشی باقی نہیں رہے گا! آپ نے فرمایا جو شخص ابوسفیان
کے گھر میں داخل ہو جائے گا اس کو امان ہے! پھر انصار
نے آپس میں کہا حضور پر اپنے ہم وطنوں اور اپنے قرابت داروں
کی محبت غالب آگئی۔ پھر آپ پر وحی آئی اور جب آپ پر وحی
آتی تھی تو ہمیں پتا چل جاتا تھا! اور جب آپ پر وحی نازل
ہوتی تھی تو کوئی شخص آپ کی طرف نگاہ اٹھا کر نہیں دیکھ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَنْقَضِيَ الْوَحْيُ فَلَمَّا انْقَضَى الْوَحْيُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ قَالُوْا لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ قُلْتُمْ اَمَّا الرَّجُلُ فَاَدْرَكَتْهُ رَغْبَةٌ فِيْ قَرْيَتِهٖ قَالُوْا قَدْ كَانَ ذَاكَ قَالَ كَلَّا اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ هَاجَرْتُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكُمْ وَالْمَحْيَا مَحْيَاكُمْ وَالْمَمَاتُ مَمَاتُكُمْ فَاَقْبَلُوْا اِلَيْهِ يَبْكُوْنَ وَيَقُوْلُوْنَ وَاللّٰهِ مَا قُلْنَا الَّذِيْ قُلْنَا اِلَّا الضِّنَّ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُصَدِّقَانِكُمْ وَيَعْذِرَانِكُمْ قَالَ فَاَقْبَلَ النَّاسُ اِلٰى دَارِ اَبِيْ سُفْيَانَ وَاَغْلَقَ النَّاسُ اَبْوَابَهُمْ قَالَ وَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَقْبَلَ اِلَى الْحَجَرِ فَاسْتَلَمَهٗ ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ قَالَ فَاَتٰى عَلٰى صَنَمٍ اِلٰى جَنْبِ الْبَيْتِ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَهٗ قَالَ وَفِيْ يَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْسٌ وَهُوَ اٰخِذٌ بِسِيَةِ الْقَوْسِ فَلَمَّا اَتٰى عَلَى الصَّنَمِ جَعَلَ يَطْعُنُهٗ فِيْ عَيْنِهٖ وَيَقُوْلُ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ طَوَافِهٖ اَتَى الصَّفَا فَعَلَا عَلَيْهِ حَتّٰى نَظَرَ اِلَى الْبَيْتِ وَرَفَعَ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يَحْمَدُ اللّٰهَ وَيَدْعُوْ بِمَا شَآءَ اَنْ يَدْعُوَا۔

۴۵۰۸ - وَحَدَّثَنِيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَزَادَ فِي الْحَدِيْثِ ثُمَّ قَالَ بِيَدَيْهِ اِحْدَاهُمَا عَلَى [illegible]

سکتا تھا، حتیٰ کہ وحی منقطع ہو جائے۔ جب وحی منقطع ہو گئی تو آپ نے فرمایا اے جماعت انصار! انھوں نے کہا لبیک یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا تم نے کہا تھا کہ اس شخص پر اپنے ہم وطنوں کی محبت غالب آگئی ہے، انھوں نے کہا ہاں ایسا ہو سکتا ہے۔ آپ نے فرمایا ایسا ہرگز نہیں! میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔ میں نے اللہ کی طرف اور تمہاری طرف ہجرت کی ہے، میری زندگی اور موت تمہارے ساتھ ہے۔ انصار زار و قطار روتے ہوئے آپ کی طرف بڑھے اور کہا بخدا ہم نے جو کچھ کہا وہ اللہ اور اس کے رسول کی محبت میں کہا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ اور اس کا رسول تمہاری تصدیق کرتے ہیں اور تمہارا عذر قبول کرتے ہیں، حضرت ابوہریرہ نے کہا پھر لوگ ابوسفیان کے گھر کی طرف لپکنے لگے اور لوگوں نے اپنے گھروں کے دروازے بند کر لیے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے اور حجر اسود کے پاس پہنچے، آپ نے حجر اسود کی تعظیم کی اور پھر بیت اللہ کا طواف کیا، پھر ایک بت کے پاس گئے جو بیت اللہ کی ایک جانب تھا جس کی قریش پرستش کرتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ ایک کمان تھی جس کا آپ ایک کونہ پکڑے ہوئے تھے، جب آپ اس بت کے پاس گئے تو آپ اس کی آنکھوں میں وہ کونہ چبھونے لگے اور فرمانے لگے حق آگیا اور باطل چلا گیا، جب آپ طواف سے فارغ ہوئے تو صفا پر آئے اور اس پر چڑھ کر بیت اللہ پر نظر ڈالی اور دونوں ہاتھ بلند کیے اور اللہ تعالیٰ کی حمد کی پھر جو چاہا وہ دعا کرتے رہے۔

امام مسلم نے ایک اور سند سے بھی یہ حدیث روایت کی اس میں یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر رکھ کر فرمایا [illegible] ت دعا اور ایک حدیث میں ہے [illegible]

اَحْصُدُوْهُمْ حَصْدًا وَقَالَ فِي الْحَدِيْثِ قَالُوْا قُلْنَا ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَمَا اسْمِيْ اِذًا كَلَّا اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ۔

کہا یارسول اللہ! ہم نے یہ کہا ہے۔ آپ نے فرمایا میرا نام کیا ہے؟ ہرگز نہیں، میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔

۴۵۰۹۔ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ قَالَ وَفَدْنَا اِلٰى مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ وَفِيْنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَكَانَ كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا يَصْنَعُ طَعَامًا يَوْمًا لِاَصْحَابِهٖ فَكَانَتْ نَوْبَتِيْ فَقُلْتُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ الْيَوْمَ نَوْبَتِيْ فَجَاءُوْا اِلَى الْمَنْزِلِ وَلَمْ يُدْرِكْ طَعَامُنَا فَقُلْتُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ لَوْ حَدَّثْتَنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يُدْرِكَ طَعَامُنَا فَقَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ فَجَعَلَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْيُمْنٰى وَجَعَلَ الزُّبَيْرَ عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْيُسْرٰى وَجَعَلَ اَبَا عُبَيْدَةَ عَلَى الْبَيَاذِقَةِ وَبَطْنِ الْوَادِيْ فَقَالَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ ادْعُ لِيَ الْاَنْصَارَ فَدَعَوْتُهُمْ فَجَاءُوْا يُهَرْوِلُوْنَ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ هَلْ تَرَوْنَ اَوْبَاشَ قُرَيْشٍ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ انْظُرُوْا اِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ غَدًا اَنْ تَحْصُدُوْهُمْ حَصْدًا وَاَخْفٰى بِيَدِهٖ وَوَضَعَ يَمِيْنَهٗ عَلٰى شِمَالِهٖ وَقَالَ مَوْعِدُكُمُ الصَّفَا قَالَ فَمَا اَشْرَفَ يَوْمَئِذٍ لَّهُمْ اَحَدٌ اِلَّا اَنَامُوْهُ قَالَ وَصَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّفَا وَجَاءَتِ الْاَنْصَارُ فَاَطَافُوْا بِالصَّفَا فَجَاءَ اَبُوْ سُفْيَانَ

عبداللہ بن رباح بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت معاویہ بن ابی سفیان کے پاس گئے، ہم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے، ہم میں سے ایک شخص ایک دن ساتھیوں کے لیے کھانا پکاتا تھا، جب میری باری آئی تو میں نے کہا اے ابوہریرہ آج میری باری ہے، سب لوگ میرے گھر آگئے، اور ابھی ہمارا کھانا تیار نہیں ہوا تھا، میں نے کہا اے ابوہریرہ! کاش آپ کھانا تیار ہونے تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث سنائیں، حضرت ابوہریرہ نے کہا فتح مکہ کے دن ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کو میمنہ پر، حضرت زبیر کو میسرہ پر اور حضرت ابو عبیدہ کو پیادوں پر مقرر کر کے وادی کے اندر روانہ کیا، پھر آپ نے فرمایا، ابوہریرہ! انصار کو بلاؤ، میں نے انصار کو بلایا وہ دوڑتے ہوئے آئے، آپ نے فرمایا: اے انصار کی جماعت کیا تم قریش کے کمینے لوگوں کو دیکھ رہے ہو؟ انھوں نے کہا ہاں! آپ نے فرمایا ان کو دیکھو کل جب ان سے مقابلہ ہو تو ان کو (کھیتی کی طرح) کاٹ کر رکھ دینا، اور آپ نے دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھ کر اشارہ کیا۔ اب تم سے صفا پر ملاقات ہوگی، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اس دن ان کو جو آدمی بھی دکھائی دیا اس کو انھوں نے سلا دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صفا پر چڑھے، انصار آئے اور انھوں نے صفا کو گھیر لیا، پھر ابوسفیان آیا اور اس نے کہا یا رسول اللہ! قریش کی جماعت ختم ہو گئی، آج کے بعد کوئی قریش نہیں رہے گا۔ ابوسفیان بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ابوسفیان کے گھر میں

فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أُبِيدَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ قَالَ أَبُو سُفْيَانَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ أَلْقَى السِّلَاحَ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ أَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ أَخَذَتْهُ رَأْفَةٌ بِعَشِيرَتِهِ وَرَغْبَةٌ فِي قَرْيَتِهِ وَنَزَلَ الْوَحْيُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُمْ أَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ أَخَذَتْهُ رَأْفَةٌ بِعَشِيرَتِهِ وَرَغْبَةٌ فِي قَرْيَتِهِ أَلَا فَمَا اسْمِي إِذًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ أَنَا مُحَمَّدٌ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ هَاجَرْتُ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَيْكُمْ فَالْمَحْيَا مَحْيَاكُمْ وَالْمَمَاتُ مَمَاتُكُمْ قَالُوا وَاللّٰهِ مَا قُلْنَا إِلَّا ضِنًّا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ قَالَ فَإِنَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ يُصَدِّقَانِكُمْ وَيَعْذِرَانِكُمْ۔

داخل ہو جائے اس کو امان ہے! جو شخص ہتھیار پھینک دے گا اس کو امان ہے! جو شخص اپنے گھر کے دروازے بند کرے گا اس کو امان ہے! انصار نے کہا حضرت پر اپنے رشتہ داروں کی محبت اور اپنے وطن کی الفت غالب آگئی، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوئی، آپ نے فرمایا تم نے یہ کہا تھا کہ اس شخص پر اپنے رشتہ داروں کی محبت اور اپنے وطن کی الفت غالب آگئی ہے تم جانتے ہو میرا نام کیا ہے؟ آپ نے تین بار فرمایا میں محمد ہوں اور اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں، میں نے اللہ کی طرف اور تمہاری طرف ہجرت کی ہے، میری زندگی تمہاری زندگی کے ساتھ اور میری موت تمہاری موت کے ساتھ ہے، انصار نے کہا بخدا ہم نے یہ صرف اللہ اور اس کے رسول کی محبت میں کہا تھا، آپ نے فرمایا اللہ اور اس کا رسول تمہاری تصدیق کرتے ہیں اور تم کو معذور قرار دیتے ہیں

۴۵۱۰ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ وَحَوْلَ الْكَعْبَةِ ثَلَاثُمِائَةٍ وَسِتُّونَ نُصُبًا فَجَعَلَ يَطْعُنُهَا بِعُودٍ كَانَ بِيَدِهِ وَيَقُولُ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ۔ زَادَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ يَوْمَ الْفَتْحِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے، وہاں کعبہ کے گرد تین سو ساٹھ بت رکھے ہوئے تھے۔ آپ کے دست اقدس میں ایک لکڑی تھی، جو آپ بتوں کو چبھوتے تھے، اور فرماتے تھے حق آگیا اور باطل چلا گیا، بے شک باطل جانے والی چیز ہے۔ حق آگیا، باطل نہ کسی چیز کو بناتا ہے نہ لوٹاتا ہے۔

۴۵۱۱ - وَحَدَّثَنَاهُ حَسَنُ بْنُ [illegible] ... نے اس حدیث کی ایک اور سند ذکر

الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ إِلٰى قَوْلِهِ زَهُوقًا وَلَمْ يَذْكُرِ الْآيَةَ الْأُخْرٰى وَقَالَ بَدَلَ نُصُبًا صَنَمًا۔

کی ہے، اس میں زھوقا کے بعد والی آیت نہیں ہے اور نصب کی جگہ صنم کا لفظ ہے۔

۴۵۱۲ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَوَكِيعٌ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُطِيعٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ لَا يُقْتَلُ قُرَشِيٌّ صَبْرًا بَعْدَ هٰذَا الْيَوْمِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

عبداللہ بن مطیع اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن فرمایا آج کے بعد قیامت تک کسی قریشی کو باندھ کر قتل نہیں کیا جائے گا۔

۴۵۱۳ - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ قَالَ وَلَمْ يَكُنْ أَسْلَمَ أَحَدٌ مِنْ عُصَاةِ قُرَيْشٍ غَيْرَ مُطِيعٍ كَانَ اسْمُهُ الْعَاصِي فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُطِيعًا۔

ایک اور سند سے یہ حدیث مروی ہے اس میں ہے کہ قریش کے جن لوگوں کا نام عاصی تھا ان میں سے عاص بن اسود کے سوا کوئی مسلمان نہیں ہوا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام مطیع رکھا۔

مکہ کے جنگ سے فتح ہونے پر دلائل اور دیگر فوائد

حدیث نمبر: ۴۵۰۷ میں ہے "عبداللہ بن رباح بیان کرتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی ایک شخص سب ساتھیوں کا کھانا پکاتا تھا" اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سب ساتھیوں کا جمع ہو کر کھانا کھانا مستحب ہے، اور یہ کہ آپس میں مل بیٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کے غزوات اور دیگر احوال کا بیان کرنا اور سننا مستحب ہے اور یہ کہ سفر وغیرہ میں دینی امور میں گفتگو کرنا چاہیے تاکہ فضول باتوں اور ایک دوسرے کی غیبت وغیرہ سے محفوظ رہا جائے۔

اس حدیث میں ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو گیا اس کو امان ہے اس حدیث سے امام شافعی اور ان کے موافقین نے اس پر استدلال کیا ہے کہ مکہ کے مکانات وغیرہ شخصی ملکیت ہوتے ہیں ان کو بیچنا اور ان کو کرایہ پر دینا جائز ہے، کیونکہ اس حدیث میں مکان کی حضرت ابوسفیان کی طرف اضافت کی ہے، اور آدمی کی طرف جب کسی چیز کی اضافت ہو تو اس کا تقاضا ملکیت ہوتا ہے۔ اس حدیث میں حضرت ابوسفیان کی دل جوئی اور ان کے شرف اور فضیلت کا بیان ہے۔

اس حدیث میں ہے: انصار نے مکہ والوں کو امن دینے پر یہ کہا کہ حضور پر اپنے وطن اور وطن والوں کی محبت

غالب آگئی، اس کی وجہ یہ تھی کہ انصار صحابہ کو یہ خدشہ ہوا کہ کہیں حضور مکہ میں ہی سکونت اختیار نہ کر لیں اور مدینہ منورہ چھوڑ دیں، اس لیے انھوں نے جو کچھ کہا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے مغلوب ہو کر کہا، اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے قول پر مطلع کر دیا اور آپ نے ان کے عذر کو قبول کر لیا اور آخر میں جو فرمایا کہ میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں، اس میں رسالت کا ذکر اس وجہ سے کیا کہ اللہ تعالیٰ نے جہت رسالت سے آپ کو بذریعہ وحی مطلع کیا اور عبدیت کا ذکر اس لیے کیا کہ میں نے جو تم کو غیب کی خبر دی ہے اس سے تم کہیں فتنہ میں مبتلا نہ ہو جانا اور میری تعریف میں ایسا مبالغہ نہ کرنا جیسے عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ کے بارے میں کیا، میں ان تمام کمالات کے باوجود خدا نہیں ہوں، خدا کا بندہ ہوں۔

اس حدیث میں ہے: آپ نے کفار کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: "ان کو کھیتی کی طرح کاٹ دو" اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ مکہ مکرمہ جنگ سے فتح ہوا ہے، اس مسئلہ میں اختلاف ہے، امام مالک، امام ابوحنیفہ، امام احمد، جمہور فقہاء اور اہل سیرت نے یہ کہا ہے کہ مکہ جنگ سے فتح ہوا ہے، اور امام شافعی نے یہ کہا ہے کہ مکہ صلح سے فتح ہوا ہے، اور امام مازری نے یہ کہا ہے کہ امام شافعی اس قول میں منفرد ہیں، اور جمہور فقہاء کا استدلال اس حدیث سے ہے، نیز ان کی دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ہتھیار پھینک دیے اس کو امان ہے اور جو ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوا اس کو امان ہے، اگر مکہ صلح سے فتح ہوا ہوتا اور جنگ نہیں ہوئی تھی تو پھر کسی کو امان دینے کی کیا ضرورت تھی؛ نیز حدیث میں ہے کہ حضرت ام ہانی نے دو ایسے شخصوں کو امان دی جن کو حضرت علی رضی اللہ عنہ قتل کرنا چاہتے تھے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو تم نے امان دی اس کو ہم نے امان دی، اگر سب کو امان ہوتی اور مکہ صلح سے فتح ہوا ہوتا تو حضرت علی ان کو قتل کرنے کا ارادہ کیوں کرتے! اور عام امان کے حصول کے بعد ان کو حضرت ام ہانی کی امان کی کیوں ضرورت پیش آتی؟

امام شافعی نے ان احادیث کی تاویلات کی ہیں کہ مکہ کے جن کفار نے لڑائی کی ان کو قتل کرنے کا حکم دیا، اور حضرت ام ہانی نے مزید حفاظت کے لیے امان حاصل کی، لیکن یہ تاویلات ضعیف ہیں، اگر کسی حدیث میں عام صلح کا ذکر ہوتا تو ان تاویلات کی گنجائش تھی، اس کے برخلاف صحیح بخاری میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کو حرم قرار دیا اور فرمایا اس شہر میں جنگ کرنا جائز نہیں ہے اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جو جنگ کی تھی اس سے استدلال نہ کیا جائے، کیونکہ اللہ نے اپنے رسول کو ایک ساعت کے لیے جنگ کی اجازت دی تھی اور تمہیں مکہ میں جنگ کی اجازت نہیں دی۔ [1]

بُرا نام بدل دینا

اس حدیث میں ہے: قریش میں سے جن لوگوں کا نام عاص تھا ان میں سے عاص بن اسود کے سوا اور کوئی مسلمان نہیں ہوا، قاضی عیاض نے کہا ہے یہ عاص اسماء اعلام میں سے ہے، یعنی جن لوگوں کا نام عاص تھا جیسے عاص بن وائل سہمی، عاص بن ہشام ابوالبختری، عاص بن سعید بن عاص بن امیہ، عاص بن ہشام بن مغیرہ مخزومی اور عاص بن منبہ بن حجاج وغیرہ ان میں سے کسی نے اسلام نہیں قبول کیا۔ البتہ عاص بن اسود عدوی نے اسلام

[1] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری [illegible] مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

قبول کر لیا تھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام تبدیل کر کے مطیع رکھا۔ راوی نے ابو جندل بن سہیل بن عمرو کو ترک کر دیا ان کا نام بھی عاصی تھا اور انھوں نے بھی اسلام قبول کر لیا تھا لیکن ان کے نام پر ان کی کنیت کا غلبہ تھا، اس وجہ سے راوی نے ان کا ذکر نہیں کیا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عاصی نام نہیں رکھنا چاہیے کیونکہ اس کا معنی "نافرمانی کرنے والا" ہے اسی بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاصی بن اسود کا نام تبدیل کر کے مطیع رکھا، مطیع کا معنی "اطاعت کرنے والا" ہے اسی طرح پرویز نام نہیں رکھنا چاہیے پرویز وہ شخص تھا جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نامہ مبارک چاک کر دیا تھا، پھر چودھویں صدی میں غلام احمد پرویز نام کا شخص گزرا، یہ بھی پرویز کے لقب سے مشہور تھا اور اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کی حجیت کا انکار کیا۔ غرض جس نام میں کوئی شرعی قبح ہو وہ نام نہیں رکھنا چاہیے۔ کتاب الادب میں انشاء اللہ اس کی زیادہ تفصیل آئے گی۔

بَابُ صُلْحِ الْحُدَيْبِيَةِ

صلح حدیبیہ کا بیان

۴۵۱۴ - حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللهِ ابْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُولُ كَتَبَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ الصُّلْحَ بَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ فَكَتَبَ هٰذَا مَا كَاتَبَ عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ فَقَالُوا لَا تَكْتُبْ رَسُولُ اللهِ فَلَوْ نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُولُ اللهِ لَمْ نُقَاتِلْكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ امْحُهُ فَقَالَ مَا أَنَا بِالَّذِي أَمْحَاهُ فَمَحَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ قَالَ وَكَانَ فِيمَا اشْتَرَطُوا أَنْ يَدْخُلُوا مَكَّةَ فَيُقِيمُوا بِهَا ثَلَاثًا وَلَا يَدْخُلَهَا بِسِلَاحٍ إِلَّا جُلُبَّانَ السِّلَاحِ قُلْتُ لِأَبِي إِسْحٰقَ وَمَا جُلُبَّانُ السِّلَاحِ قَالَ الْقِرَابُ وَمَا فِيهِ۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حدیبیہ کے دن حضرت علی بن ابی طالب نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مشرکین کے درمیان صلح نامہ لکھا، انھوں نے لکھا، یہ وہ معاہدہ ہے جس کو محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے لکھا، قریش نے کہا رسول اللہ مت لکھو، اگر ہم کو یہ علم (یقین) ہوتا کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو ہم آپ سے جنگ نہ کرتے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا اس لفظ کو مٹا دو، انھوں نے کہا میں اس لفظ کو مٹانے والا نہیں ہوں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست اقدس سے اس لفظ کو مٹا دیا۔ حضرت براء کہتے ہیں قریش نے جو شرطیں عائد کی تھیں، ان میں سے ایک شرط یہ تھی کہ مسلمان مکہ میں داخل ہو کر صرف تین دن ٹھہریں اور ہتھیار لے کر نہ آئیں، البتہ ہتھیاروں کو غلاف میں رکھ کر لا سکتے ہیں۔

۴۵۱۵ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے

ابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُوْلُ لَمَّا صَالَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلَ الْحُدَيْبِيَةِ كَتَبَ عَلِيٌّ كِتَابًا بَيْنَهُمْ قَالَ فَكَتَبَ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ ثُمَّ ذَكَرَ بِنَحْوِ حَدِيْثِ مُعَاذٍ غَيْرَ اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ فِي الْحَدِيْثِ هٰذَا مَا كَاتَبَ عَلَيْهِ.

ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل حدیبیہ سے صلح کی تو حضرت علی نے صلح نامہ لکھا، اور لکھا محمد رسول اللہ، یہ بھی حسب سابق حدیث ہے لیکن اس میں هٰذَا مَا كَاتَبَ عَلَيْهِ کے الفاظ نہیں ہیں۔

۴۵۱۶۔ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيْصِيُّ جَمِيْعًا عَنْ عِيْسَى بْنِ يُوْنُسَ وَاللَّفْظُ لِاِسْحٰقَ اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّآءُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ لَمَّا اُحْصِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْبَيْتِ صَالَحَهٗ اَهْلُ مَكَّةَ عَلٰى اَنْ يَّدْخُلَهَا فَيُقِيْمَ بِهَا ثَلَاثًا وَّلَا يَدْخُلَهَا اِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلَاحِ السَّيْفِ وَقِرَابِهٖ وَلَا يَخْرُجَ بِاَحَدٍ مَّعَهٗ مِنْ اَهْلِهَا وَلَا يَمْنَعَ اَحَدًا يَّمْكُثُ بِهَا مِمَّنْ كَانَ مَعَهٗ قَالَ لِعَلِيٍّ اُكْتُبِ الشَّرْطَ بَيْنَنَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُ الْمُشْرِكُوْنَ لَوْ نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ تَابَعْنَاكَ وَلٰكِنِ اُكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَاَمَرَ عَلِيًّا اَنْ يَّمْحَاهَا فَقَالَ عَلِيٌّ لَا وَاللّٰهِ لَا اَمْحَاهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرِنِيْ مَكَانَهَا فَاَرَاهُ مَكَانَهَا فَمَحَاهَا وَكَتَبَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَاَقَامَ بِهَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَلَمَّا اَنْ كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ قَالُوْا لِعَلِيٍّ هٰذَا اٰخِرُ يَوْمٍ مِّنْ شَرْطِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہونے سے روک دیے گئے تو اہل مکہ نے آپ سے اس شرط پر صلح کی کہ آپ مکہ میں صرف تین دن ٹھہریں اور مکہ میں ہتھیار لے کر نہ داخل ہوں، البتہ تلواروں کو میان میں رکھ کر جا سکتے ہیں اور اہل مکہ میں سے کسی شخص کو اپنے ساتھ لے کر نہ جائیں، اور جو شخص آپ کے ساتھ ہو اور مکہ میں رہنا چاہے، آپ اس کو مکہ میں رہنے سے منع نہ کریں، آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا ہمارے درمیان یہ شرائط لکھو، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، یہ وہ شرائط ہیں جن پر محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فیصلہ کیا، اس پر مشرکین نے آپ سے کہا، اگر ہمیں یہ یقین ہوتا کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو ہم آپ کی پیروی کر لیتے! البتہ آپ محمد بن عبداللہ لکھیے، آپ نے حضرت علی کو اس لفظ کے مٹانے کا حکم دیا، حضرت علی نے کہا، نہیں بخدا میں اس لفظ کو نہیں مٹاؤں گا، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اس لفظ کی جگہ دکھاؤ، حضرت علی نے وہ جگہ دکھائی، آپ نے وہ لفظ مٹا دیا اور ابن عبداللہ لکھ دیا، پھر آپ نے مکہ میں تین دن قیام کیا، جب تیسرا دن ہوا تو قریش نے حضرت علی سے کہا یہ تمہارے صاحب (نبی) کی شرط کا آخری دن ہے ان کو روانگی کے لیے کہو، حضرت علی نے آپ ... آپ نے فرمایا ٹھیک ہے اور روانہ ہو

فَلْيَخْرُجْ فَأَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ فَقَالَ نَعَمْ تَخْرُجُ وَقَالَ ابْنُ جَنَابٍ فِي رِوَايَتِهِ مَكَانَ تَابِعْنَاكَ بَايَعْنَاكَ۔

گئے ایک روایت میں تابعناک کی جگہ بایعناک کا لفظ ہے۔

۴۵۱۷ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ قُرَيْشًا صَالَحُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ سُهَيْلُ ابْنُ عَمْرٍو فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ اُكْتُبْ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ قَالَ سُهَيْلٌ أَمَّا بِاسْمِ اللهِ فَمَا نَدْرِي مَا بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ وَلٰكِنِ اكْتُبْ مَا نَعْرِفُ بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ فَقَالَ اكْتُبْ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللهِ قَالُوا لَوْ عَلِمْنَا أَنَّكَ رَسُولُ اللهِ لَاتَّبَعْنَاكَ وَلٰكِنِ اكْتُبِ اسْمَكَ وَاسْمَ أَبِيكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اكْتُبْ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ فَاشْتَرَطُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ مَنْ جَاءَ مِنْكُمْ لَمْ نَرُدَّهُ عَلَيْكُمْ وَمَنْ جَاءَكُمْ مِنَّا رَدَدْتُمُوهُ عَلَيْنَا فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ أَنَكْتُبُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ إِنَّهُ مَنْ ذَهَبَ مِنَّا إِلَيْهِمْ فَأَبْعَدَهُ اللهُ وَمَنْ جَاءَنَا مِنْهُمْ سَيَجْعَلُ اللهُ فَرَجًا وَمَخْرَجًا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا: لکھو بسم اللہ الرحمن الرحیم، سہیل نے اعتراض کیا بسم اللہ تو ہم نہیں جانتے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا ہے، البتہ ہمارے ہاں باسمک اللّٰھم معروف ہے وہ لکھو، آپ نے فرمایا لکھو محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جانب سے، کفار قریش نے کہا اگر ہمیں یقین ہوتا کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو ہم آپ کی ضرور پیروی کر لیتے، لیکن آپ اپنا اور اپنے والد کا نام لکھیے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لکھو محمد بن عبد اللہ کی جانب سے، انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ شرط طے کی، جو شخص تمہارے پاس سے آئے گا ہم اس کو تمہیں واپس نہیں کریں گے، اور ہمارا جو شخص تمہارے پاس جائے گا وہ تم کو ہمیں واپس کرنا ہوگا، صحابہ نے کہا یا رسول اللہ! کیا ہم اس شرط کو لکھیں؟ آپ نے فرمایا ہاں! ہم میں سے جو شخص ان کے پاس جائے گا، اللہ ہم کو اس سے دور ہی رکھے، اور ہمارے پاس جو ان کا شخص آئے گا تو عنقریب اللہ تعالیٰ اس کے لیے فراخی اور کوئی سبیل پیدا کر دے گا۔

۴۵۱۸ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَتَقَارَبَا فِي اللَّفْظِ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ ابْنُ سِيَاهٍ حَدَّثَنَا حَبِيبُ بْنُ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ قَامَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ يَوْمَ صِفِّينَ فَقَالَ

ابو وائل بیان کرتے ہیں کہ جنگ صفین کے دن حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر کہنے لگے: اے لوگو! اپنے آپ کو قصور وار قرار دو، ہم حدیبیہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور اگر ہم جنگ کرنا چاہتے تو ضرور جنگ کرتے، اور یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مشرکین کے درمیان صلح کا

أَيُّهَا النَّاسُ اتَّهِمُوا أَنْفُسَكُمْ لَقَدْ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَلَوْ نَرَى قِتَالًا لَقَاتَلْنَا وَذٰلِكَ فِي الصُّلْحِ الَّذِي كَانَ بَيْنَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَجَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَلَسْنَا عَلَى حَقٍّ وَهُمْ عَلَى بَاطِلٍ قَالَ بَلَى قَالَ أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ قَالَ بَلَى قَالَ فَفِيمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِيْنِنَا وَنَرْجِعُ وَلَمَّا يَحْكُمِ اللهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَقَالَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ إِنِّي رَسُولُ اللهِ وَلَنْ يُضَيِّعَنِي اللهُ أَبَدًا قَالَ فَانْطَلَقَ عُمَرُ فَلَمْ يَصْبِرْ مُتَغَيِّظًا فَأَتَى أَبَا بَكْرٍ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ أَلَسْنَا عَلَى حَقٍّ وَهُمْ عَلَى بَاطِلٍ قَالَ بَلَى قَالَ أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ قَالَ بَلَى قَالَ فَعَلَامَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِيْنِنَا وَنَرْجِعُ لَمَّا يَحْكُمِ اللهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَقَالَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ إِنَّهُ رَسُولُ اللهِ وَلَنْ يُضَيِّعَهُ اللهُ أَبَدًا قَالَ فَنَزَلَ الْقُرْآنُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْفَتْحِ فَأَرْسَلَ إِلَى عُمَرَ فَأَقْرَأَهُ إِيَّاهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَوَفَتْحٌ هُوَ قَالَ نَعَمْ فَطَابَتْ نَفْسُهُ وَرَجَعَ۔

۴۵۱۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ قَالَ سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَقُولُ بِصِفِّيْنَ أَيُّهَا النَّاسُ اتَّهِمُوا

ذکر ہے، حضرت عمر بن الخطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر عرض کرنے لگے: یا رسول اللہ! کیا ہم حق پر اور یہ باطل پر نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا کیوں نہیں؟ کہا کیا ہمارے مقتول جنت میں اور ان کے مقتول جہنم میں نہیں ہیں؟ فرمایا کیوں نہیں! کہا پھر ہم اپنے دین میں جھکنا کیوں قبول کریں؟ اور واپس لوٹ جائیں، حالانکہ ابھی تک اللہ نے ہمارے اور ان کے درمیان کوئی حکم صادر نہیں فرمایا، آپ نے فرمایا اے ابن الخطاب! میں اللہ کا رسول ہوں اور اللہ مجھے کبھی بھی ضائع نہیں کرے گا۔ یہ سن کر حضرت عمر چلے گئے، اور ان سے غصہ ضبط نہیں ہو سکا، وہ حضرت ابوبکر کے پاس گئے اور کہنے لگے: اے ابوبکر! کیا ہم حق پر اور یہ باطل پر نہیں ہیں؟ انھوں نے کہا کیوں نہیں! کہا کیا ہمارے مقتول جنت میں اور ان کے مقتول جہنم میں نہیں ہیں؟ کہا کیوں نہیں! کہا پھر ہم اپنے دین میں جھکنا کیوں قبول کریں؟ (یعنی دب کر شرائط کیوں مانیں!) اور ابھی تک اللہ نے ہمارے اور ان کے درمیان کوئی حکم صادر نہیں فرمایا، حضرت ابوبکر نے فرمایا: اے ابن الخطاب! آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، اور اللہ تعالیٰ آپ کو کبھی ضائع نہیں کرے گا، پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر قرآن مجید کی سورہ فتح کی آیات نازل ہوئیں، پھر آپ نے حضرت عمر کو بلایا اور ان کو یہ سورت پڑھائی۔ حضرت عمر نے کہا یا رسول اللہ! کیا یہ فتح ہے؟ فرمایا ہاں! پھر وہ خوش ہو کر لوٹ آئے۔

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ جنگ صفین کے دن کہہ رہے تھے، اے لوگو! اپنی رائے کی غلطی مان لو! بخدا اگر تم مجھے ابو جندل کے دن دیکھتے (جس دن حضور نے معاہدہ کی رو سے ابو جندل کو مشرکین کو [illegible] تھا حالانکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ جانا چاہتا

لَقَدْ رَأَيْتُنِي يَوْمَ أَبِي جَنْدَلٍ وَلَوْ أَنِّي أَسْتَطِيعُ أَنْ أَرُدَّ أَمْرَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَرَدَدْتُهُ وَاللهِ مَا وَضَعْنَا سُيُوفَنَا عَلَى عَوَاتِقِنَا إِلَى أَمْرٍ قَطُّ إِلَّا أَسْهَلْنَ بِنَا إِلَى أَمْرٍ نَعْرِفُهُ إِلَّا أَمْرَكُمْ هٰذَا لَمْ يَذْكُرِ ابْنُ نُمَيْرٍ إِلَى أَمْرٍ قَطُّ۔

تھے اگر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کو مسترد کرنے کی استطاعت رکھتا تو اس دن آپ کا حکم مسترد کر دیتا، بخدا ہم نے اپنی تلواریں اسی وقت اٹھائی ہیں جب ان سے کوئی امر معروف مقصود تھا، البتہ تم نے جو یہ آپس میں جنگ شروع کر رکھی ہے . . . .

۴۵۲۰ - وَحَدَّثَنَاهُ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحٰقُ جَمِيعًا عَنْ جَرِيرٍ ح وَحَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَعْمَشِ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ وَفِي حَدِيثِهِمَا إِلَى أَمْرٍ يُفْظِعُنَا۔

ایک اور سند سے بھی یہ حدیث مروی ہے اس میں ہے الی امر یفظعنا۔

۴۵۲۱ - وَحَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ عَنْ أَبِي حَصِينٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ بِصِفِّينَ يَقُولُ اتَّهِمُوا رَأْيَكُمْ عَلَى دِينِكُمْ فَلَقَدْ رَأَيْتُنِي يَوْمَ أَبِي جَنْدَلٍ وَلَوْ أَسْتَطِيعُ أَنْ أَرُدَّ أَمْرَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَتَحْنَا مِنْهُ فِي خُصْمٍ إِلَّا انْفَجَرَ عَلَيْنَا مِنْهُ خُصْمٌ۔

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے جنگ صفین کے دن فرمایا: اے لوگو تم اس دینی مسئلہ میں اپنی خطا تسلیم کرلو! کیونکہ میں نے ابوجندل کے دن دیکھا کہ اگر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کو مسترد کرسکتا تو اس دن رد کر دیتا، تمہاری رائے ایسی ہے کہ جب ہم اس کا ایک کونہ کھولتے ہیں تو اس کا دوسرا کونہ خود بخود کھل جاتا ہے۔

۴۵۲۲ - وَحَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا لِيَغْفِرَ لَكَ اللهُ إِلَى قَوْلِهِ فَوْزًا عَظِيمًا مَرْجِعَهُ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ وَهُمْ يُخَالِطُهُمُ الْحُزْنُ وَالْكَآبَةُ وَقَدْ نَحَرَ الْهَدْيَ بِالْحُدَيْبِيَةِ فَقَالَ لَقَدْ أُنْزِلَتْ عَلَيَّ آيَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی انا فتحنا لك فتحا مبينا ليغفر لك الله۔
اس وقت آپ حدیبیہ سے لوٹ کر آرہے تھے، اور صحابہ کرام کو بہت حزن و ملال تھا آپ نے حدیبیہ میں ایک اونٹ ذبح کیا اور فرمایا مجھ پر یہ ایک ایسی آیت نازل ہوئی ہے جو مجھے ساری دنیا سے زیادہ محبوب ہے۔

هِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا جَمِيعًا۔

۴۵۲۳۔ وَحَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ جَمِيعًا عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ نَحْوَ حَدِيثِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ۔

امام مسلم نے تین سندوں کے ساتھ اس حدیث کو حضرت انس سے روایت کیا ہے۔

حدیبیہ کا جغرافیائی محل وقوع اور تاریخ

علامہ حموی لکھتے ہیں: حدیبیہ میں دال پر تشدید بھی ہے اور تخفیف بھی، امام شافعی سے منقول ہے کہ حدیبیہ میں دال پر تشدید ہے اور جعرانہ میں راء پر تخفیف ہے، اور جس نے حدیبیہ کو دال کی تخفیف سے پڑھا اس نے خطاء کی، ایک قول یہ ہے کہ دونوں طرح صحیح ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ اہل مدینہ دال پر تشدید پڑھتے ہیں اور اہل عراق تخفیف۔

حدیبیہ ایک متوسط بستی ہے، یہاں حدیبیہ نام کا ایک کنواں تھا یہ اس درخت کے پاس تھا جس کے نیچے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے بیعت رضوان لی تھی۔ یہ مکہ مکرمہ سے ایک مرحلہ (ایک دن کی مسافت) پر ہے، اور مدینہ منورہ سے نو مرحلہ پر ہے۔ حدیث میں ہے، حدیبیہ ایک کنواں ہے، اس کا بعض حصہ حرم ہے اور بعض خارج از حرم ہے۔ اور حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ کے نزدیک تمام حدیبیہ حرم ہے، ہجرت نبوی کے ساڑھے پانچ سال بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ حدیبیہ کیا تھا۔ [1]

ادب حکم پر مقدم ہے یا حکم ادب پر؟

حدیث نمبر ۴۵۱۶ میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے "رسول اللہ" کے الفاظ کاٹنے کے لیے فرمایا، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا "میں ان الفاظ کو کاٹنے والا نہیں ہوں!" علامہ نووی لکھتے ہیں حضرت علی نے جو کچھ کیا یہ ادب مستحب ہے، کیونکہ ان کا گمان یہ تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الفاظ کو کاٹ دینے کا وجوبی حکم نہیں دیا اور اگر آپ یہ وجوبی حکم دیتے تو حضرت علی سے آپ کی حکم عدولی ممکن نہ تھی۔ [2]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کے قول کو برقرار رکھا، اور اس سے یہ مسئلہ معلوم ہوا کہ اگر کتابت کی غلطی سے "محمد رسول اللہ" لکھا گیا یعنی لکھنا کچھ اور چاہیے تھا اور لکھا یہ لفظ تو اس لفظ کو کاٹنا جائز ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں الامر فوق الادب "یعنی حکم ادب پر مقدم ہے، جیسا کہ جب حضرت عبدالرحمن بن عوف نماز پڑھا رہے تھے اور اثنائے نماز میں حضور تشریف لے آئے انھوں نے پیچھے ہٹنا چاہا حضور نے اشارہ فرمایا نماز پڑھاتے رہو تو حضرت عبدالرحمن

---

[1] علامہ شہاب الدین یاقوت بن عبداللہ حموی متوفی ۶۲۶ھ، معجم البلدان ج ۲ ص ۲۳۰، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، ۱۳۹۹ھ

[2] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۲ ص ۱۰۴ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

بن عوف نماز پڑھاتے رہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں الادب فوق الامر "یعنی حکم پر ادب مقدم ہے" جس طرح ایسے ہی ایک موقع پر حضرت ابوبکر کے نماز پڑھانے کے دوران جب حضور تشریف لے آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے باوجود حضرت ابوبکر پیچھے آ گئے، نماز کے بعد جب آپ نے پوچھا جب میں نے حکم دیا تھا کہ نماز پڑھاتے رہو تو پھر تم پیچھے کیوں ہٹے؟ حضرت ابوبکر نے عرض کیا: ابو قحافہ کے بیٹے سے یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ کے ہوتے ہوئے وہ نماز پڑھائے! اس سے معلوم ہوا کہ حضرت ابوبکر نے آپ کے حکم پر عمل کرنے کے بجائے آپ کے ادب اور آپ کی تعظیم کرنے کو مقدم رکھا۔ اور حضرت علی نے بھی ایسا ہی کیا، تاہم مقامات مختلف ہوتے ہیں بعض جگہ ادب کو مقدم کرنا افضل ہوتا ہے اور بعض جگہ حکم پر عمل کرنا اور اس کو مقدم کرنا افضل ہوتا ہے۔

کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لکھنا اور پڑھنا آپ کے اُمّی ہونے کے منافی ہے؟

حدیث نمبر ۴۵۱۶ میں ہے،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: وہ جگہ دکھاؤ پھر آپ نے وہ لفظ مٹا دیا اور ابن عبداللہ لکھ دیا، علامہ نووی لکھتے ہیں: قاضی عیاض نے کہا ہے کہ بعض علماء نے ان الفاظ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے پر استدلال کیا ہے، اور امام بخاری نے بھی ابو اسحاق سے یہ روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکتوب لیا اور لکھا، اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں آپ اچھا نہیں لکھتے تھے (یعنی لکھنے کے ماہر نہیں تھے) سو آپ نے لکھا، ان علماء نے یہ کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھ پر لکھائی کو جاری کر دیا یا تو آپ کی بے خبری میں قلم نے آپ کے ہاتھ سے لکھ دیا یا جس وقت آپ نے لکھا اللہ تعالیٰ نے آپ کو لکھنے کا علم دے دیا اور یہ آپ کے معجزہ میں زیادتی ہے، کیونکہ آپ امی تھے (کسی سے پڑھنا لکھنا سیکھا نہ تھا) پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان چیزوں کا علم دیا جن کو آپ نہیں جانتے تھے اور ان چیزوں کو پڑھا جن کو آپ نہیں پڑھتے تھے اور ان چیزوں کی تلاوت کی جن کی پہلے تلاوت نہ کی تھی، اسی طرح آپ لکھتے نہ تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو لکھنے کا علم دیا اور اعلان نبوت کے بعد آپ نے تحریر لکھی۔ ان علماء نے کہا ہے کہ لکھنا آپ کے امی ہونے کے منافی نہیں ہے اور انھوں نے اس سلسلہ میں متعدد آثار سے استدلال کیا ہے۔ شعبی اور بعض اسلاف سے منقول ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات سے پہلے لکھا ہے، قاضی عیاض لکھتے ہیں، علامہ باجی بھی آپ کے لکھنے کے جواز کے قائل ہیں اور علامہ سمنانی نے اس کو ابوذر وغیرہ سے نقل کیا ہے۔

اکثر علماء آپ کے لکھنے کے قائل نہیں ہیں اور یہ کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا امی ہونا آپ کے لکھنے کے منافی ہے، اور قرآن مجید میں ہے وما کنت تتلوا من قبلہ من کتاب ولا تخطہ بیمینک "اس سے پہلے نہ آپ کوئی کتاب تلاوت کرتے تھے اور نہ اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انا امۃ امیۃ لا نکتب ولا نحسب۔ "ہم امی لوگ ہیں نہ لکھتے ہیں نہ گنتی کرتے ہیں، اور اس حدیث میں کتب کا معنی ہے امر بالکتابۃ یعنی لکھنے کا حکم دیا، اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ دوسری روایت میں ہے آپ نے حضرت علی سے فرمایا محمد بن عبداللہ لکھو۔

قاضی عیاض نے کہا ہے کہ جو علماء آپ کے لکھنے کے قائل ہیں انھوں نے قرآن مجید کی اس آیت کا یہ جواب دیا ہے کہ اللہ کی تعلیم سے پہلے آپ نے لکھا نہ پڑھا، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے (من قبلہ) کی قید لگائی ہے، سو جس طرح تعلیم الٰہی سے

پڑھنا جائز ہے (تلاوت کرنا) اسی طرح تعلیم الٰہی سے لکھنا بھی جائز ہے، اور یہ آپ کے امی ہونے کے منافی نہیں ہے، کیونکہ آپ کا فقط امی ہونا معجزہ نہیں ہے (بلکہ معجزہ یہ ہے کہ باوجود امی ہونے کے پڑھا اور لکھا) پھر آپ پر قرآن مجید نازل ہوا اور آپ نے وہ علوم بیان کیے جن کو لوگ نہیں جانتے تھے، اور صحیح بخاری کی روایت ولا یحسن ان یکتب فکتب آپ کے لکھنے پر نص صریح ہے اور اس کو لکھنے کے حکم دینے پر محمول کرنا مجاز ہے اور بلا ضرورت الفاظ کو مجاز پر محمول نہیں کیا جاتا۔[1]

اُمّی کے معنی کی تحقیق قرآن مجید میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے اُمّی کا لفظ دو جگہ مستعمل ہوا ہے۔

الذین یتبعون الرسول النبی الامی — جو لوگ اس رسول، نبی اُمّی کی پیروی کریں۔
(الاعراف: ۱۵۷)

فامنوا باللہ ورسولہ النبی الامی — اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول پر جو نبی اُمّی ہیں۔
(اعراف: ۱۵۸)

نیز قرآن مجید میں ہے:

ومنھم امیون لا یعلمون الکتاب الا امانی۔ — اور ان میں بعض لوگ اَن پڑھ ہیں جو زبان سے لفظوں کو پڑھنے کے سوا (اللہ کی) کتاب (کے معانی) کا کچھ علم نہیں رکھتے۔
(بقرہ: ۷۸)

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ھو الذی بعث فی الامیین رسولا منھم — جس نے اَن پڑھ لوگوں میں انہیں میں سے ایک عظیم رسول بھیجا۔
(جمعہ: ۲)

ان کے علاوہ سورت آل عمران میں دو جگہ (۷۵، ۲۰) امیین کا لفظ استعمال ہوا ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی اپنے لیے اُمّی کا لفظ استعمال کیا ہے:
امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انا امۃ امیۃ لا نکتب ولا نحسب الحدیث[2] — ہم اہل عرب امی لوگ ہیں، لکھتے ہیں نہ گنتی کرتے ہیں،

اس حدیث کو امام مسلم،[3] امام ابو داؤد[4] اور امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔[5]

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۰۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[2] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۵۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[3] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۴۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[4] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابو داؤد ج ۱ ص ۳۱۷، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ
[5] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۱۲۲، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

اُمّی کے معنی کے متعلق ائمہ لغت کی تصریحات

علامہ راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ لکھتے ہیں:
اُمّی وہ شخص ہے جو نہ لکھتا ہو اور نہ کتاب سے دیکھ کر پڑھتا ہو، اس آیت میں اُمّی کا یہی معنی ہے ھوالذی بعث فی الامیین رسولا منھم قطرب نے کہا امیۃ کے معنی غفلت اور جہالت ہیں سو امی کا معنی قلیل المعرفۃ ہیں، اسی معنی میں ہے ومنھم امیون لا یعلمون الکتاب الا امانی۔ یعنی وہ آیتیں جب تک ان پر تلاوت نہ کی جائے وہ از خود نہیں جانتے۔ فراء نے کہا یہ وہ عرب لوگ ہیں جن کے پاس کتاب نہ تھی، اور قرآن مجید میں ہے والنبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندھم فی التوراۃ والانجیل ایک قول یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اُمّی اس لیے فرمایا ہے کہ آپ اُمّیین کے نبی تھے، ایک قول یہ ہے کہ آپ کو اُمّی اس لیے فرمایا کہ آپ لکھتے تھے نہ کتاب سے پڑھتے تھے، اور یہ آپ کی فضیلت ہے کیونکہ آپ حفظ کرنے سے مستغنی تھے اور آپ کو اللہ تعالیٰ کی ضمانت پر اعتماد تھا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا سنقرئك فلا تنسی "عنقریب ہم آپ کو پڑھائیں گے اور آپ نہیں بھولیں گے، اور ایک قول یہ ہے کہ آپ کو اُمّی اس لیے فرمایا کہ آپ ام القریٰ یعنی مکہ مکرمہ کے رہنے والے تھے۔[1]

علامہ ابن اثیر جزری متوفی ۶۰۶ھ لکھتے ہیں:

حدیث میں ہے انا امۃ لا نکتب ولا نحسب "ہم اہل عرب اُمّی ہیں لکھتے ہیں نہ گنتی کرتے ہیں" آپ کی مراد یہ تھی کہ ہم اسی طرح ہیں جس طرح اپنی ماؤں سے پیدا ہوئے تھے، یعنی اپنی جبلت اول پر ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ امی وہ ہے جو لکھتا نہ ہو۔ نیز حدیث میں ہے: بعثت الی امۃ امیۃ "میں اُمّی امت کی طرف بھیجا گیا ہوں" یہاں اُمّی سے عرب مراد ہیں، کیونکہ عرب میں لکھنا بالکل نہ تھا یا بہت کم تھا۔[2]

علامہ ابن منظور افریقی متوفی ۷۱۱ھ لکھتے ہیں:

اُمّی اس شخص کو کہتے ہیں جو لکھتا نہ ہو، زجاج نے کہا ہے امی وہ شخص ہے جو اپنی پیدائش اور جبلت کے مطابق ہو اور اس نے کتاب کا علم نہ حاصل کیا ہو، ابو اسحاق نے کہا امی کا معنی ہے جو اس چیز کی طرف منسوب ہو جس پر وہ اپنی ماں سے پیدا ہوا، یعنی لکھتا نہ ہو، تو وہ اپنے نہ لکھنے میں امی ہے کیونکہ لکھنا کسبی ہے اور امی اپنے حال ولادت پر ہوتا ہے۔

حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اُمّی کہا گیا ہے کیونکہ عرب کی قوم لکھتی تھی نہ کتاب کو پڑھتی تھی، اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو بھیجا درآں حالیکہ آپ لکھتے تھے نہ کتاب سے پڑھتے تھے، اور یہ وصف آپ کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے، کیونکہ آپ نے بار بار قرآن مجید کی آیات کو پڑھا اور اس کے الفاظ میں کوئی تغیر اور تبدل نہیں کیا، حالانکہ عرب کے خطباء جب فی البدیہہ کوئی خطبہ پڑھتے تو اس کو دوبارہ دہراتے وقت وہ اس میں کوئی نہ کوئی کمی یا زیادتی کر دیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو قرآن مجید اسی طرح یاد کرایا جس طرح اس کو آپ پر نازل کیا تھا اور اسی طرح آپ کو سب خطباء سے ممتاز اور الگ کر دیا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وما کنت تتلوا من قبلہ من کتاب ولا تخطہ بیمینك اذا لارتاب المبطلون "آپ اس سے پہلے نہ کسی کتاب کو پڑھتے تھے اور نہ اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے، (اگر ایسا ہوتا تو)

[1] علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ، المفردات ص ۲۳-۲۲، مطبوعہ المکتبۃ المرتضویہ ایران ۱۳۴۲ھ
[2] علامہ مجد الدین ابن اثیر جزری متوفی ۶۰۶ھ، نہایہ ج ۱ ص ۶۸، مطبوعہ مؤسسۃ اسماعیلیان ۱۳۶۴ھ

کفار شک میں پڑ جاتے" کیونکہ وہ کہتے آپ جو مضامین بیان کرتے ہیں وہ آپ نے کسی کتاب میں پڑھے ہوں گے۔ [1]

علامہ زبیدی متوفی ١٢٠٥ھ لکھتے ہیں:

قاموس میں ہے: امی وہ شخص ہے جو لکھتا نہ ہو یا اپنی ماں سے پیدائش کے حال پر باقی ہو، اور امی غبی اور قلیل الکلام کو بھی کہتے ہیں۔ اس کی تشریح میں علامہ زبیدی لکھتے ہیں: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو امی اس لیے کہا جاتا ہے کہ عرب قوم لکھتی تھی نہ پڑھتی تھی اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو مبعوث کیا درآں حالیکہ آپ لکھتے تھے نہ کتاب کو پڑھتے تھے اور یہ آپ کا معجزہ ہے، کیونکہ آپ نے بغیر کسی تغیر اور تبدل کے بار بار قرآن مجید کو پڑھا، قرآن مجید میں ہے وماکنت تتلوا من قبلہ من کتاب الآیۃ حافظ ابن حجر عسقلانی نے احادیث رافعی کی تخریج میں لکھا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر لکھنے اور شعر گوئی کو حرام کر دیا گیا تھا، یہ اس وقت ہے اگر آپ شعر گوئی اور لکھنے کو اچھی طرح بروئے کار لاتے اور زیادہ صحیح یہ ہے کہ ہر چند کہ آپ کو شعر اور خط میں مہارت تو نہیں تھی لیکن آپ اچھے اور برے شعر میں تمیز رکھتے تھے۔ اور بعض علماء کا یہ دعویٰ ہے کہ پہلے آپ لکھنا نہیں جانتے تھے لیکن بعد میں آپ نے لکھنا جان لیا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وماکنت تتلوا من قبلہ الآیۃ آپ اس سے پہلے نہ کسی کتاب کو پڑھتے تھے نہ اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے" اور "اس سے پہلے" کی قید کا یہ معنی ہے کہ بعد میں آپ نے اس کو جان لیا، کیونکہ آپ کا پہلے نہ جاننا معجزہ کے سبب سے تھا اور جب اسلام پھیل گیا اور لوگوں کے شکوک کا خطرہ نہ رہا تو پھر آپ نے اس کو جان لیا، اور امام ابن ابی شیبہ اور دیگر محدثین نے مجاہد سے روایت کیا ہے: مامات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی کتب وقرأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تک فوت نہیں ہوئے جب تک کہ آپ نے لکھ نہیں لیا، اور پڑھ نہیں لیا اور مجاہد نے شعبی سے کہا اس آیت میں اس کے خلاف نہیں ہے۔ ابن دحیہ نے کہا کہ علامہ ابوذر، علامہ ابوالفتح نیشاپوری اور علامہ باجی مالکی کا بھی یہی نظریہ ہے۔ علامہ باجی نے اس موضوع پر ایک کتاب لکھی ہے، بعض افریقی علماء نے بھی علامہ باجی کی موافقت کی ہے اور کہا ہے کہ امی ہونے کے بعد لکھنے کو جان لینا معجزہ کے منافی نہیں ہے، بلکہ یہ آپ کا دوسرا معجزہ ہے، کیونکہ بغیر کسی انسان کے سکھائے کتاب کو پڑھنا اور لکھنا بھی معجزہ ہے، ابومحمد بن مفوز نے علامہ باجی کی کتاب کا رد لکھا ہے اور علامہ سمنانی وغیرہ نے کہا ہے کہ آپ بغیر علم کے لکھتے تھے، جیسے بعض ان پڑھ بادشاہ بعض حروف لکھ لیتے ہیں حالانکہ ان کو حروف کی تمیز اور شناخت نہیں ہوتی۔ [2]

امی کے معنی کے متعلق مفسرین کی آراء

علامہ قرطبی مالکی متوفی ٦٦٨ھ لکھتے ہیں:

امی امت امیتہ کی طرف منسوب ہے، یہ ابن عزیز کا قول ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم امی تھے، لکھتے تھے نہ کتاب کو پڑھتے تھے اور نہ گنتی کرتے تھے، قرآن مجید میں ہے: وماکنت تتلوا من قبلہ من کتاب ولاتخطہ بیمینک۔ اور حدیث صحیح میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم اہل عرب امی

---

[1] علامہ جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور افریقی متوفی ٧١١ھ، لسان العرب مطبوعہ نشر ادب الحوزۃ قم ایران، ١٤٠٥ھ

[2] علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی متوفی ١٢٠٥ھ، تاج العروس شرح القاموس ج ٨ ص ١٩١ مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر ١٣٠٦ھ

لوگ ہیں لکھتے ہیں نہ گنتی کرتے ہیں اور نحاس نے ذکر کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمّی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ ام القریٰ یعنی مکہ کے رہنے والے ہیں۔ [1]

علامہ آلوسی حنفی متوفی ۱۲۷۰ھ لکھتے ہیں:

زجاج نے کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اُمّی اس لیے کہا ہے کہ آپ امت عرب کی طرف منسوب ہیں جس کے اکثر افراد لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے۔ اور امام بخاری اور امام مسلم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ ہم اُمّی لوگ ہیں نہ لکھتے ہیں نہ گنتی کرتے ہیں۔ امام باقر نے کہا ہے کہ آپ ام القریٰ یعنی مکہ کے رہنے والے تھے اس لیے آپ کو اُمّی فرمایا، یا آپ اپنی ام (ماں) کی طرف منسوب تھے، یعنی آپ اسی حالت پر تھے جس حالت پر اپنی ماں سے پیدا ہوئے تھے، آپ کا یہ وصف اس تنبیہ کے لیے بیان کیا گیا ہے کہ آپ اپنی پیدائشی حالت پر قائم رہنے (یعنی کسی سے پڑھنا، لکھنا نہ سیکھنے) کے باوجود اس قدر عظیم علم رکھتے تھے سو یہ آپ کا معجزہ ہے۔ اُمّی کا لفظ صرف آپ کے حق میں مدح ہے اور باقی کسی کے لیے اَن پڑھ ہونا باعث فضیلت نہیں ہے، جیسا کہ تکبر کا لفظ صرف اللہ تعالیٰ کے لیے باعث مدح ہے اور دوسروں کے حق میں باعث مذمت ہے۔

نیز علامہ آلوسی لکھتے ہیں: علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی وقت لکھنے کا صدور ہوا ہے یا نہیں؟ ایک قول یہ ہے کہ اس صلح حدیبیہ کے موقع پر آپ نے صلح نامہ لکھا اور یہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے اور احادیث ظاہرہ کا بھی یہی تقاضا ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ آپ نے بالکل نہیں لکھا اور آپ کی طرف لکھنے کی نسبت مجاز ہے، اور بعض اہل بیت سے روایت ہے کہ آپ لکھے ہوئے الفاظ کو دیکھ کر پڑھتے تھے لیکن اس روایت کی کوئی معتمد سند نہیں ہے، ہاں ابوالشیخ نے اپنی سند کے ساتھ عتبہ سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تک فوت نہیں ہوئے جب تک آپ نے پڑھا اور لکھا نہیں، شعبی نے اس روایت کی تصدیق کی ہے۔ [2]

شیخ اشرف علی تھانوی متوفی ۱۳۶۲ھ لکھتے ہیں:

اور امی کے معنی یہ ہیں جیسے آدمی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے کہ کسی کا شاگرد نہیں ہوتا آپ نے عمر بھر کسی کی شاگردی نوشت وخواند میں نہیں کی اور پھر یہ علوم عالیہ اور حقائق غامضہ ظاہر فرمائے یہ کتنا بڑا کمال ہے الخ [3]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے اور پڑھنے پر قرآن مجید سے دلائل

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وما کنت تتلو من قبلہ من کتاب ولا تخطہ بیمینک اذا لارتاب المبطلون۔

اس (کتاب کے نزول) سے پہلے آپ کوئی کتاب پڑھتے تھے اور نہ اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے، اگر ایسا

[1] علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۷ ص ۲۹۹-۲۹۸، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ

[2] علامہ ابوالفضل شہاب الدین آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۹ ص ۷۹، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[3] شیخ اشرف علی تھانوی متوفی ۱۳۶۲ھ، بیان القرآن ج ۱ ص ۳۵۱، مطبوعہ تاج کمپنی لاہور

ہوتا تو تو باطل پرستوں کو شبہ پڑ جاتا! (عنکبوت: ۴۸)

اس آیت کے استدلال کی بنیاد یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی استاذ سے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا تھا، قریش مکہ کے سامنے آپ کی پوری زندگی تھی، آپ کے اہل وطن اور رشتہ داروں کے سامنے، روز پیدائش سے اعلان نبوت تک آپ کی ساری زندگی گذری اور وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ آپ نے کبھی کوئی کتاب پڑھی نہ قلم ہاتھ میں لیا اور یہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ آسمانی کتابوں کی تعلیمات، گذشتہ انبیاء و رسل کے حالات، قدیم مذاہب کے عقائد، تاریخ، تمدن، اخلاق اور عمرانی اور عائلی زندگی کے جن اہم مسائل کو یہ اُمی شخص انتہائی فصیح و بلیغ زبان سے بیان کر رہے ہیں، اس کا وحی الٰہی کے سوا اور کوئی سبب نہیں ہو سکتا، اگر انھوں نے کسی مکتب میں تعلیم پائی ہوتی اور گذشتہ مذاہب اور تاریخ کو پڑھا ہوتا تو پھر اس شبہ کی بنیاد ہو سکتی تھی کہ جو کچھ یہ بیان کر رہے ہیں وہ دراصل ان کا حاصل مطالعہ ہے ہر چند کہ کوئی پڑھا لکھا انسان بلکہ دنیا کے تمام پڑھے لکھے آدمی مل کر اور تمام علمی وسائل بروئے کار لا کر بھی ایسی بے نظیر کتاب تیار نہیں کر سکتے۔ تاہم اگر آپ نے اعلان نبوت سے پہلے لکھنے پڑھنے کا مشغلہ اختیار کیا ہوتا تو جھوٹوں کو ایک بات بنانے کا موقع ہاتھ لگ جاتا لیکن جب آپ کا اُمی ہونا فریق مخالف کو بھی تسلیم تھا تو اس سرسری شبہ کی بھی جڑ کٹ گئی۔ اور یوں کہنے کو تو ضدی اور معاند لوگ پھر بھی یہ کہتے تھے:

وقالوا اساطیر الاولین اکتتبها فهی تملی علیه بکرة واصیلا۔ (فرقان: ۵)

اور انھوں نے کہا یہ پہلے لوگوں کے لکھے ہوئے قصے ہیں جو اس (رسول) نے لکھوا لیے ہیں سو وہ صبح و شام اس پر پڑھے جاتے ہیں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے آپ سے لکھنے اور پڑھنے کی نفی کو آپ کے اعلان نبوت سے پہلے کی قید سے مقید کیا ہے، اور یہی مقصود ہے کیونکہ اگر اعلان نبوت اور نزول قرآن سے پہلے آپ کا لکھنا پڑھنا ثابت ہوتا تو اس شبہ کی راہ نکل سکتی تھی اور اس آیت سے آپ کی نبوت اور قرآن مجید کے منزل من اللہ ہونے پر استدلال نہ ہو سکتا۔ اور اس قید لگانے کا یہ تقاضا ہے کہ اعلان نبوت کے بعد آپ سے لکھنے اور پڑھنے کا صدور ہو سکتا ہے اور بعد میں آپ کا لکھنا اور پڑھنا اس استدلال کے منافی نہیں ہے۔

علامہ آلوسی نے بعض اجلہ علماء کا یہ قول نقل کیا ہے:

یفهم من ذلك انه علیه الصلوٰة والسلام کان قادرا علی التلاوة والخط بعد انزال الکتاب ولولا هذا الاعتبار لکان الکلام خلوا عن الفائدة۔[۱]

اس قید سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ قرآن مجید کے نازل ہونے کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم لکھنے اور پڑھنے پر قادر تھے اور اگر اس قید کا اعتبار نہ کیا جائے تو یہ قید بے فائدہ ہوگی۔

اس استدلال پر یہ اشکال وارد ہوتا ہے کہ یہ مفہوم مخالف سے استدلال ہے اور فقہاء احناف کے نزدیک مفہوم مخالف سے استدلال معتبر نہیں ہے اس کا جواب یہ ہے کہ مفہوم مخالف کا استدلال میں معتبر نہ ہونا اتفاقی

---

[۱] علامہ ابوالفضل شہاب الدین آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ روح المعانی ج ۲۱ ص ۴ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

نہیں ہے، کیونکہ باقی ائمہ مفہوم مخالف کا اعتبار کرتے ہیں، خصوصاً جب کہ بکثرت احادیث صحیحہ سے بعثت کے بعد آپ کا لکھنا ثابت ہے، جیسا کہ ہم عنقریب انشاء اللہ با حوالہ بیان کریں گے۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

فکان ذلک خارقا للعادۃ، کما انہ علیہ السلام علم علم الاولین والاخرین من غیر تعلم ولا اکتساب فکان ذلک ابلغ فی معجزاتہ واعظم فی فضائلہ ولا یزال عنہ اسم الامی بذالک۔[1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لکھنا معجزہ ہے کیونکہ جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر کسی سے پڑھے اور کسب کے علم اولین و آخرین کو جان لیا، اسی طرح آپ نے بغیر کسب کے لکھنا پڑھنا جان لیا، اور یہ آپ کا بہت بڑا معجزہ، اور بہت عظیم فضیلت ہے اور لکھنے کی وجہ سے آپ کے امی ہونے میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ (اگر آپ نے مخلوق سے لکھنا پڑھنا سیکھا ہوتا تو یہ آپ کے امی ہونے کے منافی ہوتا۔)

خلاصہ یہ ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے آپ کو دیگر علمی اور عملی کمالات عطا فرمائے ہیں، اسی طرح آپ کو لکھنے پڑھنے کا بھی کمال عطا فرمایا ہے، لکھنے کا علم ایک عظیم نعمت ہے۔ قرآن مجید میں ہے: الذی علم بالقلم ۝ علم الانسان ما لم یعلم۔ (علق، ۹۶/۵-۴) "جس نے قلم کے ذریعہ سے علم سکھایا، اور انسان کو وہ علم دیا جس کو وہ جانتا نہ تھا" امت کے ان گنت افراد کو پڑھنے اور لکھنے کا کمال حاصل ہے تو کیسے ہو سکتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کمال حاصل نہ ہو! اور امی ہونے کا فقط اتنا مفاد ہے کہ آپ نے کسی مخلوق سے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا، اللہ تعالیٰ نے آپ کو براہ راست یہ علم عطا فرمایا ہے، اور بعثت سے پہلے آپ لکھنے اور پڑھنے میں مشغول نہیں رہے تاکہ آپ کی نبوت میں کسی کو شبہ نہ ہو اور بعثت کے بعد آپ نے پڑھا اور لکھا اور یہ ایک الگ معجزہ ہے کیونکہ بغیر کسی مخلوق سے کسب فیض کے پڑھنا اور لکھنا خلاف عادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے پر سید مودودی کے اعتراضات اور ان کے جوابات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے پر اعتراض کرتے ہوئے سید مودودی لکھتے ہیں:

ان لوگوں کی جسارت حیرت انگیز ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواندہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں، حالانکہ یہاں قرآن صاف الفاظ میں حضور کے ناخواندہ ہونے کو آپ کی نبوت کے حق میں ایک طاقتور ثبوت کے طور پر پیش کر رہا ہے، جن روایات کا سہارا لے کر یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ حضور لکھے پڑھے تھے یا بعد میں آپ نے لکھنا پڑھنا سیکھ لیا تھا وہ اول تو پہلی ہی نظر میں رد کر دینے کے لائق ہیں، کیونکہ قرآن کے خلاف کوئی روایت بھی

[1] علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۱۳ ص ۳۵۲، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ

قابل قبول نہیں ہو سکتی، پھر وہ بجائے خود بھی اتنی کمزور ہیں کہ ان پر کسی استدلال کی بنیاد قائم نہیں ہو سکتی ان میں سے ایک بخاری کی یہ روایت ہے کہ صلح حدیبیہ کا معاہدہ جب لکھا جا رہا تھا تو کفار مکہ کے نمائندے نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے ساتھ رسول اللہ لکھے جانے پر اعتراض کیا۔ اس پر حضور نے کاتب (یعنی حضرت علی) کو حکم دیا کہ اچھا رسول اللہ کا لفظ کاٹ کر محمد بن عبداللہ لکھ دو، حضرت علی نے لفظ "رسول اللہ" کاٹنے سے انکار کر دیا۔ اس پر حضور نے ان کے ہاتھ سے قلم لے کر وہ الفاظ خود کاٹ دیے اور محمد بن عبداللہ لکھ دیا (الی قولہ) ہو سکتا ہے کہ صحیح صورت واقعہ یہ ہو کہ جب حضرت علی نے "رسول اللہ" کا لفظ مٹانے سے انکار کر دیا تو آپ نے اس کی جگہ ان سے پوچھ کر اور پھر ان سے یا کسی دوسرے کاتب سے ابن عبداللہ کے الفاظ لکھوا دیے ہوں (الی قولہ) تاہم اگر واقعہ یہی ہو کہ حضور نے اپنا نام اپنے ہی دست مبارک سے لکھا ہو تو ایسی مثالیں دنیا میں بکثرت پائی جاتی ہیں کہ ان پڑھ لوگ صرف اپنا نام لکھنا سیکھ لیتے ہیں، باقی کوئی چیز نہ پڑھ سکتے ہیں نہ لکھ سکتے ہیں۔ [1]

الجواب پہلی بات یہ ہے کہ سید مودودی کا یہ لکھنا غلط ہے کہ اعلان نبوت کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا لکھنا قرآن مجید کی اس آیت اور اس استدلال کے خلاف ہے، کیونکہ قرآن مجید نے آپ کے لکھنے اور پڑھنے کی مطلقاً نفی نہیں کی، بلکہ نزول قرآن سے پہلے آپ کے لکھنے اور پڑھنے کی نفی کی ہے، لہٰذا نزول قرآن کے بعد جن احادیث میں آپ کے لکھنے کا ثبوت ہے وہ روایات قرآن مجید کے خلاف نہیں ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ صحیح بخاری، صحیح مسلم اور دیگر بکثرت کتب صحاح سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لکھنا ثابت ہے اور سید مودودی کا ان احادیث کو بجائے خود کمزور کہنا لائق التفات نہیں ہے، ثالثاً سید مودودی نے جو یہ تاویل کی ہے کہ ہو سکتا ہے کہ آپ نے کسی اور کاتب سے لکھوا دیا ہو سو یہ احتمال بلا دلیل ہے اور الفاظ کو بلا ضرورت مجاز پر محمول کرنا صحیح نہیں ہے۔ رابعاً اس بحث کا سب سے افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ سید مودودی نے نبی امی صلی اللہ علیہ وسلم کو عام ان پڑھ لوگوں پر قیاس کیا ہے اور لکھا ہے "اگر آپ نے اپنا نام اپنے ہی دست مبارک سے لکھا ہو تو ایسی مثالیں دنیا میں بکثرت پائی جاتی ہیں کہ ان پڑھ لوگ صرف اپنا نام لکھنا سیکھ لیتے ہیں، باقی کوئی چیز نہیں پڑھ سکتے نہ لکھ سکتے ہیں" عام لوگوں کا ان پڑھ ہونا ان کا نقص اور ان کی جہالت ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا امی ہونا، آپ کا کمال ہے، کہ دنیا میں کسی استاد کے آگے زانوئے تلمذ تہ نہیں کیا، کسی مکتب میں جا کر لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا اور براہ راست خدائے لم یزل سے علم پا کر اولین اور آخرین کے علوم بیان فرمائے اور پڑھ کر بھی دکھایا اور لکھ کر بھی دکھایا ؎

یتیمے کہ ناکردہ قرآں درست ۔ کتب خانہ چند ملت بشست

اب ہم قارئین کے سامنے بکثرت حوالہ جات کے ساتھ وہ احادیث پیش کرتے ہیں جن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لکھنے کا اسناد کیا گیا ہے۔

---

[1] سید ابوالاعلیٰ مودودی متوفی ۱۳۹۹ھ، تفہیم القرآن [illegible] مطبوعہ ادارہ ترجمان القرآن لاہور

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے کے ثبوت میں احادیث

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

(۱) عن انس بن مالك قال كتب النبي صلى الله عليه وسلم كتابا او اراد ان يكتب فقيل له انهم لا يقرءون كتابا الا مختوما فاتخذ خاتما من فضة الحديث [1]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مکتوب لکھا یا لکھنے کا ارادہ کیا، آپ کو بتایا گیا کہ وہ (عجمی) صرف مہر شدہ مکتوب کو پڑھتے ہیں تو آپ نے چاندی کی انگوٹھی (مہر) بنوالی۔

(۲) عن ابن عباس قال لما اشتد بالنبي صلى الله عليه وسلم وجعه قال ائتوني بكتاب اكتب لكم كتابا لا تضلوا بعده۔ [2]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ درد ہوا تو فرمایا کتاب (قلم، دوات) لاؤ میں تم کو ایک ایسا مکتوب لکھ دوں جس کے بعد تم گمراہ نہیں ہوگے۔

(۳) عن البراء بن عازب قال اعتمر النبي صلى الله عليه وسلم (الى قوله) فاخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم الكتاب فكتب هذا ما قاضى محمد بن عبد الله الحديث [3]

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کیا (پھر معاہدہ حدیبیہ کا واقعہ بیان کیا اور کہا) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح نامہ لیا اور اس پر لکھ دیا یہ وہ ہے جس کا محمد بن عبد اللہ نے فیصلہ کیا ہے کہ ....

(۴) عن البراء بن عازب قال اعتمر النبي صلى الله عليه وسلم في ذي القعدة (الى قوله) فاخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم الكتاب وليس يحسن يكتب فكتب هذا ما قاضى محمد بن عبد الله لا يدخل مكة السلاح الحديث [4]

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالقعدہ میں عمرہ کیا... سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ صلح نامہ لیا حالانکہ آپ لکھنے کے ماہر نہیں تھے، آپ نے لکھا یہ وہ ہے جس کا محمد بن عبد اللہ نے فیصلہ کیا کہ مکہ میں کوئی شخص ہتھیاروں کے ساتھ داخل نہیں ہوگا۔

سید مودودی نے لکھا ہے کہ حضرت براء کی روایات میں اضطراب ہے اور راویوں نے حضرت براء کے جوں کے توں الفاظ نقل نہیں کیے کسی روایت میں لکھنے کا مطلقاً ذکر نہیں، کسی میں صرف کتب ہے اور کسی میں ہے لیس یحسن یکتب [5]

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۸۱ھ
[2] 〃 〃 〃 ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۲ 〃 〃 〃
[3] 〃 〃 〃 ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۷۲، 〃 〃 〃
[4] 〃 〃 〃 ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۶۱۰ 〃 〃 〃
[5] سید ابو الاعلیٰ مودودی متوفی ۱۳۹۹ھ، تفہیم القرآن ج ۳ ص ۱۴۷، ملخصاً، مطبوعہ ادارہ ترجمان القرآن لاہور

سید مودودی کا اس اختلاف کو اضطراب قرار دینا صحیح نہیں ہے، یہ ایسا اختلاف نہیں ہے جس کی وجہ سے ان روایات کا معنی مضطرب ہو جائے اگر اس قسم کا اختلاف اضطراب ہو تو پھر تمام احادیث ساقط الاعتبار قرار پائیں گی۔

(۵) عن سهل بن ابی حثمة ان عبد الله بن سهل ومحيصة خرجا الى خيبر من جهد اصابهم فاخبر محيصة ان عبد الله قتل و طرح فى فقير او عين فاتى يهود (الى قوله) فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اما ان يدوا صاحبكم واما ان يؤذنوا بحرب فكتب رسول الله صلى الله عليه وسلم اليهم به الحديث .[1]

حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن سہل اور حضرت محیصہ کسی کام سے خیبر گئے، پھر حضرت محیصہ کو خبر پہنچی کہ حضرت عبداللہ بن سہل کو قتل کر کے کنوئیں میں ڈال دیا گیا، وہ یہود کے پاس گئے (اس کے بعد ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا تو یہود تمہارے مقتول کی دیت ادا کریں گے اور یا وہ اعلانِ جنگ کو قبول کریں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ (فیصلہ) یہود کی طرف لکھ کر بھیج دیا۔

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہے۔[2]
اس حدیث کو امام ابو داؤد نے بھی روایت کیا ہے۔[3]
اس حدیث کو امام نسائی نے بھی روایت کیا ہے۔[4]
اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے۔[5]
اس حدیث کو امام مالک نے بھی روایت کیا ہے۔[6]
امام نسائی روایت کرتے ہیں:

(۶) عن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابيه عن جده ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كتب الى اهل اليمن كتابا فيه الفرائض والسنن والديات وبعث

ابو بکر بن محمد بن عمرو بن حزم اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل یمن کی طرف ایک مکتوب لکھا جس میں فرائض، سنن اور دیت کے احکام بیان کیے، آپ

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۶۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ ھ
[2] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۵۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ ھ
[3] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ ھ، سنن ابو داؤد ج ۲ ص ۲۶۵، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ ھ
[4] امام احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ ھ، سنن نسائی ج ۲ ص ۲۰۶، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[5] امام ابو عبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ ھ، سنن ابن ماجہ ص ۱۹۲، " "
[6] امام مالک بن انس اصبحی متوفی ۱۷۹ ھ، مؤطا امام مالک ص ۶۸۰، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور

بہ مع عمرو بن حزم الحدیث [۱] نے یہ مکتوب حضرت عمرو بن حزم کے ہاتھ روانہ کیا۔
امام نسائی نے اس حدیث کو اس باب میں پانچ سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

(۷) عن انس بن مالک ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اراد ان یکتب الی رھط او اناس من الاعاجم فقیل لہ انھم لا یقبلون الا علیہ خاتم فاتخذ النبی صلی اللہ علیہ وسلم خاتم من فضۃ نقشہ محمد رسول اللہ الحدیث [۲]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل عجم کی طرف مکتوب لکھنے کا ارادہ کیا آپ کو بتایا گیا کہ وہ لوگ صرف مہر شدہ خط کو قبول کرتے ہیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی ایک انگوٹھی بنوائی جس پر محمد رسول اللہ نقش تھا۔

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہے۔ [۳]
امام ابو داؤد نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ [۴]

امام دارمی روایت کرتے ہیں:

(۸) عن ابی حمید الساعدی قال، بعث صاحب ایلۃ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بکتاب واھدی لہ بغلۃ بیضاء، فکتب الیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واھدی لہ بردا۔ [۵]

حضرت ابو حمید ساعدی بیان کرتے ہیں کہ ایلہ کے بادشاہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خط لکھا اور ایک سفید خچر آپ کو ہدیہ میں بھیجی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کو خط لکھا اور اس کو ایک چادر ہدیہ میں بھیجی۔

امام مسلم روایت کرتے ہیں:

(۹) عن انس ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتب الی قیصر والی النجاشی والی کل جبار یدعوھم الی اللہ۔ [۶]

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قیصر نجاشی اور ہر سردار کی طرف خط لکھا اور ان کو اسلام کی دعوت دی۔

امام ابن عساکر اپنی سند کے ساتھ ابو جیثم سے روایت کرتے ہیں:

فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک

[۱] - امام احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ، سنن نسائی ج ۲ ص ۲۲۱، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[۲] - امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۸۷۳ - ۸۷۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[۳] - امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۹۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[۴] - امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابو داؤد ج ۲ ص ۲۲۳، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور ۱۴۰۵ھ
[۵] - امام ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی متوفی ۲۵۵ھ، سنن دارمی ج ۲ ص ۱۵۱، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان۔
[۶] - امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۹۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی۔ ۱۳۷۵ھ

اذا جاء اللیل فاین النہار ثم قال انی قد کتبت الی النجاشی فخرقہ فخرقہ اللہ مخرق الملک فقال عباد فقلت لابی خیثم الیس قد اسلم النجاشی و نعاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالمدینۃ الی اصحابہ فصلی علیہ فقال بلی وانما ذلک فلان بن فلان وھذا فلان بن فلان یعنی ان ذالک النجاشی غیر ھذا النجاشی ثم قال وکتبت الی کسری کتابا فمزقہ فمزقہ اللہ ممزق الملک وکتبت الی قیصر کتابا الحدیث۔ [1]

آئے گی تو دن کہاں ہوگا، پھر فرمایا میں نے نجاشی کی طرف خط لکھا اور نجاشی نے اس خط کو پھاڑ دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے ملک توڑ دیا، (عباد نے ابی الخیثم سے کہا کیا نجاشی اسلام نہیں لایا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی موت کی خبر صحابہ کو نہیں دی تھی اور آپ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی تھی، حضرت ابوالخیثم نے فرمایا کیوں نہیں! لیکن وہ فلاں بن فلاں تھا اور یہ فلاں بن فلاں ہے یعنی برادر نجاشی ہے اور وہ اور نجاشی تھا) پھر آپ نے فرمایا میں نے کسریٰ کو خط لکھا اس نے اس خط کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے، اللہ نے اس کے ملک کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے اور میں نے قیصر کو خط لکھا......

یہ وہ احادیث ہیں جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے کا ثبوت ہے، ہم نے ان احادیث کی بکثرت اسانید بیان کی ہیں تاکہ انصاف پسند حضرات کے اطمینان کے لیے ایک ٹھوس بنیاد قائم ہو جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھتے بھی تھے، اور ان تمام احادیث کو بلاضرورت مجاز پر محمول کرنا صحیح نہیں ہے اور عدل و انصاف سے بعید ہے۔ قرآن مجید اور احادیث صحیحہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے پر دلائل قائم کرنے کے بعد ہم اس سلسلہ میں فقہاء اسلام کے اقوال پیش کر رہے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے کے بارے میں فقہاء اسلام کی عبارات

علامہ بدرالدین عینی حنفی لکھتے ہیں:

قلت قد نقل انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کتب بیدہ۔ [2] میں یہ کہتا ہوں کہ یہ منقول ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے لکھا ہے۔

نیز لکھتے ہیں:

وقد ثبت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتب بیدہ۔ [3]

اور یہ بات ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے لکھا ہے۔

صحیح بخاری میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاہدہ حدیبیہ پر مشرکین کے اعتراض کے بعد محمد رسول اللہ کو کاٹ کر لکھ دیا ھذا ما قاضی محمد بن عبد اللہ حالانکہ آپ لکھنے کی مہارت نہیں رکھتے تھے۔ علامہ عینی لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تو آپ کو امی فرمایا ہے پھر آپ نے کیسے لکھا؟ علامہ عینی نے اس کے تین جواب دیئے ہیں:

---

[1] حافظ ابوالقاسم علی بن حسین شامی المعروف بابن عساکر متوفی ۵۷۱ھ، تاریخ دمشق الکبیر ج ۱ ص ۱۴۱، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، الطبعۃ الاولیٰ ۱۴۲۱ھ

[2] علامہ ابو محمد بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۲ ص ۲۰، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[3] " " " " " ج ۱۳ ص ۲۷۵ " " "

الاول ان الامی من لا یحسن الکتابۃ لا من لا یکتب، الثانی ان الاسناد فیہ مجازی الثالث انہ کتب بنفسہ خرقا للعادۃ علی سبیل المعجزۃ۔[1]

پہلا جواب یہ ہے کہ امی وہ شخص ہے جو مہارت سے نہ لکھتا ہو نہ وہ جو کہ (بالکل) نہ لکھتا ہو۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں اسناد مجازی ہے، تیسرا جواب یہ ہے کہ آپ کا یہ لکھنا آپ کا معجزہ تھا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی نے اس مسئلہ پر بہت تفصیل سے بحث کی ہے، لکھتے ہیں:

علامہ ابو الولید باجی مالکی نے صحیح بخاری کی اس حدیث سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے پر استدلال کیا ہے، جس میں ہے "یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھا یہ محمد بن عبداللہ کا فیصلہ ہے، حالانکہ آپ مہارت سے نہیں لکھتے تھے" (صحیح بخاری ج ۲ ص ۶۱۰، مطبوعہ کراچی) ان کے زمانہ کے علماء اندلس نے ان پر یہ اعتراض کیا اور کہا کہ یہ قول قرآن مجید کے خلاف ہے، کیونکہ قرآن مجید ہے وماکنت تتلوا من قبلہ من کتب ولا تخطہ بیمینک "آپ نزول قرآن سے پہلے نہ کتاب سے پڑھتے تھے نہ لکھتے تھے" علامہ باجی نے اس کے جواب میں کہا کہ قرآن مجید میں نزول قرآن سے پہلے آپ کے پڑھنے اور لکھنے کی نفی ہے، اور جب معجزات سے آپ کی نبوت ثابت ہو گئی اور آپ کی نبوت میں شک کا خطرہ نہ رہا تو پھر آپ کے لکھنے سے کوئی چیز مانع نہیں تھی، اور یہ آپ کا دوسرا معجزہ ہے، علامہ ابن دحیہ نے کہا ہے کہ علماء کی ایک جماعت نے علامہ باجی کے موقف کی حمایت کی، ان میں شیخ ابوذر ہروی اور ابوالفتح نیشا پوری اور افریقہ اور دوسرے شہروں کے علماء شامل ہیں۔ بعض علماء نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے پر امام ابن ابی شیبہ کی اس روایت سے استدلال کیا ہے: مجاہد، عون بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تک فوت نہیں ہوئے جب تک آپ نے لکھ اور پڑھ نہیں لیا، مجاہد کہتے ہیں کہ میں نے شعبی سے اس روایت کا ذکر کیا انھوں نے کہا عون بن عبداللہ نے سچ کہا ہے، میں نے اس روایت کو سنا ہے، (حافظ ابن حجر لکھتے ہیں) سہل بن حنظلیہ سے روایت ہے کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاویہ سے کہا کہ وہ اقرع اور عیینہ کے لیے لکھیں، عیینہ نے اس پر کہا تمہارا کیا خیال ہے کیا میں متلمس کا صحیفہ لے کر جاؤں گا؟[3] (یعنی تم نے کچھ کا کچھ تو نہیں لکھ دیا؟) اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صحیفہ پر نظر ڈالی اور فرمایا: معاویہ نے وہی لکھا ہے جو میں نے کہا تھا" یونس کہتے ہیں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نزول قرآن کے بعد لکھا ہے (سہل بن حنظلیہ کی روایت مذکورہ میں آپ کے پڑھنے کا ثبوت ہے۔ سعیدی غفرلہ)۔ قاضی عیاض نے کہا ہے کہ بعض آثار سے پتا چلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھنے اور خوش خطی کی معرفت تھی، کیونکہ آپ نے کاتب سے فرمایا: قلم اپنے کان پر رکھو یہ تم کو یاد دلائے گا اور آپ نے حضرت معاویہ سے فرمایا دوات رکھو اور قلم ایک کنارے رکھو، بآء کو لمبا کر کے لکھو، سین کے دندانے دار لکھو اور میم کو کانا مت کرو (یعنی اس طرح نہ لکھو میم) قاضی عیاض نے کہا ہر چند کہ اس روایت سے آپ کا لکھنا ثابت نہیں ہوتا لیکن آپ کو لکھنے کا علم دیا جانا مستبعد نہیں ہے، کیونکہ آپ کو ہر چیز کا علم دیا گیا ہے۔[2]

---

[1] علامہ ابو محمد بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۱۶۳، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ

[2] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷ ص ۵۰۴، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[3] متلمس نام کے ایک شاعر نے حیرہ کے بادشاہ سے اپنے چچا کے نام کا خط لکھوایا اس نے خط میں لکھا کہ اس کے ہاتھ پیر کاٹ کر اس کو قتل کر دیا جائے چنانچہ اس کو جلاد نے قتل کر دیا پھر خلاف مطلب لکھنے کے لیے متلمس کا صحیفہ ضرب المثل بن گیا (منجد ص ۹۵۸ مطبعہ کاثولیکیہ بیروت طبع ۱۹)

اس کے بعد حافظ ابن حجر عسقلانی نے ان دلائل کو کمزور قرار دیا ہے اور آخر میں یہی لکھا ہے کہ آپ کا لکھنا ثابت نہیں، لیکن ہماری رائے علامہ ابوالولید باجی اور قاضی عیاض وغیرہ کے ساتھ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمّی ہونے کی تشریح میں نے بہت تفصیل اور تحقیق کے ساتھ بیان کی ہے کیونکہ میں نے دیکھا اس زمانہ میں بعض لوگ بہت بے باک اور گستاخ ہیں اور حضور کے اُمّی ہونے کا معنی "ان پڑھ" کرتے ہیں اور حضور کو اعلان نبوت کے بعد بھی لکھنے اور پڑھنے سے عاری کہتے ہیں، اس لیے میں نے قرآن مجید، احادیث صحیحہ اور فقہاء اسلام کے اقوال کی روشنی میں آپ کے اُمّی ہونے کا مطلب واضح کیا کہ آپ کا کوئی دنیاوی استاذ نہیں تھا اور اعلان نبوت سے پہلے آپ لکھتے پڑھتے نہیں تھے لیکن اعلان نبوت کے بعد آپ نے بعض مواقع پر لکھا اور پڑھا اور یہ آپ کا ایک الگ معجزہ ہے۔

والحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد الرسول النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اللھم اغفر للمصنف ولوالدیہ ومشائخہ ومعاونیہ اجمعین۔

بَابُ الْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ [٦٠٦]

عہد کو پورا کرنا

۴۵۲۳ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ جُمَيْعٍ حَدَّثَنَا اَبُو الطُّفَيْلِ حَدَّثَنَا حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ قَالَ مَا مَنَعَنِيْ اَنْ اَشْهَدَ بَدْرًا اِلَّا اَنِّيْ خَرَجْتُ اَنَا وَاَبِيْ حُسَيْلٌ قَالَ فَاَخَذَنَا كُفَّارُ قُرَيْشٍ قَالُوْا اِنَّكُمْ تُرِيْدُوْنَ مُحَمَّدًا فَقُلْنَا مَا نُرِيْدُهُ مَا نُرِيْدُ اِلَّا الْمَدِيْنَةَ فَاَخَذُوْا مِنَّا عَهْدَ اللّٰهِ وَمِيْثَاقَهُ لَنَنْصَرِفَنَّ اِلَى الْمَدِيْنَةِ وَلَا نُقَاتِلُ مَعَهُ فَاَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْنَاهُ الْخَبَرَ فَقَالَ انْصَرِفَا نَفِيْ لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ وَنَسْتَعِيْنُ اللّٰهَ عَلَيْهِمْ۔

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ بدر میں میرے شامل نہ ہونے کی وجہ صرف یہ تھی کہ میں اور میرے والد حسیل دونوں نکلے تو ہمیں کفار قریش نے پکڑ لیا اور کہا کہ تم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس جانا چاہتے ہو، ہم نے کہا ان کے پاس جانا نہیں چاہتے، ہم تو صرف مدینہ منورہ جانا چاہتے ہیں، انھوں نے ہم سے یہ عہد اور میثاق لیا کہ ہم مدینہ جائیں گے اور آپ کے ساتھ مل کر جنگ نہیں کریں گے، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ واقعہ بیان کیا، آپ نے فرمایا تم لوٹ جاؤ، ہم ان سے کیا ہوا عہد پورا کریں گے اور ان کے خلاف اللہ سے مدد طلب کریں گے۔

ضرورت کے وقت جھوٹ بولنے کی تفصیل

علامہ نووی لکھتے ہیں: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جنگ میں جھوٹ بولنا جائز ہے لیکن اگر تعریض سے کام لینا ممکن ہو تو وہ زیادہ بہتر ہے۔ تاہم جنگ میں، لوگوں کے درمیان صلح کرانے کے لیے اور بیوی کی رضاجوئی کے لیے جھوٹ بولنا جائز ہے۔ جیسا کہ حدیث صحیح میں اس کی تصریح ہے۔

کفار کے ساتھ کیے ہوئے عہد کے پورا کرنے میں مذاہب فقہاء

اگر کوئی مسلمان کفار کی قید میں ہو اور کفار اس سے یہ عہد لیں کہ وہ ان کے پاس سے نہیں بھاگے گا تو اس عہد کو پورا کرے یا نہیں؟ اس کا اختلاف ہے، امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور فقہاء کوفہ یہ کہتے ہیں اگر

پھر اس عہد کو پورا کرنا لازم نہیں ہے بلکہ اس کو جب بھاگنے کا موقع ملے تو وہ بھاگ جائے، اور امام مالک کہتے ہیں اس پر اس عہد کو پورا کرنا لازم ہے، البتہ اس پر سب کا اتفاق ہے اگر کفار نے مسلمان قیدی سے جبراً قسم لی کہ وہ نہیں بھاگے گا تو یہ قسم نہیں ہے، کیونکہ وہ مکرہ (جس پر جبر کیا گیا ہو) ہے۔

حضرت حذیفہ اور ان کے والد سے کفار نے یہ عہد لیا تھا کہ غزوہ بدر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں جنگ نہیں کریں گے اور ان سے اللہ کی قسم لی تھی۔ ہر چند کہ اس قسم کا پورا کرنا واجب نہیں تھا کیونکہ امام یا اس کے نائب کی معیت میں جہاد نہ کرنے کے عہد کو پورا کرنا لازم نہیں ہے، لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عہد کو اس لیے پورا کرایا کہ آپ کے صحابہ میں عہد شکنی کی رسم نہ پھیل جائے۔

بَابُ غَزْوَةِ الْاَحْزَابِ

۴۵۲۵ - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَّ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ جَمِيْعًا عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فَقَالَ رَجُلٌ لَوْ اَدْرَكْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاتَلْتُ مَعَهٗ وَاَبْلَيْتُ فَقَالَ حُذَيْفَةُ اَنْتَ كُنْتَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ لَقَدْ رَاَيْتُنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْاَحْزَابِ وَاَخَذَتْنَا رِيْحٌ شَدِيْدَةٌ وَّقُرٌّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا رَجُلٌ يَّاْتِيْنِيْ بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَسَكَتْنَا فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا اَحَدٌ ثُمَّ قَالَ اَلَا رَجُلٌ يَّاْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَسَكَتْنَا فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا اَحَدٌ ثُمَّ قَالَ اَلَا رَجُلٌ يَّاْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَسَكَتْنَا فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا اَحَدٌ فَقَالَ قُمْ يَا حُذَيْفَةُ فَاْتِنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ فَلَمْ اَجِدْ بُدًّا اِذْ دَعَانِيْ بِاسْمِيْ

غزوہ احزاب (جنگ خندق)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نے کہا اگر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ہوتا تو آپ کی معیت میں جہاد کرتا، اور خوب لڑتا، حضرت حذیفہ نے فرمایا: تم ایسا کرتے! مجھے وہ منظر یاد ہے کہ غزوہ احزاب کی رات ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے وہ ایک سرد رات تھی اور ہوا بہت تیز چل رہی تھی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی ایسا شخص ہے جو جا کر کفار کی معلومات حاصل کر کے آئے! قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو میری رفاقت عطا فرمائے گا، ہم خاموش رہے اور ہم میں سے کسی نے کوئی جواب نہیں دیا آپ نے پھر فرمایا کوئی ایسا شخص ہے جو کفار کی معلومات حاصل کر کے آئے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو میری رفاقت عطا فرمائے گا۔ ہم خاموش رہے اور ہم میں سے کسی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ آپ نے پھر فرمایا کوئی ایسا شخص ہے جو کفار کے بارے میں معلومات حاصل کر کے آئے، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو میری رفاقت عطا فرمائے گا، ہم خاموش رہے اور ہم میں سے کسی نے کوئی جواب نہیں دیا آپ نے فرمایا: اے حذیفہ! تم جا کر کفار کی معلومات حاصل کر کے آؤ، جب آپ نے میرا نام لے کر پکارا تو میرے لیے اٹھنے کے سوا اور کوئی چارہ کار نہ تھا، آپ نے فرمایا جاؤ کفار کی معلومات حاصل کرو اور انھیں میرے خلاف غصہ میں نہ لانا، جب میں آپ کے پاس سے اٹھ کر گیا تو یوں لگتا تھا جیسے میں حمام میں چل رہا ہوں۔ حتیٰ کہ میں ان کے پاس پہنچا میں نے دیکھا کہ ابوسفیان اپنی پیٹھ کو آگ سے سینک رہا ہے، میں نے کمان پر تیر چڑھا کر اس

اَنْ اَقُوْمَ قَالَ اذْهَبْ فَأْتِنِیْ بِخَبَرِ الْقَوْمِ وَلَا تَذْعَرْهُمْ عَلَیَّ فَلَمَّا وَلَّیْتُ مِنْ عِنْدِهٖ جَعَلْتُ كَاَنَّمَا اَمْشِیْ فِیْ حَمَّامٍ حَتّٰی اَتَیْتُهُمْ فَرَاَیْتُ اَبَا سُفْیَانَ یَصْلِیْ ظَهْرَهٗ بِالنَّارِ فَوَضَعْتُ سَهْمًا فِیْ كَبِدِ الْقَوْسِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَرْمِیَهٗ فَذَكَرْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَذْعَرْهُمْ عَلَیَّ وَلَوْ رَمَیْتُهٗ لَاَصَبْتُهٗ فَرَجَعْتُ وَاَنَا اَمْشِیْ فِیْ مِثْلِ الْحَمَّامِ فَلَمَّا اَتَیْتُهٗ فَاَخْبَرْتُهٗ بِخَبَرِ الْقَوْمِ وَفَرَغْتُ قُرِرْتُ فَاَلْبَسَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَضْلِ عَبَاءَةٍ كَانَتْ عَلَیْهِ یُصَلِّیْ فِیْهَا فَلَمْ اَزَلْ نَائِمًا حَتّٰی اَصْبَحْتُ فَلَمَّا اَصْبَحْتُ قَالَ قُمْ یَا نَوْمَانُ۔

کو مارنے کا ارادہ کیا پھر مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد یاد آیا کہ انھیں میرے خلاف غصہ میں نہ لانا، اگر میں اس وقت تیر پھینک دیتا تو وہ بلاشبہ نشانہ پر لگتا، میں واپس لوٹا اس حال میں کہ مجھے یوں لگ رہا تھا جیسے میں حمام میں چل رہا ہوں، پھر جب میں آپ کے پاس پہنچا تو میں نے آپ کو کفار کے احوال بیان کیے، جب میں فارغ ہوا تو مجھے ٹھنڈ لگنے لگی، تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنا ایک فالتو کمبل اڑھا دیا جس کو اوڑھ کر آپ نماز پڑھتے تھے، میں اس کو اوڑھ کر صبح تک سوتا رہا، جب صبح ہوئی تو آپ نے فرمایا: اے بہت سونے والے اٹھ جا!

غزوہ احزاب کا مختصر بیان

ذوالقعدہ، ۵ ہجری میں، عربوں اور یہودیوں کی متفقہ اور متحدہ قوت جو مدینہ پر حملہ آور ہوئی اس کو جنگ احزاب کہا جاتا ہے، حزب کے معنی جماعت اور گروہ ہیں اس جنگ میں کفار کی تمام جماعتیں متحد ہو کر مسلمانوں سے لڑی تھیں اس لیے اس کو غزوہ احزاب کہتے ہیں، اس جنگ میں مسلمانوں نے شہر سے باہر نکل کر شامی جانب خندق کھودی تھی اس لیے اس کو غزوہ خندق بھی کہتے ہیں، اس کی تفصیل یہ ہے:

بنو نضیر جب مدینہ سے جلاوطن کیے جانے کے بعد خیبر پہنچے تو انھوں نے مسلمانوں سے انتقام لینے کے لیے مدینہ پر حملہ کرنے کی اسکیم بنائی، ان کے سردار مکہ مکرمہ گئے اور قریش سے کہا اگر تم ہمارا ساتھ دو تو اسلام کو استیصال کیا جا سکتا ہے، قریش مکہ تو مسلمانوں کو ختم کرنے کے لیے پہلے ہی ادھار کھائے بیٹھے تھے، وہ فوراً تیار ہو گئے، اس کے بعد یہ لوگ قبیلہ غطفان کے پاس گئے اور ان کو خیبر کا نصف محاصل دینے کا لالچ دے کر ان کو بھی ساتھ ملا لیا بنو اسد غطفان کے حلیف تھے وہ بھی تیار ہو گئے، بنو سلیم کی قریش سے رشتہ داری تھی وہ بھی ساتھ مل گئے، بنو سعد یہودیوں کے حلیف تھے انھوں نے بھی ساتھ دیا، غرض یہودیوں اور عرب کے تمام قبائل سے مل کر ایک لشکر گراں تیار ہو گیا، حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے ان کی تعداد دس ہزار تھی، یہ لشکر تین حصوں پر منقسم تھا، غطفان کی فوجیں عیینہ بن فزاری کی کمان میں تھیں، بنو اسد طلیحہ کے پرچم تلے تھے، اور ابو سفیان سارے لشکر کا سپہ سالار تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ خبریں سنی تو آپ نے صحابہ سے مشورہ کیا، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے یہ رائے دی کہ کھلے میدان میں نکل کر مقابلہ کرنا خلاف مصلحت ہے، ایک محفوظ مقام پر لشکر جمع کر

کے اس کے گرد خندق کھود لی جائے اس رائے کو سب نے پسند کر لیا، مدینہ کے تین جانب مکانات تھے اور نخلستان کا سلسلہ تھا جو شہر پناہ کا کام دیتا تھا، صرف شامی رخ کھلا ہوا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین ہزار صحابہ کے ساتھ شہر سے باہر نکل کر اسی مقام پر خندق کی تیاریاں شروع کیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود حدود قائم کیں اور دس دس آدمیوں پر دس دس گز زمین تقسیم کی خندق کا عمق پانچ پانچ گز رکھا گیا اور بیس دن میں تین ہزار مقدس ہاتھوں سے یہ خندق تیار ہوئی۔ لہ

خندق کھودنے کے دوران اتفاقاً ایک سخت چٹان آگئی جو کسی کی ضرب سے نہیں ٹوٹتی تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے درآں حالیکہ تین دن کا فاقہ تھا اور شکم مبارک پر دو پتھر بندھے ہوئے تھے آپ نے اپنے دست مقدس سے ایک ضرب لگائی تو وہ چٹان ایک تودہ خاک تھی!

بنو قریظہ کے یہود اب تک الگ تھلگ تھے لیکن بنو نضیر کے امیر حیی بن اخطب نے بسیار کوشش کے بعد ان کو بھی اپنے ساتھ ملا لیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر ملی تو آپ نے حضرت سعد بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہ کو ان کے پاس بھیجا لیکن انھوں نے معاہدہ توڑ دیا اور کہا ہم نہیں جانتے کہ محمد کون ہیں (صلی اللہ علیہ وسلم) اور معاہدہ کیا چیز ہے بنو قریظہ کے ملنے کے بعد کفار کی فوجی نفری میں اور اضافہ ہو گیا اور یہودیوں، قریش اور دیگر قبائل عرب پر مشتمل دس ہزار فوجیں تین حصوں میں پھیل کر مدینہ کی طرف اس زور و شور سے بڑھیں کہ مدینہ کی سر زمین دہل گئی، اللہ تعالیٰ متحدہ کفار کے اس حملہ کی تصویر کشی کرتے ہوئے فرماتا ہے:

اذ جاءوکم من فوقکم ومن اسفل منکم و اذ زاغت الابصار وبلغت القلوب الحناجر و تظنون باللہ الظنونا ہنالک ابتلی المؤمنون و زلزلوا زلزالا شدیدا ۝ (احزاب: ۱۰-۹)

جب دشمن کا لشکر اوپر سے اور نیچے سے تم پر چڑھ دوڑا، جب مارے خوف کے تمہاری آنکھیں پتھرانے لگیں اور کلیجے منہ کو آنے لگے، اور تم لوگ اللہ تعالیٰ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگے، اس وقت صاحبان ایمان کو آزمائش میں ڈالا گیا اور وہ بری طرح دہل گئے تھے۔

افواج اسلام میں منافقین بھی تھے، سردی کی شدت، رسد کی قلت، متواتر فاقوں اور مسلسل جگ راتوں سے تنگ آکر انھوں نے کہا:

واذ یقول المنافقون والذین فی قلوبہم مرض ما وعدنا اللہ ورسولہ الا غرورا ۝ واذ قالت طائفۃ منہم یا اہل یثرب لا مقام لکم فارجعوا ویستاذن فریق منہم النبی یقولون ان بیوتنا عورۃ وما ہی بعورۃ ان یریدون الا فرارا ۔

اور وہ وقت یاد کرو جب منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ تھا یہ کہہ رہے تھے، اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے جو وعدے کیے تھے وہ فریب کے سوا کچھ نہ تھے، اور جب ان میں سے ایک گروہ نے کہا اے یثرب کے لوگو! تمہارے لیے اب ٹھہرنے کا موقع نہیں ہے، واپس لوٹ چلو، اور

لہ۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷، ص ۳۹۳، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

(احزاب: ۱۳-۱۲)

جب ان کا ایک گروہ نبی سے جانے کی رخصت طلب کر رہا تھا کہ ہمارے گھر خطرے میں ہیں حالانکہ وہ خطرے میں نہ تھے دراصل وہ (محاذ جنگ سے) بھاگنا چاہتے تھے۔

اور حضرات صحابہ کرام کو جب اخلاص اور آزمائش کی اس کسوٹی پر کسا گیا تو انہوں نے کہا:

ولما رأ المؤمنون الاحزاب قالوا هذا ما وعدنا الله ورسوله وصدق الله ورسوله وما زادهم الا ايمانا وتسليما۔

(احزاب: ۲۲)

اور جب مسلمانوں نے حملہ آور لشکروں کو دیکھا تو کہنے لگے یہ وہی چیز ہے جس کا اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے وعدہ کیا تھا، اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا تھا اور اس واقعہ نے ان کے ایمان اور تسلیم میں زیادتی ہی کی۔

تقریباً ایک ماہ کفار کا محاصرہ اس قدر سختی سے قائم رہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ پر مسلسل تین تین دن فاقے سے گذرے۔ ایک دن صحابہ نے بے تاب ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سامنے اپنے پیٹ کھول کر دکھائے کہ انہوں نے بھوک کی شدت سے پیٹ پر پتھر باندھے ہوئے ہیں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا پیٹ دکھایا تو اس پر ایک کی بجائے دو پتھر تھے۔ [1]

محاصرین خندق کو عبور نہیں کر سکتے تھے اس لیے دور سے تیر اور پتھر برساتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خندق کے مختلف حصوں پر فوجیں مقرر کر دی تھیں جو محاصرین کے حملوں کا مقابلہ کرتی تھیں ایک حصہ خود آپ کے زیر اہتمام تھا۔ جب محاصرین کو اس طرح کامیابی نہیں ہوئی تو انہوں نے طے کیا کہ اب عام حملہ کیا جائے، خندق کا عرض ایک جگہ سے اتفاقاً کم تھا کہ انہوں نے وہی جگہ عام حملہ کے لیے منتخب کی، عرب کے مشہور جنگجو، ضرار، جبیرہ، نوفل اور عمرو بن عبدوُد نے خندق کے اس کنارے سے گھوڑوں کو بھگایا تو خندق کے پار پہنچ گئے، عمرو بن عبدوُد ایک مشہور جنگجو شخص تھا اس نے عرب کے عام دستور کے موافق مبارزت کی اور کہا میرے مقابلہ پر کون آئے گا؛ حضرت علی اس کی مبارزت کے جواب میں اٹھے کچھ بحث وتمحیص کے بعد عمرو نے حضرت علی پر تلوار کا وار کیا حضرت علی نے اس کے وار کو ڈھال پر روکا لیکن تلوار ڈھال میں ڈوب کر نکلی اور حضرت علی کی پیشانی پر لگی، دشمن کے وار کے بعد حضرت علی نے اس پر ایک ضرب ید اللہی لگائی اور آپ کی تلوار اس کا شانہ کاٹ کر نیچے اتر آئی اور اس کے ساتھ ہی حضرت علی نے اللہ اکبر کا نعرہ مارا اور عمرو بن عبدوُد خاک پر لوٹنے لگا۔

حملہ کا یہ دن بہت سخت تھا تمام دن لڑائی رہی کفار ہر طرف سے تیروں اور پتھروں کا مینہ برسا رہے تھے اور تیروں کی یہ موسلا دھار بارش ایک پل کے لیے بھی نہ رکتی تھی اس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تین مسلسل نمازیں قضا ہوئیں، کیونکہ مسلسل تیر اندازی اور سنگ باری کے باعث اپنی جگہ سے ہٹنا ممکن نہ تھا۔

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی [illegible] ، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ

محاصرہ جس قدر طول پکڑتا جاتا تھا، محاصرہ کرنے والوں کی کمر ہمت ٹوٹ رہی تھی، دس ہزار آدمیوں کو رسد پہنچانا آسان کام نہ تھا، پھر سخت سردی کے اس موسم میں اس زور سے آندھی چلی کہ طوفان آگیا، خیموں کی طنابیں اکھڑ گئیں، کھانے کی دیگچیاں چولہوں پر الٹ گئیں اور لشکر کفار میں زبردست ابتری پھیل گئی، قرآن مجید میں اسی آندھی کو لشکر الٰہی سے تعبیر فرمایا ہے:۔

یا یھا الذین اٰمنوا اذکروا نعمت اللہ علیکم اذ جاء تکم جنود فارسلنا علیھم ریحًا وجنودًا لم تروھا۔ (احزاب: ۹)

اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کے اس احسان کو یاد کرو جب تم پر فوجیں چڑھ آئی تھیں تو ہم نے ان پر ایک سخت آندھی بھیج دی اور ایسی فوجیں بھیج دیں جو تم کو نظر نہ آتی تھیں۔

اس آندھی پر مستزاد یہ ہوا کہ کفار کے لشکر میں پھوٹ پڑ گئی اور یہود اس جنگ سے الگ ہو گئے، بہر حال سردی کی شدت، محاصرہ کا طول، آندھی کا زور، رسد کی قلت اور یہود کی علیحدگی یہ تمام عناصر ایسے جمع ہو گئے کہ اب قریش کے لیے جم کر لڑنا ممکن نہیں تھا، ابوسفیان نے فوج سے کہا ان حالات میں محاصرہ بے کار ہے اور کوچ کا طبل بجوا دیا اور مدینہ کا افق تقریباً ایک ماہ غبار آلود رہنے کے بعد صاف ہو گیا۔ [۱]

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ورد اللہ الذین کفروا بغیظھم لم ینالوا خیرا وکفی اللہ المؤمنین القتال۔ (الاحزاب: ۲۵)

اللہ تعالیٰ نے کفار کا منہ پھیر دیا اور وہ کوئی فائدہ حاصل کیے بغیر اپنے دل کی جلن لیے یونہی پلٹ گئے اور مومنوں کے لڑنے کی طرف سے اللہ کافی ہو گیا۔

بَابُ غَزْوَةِ اُحُدٍ

غزوہ احد کا بیان

۴۵۲۶ - وَحَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ وَّثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُفْرِدَ يَوْمَ اُحُدٍ فِيْ سَبْعَةٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَرَجُلَيْنِ مِنْ قُرَيْشٍ فَلَمَّا رَهِقُوْهُ قَالَ مَنْ يَّرُدُّهُمْ عَنَّا وَلَهُ الْجَنَّةُ اَوْ هُوَ رَفِيْقِيْ فِي الْجَنَّةِ فَتَقَدَّمَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ احد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تنہا رہ گئے، آپ کے ساتھ صرف سات انصاری اور دو قریشی تھے، جب کفار نے آپ کو گھیر لیا تو آپ نے فرمایا ان کو ہمارے پاس سے کون دور کرے گا؟ اس شخص کو جنت ملے گی، یا فرمایا وہ جنت میں میرا رفیق ہوگا، پھر انصار میں سے ایک شخص آگے بڑھ کر لڑا حتیٰ کہ وہ شہید ہو گیا، کفار نے پھر آپ کو گھیر

[۱] علامہ محمد عبد الباقی زرقانی مالکی متوفی ۱۱۲۲ھ، شرح المواہب اللدنیہ ج ۲ ص ۱۲۲-۱۰۴ ملخصاً ملتقطاً مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۳ھ

فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ ثُمَّ رَهِقُوْهُ اَيْضًا فَقَالَ مَنْ يَّرُدُّهُمْ عَنَّا وَلَهُ الْجَنَّةُ اَوْ هُوَ رَفِيْقِيْ فِي الْجَنَّةِ فَتَقَدَّمَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ فَلَمْ يَزَلْ كَذٰلِكَ حَتّٰى قُتِلَ السَّبْعَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَاحِبَيْهِ مَا اَنْصَفْنَا اَصْحَابَنَا۔

یا، آپ نے فرمایا ان کو ہم سے کون دور کرے گا؟ اس کے لیے جنت ہو گی، یا وہ جنت میں میرا رفیق ہو گا، پھر انصار میں سے ایک اور شخص آگے بڑھ کر لڑا حتی کہ وہ شہید ہو گیا اور پھر یہ سلسلہ یونہی چلتا رہا حتی کہ وہ ساتوں انصاری شہید ہو گئے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے (ان قریشی) ساتھیوں سے فرمایا: ہم نے اپنے اصحاب کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔

۴۵۲۷ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يُّسْاَلُ عَنْ جُرْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ فَقَالَ جُرِحَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلٰى رَاْسِهٖ فَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُ الدَّمَ وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ يَسْكُبُ عَلَيْهَا بِالْمِجَنِّ فَلَمَّا رَاَتْ فَاطِمَةُ اَنَّ الْمَاءَ لَا يَزِيْدُ الدَّمَ اِلَّا كَثْرَةً اَخَذَتْ قِطْعَةَ حَصِيْرٍ فَاَحْرَقَتْهُ حَتّٰى صَارَ رَمَادًا ثُمَّ اَلْصَقَتْهُ بِالْجُرْحِ فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ۔

ابو حازم بیان کرتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے جنگ احد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زخمی ہونے کے متعلق سوال کیا گیا، انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور زخمی ہو گیا تھا اور سامنے کا ایک دانت ٹوٹ گیا تھا اور سر مبارک پر خود ٹوٹ گیا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیدہ فاطمہ زہراء آپ کے چہرہ سے، خون دھو رہی تھیں اور حضرت علی بن ابی طالب ڈھال میں پانی لا کر ڈال رہے تھے، جب حضرت فاطمہ نے یہ دیکھا کہ پانی ڈالنے سے تو خون زیادہ نکل رہا ہے تو انھوں نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لے کر جلایا اور اس کی راکھ کر زخم پر لگا دیا، پھر خون بند ہو گیا۔

۴۵۲۸ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَارِيَّ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ اَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ وَهُوَ يُسْاَلُ عَنْ جُرْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَمَا وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَعْرِفُ مَنْ كَانَ يَغْسِلُ جُرْحَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ كَانَ يَسْكُبُ الْمَاءَ وَبِمَاذَا دُوْ[illegible]

ابو حازم بیان کرتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زخم کے متعلق سوال کیا گیا، انھوں نے کہا سنو! خدا کی قسم! مجھے خوب معلوم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زخم کو کون دھو رہا تھا اور کون پانی ڈال رہا تھا اور کس چیز سے آپ کے زخم کا علاج کیا گیا، عبد العزیز کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ آپ کا چہرہ انور زخمی ہو گیا [illegible] کسر تھا

ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عَبْدِ الْعَزِيزِ غَيْرَ أَنَّهُ زَادَ وَجُرِحَ وَجْهُهُ وَقَالَ مَكَانَ هُشِمَتْ كُسِرَتْ۔

۴۵۲۹۔ وَحَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ ح وَحَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ الْعَامِرِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ ح وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ مُطَرِّفٍ كُلُّهُمْ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ بِهٰذَا الْحَدِيثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ ابْنِ أَبِي هِلَالٍ أُصِيبَ وَجْهُهُ وَفِي حَدِيثِ ابْنِ مُطَرِّفٍ جُرِحَ وَجْهُهُ۔

امام مسلم نے تین سندوں کے ساتھ حضرت سہل بن سعد کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت بیان کی ہے ابن ابی ہلال کی سند میں اصیب وجہہ ہے اور ابن مطرف کی سند میں جرح وجہہ کا لفظ ہے۔

۴۵۳۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ يَوْمَ أُحُدٍ وَشُجَّ فِي رَأْسِهِ فَجَعَلَ يَسْلُتُ الدَّمَ عَنْهُ وَيَقُولُ كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ شَجُّوا نَبِيَّهُمْ وَكَسَرُوا رَبَاعِيَتَهُ وَهُوَ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللّٰهِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ احد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سامنے کا دانت ٹوٹ گیا اور آپ کے سر اقدس میں چوٹ لگی آپ اپنے سر سے خون پونچھ رہے تھے اور فرما رہے تھے وہ قوم کیسے فلاح پائے گی جس نے اپنے نبی کا سر زخمی کر دیا اور سامنے کا دانت توڑ دیا، حالانکہ وہ ان کو اللہ کی طرف دعوت دے رہا تھا، اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی لیس لک من الامر شیء۔

۴۵۳۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْكِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں گویا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھ رہا ہوں، آپ انبیاء سابقین میں سے کسی نبی کا واقعہ بیان فرما رہے تھے ان کی قوم نے ان کو

نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ ضَرَبَهُ قَوْمُهُ وَهُوَ يَنْضَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ وَيَقُولُ رَبِّ اغْفِرْ لِقَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ۔

زدوکوب کیا وہ اپنے چہرہ سے خون پونچھ رہے تھے اور یہ فرما رہے تھے، اے اللہ! میری قوم کی مغفرت فرما ان کو علم نہیں ہے۔

۴۵۳۲ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَهُوَ يَنْضِحُ الدَّمَ عَنْ جَبِينِهِ۔

امام مسلم نے ایک اور سند سے یہ روایت ذکر کی ہے اس میں یہ اضافہ ہے آپ اپنی پیشانی سے خون پونچھتے جاتے تھے۔

غزوہ احد کا مختصر بیان بدر کی شکست کے بعد قریش انتقام لینے کے لیے بے چین تھے۔ قریش کے سردار ابوسفیان کی قیادت میں جمع ہوئے اور ایک لشکر جرار تیار کرکے مدینہ منورہ کی طرف بڑھنا شروع کر دیا، پانچ شوال تین ہجری کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس یہ خبر پہنچی کہ قریش کا لشکر مدینہ کے قریب آگیا ہے اور ان کے گھوڑوں نے مدینہ کی چراگاہوں کو صاف کر دیا ہے، چونکہ شہر پر حملہ کا اندیشہ تھا اس لیے ہر طرف پہرے بٹھا دیے گئے، حضرت سعد بن عبادہ اور حضرت سعد بن معاذ مسلح ہو کر تمام رات مسجد نبوی پر پہرہ دیتے رہے۔ صبح کو آپ نے جنگ کے متعلق صحابہ کرام سے مشورہ کیا، مہاجرین اور اکابرین انصار کی رائے یہ تھی کہ شہر میں پناہ گزین ہو کر مقابلہ کیا جائے، عبد اللہ بن ابی ابن سلول کی بھی یہی رائے تھی لیکن نوجوان صحابہ کی رائے یہ تھی کہ شہر سے باہر نکل کر کفار پر حملہ کیا جائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی دلجوئی کی خاطر اسی رائے کو اختیار کر لیا۔

قریش بدھ کے دن مدینہ منورہ کے قریب پہنچے، اور احد پہاڑ کے نزدیک پڑاؤ ڈالا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن نماز جمعہ پڑھ کر ایک ہزار صحابہ کے ساتھ شہر سے باہر نکلے، عبد اللہ بن ابی اپنے تین سو ساتھی لے کر آیا تھا لیکن یہ کہہ کر واپس چلا گیا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے میرا مشورہ نہیں مانا، اس طرح آپ کے ساتھ صرف سات سو صحابہ رہ گئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احد پہاڑ کو پشت پر رکھ کر صف آرائی کی، حضرت مصعب بن عمیر کو علم عنایت کیا، حضرت زبیر بن عوام کو ایک دستہ کا سالار مقرر کیا، اور حضرت حمزہ کو فوج کے اس دستہ کا افسر مقرر کیا جو زرہ پوش نہ تھے، پہاڑ کی پشت کی طرف سے دشمن کے حملہ کا خوف تھا اس لیے حضرت عبد اللہ بن جبیر کی قیادت میں پچاس تیر اندازوں کا ایک دستہ مقرر کیا اور انہیں یہ حکم دیا کہ خواہ فتح ہو یا شکست وہ اس جگہ سے نہ ہٹیں۔

عام جنگ شروع ہونے کے بعد حضرت حمزہ، حضرت علی اور حضرت ابودجانہ دشمن کی فوجوں کے اندر گھس گئے اور فوجوں کو چیرتے ہوئے لاشوں پر لاشیں گراتے ہوئے بڑھتے چلے گئے۔ جبیر بن مطعم نے اپنے غلام وحشی سے یہ وعدہ کیا تھا کہ اگر اس نے حمزہ کو قتل کر دیا تو وہ آزاد کر دیا جائے گا وہ حضرت حمزہ کی تاک میں تھا جیسے ہی حضرت حمزہ اس کے نشانہ کی زد پر آئے اس نے حربہ (ایک چھوٹا نیزہ) پھینک کر مارا جو آپ کی ناف میں لگا اور پار ہو گیا، حضرت حمزہ لڑکھڑا کر گر گئے اور روح پرواز کر گئی۔

جنگ میں مسلمانوں کا پلہ بھاری تھا، حضرت علی اور حضرت ابودجانہ کے حملوں کی وجہ سے دشمن کی فوج کے پاؤں اکھڑ گئے، انہوں نے بدحواسی سے [illegible] مسلمانوں نے مال غنیمت [illegible]

کر دیا اور جو تیر انداز احد کی پشت پر متعین کیے گئے تھے وہ مال غنیمت کی طرف لپکے، حضرت عبداللہ بن جبیر نے ان کو بہت منع کیا لیکن وہ نہ مانے۔ تیر اندازوں کی خالی جگہ دیکھ کر خالد نے عقب سے حملہ کیا، حضرت عبداللہ بن جبیر چند جانثاروں کے ساتھ جم کر لڑے لیکن سب کے سب شہید ہو گئے، اب راستہ صاف تھا، مسلمان مال لوٹنے میں مصروف تھے کہ اچانک ان کے سروں پر تلواریں برسنے لگیں، بدحواسی میں مسلمان خود ایک دوسرے کے ہاتھوں مارے گئے، حضرت مصعب بن عمیر جو علمبردار تھے وہ شہید کر دیے گئے اور یہ شور مچ گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے، اس افواہ سے اور بھی ابتری پھیل گئی اور مسلمانوں کے پاؤں اکھڑ گئے۔ [1]

سب سے پہلے حضرت کعب بن مالک نے آپ کو دیکھا چہرہ انور پر مغفر تھا لیکن آنکھیں دکھائی دیتی تھیں انہوں نے پہچان کر پکارا مسلمانو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں ہیں یہ سن کر ہر طرف سے جانثار ٹوٹ پڑے کفار نے بھی اب ہر طرف سے ہٹ کر اسی رخ پر زور دیا۔ ایک دفعہ کفار نے حملہ کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون مجھ پر جان دیتا ہے؟ زیاد بن سکن پانچ انصاری ساتھیوں کے ساتھ آگے بڑھے اور ایک ایک کر کے سب نے آپ پر اپنی جانیں فدا کر دیں [2]

عبداللہ بن قمیہ نام کا ایک شقی صفوں کو چیرتا ہوا آگے بڑھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ انور پہ تلوار ماری اس کی چوٹ سے مغفر کی دو کڑیاں چہرہ انور میں چبھ گئیں، چاروں طرف سے تلواریں اور تیر برس رہے تھے، یہ دیکھ کر جانثاروں نے آپ کو دائرہ میں لے لیا، حضرت ابو دجانہ آپ کی ڈھال بن گئے اب جو تیر بھی آتا تھا ان کی پیٹھ پر لگتا تھا، حضرت طلحہ آپ کی مدافعت میں تلواروں کو روک رہے تھے اسی عالم میں ان کا ایک ہاتھ ناکارہ ہو گیا، جس وقت دشمن آپ پر تیروں کی بارش کر رہا تھا آپ کی زبان مبارک سے یہ الفاظ نکل رہے تھے "اللھم اغفر لقومی فانھم لا یعلمون" "اے اللہ! میری قوم کو بخش دے وہ بے علم ہیں۔ [3]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثابت قدمی کے ساتھ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گئے، کیونکہ دشمن اس طرف نہیں جا سکتا تھا۔ ابوسفیان نے دیکھ لیا فوج لے کر پہاڑی پر چڑھا لیکن حضرت عمر اور چند صحابہ نے پتھر برسائے جس کی وجہ سے وہ آگے نہ بڑھ سکا۔

قریش نے انتقام بدر کے جوش میں مسلمانوں کی لاشوں سے بھی بدلہ لیا ان کے ناک، کان کاٹ لیے ہند نے ان بریدہ اعضاء کا ہار بنا کر اپنے گلے میں ڈالا، حضرت حمزہ کی لاش پر گئی اور ان کا پیٹ چاک کر کے ان کا کلیجہ نکالا اور چبایا لیکن گلے سے اتر نہ سکا اس لیے اگل دینا پڑا۔

جنگ احد میں شہید ہونے والے مسلمانوں کی تعداد میں اختلاف ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جنگ احد میں ستر مسلمان شہید ہوئے، اور ان میں انصار کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں کہ ابن اسحاق نے پینسٹھ شہداء کا شمار کیا ہے جس میں سے چار مہاجر تھے اور باقی انصار تھے

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷، ص ۳۴۷، ملخصاً مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] علامہ محمد عبد الباقی زرقانی مالکی متوفی ۱۱۲۲ھ، شرح المواہب اللدنیہ ج ۲ ص ۳۵، ملخصاً مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۳ھ

[3] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷، ص ۳۷۳، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

حمزہ، حضرت عبداللہ بن جحش، حضرت شماس بن عثمان اور حضرت مصعب بن عمیر۔ [1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کے دانت کا ٹکڑا گر گیا تھا اور پورا دانت نہیں نکلا تھا۔ [2]

بَابُ ۶۰۹ اشْتِدَادِ غَضَبِ اللهِ عَلٰى مَنْ قَتَلَهٗ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جس شخص کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قتل کریں اس پر غضب الٰہی کا نازل ہونا

۴۵۳۳ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيْثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَدَّ غَضَبُ اللهِ عَلٰى قَوْمٍ فَعَلُوْا هٰذَا بِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ حِيْنَئِذٍ يُشِيْرُ إِلٰى رَبَاعِيَتِهٖ وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَدَّ غَضَبُ اللهِ عَلٰى رَجُلٍ يَقْتُلُهٗ رَسُوْلُ اللهِ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس قوم پر سخت غضب ناک ہوگا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایسا کرے درآں حالیکہ وہ اپنے دانت کی طرف اشارہ فرما رہے تھے، نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص پر سخت غضب ناک ہوتا ہے جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم راہِ خدا میں قتل کر دیں۔

(ف) راہِ خدا کی قید کے ساتھ ان سے احتراز کیا ہے جن کو آپ حدیا قصاص میں قتل کریں۔

بَابُ ۶۱۰ مَا لَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَذَى الْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُنَافِقِيْنَ

مشرکوں اور منافقوں کی طرف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو تکالیف پہنچیں

۴۵۳۴ - وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبَانَ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنْ أَبِيْ إِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنِ الْأَوْدِيِّ عَنْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے پاس نماز پڑھ رہے تھے اور ______ ابوجہل اور اس کے ساتھی بیٹھے ہوئے تھے اور ایک دن پہلے ایک اونٹنی ذبح

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷، ص ۳۶۵، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] ایضاً

ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عِنْدَ الْبَيْتِ وَأَبُو جَهْلٍ وَأَصْحَابٌ لَهُ جُلُوسٌ وَقَدْ نُحِرَتْ جَزُورٌ بِالْأَمْسِ فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ أَيُّكُمْ يَقُومُ إِلَى سَلَا جَزُورِ بَنِي فُلَانٍ فَيَأْخُذُهُ فَيَضَعُهُ فِي كَتِفَيْ مُحَمَّدٍ إِذَا سَجَدَ فَانْبَعَثَ أَشْقَى الْقَوْمِ فَأَخَذَهُ فَلَمَّا سَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ قَالَ فَاسْتَضْحَكُوا وَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَمِيلُ عَلَى بَعْضٍ وَأَنَا قَائِمٌ أَنْظُرُ لَوْ كَانَتْ لِي مَنَعَةٌ طَرَحْتُهُ عَنْ ظَهْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ حَتَّى انْطَلَقَ إِنْسَانٌ فَأَخْبَرَ فَاطِمَةَ فَجَاءَتْ وَهِيَ جُوَيْرِيَةٌ فَطَرَحَتْهُ عَنْهُ ثُمَّ أَقْبَلَتْ عَلَيْهِمْ تَشْتِمُهُمْ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ رَفَعَ صَوْتَهُ ثُمَّ دَعَا عَلَيْهِمْ وَكَانَ إِذَا دَعَا دَعَا ثَلَاثًا وَإِذَا سَأَلَ سَأَلَ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَلَمَّا سَمِعُوا صَوْتَهُ ذَهَبَ عَنْهُمُ الضِّحْكُ وَخَافُوا دَعْوَتَهُ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِأَبِي جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ وَعُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ وَشَيْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ وَالْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ وَأُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ وَعُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ وَذَكَرَ السَّابِعَ وَلَمْ أَحْفَظْهُ فَوَالَّذِي بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ لَقَدْ رَأَيْتُ الَّذِينَ سَمَّى صَرْعَى يَوْمَ بَدْرٍ ثُمَّ سُحِبُوا إِلَى الْقَلِيبِ قَلِيبِ بَدْرٍ. قَالَ أَبُو إِسْحٰقَ الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ غَلَطٌ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ۔

ہوئی تھی ابوجہل نے کہا تم میں سے کوئی شخص جاکر فلاں محلہ سے اونٹنی کی اوجھ لے آئے اور جب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سجدہ میں جائیں تو اس کو ان کے کندھوں پر رکھ دے، قوم کا سب سے بدبخت شخص (عقبہ بن ابی معیط) اٹھا اور جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ میں گئے تو اس نے اس اوجھ کو آپ کے کندھوں پر رکھ دیا۔ پھر وہ آپس میں مذاق کرتے اور ہنستے ہوئے ایک دوسرے پر گرجاتے۔ میں کھڑا ہوا دیکھ رہا تھا کاش مجھ میں اتنی طاقت ہوتی کہ میں اس اوجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت سے اٹھاکر پھینک دیتا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ میں رہے اور اپنا سر نہیں اٹھایا، حتیٰ کہ ایک شخص نے جاکر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بتایا، حضرت فاطمہ نے وہ اوجھ اٹھاکر آپ کی پشت سے پھینکی، حالانکہ اس وقت آپ کم سن بچی تھیں، پھر آپ نے ان لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر برا بھلا کہا، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز مکمل کرلی تو آپ نے باآواز بلند ان کے خلاف دعا کی، آپ جب بھی دعا کرتے تھے تو تین مرتبہ دعا کرتے تھے، پھر آپ نے تین مرتبہ فرمایا اے اللہ! قریش پر گرفت فرما، جب قریش نے آپ کی آواز سنی تو ان کی ہنسی جاتی رہی اور وہ آپ کی دعا سے خوف زدہ ہوگئے، پھر آپ نے دعا کی اے اللہ! ابوجہل بن ہشام کی گرفت فرما اور عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ اور ولید بن عقبہ اور امیہ بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط کی گرفت فرما، راوی کہتے ہیں کہ حضور نے ساتویں شخص کا نام بھی لیا تھا لیکن وہ مجھے یاد نہیں رہا، سو قسم اس ذات کی جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے میں نے جنگ بدر کے دن دیکھا کہ جن جن کا نام لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گرفت کی دعا کی تھی وہ سب بدر کے کنوئیں میں اوندھے پڑے تھے۔ ابواسحاق نے کہا ولید بن عقبہ کے نام میں راوی [illegible] ہے (صحیح ولید بن عتبہ ہے)۔

۴۵۳۵ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا إِسْحٰقَ يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ وَحَوْلَهُ نَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ إِذْ جَاءَ عُقْبَةُ بْنُ أَبِي مُعَيْطٍ بِسَلَا جَزُورٍ فَقَذَفَهُ عَلَى ظَهْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرْفَعْ رَأْسَهُ فَجَاءَتْ فَاطِمَةُ فَأَخَذَتْهُ عَنْ ظَهْرِهِ وَدَعَتْ عَلَى مَنْ صَنَعَ ذٰلِكَ فَقَالَ اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ الْمَلَأَ مِنْ قُرَيْشٍ أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ وَعُتْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ وَعُقْبَةَ بْنَ أَبِي مُعَيْطٍ وَشَيْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ وَأُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ أَوْ أُبَيَّ بْنَ خَلَفٍ شُعْبَةُ الشَّاكُّ قَالَ فَلَقَدْ رَأَيْتُهُمْ قُتِلُوا يَوْمَ بَدْرٍ فَأُلْقُوا فِي بِئْرٍ غَيْرَ أَنَّ أُمَيَّةَ أَوْ أُبَيًّا تَقَطَّعَتْ أَوْصَالُهُ فَلَمْ يُلْقَ فِي الْبِئْرِ.

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ میں تھے اور آپ کے گرد قریش بیٹھے ہوئے تھے، اچانک عقبہ بن ابی معیط اونٹنی کی اوجھ لے کر آیا اور اس اوجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت پر پھینک دیا سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدے سے سر نہ اٹھایا۔ پھر حضرت سیدہ فاطمہ نے اس اوجھ کو آپ کی پشت سے اٹھایا، اور ان لوگوں کو بد دعا دی جنہوں نے یہ حرکت کی تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے خلاف دعا کی اور فرمایا: اے اللہ! قریش کی جماعت پر گرفت فرما! ابو جہل بن ہشام، عتبہ بن ربیعہ، عقبہ بن ابی معیط، شیبہ بن ربیعہ اور امیہ بن خلف یا ابی بن خلف کی گرفت فرما (شعبہ کو شک ہے) حضرت ابن مسعود کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ یہ سب جنگ بدر کے دن قتل کیے گئے اور ان کو وادی بدر کے کنوئیں میں ڈال دیا گیا، البتہ امیہ بن خلف یا ابی بن خلف کو کنوئیں میں نہیں ڈالا گیا کیونکہ اس کے جوڑ جوڑ کٹ چکے تھے۔

۴۵۳۶ - وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ وَزَادَ وَكَانَ يَسْتَحِبُّ ثَلَاثًا يَقُولُ اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ ثَلَاثًا وَذَكَرَ فِيهِمُ الْوَلِيدَ بْنَ عُتْبَةَ وَأُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ وَلَمْ يَشُكَّ قَالَ أَبُو إِسْحٰقَ وَنَسِيتُ السَّابِعَ

امام مسلم نے اس حدیث کو ایک اور سند سے روایت کیا ہے اس میں یہ اضافہ ہے کہ آپ تین مرتبہ دعا کرنے کو پسند فرماتے تھے، اور آپ نے تین مرتبہ فرمایا، اے اللہ قریش کی گرفت فرما، اے اللہ قریش کی گرفت فرما، اے اللہ! قریش کی گرفت فرما اور اس میں ولید بن عتبہ اور امیہ بن خلف کا ذکر ہے اور راوی کے شک کا ذکر نہیں ہے، ابو اسحاق کہتے ہیں کہ میں ساتویں شخص کا نام بھول گیا۔

۴۵۳۷ - وَحَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحٰقَ عَنْ عَمْرٍو

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کی طرف منہ کر کے قریش [illegible] کے خلاف دعا کی ان میں ابو جہل، امیہ [illegible]

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اسْتَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْتَ فَدَعَا عَلَى سِتَّةِ نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ فِيهِمْ أَبُو جَهْلٍ وَأُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ وَعُتْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ وَشَيْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ وَعُقْبَةُ بْنُ أَبِي مُعَيْطٍ فَأُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَقَدْ رَأَيْتُهُمْ صَرْعَى عَلَى بَدْرٍ قَدْ غَيَّرَتْهُمُ الشَّمْسُ وَكَانَ يَوْمًا حَارًّا۔

عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ اور عقبہ بن ابی معیط تھے، میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں، میں نے ان سب کو بدر کے کنوئیں میں اوندھے پڑے ہوئے دیکھا، دھوپ کی شدت سے ان کے رنگ متغیر ہو گئے تھے اور وہ سخت گرم دن تھا۔

۴۵۲۸ - وَحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى وَعَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ الْعَامِرِيُّ وَأَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ قَالُوا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَتْهُ أَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ أَتَى عَلَيْكَ يَوْمٌ كَانَ أَشَدَّ مِنْ يَوْمِ أُحُدٍ فَقَالَ لَقَدْ لَقِيتُ مِنْ قَوْمِكِ وَكَانَ أَشَدَّ مَا لَقِيتُ مِنْهُمْ يَوْمَ الْعَقَبَةِ إِذْ عَرَضْتُ نَفْسِي عَلَى ابْنِ عَبْدِ يَالِيلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ فَلَمْ يُجِبْنِي إِلَى مَا أَرَدْتُ فَانْطَلَقْتُ وَأَنَا مَهْمُومٌ عَلَى وَجْهِي فَلَمْ أَسْتَفِقْ إِلَّا بِقَرْنِ الثَّعَالِبِ فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا أَنَا بِسَحَابَةٍ قَدْ أَظَلَّتْنِي فَنَظَرْتُ فَإِذَا فِيهَا جِبْرِيلُ فَنَادَانِي فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ وَمَا رَدُّوا عَلَيْكَ وَقَدْ بَعَثَ إِلَيْكَ مَلَكَ الْجِبَالِ لِتَأْمُرَهُ بِمَا شِئْتَ فِيهِمْ قَالَ فَنَادَانِي مَلَكُ الْجِبَالِ وَسَلَّمَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا آپ پر کوئی ایسا دن آیا جو جنگ اُحد سے زیادہ شدید تھا؟ آپ نے فرمایا مجھے تمہاری قوم سے بہت زیادہ تکلیف پہنچی اور سب سے شدید تکلیف وہ تھی جو مجھے یوم عقبہ کو پہنچی، جب میں نے اپنے آپ کو ابن عبد یالیل بن عبد کلال پر پیش کیا (یعنی اس کو دعوت اسلام دی) لیکن اس نے وہ چیز قبول نہیں کی جو میں چاہتا تھا پس میں غمزدہ ہو کر واپس چلا آیا اور قرن ثعالب پر پہنچ کر مجھے افاقہ ہوا، اچانک میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو مجھ پر ایک بادل نے سایہ کیا ہوا تھا، میں نے دیکھا اس میں جبرائیل تھے انھوں نے مجھے آواز دی اور کہا آپ نے اپنی قوم سے جو کچھ کہا تھا وہ اللہ تعالیٰ نے سن لیا اور جو انھوں نے آپ کو جواب دیا وہ بھی سن لیا، اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف پہاڑوں کا فرشتہ بھیجا ہے تاکہ آپ اس کو ان کفار کے متعلق جو چاہیں حکم کریں حضور نے فرمایا پھر پہاڑوں کے فرشتہ نے مجھے آواز دی اور مجھے سلام کیا پھر کہا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ نے آپ کی قوم کا جواب سن لیا اور میں پہاڑوں کا فرشتہ ہوں اور مجھے آپ کے رب نے آپ کے پاس اس لیے بھیجا ہے تاکہ آپ مجھے جو چاہیں حکم دیں اگر آپ چاہیں تو میں ان دونوں پہاڑوں کو ان پر گرا دوں، رسول اللہ

عَلَيَّ ثُمَّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ وَأَنَا مَلَكُ الْجِبَالِ وَقَدْ بَعَثَنِي رَبُّكَ إِلَيْكَ لِتَأْمُرَنِي بِأَمْرِكَ فَمَا شِئْتَ إِنْ شِئْتَ أَنْ أُطْبِقَ عَلَيْهِمُ الْأَخْشَبَيْنِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلْ أَرْجُو أَنْ يُخْرِجَ اللّٰهُ مِنْ أَصْلَابِهِمْ مَنْ يَعْبُدُ اللّٰهَ وَحْدَهُ لَا يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا۔

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلکہ مجھے یہ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی پشتوں سے ان لوگوں کو پیدا کرے گا جو صرف اللہ کی عبادت کریں گے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گے۔

۴۵۳۹۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي عَوَانَةَ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ قَالَ دَمِيَتْ إِصْبَعُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ تِلْكَ الْمَشَاهِدِ فَقَالَ۔

هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيتِ
وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ کسی جنگ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلی خون آلود ہو گئی، آپ نے فرمایا: تو ایک انگلی ہے جو خون آلود ہو گئی ہے اور تو نے جو تکلیف اٹھائی ہے وہ اللہ کی راہ میں اٹھائی ہے۔

۴۵۴۰۔ وَحَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَارٍ فَنُكِبَتْ إِصْبَعُهُ۔

ایک اور سند سے یہ روایت ہے اس میں ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک لشکر میں تھے اور وہاں آپ کی انگلی زخمی ہو گئی تھی۔

۴۵۴۱۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ أَنَّهُ سَمِعَ جُنْدُبًا يَقُولُ أَبْطَأَ جِبْرِيلُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ قَدْ وُدِّعَ مُحَمَّدٌ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى۔

حضرت جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جبرائیل کے آنے میں تاخیر ہو گئی، مشرکین کہنے لگے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو چھوڑ دیا گیا تب اللہ عز وجل نے یہ آیت نازل کی (ترجمہ) قسم ہے روز روشن کی، اور قسم ہے رات کی جب وہ اپنے گیسو پھیلائے! (اے نبی) تمہارے رب نے تم کو ہرگز نہیں چھوڑا اور نہ وہ ناراض ہوا۔

۴۵۴۲۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ [illegible]

[illegible] جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ بیان [illegible]

وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَ إِسْحٰقُ أَخْبَرَنَا وَقَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدُبَ بْنَ سُفْيَانَ يَقُولُ اشْتَكٰى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا فَجَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ يَا مُحَمَّدُ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ شَيْطَانُكَ قَدْ تَرَكَكَ لَمْ أَرَهُ قَرِبَكَ مُنْذُ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثٍ قَالَ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى۔

(ف): یہ بدبخت عورت ابولہب کی بیوی تھی۔

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو گئے اور دو یا تین راتیں اٹھ نہیں سکے تو ایک عورت نے آکر کہا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے یہ امید ہے کہ تمہارے شیطان نے تمہیں چھوڑ دیا کیونکہ وہ دو یا تین راتوں سے تمہارے پاس نہیں آیا۔ جب اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔ بلا ترجمہ: قسم ہے دن روشن کی، اور قسم ہے رات کی جب وہ اپنے گیسو دراز کر لے! (اے محبوب!) تمہارے رب نے تم کو ہرگز نہیں چھوڑا اور نہ وہ ناراض ہوا۔

۴۵۴۳ - وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالُوا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ ح وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الْمُلَائِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِهِمَا۔

امام مسلم نے اس حدیث کی دو اور سندیں بیان کی ہیں۔

۴۵۴۴ - حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ أَنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ حِمَارًا عَلَيْهِ إِكَافٌ تَحْتَهُ قَطِيفَةٌ فَدَكِيَّةٌ وَأَرْدَفَ وَرَاءَهُ أُسَامَةَ وَهُوَ يَعُودُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فِي بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ وَذَاكَ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ حَتّٰى مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيهِ أَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دراز گوش پر سوار ہوئے جس پر پالان تھا اور اس کے نیچے فدک کی ایک چادر تھی، آپ کے پیچھے حضرت اسامہ بیٹھے ہوئے تھے، آپ قبیلہ بنو حارث بن خزرج میں حضرت سعد بن عبادہ کی عیادت کے لیے جا رہے تھے، یہ واقعہ جنگ بدر سے پہلے کا ہے، آپ راستہ میں ایک ایسی جگہ سے گزرے جہاں مسلمان، بت پرست لوگ اور یہودی بیٹھے ہوئے تھے، ان میں عبد اللہ بن ابی اور عبد اللہ بن رواحہ بھی بیٹھے ہوئے تھے جب اس مجلس میں اس سواری کی گرد پہنچی تو عبد اللہ بن ابی نے چادر سے اپنی ناک

وَالْمُشْرِكِيْنَ عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَالْيَهُوْدِ فِيْهِمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ وَّفِي الْمَجْلِسِ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ رَوَاحَةَ فَلَمَّا غَشِيَتِ الْمَجْلِسَ عَجَاجَةُ الدَّابَّةِ خَمَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ اَنْفَهٗ بِرِدَائِهٖ ثُمَّ قَالَ لَا تُغَبِّرُوْا عَلَيْنَا فَسَلَّمَ عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ وَقَفَ فَنَزَلَ فَدَعَاهُمْ اِلَى اللّٰهِ وَقَرَاَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ اُبَيٍّ اَيُّهَا الْمَرْءُ لَا اَحْسَنَ مِنْ هٰذَا اِنْ كَانَ مَا تَقُوْلُ حَقًّا فَلَا تُؤْذِنَا فِيْ مَجَالِسِنَا وَارْجِعْ اِلٰى رَحْلِكَ فَمَنْ جَآءَكَ مِنَّا فَاقْصُصْ عَلَيْهِ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ اغْشَنَا فِيْ مَجَالِسِنَا فَاِنَّا نُحِبُّ ذٰلِكَ قَالَ فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْيَهُوْدُ حَتّٰى هَمُّوْا اَنْ يَّتَوَاثَبُوْا فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ ثُمَّ رَكِبَ دَآبَّتَهٗ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ اَيْ سَعْدُ اَلَمْ تَسْمَعْ اِلٰى مَا قَالَ اَبُوْ حُبَابٍ يُرِيْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ قَالَ كَذَا وَكَذَا قَالَ اعْفُ عَنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاصْفَحْ فَوَاللّٰهِ لَقَدْ اَعْطَاكَ اللّٰهُ الَّذِيْ اَعْطَاكَ وَلَقَدِ اصْطَلَحَ اَهْلُ هٰذِهِ الْبُحَيْرَةِ اَنْ يُّتَوِّجُوْهُ فَيُعَصِّبُوْهُ بِالْعِصَابَةِ فَلَمَّا رَدَّ اللّٰهُ ذٰلِكَ بِالْحَقِّ الَّذِيْ اَعْطَاكَهٗ شَرِقَ بِذٰلِكَ فَذٰلِكَ فَعَلَ بِهٖ مَا رَاَيْتَ فَعَفَا عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

دھاپ کی اور کہنے لگا ہم پر گرد نہ اڑاؤ! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سلام کیا، پھر ٹھہر گئے، آپ سواری سے اترے اور ان لوگوں کو اسلام کی دعوت دی اور ان پر قرآن مجید کی تلاوت کی، عبداللہ بن ابی نے کہا: اے شخص! اس سے بہتر اور کوئی بات نہیں ہے کہ اگر جو کچھ تم کہتے ہو وہ سچ ہے، تب بھی ہم کو ہماری مجلس میں آکر تکلیف نہ پہنچاؤ اور اپنے گھر واپس لوٹ جاؤ اور ہم میں سے جو شخص تمہارے پاس آئے اس کو وعظ کرو، حضرت عبداللہ بن رواحہ نے کہا آپ ہماری مجلس میں آئیے ہم اس کو پسند کرتے ہیں، پھر مسلمان، یہود اور بت پرست ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے لگے اور ایک دوسرے پر حملے کے لیے تیار ہو گئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کو مسلسل ٹھنڈا کرتے رہے پھر آپ اپنی سواری پر سوار ہوئے اور حضرت سعد بن عبادہ کے پاس گئے اور فرمایا: اے سعد کیا تم نے نہیں سنا کہ ابوحباب یعنی عبداللہ بن ابی نے کیا کہا ہے؟ حضرت سعد نے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو معاف کیجئے اور اس سے درگزر کیجئے۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو مرتبہ دیا ہے سو دیا ہے، اس شہر کے لوگوں نے یہ طے کر لیا تھا کہ اس کو تاج پہنائیں گے اور اس کے سر پر (بادشاہت کا) عمامہ باندھیں گے لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کر کے اور آپ کو مرتبہ دے کر اس کو مسترد کر دیا اس وجہ سے یہ جل گیا اور جو کچھ آپ نے دیکھا ہے اس کا سبب یہی ہے، سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے درگزر کر لیا۔

۴۵۴۵۔ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنٌ يَعْنِي ابْنَ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِيْ هٰذَا [illegible]

ایک اور سند سے بھی یہ روایت منقول ہے اور اس میں یہ اضافہ ہے کہ اس وقت تک عبداللہ بن ابی نے [illegible] نہیں کیا تھا۔

وَزَادَ وَ ذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يُّسْلِمَ عَبْدُ اللّٰهِ۔

۴۵۴۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى الْقَيْسِيُّ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَتَيْتَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ قَالَ فَانْطَلَقَ اِلَيْهِ وَرَكِبَ حِمَارًا وَانْطَلَقَ الْمُسْلِمُوْنَ وَهِيَ اَرْضٌ سَبِخَةٌ فَلَمَّا اَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِلَيْكَ عَنِّيْ فَوَاللّٰهِ لَقَدْ اٰذَانِيْ نَتْنُ حِمَارِكَ قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَاللّٰهِ لَحِمَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَطْيَبُ رِيْحًا مِّنْكَ قَالَ فَغَضِبَ لِعَبْدِ اللّٰهِ رَجُلٌ مِّنْ قَوْمِهٖ قَالَ فَغَضِبَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا اَصْحَابُهٗ قَالَ فَكَانَ بَيْنَهُمْ ضَرْبٌ بِالْجَرِيْدِ وَبِالْاَيْدِيْ وَ بِالنِّعَالِ قَالَ فَبَلَغَنَا اَنَّهَا نَزَلَتْ فِيْهِمْ وَاِنْ طَآئِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا گیا کہ کاش آپ عبد اللہ بن ابی کے پاس (دعوت اسلام کے لیے) تشریف لے جائیں! نبی صلی اللہ علیہ وسلم دراز گوش پر سوار ہو کر اس کی طرف گئے اور مسلمان بھی آپ کے ساتھ گئے، وہ زمین شور والی تھی، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس پہنچے تو وہ کہنے لگا: ایک طرف ہو، بخدا تمہارے گدھے کی بو سے مجھے اذیت ہو رہی ہے، ایک انصاری نے کہا بخدا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گدھے کی بو تم سے زیادہ خوشبو دار ہے، اس پر عبد اللہ بن ابی کی قوم کا ایک شخص غضب ناک ہو گیا، پھر ہر طرف کے لوگ غصہ میں آ گئے اور وہ ہاتھوں چھڑیوں اور جوتوں کے ساتھ ایک دوسرے سے لڑنے لگے۔ راوی کہتے ہیں اور ہم کو یہ خبر پہنچی ہے کہ ان کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی: (ترجمہ) اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان صلح کرادو۔

لفظ ”سلی“ کی تحقیق

اس باب کی حدیث نمبر ۴۵۴۲ میں ہے، مشرکین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت پر نماز کی حالت میں اونٹنی کی ”سلی“ رکھ دی۔

علامہ سید مرتضیٰ زبیدی سلی کا معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

السلى جلدة رقيقة يكون فيها الولد من الناس والمواشي ان نزعت عن وجه الفصيل ساعة يولد والا قتلته وكذلك اذا انقطع السلى في البطن فاذا خرج السلى سلمت الناقة وسلم الولد وان انقطع في بطنها هلكت وهلكت الولد هكذا ذكره الجوهري الا انه خصه بالمواشي كالازهري والمشيمة للناس وعم ابن سيده

وہ باریک کھال جس میں انسان یا جانور کا بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے اس کو ”سلی“ کہتے ہیں جس وقت بچہ پیدا ہوتا ہے اس وقت اس کھال کو اگر بچہ کے منہ سے ہٹا لیا جائے تو ٹھیک ورنہ اس کھال کی وجہ سے بچہ مر جاتا ہے اسی طرح اگر ماں کے پیٹ میں یہ کھال پھٹ جائے تو بچہ مر جاتا ہے اور جب یہ کھال نکال لی جائے تو اونٹنی اور اس کا بچہ دونوں سلامت رہتے ہیں، اور اگر اونٹنی

وتبعه المصنف [1]

کے پیٹ میں یہ کھال کٹ یا پھٹ جائے تو ماں اور بچہ دونوں ہلاک ہو جاتے ہیں، علامہ جوہری نے بھی اسی طرح ذکر کیا ہے البتہ علامہ جوہری اور ازہری نے سلی کو مویشیوں کے ساتھ مختص کیا ہے اور مشیمہ کو انسانوں کے ساتھ خاص کیا ہے اور علامہ ابن سیدہ نے اس کو عام قرار دیا ہے اور مصنف بھی انہیں کے تابع ہے۔

علامہ نووی [2]، علامہ ابی مالکی [3]، علامہ ابن حجر عسقلانی [4] اور علامہ بدر الدین عینی [5] نے بھی "سلی" کا یہی معنی بیان کیا ہے۔
اردو میں "سلی" کو جھلی کہتے ہیں، لیکن قرائن سے یہ متعین ہے کہ یہاں سلی سے مجازاً اوجھڑی مراد ہے، کیونکہ مشرکین کا مقصد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت اور تکلیف پہنچانا تھا اور جھلی اس قدر خفیف اور باریک ہوتی ہے کہ اس کو پشت پر رکھنے میں کوئی ضرر اور تکلیف نہیں ہوتی، ثانیاً حدیث میں ہے کہ جب مشرکین نے آپ کی پشت پر سلی رکھ دی تو آپ نے سجدہ سے سر نہیں اٹھایا تاوقتیکہ حضرت فاطمہ نے آکر اس کو آپ کی پشت سے اٹھا نہیں دیا، اس سے بھی معلوم ہوا کہ سلی کوئی بھاری اور وزنی چیز تھی سو اس سے بھی متعین ہو گیا کہ وہ جھلی نہیں بلکہ اونٹنی کی اوجھڑی تھی، ثالثاً علامہ نووی، علامہ ابن حجر عسقلانی، علامہ عینی اور دیگر شارحین نے سلی کے رکھنے سے جو مسائل مستنبط کیے ہیں اس سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ اوجھڑی تھی، علامہ نووی لکھتے ہیں:

اس حدیث میں یہ اشکال ہے کہ جب آپ کی پشت پر نجاست رکھ دی گئی تو پھر آپ کس طرح بدستور نماز پڑھتے رہے؟ قاضی عیاض مالکی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ نجس نہیں تھی کیونکہ گوبر اور بدن کی رطوبت دونوں پاک ہیں ناپاک تو صرف خون ہے، (علامہ نووی لکھتے ہیں) یہ جواب صرف امام مالک اور ان کے موافقین کے مذہب پر صحیح ہے، کیونکہ ان کے نزدیک جن جانوروں کا گوشت حلال ہے ان کی لید بھی پاک ہے اور امام شافعی، امام ابو حنیفہ اور دوسرے فقہاء کے نزدیک لید نجس ہے اور قاضی عیاض نے جو یہ جواب ذکر کیا ہے یہ باطل ہے کیونکہ سلی نجاست کو متضمن ہے کیونکہ اس سے عادۃً خون علیحدہ نہیں ہوتا، نیز وہ بت پرستوں کا ذبیحہ تھا اس لیے "سلی" بھی نجس تھی اور اس کا گوشت بھی نجس تھا اور اس کے تمام اجزاء نجس تھے، صحیح جواب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو علم نہیں تھا آپ کی پشت پر کیا چیز رکھی گئی ہے اس لیے آپ نے طہارت سابقہ کے حکم کو باقی رکھا، اور یہ بھی معلوم نہیں کہ یہ نماز فرض تھی یا نہیں اور اس کا اعادہ واجب تھا یا نہیں اور اگر اس کا اعادہ واجب تھا تو وقت میں بہر حال گنجائش تھی۔ [6]

1۔ علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس شرح القاموس ج ۱۰ ص ۱۸۲، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ھ
2۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۰۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
3۔ علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۲۳، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
4۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱ ص ۳۵۲، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور
5۔ حافظ بدر الدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۴ ص ۱۸۲، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ
6۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۰۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: اس حدیث سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ حلال جانوروں کا گوبر پاک ہے، اور اس استدلال کو مسترد کر دیا گیا ہے کہ سلی میں صرف گوبر نہیں تھا بلکہ خون بھی تھا جیسا کہ اسرائیل کی روایت میں ہے اور خون بالاتفاق نجس ہے، اس اعتراض کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ گوبر اور خون سلی کے اندر تھا اور سلی کی ظاہری جلد پاک تھی لیکن یہ جواب اس لیے مردود ہے کہ یہ اونٹنی بہرحال بت پرستوں کا ذبیحہ تھی اور مردار تھی اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ یہ واقعہ مردار کے حرام ہونے سے پہلے کا ہے لیکن یہ جواب اس لیے صحیح نہیں کہ بغیر تاریخی ثبوت کے صرف احتمال سے یہ نہیں کہا جا سکتا اور اس اشکال کا صحیح جواب وہی ہے جو علامہ نووی نے بیان کیا ہے کہ سلی رکھے جانے کے باوجود آپ بدستور نماز میں اس لیے مشغول رہے کہ آپ کو یہ علم نہیں تھا کہ آپ کی پشت پر کیا رکھا گیا اور آپ نے استصحاب حال کے اعتبار سے طہارت سابقہ کے حکم کو باقی رکھا۔[1]

علامہ بدرالدین عینی نے اس تمام بحث کو نقل کرنے کے بعد یہ لکھا ہے کہ سلی گوبر وغیرہ کی وجہ سے ناپاک تھی لیکن آپ کو اس کا علم نہیں تھا اور آپ نماز میں اس لیے مشغول رہے کہ اس وقت تک بت پرستوں کا ذبیحہ حرام نہیں قرار دیا گیا تھا اور یہ محض احتمال نہیں ہے بلکہ آپ کا نماز میں بدستور مشغول رہنا اس پر قرینہ ہے کہ اس وقت تک اس کو حرام نہیں کیا گیا تھا کیونکہ آپ کسی ناجائز کام پر خود برقرار نہ رہ سکتے ہیں نہ کسی اور کو برقرار رکھ سکتے ہیں آپ کی شان اس سے بلند ہے۔[2]

علامہ نووی، علامہ ابن حجر عسقلانی اور علامہ عینی کی ان تشریحات سے واضح ہو گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت پر جو "سلی" رکھی گئی تھی اس میں گوبر تھا اور گوبر جھلی میں نہیں ہوتا جانور کی اوجھ میں ہوتا ہے اس سے واضح ہو گیا کہ اس حدیث میں سلی کا اطلاق اوجھڑی پر کیا گیا ہے۔

اوجھڑی کھانے کا حکم

اس حدیث میں چونکہ اوجھڑی کا ذکر آ گیا ہے اس لیے ہم اوجھڑی کھانے کا شرعی حکم بیان کرنا چاہتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذبح شدہ حیوان کے سات اجزاء کا کھانا حرام قرار دیا ہے اور ان کے ماسوا کو حلال قرار دیا ہے اور اوجھڑی چونکہ ان سات اعضاء میں شامل نہیں ہے اس لیے بظاہر اس کا کھانا حلال ہے، اسی طرح فقہاء نے بھی ذبح شدہ جانور کے صرف سات اجزاء کو حرام قرار دیا ہے اور ان میں اوجھڑی شامل نہیں ہے اس سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اوجھڑی حلال ہے، لیکن نظر دقیق سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اوجھڑی مثانہ کی طرح مکروہ تحریمی ہے۔

امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں:

عن مجاهد قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يكره من الشاة سبعا الدم، والحيا والانثيين والغدة والذكر والمثانة والمرارة

مجاہد کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بکری کی سات چیزوں کو مکروہ (تحریمی) قرار دیتے تھے (۱) خون (۲) فرج (۳) خصیتین (۴) غدود (۵) ذکر (۶) مثانہ

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱ ص ۳۵۲، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[2] حافظ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۴ ص ۱۲۵، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

وکان یستحب من الشاۃ مقدمها۔ [1]

آپ بکری کے اگلے حصے کو پسند فرماتے تھے۔

اس حدیث کو امام بیہقی نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

اس حدیث کو امام ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے۔ [3]

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: بکری کی سات چیزوں کو کھانا مکروہ تحریمی ہے، فرج، خصیہ، غدود، مثانہ، پتہ، بہنے والا خون اور ذکر، اس کے بعد ایک منظوم شعر لکھا ہے اس میں ہے جب تم بکری کو ذبح کرو تو اس کی سات چیزوں کے سوا کھاؤ۔ [4]

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں: مجاہد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بکری کے سات اجزاء کو مکروہ فرمایا ہے، ذکر، خصیتین، فرج، غدود، پتہ، مثانہ اور خون۔ امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں خون حرام ہے اور باقی چھ چیزیں مکروہ ہیں، کیونکہ خون کی حرمت قرآن مجید کی نص قطعی سے ثابت ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے حرمت علیکم المیتۃ والدم الآیۃ اور باقی چھ چیزیں مکروہ ہیں کیونکہ ان کو انسان مکروہ سمجھتا ہے اور قرآن مجید میں ہے ویحرم علیھم الخبائث۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خبیث چیزوں کو حرام کرتے ہیں اور یہ چھ چیزیں خبیث ہیں ان سے گھن آتی ہے، حضرت مجاہد کی روایت میں جو کراہت کا لفظ ہے اس سے مراد مکروہ تحریمی ہے، کیونکہ ان چھ چیزوں اور خون کو کراہت میں جمع کیا ہے۔ [5]

ملک العلماء علامہ کاسانی حنفی نے بھی ذبح شدہ جانور کے ان سات اجزاء کو مکروہ تحریمی لکھا ہے۔ [6]

اور چونکہ اوجھڑی ان سات چیزوں میں شامل نہیں ہے اس لیے اس کا کھانا بظاہر مکروہ تحریمی نہیں ہے، البتہ قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ مثانہ میں پیشاب ہوتا ہے اور اس کا کھانا مکروہ تحریمی ہے، اسی طرح اوجھڑی میں گوبر ہوتا ہے اس لیے اس کا کھانا بھی مکروہ تحریمی ہونا چاہیے نیز ان چھ چیزوں کی کراہت کی یہ دلیل ہے کہ یہ اشیاء خبیث ہیں انسان ان سے گھن کرتا ہے اور متنفر ہوتا ہے اور قرآن مجید میں ہے ویحرم علیھم الخبائث "نبی صلی اللہ علیہ وسلم خبیث چیزوں کو حرام کرتے ہیں" اور اوجھڑی سے بھی انسان گھن کرتا ہے اور متنفر ہوتا ہے اس لیے یہ بھی خبیث اور مکروہ تحریمی ہیں نے مذاہب اربعہ کی کتب میں بالخصوص اوجھڑی کا جزیہ تلاش کیا لیکن مجھ کو یہ جزیہ نہیں مل سکا اس لیے ہم نے یہ بیان کیا ہے کہ بظاہر حدیث اور عبارات فقہاء کا تقاضا یہ ہے کہ یہ بلا کراہت حلال ہے اور قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ یہ مکروہ

1۔ امام عبدالرزاق بن ہمام متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۴ ص ۵۳۵، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

2۔ امام احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۷، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

3۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، مراسیل ابوداؤد ص ۱۹، مطبوعہ اصح المطابع کراچی

4۔ علامہ علاؤالدین حصکفی متوفی ۱۰۸۸ھ، در مختار علی ہامش رد المحتار ج ۵ ص ۶۵۷ - ۶۵۴، مطبوعہ مطبع استنبول ۱۳۲۷ھ

5۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۵ ص ۶۵۵، مطبوعہ مطبع استنبول، ۱۳۲۷ھ

6۔ علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی [illegible] بدائع الصنائع ج [illegible] ص [illegible] مطبوعہ ایچ۔ ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، ۱۴۰۰ھ

ترجیح ہے لہٰذا تعارض ادلہ کی وجہ سے اونٹ کی اوجھڑی کھانے کو مکروہ تنزیہی قرار دینا چاہیے۔

اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کے لیے دعاء ضرر کی اس کی پوری تفصیل اور تحقیق ہم شرح صحیح مسلم جلد ثانی باب نمبر ۲۴۱ میں بیان کر چکے ہیں۔ اور اس جلد میں یہ بیان کر چکے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء ضرر کو بددعا سے تعبیر کرنا ناجائز اور گناہ ہے۔

بَابُ ۱۱٦ قَتْلِ اَبِیْ جَهْلٍ !

ابوجہل کے قتل کا بیان

۴۵۴۷ - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِیُّ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِیْلُ یَعْنِی ابْنَ عُلَیَّةَ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ التَّیْمِیُّ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ یَّنْظُرُ لَنَا مَا صَنَعَ اَبُوْ جَهْلٍ فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَوَجَدَهٗ قَدْ ضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَاءَ حَتّٰى بَرَدَ قَالَ فَاَخَذَ بِلِحْیَتِهٖ فَقَالَ اَنْتَ اَبُوْ جَهْلٍ فَقَالَ وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ اَوْ قَالَ قَتَلَهٗ قَوْمُهٗ قَالَ وَقَالَ اَبُوْ مِجْلَزٍ قَالَ اَبُوْ جَهْلٍ فَلَوْ غَیْرُ اَكَّارٍ قَتَلَنِیْ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوجہل کی خبر کون لے کر آئے گا؟ حضرت ابن مسعود گئے تو دیکھا کہ عفراء کے دو بیٹے اس کو قتل کر چکے ہیں اور اس کا جسم ٹھنڈا ہونے کے قریب ہے، حضرت ابن مسعود نے اس کی داڑھی پکڑ کر کہا: کیا تو ابوجہل ہے؟ ابوجہل نے کہا: کیا اتنے بڑے کسی اور شخص کو بھی تم نے قتل کیا ہے؟ یا کہا اس کی قوم نے اتنے بڑے شخص کو قتل کیا ہے؟ ابومجلز کہتے ہیں کہ ابوجہل نے یہ بھی کہا تھا کاش مجھے کسان کے علاوہ کسی اور نے قتل کیا ہوتا!

۴۵۴۸ - حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِیُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ یَقُوْلُ حَدَّثَنَا اَنَسٌ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ یَّعْلَمُ لِیْ مَا فَعَلَ اَبُوْ جَهْلٍ بِمِثْلِ حَدِیْثِ ابْنِ عُلَیَّةَ وَقَوْلِ اَبِیْ مِجْلَزٍ كَمَا ذَكَرَهٗ اِسْمَاعِیْلُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے کوئی شخص آکر یہ بتلائے گا کہ ابوجہل کا کیا ہوا؟ اس کے بعد مثل سابق حدیث ہے۔

قتل ابوجہل کے سلسلے میں مختلف روایات کا بیان

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جنگ بدر کے دن میں ایک صف میں کھڑا ہوا تھا، میں نے اپنی دائیں اور بائیں جانب دیکھا تو مجھے انصار کے دو کم عمر لڑکے نظر آئے مجھے یہ خیال آیا کہ کاش میرے ارد گرد ان سے زیادہ طاقت ور لوگ ہوتے! پھر ان میں سے ایک نے مجھے اشارہ کر کے کہا: اے چچا کیا آپ ابوجہل کو پہچانتے ہیں؟ میں نے کہا ہاں! اے بھتیجے تم کو اس سے کیا کام ہے؟ اس نے کہا مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا ہے اور قسم اس ذات کی جس کے قبضہ و قدرت میں میری جان ہے اگر میں نے اس

کو دیکھ لیا تو میں اس کے جسم سے اس وقت تک الگ نہیں ہوں گا تاوقتیکہ ہم میں سے وہ مر جائے جس کی موت پہلے مقدر کر دی گئی ہو۔ مجھے اس کی بات پر تعجب ہوا، پھر دوسرے نے مجھے اشارہ کیا اور اسی طرح کہا، ابھی کچھ دیر نہ گذری تھی کہ میں نے ابوجہل کو لشکر میں گھومتے ہوئے دیکھا، میں نے کہا سنو یہ ہے وہ شخص جس کے متعلق تم دونوں مجھ سے سوال کر رہے تھے، وہ دونوں تلواریں لے کر اس پر جھپٹے اور اس پر تلواروں سے وار کیے حتیٰ کہ ان دونوں نے اس کو قتل کر دیا، پھر ان دونوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ واقعہ عرض کیا، آپ نے فرمایا تم میں سے کس نے اس کو قتل کیا ہے؟ ان میں سے ہر ایک نے کہا میں نے اس کو قتل کیا ہے، آپ نے فرمایا کیا تم دونوں نے اپنی تلواروں کو صاف کر لیا ہے؟ ان دونوں نے کہا نہیں، آپ نے ان دونوں کی تلواروں کو دیکھ کر فرمایا تم دونوں نے اس کو قتل کیا ہے اور اس کی سلب معاذ بن عمرو بن جموح کو ملے گی، اور یہ دونوں معاذ بن عفراء اور معاذ بن عمرو بن جموح تھے۔ [1]

علامہ بدر الدین عینی لکھتے ہیں: حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہ کے والد کا نام حارث تھا (عفراء ان کی والدہ کا نام ہے) انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صبح اور عصر کے بعد نفل پڑھنے کی ممانعت کی حدیث روایت کی ہے اور یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت میں فوت ہو گئے تھے، حضرت معاذ بن عمرو بن جموح اپنے والد حضرت عمرو بن جموح کے ہمراہ لیلۃ العقبہ میں حاضر ہو کر مشرف بہ اسلام ہوئے تھے اور جنگ بدر میں بھی اپنے والد کے ہمراہ تھے ان کے والد جنگ احد میں شہید ہو گئے تھے۔ [2]

ابن ہشام نے ذکر کیا ہے کہ حضرت معاذ بن عمرو بن جموح نے ابوجہل پر تلوار مار کر اس کی ٹانگ کاٹ دی تھی اور اس کو پچھاڑ دیا تھا، ابوجہل کے بیٹے عکرمہ نے حضرت معاذ کے کندھے پر تلوار ماری اور ہاتھ کاٹ دیا، پھر حضرت معوذ بن عفراء نے ابوجہل پر وار کیا اور اس کو اسی حال میں چھوڑا کہ ابھی اس میں کچھ رمق حیات تھی، پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل کو تلاش کرنے کا حکم دیا تو حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس کے پاس آئے اور اس کا سر کاٹ دیا [2] اس واقعہ کو حافظ ابن حجر نے بھی بیان کیا ہے۔ [3]

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوجہل کو کون شخص دیکھ کر آئے گا؟ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ دیکھنے گئے اس وقت عفراء کے بیٹے اس کو قتل کر چکے تھے اور وہ ٹھنڈا ہونے کے قریب تھا، حضرت ابن مسعود نے اس کی داڑھی پکڑ کر کہا تو ابوجہل ہے؟ اس نے کہا کیا تم نے اس سے بڑے کسی شخص کو بھی قتل کیا ہے؟ [4]

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں، حضرت انس کی روایت میں جو ہے کہ عفراء کے دو بیٹوں نے ابوجہل کو قتل کیا تھا یہ

---

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۴۴ ج ۲ ص ۵۶۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۸۱ھ

[2] حافظ ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۵ ص ۶۷، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[3] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷، ص ۲۹۶، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[4] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۵۶۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

قبیلہ ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت معاذ بن عمرو بن جموح کی والدہ کا نام بھی عفراء ہو۔ ۱؎

حافظ ابن حجر عسقلانی نے امام حاکم سے روایت کیا ہے کہ جب حضرت ابن مسعود ابوجہل کا سر کاٹ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے کر گئے تو آپ نے تین بار فرمایا اللہ کا شکر ہے جس نے اسلام اور اہل اسلام کو عزت دی۔ ۲؎

شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں: عفراء کے دو بیٹے معاذ اور معوذ تھے یہ دونوں آپس میں بھائی تھے، یہ ابوجہل کو ڈھونڈ رہے تھے جیسے ہی انہوں نے ابوجہل کو دیکھا یہ عقاب کی مانند اس پر جھپٹے اور اس پر تلواروں سے حملہ کیا حتیٰ کہ اس کو زمین پر گرا دیا، حضرت معاذ کہتے ہیں میں نے تلوار مار کر ابوجہل کی ٹانگ کاٹ کر پھینک دی، ابوجہل کے بیٹے عکرمہ نے مجھ پر تلوار ماری اور میرا ہاتھ کندھے سے الگ ہوگیا، میرا وہ ہاتھ میرے پہلو سے لٹک رہا تھا اور میں اسی حال میں جنگ کر رہا تھا آخر میں نے تنگ آ کر اس ہاتھ کو اپنے پیر کے نیچے دبا کر جھٹکے سے الگ کر دیا اس کے بعد حضرت معوذ بن عفراء نے ابوجہل پر وار کر کے اس کو نیچے گرا دیا لیکن ابھی اس میں کچھ رمق حیات باقی تھی، (بعد میں حضرت عبداللہ بن مسعود نے اس کا سر کاٹا)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں: قاضی عیاض نے ابن وہب سے روایت کیا ہے کہ حضرت معاذ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے درآں حالیکہ ان کا ہاتھ ان کی کھال کے ساتھ لٹکا ہوا تھا آپ نے اپنا لعاب دہن لگا کر اس کو بدن کے ساتھ جوڑ دیا اور بعد میں حضرت معاذ بن عفراء حضرت عثمان کے زمانہ تک زندہ رہے اور حضرت معوذ جنگ بدر ہی میں شہید ہو گئے تھے۔ ۳؎

ابوجہل کے قتل پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سجدہ شکر ادا کرنا

شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں: احادیث صحیحہ میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص جا کر ابوجہل کی خبر لے کر آئے، حضرت ابن مسعود گئے اور ابوجہل کو اس حال میں پایا کہ عفراء کے دو بیٹے اس کو قتل کر چکے تھے، حضرت ابن مسعود اس کے سینہ پر کینہ پر بیٹھ گئے اور اس کی ناپاک داڑھی پکڑ کر کہا اے دشمن خدا تو ہی ابوجہل ہے واللہ تعالیٰ نے تجھے رسوا کر دیا! ابوجہل نے کہا مجھے اس کے علاوہ اور کوئی رنج نہیں ہے کہ مجھے میری قوم نے قتل نہیں کیا ہے، کاش مجھے کسان کے علاوہ کوئی اور قتل کرتا (اس کی مراد یہ تھی کہ انصار کاشتکاری کرتے تھے اور اس کو دو انصاری نوجوانوں نے قتل کیا تھا) کہتے ہیں کہ ابوجہل کو اس امت کا فرعون کہا گیا ہے لیکن یہ فرعون سے بدتر تھا کیونکہ جب فرعون غرق ہوا تو اس نے حق کا اعتراف کر لیا اور یہ بدبخت مرتے دم تک اسی حال پہ رہا اور تکبر پر قائم رہا، لعنۃ اللہ علیہ۔ حضرت ابن مسعود اس کا سر کاٹ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گئے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی [illegible] جس نے اے دشمن خدا تجھ کو رسوا کر دیا! ایک روایت میں ہے کہ آپ اس وقت سجدہ شکر بجالائے، اسی وجہ سے بعض فقہاء اس کے قائل ہیں کہ جب کسی شخص کو نعمت حاصل ہو یا اس سے کوئی مصیبت دور ہو تو اس کا سجدہ شکر بجالانا مستحب ہے۔ سجدہ تلاوت کے علاوہ خارج نماز سجدہ کرنے میں فقہاء کا اختلاف ہے جیسے سجدہ شکر یا سجدہ مناجات، جمہور علماء احناف اس کے قائل نہیں

۱؎ حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷، ص ۲۹۶، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

۲؎ " " ، فتح الباری ج ۷، ص ۲۹۵، " "

۳؎ شیخ عبدالحق محدث دہلوی متوفی ۱۰۵۲ھ، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۷، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

عن البراء قال بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم خالد بن الولید الی اھل الیمن یدعوھم الی الاسلام فلم یجیبوا ثم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعث علی بن ابی طالب وامرہ ان یقفل خالدًا ومن کان معہ الا رجل ممن کان مع خالد احب ان یعقب مع علی رضی اللہ عنہ فلیعقب معہ قال البراء فکنت ممن عقب معہ فلما دنونا من القوم خرجوا الینا فصلی بنا علی رضی اللہ عنہ وصفنا صفا واحدا ثم تقدم بین ایدینا فقرأ علیھم کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاسلمت ھمدان جمیعًا فکتب علی رضی اللہ عنہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باسلامھم فلما قرء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الکتاب خر ساجدًا ثم رفع رأسہ فقال السلام علی ھمدان السلام علی ھمدان۔ اخرج البخاری صدر ھذا الحدیث عن احمد بن عثمان ...... فلم یسقہ بتمامہ وسجود الشکر فی تمام الحدیث صحیح علی شرطہ۔ [1]

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل یمن کو دعوت اسلام دینے کے لیے حضرت خالد بن ولید کو بھیجا انھوں نے اس دعوت کو قبول نہیں کیا، اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور ان کو یہ حکم دیا کہ حضرت خالد اور ان کے ساتھیوں کو واپس بھیج دیں البتہ اگر کوئی شخص ان کے ساتھ رہنا چاہے تو وہ رہ جائے، حضرت براء کہتے ہیں میں بھی ان کے ساتھ تھا جو حضرت علی کے ساتھ رہ گئے تھے، جب ہم اہل یمن کے پاس پہنچے تو وہ مقابلہ کے لیے نکلے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہم کو ایک صف میں کھڑا کر کے نماز پڑھائی پھر ہمارے آگے بڑھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خط پڑھ کر سنایا، تو ہمدان کا پورا قبیلہ اسلام لے آیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے اسلام لانے کی خوشخبری لکھ کر بھیجی، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ خط پڑھا تو آپ فوراً سجدہ (شکر) میں گر گئے پھر آپ نے سر اٹھا کر فرمایا، ہمدان پر سلام ہو، ہمدان پر سلام ہو۔ امام بخاری نے اس حدیث کے شروع کا حصہ احمد بن عثمان سے روایت کیا ہے اور پوری حدیث کو روایت نہیں کیا، سجدہ شکر کا ذکر حدیث کے آخیر میں ہے اور یہ حدیث امام بخاری کی شرط پر صحیح ہے۔

حافظ نور الدین الہیثمی نے اس مضمون کی متعدد احادیث حضرت عمر اور حضرت عثمان کی روایات سے بیان کی ہیں [2] حافظ نور الدین نے طبرانی کے حوالے سے ایک طویل حدیث ذکر کی ہے جس میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں ایک طویل سجدہ کیا،

فقال ابو بکر یا رسول اللہ اطلت السجود فقال سجدت لربی شکرا فیما اعطانی

حضرت ابو بکر نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے بہت لمبا سجدہ کیا، آپ نے فرمایا میں نے اپنے رب

[1] امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبری ج ۲ ص ۳۶۹، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[2] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی [illegible]، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت [illegible]

من امتی سبعون الفا یدخلون الجنۃ بغیر حساب۔ [1]

کا سجدۂ شکر ادا کیا ہے کیونکہ اس نے میری امت کے ستر ہزار افراد کو بغیر حساب جنت میں داخل کرنے کی مجھے شفاعت عطا کی ہے۔

حافظ نور الدین الہیثمی طبرانی فی الکبیر کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

عن جریر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یبق من طواغیت الجاھلیۃ الا بیت ذی الخلصۃ فمن ینتدب للہ و لرسولہ قال جریر انا و انتدب معہ سبعمائۃ من احمس فلم یفجأ القوم الا بنواحی الجبل فقتلوا وحرقوا البیت و کتبوا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بشارۃ واخبروہ انہ لم یبق منہ الا کالبعیر الاجرب فخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ساجدا ثم قال اللھم بارک لاحمس فی خیلھا و رجالھا۔ [2]

حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زمانہ جاہلیت کے سرکشوں میں سے صرف ذو الخلصہ باقی بچے ہیں سو ان کو قتل کرنے کے لیے) اللہ اور رسول کی دعوت پر کون لبیک کہے گا؟ حضرت جریر نے کہا میں، اور ان کے ساتھ قبیلہ احمس کے سات سو سواروں نے بھی لبیک کہا، پھر اس قوم کو پہاڑی کی گھاٹیوں کے سوا اور کہیں جگہ نہیں ملی، مسلمانوں نے ان کو قتل کر دیا اور ان کے بت خانہ کو جلا دیا، پھر انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف بشارت کا مکتوب لکھ کر بھیجا اور یہ لکھا کہ اب ان میں صرف خارش زدہ اونٹ کی طرح لوگ باقی بچے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ پڑھتے ہی سجدہ (شکر) میں گر گئے اور فرمایا اے اللہ! احمس کے سواروں اور پیادوں میں برکت عطا فرما!۔

عن ابی موسی قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرایتہ سجد سجدۃ الشکر وقال سجدت شکرا رواہ الطبرانی فی الکبیر وفیہ جماعۃ بن مصعب ضعفہ یحیی بن معین والبخاری و جماعۃ و وثقہ علی بن یحیی و ذکرہ ابن حبان فی الثقات۔

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے میں نے آپ کو سجدۂ شکر ادا کرتے ہوئے دیکھا اور آپ نے فرمایا میں نے سجدہ شکر ادا کیا، امام طبرانی نے اس کو معجم کبیر میں روایت کیا ہے، اس حدیث کے ایک راوی جماعہ بن مصعب کی امام بخاری اور یحیی بن معین نے تضعیف کی ہے، اور علی بن یحیی نے اس کی توثیق کی ہے اور امام ابن حبان نے اس کا ثقات

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۲۸۹، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ
[2] ″ ″ ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۲۸۹، ″ ″ ″

میں ذکر کیا ہے۔[1]

عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مر بہ رجل بہ زمانۃ فنزل وسجد ومر بہ ابو بکر فنزل وسجد ومر بہ عمر فنزل وسجد رواہ الطبرانی فی الاوسط وفیہ عبد العزیز بن عبید اللہ وھو ضعیف۔[2]

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک لنجے شخص کے پاس سے گذر ہوا تو آپ نے سواری سے اتر کر سجدہ (شکر) ادا کیا، حضرت ابوبکر اس کے پاس سے گذرے تو انھوں نے بھی سواری سے اتر کر سجدہ (شکر) ادا کیا، حضرت عمر اس کے پاس سے گذرے تو انھوں نے بھی اتر کر سجدہ (شکر) کیا، اس حدیث کی سند میں عبد العزیز بن عبید اللہ نام کا ایک راوی ضعیف ہے۔

عن جابر بن عبد اللہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا رای رجلا متغیر الخلق سجد رواہ الطبرانی فی الاوسط وفیہ یوسف بن محمد بن المنکدر وثقہ ابو زرعۃ وضعفہ جماعۃ۔[3]

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی ایسے شخص کو دیکھتے جس کی خلقت میں کوئی عیب ہوتا تو آپ سجدہ (شکر) ادا کرتے، اس حدیث کی سند میں یوسف بن محمد بن منکدر ایک راوی ہے امام ابو زرعہ نے اس کی توثیق کی ہے اور ایک جماعت نے اس کو ضعیف کہا ہے۔

سجدۂ شکر کے متعلق آثار صحابہ

امام ابن ابی شیبہ روایت کرتے ہیں:

عن محمد بن عبد اللہ عن رجل لم یسمہ ان ابا بکر لما فتح الیمامۃ سجد۔[4]

محمد بن عبد اللہ ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نے جب یمامہ فتح کر لیا تو سجدہ (شکر) ادا کیا۔

عن زید بن اسلم عن ابیہ ان عمر اتاہ فتح (من) قبل الیمامۃ فسجد۔[5]

زید بن اسلم اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس یمامہ کی طرف سے فتح کی خبر آئی تو انھوں نے سجدہ (شکر) ادا کیا۔

---

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۲۸۹، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

[2] 〃 〃 〃 ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۲۸۹، 〃 〃 〃

[3] 〃 〃 〃 ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۲۸۹، 〃 〃 〃

[4] حافظ ابوبکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبہ عبسی متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۲ ص ۴۸۳-۴۸۲، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

[5] 〃 〃 〃

عن ابی موسیٰ قال شہدت علیا لما اوتی بالمخدج سجد [1]

ابوموسیٰ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت علی کے پاس تھا جب آپ کے پاس ایک ناقص الخلقت شخص لایا گیا تو آپ سجدہ (شکر) ادا کیا۔

عن ابن عباس قال لما نزل نکاح زینب انطلق زید بن حارثۃ حتی استاذن علی زینب قال فقالت زینب ما لی ولزید قال فارسل الیہا فقال انی رسول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الیک قال فاذنت لہ فبشرہا ان اللہ قد زوجہا من نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فخرت ساجدۃ للہ شکرا۔ [2]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت زینب کے نکاح کے متعلق آیت نازل ہوئی تو حضرت زید بن حارثہ نے حضرت زینب کے گھر جا کر اجازت طلب کی، حضرت زینب نے کہا اب میرا زید سے کیا تعلق ہے؟ حضرت زید نے کہا میں آپ کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام لایا ہوں، حضرت زینب نے آپ کو اجازت دی، حضرت زید نے ان کو یہ بشارت دی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کا نکاح کر دیا ہے، حضرت زید کہتے ہیں کہ حضرت زینب اسی وقت سجدہ میں گر گئیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

امام بیہقی روایت کرتے ہیں:

عن کعب بن مالک یحدث حدیثہ حین تخلف عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی غزوۃ تبوک فذکر الحدیث بطولہ الی ان قال حتی کملت لنا خمسون لیلۃ من حین نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن کلامنا فلما صلیت صلوٰۃ الفجر صبح خمسین لیلۃ وانا علی ظہر بیت من بیوتنا فبینما انا جالس علی الحال التی ذکر اللہ منا قد ضاقت علی نفسی وضاقت علی الارض بما رحبت سمعت صوت صارخ اوفی علی جبل سلع یا کعب بن مالک ابشر فخررت ساجدا وعرفت انہ قد

حضرت کعب بن مالک نے ایک طویل حدیث میں یہ بیان کیا کہ جب وہ غزوہ تبوک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہیں گئے تھے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے ساتھ کلام کرنے سے روک دیا تھا، حتیٰ کہ اسی طرح پچاس راتیں گزر گئیں، پھر پچاسویں دن کی صبح کو جب میں نے صبح کی نماز پڑھی اور میں اپنے گھر کی ایک چھت پر چڑھا، میں اس وقت بیٹھا ہوا تھا اور میرا قرآن مجید کے مطابق حال یہ تھا کہ میں اپنی جان سے عاجز آگیا تھا اور زمین اپنی وسعت کے باوجود مجھ پر تنگ ہو گئی تھی، اچانک "سلع" پہاڑ سے ایک بلند آواز آئی "اے کعب بن مالک مبارک ہو!" میں اسی وقت سجدہ میں گر گیا اور میں سمجھ گیا کہ اب راحت آگئی ہے رسول اللہ صلی

۱۔ حافظ ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ عبسی متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۲ ص ۴۸۳، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی ۱۴۰۶ھ

۲۔ " " " " " ، المصنف ج ۲ ص ۴۸۳ ، " " "

جاء الفرج و اذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بتوبۃ اللہ علینا حین صلی صلوٰۃ الفجر[1]

اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز میں یہ اعلان کر دیا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری توبہ قبول فرمائی ہے۔

حافظ نور الدین الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن اسماء بنت ابی بکر الصدیق انه لما قتل ابن الزبیر کان عندها شیء اعطاه ایاه النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی سفط ففقدته فاخذت تطلبه فلما وجدته خرت ساجدة رواه الطبرانی فی الکبیر واسناده حسن وفی بعض رجاله کلام[2]

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈبیہ میں ان کو کوئی چیز دی تھی، جب حضرت ابن الزبیر شہید ہو گئے تو وہ چیز گم ہو گئی، انھوں نے اس چیز کو ڈھونڈنا شروع کیا جب وہ چیز مل گئی تو وہ سجدہ میں گر گئیں۔

سجدہ شکر کے متعلق فقہاء حنابلہ کی رائے

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: جب تازہ تازہ کوئی نعمت حاصل ہو یا کوئی مصیبت دور ہو تو سجدہ شکر ادا کرنا مستحب ہے، امام شافعی، اسحاق، ابو ثور اور ابن منذر کا بھی یہی قول ہے، اور نخعی، امام مالک اور امام ابو حنیفہ یہ کہتے ہیں کہ سجدہ شکر مکروہ ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں فتوحات ہوئیں اور آپ نے بارش کی دعا کی اور بارش نازل ہوئی لیکن آپ کا اس موقع پر سجدہ کرنا منقول نہیں ہے اور اگر سجدہ شکر مستحب ہوتا تو آپ ان مواقع پر سجدہ شکر ادا کرتے۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی فرماتے ہیں: ہماری دلیل یہ ہے کہ حضرت ابو بکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی خوشخبری آتی تو آپ سجدہ میں گر جاتے، (سنن ابو داؤد، جامع ترمذی) اور حضرت ابو بکر کے پاس جب یمامہ کی فتح کی خبر آئی تو وہ سجدہ میں گر گئے، اور حضرت علی نے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان کردہ صفت کے مطابق ایک شخص کو خارجیوں میں دیکھا تو سجدہ شکر ادا کیا۔ (مسند احمد ج ۱ ص ۱۰۸، ۱۰۷، سعیدی غفرلہ) اور صحابہ کرام کی جماعت میں سجدہ شکر ادا کرنے کا طریقہ مشہور اور معروف تھا لہٰذا اس کا انکار کرنا باطل ہے اور بعض مواقع پر آپ کا سجدہ شکر نہ کرنا اس کے استحباب کے خلاف نہیں ہے، کیونکہ مستحب کام پر کبھی عمل کیا جاتا ہے اور کبھی اس کو ترک کر دیا جاتا ہے اور سجدہ شکر ادا کرنے کی وہی شرائط ہیں جو سجدہ تلاوت کی شرائط ہیں۔

نماز کے اندر سجدہ شکر ادا نہیں کیا جائے گا اگر اس نے کیا تو نماز باطل ہو جائے گی الا یہ کہ اس نے بھول کر یا لاعلمی کی بناء پر کیا ہو۔[3]

سجدہ شکر کے متعلق فقہاء شافعیہ کی رائے

علامہ نووی لکھتے ہیں: سجدہ شکر نماز میں داخل نہیں ہے، یہ کسی نعمت کے تازہ حصول یا کسی مصیبت کے دور ہونے کے وقت مستحب ہے، یا کسی شخص کو کسی بیماری یا خلقی عیب میں مبتلا دیکھنے کے وقت یا کسی فاسق معلن کو دیکھنے کے

---

[1] امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ ھ، سنن کبریٰ ج ۲ ص ۳۷۰-۳۶۹، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[2] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ ھ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۲۸۹-۲۹۰، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ ھ

[3] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ ھ، المغنی ج ۱ ص [illegible]، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ ھ

وقت مستحب ہے، فاسق کو دکھا کر سجدہ کرے لیکن کسی بیماری میں مبتلا شخص کو دکھا کر سجدہ نہ کرے، سجدہ شکر کی وہی شرائط ہیں جو سجدہ تلاوت کی شرائط ہیں۔

علامہ شربینی خطابی اس کی شرح میں لکھتے ہیں: نعمت کے حصول سے یہ مراد ہے مثلاً بچہ کا پیدا ہونا، کسی مرتبہ کا حاصل ہونا یا مال کا حاصل ہونا، یا کسی گم شدہ یا غائب کا آنا یا دشمن کے خلاف مدد حاصل ہونا، اور مصیبت دور ہونے سے مراد یہ ہے مثلاً کوئی شخص ڈوبنے سے یا جلنے سے بچ جائے۔ کیونکہ سنن ابوداؤد وغیرہ میں ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی خوشخبری آتی تو آپ سجدہ میں گر جاتے" اور امام ابوداؤد نے سند حسن کے ساتھ روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میں نے اپنے رب سے اپنی امت کی شفاعت کا سوال کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے تہائی امت کی شفاعت عطا کی میں نے اپنے رب کا سجدہ شکر ادا کیا، میں نے پھر سجدہ سے سر اٹھا کر اپنے رب سے سوال کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے تہائی امت کی شفاعت عطا کی، میں نے اپنے رب کا سجدہ شکر ادا کیا، میں نے پھر سر اٹھا کر اپنے رب سے سوال کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے آخری تہائی کی بھی شفاعت عطا فرما دی" سجدہ شکر کی ادائیگی کے لیے کسی نعمت کے حدوث یا تازہ حصول کی جو قید لگائی گئی اس سے وہ نعمتیں نکل جاتی ہیں جو دوام اور استمرار کے ساتھ حاصل رہتی ہیں جیسے عافیت اور اسلام وغیرہ (یا جیسے ہوا، پانی، غذا اور صحت وغیرہ) کیونکہ اگر نعمتوں پر سجدہ شکر مستحب ہو تو اس کا تقاضا یہ ہوگا کہ انسان ساری عمر سجدہ شکر میں پڑا رہے۔ علامہ نووی نے شرح المہذب میں نعمت کے حصول اور مصیبت کے دور ہونے کو ظاہر کے ساتھ مقید کیا ہے یعنی وہ نعمت ظاہری ہو تاکہ باطنی نعمتیں مثلاً علم اور معرفت وغیرہ نکل جائیں، اور محرر میں یہ قید لگائی ہے کہ وہ نعمت غیر مترقبہ ہو یعنی ایسی نعمت حاصل ہو جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہ ہو تب سجدہ شکر ادا کرے۔ سجدہ شکر کی ادائیگی کی کیفیت اور شرائط سجدہ تلاوت کی طرح ہیں۔ یعنی یہ سجدہ با وضو قبلہ رخ ہو کر خارج از نماز ادا کیا جائے گا۔ بعض جاہل لوگ جو اپنے پیروں کو سجدہ کرتے ہیں یہ حرام ہے خواہ قبلہ رخ ہو کر سجدہ کریں یا سجدہ میں اللہ کا قصد کریں بلکہ بعض صورتوں میں کفر کا اندیشہ ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے محفوظ اور مامون رکھے۔ [1]

سجدہ شکر کے متعلق فقہاء احناف کی آراء

علامہ ابراہیم حلبی حنفی لکھتے ہیں: فقیہ زاہدی نے لکھا ہے کہ سجدہ کی پانچ قسمیں ہیں سجدہ صلبیہ (نماز کا سجدہ) فرض ہے، سجدہ تلاوت اور سجدہ سہو واجب ہیں، اسی طرح سجدہ نذر بھی واجب ہے۔ (ایک قسم اور ہے وہ ہے سجدہ تحیت یا سجدہ تعظیمی یہ سجدہ حرام ہے۔ جیسا کہ علامہ شربینی نے ذکر کیا ہے، اور اعلیٰ حضرت نے اس کی حرمت کے بیان میں الزبدۃ الزکیۃ فی حرمت سجدۃ التحیۃ کے نام سے ایک رسالہ لکھا ہے۔ سعیدی غفرلہ)

اور پانچویں قسم (بلکہ چھٹی) سجدہ شکر ہے، امام طحاوی نے امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے "میرے خیال میں سجدہ شکر کوئی چیز نہیں ہے" علامہ ابوبکر رازی نے کہا ہے امام اعظم کا مطلب یہ ہے کہ سجدہ شکر واجب یا مسنون نہیں ہے بلکہ مباح ہے بدعت نہیں ہے، امام محمد سے ایک روایت ہے کہ سجدہ شکر مکروہ ہے، لیکن ہم اس کو مستحب قرار دیتے ہیں جب انسان کو کسی نعمت کے حصول سے خوشی حاصل ہو یا جب کسی مصیبت کے دور ہونے سے خوشی ہو تو سجدہ شکر ادا کرنا مستحب ہے، امام شافعی کا بھی یہی قول ہے۔ سو ایسے موقع پر اللہ اکبر کہے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے سجدہ کرے اس میں

---

[1] شیخ محمد شربینی الخطیب من قرن العاشر، مغنی المحتاج ج ۱ ص ۲۱۹ - ۲۱۸، دار احیاء التراث العربی بیروت

اللہ تعالیٰ کی حمد اور شکر کرے اور تسبیح پڑھے، اور پھر اللہ اکبر کہہ کر سجدہ سے سر اٹھائے (اس میں باوضو ہونا بھی شرط ہے سیدی) اور بغیر کسی سبب کے سجدہ کرنا عبادت نہیں ہے لیکن مکروہ بھی نہیں ہے، بعض جاہل لوگ نماز کے بعد جو سجدہ کرتے ہیں یہ مکروہ ہے کیونکہ وہ اس کو سنت یا واجب گمان کرتے ہیں، اور ہر مباح کام جو کسی بد عقیدگی کی طرف پہنچائے وہ مکروہ ہوتا ہے۔ (یہاں تک علامہ ابوبکر رازی کی عبارت ہے اس کے بعد علامہ حلبی لکھتے ہیں:) حجت میں لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں کہ سجدہ شکر واجب نہیں ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں تو بے شمار ہیں اور ہر نعمت پر سجدہ کرنا ممکن نہیں ہے کیونکہ یہ تکلیف مالا یطاق ہے، اور امام محمد کا قول یہ ہے کہ سجدہ شکر جائز ہے۔ صاحب حجت نے کہا میرے نزدیک امام ابوحنیفہ کا قول ایجاب پر محمول ہے یعنی سجدہ شکر واجب نہیں ہے اور امام محمد کا قول جواز اور استحباب پر محمول ہے اس لیے ان دونوں قولوں پر عمل کیا جائے گا ہر نعمت پر تو سجدہ شکر ادا کرنا واجب نہیں ہے جیسا کہ امام ابوحنیفہ نے فرمایا لیکن جس نعمت کے حاصل ہونے سے خوشی ہو اس پر سجدہ شکر ادا کرنا جائز ہے اور یہ استحباب سے خارج نہیں ہے، اس سلسلے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بکثرت روایات منقول ہیں، اس لیے اللہ کے بندوں کو سجدہ شکر ادا کرنے سے منع نہ کیا جائے کیونکہ اس میں خضوع اور خشوع ہے اور اللہ کی عبادت ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔ مصفیٰ میں لکھا ہے اکثر فقہاء نے کہا ہے کہ امام اعظم کے نزدیک سجدہ شکر عبادت نہیں ہے بلکہ مکروہ ہے اس پر ثواب نہیں ملے گا اس لیے اس کا ترک کرنا اولیٰ ہے اور امام ابو یوسف اور امام محمد نے کہا کہ سجدہ شکر عبادت ہے اور اس پر ثواب ملے گا اور اس اختلاف کا ثمرہ یہ ہے کہ اگر سجدہ شکر کے لیے تیمم کیا تو آیا اس سے نماز ہو سکتی ہے یا نہیں۔ [1]

علامہ شرنبلالی حنفی لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ کے نزدیک سجدہ شکر ادا کرنا مکروہ ہے، علامہ قدوری اور علامہ ابن ہمام نے کہا کہ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک ایک رکعت سے کم نماز، شرعاً عبادت نہیں ہے البتہ وہ چیز مستثنیٰ ہے جو نص سے ثابت ہو جیسے سجدہ تلاوت، لہٰذا سجدہ تلاوت کے سوا ایک رکعت سے کم نماز عبادت نہیں ہے۔ (یہاں علامہ ابن ہمام کی عبارت ختم ہوئی) امام محمد نے امام ابوحنیفہ سے یہ روایت کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے سجدہ شکر کو مکروہ کہا ہے اور امام ابوحنیفہ سے ایک روایت یہ ہے کہ میرے خیال میں سجدہ شکر کوئی چیز نہیں ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ نے اس کے جواز کی نفی نہیں کی اور اس کے عبادت مشروعہ ہونے کا انکار نہیں کیا بلکہ ان کی مراد یہ ہے کہ سجدہ شکر واجب نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں غیر متناہی ہیں اس لیے یہ مباح ہے، یا ان کی مراد یہ ہے کہ سجدہ شکر سے مکمل شکر ادا نہیں ہوتا مکمل شکر دو رکعت نماز پڑھنے سے ہوتا ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن دو رکعت نماز پڑھی جیسا کہ سیر کبیر میں ہے۔ اور اکثر فقہاء نے یہ کہا ہے کہ سجدہ شکر ادا کرنا عبادت نہیں ہے بلکہ یہ مکروہ ہے اور اس پر کوئی ثواب نہیں ہوگا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بد خلقت کو دیکھ کر سجدہ شکر ادا کرنا منسوخ ہے۔ [2]

علامہ طحطاوی اس کے حاشیہ پر لکھتے ہیں: سجدہ شکر کو منسوخ کہنا مردود ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اکابر صحابہ نے سجدہ شکر ادا کیا ہے، حضرت ابوبکر کے پاس جب یمامہ کی فتح اور مسیلمہ کذاب کے قتل کی خبر پہنچی تو انہوں نے

---

[1] علامہ ابراہیم بن محمد حلبی متوفی ۹۵۶ھ، غنیۃ المستملی ص ۵۰۳، ۵۰۲، مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی

[2] علامہ حسن بن عمار شرنبلالی متوفی [illegible] مطبوعہ [illegible] مصر ۱۳۵۶ھ

سجدہ شکر کیا، اور جب حضرت عمر کے پاس یرمکہ (شام کی ایک وادی) کی فتح کی خبر پہنچی تو انھوں نے سجدہ شکر کیا، حضرت علی نے ایک خارجی کو نہروان میں مرا ہوا دیکھ کر سجدہ شکر کیا، اور امام ابوداؤد نے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک وقت میں اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور پھر سجدہ میں گر گئے اور تین بار اسی طرح کیا اور فرمایا میں نے اللہ تعالیٰ سے اپنی امت کی شفاعت کا سوال کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے تہائی امت کی شفاعت عطا کی میں نے اس پر اپنے رب کا سجدہ شکر کیا، اور میں نے پھر سجدہ سے سر اٹھا کر اپنے رب سے اپنی امت کے لیے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے مجھے تہائی امت کی شفاعت عطا کی میں فوراً سجدہ شکر بجالایا، میں نے سجدہ سے سر اٹھا کر پھر اپنے رب سے اپنی امت کی شفاعت کا سوال کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے آخری ثلث عطا کر دی تو میں اپنے رب کے لیے سجدہ میں گر گیا۔ (سنن ابوداؤد) [1]

علامہ شرنبلالی لکھتے ہیں: امام ابویوسف اور امام محمد نے یہ کہا ہے کہ سجدہ شکر کرنا عبادت ہے اور اس پر ثواب ملے گا، کیونکہ نسائی کے علاوہ باقی صحاح ستہ میں یہ روایت ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام پر خوش ہوتے یا آپ کے پاس کوئی خوشخبری پہنچتی تو آپ سجدہ شکر کرتے۔ [2]

علامہ طحطاوی حنفی لکھتے ہیں امام ابویوسف اور امام محمد کے قول پر ہی فتویٰ ہے، در مختار میں ہے اسی پر فتویٰ ہے، ابن امیر حاج نے لکھا ہے پہلا ظاہر ہے اور یہ قول کس طرح ظاہر اور مفتی بہ نہیں ہوگا جبکہ سجدہ شکر کے بارے میں بکثرت احادیث وارد ہیں۔ در مختار میں ہے کہ سجدہ شکر ادا کرنا مستحب ہے، اسی پر فتویٰ ہے، البتہ نماز کے بعد سجدہ کرنا مکروہ ہے کیونکہ جاہل لوگ اس کو واجب یا سنت اعتقاد کرتے ہیں اور ہر وہ مباح کام جو کسی بدعت کی طرف پہنچائے مکروہ ہوتا ہے۔ [3]

مصنف کہتا ہے کہ علامہ طحطاوی کی اس عبارت سے ظاہر ہو گیا کہ فقہاء حنفیہ لکیر کے فقیر نہیں ہیں اور قول امام کے اوپر حدیث کو مقدم کرتے ہیں ہر چند کہ امام اعظم سے سجدہ شکر کی کراہت منقول ہے لیکن جب یہ ظاہر ہو گیا کہ ان کا یہ قول بکثرت احادیث صحیحہ اور آثار ثابتہ کے خلاف ہے تو فقہاء احناف نے امام کے قول کو چھوڑ کر حدیث کو اختیار کر لیا اور یہی صواب ہے، اور صراط مستقیم ہے اور سلامتی کی راہ ہے، ہم ایسی تقلید سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں کہ احادیث اور آثار صحابہ کے واضح ہو جانے کے بعد بھی انسان اپنے امام کے قول سے چپکا رہے۔ اور بعض فقہاء نے امام ابوحنیفہ کے اس قول کی توجیہ کی اور اس کو حدیث کے موافق کرنے کی کوشش کی، علامہ طحطاوی لکھتے ہیں:

فروق الاشباہ میں لکھا ہے امام اعظم کے نزدیک سجدہ شکر جائز ہے، واجب نہیں ہے اور امام اعظم سے جو یہ مروی ہے کہ سجدہ شکر مشروع نہیں ہے اس کا یہی مطلب ہے کہ سجدہ شکر واجب نہیں ہے، اور امام اعظم اور صاحبین کا خلاف اس کے مسنون ہونے یا نہ ہونے میں ہے جواز یا عدم جواز میں نہیں ہے۔ تاتار خانیہ میں بھی صاحب حجت کے حوالہ سے یہی لکھا ہے کہ امام اعظم کے نزدیک سجدہ شکر واجب نہیں ہے اور صاحبین کے نزدیک سجدہ شکر جائز اور مستحب ہے، علامہ طحطاوی نے لکھا ہے کہ سجدہ شکر کے استحباب پر یہ قرینہ ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ابوجہل کا

---

[1] علامہ احمد بن محمد طحطاوی متوفی ۱۲۳۱ھ، حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۳۰۰، مطبوعہ مطبع مصطفی البابی واولادہ مصر، ۱۳۵۶ھ

[2] علامہ حسن بن عمار شرنبلالی متوفی ۱۰۶۹ھ، مراقی الفلاح ص ۳۰۰، مطبوعہ مطبع مصطفی البابی واولادہ مصر ۱۳۵۶ھ

[3] علامہ احمد بن محمد طحطاوی متوفی ۱۲۳۱ھ، حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۳۰۰، مطبوعہ مصطفی البابی واولادہ مصر، ۱۳۵۶ھ

سر کاٹ کر لایا گیا تو آپ نے پانچ مرتبہ سجدہ شکر ادا کیا، فتاویٰ عالمگیری میں لکھا ہے کہ جس شخص کو کوئی ظاہری نعمت حاصل ہوئی ہو یا کسی شخص کو اللہ تعالیٰ نے مال یا اولاد دی ہو یا اس کی کوئی گم شدہ چیز مل گئی ہو یا اس سے کوئی مصیبت دور ہو گئی ہو یا اس کا بیمار شفایاب ہو گیا ہو، یا کوئی غائب شخص آگیا ہو تو اس کے لیے سجدہ شکر ادا کرنا مستحب ہے اور اس کی وہی شرائط ہیں جو سجدہ تلاوت کی شرائط ہیں [۱] اور اسی قول پر فتویٰ ہے [۵]

علامہ علاؤ الدین حصکفی حنفی نے در مختار میں لکھا ہے کہ سجدہ شکر مستحب ہے اور اسی قول پر فتویٰ ہے۔ علامہ شامی اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

زیادہ ظاہر یہ ہے کہ سجدہ شکر مستحب ہے جیسا کہ امام محمد نے اس کی تصریح کی ہے، کیونکہ بکثرت احادیث میں سجدہ شکر کا ذکر ہے اور حضرت ابوبکر اور عمر نے سجدہ شکر ادا کیا ہے اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل کو منسوخ کہنا صحیح نہیں ہے۔ [۲]

سجدہ شکر کے متعلق فقہاء مالکیہ کی آراء

علامہ ابو عبد اللہ حطاب مالکی مغربی لکھتے ہیں: سجدہ شکر مکروہ ہے سجدہ شکر کا قول کرنے والے یہ کہتے ہیں کہ سجدہ شکر میں وضو کرنا ضروری ہے، اور بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ سجدہ شکر میں وضو کرنا ضروری نہیں، کیونکہ جب اچانک کوئی مسرت حاصل ہو تو دل میں داعیہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ سجدہ شکر میں گر جائے اور جتنی دیر میں وہ وضو یا تیمم کر کے آئے گا وہ داعیہ سرد پڑ جائے گا [۳]

علامہ ابو عبد اللہ العبدری مالکی لکھتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی چیز سے خوشی حاصل ہوتی تو آپ سجدہ شکر میں گر جاتے تھے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذی نے کہا کہ اکثر اہل علم کا اس پر عمل ہے اور امام مالک اس کے قائل نہیں ہیں، ابن العربی مالکی نے کہا امام مالک کیوں سجدہ شکر کے قائل نہیں ہیں جب کہ اللہ تعالیٰ کے لیے سجدہ کرنا ہمیشہ واجب ہے اگر سجدہ کرنے کا کوئی معمولی سبب بھی پایا جائے تو اس کو غنیمت شمار کرنا چاہیے۔ [۴]

سجدہ شکر کے بارے میں حرف آخر

علامہ العبدری مالکی اور قاضی ابو بکر ابن العربی مالکی کا کہنا برحق ہے اور جب بکثرت احادیث اور آثار صحابہ سے سجدہ شکر کا استحباب ثابت ہے تو محض اپنی رائے سے سجدہ شکر کو مکروہ کہنا غلط ہے اور لائق التفات نہیں ہے، الحمد للہ مالکی فقہاء میں بھی ایسے ارباب بصیرت علماء ہیں جو احادیث اور آثار کے مقابلہ میں اپنے امام کے قول کو اہمیت نہیں دیتے اور یہی تقلید کی صحیح روش ہے اور ائمہ نے اپنے مقلدین کو یہی تلقین کی ہے کہ اگر ہمارا کوئی قول حدیث کے خلاف ہو تو حدیث پر عمل کرو اور ہمارے قول پر عمل نہ کرو، اور امام مالک کی طرف سے یہی توجیہ کی جائے گی کہ ان تک یہ احادیث نہیں پہنچ سکیں ہوں گی ورنہ جس چیز کا بکثرت احادیث

---

[۱] علامہ احمد بن محمد طحطاوی متوفی ۱۲۳۱ھ، حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۳۰۰، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی واولادہ مصر، ۱۳۵۶ھ

[۲] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۱ ص ۵۷۱، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ

[۳] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن محمد الحطاب مالکی المغربی متوفی ۹۵۴ھ، مواہب الجلیل ج ۲ ص ۶۲-۶۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۸ھ

[۴] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن یوسف بن ابی القاسم العبدری مالکی متوفی ۸۹۷ھ، التاج والاکلیل ج ۲ ص ۶۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۸ھ

[۵] فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۱۳۶-۱۳۵، مطبوعہ مکتبہ ...

سے استحباب ثابت ہوتا اس کو مکروہ نہ کہتے، اور امام ابو حنیفہ نے سجدہ شکر کو مکروہ نہیں کہا بلکہ اس کے وجوب کی نفی کی ہے اور اگر بالفرض انھوں نے اس کو مکروہ کہا ہو تو ان کا یہ قول لائق التفات نہیں ہے اور غیر مسموع ہے یہی وجہ ہے کہ فقہاء احناف نے اس مسئلہ میں امام ابو حنیفہ کے قول پر فتویٰ نہیں دیا بلکہ امام ابو یوسف اور امام محمد کے قول پر فتویٰ دیا ہے جیسا کہ در مختار، شامی، غنیۃ المستملی، عالمگیری اور حاشیہ طحطاوی میں اس کی تصریح کر دی گئی ہے اور اس سے ظاہر ہو گیا کہ فقہاء احناف اول آخر حدیث پر عمل کرتے ہیں اور اپنے امام کی اندھی تقلید نہیں کرتے وللہ الحمد علی ذٰلک۔

نماز شکر کا حکم

امام دارمی روایت کرتے ہیں:

عن شعثاء قالت رایت ابن ابی اوفیٰ صلی رکعتین وقال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الضحیٰ رکعتین حین بشر بالفتح او براس ابی جھل۔[1]

شعثاء بیان کرتی ہیں کہ میں نے حضرت ابن ابی اوفیٰ کو دو رکعت نماز پڑھتے ہوئے دیکھا انھوں نے کہا کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح مکہ کی خوشخبری ملی تو آپ نے چاشت کے وقت دو رکعت نماز پڑھی یا جب آپ کے پاس ابو جہل کا سر لایا گیا۔

ابو جہل کا سر کاٹ کر لانے کے موقع کے متعلق روایات مختلف ہیں بعض میں سجدہ شکر کا ذکر ہے اور بعض میں دو رکعت نماز پڑھنے کا ذکر ہے اور ان میں کوئی منافات نہیں ہے، ہو سکتا ہے کہ آپ نے پانچ بار سجدہ شکر بھی کیا ہو اور نماز شکر بھی پڑھی ہو۔

نماز شکر پڑھنا بھی جائز ہے، البتہ شکرانے کے نوافل کو جماعت کے ساتھ پڑھنا خلاف سنت ہے اور اگر کسی ایک شخص کی اقتداء میں چار یا چار سے زیادہ افراد جماعت کے ساتھ نفل پڑھیں تو یہ فقہاء احناف کے نزدیک بالاتفاق مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام نے غیر رمضان میں جماعت کے ساتھ نفل نہیں پڑھے۔

بَابُ ۶۱۲ قَتْلِ كَعْبِ بْنِ الْاَشْرَفِ طَاغُوْتِ الْيَهُوْدِ!

یہودیوں کے سردار کعب بن اشرف کے قتل کا بیان

۴۵۴۹ - حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمِسْوَرِ الزُّهْرِيُّ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ وَاللَّفْظُ لِلزُّهْرِيِّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کعب بن اشرف کو کون قتل کرے گا؟ کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسول کو ایذاء پہنچائی ہے، سو حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ! کیا آپ اس کو پسند کریں گے کہ میں اس کو قتل کر دوں؟ آپ نے فرمایا ہاں! انھوں نے عرض کیا پھر

[1] امام ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمن دارمی متوفی ۲۵۵ھ، سنن دارمی ج ۱ ص ۳۴۸، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ فَإِنَّهُ قَدْ آذَى اللهَ وَرَسُولَهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ يَا رَسُولَ اللهِ أَتُحِبُّ أَنْ أَقْتُلَهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ ائْذَنْ لِي فَلَأَقُلْ قَالَ قُلْ فَأَتَاهُ فَقَالَ لَهُ وَذَكَرَ مَا بَيْنَهُمَا وَقَالَ إِنَّ هٰذَا الرَّجُلَ قَدْ أَرَادَ صَدَقَةً وَقَدْ عَنَّانَا فَلَمَّا سَمِعَهُ قَالَ وَأَيْضًا وَاللهِ لَتَمَلُّنَّهُ قَالَ إِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاهُ الْآنَ وَنَكْرَهُ أَنْ نَدَعَهُ حَتّٰى نَنْظُرَ إِلٰى أَيِّ شَيْءٍ يَصِيرُ أَمْرُهُ قَالَ وَقَدْ أَرَدْتُ أَنْ تُسْلِفَنِي سَلَفًا قَالَ فَمَا تَرْهَنُنِي قَالَ مَا تُرِيدُ قَالَ تَرْهَنُنِي نِسَاءَكُمْ قَالَ أَنْتَ أَجْمَلُ الْعَرَبِ أَنَرْهَنُكَ نِسَاءَنَا قَالَ لَهُ تَرْهَنُونِي أَوْلَادَكُمْ قَالَ يُسَبُّ ابْنُ أَحَدِنَا فَيُقَالُ رُهِنَ فِي وَسْقَيْنِ مِنْ تَمْرٍ وَلٰكِنْ نَرْهَنُكَ اللَّأْمَةَ يَعْنِي السِّلَاحَ قَالَ فَنَعَمْ وَوَاعَدَهُ أَنْ يَأْتِيَهُ بِالْحَارِثِ وَأَبِي عَبْسِ بْنِ جَبْرٍ وَعَبَّادِ بْنِ بِشْرٍ قَالَ فَجَاءُوا فَدَعَوْهُ لَيْلًا فَنَزَلَ إِلَيْهِمْ قَالَ سُفْيَانُ قَالَ غَيْرُ عَمْرٍو قَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ إِنِّي لَأَسْمَعُ صَوْتًا كَأَنَّهُ صَوْتُ دَمٍ قَالَ إِنَّمَا هٰذَا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَرَضِيعُهُ وَأَبُو نَائِلَةَ إِنَّ الْكَرِيمَ لَوْ دُعِيَ إِلٰى طَعْنَةٍ لَيْلًا لَأَجَابَ قَالَ مُحَمَّدٌ إِنِّي إِذَا جَاءَ فَسَوْفَ أَمُدُّ يَدَيَّ إِلٰى رَأْسِهِ فَإِذَا اسْتَمْكَنْتُ مِنْهُ فَدُونَكُمْ قَالَ فَلَمَّا نَزَلَ نَزَلَ وَهُوَ مُتَوَشِّحٌ فَقَالُوا نَجِدُ مِنْكَ رِيحَ الطِّيبِ قَالَ نَعَمْ تَحْتِي فُلَانَةُ هِيَ أَعْطَرُ نِسَاءِ الْعَرَبِ قَالَ فَتَأْذَنُ لِي أَنْ أَشُمَّ مِنْهُ قَالَ نَعَمْ فَشُمَّ [illegible]

مجھے کچھ تعریض کرنے کی اجازت دیجئے، آپ نے فرمایا کہو بیان، پس وہ کعب بن اشرف کے پاس گئے اور اس سے باتیں کیں اور اپنا اور حضور کا فرضی معاملہ بیان کیا اور کہا یہ شخص ہم سے صدقات لیتا ہے اور ہم کو اس نے مصیبت میں ڈال رکھا ہے، جب کعب نے یہ سنا تو کہا: خدا کی قسم ابھی تو تم کو اور مصیبت پڑے گی، حضرت محمد بن مسلمہ نے کہا ہم اس کی اتباع کر چکے ہیں اب ہمیں اس کو چھوڑنا برا معلوم ہوتا ہے تاوقتیکہ ہم یہ نہ دیکھ لیں کہ اس کا مآل کار کیا ہوتا ہے، حضرت محمد بن مسلمہ نے کہا میں یہ چاہتا ہوں کہ تم مجھے کچھ قرض دو، کعب نے کہا تم میرے پاس کیا چیز رہن رکھو گے! حضرت محمد بن مسلمہ نے کہا جو تم چاہو، کعب بن اشرف نے کہا تم اپنی عورتیں میرے پاس رہن رکھ دو، حضرت ابن مسلمہ نے کہا تم عرب کے حسین ترین شخص ہو ہم تمہارے پاس اپنی عورتیں کیسے گروی رکھ سکتے ہیں! کعب نے کہا پھر اپنے بچے گروی رکھ دو، حضرت ابن مسلمہ نے کہا پھر ہمارے بچوں کو یہ گالی دی جائے گی کہ یہ دو وسق کھجور کے عوض گروی رکھا گیا تھا، البتہ ہم اپنے ہتھیار تمہارے پاس گروی رکھ دیں گے، کعب نے کہا اچھا، حضرت ابن مسلمہ نے کعب سے وعدہ کیا کہ حارث، ابوعبس بن جبر اور عباد بن بشر کو لے کر تمہارے پاس آؤں گا، سو یہ لوگ اس کے پاس گئے اور رات کو اسے بلایا، کعب ان کی طرف جانے لگا، اس کی بیوی نے کہا مجھے ایسی آواز آ رہی ہے جیسے خون کی آواز ہو، کعب نے کہا یہ محمد بن مسلمہ، اس کا رضاعی بھائی اور ابونائلہ ہے اور معزز آدمی کو اگر رات کے وقت بھی نیزہ بازی کے لیے بلایا جائے تو وہ چلا جاتا ہے، ادھر حضرت محمد بن مسلمہ نے اپنے ساتھیوں سے کہہ دیا تھا کہ جب کعب آئے گا تو میں اپنا ہاتھ اس کے سر کی طرف بڑھاؤں گا [illegible] تو تم اس وقت اس پر حملہ کر دینا

فَشَمَّ ثُمَّ قَالَ أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أَعُودَ قَالَ فَاسْتَمْكَنَ مِنْ رَأْسِهِ ثُمَّ قَالَ دُونَكُمْ قَالَ فَقَتَلُوهُ ۔

جب کعب نیچے اترا تو وہ سر کو چادر سے چھپائے ہوئے تھا، ان لوگوں نے کہا آپ سے تو خوشبو کی مہک آ رہی ہے اس نے کہا ہاں میرے ہاں فلاں عورت ہے جو عرب کی سب سے معطر عورت ہے، حضرت ابن مسلمہ نے کہا کیا آپ مجھے یہ خوشبو سونگھنے کی اجازت دیں گے؟ کعب نے کہا ہاں سونگھ لو، حضرت ابن مسلمہ نے اس کا سر سونگھا پھر کہا کیا آپ مجھے دوبارہ سر سونگھنے کی اجازت دیں گے اور پھر اس کا سر مضبوطی سے پکڑ لیا اور ساتھیوں سے کہا حملہ کرو اور انھوں نے اس کو قتل کر دیا۔

کعب بن اشرف کی مختصر سوانح

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: ابن اسحاق وغیرہ نے بیان کیا ہے کہ کعب بن اشرف یہودی عربی النسل تھا اور بنو نبہان کے قبیلہ سے تعلق رکھتا تھا، اس کا باپ زمانہ جاہلیت میں مدینہ آیا اور بنو نضیر سے موالات کا حلف اٹھایا اور ان میں ذی حیثیت ہو گیا، اس نے عقیلہ بنت ابی الحقیق سے شادی کی اس سے کعب پیدا ہوا، یہ طویل القامت اور جسیم شخص تھا، اس کا سر اور پیٹ بڑا تھا، واقعہ بدر کے بعد اس نے مسلمانوں کی ہجو کرنا شروع کر دی یہ مکہ میں وداعہ سہمی کے پاس گیا، حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے اس کی جواباً ہجو کی، یہ پھر مدینہ منورہ واپس آگیا اور اپنے اشعار میں مسلمان عورتوں کا ذکر کرنا شروع کر دیا حتیٰ کہ اس سے مسلمانوں کو اذیت پہنچی، امام ابوداؤد اور امام ترمذی نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ کعب بن اشرف شاعر تھا، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو کرتا تھا اور آپ کے خلاف کفار قریش کو برانگیختہ کرتا تھا، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں آئے تو سب مل جل کر رہتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی اصلاح کرنا چاہی، جب کہ یہود اور مشرکین مسلمانوں کو انتہائی اذیت پہنچاتے تھے، اس وقت اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کو صبر کا حکم دیا، لیکن جب کعب بن اشرف مسلمانوں کو اذیت پہنچانے سے باز نہیں آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت محمد بن مسلمہ کے ساتھ ایک جماعت کو اسے قتل کرنے کے لیے بھیجا، امام ابن سعد نے ذکر کیا ہے کہ کعب بن اشرف کو ربیع الاول ۳ھ ہجری میں قتل کیا گیا تھا۔ [1]

کعب بن اشرف کو قتل کرنے کا حکم دینے کی وجوہات

اس باب کی حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کعب بن اشرف نے اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچائی ہے، حافظ ابن حجر عسقلانی اس کی شرح میں لکھتے ہیں: ابن عائذ نے کلبی سے روایت کیا ہے کہ جب کعب بن اشرف کفار قریش کے پاس گیا تو اس نے غلاف کعبہ کو تھام کر یہ قسم کھائی کہ وہ مسلمانوں سے جنگ کرے گا، اور ابوالاسود نے عروہ سے روایت کیا ہے کہ کعب بن اشرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی ہجو کرتا تھا اور قریش

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷، ص ۳۳۷، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

کو ان کے خلاف برانگیختہ کرتا تھا، اور جب وہ قریش کے پاس گیا تو قریش نے اس سے پوچھا آیا ہمارا دین ہدایت پر ہے یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا دین ہدایت پر ہے؟ تو اس نے جواب دیا کہ تمہارا دین ہدایت پر ہے، تب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کعب بن اشرف کو کون قتل کرے گا؟ کیونکہ اس نے ہم سے عداوت کا اعلان کر دیا ہے۔ عبداللہ ابن اسحاق خراسانی نے ایک سند ضعیف کے ساتھ عکرمہ سے ایک مرسل روایت بیان کی ہے کہ کعب بن اشرف نے یہودیوں کے ساتھ مل کر کھانا تیار کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دعوت دی اور یہ طے کیا کہ جب آپ آجائیں تو اچانک آپ کو قتل کر دیا جائے، آپ بعض صحابہ کے ساتھ تشریف لے آئے، جب آپ بیٹھ گئے تو جبرائیل علیہ السلام نے آپ کو ان کی سازش سے مطلع کر دیا، آپ وہاں سے اٹھ کھڑے ہوئے اور جبرائیل امین نے آپ کو اپنے پروں کی حفاظت میں لے لیا، اس طرح آپ نکل گئے جب انھوں نے آپ کو گم پایا تو ڈھونڈنے لگے اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کعب بن اشرف کو کون قتل کرے گا۔ علامہ ابن حجر لکھتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ یہ واقعہ بھی کعب بن اشرف کے قتل کا سبب ہو کیونکہ اس حکم کے متعدد اسباب ہو سکتے ہیں۔ [1]

حضرت محمد بن مسلمہ نے کہا: یا رسول اللہ مجھے کچھ کہنے کی اجازت دیں، انھوں نے کعب بن اشرف سے جو کچھ کہا کہ اس شخص یعنی حضور نے ہمیں بہت تنگ کر رکھا ہے یہ سب اس کو قتل کرنے کی اسکیم اور حکمت عملی کی بناء پر تھا اور جنگ کی ضرورت کے پیش نظر ایسا کہنا جائز ہے اس پر تفصیل سے بحث گذر چکی ہے۔

بَابُ ۶۱۳ غَزْوَةِ خَيْبَرَ

۴۵۵۰ - وَحَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا خَيْبَرَ قَالَ فَصَلَّيْنَا عِنْدَهَا صَلَاةَ الْغَدَاةِ بِغَلَسٍ فَرَكِبَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَكِبَ أَبُوْ طَلْحَةَ وَأَنَا رَدِيفُ أَبِيْ طَلْحَةَ فَأَجْرَى نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـــــ فِيْ زُقَاقِ خَيْبَرَ وَإِنَّ رُكْبَتِيْ لَتَمَسُّ فَخِذَ نَبِيِّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَانْحَسَرَ الْإِزَارُ عَنْ فَخِذِ نَبِيِّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنِّيْ لَأَرٰى

غزوہ خیبر

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل خیبر سے جہاد کیا، ہم نے خیبر کے پاس منہ اندھیرے نماز پڑھی، ـــــ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور حضرت ابوطلحہ سوار ہوئے، میں حضرت ابوطلحہ کے پیچھے سوار تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی گلیوں میں سواری دوڑائی، میرا گھٹنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ران سے مس کر رہا تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ران سے چادر ہٹ گئی تھی، اور میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ران کی سفیدی دیکھ رہا تھا، جب آپ بستی میں داخل ہوئے تو آپ نے فرمایا: اللہ اکبر خیبر ویران ہوگیا ہم جب کسی قوم کے میدانوں میں اترتے ہیں تو وہ دن ان لوگوں کے لیے

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷ ص ... مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

جلد سادس

بَيَاضَ فَخِذِ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا دَخَلَ الْقَرْيَةَ قَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ قَالَهَا ثَلَاثَ مِرَارٍ. قَالَ وَقَدْ خَرَجَ الْقَوْمُ إِلَى أَعْمَالِهِمْ فَقَالُوا مُحَمَّدٌ قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ وَقَالَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا وَالْخَمِيْسُ قَالَ وَأَصَبْنَاهَا عَنْوَةً.

جنھیں عذاب کی وعید سنائی گئی ہے بہت برا ہوتا ہے، یہ جملہ آپ نے تین بار فرمایا، اس وقت یہودی اپنے گھروں سے اپنے کام کاج کے لیے نکلے تھے، وہ کہنے لگے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آگئے، بعض راویوں نے کہا لشکر کے ساتھ آگئے، حضرت انس نے کہا ہم نے خیبر کو جنگ سے فتح کیا تھا۔

۴۵۵۱- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كُنْتُ رِدْفَ أَبِي طَلْحَةَ يَوْمَ خَيْبَرَ وَقَدَمِي تَمَسُّ قَدَمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَأَتَيْنَاهُمْ حِيْنَ بَزَغَتِ الشَّمْسُ وَقَدْ أَخْرَجُوا مَوَاشِيَهُمْ وَخَرَجُوا بِفُؤُوْسِهِمْ وَمَكَاتِلِهِمْ وَمُرُوْرِهِمْ فَقَالُوا مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرِبَتْ خَيْبَرُ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ قَالَ فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ خیبر کے دن میں سواری پر حضرت ابوطلحہ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا اور میرے قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں سے مس کر رہے تھے، ہم خیبر میں اس وقت پہنچے جب سورج نکل چکا تھا، اس وقت یہودیوں نے اپنے جانور نکالے تھے اور وہ خود درانتیاں ٹوکریاں اور درختوں پر چڑھنے کی رسیاں لے کر نکلے، انھوں نے کہا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) لشکر کے ساتھ آ گئے ہیں آپ نے فرمایا خیبر تباہ ہو گیا ہم جب کسی قوم کے میدانوں میں اترتے ہیں تو جن لوگوں کو عذاب کی وعید سنائی گئی ہے وہ دن ان کے لیے بہت برا ہوتا ہے، حضرت انس کہتے ہیں کہ پھر اللہ عزوجل نے ان کو شکست دے دی۔

۴۵۵۲- حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَا أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا أَتَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ قَالَ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر پہنچے تو آپ نے فرمایا: ہم جب کسی قوم کے میدانوں میں اترتے ہیں تو جن لوگوں کو عذاب کی وعید سنائی گئی ہے وہ دن ان کے لیے بہت برا ہوتا ہے۔

۴۵۵۳- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ عَبَّادٍ قَالَا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خیبر گئے،

حَدَّثَنَا حَاتِمٌ وَهُوَ ابْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ عَنْ سَلَمَةَ ابْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ فَتَسَيَّرْنَا لَيْلًا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ لِعَامِرِ بْنِ الْأَكْوَعِ أَلَا تُسْمِعُنَا مِنْ هُنَيْهَاتِكَ وَكَانَ عَامِرٌ رَجُلًا شَاعِرًا فَنَزَلَ بِالْقَوْمِ يَقُوْلُ ؎

ہم رات بھر سفر کرتے رہے، لشکر میں سے ایک شخص نے حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ ہمیں اپنے کچھ اشعار نہیں سنائیں گے؟ حضرت عامر شاعر تھے سواری سے اتر کر حدی خوانی کرنے لگے:

اَللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا
وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَاغْفِرْ فِدَاءً لَكَ مَا اقْتَفَيْنَا
وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا
وَأَلْقِيَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا
إِنَّا إِذَا صِيْحَ بِنَا أَتَيْنَا
وَبِالصِّيَاحِ عَوَّلُوْا عَلَيْنَا

اے اللہ اگر تیری مدد نہ ہوتی تو ہم ہدایت نہ پاتے۔
ہم زکوٰۃ ادا کرتے نہ نماز پڑھتے۔
ہماری طلب بس یہی ہے کہ تو ہمیں معاف کر دے ہم تجھ پر فدا ہوں۔
اور دشمن سے مقابلہ کے وقت ہم کو ثابت قدم رکھ
اور ہم پر تسلی نازل فرما۔
جب ہم کو بلایا جاتا ہے تو ہم پہنچ جاتے ہیں۔
اور ندا میں لوگ ہم پر اعتماد کرتے ہیں۔

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هٰذَا السَّائِقُ قَالُوْا عَامِرٌ قَالَ يَرْحَمُهُ اللَّهُ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ وَجَبَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَوْلَا أَمْتَعْتَنَا بِهِ قَالَ فَأَتَيْنَا خَيْبَرَ فَحَاصَرْنَاهُمْ حَتَّى أَصَابَتْنَا مَخْمَصَةٌ شَدِيْدَةٌ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللَّهَ فَتَحَهَا عَلَيْكُمْ قَالَ فَلَمَّا أَمْسَى النَّاسُ مَسَاءَ الْيَوْمِ الَّذِي فُتِحَتْ عَلَيْهِمْ أَوْقَدُوا نِيْرَانًا كَثِيْرَةً فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هٰذِهِ النِّيْرَانُ عَلَى أَيِّ شَيْءٍ تُوقِدُوْنَ فَقَالُوْا عَلَى لَحْمٍ قَالَ أَيُّ لَحْمٍ قَالُوْا لَحْمُ حُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْرِيْقُوْهَا وَاكْسِرُوْهَا فَقَالَ رَجُلٌ أَوْ يُهَرِيْقُوْهَا وَيَغْسِلُوْهَا فَقَالَ [illegible]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا یہ حدی خواں کون ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ عامر ہیں، آپ نے فرمایا اللہ اس پر رحم کرے، لشکر میں سے ایک شخص نے کہا اس پر رحمت واجب ہو گئی، کاش آپ ہم کو بھی اس سے متمتع فرماتے، حضرت سلمہ کہتے ہیں کہ پھر ہم خیبر پہنچے اور ہم نے اہل خیبر کا محاصرہ کر لیا حتی کہ ہم کو سخت بھوک لگ گئی، آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تم پر خیبر فتح کر دیا، پھر فتح کے دن شام کے وقت لوگوں نے بہت آگ روشن کی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ آگ کیسی ہے؟ (کس چیز کو پکانے) کے لیے آگ جلا رہے ہو؟ لوگوں نے کہا گوشت پکا رہے ہیں، آپ نے پوچھا کس چیز کا گوشت؟ لوگوں نے کہا پالتو گدھوں کا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کو انڈیل دو، اور ان کی ہانڈیاں توڑ دو، ایک شخص نے پوچھا کیا ہانڈیاں [illegible] آپ نے فرمایا: یا ایسا ہی کر لو [illegible]

قَالَ فَلَمَّا تَصَافَّ الْقَوْمُ كَانَ سَيْفُ عَامِرٍ فِيهِ قِصَرٌ فَتَنَاوَلَ بِهِ سَاقَ يَهُودِيٍّ لِيَضْرِبَهُ وَيَرْجِعُ ذُبَابُ سَيْفِهِ فَأَصَابَ رُكْبَةَ عَامِرٍ فَمَاتَ مِنْهُ قَالَ فَلَمَّا قَفَلُوا قَالَ سَلَمَةُ وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِي قَالَ فَلَمَّا رَآنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاكِتًا قَالَ مَا لَكَ قُلْتُ لَهُ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي زَعَمُوا أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ قَالَ مَنْ قَالَهُ قُلْتُ فُلَانٌ وَفُلَانٌ وَأُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ كَذَبَ مَنْ قَالَهُ إِنَّ لَهُ لَأَجْرَيْنِ وَجَمَعَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ إِنَّهُ لَجَاهِدٌ مُجَاهِدٌ قَلَّ عَرَبِيٌّ مَشَى بِهَا مِثْلَهُ وَخَالَفَ قُتَيْبَةُ مُحَمَّدًا فِي الْحَدِيثِ فِي حَرْفَيْنِ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّادٍ وَأَلْقِ سَكِينَةً عَلَيْنَا۔

لیکن مقصد بتانی تو عامر کی تلوار چھوٹی تھی، انھوں نے ایک یہودی کے پاؤں پر تلوار ماری تو وہ پلٹ کر ان کے گھٹنے پر لگی، اور وہ اسی ضرب سے شہید ہوگئے، جب مسلمان واپس لوٹے تو حضرت سلمہ نے میرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر کہا، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے خاموش دیکھا تو فرمایا کیا بات ہے؟ میں نے کہا آپ پر میرے ماں اور باپ قربان ہوں، لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ عامر کے سب عمل برباد ہوگئے! آپ نے پوچھا کس نے کہا ہے، میں نے کہا فلاں اور فلاں نے اور اسید بن حضیر انصاری نے آپ نے فرمایا جس نے یہ کہا ہے جھوٹ کہا ہے! عامر کے دو اجر ہیں، آپ نے اپنی دو انگلیوں کو جمع کر کے فرمایا: اس نے اس طرح جہاد کیا ہے کہ عربوں میں اس کی مثال بہت کم ہے، قتیبہ نے دو حرفوں میں راوی محمد کی مخالفت کی ہے اور ابن عباد کی روایت میں الق سکینۃ علینا ہے۔

٤٥٥٤ - وَحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ وَنَسَبَهُ غَيْرُ ابْنِ وَهْبٍ فَقَالَ ابْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ سَلَمَةَ ابْنَ الْأَكْوَعِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ قَاتَلَ أَخِي قِتَالًا شَدِيدًا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَارْتَدَّ عَلَيْهِ سَيْفُهُ فَقَتَلَهُ فَقَالَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَلِكَ وَشَكُّوا فِيهِ رَجُلٌ مَاتَ فِي سِلَاحِهِ وَشَكُّوا فِي بَعْضِ أَمْرِهِ قَالَ سَلَمَةُ فَقَفَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ خیبر کے دن میرے بھائی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ بڑی شدید جنگ کی، اتفاق سے اس کی تلوار پلٹ کر اس کو لگی اور وہ شہید ہوگئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے اس پر کچھ نکتہ چینی کی اور جو شخص اپنے ہی ہتھیار سے قتل ہو جائے اس کی شہادت میں شک کیا، حضرت سلمہ نے کہا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر سے واپس لوٹے تو میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے کچھ رجزیہ کلام پیش کرنے کی اجازت دیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی، حضرت عمر بن الخطاب نے کہا سوچ سمجھ کر کہنا: پھر میں نے کہا:

خَیْبَرَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ائْذَنْ لِیْ اَنْ اَرْجُزَ لَکَ فَاَذِنَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَعْلَمُ مَا تَقُوْلُ قَالَ فَقُلْتُ ؎

وَاللّٰہِ لَوْلَا اللّٰہُ مَا اھْتَدَیْنَا
وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّیْنَا

خدا کی قسم! اگر اللہ کی مدد نہ ہوتی۔ تو ہم زکوٰۃ ادا کرتے نہ نماز پڑھتے

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَدَقْتَ ؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے سچ کہا:

وَاَنْزِلَنْ سَکِیْنَۃً عَلَیْنَا
وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَیْنَا
وَالْمُشْرِکُوْنَ قَدْ بَغَوْا عَلَیْنَا

اور ہم پر اپنی رحمت نازل فرما۔
اور کفار سے مقابلہ کے وقت ہم کو ثابت قدم رکھ۔
بے شک کفار نے ہم پر حملہ ہوا کیا ہے

قَالَ فَلَمَّا قَضَیْتُ رَجَزِیْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ ھٰذَا قُلْتُ قَالَہٗ اَخِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَرْحَمُہُ اللّٰہُ قَالَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ نَاسًا لَیَھَابُوْنَ الصَّلٰوۃَ عَلَیْہِ یَقُوْلُوْنَ رَجُلٌ مَاتَ بِسِلَاحِہٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَاتَ جَاھِدًا مُجَاھِدًا قَالَ ابْنُ شِھَابٍ ثُمَّ سَاَلْتُ ابْنًا لِسَلَمَۃَ ابْنِ الْاَکْوَعِ فَحَدَّثَنِیْ عَنْ اَبِیْہِ مِثْلَ ذٰلِکَ غَیْرَ اَنَّہٗ قَالَ حِیْنَ قُلْتُ اِنَّ نَاسًا یَھَابُوْنَ الصَّلٰوۃَ عَلَیْہِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَذَبُوْا مَاتَ جَاھِدًا مُجَاھِدًا فَلَہٗ اَجْرُہٗ مَرَّتَیْنِ وَاَشَارَ بِاِصْبَعَیْہِ۔

جب میں یہ رجز پورا کر چکا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا یہ کس کے اشعار ہیں؟ میں نے عرض کیا یہ شعر میرے بھائی عامر نے کہے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! لوگ اس کی نماز جنازہ پڑھنے میں ہچکچا رہے ہیں! اور کہتے ہیں کہ یہ شخص اپنے ہتھیار سے مرا ہے، آپ نے فرمایا وہ مجاہد ہے اور جہاد کرتے ہوئے شہید ہوا ہے' زہری کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمہ کے ایک بیٹے سے پوچھا تو اس نے اپنے والد سے یہ روایت اسی طرح بیان کی، البتہ انہوں نے کہا جب میں نے کہا کہ لوگ اس کی نماز جنازہ پڑھتے ہوئے ہچکچا رہے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ لوگ جھوٹ بولتے ہیں! آپ نے فرمایا وہ مجاہد ہے جہاد کرتے ہوئے شہید ہوا ہے، اور اس کو دوگنا اجر ملے گا اور پھر اپنی دو انگلیوں سے اشارہ فرمایا۔

خیبر کا لغوی معنی، جغرافیائی محل وقوع، تاریخ اور غزوۂ خیبر کے اہم واقعات

محمد حمید اللہ لکھتے ہیں:

خیبر ایک نخلستان، (سطح سمندر سے ۲۸۰۰ فٹ بلند اور) جو مدینہ منورہ سے ۱۸۴ کلومیٹر (کم و بیش سو میل) شمال میں تبوک کے راستے سے آنے والے حجاج کی شاہراہ پر [illegible] کے مغرب سے گزرتے تھے اب

جدید ہوائی اڈے (مطار) سے بااستعمال کی خاطر مشرق سے گزرتے ہیں۔ تقریباً ایک سو کلو میٹر تک یہ راستہ تنگ اور پیچ دار دروں میں سے ہوتا ہوا جاتا ہے، جس کے دونوں طرف بلند پہاڑ ہیں، اس ساری مسافت میں پتھر ہوں یا مٹی، حرۃ یعنی آتش فشانی سے جلے ہوئے عناصر پر مشتمل ہیں۔ درخت اور پانی نام کو نہیں، اکا دکا بکریاں کہیں چرتی نظر آتی ہیں جو بہت پست قد ہوتی ہیں۔ ان کے دودھ نہیں ہوتا البتہ ان کا گوشت کھاتے ہیں۔ مدینے سے خیبر تک مشکل سے دو آبادیاں ملتی ہے۔ پہلی صلصال ہے جو ۱۲۰ کلو میٹر پر واقع ہے اور کافی سرسبز ہے۔ مقامی لوگوں کا بیان ہے کہ بستی کے نصف حصے میں کنووں کا پانی کڑوا ہے اور نصف حصے میں شیریں ہے؛ ممکن ہے فدک یہی ہو۔ اس سے آگے ایک دوسری چھوٹی اور ویران سی بستی ہے۔

خیبر بھی ایک حرۃ (ریگ زار) ہے۔ مدینے سے آئیں تو شہر کے پندرہ بیس کلو میٹر کے فاصلے پر سفید اور قابل کاشت لیکن افتادہ زمینیں ملتی ہیں، جو دس بارہ کلو میٹر تک پھیلی ہوئی ہیں۔ بعد ازاں پھر حرۃ شروع ہو جاتا ہے۔ اس حصے میں شاہراہ کے دائیں جانب قدیم (یہودی) کھنڈر میلوں تک پھیلے ہوتے ہیں، جن میں کچھ تالابوں کے منہدم سے بند نظر آتے ہیں۔ گرمی میں پانی خشک ہو جاتا ہے تو ان کی تہہ میں جمی ہوئی مہین مٹی دور دور تک نظر آتی ہے، امریکی انجینئر ٹویچل ... (Twitchell) نے سعودی عرب کی زرعی پیمائش کی رپورٹ میں یہاں سد الحصید اور پانچ دیگر تالابوں کا ذکر کیا ہے۔ غزوۂ خیبر میں آتے اور جاتے دونوں وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سد الصہباء میں قیام فرمایا تھا؛ وہ شاید یہیں کہیں ہو۔ اس کے آگے ایک پست اور وسیع وادی ہے جس میں شہر خیبر آباد ہے۔ یہ نخلستانوں سے اس قدر پٹا ہوا ہے کہ کسی بلندی پر سے بھی شہر کے خط و خال بالکل نظر نہیں آتے۔ عہد نبوی میں محلہ الکتیبۃ میں کھجور کے چالیس ہزار پیڑ بیان کیے گئے ہیں (ابن الاثیر: النہایۃ ۴: ۲۰۲) آج کل بھی شہر کے جنوب میں ایک بلند پہاڑ کے دامن میں کئی میل لمبا ایک گھنا نخلستان ہے۔

خیبر میں اب (۱۹۶۲ء میں) عنیزہ قبیلے کے عرب آباد ہیں۔ کہتے ہیں کہ فصل کٹنے کے زمانے میں ہنگامی آبادی پچیس تیس ہزار ہو جاتی ہے، ورنہ مستقل آبادی پانچ ہزار کے لگ بھگ بیان کی جاتی ہے۔ شہر میں کئی بلند ٹیلے اور پہاڑیاں ہیں جن میں سب سے ممتاز وہ ہے جسے قصر مرحب کہا جاتا اور یہودی عہد کی یادگار سمجھا جاتا ہے۔ ترکی دور میں غالباً یہاں فوجی چھاؤنی تھی، اب اس میں سعودی گورنر رہتا ہے۔

بعض مؤلفوں کی رائے میں خیبر کے یہودیوں کی بولی میں "خیبر" کے معنی قلعے کے تھے۔ البکری نے سہل بن محمد الکاتب سے اور یاقوت نے الزجاجی سے روایت کی ہے کہ یہ اس بستی کے بانی خیبر بن قانیہ بن مہلائیل کے نام سے منسوب ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ اسباط یہود کے گم گشتہ قبائل نے یہاں اور پشاور سے آگے درہ خیبر میں بھی اپنی نشانی کے لیے یہ نام دیا ہو۔؟

خیبر کا قدیم ترین ذکر بابل کے آخری کلدانی بادشاہ نبونعد (نبونید) (۵۵۶ یا ۵۳۹ ق م) کے میخی کتبے میں جو حران کی منہدم جامع مسجد کے فرش کے ایک پتھر پر ملا تھا (میونخ کی مؤتمر مستشرقین عالم کی روداد، ص ۱۳۲) لکھا ہے کہ جب اس بادشاہ نے تیماء میں ابتدائی پائے تخت بسایا تو خیبر و فدک وغیرہ سے ہوتے ہوئے یثرب تک کی سیاحت کی ایک دوسرا کتبہ بھی حران کے قریب لجہ میں دستیاب ہوا ہے، جو سیاق ہندسوں کے ساتھ عربی میں ہے کہ "میں نے، یعنی شرحبیل بن ظلم نے ذوالمرطول کو سنہ ۴۶۳ء میں خیبر کی تباہی (مفسد) کے ایک سال بعد تعمیر کرایا۔" (R.S.O) Enno Littmann

۱۹۱۱، ۱۹۱۲، ص ۱۹۳ ببعد) کے مطابق اس تاریخ سے ہزار ۵۶۸ء ہے۔ ابن قتیبہ: کتاب المعارف، (ص ۳۱۳) کے مطابق غسانی حکمران الحارث بن ابی شمر جبلہ (۵۲۸ء تا ۵۷۰ء) نے اس رخ حملہ کیا تھا۔ یہ ممکن ہے کہ خیبر والوں نے ایرانیوں اور حیرہ کے حکمران سے کچھ سازش کی ہو اور اس پر بوزنطی قیصر روم نے اپنے ماتحت حکمران کو ادھر روانہ کیا تھا معلوم نہیں اس وقت خیبر میں کون لوگ تھے، لیکن ساٹھ سال بعد جب پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تشریف لائے تو یہاں صرف یہودی بستے تھے، جو بہت خوش حال تھے؛ چنانچہ مکے میں شادی بیاہ کے موقع پر یہیں سے دیگیں اور زیور کرائے پر لیے جاتے تھے۔ ایک مرتبہ زیور کھو گئے تو اہل مکہ نے دس ہزار دینار کا ہرجانہ ادا کیا (ابن سعد ۲/۱۱۱؛ السرخسی: شرح السیر الکبیر ۱/۱۸۶)۔ بہت ممکن ہے کہ معاشی روابط نے شادی بیاہ تک نوبت پہنچا دی ہو اور یہاں کی یہودنیں بے جھجک عربوں سے نکاح کرتی ہوں، چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پردادا ہاشم اور ان کے بھائی المطلب نے ایسا ہی کیا (ابن حبیب: المنمق، مخطوطہ مکتوبہ ص ۳۲۵) یہاں کھجوریں بہت ہوتی ہیں، لیکن زمانہ جاہلیت میں بھی لوگ یہاں کے ملیریا سے بہت گھبراتے تھے (بعض قصے القزوینی: الآثار، ۲، ۶۰ تا ۶۱ اور ابن قتیبہ: الانواء، ص ۳۰ تا ۳۱ میں ملیں گے) یہود خیبر کے لباس میں طیلسان بہت مشہور ہے (صحیح البخاری، کتاب ۶۴، باب ۴۰، حدیث ۱۲) عبدالمطلب نے یہ نذر مانی تھی کہ اگر ان کے دس بیٹے ہو گئے تو وہ ایک کی قربانی دیں گے۔ قرعہ فال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے والد عبداللہ پر پڑا۔ اس سلسلے میں جس کاہنہ سے مشورہ کیا گیا تھا وہ سال کا کچھ عرصہ مدینے میں اور کچھ خیبر میں رہتی تھی۔ ابن ہشام: السیرۃ، ص ۹۷ تا ۹۹)۔

یاقوت نے معجم البلدان میں مشاہیر خیبر میں سے ابن القاہر الخیبری اللخمی محدث کا خاص طور پر ذکر کیا ہے، لیکن عہد اسلامی کے جغرافیہ نگاروں میں سے البکری (معجم، ص ۳۳۱ تا ۳۳۳) نے کتاب السکونی کا جو اقتباس دیا ہے وہ واقف حال شخص کا بیان معلوم ہوتا ہے: "یہ مدینے سے آٹھ برید پر ہے۔ پیدل تین دن میں آ سکتے ہیں۔ مدینے سے نکلو تو پہلے غابۂ علیہ، پھر شُعُلی کے بعد نقب یَدِوج آتا ہے، جہاں ایک مسجد نبوی ہے۔ پھر وادی الثَّمد آتی ہے، جہاں کنوئیں ہیں۔ پھر جبل اثمد، پھر حرّۃ الشُّقّۃ، پھر تمارا آتا ہے، جو خیبر سے آٹھ میل پر علاقہ خیبر کی سرحد پر واقع ہے اس سے آگے خیبر اور اس کے قلعے ہیں۔ خیبر کا بازار المرکلہ ہے، جسے حضرت عثمان نے بسایا تھا۔ وہاں کے قلعے میں کچھ پرانے لوگ باقی ہیں جو حضرت عمر کی نسل سے ہیں۔ اس سے آگے حصن وجدہ ہے جس میں کھجور وغیرہ کے درخت ہیں۔ یہ صرف خاص نبوی رہا ہے۔ پھر اسلالم ہے، جس کا بڑا حصہ صرف خاص نبوی تھا پھر جبل الاُثیلی آتا ہے، جس میں یہودی برج (آطام) ہیں۔ پھر مزرعے اور باغات ہیں، جن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور بنو المطلب کے روزینے مقرر تھے۔ اس کو الوطیح کہتے ہیں۔ وطیح سے متصل خلص تک ایک وادی آجاتی ہے، جسے الکتیبہ کہتے ہیں۔ یہ سب کی سب صرف خاص نبوی رہی ہے۔ یہ کتیبہ خیبر کے قلعہ بند مقاموں میں سے ہے۔ یہیں الصباء ہے، جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑاؤ ڈال کر رات گزاری تھی، یہ خیبر سے ایک برید کی مسافت پر ہے۔ خیبر کا سب سے بڑا قلعہ القموص ہے، جسے حضرت علی نے فتح کیا تھا؛ اسی کے دامن میں مسجد نبوی ہے۔ وہیں نطاہ اور الشق دو وادیاں ہیں۔ ان دونوں کے مابین حرقبہ ہے اسے السیحۃ اور المخاضۃ کہتے ہیں۔ وہ اس بڑی مسجد نبوی کے ساتھ ہے جہاں خیبر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ [illegible] کے نماز پڑھی [illegible]

بنام "طاقات معقودہ" پر مشتمل ہے، اس میں چشمے بھی ہیں۔ وہاں چٹان بھی ہے جسے "منزلہ" (رک باں) بناکر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا کرتے تھے۔ آج کل یہاں عید کی نمازیں پڑھی جاتی ہیں۔ نطاۃ میں مرحب کا قلعہ اور قصر ہے۔ یہ قصر حضرت الزبیر بن العوام کے حصے میں آیا تھا۔ الشق میں الحمۃ نامی چشمہ ہے جسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے "قسمۃ الملائکہ" کا نام دیا تھا۔ اس کا دو تہائی پانی ایک نالے میں جاتا ہے اور ایک تہائی دوسرے میں، حالانکہ نکلتا ایک ہی جگہ سے ہے۔ عہد نبوی سے لے کر اب تک یہ ایک معجزہ رہا ہے۔ اس چشمے میں تین کھجوریں یا لکڑی کے تین ٹکڑے ڈالو تو دو اس نالے میں چلے جاتے ہیں جس میں دو تہائی پانی جاتا ہے اور ایک دوسرے نالے میں۔ یہ کسی کے بس کی بات نہیں کہ اس میں تہائی سے زیادہ پانی لایا جائے۔ اگر کوئی اس نالے میں کھڑا ہو جائے جس میں دو تہائی پانی جاتا ہے تاکہ اسے دوسرے نالے میں لایا جائے تو پانی اس پر غالب آکر بہہ نکلتا ہے اور دوسرے نالے میں تہائی سے زیادہ پانی نہیں آسکتا۔ رہا النطاۃ، وہاں کا بڑا چشمہ اللحیمۃ کہلاتا ہے۔ خیبر میں سب سے پہلے دار بنی قمۃ فتح ہوا، جو نطاۃ میں ہے اور اسی میں مرحب کا بھائی الیاس رہتا تھا۔ اسی کے متعلق حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ "دار بنی قمۃ کی فتح سے قبل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کی روٹی اور کھجور پیٹ بھر کر نہیں کھائی تھی۔"

قصر مرحب کے دامن میں آج کل ایک چھوٹی سی مسجد رہ گئی ہے اس کے قریب جو چشمہ ہے وہ اب حضرت علی سے منسوب ہے کہ مرحب پر وار کرنے میں ان کی تلوار زمین میں اتر گئی اور یہ چشمہ پھوٹ بہا۔ اس سے کچھ فاصلے پر دوسرا بڑا چشمہ بھی باقی ہے دونوں سے نخلستان کی آبپاشی ہوتی ہے۔

تاریخ اسلام میں خیبر کی شہرت، ۷ھ/۶۲۸ء کے غزوۂ نبویؐ کے باعث ہے۔ مدینے سے نکلے ہوئے بنو النضیر کے یہودی یہاں بسے تھے۔ محاصرہ خندق (رک باں) انھیں کی انگیخت پر ہوا تھا۔ یہ مسلمانوں کی نئی مملکت کے لیے ایک مستقل خطرہ بن گئے تھے۔ انھی سے نمٹنے کی خاطر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ (رک باں) میں قریش کی منہ مانگی شرطوں پر صلح کی تھی اور قریش سے صرف یہ خواہش کی تھی کہ وہ مسلمانوں کی جنگوں میں غیر جانبدار رہیں۔ اس معاہدے کی تکمیل کے بعد واپس آتے ہی آپ نے خیبر جانے کی تیاریاں شروع کر دیں اور بمشکل ایک مہینہ گزرا تھا کہ پندرہ سو کی جمعیت سے کر آپ مدینے سے روانہ ہوئے۔ جب الصہباء تک پہنچ گئے تو قبیلہ غطفان کے لوگ آپ کے راستے میں حائل ہوئے کیونکہ وہ خیبر کے یہودیوں کی امداد کرنا چاہتے تھے۔ لیکن جب آپ نے الصہباء سے وادی الرجیع (دیار غطفان) کا رخ کیا تو وہ گھبرا کر فوراً اپنے مال و عیال کی حفاظت کے لیے خیبر سے واپس آگئے اور پھر انھیں نقل و حرکت کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔ تین دن الرجیع میں ٹھہر کر آپ خیبر آگئے۔

اہل خیبر آپ کی پیش قدمی سے واقف اور مقابلے کے لیے تیار تھے۔ اس زمانے کی عرب بستیوں کی طرح خیبر بھی متعدد چھوٹے چھوٹے قبائلی محلوں پر مشتمل تھا۔ ہر محلہ دوسرے سے کچھ فاصلے پر آباد تھا اور ہر ایک کا نظام معیشت، یعنی کھیت، چراگاہیں، قلعے اور گڑھیاں مستقل تھیں۔ جہاں تک دفاع کا تعلق ہے وہ ایک تو اپنے سات بڑے اور متعدد چھوٹے قلعوں میں محفوظ تھے، جن میں سے بعض میں منجنیقیں بھی نصب تھیں؛ دوسرے الیعقوبی کے مطابق خیبر میں بیس ہزار مقاتل (جنگجو سپاہی) تھے۔ المقریزی (الامتاع) کے مطابق دس ہزار کا مقابلہ پندرہ سو مسلمانوں کو کرنا تھا؛ تیسرے وہ اپنے مرکز اور گھر میں ہونے کی وجہ سے حربی فوقیت بھی رکھتے تھے۔ آذوقہ اور ساز و سامان بھی ان کے پاس بہت تھا۔ السرخسی (شرح السیر الکبیر، باب خامس،

البلدان والاقریۃ) نے لکھا ہے کہ خیبر کے ہر قلعے کو تین تین فصیلوں سے اس طرح گھیر لیا گیا تھا کہ سوار دفوج ان کے سامنے بےبس تھی۔

پرانے نام اب بھلا دیے گئے ہیں، اس لیے معلوم نہیں قلعہ ناعم کہاں تھا، جو مؤرخوں کے مطابق سب سے پہلے سر ہوا۔ پھر اندرون شہر کا قلعہ قموص فتح ہوا، جو خاندان ابو الحقیق (اور ام المؤمنین حضرت صفیہ) کا مسکن تھا۔ اس کی فتح میں حضرت علی نے خاص کارگزاری دکھائی تھی۔ پھر حصن الشق اور حصن النطاۃ اور حصن الکتیبہ سر ہوئے۔ اس کے بعد حصن الوطیح اور حصن السلالم (دو آخری قلعے) کوئی دو ہفتوں کی کش مکش کے بعد فتح ہوئے بظاہر انہیں آخری دو قلعوں میں سارے یہودی باشندے جمع ہو گئے تھے۔ اگر یہودیوں کے ساتھ انہی کی توریت کے احکام کے مطابق برتاؤ کیا جاتا تو سارے بالغ مرد قتل اور عورتیں بچے غلام بنائے جا سکتے تھے، مگر پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمدلی اور درگذر سے کام لیا، سب کی جان بخشی کی کہ مال چھوڑ کر جسم کے کپڑوں کے ساتھ جہاں چاہیں چلے جائیں۔ سیرۃ الشامی کے مطابق مدینے میں بنو نضیر کے پاس ایک کنز تھا، یعنی وہ مال جو وہ اتفاقی ضروریات (نوائب) کے لیے جمع کیا کرتے تھے۔ شہر بدری پر غالباً یہ کنز خیبر میں ساتھ لائے تھے۔ حسب معاہدہ جب یہ مسلمانوں کے سپرد نہ ہوا تو آنحضرتؐ نے جواب طلبی کی تو صاحب الکنز نے یہ بہانہ کیا کہ جنگ کی ابتدا ہی میں ختم ہو گیا ہے، لیکن رات کو اسے کھنڈروں میں ادھر ادھر پھرتے دیکھ کر شبہ ہوا؛ چنانچہ وہاں کھدائی کی گئی تو خزانہ برآمد ہو گیا اور صاحب الکنز کو فریب کاری کی سزا بھگتنی پڑی۔

ابتدائی ناکامیوں ہی نے یہودیوں کا حوصلہ پست کر دیا تھا۔ سیرت نگار لکھتے ہیں کہ حصن الزبیر اپنے استحکام کے باعث اس لیے بآسانی فتح ہو گیا کہ پانی کے ذخیرے تک اس کا جو زمین دوز راستہ تھا اس کا پتا ایک مقامی یہودی ہی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بتا دیا تھا۔

جب قبضہ مکمل ہو گیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شرائط صلح میں مزید رعایت منظور فرمائی اور اجازت دی کہ وہ تا حکم ثانی خیبر ہی میں رہیں اور بٹائی پر کاشت کر کے نصف پیداوار لگان میں دیا کریں۔

یاقوت (معجم البلدان) نے صراحت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نصف علاقہ بحق حکومت محفوظ کر دیا اور اس میں کتیبہ اور سلالم داخل ہوئے، باقی فاتحوں میں بانٹ دیا اور شق و نطاۃ و متعلقات اس میں آئے (لشکر اسلام میں بارہ سو پیدل اور تین سو گھڑ سوار تھے۔ سواروں کو چونکہ دگنی غنیمت ملتی ہے اس لیے سارا علاقہ چھتیس حصوں میں بانٹا گیا۔ آدھا حکومت کے لیے وقف رہا۔ باقی اٹھارہ حصوں میں سے ہر ایک حصہ سو پیدل سپاہیوں یا پچاس سواروں میں بانٹا گیا)۔ الزہری کا جو بیان ابن کثیر (البدایۃ، ۴: ۲۰۲) نے نقل کیا ہے کہ کچھ خیبر بزور شمشیر فتح ہوا اور کچھ پرامن طور سے؛ اس سے بھی اسی کی تائید ہوتی ہے کہ بغیر جنگ فتح شدہ علاقہ بحق حکومت وقف کر دیا گیا، لیکن عام مؤرخ یہ کہتے ہیں کہ زمین کو فاتحوں میں تقسیم کرتے ہوئے حسب معمول خمس حکومت کے لیے لیا گیا اور یہ کتیبہ کا نخلستان تھا۔ یہاں کے لگان میں ہر سال جو کھجوریں وغیرہ آتی تھیں ان سے کچھ روزینے بھی مستقل طور پر مقرر ہوئے، جس کی ابن ہشام وغیرہ نے تفصیل دی ہے۔

یہودیوں کا بٹائی پر کام کرنا حضرت عمر کی خلافت تک باقی رہا، پھر جب ان لوگوں نے حضرت عبداللہ بن عمر وغیرہ کے قتل کا اقدام کیا تو ان کو وہاں سے شام منتقل کر دیا گیا اور مسلمان کسان ہی یہاں کاشت کرنے لگے۔

ابن ہشام نے لکھا ہے کہ کسی خیبر [illegible] اسلام قبول کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

نے حکم دیا کہ تقاضائے دیانت یہ ہے کہ ریوڑ کو مالک کے قلعے تک لے جا کر چھوڑ دو تاکہ وہ عادت کے مطابق خود ہی مالک کے گھر پہنچ جائے۔

المقریزی نے الامتاع میں لکھا ہے کہ مال غنیمت میں توریت کے جو نسخے ملے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کو واپس دلا دیے۔

(اس جنگ سے یہودی سردار حُیَیّ بن اخطب کی بیٹی صفیہ بھی جنگی قیدیوں میں مسلمانوں کے ہاتھ آئیں۔ آپؐ نے انھیں حضرت دحیہ کو بخش دیا، مگر پھر بعض صحابہ کے مشورے سے سات قیدیوں کے معاوضے میں انھیں واپس لے لیا اور عدت پوری ہونے تک حضرت ام سلمہ کے پاس رکھا۔ صفیہ مسلمان ہو گئیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو آزاد کر کے اپنی زوجیت میں لے لیا) اس کا فوری اثر یہ ہوا مسلمان سپاہیوں کا برتاؤ اپنے نبی کے سسرالیوں سے نرم ہو گیا۔ بظاہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد بھی نکاح سے یہی تھا۔ حضرت صفیہ اپنے غیر مسلم میکے والوں سے ہمیشہ عزیزانہ سلوک کرتی رہیں اور وفات پر وصیت کی کہ ان کے متروکے کا ایک تہائی، یعنی ایک لاکھ درہم، ان کے غیر مسلم بھانجے کو دے دیے جائیں۔ بعض مسلمانوں نے مخالفت کی تو حضرت عائشہ نے دخل دے کر وصیت کا نفاذ کرایا کہ اسلامی قانون ایسا ہی حکم دیتا ہے۔ (ابن سعد: طبقات، ۸: ۹۱ تا ۹۲)

صلح ہو جانے اور یہودیوں کو اپنے باغوں میں آ جانے کی اجازت ملنے کے بعد بھی مسلمان سپاہی وہاں جا کر پھل، ترکاری چھیننے لگے اور شکایت آئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً روکا اور بتایا کہ اب وہ غیر کا مال ہے جو بلا اجازت کھانا حرام ہے۔

فتح خیبر کے موقع پر ایک یہودی عورت زینب بنت الحارث زوجۂ اسلام بن مشکم نے ایک بریاں بکری آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کی اور اس میں زہر ملا دیا۔ آپ نے ایک لقمہ اٹھایا اور چبا کر تھوک دیا اور فرمایا کہ یہ زہر آلود ہے۔ آپ کے ساتھ حضرت بشیر بن البراء بن معرور نے زہر آلود گوشت کھا لیا جس کے اثر سے وہ مر گئے۔ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی عورت کو بلا بھیجا۔ اس نے جرم کا اقرار کر لیا مگر اسے آپؐ نے قتل نہ کیا۔ ایک اور روایت (الامتاع، ص ۳۲۲) میں آیا ہے کہ آنحضرت نے اسے بشیر کے رشتہ داروں کے حوالے کر دیا، جنھوں نے اسے قتل کر دیا)۔

ران کے شرم گاہ ہونے کی تحقیق اس باب کی حدیث نمبر ۷۵۵ میں ہے "جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ران سے چادر ہٹ گئی تھی اور میں آپ کی ران کی سفیدی دیکھ رہا تھا"۔ اس لیے یہاں یہ بحث قابل طلب ہے کہ ران شرمگاہ ہے یا نہیں۔ امام مالک نے اس حدیث کے پیش نظر یہ کہا ہے کہ ران شرمگاہ نہیں ہے۔ امام ابوحنیفہ اور جمہور فقہاء نے یہ کہا ہے کہ ران شرمگاہ ہے جمہور کا استدلال اس حدیث سے ہے:

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابن عباس وجرهد ومحمد بن جحش عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الفخذ عورۃ[۵]

حضرت ابن عباس، حضرت جرہد اور حضرت محمد بن جحش رضی اللہ عنہم بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ران شرمگاہ ہے"۔

۵۔ امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۳ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

علامہ نووی لکھتے ہیں اس باب کی حدیث سے فقہاء مالکیہ اور ان کے موافقین نے ران کے شرمگاہ نہ ہونے پر استدلال کیا ہے، ہمارا اور جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ ران شرمگاہ ہے، کیونکہ ران کے شرمگاہ ہونے کے متعلق بکثرت احادیث مشہورہ ہیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ کی اس روایت کی تاویل یہ ہے کہ حملہ کرنے اور سواری دوڑانے کی وجہ سے غیر اختیاری طور پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر ران سے ہٹ گئی تھی اور حضرت انس کی اس پر اتفاقاً نظر پڑ گئی، اس حدیث میں یہ نہیں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قصداً ران کو اسی طرح کھلے رہنے دیا، اور صحیح بخاری میں حضرت انس سے جو یہ روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر کو ہٹایا وہ اس پر محمول ہے کہ چادر ہٹ گئی جیسا کہ صحیح مسلم کی اس روایت میں ہے۔

خیبر کا تمام علاقہ صلح سے فتح ہوا تھا یا بعض؟ اس حدیث میں ہے کہ ہم نے خیبر کو جنگ سے فتح کیا، علامہ نووی لکھتے ہیں کہ اس حدیث سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ تمام خیبر جنگ سے فتح ہوا ہے، اور امام مالک نے ابن شہاب سے یہ روایت کیا ہے کہ خیبر کا بعض حصہ جنگ سے فتح ہوا ہے اور بعض حصہ صلح سے فتح ہوا ہے، اور اس پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ سنن ابوداؤد میں یہ روایت ہے کہ آپ نے خیبر کے دو حصے کیے، نصف حصہ اپنی ضروریات اور حاجات کے لیے رکھا اور نصف حصہ مسلمانوں کو دیا، علامہ مازری نے کہا اس کا جواب یہ ہے کہ خیبر کے اردگرد زمینیں اور بستیاں تھیں جن میں آپ نے یہودیوں کو جلاوطن کر دیا تھا، یہ زمینیں خاص طور پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر تصرف تھیں، اور ان کے علاوہ جو خیبر کی آمدنی تھی، وہ مہاجرین میں تقسیم کر دی گئی، اور جن زمینوں اور بستیوں میں یہودیوں کو جلاوطن کیا گیا تھا وہ خیبر کا نصف تھیں اور جس حدیث میں ہے کہ خیبر کے دو حصے کیے ایک حصہ مسلمانوں کو دیا اور ایک حصہ آپ نے اپنے پاس رکھا اس حصہ سے یہی زمینیں مراد ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ تمام خیبر جنگ سے فتح ہوا البتہ اس کے اردگرد کی بستیاں صلح سے فتح ہوئیں جیسے فدک وغیرہ، آپ نے خیبر کے تمام اموال مسلمانوں میں تقسیم کر دیے اور اردگرد کی بستیوں کی آمدنی جو از قبیل فئی تھی اس کو صرف اپنے تصرف میں رکھا۔

اللہ تعالیٰ کے لیے "میں فدا ہوں" کہنے کی توجیہ اس حدیث میں حضرت عامر بن اکوع کے اشعار میں یہ مصرع بھی ہے: "اے اللہ! میں تجھ پر قربان ہوں، میرے گناہوں کو معاف کر دے" علامہ نووی لکھتے ہیں کہ علامہ مازری نے کہا ہے کہ اس مصرعہ پر یہ اشکال ہے کہ یہ نہیں کہا جاتا کہ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ پر فدا ہو جاؤں یا قربان ہو جاؤں، کیونکہ یہ اس موقع پر کہا جاتا ہے جب کسی مصیبت اور تکلیف میں کسی شخص کے مبتلاء ہونے کا خدشہ ہو تو دوسرا شخص کہے تم پر قربان ہو کر اس مصیبت اور تکلیف میں میں مبتلاء ہو جاتا ہوں، اور ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے کہ اس کو کسی مصیبت میں مبتلاء ہونے کا خدشہ ہو، اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ عنہ نے اس لفظ کے حقیقی معنی کا ارادہ نہیں کیا اور ان کی مراد یہ تھی کہ میں ہر حال میں تیری رضا کے حصول کے لیے جدوجہد کروں گا، جیسے کہتے ہیں قاتلہ اللہ، اللہ اس کو قتل کر دے" اور اس سے حقیقی معنی مراد نہیں لیا جاتا، یا جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تربت یداک و تربت یمینک تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں سو اسی طرح یہ بھی محاورہ ہے۔ اگر کسی کا

کا اللہ تعالیٰ کی جناب پر تاویل سے اطلاق صحیح بھی ہو تب بھی جب تک کہ شریعت میں اللہ تعالیٰ پر اس لفظ کے اطلاق کا ثبوت نہ ہو اس کا اللہ تعالیٰ پر اطلاق جائز نہیں ہے۔ لہ

بَابُ غَزْوَةِ الْأَحْزَابِ وَهِيَ الْخَنْدَقُ

غزوہ خندق کے اہم واقعات

۴۵۵۵ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ يَنْقُلُ مَعَنَا التُّرَابَ وَلَقَدْ وَارَى التُّرَابُ بَيَاضَ بَطْنِهِ وَهُوَ يَقُولُ ؎

وَاللّٰهِ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا
وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَأَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا
إِنَّ الْأُلٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا

قَالَ وَرُبَّمَا قَالَ ؎

إِنَّ الْمَلَا قَدْ أَبَوْا عَلَيْنَا
إِذَا أَرَادُوْا فِتْنَةً أَبَيْنَا
وَيَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهُ۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ غزوہ احزاب کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ مٹی ڈھو رہے تھے درآں حالیکہ گرد و غبار کی کثرت سے آپ کے پیٹ کی سفیدی اٹی ہوئی تھی، اور آپ یہ فرما رہے تھے:

خدا کی قسم اگر اللہ تعالیٰ کی مدد نہ ہوتی تو ہم ہدایت نہ پاتے۔ ہم صدقہ دیتے نہ نماز پڑھتے۔ اے اللہ تو ہم پر سکون نازل فرما۔ بے شک دشمن ہم پر ٹوٹ پڑے ہیں۔

اور کبھی یوں فرماتے:

ان کافروں نے ہماری بات ماننے سے انکار کر دیا۔ جب وہ فساد کا ارادہ کرتے ہیں تو ہم انکار کرتے ہیں۔

جب آپ ابینا فرماتے تو آواز بلند فرماتے۔

۴۵۵۶ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ إِنَّ الْأُلٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے ایسی ہی روایت مروی ہے البتہ اس میں اِن الالی قد بغوا علینا ہے۔

۴۵۵۷ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِي

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے

لہ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۱۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ جَاءَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَحْفِرُ الْخَنْدَقَ وَنَنْقُلُ التُّرَابَ عَلٰى اَكْتَافِنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ. فَاغْفِرْ لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ۔

درآنحالیکہ ہم خندق کھود رہے تھے اور اپنے کندھوں پر مٹی ڈھو رہے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ زندگی تو بس آخرت ہی کی زندگی ہے سو تو مہاجرین اور انصار کی مغفرت فرما۔

۴۵۵۸۔ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ ؎

اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةْ
فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ زندگی تو بس آخرت ہی کی زندگی ہے، سو تو انصار، اور مہاجرین کی مغفرت فرما۔

۴۵۵۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الْاٰخِرَةِ. قَالَ شُعْبَةُ اَوْ قَالَ ؎

اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةْ
فَاَكْرِمِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے: (شعبہ نے کہا یا فرمایا:) اے اللہ! زندگی تو بس آخرت ہی کی زندگی ہے۔ سو تو انصار اور مہاجرین پر کرم فرما۔

۴۵۶۰۔ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى وَشَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ قَالَ يَحْيٰى اَخْبَرَنَا وَقَالَ شَيْبَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ كَانُوْا يَرْتَجِزُوْنَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ ؎

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ صحابہ رجز کرتے تھے اور ان کے ساتھ آپ بھی رجز کرتے تھے اور صحابہ یہ کہتے تھے: اے اللہ! بھلائی تو صرف آخرت کی بھلائی ہے، سو تو مہاجرین اور انصار کی مدد فرما۔ اور شیبان کی حدیث میں فانصر کی جگہ فاغفر ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الْآخِرَةِ
فَانْصُرِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ

وَفِي حَدِيثِ شَيْبَانَ بَدَلَ فَانْصُرْ فَاغْفِرْ۔

۴۵۶۱ - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوا يَقُولُونَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ ؎

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ جنگ خندق کے دن یہ کہہ رہے تھے:

نَحْنُ الَّذِينَ بَايَعُوا مُحَمَّدًا
عَلَى الْإِسْلَامِ مَا بَقِينَا أَبَدًا
أَوْ قَالَ عَلَى الْجِهَادِ شَكَّ حَمَّادٌ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ؎
اَللّٰهُمَّ إِنَّ الْخَيْرَ خَيْرُ الْآخِرَةِ
فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ

ہم نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے تا حیات اسلام پر بیعت کی ہے۔
حماد کو شک ہے کہ شاید اسلام کے بدلہ میں جہاد کہا تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے تھے:
اے اللہ بھلائی تو صرف آخرت کی بھلائی ہے
سو تو انصار اور مہاجرین کی مغفرت فرما۔

(ف) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز سے جو رجزیہ اشعار پڑھے ان میں ذکر بالجہر کرنے کا ثبوت ہے اس مسئلہ پر ہم نے شرح صحیح مسلم جلد ثانی میں گفتگو کی ہے، اور اس پر مفصل بحث ہمارے رسالہ "ذکر بالجہر" میں ہے۔

بَابُ غَزْوَةِ ذِي قَرَدٍ وَغَيْرِهَا

غزوہ ذی قرد وغیرہ

۴۵۶۲ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَاعِيلَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ الْأَكْوَعِ يَقُولُ خَرَجْتُ قَبْلَ أَنْ يُؤَذَّنَ بِالْأُولَى وَكَانَتْ لِقَاحُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرْعَى بِذِي قَرَدٍ قَالَ فَلَقِيَنِي غُلَامٌ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فَقَالَ أُخِذَتْ لِقَاحُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَنْ أَخَذَهَا قَالَ غَطَفَانُ قَالَ فَصَرَخْتُ ثَلَاثَ صَرَخَاتٍ يَا صَبَاحَاهُ قَالَ فَأَسْمَعْتُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں پہلی اذان سے پہلے مدینہ سے باہر نکل گیا، وہاں مقام ذی قرد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنیاں چر رہی تھیں، وہاں مجھ سے عبد الرحمن بن عوف کا غلام ملا اور کہنے لگا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنیاں پکڑ لی گئیں، میں نے پوچھا کس نے پکڑی ہیں؟ اس نے کہا غطفان نے، حضرت ابن اکوع کہتے ہیں میں نے تین مرتبہ چیخ کر کہا: یا صباحاہ! میری یہ آواز مدینہ منورہ کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک پہنچی، پھر میں اپنی سیدھ میں چل پڑا اور میں نے غطفان کو مقام ذی قرد میں جا لیا، درآں حالیکہ وہ لوگ

مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ ثُمَّ انْدَفَعْتُ عَلَى وَجْهِي حَتَّى أَدْرَكْتُهُمْ بِذِي قَرَدٍ وَقَدْ أَخَذُوا يَسْقُونَ مِنَ الْمَاءِ فَجَعَلْتُ أَرْمِيهِمْ بِنَبْلِي وَكُنْتُ رَامِيًا وَأَقُولُ ؎

أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ
وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

فَأَرْتَجِزُ حَتَّى اسْتَنْقَذْتُ اللِّقَاحَ مِنْهُمْ وَاسْتَلَبْتُ مِنْهُمْ ثَلَاثِينَ بُرْدَةً قَالَ وَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنِّي قَدْ حَمَيْتُ الْقَوْمَ الْمَاءَ وَهُمْ عِطَاشٌ فَابْعَثْ إِلَيْهِمُ السَّاعَةَ فَقَالَ يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ قَالَ ثُمَّ رَجَعْنَا وَيُرْدِفُنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَتِهِ حَتَّى دَخَلْنَا الْمَدِينَةَ ۔

پانی پلا رہے تھے، میں نے ان کو اپنے تیروں سے مارنا شروع کیا اور میں تیر مارتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا:

میں اکوع کا بیٹا ہوں!
اور آج کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے۔

میں یہ رجز پڑھتا رہا حتیٰ کہ میں نے ان سے اونٹنیاں چھڑا لیں اور ان کی تیس چادریں بھی لے لیں، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی صحابہ کے ہمراہ تشریف لے آئے، میں نے کہا یا رسول اللہ میں نے ان کو پانی سے روک رکھا ہے حالانکہ وہ پیاسے ہیں، آپ اسی وقت کسی کو ان کے پاس بھیج دیجئے، آپ نے فرمایا: اے ابن اکوع تم اپنی چیزیں تو لے چکے ہو، اب رہنے دو، اس کے بعد ہم واپس لوٹے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنی اونٹنی پر سوار کر لیا حتیٰ کہ ہم مدینہ پہنچ گئے۔

۴۵۶۳ ۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ ح وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ كِلَاهُمَا عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ وَهٰذَا حَدِيثُهُ أَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ وَهُوَ ابْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ قَدِمْنَا الْحُدَيْبِيَةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً وَعَلَيْهَا خَمْسُونَ شَاةً لَا تُرْوِيهَا قَالَ فَقَعَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَبَا الرَّكِيَّةِ فَإِمَّا دَعَا وَإِمَّا بَصَقَ فِيهَا قَالَ فَجَاشَتْ

ایاس بن سلمہ کہتے ہیں کہ میرے والد بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حدیبیہ گئے، ہم اس وقت چودہ سو افراد تھے، اور اس جگہ پانی کی اتنی کمی تھی کہ وہاں پچاس بکریاں بھی سیراب نہیں ہو سکتی تھیں، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کنوئیں کی منڈیر پر بیٹھ گئے، پھر یا تو آپ نے کوئی دعا کی اور یا آپ نے اس میں اپنا لعاب دہن ڈالا، سو کنوئیں کا پانی جوش میں آگیا ہم نے خود بھی پانی پیا اور اپنے جانوروں کو بھی پلایا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے درخت کی جڑ میں بیٹھ کر ہم کو بیعت کے لیے بلایا، لوگوں میں سے سب سے پہلے میں نے آپ سے بیعت کی، پھر اور لوگوں نے بیعت کرنا شروع کر دی، حتیٰ کہ جب آدھے لوگوں نے بیعت کر لی تو آپ نے فرمایا: اے سلمہ بیعت کرو، میں نے [illegible]! میں تو سب سے پہلے بیعت کر

اسْتَقَيْنَا قَالَ ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَانَا لِلْبَيْعَةِ فِي أَصْلِ الشَّجَرَةِ قَالَ فَبَايَعْتُهُ أَوَّلَ النَّاسِ ثُمَّ بَايَعَ وَبَايَعَ حَتّٰى إِذَا كَانَ فِي وَسَطٍ مِنَ النَّاسِ قَالَ بَايِعْ يَا سَلَمَةُ قَالَ قُلْتُ قَدْ بَايَعْتُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي أَوَّلِ النَّاسِ قَالَ وَأَيْضًا قَالَ وَرَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَزِلًا يَعْنِي لَيْسَ مَعَهُ سِلَاحٌ قَالَ فَأَعْطَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَفَةً أَوْ دَرَقَةً ثُمَّ بَايَعَ حَتّٰى إِذَا كَانَ فِي آخِرِ النَّاسِ قَالَ أَلَا تُبَايِعُنِي يَا سَلَمَةُ قَالَ قُلْتُ قَدْ بَايَعْتُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي أَوَّلِ النَّاسِ وَفِي أَوْسَطِ النَّاسِ قَالَ وَأَيْضًا قَالَ فَبَايَعْتُهُ الثَّالِثَةَ ثُمَّ قَالَ لِي يَا سَلَمَةُ أَيْنَ حَجَفَتُكَ أَوْ دَرَقَتُكَ الَّتِي أَعْطَيْتُكَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقِيَنِي عَمِّي عَامِرٌ عَزِلًا فَأَعْطَيْتُهُ إِيَّاهَا قَالَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ إِنَّكَ كَالَّذِي قَالَ الْأَوَّلُ اللّٰهُمَّ أَبْغِنِي حَبِيبًا هُوَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي ثُمَّ إِنَّ الْمُشْرِكِينَ رَاسَلُونَا الصُّلْحَ حَتّٰى مَشٰى بَعْضُنَا فِي بَعْضٍ وَاصْطَلَحْنَا قَالَ وَكُنْتُ تَبِيعًا لِطَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَسْقِي فَرَسَهُ وَأَحُسُّهُ وَأَخْدِمُهُ وَآكُلُ مِنْ طَعَامِهِ وَتَرَكْتُ أَهْلِي وَمَالِي مُهَاجِرًا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَلَمَّا اصْطَلَحْنَا نَحْنُ وَأَهْلُ مَكَّةَ وَاخْتَلَطَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ أَتَيْتُ شَجَرَةً فَكَسَحْتُ شَوْكَهَا فَاضْطَجَعْتُ فِي أَصْلِهَا قَالَ فَأَتَانِي أَرْبَعَةٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ فَجَعَلُوا يَقَعُونَ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

چکا ہوں، آپ نے فرمایا دوبارہ کرو، حضرت ابن اکوع کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ میرے پاس ہتھیار نہیں ہیں، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک ڈھال عطا کی، اس کے بعد آپ نے پھر بیعت لینی شروع کی، حتیٰ کہ جب آپ سب سے بیعت لے چکے تو آپ نے مجھ سے پھر فرمایا: اے سلمہ تم مجھ سے بیعت نہیں کرو گے؟ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ میں تو پہلی بار سب سے پہلے اور دوبارہ درمیان میں آپ سے بیعت کر چکا ہوں! آپ نے فرمایا پھر سہ بارہ، سو میں نے آپ سے پھر تیسری بار بیعت کی، پھر آپ نے مجھ سے فرمایا تمہاری ڈھال کہاں ہے جو میں نے تم کو دی تھی؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے چچا عامر کے پاس ہتھیار نہیں تھے، میں نے وہ ڈھال ان کو دے دی، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہنسے اور فرمایا: تم بھی اس پہلے شخص کی طرح ہو جس نے کہا تھا اے اللہ مجھے ایسا دوست عطا فرما جو مجھے جان سے بھی زیادہ عزیز ہو، پھر مشرکین نے ہماری طرف صلح کا پیغام بھیجا یہاں تک کہ ہر جانب سے ایک شخص دوسری جانب جانے لگا، اور ہم نے صلح کر لی، حضرت ابن اکوع نے کہا میں حضرت طلحہ بن عبید اللہ کی خدمت میں تھا، ان کے گھوڑے کو پانی پلاتا اور کھریرا کرتا، ان کی خدمت کرتا اور ان کے ساتھ کھانا کھاتا، کیونکہ میں نے اہل وعیال اور مال کو چھوڑ کر اللہ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کی تھی، جب ہماری اہل مکہ سے صلح ہو گئی اور ہم ایک دوسرے سے ملنے لگے، تو میں ایک درخت کے پاس گیا اور اس کے نیچے سے کانٹے صاف کر کے اس کی جڑ میں لیٹ گیا، اتنے میں مشرکین مکہ میں سے چار شخص آئے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق کچھ کہنے لگے، مجھے ان پر غصہ آیا اور میں دوسرے

وَسَلَّمَ فَأَبْغَضْتُهُمْ فَتَحَوَّلْتُ إِلَى شَجَرَةٍ أُخْرَى وَعَلَّقُوا سِلَاحَهُمْ وَاضْطَجَعُوا فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ نَادَى مُنَادٍ مِنْ أَسْفَلِ الْوَادِي يَا لَلْمُهَاجِرِينَ قُتِلَ ابْنُ زُنَيْمٍ قَالَ فَاخْتَرَطْتُ سَيْفِي ثُمَّ شَدَدْتُ عَلَى أُولَئِكَ الْأَرْبَعَةِ وَهُمْ رُقُودٌ فَأَخَذْتُ سِلَاحَهُمْ فَجَعَلْتُهُ ضِغْثًا فِي يَدِي قَالَ ثُمَّ قُلْتُ وَالَّذِي كَرَّمَ وَجْهَ مُحَمَّدٍ لَا يَرْفَعُ أَحَدٌ مِنْكُمْ رَأْسَهُ إِلَّا ضَرَبْتُ الَّذِي فِيهِ عَيْنَاهُ قَالَ ثُمَّ جِئْتُ بِهِمْ أَسُوقُهُمْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَجَاءَ عَمِّي عَامِرٌ بِرَجُلٍ مِنَ الْعَبَلَاتِ يُقَالُ لَهُ مِكْرَزٌ يَقُودُهُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فَرَسٍ مُجَفَّفٍ فِي سَبْعِينَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَنَظَرَ إِلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دَعُوهُمْ يَكُنْ لَهُمْ بَدْءُ الْفُجُورِ وَثِنَاهُ فَعَفَا عَنْهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْزَلَ اللّٰهُ وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ أَنْ أَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ الْآيَةَ كُلَّهَا قَالَ ثُمَّ خَرَجْنَا رَاجِعِينَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا بَيْنَنَا وَبَيْنَ بَنِي لَحْيَانَ جَبَلٌ وَهُمُ الْمُشْرِكُونَ فَاسْتَغْفَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ رَقِيَ هَذَا الْجَبَلَ اللَّيْلَةَ كَأَنَّهُ طَلِيعَةٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ قَالَ سَلَمَةُ فَرَقِيتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا ثُمَّ قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِظَهْرِهِ مَعَ رَبَاحٍ

درخت کے نیچے جا کر لیٹ گیا، انھوں نے اپنے ہتھیار لٹکائے اور لیٹ گئے، اسی دوران وادی کے نشیب سے ایک آواز آئی: اے مہاجرو! ابن زنیم کو قتل کر دیا گیا، یہ سنتے ہی میں نے اپنی تلوار نکالی اور ان سوئے چاروں آدمیوں پر حملہ کر دیا، ان کے ہتھیاروں پر میں نے قبضہ کر لیا اور ان کا ایک گٹھڑ بنا کر اپنے ہاتھ میں پکڑ لیا، پھر میں نے کہا قسم اس ذات کی جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو عزت دی ہے تم میں سے جس شخص نے بھی سر اٹھایا میں اس کے جسم کا وہ حصہ اڑا دوں گا، جس میں اس کی آنکھیں ہیں، پھر میں ان کو گھسیٹتا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گیا، ادھر میرے چچا حضرت عامر بھی قبیلہ عبلات کے ایک شخص کو ستر مشرکوں کے ساتھ گھسیٹتے ہوئے لائے، اس شخص کا نام مکرز تھا حضرت عامر ایک جھول پوش گھوڑے پر سوار تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف دیکھ کر فرمایا: ان کو چھوڑ دو، گناہ کی ابتداء اور تکرار ان کی طرف سے ہوئی تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو معاف کر دیا، اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی: ''جس ذات نے ان کے ہاتھوں سے تم کو روکا اور تمہارے ہاتھوں سے ان کو بچایا جبکہ اللہ تعالیٰ تم کو مکہ میں ان پر غالب کر چکا تھا، پھر ہم مدینہ منورہ جانے کے لیے واپس لوٹے، ہم نے راستہ میں ایک منزل پر قیام کیا جہاں ہمارے اور بنو لحیان کے مشرکوں کے درمیان ایک پہاڑ حائل تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے لیے دعائے مغفرت کی جو اس رات کو پہاڑ پر چڑھ کر نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کے لیے پہرہ دے، حضرت سلمہ کہتے ہیں کہ میں اس رات کو اس پہاڑ پر دو یا تین بار چڑھا، جب ہم مدینہ منورہ پہنچے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رباح (رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا غلام) کے ساتھ اپنے

غُلَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ
اَنَا مَعَهٗ وَخَرَجْتُ مَعَهٗ بِفَرَسِ طَلْحَةَ
اُنَدِّيْهِ مَعَ الظَّهْرِ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا اِذَا عَبْدُ
الرَّحْمٰنِ الْفَزَارِيُّ قَدْ اَغَارَ عَلٰى ظَهْرِ رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاقَهٗ اَجْمَعَ
وَقَتَلَ رَاعِيَهٗ قَالَ فَقُلْتُ يَا رَبَاحُ خُذْ
هٰذَا الْفَرَسَ فَاَبْلِغْهُ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَ
اَخْبِرْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اَنَّ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ اَغَارُوْا عَلٰى سَرْحِهٖ قَالَ
ثُمَّ قُمْتُ عَلٰى اَكَمَةٍ فَاسْتَقْبَلْتُ الْمَدِيْنَةَ
فَنَادَيْتُ ثَلَاثًا يَا صَبَاحَاهُ ثُمَّ خَرَجْتُ
فِيْ اٰثَارِ الْقَوْمِ اَرْمِيْهِمْ بِالنَّبْلِ وَاَرْتَجِزُ
اَقُوْلُ ؎

اَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ
وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

فَاَلْحَقُ رَجُلًا مِنْهُمْ فَاَصُكُّ سَهْمًا فِيْ
رَحْلِهٖ حَتّٰى خَلَصَ نَصْلُ السَّهْمِ اِلٰى كَتِفِهٖ
قَالَ قُلْتُ خُذْهَا ؎

وَاَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ
وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا زِلْتُ اَرْمِيْهِمْ وَاَعْقِرُ بِهِمْ
فَاِذَا رَجَعَ اِلَيَّ فَارِسٌ اَتَيْتُ شَجَرَةً
فَجَلَسْتُ فِيْ اَصْلِهَا ثُمَّ رَمَيْتُهٗ فَعَقَرْتُ
بِهٖ حَتّٰى اِذَا تَضَايَقَ الْجَبَلُ فَدَخَلُوْا فِيْ
تَضَايُقِهٖ عَلَوْتُ الْجَبَلَ فَجَعَلْتُ اُرَدِّيْهِمْ
بِالْحِجَارَةِ قَالَ فَمَا زِلْتُ كَذٰلِكَ اَتْبَعُهُمْ
حَتّٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ بَعِيْرٍ مِّنْ ظَهْرِ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا
خَلَّفْتُهٗ وَرَاءَ ظَهْرِيْ وَخَلَّوْا بَيْنِيْ وَ

اونٹ روانہ کیے، میں بھی حضرت طلحہ کے گھوڑے پر ان اونٹوں کے ساتھ گیا، جب صبح ہوئی تو عبدالرحمن فزاری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کو لوٹ لیا اور سب کو ہانکا کر لے گیا، اور ان کے چرواہے کو قتل کر دیا، حضرت ابن اکوع کہتے ہیں کہ میں نے کہا اے رباح یہ گھوڑا لو اور اس کو حضرت طلحہ بن عبید اللہ کے پاس پہنچا دو، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر دو کہ مشرکین نے آپ کی اونٹنیوں کو لوٹ لیا ہے پھر میں نے ایک ٹیلہ پر کھڑے ہو کر مدینہ کی طرف رُخ کیا اور تین بار بلند آواز سے چلایا یا صباحاہ پھر میں ان لیٹروں کے پیچھے تیر مارتا ہوا اور رجز کرتا ہوا بڑھا میں کہہ رہا تھا: میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کمینوں کی تباہی کا دن ہے، میں ان کے ہر شخص سے مقابلہ کرتا اور اس کو تیر مارتا حتیٰ کہ وہ تیر اس کے کندھے کو پار کر کے نکل جاتا، اور میں کہتا کہ اب اس وار کو سنبھالو، میں اکوع کا بیٹا ہوں، اور آج کمینوں کی تباہی کا دن ہے، بخدا میں ان کو مسلسل تیر مارتا اور زخمی کرتا رہا، جب ان میں سے کوئی گھوڑے سوار میری طرف آتا تو میں درخت کے نیچے جا کر اس کی جڑ میں بیٹھ جاتا، پھر میں اس کو تیر مار کر زخمی کر دیتا، حتیٰ کہ جس جگہ پہاڑ تنگ ہو گیا تھا وہ اس جگہ سے ایک تنگ راستہ میں داخل ہو گئے، میں پہاڑ پر چڑھا اور ان کو پتھر مارنے شروع کیے، میں اسی طرح ان کا پیچھا کرتا رہا، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواریوں میں سے جس اونٹ کو بھی پیدا کیا تھا، میں نے اس کو پیچھے چھوڑ دیا، وہ میرے اور اونٹوں کے درمیان سے ہٹ گئے، میں تیر مارتا ہوا ان کے پیچھے لگا رہا، حتیٰ کہ انھوں نے وزن کم کرنے کے لیے تیس سے زیادہ چادریں اور تیس نیزے پھینک دیئے وہ جو چیز بھی پھینکتے تھے میں اس کے اوپر پتھر سے نشان رکھ دیتا تھا، تاکہ اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب پہچان لیں، وہ چلتے

بَيْنَهُ ثُمَّ اتَّبَعْتُهُمْ أَرْمِيهِمْ حَتَّى
أَلْقَوْا أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثِينَ بُرْدَةً وَثَلَاثِينَ
رُمْحًا يَسْتَخِفُّونَ وَلَا يَطْرَحُونَ شَيْئًا
إِلَّا جَعَلْتُ عَلَيْهِ آرَامًا مِنَ الْحِجَارَةِ
يَعْرِفُهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَأَصْحَابُهُ حَتَّى أَتَوْا مُتَضَايِقًا مِنْ ثَنِيَّةٍ
فَإِذَا هُمْ قَدْ أَتَاهُمْ فُلَانُ بْنُ بَدْرٍ
الْفَزَارِيُّ فَجَلَسُوا يَتَضَحَّوْنَ يَعْنِي يَتَغَدَّوْنَ وَ
جَلَسْتُ عَلَى رَأْسِ قَرْنٍ قَالَ الْفَزَارِيُّ
مَا هٰذَا الَّذِي أَرَى قَالُوا لَقِينَا مِنْ هٰذَا
الْبَرْحَ وَاللّٰهِ مَا فَارَقَنَا مُنْذُ غَلَسٍ يَرْمِينَا
حَتَّى انْتَزَعَ كُلَّ شَيْءٍ فِي أَيْدِينَا قَالَ
فَلْيَقُمْ إِلَيْهِ نَفَرٌ مِنْكُمْ أَرْبَعَةٌ قَالَ
فَصَعِدَ إِلَيَّ مِنْهُمْ أَرْبَعَةٌ فِي الْجَبَلِ قَالَ
فَلَمَّا أَمْكَنُونِي مِنَ الْكَلَامِ قَالَ قُلْتُ
هَلْ تَعْرِفُونِي قَالُوا لَا وَمَنْ أَنْتَ قَالَ
قُلْتُ أَنَا سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ وَالَّذِي كَرَّمَ
وَجْهَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا
أَطْلُبُ رَجُلًا مِنْكُمْ إِلَّا أَدْرَكْتُهُ وَلَا
يَطْلُبُنِي رَجُلٌ مِنْكُمْ فَيُدْرِكَنِي قَالَ
أَحَدُهُمْ أَنَا أَظُنُّ قَالَ فَرَجَعُوا فَمَا بَرِحْتُ
مَكَانِي حَتَّى رَأَيْتُ فَوَارِسَ رَسُولِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَلَّلُونَ الشَّجَرَ
قَالَ فَإِذَا أَوَّلُهُمُ الْأَخْرَمُ الْأَسَدِيُّ عَلَى
إِثْرِهِ أَبُو قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيُّ وَعَلَى
إِثْرِهِ الْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ الْكِنْدِيُّ قَالَ
فَأَخَذْتُ بِعِنَانِ الْأَخْرَمِ قَالَ فَوَلَّوْا
مُدْبِرِينَ قُلْتُ يَا أَخْرَمُ احْذَرْهُمْ لَا
يَقْتَطِعُوكَ حَتَّى يَلْحَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

چلتے ایک تنگ وادی پر پہنچے وہاں فلاں بن بدر فزاری
بھی پہنچ گیا، وہ سب لوگ دوپہر کا کھانا کھانے بیٹھے اور
میں پہاڑ کی چوٹی پر پہنچ گیا، فزاری کہنے لگا یہ ہم کو کون
دیکھ رہا ہے، وہ کہنے لگے اس شخص سے ہم نے بہت
تکلیف اٹھائی ہے، خدا کی قسم! یہ منہ اندھیرے سے ہم
کو تیر مار رہا ہے حتیٰ کہ ہمارے پاس جو کچھ تھا وہ اس
نے چھین لیا، فزاری نے کہا تم میں سے چار شخص اس کی
طرف جائیں، پھر ان میں سے چار میری طرف آنے کے
لیے پہاڑ پر چڑھنے لگے، جب وہ اس قدر قریب آگئے
کہ میری بات سن سکیں تو میں نے کہا کیا تم لوگ مجھے پہچانتے
ہو کہ میں کون ہوں؟ انھوں نے کہا نہیں تم کون ہو؟ میں
نے کہا میں سلمہ بن اکوع ہوں، قسم اس ذات کی جس نے
حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو عزت دی ہے، میں تم میں
سے جس شخص کو بھی چاہوں گا۔ اپنے تیر کا نشانہ بنا لوں
گا، اور تم میں سے کوئی شخص مجھے نشانہ نہیں بنا سکتا،
ان میں سے ایک شخص نے کہا میرا یہی گمان ہے! حضرت
ابن اکوع نے کہا پھر وہ لوگ واپس لوٹ گئے، میں ابھی
جگہ سے نہیں ہٹا تھا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے سوار نظر آئے، وہ درختوں میں گھس گئے تھے، سب
سے آگے حضرت اخرم اسدی تھے، ان کے پیچھے حضرت
ابو قتادہ انصاری تھے اور ان کے پیچھے حضرت مقداد بن
اسود کندی تھے، میں نے حضرت اخرم کے گھوڑے کی
باگ تھام لی، حضرت ابن اکوع نے کہا وہ لٹیرے پیٹھ پھیر کر
بھاگنے لگے، میں نے کہا اے اخرم ان سے محتاط رہنا یہ
تم کو کوئی نقصان نہ پہنچائیں حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اور ان کے اصحاب تم سے آملیں، انھوں نے کہا اے
سلمہ! اگر تم اللہ اور روز آخرت پر یقین رکھتے ہو اور یہ
یقین رکھتے ہو کہ جنت حق ہے اور جہنم حق ہے تو میرے
[illegible] درمیان مت حائل ہو، حضرت ابن اکوع

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ قَالَ يَا سَلَمَةُ إِنْ
كُنْتَ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَتَعْلَمُ
أَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَالنَّارَ حَقٌّ فَلَا تَحُلْ
بَيْنِي وَبَيْنَ الشَّهَادَةِ قَالَ فَخَلَّيْتُهُ
فَالْتَقَى هُوَ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ فَعَقَرَ
بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَرَسَهُ وَطَعَنَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ
فَقَتَلَهُ وَتَحَوَّلَ عَلَى فَرَسِهِ وَلَحِقَ أَبُو
قَتَادَةَ فَارِسُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَطَعَنَهُ فَقَتَلَهُ فَوَالَّذِي
كَرَّمَ وَجْهَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
لَتَبِعْتُهُمْ أَعْدُو عَلَى رِجْلَيَّ حَتَّى مَا أَرَى
وَرَائِي مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ وَلَا غُبَارِهِمْ شَيْئًا حَتَّى يَعْدِلُوا
قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ إِلَى شِعْبٍ فِيهِ مَاءٌ يُقَالُ
لَهُ ذُو قَرَدٍ لِيَشْرَبُوا مِنْهُ وَهُمْ عِطَاشٌ
قَالَ فَنَظَرُوا إِلَيَّ أَعْدُو وَرَاءَهُمْ
فَحَلَّيْتُهُمْ عَنْهُ يَعْنِي أَجْلَيْتُهُمْ
عَنْهُ فَمَا ذَاقُوا مِنْهُ قَطْرَةً قَالَ وَ
يَخْرُجُونَ فَيَشْتَدُّونَ فِي ثَنِيَّةٍ
قَالَ فَأَعْدُو فَأَلْحَقُ رَجُلًا مِنْهُمْ فَأَصُكُّهُ
بِسَهْمٍ فِي نُغْضِ كَتِفِهِ قَالَ قُلْتُ خُذْهَا
وَأَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ
قَالَ يَا ثَكِلَتْهُ أُمُّهُ أَكْوَعُهُ بُكْرَةَ قَالَ
قُلْتُ نَعَمْ يَا عَدُوَّ نَفْسِهِ أَكْوَعُكَ بُكْرَةَ
قَالَ وَأَرْدَوْا فَرَسَيْنِ عَلَى ثَنِيَّةٍ قَالَ
فَجِئْتُ بِهِمَا أَسُوقُهُمَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَلَحِقَنِي عَامِرٌ
بِسَطِيحَةٍ فِيهَا مَذْقَةٌ مِنْ لَبَنٍ وَسَطِيحَةٍ
فِيهَا مَاءٌ فَتَوَضَّأْتُ وَشَرِبْتُ ثُمَّ أَتَيْتُ

نے کہا پھر میں نے ان کا راستہ چھوڑ دیا، پھر ان کا اور عبدالرحمٰن فزاری کا مقابلہ ہوا، حضرت اخرم نے عبدالرحمٰن کے گھوڑے کو زخمی کر دیا، عبدالرحمٰن فزاری نے حضرت اخرم پر نیزے سے وار کیا، اور ان کو شہید کر دیا، اور ان کے گھوڑے پر سوار ہو گیا، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شہسوار حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ نے آکر عبدالرحمٰن فزاری پر نیزہ ملا اور اس کو قتل کر دیا، پس قسم اس ذات کی جس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو عزت دی ہے، میں ان کا پیچھا کرتا رہا اور پیدل ان کے پیچھے دوڑتا رہا حتیٰ کہ مجھے پیچھے کوئی دکھائی نہیں دے رہا تھا، اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے بھی کسی نے مجھے نہیں دیکھا اور نہ ہی ان کا گرد و غبار نظر آیا، حتیٰ کہ غروب آفتاب سے کچھ پہلے وہ لٹیرے پانی کی ایک گھاٹی پر پہنچے اس گھاٹی کا نام ذو قرد تھا، وہ لوگ سخت پیاسے تھے اور پانی پینے کے لیے پہنچے تھے، پھر انھوں نے مجھے دیکھا کہ میں دوڑتا ہوا چلا آرہا ہوں، بالآخر میں نے ان کو پانی سے دور بھگا دیا اور وہ ایک قطرہ پانی بھی نہ پی سکے، اب وہ ایک گھاٹی کی جانب دوڑ پڑے، میں بھی ان کے پیچھے دوڑا اور ان میں سے ایک شخص کے کندھے پر تیر مارا جو کندھے کے پار نکل گیا، میں نے کہا لو اس کو سنبھالو میں ابن الاکوع ہوں اور آج کمینوں کی تباہی کا دن ہے، اس نے کہا اس پر اس کی ماں روئے کیا یہ وہی اکوع ہے جو صبح سے ہی ہمارے پیچھے لگا ہوا ہے، میں نے کہا ہاں اے اپنی جان کے دشمن یہ تمہارا وہی اکوع ہے جو صبح سے تمہارے پیچھے ہے، حضرت ابن اکوع نے کہا انھوں نے دو گھوڑے گھاٹی پر چھوڑ دیے، میں ان دونوں گھوڑوں کو ہنکا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے آیا، وہاں مجھ سے حضرت عامر ملے، ان کے پاس ایک چھاگل میں دودھ تھا اور ایک مشکیزے میں پانی

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ
عَلَى الْمَآءِ الَّذِیْ حَلَّيْتُهُمْ عَنْهُ فَاِذَا
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ
اَخَذَ تِلْكَ الْاِبِلَ وَكُلَّ شَیْءٍ اسْتَنْقَذْتُهُ
مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَكُلَّ رُمْحٍ وَبُرْدَةٍ وَاِذَا بِلَالٌ
نَحَرَ نَاقَةً مِّنَ الْاِبِلِ الَّذِیْ اسْتَنْقَذْتُ مِنَ
الْقَوْمِ وَاِذَا هُوَ يَشْوِیْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كَبِدِهَا وَسَنَامِهَا قَالَ
قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خَلِّنِیْ فَاَنْتَخِبُ مِنَ
الْقَوْمِ مِائَةَ رَجُلٍ فَاَتَّبِعُ الْقَوْمَ فَلَا يَبْقٰى
مِنْهُمْ مُخْبِرٌ اِلَّا قَتَلْتُهُ قَالَ فَضَحِكَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ
فِیْ ضَوْءِ النَّارِ فَقَالَ يَا سَلَمَةُ اَتُرَاكَ كُنْتَ
فَاعِلًا قُلْتُ نَعَمْ وَالَّذِیْ اَكْرَمَكَ فَقَالَ
اِنَّهُمُ الْاٰنَ لَيُقْرَوْنَ فِیْ اَرْضِ غَطَفَانَ قَالَ
فَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ غَطَفَانَ فَقَالَ نَحَرَ لَهُمْ
فُلَانٌ جَزُوْرًا فَلَمَّا كَشَفُوْا جِلْدَهَا رَاَوْا غُبَارًا
فَقَالُوْا اَتَاكُمُ الْقَوْمُ فَخَرَجُوْا هَارِبِيْنَ فَلَمَّا
اَصْبَحْنَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
كَانَ خَيْرَ فُرْسَانِنَا الْيَوْمَ اَبُوْ قَتَادَةَ وَخَيْرُ
رَجَّالَتِنَا سَلَمَةُ قَالَ ثُمَّ اَعْطَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَيْنِ سَهْمُ الْفَارِسِ
وَسَهْمُ الرَّاجِلِ فَجَمَعَهُمَا لِیْ جَمِيْعًا ثُمَّ
اَرْدَفَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَرَآءَهُ عَلَى الْعَضْبَآءِ رَاجِعِيْنَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ
قَالَ فَبَيْنَمَا نَحْنُ نَسِيْرُ قَالَ وَكَانَ رَجُلٌ
مِّنَ الْاَنْصَارِ لَا يُسْبَقُ شَدًّا قَالَ فَجَعَلَ
يَقُوْلُ اَلَا مُسَابِقٌ اِلَى الْمَدِيْنَةِ هَلْ مِنْ
مُسَابِقٍ فَجَعَلَ يُعِيْدُ ذٰلِكَ [illegible]

تھا، میں نے وضو کیا اور وہ پیا، پھر میں رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ اسی پانی
کے پاس تھے جہاں سے میں نے لیٹروں کو بھگایا تھا،
میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام اونٹوں
پر قبضہ کر لیا تھا، اور ان تمام چیزوں پر قبضہ کر لیا تھا جو
میں نے مشرکین سے چھینی تھیں، اور تمام نیزے اور
چادریں لے لی تھیں، جو اونٹ میں نے چھینے تھے ان
میں سے ایک اونٹنی کو حضرت بلال نے ذبح کیا، وہ
اس کی کلیجی اور کوہان میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
لیے بھون رہے تھے، حضرت ابن اکوع کہتے ہیں میں
نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے اجازت دیں کہ میں لشکر
میں سے سو آدمی چن کر ان لٹیروں کا پیچھا کروں اور
ان میں سے کسی کو زندہ نہیں چھوڑوں گا کہ وہ اپنی قوم میں
جا کر مخبری کرے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہنسے یہاں تک
کہ آگ کی روشنی میں آپ کی ڈاڑھیں دکھائی دیں، پھر آپ
نے فرمایا اے سلمہ! کیا تمہارا خیال ہے کہ تم ایسا کر سکتے ہو؟
میں نے کہا جی! قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو
عزت دی ہے! آپ نے فرمایا ابھی تک وہ ارض غطفان
میں ہوں گے! حضرت ابن اکوع کہتے ہیں کہ اتنے میں
غطفان سے ایک شخص آیا اور اس نے کہا فلاں شخص
نے ان کے لیے اونٹ ذبح کیا تھا جب انہوں نے
اس کی کھال اتاری تو ان کو گرد و غبار نظر آیا تو وہ کہنے لگے
وہ حملہ آور لوگ آ گئے اور پھر وہاں سے بھاگ کھڑے ہوئے
بہر حال جب صبح ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
ہمارا سب سے بہترین گھوڑے سوار ابو قتادہ ہے اور
بہترین پیادہ سلمہ ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے
دو حصے عطا فرمائے ایک حصہ گھوڑے سوار کا اور ایک
پیادے کا، میں نے ان دونوں حصوں کو اکٹھا کر لیا، پھر
[illegible] نے مجھے اپنی سواری عضباء پر اپنے [illegible]

كَلَامَهُ قُلْتُ أَمَا تُكْرِمُ كَرِيْمًا وَلَا تَهَابُ شَرِيْفًا قَالَ لَا إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِأَبِيْ وَأُمِّيْ ذَرْنِيْ فَلِأُسَابِقُ الرَّجُلَ قَالَ إِنْ شِئْتَ قَالَ قُلْتُ أَذْهَبُ إِلَيْكَ وَثَنَيْتُ رِجْلَيَّ فَطَفَرْتُ فَعَدَوْتُ قَالَ فَرَبَطْتُ عَلَيْهِ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ أَسْتَبْقِيْ نَفَسِيْ ثُمَّ عَدَوْتُ فِيْ إِثْرِهِ فَرَبَطْتُ عَلَيْهِ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ ثُمَّ إِنِّيْ رَفَعْتُ حَتّٰى أَلْحَقَهُ قَالَ فَأَصُكُّهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ قَالَ قُلْتُ قَدْ سُبِقْتَ وَاللّٰهِ قَالَ أَنَا أَظُنُّ قَالَ فَسَبَقْتُهُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا لَبِثْنَا إِلَّا ثَلَاثَ لَيَالٍ حَتّٰى خَرَجْنَا إِلٰى خَيْبَرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَجَعَلَ عَمِّيْ عَامِرٌ يَرْتَجِزُ بِالْقَوْمِ ؎

تَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا
وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
وَنَحْنُ عَنْ فَضْلِكَ مَا اسْتَغْنَيْنَا
فَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا
وَأَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هٰذَا قَالَ أَنَا عَامِرٌ قَالَ غَفَرَ لَكَ رَبُّكَ قَالَ وَمَا اسْتَغْفَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِإِنْسَانٍ يَخُصُّهُ إِلَّا اسْتُشْهِدَ قَالَ فَنَادٰى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ عَلٰى جَمَلٍ لَهُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ لَوْلَا مَا مَتَّعْتَنَا بِعَامِرٍ قَالَ فَلَمَّا قَدِمْنَا خَيْبَرَ قَالَ خَرَجَ مَلِكُهُمْ مَرْحَبٌ يَخْطِرُ بِسَيْفِهِ وَيَقُوْلُ ؎

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّيْ مَرْحَبٌ

بٹھا دیا اور اس حالیکہ ہم مدینہ کی طرف واپس جا رہے تھے انصار میں سے ایک ایسا شخص تھا جس کا دوڑنے میں کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا تھا، اس نے کہا کوئی ایسا شخص ہے جو میرے ساتھ مدینہ تک دوڑ کر چلے، وہ بار بار چیلنج کرتا رہا، جب میں نے اس کی بات سنی تو میں نے کہا تم کو کسی بزرگ کی بزرگی کا خیال نہیں ہے اور تم کسی معزز آدمی کا لحاظ نہیں کرتے! اس نے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی کا خیال نہیں کرتا، حضرت ابن اکوع کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا آپ پر میرے ماں باپ فدا ہوں مجھے اس شخص سے دوڑنے میں مقابلہ کرنے دیجئے! آپ نے فرمایا اگر تم چاہتے ہو تو جاؤ، میں نے انصاری سے کہا میں تمہاری طرف آتا ہوں میں نے پیر ٹیڑھا کر کے (رکاب سے نکالا) اور سواری سے کود پڑا اور پھر میں نے دوڑنا شروع کر دیا، جب ایک یا دو چڑھائیاں باقی رہ گئیں تو میں دم لینے کے لیے رکا اور پھر اس کے پیچھے دوڑ پڑا، پھر جب ایک یا دو چڑھائیاں رہ گئیں پھر میں بلند ہو کر اس سے جا ملا پھر میں نے اس کے دونوں شانوں کے درمیان ایک گھونسا مارا اور کہا خدا کی قسم اب تم (مجھ سے) پیچھے رہ جاؤ گے، اس نے کہا میرا ابھی یہی گمان ہے پھر میں اس سے پہلے مدینہ پہنچ گیا، حضرت ابن اکوع بیان کرتے ہیں کہ خدا کی قسم! ابھی ہم مدینہ میں تین راتیں ہی ٹھہرے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خیبر روانہ ہو گئے، اور میرے چچا حضرت عامر رضی اللہ عنہ قوم میں یہ اشعار پڑھ رہے تھے ؎ خدا کی قسم اگر اللہ کی مدد نہ ہوتی تو ہم ہدایت نہ پاتے۔ صدقہ ادا کرتے نہ نماز پڑھتے۔

ہم تیرے فضل سے مستغنی نہیں ہیں دشمن سے مقابلہ کے وقت تو ہم کو ثابت قدم رکھنا۔ اور ہم پر سکون نازل فرمانا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کون ہے، انھوں نے کہا میں عامر ہوں، آپ نے فرمایا اللہ تمہاری مغفرت

شاكي السلاح بطل مجرب
إذا الحروب أقبلت تلهب
قال وبرز له عمي عامر فقال ؎
قد علمت خيبر أني عامر
شاكي السلاح بطل مغامر
قال فاختلفا ضربتين فوقع سيف
مرحب في ترس عامر وذهب عامر يسفل
له فرجع سيفه على نفسه فقطع أكحله
فكانت فيها نفسه قال سلمة فخرجت
فإذا نفر من أصحاب النبي صلى الله عليه
وسلم يقولون بطل عمل عامر قتل نفسه
قال فأتيت النبي صلى الله عليه وسلم
وأنا أبكي فقلت يا رسول الله بطل عمل
عامر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
من قال ذلك قال قلت ناس من أصحابك
قال كذب من قال ذلك بل له أجره مرتين
ثم أرسلني إلى علي وهو أرمد فقال
لأعطين الراية رجلا يحب الله ورسوله
أو يحبه الله ورسوله قال فأتيت عليا
فجئت به أقوده وهو أرمد حتى أتيت
به رسول الله صلى الله عليه وسلم
فبصق في عينيه فبرأ وأعطاه الراية
وخرج مرحب فقال ؎
قد علمت خيبر أني مرحب
شاكي السلاح بطل مجرب
إذا الحروب أقبلت تلهب
فقال علي ؎
أنا الذي سمتني أمي حيدره
كليث غابات كريه المنظره

فرمائے! حضرت ابن اکوع کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس کے لیے بھی استغفار کرتے تھے وہ شہید ہو جاتا تھا حضرت ابن اکوع بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا درآں حالیکہ وہ اونٹ پر سوار تھے: اے اللہ کے نبی آپ نے ہمیں عامر سے فائدہ کیوں نہیں اٹھانے دیا، جب ہم خیبر پہنچے تو ان کا بادشاہ مرحب یہ رجز پڑھتا ہوا نکلا:

خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں۔
ہتھیاروں سے لیس، بہادر اور آزمودہ ہوں
جب لڑائی کی آگ بھڑکنے لگتی ہے۔

یہ سن کر میرے چچا عامر یہ رجز پڑھتے ہوئے اس کے مقابلہ کے لیے نکلے:

خیبر خوب جانتا ہے کہ میں عامر ہوں، ہتھیاروں سے لیس، بہادر اور لڑائیوں میں گھسنے والا ہوں۔

حضرت ابن اکوع بیان کرتے ہیں کہ دونوں کی تلواریں ایک دوسرے سے ٹکرانے لگیں، اچانک مرحب کی تلوار حضرت عامر کی ڈھال پر پڑی، حضرت عامر اس کو تلوار مارنے کے لیے نیچے جھکے مگر تلوار لوٹ کر خود ان کو لگ گئی جس سے ان کے بازو کی ایک رگ کٹ گئی اور وہ شہید ہو گئے، حضرت سلمہ کہتے ہیں میں باہر نکلا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب یہ کہہ رہے تھے کہ عامر کا عمل اکارت گیا کیونکہ انہوں نے خود کو قتل کر لیا، حضرت ابن اکوع کہتے ہیں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں روتا ہوا گیا اور کہا یا رسول اللہ کیا عامر کے اعمال رائیگاں ہو گئے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کون کہتا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ آپ کے اصحاب میں سے کچھ لوگ کہہ رہے ہیں، آپ نے فرمایا جس شخص نے یہ کہا ہے غلط کہا ہے، اس کو تو دوگنا اجر ملے گا! پھر آپ نے مجھے حضرت علی کی طرف بھیجا درآں حالیکہ ان کی آنکھیں دکھتی تھیں، آپ نے فرمایا میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوگا، یا فرمایا اس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتا ہوگا، پھر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس گیا ان کو [illegible] کر آیا درآں حالیکہ ان کی آنکھیں دکھتی تھیں

أُوفِيهِمُ بِالصَّاعِ كَيْلَ السَّنْدَرَهْ قَالَ فَضَرَبَ رَأْسَ مَرْحَبٍ فَقَتَلَهُ ثُمَّ كَانَ الْفَتْحُ عَلَى يَدَيْهِ قَالَ إِبْرَاهِيمُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ بِهَذَا الْحَدِيثِ بِطُولِهِ۔

میں ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا آپ نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن ڈالا وہ ٹھیک ہو گئیں اور آپ نے ان کو جھنڈا دیا مرحب مقابلہ کے لیے یہ کہتا ہوا نکلا:

خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں،
ہتھیاروں سے لیس، بہادر اور آزمودہ ہوں
جب جنگ کی آگ بھڑک اٹھتی ہے۔

حضرت علی نے فرمایا:

میں وہ ہوں جس کی ماں نے اس کا نام حیدر
رکھا ہے۔ جو جنگلوں کے شیر کی طرح رعب
اور دبدبہ والا ہے میں لوگوں کے ایک صاع
کے بدلہ میں اس سے بڑا پیمانہ دیتا ہوں۔

پھر حضرت علی نے مرحب کے سر پر ایک ضرب لگائی اور اس کو ہلاک کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت علی کے ہاتھ پر خیبر فتح کر دیا۔ ایک اور سند سے یہ روایت اس سے بھی زیادہ طوالت کے ساتھ بیان کی گئی ہے۔

۴۵۶۴- وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ الأَزْدِيُّ السُّلَمِيُّ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ بِهَذَا۔

امام مسلم نے ایک اور سند سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

حضرت علی کو حیدر کہنے کی تحقیق

اس حدیث میں ہے کہ حضرت علی نے رجز میں فرمایا میری ماں نے میرا نام حیدر رکھا ہے۔ حیدر کا معنی ہے شیر، جب حضرت علی پیدا ہوئے تو ابتداءً آپ کی والدہ نے آپ کا نام حیدر رکھا اور مرحب نے خواب میں دیکھا تھا کہ اس کو شیر قتل کرے گا اس وجہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنا نام شیر ذکر کیا تاکہ مرحب خوف زدہ ہو، ایک قول یہ ہے کہ آپ کی والدہ نے آپ کا نام ابتداءً اسد رکھا تھا کیونکہ آپ کے جد کا نام اسد بن ہشام بن عبد مناف تھا، اس وقت ابو طالب کہیں گئے ہوئے تھے جب وہ آئے تو انھوں نے آپ کا نام علی رکھا، حیدر کا معنی غلظ اور قوت ہے اور شیر بھی سخت قوی درندہ ہے اس لیے اس کو حیدر کہتے ہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بھی قوت کے اعتبار سے اپنے آپ کو حیدر سے تعبیر فرمایا تھا۔

مرحب کو حضرت علی نے قتل کیا تھا یا حضرت محمد بن مسلمہ نے؟

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ زیادہ صحیح یہی ہے کہ مرحب کو حضرت علی نے قتل کیا تھا، اور ایک قول یہ ہے کہ مرحب کو حضرت محمد بن مسلمہ نے قتل کیا تھا، علامہ ابن عبد البر نے اپنی کتاب الدرر فی مختصر السیر میں لکھا ہے کہ محمد بن اسحاق نے بیان کیا ہے کہ مرحب کو حضرت محمد بن مسلمہ نے قتل کیا تھا لیکن تحقیق یہ ہے کہ اس کو حضرت علی

رضی اللہ عنہ نے قتل کیا تھا، علامہ ابن اثیر نے لکھا ہے کہ اکثر محدثین اور اہل سیر کا اس پر اتفاق ہے کہ مرحب کو حضرت علی نے قتل کیا تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چار معجزات کا بیان

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چار معجزات کا بیان ہے: (۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے کنوئیں میں لعاب دہن ڈالا تو اس کا پانی زیادہ ہو گیا۔ (۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دکھتی ہوئی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا تو ان کی آنکھیں ٹھیک ہو گئیں، (۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ پیش گوئی فرمائی کہ آپ جس کو جھنڈا دیں گے اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر خیبر فتح کرے گا (۴) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیش گوئی فرمائی کہ کیر سے غطفان میں قیام کریں گے اور ایسا ہی ہوا۔ [۱]

دیگر فوائد حدیث

اس حدیث کے دیگر فوائد حسب ذیل ہیں:

(۱) دشمن کے ساتھ صلح کرنے کا جواز جیسا کہ صلح حدیبیہ میں ہوا۔

(۲) لشکر سے پہلے مقدمۃ الجیش کو بھیجنا۔

(۳) حضرت سلمہ بن اکوع، حضرت ابوقتادہ اور حضرت اخرم اسدی رضی اللہ عنہم کے مناقب۔

(۴) جو شخص کوئی اچھا کام کرے اس کے سامنے اس کی تعریف کرنا، جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوقتادہ اور حضرت سلمہ بن اکوع کے سامنے ان کی تعریف کی، اگر سامنے تعریف کرنے میں کوئی مصلحت ہو تو یہ مستحب ہے اور اگر اس میں کسی فتنہ کا اندیشہ ہو تو پھر مکروہ ہے اور اگر کسی ناجائز فائدہ کے حصول کے لیے کسی کے منہ پر اس کی تعریف کی جائے تو پھر حرام ہے۔

(۵) دشمن کے گھوڑوں کی کونچیں کاٹنے اور ان کو قتل کرنے کا جواز، اور جنگ میں رجز پڑھنے کا جواز۔

(۶) مال غنیمت سے کچھ کھانے کا جواز اور مال غنیمت سے عطیات دینے کا استحباب۔

(۷) اگر سواری متحمل ہو تو اس پر دوسرے شخص کو بٹھانے کا جواز، اور امام کی اجازت کے بغیر دشمن کو للکارنے کا جواز جس طرح حضرت عامر رضی اللہ عنہ نے مرحب کو للکارا تھا۔

(۸) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شہادت سے محبت اور حرص، اور اپنے آپ کو گھمسان کی جنگ میں داخل کرنا۔

(۹) جو شخص کفار کے خلاف لڑتا ہوا مارا جائے وہ شہید ہے خواہ کفار کی ضرب سے مرے یا اپنے ہتھیار کی ضرب لگنے سے مر جائے۔

(۱۰) امام کا لشکر کے سپاہیوں کی تحقیق کرنا اور جس کے پاس ہتھیار نہ ہو ان کو ہتھیار فراہم کرنا۔

(۱۱) اس حدیث میں دوڑ کے مقابلہ کا بھی ثبوت ہے، جبکہ اس میں کوئی شرط نہ لگائی جائے۔

(۱۲) اس حدیث میں حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی عظیم فضیلت ہے کہ صبح منہ اندھیرے سے دوڑتے دوڑتے رات ہو گئی، گھوڑے تھک گئے، اونٹ تھک گئے، لوگ سامان اور اسباب چھوڑ گئے، تھک کر مر گئے پر حضرت سلمہ نہ تھکے

---

[۱] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، [illegible] المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

کچھ کمایا نہ پیا، بھوکے پیاسے دشمنوں کا تعاقب کرتے رہے، اس کے باوجود بہت شکار کرگئے حضرت مع کو ایک تازہ دم انصاری کے ساتھ مقابلہ کرنے میں مقابلہ کیا اور بالآخر مقابلہ میں اس کو پیچھے چھوڑ دیا ذٰلك فضل الله يؤتيه من يشاء۔

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَهُوَ الَّذِىْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ الْاٰيَة

۲۵۶۵ - حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ ثَمَانِيْنَ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ مَكَّةَ هَبَطُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَبَلِ التَّنْعِيْمِ مُتَسَلِّحِيْنَ يُرِيْدُوْنَ غِرَّةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهٖ فَاَخَذَهُمْ سِلْمًا فَاسْتَحْيَاهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ الَّذِىْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ۔

اللہ تعالیٰ کا قول وَهُوَ الَّذِىْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ الخ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مکہ کے اسی آدمی جبل تنعیم سے مسلح ہو کر اترے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کو دھوکہ دے کر غفلت میں حملہ کرنا چاہتے تھے، آپ نے ان کو پکڑ کر قید کر لیا اور بعد میں چھوڑ دیا، تب اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: جس ذات نے ان کے ہاتھوں کو تم سے روک لیا اور مکہ میں ان پر تمہاری فتح کے بعد تمہارے ہاتھوں کو ان سے روک لیا۔

بَابُ غَزْوَةِ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ

۲۵۶۶ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هٰرُوْنَ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ اتَّخَذَتْ يَوْمَ حُنَيْنٍ خِنْجَرًا فَكَانَ مَعَهَا فَرَاٰهَا اَبُوْ طَلْحَةَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهٖ اُمُّ سُلَيْمٍ مَعَهَا خِنْجَرٌ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هٰذَا الْخِنْجَرُ قَالَتِ اتَّخَذْتُهٗ اِنْ دَنَا مِنِّىْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ بَقَرْتُ بِهٖ بَطْنَهٗ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اقْتُلْ مَنْ

عورتوں کا مردوں کے ساتھ جہاد کرنا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا نے جنگ حنین کے دن ایک خنجر لیا جو ان کے پاس تھا، حضرت ابوطلحہ نے وہ خنجر دیکھ لیا، انھوں نے کہا یا رسول اللہ! یہ ام سلیم ہیں اور ان کے پاس ایک خنجر ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا یہ خنجر کیسا ہے؟ حضرت ام سلیم نے عرض کیا میں نے یہ خنجر اس لیے لیا ہے کہ اگر کوئی مشرک میرے قریب آیا تو میں اس کا پیٹ پھاڑ دوں گی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہنسنے لگے، حضرت ام سلیم نے کہا ہمارے بعد جو طلقاء ہیں جو آپ سے شکست کھا چکے ہیں ان کو قتل کر دیجئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ام سلیم اللہ تعالیٰ کافی ہے اور اس نے اچھا

بَعْدَنَا مِنَ الطُّلَقَاءِ انْهَزَمُوا بِكَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَفَى وَأَحْسَنَ۔

کیا ہے۔

(ف) فتح مکہ کے دن جو اہل مکہ مسلمان ہوئے ان کو طلقاء کہا جاتا ہے، حضرت ام سلیم نے ان کے قتل کا اس لیے مشورہ دیا تھا کہ ان کے خیال میں وہ لوگ دل سے مسلمان نہیں ہوئے تھے۔

۴۵۶۷۔ وَحَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فِي قِصَّةِ أُمِّ سُلَيْمٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ حَدِيثِ ثَابِتٍ۔

ایک اور سند سے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ام سلیم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ قصہ روایت کیا ہے۔

۴۵۶۸۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو بِأُمِّ سُلَيْمٍ وَنِسْوَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ مَعَهُ إِذَا غَزَا فَيَسْقِينَ الْمَاءَ وَيُدَاوِينَ الْجَرْحٰى۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جہاد کرتے تھے تو آپ کے ساتھ حضرت ام سلیم اور انصار کی کچھ عورتیں بھی ہوتی تھیں، وہ پانی پلاتیں اور زخمیوں کو دوا دیتیں۔

۴۵۶۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو وَهُوَ أَبُو مَعْمَرٍ الْمِنْقَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ وَهُوَ ابْنُ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ انْهَزَمَ نَاسٌ مِنَ النَّاسِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو طَلْحَةَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُجَوِّبٌ عَلَيْهِ بِحَجَفَةٍ قَالَ وَكَانَ أَبُو طَلْحَةَ رَجُلًا رَامِيًا شَدِيدَ النَّزْعِ وَكَسَرَ يَوْمَئِذٍ قَوْسَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا قَالَ فَكَانَ الرَّجُلُ يَمُرُّ مَعَهُ الْجَعْبَةُ مِنَ النَّبْلِ فَيَقُولُ انْثُرْهَا لِأَبِي طَلْحَةَ قَالَ وَيُشْرِفُ نَبِيُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ احد کے دن کچھ لوگوں نے شکست کھائی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ چھوڑ دیا، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ تھے اور ایک ڈھال سے آپ پر آڑ کی ہوئی تھی، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بڑے زبردست تیر انداز تھے، اسی دن انہوں نے دو یا تین کمانیں توڑیں جب کوئی شخص تیروں کا ترکش لے کر نکلتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے یہ تیر ابوطلحہ کے لیے رکھ دو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گردن اٹھا کر کافروں کی طرف دیکھتے تو حضرت ابوطلحہ کہتے: اے اللہ کے نبی! آپ پر میرے ماں باپ فدا ہوں آپ گردن نہ اٹھائیے کہیں آپ کو کفار کے تیروں میں سے کوئی تیر نہ لگ جائے، میرا سینہ آپ کے سینہ کے سامنے ہے۔ حضرت انس کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ إِلَى الْقَوْمِ فَيَقُولُ أَبُو طَلْحَةَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي لَا تُشْرِفْ لَا يُصِيبُكَ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ الْقَوْمِ نَحْرِي دُونَ نَحْرِكَ قَالَ وَلَقَدْ رَأَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ وَأُمَّ سُلَيْمٍ وَإِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَتَانِ أَرَى خَدَمَ سُوقِهِمَا تَنْقُلَانِ الْقِرَبَ عَلَى مُتُونِهِمَا ثُمَّ تُفْرِغَانِهِ فِي أَفْوَاهِهِمْ ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلَآنِهَا ثُمَّ تَجِيئَانِ تُفْرِغَانِهِ فِي أَفْوَاهِ الْقَوْمِ وَلَقَدْ وَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَدَيْ أَبِي طَلْحَةَ إِمَّا مَرَّتَيْنِ وَإِمَّا ثَلَاثًا مِنَ النُّعَاسِ ۔

ابی بکر اور حضرت ام سلیم اپنے پائنچے اوپر کیے ہوئے تھیں اور میں نے ان کی پنڈلیوں کی پازیب کو دیکھا، وہ دونوں اپنی پشت پر مشک لاد کر لاتی تھیں، پھر لوگوں کے منہ میں اس سے پانی ڈالتیں پھر لوٹ کر جاتیں پھر ان مشکیزوں کو بھرتیں پھر آکر مشکیزوں کے منہ سے لوگوں کو پانی پلاتیں۔ اس دن حضرت ابو طلحہ کے ہاتھ سے دو یا تین بار اونگھ کی وجہ سے تلوار گر گئی۔

(ف) اس حدیث میں حضرت عائشہ اور حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہما کے غزوہ اُحد میں شریک ہونے اور ان کی پازیب دکھائی دینے کا ذکر ہے لیکن یہ خیال رہے کہ غزوہ اُحد تین ہجری میں واقع ہوا ہے اور حجاب کے احکام پانچ ہجری میں غزوہ احزاب کے بعد نازل ہوئے ہیں۔

جہاد میں عورتوں کی شرکت کا بیان

اس حدیث میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عورتیں بھی جہاد میں جاتی تھیں اور عورتیں پانی پلاتی تھیں اور زخمیوں کا علاج کرتی تھیں، علامہ نووی اس کی شرح میں لکھتے ہیں: اس حدیث میں یہ ثبوت ہے کہ عورتیں جہاد کے لیے جا سکتی ہیں اور ان سے پانی پلوانے اور دوا وغیرہ میں استفادہ کیا جا سکتا ہے، عورتوں کا یہ علاج کرنا ان کے شوہروں اور محرموں کے ساتھ خاص تھا اور اگر غیر محرم کے علاج میں اس کے جسم کو مس کرنا پڑے تو وہ بھی ضرورت کی بناء پر جائز ہے۔

اس باب کی حدیث نمبر ۴۵۶۹ میں ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ احد کے دن حضرت عائشہ اور حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہما اپنے پائنچے اوپر کیے ہوئے تھیں، میں نے ان کی پنڈلیوں کی پازیب کو دیکھا، وہ دونوں اپنی پشت پر مشکیزے لاد کر لاتی تھیں۔

علامہ نووی اس کی شرح میں لکھتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے صرف پازیب کو دیکھا تھا کیونکہ یہ جنگ اُحد کا واقعہ ہے اور حجاب کے احکام غزوہ احزاب کے بعد نازل ہوئے ہیں، اس وقت تک عورتوں کی طرف دیکھنا حرام نہیں کیا گیا تھا، نیز اس حدیث میں یہ نہیں ہے کہ حضرت انس نے ان کی طرف قصداً دیکھا تھا یہ حدیث اس پر محمول ہے کہ ان کی پازیب کی طرف حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نظر اچانک بلا قصد پڑ گئی تھی لیکن انہوں نے ان کو نگاہ بھر کر نہیں دیکھا۔ [1]

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۱۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولیٰ، ۱۳۷۵ھ

اس قسم کی احادیث سے بعض متجدد علماء عورتوں کی آزادی اور تعلیم، معیشت، کاروبار اور زندگی کے تمام شعبوں میں عورتوں کی مردوں کے ساتھ مساوات پر استدلال کرتے ہیں، اس لیے ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ یہاں قرآن مجید، احادیث صحیحہ اور فقہاء اسلام کے ارشادات کی روشنی میں عورتوں کے ستر اور حجاب کے شرعی احکام بیان کر دیے جائیں، سو اب ہم ستر اور حجاب کے مسئلہ پر گفتگو کریں گے۔ فنقول وباللہ التوفیق وبہ الاستعانۃ یلیق۔

ستر اور حجاب کی تحقیق

عورت کے ستر اور حجاب کے احکام الگ الگ ہیں، ستر کا تعلق عورت کے جسم کے اس حصہ اور ان اعضاء سے ہے جن کو شوہر کے سوا ہر شخص سے چھپانا واجب ہے خواہ وہ شخص اس عورت کا محرم ہو یا غیر محرم، اور وہ عورت کے چہرے اور ہاتھوں کے علاوہ اس کا پورا جسم ہے اور پیروں میں اختلاف ہے، چہرے اور ہاتھوں کے سوا باقی جسم کو عورت نہ اپنے محارم (مثلاً باپ، بھائی، بیٹا وغیرہ) پر ظاہر کر سکتی ہے اور نہ اجنبی مردوں پر، اور حجاب کا تعلق عورت کے پورے جسم سے ہے اور یہ اجنبی مردوں کے لحاظ سے ہے سو اجنبی مردوں کے لحاظ سے عورت کا پورا جسم واجب الستر (چھپانے کی چیز) ہے اور عورت باقی جسم کے علاوہ اپنا چہرہ اور ہاتھ بھی اجنبی مردوں پر ظاہر نہیں کر سکتی البتہ ضروریات مستثنیٰ ہیں جن کی تفصیل آئے گی، اسی طرح ستر کی بھی دو قسمیں ہیں، ایک نماز کے اعتبار سے ستر ہے اور یہ چہرے اور ہاتھوں کے علاوہ عورتوں کا پورا جسم ہے، سو اجنبی مردوں کے لحاظ سے عورت کا پورا جسم واجب الستر ہے اور اس کو چھپانا واجب ہے، سورۂ نور کی آیات میں عورتوں کے ستر کا ذکر ہے اور سورۂ احزاب میں عورت کے حجاب کا بیان ہے۔

متقدمین فقہاء میں سے بعض فقہاء نے ستر اور حجاب میں فرق نہیں کیا اور عورت کے چہرے اور ہاتھوں کو حجاب سے مستثنیٰ رکھا ہے، لیکن جمہور فقہاء اسلام نے ستر اور حجاب میں فرق کیا ہے اور اجنبی مردوں کے لحاظ سے عورت کے چہرے اور ہاتھوں کے چھپانے کو بھی واجب قرار دیا ہے اور یہی چیز قرآن مجید اور احادیث صحیحہ کے مطابق ہے، امام شافعی، امام احمد اور متاخرین فقہاء احناف کے نزدیک اجنبی مردوں کا عورتوں کے چہرے کو دیکھنا مطلقاً ناجائز ہے، اور امام مالک اور متقدمین فقہاء احناف کے نزدیک اگر شہوت کا اندیشہ ہو تو عورت کے چہرے کو دیکھنا حرام ہے اور اگر شہوت کا اندیشہ نہ ہو تو جائز ہے، لیکن یہ رائے صحیح نہیں ہے جیسا کہ ان شاء اللہ عنقریب دلائل سے واضح ہو جائے گا۔
پہلے ہم قرآن اور حدیث سے عورت کے ستر اور حجاب کا محل اور اس کا حکم بیان کریں گے، پھر عورت سے سلام و کلام اور اس کی آواز کا حکم بیان کریں گے پھر عورت کے گھر سے باہر نکلنے اور عورت کی سربراہی کا حکم بیان کریں گے...

فنقول وباللہ التوفیق وبہ الاستعانۃ یلیق۔

عورت کے ستر کے متعلق قرآن مجید کا ارشاد

ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا ولیضربن بخمرھن علی جیوبھن ولا یبدین زینتھن الا لبعولتھن او اٰبائھن او اٰباء بعولتھن او ابنائھن او ابناء بعولتھن او اخوانھن او

اور مسلمان عورتیں اپنے بناؤ سنگھار (میک اپ) کو نہ دکھائیں بجز اس چیز کے جو خود ظاہر ہو اور اپنے سینوں کو اپنے دوپٹوں سے ڈھانپ کر رکھیں، وہ اپنے بناؤ سنگھار [illegible] لوگوں پر ظاہر کر سکتی ہیں [illegible] عورتوں کے شوہر

او بنی اخواتھن اونسآئھن او ما ملکت ایمانھن او التابعین غیر اولی الاربۃ من الرجال او الطفل الذین لم یظھروا علی عورات النسآء ولا یضربن بارجلھن لیعلم ما یخفین من زینتھن وتوبوا الی اللہ جمیعا ایہ المؤمنون لعلکم تفلحون۔

(نور: ۳۱)

ان کے باپ، ان کے شوہروں کے باپ، ان کے بیٹے، ان کے شوہروں کے بیٹے، ان کے بھائی، ان کے بھائیوں کے بیٹے، ان کی بہنوں کے بیٹے، دیگر مسلمان عورتیں ان کی لونڈیاں اور ایسے غلام یعنی مرد خدمت گار، جو عورتوں کی خواہش نہ رکھتے ہوں اور وہ بچے جو ابھی عورتوں کی پوشیدہ باتوں سے واقف نہ ہوتے ہوں، مسلمان عورتیں اپنے پیروں کو زمین پر مار کر نہ چلا کریں جس سے ان کی پوشیدہ زینت کا لوگوں کو علم ہو جائے، اور اے مؤمنو! تم سب مل کر اللہ سے توبہ کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

سورۂ نور مدنی ہے اس میں واقعہ افک سے متعلق آیات نازل ہوئی ہیں، واقعہ افک غزوہ بنو مصطلق یا غزوہ مریسیع سے واپسی کے موقعہ پر پیش آیا تھا، حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں امام ابن اسحاق کے قول کے مطابق یہ غزوہ چھ ہجری میں پیش آیا تھا اور موسیٰ بن عقبہ نے کہا یہ غزوہ چار ہجری میں پیش آیا تھا۔ [۱]

ہمارے نزدیک چار ہجری کا قول صحیح ہے اس سے یہ معلوم ہوا کہ سورۂ نور چار ہجری میں نازل ہوئی اور اسی سال عورتوں کے ستر کا حکم نازل ہوا اس ستر کا تعلق محارم سے ہے اور یہ نماز اور حالت احرام کے اعتبار سے ستر کا حکم ہے۔

عورت کے ستر کے متعلق مفسرین احناف کا نظریہ

سورۂ نور کی اس آیت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ عورتیں اپنی زینت کو کسی پر ظاہر نہ کریں، البتہ جو زینت ظاہر ہو وہ اس حکم سے مستثنیٰ ہے، علامہ ابوبکر رازی جصاص حنفی اس کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ہمارے اصحاب نے کہا ہے کہ اس زینت سے مراد چہرہ اور ہتھیلیاں ہیں، کیونکہ سرمہ چہرہ کی زینت ہے اور مہندی اور انگوٹھی ہاتھوں کی زینت ہے اور جب اللہ تعالیٰ نے چہرہ اور ہاتھوں کی طرف دیکھنا (ضرورت کے وقت) مباح کر دیا ہے تو اس کا لامحالہ تقاضا یہ ہے کہ چہرے اور ہاتھوں کو دیکھنا بھی مباح ہو، چہرے اور ہاتھوں کے واجب الستر نہ ہونے پر دلیل یہ ہے کہ عورت چہرے اور ہاتھوں کو کھول کر نماز پڑھتی ہے اور اگر یہ واجب الستر (عورت یا شرمگاہ) ہوتے تو ان کو چھپانا بھی فرض ہوتا، اور جب عورت کا چہرہ اور ہاتھ ستر نہیں ہیں تو اجنبی شخص کے لیے عورت کے ہاتھوں اور اس کے چہرہ کو بلا شہوت دیکھنا جائز ہے، اور شہوت سے دیکھنا جائز نہیں ہے۔ [۲]

عورت کے ستر کے متعلق مفسرین شافعیہ کا نظریہ

امام فخر الدین رازی شافعی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اجنبی مرد کے حق میں آزاد عورت کا تمام جسم عورت (واجب الستر) ہے اور چہرے اور ہتھیلیوں کے سوا اس کے جسم

---

[۱] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۷، ص ۴۳۲، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[۲] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی متوفی ۳۷۰ھ، احکام القرآن ج ۳ ص ۳۱۶-۳۱۵، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

کی طرف بلا ضرورت دیکھنا جائز نہیں ہے۔ [1]

عورت کے ستر کے متعلق مفسرین مالکیہ کا نظریہ

اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو زینت ظاہر نہ کرنے کے حکم سے اس زینت کو مستثنیٰ کیا ہے جو از خود ظاہر ہو اور اس کی تفسیر میں علماء کا اختلاف ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا زینت ظاہرہ سے مراد لباس ہے، ابن جبیر نے کہا اس سے مراد چہرہ ہے اور سعید بن جبیر، عطاء، اور اوزاعی نے کہا اس سے چہرہ، ہتھیلیاں اور لباس مراد ہے، حضرت ابن عباس، قتادہ اور حضرت مسور بن مخرمہ نے کہا زینت سے مراد سرمہ، کنگن، نصف کلائیوں تک ہاتھوں کا رنگ اور کانوں کی بالیاں اور بندے وغیرہ ہیں' سو عورت کے لیے آنے والے لوگوں کے سامنے اس زینت کو ظاہر کرنا جائز ہے، علامہ طبری نے نصف کلائیوں کو ظاہر کرنے کے متعلق یہ حدیث ذکر کی ہے: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لا یحل لامراۃ تؤمن باللہ والیوم الاخر اذا عرکت ان تظہر الا وجہہا ویدیہا الی ہٰہنا وقبض علی نصف الذراع۔

جو عورت اللہ تعالیٰ اور روز آخرت پر ایمان لائی ہو اس کے لیے بالغ ہونے کے بعد چہرے اور یہاں تک ہاتھوں کے سوا ظاہر کرنا جائز نہیں ہے پھر آپ نے آدھی کلائیوں تک ہاتھوں کو پکڑا۔

ابن عطیہ نے کہا میرے نزدیک اس آیت کا منشاء یہ ہے کہ عورت کو اپنے تمام جسم کو چھپانے کا حکم دیا گیا ہے البتہ کام کاج کرتے وقت یا کسی اور مجبوری سے اس کا چہرہ اور ہاتھ اگر کھل جائیں تو وہ چھپانے کے حکم سے مستثنیٰ ہیں۔ (علامہ قرطبی کہتے ہیں) میں کہتا ہوں کہ یہ بہت اچھا قول ہے کیونکہ کام کاج کرتے وقت عادۃً اور نماز اور حج وغیرہ کو ادا کرتے وقت غالباً چہرہ اور ہاتھ کھل جاتے ہیں، اس لیے یہ استثناء انہیں کی طرف راجع ہے، امام ابو داؤد نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسماء سے فرمایا: اے اسماء جب عورت بالغ ہو جائے تو اس سے اس کے سوا اور کسی عضو کا نظر آنا جائز نہیں ہے، اور آپ نے چہرہ اور ہتھیلیوں کی طرف اشارہ کیا، (یہ حدیث ضعیف ہے۔ سعیدی) اور ہمارے فقہاء میں سے ابن خویز منداد نے یہ کہا ہے کہ جب کوئی عورت خوب صورت ہو اور اس کے چہرہ اور ہاتھوں کی طرف دیکھنے سے فتنہ کا اندیشہ ہو تو اس پر اپنے چہرے اور ہاتھوں کو چھپانا بھی واجب ہے، اور بوڑھی یا بدصورت عورت کے لیے اپنے چہرہ اور ہاتھوں کا ظاہر کرنا جائز ہے۔ [2]

عورت کے ستر کے متعلق مفسرین حنبلیہ کا نظریہ

زینت ظاہرہ کی سات تفسیریں ہیں: (۱) حضرت ابن مسعود سے روایت ہے کہ اس سے مراد کپڑے ہیں (۲) حضرت ابن مسعود سے دوسری روایت ہے اس سے مراد چادر ہے (۳) حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ یہ سرمہ اور انگوٹھی ہے۔ (۴) حضرت مسور بن مخرمہ سے روایت ہے کہ یہ کنگن، انگوٹھی اور سرمہ ہے (۵) مجاہد سے روایت ہے کہ یہ سرمہ، انگوٹھی اور مہندی کا رنگ ہے (۶) حسن بصری نے کہا یہ انگوٹھی اور کنگن ہے (۷) ضحاک نے کہا کہ یہ چہرہ اور ہتھیلیاں ہیں۔

---

[1] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ۸ ص ۳۶۰، مطبوعہ دار الفکر بیروت، الطبعۃ الثالثہ، ۱۳۹۸ھ

[2] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی [illegible] ۲۲۹-۲۲۸، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران،

قاضی ابویعلیٰ نے کہا کہ پہلا قول صحت کے زیادہ قریب ہے۔ اور امام احمد نے اس کی تصریح کی ہے اور کہا ہے کہ زینت ظاہرہ کپڑے ہیں اور عورت کی ہر چیز ستر ہے حتیٰ کہ اس کے ناخن بھی ستر ہیں۔ امام احمد کے اس قول سے یہ مستفاد ہوتا ہے کہ بغیر عذر کے اجنبی عورتوں کی طرف دیکھنا مطلقاً حرام ہے، ہاں اگر کوئی عذر ہو مثلاً اس سے نکاح کا ارادہ ہو یا اس کو گواہ بنانا چاہتا ہو تو صرف اس کے چہرے کی طرف دیکھ سکتا ہے اور بغیر عذر کے اس کے چہرے کی طرف دیکھنا مطلقاً حرام ہے خواہ شہوت ہو یا نہ ہو اور خواہ اس کے چہرے اور ہاتھوں کی طرف دیکھے یا جسم کے کسی اور حصہ کی طرف۔ اگر یہ اعتراض ہو کہ پھر چہرہ کھولنے سے اس کی نماز کیوں باطل نہیں ہوتی تو اس کا جواب یہ ہے کہ چونکہ چہرہ چھپانے میں مشقت ہے اس لیے اس کو کھولنے کی رخصت دی گئی ہے۔ [1]

قرآن مجید کی اس آیت میں عورت کے ستر سے اس زینت کو مستثنیٰ کیا ہے جو از خود ظاہر ہو، اور صحیح یہ ہے کہ اس زینت سے مراد لباس ہے، جیسا کہ قرآن مجید میں ہے خذوا زینتکم عند کل مسجد (اعراف ۱۰۱/۳۱) "ہر نماز کے وقت اپنا لباس پہنو" اس لیے اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ عورتوں کو خود اپنی زینت کا اظہار اور نمائش نہیں کرنی چاہیے البتہ جو زینت از خود ظاہر ہو جائے وہ مستثنیٰ ہے جیسے چادر یا دوپٹہ کا ہوا سے اڑ جانا، حضرت عبد اللہ ابن مسعود، حسن بصری، ابن سیرین اور ابراہیم نخعی نے اس آیت کا یہی مطلب بیان کیا ہے، اور اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ عورت کا تمام جسم واجب الستر ہے، اور جن بعض مفسرین نے یہاں زینت سے چہرہ اور ہاتھ مراد لیا ہے۔ ان کے قول کی تقدیر پر چہرہ اور ہاتھ عورت کے ستر سے مستثنیٰ ہیں، حجاب سے مستثنیٰ نہیں ہیں، اور یہ نماز اور احرام کے ستر کا بیان ہے نظر کے ستر کا بیان نہیں ہے۔ امام شافعی اور احمد نے عورت کے چہرے اور ہاتھوں کی طرف دیکھنے کو بغیر واضح ضرورت کے سوا مطلقاً حرام کہا ہے اور امام ابوحنیفہ اور امام مالک نے شہوت سے دیکھنے کو حرام کہا ہے۔

عورت کے ستر کے متعلق احادیث

امام ترمذی اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال المراۃ عورۃ فاذا خرجت استشرفها الشیطان هذا حدیث حسن صحیح غریب [2]

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: عورت واجب الستر ہے، جب عورت (گھر سے) نکلتی ہے تو شیطان اپنے ابرو پر ہاتھ رکھ کر اس کو دیکھتا رہتا ہے۔

اس حدیث میں عورت کے واجب الستر ہونے کی روشن اور واضح دلیل ہے۔

امام ابوداؤد اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عائشۃ ان اسماء بنت ابی بکر دخلت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیها ثیاب

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] علامہ ابو الفرج عبد الرحمان بن علی بن محمد جوزی حنبلی متوفی ۵۹۷ھ، زاد المسیر ج ۶ ص ۳۲-۳۱، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت

[2] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۰۹ھ، جامع ترمذی ص ۱۸۹، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

وقال فاعرض عنها رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال يا اسماء ان المرأة اذا بلغت المحيض لم يصلح لها ان يرى منها الا هذا وهذا واشار الى وجهه وكفيه قال ابوداؤد هذا مرسل۔ [1]

کی خدمت میں حاضر ہوئیں درآنحالیکہ انھوں نے باریک کپڑے پہنے ہوئے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھ کر منہ پھیر لیا اور فرمایا: اے اسماء! جب عورت بالغ ہو جائے تو اس کی صرف یہ چیز اور یہ چیز دکھائی دینی چاہیے، آپ نے اپنے چہرے اور ہتھیلیوں کی طرف اشارہ کیا۔ امام ابوداؤد نے کہا یہ حدیث مرسل، یعنی منقطع ہے۔

جو فقہاء اجنبی عورت کے چہرے اور ہاتھوں کے دیکھنے کو جائز کہتے ہیں وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں، لیکن یہ استدلال صحیح نہیں ہے، کیونکہ اولاً تو یہ حدیث منقطع ہے، کیونکہ خالد بن دریک نے حضرت عائشہ کا زمانہ نہیں پایا اور اس کا حضرت عائشہ سے سماع نہیں ہے چنانچہ امام ابوداؤد نے بھی اس کی طرف اشارہ کیا ہے، ثانیاً اس کی سند میں سعید بن بشیر ضعیف راوی ہے، علاوہ ازیں یہ حدیث احکام حجاب نازل ہونے سے پہلے کے واقعہ پر محمول ہے، نیز ہم یہ کہتے ہیں کہ اس حدیث میں نماز اور حالت احرام کے ستر کا بیان ہے، حجاب اور نظر کے ستر کا بیان نہیں ہے۔ اور اسی وجہ سے ہم نے اس کا ذکر کیا ہے۔

امام بیہقی روایت کرتے ہیں:

عن عائشة رضي الله عنها عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال لا تقبل صلوة حائض الا بخمار۔ [2]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بالغہ عورت کی نماز دوپٹہ کے بغیر قبول نہیں کرتا۔

اس حدیث کو امام نسائی کے سوا تمام ائمہ ستہ نے روایت کیا ہے۔

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن ام سلمة انها سألت النبي صلى الله عليه وسلم أتصلي المرأة في درع وخمار ليس عليها ازار فقال اذا كان الدرع سابغا يغطي ظهور قدميها۔ [3]

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کیا عورت تہبند کے بغیر دوپٹہ اور قمیص میں نماز پڑھ سکتی ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں جب اس کی قمیص اتنی لمبی ہو کہ اس کے قدموں کی پشت کو چھپا لے!

امام حاکم نیشاپوری نے بھی اس حدیث کو اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے اور اس کی سند کے بارے میں لکھتے ہیں:

---

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۲۱۱، مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[2] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۲ ص ۲۳۳، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[3] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی [illegible] مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

هذا حديث صحيح على شرط البخاری ولم يخرجاه.[1]

یہ حدیث امام بخاری کی شرط کے مطابق صحیح ہے، لیکن امام بخاری اور مسلم نے اس کو روایت نہیں کیا۔

اس حدیث کو امام بیہقی نے بھی روایت کیا ہے۔[2]

عورت کے ستر کے متعلق فقہاء احناف کا نظریہ

علامہ ابوالحسن المرغینانی حنفی لکھتے ہیں:

آزاد عورت کا چہرہ اور ہاتھوں کے سوا پورا جسم ستر ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: المرأة عورة مستورة۔ "عورت چھپانے جانے کی چیز ہے"، اور ہاتھوں اور چہرے کا استثناء اس لیے ہے کہ کام کاج اور ادائے شہادت کے وقت اس کو انھیں ظاہر کرنا پڑتا ہے، علامہ المرغینانی فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ عورت کے قدم بھی ستر ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ عورت کے قدم ستر نہیں ہیں اور یہی قول زیادہ صحیح ہے۔[3]

علامہ ابن ہمام نے لکھا ہے کہ عورت کے قدم کو ستر سے اس لیے مستثنیٰ کیا ہے کہ آنے جانے اور چلنے پھرنے میں قدموں کے اظہار کی ضرورت پڑتی ہے، تاہم احادیث اور آثار میں عورت کے ستر سے قدموں کا استثناء نہیں ہے بلکہ سنن ابوداؤد اور سنن بیہقی میں حضرت ام سلمہ کی روایت میں یہ تصریح ہے کہ عورت کے قدم بھی ستر ہیں۔

علامہ ابن ہمام اس بحث میں لکھتے ہیں کہ عورت کے چہرے اور ہاتھوں کے ستر نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ ان کی طرف دیکھنا جائز ہے، کیونکہ دیکھنے کا جواز اس پر موقوف ہے کہ وہ چیز نہ ستر ہو نہ اس کے دیکھنے سے شہوت کا خطرہ ہو، اس وجہ سے جب شہوت کا خطرہ ہو تو عورت اور بے ریش لڑکے کے چہرے کی طرف دیکھنا حرام ہے۔[4]

عورت کے ستر کے متعلق فقہاء حنبلیہ کا نظریہ

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:

اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے کہ نماز میں چہرہ ظاہر کرنا عورت کے لیے جائز ہے اور چہرے اور ہاتھوں کے علاوہ جسم کے کسی حصہ کو نماز میں ظاہر کرنا جائز نہیں ہے اور اہل علم کا اس پر اتفاق ہے کہ نماز میں عورت پر سر ڈھانپنا واجب ہے، امام ابوحنیفہ نے یہ کہا ہے کہ عورت کے قدم ستر نہیں ہیں کیونکہ پیروں کو بھی چہرے کی طرح ظاہر کرنا پڑتا ہے۔

چہرے اور ہاتھوں کے ستر نہ ہونے پر دلائل قائم کرتے ہوئے علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ولا يبدين زينتهن الا ما ظهر منها (نور: ۳۱) اور حضرت ابن عباس نے الا ما ظهر منها کی تفسیر میں فرمایا ہے اس سے مراد چہرہ اور ہاتھ ہیں، نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو حالت احرام میں دستانے اور نقاب پہننے سے منع فرمایا ہے اگر عورت کا چہرہ اور اس کے ہاتھ ستر ہوتے اور ان کا چھپانا واجب ہوتا تو آپ ان کو چھپانے

---

[1] امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ، المستدرک ج ۱ ص ۲۵۰، مطبوعہ دار الباز للنشر والتوزیع مکہ مکرمہ

[2] امام احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۲ ص ۲۳۳، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[3] علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر المرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اولین ص ۷۰، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

[4] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ فتح القدیر ج ۱ ص ۲۲۶، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

سے منع نہ فرماتے، نیز خرید و فروخت کے وقت چہرہ کھولنا پڑتا ہے اور لین دین کے وقت ہاتھوں کو ظاہر کرنے کی ضرورت پڑتی ہے اس لیے ضرورت کا تقاضا ہے کہ چہرہ اور ہاتھ ستر نہ ہوں۔ (یہ تمام بحث نماز اور احرام کے ستر میں ہے ستر نظر اور حجاب میں نہیں ہے۔ سعیدی غفرلہٗ)

علامہ ابن قدامہ لکھتے ہیں: بعض فقہاء حنبلیہ نے کہا ہے کہ عورت کا پورا جسم ستر ہے کیونکہ امام ترمذی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت کیا ہے کہ "المرأة عورة" "عورت واجب الستر ہے"، امام ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے، لیکن چہرے اور ہاتھوں کو کھولنے کی رخصت دی گئی ہے کیونکہ ان کو ظاہر کرنے کی ضرورت ہے اور نہ کھولنے میں مشقت ہے، اور جو شخص کسی عورت سے شادی کرنے کا ارادہ رکھتا ہو وہ اس کے چہرہ کو دیکھ سکتا ہے، کیونکہ چہرہ مجمع المحاسن ہے۔ (اس بحث کا تقاضا یہ ہے کہ ضرورت کے وقت چہرہ کھولنا جائز ہے اس سے مطلقاً چہرے کا بے حجاب کرنا لازم نہیں ہے۔ سعیدی غفرلہٗ)

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: عورت کے پیروں کے ستر ہونے پر یہ دلیل ہے کہ امام ابو داؤد نے یہ روایت کیا ہے کہ حضرت ام سلمہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا عورت بغیر تہبند کے (صرف) دوپٹہ اور قمیص سے نماز پڑھ سکتی ہے، آپ نے فرمایا ہاں بشرطیکہ اس کی قمیص اس کے پیروں کی پشت کو ڈھانپ لے، اور امام ترمذی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے کپڑے کو تکبر سے لٹکاتا ہو اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر (رحمت) نہیں فرماتا۔ حضرت ام سلمہ نے پوچھا پھر عورتیں اپنے کپڑوں کے دامن کو کیا کریں؟ آپ نے فرمایا اس کو ایک بالشت تک لٹکالیں، حضرت ام سلمہ نے کہا پھر تو ان کے پیر کھل جائیں گے، آپ نے فرمایا پھر وہ ایک ہاتھ تک کپڑا لٹکالیں اور اس سے زیادہ نہ کریں، امام ترمذی نے اس حدیث کو روایت کرکے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ عورت کے قدموں کو چھپانا واجب ہے، کیونکہ احرام میں پیروں کا کھولنا ضروری نہیں ہے، لہٰذا پنڈلیوں کی طرح عورت کے قدموں کو بھی نماز میں چھپانا واجب ہے۔ [1]

عورت کے ستر کے متعلق فقہاء شافعیہ کا نظریہ

علامہ ابو اسحاق شیرازی شافعی لکھتے ہیں: چہرے اور ہاتھوں کے سوا آزاد عورت کا تمام بدن واجب الستر ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا حضرت ابن عباس نے فرمایا اس آیت میں چہرہ اور ہاتھوں کو چھپانے کے حکم سے مستثنیٰ کیا ہے، نیز اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو حالت احرام میں نقاب اور دستانے پہننے سے منع فرمایا ہے، اگر چہرہ اور ہاتھ واجب الستر ہوتے تو ان کا چھپانا ممنوع نہ ہوتا، اور عورت کو خرید و فروخت کے وقت چہرے کو ظاہر کرنے کی ضرورت پڑتی ہے اور کوئی چیز لینے یا دینے کے وقت ہاتھوں کو ظاہر کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔

علامہ نووی شافعی اس کی شرح میں لکھتے ہیں: چہرے اور ہتھیلیوں کے سوا عورت کا تمام بدن واجب الستر ہے، ہتھیلیاں ہاتھ کے پہنچوں تک ستر سے مستثنیٰ ہیں، خراسان کے بعض علماء نے کہا ہے کہ عورت کا باطن قدم ستر نہیں ہے اور مزنی نے کہا ہے کہ عورت کا قدم واجب الستر نہیں ہے۔ لیکن مختار مذہب یہی ہے کہ عورت کا قدم واجب الستر ہے [2]

[1] علامہ ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ ھ، المغنی ج ۱ ص ۳۵۰ - ۳۴۹، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ ھ

[2] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی [illegible] دار الفکر بیروت

(یہ بحث بھی نماز اور احرام کے ستر میں ہے ستر نظر میں نہیں ہے۔)

عورت کے ستر کے متعلق فقہاء مالکیہ کا نظریہ

علامہ دردیر مالکی لکھتے ہیں:

چہرہ اور ہتھیلیوں کے سوا آزاد عورت کا پورا جسم ستر ہے حتیٰ کہ اس کے سر کے بال بھی ستر ہیں یہ ستر اجنبی مسلمان کے اعتبار سے ہے، اور اجنبی کافر کے اعتبار سے اس کا چہرہ اور ہتھیلیاں بھی ستر ہیں۔ اور لذت اور لطف اندوزی کے ساتھ عورت کے چہرے اور ہاتھوں کو دیکھنا حرام ہے اور لذت اور لطف اندوزی کے بغیر دیکھنا جائز ہے۔ [1]

یہاں تک ہم نے عورت کے ستر کے متعلق قرآن مجید کی آیت، احادیث، آثار اور مذاہب اربعہ کے مفسرین اور فقہاء کی تصریحات پیش کی ہیں۔ جن سب کا حاصل یہ ہے کہ آزاد عورت کے چہرے اور ہاتھوں کے سوا اس کا پورا جسم واجب الستر ہے اور اس کا چھپانا فرض ہے۔ ضرورت کی بناء پر چہرے اور ہاتھوں کو ظاہر کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح ضرورت کی بناء پر عورت کے چہرے کو بلا شہوت دیکھنا جائز ہے اور شہوت کے ساتھ عورت کے چہرے کو دیکھنا ناجائز اور حرام ہے۔ اس جگہ شہوت سے مراد یہ ہے کہ دیکھنے والا عورت کے چہرے کو میلان نفس کے ساتھ دیکھے اور اس کو دیکھ کر لطف اور لذت حاصل کرے۔

ستر سے مراد عورت کے جسم کا وہ حصہ ہے جس کو شوہر کے علاوہ کسی اور شخص پر ظاہر کرنا جائز نہیں ہے اور محرم اور غیر محرم ہر شخص سے جسم کے اس حصہ کو چھپانا فرض ہے اور یہ عورت کے چہرے اور پہنچوں تک ہاتھوں کے علاوہ اس کا پورا جسم ہے۔ قرآن مجید، احادیث، آثار اور جمہور مفسرین اور فقہاء اسلام کی تصریحات سے ہم نے اس چیز کو صراحت کے ساتھ بیان کر دیا ہے کہ چہرے اور ہاتھوں کے سوا آزاد عورت کا تمام جسم واجب الستر ہے باقی رہا یہ کہ آزاد عورت اپنے چہرے اور ہاتھوں کو کھلا چھوڑ دے یا ان کو بھی مستور اور حجاب میں رکھے سو اس کی وضاحت ہم حجاب کی بحث میں کریں گے۔

عورت کے حجاب کی تحقیق

ستر سے مراد عورت کے جسم کا وہ حصہ ہے جس کو شوہر کے علاوہ کسی اور پر ظاہر کرنا جائز نہیں ہے اور یہ چہرے اور ہاتھوں کے علاوہ آزاد عورت کا پورا جسم ہے، رہا چہرہ اور ہاتھ تو عورت ان کو اپنے محارم کے سامنے کھول سکتی ہے مثلاً باپ، دادا، چچا، ماموں، بیٹا، پوتا، بھتیجا اور بھانجا وغیرہ۔ اور جو اجنبی مرد غیر محرم ہیں ان کے سامنے اس کو چہرے اور ہاتھوں کو بھی حجاب میں رکھنا لازم ہے اور چونکہ عورت کا چہرہ فتنہ کا محل ہے اور اس کے چہرے کو دیکھنا متعدد مفاسد کا سبب اور پیش خیمہ ہے اس لیے اس پر لازم ہے کہ اپنے چہرے کو حجاب میں رکھے اور لوگوں کو دعوت ابتلاء نہ دے۔

امام موسیٰ بن عقبہ کی تصریح کے مطابق سورۂ نور ۴ ہجری میں نازل ہوئی جس میں عورت کے ستر کے احکام نازل ہوئے۔ مدینہ منورہ میں ازواج مطہرات اور عام مسلمان عورتیں اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے باہر آتی جاتی تھیں اور ستر کے احکام کے مطابق ہی باہر نکلتی تھیں، ان کا چہرہ اور ہاتھ کھلے ہوتے ہوتے تھے اور باقی جسم ڈھکا ہوا ہوتا تھا، لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بار بار عرض کرتے تھے یا رسول اللہ! آپ کے پاس ہر قسم کے لوگ آتے ہیں آپ

---

[1] علامہ ابوالبرکات سیدی احمد دردیر مالکی متوفی ۱۱۹۷ھ، الشرح الکبیر ج ۱ ص ۲۱۴، مطبوعہ دار الفکر بیروت۔

اپنی ازواج کو حجاب (پردہ کرنے) کا حکم دیجیے، بالآخر اللہ تعالیٰ نے سورۂ احزاب میں ازواج مطہرات اور عام مسلمان عورتوں کے لیے حجاب کے احکام نازل فرما دیے۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن عائشة ان ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کن یخرجن باللیل اذا تبرزن الی المناصع وھو صعید افیح وکان عمر یقول للنبی صلی اللہ علیہ وسلم احجب نساءك فلم یکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفعل فخرجت سودۃ بنت زمعة زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم لیلة من اللیالی عشاء وکانت امرأۃ طویلة فناداھا عمر الا قد عرفناك یا سودۃ حرصا علی ان ینزل الحجاب فانزل اللہ الحجاب۔ [1]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات قضاء حاجت کے لیے رات کو وسیع میدانوں میں جاتی تھیں (ادھر) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ عرض کرتے رہتے تھے کہ آپ اپنی ازواج کو حجاب میں رکھیے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (نزول وحی کے انتظار میں) ایسا نہ کرتے تھے، ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ حضرت سودہ بنت زمعہ کسی رات کو عشاء کے وقت قضاء حاجت کے لیے گئیں، وہ دراز قد عورت تھیں، حضرت عمر نے انھیں آواز دی: سنیے اے سودہ! ہم نے آپ کو پہچان لیا ہے، حضرت عمر نے یہ اس لیے کہا تھا تاکہ عورتوں کے باہر نکلنے کے متعلق پردہ کے احکام نازل ہو جائیں سو اللہ تعالیٰ نے حجاب کے احکام نازل کر دیے۔

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

نیز امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن انس قال عمر یا رسول اللہ یدخل علیك البر والفاجر فلو امرت امھات المؤمنین بالحجاب فانزل اللہ آیة الحجاب۔ [3]

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر نے کہا یا رسول اللہ! آپ کے پاس نیک اور بد ہر قسم کے لوگ آتے ہیں کاش آپ امہات المومنین کو حجاب میں رہنے کا حکم دے دیں، پس اللہ تعالیٰ نے آیت حجاب نازل کر دی۔

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہے۔ [4]

---

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۱۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[3] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۰۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[4] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۱۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

یہ تو ایک کھلی ہوئی بدیہی بات ہے کہ احکام حجاب نازل ہونے سے پہلے مسلمان عورتیں جب کسی ضرورت کی بنا پر گھر سے باہر نکلتی تھیں تو چہرے اور ہاتھوں کے علاوہ ان کا سارا جسم مستور ہوتا تھا خصوصاً سورۂ نور میں احکام ستر نازل ہونے کے بعد تو اس میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ اب سورہ احزاب میں احکام حجاب نازل ہونے کے بعد بھی اگر مسلمان عورتیں اسی طرح کھلے منہ پھرتی رہتیں یا ان کا اسی طرح کھلے منہ پھرنا جائز ہوتا تو احکام حجاب نازل ہونے کا کیا ثمرہ مرتب ہوا اور آیات حجاب کو نازل کرنے سے کیا مقصد حاصل ہوا؟ اس لیے لامحالہ یہ ماننا پڑے گا کہ آیات حجاب میں عورتوں کو اپنے منہ اور ہاتھوں کو چھپانے کا حکم دیا ہے اور حجاب ستر سے زائد چیز ہے، ستر عورت کے جسم کے اس حصہ کو چھپانا ہے، جس کو شوہر کے سوا کسی اور شخص کے سامنے ظاہر نہیں کیا جا سکتا اور یہ ہاتھوں اور چہرے کے سوا عورت کا سارا جسم ہے، عورت اپنے محارم (باپ، بھائی وغیرہ) کے سامنے صرف چہرہ اور ہاتھ ظاہر کر سکتی ہے اور باقی جسم چھپائے گی اور حجاب کا تقاضا یہ ہے کہ عورت غیر محرم اجنبیوں کے سامنے اپنے چہرے اور ہاتھوں کو بھی چھپائے گی، چونکہ پہلے مسلمان عورتیں اور ازواج مطہرات اجنبی مردوں کے سامنے چہرے کو نہیں چھپاتی تھیں اسی لیے حضرت عمر مضطرب رہتے تھے اور جب اللہ تعالیٰ نے آیات حجاب نازل کر دیں تو ازواج مطہرات اور عام مسلمان عورتوں نے اجنبی مردوں سے اپنے چہروں کو حجاب میں مستور کر لیا۔

عورت کے حجاب کے متعلق قرآن مجید کی آیات

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

واذا سالتموھن متاعا فسئلوھن من وراء حجاب ط ذلکم اطھر لقلوبکم وقلوبھن (احزاب: ۵۳)

اور جب تم نبی کی ازواج (مطہرات) سے کوئی چیز مانگو تو پردے کے پیچھے سے مانگو، یہ تمہارے اور ان کے لیے بہت ہی پاکیزگی کا سبب ہے۔

نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یا ایھا النبی قل لازواجک وبناتک ونساء المومنین یدنین علیھن من جلابیبھن ط ذلک ادنی ان یعرفن فلا یؤذین ط وکان اللہ غفورا رحیما۔ (احزاب: ۵۹)

اے نبی! اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں کو یہ حکم دیں کہ وہ (گھر سے نکلتے وقت) اپنی چادروں کا کچھ حصہ (آنچل، پلو یا گھونگھٹ) اپنے چہروں پر لٹکائے رہیں، یہ پردہ ان کی اس شناخت کے لیے بہت قریب ہے (کہ یہ پاکدامن آزاد عورتیں ہیں آوارہ گرد باندیاں نہیں ہیں) سو ان کو ایذاء نہ دی جائے اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

احکام حجاب نازل ہونے کی تاریخ

سورت احزاب مدنی ہے اس سورت میں غزوہ احزاب (غزوہ خندق) کا ذکر ہے۔ امام بخاری نے لکھا ہے کہ موسیٰ بن عقبہ نے کہا ہے کہ غزوہ احزاب ۴ھ میں ہوا، لیکن حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے کہ یہ قول خلاف تحقیق ہے اور جمہور ارباب مغازی اور سیر کا اس پر اتفاق ہے کہ غزوہ احزاب ۵ھ میں واقع ہوا۔ [۱] (حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)۔

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: امام ابن اسحاق نے کہا غزوہ احزاب ۵ھ میں ہوا، امام ابن سعد نے کہا غزوہ احزاب ۸ ذی القعدہ ۵ھ کو پیر کے دن ہوا۔ [1]

علامہ ابن قیم جوزیہ لکھتے ہیں: غزوہ خندق (غزوہ احزاب) صحیح قول کے مطابق شوال ۵ھ میں واقع ہوا کیونکہ اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے کہ غزوہ اُحد شوال ۳ھ میں ہوا تھا، مشرکین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ چیلنج کیا تھا کہ وہ اگلے سال یعنی ۴ھ میں اگر پھر حملہ کریں گے لیکن اگلے سال وہ قحط کا شکار ہو گئے، پھر ایک سال کے بعد ۵ھ میں مشرکین حملہ کے لیے آئے تمام اہل سیر اور مغازی کا اسی پر اتفاق ہے اور موسیٰ بن عقبہ نے جمہور کی مخالفت کی ہے۔ [2] ان تمام حوالہ جات سے یہ واضح ہو گیا کہ غزوہ احزاب ۵ھ میں واقع ہوا اور سورۂ احزاب میں چونکہ غزوہ احزاب کا ذکر ہے اس سے ظاہر ہوا کہ سورۂ احزاب ۵ھ میں نازل ہوئی اور اس سورت میں احکام حجاب نازل کیے گئے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ احکام حجاب ۵ھ میں نازل کیے گئے تھے۔

جلباب کی تحقیق

اس آیت میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ ازواج مطہرات، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیاں اور مسلمان عورتیں اپنی جلابیب (چادروں) کا کچھ حصہ اپنے (چہروں) پر ڈال لیں۔ جلابیب جلباب کی جمع ہے اس لیے دیکھنا چاہیے کہ جلباب کا معنی کیا ہے:

علامہ اسماعیل بن حماد جوہری لکھتے ہیں:

والجلباب الملحفۃ۔ [3]

جلباب ملحفہ ہے یعنی لحاف اور کمبل کی طرح وسیع و عریض چادر ہے۔

علامہ ابن منظور افریقی لکھتے ہیں:

ھو ما تتغطی بہ المرأۃ الثیاب من فوق کالملحفۃ (الی قولہ) قال ابو عبید قال الازھری معنی قول ابن الاعرابی الازار لم یرد بہ ازار الحقو، ولکنہ اراد ازاراً یشتمل بہ فیجلل جمیع الجسد۔ [4]

جلباب وہ چادر ہے جس کو عورت کمبل کی طرح اوپر سے اوڑھ لیتی ہے، ابو عبید نے کہا ہے کہ ازہری نے یہ بیان کیا ہے کہ ابن الاعرابی نے جو یہ کہا ہے کہ جلباب ازار (تہبند) ہے۔ اس سے مراد وہ چادر نہیں ہے جو کمر پر باندھی جاتی ہے بلکہ اس سے مراد وہ چادر ہے جس سے تمام جسم کو ڈھانپ لیا جاتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ جلباب سے مراد وہ وسیع و عریض چادر ہے جس سے عورت تمام جسم کو ڈھانپ لیتی ہے۔

۱۔ (حاشیہ صفحہ سابقہ) حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۸، ص ۳۹۲، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[1] حافظ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۷، ص ۱۷۰، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[2] علامہ شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر المعروف بابن قیم الجوزیہ متوفی ۷۵۱ھ، زاد المعاد ج ۲ ص ۱۱۷، مطبوعہ مطبع مصطفی البابی واولادہ مصر

[3] علامہ اسماعیل بن حماد الجوہری متوفی ۳۹۸ھ، صحاح ج ۱ ص ۱۰۱، مطبوعہ دار العلم بیروت، ۱۴۰۴ھ

[4] علامہ جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور افریقی [illegible] مطبوعہ نشر ادب الحوزۃ قم ایران، [illegible]

چہرہ ڈھانپنے کی تحقیق

اس آیت میں یہ الفاظ ہیں یدنین علیھن من جلابیبھن. اور یہ من تبعیضیہ ہے، یعنی عورتیں اپنی جلباب کا کچھ حصہ اپنے اوپر ڈال لیں مفسرین نے لکھا ہے کہ علیھن میں حذف مضاف ہے یعنی علی وجوھھن "چادروں کا کچھ حصہ اپنے چہروں پر ڈال لیں" یعنی چادر کا ایک پلو یا آنچل یا گھونگھٹ اپنے چہروں پر اس طرح ڈال لیں کہ چہرہ ڈھک جائے اور یہی حجاب کا تقاضا ہے۔

علامہ ابن جریر طبری لکھتے ہیں:

حدثنی علی ثنا ابو صالح، قال حدثنی معاویۃ عن علی عن ابن عباس قولہ (یاایھا النبی قل لازواجک وبناتک ونساء المؤمنین یدنین علیھن من جلابیبھن) امر اللہ نساء المؤمنین اذا خرجن من بیوتھن فی حاجۃ ان یغطین وجوھھن من فوق رؤسھن بالجلابیب ویبدین عینا واحدۃ۔

امام ابن جریر، حضرت ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر میں بیان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمان عورتوں کو یہ حکم دیا ہے کہ جب وہ کسی ضرورت کی بناء پر اپنے گھروں سے نکلیں تو اپنی چادروں سے سر کو اور چہرے کو اس طرح ڈھانپ لیں کہ فقط ایک آنکھ کھلی رہے۔

علامہ ابن جریر نے اس تفسیر کو عبیدہ اور ابن سیرین سے بھی نقل کیا ہے۔ [1]

علامہ ابو بکر رازی جصاص حنفی نے اس تفسیر کو عبیدہ سے نقل کیا ہے۔ [2]

حافظ ابن کثیر حنبلی نے اس تفسیر کو حضرت ابن عباس کے حوالہ سے ذکر کیا ہے [3]

قاضی ناصر الدین بیضاوی شافعی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یغطین وجوھھن وابدانھن اذا برزن لحاجۃ ومن للتبعیض فان المرأۃ ترخی بعض جلبابھا وتتلفع ببعض۔ [4]

جب عورتیں کسی کام سے باہر نکلیں تو اپنے چہرے اور بدن کو ڈھانپ لیں، من تبعیض کے لیے ہے کیونکہ عورتیں چادر کے بعض حصے کو (چہرہ پر) لٹکا لیتی ہیں اور بعض کو بدن کے گرد لپیٹ لیتی ہیں۔

علامہ شہاب الدین خفاجی حنفی لکھتے ہیں:

کشاف میں ہے کہ اس آیت کے دو محمل ہیں یا تو ایک چادر کو پورے بدن پر لپیٹنے کا حکم دیا ہے یا چادر کے ایک حصہ سے سر اور چہرے کو ڈھانپ لیں اور دوسرے حصہ سے باقی بدن ڈھانپ لیں۔ [5]

علامہ آلوسی حنفی نے بھی اس تفسیر کو نقل کیا ہے۔ [6]

---

[1] علامہ ابو جعفر محمد بن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ، جامع البیان ج ۲۲ ص ۴۶، مطبوعہ شرکۃ مکتبہ ومطبعہ مصطفےٰ البابی داولادہ مصر، ۱۳۷۳ھ

[2] علامہ ابو بکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی متوفی ۳۷۰ھ، احکام القرآن ج ۳ ص ۳۷۱، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

[3] حافظ ابو الفداء عماد الدین ابن کثیر حنبلی متوفی ۷۷۴ھ، تفسیر ابن کثیر ج ۵ ص ۵۱۹، مطبوعہ دار الاندلس بیروت، ۱۳۸۵ھ

[4] قاضی ابو الخیر عبد اللہ بن عمر بیضاوی شافعی متوفی ۶۸۵ھ، انوار التنزیل علی ہامش الخفاجی ج ۷ ص ۱۸۴، مطبوعہ دار صادر بیروت

[5] علامہ شہاب الدین خفاجی مصری حنفی متوفی ۱۰۶۹ھ، عنایۃ القاضی ج ۷ ص ۱۸۵، مطبوعہ دار صادر بیروت،

[6] علامہ شہاب الدین ابو الفضل محمود آلوسی حنفی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۲۲ ص ۸۹، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

علامہ ابن جوزی حنبلی لکھتے ہیں:

آزاد عورتیں چادروں سے اپنے سروں اور چہروں کو ڈھانپ لیں تاکہ معلوم ہو جائے وہ آزاد عورتیں ہیں۔ [1]

علامہ ابو سعود حنفی لکھتے ہیں:

یغطین بہا وجوھھن وابدانھن اذا برزن لداعیۃ [2] — عورتیں جب کسی کام سے جائیں تو چادروں سے اپنے چہروں اور بدنوں کو چھپالیں۔

علامہ ابو الحیان اندلسی لکھتے ہیں:

ابو عبیدہ سلمانی بیان کرتے ہیں کہ جب ان سے اس آیت کے متعلق پوچھا گیا تو انھوں نے کہا کہ تم چادر کو اپنی پیشانی پر رکھ کر چہرے کے اوپر لپیٹ لو، سدی نے کہا ایک آنکھ کے سوا باقی چہرے کو ڈھانپ لو (علامہ ابو الحیان کہتے ہیں) اندلس کے شہروں کا بھی یہی طریقہ ہے عورتیں ایک آنکھ کے سوا باقی چہرے کو ڈھانپ کر رکھتی ہیں، حضرت ابن عباس اور قتادہ نے کہا چادر سے چہرے سے ڈھانپ لے اور دونوں آنکھوں کو کھلا رکھے۔ من جلابیبھن کا مطلب یہ ہے کہ چادر کے ایک پلو سے چہرہ کو ڈھانپ لیا جائے یہ پردہ ان کی شناخت کے بہت قریب ہے کیونکہ جب آزاد عورتیں اپنے چہرے کو ڈھانپ لیں گی تو وہ بے پردہ پھرنے والی بے حیا باندیوں سے ممتاز ہو جائیں گی اور فساق اور فجار کی ایذاء رسانی اور چھیڑ خوانی سے محفوظ رہیں گی۔ [3]

مشہور شیعہ مفسر شیخ ابو جعفر محمد بن حسن طوسی لکھتے ہیں:

قال الحسن، الجلابیب الملاحف تدنیھا المرأۃ علی وجھھا۔ [4] — حسن نے کہا کہ جلابیب سے مراد وہ چادریں ہیں جن کو عورتیں اپنے چہروں پر ڈال لیتی ہیں۔

جلباب کی تفسیر جو ہم نے معتمد مفسرین اسلام سے نقل کی ہے، ان میں علامہ ابن جریر طبری، علامہ ابو بکر رازی جصاص حنفی، علامہ ابن کثیر حنبلی، علامہ ابن جوزی حنبلی، قاضی بیضاوی شافعی، علامہ ابو سعود حنفی، علامہ خفاجی حنفی، علامہ آلوسی حنفی، علامہ ابو الحیان اندلسی اور شیعہ مفسر شیخ طوسی وغیرہ سب اس پر متفق ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج، آپ کی صاحبزادیوں اور عام مسلمان عورتوں کو یہ حکم دیا ہے کہ جب وہ کسی ضرورت کی بناء پر گھر سے باہر نکلیں تو اپنی چادروں کا پلو اپنے چہرے پر ڈال کر اپنے چہروں کو ڈھانپ لیں۔

ان تفاسیر سے یہ ظاہر ہو گیا کہ سورۂ نور میں عورتوں کو جو چہرے اور ہاتھوں کے سوا تمام جسم کے ستر کا حکم دیا گیا تھا اس آیت میں اس سے زائد حکم بیان کیا گیا ہے کہ وہ اجنبی مردوں کے سامنے اپنے چہروں کو بھی ڈھانپ کر رکھیں۔

---

[1] علامہ ابو الفرج عبد الرحمن بن علی بن محمد جوزی حنبلی متوفی ۵۹۷ھ، زاد المسیر ج ۶ ص ۴۲۲، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت

[2] علامہ ابو سعود محمد بن محمد عمادی حنفی متوفی ۹۸۲ھ، تفسیر ابو سعود علی ہامش الکبیر ج ۷ ص ۴۵۹، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۸ھ

[3] علامہ ابو الحیان محمد بن یوسف اندلسی غرناطی متوفی ۷۵۴ھ، البحر المحیط ج ۷ ص ۲۵۰، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۳ھ

[4] شیخ ابو جعفر محمد بن حسن طوسی متوفی [illegible]، التبیان فی تفسیر القرآن ج ۸ ص ۳۶۱، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

ذالک ادنیٰ ان یعرفن سے چہرہ ڈھانپنے پر استدلال

ذٰلک ادنٰی ان یعرفن فلا یؤذین ۔
(احزاب : ۵۱)

یہ پردہ ان کی شناخت کے بہت قریب ہے اکر وہ آزاد عورتیں ہیں آوارہ گرد باندیاں نہیں ہیں) سو ان کو ایذا نہ دی جائے۔

علامہ ابن جریر طبری لکھتے ہیں:

جب کوئی باندی راستہ سے گزرتی تھی تو فساق فجار اس کو ایذا پہنچاتے تھے تب اللہ تعالیٰ نے آزاد عورتوں کو باندیوں کی مشابہت سے منع فرما دیا، مجاہد نے یدنین علیھن من جلابیبھن کی تفسیر میں بیان کیا ہے کہ آزاد عورتیں اپنے چہروں پر آنچل ڈال لیں تاکہ معلوم ہو جائے کہ یہ آزاد عورتیں ہیں اور فساق ان کو آوازے کس کر یا چھیڑ خوانی کر کے اذیت نہ پہنچائیں اس لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ذٰلک ادنٰی ان یعرفن فلا یؤذین " یہ ان کا باندیوں سے) شناخت کے زیادہ قریب ہے تاکہ ان کو ایذاء نہ پہنچائی جائے۔ [۱]

امام فخر الدین رازی شافعی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

زمانہ جاہلیت میں آزاد عورتیں اور باندیاں چہرہ کھول کر باہر نکلتی تھیں اور فساق فجار ان کے پیچھے دوڑتے تھے تب اللہ تعالیٰ نے آزاد عورتوں کو چادر سے چہرہ ڈھانپنے کا حکم دیا۔ [۲]

علامہ ابو الحیان اندلسی لکھتے ہیں:

کان داب الجاھلیۃ ان تخرج الحرۃ والامۃ مکشوفتی الوجہ فی درع وخمار وکان الزناۃ یتعرضون اذا خرجن باللیل لقضاء حوائجھن فی النخیل والغیطان للاماء وربما تعرضوا للحرۃ بعلۃ الامۃ یقولون حسبناھا امۃ فامرن ان یخالفن بزیھن عن زی الاماء یلبسن الاردیۃ والملاحف وستر الرؤس والوجوہ لیحتشمن ویھبن فلا یطمع فیھن ۔ [۳]

زمانہ جاہلیت میں یہ طریقہ تھا کہ آزاد عورتیں اور باندیاں دونوں قمیص اور دوپٹے میں چہرہ کھول کر نکلتی تھیں، اور جب وہ رات کے وقت قضاء حاجت کے لیے کھجوروں کے جھنڈ اور نشیبی زمینوں میں جاتیں تو بدکار لوگ بھی ان کے پیچھے جاتے اور بعض اوقات وہ آزاد عورت پر بھی دست درازی کرتے اور یہ کہتے کہ ہم نے اس کو باندی گمان کیا تھا۔ تب آزاد عورتوں کو یہ حکم دیا گیا کہ وہ باندیوں سے مختلف وضع قطع اختیار کریں بایں طور کہ بڑی چادروں اور کمبلوں سے اپنے سروں اور چہروں کو ڈھانپ لیں تاکہ وہ باحیاء اور معزز رہیں اور کوئی شخص ان کے متعلق بری خواہش نہ کرے۔

---

[۱] علامہ ابو جعفر محمد بن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ، جامع البیان ج ۲۲ ص ۴۶، مطبوعہ مطبعہ مصطفیٰ البابی واولادہ مصر، ۱۳۷۳ھ

[۲] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ۶ ص ۵۹۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

[۳] علامہ ابو الحیان محمد بن یوسف اندلسی غرناطی متوفی ۷۵۴ھ، البحر المحیط ج ۷ ص ۲۵۰ مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۳ھ

مصنف یہ کہتا ہے کہ آج بھی یہی طریقہ ہے جو عورت مکمل پردہ میں باہر نکلتی ہے وہ کسی شخص کی ہوا و ہوس کا نشانہ نہیں بنتی اس پر کوئی بری نظر ڈالتا ہے نہ کوئی آوازہ کستا ہے، نہ اس کا پیچھا کرتا ہے اور جو عورت بے پردہ تنگ اور چست لباس پہن کر سرخی پاؤڈر سے میک اپ کر کے اور اپنے لباس پر پرفیوم اسپرے کر کے خوشبوؤں کی لپٹوں میں گھر سے نکلتی ہے وہ تمام ہوسناک نگاہوں کا ہدف بنتی ہے، اوباش لوگ اس پر آوازے کستے ہیں اور چھیڑ خوانی کرتے ہیں اور بسا اوقات اس کی عزت لٹ جاتی ہے۔ العیاذ باللہ! ان لوگوں پر حیرت ہوتی ہے جو کہتے ہیں کہ اسلام عورت کو پردے کی بربریت کا شکار بنانا چاہتا ہے! مغربی ممالک میں جہاں کوئی پردہ ہے نہ کوئی حدود و قیود ہیں لڑکیاں نیم عریاں لباس میں برسر عام پھرتی ہیں اور راہ چلتے برسر عام مرد اور عورت بوس و کنار کرتے ہیں، پارکوں اور تفریح گاہوں میں بغیر کسی پردے اور حجاب کے حیوانوں کی طرح مرد اور عورتیں ہم آغوش ہوتے ہیں اور جنسی عمل کرتے ہیں، ایک لڑکی کئی کئی بوائے فرینڈ رکھتی ہے، دفتروں، کارخانوں، ہوٹلوں اور سیرگاہوں میں ہر جگہ مرد اور عورت ساتھ ساتھ رہتے ہیں اور ایک ساتھ کام کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں ناجائز بچوں سے ان کی سڑکیں بھری رہتی ہیں اور ہسپتالوں میں اسقاط حمل کرانے والی عورتوں کی بھرمار رہتی ہے اور اس جنسی بے راہ روی سے ان کا ذہنی سکون جاتا رہتا ہے اور وہ لوگ مالیخولیائی کیفیات میں مبتلا ہو جاتے ہیں پھر وہ سکون اور قرار کی تلاش میں سستے نشوں کی تلاش میں پھرتے ہیں۔ پہلے وہ اپنے آپ کو شراب میں ڈبو دیتے تھے لیکن اس سے بھی ان کو سکون نہیں ملا، اب وہ چرس، کوکین، ہیروئن، اور راکٹ کی پناہ لیتے ہیں وہ ایسا تیز سے تیز نشہ چاہتے ہیں جو ان کے ذہن کو زیادہ سے زیادہ دیر کے لیے سلا دے، بے حس کر دے اور دنیا و مافیہا سے بے خبر کر دے۔ مغربی ممالک کی حکومتیں ان منشیات پر پابندیاں لگا رہی ہیں اس کے باوجود منشیات کی کھپت بڑھتی جا رہی ہے، پابندیوں سے کام نہیں چلے گا لوگ سکون چاہتے ہیں ان کو سکون مہیا کیجئے راکٹ اور مارفیا کا سکون ناپائیدار اور عارضی ہے، صحت کے لیے تباہ کن ہے، حقیقی سکون صرف اللہ تعالیٰ کے احکام کی اطاعت میں ہے۔

الذین امنوا ولم یلبسوا ایمانھم بظلم اولئک لھم الامن وھم مھتدون۔ (انعام: ۸۲)	جو لوگ ایمان لائے اور ایمان کے ساتھ انھوں نے گناہ نہ کیے (یعنی اسلامی احکام کی مخالفت اور ان سے بغاوت نہیں کی) انھی کے لیے امن اور سکون ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہیں۔

یہ ایک مسلم حقیقت ہے کہ جنسی بے اعتدالی اور بے راہ روی انسان کے ذہنی سکون کو ختم کر دیتی ہے، اس لیے اگر ہم دنیا کو ذہنی سکون فراہم کرنا چاہتے ہیں تو ہم کو جنسی بے راہ روی اور بد چلنی کو ختم کرنا ہوگا اور اس کی پہلی بنیاد پردہ اور حجاب ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ذلک ادنی ان یعرفن فلا یؤذین (احزاب: ۵۹)	یہ پردہ ان کی شناخت کے بہت قریب ہے کہ وہ آزاد عورتیں ہیں آوارہ گرد باندیاں نہیں ہیں) سو ان کو ایذا نہ دی جائے۔

حافظ ابن کثیر حنبلی لکھتے ہیں: سدی نے اس آیت کی تفسیر میں بیان کیا ہے کہ مدینہ کے فساق نہار رات کے اندھیرے میں مدینہ کے گلی کوچوں میں پھیل جاتے تھے (مدینہ کے مکانات تنگ تھے رات کو عورتیں

قضاء حاجت کے لیے باہر نکلتیں، تو فساق ان کو ڈھونڈنے نکلتے جب وہ کسی عورت کے اوپر چادر دیکھتے تو کہتے کہ یہ آزاد عورت ہے اور اس سے احتراز کرتے اور جب کسی عورت کو بے پردہ دیکھتے تو کہتے کہ یہ باندی ہے اور اس کو پکڑ لیتے۔ [1]

علامہ ابن جوزی حنبلی نے بھی سدی سے اسی تفسیر کو نقل کیا ہے۔ [2]

علامہ محمد امین بن مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں:

صحابہ کرام اور تابعین کے تمام مفسرین نے یہ تفسیر کی ہے کہ اہل مدینہ کی خواتین رات کو قضاء حاجت کے لیے گھروں سے باہر نکلتی تھیں اور مدینہ میں بعض فساق تھے جو باندیوں کے پیچھے پڑ جاتے تھے اور آزاد عورتوں سے تعرض نہیں کرتے تھے، اور بعض آزاد عورتیں ایسی وضع میں نکلتی تھیں جس سے وہ باندیوں سے ممتاز نہیں ہوتی تھیں، سو وہ فساق ان کو بھی باندیاں سمجھ کر ان کے پیچھے پڑ جاتے تھے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم دیا کہ وہ اپنی ازواج، اپنی صاحبزادیوں اور مسلمان عورتوں کو یہ حکم دیں کہ وہ اپنی وضع قطع میں باندیوں سے ممتاز رہیں بایں طور کہ چادروں سے اپنا چہرہ چھپائے رکھیں، اور جب وہ ایسا کریں گی تو فساق کو پتا چل جائے گا کہ یہ آزاد عورتیں ہیں اور ان کو ستایا نہیں جائے گا، اہل علم نے اس کی یہی تفسیر کی ہے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ فساق کا باندیوں کو چھیڑنا اور ان سے فحش حرکات کرنا جائز ہے بلکہ یہ حرام ہے اور ان فحش کاموں کے درپے وہی لوگ ہوتے ہیں جن کے دلوں میں بیماری ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے اس قول میں داخل ہیں والذین فی قلوبھم مرض "وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے۔" [3]

مذاہب اربعہ کے بعض متقدمین فقہاء اور مفسرین نے یہ کہا ہے کہ عورت کے چہرہ کو شہوت سے دیکھنا حرام ہے اور بلا شہوت دیکھنا جائز ہے اسی طرح انھوں نے کہا کہ عورت پر اپنے چہرہ کو چھپانا واجب نہیں ہے اس کے برخلاف بعض دوسرے فقہاء اور مفسرین نے یہ کہا ہے کہ عورت پر اپنا چہرہ چھپانا واجب ہے۔ اور یہی قول قرآن مجید کی اس آیت کے مطابق ہے کیونکہ چہرہ کے علاوہ باقی جسم کو چھپانا تو عورت پر پہلے بھی فرض تھا جیسا کہ سورۂ نور میں ستر کے احکام نازل ہونے سے ظاہر ہو گیا ہے اور اس کے بعد سورۂ احزاب میں جو حجاب کی آیات نازل ہوئیں ان میں ستر سے ایک زائد حکم بیان کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ غیر محرم اور اجنبی مردوں کے سامنے عورتیں اپنے چہروں کو بھی ڈھانپ کر رکھیں۔

علامہ ابوبکر رازی جصاص حنفی، مجتہد فی المسائل ہیں، وہ لکھتے ہیں:

قال ابوبکر فی ھذہ الآیۃ دلالۃ علی ان المرأۃ الشابۃ مامورۃ بستر وجھھا عن الاجنبیین واظہار الستر والعفاف عند الخروج

ابوبکر رازی کہتے ہیں کہ اس آیت میں یہ دلیل ہے کہ جوان عورت کو اجنبیوں سے اپنا چہرہ چھپانے کا حکم دیا گیا ہے، اور گھر سے باہر نکلتے وقت پردہ کرنے اور

---

[1] حافظ ابوالفداء عماد الدین ابن کثیر متوفی ۷۷۴ھ، تفسیر ابن کثیر ج ۵ ص ۵۱۶، مطبوعہ دار الاندلس بیروت ۱۳۸۵ھ

[2] علامہ ابوالفرج عبدالرحمن بن علی بن محمد جوزی حنبلی متوفی ۵۹۷ھ، زاد المسیر ج ۶ ص ۴۲۲، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت

[3] علامہ محمد امین بن محمد مختار جکنی شنقیطی، اضواء البیان ج ۶ ص ۵۸۸-۵۸۶، مطبوعہ عالم الکتب لاہور

لئلا یطمع اھل الریب فیھن ۔[1]

پاکیزگی اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے تاکہ آوارہ لوگوں کے دلوں میں بُری خواہش پیدا نہ ہو۔

چونکہ بوڑھی عورتوں کے حجاب کے متعلق قرآن مجید میں تخفیف کی گئی ہے اس لیے علامہ ابوبکر رازی نے حجاب کی اس آیت کو جوان عورتوں پر محمول کیا ہے اور اس عبارت میں یہ تصریح کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جوان عورتوں کو چہرہ ڈھانپنے کا امر کیا ہے اور امر کا تقاضا وجوب ہے اس لیے جو عورتیں بوڑھی نہ ہوں ان پر اپنے چہرہ کو چھپانا واجب ہے۔

بوڑھی عورتوں کے حجاب میں تخفیف سے عمومی حجاب پر استدلال

جس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بوڑھی عورتوں کے حجاب میں تخفیف کی ہے وہ یہ ہے:

والقواعد من النساء التی لا یرجون نکاحا فلیس علیھن جناح ان یضعن ثیابھن غیر متبرجات بزینۃ ط وان یستعففن خیر لھن واللہ سمیع علیم۔

(نور: ۶۰)

وہ بوڑھی عورتیں جن کو نکاح کی امید نہیں ہے اگر وہ اپنے (چہرہ ڈھانپنے کے) کپڑے اتار دیں تو ان پر کوئی گناہ نہیں ہے درآں حالیکہ وہ اپنی زینت دکھاتی نہ پھریں اور اگر وہ اس سے بچیں (یعنی نقاب نہ اتاریں) تو یہ ان کے لیے بہتر ہے۔

اس آیت میں بوڑھی عورتوں کو جن کپڑوں کے اتارنے کی اجازت دی ہے اس سے مراد وہ چادریں ہیں جن سے آیت جلابیب میں چہرہ ڈھانپنے کا حکم دیا گیا ہے اور اس پر دلیل یہ ہے کہ اس آیت سے یہ ہرگز مراد نہیں ہے کہ بوڑھی عورت قمیص اور شلوار اتار کر بالکل برہنہ ہو جائے کیونکہ یہ کھلی بے حیائی ہے اور نہ یہ مراد ہے کہ بوڑھی عورت سینہ سے دوپٹہ اتار کر اپنے سینہ کا اُبھار لوگوں کو دکھاتی پھرے کیونکہ غیر متبرجات بزینۃ میں اس سے منع کر دیا ہے تو پھر متعین ہو گیا کہ اس آیت میں بوڑھی عورتوں کو چہرہ سے صرف نقاب اتارنے کی اجازت دی ہے یا اس چادر کو اتارنے کی اجازت دی ہے جس سے آیت جلابیب میں چہرہ ڈھانپنے کا حکم دیا ہے۔ نیز یہ فرمایا کہ ان کے لیے بھی افضل اور مستحب یہی ہے کہ وہ اس چادر کو نہ اتاریں اور چہرہ ڈھانپ کر رکھیں۔ اور اس آیت سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ جو عورتیں سن ایاس کو نہ پہنچی ہوں ان پر چہرہ چھپانا لازم اور واجب ہے۔

علامہ ابوبکر رازی جصاص الحنفی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

قال ابن مسعود ومجاھد والقواعد اللاتی لا یرجون نکاحا اللاتی لا یردنہ وثیابھن جلابیبھن وقال ابراھیم وابن جبیر الرداء وقال الحسن الجلباب والمنطق وعن جابر بن زید یضعن الخمار والرداء ۔۔۔ قال ابوبکر لا خلاف فی

حضرت ابن مسعود اور مجاہد نے بیان کیا کہ یہاں وہ بوڑھی عورتیں مراد ہیں جو نکاح کا ارادہ نہ رکھتی ہوں اور جن کپڑوں کو اتارنے کی اجازت دی اس سے مراد جلابیب (وہ چادریں جن کے پلّو سے چہرہ ڈھانپتے ہیں) ہیں جس نے کہا جلابیب اور پٹکے مراد ہیں ابراہیم اور ابن جبیر نے کہا چادر مراد ہے جابر بن زید سے چادر اور دوپٹے کی روایت

[1] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی [illegible] مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

ان شعر العجوز عورة لا یجوز للاجنبی النظر الیہ کشعر الشابۃ و انہا ان صلت مکشوفۃ الراس کانت کالشابۃ فی فساد صلاتہا فغیر جائز ان یکون المراد وضع الخمار بحضرۃ الاجنبی۔ فان قیل انما ابا ح اللہ تعالی بھذہ الاٰیۃ ان تضع خمارھا فی الخلوۃ بحیث لا یراھا احد، قیل لہ فاذا الامعنی لتخصیص القواعد بذلک اذ کان للشابۃ ان تفعل ذلک فی الخلوۃ وفی ذلک دلیل علی انہ انما اباح للعجوز وضع رداءھا بین یدی الرجال بعد ان تکون مغطاۃ الراس و اباح لہا بذلک کشف وجہہا و یدھا لانہا لا تشتھی۔ [1]

ہے، علامہ ابوبکر اس روایت کو مسترد کرتے ہوئے فرماتے ہیں: بوڑھی عورت کے بال بالاتفاق ستر ہیں جس طرح جوان عورت کے بال ستر ہیں، اس لیے اجنبی شخص کا بوڑھی عورت کے بالوں کو دیکھنا جائز نہیں ہے، اور اگر بوڑھی عورت نے ننگے سر نماز پڑھی تو جوان کی طرح اس کی نماز بھی فاسد ہو جائے گی اس لیے اس آیت سے یہ مراد نہیں ہو سکتا کہ بوڑھی عورت اجنبی مردوں کے سامنے اپنا دوپٹہ اتار دے۔ اگر یہ سوال ہو کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بوڑھی عورت کو تنہائی میں دوپٹہ اتارنے کی اجازت دی ہے، جبکہ اسے کوئی دیکھ نہ رہا ہو، اس کا جواب یہ ہے کہ پھر بوڑھی عورتوں کی تخصیص کی کیا ضرورت ہے کیونکہ جوان عورت بھی تنہائی میں اپنا دوپٹہ اتار سکتی ہے، اس آیت میں یہ دلیل ہے کہ جب بوڑھی عورت کا سر ڈھکا ہوا ہو تو وہ لوگوں کے سامنے اپنی جلباب اتار سکتی ہے اور اس کے لیے اپنے چہرے اور ہاتھوں کو کھولنا جائز ہے کیونکہ اس پر شہوت نہیں آتی۔

علامہ ابوعبداللہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں:

والصحیح انہا کالشابۃ فی التستر، الا ان الکبیرۃ تضع الجلباب الذی یکون فوق الدرع والخمار قالہ ابن مسعود وابن جبیر وغیرھما۔ [2]

صحیح یہ ہے کہ وہ بوڑھی عورت بھی ستر میں جوان عورت کی طرح ہے مگر بوڑھی عورت اس جلباب کو اتار سکتی ہے جو قمیص اور دوپٹہ کے اوپر اوڑھا ہوا ہوتا ہے حضرت ابن مسعود اور ابن جبیر وغیرہ کا یہی قول ہے۔

امام رازی شافعی لکھتے ہیں:

لا شبھۃ انہ تعالی لم یأذن فی ان یضعن ثیابھن اجمع لما فیہ من کشف کل عورۃ فلذلک قال المفسرون المراد بالثیاب ھھنا الجلباب و البرد والقناع

اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بوڑھی عورتوں کو تمام کپڑے اتارنے کی اجازت نہیں دی کیونکہ اس سے ہر ستر کا کھولنا لازم آئے گا اس لیے مفسرین نے کہا ہے کہ یہاں کپڑے سے مراد وہ جلباب چادریں اور اوڑھنیاں ہیں جن

---

[1] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی متوفی ۳۷۰ھ، احکام القرآن ج ۳ ص ۳۳۴، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

[2] علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۱۲ ص ۳۰۹، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران ۱۳۸۷ھ

الذی فوق الخمار[1] کر دو پٹہ کے اوپر اوڑھا جاتا ہے۔

علامہ ابن جوزی حنبلی لکھتے ہیں:

ویعنی بالثیاب الجلباب والرداء والقناع الذی فوق الخمار، ھذا المراد بالثیاب لاجمیع الثیاب (الی قولہ) قال القاضی ابو یعلی، فی ھذہ الآیۃ دلالۃ علی انہ یجوز للعجوز کشف وجھھا ویدیھا بین یدی الرجال، واما شعرھا، فیحرم النظر الیہ کشعر الشابۃ۔[2]

اس آیت میں کپڑوں سے مراد وہ جلباب چادریں اور اوڑھنیاں ہیں جو دو پٹہ کے اوپر ہوتی ہیں، تمام کپڑے اتارنا مراد نہیں ہیں، قاضی ابو یعلیٰ نے کہا بوڑھی عورت کا اجنبی مردوں کے سامنے اپنے چہرے اور ہاتھوں کو کھولنا جائز ہے اور اس کے بالوں کو دیکھنا جوان عورت کے بالوں کو دیکھنے کی طرح ناجائز ہے۔

مذاہب اربعہ کے مفسرین کی تصریحات سے یہ ظاہر ہو گیا کہ وہ بوڑھی عورت جس کو نکاح کی امید نہ ہو اور جو سن یاس کو پہنچ چکی ہو صرف اس کو اللہ تعالیٰ نے یہ اجازت دی ہے کہ وہ اجنبی مردوں کے سامنے وہ جلباب اتار سکتی ہے جس کے آنچل سے چہرے کو ڈھانپا جاتا ہے اور اپنے چہرے اور ہاتھوں کو ظاہر کر سکتی ہے پھر بھی اس کے لیے افضل اور مستحب یہی ہے کہ اجنبی مردوں کے سامنے اپنے چہرے کو ڈھانپ کر رکھے۔

اب اگر بوڑھی عورتوں کے علاوہ دوسری عورتوں کے لیے بھی اجنبی مردوں کے سامنے اپنا چہرہ کھولنا جائز ہو تو بتلائیے اس آیت میں بوڑھی عورتوں کی تخصیص کا کیا فائدہ ہوا؟ اور جب بوڑھی عورتوں کے لیے بھی اجنبی مردوں کے سامنے چہرہ چھپانا مستحب ہے تو جوان عورتوں کے چہرہ چھپانے کے واجب ہونے میں کیا شبہ ہو سکتا ہے!

علامہ محمد امین جکنی شنقیطی لکھتے ہیں:

فقولہ جل وعلا فی ھذہ الآیۃ الکریمۃ: (وان یستعففن خیر لھن) دلیل واضح علی ان المرأۃ التی فیھا جمال ولھا طمع فی النکاح لا یرخص لھا فی وضع شیٔ من ثیابھا ولا الاخلال بشیٔ من التستر بحضرۃ الاجانب۔[3]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ”اگر وہ اس سے بچیں تو ان کے لیے بہتر ہے“ اس میں یہ واضح دلیل ہے کہ جو عورت حسین ہو اور جس عورت سے نکاح کی امید کی جا سکتی ہو اس کو اپنے کسی کپڑے کے اتارنے کی اجازت نہیں ہے اور اجنبی مردوں کے سامنے اس کو ذرا سا بھی حجاب کھولنے کی اجازت نہیں ہے (الا یہ کوئی شرعی عذر ہو۔ سعیدی)

ازواج مطہرات کے حجاب کی تحقیق

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

واذا سألتموھن متاعا فسئلوھن من وراء حجاب۔ (الاحزاب: ۵۳)

اور جب تم نبی کی ازواج (مطہرات) سے کسی چیز کا سوال کرو تو پردے کے پیچھے سے سوال کرو۔

---

[1] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ ھ، تفسیر کبیر ج ۶ ص ۳۷۴، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ ھ

[2] علامہ ابو الفرج عبد الرحمن بن علی بن محمد جوزی حنبلی متوفی ۵۹۷ ھ، زاد المسیر ج ۶ ص ۶۳، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت

[3] علامہ محمد امین بن مختار جکنی شنقیطی، [illegible] بیروت

قرآن مجید کی اس نص صریح میں ازواج مطہرات کو پردہ کرنے کا حکم دیا ہے اور مسلمانوں کو یہ حکم دیا کہ وہ بغیر حجاب کے ازواج مطہرات سے کوئی سوال نہ کریں۔ اس سے معلوم ہوا کہ پانچ ہجری کے بعد ازواج مطہرات کبھی لوگوں کے سامنے نہیں آئیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ازواج مطہرات سے جو سوال کرتے وہ پردے کی اوٹ سے کرتے تھے۔

حافظ ابن کثیر حنبلی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ای وکما نھیتکم عن الدخول علیھن کذالک لا تنظروا الیھن بالکلیۃ ولو کان لاحدکم حاجۃ یرید تناولھا منھن فلا ینظر الیھن ولا یسئلھن حاجۃ الا من وراء حجاب۔ [1]

یعنی جس طرح میں نے تمہیں نبی کی ازواج کے گھر جانے سے منع کر دیا ہے، اسی طرح ان کی طرف دیکھنے سے بھی مطلقاً منع کر دیا ہے۔ سو اگر کسی کو ازواج مطہرات سے کوئی کام ہو تو حجاب کی اوٹ سے ان سے سوال کرے۔

علامہ خازن شافعی لکھتے ہیں:

فبعد اٰیۃ الحجاب لم یکن لاحد ان ینظر الی امرأۃ من نساء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منتقبۃ کانت او غیر منتقبۃ۔ [2]

آیت حجاب نازل ہونے کے بعد کسی شخص کے لیے ازواج مطہرات کی طرف دیکھنا جائز نہیں رہا، خواہ وہ نقاب پہنے ہوں یا بے نقاب ہوں۔

علامہ اسماعیل حقی حنفی [3] اور علامہ ثناء اللہ پانی پتی نے بھی یہ عبارت نقل کی ہے۔ [4]

علامہ ابوعبداللہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں:

فی ھذہ الاٰیۃ دلیل علی ان اللہ تعالٰی اذن فی مسئلتھن من وراء حجاب او مسئلۃ یستفتین فیھا۔ [5]

اس آیت میں یہ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ازواج مطہرات سے پردہ کی اوٹ سے سوال کرنے کی اجازت دی ہے خواہ کسی چیز کا سوال کیا جائے یا کسی دینی مسئلہ کا سوال کیا جائے۔

علامہ ابوبکر رازی جصاص حنفی لکھتے ہیں:

قد تضمن حظر رؤیۃ ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ [6]

حجاب کے حکم میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کو دیکھنے کی ممانعت شامل ہے۔

قرآن مجید کی اس نص صریح اور مذاہب اربعہ کے مفسرین کی تفاسیر سے یہ واضح ہو گیا کہ آیت حجاب نازل ہونے کے

---

[1] حافظ ابوالفداء عماد الدین ابن کثیر حنبلی متوفی ۷۷۴ھ، تفسیر ابن کثیر ج ۵ ص ۴۹۲، مطبوعہ دار الاندلس، بیروت، ۱۳۸۵ھ

[2] علامہ علی بن محمد خازن شافعی متوفی ۷۲۵ھ، تفسیر خازن ج ۳ ص ۵۰۹، مطبوعہ دار الکتاب العربیہ پشاور

[3] علامہ اسماعیل حقی حنفی متوفی ۱۱۳۷ھ، روح البیان ج ۷ ص ۲۱۵، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ

[4] قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفی متوفی ۱۲۲۵ھ، تفسیر مظہری ج ۷ ص ۳۴۲، مطبوعہ بلوچستان بک ڈپو کوئٹہ

[5] علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۱۴ ص ۲۲۷، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران ۱۳۸۷ھ

[6] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی متوفی ۳۷۰ھ، احکام القرآن ج ۳ ص ۳۷۰، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

بعد از واج مطہرات پردہ کرتی تھیں اور صحابہ کرام جو ان سے احادیث روایت کرتے تھے اور دینی مسائل پوچھتے تھے وہ حجاب اور پردہ کی اوٹ سے پوچھتے تھے، اس کی وضاحت میں نے اس لیے کی ہے تاکہ یہ وہم نہ ہو کہ صحابہ کرام ازواج مطہرات سے بے پردہ سوال کرتے تھے، اس کی مزید وضاحت اس حدیث سے ہوتی ہے:

امام بخاری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے واقعہ افک کی روایت کرتے ہیں:

فبینا انا جالسۃ فی منزلی غلبتنی عینی فنمت وکان صفوان بن معطل اسلمی ثم الذکوانی من وراء الجیش فادلج فاصبح عند منزلی فرای سواد انسان نائم فاتانی فعرفنی حین رانی وکان یرانی قبل الحجاب فاستیقظت باسترجاعہ حین عرفنی فخمرت وجھی بجلبابی ۔[1]

میں اپنے پڑاؤ پر بیٹھی ہوئی تھی کہ مجھ پر نیند غالب آگئی، اور میں سو گئی اور حضرت صفوان بن معطل اسلمی رضی اللہ عنہ لشکر کے پیچھے تھے، وہ رات کے آخری حصہ میں چلے اور صبح کے وقت میرے پڑاؤ پر پہنچے تو انھوں نے ایک انسانی ہیولی دیکھا جب وہ میرے پاس آئے تو انھوں نے مجھے پہچان لیا کیونکہ انھوں نے حجاب کے حکم سے پہلے مجھے دیکھا ہوا تھا انھوں نے کہا انا للہ وانا الیہ راجعون میں یہ سن کر بیدار ہو گئی اور میں نے اپنی چادر سے اپنا چہرہ ڈھانپ لیا۔

یہ حدیث اس بات کی واضح اور روشن دلیل ہے کہ احکام حجاب نازل ہونے کے بعد ازواج مطہرات چادروں سے اپنے چہروں کو ڈھانپتی تھیں ـــــ وللہ الحمد۔

ازواج مطہرات کے حجاب سے عام مسلمان خواتین کے حجاب پر استدلال

مفسرین کا اس میں اختلاف ہے کہ آیۂ کریمہ اذا سالتموھن متاعا فسئلوھن من وراء حجاب «جب تم نبی کی ازواج سے کسی چیز کا سوال کرو تو پردے کی اوٹ سے سوال کرو» آیا یہ حکم صرف ازواج مطہرات کے ساتھ خاص ہے یا اس حکم میں باقی عورتیں بھی شامل ہیں۔ ہمارے نزدیک انھی مفسرین کی رائے صحیح اور قرآن مجید اور احادیث کے مطابق ہے جو یہ کہتے ہیں کہ اگرچہ اس آیت میں ازواج مطہرات سے خطاب ہے لیکن اس کا حکم تمام مسلمان عورتوں کو عام ہے اور تمام مسلمان عورتوں پر حجاب لازم ہے اور پردہ کرنا اور اجنبیوں سے چہرہ چھپانا واجب ہے البتہ ضروریات اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔

علامہ ابوبکر رازی جصاص الحنفی لکھتے ہیں:

وھذا الحکم وان نزل خاصا فی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وازواجہ فالمعنی عام فیہ وفی غیرہ اذ کنا مامورین باتباعہ والاقتداء بہ الا ما خصہ اللہ بہ دون امتہ۔[2]

ہر چند کہ یہ حکم خصوصیت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی ازواج کے متعلق نازل ہوا لیکن معنیٰ یہ حکم تمام مسلمان عورتوں کو شامل ہے، کیونکہ ماسوا ان احکام کے جو صرف آپ کے ساتھ خاص ہیں باقی احکام میں ہمیں آپ کی اتباع اور اقتدا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۲۹۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[2] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص [illegible] سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

علامہ ابوعبداللہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں:

ویدخل فی ذلک جمیع النساء بالمعنی، وبما تضمنتہ اصول الشریعۃ من ان المرأۃ کلہا عورۃ بدنہا وصوتہا، کما تقدم فلا یجوز کشف ذلک الا لحاجۃ کالشہادۃ علیہا او داء یکون ببدنہا او سوالہا عما یعرض وتعین عندہا۔ [1]

اس حکم میں تمام مسلمان خواتین معنیً شامل ہیں اور اس لیے بھی کہ احکام شریعت کا یہ تقاضا ہے کہ عورت کا سارا وجود یعنی اس کا بدن اور آواز سب کا پردے میں رہنا لازمی ہے جیسا کہ پہلے بھی گزر چکا ہے۔ اس لیے ضرورت شرعیہ کے بغیر اس کے لیے بے پردہ ہونا جائز نہیں ہے، مثلاً اس کے خلاف شہادت ہو۔ یا اس کے بدن میں کوئی بیماری ہو یا اس سے کسی ایسی بیماری کے بارے میں سوال کیا جائے جو اسے لاحق ہے اور وہ اسی کو معلوم ہے۔

علامہ محمد امین بن محمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں:

آیت حجاب کا حکم عام ہے کیونکہ اصول میں یہ مقرر ہے کہ ایک شخص سے خطاب کا حکم بھی تمام امت کو عام ہوتا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم اگر امت کے کسی ایک فرد کو حکم دیں تو وہ حکم تمام امت کو شامل ہوتا ہے کیونکہ تمام امت احکام تکلیفیہ میں مساوی ہے، الایہ کہ کسی دلیل سے اس حکم کی اس شخص کے ساتھ خصوصیت ثابت ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انی لا اصافح النساء، وما قولی لامرأۃ واحدۃ الا کقولی لمائۃ امرأۃ۔ "میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا اور میرا ایک عورت کو حکم دینا ایسا ہی ہے جیسا کہ میں سو عورتوں کو حکم دوں" (سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۱۴۲) نیز حدیث میں ہے حکمی علی الواحد حکمی علی الجماعۃ "میرا ایک شخص کو حکم دینا پوری جماعت کو حکم دینا ہے" امام ترمذی نے اس حدیث کو روایت کر کے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے، اس اصل قاعدہ کی بناء پر ہم یہ کہتے ہیں کہ ہر چند کہ آیت حجاب کے الفاظ ازواج مطہرات کے ساتھ خاص ہیں لیکن اس کا حکم عام ہے کیونکہ آپ کا ایک عورت کو حکم دینا خواہ وہ زوجہ مطہرہ ہو یا غیر ہو عورتوں کو حکم دینے کے مساوی ہے۔ اور جب یہ معلوم ہو گیا کہ آیت حجاب کا حکم عام ہے تو اس میں یہ دلیل ہے کہ عورتوں پر یہ واجب ہے کہ وہ اپنے تمام بدن کو اجنبی مردوں سے چھپائیں، اور اگر بالفرض محال یہ مان لیا جائے کہ یہ حکم ازواج مطہرات کے ساتھ خاص ہے، تب بھی اس میں کوئی شک نہیں کہ ازواج مطہرات تمام مسلمان عورتوں میں افضل اور بہتر ہیں اور حجاب کے احکام میں ان کی پیروی کرنے میں ہی سلامتی ہے تاکہ جن لوگوں کے دلوں میں بیماری ہے ان کی نظر بازی اور چھیڑ خوانی سے عورتیں محفوظ رہیں۔

احادیث صحیحہ سے بھی اسی امر کی تائید ہوتی ہے کہ حجاب کا یہ حکم عام ہے کیونکہ امام بخاری اور امام مسلم نے یہ حدیث روایت کی ہے:

عن عقبۃ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ایاکم والدخول

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اجنبی عورتوں کے پاس

[1] علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۱۴ ص ۲۲۷، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران ۱۳۸۷ھ

علی النساء فقال رجل من الانصار یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) افرایت الحمو؟ قال الحمو الموت۔

مت جاؤ، ایک انصاری شخص نے پوچھا یا رسول اللہ! کیا دیور بھی نہ جائے؟ آپ نے فرمایا دیور تو موت ہے!

(صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۸۷، صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۱۶)

اس صحیح اور صریح حدیث میں یہ دلیل ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اجنبی عورتوں کے پاس جانے سے احتراز کا حکم دیا ہے اور اس سے منع فرمایا ہے، اس لیے اگر اجنبی عورتوں سے کوئی سوال کرنا ہو تو پردے کی اوٹ سے سوال کرنا لازم ہے، کیونکہ اگر اس نے بلا حجاب اور بے پردہ ان سے کوئی سوال کیا تو وہ ان پر داخل ہوگیا اور اجنبی عورتوں پر داخل ہونے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اور اس سے احتراز کی تلقین کی ہے۔ دیور شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار ہوتا ہے اور جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کے پاس دیور کے داخل ہونے کو بھی موت قرار دیا ہے اور یہ شدید تحذیر ہے تو پھر کسی اور اجنبی شخص کے داخل ہونے کی ممانعت میں کیا شبہ ہو سکتا ہے؟ اس سے ثابت ہوگیا کہ آیت کریمہ فسئلوھن من وراء حجاب کا حکم تمام عورتوں کو شامل ہے کیونکہ اگر یہ حکم ازواج مطہرات کے ساتھ خاص ہوتا تو مسلمانوں کے اجنبی عورتوں کے پاس جانے پر اتنی شدید وعید نہ ہوتی کیونکہ آپ نے فرمایا ہے ایاکم والدخول حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا یہ ایسا ہے جیسے ایاکم والاسد یعنی اجنبی عورتوں کے پاس جانے سے بچو! اس سے واضح ہوا کہ ان کے پاس جانا حرام ہے۔ [1]

حضرت صدر الافاضل مولانا سید نعیم الدین مراد آبادی لکھتے ہیں:

اس سے معلوم ہوا کہ عورتوں پر پردہ لازم ہے اور غیر مردوں کو کسی کے گھر میں بے اجازت داخل ہونا جائز نہیں آیت اگرچہ خاص ازواج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں وارد ہے لیکن حکم اس کا تمام مسلمان عورتوں کے لیے عام ہے۔ [2]

ان تمام مستند مفسرین کی تفسیروں سے یہ واضح ہوگیا کہ حجاب یعنی چہرہ چھپانے اور پردہ کرنے کا حکم تمام مسلم خواتین کو دیا گیا ہے، جیسا کہ ہم نے پہلے بھی ذکر کیا ہے کہ مفسرین کا اس میں اختلاف ہے کہ آیا آیت حجاب میں یہ حکم ازواج مطہرات کے ساتھ خاص ہے یا اس حکم میں تمام مسلمان عورتیں شامل ہیں، ہمارے نزدیک مؤخر الذکر نظریہ ہی درست اور برحق ہے اور اس کے دلائل وہ ہیں جو علامہ ابوبکر رازی اور علامہ شنقیطی نے فراہم کیے ہیں اور اس کی تائید قرآن اور حدیث سے ہوتی ہے:

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یا ایھا النبی قل لازواجک وبناتک ونساء المؤمنین یدنین علیھن من جلابیبھن ط ذلک ادنی ان یعرفن فلا یؤذین ط وکان اللہ غفورا رحیما۔

(احزاب، ۵۹)

اے نبی! اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں کو یہ حکم دیں کہ وہ (گھر سے نکلتے وقت) اپنی چادروں کا کچھ حصہ (آنچل، پلو یا گھونگھٹ) اپنے چہروں پر لٹکائے رہیں یہ پردہ ان کی اس شناخت کے بہت قریب ہے (کہ یہ پاک دامن آزاد عورتیں ہیں آوارہ گرد باندیاں نہیں ہیں)

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۶ ص ۵۹۳-۵۸۹ ملخصاً مطبوعہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[2] صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مراد آبادی [illegible] ص ۲۰۲، مطبوعہ تاج کمپنی لاہور

سو ان کو ایذاء نہ دی جائے اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

اس آیت میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی ازواج اور صاحبزادیوں کے علاوہ تمام مسلمان خواتین کو بھی چہرہ چھپانے اور حجاب کا حکم دیا ہے۔ اور اسی طرح حدیث میں ہے:

امام ترمذی اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عبد الله عن النبی صلی الله علیه وسلم قال المرأة عورة فاذا خرجت استشرفها الشیطن هذا حدیث حسن صحیح غریب [1]

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا عورت (سراپا) واجب الستر ہے۔ جب عورت (گھر سے) نکلتی ہے تو شیطان ابرو پر ہاتھ رکھ کر اس کو دیکھتا ہے۔

عہد رسالت میں نقاب اور حجاب کا معمول

۵ ہجری میں حجاب کے احکام نازل ہو گئے تھے اور ازواج مطہرات اور عام مسلمان خواتین جب کسی ضرورت سے باہر نکلتی تھیں تو چادروں میں لپٹی ہوئی ہوتی تھیں اور اپنی چادروں سے چہرہ کو چھپاتی تھیں یا نقاب استعمال کرتی تھیں، اس سلسلہ میں صحیح بخاری کے حوالے سے روایت گذر چکی ہے کہ حضرت عائشہ نے حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر چادر سے اپنا چہرہ چھپا لیا۔

امام ابن ماجہ روایت کرتے ہیں:

عن عائشة لما قدم رسول الله صلی الله علیه وسلم المدینة وهو عروس بصفیة بنت حیی جئن نساء الانصار فاخبرن عنها قالت فتنکرت وتنقبت فذهبت فنظر رسول الله صلی الله علیه وسلم الی عینی فعرفنی قالت فاسرعت المشی فادرکنی فاحتضنی فقال کیف رایت قالت قلت ارسل یهودیة وسط یهودیات۔ [2]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (خیبر سے) مدینہ تشریف لائے دراں حالیکہ آپ نے حضرت صفیہ بنت حیی سے شادی کی ہوئی تھی انصار کی عورتوں نے آکر حضرت صفیہ کے متعلق بیان کیا، میں نے اپنا حلیہ بدلا اور نقاب پہن کر (انھیں دیکھنے) گھر سے نکلی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری آنکھ کو دیکھ کر پہچان لیا، میں واپس تیزی سے دوڑی، آپ نے مجھے پکڑ کر گود میں اٹھا لیا اور فرمایا: تم نے (ان کو) کیسا پایا؟ میں نے کہا اس یہودی عورت کو یہودیوں میں بھیج دیجئے۔

اس حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نقاب پہننے کا ذکر ہے اور یہ کہ ازواج مطہرات اور مسلم خواتین جب کسی ضرورت سے گھر سے باہر نکلتی تھیں تو نقاب پہنتی تھیں یا چادروں سے اپنے چہرے کو ڈھانپ لیتی تھیں۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

---

[1] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۱۸۹ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[2] امام ابو عبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ، سنن ابن ماجہ ص ۱۴۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

عن عروۃ عن عائشۃ قالت لقد کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الفجر فشھد معہ نساء من المؤمنات متلفعات بمروطھن ثم یرجعن الی بیوتھن ما یعرفھن احد[1]

عروہ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز پڑھاتے اور آپ کے ساتھ مسلمان عورتیں بھی نماز پڑھتی تھیں درآں حالیکہ وہ چادروں میں لپٹی ہوئی ہوتی تھیں پھر وہ اپنے گھروں کو لوٹ جاتیں اور (حجاب کی وجہ سے) انھیں کوئی نہیں پہچانتا تھا

اس حدیث شریف کو مندرجہ ذیل ائمہ حدیث نے بیان کیا ہے :-

امام مسلم[2] ، امام ابوداؤد[3]، امام ترمذی[4]، امام نسائی[5]، اور امام احمد[6] رحمہم اللہ تعالیٰ۔

جو علماء پردہ اور حجاب کے قائل نہیں ہیں وہ کہتے ہیں اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ عورتیں منہ اندھیرے نماز پڑھتی تھیں جیسا کہ صحیح بخاری کے علاوہ دیگر کتب حدیث میں من الغلس کے الفاظ سے ظاہر ہے، ہر چند کہ وہ منہ کھول کر آتی جاتی تھیں لیکن اندھیرے کی وجہ سے کوئی پہچانتا نہیں تھا یہ دلیل کئی وجہ سے مخدوش ہے اولاً اس لیے کہ امام بخاری کا من الغلس کے الفاظ کو روایت نہ کرنا، اس بات کی دلیل ہے کہ یہ زیادتی کم از کم مشکوک ضرور ہے ثانیاً اس لیے کہ سنن ابوداؤد، سنن ابن ماجہ، جامع ترمذی، صحیح ابن حبان، معجم طبرانی، مسند بزار وغیرہا کتب حدیث میں اسانید صحیحہ سے یہ حدیث مروی ہے کہ اسفروا بالفجر فانہ اعظم للاجر صبح روشن ہونے اور سپیدہ سحر پھیلنے کے بعد فجر کی نماز پڑھو، ثالثاً رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز میں عموماً بہت لمبی قرأت کرتے تھے اس لیے اگر آپ اول وقت صبح کی نماز پڑھتے ہوں تب بھی واپسی کے وقت اتنا اجالا ہو جاتا تھا کہ جس کا منہ کھلا ہوا ہو اس کو پہچانا جا سکتا تھا۔ آخر صحابہ کرام ایک دوسرے کو بھی تو صبح کی نماز میں پہچانتے تھے۔

امام مسلم اپنی سند کے ساتھ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ تبوک میں گئے، حضرت مغیرہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک میدان میں قضاء حاجت کے لیے گئے، میں فجر کی نماز سے پہلے آپ کے ساتھ مشکیزہ لے کر گیا جب آپ قضاء حاجت سے واپس آئے تو میں نے آپ کو وضو کرایا پھر جب میں آپ کے ساتھ پڑاؤ پر واپس آیا تو دیکھا کہ صحابہ نے حضرت عبدالرحمن بن عوف کو امام بنا کر نماز پڑھنی شروع کر دی ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ان کے ساتھ ایک رکعت نماز مل گئی اور جب حضرت عبدالرحمن بن عوف نے سلام پھیر دیا تو آپ نے کھڑے ہو کر باقی ایک رکعت پڑھی، صحابہ پر یہ بہت شاق گزرا کہ رسول اللہ صلی اللہ

---

[1] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۸۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ ھ

[2] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۲۳۰، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی، ۱۳۷۵ ھ

[3] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ ھ، سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۶۱، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ ھ

[4] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ ھ، جامع ترمذی ص ۴۹، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[5] امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ ھ، سنن نسائی ج ۱ ص ۵۸، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[6] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ ھ، [illegible] ۳۳، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت

علیہ وسلم کے آنے کے بعد بھی حضرت عبدالرحمن بن عوف نماز پڑھاتے رہے) اس لیے انھوں نے بار بار سبحان اللہ کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پوری کرنے کے بعد فرمایا تم نے صحیح کیا یا فرمایا تم نے اچھا کیا اور اس بات پر ان کی تعریف کی کہ انھوں نے وقت پر نماز پڑھ لی۔ [1]

دیکھئے یہ نماز فجر ہے اور صحابہ نے حضرت عبدالرحمن بن عوف کو امام بنایا ظاہر ہے پہچان کر بنایا، حضرت مغیرہ بن شعبہ جب پڑاؤ پر پہنچے تو انھوں نے دیکھ کر کہا کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف نماز پڑھا رہے ہیں اور فجر کے وقت ان کو پہچان لیا، صحابہ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر پہچان لیا اور آپ کے ہوتے ہوئے حضرت عبدالرحمان کے نماز پڑھاتے رہنے پر افسوس کیا اور اس حدیث میں یہ بھی تصریح ہے کہ صحابہ نے یہ نماز اپنے معروف وقت میں پڑھی تھی، ان تمام شواہد سے یہ واضح ہو گیا کہ عہد رسالت میں جس وقت صبح کی نماز پڑھی جاتی تھی اس وقت اتنا اندھیرا نہیں ہوتا تھا کہ کسی کا چہرہ نہ دکھائی دے سکے اور وہ پہچانا نہیں جا سکے۔ جس وقت سحری ختم ہوتی ہے یہ فجر کا اول ہوتا ہے اس وقت بھی انسان ایک دوسرے کو پہچان لیتا ہے اس لیے احادیث میں جو یہ ہے کہ عورتیں چادروں میں لپٹی ہوئی صبح کی نماز پڑھنے آتی تھیں اور اسی طرح واپس جاتی تھیں اور ان کو کوئی نہیں پہچانتا تھا تو ان کو نہ پہچاننا اندھیرے کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ چہرے کے حجاب کی وجہ سے تھا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن انس بن مالك الانصاری ان ابا بكر يصلى فى وجع النبى صلى الله عليه وسلم الذى توفى فيه حتى اذا كان يوم الاثنين وهم صفوف فى الصلوة فكشف النبى صلى الله عليه وسلم ستر الحجرة ينظر الينا وهو قائم كان وجهه ورقة مصحف ثم تبسم يضحك فهممنا ان نفتتن من الفرح برؤية النبى صلى الله عليه وسلم فنكص ابو بكر على عقبيه ليصل الصف وظن ان النبى صلى الله عليه وسلم خارج الى الصلوة فاشار الينا النبى صلى الله عليه وسلم ان اتموا صلوتكم وارخى الستر فتوفى من يومه صلى الله عليه وسلم۔ [2]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جس مرض میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اس مرض کے ایام میں حضرت ابوبکر مسلمانوں کو نماز پڑھاتے تھے، پیر کے دن (نماز فجر میں) جس دن آپ کا وصال ہوا مسلمان صف باندھے (فجر کی) نماز پڑھ رہے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ کا پردہ اٹھا کر ہماری طرف دیکھنے لگے آپ کا چہرہ یوں لگ رہا تھا جیسے ورق قرآن ہو آپ کھڑے مسکراتے رہے، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر اس قدر خوش ہوئے کہ لگتا تھا کہ مارے خوشی کے نماز توڑ دیں گے، حضرت ابوبکر نے سمجھا کہ آپ نماز میں آ رہے ہیں وہ پچھلی صف میں جانے لگے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ کیا کہ اپنی نماز پوری کرو، اور پردہ لٹکا دیا اور اسی دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا۔

---

[1] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۱۸۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۹۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

یہ نماز فجر کی تھی اس پر دلیل یہ حدیث ہے، امام بیہقی روایت کرتے ہیں:

وقد ذهب موسى بن عقبة في مغازيه الى ان ابا بكر صلى من صلوٰة الصبح يوم الاثنين ركعة وهو اليوم الذی توفی فيه النبی صلی الله عليه وسلم فوجد النبی صلی الله عليه وسلم فی نفسه خفة فخرج فصلى مع ابی بكر ركعة فلما سلم ابوبكر قام فصلى الركعة الاخرى۔ ؎

امام موسیٰ بن عقبہ نے اپنی مغازی میں بیان کیا ہے کہ پیر کے روز جس دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تھا حضرت ابوبکر فجر کی نماز پڑھا رہے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس دن مرض میں تخفیف محسوس ہوئی تو آپ نے آکر ایک رکعت نماز حضرت ابوبکر کی اقتداء میں پڑھی اور جب حضرت ابوبکر نے سلام پھیر دیا تو آپ نے کھڑے ہو کر دوسری رکعت پڑھی۔

پہلی حدیث جو ہم نے پیش کی اس میں سفر میں فجر کی نماز کا ذکر ہے اور اس حدیث میں حضر میں فجر کی نماز کا ذکر ہے، اور ان حدیثوں سے یہ واضح ہو گیا کہ سفر ہو یا حضر فجر کی نماز جس وقت پڑھی جاتی تھی سب ایک دوسرے کے چہرے کو دیکھ کر پہچان لیتے تھے اور عورتوں کو کوئی اس لیے نہیں پہچانتا تھا کہ ان کا چہرہ چادروں کے حجاب میں ہوتا تھا، وللہ الحمد۔

رابعاً اگر عورتیں منہ کھول کر نماز کے لیے جاتی تھیں تو اس کے لیے دوپٹہ کافی تھا وہ چادروں میں کیوں لپٹی ہوئی ہوتی تھیں! اس سے ظاہر ہے کہ مسلمان عورتیں جلباب کے آنچل میں سر اور چہرہ ڈھانپ کر گھروں سے نکلتی تھیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے آیت حجاب میں حکم دیا ہے۔ الحمد للہ اس تفصیل سے واضح ہو گیا کہ احادیث صحیحہ کے مطابق عہد رسالت میں مسلمان عورتیں چادروں سے اپنا چہرہ ڈھانپ کر گھر سے باہر نکلتی تھیں۔

عہد رسالت میں عورتوں کے حجاب میں مستور رہنے کی یہ دلیل ہے کہ بکثرت احادیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو یہ حکم دیا کہ وہ احرام میں چہرہ پر نقاب نہ پہنیں، اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عورتیں اپنے چہروں پر نقاب ڈالا کرتی تھیں تبھی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو احرام میں نقاب ڈالنے سے منع کیا اگر عورتوں میں کھلے چہرے کے ساتھ پھرنے کا معمول اور رواج ہوتا تو آپ کو انہیں نقاب ڈالنے سے منع کرنے کی کیا ضرورت تھی۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن عبد الله بن عمر قال قام رجل فقال يا رسول الله ماذا تامرنا ان نلبس من الثياب فی الاحرام فقال النبی صلی الله عليه وسلم لا تلبسوا القمص ولا السراويلات ولا العمائم ولا البرانس الا ان يكون احد ليست له نعلان فليلبس الخفين و ليقطع اسفل من الكعبين

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے کھڑے ہو کر کہا یا رسول اللہ! آپ احرام میں ہمیں کون سے کپڑے پہننے کا حکم دیتے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قمیصیں اور شلواریں نہ پہنو عمامے اور ٹوپیاں نہ پہنو، البتہ اگر کسی کے پاس جوتیاں نہ ہوں تو وہ موزے پہن سکتا ہے لیکن ان کو ٹخنوں کے نیچے

؎ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ... [illegible]

ولا تلبسوا شیئاً مسہ زعفران ولا الورس ولا تنتقب المرأۃ المحرمۃ ولا تلبس القفازین۔ [۱]

سے کاٹ لے، اور کوئی ایسا کپڑا نہ پہنو جس کو زعفران یا ورس (ایک گھاس جس سے سرخ رنگ نکلتا ہے) سے رنگا ہوا ہو اور احرام کی حالت میں عورت نقاب ڈالے نہ دستانے پہنے۔

اس حدیث کو امام داؤد [۲]، امام ترمذی [۳]، امام نسائی [۴] اور امام احمد [۵] نے روایت کیا ہے، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عہد رسالت میں مسلم خواتین عموماً نقاب ڈالتی تھیں ورنہ حالت احرام میں نقاب کی ممانعت کا کوئی مطلب نہیں ہے۔

عہد رسالت میں پردے کا عام رواج تھا اسی لیے حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں:

استمر العمل علی جواز خروج النساء الی المساجد والاسواق والاسفار منتقبات لئلا یراھن الرجال [۶]

عورتیں مساجد، بازار اور سفروں میں ہمیشہ نقاب پہن کر جایا کرتی تھیں تاکہ ان کو مرد نہ دیکھیں۔

علامہ عینی نے بھی یہی لکھا ہے۔ [۷]

اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ امام بخاری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں:

قالت لا تلثم ولا تبرقع ولا تلبس ثوبا بورس ولا زعفران۔ [۸]

احرام میں عورت نہ منہ ڈھانپے نہ برقع پہنے، درخ یا زرد رنگ میں رنگا ہوا کپڑا پہنے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عہد رسالت میں عورتوں کے برقع پہننے کا رواج تھا ورنہ حالت احرام میں برقع پہننے کی ممانعت کا کوئی مطلب نہیں ہے۔

ہر چند کہ مسلمان خواتین عہد رسالت میں حالت احرام میں نقاب نہیں پہنتی تھیں لیکن اس کے باوجود وہ اجنبی مردوں سے اپنے چہرہ کو حجاب میں رکھتی تھیں، امام ابو داؤد روایت کرتے ہیں:

عن عائشۃ رضی اللہ عنھا قالت کان الرکبان یمرون بنا ونحن محرمات مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاذا حاذوا بنا سدلت احدانا جلبابھا من راسھا علی وجھھا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ہمارے ساتھ سوار گزرتے تھے دراں حالیکہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ احرام باندھے ہوئے جارہی ہوتی تھیں جب لوگ ہمارے سامنے ہوتے تو ہم اپنی چادروں کو اپنے

---

[۱] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۴۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[۲] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابو داؤد ج ۱ ص ۲۵۲، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[۳] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۱۴۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب لاہور

[۴] امام ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ، سنن نسائی ج ۲ ص ۷، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب لاہور

[۵] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۱۱۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[۶] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۹ ص ۳۳۷، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[۷] حافظ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۲۱۷، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[۸] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۰۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

فاذا جاوزنا کشفناہ۔[1]

سروں سے اپنے چہروں پر لٹکا لیتے اور جب وہ گزر جاتے تو ہم اپنے چہروں کو کھول دیتے۔

امام مالک روایت کرتے ہیں:

عن فاطمة بنت المنذر انها قالت كنا نخمر وجوهنا ونحن محرمات ونحن مع اسماء بنت ابی بکر الصدیق فلا تنکرہ علینا۔[2]

فاطمہ بنت منذر بیان کرتی ہیں کہ ہم حالتِ احرام میں اپنا چہرہ ڈھانپ لیا کرتی تھیں، ہمارے ساتھ حضرت اسماء بنت ابی بکر بھی تھیں وہ ہم کو منع نہیں کرتی تھیں۔

ان دونوں حدیثوں سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے عہد مبارک میں مسلم خواتین حالتِ احرام میں بھی چہرہ کو ظاہر نہیں کرتی تھیں اور پردے اور حجاب کے ساتھ رہتی تھیں۔ غور کیجئے حالتِ احرام میں عورتوں کو نقاب پہننا منع ہے، پھر بھی مسلمان عورتیں اجنبی مردوں سے پردہ کیا کرتی تھیں تو عام حالات میں ستر اور حجاب میں ان کی پابندیوں کا کیا عالم ہوگا؟ اس کا اندازہ اس حدیث سے ہوتا ہے!

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن شماس قال جاءت امرأة الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقال لها ام خلاد وهی منتقبة تسأل عن ابنها وهو مقتول فقال لها بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم جئت تسئلین عن ابنك وانت منتقبة فقالت ان ارزأ ابنی فلن ارزأ حیائی۔[3]

حضرت شماس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ام خلاد نام کی ایک عورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی درآں حالیکہ اس نے نقاب پہنی ہوئی تھی! اس کا بیٹا شہید ہو گیا تھا وہ اس کے متعلق پوچھنے آئی تھی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہ نے کہا تم اپنے بیٹے کے متعلق پوچھ رہی ہو اور اس حال میں بھی تم نے نقاب پہنی ہوئی ہے! اس نے کہا میں نے اپنا بیٹا کھویا ہے اپنی حیاء نہیں کھوئی۔

یہاں پر یہ شبہ نہ ہو کہ جب حجاب لازم ہے تو صحابہ نے یہ سوال کیوں کیا کہ تم اس حال میں بھی نقاب پہنے ہوئی ہو؟ کیونکہ عورت کا ستر غلیظ چہرہ اور ہاتھوں کے علاوہ باقی جسم ہے اس کو چھپانا فرض قطعی ہے۔ اور چہرہ اور ہاتھ ستر غلیظ نہیں ہیں نہ ان کو چھپانا فرض قطعی ہے لیکن ان کو حجاب میں رکھنا لازم ہے تاہم بعض حالات میں چہرہ کھولنے کی اجازت بھی ہے، مثلاً گواہی دینے کے لیے، نماز اور حج میں بھی چہرہ اور ہاتھ ظاہر کرنے کا حکم ہے اور چونکہ چہرہ چھپانے کا باقی جسم کی طرح سخت حکم نہیں ہے اور بعض حالات میں اس حکم میں تخفیف بھی کی جاتی ہے اس وجہ سے صحابہ حیران ہوئے کہ اس گھبراہٹ اور پریشانی کے موقع پر بھی جب لوگوں کے ہاتھوں سے صبر کا دامن چھوٹ جاتا ہے اور گھبراہٹ

---

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۲۵۴، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[2] امام مالک بن انس اصبحی متوفی ۱۷۹ھ، موطا امام مالک ص ۳۲۴، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور

[3] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی [illegible]، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

اور بے صبری کے عالم میں ان سے کچھ غیر شرعی حرکات سرزد ہو جاتی ہیں ایسے میں بھی وہ کمال صبر و ضبط کے ساتھ نقاب اور حجاب کے ساتھ آتی ہیں۔

عہد رسالت میں عورتوں کے حجاب اور نقاب پہننے کے معمول اور رواج پر یہ واقعہ بھی دلیل ہے کہ علامہ زرقانی نے بیان کیا ہے کہ مسلمانوں کی ایک عورت چہرے پر نقاب ڈالے ہوئے بنو قینقاع کے بازار میں گئی، یہودیوں نے اس کا چہرہ کھولنا چاہا، اس عورت نے انکار کیا انھوں نے اس کی چادر کو پیچھے سے کسی چیز کے ساتھ اس طرح اٹکا دیا کہ جب وہ اٹھی تو اس کا چہرہ کھل گیا، اس کے نتیجہ میں مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان جنگ ہوئی اور غزوہ بنو قینقاع واقع ہوا۔ [۱]

عورت کے حجاب پر اس واقعہ سے بھی روشنی پڑتی ہے، امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن عائشة قالت اومأت امرأة من وراء ستر بيدها كتاب الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقبض رسول الله صلى الله عليه وسلم يده فقال ما ادرى ايد رجل ام يد امرأة قالت بل يد امرأة قال لو كنت امرأة لغيرت اظفارك يعني بالحناء۔ [۲]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ پردے سے پیچھے ایک عورت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ کیا درآں حالیکہ اس کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ کھینچ کر فرمایا: مجھے پتا نہیں چلا کہ یہ عورت کا ہاتھ ہے یا مرد کا؟ اس نے کہا یہ عورت کا ہاتھ ہے آپ نے فرمایا اگر تم عورت ہوتیں تو اپنے ہاتھ کو رنگتیں آپ کی مراد مہندی تھی۔

امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں:

عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يبايع النساء بالكلام بهذه الآية ان لا تشركن بالله شيئا وما مست يد رسول الله صلى الله عليه وسلم يد امرأة قط الا يد امرأة يملكها۔ [۳]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عورتوں سے کلام کے ساتھ اس آیت پر بیعت کرتے تھے ان لا تشرکن باللہ شیئا۔ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی زوجہ یا باندی کے سوا کسی عورت کے ہاتھ کو نہیں چھوا۔

اس حدیث کو امام بخاری نے بھی روایت کیا ہے۔

امام عبدالرزاق نے حضرت امیمہ بنت رقیقہ سے روایت کیا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں

---

[۱] علامہ محمد عبدالباقی زرقانی متوفی ۱۱۲۲ھ، شرح المواہب اللدنیہ ج ۱ ص ۴۵۷، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۳۹۳ھ
[۲] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۲۱۸، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ
[۳] امام عبدالرزاق بن ہمام متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۶ ص ۷، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

سے بیعت لی تو انھوں نے عرض کیا:

الا نصافحك یارسول اللہ! فقال انی لا اصافح النساء انما قولی لامرأۃ کقولی لمأۃ امرأۃ۔[1]

یا رسول اللہ! کیا ہم آپ سے مصافحہ نہ کریں؟ آپ نے فرمایا میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا اور میرا ایک عورت کے لیے کوئی بات کہنا سو عورتوں سے کہنے کی مثل ہے۔

ان احادیث میں اس بات کی صریح وضاحت ہے کہ عہدِ رسالت میں مسلم خواتین اپنی ضروریات کی بنا پر حجاب اور نقاب کے ساتھ گھروں سے باہر نکلتی تھیں۔ اور آپ نے کبھی کسی نامحرم عورت کے ہاتھ کو نہیں چھوا نہ اس سے مصافحہ کیا۔

عہدِ توریت میں نقاب اور حجاب کا معمول

اسلام سے پہلے دوسرے آسمانی مذاہب میں بھی حجاب اور نقاب کے ساتھ گھروں سے باہر نکلنے کی ہدایت کی جاتی تھی، توریت میں ہے:

اور ربقہ نے نگاہ کی اور اضحاق کو دیکھ کر اونٹ سے اتر پڑی ۔ اور اس نے نوکر سے پوچھا کہ یہ شخص کون ہے جو ہم سے ملنے کو میدان میں چلا آرہا ہے؟ اس نوکر نے کہا یہ میرا آقا ہے۔ تب اس نے برقع لے کر اپنے اوپر ڈال لیا۔[2]

(پیدائش: باب ۲۴، آیت: ۶۴ - ۶۵)

اور تمر کو یہ خبر ملی کہ تیرا خسر اپنی بھیڑوں کی پشم کترنے کے لیے تمنت کو جا رہا ہے ۔ تب اس نے اپنے رنڈاپے کے کپڑوں کو اتار پھینکا اور برقع اوڑھا اور اپنے کو ڈھانکا۔[3]

(پیدائش: باب ۳۸، آیت ۱۴-۱۵)

پھر وہ اٹھ کر چلی گئی اور برقع اتار کر رنڈاپے کا جوڑا پہن لیا۔[4]

(پیدائش: باب ۳۸، آیت ۲۰)

اجنبی مردوں اور عورتوں کو ایک دوسرے کی طرف دیکھنے کی ممانعت کے متعلق قرآن مجید کی آیات

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

قل للمؤمنین یغضوا من ابصارھم ویحفظوا فروجھم ذلك ازكی لھم ان اللہ خبیر بما یصنعون ۝ وقل للمؤمنات یغضضن من ابصارھن ویحفظن فروجھن ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا ولیضربن بخمرھن علی جیوبھن ولا یبدین زینتھن الا لبعولتھن

آپ مسلمان مردوں سے فرما دیں کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں، یہ ان کے لیے زیادہ پاکیزہ طریقہ ہے، بلا شبہ اللہ ان کے سب کاموں سے باخبر ہے۔ اور آپ مسلمان عورتوں سے فرما دیجئے کہ وہ (بھی) اپنی نگاہیں نیچی رکھیں، اور اپنی عفت کی حفاظت کریں اور اپنے بناؤ سنگھار کو ظاہر نہ کریں سوا اس

---

[1] امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ ھ، المصنف ج ۶ ص ۶، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

[2] توریت (پرانا عہدنامہ) ص ۲۴، مطبوعہ پاکستان بائبل سوسائٹی لاہور

[3] توریت (پرانا عہدنامہ) ص ۴۰،

او اٰبآئھن او اٰبآء بعولتھن او ابنآئھن او ابنآء بعولتھن او اخوانھن او بنی اخوانھن او بنی اخواتھن او نسآئھن او ما ملکت ایمانھن او التابعین غیر اولی الاربۃ من الرجال او الطفل الذین لم یظھروا علی عورات النسآء ولا یضربن بارجلھن لیعلم ما یخفین من زینتھن وتوبوا الی اللہ جمیعا ایہ المؤمنون لعلکم تفلحون۔

(نور: ۳۱-۳۰)

چیز کے جو ان سے خود ظاہر ہو، اور اپنے سروں پر اوڑھے ہوئے دوپٹوں کے آنچل اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں، اور اپنی زیبائش صرف ان لوگوں کے سامنے ظاہر کریں، شوہر، باپ، شوہروں کے باپ، اپنے بیٹے، شوہروں کے بیٹے، اپنے بھائی، بھتیجے، بھانجے، مسلمان عورتیں، باندیاں، ایسے نوکر جنھیں عورتوں کی خواہش نہ ہو، اور وہ لڑکے جو عورتوں کی شرم کی باتوں پر مطلع نہیں ہوتے، ______

اور وہ اپنے پاؤں سے اس طرح نہ چلیں جس سے ان کی اس زینت کا لوگوں کو علم ہو جائے جس کو وہ چھپا کر رکھتی ہیں، اور اے مسلمانو تم سب اللہ تعالیٰ کی طرف توبہ کرو تاکہ تم سب فلاح کو پہنچ جاؤ۔

اجنبی مردوں اور عورتوں کو ایک دوسرے کی طرف دیکھنے کی ممانعت کے متعلق احادیث

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

قال ابوھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ کتب علی ابن اٰدم حظہ من الزنا ادرک ذلک لا محالۃ فزنی العین النظر وزنی اللسان النطق والنفس تمنی وتشتھی والفرج یصدق ذلک ویکذبہ۔[1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اولاد آدم پر ان کے زنا کاری کا حصہ لکھ دیا ہے جس کو وہ لا محالہ پائیں گے، آنکھوں کا زنا دیکھنا ہے، زبان کا زنا بولنا ہے، نفس تمنا کرتا ہے اور شہوت کرتا ہے اور اس کی شرمگاہ اس کی تصدیق کرتی ہے یا تکذیب کرتی ہے۔

اس حدیث میں تصریح ہے کہ مردوں کا اجنبی عورتوں کو دیکھنا اور عورتوں کا اجنبی مردوں کا دیکھنا ان کی آنکھوں کا زنا ہے اور زنا حرام ہے اس لیے یہ دیکھنا بھی حرام ہے۔

امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ایاکم والجلوس فی الطرقات قالوا یارسول اللہ مالنا بد من مجالسنا نتحدث فیھا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا راستوں پر بیٹھنے سے اجتناب کرو، صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! راستوں پر

[1] امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۲۳-۹۲۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا ابيتم الا المجلس فاعطوا الطريق حقه قالوا وما حقه قال غض البصر وكف الاذى ورد السلام والامر بالمعروف والنهى عن المنكر۔[1]

بیٹھے بغیر ہمارا گزارا نہیں ہوگا، ہم وہاں بیٹھ کر باتیں کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تمہیں راستوں پر بیٹھنا ہی ہو تو راستوں کا حق ادا کرنا، صحابہ نے پوچھا راستوں کا کیا حق ہے؟ آپ نے فرمایا: نظر نیچی رکھنا، تکلیف دہ چیزوں کو دور کرنا، سلام کا جواب دینا، نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا۔

اس حدیث کو امام بخاری نے بھی روایت کیا ہے۔[2]

نیز امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن جرير بن عبد الله قال سالت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن نظر الفجاءة فامرنى ان اصرف بصرى۔[3]

حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اچانک نظر پڑ جانے کا حکم پوچھا آپ نے مجھے حکم دیا کہ میں نظر ہٹا لوں (یعنی اگر اچانک نظر پڑ جائے تو فوراً ہٹالی جائے۔ سعیدی غفرلہ)

اس حدیث کو امام ترمذی نے بھی روایت کیا ہے۔[4]

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم النظرة سهم مسموم من سهام ابليس من تركها من مخافتى ابدلته ايمانا يجد حلاوته فى قلبه رواه الطبرانى وفيه عبد الله بن اسحاق الواسطى وهو ضعيف۔[5]

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نظر، شیطان کے زہر آلود تیروں میں سے ایک تیر ہے، جس نے میرے خوف سے (پرائی عورت کے) دیکھنے کو ترک کر دیا تو میں اس کے بدلہ میں اس کو ایسا ایمان عطا کروں گا جس کی حلاوت وہ اپنے دل میں محسوس کرے گا۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن بريدة رفعه قال يا على لا تتبع النظرة

حضرت بریدہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

---

[1] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۱۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[2] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۳۳، ج ۲ ص ۹۲۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی
[3] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۱۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[4] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۹۵، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[5] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متو[illegible] الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

النظرۃ فان لک الاولیٰ ولیس لک الاخرۃ [1] نے فرمایا اے علی! ایک نظر کے بعد دوسری نظر مت ڈالو کیونکہ تمہارے لیے پہلی نظر معاف ہے اور دوسری نظر معاف نہیں ہے۔

اس حدیث کو حافظ الہیثمی نے بھی امام احمد کے حوالے سے ذکر کیا ہے۔ [2]

اور امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن ام سلمۃ انھا کانت عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و میمونۃ قالت فبینما نحن عندہ اقبل ابن ام مکتوم فدخل علیہ و ذلک بعد ما امرنا بالحجاب فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احتجبا منہ فقلت یا رسول اللہ الیس ھو اعمی لا یبصرنا ولا یعرفنا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افعمیا وان انتما الستما تبصرانہ ھذا حدیث حسن صحیح۔ [3]

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وہ اور حضرت میمونہ حاضر تھیں، اسی اثناء میں حضرت ابن ام مکتوم آگئے یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب حجاب کے احکام نازل ہو چکے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے پردہ کرو، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا یہ نابینا نہیں ہے، ہم کو یہ دیکھے گا نہ پہچانے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم دونوں بھی نابینا ہو، کیا تم اس کو نہیں دیکھتیں؟ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

اس حدیث کو امام ابو داؤد نے بھی روایت کیا ہے۔ [4]

اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ جس طرح مردوں کے لیے عورتوں کو دیکھنا ناجائز ہے اسی طرح عورتوں کے لیے مردوں کو دیکھنا بھی ناجائز ہے۔

اجنبی عورتوں کی طرف دیکھنے کے جواز کی استثنائی صورتیں

امام رازی شافعی لکھتے ہیں کہ اجنبی عورت کے چہرے کی طرف بغیر کسی غرض صحیح کے دیکھنا جائز نہیں ہے اگر کسی شخص کی نظر اچانک کسی عورت کے چہرے پر پڑ جائے تو وہ اپنی نظریں نیچی کر لے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے قل للمؤمنین یغضوا من ابصارھم۔ اور امام ابو حنیفہ کا قول یہ ہے کہ اگر محل فتنہ نہ ہو تو ایک بار دیکھنا جائز ہے لیکن لگاتار دیکھنا جائز نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ان السمع والبصر والفؤاد کل اولئک کان عنہ مسئولا " سمع، بصر اور دل ان میں سے ہر ایک سے سوال کیا جائے گا" اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک بار کے بعد دوبارہ نظر ڈالنا اور حضرت جابر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اچانک نظر پڑ جانے کے متعلق سوال کیا تو آپ نے انہیں نظر ہٹانے کا حکم دیا اور اس لیے کہ عموماً پہلی

---

[1] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۹۵، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[2] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۸ ص ۶۳، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ
[3] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۹۵، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[4] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابو داؤد ج ۲ ص ۲۱۲، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

بار نظر پڑ جانے سے احتراز کرنا ممکن نہیں ہے اس لیے پہلی نظر معاف ہے خواہ قصداً ہو یا بلا قصد۔
جن اغراض صحیحہ کی بناء پر اجنبی عورت کی طرف دیکھنا جائز ہے۔ وہ حسب ذیل ہیں:

(۱)۔ اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہو تو اس کو دیکھنا جائز ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے تو اس کو دیکھنے میں کوئی گناہ نہیں ہے۔
(۲)۔ خرید و فروخت کے وقت عورت کے چہرے کی طرف دیکھنا جائز ہے تاکہ نزاع کی صورت میں وہ کاندازہ نا سکے کہ اس نے کس عورت کو کیا بیچا تھا۔
(۳)۔ جب کسی عورت کو کسی معاملہ پر گواہ بنایا جائے تو اس کے چہرے کی طرف دیکھنا جائز ہے تاکہ ادائے شہادت کے موقع پر اس کو پہچان سکے۔
(۴)۔ علاج کی غرض سے کسی نیک طبیب کا عورت کے جسم کو دیکھنا جائز ہے۔
(۵)۔ زنا کے واقعہ پر گواہی دینے کے لیے زانیوں کی فرج کی طرف دیکھنا جائز ہے۔
(۶)۔ رضاعت پر گواہی دینے کے لیے عورت کے پستان کی طرف دیکھنا جائز ہے۔
(۷)۔ اگر عورت ڈوب رہی ہو یا جل رہی ہو یا کسی اور حادثہ میں مبتلا ہو تو اس کو بچانے کے لیے اس کے جسم کو دیکھنا اور چھونا جائز ہے۔ [۱]

چہرے کے حجاب پر شبہات اور ان کے جوابات

بعض احادیث بظاہر حجاب کے خلاف ہیں جن میں اجنبی مردوں کے عورتوں کی طرف دیکھنے اور عورتوں کے اجنبی مردوں کی طرف دیکھنے کا ثبوت ہے اسی لیے ہم ان احادیث کی وضاحت کرنا چاہتے ہیں، امام مسلم روایت کرتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اپنی چادر میں چھپائے ہوئے تھے اور میں حبشیوں کی طرف دیکھ رہی تھی درآں حالیکہ وہ (جنگی کھیل) کھیل رہے تھے، میں اس وقت لڑکی تھی، سو چو کہ کم عمر شائقہ لڑکی کے شوق کا کیا عالم ہوگا! [۲]

اس حدیث میں مردوں کے کھیل کی طرف دیکھنے کا جواز ہے، جبکہ مردوں کے بدن کی طرف (پسندیدگی سے) نہ دیکھا جائے۔ اور عورتوں کا اجنبی مرد کے چہرہ کی طرف شہوت سے دیکھنا حرام ہے اور بغیر شہوت کے دیکھنے میں دو قول ہیں اور زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ یہ حرام ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وقل للمومنات یغضضن من ابصارھن "آپ مسلمان عورتوں سے کہہ دیجئے کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں" اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام سلمہ اور حضرت ام حبیبہ (بلکہ حضرت میمونہ) سے فرمایا "تم دونوں تو نابینا نہیں ہو، تم اس سے (یعنی حضرت ابن ام مکتوم سے) پردہ کرو" یہ حدیث حسن ہے اس کو امام ترمذی اور دوسرے ائمہ حدیث نے روایت کیا ہے، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس روایت کے دو جواب ہیں، قوی جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں یہ تصریح نہیں ہے کہ حضرت عائشہ نے ان

---

[۱] ۔ امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ ھ، تفسیر کبیر ج ۶ ص ۳۶۱ - ۳۶۰، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ
[۲] ۔ امام ابو الحسین مسلم بن حجاج قشیری [illegible] مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

کے چہروں اور ہدنوں کی طرف (بالقصد) دیکھا تھا اس حدیث میں صرف یہ ہے کہ حضرت عائشہ نے ان کے کھیل اور ان کی جنگ کی طرف دیکھا تھا اور ان کی جنگی مشقوں کے دیکھنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ حضرت عائشہ نے ان کے بدن کی طرف دیکھا ہو اور اگر بالفرض حضرت عائشہ کی نظر بلا قصد ان کے بدن پر پڑ گئی تو آپ نے فوراً نظر کو ہٹا لیا تھا، دوسرا جواب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے یہ واقعہ احکام حجاب نازل ہونے سے پہلے کا ہو اور تیسرا جواب یہ ہے کہ حضرت عائشہ اس وقت کمسن تھیں اور حد بلوغ کو نہیں پہنچیں تھیں۔ [1]

دوسری حدیث جس سے حجاب کے خلاف شبہ پیش کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ امام بخاری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ ان سے ایک شخص نے سوال کیا آپ عید الفطر یا عید الاضحیٰ کے موقع پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے؟ حضرت ابن عباس نے فرمایا ہاں! اگر میں اس وقت کم سن نہ ہوتا تو حاضر نہ ہوتا! رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (عیدگاہ) گئے اور آپ نے نماز پڑھائی، پھر خطبہ دیا، اور اذان کا ذکر کیا نہ اقامت کا پھر آپ عورتوں کے پاس گئے، ان کو وعظ و نصیحت کی اور ان کو صدقہ دینے کا حکم دیا پھر میں نے دیکھا کہ انھوں نے اپنے کانوں اور گلوں کی طرف ہاتھ بڑھائے اور حضرت بلال کو زیورات دے دیئے۔ [2]

اس حدیث سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ حضرت ابن عباس اور حضرت بلال نے اس موقع پر اجنبی عورتوں کو دیکھا، حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں کہ حضرت ابن عباس کا جواب تو خود اس حدیث میں ہے کہ وہ کم سن تھے، اور حضرت بلال اگرچہ اس وقت آزاد ہو چکے تھے لیکن وہ عورتیں حجاب میں لپٹی ہوئی تھیں اور اس حدیث میں یہ نہیں ہے کہ حضرت بلال نے ان کے چہروں کی طرف دیکھا یا ان کے چہرے کھلے ہوئے اور بے حجاب تھے۔ [3]

ایک اور حدیث جس سے حجاب کے خلاف شبہ پیش کیا جاتا ہے یہ ہے، امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن عبد اللہ بن عباس قال کان الفضل ردیف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجاءت امرأۃ من خثعم فجعل الفضل ینظر الیہا وتنظر الیہ وجعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصرف وجہ الفضل الی الشق الآخر فقالت یا رسول اللہ ان فریضۃ اللہ علی عبادہ فی الحج ادرکت ابی شیخا کبیرا لا یثبت علی الراحلۃ افاحج عنہ قال نعم و ذلک فی

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت فضل بن عباس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سواری پر بیٹھے ہوئے تھے، قبیلہ خثعم کی ایک عورت نے آکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ پوچھا، حضرت فضل اس عورت کی طرف دیکھنے لگے اور وہ عورت حضرت فضل کی طرف دیکھنے لگی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فضل رضی اللہ عنہ کا چہرہ دوسری طرف پھیر دیا، اس عورت نے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر حج فرض کیا ہے، اور

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ا ص ۲۹۲-۲۹۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۸۷۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[3] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۹ ص ۳۳۴ مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

حجۃ الوداع۔ لہ

میرا باپ بہت بوڑھا ہے سواری پر بیٹھ کر حج نہیں کر سکتا کیا میں اس کی طرف سے حج کروں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! اور یہ حجۃ الوداع کا واقعہ ہے۔

بعض علماء نے کہا ہے کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت کے لیے چہرہ پر نقاب ڈالنا اور حجاب کرنا واجب نہیں ہے ورنہ وہ عورت بے پردہ نہ آتی اور اگر آ ہی گئی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو چہرہ چھپانے کا حکم دیتے۔
حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں یہ استدلال صحیح نہیں ہے کیونکہ وہ عورت محرمہ تھی لے، البتہ اس کے برخلاف اس حدیث میں یہ ثبوت ہے کہ اجنبی عورت کے چہرہ کی طرف دیکھنا جائز نہیں ہے، اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے حضرت فضل بن عباس کی گردن پھیر دی، جامع ترمذی میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میں نے جوان مرد اور جوان عورت کو دیکھا اور میں ان پر شیطان (کے حملہ) سے بے خوف نہیں ہوا" اس وجہ سے آپ نے حضرت فضل بن عباس کی گردن کو دوسری طرف پھیر دیا۔ سے اجنبی مردوں اور عورتوں کے ایک دوسرے کی طرف دیکھنے کے معاملہ میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صحابہ کرام پر اعتماد نہیں تھا حالانکہ خوف خدا اور تقویٰ اور پرہیزگاری میں ان کا سب سے اونچا مقام تھا تو پھر بعد کے لوگوں پر کیسے اعتماد کیا جا سکتا ہے اور یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ اگر ان کو شہوت کا خطرہ نہ ہو تو پھر وہ اجنبی عورتوں کو دیکھ سکتے ہیں اس لیے جن بعض فقہاء نے یہ کہا ہے کہ اگر شہوت کا خطرہ نہ ہو تو اجنبی عورت کو دیکھنا جائز ہے، یہ صحیح نہیں ہے، صحیح یہی ہے کہ اجنبی عورتوں کو دیکھنا مطلقاً جائز نہیں ہے البتہ ضرورت کے مواقع اس سے مستثنیٰ ہیں جن کو ہم نے اس سے پہلے تفصیل سے بیان کر دیا ہے، اس لیے اس حدیث پر غور کرنا چاہیے:

فقال العباس یا رسول اللہ لم لویت عنق ابن عمك قال رایت شابا وشابة فلم آمن الشیطان علیهما۔ سکہ

حضرت عباس نے کہا یا رسول اللہ! آپ نے اپنے عم زاد کی گردن کیوں پھیر دی آپ نے فرمایا میں نے جوان مرد اور جوان عورت کو دیکھا اور میں ان پر شیطان (کے حملہ) سے بے خوف نہیں ہوا۔

بعض لوگوں کو یہ شبہ ہوتا ہے کہ قرآن مجید اور احادیث میں غض بصر "نگاہیں نیچی رکھنے کا" حکم دیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ چہرہ چھپانا ضروری نہیں ہے بس نگاہیں نیچی کر لینا کافی ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن مجید میں صرف غض بصر کا حکم نہیں ہے چہرہ چھپانے کا بھی حکم ہے جیسا کہ ہم نے آیات حجاب میں اس کا بیان کر دیا ہے۔ رہا یہ سوال کہ جب عورتوں کو کھلے منہ پھرنے کی اجازت ہی نہیں ہے تو پھر غض بصر کے حکم کی کیا ضرورت ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ عورت کے نقاب اور حجاب میں رہنے کے باوجود ایسے مواقع پیش آ سکتے ہیں جب اچانک کسی مرد

لہ۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۲۰، ج ۱ ص ۲۵۰، ج ۱ ص ۲۰۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی
لہ۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۱ ص ۱۰، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ
سکہ۔ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۵ھ، جامع ترمذی ص ۱۲۹، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
سکہ۔ " " " "

اور عورت کا سامنا ہو جائے، اور ایک باپردہ عورت کو بھی نماز اور حج کے مواقع پر چہرہ کھولنے سے سابقہ پڑجاتا ہے سو ایسے تمام مواقع پر مردوں اور عورتوں دونوں کو نگاہیں نیچی رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

اجنبی مردوں کے سامنے عورت کے چہرہ اور ہاتھ کھولنے کے دلائل کا ایک جائزہ!

متقدمین فقہاء احناف اس کے قائل ہیں کہ اگر فتنہ کا خوف نہ ہو تو اجنبی عورت کے چہرے اور ہاتھوں کی طرف دیکھنا جائز ہے۔ چنانچہ علامہ سرخسی نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ ایک عورت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنے آپ کو (نکاح کے لیے) پیش کیا۔ آپ نے اس کے چہرہ کی طرف دیکھا اور اس میں کوئی رغبت نہیں کی، دوسری دلیل یہ پیش کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے خطبہ میں کہا کہ "بہت زیادہ مہر نہ رکھا کرو" تو ایک سیاہ چہرے والی عورت نے کہا یہ آپ اپنی رائے سے کہہ رہے ہیں یا اس کو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کیونکہ آپ کے قول کے خلاف قرآن مجید میں ہے: واٰتیتم احدٰھن قنطارا فلا تاخذوا منہ شیئا (نساء: ۲۰) "تم ان میں سے کسی کو بہت مال دے چکو تو واپس مت لو" یہ جواب سن کر حضرت عمر حیران رہ گئے، اور کہا ہر شخص کو عمر سے زیادہ دین کا علم ہے حتیٰ کہ گھروں میں رہنے والی عورتوں کو بھی عمر سے زیادہ علم ہے۔ اس واقعہ میں راوی نے کہا ہے کہ وہ سیاہ رخساروں والی عورت تھی اس سے معلوم ہوا کہ اس کا چہرہ کھلا ہوا تھا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کے ہاتھ دیکھے جو رنگے ہوئے نہیں تھے تو آپ نے فرمایا کیا یہ مرد کا ہاتھ ہے، اور جب حضرت فاطمہ نے اپنے کسی ایک بچہ کو حضرت انس یا حضرت بلال کو دیا تو حضرت انس نے حضرت فاطمہ کے ہاتھ کو دیکھ کر کہا گویا یہ چاند کا ٹکڑا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ اجنبی عورت کے چہرے اور ہاتھوں کو دیکھنا جائز ہے اور چہرہ سرمہ لگانے کا محل ہے اور ہاتھ انگوٹھی اور مہندی کا محل ہیں اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا۔ عورتیں اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں سوا اس کے جو از خود ظاہر ہو اور حضرت علی اور حضرت عباس وغیرہ سے منقول ہے کہ اس سے مراد سرمہ اور انگوٹھی ہے اس سے معلوم ہوا کہ چہرہ اور ہاتھ زینت ظاہرہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے زینت باطنہ کو چھپانے کا حکم دیا ہے اور زینت ظاہرہ یعنی چہرہ اور ہاتھوں کو ظاہر کرنے کی اجازت دی ہے اس سے معلوم ہوا کہ عورت کا چہرہ اور ہاتھ واجب الستر نہیں ہیں اور ان کو ظاہر کرنا جائز ہے۔[1]

ہم علامہ سرخسی کی گرد نعلین کو بھی نہیں پہنچتے، فقہ حنفی کی عظیم خدمت کر کے علامہ سرخسی نے جو ملت اسلامیہ پر عظیم احسان کیا ہے اس کے بوجھ سے ہم کبھی سر نہیں اٹھا سکتے، لیکن علامہ سرخسی کے تمام علم و فضل کے باوجود ہم یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ عورت کے چہرے اور ہاتھوں کو ستر سے مستثنیٰ کرنا صحیح نہیں ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مکمل عورت کو بغیر کسی استثناء کے واجب الستر قرار دیا ہے، امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۱۰ ص ۱۵۳-۱۵۲، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال المرأۃ عورۃ فاذا خرجت استشرفہا الشیطان ھذا حدیث حسن صحیح غریب[1]

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت سرتاپا واجب الستر ہے جب وہ گھر سے نکلتی ہے تو شیطان اس کو گردن اٹھا کر دیکھتا ہے، یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

اس حدیث کو امام ابن شیبہ[2] اور الہیثمی نے امام طبرانی کے حوالے سے بھی بیان کیا ہے۔[3]

اور ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا میں جو زینت ظاہری کی تفسیر چہرہ اور ہاتھوں سے کی گئی ہے یہ قطعی نہیں ہے، علامہ ابن جوزی حنبلی نے لکھا ہے کہ زینت ظاہرہ میں سات تفسیریں ہیں۔ (۱) حضرت ابن مسعود سے روایت ہے کہ اس سے مراد کپڑے ہیں (۲) حضرت ابن مسعود سے دوسری روایت ہے کہ اس سے مراد چادر ہے۔ (۳) حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ اس سے مراد سرمہ اور انگوٹھی ہے۔ (۴) حضرت مسور بن مخرمہ سے روایت ہے کہ اس سے مراد کنگن، انگوٹھی اور مہندی کا رنگ ہے (۵) مجاہد سے روایت ہے کہ اس سے مراد سرمہ، انگوٹھی اور مہندی کا رنگ ہے۔ (۶) حسن بصری نے کہا یہ انگوٹھی اور کنگن ہے۔ (۷) ضحاک نے کہا اس سے چہرہ اور ہتھیلیاں مراد ہیں۔[4]

اور جب زینت ظاہری میں اس قدر مختلف اور متضاد آراء ہیں تو ان کی بناء پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صریح ارشاد کو کس طرح چھوڑا جا سکتا ہے، اس لیے صحیح یہی ہے کہ عورت مکمل واجب الستر ہے جس طرح کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے المرأۃ عورۃ اور زینت ظاہرہ سے مراد اس کا لباس ہے۔

ثانیاً بر تقدیر تنزل ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر زینت ظاہرہ سے چہرہ اور ہاتھ بھی مراد ہوں تو چہرہ اور ہاتھ نماز اور احرام کے ستر سے مستثنیٰ ہیں۔ ستر نظر اور حجاب سے مستثنیٰ نہیں ہیں اور ستر اور حجاب میں یہ فرق ہے کہ ستر کا تعلق عورت کے ان اعضاء سے ہے جن کو شوہر کے سوا ہر شخص سے چھپانا واجب ہے خواہ وہ محرم ہو یا اجنبی شخص، اور حج اور نماز ہر حالت میں ان اعضاء کا چھپانا واجب ہے۔ اور حجاب کا تعلق اجنبی مردوں کے لحاظ سے عورت کے پورے جسم کے ساتھ ہے۔ سورۂ نور میں اللہ تعالیٰ نے عورت کے ستر کے احکام بیان کیے اور اس کے بعد سورہ احزاب میں عورت کے حجاب کے احکام بیان کیے اور فرمایا: یدنین علیھن من جلابیبھن ۰ (عورتیں گھروں سے نکلتے وقت) اپنی چادروں کا کچھ حصہ اپنے چہروں پر لٹکائے رہیں"۔ اس صریح آیت میں عورتوں کو چہرہ چھپانے کا قطعی حکم دیا گیا ہے اور مواضع ضرورت کے سوا عورتوں کو اجنبی مردوں کے سامنے چہرہ ظاہر کرنے کی کوئی اجازت نہیں ہے۔

علامہ سرخسی نے عورت کے چہرہ کھولنے کے جواز پر جو یہ حدیث پیش کی ہے کہ ایک عورت نے نکاح کے لیے اپنے آپ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پیش کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھا تو یہ حدیث موضوع بحث سے خارج ہے کیونکہ یہ

---

[1] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۱۸۹، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[2] حافظ ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۲ ص ۳۸۴، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

[3] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۳۵، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

[4] علامہ ابو الفرج عبد الرحمن بن علی بن [illegible] ۳۳۰-۳۳۱، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت

مواضع ضرورت میں ہے اور نکاح کے قصد سے عورت کو دیکھنا جائز ہے اور ایک اثر پیش کیا ہے کہ ایک سیاہ فام عورت نے حضرت عمر سے بات کی اور راوی کا یہ کہنا کہ وہ سیاہ چہرے والی عورت تھی اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا چہرہ کھلا ہوا تھا، اس کا جواب یہ ہے کہ اس اثر کی سند کی حیثیت ہمیں معلوم نہیں ہے اور اگر یہ اثر صحیح بھی ہو تو اس میں یہ قوت نہیں ہے کہ یہ قرآن مجید کی نصوص قطعیہ اور احادیث صحیحہ کی صریح مخالفت کے مزاحم ہو سکے تاہم ہمارے نزدیک اس کی یہ تاویل ہے کہ یہ عورت ان بوڑھی عورتوں میں سے تھی جن کو اللہ تعالیٰ نے حجاب سے مستثنیٰ کر دیا ہے یا سیاہ رخسار اور بدصورت اور غیر مشتہاۃ ہونے کی وجہ سے ان عورتوں میں سے تھی جن سے نکاح کی امید نہیں ہوتی اس وجہ سے یہ حجاب سے مستثنیٰ تھی۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

والقواعد من النساء التی لا یرجون نکاحا فلیس علیھن جناح ان یضعن ثیابھن غیر متبرجات بزینۃ و ان یستعففن خیر لھن۔ (نور: ۶۰)

وہ بوڑھی عورتیں جن کو نکاح کی امید نہیں ہے اگر وہ اپنے (چہرہ ڈھانپنے کے) کپڑے اتار دیں تو ان پر کوئی گناہ نہیں ہے، درآں حالیکہ وہ اپنی زینت دکھانے والی نہ ہوں اور اگر وہ اس سے بچیں (یعنی نقاب نہ اتاریں) تو یہ ان کے لیے بہتر ہے۔

لہٰذا یہ سیاہ فام عورت انہیں عورتوں پر محمول ہے جو بوڑھی ہوں یا بے حد بدصورت ہونے کی وجہ سے نکاح کی امید نہ رکھتی ہوں اور اس کا بے پردہ گھر سے نکلنا موضوع بحث سے خارج ہے۔

علامہ سرخسی نے تیسری دلیل یہ پیش کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کے ہاتھ دیکھے جو رنگے ہوئے نہیں تھے تو آپ نے فرمایا کیا یہ مرد کا ہاتھ ہے۔ علامہ سرخسی نے یہ حدیث پوری بیان نہیں کی، پوری حدیث اس طرح ہے: امام ابوداؤد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے پردے کے پیچھے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ کیا درآں حالیکہ اس کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ کھینچ کر فرمایا مجھے پتا نہیں چلا کہ یہ عورت کا ہاتھ ہے یا مرد کا۔ اس نے کہا یہ عورت کا ہاتھ ہے آپ نے فرمایا اگر تم عورت ہوتیں تو اپنے ناخنوں کو رنگتیں، آپ کی مراد مہندی تھی۔ [1]

یہ حدیث تو عورت کے حجاب اور چہرہ چھپانے کی دلیل ہے کیونکہ اس عورت نے حجاب میں مستور ہو کر آپ کی طرف اشارہ کیا۔

علامہ سرخسی نے ہاتھ کھلا رکھنے کے جواز پر چوتھی دلیل یہ قائم کی ہے کہ حضرت فاطمہ نے اپنا کوئی ایک بچہ حضرت انس یا حضرت بلال کو دیا، حضرت انس نے حضرت فاطمہ کے ہاتھ دیکھ کر کہا گویا یہ چاند کا ٹکڑا ہے۔

حضرت فاطمہ کا نکاح دو ہجری میں ہوا اور ۱۵ رمضان تین ہجری میں حضرت حسن کی ولادت ہوئی اور اس کے نو ماہ بعد چار ہجری میں حضرت حسین کی ولادت ہوئی (اصابہ ج ۸ ص ۳۲۶ - ۳۲۸) اور ظاہر یہ ہے کہ حضرت انس کی گود میں بچہ دینے کا واقعہ تین یا چار ہجری کا ہے اور حجاب کے احکام پانچ ہجری میں نازل ہوئے، لہٰذا اس واقعہ سے بھی اجنبی کے سامنے عورت کے

---

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۲۱۸ مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

ہاتھ کھولنے پر استدلال نہیں ہو سکتا، یہ بھی خیال رہے کہ حضرت انس کی عمر ہجرت کے وقت دس سال تھی اور اس واقعہ کے وقت حضرت انس کی عمر تیرہ یا چودہ سال تھی۔

عورت کے چہرے اور ہاتھوں کو اجنبی مردوں کے سامنے کھولنے کے جواز پر جو زیادہ سے زیادہ دلائل پیش کیے جا سکتے تھے وہ علامہ سرخسی نے پیش کر دیے اور ہم نے ان دلائل کی حقیقت قارئین کے سامنے بیان کر دی ہے اور یہ کہنا کہ عورت کو دیکھنے سے شہوت کا خطرہ نہ ہو تو پھر دیکھنا جائز ہے بالکل غلط اور مردود ہے کیونکہ فیضان نبوت کو بلا واسطہ حاصل کرنے والے صحابہ بھی جب اس خطرہ سے مامون نہیں تھے تو پھر کوئی اور شخص اس خطرہ سے مامون ہونے کا کیسے دعویٰ کر سکتا ہے! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فضل کا چہرہ عورت کی طرف سے پھیر دیا اور فرمایا: "میں ان پر شیطان سے مطمئن نہیں ہوں" اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت فضل پر اطمینان نہیں تھا تو کسی شخص کو بھی اجنبی عورت کی طرف دیکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی نہ کسی عورت کو حجاب سے مستثنیٰ کیا جا سکتا ہے، محققین فقہاء اسلام نے اجنبی عورت کی طرف دیکھنے کو مطلقاً ناجائز کہا ہے خواہ شہوت ہو یا نہ ہو اب ہم قارئین کے سامنے محققین فقہاء اسلام کی عبارات پیش کر رہے ہیں۔

فقہاء حنبلیہ کے نزدیک اجنبی مردوں اور عورتوں کے ایک دوسرے کی طرف دیکھنے اور حجاب کا حکم

حافظ ابن کثیر حنبلی لکھتے ہیں:

ذهب كثير من العلماء الى انه لا يجوز للمرأة النظر الى الرجال الاجانب بشهوة ولا بغير شهوة اصلاً۔ [1]

کثیر علماء کا یہ مذہب ہے کہ عورت کا اجنبی مردوں کی طرف دیکھنا بالکل جائز نہیں ہے خواہ شہوت کے ساتھ دیکھیں یا بغیر شہوت کے۔

علامہ ابن جوزی حنبلی لکھتے ہیں:

ان كان لعذر مثل ان يريد ان يتزوجها او يشهد عليها فانه ينظر فى الحالين الى وجهها خاصة فاما النظر اليها لغير عذر فلا يجوز لا لشهوة ولا لغيرها وسواء فى ذلك الوجه والكفان وغيرهما من البدن۔ [2]

اگر مرد کا کوئی عذر ہو مثلاً وہ کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے یا اس کے خلاف گواہی دینا چاہتا ہے تو دونوں صورتوں میں صرف اس کے چہرے کی طرف دیکھ سکتا ہے اور بغیر عذر کے عورت کی طرف دیکھنا جائز نہیں ہے خواہ شہوت ہو یا نہ ہو، اس میں چہرہ، ہاتھ اور بدن سب برابر ہیں۔

[1] حافظ ابو الفداء عماد الدین ابن کثیر حنبلی متوفی ۷۷۴ھ، تفسیر ابن کثیر ج ۵ ص ۸۸، مطبوعہ دار الاندلس بیروت، ۱۳۸۵ھ
[2] علامہ ابو الفرج عبد الرحمن بن علی بن محمد [illegible] مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:

امام احمد کے ظاہر مذہب کے مطابق مرد کا اجنبی عورت کی طرف بغیر کسی عذر کے دیکھنا جائز نہیں ہے، جب مرد اپنی بیوی کو طلاق دے دے تو وہ اس کے لیے اجنبی ہے اس کے لیے یہ بھی جائز نہیں ہے کہ وہ یہ دیکھے کہ وہ کس طرح کھانا کھا رہی ہے اور قاضی نے یہ کہا ہے کہ چہرے اور ہاتھوں کے علاوہ باقی بدن کو دیکھنا حرام ہے کیونکہ وہ ستر ہے اور اگر شہوت سے مامون ہو تو اس کے چہرے کی طرف دیکھنا کراہت کے ساتھ جائز ہے کیونکہ حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ حضرت اسماء باریک کپڑے پہن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئیں آپ نے ان سے منہ پھیر لیا اور فرمایا: اے اسماء جب عورت بالغ ہو جائے تو اس کا صرف یہ اور یہ دکھائی دینا جائز ہے یہ کہہ کر آپ نے اپنے چہرے اور ہاتھوں کی طرف اشارہ کیا۔

علامہ ابن قدامہ فرماتے ہیں: ہماری دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: واذا سألتموهن متاعا فاسئلوهن من وراء حجاب۔ "جب تم ان سے کسی چیز کا سوال کرو تو پردے کی اوٹ سے سوال کرو" اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہارا مکاتب غلام نصاب کتابت کا مالک ہو جائے تو اس سے پردہ کرو اور حضرت ام سلمہ بیان کرتی ہیں کہ وہ اور حضرت میمونہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھی ہوئی تھیں اس وقت ابن ام مکتوم آگئے تو آپ نے فرمایا اس سے پردہ کرو! اور حضرت جریر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اچانک نظر پڑ جانے کے متعلق پوچھا تو آپ نے مجھے نظر ہٹانے کا حکم دیا، یہ حدیث صحیح ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے علی ایک بار کے بعد دوسری نظر نہ ڈالنا کیونکہ پہلی نظر معاف ہے اور دوسری معاف نہیں ہے، اور نکاح کے ارادہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجنبی عورت کی طرف دیکھنے کی اجازت دی ہے اس سے معلوم ہوا کہ عورت کی طرف دیکھنا مطلقاً مباح نہیں ہے ورنہ اس تخصیص کی کوئی وجہ نہیں ہے، اور حضرت اسماء کی روایت میں کلام ہے اور اگر یہ حدیث صحیح ہو تو یہ احکام حجاب سے پہلے کا حکم ہے۔ [1]

علامہ ابن قیم جوزیہ حنبلی لکھتے ہیں:

یہ کہنا کہ آزاد بوڑھی اور بدصورت عورت کی طرف دیکھنا حرام ہے اور جوان اور خوب صورت باندی کی طرف دیکھنا جائز ہے شریعت پر افتراء ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کو کہاں حرام کیا ہے اور اس کو کہاں جائز کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے تو صرف یہ فرمایا ہے قل للمؤمنين يغضوا من ابصارهم "مسلمان مردوں سے کہو کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں" اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ خوب صورت باندیوں کو تکتے رہو۔ یہ شبہ اس سے پیدا ہوا کہ شریعت نے آزاد عورتوں کو اجنبی مردوں سے چہرہ چھپانے کا حکم دیا ہے اور باندیوں پر یہ واجب نہیں کیا لیکن یہ اجازت گھر میں کام کرنے والی باندیوں کے بارے میں ہے اور جو باندیاں بازاروں میں پھرتی ہیں ان کو چہرہ کھولنے کا کہاں حکم دیا ہے اور مردوں کو انہیں دیکھنے کا کہاں حکم دیا ہے، یہ چیز شریعت پر محض افتراء ہے یہ مغالطہ اس وجہ سے اور پیدا ہوا کہ بعض فقہاء نے یہ کہا ہے کہ آزاد عورت کے چہرے اور ہاتھوں کے سوا تمام جسم واجب الستر (چھپانے کی چیز) ہے، اور باندی کا صرف پیٹ، پشت اور پنڈلیاں واجب الستر ہیں، حالانکہ یہ حکم صرف نماز کے متعلق ہے۔ کیونکہ ستر

---

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۷، ص ۷۷، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

(چھپانے کی چیز) کی دو قسمیں ہیں ایک ستر نماز کا ہے اور ایک ستر نظر کا ہے، آزاد عورت کا نماز میں ستر چہرے اور ہاتھوں کے ماسوا ہے اس لیے وہ چہرے اور ہاتھوں کو کھول کر نماز پڑھ سکتی ہے اور آزاد عورت کا نظر میں ستر پورا جسم ہے اس لیے وہ بازاروں میں اور اجنبی لوگوں کی مجلسوں میں نہیں جا سکتی اور اس کے چہرے اور ہاتھوں سمیت پورے جسم کو اجنبی مردوں کے لیے دیکھنا جائز نہیں ہے۔ [۱]

فقہاء شافعیہ کے نزدیک اجنبی مردوں اور عورتوں کے ایک دوسرے کی طرف دیکھنے اور حجاب کا حکم

قاضی بیضاوی شافعی لکھتے ہیں:

فان کل بدن الحرۃ عورۃ لا یحل لغیر الزوج والمحرم النظر الی شیء منہا الا لضرورۃ کالمعالجۃ وتحمل الشہادۃ۔ [۲]

ہر آزاد عورت کا بدن واجب الستر ہے اور شوہر اور محرم کے سوا عورت کے بدن کے کسی حصہ کو دیکھنا جائز نہیں ہے البتہ ضروریات مستثنیٰ ہیں جیسے علاج اور گواہ بنانے کا معاملہ۔

علامہ ابو اسحاق شیرازی شافعی لکھتے ہیں:

علاج اور گواہی کے لیے اجنبی عورت کی طرف دیکھنا جائز ہے اور بغیر ضرورت کے نہ مرد کے لیے اجنبی عورت کو دیکھنا جائز ہے نہ عورت کے لیے اجنبی مرد کو دیکھنا جائز ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے قل للمؤمنین یغضوا من ابصارھم ویحفظوا فروجھم "آپ مسلمان مردوں سے کہیے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں" اور فرمایا قل للمومنات یغضضن من ابصارھن ویحفظن فروجھن "آپ مسلمان عورتوں سے کہیے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں" اور حضرت ام سلمہ روایت کرتی ہیں کہ وہ اور حضرت میمونہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھی ہوئی تھیں کہ حضرت ابن ام مکتوم آگئے آپ نے فرمایا اس سے پردہ کرو، ہم نے عرض کیا یہ تو نابینا ہے نہیں دیکھتا ہے نہ ہم کو پہچانتا ہے آپ نے فرمایا تم تو نابینا نہیں ہو، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (سواری پر) اپنے پیچھے حضرت فضل بن عباس کو بٹھایا ہوا تھا کہ خثعم کی ایک عورت آئی آپ نے حضرت فضل کی گردن دوسری طرف پھیر دی، حضرت عباس نے پوچھا آپ نے اپنے عم زاد کی گردن کیوں پھیری ہے آپ نے فرمایا میں نے جوان مرد اور جوان عورت کو دیکھا اور ان پر شیطان سے بے خوف نہیں ہوا۔ [۳]

علامہ نووی شافعی لکھتے ہیں کہ متقدمین شافعیہ نے کہا ہے کہ اگر فتنہ کا خوف نہ ہو تو عورت کے چہرے کی طرف

۱۔ علامہ شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن ابی بکر المعروف بابن القیم جوزیہ متوفی ۷۵۱ھ، اعلام الموقعین ج ۲ ص ۲۳-۲۲، مطبوعہ دار الحدیث مصر
۲۔ قاضی ابو الخیر عبد اللہ بن عمر بیضاوی شیرازی متوفی ۶۸۵ھ، انوار التنزیل علی ہامش الخفاجی ج ۶ ص ۳۴۶، مطبوعہ دار صادر بیروت
۳۔ شیخ ابو اسحاق شیرازی متوفی ۴۷۶ھ، المہذب ج ۲ ص ۳۴، مطبوعہ دار الفکر بیروت

دیکھنا مکروہ ہے اور علامہ اصطخری، شیخ ابومحمد، امام اور صاحب مہذب (علامہ شیرازی) نے کہا ہے کہ عورت کے چہرے کی طرف دیکھنا مطلقاً حرام ہے اور امام نے اس کی توجیہ یہ کی ہے کہ تمام مسلمانوں کا اس پر اتفاق ہے کہ عورتوں کا منہ کھول کر باہر نکلنا ممنوع ہے اور عورت کو دیکھنا فتنہ کا محل ہے اور شہوت کا محرک ہے اس لیے شریعت کا تقاضا یہ ہے کہ فتنہ کا سد باب کیا جائے۔ [۱]

فقہاء مالکیہ کے نزدیک اجنبی مردوں اور عورتوں کے ایک دوسرے کی طرف دیکھنے اور حجاب کا حکم

فقہاء مالکیہ کے نزدیک اگر فتنہ کا خوف نہ ہو تو عورت کا چہرہ چھپانا مستحب ہے اور اگر فتنہ کا خوف ہو تو چہرہ چھپانا واجب ہے اور یہی حکم اجنبی عورت کی طرف دیکھنے کا ہے۔

علامہ ابوعبد اللہ ابی مالکی لکھتے ہیں:

علامہ قاضی عیاض مالکی نے بیان کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا العین تزنی "آنکھ زنا کرتی ہے" علماء نے کہا اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ جب عورت بازار میں جائے تو اس پر چہرہ چھپانا واجب نہیں ہے بلکہ مستحب ہے۔ البتہ مرد پر واجب ہے کہ اپنی آنکھیں نیچی رکھے، اور بغیر کسی غرض صحیح کے عورت کی طرف نہ دیکھے مثلاً شہادت کے لیے یا منگنی کے لیے یا علاج کے لیے۔ [۲]

علامہ ابی مالکی اور قاضی عیاض مالکی نے اور دیگر مالکی فقہاء نے اجنبی مردوں کے لیے عورت کے چہرہ چھپانے کے وجوب کے دلائل سے بالکل صرف نظر کر لیا، یہ دلائل ہم سابقہ صفحات میں بیان کر چکے ہیں۔

علامہ دسوقی مالکی لکھتے ہیں کہ اگر کوئی شخص لذت اندوزی کے لیے اجنبی عورت کے چہرے کی طرف دیکھے تو یہ حرام ہے اس صورت میں عورت پر پردہ واجب ہے یا نہیں اس میں دو قول ہیں ایک قول یہ ہے کہ اس پر پردہ واجب ہے اور مشہور یہ ہے کہ واجب نہیں ہے اور علامہ زروق مالکی نے یہ کہا ہے کہ خوب صورت عورت پر پردہ کرنا واجب ہے اور بدصورت عورت پر پردہ کرنا واجب نہیں، مستحب ہے۔ [۳] علامہ قرطبی مالکی نے بھی یہی لکھا ہے کہ خوبصورت عورت پر پردہ واجب ہے اور بدصورت پر نہیں ہے۔ [۴]

فقہاء احناف کے نزدیک اجنبی مردوں اور عورتوں کے ایک دوسرے کی طرف دیکھنے اور حجاب کا حکم

[۱]۔ علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، روضۃ الطالبین وعمدۃ المفتین ج ۷ ص ۲۱، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۴۰۵ھ

[۲]۔ علامہ ابوعبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۳۳۰-۳۲۹، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[۳]۔ علامہ شمس الدین محمد بن عرفہ دسوقی مالکی متوفی ۱۲۳۰ھ، حاشیۃ الدسوقی علی الشرح الکبیر ج ۱ ص ۲۱۴، مطبوعہ دار الفکر بیروت

[۴]۔ علامہ ابوعبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۱۲ ص ۲۲۹، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران ۱۳۸۷ھ

متقدمین فقہاء احناف نے تو یہی لکھا ہے کہ عورت پر اپنا چہرہ چھپانا واجب نہیں ہے، اور اجنبی عورتوں کو بغیر شہوت کے دیکھنا جائز ہے اور شہوت ہو تو دیکھنا حرام ہے جیسا کہ علامہ سرخسی کے حوالے سے گزر چکا ہے لیکن متاخرین فقہاء احناف نے لکھا ہے کہ عورت پر اپنا چہرہ چھپانا واجب ہے اور اس کی طرف دیکھنا مطلقاً جائز نہیں ہے، یہی قرآن اور حدیث کے مطابق ہے۔

علامہ زاہد الکوثری حنفی لکھتے ہیں:

نماز اور حج کے احرام میں عورت کے لیے چہرہ کھولنا جائز ہے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ بلا ضرورت گھر سے منہ کھول کر نکل سکتی ہے، کیونکہ آیت جلباب میں عورت کو چادر سے چہرہ چھپانے کا حکم دیا اور نماز، حج اور دیگر ضروریات مثلاً شہادت وغیرہ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔ اور سنن ابوداؤد میں جو حضرت عائشہ سے چہرہ اور ہاتھوں کے استثناء کی روایت ہے اول تو وہ صحیح نہیں کیونکہ حدیث کو خالد بن دریک نے حضرت عائشہ سے روایت کیا ہے اور اس نے حضرت عائشہ کا زمانہ نہیں پایا اور اس کی سند میں سعید بن بشیر ایک ضعیف راوی ہے اور اس میں بعض مدلسین کا عنعنہ بھی ہے اس کے علاوہ حضرت عائشہ نے خود اس پر عمل کو ترک کر دیا۔ (علامہ ابن قدامہ نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ احکام حجاب نازل ہونے سے پہلے کا حکم ہے۔ سعیدی غفرلہ)

علامہ الکوثری لکھتے ہیں چونکہ قرآن اور احادیث کی نصوص صریحہ سے عورتوں کے حجاب کا حکم ثابت ہے اس لیے زمانہ قدیم سے روئے زمین کے مشرق اور مغرب میں تمام مسلمان عورتیں پردہ کی انتہائی پابندی کرتی ہیں، حجاز، یمن، بلاد فلسطین شام، حلب، عراق، بلاد مغرب، مصر، سوڈان، بلاد فارس، افغان، ہند اور سندھ غرضیکہ تمام روئے زمین پر سفر اور حضر میں تمام مسلمان عورتیں پردہ اور حجاب میں رہتی ہیں، البتہ وہ اقوام مغرب جو اپنی عورتوں کے معاملہ میں بے غیرت ہیں اور جو اپنی بیویوں کو دوسرے مردوں کی بانہوں میں دیکھنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے، ان کا معاملہ جداگانہ ہے۔ سلطان عبدالحمید الثانی سے بعض یورپی محققین نے سوال کیا کہ جب ہے مشرقی عورتیں تمام عمر اپنے گھروں میں پردے کے پیچھے گزار دیتی ہیں اور اجنبی مردوں سے بالکل میل جول نہیں رکھتیں تو سلطان نے فی الفور جواب دیا: اس لیے کہ وہ اپنے شوہروں کے علاوہ کسی اور شخص کا بچہ جننے میں کوئی رغبت نہیں رکھتیں اس جواب کے سننے ہی وہ شخص بالکل خاموش ہو گیا۔[1]

علامہ قہستانی حنفی لکھتے ہیں:

وینظر الرجل من الحرة الاجنبية الى الوجه۔ وهذا فى زمانهم واما فى زماننا فمنع من الشابة۔[2]

مرد آزاد اجنبی عورت کے چہرہ کو دیکھ سکتا ہے۔ یہ حکم فقہاء متقدمین کے زمانہ کے اعتبار سے ہے اور اب جوان عورت کو دیکھنے سے منع کیا جائے گا۔

نیز علامہ قہستانی لکھتے ہیں:

وفيه اشارة الى انه يحل النظر الى وجه الاجنبية الا انه مكروه كما فى ايمان الولوالجى

اس میں یہ اشارہ ہے کہ اجنبی عورت کے چہرے کی طرف دیکھنا کراہت کے ساتھ جائز ہے جیسا کہ ولوالجی

1۔ علامہ محمد زاہد الکوثری حنفی متوفی ۱۳۷۱ھ مقالات الکوثری ص ۲۵۰-۲۳۶ ملخصا، مطبوعہ ایچ، ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی

2۔ علامہ محمد خراسانی قہستانی حنفی متوفی [illegible] نولکشور، ۱۲۹۱ھ

جلد خامس

وهذا اذا لم یکن عن شهوة والا فحرام ۔[1]

کی کتاب الایمان میں ہے یہ اس وقت ہے کہ جب شہوت سے نہ دیکھے اور اگر شہوت سے دیکھے تو حرام ہے۔

علامہ الحصکفی حنفی لکھتے ہیں:

فحل النظر مقید بعدم الشهوة والا فحرام وهذا فی زمانهم واما فی زماننا فمنع من الشابة ۔[2]

اجنبی عورت کی طرف دیکھنے کا جواز عدم شہوت کے ساتھ مشروط ہے اگر شہوت سے دیکھے تو حرام ہے یہ حکم متقدمین کے زمانہ کے اعتبار سے ہے اب جوان عورت کو دیکھنے سے مطلقاً منع کیا جائے گا۔

علامہ شامی نے بھی اس حکم کو برقرار رکھا ہے۔[3]

مذاہب فقہاء کا حاصل خلاصہ یہ ہے کہ امام شافعی اور امام احمد کے نزدیک مرد کا اجنبی عورت کو اور عورت کا اجنبی مرد کو دیکھنا مطلقاً جائز نہیں ہے خواہ شہوت سے ہو یا بغیر شہوت کے اور عورت پر اجنبی مردوں سے اپنے چہرے اور ہاتھوں کو چھپانا واجب ہے اور قرآن مجید اور سنت کی نصوص صریحہ کے مطابق یہی قول صحیح ہے اور امام مالک کے نزدیک شہوت کے اندیشہ سے یا خوبصورت عورت پر حجاب واجب ہے اور جب شہوت نہ ہو یا عورت بدصورت ہو تو عورت پر حجاب مستحب ہے اور امام ابوحنیفہ اور فقہاء متقدمین کے نزدیک عورت پر چہرے اور ہاتھوں کا ستر واجب نہیں ہے البتہ اس کو شہوت سے دیکھنا حرام ہے اور متاخرین فقہاء احناف کے نزدیک عورت کو مطلقاً دیکھنا جائز نہیں ہے اور اس پر پردہ کرنا واجب ہے اور یہی قول صحیح ہے، جیسا کہ ہم قرآن مجید کی آیات اور احادیث صحیحہ سے بصراحت بیان کر چکے ہیں۔

قرآن سنت اور فقہاء اسلام کی آراء کی روشنی میں عورت کی آواز کا حکم اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ولا یضربن بارجلهن لیعلم ما یخفین من زینتهن ۔

اور عورتیں اپنے پاؤں زمین پر مارتی ہوئی نہ چلا کریں کہ اس زینت کا لوگوں کو علم ہو جائے جو انہوں نے چھپا رکھی ہے۔

(نور: ۳۱/۲۴)

علامہ ابوبکر جصاص حنفی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اس آیت میں یہ دلیل ہے کہ عورت کو اتنی بلند آواز کے ساتھ کلام کرنے سے منع کیا گیا ہے جس کو اجنبی مرد سن لیں، کیونکہ پازیب کی آواز سے اس کی اپنی آواز زیادہ فتنہ انگیز ہے، اسی وجہ سے ہمارے فقہاء نے عورت کی اذان کو مکروہ قرار دیا ہے کیونکہ اس میں آواز بلند کرنی پڑتی ہے اور عورت کو آواز بلند کرنے سے منع کیا گیا ہے۔[4]

---

[1] علامہ محمد خراسانی قہستانی حنفی متوفی ۹۶۲ھ، جامع الرموز ج ۳ ص ۳۳۲، مطبوعہ مطبع منشی نولکشور، ۱۲۹۱ھ

[2] علامہ علاؤالدین الحصکفی حنفی متوفی ۱۰۸۸ھ، درمختار علی ہامش ردالمحتار ج ۵ ص ۲۳۵، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ

[3] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ، ردالمحتار ج ۵ ص ۲۳۵، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۰ھ

[4] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی متوفی ۳۷۰ھ، احکام القرآن ج ۳ ص ۳۱۹، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

علامہ شہاب الدین خفاجی حنفی لکھتے ہیں:

علامہ ابن ہمام حنفی نے کہا ہے کہ نوازل میں تصریح ہے کہ عورت کی آواز عورت (واجب الستر) ہے اور اس پر یہ متفرع کیا ہے کہ عورت کا عورت سے قرآن مجید پڑھنا مستحب ہے کیونکہ عورت کی آواز عورت ہے۔ [۱]

علامہ نووی شافعی لکھتے ہیں:

زیادہ صحیح یہ ہے کہ عورت کی آواز عورت نہیں ہے لیکن جب فتنہ کا خوف ہو تو عورت کی آواز کو کان لگا کر سننا حرام ہے اور جب عورت کے دروازے پر دستک دی جائے تو وہ نرم آواز سے جواب نہ دے بلکہ کرخت آواز سے جواب دے۔ [۲]

علامہ ابوعبداللہ حطاب مالکی لکھتے ہیں:

عورتوں کا آواز بلند کرنا مکروہ ہے، عورتوں کا اذان دینا، بلند آواز سے نماز پڑھنا اور بلند آواز سے حج میں الھم لبیک کہنا سب مکروہ ہے، علامہ لخمی نے کہا ہے کہ عورتوں کی اذان ممنوع ہے کیونکہ عورت کی آواز عورت ہے۔ علامہ حطاب مالکی کہتے ہیں کہ علامہ ابن یونس اور علامہ ابن ناجی وغیرہ نے بھی یہی کہا ہے کہ عورت کی آواز عورت ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ عورت کا آواز بلند کرنا عورت ہے کیونکہ صحابہ کرام امہات المومنین اور دیگر صحابیات سے احادیث روایت کرتے تھے۔ [۳]

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:

حضرت اسماء بنت یزید روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "عورتوں پر اذان اور اقامت نہیں ہے" کیونکہ اذان اصل میں خبر دینے کے لیے ہے اور عورتوں کے لیے خبر دینا مشروع نہیں ہے، اور اذان میں آواز بلند کی جاتی ہے اور عورتوں کے لیے آواز بلند کرنا مشروع نہیں ہے۔ [۴]

ہرچند کہ فقہاء شافعیہ کے نزدیک زیادہ صحیح یہ ہے کہ عورت کی آواز عورت نہیں ہے لیکن عورت کا آواز بلند کرنا ان کے نزدیک بھی ناجائز اور حرام ہے، شافعی مفسرین نے زیر بحث آیت کے تحت یہی لکھا ہے۔

امام رازی شافعی لکھتے ہیں:

عورت کو اتنی بلند آواز کے ساتھ کلام کرنے سے منع کیا گیا ہے جس کو اجنبی مرد سن لیں کیونکہ عورت کی اپنی آواز پازیب کی آواز سے زیادہ فتنہ انگیز ہے اسی وجہ سے عورت کو اذان دینے سے منع کیا گیا ہے کیونکہ اذان میں آواز بلند کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور عورت کو آواز بلند کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ [۵]

علامہ بیضاوی شافعی لکھتے ہیں:

---

[۱] علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۲ ص ۳۷۴، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[۲] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، روضۃ الطالبین ج ۷ ص ۲۱، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۴۰۵ھ

[۳] علامہ ابوعبداللہ محمد بن محمد الحطاب مالکی مغربی متوفی ۹۵۴ھ، مواہب الجلیل ج ۱ ص ۴۳۵ مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

[۴] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۱ ص ۲۵۳، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

[۵] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی [illegible] تفسیر کبیر [illegible] مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

پازیب کی آواز سنانے سے منع کرنا عورت کے آواز کو بلند کرنے کی ممانعت پر زیادہ دلالت کرتا ہے۔ [1]

جس طرح قرآن مجید میں عورت کے آواز بلند کرنے کی ممانعت بطور کنایہ اور مبالغہ ہے سو اسی طرح حدیث میں بھی عورت کے آواز بلند کرنے کو کنایہ اور مبالغہ سے منع کیا ہے۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم التصفیق للنساء والتسبیح للرجال۔ [2]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (نماز میں امام کو متنبہ کرنے کے لیے) عورتیں ہاتھ کی پشت پر ہاتھ ماریں اور مرد سبحان اللہ کہیں۔

اس حدیث کو امام مسلم [3] اور امام ابو داؤد نے بھی روایت کیا ہے۔ [4]

نماز میں امام کو متنبہ کرنے کے لیے بلند آواز سے سبحان اللہ کہا جاتا ہے اور چونکہ عورت کا نماز میں آواز بلند کرنا شرعاً ممنوع اور مذموم ہے اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو سبحان اللہ کہنے کی بجائے ہاتھ کی پشت پر ہاتھ مارنے کا حکم دیا ہے۔ علامہ بدرالدین عینی حنفی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

شارع علیہ السلام نے عورت کے سبحان اللہ کہنے کو اس لیے مکروہ قرار دیا ہے کہ اس کی آواز فتنہ ہے اس لیے اس کو اذان، امامت اور نماز میں بلند آواز کے ساتھ قرآن مجید پڑھنے سے منع کیا جاتا ہے۔ [5]

ملا علی قاری حنفی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

عورت کو تصفیق (ہاتھ کی پشت پر ہاتھ مارنے) کا حکم اس لیے دیا ہے کہ اس کی آواز عورت ہے۔ [6]

خلاصہ بحث یہ ہے کہ قرآن مجید میں عورت کو زمین پر پیر مارنے سے منع کیا ہے تاکہ اس کی پازیب کی آواز اجنبی مردوں کو نہ سنائی دے اور حدیث میں عورت کو نماز میں سبحان اللہ کہنے کی بجائے ہاتھ کی پشت پر ہاتھ مارنے کا حکم دیا ہے اس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ عورت کا آواز کو بلند کرنا بھی ممنوع ہے۔ فقہاء احناف کے نزدیک عورت کی آواز عورت ہے۔ اور جس طرح ماسوا ضرورت کے وہ اجنبیوں پر چہرہ ظاہر نہیں کر سکتی اسی طرح وہ بغیر ضرورت کے اجنبی مردوں پر اپنی آواز بھی ظاہر نہیں کر سکتی اور فقہاء مالکیہ، فقہاء حنبلیہ اور فقہاء شافعیہ کے نزدیک عورت کا آواز بلند کرنا ممنوع ہے اور پست اور کرخت آواز کے ساتھ وہ بوقت ضرورت اجنبی مردوں سے کلام کر سکتی ہے۔

1۔ علامہ ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی متوفی ۶۸۵ھ، انوار التنزیل علی ہامش عنایۃ القاضی ج ۶ ص ۳۰۲، مطبوعہ دار صادر بیروت

2۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۶۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۸۱ھ

3۔ امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۱۸۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

4۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۱۳۶، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

5۔ علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۷ ص ۲۷۹، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

6۔ ملا علی سلطان محمد القاری متوفی ۱۰۱۴ھ، مرقات ج ۳ ص ۱۰، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ۱۳۹۰ھ

بوقت ضرورت عورت کا اجنبی مردوں سے کلام کرنے کا جواز

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

واذا سألتموهن متاعا فسئلوهن من وراء حجاب (احزاب: ۵۳)

اور جب تم نبی کی ازواج (مطہرات) سے کسی چیز کا سوال کرو تو پردے کے پیچھے سے سوال کرو۔

اس آیت میں یہ ہدایت ہے کہ مسلمان مرد امہات المؤمنین سے دینی مسائل کا سوال کر سکتے ہیں اور ان پر لازم ہے کہ وہ پردے کے پیچھے اور حجاب کی اوٹ سے یہ سوالات کریں، اس سے معلوم ہوا کہ بوقت ضرورت مسلم خواتین سے بھی پردے کی اوٹ سے سوالات کیے جا سکتے ہیں، لیکن مسلم خواتین پر لازم ہے کہ وہ اجنبی مردوں سے نرم اور لچکدار لہجہ میں بات نہ کریں تاکہ کسی بیمار دل میں غلط خواہش نہ پیدا ہو۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یا نساء النبی لستن کاحد من النساء ان اتقیتن فلا تخضعن بالقول فیطمع الذی فی قلبه مرض وقلن قولا معروفا۔ (احزاب: ۳۲)

اے نبی کی ازواج! تم عام عورتوں کی مثل نہیں ہو اگر تم کو خدا کا خوف ہے تو نرم لہجے میں بات نہ کیا کرو جس سے بیمار دل میں کوئی (بری) خواہش پیدا ہو، صاف اور سیدھی بات کیا کرو۔

ہر چند کہ ان آیات میں امہات المؤمنین کو خطاب ہے لیکن اس کے حکم میں تمام مسلم خواتین شامل ہیں، علامہ ابوبکر رازی حنفی لکھتے ہیں: اس آیت میں یہ دلیل ہے کہ باقی عورتیں بھی اجنبی مردوں سے ایسے لہجہ میں بات نہ کریں جس سے بداطوار شخص کے دل میں بری خواہش پیدا ہو، اور وہ ان کے نرم اور لچک دار لہجہ سے یہ سمجھے کہ وہ اس کی طرف مائل ہیں اور اس میں یہ بھی دلیل ہے کہ عورت گھر میں اتنی بلند آواز سے بات نہ کرے کہ اس کو اجنبی مرد سن لیں اور اس میں یہ دلیل ہے کہ عورت کے لیے اذان دینا ممنوع ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے دوسری آیت میں فرمایا ہے: ولا یضربن بارجلهن لیعلم ما یخفین من زینتهن۔ "اور عورتیں اپنے پاؤں زمین پر مارتی ہوئی نہ چلا کریں کہ اس زینت کا لوگوں کو علم ہو جائے جو انہوں نے چھپا رکھی ہے"، اور جب اس کے پائل کی جھنکار بھی ممنوع ہے تو اس کی آواز تو زیادہ فتنہ انگیز ہے اور جوان عورت کا اپنی آواز سنانا بطریق اولیٰ ممنوع ہے۔[1]

قرآن مجید، احادیث اور فقہاء اسلام کی تصریحات سے یہ واضح ہو گیا کہ جوان عورتوں کا بلاضرورت اجنبی مردوں سے کلام کرنا ممنوع ہے البتہ اگر شوہر یا محرم میسر نہ ہو تو ضروریات زندگی کی خرید و فروخت کے لیے یا علاج معالجہ یا گواہی کی ضرورت ہو یا دینی مسائل معلوم کرنے کی احتیاج ہو تو جوان عورت پردے کی اوٹ سے یعنی چہرے پر نقاب ڈال کر اجنبی مردوں سے گفتگو کر سکتی ہے، البتہ سیر و تفریح اور بلاضرورت خریداری یا تفریحاً گپ شپ کے لیے کسی جوان اور خوبصورت عورت کا اجنبی مردوں سے گفتگو کرنے کا اسلام میں کوئی جواز نہیں ہے۔ اور بوڑھی عورتوں کو چونکہ اسلام نے چہرے سے نقاب اتارنے کی اجازت دی ہے اس لیے ان سے گفتگو کے معاملہ میں بھی اس قدر سختی نہیں ہے۔

---

[1] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی [illegible] مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

عورتوں کو سلام کرنے یا ان کے سلام کا جواب دینے کا شرعی حکم

بوڑھی عورتوں کو ابتداءً سلام کرنا اور ان کے سلام کا جواب دینا دونوں امر جائز ہیں، کیونکہ امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن سهل قال كنا نفرح بيوم الجمعة قلت ولم قال كانت عجوز لنا ترسل الى بضاعة قال ابن مسلمة نخل بالمدينة فتأخذ من اصول السلق فتطرحه فى قدر وتكركر حبات من شعير فاذا صلينا الجمعة انصرفنا نسلم عليها فتقدمه الينا فنفرح من اجله وما كنا نقيل ولا نتغدى الا بعد الجمعة ۔[1]

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم جمعہ کے دن بہت خوش ہوتے تھے راوی نے پوچھا کیوں؟ کہا ایک بوڑھی عورت بضاعہ سے کچھ منگواتی (ابن مسلمہ نے کہا بضاعہ مدینہ منورہ میں کھجوروں کا ایک باغ ہے) وہ بوڑھی عورت چقندروں کو دیگچی میں ڈالتی اور اس میں جو کے دانے بھی پیس کر ڈالتی، جب ہم نماز جمعہ پڑھ کر فارغ ہوتے تو اس کے پاس جا کر اس کو سلام کرتے وہ اس طعام کو پیش کرتی، ہم اس کھانے سے بہت خوش ہوتے تھے اور ہم جمعہ کی نماز کے بعد ہی کھانا کھاتے تھے اور قیلولہ کرتے تھے۔

اس حدیث میں بوڑھی عورت کو صحابہ کے سلام کرنے کا ذکر ہے، سو بوڑھی عورت کو سلام کرنے اور اس کے سلام کا جواب دینے اور اس سے بات چیت میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بوڑھی عورتوں سے حجاب کے احکام میں تخفیف کی ہے اور یہ حدیث اس کے جواز کی دلیل ہے۔

علامہ بدرالدین عینی حنفی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

علامہ ابن بطال نے کہا ہے کہ جوان عورتوں کے علاوہ دیگر عورتوں کو سلام کرنا جائز ہے، کیونکہ جوان عورتوں سے گفتگو کرنے میں نظر کے بہک جانے اور شیاطین کے پھسلانے کا خدشہ ہے۔ یہ قتادہ کا قول ہے اور یہی امام مالک اور دوسرے فقہاء کا مسلک ہے۔ کوفہ کے فقہاء (یعنی فقہاء حنفیہ) نے کہا ہے کہ مرد غیر محرم عورتوں کو سلام نہ کریں۔[2]

علامہ الحصکفی حنفی لکھتے ہیں:

اجنبی عورت سے کلام نہ کرے ہاں اگر بوڑھی عورت ہو تو اس کو چھینک آئے یا وہ سلام کرے تو اس کو چھینک کا اور سلام کا جواب دے اور اگر بوڑھی عورت نہ ہو تو اس سے سلام اور کلام نہ کرے۔[3]

علامہ شامی لکھتے ہیں:

خانیہ میں ہے جب اجنبی عورت کسی مرد کو سلام کرے تو اگر وہ عورت بوڑھی ہو تو مرد اس کو بلند آواز کے ساتھ زبانی جواب

۱؎ امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۲۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

۲؎ علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۲۲ ص ۲۲۵، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

۳؎ علامہ علاؤالدین الحصکفی متوفی ۱۰۸۸ھ، در مختار علی ہامش رد المحتار ج ۵ ص ۲۳۷، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

دے جس کو وہ سن لے اور اگر وہ عورت جوان ہو تو اس کو دل میں جواب دے، اسی طرح جب مرد کسی اجنبی عورت کو سلام کرے تو اب معاملہ برعکس ہوگا (یعنی اگر وہ مرد بوڑھا ہو تو زبانی جواب دے ورنہ دل میں جواب دے۔) اگر مرد کو چھینک آئے اور وہ الحمد للہ کہے تو اگر وہ بوڑھا ہو تو عورت زبان سے جواب دے ورنہ دل سے جواب دے۔ نیز علامہ شامی لکھتے ہیں حدیث میں عورتوں سے غیر ضروری باتیں کرنے کا بھی ثبوت ہے لیکن یہ بوڑھی عورتوں پر محمول ہے کیونکہ راجح یہ ہے کہ عورت کی آواز بھی واجب الستر ہے[۱]

بوڑھی عورت کو سلام کرنے کے جواز اور جوان کو سلام کرنے کے عدم جواز پر حسب ذیل احادیث و آثار سے استدلال کیا جاتا ہے:

امام عبد الرزاق روایت کرتے ہیں:

عن یحیی بن ابی کثیر قال: بلغنی انہ یکرہ ان یسلم الرجال علی النساء والنساء علی الرجال۔[۲]

یحیی بن ابی کثیر کہتے ہیں کہ ہم کو یہ حدیث پہنچی ہے کہ مردوں کا عورتوں کو سلام کرنا اور عورتوں کا مردوں کو سلام کرنا مکروہ ہے۔

عن قتادۃ قال اما امرأۃ من القواعد فلا باس ان یسلم علیہا، واما الشابۃ فلا۔[۳]

قتادہ کہتے ہیں کہ بوڑھی عورت کو سلام کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن جوان عورت کو سلام کرنا جائز نہیں ہے۔

بعض لوگ عورتوں کو سلام کرنے کے جواز پر اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں:

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن اسماء بنت یزید تحدث ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مر فی المسجد یوما وعصبۃ من النساء قعود فالوی بیدہ بالتسلیم واشار عبد الحمید بیدہ ھذا حدیث حسن۔[۴]

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مسجد سے گزرے وہاں عورتوں کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی آپ نے ہاتھ اٹھا کر ان کو سلام کیا، راوی عبد الحمید نے ہاتھ سے اشارہ کرکے بتایا، یہ حدیث حسن ہے۔

امام ابو داؤد روایت کرتے ہیں:

عن اسماء بنت یزید مر علینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی نسوۃ فسلم علینا۔[۵]

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا عورتوں کے پاس گزر ہوا تو آپ نے ہم پر سلام کیا۔

---

[۱] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۵ ص ۲۳۲، مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

[۲] امام عبد الرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۱۰ ص ۳۸۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۰ھ

[۳] " " " " ، المصنف ج ۱۰ ص ۳۸۹،

[۴] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۹۶، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[۵] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث [illegible]، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور

یہ حدیث احکام حجاب نازل ہونے سے پہلے کے واقعہ پر محمول ہے، یا بوڑھی عورتوں پر محمول ہے یا پھر یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے؛ حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں:

علامہ حلیمی نے بیان کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فتنہ سے مامون تھے، پس جس شخص کو اپنے نفس پر سلامتی کا اعتماد ہو وہ سلام کرے ورنہ خاموش رہے۔ [1]

ملا علی قاری لکھتے ہیں:

ابن الملک نے کہا ہے کہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ آپ فتنہ سے مامون تھے، آپ کے علاوہ کسی اور شخص کے لیے اجنبی عورت کو سلام کرنا مکروہ ہے، ہاں ایسی بوڑھی عورت جو فتنہ کا محل نہ ہو اس کو سلام کیا جا سکتا ہے، اگر جوان عورت سلام کرے تو اس کو جواب نہ دیا جائے یہی صحیح قول ہے۔ [2]

خلاصہ یہ ہے کہ جوان عورت کو سلام کرنا یا اس کے سلام کا جواب دینا یا اس سے بلا ضرورت گفت گو کرنا جائز نہیں ہے، اور بوڑھی عورت کو سلام کرنا اس کے سلام کا جواب دینا اور اس سے غیر ضروری گفت گو کرنا جائز ہے، اسی طرح بوڑھی عورت کا جوان مرد سے اور جوان عورت کا بوڑھے مرد سے معاملہ ہے، عورت سے سلام وکلام کی بحث کے بعد اب ہم عورت کے گھر سے نکلنے کے متعلق احکام شرعیہ بیان کریں گے۔ فنقول وباللہ التوفیق وبہ الاستعانۃ یلیق۔

عورتوں کے گھر سے باہر نکلنے کے متعلق قرآن مجید کا حکم

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وقرن فی بیوتکن ولا تبرجن تبرج الجاھلیۃ الاولی۔ (احزاب: ۳۳)

اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور پرانی جاہلیت کی بے پردگی کے ساتھ نہ رہو

لفظ قرن یا قرار سے بنا ہے یا وقار سے یعنی عورتوں سے فرمایا ہے کہ وہ گھروں میں ٹھہری رہیں یا چین اور سکون سے گھروں میں رہیں، دونوں اعتبار سے اس آیت کا منشاء یہ ہے کہ عورت کا اصل دائرہ عمل اس کا گھر ہے اس کو اسی دائرے میں رہ کر سکون سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں اور بغیر شرعی ضرورت کے گھر سے نہیں نکلنا چاہیے، امام بزار اپنی سند کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ عورتوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ساری فضیلت تو مردوں نے لوٹ لی وہ جہاد کرتے ہیں اور راہِ خدا میں بڑے بڑے کام کرتے ہیں ہم کیا عمل کریں جس سے ہمیں بھی مجاہدین کے برابر اجر مل جائے؛ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "تم میں سے جو عورت گھر کے اندر بیٹھے گی وہ مجاہدین کے برابر اجر پائے گی" اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مجاہد میدان جہاد میں اسی وقت دل جمعی کے ساتھ لڑ سکتا ہے جب وہ اپنے گھر کے بارے میں پوری طرح مطمئن ہو کہ اس کی بیوی گھر میں اس کی عزت کی امین ہے اور امور خانہ داری کی صحیح نگہداشت کر رہی ہے اور عورت مرد کو جو یہ اطمینان فراہم کرتی ہے اس وجہ سے وہ بھی مرد کے جہاد میں برابر کی حصہ دار ہے، نیز امام بزار نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ عورت مکمل واجب الستر ہے جب وہ

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۱ ص ۳۲-۳۳، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[2] ملا علی بن سلطان محمد القاری متوفی ۱۰۱۴ھ، مرقات ج ۹ ص ۵۷، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ۱۳۹۰ھ

(گھر سے) نکلتی ہے تو شیطان اس کو تاکتا ہے، اور وہ اللہ کی رحمت سے اس وقت زیادہ قریب ہوتی ہے جب وہ اپنے گھر میں ہو۔[1] اس جگہ یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ جب کسی شرعی ضرورت کے بغیر عورت کا گھر سے نکلنا جائز نہیں ہے تو پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جنگ جمل کے موقع پر گھر سے باہر کیوں نکلی تھیں، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اجتہادی غلطی تھی، انھوں نے اس سے رجوع کر لیا۔ امام ابن سعد نے مسروق سے روایت کیا ہے کہ حضرت عائشہ جب قرآن مجید کی تلاوت کے دوران وقرن فی بیوتکن پر پہنچتی تھیں تو اس قدر روتی تھیں کہ آپ کا دوپٹہ بھیگ جاتا تھا۔[2] نیز امام ابن ابی شیبہ، قیس سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عائشہ کی وفات کا وقت آیا تو آپ نے فرمایا مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے ساتھ دفن کر دو کیونکہ میں نے آپ کے بعد ایک بدعت کا ارتکاب کیا ہے۔[3]

حنبلی مفسرین کے نزدیک عورت کے گھر سے باہر نکلنے کا حکم

حافظ ابن کثیر حنبلی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اس آیت میں عورتوں کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ اپنے گھروں میں پابند رہیں اور بغیر کسی حاجت شرعیہ کے گھر سے باہر نہ نکلیں، حوائج شرعیہ میں سے مسجد میں نماز کے لیے جانا ہے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ کی بندیوں کو اللہ کی مساجد میں جانے سے نہ روکو اور عورتیں خوشبو لگائے بغیر مسجد میں جائیں اور ان کا گھروں میں نماز پڑھنا ان کے لیے زیادہ بہتر ہے" حافظ ابوبکر بزار نے اپنی سند کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عورتوں نے آکر عرض کیا: یا رسول اللہ! زیادتی اجر اور جہاد فی سبیل اللہ کی فضیلت کو تو مرد لے گئے، ہمارے لیے ایسا کون سا عمل ہے جس سے ہم راہ خدا کے مجاہدین کے اجر کو حاصل کر لیں۔ آپ نے فرمایا تم میں سے جو عورت اپنے گھر میں بیٹھے گی وہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے مجاہدین کے اجر کو پالے گی! نیز امام بزار نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت واجب الستر ہے، جب وہ (گھر سے) نکلتی ہے تو اس کو شیطان تاکتا ہے، اس کا اپنے گھر کے اندر بیٹھنا اپنے رب کی رحمت کے حصول کے زیادہ قریب ہے، اور امام ابو داؤد نے روایت کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت کا اپنی کوٹھڑی میں نماز پڑھنا اپنے دالان میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے، الحدیث۔ حافظ ابن کثیر نے تبرج کی یہ تفسیر بیان کی ہے کہ عورت اپنے سر پر دوپٹہ ڈالے اور اس کو لپیٹے نہیں اور اس کا ہار اور دیگر زیورات کھلے ہوئے ہوں یعنی وہ اپنے بناؤ سنگھار کی نمائش کرے۔[4]

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو دو حکم دیے ہیں بلا ضرورت شرعیہ گھر سے باہر نہ نکلیں اور اپنا بناؤ سنگھار اجنبی مردوں پر ظاہر نہ کریں۔

---

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۳۵ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ
[2] امام محمد بن سعد متوفی ۲۳۰ھ، طبقات کبریٰ ج ۸ ص ۸۱، مطبوعہ دار صادر بیروت ۱۳۸۸ھ
[3] حافظ ابو بکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۱۵ ص ۲۶۰، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ
[4] حافظ ابو الفداء عماد الدین ابن کثیر [illegible]، مطبوعہ دار الاندلس بیروت، ۱۳۸۵ھ

مالکی مفسرین کے نزدیک عورت کے گھر سے باہر نکلنے کا حکم اور واقعہ جمل میں حضرت عائشہ کے باہر نکلنے کی وضاحت

علامہ ابو عبد اللہ مالکی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اس آیت میں یہ حکم دیا ہے کہ عورتیں گھروں میں پابند رہیں ہر چند کہ اس آیت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج سے خطاب ہے لیکن دوسری عورتیں اس آیت کے حکم میں معنی داخل ہیں اور تمام عورتیں اس حکم میں کیونکر داخل نہیں ہوں گی جب کہ شریعت نے تمام عورتوں کو گھر میں پابند رہنے کا حکم دیا ہے، اور بغیر ضرورت کے ان کو گھر سے باہر نکلنے کی اجازت نہیں دی، اور تبرج کا معنی یہ ہے کہ وہ اپنا بناؤ سنگھار ظاہر نہ کریں۔

علامہ قرطبی مزید لکھتے ہیں کہ ثعلبی وغیرہ نے ذکر کیا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جب اس آیت کو پڑھتیں تو اس قدر روتیں کہ ان کا دوپٹہ آنسوؤں سے بھیگ جاتا، اور ثعلبی نے یہ ذکر کیا ہے کہ ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ عنہا سے کسی نے کہا آپ حج اور عمرہ کیوں نہیں کرتیں جس طرح آپ کی دیگر بہنیں کرتی ہیں؟ حضرت سودہ نے فرمایا میں حج اور عمرہ کر چکی ہوں اور اللہ تعالیٰ نے مجھے گھر میں ٹھہرنے کا حکم دیا ہے، راوی نے کہا خدا کی قسم حضرت سودہ اپنے گھر کے دروازے سے نہیں نکلیں حتیٰ کہ ان کا جنازہ نکلا۔ علامہ ابن عطیہ نے کہا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایام جمل میں اپنے سفر کے سبب سے رساتی تھیں، جس وقت حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو گھر میں ٹھہرنے کا حکم دیا ہے۔ رافضی حضرت عائشہ پر یہ طعن کرتے ہیں کہ انہوں نے جنگ جمل میں شمولیت کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت کی، حضرت عثمان کے محاصرے کے ایام میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مکہ روانہ ہوئیں تو مروان نے آپ سے کہا اے ام المومنین آپ یہیں ٹھہریے کیونکہ لوگوں میں صلح کرانا آپ کے حج کرنے سے بہتر ہے، علامہ ابن العربی نے کہا ہے کہ فتنہ سے پہلے حضرت عائشہ نے حج کرنے کی نذر مانی تھی اس لیے آپ نے حج کیا تھا اور جنگ جمل میں آپ کی شمولیت کی وجہ یہ تھی کہ لوگوں نے آپ سے مسلمانوں کے قتل عام اور اس عظیم فتنہ کی شکایت کی، اور آپ کی برکت کی طمع میں آپ سے جنگ میں شامل ہونے کی درخواست کی ان کو یہ امید تھی کہ جب آپ لوگوں کے سامنے آئیں گی تو لوگ آپ سے حیا کریں گے، آپ کا بھی یہی گمان تھا اس لیے آپ نے ان کی درخواست منظور کر لی اس وقت آپ کے پیش نظر قرآن مجید کی یہ آیات تھیں:

لاخیر فی کثیر من نجواھم الا من امر بصدقۃ او معروف او اصلاح بین الناس ومن یفعل ذلک ابتغاء مرضات اللہ فسوف نؤتیہ اجرا عظیما۔ (نساء: ۱۱۴)

لوگوں کی خفیہ سرگوشیوں میں (عموماً) کوئی خیر نہیں ہوتی۔ البتہ اگر کوئی پوشیدہ طور پر صدقہ اور خیرات کا حکم دے، یا چپکے سے کسی نیکی کا حکم دے، یا مسلمانوں کے مناقشات میں اصلاح کے لیے کسی سے کچھ کہے (تو یہ اچھی بات ہے) اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لیے ایسا کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو اجر عظیم عطا فرمائے گا۔

اور چونکہ اصلاح بین الناس ایک عظیم الشان عبادت ہے اس لیے حضرت عائشہ میدان میں آئیں کہ ممکن ہے ان کے اس اقدام سے مسلمانوں کے دو گروہوں میں صلح ہو جائے، مسلمان آپ کے مقام کا لحاظ کر کے جنگ سے باز آجائیں لیکن قدرت کو کچھ اور منظور تھا۔

نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وان طائفتان من المؤمنین اقتتلوا فاصلحوا بینھما۔ (حجرات: ۹)

اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں جنگ کریں تو ان میں صلح کرا دو۔

اس آیت میں مسلمانوں کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ صلح کرائیں اور یہ حکم تمام مردوں اور عورتوں کو شامل ہے، اس وجہ سے حضرت عائشہ مسلمانوں میں صلح کرانے کی غرض سے میدان میں آئیں لیکن تقدیر میں صلح نہ ہونا مقدر تھا اور جنگ جاری رہی اور فریقین کا خون بہتا رہا حتیٰ کہ بعض لوگوں نے اس اونٹ کی کونچیں کاٹ دیں جس پر آپ سوار تھیں اور جب اونٹ اپنے پہلو پر گر گیا تو محمد بن ابی بکر نے حضرت عائشہ کو سنبھالا اور ان کو تیس عورتوں کی معیت میں بصرے لے گئے، حضرت علی نے ان کو ٹھہرایا پھر عزت اور احترام کے ساتھ مدینہ پہنچا دیا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مجتہدہ تھیں ان کی نیک نیت اور صالح تھی اور ان کا اجتہاد برحق تھا اور قرآن مجید کی جن آیات میں اجتہاد کر کے وہ میدان میں آئی تھیں اس کی وجہ سے ان کو انشاء اللہ اجر ملے گا اس کے بعد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر منکشف ہو گیا کہ ان کا یہ فیصلہ صحیح نہیں تھا اس لیے وہ اس پر ہمیشہ نادم رہیں اور جب اس آیت کی تلاوت کرتیں تو بے اختیار روتی تھیں۔[1]

شافعی مفسرین کے نزدیک عورت کے گھر سے باہر نکلنے کا حکم

امام رازی شافعی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

قرن کا لفظ قرار یا وقار سے ماخوذ ہے یعنی عورتیں گھروں میں پابند رہیں، اور تبرج کی ممانعت سے یہ مراد ہے کہ اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں۔[2]

علامہ خازن شافعی لکھتے ہیں:

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے کہ عورتیں اپنے گھروں میں پابند رہیں اور تبرج کی ممانعت سے یہ مراد ہے کہ اجنبی مردوں کے سامنے اپنی زینت اور محاسن کو ظاہر نہ کریں۔[3]

حنفی مفسرین کے نزدیک عورت کے گھر سے باہر نکلنے کا حکم اور واقعہ جمل میں حضرت عائشہ کے باہر نکلنے کی وضاحت

---

[1] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۱۴ ص ۱۸۲-۱۸۱، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران
[2] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی شافعی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ۶ ص ۶۰۸، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ
[3] علامہ علی بن محمد خازن شافعی متوفی [illegible]، مطبوعہ دار الکتاب العربیہ پشاور

علامہ آلوسی حنفی لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کو گھروں میں پابند رہنے کا حکم دیا ہے اور باقی عورتوں سے بھی یہی مطلوب ہے کیونکہ امام ترمذی اور امام بزار نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت واجب الستر ہے جب وہ گھر سے نکلتی ہے تو شیطان اس کو تاکتا ہے اور وہ اپنے رب کی رحمت کے اس وقت زیادہ قریب ہوتی ہے، جب وہ اپنے گھر کے اندر ہو، نیز امام بزار نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عورتوں نے حاضر ہو کر کہا مرد فضیلت اور جہاد فی سبیل اللہ کے اجر کو لے گئے ہمارے لیے بھی ایسا کوئی عمل ہے جس سے ہم اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے مجاہدین کے اجر کو حاصل کر لیں؟ آپ نے فرمایا تم میں سے جو عورت اپنے گھر کے اندر بیٹھے گی وہ راہ خدا میں جہاد کرنے والے مجاہدوں کے اجر کو پالے گی، عورتوں پر (بلا ضرورت) گھر سے باہر نکلنا حرام ہے اور گناہ کبیرہ ہے، اگر عورتیں زیارت قبور کے لیے جائیں تو اس کا فساد زیادہ ہے، اور اگر وہ معطر اور مزین ہو کر مساجد میں جائیں تو یہ مکروہ ہے، البتہ عورتوں کے لیے حج اور والدین کی زیارت، بیماروں کی عیادت اور رشتہ داروں کی تعزیت کے لیے جانا جائز ہے اور اس کے لیے حجاب اور دیگر شرائط کی پابندی ضروری ہے۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ شیعہ نے اس آیت سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر طعن کیا ہے کہ وہ مدینہ سے مکہ کی طرف گئیں اور مکہ سے بصرہ گئیں اور وہیں پر واقعہ جمل پیش آیا، وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ازواج مطہرات کو گھر میں ٹھہرنے کا حکم دیا تھا اور گھر سے نکلنے سے منع فرمایا تھا اور حضرت عائشہ نے اس حکم کی مخالفت کی، اس کا جواب یہ ہے کہ گھر کے اندر رہنے کا حکم مطلقاً ہے نہ گھر سے باہر نکلنے کی ممانعت مطلقاً ہے، اگر یہ ممانعت مطلقاً ہوتی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت کے نازل ہونے کے بعد ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کو حج، عمرہ اور غزوات میں اپنے ساتھ نہ لے جاتے اور ان کو والدین کی زیارت، بیماروں کی عیادت اور رشتہ داروں کی تعزیت کی اجازت نہ دیتے، اور یہ تمام امور احادیث صحیحہ سے ثابت ہیں اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کے سوا دیگر ازواج مطہرات نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حج کیا اور حضرت علی اور دیگر صحابہ میں سے کسی نے اس پر اعتراض نہیں کیا، اور حدیث صحیح میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کے نازل ہونے کے بعد فرمایا: تمہیں اپنی ضرورت کی بنا پر گھر سے باہر نکلنے کی اجازت ہے اس سے معلوم ہوا کہ ازواج مطہرات کو گلیوں اور بازاروں میں گھومنے سے منع کیا ہے اور حج یا کسی اور دینی مصلحت کی بناء پر ستر اور حجاب کے ساتھ ان کا گھر سے باہر نکلنا ممنوع نہیں ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مدینہ سے مکہ حج کے لیے گئی تھیں جیسا کہ حضرت ام سلمہ اور حضرت صفیہ بھی حج کے سبب جا چکی تھیں، مکہ میں جانے کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عثمان کے قتل کی خبر سنی اور یہ معلوم ہوا کہ قاتلین عثمان حضرت علی کے پاس جمع ہو گئے ہیں، اس سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بہت شدید رنج ہوا اور انہوں نے یہ سمجھ لیا کہ اب مسلمانوں کی جمعیت ٹوٹ جائے گی اور ان میں فتنہ اور فساد برپا ہوگا۔ اسی اثناء میں حضرت طلحہ حضرت زبیر، حضرت کعب بن عجرہ اور دیگر معزز صحابہ قاتلین عثمان کے برپا کیے ہوئے فتنوں کے سبب مدینہ منورہ سے بھاگ کر مکہ مکرمہ آگئے، کیونکہ انہوں نے دیکھا کہ قاتلین عثمان اپنے اس فعل قبیح پر بہت فخر کر رہے تھے، اور انہوں نے

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو برسر عام برا بھلا کہنا شروع کر دیا تھا، جس کی وجہ سے ان صحابہ کرام کے دل بہت آزردہ ہوتے تھے اور جب ان صحابہ نے یہ دیکھا کہ وہ ان لوگوں کو اس برائی سے روکنے پر قادر نہیں ہیں تو وہ مکہ میں حضرت ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پناہ میں آ گئے، انھوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ان تمام حالات اور واقعات سے مطلع کیا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا میرے نزدیک مصلحت اس میں ہے کہ تم لوگ اس وقت تک مدینہ منورہ واپس نہ جاؤ جب تک ظالم حضرت امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ کی مجلس کو گھیرے ہوئے ہیں اور حضرت علی ان لوگوں کو اپنی مجلس سے دور کرنے اور حضرت عثمان کا قصاص لینے پر قادر نہیں ہیں سو تم اس عرصہ کسی اور شہر میں قیام کرو اور اس وقت کا انتظار کرو جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قوت اور شوکت حاصل ہو اور وہ ان لوگوں سے انتقام لے سکیں، ان صحابہ نے اس رائے کو پسند کیا اور انھوں نے بصرہ جانے کی تجویز پیش کی کیونکہ وہاں لشکر اسلام کی چھاؤنی تھی اور انھوں نے حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی شدید اصرار کیا کہ وہ بھی ان کے ساتھ بصرہ چلیں اور جب تک فتنہ دور نہیں ہو جاتا ان کے ساتھ بصرہ میں رہیں، ان کا خیال تھا کہ بصرہ میں حضرت عائشہ کا زیادہ احترام ہوگا، حضرت عائشہ مصلحت وقت اور ان صحابہ کی حفاظت کے خیال سے بصرہ روانہ ہو گئیں، آپ کے ساتھ آپ کے بھانجے حضرت عبد اللہ بن زبیر اور ان کے علاوہ دیگر بھانجے بھی تھے جو حضرت ام کلثوم زوجہ طلحہ اور حضرت اسماء زوجہ زبیر کے بیٹے تھے بلکہ اس سفر میں جو بھی آپ کے ساتھ تھے وہ سب آپ کے محرم اور آپ کے روحانی فرزند تھے، آپ لوہے کے ایک ہودج میں سوار تھیں۔

قاتلین عثمان نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بصرہ جانے کی خبر کو توڑ مروڑ کر پیش کیا اور یہ ظاہر کیا کہ یہ لوگ آپ کے خلاف جنگ کرنے جا رہے ہیں اور حضرت علی کو ان پر حملہ کرنے اور ان کو سزا دینے پر برانگیختہ کیا، اس کے برخلاف حضرت حسن، حضرت حسین، حضرت عبد اللہ بن جعفر، حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم نے یہ مشورہ دیا کہ ان پر اس وقت تک حملہ نہ کیا جائے جب تک کہ صورت حال پوری طرح واضح نہ ہو جائے، حضرت علی نے اس رائے سے اتفاق نہیں کیا اور تقدیر کا لکھا ہوا پورا ہو کر رہا، حضرت علی روانہ ہوئے درآں حالیکہ آپ کے ساتھ یہ تمام اشرار اور اہل فتنہ تھے۔ جب آپ بصرہ کے قریب پہنچے تو آپ نے قعقاع کو حضرت ام المؤمنین، حضرت طلحہ اور حضرت زبیر کے پاس بھیجا تاکہ وہ ان کے عزائم معلوم کر کے حضرت امیر المؤمنین کو بتلائیں، قعقاع نے حضرت ام المؤمنین سے کہا اے ام المؤمنین آپ کس مقصد سے اس شہر میں آئی ہیں؟ آپ نے فرمایا اے بیٹے! میں لوگوں میں صلح کرانے آئی ہوں! پھر آپ نے قعقاع کو حضرت طلحہ اور حضرت زبیر کے پاس بھیج دیا، قعقاع نے ان سے پوچھا مجھے بتلاؤ کہ صلح کا کیا طریقہ ہوگا؟ ان دونوں نے کہا کہ قاتلین عثمان پر حد قائم کی جائے اور ان کے وارثوں کے دلوں کو ٹھنڈا کیا جائے اس سے امن قائم ہوگا اور ان کو سزا دینا بعد کے لوگوں کے لیے عبرت کا سبب ہوگا، قعقاع نے کہا یہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ تمام مسلمان متفق اور متحد نہ ہو جائیں اور امن اور سکون قائم نہ ہو جائے سو تم اس وقت تک انتظار کرو، ان دونوں نے کہا تم نے ٹھیک کہا اور بجا فیصلہ کیا، قعقاع حضرت امیر المؤمنین کے پاس واپس آئے اور ان کو اس جواب سے مطلع کیا، حضرت علی یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور اپنے ساتھیوں سے واپسی کے لیے کہا اور تین دن ٹھہرے تاکہ صلح کے معاملہ میں کسی کو شک نہ رہے، چوتھے دن کی رات تھی جس کی حضرت طلحہ حضرت زبیر کی حضرت [illegible]

پر یہ صلح بہت گراں تھی اور وہ بہت مضطرب اور بے چین تھے ان کو اپنا انجام صاف نظر آرہا تھا انھوں نے یہ سازش کی کہ حضرت علی کی طرف سے اچانک حضرت عائشہ کے ساتھیوں پر حملہ کر دیا جائے تاکہ یہ ظاہر ہو کہ حضرت علی نے دھوکا دیا اور عہد شکنی کی پھر وہ حضرت علی کے لشکر پر حملہ کریں گے اور لوگ یہ گمان کریں گے کہ انھوں نے عہد شکنی کی ہے' پھر ان میں جنگ چھڑ جائے گی سو انھوں نے اس سازش کے مطابق کارروائی کی، پھر حضرت عائشہ کے ساتھیوں نے حضرت علی کے لشکر پر حملہ کر دیا اور ان قاتلوں نے شور مچایا کہ حضرت عائشہ کے ہمراہیوں نے عہد شکنی کی ہے اور پھر جنگ چھڑ گئی اس واقعہ کو طبری اور جمہور ثقہ مؤرخین نے اسانید متعددہ کے ساتھ حضرت حسن، حضرت عبداللہ بن جعفر اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے روایت کیا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پہلی بار جو گھر سے نکلیں تو اپنے محارم کے ساتھ حج کے لیے گئی تھیں، اس پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا، اور دوسری بار جب آپ مکہ سے بصرہ گئی تھیں تو آپ مسلمانوں کی صلح کے قصد سے گئی تھیں اور مسلمانوں میں صلح کرانا نفلی حج سے کم نہیں ہے اور اس سفر میں جو کچھ پیش آیا وہ حضرت عائشہ کے وہم و گمان میں نہیں تھا اس کے باوجود حضرت عائشہ کو اپنے سفر پر انتہائی ندامت رہی، روایت ہے کہ آپ ایام جمل کو یاد کر کے اس قدر روتی تھیں کہ آپ کا دوپٹہ بھیگ جاتا تھا بلکہ عبداللہ بن احمد نے زوائد زہد میں اور ابن منذر، ابن ابی شیبہ اور ابن سعد نے مسروق سے روایت کیا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جب وقرن فی بیوتکن کی تلاوت کرتیں تو آپ کا دوپٹہ آنسوؤں سے بھیگ جاتا، کیونکہ اس آیت کو پڑھنے سے آپ کو وہ واقعہ یاد آتا جب دونوں طرف سے بہت سارے مسلمان شہید ہو گئے تھے، اسی طرح حضرت علی بھی اس حادثہ پر افسوس کرتے تھے کیونکہ جنگ کے بعد جب حضرت علی نے طرفین کی لاشیں دیکھیں تو افسوس سے اپنے زانو پر ہاتھ مارتے اور کہتے کاش میں اس سے پہلے مر جاتا اور بھولا بسرا ہو جاتا!۔

حضرت عائشہ جو اس آیت کو پڑھ کر روتی تھیں اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بشمول حضرت عائشہ اپنی ازواج مطہرات سے فرمایا تم میں سے کسی ایک پر حوأب کے کتے بھونکیں گے، حضرت عائشہ نے بصرہ روانگی کے وقت یہ نہیں پوچھا تھا کہ راستہ میں مقام حوأب آئے گا یا نہیں، حتی کہ راستہ میں ایک جگہ پانی کے پاس کتے بھونکنے لگے، آپ نے محمد بن طلحہ سے پوچھا اس پانی کا کیا نام ہے؟ انھوں نے کہا حوأب، آپ کو وہ حدیث یاد آگئی اور آپ نے فرمایا مجھے واپس لے چلو اور آپ نے آگے روانہ ہونے سے انکار کیا اور واپسی کا قصد کیا لیکن آپ کے ہمراہیوں میں سے اکثریت اس سے متفق نہیں ہوئی اور جو ہونا تھا وہ ہو کر رہا، پس حضرت عائشہ اس لیے افسوس کرتی تھیں کہ انھوں نے روانہ ہونے سے پہلے یہ معلوم کیوں نہ کر لیا کہ راستہ میں مقام حوأب آئے گا یا نہیں۔ [1]

عورتوں کے گھر سے باہر نکلنے کی ممانعت کے متعلق احادیث

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

[ے] امام محمد بن سعد متوفی ۲۳۰ھ، طبقات کبریٰ ج ۸ ص ۸۱، مطبوعہ دار صادر بیروت ۱۳۸۸ھ

[ے] حافظ ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ المصنف ج ۱۵ ص ۲۶۰-۲۵۹، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۲ھ

[1] علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ روح المعانی ج ۲۲ ص ۱۱، ملخصاً محذراً، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال المرأۃ عورۃ وانہا اذا خرجت استشرفہا الشیطان وانہا اقرب ما تکون الی اللہ وہی فی قعر بیتہا رواہ الطبرانی فی الکبیر ورجالہ موثقون [1]

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت واجب الستر ہے جب وہ گھر سے نکلتی ہے تو شیطان اس کو تاکتا ہے، وہ اپنے رب کی رحمت کے اس وقت زیادہ قریب ہوتی ہے جب وہ اپنے گھر کی کوٹھڑی میں ہو۔

اس حدیث کو امام ترمذی نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

نیز امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن ابی موسٰی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کل عین زانیۃ والمرأۃ اذا استعطرت فمرت بالمجلس فہی کذا وکذا یعنی زانیۃ وہذا حدیث حسن صحیح۔ [3]

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر آنکھ زناکار ہے اور جب کوئی عورت خوشبو لگا کر کسی مجلس سے گذرے تو وہ ایسی ایسی ہے یعنی زناکار ہے، یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

امام نسائی روایت کرتے ہیں:

عن الاشعری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایما امرأۃ استعطرت فمرت علی قوم لیجدوا من ریحہا فہی زانیۃ [4]

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت خوشبو لگا کر لوگوں کے پاس سے گذرے تاکہ انہیں اس کی خوشبو آئے وہ زانیہ ہے۔

اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ [5]

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن عبد اللہ بن مسعود قال انما النساء عورۃ وان المرأۃ لتخرج من بیتہا وما بہا من باس فیستشرفہا الشیطان فیقول انک لا تمرین باحد الا اعجبتہ وان المرأۃ لتلبس

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ عورتیں واجب الستر ہیں جو عورت اپنے گھر سے بلا حجاب نکلتی ہے شیطان اس کو تاکتا ہے اور کہتا ہے تو جس شخص کے پاس سے بھی گزرے گی اس کے دل

---

[1] ۔ حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۳۵، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

[2] ۔ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۱۸۹، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[3] ۔ " " " جامع ترمذی ص ۳۹۶، " "

[4] ۔ امام ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ، سنن نسائی ج ۲ ص ۲۴۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[5] ۔ امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد [illegible]

ثيابها فيقال اين تريدين فتقول اعود مريضا او اشهد جنازة او اصلى فى مسجد وما عبدت امرأة ربها مثل ان تعبد فى بيتها رواه الطبرانى فى الكبير ورجاله ثقات [1]

کو لیمالے گی، اور عورت اپنے کپڑے پہن کر نکلتی ہے اس سے کہا جاتا ہے تم کہاں جارہی ہو، وہ کہتی ہے میں بیمار کی عیادت کرنے جارہی ہوں یا جنازہ پڑھنے جارہی ہوں یا مسجد میں نماز پڑھنے جارہی ہوں، اور عورت کے گھر میں نماز پڑھنے کی مانند اس کی کوئی عبادت نہیں ہے اس حدیث کو امام طبرانی نے معجم کبیر میں روایت کیا ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

اوائل اسلام میں زخمیوں کی تیمار داری اور بیماروں کو پانی پلانے کے لیے عورتیں حجاب کے ساتھ غزوات میں شریک ہوتی تھیں لیکن بعد میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو غزوات میں جانے سے منع کر دیا۔

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن ام كبشة انها قالت يا رسول الله اتأذن ان اخرج فى جيش كذا وكذا قال لا قالت يا رسول الله انه ليس اريد ان اقاتل انما اريد ان اداوى الجرحى والمرضى او اسقى المرضى قال لولا ان تكون سنة ويقال فلانة خرجت لاذنت لك ولكن اجلسى، رواه الطبرانى فى الكبير والاوسط ورجالها رجال الصحيح۔ [3]

حضرت ام کبشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں انھوں نے کہا یا رسول اللہ! کیا آپ مجھے فلاں فلاں لشکر میں جانے کی اجازت دیتے ہیں، آپ نے فرمایا نہیں! انھوں نے کہا یا رسول اللہ میرا لڑنے کا ارادہ نہیں ہے میں تو صرف زخمیوں اور بیماروں کو دوا دوں گی یا بیماروں کو پانی پلاؤں گی، آپ نے فرمایا اگر مجھے یہ خدشہ نہ ہوتا کہ آگے چل کر یہ چیز امر شرعی بن جائے گی اور اس سے یہ استدلال کیا جانے لگے گا کہ فلاں عورت جہاد میں گئی تھی تو میں تم کو اجازت دے دیتا لیکن تم اپنے گھر میں بیٹھو، اس حدیث کو امام طبرانی نے کبیر اور اوسط میں روایت کیا ہے اور اس کے راوی صحیح ہیں۔

مساجد میں عورتوں کے جانے کے متعلق احادیث

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابن عمر عن النبى صلى الله عليه وسلم

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی

---

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۳۵ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

[2] حافظ ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۲ ص ۳۸۴ مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

[3] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۳۲۳-۳۲۴ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

قال اذا استأذنکم نساءکم باللیل الی المسجد فاذنوا لھن۔ [1]

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہاری عورتیں رات کو مسجد میں جانے کی اجازت مانگیں تو ان کو اجازت دے دو۔

اس حدیث میں رات کو اجازت دینے کا حکم دیا ہے۔ اس سے علی الاطلاق عورتوں کو مسجد میں جانے کی اجازت دینے کا ثبوت لازم نہیں آتا۔

امام بزار اپنی سند کے ساتھ بیان کرتے ہیں:

عن زید بن خالد قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تمنعوا اماء اللہ مساجد اللہ ولیخرجن وھن تفلات۔ [2]

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی بندیوں کو اللہ کی مساجد میں جانے سے منع نہ کرو، عورتوں کو چاہیے کہ وہ بغیر خوشبو لگائے جائیں۔

ہر چند کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے وقت خوشبو لگائے بغیر عورتوں کو مسجدوں میں جانے کی اجازت دی ہے، لیکن آپ نے عورتوں کے گھر میں نماز پڑھنے کو ترجیح دی ہے جیسا کہ حسب ذیل احادیث سے واضح ہوتا ہے۔

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن ام سلمۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال خیر مساجد النساء قعر بیوتھن رواہ احمد وابویعلی۔ [3]

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورتوں کی بہترین مسجد ان کے گھروں کا اندرونی حصہ ہے۔

عن ام حمید قالت قلت یا رسول اللہ یمنعنا ازواجنا ان نصلی معک ونحب الصلوٰۃ معک فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوٰتکن فی بیوتکن افضل من صلاتکن فی حجرکن وصلاتکن فی حجرکن افضل من صلاتکن فی دورکن وصلاتکن فی دورکن افضل من صلاتکن فی الجماعۃ رواہ الطبرانی فی الکبیر وفیہ ابن لھیعۃ وفیہ کلام۔ [4]

ام حمید بیان کرتی ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمارے شوہر ہم کو آپ کے ساتھ نماز پڑھنے سے روکتے ہیں اور ہم آپ کے ساتھ نماز پڑھنا چاہتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا گھروں میں نماز پڑھنا بیرونی کمروں میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے، اور تمہارا بیرونی کمروں میں نماز پڑھنا حویلیوں میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور تمہارا حویلیوں میں نماز پڑھنا جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۱۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، کشف الاستار ج ۱ ص ۲۲۲، مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۴ھ

[3] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۳۳، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

[4] " " " " " "

امام ابن ابی شیبہ نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ [۱]

امام ابو داؤد روایت کرتے ہیں:

عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال صلوٰۃ المرأۃ فی بیتہا افضل فی حجرتہا وصلاتہا فی مخدعہا افضل من صلوتہا فی بیتہا۔ [۲]

حضرت عبد اللہ بن مسعود بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت کا اپنے گھر میں نماز پڑھنا حویلی میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور کوٹھڑی میں نماز پڑھنا گھر میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن سلیمان ابن ابی حثمۃ عن امہ قالت رایت النساء القواعد یصلین مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المسجد رواہ الطبرانی فی الکبیر وفیہ عبد الکریم بن مخارق وھو ضعیف۔ [۳]

سلیمان بن ابی حثمہ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں وہ کہتی ہیں کہ میں نے دیکھا بوڑھی عورتیں مسجد میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتی تھیں۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن عائشۃ قالت لو ادرک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما احدثت النساء لمنعھن المسجد کما منعت نساء بنی اسرائیل فقلت لعمرۃ اومنعن قالت نعم۔ [۴]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا عورتوں نے جو (بناؤ سنگھار) اب ایجاد کیا ہے اگر اس کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دیکھ لیتے تو عورتوں کو مسجد میں جانے سے اس طرح روک دیتے جس طرح بنو اسرائیل کی عورتوں کو مسجد میں جانے سے روک دیا گیا تھا۔ راوی نے عمرہ سے پوچھا: کیا ان کو روک دیا گیا تھا؟ فرمایا: ہاں!

اس حدیث کو امام عبد الرزاق نے بھی روایت کیا ہے۔ [۵]

---

[۱] حافظ ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۲ ص ۳۸۴، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

[۲] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابو داؤد ج ۱ ص ۸۴، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[۳] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۳۴، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

[۴] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۲۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[۵] امام عبد الرزاق بن ہمام متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۳ ص ۱۵۰، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

مساجد میں عورتوں کے جانے کے متعلق فقہاء حنبلیہ کا نظریہ

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: عورتوں کا مردوں کے ساتھ نماز پڑھنے کے لیے جانا جائز ہے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عورتیں نماز پڑھتی تھیں درآں حالیکہ وہ چادروں میں لپٹی ہوئی ہوتی تھیں اور اندھیرے میں ان کو پہچانا نہیں جاتا تھا اور امام ابوداؤد نے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی بندیوں کو مسجد میں جانے سے نہ روکو اور وہ بغیر خوشبو لگائے نماز کے لیے جائیں، نیز امام ابوداؤد نے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی بندیوں کو مسجد میں جانے سے نہ روکو اور ان کا گھروں میں نماز پڑھنا زیادہ بہتر ہے اور امام ابوداؤد نے روایت کیا کہ عورتوں کا گھر میں نماز پڑھنا' حویلی میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور کوٹھڑی میں نماز پڑھنا گھر میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔ [1]

امام احمد بن حنبل کے اس مسئلہ میں دو قول ہیں، علامہ ابن قدامہ نے ایک قول ذکر کیا ہے، دوسرے قول کے متعلق علامہ مرداوی حنبلی لکھتے ہیں:

دوسری روایت یہ ہے کہ عورتوں کا مسجد میں فرض پڑھنا مکروہ ہے، اور نفل جائز ہے اور ایک روایت یہ ہے کہ ان کا مسجد میں نماز پڑھنا مطلقاً غیر مستحب ہے اور ایک روایت ہے کہ مطلقاً مکروہ ہے یہ حکم اس وقت ہے جب وہ اکیلی نماز پڑھیں۔

رہا عورتوں کا مردوں کے ساتھ جماعت سے نماز پڑھنا تو مشہور مذہب یہ ہے کہ جوان عورتوں کے لیے مکروہ ہے، اسی طرح فروع میں ہے، یہی قاضی اور ابن تمیم کا مختار ہے، مذہب اور مسبوک الذہب میں بھی اسی پر جزم ہے، رعایۃ کبریٰ میں اسی قول کو مقدم کیا ہے، ہدایہ، خلاصہ، رعایۃ صغریٰ، حاوبین وغیرہا سب کتابوں میں یہی لکھا ہے، اور بوڑھی عورتوں کے لیے مردوں کے ساتھ جانا جائز ہے، محرر میں بھی یہی لکھا ہے۔ [2]

نیز علامہ مرداوی لکھتے ہیں:

علامہ ابن قدامہ نے ظاہر احادیث کے مطابق یہ کہا ہے کہ عورتوں کو مسجد میں نماز پڑھنے کی اجازت نہ دینا مکروہ ہے اور علامہ مجد نے اپنی شرح میں لکھا ہے کہ مرد کو جب فتنہ یا ضرر کا خدشہ ہو تو وہ عورت کو مسجد میں جانے سے منع کر دے، اور مجمع البحرین میں ہے کہ جب فتنہ یا ضرر کا خوف ہو تو عورت کو منع کرنا جائز ہے بلکہ واجب ہے' علامہ ابن جوزی نے کہا ہے کہ اگر فتنہ کا خوف ہو تو عورت کو نکلنے سے منع کیا جائے گا، قاضی نے کہا ہے کہ جب فتنہ کا خوف ہو تو عورت کو نکلنے سے منع کیا جائے گا، ابن تمیم اور ابن حمدان نے رعایت کبریٰ اور حاوی کبیر میں یہ لکھا ہے کہ جب فتنہ اور ضرر کا خدشہ نہ ہو تو پھر عورت کو منع کرنا مکروہ ہے، نصیحۃ میں لکھا ہے کہ عید کے دن عورت کو نکلنے سے سختی سے منع کیا جائے گا اور یہ کہا ہے کہ اس وقت میں ان کو روکنا خود ان کے لیے فائدہ کی وجہ سے ہے اور جہاں ہم نے یہ کہا ہے کہ ان کو مسجد میں جانے سے روکنا مکروہ ہے (جب ضرر اور فتنہ کا خوف نہ ہو) اس وقت

---

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ المغنی مع شرح الکبیر ج ۲ ص ۳۷-۳۶، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۴ھ

[2] علامہ ابو الحسن علی بن سلیمان مرداوی [illegible] مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۳۷۶ھ

بھی ان کا گھروں میں نماز پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔[1]

مساجد میں عورتوں کے جانے کے متعلق فقہاء مالکیہ کا نظریہ

علامہ احمد دردیر مالکی لکھتے ہیں:
ایسی بوڑھی عورت جس پر مردوں کو عموماً شہوت نہ ہوتی ہو اس کا عید، نماز استسقاء اور فرائض پڑھنے کے لیے جانا جائز ہے، اور اگر جوان عورت خوشبو نہ لگائے اور زینت کا اہتمام نہ کرے اور سادے اور دبیز کپڑے پہنے اور اس کے جانے میں کسی فتنہ کا خوف نہ ہو اور راستہ میں مردوں کی بھیڑ نہ ہو اور نہ ہی کسی قسم کے فساد کا خطرہ ہو تو اس کا بھی فرائض کی جماعت اور اپنے اہل اور قرابت داروں کے نماز جنازہ پڑھنے کے لیے جانا جائز ہے اور اگر یہ شرائط نہ پائی جائیں تو پھر اس کا گھر سے نکلنا حرام ہے اگر عورت اپنے خاوند سے مسجد میں جانے کا مطالبہ کرے تو اس کے خاوند کے خلاف فیصلہ نہیں کیا جائے گا خواہ وہ عورت بوڑھی ہو اگرچہ اس کے خاوند کے لیے اولیٰ یہ ہے کہ وہ اس کو مسجد میں جانے سے منع نہ کرے اور اگر فتنہ کا خدشہ ہو تو عورت کے نکلنے کی ممانعت کا فیصلہ کیا جائے گا۔[2]

علامہ دسوقی مالکی لکھتے ہیں:

علامہ دردیر مالکی نے جوان عورت کے نکلنے کی جو شرائط ذکر کی ہیں یہ اس جوان عورت کے متعلق ہیں جو خوبصورت نہ ہو اور جو عورت خوبصورت ہو وہ بالکل نہ نکلے۔ اور جوان عورت کے لیے جو فرائض میں جانے کا لکھا ہے اس سے مراد جمعہ کے علاوہ باقی فرائض ہیں، جمعہ، عید اور نماز استسقاء کے لیے جوان عورت بالکل نہ نکلے، کیونکہ ان میں لوگوں کا اژدحام زیادہ ہوتا ہے، اسی طرح وعظ کی محفلوں میں بھی جوان عورتوں کا جانا شدید مکروہ ہے خواہ ان کے لیے بیٹھنے کا الگ انتظام ہو۔[3]

نیز علامہ دسوقی مالکی لکھتے ہیں:

بوڑھی عورت کا جانا جو جائز ہے یہ بھی خلاف اولیٰ ہے، علامہ ابن رشد مالکی نے کہا ہے کہ اس مسئلہ میں تحقیق یہ ہے کہ میرے نزدیک عورتوں کی چار قسمیں ہیں (اوّل) ایسی بوڑھی عورتیں جن کی مردوں کو بالکل ضرورت نہیں ہوتی یہ عورتیں بالکل مردوں کی طرح ہیں یہ مسجد میں فرائض پڑھنے کے لیے اور ذکر اور وعظ کی محفلوں میں جا سکتی ہیں اور میدان میں عیدین، نماز استسقاء اور اپنے اہل اور اقارب کی نماز جنازہ پڑھنے کے لیے جا سکتی ہیں، اسی طرح اپنی دیگر ضروریات پوری کرنے بھی جا سکتی ہیں، (ثانی) ایسی بوڑھی عورتیں جن کی مردوں کو حاجت ہو سکتی ہے، یہ مسجد میں فرائض پڑھنے جا سکتی ہیں اور ذکر اور علم کی مجالس میں بھی جا سکتی ہیں لیکن اپنی دیگر حاجات میں زیادہ باہر نہ نکلیں اور ایک قول یہ ہے کہ یہ مکروہ ہے، (ثالث) جوان عورت جو خوبصورت نہ ہو یہ مسجد میں فرائض کی جماعت اور اپنے اہل اور اقارب کی نماز جنازہ میں جا سکتی ہے۔ لیکن نماز عید، نماز استسقاء اور علم اور ذکر کی مجالس میں نہ جائے۔

---

[1] علامہ ابو الحسن علی بن سلیمان مرداوی حنبلی متوفی ۸۸۵ ھ، انصاف ج ۲ ص ۲۴۳-۲۴۲، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۳۷۶ھ
[2] علامہ ابو البرکات سید احمد دردیر مالکی - ۱۱۹۷ھ، الشرح الکبیر ج ۱ ص ۳۳۶-۳۳۵، مطبوعہ دار الفکر بیروت
[3] " " " " " الشرح الکبیر ج ۱ ص ۳۳۶،

(رابع) ایسی جوان عورت جو خوبصورت ہو وہ گھر سے بالکل باہر نہ نکلے۔ ١

مساجد میں عورتوں کے جانے کے متعلق فقہاء شافعیہ کا نظریہ

علامہ نووی شافعی لکھتے ہیں:

عورتوں کو مساجد میں جانے سے روکنے کو احادیث میں منع کیا ہے لیکن عورتوں کے مسجد میں جانے کا جواز چند شرائط سے مشروط ہے اور یہ شرائط بھی احادیث سے ماخوذ ہیں، عورت نے خوشبو نہ لگائی ہو، بناؤ سنگھار نہ کیا ہو، پازیب نہ پہنی ہو جس کی آواز سنائی دے، شوخ لباس نہ پہنا ہو، مردوں کے ساتھ مخلوط نہ ہو، جوان یا خوبصورت عورت نہ ہو جس سے فتنہ کا خدشہ ہو اور راستے میں کسی خرابی اور فساد کا خوف نہ ہو۔ حدیث میں جو عورتوں کو مسجد میں جانے سے روکنے کے لیے منع کیا ہے، یہ ممانعت تنزیہی ہے اور یہ اس وقت مکروہ ہے جب عورت کا شوہر ہو اور یہ تمام شرائط پائی جائیں اور اگر یہ شرائط نہ پائی جائیں تو پھر عورت کا مسجد میں جانا حرام ہے۔ ٢

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی لکھتے ہیں:

علامہ ابن دقیق العید نے کہا ہے کہ عورتوں کو مسجد میں جانے سے روکنے کی ممانعت کا حکم تمام عورتوں کو شامل ہے لیکن فقہاء نے اس حکم کو چند شرائط کے ساتھ مقید کیا ہے، ایک شرط یہ ہے کہ وہ خوشبو نہ لگائے کیونکہ سنن ابو داؤد کی روایات میں ہے کہ وہ بغیر خوشبو کے جائے اور اچھے کپڑے اور زیورات کا نہ پہننا بھی اسی سے ماخوذ ہے اسی طرح مردوں کے ساتھ مخلوط ہونا بھی اسی سے ماخوذ ہے، بعض مالکی اور دوسرے فقہاء نے جوان اور بوڑھی عورت کا بھی فرق کیا ہے، لیکن اگر جوان عورت بھی ان چیزوں سے اجتناب کرے اور خصوصاً رات کو باپردہ ہو کر جائے تو فتنہ سے محفوظ رہے گی بکثرت احادیث میں عورت کے حق میں گھر کی کوٹھڑی میں نماز پڑھنے کو افضل قرار دیا ہے، اس کی وجہ یہی ہے کہ وہ اس صورت میں فتنہ سے محفوظ رہتی ہے، اس کی تاکید اس سے ہوتی ہے کہ عورتوں نے بناؤ سنگھار کے بہت شوخ و شنگ طریقے اختیار کر لیے ہیں، اسی وجہ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا عورتوں نے جو اب بناؤ سنگھار ایجاد کر لیا ہے اگر اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھ لیتے تو عورتوں کو مساجد میں جانے سے روک دیتے، بعض علماء نے اس حدیث کی وجہ سے عورتوں کے مساجد میں جانے کو مطلقاً منع کیا ہے، لیکن یہ رائے محل درشس ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کو تو بہر حال علم تھا کہ آپ کے وصال کے بعد عورتوں نے کیا کرنا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ آپ پر وحی نازل فرما دیتا کہ آپ عورتوں کو مسجد میں جانے سے مطلقاً منع کر دیں، اس لیے صرف ان عورتوں کو مساجد میں جانے سے منع کرنا چاہیے جو بناؤ سنگھار کا اہتمام کرتی ہوں، اور اولیٰ یہ ہے کہ اس پر غور کیا جائے کہ آیا عورتوں کے مسجدوں میں جانے سے کوئی فساد اور خرابی لازم آتی ہے یا نہیں اگر کوئی فساد اور خرابی لازم آتی ہے تو ان کو منع کیا جائے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ وہ بغیر خوشبو کے جائیں اور ان کی اجازت کو رات کے وقت کے ساتھ مقید کیا ہے اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ اگر ان کے مسجد

بیروت

١۔ علامہ شمس الدین محمد بن عرفہ دسوقی مالکی۔ ۱۲۱۹ھ، حاشیۃ الدسوقی علی الشرح الکبیر ج ا ص ۳۳۶۔ ۳۳۵، دار الفکر

٢۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی ... ... اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

میں جانے میں کوئی خرابی ہو تو پھر ان کو اجازت نہ دی جائے۔ [1]

مصنف یہ کہتا ہے کہ اصول شریعت میں یہ بات مسلّم ہے کہ جب کسی معاملہ میں دو خرابیاں لازم ہوں تو کم تر خرابی کو اختیار کر لینا چاہیے اور بڑی خرابی سے احتراز کرنا چاہیے، اب اگر عورتوں کو مسجدوں میں جانے سے منع کیا جائے تو صرف ان کی مسجد کی نماز کی فضیلت فوت ہوگی اور اگر عورتوں کو مسجدوں میں جانے کی عام اجازت دی جائے تو عورتوں کی عزت وناموس کو خطرہ ہوگا بلکہ مسجد میں فتنہ وفساد اور مسجد کے تقدس کے مجروح ہونے کا اندیشہ ہوگا، ایک طرف ایک فضیلت کا حاصل ہونا ہے اور دوسری طرف ایک فحشاء اور حرام کے ارتکاب کا اندیشہ ہے، اس لیے اصول شریعت کے مطابق فحشاء اور حرام سے بچنا چاہیے اور ایک فضیلت کے حصول کو ترک کر دینا چاہیے، خصوصاً اس صورت میں جب کہ اس فضیلت کو ترک کرنا اس سے بڑی فضیلت کے حصول کو مستلزم ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق ہرچند کہ عورت کا مسجد میں نماز پڑھنا جائز ہے لیکن اس کا گھر کی کوٹھڑی میں نماز پڑھنا اس سے زیادہ افضل ہے جیسا کہ ہم بکثرت احادیث کے حوالوں سے بیان کر چکے ہیں۔

علامہ شربینی شافعی لکھتے ہیں:

جوان یا خوبصورت عورتوں کا مردوں کے ساتھ مسجد میں جانا مکروہ ہے اور شوہر اور ولی کا ان کو مسجد میں جانے کی اجازت دینا بھی مکروہ ہے، کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ عورتوں نے جو اب بناؤ سنگھار ایجاد کر لیا ہے اگر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس کو دیکھ لیتے تو عورتوں کو مسجدوں میں جانے سے منع فرما دیتے جیسا کہ بنی اسرائیل کی عورتوں کو منع کر دیا گیا تھا نیز جوان یا خوبصورت عورتوں کے جانے میں فتنہ ہے۔ ہاں جو عورتیں جوان یا خوبصورت نہ ہوں ان کا جانا مکروہ نہیں ہے اور ان کو مسجد میں جانے کی اجازت دینا مستحب ہے۔ [2]

فقہاء حنبلیہ، فقہاء مالکیہ اور فقہاء شافعیہ سب نے جوان یا خوب صورت عورتوں کو مسجدوں میں جانے سے مطلقاً منع کیا ہے اور ان کے شوہر اور ولی کو بھی جانے کی اجازت دینے سے منع کیا ہے اور ایسی بوڑھی عورتیں جن کی مردوں کو ضرورت نہیں ہوتی نہ ان پر شہوت ہوتی ہے ان کو جانے کی اجازت دی ہے۔ اور جب جوان یا خوبصورت عورتوں کو مسجدوں میں جانے کی اجازت نہیں ہے تو بلا ضرورت گھر سے نکلنے کی اجازت بطریق اولیٰ نہیں ہے۔

مساجد میں عورتوں کے جانے کے متعلق فقہاء احناف کا نظریہ

امام محمد بن حسن شیبانی لکھتے ہیں:

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا پہلے عورتوں کو عیدین میں گھر سے نکلنے کی اجازت دی جاتی تھی لیکن اب صرف بوڑھی عورت کو نکلنے کی اجازت دی جائے گی۔ [3]

---

[1] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۲ص ۳۵۰۔۳۴۹، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ، لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] علامہ محمد شربینی شافعی الخطیب من قرن العاشر، مغنی المحتاج ج ۱ص ۲۳۰، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[3] امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ، کتاب الحجۃ ج ۱ص ۳۰۶، مطبوعہ دار المعارف النعمانیہ لاہور

نیز امام محمد بن حسن شیبانی لکھتے ہیں:

قلت ارءیت النساء هل علیهن خروج فی العیدین؟ قال قد کان یرخص لهن فی ذلك فاما الیوم فانی اکره لهن ذلك، قلت: افتکره لهن ان یشهدن الجمعة والصلوٰة المکتوبة فی جماعة؟ قال نعم قلت فهل ترخص لشیء منهن قال: ارخص للعجوز الکبیرة ان تشهد العشاء والفجر والعیدین فاما غیر ذلك فلا [1]

میں نے (امام اعظم سے) پوچھا کیا آپ عورتوں کو عیدین میں گھر سے نکلنے کی اجازت دیتے ہیں، فرمایا پہلے ان کو یہ اجازت دی جاتی تھی لیکن اب میں اس کو مکروہ قرار دیتا ہوں، میں نے پوچھا کیا آپ عورتوں کے جمعہ اور فرض باجماعت کو بھی مکروہ کہتے ہیں فرمایا ہاں! میں نے پوچھا کیا آپ کسی عورت کو اجازت دیتے ہیں؟ فرمایا جو بہت بوڑھی عورت ہو وہ عشاء، فجر اور عیدین کی نمازوں میں جا سکتی ہے اور اس کے سوا اور کسی نماز میں نہیں جا سکتی۔

شمس الائمہ علامہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں:

عیدین کے لیے جانا عورتوں پر لازم نہیں ہے، امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ پہلے عورتوں کو عیدین کے لیے رخصت دی جاتی تھی لیکن میں اب جوان عورتوں کے لیے اس کو مکروہ کہتا ہوں، کیونکہ ان کو گھروں میں رہنے کا حکم دیا گیا ہے اور باہر نکلنے سے روکا گیا ہے، کیونکہ اس میں فتنہ ہے، البتہ بوڑھی عورتوں کو عیدین اور مغرب عشاء اور فجر کی باجماعت نماز پڑھنے کے لیے گھر سے جانے کی اجازت ہے اور امام ابوحنیفہ کے قول کے مطابق بوڑھی عورتوں کو بھی ظہر، عصر اور جمعہ کے لیے جانے کی اجازت نہیں ہے۔

امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ نے بوڑھی عورتوں کو تمام نمازوں، اور نماز استسقاء اور نماز کسوف کے لیے گھر سے نکلنے کی اجازت دی ہے، کیونکہ بوڑھی عورتوں کے نکلنے میں کوئی فتنہ نہیں ہے کیونکہ بوڑھی عورتوں کی طرف مرد کم رغبت کرتے ہیں، اور بوڑھی عورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد میں جاتی تھیں، بیماروں کا علاج کرتی تھیں، ان کو پانی پلاتی تھیں اور ان کو کھانا پکا کر دیتی تھیں۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ بوڑھی عورتوں کو رات کی نمازوں میں گھر سے نکلنے کی اجازت دیتے ہیں بشرطیکہ وہ پردے میں چھپی ہوئی جائیں اور رات کا اندھیرا ان کے اور مردوں کی نگاہوں کے درمیان حائل ہو اور دن کی نمازوں میں اور جمعہ میں چونکہ شہر میں بھیڑ ہوتی ہے اس کو دھکے لگیں گے اور بسا اوقات وہ گر پڑے گی اور اس میں فتنہ ہے کیونکہ بوڑھی عورت میں ہر چند کہ جوان مرد رغبت نہیں کرتے لیکن بوڑھے مرد ان میں رغبت کرتے ہیں اور کبھی جوان مرد بھی شدت شہوت کے غلبہ سے اس کے ساتھ چھیڑ خوانی کر سکتے ہیں اور اس کو دھکا دے سکتے ہیں اور عید کی نماز چونکہ کھلے میدانوں میں پڑھی جاتی ہے اس لیے بوڑھی عورتیں مردوں سے الگ کسی راستہ سے جانے پر قادر ہوں گی تاکہ ان کو دھکے نہ لگیں۔ باقی اس میں امام اعظم سے دو روایتیں ہیں کہ وہ عیدگاہ جا کر نماز

[1] امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ المبسوط ج ۱ ص ۳۶۷ مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی

پڑھیں یا صرف مسلمانوں کی جمعیت میں اضافہ کے لیے عیدگاہ جائیں جیسا کہ عہد رسالت میں حائضہ عورتیں عیدگاہ جایا کرتی تھیں[1]
علامہ بدر الدین عینی حنفی لکھتے ہیں:

صاحب ہدایہ نے کہا ہے کہ عورتوں کا جماعات میں جانا مکروہ ہے اور شارحین ہدایہ نے لکھا ہے کہ اس سے جوان عورتیں مراد ہیں اور جماعت سے جمعہ، عید، کسوف اور استسقاء کی نماز با جماعت مراد ہے، امام شافعی سے ایک روایت یہ ہے کہ ان کا نماز با جماعت کے لیے گھروں سے نکلنا جائز ہے اور ہمارے فقہاء یہ کہتے ہیں کہ ان کے نکلنے میں فتنہ کا اندیشہ ہے اور یہ حرام کا سبب ہے اور جو چیز حرام کا سبب ہو وہ بھی حرام ہوتی ہے، خاص طور پر اس زمانہ میں جب کہ فتنہ اور فساد عام ہو گیا ہے تو عورتوں کے گھر سے باہر نکلنے کی حرمت زیادہ واضح ہے، البتہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک بوڑھی عورتیں فجر، مغرب اور عشاء پڑھنے کے لیے گھر سے باہر نکل سکتی ہیں اور امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک بوڑھی عورتیں تمام نمازوں کے لیے جا سکتی ہیں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جمعہ کے دن عورتوں کو پتھر مارتے اور ان کو مسجد سے نکال دیتے تھے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک عورت نے مسجد میں جمعہ پڑھنے کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا تمہارا گھر میں نماز پڑھنا مسجد میں نماز پڑھنے سے افضل ہے، ابراہیم نخعی عورتوں کو جمعہ اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے منع کرتے تھے، حضرت حسن بصری سے پوچھا گیا کہ ایک عورت بصرہ کی جامع مسجد میں نماز جمعہ پڑھتی ہے تو حسن بصری نے کہا اگر حضرت عمر ہوتے تو اس کا سر پھوڑ دیتے۔[2]

امام بخاری نے روایت کیا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: عورتوں نے جو بناؤ سنگھار اب ایجاد کیا ہے اگر اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھ لیتے تو عورتوں کو مسجد میں جانے سے اس طرح منع کر دیتے جس طرح بنی اسرائیل کی عورتوں کو مسجدوں سے روک دیا گیا تھا۔[3]

علامہ بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:
میں کہتا ہوں کہ اگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ان بدعات اور منکرات (برائیوں) کو دیکھ لیتیں جن کو اس زمانے میں عورتوں نے ایجاد کیا ہے تو وہ عورتوں کے گھر سے نکلنے پر اس سے بھی زیادہ شدت سے انکار کرتیں کیونکہ آج کل کی عورتوں نے بناؤ سنگھار میں جن خرافات کو ایجاد کر لیا ہے وہ بیان سے باہر ہیں، وہ انواع و اقسام کے ریشمی کپڑے پہنتی ہیں اور مختلف اطوار سے بالوں کی آرائش کرتی ہیں، تیز خوشبوئیں لگا کر ناز نخرے کے ساتھ بن ٹھن کر مردوں کے اژدہام میں بازاروں میں چلتی ہیں اور اکثر اوقات ان کا چہرہ کھلا ہوا ہوتا ہے، بعض عورتیں مختلف سواریوں پر سوار ہو کر چلتی ہیں اور بعض عورتیں بلند

---

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۲ ص ۱۵۷-۱۵۶، مطبوعہ دار المعرفۃ، بیروت، ۱۳۹۸ھ
[2] امام ابن ابی شیبہ نے اس اثر کی حضرت ابن مسعود کی طرف نسبت کی ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ ص ۳۸۴)
[2] امام ابن ابی شیبہ نے اس اثر کی حضرت ابن عباس کی طرف نسبت کی ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ ص ۳۸۴)
[2] علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۶ ص ۱۵۷-۱۵۶، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ
[3] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۲۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

آواز سے گانا گاتی ہیں، بعض عورتیں فحش کاروبار کرتی ہیں، بعض عورتیں مردوں کے ساتھ مل جل کر رہتی ہیں، بعض عورتیں دکانوں پر بیٹھ کر سودا بیچتی ہیں، بعض عورتیں عورتوں کی دلالی کرتی ہیں، بعض عورتیں اجرت پر نوحہ کرتی ہیں، بعض عورتیں اجرت پر گاتی بجاتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کو تھوڑا سا عرصہ گذرا تھا تو عورتوں نے اتنی آزادی اور بے راہ روی اختیار کرلی کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اگر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان چیزوں کو دیکھ لیتے تو عورتوں کو مسجد میں جانے سے منع کر دیتے تو اب تو آپ کے وصال کو آٹھ سو سال گذر چکے ہیں اور اس طویل عرصہ میں عورتیں اپنی بے راہ روی اور بے حیائی میں کہاں سے کہاں تک پہنچ چکی ہیں۔[1]

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ حضرت عائشہ نے کیسے کہہ دیا کہ اگر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عورتوں کی موجودہ روش کو دیکھ لیتے تو ان کو مسجدوں میں جانے سے منع کر دیتے حالانکہ ان کو منع کرنا یا نہ کرنا اللہ تعالیٰ پر موقوف ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو قواعد شرعیہ معلوم تھے جن کا تقاضا یہ ہے کہ فتنہ اور فساد کے مادے کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیا جائے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث میں اس طرف اشارہ ہے کیونکہ آپ نے خوشبو لگا کر مسجد میں جانے سے منع فرمایا ہے اور یہ فرمایا کہ اگر عورتیں رات کو مسجد میں جانے کی اجازت مانگیں تو منع نہ کرو، جس کا مفہوم ہے دن میں ان کو نکلنے سے منع کیا جائے گا اور رات کو چونکہ اندھیرا ہوتا ہے اس لیے ان کے نکلنے میں دیکھے جانے کا احتمال نہیں ہے۔[1] (خیال رہے کہ اب تو شہروں میں راتیں بھی دن بنی ہوئی ہیں۔ سعیدی)

عورتوں کے گھر سے نکلنے کے متعلق مصنف کی تحقیق

علامہ عینی متوفی ۸۵۵ھ نے عورتوں کی بے راہ روی کا جو نقشہ کھینچا ہے وہ ان کے زمانہ کا حال ہے اب تو حال یہ ہے کہ عورتیں باریک تنگ اور چست لباس پہنتی ہیں، پورے بازو اور آدھا سینہ برہنہ ہوتا ہے، بعض عورتیں ساڑھی باندھتی ہیں جس سے پیٹ اور کمر کھلی ہوتی ہوتی ہے اور نیم عریاں بلاؤز پہنتی ہیں، سر کے بال کٹواتی ہیں اور بیوٹی پارلر میں جاکر میک اپ کراتی ہیں، سرخی پاؤڈر سے مزین ہوکر اور تیز خوشبوئیں لگاکر گھر سے نکلتی ہیں، اسکولوں، کالجوں اور دفتروں میں مخلوط تعلیم اور مخلوط کاروبار کا نظام ہے اور اس اختلاط کے سائے میں رومان پرورش پاتے ہیں اور ہسپتالوں میں اسقاط حمل کے کیسز کی بھرمار رہتی ہے! اب عورتیں ریڈیو پر اپنی آواز کا جادو جگاتی ہیں اور فلم اور ٹی۔ وی کے ذریعہ اپنے حسن کی نمائش کرتی ہیں جس کی وجہ سے بچوں اور نوجوان نسلوں کے ذہنوں پر برے اثرات پڑتے ہیں اور آئے دن اخبارات میں اغواء، عصمت دری اور دیگر فواحش کی خبریں چھپتی رہتی ہیں، ان تمام مصائب اور مسائل کا حل صرف یہ ہے کہ عورتوں کو پردے اور حجاب میں مستور رکھا جائے۔

عورتوں کے مساجد میں جانے کے متعلق ہم نے فقہاء اربعہ کی آراء تفصیل سے پیش کی ہیں جن کا خلاصہ یہ ہے کہ امام احمد، امام مالک، امام شافعی، امام ابو یوسف اور امام محمد جوان یا خوبصورت عورت کو مسجد میں جانے سے مطلقاً منع کرتے ہیں اور بوڑھی عورتوں کو تمام اوقات میں مسجد میں جانے کی اجازت دیتے ہیں اور امام ابو حنیفہ بوڑھی عورتوں کو بھی صرف رات کے اندھیرے میں مسجد میں جانے کی اجازت دیتے ہیں (خیال رہے کہ اب شہروں میں راتوں کو اندھیرا

[1] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی [illegible] مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

نہیں ہوتا اور اب راتیں بھی دن کی طرح چکا چوند ہوتی ہیں) اور دن کے اجالے میں بوڑھی عورتوں کو بھی مسجد میں جانے سے منع کرتے ہیں۔ اور جب عورتوں کا مسجد میں جانا ممنوع قرار پایا تو اسکولوں، کالجوں، دفتروں، کارخانوں، اسمبلیوں، اجنبی مردوں کی دعوتوں اور محفلوں اور عمومی تقریبات میں ان کا جانا بطریق اولیٰ ممنوع ہوگا۔

فقہاء نے عورتوں کے گھر سے نکلنے کی ممانعت پر عورتوں کی بے راہ روی اور فتنہ اور فساد کے خوف سے استدلال کیا ہے اور اس استدلال کی صحت اور قوت میں کوئی شک نہیں ہے لیکن ہماری رائے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وقرن فی بیوتکن (احزاب: ۳۳) "اپنے گھروں میں ٹھہری رہو" اس آیت سے استدلال بہت واضح ہے، یہ آیت عورتوں کے گھروں سے نکلنے کی ممانعت میں نص صریح ہے اور بغیر کسی ضرورت کے عورتوں کا گھروں سے نکلنا جائز نہیں ہے اور نماز کے لیے مسجد میں جانا عورتوں کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ عورتوں پر جماعت سے نماز پڑھنا واجب نہیں ہے بلکہ ان کا گھروں میں نماز پڑھنا زیادہ افضل اور بہتر ہے، اور جن احادیث میں عورتوں کو رات کے وقت میں جانے کے لیے روکنے سے منع فرمایا ہے وہ سب اخبار احاد ہیں اور قرآن مجید کی اس نص قطعی سے مزاحم اور متصادم ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتیں۔ ثانیاً ان احادیث میں سورہ احزاب کی ان آیات کے نازل ہونے سے پہلے کا حکم ہے اور سورہ احزاب کی اس آیت کے نازل ہونے کے بعد وہ حکم منسوخ ہو گیا، ثالثاً احادیث میں جن عورتوں کو مسجد میں جانے کی اجازت دینے کا حکم ہے وہ بوڑھی عورتوں پر محمول ہے اور بوڑھی عورت کے حجاب کے معاملہ میں قرآن مجید میں تخفیف کی گئی ہے۔

بعض علماء کا خیال ہے کہ "وقرن فی بیوتکن" کا حکم ولا تبرجن تبرج الجاهلية الاولى کے ساتھ مقید ہے یعنی عورتوں کو گھروں سے نکلنے سے مطلقاً منع نہیں کیا، بلکہ اس چیز سے منع کیا ہے کہ وہ زمانہ جاہلیت کا بناؤ سنگھار کر کے اور اپنے محاسن کو ظاہر کرتے ہوئے گھروں سے نکلیں اور حجاب اور نقاب کے ساتھ ان کو نکلنے کی بالعموم اجازت ہے لیکن یہ خیال صحیح نہیں ہے، اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے دو الگ الگ حکم دیے ہیں اور کوئی حکم دوسرے حکم کے ساتھ مقید نہیں ہے۔ ایک حکم یہ ہے کہ عورتیں گھروں میں رہیں اور بغیر ضرورت کے گھروں سے نہ نکلیں، اور دوسرا حکم یہ ہے کہ زمانہ جاہلیت کی طرح اپنے محاسن اور زیب و زینت کو ظاہر نہ کریں کہ بغیر دوپٹہ کے کھلے گریبان اور کھلے سینے کے ساتھ رہیں خواہ وہ گھر میں ہوں یا گھر سے باہر۔

ہر چند کہ حضرت عائشہ کی روایت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد بھی عورتوں کو مسجد میں جانے کی اجازت تھی لیکن اصول یہ ہے کہ قرآن مجید کا حکم احادیث اور آثار پر مقدم ہے اور جب قرآن مجید نے مطلقاً عورتوں کو گھروں میں رہنے کا حکم دیا ہے تو قرآن مجید کے حکم پر عمل کیا جائے گا اور جو احادیث اور آثار صریح قرآن کے خلاف ہوں ان کو ترک کر دیا جائے گا باقی ضروریات مستثنیٰ ہیں۔ ضروریات کی بناء پر عورتیں گھر سے حجاب میں مستور ہو کر جا سکتی ہیں، حج اور عمرہ کے لیے، علاج کے لیے، عدالت میں استغاثہ کے لیے، گواہی دینے کے لیے، والدین اور دیگر محارم کی زیارت، عیادت اور تعزیت کے لیے، محرم رشتہ داروں کی شادی، بیاہ اور دیگر تقریبات میں شرکت کے لیے جوان یا عمر رسیدہ عورت شوہر یا ولی کی اجازت سے حجاب اور نقاب میں مستور ہو کر گھر سے باہر جا سکتی ہے، اور مسافت قصر سے کم سفر ہو (یعنی اکسٹھ میل یا ۹۸،۳۴ کلومیٹر سے کم ہو) تو عورت بغیر زوج اور محرم کے

ہی سفر کر سکتی ہے البتہ اگر سفر مسافت قصر سے زیادہ ہو تو بغیر زوج اور محرم کے سفر نہیں کر سکتی، اسی طرح عورت کا زوج یا ولی کی اجازت کے بغیر بھی کہیں جانا جائز نہیں ہے، عورت کا اجنبی مردوں کو دیکھنا اور ان سے بلا ضرورت شرعی بات کرنا اسلام میں جائز نہیں ہے، اس لیے اجنبی مردوں کی تقریبات اور ان کی محافل میں جانا جائز نہیں ہے خواہ خاوند یا ولی کہے پھر بھی جائز نہیں، البتہ رشتہ داروں یا اجنبی عورتوں کے ہاں شادی بیاہ یا دیگر تقریبات میں یا کسی غرض صحیح سے مثلاً عیادت یا تعزیت یا کسی اور کام سے شوہر یا ولی کی اجازت سے جانا جائز ہے اور ضرورت شرعیہ یا غرض صحیح کے بغیر کسی کے ہاں جانا جائز نہیں ہے۔ اگر عورت کے معاش کا کوئی ذریعہ نہ ہو اور کوئی شخص اس کا کفیل بھی نہ ہو تو وہ حجاب میں مستور ہو کر کوئی ایسا کام کر سکتی ہے جو اس کی عزت، عفت اور اسلام کی ہدایات کے خلاف نہ ہو اور اس مقصد کے لیے بھی اس کا حجاب میں مستور رہ کر گھر سے نکلنا جائز ہے۔ یہ تمام قیود اور شرائط جوان اور خوبصورت عورتوں کے لیے ہیں اور ہیں بوڑھی عورتیں تو قرآن مجید نے ان کے احکام میں حجاب کے معاملہ میں تخفیف کی ہے سو ان کے گھر سے نکلنے کے معاملہ میں بھی تخفیف ہے اور اس قدر سخت احکام نہیں ہیں چنانچہ فقہاء اسلام نے ان کو ان سخت احکام سے مستثنیٰ کیا ہے جیسا کہ ہم اس سے پہلے وضاحت سے بیان کر چکے ہیں۔

اسلام کے عمومی احکام سے عورت کی سربراہی کے عدم جواز پر استدلال
قرآن، حدیث اور فقہاء اسلام کے ارشادات کے مطابق

عورت کے حسب ذیل احکام ہیں:

(ا)۔ عورت کا اذان دینا اور اقامت پڑھنا جائز نہیں ہے۔
(ب) عورت کا امام کو سبحان اللہ کہہ کر لقمہ دینا جائز نہیں ہے۔
(ج) عورت کا حج میں بلند آواز سے تلبیہ کہنا جائز نہیں ہے۔
(د) عورت کا نماز کی امامت کرانا جائز نہیں ہے۔
(ہ) عورت کا اجنبی مردوں سے بلا ضرورت بات کرنا اور ان کے سامنے چہرہ ظاہر کرنا جائز نہیں ہے۔
(و) عورت کا بلا ضرورت گھر سے نکلنا جائز نہیں ہے۔
(ز) بغیر شوہر یا محرم کے عورت کا (مسافت قصر سے زائد) سفر کرنا جائز نہیں ہے۔
(ح) عورت کا بغیر شوہر یا محرم کے حج کرنا جائز نہیں ہے۔
(ط) جوان اور خوبصورت عورت کا مطلقاً مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے جانا اور بوڑھی عورت کا دن میں مسجد میں جانا جائز نہیں ہے۔
(ی)۔ اجنبی مردوں کی محفلوں اور دعوتوں میں عورتوں کا جانا جائز نہیں ہے خواہ ان کو شوہر یا ولی اس کا حکم دیں۔
(ک) عورت کا اجنبی مردوں کو دیکھنا جائز نہیں ہے۔
(ل) عورت کا اجنبی مردوں کے سامنے خطاب کرنا اور تقریر کرنا جائز نہیں ہے۔
(م) جوان اور خوبصورت عورت کا اجنبی مردوں کو سلام کرنا جائز نہیں ہے۔
(ن) عورت کا اجنبی مردوں [illegible]

جب عورت اسمبلی کی ممبر ہو، وزیر یا مشیر ہو یا سربراہ مملکت و حکومت ہو تو وہ بعض اوقات شوہر یا محرم کے بغیر مسافت قصر سے زائد سفر کرتی ہے، اجنبی مردوں سے بات چیت کرتی ہے، بسا اوقات معانقہ کرتی ہے بے پردہ لوگوں سے ملاقات کرتی ہے، اسمبلی میں تقریر اور خطاب کرتی ہے، اجنبی لوگ اس کو دیکھتے ہیں اور وہ ان کو دیکھتی ہے، اجنبی مردوں کی محفلوں اور دعوتوں میں شریک ہوتی ہے، ان سے سلام اور کلام کرتی ہے، بلا ضرورت شرعیہ گھر سے باہر نکلتی ہے اور یہ تمام امور قرآن مجید اور احادیث صحیحہ کی نصوص صریحہ کے خلاف ہیں، اس لیے عورت کا اسمبلی کا ممبر بننا، وزارت ــــــ، سفارت و مشاورت یا ریاست یا انتظامیہ کی سربراہی کرنا ان عمومی احکام کی مخالفت کی وجہ سے جائز نہیں ہے اور بالخصوص منصب امارت کے عدم جواز پر متعدد احادیث صحیحہ شاہد ہیں جن کو ہم پیش کر رہے ہیں۔

قرآن مجید سے عورت کی سربراہی کا عدم جواز

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

الرجال قوامون على النساء بما فضل الله بعضهم على بعض۔ (النساء: ۳۴)

مرد عورتوں پر قوام (نگران حاکم) ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان میں سے ایک فریق کو دوسرے فریق پر فضیلت دی ہے۔

علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں:

اس آیت میں قوام کا معنی ہے کسی چیز کی رعایت اور حفاظت کرنا۔[۱]

علامہ ابن منظور افریقی لکھتے ہیں:

یہاں قوام کا معنی کفالت کرنا اور خرچ اٹھانا ہے۔[۲]

علامہ زبیدی نے بھی قوام کا یہی معنی بیان کیا ہے۔[۳]

علامہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں:

یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ عورتوں کی تادیب اور ان کے معاملات کی تدبیر کرنا مردوں کا حق ہے اور ان کا یہ حق ہے کہ وہ عورتوں کو گھروں میں پابند رکھیں اور ان کو باہر نکلنے سے منع کریں۔ اور جب تک مرد کسی گناہ کا حکم نہ دیں عورت پر اس کے احکام کی اطاعت لازم ہے، اور اس کا سبب یہ ہے کہ مرد عورت کا خرچ اٹھاتا ہے اور اس کی نگہداشت کرتا ہے، اور عقل اور قوت میں مرد کو عورت پر فضیلت ہے، وراثت میں اس کا حصہ زیادہ ہے اور نیکی کا حکم دینے، برائی سے روکنے اور جہاد کے احکام کو اسی وجہ سے مرد کے ساتھ مخصوص کیا گیا ہے۔[۴]

---

[۱] علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ، المفردات ص ۴۱۶، مطبوعہ مکتبہ مرتضویہ ایران، ۱۳۴۲ھ

[۲] علامہ جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور افریقی متوفی ۷۱۱ھ، لسان العرب ج ۱۲ ص ۵۰۳، مطبوعہ نشر ادب الحوزۃ قم ایران ۱۴۰۵ھ

[۳] علامہ سید محمد مرتضیٰ زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس ج ۹ ص ۳۵ مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ، مصر ۱۳۰۶ھ

[۴] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد قرطبی مالکی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۵ ص ۱۶۹، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران ۱۳۸۷ھ

علامہ ابن جوزی حنبلی لکھتے ہیں:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا مرد عورت پر مسلط کیا گیا ہے اور عقل میں فراوانی، میراث میں حصہ کی زیادتی، غنیمت، جمعہ، جماعت، خلافت، حکومت اور جہاد کو مردوں کے ساتھ مخصوص کر کے مردوں کو عورتوں پر فضیلت دی ہے۔[1]

امام رازی شافعی لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے عورتوں پر مردوں کے غلبہ اور حاکمیت کی دو وجہیں بیان کی ہیں، پہلی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان میں سے ایک فریق کو دوسرے پر فضیلت دی ہے، اللہ تعالیٰ نے مردوں کو عورتوں پر طبعاً اور شرعاً متعدد وجوہ سے فضیلت عطا کی ہے، طبعاً فضیلت اس طرح دی ہے کہ عقل و دانش اور قوت و طاقت کے اعتبار سے چند مستثنیات سے قطع نظر مرد عورتوں سے افضل ہوتے ہیں، اسی وجہ سے علم اور حکمت اور شجاعت اور بہادری کے کارناموں کا زیادہ ظہور مردوں سے ہوتا ہے اور شرعاً فضیلت یہ ہے کہ انبیاء اور رسل مردوں سے مبعوث ہوئے ہیں اور حکومت، خلافت، نماز کی امامت، جہاد کی امارت، اذان، خطبہ، اعتکاف اور حدود و قصاص میں شہادت یہ تمام احکام بالاتفاق مردوں کے ساتھ مخصوص ہیں اور وراثت اور دیت میں مرد کا حصہ عورت سے دوگنا ہے، طلاق دینے، رجوع کرنے اور متعدد عورتوں سے نکاح کرنے کا حق بھی مردوں کو دیا ہے، ان تمام وجوہ سے مردوں کی عورتوں پر برتری اور فضیلت واضح ہے۔ اور عورتوں پر مردوں کی حاکمیت کی دوسری وجہ یہ بیان کی ہے کہ وبما انفقوا من اموالھم "اس وجہ سے کہ مرد عورتوں پر اپنا مال خرچ کرتے ہیں" کیونکہ مرد عورت کو مہر دیتا ہے اور اس کی ضروریات کی کفالت کرتا ہے۔[2]

علامہ آلوسی حنفی لکھتے ہیں:

الرّجال قوامون کا معنی یہ ہے کہ جس طرح حاکم رعایا پر اپنے احکام نافذ کرتا ہے اسی طرح مرد عورتوں پر احکام نافذ کرتے ہیں، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مردوں کو عورتوں پر فضیلت حاصل ہے، کیونکہ نبوت، رسالت، حکومت، امامت، اذان، اقامت، خطبات اور تکبیرات تشریق وغیرہ مردوں کے ساتھ مخصوص ہیں۔[3]

مذاہب اربعہ کے مفسرین کی تصریحات سے یہ واضح ہو گیا کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مردوں کو عورتوں پر حاکم بنایا ہے، ہر چند کہ یہ آیت براہ راست خانگی امور سے متعلق ہے لیکن اولاً تو اس آیت میں کوئی ایسا لفظ نہیں ہے جو اس آیت کو خانگی امور کے ساتھ خاص کرتا ہو، ثانیاً جب اللہ تعالیٰ نے ایک گھر کی ذمہ داری عورت پر نہیں ڈالی تو پورے ملک کی ذمہ داری اس پر کیسے ڈالی جا سکتی ہے؟ اس لیے اوّل تو اپنے عموم کی بناء پر یہ آیت عبارۃ النص سے اس پر دلالت کرتی ہے کہ عورت کو ملک کا حاکم یا سربراہ نہیں بنایا جا سکتا اور ثانیاً دلالۃ النص سے اس پر دلالت کرتی ہے کہ عورت کو ملک کا بلکہ کسی شعبہ کا بھی سربراہ نہیں بنایا جا سکتا۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مردوں کو عورتوں کا قوام یعنی نگران اور کفیل بنایا ہے اور یہ ایک بدیہی بات

---

[1] علامہ ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن محمد جوزی حنبلی متوفی ۵۹۷ھ، زاد المسیر ج ۲ ص ۷۵، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت
[2] امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی شافعی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ۳ ص ۲۱۵، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ
[3] علامہ سید محمود آلوسی حنفی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۵ ص ۲۳، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

ہے کہ ملک کا سربراہ اور حاکم ملک کے مردوں اور عورتوں سمیت تمام عوام کا قوام یعنی نگراں اور کفیل ہوتا ہے پس اگر عورت کو ملک کا سربراہ اور حاکم بنا دیا جائے تو وہ عورت ملک کے تمام مردوں کی نگراں اور کفیل ہو گی اور یہ چیز صراحتہً قرآن مجید کے خلاف ہے، اسی طرح اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مردوں کو عورتوں سے افضل قرار دیا ہے اور یہ ایک بدیہی بات ہے کہ حاکم محکوم سے منصب حکومت کے اعتبار سے افضل ہوتا ہے سو اگر عورت کو ملک کا سربراہ اور حاکم بنا دیا جائے تو اسے اپنے شوہر سمیت سب مردوں پر افضلیت حاصل ہو گی۔ اور یہ سراسر قرآن مجید کے خلاف ہے، لہٰذا اگر عورت کو ملک کا سربراہ بنایا جائے خواہ ریاست کی سربراہ ہو یا انتظامیہ کی تو ان دو وجہوں سے قرآن مجید کی مخالفت لازم آئے گی!

احادیث سے عورت کی سربراہی (بشمول اپنے شوہر کے) کا عدم جواز

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی بکرۃ قال لقد نفعنی اللہ بکلمۃ سمعتہا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایام الجمل بعد ما کدت ان الحق باصحاب الجمل فاقاتل معہم قال لما بلغ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اہل فارس قد ملکو علیہم بنت کسری قال لن یفلح قوم ولوا امرہم امراۃ [1]

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایام جمل میں قریب تھا کہ میں اصحاب جمل (حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا اور ان کے رفقاء) کے لشکر کے ساتھ لاحق ہو جاتا اور ان کے ساتھ مل کر جنگ کرتا، اس موقع پر مجھے اس حدیث نے فائدہ پہنچایا جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی، جب اہل فارس نے کسریٰ کی بیٹی کو اپنا حاکم بنایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ قوم ہرگز فلاح (اخروی) نہیں پا سکتی جس نے اپنے معاملات میں عورت کو حاکم بنا لیا۔

اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے [2] نیز اس حدیث کو امام ترمذی [3]، امام حاکم [4]، امام بیہقی [5]، امام طبرانی [6] اور امام ابن ابی شیبہ [7] نے بھی روایت کیا ہے۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۵۲، ۶۳۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۵ ص ۵۱، ۴۷، ۴۳، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[3] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۳۰، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[4] امام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ، المستدرک ج ۴ ص ۵۲۵-۵۲۴، مطبوعہ دار الباز للنشر و التوزیع مکہ مکرمہ

[5] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۱۰ ص ۱۱۸-۱۱۷، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[6] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۰۹، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

[7] حافظ ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۱۵ ص ۲۶۶، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

علیہ وسلم اذا کانت امراء کم خیارکم و اغنیاء کم سمحاؤکم وامورکم شوریٰ بینکم فظھر الارض خیر لکم من بطنھا واذا کانت امراء کم شرارکم واغنیاء کم بخلاء کم وامورکم الی نساء کم فبطن الارض خیر لکم من ظھرھا۔[۱]

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے حکام نیک ہوں، تمہارے اغنیاء سخی ہوں اور تمہاری حکومت باہمی مشورے سے ہو تو تمہارے لیے زمین کے اوپر کا حصہ اس کے نچلے حصہ سے بہتر ہے اور جب تمہارے حکام بدکار ہوں اور تمہارے اغنیاء بخیل ہوں اور تمہارے معاملات عورتوں کے سپرد ہوں تو تمہارے لیے زمین کا نچلا حصہ اس کے اوپر کے حصہ سے بہتر ہے۔

امام حاکم نیشاپوری روایت کرتے ہیں:

عن ابی بکرۃ رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتاہ بشیر یبشرہ بظفر خیل لہ ورأسہ فی حجر عائشۃ رضی اللہ عنہا فقام فخر للہ تعالٰی ساجدا فلما انصرف انشاء یسأل الرسول فحدثہ فکان فیما حدثہ من امر العدو وکانت تلیھم امرأۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھلکت الرجال حین اطاعت النساء ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ۔[۲]

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی جگہ لشکر بھیجا تھا وہاں سے کوئی شخص فتح کی خوشخبری لے کر آیا درآں حالیکہ آپ کا سر حضرت عائشہ کی گود میں تھا، آپ یہ خوشخبری سن کر کھڑے ہوئے اور سجدۂ شکر میں گر گئے، اس کے بعد آپ نے اس شخص سے فتح کی تفصیلات معلوم کیں ان تفصیلات میں اس شخص نے یہ بھی بتایا کہ دشمن کی سربراہی ایک عورت کر رہی تھی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مرد عورتوں کی اطاعت کرنے لگیں گے تو وہ تباہ اور برباد ہو جائیں گے۔

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور امام بخاری اور مسلم نے اس کو روایت نہیں کیا۔

حافظ ذہبی نے اس حدیث کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔[۳]

ان احادیث صحیحہ سے یہ مسئلہ واضح ہو گیا کہ اسلام میں عورت کو سربراہ بنانا جائز نہیں ہے۔

عورت کی سربراہی کے متعلق فقہاء اسلام کی آراء

علامہ بدرالدین عینی حنفی لکھتے ہیں:

واحتج بہ من منع قضاء المرأۃ وھو قول الجمھور وخالف الطبری فقال یجوز ان تقضی فیما تقبل شھادتھا فیہ واطلق بعض المالکیۃ

جمہور فقہاء اسلام نے اس حدیث کی بناء پر عورت کے قاضی بنانے کو ممنوع قرار دیا ہے، علامہ طبری نے جمہور کی مخالفت کی اور یہ کہا کہ جن معاملات میں عورت

[۱] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۳۰، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[۲] امام عبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ، المستدرک ج ۴ ص ۲۹۱، مطبوعہ دارالباز للنشر والتوزیع مکہ مکرمہ

[۳] علامہ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی [illegible]

الجواب ... [1]

شہادت دے سکتی ہے وہ قضاء بھی کر سکتی ہے اور بعض مالکیہ نے عورت کی قضاء کو مطلقاً جائز کہا ہے۔

علامہ ابن حجر عسقلانی شافعی لکھتے ہیں :

علامہ ابن التین نے کہا ہے کہ جمہور فقہاء اسلام نے اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے کہ عورت کو منصب قضاء سونپنا جائز نہیں ہے اور علامہ طبری نے جمہور کی مخالفت کی اور یہ کہا کہ جن امور میں عورت گواہی دے سکتی ہے ان میں وہ قضاء بھی کر سکتی ہے ، اور بعض مالکیہ نے کہا ہے کہ عورت کی قضاء مطلقاً جائز ہے ۔ [2]

ہر چند کہ علامہ عینی اور علامہ عسقلانی نے یہ لکھا ہے کہ علامہ طبری نے بعض امور میں اور بعض مالکیہ نے عورت کی قضاء کو مطلقاً جائز قرار دیا ہے لیکن اول تو یہ ثابت نہیں اور ثانیاً ظاہر ہے کہ قرآن مجید کی نصوص قطعیہ احادیث صحیحہ ، اسلام کے عمومی احکام اور جمہور فقہاء اسلام کی تصریحات کے سامنے ان اقوال کی کوئی وقعت نہیں ہے اور یہ بھی خیال رہے کہ علامہ طبری اور بعض مالکیہ نے عورت کی عمومی سربراہی کو جائز نہیں کہا بلکہ بعض امور میں عورت کی صرف قضاء کو جائز کہا ہے۔ علامہ عینی اور علامہ عسقلانی نے بغیر کسی ثبوت کے علامہ طبری اور بعض مالکیہ کی طرف عورت کی قضاء کے جواز کی نسبت کر دی ، حقیقت یہ ہے کہ علامہ طبری اور مالکی فقہاء دونوں اس تہمت سے بری ہیں ، علامہ ابوبکر ابن العربی مالکی اس مسئلہ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں ۔

حضرت ابوبکرہ کی روایت کردہ حدیث میں تصریح ہے کہ عورت خلیفہ نہیں ہو سکتی اور اس مسئلہ میں کسی کا اختلاف نہیں ہے البتہ علامہ محمد بن جریر طبری سے یہ منقول ہے کہ ان کے نزدیک عورت کا قاضی ہونا جائز ہے لیکن ان کی طرف اس قول کی نسبت صحیح نہیں ہے ۔ ان کی طرف اس قول کی نسبت ایسے ہی غلط ہے جیسا کہ امام ابوحنیفہ کی طرف یہ غلط منسوب کر دیا گیا ہے کہ جن امور میں عورت گواہی دے سکتی ہے ان میں وہ فیصلہ بھی کر سکتی ہے ۔

نیز قاضی ابوبکر ابن العربی مالکی لکھتے ہیں :

عورت سربراہی کی اس لیے اہل نہیں ہے کہ حکومت اور سربراہی سے یہ غرض ہوتی ہے کہ سرحدوں کی حفاظت کی جائے ، قومی معاملات کو سلجھایا جائے ، ملت کی حفاظت کی جائے اور مالی محاصل کو حاصل کر کے ان کو مستحقین میں تقسیم کیا جائے اور یہ تمام امور مرد انجام دے سکتا ہے ، عورت یہ کام انجام نہیں دے سکتی کیونکہ عورت کے لیے مردوں کی مجالس میں جانا اور ان سے اختلاط کرنا جائز نہیں ہے اس لیے کہ اگر وہ عورت جوان ہے تو اس کی طرف دیکھنا اور اس سے کلام کرنا حرام ہے اور اگر وہ سن رسیدہ عورت ہے تب بھی اس کا بھیڑ بھاڑ میں جانا مخدوش ہے [3]

علامہ قرطبی مالکی نے بھی قاضی ابوبکر ابن العربی مالکی کی اس تمام بحث کو نقل کیا ہے اور اس کی تائید کی ہے علامہ ابن العربی مالکی اور علامہ قرطبی مالکی کا یہ جملہ قابل غور ہے ۔ :

---

1 - علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ ، عمدۃ القاری ج ۲۴ ، ص ۲۰۴ ، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ

2 - علامہ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ ، فتح الباری ج ۱۳ ص ۵۶ ، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

3 - علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ ابن العربی متوفی ۵۴۳ھ ، احکام القرآن ج ۳ ص ۱۴۵۸ - ۱۴۵۷ ، ملخصاً ، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۔

ان المرأة لا تکون خلیفۃ ولا خلاف فیہ ۔[1] عورت خلیفہ نہیں ہو سکتی اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔

مالکی فقہاء اور مفسرین کی ان عبارات کو پڑھنے سے یہ واضح ہو گیا کہ مالکی فقہاء کی طرف یہ منسوب کرنا غلط ہے کہ وہ عورت کی قضاء کے قائل ہیں اسی طرح علامہ طبری کی طرف یہ نسبت صحیح نہیں ہے کیونکہ ان کی کسی تصنیف میں اس کا ذکر نہیں ہے۔ اسی طرح حافظ ابن حجر نے بھی بعض فقہاء احناف کی طرف جو یہ نسبت کی ہے وہ بھی غلط ہے[2] صحیح یہ ہے کہ اسلامی مکاتب فکر کے تمام فقہاء، مفسرین اور محدثین کا اس پر اجماع ہے کہ عورت کو قضاء یا امارت کا منصب سونپنا جائز نہیں ہے۔

امام بغوی لکھتے ہیں:

اتفقوا علی ان المرأۃ لا تصلح ان تکون اماما ولا قاضیا لان الامام یحتاج الی الخروج لاقامۃ امر الجہاد، والقیام بامور المسلمین والقاضی یحتاج الی البروز لفصل الخصومات والمرأۃ عورۃ لا تصلح البروز۔[3]

امت مسلمہ کا اس پر اتفاق ہے کہ عورت حکومت یا انتظامیہ کی سربراہ یا قاضی نہیں بن سکتی، کیونکہ سربراہ مملکت کو جہاد قائم کرنے اور مسلمانوں کے معاملات نمٹانے کے لیے گھر سے باہر نکلنے کی ضرورت پڑتی ہے اور قاضی کو مقدمات کا فیصلہ کرنے کے لیے باہر جانے کی ضرورت ہوتی ہے اور عورت واجب الستر ہے اس کا گھر سے باہر نکلنا جائز نہیں ہے۔

ملکہ بلقیس کے واقعہ سے عورت کی سربراہی پر استدلال کا جواب

بعض تجدد پسند علماء ملکہ بلقیس کے واقعہ سے عورت کی سربراہی کے جواز پر استدلال کرتے ہیں، لیکن یہ استدلال صحیح نہیں ہے کیونکہ جس زمانہ میں وہ ملک سبا کی ملکہ تھی اس وقت وہ کافرہ تھی، قرآن مجید میں ہے:

وجدتہا وقومہا یسجدون للشمس من دون اللہ وزین لہم الشیطان اعمالہم فصدہم عن السبیل فہم لا یہتدون۔ (نمل: ۲۴)

میں نے دیکھا کہ وہ عورت (ملکہ سبا) اور اس کی قوم اللہ کی بجائے سورج کو سجدہ کرتی ہے شیطان نے ان کے اعمال کو ان کے لیے خوش نما بنا دیا ہے اور ان کو سیدھے راستے سے روک دیا ہے اس وجہ سے وہ ہدایت نہیں پاتے۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ بلقیس کافروں کی حکمران تھی اس لیے اس کی حکمرانی ہم پر حجت نہیں ہے، حضرت سلیمان

---

[1] علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد قرطبی مالکی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۱۳ ص ۱۸۳ مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران ۱۳۸۷ھ

[2] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۸ ص ۱۲۸ مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[3] امام حسین بن مسعود بغوی متوفی ۵۱۶ھ ... المکتب الاسلامی بیروت، ۱۴۰۰ھ

علیہ السلام نے اس کی حکومت کو تسلیم نہیں کیا اور اس کے نام جو خط بھیجا وہ قرآن مجید کے مبارک الفاظ میں یہ تھا:

الا تعلوا علی واتونی مسلمین۔ (نمل: ۳۱) — تم میرے مقابلہ میں سر نہ اٹھاؤ اور میرے فرمانبردار بن کر میرے پاس آجاؤ۔

اور جب ملکہ بلقیس حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی تو اس نے کہا:

رب انی ظلمت نفسی واسلمت مع سلیمان للہ رب العلمین۔ (نمل: ۴۴) — اے میرے پروردگار میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور میں (حضرت) سلیمان کے ساتھ اللہ رب العالمین کے حضور جھک گئی۔

اس واقعہ میں کہیں بھی یہ شائبہ نہیں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کی حکومت کو تسلیم کر رہا تھا یا اس کے اسلام لانے کے بعد اس کو جائز قرار دیا، بعض اسرائیلی روایات میں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس سے نکاح کر کے اس کو واپس یمن بھیج دیا تھا اور بعض میں ہے کہ حضرت سلیمان نے اس سے نکاح کر کے ان کو اپنے پاس رکھا، اور بعض میں ہے کہ ان کا نکاح ہمدان کے بادشاہ کے ساتھ کر دیا تھا، یہ تمام روایات باطل اور متضاد ہیں، علامہ قرطبی ان پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

وقال قوم لم یرد فیہ خبر صحیح لا فی انہ تزوجھا ولا فی انہ زوجھا۔[1] — اس بارے میں کوئی روایت صحیح نہیں ہے نہ یہ کہ انہوں نے خود اس سے نکاح کیا تھا اور نہ یہ کہ انہوں نے کسی اور سے اس کا نکاح کر دیا تھا۔

قرآن کریم نے ملکہ بلقیس کے واقعہ کا جس قدر ذکر کیا ہے اس میں اس کی حکومت کے خاتمہ کا ذکر ہے، اسلام قبول کرنے کے بعد پھر اس کی حکومت کے تسلسل کا ذکر نہیں ہے، لہٰذا اس واقعہ میں عورت کی سربراہی کا ادنیٰ جواز بھی موجود نہیں ہے اور اگر بالفرض بلقیس کے اسلام لانے کے بعد اس کی حکومت کا ثبوت ہو بھی تو وہ شریعت سابقہ ہے، ہم پر حجت نہیں ہے۔

جنگ جمل کے واقعہ سے عورت کی سربراہی پر استدلال کا جواب

بعض متجددعلماء جنگ جمل میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی شرکت سے عورت کی سربراہی کے جواز پر استدلال کرتے ہیں لیکن یہ استدلال قطعاً باطل ہے، اول تو حضرت عائشہ امارت اور خلافت کی مدعیہ نہیں تھیں، ہاں وہ امت میں اصلاح کے قصد سے اپنے گھر سے باہر نکلیں لیکن یہ ان کی اجتہادی خطا تھی اور وہ اس پر تاحیات نادم رہیں، ہم ابن سعد کے حوالے سے بیان کر چکے ہیں کہ جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وقرن فی بیوتکن "تم اپنے گھروں میں ٹھہری رہو" کی تلاوت کرتیں تو اس قدر روتیں کہ آپ کا دوپٹہ آنسوؤں سے بھیگ جاتا۔[2]

---

[1] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۱۳ ص ۲۱۱-۲۱۰، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ

[2] امام محمد بن سعد متوفی ۲۳۰ھ، طبقات کبریٰ ج ۸ ص ۸۱، مطبوعہ دار صادر بیروت، ۱۳۸۸ھ

حافظ ذہبی لکھتے ہیں: اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ حضرت عائشہ اپنے بصرہ کے سفر اور جنگ جمل میں حاضر ہونے پر کلی طور پر نادم ہوئیں۔ [1]

حافظ زیلعی ابن عبدالبر کے حوالے سے لکھتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عائشہ نے حضرت عبداللہ بن عمر سے فرمایا: تم نے مجھے اس سفر میں جانے سے کیوں منع نہیں کیا؟ حضرت عبداللہ بن عمر نے فرمایا میں نے دیکھا کہ ایک صاحب (یعنی حضرت ابن الزبیر) کی رائے آپ کی رائے پر غالب آچکی تھی۔ [2]

امام حاکم نیشاپوری قیس بن ابی حازم سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے دل میں سوچتی تھیں کہ انھیں ان کے حجرے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر کے ساتھ دفن کیا جائے لیکن بعد میں انھوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد ایک بدعت کا ارتکاب کیا ہے، اب مجھے آپ کی دوسری ازواج کے ساتھ بقیع میں دفن کر دینا، چنانچہ آپ کو بقیع میں دفن کر دیا گیا، امام حاکم کہتے ہیں کہ یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کی شرط پر صحیح ہے۔ [3]

حافظ ذہبی ان کے اس قول کی تشریح میں فرماتے ہیں: بدعت سے حضرت عائشہ کی مراد ان کا جنگ جمل میں جانا تھا، وہ اپنے اس فعل پر کلی طور پر نادم ہوئیں اور انھوں نے اس پر توبہ کر لی اگرچہ ان کا یہ اقدام اجتہاد پر مبنی تھا اور ان کی نیت نیک تھی۔ [4]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے اجتہاد سے مسلمانوں کے دو گروہوں میں صلح کے قصد سے گھر سے نکلی تھیں لیکن بعد میں انھوں نے اپنے اس فعل کو بدعت اور خطاء قرار دیا اور اس پر اس قدر نادم ہوئیں کہ روضہ رسول میں حضور کے جوار میں دفن ہونے سے بھی آپ کو شرم آئی اور تاحیات اس فعل پر ندامت سے آنسو بہاتی رہیں، لہٰذا حضرت عائشہ کے بصرہ کے سفر سے عورتوں کے گھروں سے نکلنے پر استدلال کرنا درست نہیں ہے، عورت کی سربراہی کا تو اس واقعہ میں کوئی ذکر ہی نہیں ہے، نہ آپ سربراہی کی مدعیہ تھیں نہ جنگ میں پیشوائی کر رہی تھیں، جنگ جمل تو ایک اتفاقی حادثہ تھا جو قاتلین عثمان کی سازش کے نتیجہ میں واقع ہوا جیسا کہ ہم اس سے پہلے علامہ آلوسی کے حوالے سے بیان کر چکے ہیں۔

ستر اور حجاب کے سلسلے میں حرف آخر

عورت کے ستر اور حجاب کے سلسلے میں ہم نے قرآن مجید کے صریح احکام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور فقہاء اسلام کے فتاویٰ بیان کر دیے ہیں جن کے مطابق عورت کا پورا جسم واجب الستر ہے، وہ اجنبی مردوں کے سامنے اپنا چہرہ ظاہر نہیں کر سکتی نہ بغیر شرعی ضرورت کے ان سے بات کر سکتی ہے، اسلام نے عورتوں کو گھروں میں رہنے کا حکم دیا ہے اور بغیر شدید ضرورت کے باہر نکلنے سے روک دیا ہے، ان صاف اور صریح احکام کے ہوتے ہوئے اس

---

[1] حافظ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی متوفی ۷۴۸ھ، سیر اعلام النبلاء ج ۲ ص ۱۷۷، مطبوعہ موسسۃ الرسالۃ بیروت، الطبعۃ الثانیۃ، ۱۴۰۲ھ

[2] حافظ جمال الدین ابو محمد عبداللہ بن یوسف زیلعی متوفی ۷۶۲ھ، نصب الرایہ ج ۴ ص ۷۰، مطبوعہ مجلس علمی سورت ہند، ۱۳۵۷ھ

[3] امام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ، المستدرک ج ۴ ص ۶، مطبوعہ دار الباز للنشر والتوزیع مکہ مکرمہ

[4] حافظ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی [illegible] موسسۃ الرسالۃ بیروت، الطبعۃ الثانیۃ ۱۴۰۲ھ

بات کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ مسلمان عورتیں اسمبلیوں کی ممبر بنیں، یا وزیر اور مشیر بنیں اور ریاست یا انتظامیہ کی سربراہ بنیں، بیرون خانہ سماجی کارکن بنیں اور سماجی سرگرمیوں میں دوڑتی پھریں، ایئر ہوسٹس اور نرسیں بن کر مسافروں اور مریضوں کا دل بہلائیں، نجی اور سرکاری دفاتر میں اجنبی مردوں کے ساتھ کام کریں، اسکولوں اور کالجوں میں لڑکوں کے ساتھ تعلیم حاصل کریں، سیکرٹری اور استقبالیہ کے فرائض انجام دیں، فوج اور پولیس میں بھرتی ہوں اور تعلیم و تربیت کے لیے امریکہ اور انگلستان بھیجی جائیں اور نیشنل کونسل آرٹس کونسل، ریڈیو، ٹی۔وی اور فلم اسٹوڈیو میں کام کریں اور اپنی آواز اور حسن کی نمائش کریں۔

مغربی ملکوں میں جہاں عورت پر ستر اور حجاب کی قیود نہیں ہیں، ان کے معاشرے اور ماحول میں ہر وقت اور ہر جگہ عورت اور مرد کا عام آزادانہ میل جول اور اختلاط ہے، ہوٹلوں، کلبوں، تفریح گاہوں، شراب خانوں اور رقص گاہوں میں مرد نامحرم عورتوں کے ساتھ آزادانہ گھومتے ہیں، شراب پیتے ہیں، چرس اور ہیروئن کا دم لگاتے ہیں، ناچتے گاتے ہیں اور داد عیش دیتے پھرتے ہیں، شاہراہوں اور دیگر کھلے مقامات، پر مرد اور عورت برسر عام بوس و کنار میں مصروف رہتے ہیں، ساحل سمندر پر، پارکوں اور تفریح گاہوں میں عریاں جوڑے حیوانوں کی طرح کھلے عام جنسی عمل کرتے ہیں، اور ان کی سڑکیں ناجائز بچوں سے بھری رہتی ہیں، بیویوں کی خیانت اور شوہروں کی بدکاریوں کی خبروں سے ان کے اخبارات اور رسائل کے کالم سیاہ رہتے ہیں اور بدچلنی اور بدعنوانی کے مقدمات سے عدالتیں بھری رہتی ہیں۔

آزادئ نسواں اور بے پردگی کی تحریک سے ہمارا معاشرہ بھی قدم بہ قدم یورپ کی شاہراہ کی طرف بڑھ رہا ہے اس سے پہلے کہ ہماری نوجوان نسل عریانی اور فحاشی کی اس منزل پر پہنچ جائے جہاں سے اس کو واپس لانا مشکل ہو جائے ہمیں بے پردگی اور آزادئ نسواں کو خیرباد کہہ کر ستر اور حجاب کے معاملہ میں اسلام کے تمام احکام پر عمل کرنا چاہیے، اسی میں ہمارے لیے دنیا اور آخرت کی عزت اور نیک نامی ہے، امن، اطمینان اور سکون ہے، یہی اسلام کا تقاضا اور ہمارے مسلمان ہونے کی علامت ہے۔

میں نے ستر اور حجاب کے مسئلہ پر اس لیے انتہائی مفصل اور مدلل گفتگو کی ہے کہ ہمارے زمانہ میں دنیا دار اور مغرب زدہ لوگ تو الگ رہے، تجدد پسند علماء دین کا ایک طبقہ بھی عورت کے چہرے کو حجاب سے مستثنیٰ قرار دے رہا ہے، اور بازاروں اور محافل میں اس کے آنے جانے، اجنبی مردوں سے گفتگو کرنے اور اسمبلی کی ممبری، وزارت اور حکومت کی سربراہی کرنے اور مخلوط تعلیم اور مخلوط ملازمتیں کرنے کو اسلام کے خلاف نہیں سمجھتا بلکہ اس کے خلاف اس بے حجابی کو اسلامی احکام کے عین مطابق قرار دیتا ہے، اس لیے میں نے ضروری سمجھا کہ ستر اور حجاب کے مسئلہ میں اسلام کے احکام کو قرآن، سنت اور فقہاء اسلام کے ارشادات کی روشنی میں واضح کروں اور اس سلسلہ میں جو شبہات ہیں ان کے مفصل جوابات بیان کروں۔

الٰہ العالمین میری اس سعی کو اپنی بارگاہ میں مقبول اور مشکور فرما، اس میں اثر آفرینی پیدا فرما اور رہتی دنیا تک تمام مسلمانوں کے لیے اس کو نفع آور بنا، میری، میرے والدین کی اس کتاب کے جملہ معاونین کی اور تمام مسلمانوں کی مغفرت فرما، اور دنیا برزخ اور آخرت میں ہر مصیبت اور بلاء سے محفوظ اور مامون فرما اور دارین کی سعادتوں اور جنت الفردوس کو ہمارا مقدر کر دے،

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی محمد خاتم النبیین سید الانبیاء والمرسلین قائد المتقین شفیع المذنبین وعلی الہ واصحابہ وازواجہ وذریاتہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔ آمین۔

بَابُ النِّسَآءِ الْغَازِيَاتِ يُرْضَخُ لَهُنَّ وَلَا يُسْهَمُ وَالنَّهْيُ عَنْ قَتْلِ صِبْيَانِ أَهْلِ الْحَرْبِ [۶۱۸]

جہاد میں شریک ہونے والی عورتوں کو مال غنیمت میں باقاعدہ حصہ دینے کی ممانعت اور کچھ عطیہ دینے کا حکم اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت۔

۴۵۷۰ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ أَنَّ نَجْدَةَ كَتَبَ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ عَنْ خَمْسِ خِلَالٍ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَوْلَا أَنْ أَكْتُمَ عِلْمًا مَا كَتَبْتُ إِلَيْهِ كَتَبَ إِلَيْهِ نَجْدَةُ أَمَّا بَعْدُ فَأَخْبِرْنِي هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو بِالنِّسَاءِ وَهَلْ كَانَ يَضْرِبُ لَهُنَّ بِسَهْمٍ وَهَلْ كَانَ يَقْتُلُ الصِّبْيَانَ وَمَتَى يَنْقَضِي يُتْمُ الْيَتِيمِ وَعَنِ الْخُمُسِ لِمَنْ هُوَ فَكَتَبَ إِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ كَتَبْتَ تَسْأَلُنِي هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو بِالنِّسَاءِ وَقَدْ كَانَ يَغْزُو بِهِنَّ فَيُدَاوِينَ الْجَرْحَى وَيُحْذَيْنَ مِنَ الْغَنِيمَةِ وَأَمَّا بِسَهْمٍ فَلَمْ يَضْرِبْ لَهُنَّ وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَقْتُلُ الصِّبْيَانَ فَلَا تَقْتُلِ الصِّبْيَانَ وَكَتَبْتَ تَسْأَلُنِي مَتَى يَنْقَضِي يُتْمُ الْيَتِيمِ فَلَعَمْرِي إِنَّ الرَّجُلَ لَتَنْبُتُ لِحْيَتُهُ وَإِنَّهُ لَضَعِيفُ الْأَخْذِ لِنَفْسِهِ ضَعِيفُ الْعَطَاءِ مِنْهَا فَإِذَا أَخَذَ لِنَفْسِهِ مِنْ صَالِحِ مَا يَأْخُذُ النَّاسُ فَقَدْ ذَهَبَ عَنْهُ الْيُتْمُ وَكَتَبْتَ [illegible]

یزید بن ہرمز بیان کرتے ہیں کہ نجدہ (حروریوں کے سردار) نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو خط لکھ کر ان سے پانچ چیزوں کے متعلق دریافت کیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا اگر مجھے علم چھپانے پر عذاب کا خوف نہ ہوتا تو میں اس شخص کو جواب نہ لکھتا، نجدہ نے آپ سے یہ دریافت کیا تھا کہ: حمد و صلوٰۃ کے بعد، مجھے یہ بتلائیے کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہاد میں عورتوں کو شریک کرتے تھے؟ کیا ان کو مال غنیمت میں سے حصہ دیتے تھے؟ کیا آپ بچوں کو قتل کرتے تھے؟ یتیم کی یتیمی کب ختم ہوتی ہے؟ اور خمس کس کا حق ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب میں لکھا: تم نے مجھ سے یہ سوال کیا ہے کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہاد میں عورتوں کو شریک کرتے تھے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہاد میں عورتوں کو شریک کرتے تھے، وہ جہاد میں جاتی تھیں اور زخمیوں کی دوا دارو کرتی تھیں، ان کو مال غنیمت میں سے عطیہ دیا جاتا تھا لیکن ان کا حصہ مقرر نہیں تھا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بچوں کو قتل نہیں کرتے تھے سو تم بھی بچوں کو قتل نہ کرنا، اور تم نے خط میں یہ سوال کیا کہ یتیم کی یتیمی کب ختم ہوتی ہے؟ سو مجھے اپنی زندگی کی قسم! بعض لوگوں کی ڈاڑھی نکل آتی ہے لیکن انھیں نہ کسی سے کوئی چیز لینے کا سلیقہ ہوتا ہے، نہ کسی کو کوئی چیز دینے کا شعور ہوتا ہے اور جب وہ باشعور لوگوں کی طرح ٹھیک ٹھیک کام کرنے [illegible] ختم ہو جائے گی اور تم نے مجھ سے خط

الْخُمُسِ لِمَنْ هُوَ وَاِنَّا كُنَّا نَقُوْلُ هُوَ لَنَا فَاَبٰى عَلَيْنَا قَوْمُنَا ذَاكَ۔

میں خمس کے متعلق سوال کیا ہے کہ اس کا کون مستحق ہے؟ ہم یہ کہتے ہیں کہ خمس پر ہمارا حق ہے لیکن ہماری قوم نے اس کو تسلیم نہیں کیا۔

۴۵۷۱۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَاِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ كِلَاهُمَا عَنْ حَاتِمِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ اَنَّ نَجْدَةَ كَتَبَ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهٗ عَنْ خِلَالٍ بِمِثْلِ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ غَيْرَ اَنَّ فِيْ حَدِيْثِ حَاتِمٍ وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَقْتُلُ الصِّبْيَانَ فَلَا تَقْتُلِ الصِّبْيَانَ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ تَعْلَمُ مَا عَلِمَ الْخَضِرُ مِنَ الصَّبِيِّ الَّذِيْ قَتَلَ۔ وَزَادَ اِسْحٰقُ فِيْ حَدِيْثِهٖ عَنْ حَاتِمٍ وَتُمَيِّزَ الْمُؤْمِنَ فَتَقْتُلَ الْكَافِرَ وَتَدَعَ الْمُؤْمِنَ۔

یزید بن ہرمز بیان کرتے ہیں کہ نجدہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو خط لکھ کر چند چیزوں کا سوال کیا، یہ حدیث مثل سابق ہے، البتہ اس میں یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بچوں کو قتل نہیں کرتے تھے سو تم بچوں کو قتل نہ کرنا، الا یہ کہ تم کو ایسا علم ہو جس کی بناء پر حضرت خضر علیہ السلام نے ایک بچہ کو قتل کر دیا تھا اور زیادہ کی روایت میں یہ ہے کہ یا تم یہ تمیز کر لو کہ یہ بچہ مومن ہوگا یا کافر سو جو کافر ہو اس کو قتل کر دو اور جو مومن ہو اس کو چھوڑ دو۔

۴۵۷۲۔ وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ بْنُ عَامِرٍ الْحَرُوْرِيُّ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهٗ عَنِ الْعَبْدِ وَالْمَرْاَةِ يَحْضُرَانِ الْمَغْنَمَ هَلْ يُقْسَمُ لَهُمَا وَعَنْ قَتْلِ الْوِلْدَانِ وَعَنِ الْيَتِيْمِ مَتٰى يَنْقَطِعُ عَنْهُ الْيُتْمُ وَعَنْ ذَوِي الْقُرْبٰى مَنْ هُمْ فَقَالَ لِيَزِيْدَ اكْتُبْ اِلَيْهِ فَلَوْلَا اَنْ يَقَعَ فِيْ اُحْمُوْقَةٍ مَا كَتَبْتُ اِلَيْهِ اُكْتُبْ اِنَّكَ كَتَبْتَ تَسْاَلُنِيْ عَنِ الْمَرْاَةِ وَالْعَبْدِ يَحْضُرَانِ الْمَغْنَمَ هَلْ يُقْسَمُ لَهُمَا شَيْءٌ وَاِنَّهٗ لَيْسَ لَهُمَا شَيْءٌ اِلَّا اَنْ يُحْذَيَا وَكَتَبْتَ تَسْاَلُنِيْ عَنْ قَتْلِ الْوِلْدَانِ وَاِنَّ

یزید بن ہرمز بیان کرتے ہیں کہ نجدہ بن عامر حروری (خارجی) نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو خط لکھ کر یہ معلوم کیا کہ اگر جہاد میں غلام اور عورت شریک ہوں تو کیا ان میں مال غنیمت تقسیم کیا جائے گا اور بچوں کو قتل کرنے کے متعلق پوچھا اور یہ پوچھا کہ یتیم کی یتیمی کب ختم ہوگی؟ اور ذوی القربیٰ (جن کا خمس کے بیان میں قرآن مجید نے ذکر کیا ہے) کون ہیں؟ حضرت ابن عباس نے یزید سے فرمایا اس کو جواب لکھو اور اگر وہ حماقت میں پڑنے والا نہ ہوتا تو میں اس کو جواب نہ لکھتا، اس کو یہ لکھو کہ تم نے مجھ سے یہ سوال کیا ہے کہ اگر عورت اور غلام جہاد میں شریک ہوں تو آیا ان کو مال غنیمت سے حصہ ملے گا یا نہیں؟ ان کو مال غنیمت میں کوئی حصہ نہیں ہے البتہ ان کو عطیہ دیا جا سکتا ہے، اور تم نے مجھ سے بچوں کو قتل کرنے کے متعلق سوال کیا ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچوں کو

رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يقتلهم وانت فلا تقتلهم الا ان تعلم منهم ما علم صاحب موسى من الغلام الذي قتله وكتبت تسألني عن اليتيم متى ينقطع عنه اسم اليتم وانه لا ينقطع عنه اسم اليتم حتى يبلغ ويؤنس منه رشد وكتبت تسألني عن ذوي القربى من هم وانا زعمنا انا هم فابى ذلك علينا قومنا.

قتل نہیں کیا سو تم بھی ان کو مت قتل کرو، الا یہ کہ کسی بچے کے متعلق تم کو ایسا علم ہو جیسا حضرت خضر علیہ السلام کو اس بچہ کے بارے میں علم تھا جس کو انھوں نے قتل کر دیا تھا، اور تم نے مجھ سے یہ پوچھا کہ یتیم سے یتیمی کا نام کب ختم ہوتا ہے؟ جب تک بچہ بالغ نہ ہو جائے اور اس کو عقل اور آگہی حاصل نہ ہو اس وقت تک اس کو یتیم کہا جائے گا، اور تم نے یہ پوچھا ہے کہ ذوی القربی کون ہیں؟ ہماری رائے یہ ہے کہ ذوی القربی ہم لوگ ہیں، لیکن ہماری قوم نے اس کا انکار کیا۔

۴۵۷۳- وحدثناه عبد الرحمن بن بشر العبدي حدثنا سفيان حدثنا اسماعيل بن امية عن سعيد بن ابي سعيد عن يزيد بن هرمز قال كتب نجدة الى ابن عباس وساق الحديث بمثله قال ابو اسحق حدثني عبد الرحمن بن بشر حدثنا سفيان بهذا الحديث بطوله.

یزید بن ہرمز بیان کرتے ہیں کہ نجدہ نے حضرت ابن عباس کی طرف خط لکھا اور اسی طرح حدیث بیان کی۔

۴۵۷۴- حدثنا اسحق بن ابراهيم اخبرنا وهب بن جرير بن حازم حدثني ابي قال سمعت قيسا يحدث عن يزيد بن هرمز ح وحدثني محمد بن حاتم واللفظ له قال حدثنا بهز حدثنا جرير بن حازم حدثني قيس بن سعد عن يزيد بن هرمز قال كتب نجدة بن عامر الى ابن عباس قال فشهدت ابن عباس حين قرا كتابه وحين كتب جوابه وقال ابن عباس والله لولا ان اردّه عن نتن يقع فيه ما كتبت اليه ولا نعمة عين قال فكتب اليه انك [illegible]

امام مسلم نے دو سندوں کے ساتھ یزید بن ہرمز سے روایت کیا کہ نجدہ بن عامر نے حضرت ابن عباس کو خط لکھا، جس وقت حضرت ابن عباس نے اس خط کو پڑھا اور اس کا جواب لکھا میں اس وقت موجود تھا، حضرت ابن عباس نے فرمایا: بخدا اگر مجھے یہ خیال نہ ہوتا کہ وہ بدبو (کسی برے کام) میں پڑ جائے گا تو میں اس کو جواب نہ لکھتا، پھر حضرت ابن عباس نے اس کو لکھا تم نے مجھ سے ان ذوی القربیٰ کے متعلق سوال کیا ہے جن کا اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا ہے، ہماری رائے یہ ہے کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے قرابت دار ہم ہیں لیکن ہماری قوم نے اس کا انکار کیا، اور تم نے یہ پوچھا ہے کہ یتیم کا [illegible] جب نکاح کے قابل ہو جائے [illegible]

عَنْ سَهْمِ ذِي الْقُرْبَى الَّذِي ذَكَرَ اللّٰهُ مَنْ هُمْ وَإِنَّا كُنَّا نَرَى أَنَّ قَرَابَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمْ نَحْنُ فَأَبَى ذٰلِكَ عَلَيْنَا قَوْمُنَا وَسَأَلْتَ عَنِ الْيَتِيمِ مَتَى يَنْقَضِي يُتْمُهُ وَإِنَّهُ إِذَا بَلَغَ النِّكَاحَ وَأُونِسَ مِنْهُ رُشْدٌ وَدُفِعَ إِلَيْهِ مَالُهُ فَقَدِ انْقَضَى يُتْمُهُ وَسَأَلْتَ هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْتُلُ مِنْ صِبْيَانِ الْمُشْرِكِينَ أَحَدًا فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَقْتُلُ مِنْهُمْ أَحَدًا وَأَنْتَ فَلَا تَقْتُلْ مِنْهُمْ أَحَدًا إِلَّا أَنْ تَكُونَ تَعْلَمُ مِنْهُمْ مَا عَلِمَ الْخَضِرُ مِنَ الْغُلَامِ حِينَ قَتَلَهُ وَسَأَلْتَ عَنِ الْمَرْأَةِ وَالْعَبْدِ هَلْ كَانَ لَهُمَا سَهْمٌ مَعْلُومٌ إِذَا حَضَرُوا الْبَأْسَ فَإِنَّهُمْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ سَهْمٌ مَعْلُومٌ إِلَّا أَنْ يُحْذَيَا مِنْ غَنَائِمِ الْقَوْمِ۔

اور وہ عقل اور شعور کے کام کرنے لگے تو اس کو اس کا مال دے دیا جائے گا اور اس کی یتیمی ختم ہو جائے گی، اور تم نے یہ سوال کیا ہے کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین کے بچوں میں سے کسی کو قتل کرتے تھے! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کے بچوں میں کسی کو قتل نہیں کیا سو تم بھی ان کے بچوں میں سے کسی کو قتل نہ کرنا، الا یہ کہ کسی بچے کے بارے میں تم کو ایسا علم ہو جیسا کہ حضرت خضر علیہ السلام کو اس بچہ کے متعلق علم تھا جس کو انھوں نے قتل کر دیا تھا، اور تم نے عورت اور غلام کے متعلق پوچھا ہے کہ اگر وہ جہاد میں جائیں تو کیا مال غنیمت میں ان کا حصہ مقرر ہے؟ ان کا کوئی حصہ مقرر نہیں ہے، البتہ ان کو مال غنیمت میں سے عطیہ دیا جا سکتا ہے۔

٤٥٧٥ - وَحَدَّثَنِي أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَذَكَرَ بَعْضَ الْحَدِيثِ وَلَمْ يُتِمَّ الْقِصَّةَ كَإِتْمَامِ مَنْ ذَكَرْنَا حَدِيثَهُمْ۔

یزید بن ہرمز بیان کرتے ہیں کہ نجدہ نے حضرت ابن عباس کی طرف خط لکھا اور اس حدیث کا کچھ حصہ بیان کیا اور اس راوی نے پورا قصہ بیان نہیں کیا جیسا کہ دوسری حدیثوں میں ہے۔

خارجیوں کو حروری کہنے کی وجہ

نجدہ بن عامر حروری خارجی تھا، اور خارجیوں کا عقیدہ یہ تھا کہ گناہ صغیرہ کا ارتکاب بھی کفر ہے یہ لوگ حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما دونوں کی تکفیر کرتے تھے کیونکہ بقول ان کے انھوں نے حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کو حکم بنا کر ان الحکم الا للّٰہ (یوسف: ٤٠) "حاکمیت صرف اللہ کی ہے" کی مخالفت کی ہے یہ لوگ مستحبات کو فرائض کا درجہ دیتے تھے۔ اور یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کا مصداق تھے "یہ لوگ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔"

اس باب کی احادیث میں نجدہ بن عامر کو حروری لکھا ہے، علامہ یاقوت حموی لکھتے ہیں حروراء کوفہ سے دو میل کے فاصلہ پر ایک جگہ ہے، واقعہ تحکیم کے بعد پہلی بار اس جگہ خوارج جمع ہوئے اور انھوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مخالفت کی

اور چونکہ خارجیوں کی داغ بیل اسی جگہ سے پڑی تھی اس لیے خارجیوں کو حروری کہا جانے لگا۔ [1]

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما خوارج کو ان کی بدعات کی وجہ سے ناپسند کرتے تھے لیکن جب انہوں نے آپ سے دین کا ایک مسئلہ پوچھا تو آپ نے علم چھپانے کو ناپسند کیا اور قرآن مجید میں علم چھپانے پر جو وعید ہے اس سے ڈرے اور ان کے سوالات کے جوابات لکھوا کر بھیج دیے۔

جہاد میں شریک ہونے والے غلام اور عورت کو مال غنیمت سے حصہ دینے میں مذاہب فقہاء

امام ابوحنیفہ، امام شافعی، ثوری، لیث اور جمہور فقہاء اسلام کا مسلک یہ ہے کہ عورت اور غلام کا مال غنیمت میں حصہ مقرر نہیں ہے، البتہ اس کو عطیہ دیا جائے گا، جیسا کہ اس باب کی احادیث صحیحہ میں ہے، امام اوزاعی یہ کہتے ہیں کہ اگر عورت زخمیوں کا علاج کرے یا جنگ میں حصہ لے اور قتال کرے تو اس کا اس میں حصہ بھی مقرر ہوگا، اور امام مالک یہ کہتے ہیں کہ عورت کو عطیہ بھی نہیں دیا جائے گا اسی طرح امام مالک غلام کو بھی عطیہ دینے کے قائل نہیں ہیں اور حسن، ابن سیرین اور نخعی یہ کہتے ہیں کہ غلام اگر قتال کرے تو مال غنیمت سے اس کو حصہ ملے گا۔ امام مالک اور اوزاعی وغیرہ کے مذاہب چونکہ احادیث صحیحہ کے خلاف ہیں اس لیے مردود ہیں۔ [2]

عورتوں کے جہاد میں شریک ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے محارم کے علاج کے لیے جا سکتی ہیں اور اگر شدید ضرورت ہو تو ستر اور حجاب کے ساتھ اجنبی مردوں کو بھی دوا دارو اور پانی وغیرہ دے سکتی ہے۔ اس حدیث میں مشرکین کی عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے، یہ اس وقت ہے جب وہ مسلمانوں کے خلاف لڑائی میں حصہ نہ لیں اور اگر وہ مسلمانوں کے خلاف جنگ کریں تو پھر ان کو قتل کرنا جائز ہے۔

کم عقل والے بالغ شخص کو مال میں تصرف کرنے سے روکنے کے بارے میں مذاہب فقہاء

اس حدیث میں یہ بتایا ہے کہ بلوغ کے بعد یتیمی ختم ہو جاتی ہے، بشرطیکہ یتیم عقل اور شعور کے کام کرنے لگے، علامہ نووی شافعی لکھتے ہیں کہ امام شافعی، امام مالک اور جمہور فقہاء اسلام نے اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے کہ محض بالغ ہو جانے یا زیادہ عمر ہو جانے سے یتیمی کا حکم منقطع نہیں ہوتا بلکہ اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ دین اور مال میں اس سے عقل اور شعور کے آثار ظاہر ہوں، امام ابوحنیفہ نے یہ کہا ہے کہ جب اس کی عمر پچیس سال کی ہو جائے تو اس سے بچپن کا حکم منقطع ہو جائے گا اور اسے اس کے مال کے تصرف میں رشید (صحیح تصرف کرنے والا) قرار دیا جائے گا اور یتیم کے ولی پر واجب ہے کہ اتنی عمر میں یتیم کا مال اس کے سپرد کر دے خواہ وہ اس مال کو ٹھیک طور پر خرچ نہ کرے، اور بڑی عمر کا شخص جب اپنے

---

[1] علامہ شہاب الدین ابوعبداللہ یاقوت بن عبداللہ حموی رومی بغدادی متوفی ۶۲۶ھ معجم البلدان ج ۲ ص ۲۴۵ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۳۹۹ھ

[2] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، [illegible] ۱۳۷۵ھ

مال میں فضول خرچی کرے تو امام مالک اور جمہور فقہاء اسلام کے نزدیک اس کو مالی تصرفات سے روک دینا واجب ہے امام ابوحنیفہ کہتے ہیں اس کو نہیں روکا جائے گا، ابن قصار وغیرہ نے کہا ہے کہ پہلا قول صحیح ہے اور اس پر تقریباً اجماع ہے[1]۔

کم عقل والے بالغ شخص کو مال میں تصرف کرنے سے روکنے کے بارے میں فقہاء احناف کے نظریات

علامہ ابوالحسن المرغینانی حنفی لکھتے ہیں:

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جو شخص آزاد، بالغ، عاقل اور واہی ہو اس کا اپنے مال میں تصرف کرنا جائز ہے، خواہ وہ فضول خرچ کرتا ہو اور اپنے مال کو عبث اور بے فائدہ امور میں خرچ کرتا ہو۔ امام ابویوسف اور امام محمد یہ کہتے ہیں کہ بے وقوف شخص کو اپنے مال میں تصرف کرنے سے روکا جائے گا کیونکہ وہ اپنے مال کو فضول خرچ کرتا ہے اور بغیر کسی مصلحت اور عاقبت محمودہ کے اپنے مال کو صرف کرتا ہے، سو جس طرح نابالغ بچہ کو مال میں تصرف کرنے سے روکا جاتا ہے اسی طرح اس کو بھی روکا جائے گا بلکہ اس کو روکنا اولیٰ ہے، کیونکہ بچہ کے بارے میں تو یہ احتمال ہے کہ شاید وہ مال کو غلط جگہ پر خرچ کر دے اور اس کے متعلق تو یقین ہے کہ یہ مال کو بے فائدہ خرچ کر کے ضائع کر دے گا اس وجہ سے اس کو مال نہیں دیا جائے گا۔ (یہ بحث اس وقت ہے جب وراثت یا ہبہ کی شکل میں کسی کا مال اس کے ولی کے پاس امانت ہو، علامہ خوارزمی حنفی لکھتے ہیں کہ اس پر اجماع ہے کہ جب تک اس کی عمر پچیس سال کی نہیں ہو جاتی اس وقت تک اس کا مال اس کی تحویل میں نہیں دیا جائے گا اور امام ابویوسف اور امام محمد یہ کہتے ہیں کہ جب تک یہ بے وقوف ہے اس کا مال اس کو نہیں دیا جائے گا۔
(کفایہ علی ہامش فتح القدیر ج ۸ ص ۱۹۲)۔

امام ابوحنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ وہ شخص احکام شرعیہ کا مکلف اور مخاطب ہے اور صاحب عقل ہے اس لیے وہ رجل رشید ہے اور اس کے مال پر پابندی نہیں لگائی جائے گی نیز اس کے مالی تصرفات کو سلب کرنا اس کو آدمیت سے نکال کر حیوانات کے ساتھ لاحق کرنا ہے، اور یہ اس کی فضول خرچی کے ضرر سے بڑا ضرر ہے اس لیے بغیر کسی اشد ضرورت کے اس کو تصرفات سے نہیں روکا جائے گا، ہاں اگر اس پر پابندی لگانے سے کسی ضرر عام کو دفع کرنا مقصود ہو تو پھر اس پر پابندی لگائی جائے گی۔ مثلاً ایک جاہل طبیب ہے (یا غیر سند یافتہ ڈاکٹر ہے جو غلط سلط دوائیں دے کر لوگوں کی جانوں سے کھیلتا ہے) یا نیم خواندہ مفتی ہے (جو لوگوں کو علم اور تحقیق کے بغیر مسائل بتا کر ان کو غلط راہ پر لگاتا ہے) یا لوگوں سے کسی چیز کو کرائے پر دینے کے لیے پیسے لیتا ہے اور اس کے پاس وہ چیز نہیں ہے اور اس طرح لوگوں کے پیسے ہڑپ کر جاتا ہے تو ایسے لوگوں کو علاج کرنے، مسئلہ بتلانے اور کرائے کے بہانے پیسے لینے سے روکا جائے گا کیونکہ اگر ان لوگوں کو تصرفات سے نہ روکا گیا تو اس سے عام لوگوں کو ضرر ہوگا اور یہ ان کے تصرفات پر پابندی لگانے کے ضرر سے زیادہ بڑا ضرر ہے۔

امام ابویوسف اور امام محمد نے بے وقوف شخص کو بچہ پر قیاس کیا تھا اور کہا تھا جس طرح بچہ کو مالی تصرفات سے روکا جاتا ہے اسی طرح بڑی عمر کے بے وقوف شخص کو بھی روکا جائے گا، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ قیاس صحیح نہیں ہے کیونکہ

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

بچہ غور و فکر کی صلاحیت نہیں رکھتا اور پچیس سالہ انسان غور و فکر پر قادر ہوتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ نے عقل اور فہم عطا کیا ہے وہ اپنی غلط تدبیر اور ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے صحیح تصرف نہیں کرتا اور پچیس سال سے پہلے اس کو مال نہ دینا مفید ہے کیونکہ جب اس کے قبضہ میں مال نہیں ہوگا تو بے مقصد اور صدقہ نہیں کرے گا۔ [1]

بَابُ عَدَدِ غَزَوَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [۶۱۹]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کی تعداد

۴۵۷۶ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ الْاَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ اَخْلُفُهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ فَاَصْنَعُ لَهُمُ الطَّعَامَ وَاُدَاوِي الْجَرْحٰى وَاَقُوْمُ عَلَى الْمَرْضٰى۔

حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں سات غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گئی تھی، میں مجاہدین کے عقب میں خیموں میں رہتی تھی۔ مجاہدین کے لیے کھانا تیار کرتی، زخمیوں کو دوا دیتی اور بیماروں کی عیادت کرتی۔

۴۵۷۷ - وَحَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هٰرُوْنَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ۔

امام مسلم نے ایک اور سند سے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

۴۵۷۸ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ خَرَجَ يَسْتَسْقِيْ بِالنَّاسِ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ اسْتَسْقٰى قَالَ فَلَقِيْتُ يَوْمَئِذٍ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ وَقَالَ لَيْسَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ غَيْرُ رَجُلٍ اَوْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ رَجُلٌ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ كَمْ غَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تِسْعَ عَشْرَةَ فَقُلْتُ كَمْ غَزَوْتَ اَنْتَ مَعَهُ قَالَ سَبْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً قَالَ فَقُلْتُ فَمَا اَوَّلُ غَزْوَةٍ

ابو اسحاق بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن یزید نماز استسقاء پڑھانے گئے، دو رکعت نماز استسقاء پڑھا کر انھوں نے بارش کے لیے دعا کی، اس دن میری حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، میرے اور ان کے درمیان صرف ایک آدمی تھا، میں نے ان سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتنے غزوات میں تشریف لے گئے تھے؟ انھوں نے کہا انیس[۱۹] غزوات میں۔ میں نے پوچھا کہ آپ کتنے غزوات میں حضور کے ساتھ تھے؟ انھوں نے کہا سترہ غزوات میں، میں نے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے پہلا غزوہ کون سا تھا؟ انھوں نے ذات العسیر یا ذات العشیر کہا۔

[1] علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی [illegible] ہدایہ [illegible] مطبوعہ شرکت علمیہ ملتان۔

غَزَاهَا قَالَ ذَاتُ الْعُسَيْرِ اَوِ الْعُشَيْرِ۔

۴۵۷۹ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ سَمِعَهُ مِنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً وَحَجَّ بَعْدَ مَا هَاجَرَ حَجَّةً لَمْ يَحُجَّ غَيْرَهَا حَجَّةَ الْوَدَاعِ۔

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم انیس غزوات میں گئے اور ہجرت کے بعد آپ نے ایک حج کیا اور حجۃ الوداع کے سوا اور کوئی حج نہیں کیا۔

۴۵۸۰ - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ اَخْبَرَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً قَالَ جَابِرٌ لَمْ اَشْهَدْ بَدْرًا وَلَا اُحُدًا مَنَعَنِيْ اَبِيْ فَلَمَّا قُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ يَوْمَ اُحُدٍ لَمْ اَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةٍ قَطُّ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں انیس غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا، البتہ بدر اور احد میں شریک نہیں تھا، مجھے میرے والد نے روک دیا تھا، اور جب جنگ احد میں عبداللہ (میرے والد) شہید ہو گئے تو پھر میں نے کسی غزوہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا ساتھ نہیں چھوڑا۔

۴۵۸۱ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ح وَحَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ تُمَيْلَةَ قَالَا جَمِيْعًا حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ غَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً قَاتَلَ فِيْ ثَمَانٍ مِّنْهُنَّ وَلَمْ يَقُلْ اَبُوْبَكْرٍ مِنْهُنَّ وَقَالَ فِيْ حَدِيْثِهِ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ۔

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انیس غزوات میں گئے، آپ نے ان میں سے آٹھ غزوات میں جنگ کی، راوی ابوبکر نے "ان میں سے" کا ذکر نہیں کیا اور "عن" کی بجائے حدثنی عبداللہ بن بریدہ کہا۔

۴۵۸۲ - وَحَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ كَهْمَسٍ

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سولہ غزوات میں

عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ غَزَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّ عَشْرَةَ غَزْوَةً۔

شریک رہا۔

۴۵۸۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَاعِيلَ عَنْ يَزِيدَ وَهُوَ ابْنُ أَبِي عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَلَمَةَ يَقُولُ غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ وَخَرَجْتُ فِيمَا يَبْعَثُ مِنَ الْبُعُوثِ تِسْعَ غَزَوَاتٍ مَرَّةً عَلَيْنَا أَبُو بَكْرٍ وَمَرَّةً عَلَيْنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ۔

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات غزوات میں شریک تھا اور جو لشکر آپ نے روانہ کیے ان میں نو مرتبہ شریک رہا۔ ایک مرتبہ ہمارے سردار حضرت ابوبکر تھے اور ایک مرتبہ حضرت اسامہ بن زید تھے۔

۴۵۸۴۔ وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فِي كِلْتَيْهِمَا سَبْعَ غَزَوَاتٍ۔

امام مسلم نے ایک اور سند سے یہ حدیث روایت کی ہے اس میں دونوں جگہ سات کا عدد مذکور ہے۔

غزوات اور سرایا کی تحقیق اس باب میں حضرت زید بن ارقم، حضرت جابر اور حضرت بریدہ رضی اللہ عنہم کی روایات کا ذکر ہے، ان میں بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انیس[۱۹] غزوات میں تشریف لے گئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات اور دیگر لشکروں کی تعداد میں اہل مغازی کا اختلاف ہے، امام ابن سعد وغیرہ نے تفصیل اور ترتیب کے ساتھ ستائیس[۲۷] غزوات اور چھپن[۵۶] دیگر لشکروں کا ذکر کیا ہے اور یہ بیان کیا ہے کہ نو[۹] غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفس نفیس قتال کیا ہے، وہ غزوات یہ ہیں، بدر، احد، مریسیع، خندق، قریظہ، خیبر، مکہ، حنین اور طائف۔ [۱]

اس باب کی حدیث نمبر ۴۵۸۱ میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹھ غزوات میں قتال کیا، حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس کی یہ توجیہ کی ہے کہ قریظہ اور احزاب (خندق) دونوں کو ایک غزوہ ہی شمار کیا گیا ہے، اس وجہ سے حضرت بریدہ نے یہ کہا کہ آپ نے آٹھ غزوات میں قتال کیا۔ [۲]

۱۔ علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۱۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ ھ
۲۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن [illegible] مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ ھ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کا تاریخ وار بیان

امام محمد بن سعد نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے غزوات اور سرایا کا ترتیب وار بیان کیا ہم یہاں اس کو اختصار کے ساتھ نقل کر رہے ہیں۔

نمبر شمار	غزوہ کا نام	تاریخ	نمبر شمار	غزوہ کا نام	تاریخ
۱	غزوہ الابواء	ہجرت کے بارہ ماہ بعد صفر میں	۱۳	غزوہ بنو نضیر	ہجرت کے سینتیس ماہ بعد ربیع الاول ۴ ہجری
۲	غزوہ بواط	ہجرت کے تیرہ ماہ بعد ربیع الاول میں۔	۱۴	غزوہ بدر الموعد	ہجرت کے پینتالیس؟ ماہ بعد، ذوالقعدہ میں۔
۳	غزوہ طلب کرز بن جابر فہری	ہجرت کے ۱۳ ماہ بعد ربیع الاول میں۔	۱۵	غزوہ ذات الرقاع	ہجرت کے سینتالیس؟ ماہ بعد محرم میں۔
۴	غزوہ ذی العشیرہ	ہجرت کے سولہ ماہ بعد جمادی الآخرہ میں	۱۶	غزوہ دومۃ الجندل	ہجرت کے انچاس؟ ماہ بعد، ربیع الاول میں۔
۵	غزوہ بدر	سترہ رمضان ۲ھ	۱۷	غزوہ المریسیع	شعبان ۵ ہجری
۶	غزوہ بنو قینقاع	ہجرت کے بیس ماہ بعد نصف شوال میں۔	۱۸	غزوہ الاحزاب	ذوالقعدہ ۵ ہجری
۷	غزوۃ السویق	ہجرت کے بائیس ماہ بعد پانچ ذوالحجہ	۱۹	غزوہ بنو قریظہ	ذوالقعدہ ۵ ہجری
۸	غزوہ قرقرہ الکدر	ہجرت کے تیئیس ماہ بعد، ۱۵ محرم	۲۰	غزوہ بنی لحیان	ربیع الاول ۶ ہجری
۹	غزوہ غطفان	ہجرت کے پچیس ماہ بعد، ربیع الاول میں۔	۲۱	غزوہ الغابہ	ربیع الاول ۶ ہجری
۱۰	غزوہ بنی سلیم	ہجرت کے ستائیس ماہ بعد، چھ جمادی الاول۔	۲۲	غزوہ الحدیبیہ	ذوالقعدہ ۶ ہجری
۱۱	غزوہ احد	ہجرت کے بتیس ماہ بعد، سات شوال۔	۲۳	غزوہ خیبر	جمادی الاول ۷ ہجری
۱۲	غزوہ حمراء الاسد	ہجرت کے بتیس ماہ بعد ۸ شوال	۲۴	غزوہ فتح مکہ	رمضان ۸ ہجری
			۲۵	غزوہ حنین	شوال ۸ ہجری
			۲۶	غزوہ طائف	شوال ۸ ہجری
			۲۷	غزوہ تبوک	رجب ۹ ہجری
			..	..	..
			..	..	..
			..	..	..

یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ۲۷ غزوات کی تاریخ وار تفصیل ہے، جن کو امام محمد بن سعد نے طبقات کبری کی جلد ثانی میں بیان کیا ہے۔ امام ابن سعد نے چھپن سرایا کا بھی تفصیل سے تاریخ وار ذکر کیا ہے، اس باب کی احادیث میں چونکہ صرف غزوات کا ذکر ہے اس لیے ہم نے غزوات کی تعداد کو بیان کیا ہے۔ جو حضرات سرایا کی تفصیل جاننا چاہتے ہوں وہ طبقات کبری جلد ثانی کا مطالعہ کریں۔

بَابُ ۶۲ غَزْوَةِ ذَاتِ الرِّقَاعِ

غزوہ ذات الرقاع

۴۵۸۵۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ وَاللَّفْظُ لِأَبِيْ عَامِرٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ أَبِيْ مُوْسٰى قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزَاةٍ وَنَحْنُ سِتَّةُ نَفَرٍ بَيْنَنَا بَعِيْرٌ نَعْتَقِبُهُ قَالَ فَنَقِبَتْ أَقْدَامُنَا فَنَقِبَتْ قَدَمَايَ وَسَقَطَتْ أَظْفَارِيْ فَكُنَّا نَلُفُّ عَلٰى أَرْجُلِنَا الْخِرَقَ فَسُمِّيَتْ غَزْوَةَ ذَاتِ الرِّقَاعِ لِمَا كُنَّا نُعَصِّبُ عَلٰى أَرْجُلِنَا مِنَ الْخِرَقِ قَالَ أَبُوْ بُرْدَةَ فَحَدَّثَ أَبُوْ مُوْسٰى بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ثُمَّ كَرِهَ ذٰلِكَ قَالَ كَأَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَكُوْنَ شَيْئًا مِنْ عَمَلِهِ أَفْشَاهُ قَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ وَزَادَنِيْ غَيْرُ بُرَيْدٍ وَاللّٰهُ يَجْزِيْ بِهِ۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں گئے، ہم میں سے چھ آدمیوں کے حصہ میں ایک اونٹ تھا جس پر ہم باری باری سوار ہوتے تھے، ہمارے پیر زخمی ہو گئے، اور میرے ناخن نکل گئے، ہم نے ان زخموں پر چیتھڑے لپیٹے، اس وجہ سے اس غزوہ کا نام غزوہ ذات الرقاع پڑ گیا، حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ نے یہ حدیث بیان کی پھر ان کو اس حدیث کا بیان کرنا ناگوار ہوا، شاید وہ اپنے کسی عمل کو ظاہر نہیں کرنا چاہتے تھے، ابو اسامہ بیان کرتے ہیں کہ برید کے علاوہ دوسرے راویوں نے اس حدیث میں یہ اضافہ بھی کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس محنت کا اجر دے گا۔

غزوہ ذات الرقاع کی وجہ تسمیہ اس باب کی حدیث میں ہے کہ ہم نے زخموں پر چیتھڑے لپیٹے اس وجہ سے اس غزوہ کا نام ذات الرقاع پڑ گیا، اس غزوہ کو ذات الرقاع کہنے کی یہی وجہ صحیح ہے، ایک وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ وہاں ایک پہاڑ تھا جس میں سیاہی، سفیدی اور سرخی تھی، اس وجہ سے اس کو ذات الرقاع کہتے ہیں، ایک وجہ یہ ہے کہ وہاں ذات الرقاع نام کا ایک درخت تھا، ایک قول یہ ہے کہ ان کے جھنڈوں میں پیوند لگے ہوئے تھے اس وجہ سے اس کو غزوہ ذات الرقاع کہتے ہیں۔ رقاع رقعہ کی جمع ہے جس کا معنی پیوند ہے۔

نیک اعمال کے اخفاء کا استحباب

حضرت ابوموسیٰ نے یہ حدیث بیان کی اور پھر ان کو اس حدیث کا بیان کرنا ناگوار ہوا اس کی وجہ یہ تھی کہ اس حدیث میں ان کے نیک اعمال کا ذکر تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی راہ میں بندے کو جو مشقت پیش آئے اور دیگر اعمال صالح کو چھپانا مستحب ہے اور بغیر کسی مصلحت کے اپنے کسی نیک عمل کو ظاہر نہ کرے، ہاں اگر اپنے کسی نیک عمل کا حکم بیان کرنا ہو، یا اس کی اقتداء پر کسی کو ابھارنا ہو تو پھر اس عمل کا اظہار کرنا استحباب کے خلاف نہیں ہے۔

بَابٌ ۶۲۱ كَرَاهَةِ الْاِسْتِعَانَةِ فِي الْغَزْوِ بِكَافِرٍ

جہاد میں کافر سے مدد لینے کی کراہت

۴۵۸۶ - حَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مَالِكٍ ح وَ حَدَّثَنِيْهِ اَبُو الطَّاهِرِ وَاللَّفْظُ لَهٗ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ نِيَارٍ الْاَسْلَمِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا قَالَتْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ بَدْرٍ فَلَمَّا كَانَ بِحَرَّةِ الْوَبَرَةِ اَدْرَكَهٗ رَجُلٌ قَدْ كَانَ يُذْكَرُ مِنْهُ جُرْاَةٌ وَّنَجْدَةٌ فَفَرِحَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ رَاَوْهُ فَلَمَّا اَدْرَكَهٗ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِئْتُ لِاَتَّبِعَكَ وَاُصِيْبَ مَعَكَ قَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ قَالَ لَا قَالَ فَارْجِعْ فَلَنْ اَسْتَعِيْنَ بِمُشْرِكٍ قَالَتْ ثُمَّ مَضٰى حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِالشَّجَرَةِ اَدْرَكَهُ الرَّجُلُ فَقَالَ لَهٗ كَمَا قَالَ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَقَالَ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بدر کی طرف گئے، جب آپ حرۃ الوبرہ (مدینہ سے چار میل کے فاصلہ پر ایک جگہ) میں پہنچے تو آپ کو ایک شخص ملا جس کی بہادری اور دلیری کا بہت چرچا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے جب اس کو دیکھا تو بہت خوش ہوئے، جب وہ آپ سے ملا تو اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا میں اس لیے آیا ہوں کہ آپ کے ہمراہ لڑوں اور جو مال ملے اس سے حصہ پاؤں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کیا تو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہے؟ اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا لوٹ جاؤ، میں کسی مشرک سے ہرگز مدد نہیں لوں گا، آپ آگے چلے گئے حتیٰ کہ جب ہم شجرہ پر پہنچے تو وہ شخص پھر آپ سے ملا، اور اس نے وہی درخواست کی جو پہلے کی تھی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو وہی جواب دیا جو پہلے دیا تھا، اور فرمایا لوٹ جاؤ میں کسی مشرک سے ہرگز مدد نہیں لوں گا، وہ لوٹ گیا اور پھر آپ سے مقام بیداء میں ملا آپ نے فرمایا کیا تو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاتا ہے اس نے کہا ہاں: پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اب چلو۔

لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا قَالَ أَوَّلَ مَرَّةٍ قَالَ فَارْجِعْ فَلَنْ أَسْتَعِينَ بِمُشْرِكٍ قَالَ ثُمَّ رَجَعَ فَأَدْرَكَهُ بِالْبَيْدَاءِ فَقَالَ لَهُ كَمَا قَالَ أَوَّلَ مَرَّةٍ تُؤْمِنُ بِاللهِ وَرَسُولِهِ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلِقْ.

جہاد میں کفار سے مدد حاصل کرنے کی تحقیق

اس باب کی حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے کہ میں مشرک سے ہرگز مدد نہیں لوں گا، علامہ نووی لکھتے ہیں دوسری حدیث میں یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صفوان بن امیہ کے اسلام لانے سے پہلے ان سے مدد لی، بعض علماء نے پہلی حدیث پر علی الاطلاق عمل کیا اور مشرک سے مدد لینے کو مطلقاً ناجائز کہا اور امام شافعی اور دوسرے فقہاء نے یہ کہا کہ اگر کافر کی مسلمانوں کے متعلق اچھی رائے ہو اور اس سے مدد لینے کی ضرورت ہو تو اس سے مدد لی جائے گی ورنہ اس سے مدد لینا مکروہ ہے، محدثین نے ان دونوں حدیثوں کو دو مختلف حالوں پر محمول کیا ہے اور جب مسلمانوں کی اجازت سے کافر جہاد میں حاضر ہو تو اس کو عطیہ اور انعام وغیرہ دیا جائے گا اور مال غنیمت میں اس کا حصہ نہیں ہوگا۔ امام مالک، امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور جمہور فقہاء کا یہی مسلک ہے اور زہری اور اوزاعی نے یہ کہا ہے کہ مال غنیمت سے ان کا حصہ ہوگا۔[1]

آج بروز بدھ مورخہ ۱۰ رجب ۱۴۱۰ھ بمطابق ۷ فروری ۱۹۹۰ء کتاب الجہاد اختتام کو پہنچی۔ الہ العالمین جس طرح تو نے کرم فرمایا اور یہاں تک صحیح مسلم کی شرح لکھنے کی توفیق دی اسی طرح تو اپنے بے پایاں کرم اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے توسل سے صحیح مسلم کی باقی احادیث کی بھی شرح لکھنے کی توفیق عطا فرما، میری اس حقیر سعی کو اپنی اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرما، اور اس کے فیضان کو تا قیامت جاری رکھ، میری، میرے والدین کی شرح صحیح مسلم کے ناشر، جملہ معاونین اور قارئین کی مغفرت فرما، دنیا، برزخ اور آخرت میں ہر بلا، ہر مصیبت اور ہر عذاب سے محفوظ رکھ اور دارین کی سعادتوں اور کامرانیوں کو ہمارا مقدر کر دے۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد خاتم النبیین سید المرسلین اول الشافعین والمشفعین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ من المفسرین والمحدثین والفقہاء والمجتہدین اجمعین۔

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ [illegible] المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب الامارۃ

حکومت اور سلطنت کا وجود انسانوں کی اجتماعی زندگی کے لیے نہایت ضروری ہے، اور سلطنت اور حکومت کا قیام غلبہ اور قہر کے بغیر متصور نہیں ہے، کیونکہ ہر شخص کو دوسرے شخص سے کسی نہ کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے، اور بسا اوقات طاقتور شخص کمزور شخص سے اپنی ضرورت کی چیزیں بزور حاصل کر لیتا ہے، اس لیے ظلم اور جور کو دور کرنے اور عدل اور انصاف کو حاصل کرنے کے لیے کسی قوت حاکمہ کی ضرورت ہوتی ہے، عدل اور انصاف کے قیام کے لیے قوانین کا وجود ناگزیر ہے یہ قوانین اگر انسانوں کے بنائے ہوئے ہوں تو یہ سیاست عقلی کہلائے گی اور اگر یہ قوانین شرعی ہوں تو یہ سیاست شرعی ہوگی، اللہ کا نبی زمین پر اللہ کا نائب اور خلیفہ ہوتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ سے براہ راست احکام حاصل کرتا ہے اور ان احکام کی تفصیل اور تشریح کر کے ان احکام کو بندوں پر نافذ کرتا ہے اور یہی احکام شریعت کہلاتے ہیں۔ دنیاوی حکام جو احکام نافذ کرتے ہیں وہ قانون کہلاتے ہیں اور اللہ اور رسول کے احکام شریعت کہلاتے ہیں، انسانوں کے بنائے ہوئے قانون ناقص اور ناپائیدار ہوتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کامل اور دائمی ہے۔ نبی اللہ کا خلیفہ ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد جو شخص نبی کی شریعت پر عمل کراتا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایات کے مطابق کارِ حکومت سرانجام دیتا ہے وہ نبی کا خلیفہ کہلاتا ہے اور اس کی حکومت کو خلافت کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے۔

خلافت کا لغوی اور شرعی معنی

استخلاف کا معنی ہے کسی کو اپنا خلیفہ اور جانشین بنانا اور خلافت کا معنی ہے نیابت، امامت اور جانشینی۔[1]

علامہ راغب الاصفہانی لکھتے ہیں:

والخلافۃ النیابۃ عن الغیر اما لغیبۃ المنوب عنہ واما لموتہ واما لعجزہ واما لتشریف المستخلف وعلی ھذا الوجہ الاخیر استخلف اللہ اولیاءہ فی الارض۔ وھو الذی جعلکم خلائف الارض۔ وقال یا داؤد انا جعلناک خلیفۃ

خلافت کا معنی ہے کسی شخص کا قائم مقام ہونا اور اس کی چار قسمیں ہیں (۱) اصل شخص کے غائب ہونے کی وجہ سے دوسرا اس کا قائم مقام ہو (۲) اصل شخص کی موت کے بعد دوسرا شخص اس کا قائم مقام ہو (۳) اصل شخص کے عاجز ہونے کی وجہ سے دوسرا اس کے قائم مقام ہو (۴) دوسرے شخص کو اپنی نیابت سے مشرف کرنے کے لیے اس کو اپنا قائم مقام

[1] المنجد ص ۲۹۲ ،مطبوعہ دار الاشاعت کراچی

فی الارض ـ وجعلکم خلفاء من بعد قوم نوح ـ[1]

بنایا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے پسندیدہ بندوں کو زمین پر اس آخری وجہ سے خلیفہ بنایا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: جس ذات نے تم کو زمین کا خلیفہ بنایا، نیز فرمایا: اے داؤد ہم نے تم کو زمین میں خلیفہ بنایا اور فرمایا ہم نے تم کو قوم نوح کے بعد خلیفہ بنایا۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وعد اللہ الذین اٰمنوا منکم وعملوا الصلحت لیستخلفنھم فی الارض کما استخلف من قبلھم ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضی لھم ولیبدلنھم من بعد خوفھم امنا یعبدوننی لا یشرکون بی شیئا ومن کفر بعد ذلک فاولئک ھم الفاسقون۔ (النور: ۵۵)

تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ان میں بعض کے ساتھ اللہ کا وعدہ ہے کہ وہ انھیں ضرور زمین میں خلافت عطا کرے گا جس طرح ان سے پہلے لوگوں کو خلافت عطا کی تھی اور اللہ تعالیٰ ان کے اس دین کو بھی غالب کرے گا جس کو اللہ نے ان کے لیے پسند کر لیا ہے، اور اللہ تعالیٰ ضرور ان کے خوف کو امن اور چین سے بدل دے گا، کہ وہ صرف میری عبادت کریں گے کو میرا شریک نہ ٹھہرائیں اور جس نے اس کے بعد ناشکری کی سو ایسے ہی لوگ فاسق ہیں۔

اس آیت سے یہ معلوم ہوا کہ خلافت ارضی کی یہ بشارت مسلمانوں کے لیے امن اور سکون کا پیغام ہے، قرآن مجید کی ایک اور آیت میں اللہ تعالیٰ نے خلافت کے یہ فرائض بیان فرمائے ہیں:

الذین ان مکنٰھم فی الارض اقاموا الصلوٰۃ واٰتوا الزکوٰۃ وامروا بالمعروف ونھوا عن المنکر وللہ عاقبۃ الامور۔ (الحج: ۴۱)

اگر ہم ان لوگوں کو زمین میں غلبہ اور اقتدار عطا کر دیں، تو وہ نماز قائم کریں گے، زکوٰۃ ادا کریں گے، نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے روکیں گے اور سب چیزوں کا انجام اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار میں ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنے بعد اپنے نائبین کے لیے خلفاء کا لفظ استعمال کیا ہے، امام ابن ماجہ روایت کرتے ہیں:

عن العرباض بن ساریۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سترون من بعدی اختلافا کثیرا شدیدا فعلیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین۔[2]

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم عنقریب میرے بعد بہت اختلاف دیکھو گے اس وقت تم پر میری سنت اور میرے خلفائے راشدین کی سنت پر عمل کرنا لازم ہے۔

۱ـ علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ، المفردات ص ۱۵۶، مطبوعہ المکتبۃ المرتضویہ ایران ۱۳۴۲ھ

۲ـ امام ابو عبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ [illegible] کارخانہ تجارت کتب کراچی

امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن جابر بن سمرۃ یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یزال الاسلام عزیزا الی اثنی عشر خلیفۃ (الی قولہ) کلھم من قریش۔ [1]

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے بارہ خلیفہ پورے ہونے تک اسلام کو غلبہ رہے گا اور فرمایا وہ سب خلفاء قریش سے ہوں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دو حیثیتیں تھیں ایک حیثیت سے آپ مہبط وحی الٰہی تھے اس حیثیت سے آپ احکام الٰہی کی تبلیغ کرتے ــــ اور فرائض رسالت بجالاتے اور دوسری حیثیت سے آپ مسلمانوں کے امیر، قائد اور رہنما تھے اس حیثیت سے آپ اسلامی ریاست کے خارجی اور داخلی امور کی تدبیر فرماتے، تبلیغ اسلام کے لیے جہاد فرماتے، مختلف ملکوں کے بادشاہوں کے نام خطوط لکھواتے اور اندرون ملک احکام الٰہیہ کو عملی طور پر نافذ فرماتے، آپ کے وصال کے بعد آپ کی پہلی حیثیت کا سلسلہ بطور نبوت تو منقطع ہوگیا لیکن آپ کی دوسری حیثیت خلفاء کے روپ میں قائم و دائم رہی اور آپ کی اسی حیثیت کی جانشینی کا نام خلافت ہے۔

آیت استخلاف کی تحقیق

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وعد اللہ الذین امنوا منکم وعملوا الصلحت لیستخلفنھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضی لھم ولیبدلنھم من بعد خوفھم امنا۔
(النور: ۵۵)

تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے ان میں سے بعض کے ساتھ اللہ کا یہ وعدہ ہے کہ وہ انھیں ضرور زمین میں خلافت عطا فرمائے گا جس طرح ان سے پہلے لوگوں کو خلافت عطا کی تھی اور اللہ تعالیٰ ان کے اس دین کو بھی غالب کرے گا جس کو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے پسند کر لیا ہے اور اللہ تعالیٰ ان کے خوف کو ضرور امن اور چین سے بدل دے گا۔

خلافت کے موضوع پر اس آیت کو خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا جاتا ہے اس لیے ہم خلافت کی تحقیق میں اس آیت کی تشریح کرنا چاہتے ہیں۔ یہاں پر یہ بات تحقیق طلب ہے کہ آیا اللہ تعالیٰ نے ہر ہر مسلمان سے خلافت عطا کرنے کا وعدہ کیا ہے یا بعض مسلمانوں سے؟ ہر ہر مسلمان سے اس وعدہ کا ہونا اس لیے صحیح نہیں ہے کہ واقع میں ہر ہر مسلمان کو روئے زمین کا ــــ خلیفہ نہیں بنایا گیا ــــــــــــــ مثلاً جس طرح حضرت داؤد اور حضرت سلیمان کو خلیفہ بنایا گیا یا جس طرح فرعون کے بعد بنی اسرائیل کو زمین پر غلبہ دیا گیا اس طرح ہر ہر مسلمان کو زمین کا خلیفہ نہیں بنایا گیا یا بطور کرامت مسلمہ کا ہر ہر فرد زمین پر خلیفہ اور صاحب اقتدار ہو، ثانیاً یہ عقلاً بھی باطل ہے کیونکہ جب ہر شخص خلیفہ، صاحب اقتدار اور حاکم ہو تو پھر محکوم کون ہوگا؟ بلکہ اس سے ہر شخص کا حاکم اور محکوم ہونا لازم آئے گا اور یہ بداہتہ باطل ہے اگر یہ کہا جائے کہ اس آیت میں خلافت سے اقتدار مراد نہیں ہے بلکہ اس سے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی طاقتوں سے تصرف

---

[1] امام ابو الحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۱۹، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی، ۱۳۷۵ھ

کرنا مراد ہے۔ تو اس معنی میں مسلمانوں اور نیکوکاروں کی کوئی تخصیص نہیں ہے کیونکہ اس معنی میں تمام اولادِ آدم اللہ کی خلیفہ ہے ثالثاً اس آیت میں من تبعیضیہ ہے کیونکہ من ابتدائیہ، بیانیہ یا زائدہ یہاں متصور نہیں ہے اور یہ اس بات کی واضح نص ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ بعض صالح مومنوں سے فرمایا ہے نہ کہ سب مسلمانوں سے اور اس آیت کے بلاواسطہ مخاطب حضرات صحابہ کرام تھے، اور جس وقت سورۂ نور نازل ہوئی اس وقت مسلمانوں پر حالت خوف طاری تھی کیونکہ اس وقت تک سرزمین حجاز میں اسلام کی جڑیں مضبوط نہیں ہوئی تھیں، اس کے کچھ عرصہ بعد یہ وعدہ پورا ہوا جب نہ صرف یہ کہ اسلام سرزمین حجاز میں پھیلا بلکہ خطۂ عرب سے لے کر براعظم افریقہ، براعظم ایشیا اور براعظم یورپ میں اندلس تک اذانیں گونجنے لگیں۔ اور اسلام کا یہ عظیم الشان غلبہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے دورِ خلافت میں حاصل ہوا اس لیے آیت استخلاف کے اولین مصداق خلفاء ثلاثہ ہیں کیونکہ انہیں کے دور میں اسلام کو فتوحات حاصل ہوئیں، حضرت علی کا دورِ خلافت مسلمانوں کے باہمی جنگ و جدال میں گزرا اور ان کے دور میں اسلام کو فتوحات کے ذریعہ غلبہ حاصل نہیں ہو سکا۔

اگر من تبعیضیہ سے صرف نظر کر لی جائے اور یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام امت مسلمہ کو خلافت عطا کرنے کا وعدہ کیا ہے تو یہ تو بالکل ظاہر ہے کہ امت مسلمہ کا ہر فرد اقتدار اعلیٰ کا حامل نہیں ہو سکتا، اس لیے اب یہ معنی مراد ہوگا کہ ہر مومن اپنی جگہ اللہ تعالیٰ کا خلیفہ ہے اور خلیفہ ہونے کی حیثیت سے ہر شخص فرداً فرداً اللہ تعالیٰ کے سامنے جواب دہ ہے جیسا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنو تم میں سے ہر شخص حاکم ہے اور ہر شخص سے اس کی رعایا کے بارے میں پرسش ہوگی، مرد اپنے اہل خانہ کا حاکم ہے اور اس سے اس کی رعایا کے متعلق پرسش ہوگی، اور عورت اپنے خاوند کے گھر اور اس کے بچوں کی حاکم ہے اور اس سے ان کے بارے میں پرسش ہوگی اور نوکر اپنے مالک کے مال میں حاکم ہے اور اس سے اس کے بارے میں پرسش ہوگی، سنو تم میں سے ہر شخص حاکم ہے، اور ہر شخص سے اس کی رعایا کے متعلق پوچھ گچھ ہوگی[1] اس معنی کے لحاظ سے اس آیت سے یہ بات نکلتی ہے کہ اسلامی حکومت میں تمام مسلمان اقتدار میں شریک ہوتے ہیں اور مسلمانوں کا امیر صرف انتظامی سربراہ ہوتا ہے، ریاست کا یا مسلمانوں کا مالک نہیں ہوتا، اور یہ کہ ریاست کا ہر باشندہ خلافت اور حکومت میں برابر کا شریک ہوتا ہے، ریاست میں نسلی یا طبقاتی امتیازات کا کوئی تصور نہیں ہوتا، اس لیے ریاست کے تمام باشندے ایک دوسرے کے مساوی ہوں گے اور جس شخص میں ترقی کی جس قدر صلاحیت اور قابلیت ہوگی وہ اس قدر آگے بڑھ سکے گا۔

خلافت کی تعریف

علامہ میر سید شریف لکھتے ہیں:

قال قوم من اصحابنا الامامۃ ریاسۃ عامۃ فی امور الدین والدنیا ونقض ھذا التعریف بالنبوۃ والاولی ان یقال ھی خلافۃ الرسول فی اقامۃ الدین وحفظ حوزۃ الملۃ بحیث

ہمارے بعض علماء نے امامت کی یہ تعریف کی ہے کہ دین اور دنیا کی ریاست کو امامت کہتے ہیں لیکن یہ تعریف نبوت پر بھی صادق آتی ہے اس لیے اولیٰ یہ ہے کہ دین کے قائم کرنے اور ملت بیضاء کی حفاظت کرنے میں

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی [illegible] صحیح بخاری [illegible] اصح المطابع کراچی، [illegible]

اتباعه علی کافة الامة[1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانشینی کو امامت کہتے ہیں اس حیثیت سے کہ تمام امت مسلمہ پر اس کی اتباع واجب ہو۔

شاہ ولی اللہ دہلوی خلافت عامہ کی تعریف میں لکھتے ہیں:

هی الریاسة العامة فی التصدی لاقامة الدین باحیاء العلوم الدینیة واقامة ارکان الاسلام والقیام بالجهاد وما یتعلق به من ترتیب الجیوش والفرض للمقاتلة واعطائهم من الفیئ والقیام بالقضاء واقامة الحدود ودفع المظالم والامر بالمعروف والنهی عن المنکر نیابة عن النبی صلی الله علیه وسلم[2]

علوم دینیہ کی ترویج اور اشاعت سے دین کو قائم کرنے، ارکان اسلام کو قائم کرنے، جہاد اور اس کے متعلق امور یعنی لشکروں کو ترتیب دینے، مجاہدین کے حصے مقرر کرنے اور مال غنیمت سے ان کو حصے دینے، قاضیوں کے تقرر کرنے، ظالموں کو سزا دینے اور حدود قائم کرنے نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نیابت سے روئے زمین کے تمام مسلمانوں کی امارت عامہ کو خلافت کہتے ہیں۔

پھر ریاست عامہ کی تفصیل کرتے ہوئے شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم قرآن اور سنت کی تعلیم دیتے تھے اور وعظ و نصیحت کرتے تھے، جمعہ، عید اور پانچوں نمازوں کی جماعت کراتے تھے، ہر محلہ میں نماز کا امام مقرر کرتے تھے، مالداروں سے زکوٰۃ وصول کر کے مستحقین پر خرچ کرتے تھے، ہلال رمضان اور ہلال عید کی شہادت قبول کرتے اور اس کے مطابق رمضان اور عید کا اعلان فرماتے تھے، حج کو قائم کرتے، نو ہجری میں حضرت ابوبکر کو حج کا امیر بنا کر بھیجا اور مسلمانوں کے حج کا انتظام فرمایا، جہاد کا اہتمام فرماتے اور لشکر تیار کرتے اس کا امیر مقرر فرماتے، لوگوں کے مقدمات میں فیصلہ فرماتے، اسلامی شہروں میں قاضی مقرر کر کے بھیجتے، حدود قائم فرماتے، نیکی کا حکم دیتے اور برائی سے روکتے، اور جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رفیق اعلیٰ سے واصل ہو گئے تب بھی دین کو اسی تفصیل کے ساتھ قائم کرنا واجب ہے اور دین کو اس تفصیل کے ساتھ قائم کرنا اس پر موقوف ہے کہ ایک ایسے شخص کو مقرر کیا جائے جو ان احکام کو نافذ کرنے کا اہتمام کرے اور اپنے نائبین کو دیگر شہروں میں بھیجے اور ان کی کارگزاری سے باخبر رہے اور وہ نائبین اس کے احکام سے تجاوز نہ کریں اور اس کی ہدایات کے مطابق کام کریں اور ایسا شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خلیفہ اور آپ کا نائب مطلق ہوگا اور ہم نے جو خلافت کی تعریف میں کہا ہے کہ خلیفہ کو اقامت دین کے لیے ریاست عامہ حاصل ہو اس سے ہماری یہی مراد ہے۔ نیز ہم نے خلافت کی تعریف میں جو یہ کہا ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نائب ہو کر ریاست عامہ کا حامل ہو اس قید سے ہم نے نبوت سے احتراز کیا ہے، کیونکہ انبیاء علیہم السلام استقلالاً ریاست عامہ کے حامل ہوتے ہیں نیابۃً نہیں ہوتے۔ ہر چند کہ قرآن مجید میں حضرت داؤد علیہ السلام کو خلیفہ فرمایا ہے لیکن اس سے خلافت الٰہیہ مراد ہے کیونکہ اللہ کا خلیفہ نبی ہوتا ہے

---

[1] علامہ میر سید شریف علی بن محمد جرجانی متوفی ۸۱۶ھ، شرح مواقف ص ۷۰۹، مطبوعہ مطبع منشی نولکشور لکھنؤ

[2] شاہ ولی اللہ محدث دہلوی متوفی ۱۱۷۶ھ، ازالۃ الخفاء ج ۱ ص ۲، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۳۹۶ھ

اور ہماری بحث خلافت نبوت میں ہے اسی لیے حضرت ابو بکر فرماتے تھے مجھے اللہ کا خلیفہ نہ کہو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خلیفہ ہوں۔ [۱]

علامہ میر سید شریف جرجانی اور شاہ ولی اللہ دہلوی نے جو خلافت کی تعریف کی ہے وہ امامت کبریٰ اور ریاست عامہ ہے جس میں امام اور خلیفہ روئے زمین کے تمام مسلمانوں کا فرمانروا اور تمام ممالک اسلامیہ کا امیر ہوتا ہے اور تمام امت مسلمہ پر اس کی اتباع واجب ہوتی ہے، خیال رہے کہ ممالک اسلامیہ میں سے ہر ملک کا سربراہ خلیفہ نہیں ہوتا اور نہ وہ امامت کبریٰ اور ریاست عامہ کا حامل ہوتا ہے جیسا کہ ہم عنقریب ان شاء اللہ بیان کریں گے۔

خلافت کی شرائط

علامہ ابو الحسن علی ماوردی لکھتے ہیں:

امامت کی اہلیت کے لیے سات شرطیں معتبر ہیں:

۱۔ عدالت اپنی جامع شرائط کے ساتھ (یعنی وہ شخص مسلمان ہو اور فرائض اور واجبات پر دائما عمل کرتا ہو، سنن اور مستحبات پر بکثرت عمل کرتا ہو اور محرمات اور مکروہات تحریمیہ سے دائما اجتناب کرتا ہو اور مکروہات تنزیہیہ سے بکثرت بچتا ہو۔ سعیدی غفرلہ)

۲۔ اس کو اس قدر علم حاصل ہو جس سے وہ پیش آمدہ مسائل کو حل کرنے کے لیے اجتہاد کر سکتا ہو۔

۳۔ اس کے حواس سلامت ہوں یعنی سماعت، بصارت اور گویائی پوری طرح کام کرتی ہو۔

۴۔ اس کے اعضاء صحیح اور سلامت ہوں تاکہ وہ بخوبی کام کر سکے۔

۵۔ وہ صاحب رائے ہو جس سے وہ ملک کے داخلی اور خارجی مسائل کی پیچیدہ گتھیوں کو سلجھا سکے۔

۶۔ وہ شجاع اور بہادر ہو تاکہ ملت بیضاء کی حفاظت اور دشمنوں سے جہاد میں دلیری سے حصہ لے سکے۔

۷۔ وہ شخص نسباً قریشی ہو کیونکہ بکثرت احادیث میں اس کی تصریح ہے اور مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے۔ [۲]

علامہ تفتازانی نے ان شرطوں کے علاوہ کچھ مزید شرطیں بھی بیان کی ہیں، اور وہ یہ ہیں:

۱۔ وہ شخص آزاد ہو، کیونکہ غلام اپنے مولیٰ کی خدمت میں مشغول رہتا ہے اور لوگوں کی نگاہوں میں حقیر ہوتا ہے

۲۔ وہ شخص مرد ہو، کیونکہ (حدیث صحیح کے مطابق) عورتیں ناقصات عقل اور ناقصات دین ہیں۔

۳۔ وہ شخص عاقل اور بالغ ہو کیونکہ بچہ اور مجنون ملک اور عوام کی مصلحتوں کو سمجھنے اور ان میں تصرف کرنے سے قاصر ہے۔

۴۔ خلیفہ کے لیے معصوم ہونا شرط نہیں ہے، کیونکہ خلفاء راشدین معصوم نہیں تھے۔

۵۔ خلیفہ کے لیے یہ شرط نہیں ہے کہ وہ اپنے زمانہ کے تمام لوگوں سے افضل ہو کیونکہ حضرت عمر نے انتخاب خلیفہ کے لیے چھ شخص مقرر کیے تھے اور ان میں بعض، بعض سے افضل تھے۔

علامہ تفتازانی نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ خلیفہ فسق و فجور کے ارتکاب سے معزول ہونے کا مستحق نہیں ہوتا

---

[۱] شاہ ولی اللہ محدث دہلوی متوفی ۱۱۷۶ھ، ازالۃ الخفاء ج ۱ ص ۳-۲، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۳۹۶ھ

[۲] علامہ ابو الحسن علی بن محمد بن حبیب [illegible] مطبعہ مصطفی البابی مصر ۹۳ھ

کیونکہ خلفاء راشدین کے بعد ائمہ (خلفاء) اور حکام سے ظلم اور فسق ظاہر ہوا اور صحابہ اور اخیار تابعین ان کی اطاعت کرتے تھے اور ان کی اجازت سے جمعہ اور عید کی نمازوں کو قائم کرتے تھے اور ان کے خلاف خروج (بغاوت) کرنے کو ناجائز کہتے تھے۔ ؎

واضح رہے کہ یہ امام اور خلیفہ کی شرائط ہیں جو تمام ممالک اسلامیہ اور تمام عالم اسلام کا سربراہ ہوتا ہے کسی ایک ملک کے سربراہ کے تقرر کے لیے یہ شرائط نہیں ہیں، ہمارے زمانے میں بعض ثقہ علماء نے بھی اس معاملہ میں دھوکا کھایا اور خلافت کبریٰ کی شرائط کو ایک ملک کی سربراہی پر محمول کیا اور مملکت پاکستان کی سربراہی کے لیے بھی قریشی ہونے کو لازمی شرط قرار دیا حالانکہ قریشی ہونا تمام عالم اسلام کی سربراہی کے لیے شرط ہے، کسی ایک ملک کی سربراہی کے لیے قریشی ہونا شرط نہیں ہے۔

خلافت منعقد کرنے کے طریقے

شاہ ولی اللہ دہلوی لکھتے ہیں:
خلافت کا انعقاد چار طریقوں سے ہوتا ہے:

۱۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ علماء، قضاۃ، امراء اور دیگر قابل ذکر لوگوں میں جو لوگ حل وعقد کے اہل ہوں وہ کسی ایسے شخص کو منتخب کرکے اس کی بیعت کرلیں جو شرائط خلافت کے مطابق ہو، اس کے لیے ان لوگوں کا بیعت کرنا ضروری ہے جو اس وقت میسر ہوں اور تمام ممالک اسلامیہ کے ارباب حل وعقد کا بیعت کرنا ضروری نہیں ہے کیونکہ یہ عادۃً محال ہے اور ایک دو آدمیوں کا بیعت کرنا کافی نہیں ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اسی طریقہ سے بیعت کی گئی تھی۔

۲۔ خلیفۂ وقت کسی ایسے شخص کو خلیفہ مقرر کردے جو شرائط خلافت کے مطابق ہو اور لوگوں کو جمع کرکے اس کو خلیفہ بنانے کی تصریح کردے اور لوگوں کو اس کی اتباع کی وصیت کردے اور قوم پر اس شخص کو خلیفہ بنانا لازم ہے، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت اسی طریقہ سے ثابت ہے۔

۳۔ تیسرا طریقہ شوریٰ کا ہے یعنی خلیفہ چند اہل لوگوں کی ایک جماعت کو منتخب کرے اور یہ کہے کہ اس جماعت میں سے جس فرد کو بھی منتخب کرلیا جائے گا وہ خلیفہ ہوگا، یعنی خلیفۂ وقت کی موت کے بعد لوگ مشورہ کریں اور کسی ایک کو خلافت کے لیے معین کریں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا انتخاب اسی طرح ہوا تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انتخاب خلافت کے لیے چھ افراد کا اعلان کردیا تھا اور ان چھ افراد نے یہ معاملہ حضرت عبدالرحمان بن عوف کے سپرد کردیا اور انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو منتخب کرلیا۔

۴۔ چوتھا طریقہ غلبہ کا ہے یعنی ایک شخص بغیر بیعت کے اور بغیر کسی کے خلیفہ بنانے کے از خود خلافت پر قابض ہوجائے، اور تمام لوگوں کو تالیف قلوب یا جبر اور طاقت کے ذریعہ اپنا تابع کرلے، اس طرح بھی خلافت منعقد ہوجاتی ہے اور لوگوں پر اس کے احکام کی اطاعت لازم ہوتی ہے بشرطیکہ وہ احکام خلاف شرع نہ ہوں، اور اس کی (یعنی متغلب کی) پھر دو قسمیں ہیں:

؎ علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی متوفی ۷۹۱ھ، شرح عقائد ص ۱۱۰-۱۰۸ ملخصاً، مطبوعہ مکتبہ رحیمیہ دیوبند۔

(ل) متغلب ایسا شخص ہو جو شرائط خلافت کے مطابق ہو، اور وہ صلح اور حسن تدبیر سے اپنے مخالفین کو تابع کرے اور اس کے لیے کسی امر حرام کا ارتکاب نہ کرے، خلافت کی یہ قسم جائز ہے اور اس میں رخصت ہے۔ حضرت علی کی شہادت اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے صلح کے بعد حضرت امیر معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما کی خلافت اسی قسم کی تھی۔

(ب) متغلب شرائط خلافت کے مطابق نہ ہو اور محرمات کا ارتکاب کر کے اور بزور جنگ لوگوں کو تابع کرے۔ خلافت کی یہ قسم جائز نہیں ہے اور اس کا مرتکب گنہگار ہے، لیکن اگر اس کے احکام شریعت کے مطابق ہوں تو ان کو قبول کرنا واجب ہے اور اگر مالدار لوگ اس کے کارندوں کو زکوٰۃ دیں تو ان سے زکوٰۃ ساقط ہو جائے گی اور اس کے مقرر کردہ قاضیوں کے فیصلے نافذ ہوں گے اور اس کی معیت میں جہاد کرنا جائز ہوگا، اس خلافت کو منعقد قرار دینا ضرورت کی بناء پر ہے، کیونکہ اس کے معزول کرنے کو اگر ضروری قرار دیا جائے تو اس سے قتل و غارت اور خونریزی ہوگی اور اس کی کیا ضمانت ہے کہ بسیار قتل و غارت کے بعد اگر اس کو معزول کر بھی دیا جائے تو دوسرا متغلب شرائط خلافت کا اہل ہوگا، بلکہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دوسرا متغلب پہلے متغلب سے زیادہ برا ہو، اس لیے اس کو معزول کرنے میں فتنہ اور فساد یقینی ہے اور خیر اور صلاح کا حصول موہوم ہے۔ عبدالملک بن مروان اور خلفاء عباسیہ میں سے اوائل کی خلافت اسی قسم کی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ اگر کوئی ایک شخص یا چند اشخاص کی جماعت اپنے زمانہ میں خلافت کی شرائط کے حامل ہوں یا ایک شخص سب سے افضل ہو تب بھی اس کی خلافت اس وقت تک منعقد نہیں ہوگی جب تک اس کی بیعت نہ کر لی جائے یا وہ غلبہ سے حکومت حاصل نہ کرے، یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رفیق اعلیٰ کی طرف منتقل ہونے کے بعد صحابہ کرام نے حضرت ابوبکر کے ہاتھ پر بیعت کی اور فقط ان کے افضل ہونے پر اکتفاء نہیں کی۔ اہل علم نے اس مسئلہ پر بحث کی ہے کہ حضرت علی کی خلافت ان طریقوں میں سے کس طریقہ سے منعقد ہوئی ہے؟ اکثر علماء کی بحث کا حاصل یہ ہے کہ اس وقت مدینہ منورہ میں جو مہاجرین اور انصار موجود تھے انہوں نے حضرت علی کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی، اور ایک جماعت کا قول یہ ہے کہ حضرت علی شوریٰ کے فیصلہ کے نتیجہ میں خلیفہ منتخب ہوئے، کیونکہ شوریٰ کا فیصلہ یہ تھا کہ خلیفہ یا عثمان ہوں گے یا علی اور جب حضرت عثمان کا انتقال ہو گیا تو حضرت علی خلافت کے لیے متعین ہو گئے لیکن یہ تاویل صحیح نہیں ہے۔ [1]

خلیفہ کو منتخب کرنے والوں کے لیے شرائط

علامہ ابوالحسن ماوردی نے خلیفہ کو منتخب کرنے والوں کے لیے بھی تین شرطیں مقرر کی ہیں:

۱۔ انتخاب کرنے والے عادل ہوں (یعنی فرائض وغیرہ پر دائمی عمل کرنے والے اور محرمات سے دائماً بچنے والے سعیدی غفرلہ)

۲۔ ان کو اس قدر علم ہو کہ استحقاق خلافت کی کیا شرائط ہیں اور کون شخص منصب کا اہل ہے اور کون نہیں۔

[1] شاہ ولی اللہ محدث دہلوی متوفی ۱۱۷۶ھ، ازالۃ الخفاء [illegible] مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۳۹۶ھ

۳۔ وہ صائب رائے اور حسن تدبیر کے حامل ہوں تاکہ وہ صحیح تر اور موزوں تر شخص کو منتخب کر سکیں۔[1]

موجودہ مغربی جمہوریت اور اسلامی ریاست کا فرق

موجودہ مغربی جمہوریت اور اسلامی ریاست کے درمیان کئی وجہ سے فرق ہے جس کو ہم یہاں اختصار سے بیان کر رہے ہیں۔

۱۔ مغربی جمہوریت میں طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں، جبکہ اسلام میں اقتدار اور حاکمیت صرف اللہ کی ہے، سربراہ مملکت صرف اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام نافذ کرنے کے مجاز ہے۔

۲۔ مغربی جمہوریت میں قانون وضع کرنے کی اتھارٹی اور معیار "اکثریت" ہے اور اسلام میں معیار "حق" ہے جس کا فیصلہ امام اور مستند علماء کتاب، سنت، اجماع اور اقوال مجتہدین کی روشنی میں کریں گے۔

۳۔ مغربی جمہوریت میں مدت انتخاب پوری ہونے کے بعد یا اس سے پہلے اکثریت کے فیصلہ کی بناء پر سربراہ مملکت کو معزول کیا جا سکتا ہے، اس کے برخلاف اسلام میں سربراہ مملکت اس وقت تک اپنے عہدے پر قائم رہے گا جب تک وہ اسلام پر قائم ہے۔

۴۔ جمہوری طریقہ انتخاب میں عہدہ دار کو منتخب کرنے کے لیے کوئی معیار نہیں اور ہر کس و ناکس کو ووٹ دینے کا حق ہے جب کہ اسلام میں یہ حق صرف ارباب حل و عقد کو حاصل ہے۔

۵۔ جمہوری طریقہ انتخاب میں عہدہ کے امیدوار کے لیے کوئی معیار نہیں ہے۔ تعلیمی اہلیت اور صالحیت کی کوئی شرط نہیں ہے جس کے نتیجہ میں عورت ہو یا مرد، پڑھا لکھا ہو یا جاہل، نیک ہو یا بدمعاش پیسے اور اثر و رسوخ کے زور پر اسمبلی میں پہنچ کر قانون ساز اتھارٹی کا ممبر بن جاتا ہے، اسی طرح وزارت عظمیٰ کے امیدوار کے لیے بھی کوئی معیار نہیں ہے اور قومی اسمبلی میں پہنچنے والا ہر ممبر وزارت عظمیٰ کے لیے کھڑا ہو سکتا ہے، دفتر میں کلرک بھرتی ہونے کے لیے بھی کم از کم میٹرک پاس ہونے کا معیار ہے اور ملک کے اتنے بڑے عہدے کے لیے کوئی معیار نہیں رکھا گیا اس کے برخلاف اسلام میں سربراہ مملکت کے لیے شرائط مقرر کی گئی ہیں جن کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

۶۔ مغربی جمہوریت کے طریقہ انتخاب میں امیدوار اپنے آپ کو منصب کے لیے پیش کرتا ہے اور اس کے لیے کنویسنگ کرتا ہے جبکہ اسلام میں منصب کو طلب کرنا جائز نہیں ہے۔ اس کی تفصیل ان شاء اللہ آئندہ ابواب میں آئے گی۔

ہر چند کہ مغربی جمہوریت اور اس کا طریقہ انتخاب متعدد وجوہ سے اسلامی احکام کے خلاف ہے، لیکن اگر اس طریقہ سے کوئی شخص منتخب ہو کر حکمران بن جاتا ہے تو اس کی حکومت صحیح ہو گی جس طرح متغلب کی حکومت صحیح ہوتی ہے اور اس کے جو احکام شریعت کے خلاف نہ ہوں ان میں اس کی اطاعت لازم ہو گی۔

خلافت کی تاریخ عہد بہ عہد

اس سے پہلے ہم یہ بیان کر چکے ہیں کہ خلیفہ وہ ہوتا ہے جو تمام عالم اسلام کا سربراہ ہو، خلافت کا یہ نظام اسلام میں ایک سو چھ بیس سال تک رہا ہے

---

[1] علامہ ابوالحسن علی بن محمد بن حبیب الماوردی متوفی ۴۵۰ھ الاحکام السلطانیہ ص ۶ مطبوعہ مطبعۃ المصطفیٰ البابی مصر ۱۳۹۳ھ

اس کے بعد خلافت ختم ہوگئی اور خلافت کے نام سے بادشاہت آگئی اور مسلمانوں کی حکومتیں مختلف ریاستوں میں بٹ گئیں پھر تاریخ نے ایسا دور بھی دیکھا کہ مسلمان حکمران ایک دوسرے کے خلاف اپنی دفاعی قوتوں کو صرف کرتے رہے اور کفار کے خلاف جنگ اور جہاد ایک قصہ پارینہ بن گیا، ہم یہاں اختصار کے ساتھ خلفاء کے عہد کا ایک جائزہ پیش کر رہے ہیں فنقول و باللہ التوفیق و بہ الاستعانۃ یلیق۔

(۱) حضرت ابوبکر صدیق بارہ ربیع الاول پیر کے دن ۱۱ھ کو منتخب ہوئے اور منگل کی رات بائیس جمادی الآخرۃ ۱۳ھ میں وصال فرمایا، آپ نے حضرت اسامہ کی قیادت میں شام کی طرف لشکر بھیجا جو رومیوں سے جنگ کر کے کامیاب لوٹا، مسیلمہ کذاب کو قتل کیا، حضرت علاء بن حضرمی کو بھیج کر بحرین کے مرتدین کی سرکوبی کی، مانعین زکوٰۃ سے قتال کیا، حضرت عکرمہ بن ابی جہل کو بھیج کر عمان کے مرتدوں کی سرکوبی کی، حضرت خالد بن ولید کو بصرہ بھیجا اور ابلہ شہر فتح کیا، عراق کے مشہور شہر مدائن کسریٰ کو فتح کیا، حضرت عمرو بن عاص کے ساتھ شام کی طرف لشکر بھیجا اور اجنادین فتح ہوا۔

(۲) حضرت عمر فاروق، حضرت ابوبکر کی وصیت کے مطابق خلیفہ ہوئے، ۲۶ ذوالحجہ ۲۳ھ کو آپ پر حملہ کیا گیا اور یکم محرم ۲۴ھ کو آپ شہید ہو گئے، آپ کی خلافت میں ۱۴ھ میں دمشق صلح اور جنگ سے فتح ہوا، پھر حمص اور بعلبک پر صلح سے قبضہ کیا۔ اسی سال بصرہ اور ابلہ فتح ہوئے۔ ۱۶ ہجری میں اہواز اور مدائن فتح ہوئے، تکریت اور بیت المقدس فتح ہوا، قنسرین، حلب اور انطاکیہ فتح ہوئے، جندیشاپور اور حلوان جنگ سے فتح ہوئے، ۱۹ھ میں قیساریہ پر قبضہ ہوا، ۲۰ھ میں مصر جنگ سے فتح ہوا اور تستر فتح کیا ۲۱ھ میں اسکندریہ اور نہاوند فتح ہوئے، ۲۲ھ میں آذربائیجان فتح ہوا اس کے بعد دینور اور ہمدان جنگ سے فتح ہوا، طرابلس الغرب فتح ہوا، عسکر اور قومس فتح ہوئے اور رے (طہران) فتح ہوا، ۲۳ھ میں کرمان، سجستان اور مکران فتح ہوئے اور بلاد جبل سے اصفہان تک کے علاقے فتح ہوئے۔

(۳) حضرت عثمان شوریٰ کے انتخاب سے خلیفہ ہوئے اور ۱۸ ذوالحجہ ۳۵ کو شہید کیے گئے، آپ کے عہد میں ۲۴ھ میں تکمیل رے (طہران) فتح ہوا، روم کا وسیع علاقہ فتح ہوا، ۲۸ھ میں قبرص فتح ہوا، افریقہ فتح ہوا اور اسی سال اندلس فتح ہوا، ۳۰ھ میں جور، خراسان اور نیشاپور صلح سے فتح ہوئے، ایران کے چند شہر طوس، سرخس، مرو اور بیہق بھی صلح سے فتح ہوئے۔

(۴) حضرت علی اہل مدینہ کے انتخاب سے خلیفہ ہوئے اور ۲۱ رمضان ۴۰ھ میں شہید ہوئے، آپ کے عہد میں جنگ جمل اور جنگ صفین ہوئی۔

(۵) حضرت حسن بن علی اہل کوفہ کی بیعت سے خلیفہ ہوئے، جمادی الاول ۴۱ھ میں خلافت سے دستبردار ہوئے۔

(۶) حضرت حسن سے صلح کے نتیجہ میں حضرت معاویہ خلیفہ ہوئے اور ۲۲ رجب ۶۰ھ کو انتقال ہوا (اصابہ) ان کے عہد میں ۵۱ ہجری میں بلخ فتح ہوا، ۵۳ھ میں جزیرہ روڈس اور بخارا فتح ہوا۔

(۷) حضرت معاویہ کے ولی عہد مقرر کرنے کی وجہ سے یزید خلیفہ ہوا اور ۱۵ ربیع الاول ۶۴ھ میں ہلاک ہوگیا، یزید کے عہد میں سانحہ کربلا رونما ہوا، میدان حرہ میں اہل مدینہ سے جنگ کی گئی اور ان کا قتل عام کیا گیا، اور خانہ کعبہ جلایا گیا۔

(۸) معاویہ بن یزید یزید کا جانشین ہوا اور چالیس دن یا دو ماہ بعد ۶۴ھ میں ہلاک ہوگیا۔

(۹) یزید کی موت کے بعد حجاز، یمن عراق اور خراسان کے مسلمانوں نے حضرت عبداللہ بن الزبیر کے ہاتھ پر (۶۴ھ) میں بیعت کر لی اور شام اور مصر کے لوگوں نے یزید بن معاویہ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی لیکن اس کی موت کے بعد شام اور مصر کے لوگوں نے بھی حضرت ابن الزبیر کے ہاتھ پر بیعت کر لی پھر مروان بن الحکم نے ان کے خلاف بغاوت کی اور شام اور مصر پر غلبہ حاصل کر لیا، ۶۵ھ میں مروان مر گیا اور اس کا بیٹا عبدالملک بن مروان ولی عہد ہوا اس نے حجاج بن یوسف سے حضرت ابن الزبیر پر حملہ کرایا اور ۱۷ جمادی الاول ۷۳ھ میں حضرت ابن الزبیر کو شہید کر دیا گیا اس طرح نو سال کے بعد حضرت ابن الزبیر کی خلافت ختم ہوگئی، اور عبدالملک بن مروان تمام ممالک اسلامیہ پر غلبہ سے قابض ہو گیا، حضرت ابن الزبیر نے اپنے عہد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی منشاء کے مطابق کعبہ کی تعمیر کی۔

(۱۰) عبدالملک بن مروان ۷۳ھ میں غلبہ سے خلافت پر قابض ہوا اور شوال ۸۶ھ میں اس نے وفات پائی، اس کے عہد میں زیادہ تر خارجیوں سے جنگ ہوتی رہی، ۸۱ھ میں تا یبقا فتح ہوا اور ۸۴ھ میں قلعہ باز غیس کی تسخیر ہوئی۔

(۱۱) ولید بن عبدالملک کو عبدالملک نے اپنی زندگی میں نامزد کر دیا تھا اس نے ۱۵ جمادی الاخریٰ ۹۹ھ میں وفات پائی، اس کے عہد میں بیقند، بخارا، سردانیہ، طمورہ، قیم اور بحیرۃ الفرسان فتح ہوئے۔

(۱۲) سلیمان بن عبدالملک بھی عبدالملک کی وصیت کے مطابق خلیفہ ہوا، اس کی خلافت صفر ۹۹ھ تک رہی، اس کے عہد میں جرجان، قلعہ حدید، سردا، شفا، طبرستان اور شہر سنانیہ فتح ہوئے۔

(۱۳) عمر بن عبدالعزیز، سلیمان کی وصیت سے خلیفہ ہوئے، ان کی خلافت ۲۵ رجب ۱۰۱ھ تک رہی ان کو خلیفہ راشد قرار دیا گیا ان کے عہد میں زیادہ تر داخلی اصلاحات ہوئیں۔

(۱۴) یزید بن عبدالملک بن مروان اپنے بھائی سلیمان بن عبدالملک کی وصیت کے مطابق عمر بن عبدالعزیز کے بعد خلیفہ ہوا، شعبان ۱۰۵ھ میں اس کی وفات ہوگئی۔

(۱۵) ہشام بن عبدالملک اپنے بھائی یزید بن عبدالملک کے ولی عہد کی حیثیت سے خلیفہ ہوا، ربیع الآخر ۱۲۵ھ میں اس کی وفات ہوگئی، اس کی حکومت کے ساتویں سال روم جنگ وجدال سے فتح ہوا، آٹھویں سال میں خنجرہ فتح ہوا اور بارھویں سال میں خرشتہ فتح ہوا۔

(۱۶) ولید بن یزید بن عبدالملک اپنے باپ کی وصیت کے مطابق جانشین ہوا، یہ انتہائی بدکار، شرابی اور لوطی تھا، لوگوں نے اس کے فسق وفجور سے تنگ آ کر جمادی الاخریٰ ۱۲۶ھ میں اس کو قتل کر دیا۔[سه]

(۱۷) یزید ناقص ابو خالد بن ولید، یہ اپنے عم زاد ولید بن یزید کو قتل کر کے خلافت پر قابض ہوا، یہ قدری تھا اور لوگوں کو قدریت کی طرف دعوت دیتا تھا، خلافت کے چھ ماہ بعد، ذوالحجہ ۱۲۶ھ میں فوت ہوگیا۔

(۱۸) ابراہیم بن ولید بن عبدالملک، اس کے ولی عہد ہونے میں اختلاف ہے، اس نے صرف ستر دن حکومت کی اس

سه علامہ ابن حجر ہیتمی مکی نے لکھا ہے کہ ولید بن یزید بن عبدالملک پر بارہ خلفاء پورے ہوگئے اور اس کے بعد خلافت ختم ہوگئی کیونکہ ولید بن یزید بن عبدالملک کے بعد سے کر اب تک امت کسی ایک خلیفہ پر متفق نہیں ہوسکی اس کے بعد صرف خلافت کا نام تھا حقیقت میں ملوکیت اور سلطنت تھی (الصواعق المحرقہ ص ۲۱۔۲۰، مطبوعہ مصر)

کے خلاف مروان بن محمد نے خروج کیا اور یہ اس کے حق میں دستبردار ہو گیا۔

(۱۹) مروان بن محمد بن مروان بن الحکم الحمار، ۱۲۷ھ میں غلبہ سے خلافت پر قابض ہوا، اس کے خلاف عباسیوں نے خروج کیا اور ذوالحجہ ۱۳۲ھ میں اس کو قتل کر دیا گیا، یہ بنو امیہ کا آخری خلیفہ تھا۔

(۲۰) ابو العباس عبداللہ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب بن ہاشم، اس کا لقب سفاح تھا، یہ پہلا عباسی خلیفہ تھا، سفاح کے دور میں مسلمانوں میں تفرقہ پڑ گیا تھا اس لیے سفاح کے قبضہ سے طاہرہ وطنجہ سے لے کر سوڈان اور اندلس تک کے تمام علاقے نکل گئے، ان علاقوں کے علاوہ اور بھی کئی شہر اس کے ہاتھ سے جاتے رہے، ذوالحجہ ۱۳۶ھ میں سفاح فوت ہو گیا۔

(۲۱) المنصور ابو جعفر عبداللہ، اس کو سفاح نے اپنا ولی عہد بنایا تھا، ۱۴۸ھ تک تمام مقبوضہ ممالک پر اس کا قبضہ ہو گیا، البتہ اندلس پر قبضہ نہیں کر سکا، کیونکہ اندلس میں عبدالرحمان بن معاویہ اموی مروانی نے اپنی سلطنت قائم کر لی تھی، اس کے عہد میں خراسان میں بغاوت ہوئی، ذوالحجہ ۱۵۸ھ میں منصور فوت ہو گیا۔

۱۳۲ھ کے بعد تمام عالم اسلام ایک حکمران کے تحت نہیں رہا کیونکہ اندلس میں ایک الگ حکومت قائم ہو گئی تھی۔ اور عملاً خلافت ختم ہو چکی تھی، کیونکہ اب تمام عالم اسلام کا ایک سربراہ نہیں تھا۔

(۲۲) مہدی ابو عبداللہ محمد بن منصور، اس کو منصور نے اپنی زندگی میں خلیفہ نامزد کر دیا تھا، اس کے عہد میں روم کے اکثر علاقے فتح ہوئے، ۱۶۹ھ میں مہدی کا انتقال ہو گیا۔

(۲۳) ابو محمد موسیٰ بن المہدی المعروف بالہادی، یہ مہدی کی وصیت کے مطابق خلیفہ ہوا، ۱۷۰ھ میں فوت ہو گیا۔

(۲۴) الرشید ہارون بن مہدی، اس کو مہدی نے ہادی کے بعد نامزد کیا تھا، اس کے عہد میں ۱۷۶ھ میں دبستہ شہر فتح ہوا، ۱۸۱ھ میں صفصاف کا قلعہ فتح ہوا، ۱۸۳ھ میں آرمینیہ میں بغاوت شروع ہو گئی، ۱۹۰ھ میں ہارون نے روم کا شہر ہرقلہ فتح کیا، ۱۹۳ھ میں فوت ہو گیا۔

(۲۵) الامین محمد ابو عبداللہ بن رشید، اس کو ہارون نے ولی عہد بنایا تھا، ہارون نے اس کے بعد مامون بن رشید کو ولی عہد بنایا تھا، ۱۹۴ھ میں امین نے مامون کو ولی عہدی سے معزول کر دیا، مامون نے امین کے خلاف بغاوت کر کے ۱۹۸ھ میں خلافت پر قبضہ کر لیا، امین قرآن کے مخلوق ہونے کا قائل تھا، گانے بجانے، شراب نوشی اور اغلام کا عادی تھا، ۱۹۸ھ میں اس کو قتل کر دیا گیا۔

(۲۶) مامون عبداللہ ابو العباس بن رشید، اس نے غلبہ سے خلافت پر قبضہ کر لیا، ۲۱۱ھ میں اس نے اعلان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی سب سے افضل ہیں، ۲۱۲ھ میں اس نے خلق قرآن کے عقیدے کا اظہار کیا۔ ۲۱۵ھ میں اس نے روم کے بعض شہروں کو فتح کیا، جن علماء نے خلق قرآن کے عقیدہ میں اس کی ہمنوائی نہیں کی ان کو مروا دیا یا سخت آزمائش میں مبتلا کیا۔ ۱۲ رجب ۲۱۸ھ کو مر گیا۔

(۲۷) المعتصم باللہ ابو اسحاق محمد بن الرشید، مامون کے بعد اس کی بیعت کی گئی یہ بھی معتزلی تھا، اس نے بہت سے علماء کو قتل کیا، ۲۲۳ھ میں اس نے روم پر لشکر کشی کی اور عموریہ کو فتح کیا، ۱۹ ربیع الاول ۲۲۷ھ میں فوت ہو گیا۔

(۲۸) الواثق باللہ ہارون ابو جعفر بن معتصم ... خلق قرآن کے عقیدے کا حامل تھا، اور

اس نے بھی علماء کو آزمائش میں ڈالا، یہ ۲۴ ذی الحجہ ۲۳۲ھ کو فوت ہو گیا۔

(۲۹) المتوکل علی اللہ جعفر ابوالفضل بن معتصم بن ہارون' یہ واثق کی موت کے بعد خلیفہ ہوا، اس نے امام حسین کی قبر کھدوا دی تھی، یہ ایک عیاش شخص تھا اس نے پہلے اپنے بیٹے منتصر کو ولی عہد مقرر کیا بعد میں اس کو بدلنا چاہا منتصر نے سازش کرکے اس کو ۵ شوال ۲۴۷ھ میں قتل کرا دیا۔

(۳۰) محمد ابوجعفر المنتصر باللہ۔ یہ اپنے باپ کو قتل کرنے کے بعد غلبہ سے خلیفہ ہوا۔ ۵ ربیع الاخرہ ۲۴۸ھ میں فوت ہو گیا۔

(۳۱) المستعین باللہ ابوالعباس احمد بن معتصم بن رشید، اس کو ترک سرداروں نے مشاورت کے ذریعہ خلافت پر بٹھایا بعد میں اس کی ترکوں سے مناقشت ہو گئی جس کے نتیجہ میں اس کو ۲۵۲ھ میں خلافت سے دستبردار ہونا پڑا، ۳ شوال ۲۵۲ھ میں قتل کر دیا گیا۔

(۳۲) المعتز باللہ محمد ابوعبداللہ بن المتوکل بن المعتصم بن الرشید، اس کو ترکوں نے خلافت پر بٹھایا تھا، ۲۵۵ھ میں یہ ترکوں کے مالی مطالبہ کو پورا نہ کر سکا جس کے نتیجہ میں ترک سرداروں نے اس کو مار پیٹ کر اس سے خلافت سے دستبرداری لکھوالی، شعبان ۲۵۵ھ میں یہ ترکوں کے ظلم سے پیاسا مر گیا۔

(۳۳) المہتدی باللہ ابوعبداللہ بن واثق بن معتصم بن رشید، اس کو ترکوں نے خلافت پر بٹھایا، اس نے ترکوں سے جنگ کی لیکن اس نے شکست کھائی انہوں نے اسے گرفتار کرکے اور اس کے خصیے دبا کر اس کو رجب ۲۵۶ھ میں مار ڈالا گیا۔

(۳۴) المعتمد علی اللہ احمد بن متوکل بن معتصم بن رشید، اس کو جیل خانے سے نکال کر اس کے ہاتھ پر بیعت کی گئی، ۱۲ رجب ۲۷۹ھ میں مر گیا۔

(۳۵) المعتضد باللہ احمد بن موفق بن معتصم بن رشید، اس کو معتمد نے ولی عہد بنایا تھا، یہ فلسفہ کے خلاف تھا، ۲۲ ربیع الآخر ۲۷۹ھ میں فوت ہو گیا۔

(۳۶) المکتفی باللہ علی بن معتضد، اس کو اس کے باپ نے اپنی زندگی میں نامزد کر دیا تھا، ۲۹۱ھ میں روم کا شہر انطاکیہ فتح ہوا، یہ نیک اور عادل خلیفہ تھا۔ ۲۲ ذوالقعدہ ۲۹۵ھ میں فوت ہوا۔

(۳۷) المقتدر باللہ جعفر بن المعتضد اس کو اس کے بھائی نے اپنی بیماری کے ایام میں خلیفہ نامزد کیا تھا، ۳۰۱ھ میں مہدی فاطمی، اسکندریہ اور فیوم پر قابض ہو گیا، ۳۱۲ھ حاکم خراسان کے ہاتھوں فرغانہ فتح ہوا، ۳۱۴ھ میں ملطیہ پر رومیوں نے قبضہ کر لیا، ۳۱۵ھ میں رومیوں نے دمیاط پر قبضہ کر لیا، ۳۱۶ھ میں قرامطہ کی یورش سے بہت سے مقبوضات مقتدر کے ہاتھوں سے نکل گئے، ۳۱۷ھ میں مقتدر بغاوت سے گھبرا کر روپوش ہو گیا لیکن دوبارہ اقتدار پر بحال ہو گیا، ۳۲۰ھ میں مقتدر کی بربریوں سے جنگ ہوئی ایک بربر نے اس کو قتل کر دیا۔ یہ بدھ کا دن تھا اور شوال کی ۲۷ تاریخ تھی۔

(۳۸) القاہر باللہ ابومنصور محمد بن المعتضد، اس کو استصواب کے بعد خلیفہ بنایا گیا، یہ رقص و سرود کا رسیا اور عادی شرابی تھا، ۳۲۲ھ میں ابن بویہ نے فارس پر قبضہ کر لیا پھر اس نے مزید شہروں پر قبضہ کیا اور خراسان اور فارس بنو عباس کے قبضہ سے نکل گئے، القاہر انتہائی ظالم اور سفاک تھا۔ اس کے ظلم اور خونریزی کی بناء پر ۳۲۲ھ میں اس سے خلافت سے دستبردار ہونے کا مطالبہ کیا گیا اس انکار پر گرم سلاخوں سے اس کی آنکھیں نکال دی

گئیں، ۳۳۳ھ تک یہ قید رہا، پھر اس کو رہائی ملی، مکتفی کے دورِ حکومت میں یہ نظر بند رہا اور جمادی الاولیٰ ۳۳۹ھ میں فوت ہو گیا۔

(۳۹) الراضی باللہ ابو العباس محمد بن مقتدر بن معتضد، یہ قاہر باللہ کی معزولی کے بعد ۳۲۲ھ میں تخت نشین ہوا، ۳۲۴ھ میں محمد بن رائق نے واسط اور اس کے تمام نواحی علاقوں پر قبضہ کر لیا اور خلیفہ کے قبضہ سے تمام ملکی اور مالی امور نکل گئے، ۳۲۵ھ میں متعدد شہروں پر خارجیوں کا قبضہ ہو گیا، ہر طرف طوائف الملوکی کا دور دورہ تھا اور راضی باللہ کے قبضہ میں بغداد اور نواحی بغداد کے سوا کچھ نہ رہا، اس صورت حال سے اسپین کے بادشاہ امیر عبدالرحمان بن محمد اموی نے فائدہ اٹھایا اور اس نے دعویٰ کیا کہ خلافت کا سب سے زیادہ میں حقدار ہوں اس نے امیر المومنین ناصر دین اللہ کا لقب اختیار کیا، یہ بلند ہمت مجاہد تھا اندلس کے وسیع حصہ کو اس نے فتح کیا اور ستر شہروں پر قبضہ کیا، ۳۲۵ھ میں خلافت کے تین دعویدار تھے، اندلس میں عبدالرحمٰن، بغداد میں راضی باللہ اور قیروان میں مہدی۔ ربیع الثانی ۳۲۹ھ میں راضی باللہ طویل علالت کے بعد مر گیا۔

(۴۰) المتقی للہ ابو اسحاق ابراہیم بن المقتدر بن المعتضد، یہ اپنے بھائی راضی کی موت کے بعد تخت سلطنت پر بیٹھا، یہ عابد و زاہد حکمران تھا یہ صرف نام کا بادشاہ تھا تمام امور حکومت ابو عبداللہ احمد بن الکوفی سیکرٹری کے اختیار میں تھے، ۳۳۰ھ میں بغداد میں ایک ہولناک قحط پڑا، ۳۳۳ھ میں اس کو اندھا کر کے اس سے خلافت لے لی گئی۔

(۴۱) المستکفی باللہ ابو القاسم عبداللہ بن مکتفی بن معتضد، صفر ۳۳۳ھ میں تخت پر بیٹھا، اس نے ابو بویہ کو معز الدولہ کا خطاب دیا۔ معز الدولہ تمام سلطنت پر قابض ہو گیا، ۳۳۴ھ میں المستکفی کو قید کرا دیا، اس کو خلافت سے دستبردار کر لیا اور اس کی آنکھیں نکلوا لیں، ۳۳۸ھ میں یہ قید خانہ کے اندر مر گیا۔

(۴۲) المطیع للہ ابو القاسم الفضل بن مقتدر، ۳۳۴ھ میں تخت نشین ہوا، یہ بھی اپنے پیشروؤں کی طرح اختیارات سے کلیۃً محروم تھا، ۳۴۰ھ میں مغرب میں منصوری بادشاہ مر گیا اور اس کا بیٹا سعد حکمران ہوا، اس کا لقب معز لدین اللہ تھا، ۳۴۳ھ میں خراسان کے بادشاہ نے خطبوں میں مطیع للہ کا نام پڑھوایا۔ ۳۵۱ھ معز الدولہ نے حضرت امیر معاویہ اور صحابہ پر علی الاعلان لعنت کرانی شروع کی، ۳۵۶ھ میں قرامطی دمشق پر قابض ہو گئے، اب شیعوں کی حکومت اقلیم مغرب، مصر اور عراق تک پھیل گئی، ربیع الآخر ۳۵۹ھ میں قاہرہ میں جامع ازہر کی بنیاد پڑی جو دو سال میں مکمل ہوئی، ۳۶۲ھ میں المطیع اور معز الدولہ میں اختلاف ہو گیا، معز الدولہ کا ایک غلام مارا گیا اس نے طیش میں آ کر بغداد میں ایک جگہ آگ لگوا دی جس سے سینکڑوں گھر جل گئے، ۳۶۳ھ میں المطیع پر فالج گرا، معز الدولہ نے حکم دیا کہ وہ اپنے بیٹے الطائع للہ کے حق میں دستبردار ہو جائے چنانچہ ۲۳ ذوالقعدہ ۳۶۳ھ کو اس حکم کی تعمیل کی گئی اور الطائع للہ کو خلیفہ بنا دیا گیا۔ مطیع للہ ۳۶۴ھ میں فوت ہو گیا۔

(۴۳) الطائع للہ ابو بکر عبدالکریم بن مطیع، اس کی تخت نشینی کے لیے اس کے باپ کو خلافت سے دستبردار کرایا گیا تھا، ۳۶۵ھ میں رکن الدولہ بن بویہ نے اپنے ممالک محروسہ کو اپنی اولاد میں تقسیم کر دیا۔ اس نے عضد الدولہ کو فارس و کرمان، مؤید الدولہ کو رے اور اصبہان اور فخر الدولہ کو ہمدان اور دینور دے دیے۔ اسی سال المعز لدین اللہ شاہ مصر کا انتقال ہو گیا اور اس کا بیٹا نزار بادشاہ ہوا، اس کا لقب عزیز تھا، ۳۶۶ھ میں المستنصر باللہ الحکم بن ناصر الدین اموی بادشاہ اندلس کا انتقال ہو گیا [illegible] عز الدولہ اور عضد الدولہ

کامیاب ہوا اور الطائع للہ نے اس کو اپنا ولی عہد مقرر کر دیا، ۳۶۸ھ میں طائع کے حکم سے خطبوں میں عضد الدولہ کا نام لیا جانے لگا، ۳۷۲ھ میں عضد الدولہ کا انتقال ہو گیا، ۳۷۹ھ میں طائع نے ابو نصر کو بہاء الدولہ کا خطاب دیا، ۳۸۱ھ میں بہاؤ الدولہ نے الطائع کو گرفتار کر لیا اور اس سے کہا اپنے بیٹے قادر باللہ کے حق میں خلافت سے دستبردار ہو جاؤ، ۳۹۳ھ میں قادر باللہ فوت ہو گیا۔

(۴۴) القادر باللہ ابو العباس احمد بن اسحاق المقتدر، اس کو ۳۸۱ھ میں خلافت پر بٹھایا گیا، ۳۸۷ھ میں سلطان فخر الدولہ کا انتقال ہو گیا، اس کا چار سالہ بیٹا تخت پر بٹھایا گیا۔ قادر باللہ نے اس کے لیے مجد الدولہ کا لقب تجویز کیا، ۳۹۲ھ میں بغداد میں زبردست شیعہ سنی فساد ہوا، ۴۲۲ھ میں القادر باللہ انتقال کر گیا۔

(۴۵) القائم بامر اللہ ابو جعفر عبد اللہ بن القادر، اسے اس کے باپ القادر باللہ نے اپنی زندگی میں خلیفہ نامزد کر دیا تھا، ۴۵۰ھ میں ایک ترک سردار بساسیری کی القائم سے جنگ ہوئی اور بساسیری کامیاب ہوا اس نے القائم کو گرفتار کر کے خانہ بجوا دیا، ۴۵۱ھ میں القائم رہا ہوا اور بساسیری قتل کر دیا گیا، ۴۶۷ھ میں القائم کا انتقال ہوا اس نے اپنے پوتے عبد اللہ بن محمد کو خلیفہ نامزد کیا۔

(۴۶) المقتدی بامر اللہ ابو القاسم عبد اللہ بن محمد بن القائم بامر اللہ، یہ بطور ولی عہد خلیفہ ہوا، ۴۷۹ھ میں یوسف بن تاشفین والی مراکش نے مقتدی سے درخواست کی کہ جو ممالک اس کے قبضہ میں ہیں ان پر اس کے اقتدار کو تسلیم کر کے اس کو سلطان کا لقب عطا کیا جائے، مقتدی نے یہ درخواست منظور کر لی اور اس کو امیر المسلمین کا لقب عطا فرمایا، ۴۸۱ھ میں ابراہیم بن مسعود بن محمود سبکتگین والی غزنی کا انتقال ہو گیا اور اس کا بیٹا جلال الدین تخت نشین ہوا، ۴۸۵ھ میں ملک شاہ بغداد آیا اور مقتدی سے کہا بغداد خالی کر دو، مقتدی نے دس دن کی مہلت مانگی اور ان دس دنوں میں ملک شاہ کا انتقال ہو گیا اور یہ مقتدی کی کرامت سمجھی گئی، ۴۸۷ھ میں مقتدی کا انتقال ہو گیا

(۴۷) المستظہر باللہ ابو العباس احمد بن المقتدی باللہ، یہ اپنے والد کی وفات کے بعد تخت پر بیٹھا، ۴۹۰ھ میں سلطان ارغون سلجوقی والی ایران قتل کر دیا گیا اور سلطان برکیاروق نے اس کے تمام ممالک محروسہ پر قبضہ کر لیا، اسی سال عیسائیوں نے شام کے شہر انطاکیہ پر قبضہ کر لیا، ۴۹۲ھ میں قرامطہ پورے اصفہان پر چھا گئے، اور اسی سال عیسائیوں نے ڈیڑھ سال کے محاصرہ کے بعد بیت المقدس کو فتح کر لیا، اور ستر ہزار مسلمانوں کو قتل کر دیا۔ ۴۹۴ھ میں عیسائیوں نے شہر سروج، حیفہ، ارسوف اور قیساریہ پر قبضہ کر لیا، ۴۹۵ھ المستعلی والی مصر کا انتقال ہو گیا، اور اس کا بیٹا تخت نشین ہوا جو آمر باحکام اللہ کا لقب یافتہ تھا، ۵۰۳ھ میں فرنگیوں نے دو سال کے محاصرے کے بعد طرابلس کو فتح کر لیا، ۵۰۳ھ میں فرانس کے بادشاہ اور ابن تاشفین والی اندلس میں جنگ چھڑ گئی اور مسلمانوں کو فتح ہوئی۔ ۵۱۲ھ میں المستظہر باللہ فوت ہو گیا۔

(۴۸) المسترشد باللہ ابو المنصور الفضل بن المستظہر باللہ، یہ اپنے باپ کے بعد تخت نشین ہوا، ۵۲۵ھ میں مسعود نے المسترشد کو گرفتار کر کے قید کر لیا، اور قرامطہ نے المسترشد کو قتل کر دیا۔

(۴۹) الراشد باللہ ابوجعفر منصور بن مسترشد، یہ المسترشد کے بعد جانشین ہوا، ۵۳۰ھ میں سلطان مسعود کے اشارے سے اس کو معزول کیا گیا اور اس کے چچا محمد مستظہر کو المقتفی لامر اللہ کا خطاب دے کر خلیفہ مان لیا گیا، ۵۳۲ھ میں اس کو قتل کر دیا گیا۔

(۵۰) المقتفی لامر اللہ ابوعبد اللہ۔ ۵۴۳ھ میں فرنگیوں نے دمشق کا محاصرہ کر لیا، نور الدین محمود بن زنگی والی حلب نے ان کا مقابلہ کیا اور فرنگیوں سے تمام شہر واپس لے لیے، ۵۴۴ھ میں الحافظ لدین اللہ والی مصر کا انتقال ہو گیا اور اس کا بیٹا اسماعیل تخت نشین ہوا، ۵۴۷ھ میں سلطان مسعود کا انتقال ہو گیا، ۵۴۳ھ میں ترکان غز نے سلطان سنجر پر حملہ کر دیا اور تمام ممالک محروسہ اس کے قبضہ سے نکل گئے، ۵۴۹ھ میں والی مصر الظاہر باللہ فوت ہو گیا اور المقتفی نے نور الدین زنگی سے کہا مصر پر قبضہ کر لو اور اس کو الملک العادل کا خطاب دیا۔ نور الدین زنگی اس وقت دمشق کا حکمران تھا، ۵۴۸ھ میں المقتفی کا انتقال ہو گیا۔

(۵۱) المستنجد باللہ ابوالمظفر یوسف بن المقتفی، اس کو المقتفی نے ولی عہد نامزد کیا تھا، ۵۶۴ھ میں فرنگیوں نے مصر پر حملہ کیا اور شہر بلبیس پر قبضہ کر لیا اور قاہرہ کا محاصرہ کر لیا۔ سلطان نور الدین مسلمانوں کی مدد کے لیے آیا اور فرنگی بھاگ کھڑے ہوئے، ۸ ربیع الثانی ۵۶۶ھ میں مستنجد کا انتقال ہو گیا۔

(۵۲) المستضئ بامر اللہ حسن بن المستنجد باللہ، یہ اپنے باپ کے بعد تخت نشین ہوا۔ اس کے عہد میں مصر میں بنو عبید کی حکومت ختم ہو گئی، اور مصر میں المستضئ کا نام خطبوں میں پڑھا جانے لگا، ۵۷۲ھ میں سلطان صلاح الدین کا انتقال ہو گیا، ۵۷۵ھ میں المستضئ کا انتقال ہو گیا۔

(۵۳) الناصر لدین اللہ احمد ابوالعباس بن المستضئ بامر اللہ، یہ اپنے باپ کے بعد تخت نشین ہوا، یہ مذہباً شیعہ تھا، الناصر نے ایک بار علامہ ابن جوزی سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کون افضل ہے، ابن جوزی نے کہا "من کانت ابنتہ تحتہ" اس جملہ کے دو معنی ہیں، جن کی بیٹی آپ کے عقد میں تھی یعنی حضرت ابوبکر اور دوسرا معنی ہے جن کے عقد میں آپ کی صاحبزادی تھی، یعنی حضرت علی ۶۲۲ھ میں الناصر فوت ہو گیا۔

(۵۴) الظاہر بامر اللہ ابونصر محمد بن الناصر لدین اللہ، اپنے باپ کے بعد تخت نشین ہوا، اور ۶۲۳ھ میں فوت ہو گیا۔

(۵۵) المستنصر باللہ ابوجعفر منصور بن الظاہر بامر اللہ، الظاہر کے بعد تخت نشین ہوا اور ۶۴۰ھ میں فوت ہو گیا۔

(۵۶) المستعصم باللہ ابواحمد عبد اللہ بن المستنصر اپنے باپ کے بعد تخت نشین ہوا، یہ عراق میں عباسیوں کا آخری خلیفہ تھا، ۶۵۵ھ میں تاتاریوں نے عباسی سلطنت پر حملے شروع کر دیے، اسی سال ہلاکو نے بغداد پر حملہ کر دیا، چالیس روز تک تاتاری بغداد میں مسلمانوں کو قتل کرتے رہے، لاکھوں مسلمان قتل کر دیے گئے، المستعصم کی لاش کو دفن ہونا بھی نصیب نہیں ہوا، ۶۵۷ھ میں کوئی بھی خلیفۃ المسلمین کے نام سے سلطان نہیں تھا، مصر میں المنصور علی بن معز والی تھا لیکن یہ کمسن تھا اس کا اتالیق سیف الدین تھا، ۶۵۸ھ میں بھی کوئی خلیفہ نہیں تھا اور تاتاری دمشق تک پہنچ گئے تھے، ۶۵۹ھ میں بھی بغداد کا تخت خلافت سے خالی تھا۔

۶۶۱ھ میں الحاکم بامر اللہ ابوالعباس سلطان بیبرس رکن الظاہر کی مدد سے مصر میں خلیفہ ہو گیا، ۶۶۳ھ میں سلطان ابوعبد اللہ بن الاحمر بادشاہ اندلس کو فرانسیسیوں پر فتح حاصل ہوئی، ۶۷۶ھ میں سلطان بیبرس کا انتقال ہو گیا، ۷۰۱ھ میں الحاکم بامر اللہ کا انتقال ہو گیا، اور اس کا بیٹا [illegible] میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا جاتا

تھا، ۷۳۶ھ میں المستکفی گرفتار ہونے کے بعد قید میں فوت ہو گیا، اس کے بعد الحاکم بامر اللہ خلیفہ ہوا، اور ۷۵۲ھ میں فوت ہو گیا، پھر المعتضد باللہ خلیفہ ہوا اور ۷۶۳ھ میں فوت ہو گیا، پھر المتوکل علی اللہ خلیفہ ہوا، ۷۸۵ھ میں المتوکل کو گرفتار کر کے معزول کر دیا گیا، اس کے بعد واثق باللہ خلیفہ ہوا اور ۷۸۸ھ میں فوت ہو گیا، اس کے بعد اس کے بھائی المستعصم باللہ زکریا کی بیعت کی گئی لیکن ۷۹۱ھ میں اس کو معزول کر دیا گیا، اس کے بعد متوکل پھر تخت نشین ہو گیا، ۸۰۸ھ میں المستعین باللہ ابوالفضل کی بیعت کی گئی۔ ۸۱۴ھ میں غیاث الدین شاہ ہندوستان نے مستعین کی خدمت میں حاضر ہو کر سلطان کا خطاب حاصل کیا، ۸۱۵ھ میں مستعین کو گرفتار کر کے معزول کر دیا گیا اور اس کا بھائی معتضد باللہ خلیفہ ہو گیا، ۸۴۵ھ میں معتضد فوت ہو گیا، اس کے بعد المستکفی باللہ بطور ولی عہد نامزد ہو گیا، اور ۸۵۴ھ میں فوت ہو گیا، اس کے بعد القائم بامر اللہ کی بیعت کی گئی، ۸۵۹ھ میں اس کو سلطان نے قید کر لیا اور یہ ۸۶۲ھ میں قید خانہ میں ہی مر گیا، اس کی معزولی کے بعد المستنجد باللہ خلیفہ ہوا اور ۸۸۴ھ میں فوت ہو گیا، اس کے بعد المتوکل علی اللہ خلیفہ ہوا اور ۹۰۳ھ میں فوت ہو گیا یہاں تک کی تفصیل ہم نے علامہ سیوطی کی تاریخ الخلفاء سے حاصل کی ہے، جس کو ہم نے اختصار سے بیان کیا ہے، اب ہم خلافت کے آخری عہد کو اردو دائرہ معارف اسلامیہ کے حوالے سے بیان کر رہے ہیں۔

تیرھویں صدی عیسوی سے مغرب میں بھی سنی خلیفہ نظر آنے لگا: اسلامی دنیا کے مشرقی حصے میں بھی وقتاً فوقتاً بہت سے امیروں نے اس لقب کو اختیار کر لیا تھا، جیسے سلجوق، تیموری، ترکمان، ازبک اور عثمانی حکمران (مگر انھیں بھی وہ مرکزی اہمیت نہ مل سکی)۔ بہت سے خود مختار امیر ایسے تھے جو اپنی رعایا سے عہد وفاداری کے جواز کے لیے اپنے مرتبے کو خلیفہ سے منوا کر اس سے خطاب حاصل کرنا چاہتے تھے، مثلاً جنوبی ایران میں مظفریہ خاندان کے دو بادشاہ (۱۳۱۳ تا ۱۳۸۴ء)، ہندوستان میں محمد بن تغلق (۱۳۲۵ تا ۱۳۵۱ء) اور اس کے جانشین فیروز شاہ تغلق (۱۳۵۱ تا ۱۳۸۸ء) نے بھی یہی کیا، بلکہ کہا جاتا ہے کہ ترکیہ کے عثمانی سلطان بایزید اول (رک بآں) نے بھی ۱۳۹۴ء میں قاہرہ کے عباسی خلیفہ سے یہ درخواست کی تھی کہ وہ اسے سلطان کا خطاب باقاعدہ رسمی طور پر عطا کرے (Gesch. D. Osman Reiches: V. Hammer، بار دوم، ۱: ۱۹۵)، مگر اس روایت کے بارے میں شک کیا جاتا ہے کیونکہ چودھویں صدی عیسوی کے نصف آخر سے ادرنہ (رک بآں) اور فیلیپ پولس وغیرہ کی فتح کے بعد اس کے باپ مراد اول نے اپنے آپ کو خلیفۃ اللہ المختار (= خدا کا منتخب خلیفہ) کہلوانا شروع کر دیا تھا (فریدون، ۱: ۹۳ س ۲۲) اور اس کے بعد عثمانی سلاطین نے خلیفہ کا لقب اختیار کر لیا اور ان کی رعایا اور دوسرے ملکوں میں ان کے وقائع نگار یا دوسرے خط و کتابت کرنے والے لوگ ان کے اس دعوے کو تسلیم کر لیتے تھے۔ اس زمانے تک پہنچتے پہنچتے امام کے لیے قرشی ہونے کی شرط نظر انداز ہو چکی تھی اور قرآن مجید کی آیات (مثلاً یٰداؤد انا جعلنٰک خلیفۃ فی الارض (ہم نے تجھ کو زمین پر خلیفہ بنایا ہے) سے جواز حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی تھی۔ اسی طرح دوسری آیتوں (مثلاً وھو الذی جعلکم خلٰئف الارض۔ الانعام ———

کا حوالہ بھی اس زمانے کی سیاسی خط و کتابت میں برابر نظر آتا ہے، چنانچہ جب سلطان سلیم اول (رک بآں) جنوری ۱۵۱۷ء میں فاتحانہ قاہرہ میں داخل ہوا اور وہاں کی عباسی خلافت کو ختم کر کے اس خاندان کے آخری نمائندے المتوکل کو اپنے ساتھ قسطنطنیہ لے گیا تو اس وقت وہ پہلے ہی سے نہ صرف اپنے آپ کو خلیفہ کہلواتا تھا بلکہ اپنے آباؤ اجداد کو بھی جو ڈیڑھ سو برس

قبل گذر رہے تھے، خلیفہ کہلوا رہا تھا۔ ایک روایت یہ ہے کہ المتوکل نے اپنا منصب سلیم کو منتقل کر دیا تھا جس کا ذکر ..... Mouradgea D'Ohsson نے ۱۷۸۸ء میں کیا تھا Tableau Generale Constantine (de l'Empire Othoman، پیرس ۱۷۸۸-۱۸۲۴ء، ۱: ۲۶۹ تا ۲۷۰)۔ بعض دوسرے ہم عصر مستند مصنفین نے مصر کی فتح کا ذکر کیا ہے، ان میں سے کسی نے منصب خلافت کے اس طرح منتقل کیے جانے کا ذکر نہیں کیا (تاہم اس انتقالِ خلافت کا امکان اس لیے ہے کہ المتوکل سلطان سلیم کی زندگی میں قسطنطنیہ میں بعزت و احترام رہا) سلیم کی وفات کے بعد المتوکل کو مصر واپس جانے کی اجازت مل گئی تھی اور وہ وہاں اپنی وفات (۱۵۴۳ء) تک خلیفہ رہا۔ (بہر حال بیسیں صدی کے آغاز تک عثمانی سلاطین ہی منصب خلافت پر فائز رہے، اگرچہ صفوی اور دوسرے ایرانی بادشاہوں نے اور ہندوستان کے مغل شہنشاہوں نے یا تو انھیں اپنا ہم مرتبہ تصور کیا یا حریف خیال کیا)۔ اٹھارہویں صدی عیسوی میں مغل سلطنت کے زوال کے بعد اسلامی دنیا میں عثمانی سلاطین بظاہر سب سے بڑے حکمران رہ گئے تھے، مگر ان کی طاقت کو بھی اپنے وسط شمالی ہمسائے کی طرف سے خطرہ پیدا ہو چلا تھا۔ روس سے ان کی جنگ (۱۷۶۸ء-۱۷۷۴ء) کے بعد انھیں بحر اسود کے شمالی ساحل والے علاقوں کو روس کے حوالے اور قریم کے تاتاریوں کی خود مختاری کو تسلیم کرنا پڑا۔ اس پر کیتھرائن دوم نے عثمانی مملکت کی حدود میں رہنے والے ان عیسائیوں کی سرپرستی کا دعویٰ کیا، جو راسخ العقیدہ کلیسا کے پیرو تھے مگر عثمانی وکلائے مختار نے، جنھوں نے کوچک قینارجہ کا صلحنامہ ۱۷۷۴ء میں مکمل کیا، خلیفہ کے خطاب سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اسی قسم کا دعویٰ سلطان کی طرف سے بھی پیش کر دیا (کہ مسلمان جہاں بھی ہیں ان پر سلطان کا مذہبی اقتدار تسلیم کیا جائے)؛ چنانچہ صلحنامے میں ایک دفعہ بڑھا دی گئی جس کی رو سے خلیفۃ المسلمین کا مذہبی اقتدار ان تاتاریوں پر تسلیم کر لیا گیا جو دنیوی حیثیت سے اسے اپنا بادشاہ تسلیم نہیں کرتے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یورپ میں خلیفہ اسی طرح مسلمانوں کا مذہبی پیشوا سمجھا جانے لگا جس طرح کہ پوپ تمام عیسائیوں کا مذہبی پیشوا ہے اور اس کا روحانی اقتدار اس کے سب ہم مذہبوں پر ہے، خواہ بطور سلطان ترکیہ وہ اس کی دنیوی حکمرانی اور سیاسی اقتدار کے تابع ہوں یا نہ ہوں۔ عثمانی سلاطین کو خود بھی اپنے اس منصب کا احساس تھا اور سلطان عبدالحمید ثانی (۱۸۷۶ء تا ۱۹۰۹ء) کے زمانے میں تو انھیں (تمام عالم اسلام کا) خلیفہ تسلیم کیے جانے پر زور دیا گیا اور ان کے عہد میں جو آئین نشر کیا گیا اس میں اس بات کی تائید کی گئی کہ "اعلیٰ حضرت سلطان خلیفہ کی حیثیت سے اسلام کے محافظ (حامی) اور علمبردار ہیں"۔ سلطان عبدالحمید نے اسلامی دنیا کے مختلف حصوں میں اپنے سفیر بھیجے تاکہ خلیفۃ المسلمین کی حیثیت سے جملہ مسلمانان عالم کی طرف سے تعظیم و تکریم حاصل کی جائے اور یہ کوشش کسی حد تک بار آور بھی ہوئیں، کیونکہ بعض مفکر اور صاحب نظر مسلمانوں نے (خاص طور سے ان ارباب علم نے جو اسلامی دنیا میں یورپی طاقتوں کے بڑھتے ہوئے اثر سے پریشان تھے) یہ تسلیم کیا کہ صرف ترکیہ ہی ایک ایسی خود مختار مسلم سلطنت ہے جس کا دنیا میں احترام باقی ہے مگر سلطان عبدالحمید کو داخلی طور پر اپنے ہی ملک کے اصلاح پسندوں اور تجدد پسندوں کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا اور جب ۱۹۰۹ء میں اسے تخت سے اتارا گیا تو ترکیہ کے معاملات ایسی تجدد پسند جماعت کے ہاتھوں میں آ گئے جو حکومت کی دینی اساس ہی کے قائل نہ تھے، نومبر ۱۹۲۲ء میں ترکیہ ایک جمہوریہ بن گیا۔ خلیفہ کا بحیثیت سلطان سارا دنیوی اختیار و اقتدار چھین لیا گیا، اس جمہوریہ میں خلیفہ (یا سلطان) ...

کے منصب کی کیا نوعیت ہوگی، مارچ ۱۹۲۴ء میں اس منصب کو بے ضرورت قرار دے دیا گیا اور خلافت بھی ختم ہوگئی۔ [۱]

تمام مسلمانوں کے لیے ایک سربراہ ہونے کی بحث

ہمارے فقہاء اور متکلمین نے تمام عالم اسلام کے لیے ایک خلیفہ مقرر کرنے کو واجب کہا ہے، لیکن حقیقت میں خلافت صرف تیس ہجری تک قائم رہی اس کے بعد ملوک اور سلاطین خلیفہ کے نام سے حکومت کرتے رہے ۱۳۲ھ تک تمام عالم اسلام کا ایک سربراہ تھا ۱۳۲ھ کے بعد عبدالرحمان بن معاویہ الاموی المروانی نے اندلس میں اپنی الگ حکومت قائم کرلی اور عملی طور پر تمام عالم اسلام کا ایک سربراہ نہیں رہا، ۳۲۵ھ میں خلافت کے تین دعویدار تھے، اندلس میں عبدالرحمٰن ثالث، بغداد میں راضی باللہ اور قیروان میں مہدی، ۶۵۶ھ میں بغداد میں خلفاء عباسیہ کا خاتمہ ہوگیا، اور ۹۰۳ھ میں مصر سے بھی خلفاء عباسیہ کا خاتمہ ہوگیا، اور دنیا میں نام کے خلفاء بھی نہ رہے، دنیا کے مختلف علاقوں میں مسلمانوں کی الگ الگ حکومتیں قائم تھیں، اگر یہ کہا جائے کہ تمام عالم اسلام میں ایک سربراہ کو مقرر کرنا واجب ہے تو ۱۳۲ھ کے بعد تمام مسلمانوں کو اجتماعی طور پر معصیت میں مبتلا ماننا پڑے گا، جو علماء ایک خلیفہ مقرر کرنے کے وجوب کے قائل ہیں ان کو بھی یہ مشکل پیش آئی کہ جب چھٹی صدی ہجری میں ہلاکو نے بغداد کو تاراج کر دیا اور خلافت عباسیہ کا خاتمہ کر دیا تو پھر خلافت نہ ہونے سے تمام دنیا کے مسلمان معصیت کے مرتکب قرار پا گئے۔

حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے دین کو آسان اور ہر دور کے مسلمانوں کے لیے قابل عمل بنایا ہے، اور تمام عالم اسلام کا ایک سربراہ مقرر کرنا بے حد دشوار اور ناقابل عمل ہے، جب مسلمانوں کی جغرافیائی سرحدیں محدود اور سمٹی ہوئی تھیں اس وقت تک تو ان کا ایک فرماں روا کے تابع ہو کر رہنا ممکن تھا، لیکن جب اسلام کی سرحدیں مشرق اور مغرب میں پھیل گئیں تو ان تمام ریاستوں کو عملی طور پر ایک امیر کے ماتحت رکھنا ممکن نہ رہا، یہی وجہ ہے کہ ۱۳۲ھ میں مغرب میں عبدالرحمان اموی نے الگ حکومت قائم کرلی، اور خلافت عباسیہ کے دوران ہی دمشق، طرابلس، خراسان، مصر اور ہندوستان وغیرہ میں آزاد ریاستیں قائم ہوگئیں یہ عملی طور پر بالکل آزاد اور خود مختار ریاستیں تھیں صرف رسمی طور پر بعض ریاستیں تبرکاً خلیفہ سے پروانہ تقرری لیتی تھیں اور چھٹی صدی ہجری کے بعد یہ رسم بھی ختم ہوگئی۔

ہر خطہ زمین میں مسلمانوں کا جماعت کے ساتھ رہنا اور ایک امیر کے ماتحت رہنا لازم ہے۔

اسلام نے مسلمانوں کو جو اجتماعی احکام دیے ہیں ان کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمانوں کی ریاست ہو اور اس میں اجتماعی احکام نافذ کیے جائیں مثلاً جمعہ اور عید قائم کرنا، باجماعت نماز ادا کرنا، امراء سے زکاۃ وصول کر کے اس کو مستحقین پر صرف کرنا، عدل اور انصاف کے قیام کے لیے حکام اور قاضیوں کا تقرر کرنا، حدود، قصاص اور تعزیرات کا نظام قائم کرنا، مسلمانوں کے ملک کی سرحدوں کا تحفظ کرنا اور بوقت ضرورت جہاد کرنا، اس وجہ سے یہ ضروری ہے کہ مسلمان دنیا کے جس خطہ میں بھی آباد ہوں ان کا ایک امیر ہو اور اس خطہ کے تمام مسلمان اجتماعی احکام اس امیر کی امارت میں ادا کریں۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

---

[۱] اردو دائرہ معارف اسلامیہ ج ۱۱ ص ۹۹۷-۹۹۲، مطبوعہ پنجاب دانش گاہ لاہور، ۱۳۹۵ھ

یا ایھا الذین اٰمنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم۔ (النساء: ۴/۵۹)

اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو، رسول کی اطاعت کرو اور ان کی جو تم میں سے صاحبانِ امر ہوں۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من اطاعنی فقد اطاع اللہ ومن عصانی فقد عصی اللہ ومن اطاع امیری فقد اطاعنی ومن عصی امیری فقد عصانی۔ [1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے میری اطاعت کی، اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے میری نافرمانی کی، اس نے اللہ کی نافرمانی کی، اور جس شخص نے میرے امیر کی اطاعت کی، اس نے میری اطاعت کی، اور جس نے میرے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: الا کلکم راع وکلکم مسئول عن رعیتہ فالامام الذی علی الناس راع وھو مسئول عن رعیتہ والرجل راع علی اھل بیتہ وھو مسئول عن رعیتہ والمرأۃ راعیۃ علی اھل بیت زوجھا وولدہ وھو مسئولۃ عنھم وعبد الرجل راع علی مال سیدہ وھو مسئول عنہ الا فکلکم راع وکلکم مسئول عن رعیتہ۔ [2]

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنو تم میں سے ہر شخص حاکم ہے اور ہر شخص سے اس کی رعایا کے بارے میں پرسش ہوگی، پس امیر لوگوں کا حاکم ہے اور اس سے اس کی رعایا کے متعلق پرسش ہوگی، اور مرد اپنے گھر والوں کا حاکم ہے اور اس سے اس کی رعایا کے متعلق پرسش ہوگی اور عورت اپنے خاوند کے گھر اور اس کے بچوں کی حاکم ہے اور اس سے ان کے بارے میں پرسش ہوگی اور نوکر اپنے مالک کے مال میں حاکم ہے اور اس سے اس کے بارے میں پرسش ہوگی، سنو! تم میں سے ہر شخص حاکم ہے اور ہر شخص سے اس کی رعایا کے بارے میں پرسش ہوگی۔

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہے۔ [3]

عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسمعوا واطیعوا وان استعمل علیکم عبد حبشی کان

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سنو اور اطاعت کرو، خواہ تم پر ایک حبشی غلام کو حاکم بنا دیا جائے جس کا

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۵۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] " " " " ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۵۷، " " " "

[3] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ [illegible] کراچی، ۱۳۷۵ھ

رواہ زبیبۃ۔[1]

سر انگور کے برابر ہو۔

عن ابن عباس یرویہ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من رای من امیرہ شیئا فکرھہ فلیصبر فانہ لیس احد یفارق الجماعۃ شبرا فیموت الامات میتۃ جاھلیۃ۔[2]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو اپنے امیر کا کوئی حکم ناگوار معلوم ہوا، اس کو صبر کرنا چاہیے کیونکہ جو شخص جماعت سے ایک بالشت بھی الگ ہو کر مرے گا وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔

عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال السمع والطاعۃ علی المرء المسلم فیما احب وکرہ مالم یؤمر بمعصیۃ فاذا امر بمعصیۃ فلا سمع ولا طاعۃ۔[3]

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر مسلمان شخص پر حاکم کا حکم سننا اور اس کی اطاعت کرنا لازم ہے خواہ وہ خوش ہو یا ناخوش، جب تک کہ اس کو گناہ کا حکم نہ دیا جائے، اور جب وہ گناہ کا حکم دے تو اس کو سنے نہ اس کی اطاعت کرے۔

امام مسلم نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔[4]

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن عبد اللہ بن مسعود انہ قال یا ایھا الناس علیکم بالطاعۃ والجماعۃ فانھا حبل اللہ الذی امر بہ وان ما تکرھون فی الجماعۃ خیر مما تحبون فی الفرقۃ۔[5]

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو امیر کی اطاعت اور جماعت کو لازم رکھو کیونکہ یہی اللہ کی وہ رسی ہے جس کا حکم دیا گیا ہے، اور تم جماعت میں جس چیز کو ناپسند کرتے ہو، وہ علیحدگی کی اس چیز سے بہتر ہے جس کو تم پسند کرتے ہو۔

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من فارق الجماعۃ قیاس او قید شبر فقد خلع ربقۃ الاسلام من عنقہ ومن مات ولیس علیہ امام فمیتۃ میتۃ جاھلیۃ ومن مات تحت رایۃ عصبیۃ فقتلۃ قتلۃ جاھلیۃ رواہ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ایک بالشت کے برابر جماعت سے الگ ہوا، اس نے اپنے گلے سے اسلام کا پھندا اتار دیا اور جو شخص کسی امام سے بیعت کیے بغیر مر گیا اس کی موت جاہلیت کی موت ہے، اور جو شخص عصبیت کے جھنڈے تلے لڑتا ہوا مرا، وہ

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری، ج ۲ ص ۱۰۵۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[2] " " " ، صحیح بخاری، ج ۲ ص ۱۰۵۷، " " ، "
[3] " " " ، صحیح بخاری، ج ۲ ص ۱۰۵۷، " " ، "
[4] امام ابو الحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۲۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[5] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۲۲، مطبوعہ دار الکتاب العربی، بیروت، ۱۴۰۲ھ

البزار والطبرانی فی الاوسط وفیہ خلید بن دعلج وھو ضعیف [۱]

جاہلیت کی موت مرا، اس حدیث کو امام بزار اور امام طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے، اور اس کا ایک راوی خلید بن دعلج ضعیف ہے۔

عن عبداللہ قال اذا کنتم ثلاثۃ فی سفر فامروا علیکم احدکم رواہ الطبرانی ورجالہ رجال الصحیح [۲]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب تم تین شخص سفر کرو تو اپنے اوپر ایک شخص کو حاکم بنالو۔

قرآن مجید، احادیث اور آثار صحابہ سے یہ واضح ہوگیا کہ مسلمان دنیا کے جس خطہ میں بھی آباد ہوں ان پر یہ لازم ہے کہ وہ جماعت کے ساتھ وابستہ رہیں اور کسی ایک شخص کو اپنا امیر بنالیں اور اجتماعی معاملات میں امیر کے احکام کے پابند رہیں، بشرطیکہ وہ احکام شریعت کے خلاف نہ ہوں، قرآن مجید کی کسی آیت اور کسی حدیث صحیح میں یہ حکم نہیں ہے کہ تمام دنیا کے مسلمانوں پر ایک امیر کی بیعت کرنا اور اس کی اطاعت کرنا لازم ہے، خلافت نبوت کا معاملہ الگ ہے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خود اس کی تحدید تیس سال کے ساتھ فرمادی ہے، اس وقت دنیا میں انچاس اسلامی ملک ہیں اور اکثر و بیشتر اسلامی ملکوں کی جغرافیائی سرحدیں ایسی ہیں جن کے درمیان بحری، بری اور فضائی قسم کا رابطہ نہیں ہے، براعظم یورپ، براعظم افریقہ، شرق اوسط اور شمالی اور جنوبی ایشیاء کے مختلف ٹکڑوں میں اسلامی ممالک اس طرح بکھرے ہوئے ہیں ان کے درمیان جغرافیائی وحدت ممکن نہیں ہے اور یہ کہنا کہ ان تمام اسلامی ملکوں کا ایک خلیفہ ہونا واجب ہے، ان کی ایک کرنسی ہو، ایک فوج ہو اور ان کے تمام داخلی اور خارجی مسائل ایک امیر کی پالیسی کے مطابق ہوں، اس لیے دنیا کے تمام اسلامی ملکوں پر واجب ہے کہ وہ اپنی اپنی حکومتوں کو توڑ دیں اور اپنے امراء کو معزول کردیں اور تمام دنیا کے مسلمان اسلامی ملکوں کا ایک خلیفہ منتخب کریں، ورنہ تمام دنیا کے مسلمان فرض کے تارک اور حرام کے مرتکب ہوں گے، اور اس سے یہ لازم آئے گا کہ ۱۳۴۲ھ کے بعد سے کر اب تک تمام امت مسلمہ معصیت اور ضلالت پر مجتمع رہی ہو، یہ چیز بداہۃً باطل ہے، تمام دنیا کے مسلمانوں اور تمام اسلامی ریاستوں کا ایک خلیفہ یا امام کے زیر حکومت رہنا بے حد دشوار ناقابل عمل ہے اور اسلام کے تمام احکام آسان اور قابل عمل ہیں۔

اسلام دین یسر ہے

اسلام نے کوئی ایسا حکم نہیں دیا جس سے پوری امت حرج اور دشواری میں مبتلا ہو جائے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ما یرید اللہ لیجعل علیکم من حرج (مائدہ: ۶)

اللہ تعالیٰ تم پر تنگی کرنا نہیں چاہتا۔

وما جعل علیکم فی الدین من حرج (حج: ۷۸)

اللہ تعالیٰ نے دین میں تم پر کوئی تنگی نہیں کی۔

ان کے علاوہ اور بھی متعدد آیات میں حرج کی نفی کی گئی ہے۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی

[۱] حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۲۴، مطبوعہ دارالکتاب العربی، بیروت، ۱۴۰۲ھ

[۲] " " " مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۲۵ " " "

وسلم قال ان الدین یسر ولن یشاء الدین احد الا غلبہ ۔[1]

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دین آسان ہے جو شخص بھی دین پر غالب آنے کی کوشش کرے گا (یعنی آسان طریقہ کو چھوڑ کر مشکل اختیار کرے) دین اس پر غالب آجائے گا۔

اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے[2] نیز اس حدیث کو امام نسائی نے بھی روایت کیا ہے۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی ہریرۃ قال قال لھم النبی صلی اللہ علیہ وسلم فانما بعثتم میسرین ولم تبعثوا معسرین ۔[3]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا تم لوگوں کے لیے آسانی پیدا کرنے کے لیے بھیجے گئے ہو اور ان کو مشکل میں ڈالنے کے لیے نہیں بھیجے گئے۔

اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے[4] ان کے علاوہ اس حدیث کو امام ابوداؤد، امام ترمذی اور امام نسائی نے بھی روایت کیا ہے۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن سعید بن ابی بردۃ قال سمعت ابی قال بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم بی و معاذ بن جبل الی الیمن فقال یسرا ولا تعسرا وبشرا ولا تنفرا وتطاوعا ۔[5]

سعید بن ابی بردہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) سے سنا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور حضرت معاذ بن جبل کو یمن بھیجا اور فرمایا (لوگوں کے لیے) آسانی کرنا (انہیں) مشکل میں نہ ڈالنا اور (ان کو) متنفر نہ کرنا اور (آپس میں) موافقت کرنا۔

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہے۔[6]

نیز امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن ابی موسی قال کان رسول اللہ صلی

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے

---

[1] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۵ ص ۶۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[3] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[4] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۲۸۲، ۲۳۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[5] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۶۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[6] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۸۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

اللہ علیہ وسلم اذا بعث احدا من اصحابہ فی بعض امرہ قال، بشروا ولا تنفروا ویسروا ولا تعسروا۔[1]

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب میں سے کسی شخص کو اپنے کسی کام کے لیے بھیجتے تو یہ فرماتے: (لوگوں کو) خوشخبری دینا، متنفر نہ کرنا، آسانی کرنا اور مشکل میں نہ ڈالنا۔

امام احمد روایت کرتے ہیں:

عن عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم انھا کانت تقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سددوا وقاربوا ویسروا۔[2]

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا درست اور ٹھیک ٹھیک کام کرو اور آسانی کرو۔

عن بریدۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان خیر دینکم ایسرہ ان خیر دینکم ایسرہ ان خیر دینکم ایسرہ۔[3]

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا بہترین دینی عمل وہ ہے جو سب سے زیادہ آسان ہو، تمہارا بہترین دینی عمل وہ ہے جو سب سے زیادہ آسان ہو، تمہارا بہترین دینی عمل وہ ہے جو سب سے زیادہ آسان ہو۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن عائشۃ انھا قالت ما خیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بین امرین الا اخذ ایسرھما مالم یکن اثما فان کان اثما کان ابعد الناس منہ۔[4]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دو کاموں میں سے کسی ایک کا اختیار دیا جاتا تو آپ اس پر عمل کرتے جو زیادہ آسان ہوتا بشرطیکہ وہ گناہ نہ ہو، اگر وہ گناہ ہوتا تو آپ اس سے سب سے زیادہ بچنے والے تھے۔

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہے[5] نیز اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے[6]۔ ان کے علاوہ اس حدیث کو امام مالک نے بھی روایت کیا ہے[7]

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

---

[1] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۸۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۶ ص ۱۲۵، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[3] " " ، مسند احمد ج ۳ ص ۳۳۸، ج ۵ ص ۳۲، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[4] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۰۳، ج ۲ ص ۱۰۰۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[5] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۵۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۷۵ھ

[6] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۶ ص ۲۲۳، ۲۰۹، ۱۹۱، ۱۸۹، ۱۸۲، ۱۴۴، ۱۳۰، ۱۱۴، ۸۵، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت

[7] امام مالک بن انس اصبحی متوفی ۱۷۹ھ، [illegible] ھ

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم احب الدین الی اللہ الحنیفۃ السمحۃ [1]

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالٰی کے نزدیک پسندیدہ دین وہ ہے جو باطل ادیان سے الگ ہو اور آسان اور سہل ہو۔

عن جابر بن عبد اللہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال رحم اللہ رجلا سمحا اذا باع و اذا اشتری و اذا اقتضی [2]

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالٰی اس شخص پر رحم فرمائے جو خریدنے، بیچنے اور اپنے حق کا مطالبہ کرنے میں آسانی اور سہولت کو اختیار کرتا ہے۔

امام احمد روایت کرتے ہیں:

عن ابی امامۃ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انی لم ابعث بالیہودیۃ ولا بالنصرانیۃ ولکنی بالحنیفیۃ السمحۃ [3]

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں یہودیت کے ساتھ بھیجا گیا ہوں نہ نصرانیت کے ساتھ لیکن میں ایسے دین کے ساتھ بھیجا گیا ہوں جو باطل ادیان سے الگ ہے اور سہل ہے۔

عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یومئذ لتعلم یہود ان فی دیننا فسحۃ انی ارسلت بحنیفیۃ سمحۃ۔ [4]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کو بتلانے کی خاطر فرمایا: ہمارے دین میں وسعت اور کشادگی ہے اور میں ایسے دین کے ساتھ بھیجا گیا ہوں جو باطل ادیان سے الگ ہے اور سہل اور آسان ہے۔

عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دخل رجل الجنۃ بسماحتہ قاضیا و متقاضیا۔ [5]

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص فیصلہ کرنے اور تقاضا کرنے میں آسان روی کی وجہ سے جنت میں داخل ہو گیا۔

۱۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ ھ
۲۔ " " " " ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۷۸، " " " "
۳۔ امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ ھ، مسند احمد ج ۵ ص ۲۶۶، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ ھ
۴۔ " " " ، مسند احمد ج ۶ ص ۱۱۶، " " "
۵۔ " " " ، مسند احمد ج ۲ ص ۱۱۰، " " "

اسلامی ملکوں کی ایک فیڈریشن کا استحسان اور استحباب

قرآن مجید کی متعدد آیات اور بکثرت احادیث صحیحہ سے یہ واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم نے امت مسلمہ پر مشکل اور دشوار احکام کے لاگو کرنے سے منع فرمایا ہے اور سہل اور آسان احکام لاگو کرنے کا حکم دیا ہے اور یہ کہ دین اسلام آسان اور سہل ہے، اس میں وسعت، کشادگی اور گنجائش ہے، مشکل اور دشواری نہیں ہے۔ اور تمام عالم اسلام کے لیے ایک خلیفہ کے تقرر کو فرض اور واجب قرار دینا انتہائی مشکل اور دشوار ہے اور آج کی دنیا میں عملی طور سے تقریباً ناممکن ہے اور اس سے یہ لازم آتا ہے کہ دوسری صدی کے بعد سے اب تک تمام امت مسلمہ معصیت اور گمراہی پر جمع رہی ہو، البتہ اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ تمام ممالک اسلامیہ کی ایک فیڈریشن بنا لینا اور ایک اسلامی بلاک قائم کرنا مستحسن اور مستحب ہے اور اگر تمام ممالک اسلامیہ کی ایک فیڈریشن بن گئی تو یہ خلافت راشدہ کے قریب تر ہو گی اور یہ کچھ ایسا مشکل بھی نہیں ہے، اس کے لیے تمام اسلامی ملکوں کے وزراء خارجہ کو مل کر کوشش اور جدوجہد کرنی چاہیے اس سے تمام اسلامی ممالک کو قوت حاصل ہو گی، مسلمانوں کی وحدت کا ظہور ہو گا اور واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا (آل عمران: ۱۰۳) "تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لو اور متفرق نہ ہو" کا منشاء پورا ہو گا، لیکن تمام عالم اسلام کے لیے ایک سربراہ اور ایک حاکم کا فرض اور واجب ہونا، قرآن اور حدیث میں کہیں منصوص نہیں ہے اور جس چیز کو اللہ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم نے فرض اور واجب نہ کیا ہو اس کو فرض اور واجب قرار دینا صحیح نہیں ہے۔

تمام عالم اسلام کے لیے ایک خلیفہ مقرر کرنے کے وجوب کے دلائل کا جائزہ

علامہ تفتازانی لکھتے ہیں:

اس بات پر اجماع ہے کہ امام کا مقرر کرنا واجب ہے، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ یہ اللہ پر واجب ہے یا مخلوق پر اور یہ وجوب دلیل سمعی سے ہے یا دلیل عقلی سے ہے، اور مذہب یہ ہے کہ یہ مخلوق پر دلیل سمعی سے واجب ہے، کیونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

من مات ولم یعرف امام زمانہ فقد مات میتۃ جاھلیۃ۔[1]

جو شخص مر گیا اور اس نے اپنے زمانے کے امام کو نہیں پہچانا وہ جاہلیت کی موت مرا۔

علامہ تفتازانی کا اس حدیث سے استدلال کرنا چند وجوہ سے صحیح نہیں ہے اول تو اس لیے کہ یہ الفاظ کسی حدیث میں نہیں ہیں، البتہ اس کے قریب قریب دوسری احادیث ہیں لیکن ان میں امام زمان کا لفظ نہیں ہے اور تمام عالم اسلام کے ایک خلیفہ کے ثبوت کے لیے امام زمان کا لفظ ضروری ہے،

امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن عبد اللہ بن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من مات ولیس فی عنقہ بیعۃ مات میتۃ جاھلیۃ۔[2]

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اس حال میں فوت ہوا کہ اس کی گردن میں کسی کی بیعت نہ ہو تو

---

[1] علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی متوفی ۷۹۱ھ، شرح عقائد ص ۱۰۷ مطبوعہ مطبع رحیمیہ دیوبند سہارنپور

[2] امام ابو الحسین مسلم بن حجاج قشیری متو[illegible] المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

وہ جاہلیت کی موت مرا۔

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

وعن معاویة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من مات بغیر امام مات میتة جاهلیة وفی روایة من مات ولیس فی عنقه بیعة مات میتة جاهلیة رواه الطبرانی واسنادهما ضعیف [1]

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بغیر امام کے مرا وہ جاہلیت کی موت مرا، اور ایک روایت میں ہے جو شخص اس حال میں مرا کہ اس کی گردن میں کسی کی بیعت نہیں تھی وہ جاہلیت کی موت مرا، ان دونوں حدیثوں کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور ان کی سند ضعیف ہے۔

عن ابی الدرداء قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من اصبح لیس لا میر جماعة علیه طاعة بعثه الله یوم القیمة من میتة جاهلیة رواه الطبرانی وفیه عمر بن ادیبة وهو متروك [2]

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے اس حال میں صبح کی کہ اس پر امیر جماعت کی اطاعت نہیں تھی، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو زمانہ جاہلیت میں مرنے والوں سے اٹھائے گا، اس حدیث کی سند میں ایک ضعیف راوی ہے۔

ان احادیث میں سے امام مسلم کی روایت صحیح ہے لیکن اس میں امام زمان تو کجا امام کا لفظ بھی نہیں ہے، باقی طبرانی کی روایات میں امام کا لفظ ہے لیکن وہ ضعیف احادیث ہیں اگرچہ صرف امام کا لفظ بھی مفید مدعا نہیں ہے۔

علامہ شمس الدین خیالی، زیر بحث حدیث سے علامہ تفتازانی کے استدلال کو مسترد کرتے ہوئے لکھتے ہیں!

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس حدیث میں امام سے مراد نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق فرمایا: انی جاعلك للناس اماما۔ "میں تم کو لوگوں کا امام بنانے والا ہوں" اور یہاں امامت سے نبوت مراد ہے۔ [3] (لہٰذا اس حدیث سے خلافت پر استدلال نہ ہو سکا۔)

علامہ عبد الحکیم سیالکوٹی اس حدیث کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

اس حدیث کا یہ معنی بھی ہو سکتا ہے اگر کسی زمانہ میں امام ہو اور پھر کوئی شخص اس امام کو نہ پہچانے تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔ [4]

---

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۱۸، مطبوعہ دار الکتاب العربی، ۱۴۰۲ھ

[2] 〃 〃 〃 ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۱۹، 〃 〃 〃

[3] علامہ شمس الدین احمد بن موسیٰ خیالی متوفی ۸۷۰ھ، حاشیۃ الخیالی ص ۱۴۶، مطبوعہ مطبع یوسفی لکھنؤ

[4] مولانا عبد الحکیم سیالکوٹی متوفی ۱۰۶۷ھ، حاشیہ عبد الحکیم علی خیالی ص ۱۳۲ مع الحواشی البہیہ مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ، ۱۳۹۷ھ

اس جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ امام کا بنانا اس وقت واجب ہوگا جب تمام عالم اسلام میں ایک امام موجود ہو۔

تمام عالم اسلام کے لیے ایک خلیفہ مقرر کرنے پر علامہ تفتازانی دوسری دلیل قائم کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد امت نے سب سے اہم کام خلیفہ کے تقرر کو قرار دیا حتیٰ کہ خلیفہ کے تقرر کو صحابہ کرام نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تدفین پر مقدم کیا اسی طرح ہر امام کی موت کے بعد اس کے خلیفہ کو مقرر کرنا مقدم ہے۔[1]

اس دلیل سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ایک امیر کی موت کے بعد دوسرے امیر کا تقرر کرنا واجب ہے، لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ تمام عالم اسلام کا ایک خلیفہ ہو۔

علامہ تفتازانی اس مسئلہ پر تیسری دلیل قائم کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

تمام مسلمانوں کے لیے ایک امام کا ہونا ضروری ہے جو ان میں احکام شرعیہ نافذ کرے، حدود قائم کرے، ان کی سرحدوں کی حفاظت کرے، جہاد کے لیے لشکر روانہ کرے، زکوٰۃ اور صدقات کو وصول کرے، چوروں اور ڈاکوؤں کو سزا دے، جمعہ اور عید پڑھانے کا انتظام کرے، مسلمانوں کے باہمی جھگڑوں کا فیصلہ کرے، حقوق میں شہادت کو قبول کرے، مال غنیمت کی تقسیم کرے اور ایسے بہت سے کام جو عام لوگوں کے دائرۂ اختیار میں نہیں ہوتے، ان کو پورا کرے کا، لائے (اس کے بعد علامہ تفتازانی اس دلیل کا ضعف ظاہر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:)

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ ہر ملک کے ایک مقتدر امیر سے بھی یہ مقاصد پورے ہو سکتے ہیں، اس دلیل سے یہ کب لازم آتا ہے کہ تمام عالم اسلام کا ایک خلیفہ ہو؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اگر مختلف ملکوں کے الگ الگ متعدد سربراہ ہوئے تو ان کے آپس میں لڑائی جھگڑے ہوں گے جس سے دین اور دنیا کے معاملات میں خلل لازم آئے گا جیسا کہ ہم اپنے اس زمانہ میں مشاہدہ کر رہے ہیں، اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ ایک شخص کو تمام ملکوں کا سربراہ بنا دیا جائے خواہ وہ امام ہو یا نہ ہو پھر بھی یہ مقصد پورا ہو جائے گا کیونکہ وہ سربراہ اپنے ملک کا نظام چلا سکتا ہے جس طرح ترکوں کے دور میں ہو رہا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ اس طرح دنیاوی نظام تو چل جائے گا لیکن مذہبی مقصد پورا نہیں ہوگا۔[2]

علامہ عبدالعزیز اس بحث پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

یہ بات مخفی نہ رہے کہ تمام اسلامی ملکوں میں ایک خلیفہ کا مقرر کرنا مشکل ہے، میں اس پر بہت تعجب کرتا تھا حتیٰ کہ میں نے دیکھا کہ مواقف میں یہ لکھا ہوا ہے کہ جو علاقے (یا ملک) آپس میں ملے ہوئے اور سمٹے ہوئے ہوں ان میں دو اماموں کی بیعت کرنا جائز نہیں ہے، لیکن روئے زمین کے پھیلے ہوئے علاقے جو ایک خلیفہ کی تولیت میں نہیں آ سکتے ان میں ایک سے زائد سربراہوں کے تقرر کے لیے اجتہاد کرنا چاہیے[4] (مواقف کی عبارت ختم ہوئی) اور میرا گمان یہ ہے کہ ایک سے زائد سربراہوں کے تقرر کا جواز زیادہ راجح ہے۔[3]

---

[1] علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی متوفی ۷۹۱ ھ، شرح عقائد ص ۱۰۶ مطبوعہ مطبع رحیمیہ دیوبند۔

[2] " " " ، شرح عقائد ص ۱۰۶ "

[3] مولانا عبدالعزیز پرہاروی، نبراس ص ۵۱۳، مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور، ۱۳۹۷ ھ

[4] شرح مواقف ص ۷۴۲ ـ ۷۴۳، مطبوعہ [illegible]

علامہ تفتازانی اپنی بحث کے اخیر میں لکھتے ہیں:

تمام عالم اسلام کے لیے ایک خلیفہ کے تقرر کے وجوب پر یہ اعتراض ہوگا کہ خلافت کی مدت تو تیس سال ہے (جیسا کہ سنن ابوداؤد میں ہے) اور اس حدیث کے مطابق خلفاء راشدین کے بعد کا زمانہ خلیفہ سے خالی ہوگا اور اس سے تمام امت کا معصیت میں مبتلاء ہونا لازم آئے گا اور ان کی موت جاہلیت کی موت ہوگی، ہم اس کے جواب میں یہ کہیں گے کہ حدیث میں خلافت سے خلافت کاملہ مراد ہے، یا پھر حدیث میں خلافت کی مدت بیان کی گئی ہے اور امامت کی مدت بیان نہیں کی اور امامت خلافت سے عام ہے، البتہ یہ شیعہ کی اصطلاح ہے، لیکن جب خلفاء عباسیہ کے بعد خلفاء باقی نہیں رہے تو پھر خلیفہ کے تقرر کے وجوب پر اشکال زیادہ قوی ہو جاتے گا۔[1]

علامہ تفتازانی نے شرح مقاصد میں بھی اس مسئلہ پر بحث کی ہے، لکھتے ہیں:

اگر یہ کہا جائے کہ اگر امام کو مقرر کرنا واجب ہو تو یہ لازم آئے گا کہ امت مسلمہ نے بکثرت ادوار میں واجب کو ترک کیا ہو کیونکہ امام کے لیے جو صفات واجب ہیں ان صفات کا حامل امام اکثر ادوار میں نہیں رہا۔ خاص طور پر دولت عباسیہ ختم ہونے کے بعد، نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: میرے بعد خلافت تیس سال رہے گی پھر (ایک دوسرے کو) کاٹنے والے بادشاہ ہو جائیں گے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بعد خلافت ختم ہوگئی، اور حضرت معاویہ اور ان کے بعد کے حکران ملوک اور امراء تھے ائمہ اور خلفاء نہ تھے، لہٰذا یہ لازم آیا کہ اکثر ادوار میں امت نے واجب کو ترک کر دیا اور واجب کو ترک کرنا معصیت اور گمراہی ہے اور یہ امت گمراہی پر جمع نہیں ہو سکتی۔ اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ امت کا گمراہ ہونا تب لازم آتا جب یہ امت اپنی قدرت اور اختیار سے خلیفہ کے تقرر کو ترک کر دیتی، وہ کہ عجز اور اضطرار سے اور جو حدیث پیش کی ہے اول تو وہ خبر واحد ہے ثانیاً اس میں یہ احتمال ہے کہ حدیث میں خلافت سے خلافت کاملہ مراد ہو۔[2]

علامہ تفتازانی کا یہ جواب صحیح نہیں ہے کیونکہ علامہ تفتازانی نے خلیفہ کے تقرر کے وجوب پر جس حدیث سے استدلال کیا ہے من مات ولم یعرف امام زمانہ فقد مات میتۃ جاھلیۃ اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے اور اس کے برخلاف جس حدیث کو علامہ تفتازانی نے خبر واحد قرار دے کر اس کی تاویل کی ہے وہ حدیث صحیح ہے جو جامع ترمذی، سنن ابوداؤد اور مسند احمد میں موجود ہے، حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خلافت نبوت تیس سال رہے گی پھر اللہ تعالیٰ جس کو چاہے گا اپنا ملک عطا کر دے گا۔[3] اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ تیس سال خلافت کے بعد ملوکیت ہوگی اس لیے اس حدیث میں یہ تاویل کرنا صحیح نہیں ہے کہ تیس سال کی خلافت، خلافت کاملہ ہے اور اس کے بعد خلافت غیر کاملہ ہے کیونکہ حدیث صحیح میں یہ تصریح ہے کہ تیس سال کے بعد ملوکیت ہوگی نہ کہ خلافت غیر کاملہ۔

علامہ تفتازانی اور ہمارے دیگر علماء اور متکلمین نے تقرر خلیفہ یا نصب امام کے وجوب پر جو دلائل پیش کیے ہیں ان کا ذکر کیا جا چکا ہے، اس سلسلہ میں صحیح مسلم کی ایک حدیث سے بھی استدلال کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہے:

---

[1] علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی متوفی ۷۹۱ھ، شرح عقائد ص ۱۰۷-۱۰۶، مطبوعہ مطبع رحیمیہ دیو بند۔

[2] " " ، شرح المقاصد ج ۲ ص ۲۷۵، مطبوعہ دار المعارف النعمانیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[3] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۲۸۲، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا بویع للخلیفتین فاقتلوا الآخر منہما [1]

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب دو خلیفوں کی بیعت کی جائے تو ان میں سے دوسرے کو قتل کر دو۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خلیفہ کا ایک ہونا ضروری ہے، اسی وجہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو باغی قرار دیا اور ان سے جنگ کی، لیکن خلیفہ کا ہونا ابتدائی تیس سال میں ضروری تھا، اور تیس سال گزرنے کے بعد خلافت ختم ہو گئی اور ملوکیت کا دور آ گیا۔

قرآن مجید کی روشنی میں ملوکیت کا حکم

قل اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء و تنزع الملک ممن تشاء و تعز من تشاء و تذل من تشاء بیدک الخیر۔ (آل عمران: ۲۶)

آپ کہیے: اے اللہ ملک کے مالک تو جس کو چاہے ملک دے اور جس سے چاہے ملک چھین لے، تو جس کو چاہے عزت بخشے اور جس کو چاہے ذلیل کر دے، بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ملوکیت کے لیے دعا کی تلقین کی ہے اور ملوکیت کو خیر قرار دیا ہے۔

آل ابراہیم کو اللہ تعالیٰ نے ملک عطا کیا اور اس کو اپنے احسانات میں سے شمار فرمایا۔

فقد آتینا آل ابراھیم الکتاب والحکمۃ و آتیناھم ملکا عظیما۔ (نساء: ۵۴)

بے شک ہم نے آل ابراہیم کو کتاب اور حکمت عطا فرمائی اور ہم نے ان کو ملک عظیم عطا فرمایا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے حصول ملک کے لیے دعا کی:

قال رب اغفرلی وھب لی ملکا لا ینبغی لاحد من بعدی۔ (ص: ۳۵)

حضرت سلیمان نے کہا اے میرے رب مجھے بخش دے اور مجھے ایسا ملک عطا فرما جو میرے بعد کسی اور کو سزاوار نہ ہو۔

بنو اسرائیل نے اپنے نبی سے بادشاہ کے لیے درخواست کی:

اذ قالوا لنبی لھم ابعث لنا ملکا نقاتل فی سبیل اللہ۔ (بقرۃ: ۲۴۶)

جب انہوں نے اپنے نبی سے کہا ہمارے لیے ایک بادشاہ بھیج دیجیے جو اللہ کی راہ میں قتال کرے۔

اللہ تعالیٰ نے ملوکیت کو نعمت فرمایا:

و اذ قال موسیٰ لقومہ اذکروا نعمت اللہ علیکم اذ جعل فیکم انبیاء وجعلکم ملوکا۔ (مائدہ: ۲۰)

اور یاد کرو جب حضرت موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا تھا: اللہ کی اس نعمت کو یاد کرو جو اس نے تم پر کی تھی، اس نے تم میں نبی پیدا کیے اور تم کو بادشاہ [illegible]

[1] امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ صحیح مسلم [illegible] قدیمی کتب خانہ / اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

نیز فرمایا:

واللہ یؤتی ملکہ من یشاء واللہ واسع علیم۔ (بقرہ: ۲۴۷)

اور اللہ تعالیٰ اپنا ملک (بادشاہت) جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ وسعت رکھتا ہے اور علم والا ہے۔

قرآن مجید کی ان آیات سے واضح ہوتا ہے کہ ملوکیت اور بادشاہت بھی حکومت کا ایک جائز اور صحیح طریقہ ہے۔

ملوکیت کے متعلق احادیث

امام ابو داؤد روایت کرتے ہیں:

عن سفینۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: خلافۃ النبوۃ ثلاثون سنۃ ثم یؤتی اللہ الملک من یشاء۔ [1]

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خلافت نبوت کے تیس[30] سال ہیں پھر اللہ تعالیٰ جس کو چاہے گا ملک عطا فرما دے گا۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن سفینۃ الخلافۃ فی امتی ثلاثون سنۃ ثم ملک بعد ذلک۔ [2]

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میری امت میں خلافت تیس[30] سال ہوگی اس کے بعد ملوکیت ہوگی۔

اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ [3] نیز اس حدیث کو امام علی متقی نے بھی بیان کیا ہے۔ [4]

نیز امام احمد روایت کرتے ہیں:

عن ابی بکرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلافۃ نبوۃ ثم یؤتی اللہ تبارک وتعالی الملک من یشاء۔ [5]

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نبوت کی خلافت ہوگی، پھر اللہ تعالیٰ جس کو چاہے گا ملک عطا فرما دے گا۔

اور امام احمد روایت کرتے ہیں:

عن حذیفۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکون النبوۃ فیکم ماشاء اللہ ان تکون ثم یرفعھا اذا شاء ان یرفعھا ثم تکون خلافۃ علی منہاج النبوۃ فتکون ماشاء اللہ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک اللہ چاہے گا تم میں نبوت رہے گی، پھر جب اللہ تعالےٰ چاہے گا نبوت کو اٹھا لے گا، پھر جب تک اللہ چاہے گا منہاج

---

[1] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابو داؤد ج ۲ ص ۲۸۲، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[2] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۲۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[3] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۵ ص ۲۲۱، ۲۲۰، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[4] امام علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۶ ص ۸۷، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۵ھ

[5] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۵ ص ۴۴، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

ان تکون ثم یرفعها اذا شاء الله ان یرفعها ثم تکون ملکا عاضا فیکون ما شاء الله ان یکون ثم یرفعها اذا شاء ان یرفعها ثم تکون ملکا جبریۃ فتکون ما شاء الله ان تکون ثم یرفعها اذا شاء ان یرفعها ثم تکون خلافۃ علی منہاج النبوۃ۔[1]

نبوت پر خلافت رہے گی، اور جب اللہ تعالیٰ چاہے گا خلافت کو اٹھا لے گا، پھر جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا ایک مدت کے لیے کاٹنے والے بادشاہ ہوں گے، پھر جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا بادشاہت کو اٹھا لے گا، پھر جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا جبری حکومت ہوگی، (مثلاً متغلب حاکم یا مارشل لاء) پھر جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا جبری حکومت کو اٹھا لے گا اور پھر منہاج نبوت پر خلافت ہوگی۔

ان احادیث سے یہ واضح ہوگیا کہ خلافت کی مدت تیس سال ہے اور اس کے بعد ملوکیت قائم ہوگی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملوکیت کو اللہ تعالیٰ کا عطیہ قرار دیا ہے اور یہ حدیث اس کی مشروعیت کی واضح دلیل ہے۔

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن ابی الدرداء قال قال رسول الله صلی الله علیہ وسلم ان الله یقول انا الله لا الہ الا انا مالک الملوک وملک الملوک قلوب الملوک بیدی وان العباد اذا اطاعونی حولت قلوب ملوکهم بالرافۃ والرحمۃ وان العباد اذا عصونی حولت قلوبهم علیهم بالسخط والنقمۃ فساموهم سوء العذاب فلا تشغلوا انفسکم بالدعاء علی الملوک ولکن اشغلوا انفسکم بالذکر والتضرع اکفکم ملوککم رواہ الطبرانی فی الاوسط وفیہ ابراهیم بن راشد وهو متروک۔[2]

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں، میں بادشاہوں کا مالک ہوں اور بادشاہوں کا بادشاہ ہوں، بادشاہوں کے دل میرے ہاتھ میں ہیں، بندے جب اطاعت کرتے ہیں تو میں ان کی طرف بادشاہوں کے دل رحمت اور شفقت کے ساتھ متوجہ کر دیتا ہوں، اور جب بندے میری نافرمانی کرتے ہیں تو میں بادشاہوں کے دلوں میں ان کے خلاف غصہ اور غضب بھر دیتا ہوں اور پھر وہ ان کو برا عذاب چکھاتے ہیں، لہٰذا بادشاہوں کو بددعا نہ دو بلکہ آہ و زاری اور ذکر میں مشغول رہو میں تم کو بادشاہوں سے کفایت کروں گا۔ اس حدیث کو امام طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے اور اس کا ایک راوی ضعیف ہے۔

علامہ ابن حجر مکی بیان کرتے ہیں:

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۴ ص ۲۷۳، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی [illegible] مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۲ھ

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول ھذا الامر نبوۃ ورحمۃ ثم یکون خلافۃ ورحمۃ ثم یکون ملکا ورحمۃ ثم یکون امارۃ ورحمۃ ثم یتکادمون علیہا تکادم الحمیر فعلیکم بالجہاد وان افضل جہادکم الرباط وان افضل رباطکم عسقلان رواہ الطبرانی ورجالہ ثقات [1]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس امر کا اول نبوت اور رحمت ہے، پھر خلافت اور رحمت ہے، پھر ملوکیت اور رحمت ہے، پھر امارت اور رحمت ہے، پھر لوگ گدھوں کی طرح حکومت کو دانتوں سے کاٹیں گے اس وقت تم پر جہاد لازم ہے اور تمہارا سب سے افضل جہاد سرحدوں کی نگرانی ہے اور تمہاری سب سے افضل سرحد عسقلان ہے۔ اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

اس حدیث میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ملوکیت کو بھی رحمت قرار دیا ہے، اور تاریخ اسلام میں عادل بادشاہوں کا جو زمانہ گذرا ہے وہ سب رحمت ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت کا افضل ترین طریقہ خلافت نبوت ہے اور اسلام کے غلبہ کا وہی زمانہ ہوگا جب بارہ خلیفے پورے ہوں گے اور ان بارہ خلفاء میں بہترین زمانہ خلفاء راشدین کا تھا لیکن ان بارہ خلفاء کے درمیان جب بھی ملوکیت اور بادشاہت آئی تو وہ بھی اسلامی حکومت تھی اور بادشاہ کی حکومت کو تسلیم کرنا اور احکام شرع کی حدود میں اس کی اطاعت کرنا بھی اسلام کے مطابق ہے، اسی طرح امارت بھی رحمت ہے اور سلطنت بھی رحمت ہے اور مسلمانوں پر یہ لازم نہیں ہے کہ وہ ایسے امام کی بیعت کریں جو پوری دنیا کے مسلمانوں کا سربراہ ہو، ہر چند کہ اسلامی فیڈریشن کو قائم کرنا مستحب ضرور ہے لیکن فرض اور واجب نہیں ہے، یہاں تک ہم نے ملوکیت کے متعلق احادیث بیان کی تھیں اور اب ہم سلطان کے متعلق احادیث بیان کریں گے۔

سلطان کے متعلق احادیث

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم السلطان ولی من لا ولی لہ [2]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کا کوئی ولی نہ ہو اس کا ولی سلطان ہے۔

اس حدیث کو امام ترمذی[3]، امام دارمی[4] اور امام احمد نے بھی بیان کیا ہے [5]

---

[1] علامہ احمد بن حجر مکی متوفی ۹۷۴ھ، تطہیر الجنان واللسان ص ۱۶، مطبوعہ مکتبۃ القاہرہ، ۱۳۸۵ھ
[2] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۲۸۴، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ
[3] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۱۶۷، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[4] امام عبداللہ بن عبدالرحمن دارمی متوفی ۲۵۵ھ، سنن دارمی ج ۲ ص ۶۲، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان
[5] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۱ ص ۲۵۰، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

امام احمد روایت کرتے ہیں:

عن ابی الدرداء قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اعطاء السلطان قال ما اتاك اللہ منہ من غیر مسئلۃ ولا اشراف فخذہ وتمولہ۔[1]

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سلطان کی بخشش کے متعلق سوال کیا گیا، آپ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ سلطان کے ذریعہ تم کو جو چیز بغیر سوال اور طلب کے دے اس کو لے لو اور اس سے تونگری حاصل کرو۔

عن ابی الدرداء قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اموال السلطان فقال ما اتاك اللہ منہ من غیر مسئلۃ ولا اشراف فکلہ وتمولہ۔[2]

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سلطان کے اموال کے متعلق سوال کیا گیا، آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے سلطان کے ذریعہ جو چیز تم کو بغیر سوال اور طلب کے دے اس کو کھاؤ اور اس سے تونگری حاصل کرو۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کرہ من امیرہ شیئا فلیصبر فانہ من خرج من السلطان شبرا مات میتۃ جاھلیۃ۔[3]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو اپنے امیر کی کوئی بات ناگوار ہو وہ صبر کرے، کیونکہ جو شخص سلطان کی اطاعت سے ایک بالشت بھی نکلا وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔

اس حدیث کو امام مسلم[4] اور امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔[5]

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن ابی بکرۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من اکرم سلطان اللہ تبارک وتعالی فی الدنیا اکرمہ اللہ یوم القیامۃ ومن اھان

حضرت ابو بکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے اللہ تبارک و تعالیٰ کے سلطان کی دنیا میں عزت کی اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن عزت دے گا، اور جس نے

---

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۶ ص ۴۴۰، ۱۹۹، ۴۶، ۴۷، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت

[2] " " " ، مسند احمد ج ۵ ص ۱۹۵، ج ۶ ص ۴۵۲ " "

[3] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۴۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[4] امام ابو الحسین مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۲۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[5] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، [illegible] ، ۱۳۹۸ھ

سلطان اللہ عزوجل فی الدنیا اھانہ اللہ یوم القیامۃ۔[1]

اللہ عزوجل کے سلطان کی دنیا میں توہین کی اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن رسوا کرے گا۔

عن حذیفۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما من قوم مشوا الی سلطان اللہ لیذلوہ الا اذلھم اللہ قبل یوم القیامۃ۔[2]

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگ اللہ کے سلطان کو رسوا کرنے کے لیے اس کے پاس گئے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو قیامت سے پہلے رسوا کر دے گا۔

عن رجل ان اباذر قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبنا وقال انہ کائن بعدی سلطان فلا تذلوہ فمن اراد ان یذلہ فقد خلع ربقۃ الاسلام من عنقہ الحدیث۔[3]

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا میرے بعد سلطان ہو گا اس کو ذلیل نہ کرنا جس شخص نے اس کو ذلیل کرنے کا ارادہ کیا اس نے اپنی گردن سے اسلام کا پٹہ اتار دیا۔ اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے اس کی سند میں ایک راوی مجہول ہے اور باقی تمام راوی ثقہ ہیں۔

اس حدیث کو امام علی متقی نے بھی ذکر کیا ہے۔[4]

نیز امام علی متقی امام بخاری کی تاریخ کبیر کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ سیکون بعدی سلطان فاعزوہ فانہ من اراد ذلہ ثغر ثغرۃ فی الاسلام ولیست لہ توبۃ الا ان یسدھا ولیس بسادلھا الی یوم القیامۃ۔[5]

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد سلطان ہو گا اس کی عزت کرنا، کیونکہ جس شخص نے سلطان کو ذلیل کرنے کا ارادہ کیا اس نے اسلام کی سرحد میں رخنہ ڈال دیا، اس کی توبہ اس وقت تک قبول نہیں ہو گی جب تک وہ اس کی تلافی نہ کرے اور وہ قیامت تک اس کی تلافی نہیں کر سکے گا۔

قرآن مجید کی آیات اور احادیث سے یہ واضح ہو گیا کہ اسلام میں ملک، سلطان اور امیر کی حکومت جائز ہے اور ان حکومتوں کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے نعمت اور رحمت قرار دیا ہے۔ ۱۳۴۲ھ تک تمام عالم اسلام میں

۱۔ حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۱۵، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت ۱۴۰۲ھ

۲۔ " " " " " ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۱۶،

۳۔ " " " " " ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۲۱۶،

۴۔ امام علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۶ ص ۵۶، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت ۱۴۰۵ھ

۵۔ " " " " " کنز العمال ج ۶ ص ۵۶،

ایک خلیفہ کی حکومت تھی۔ اس کے بعد اندلس میں الگ خلافت قائم ہوئی اور بغداد میں الگ خلافت قائم ہوئی اور ان میں سے کوئی بھی حقیقی خلافت نہیں تھی، کیونکہ حقیقی خلافت میں تمام مسلمانوں کا ایک سربراہ ہونا ضروری ہے، ۶۵۸ھ میں بغداد کی خلافت ختم ہو گئی، ۹۰۳ھ میں مصر کی خلافت ختم ہوئی، ۸۵۴ھ (۱۴۵۰ء) میں اندلس کی خلافت ختم ہو چکی تھی (بلکہ پورے اسپین پر عیسائیوں نے قبضہ کر لیا تھا) یہ سب جزوی خلافتیں تھیں اور درحقیقت ان علاقوں کے حکمران خلیفہ نہیں بلکہ سلطان تھے، مصر اور بغداد کے خلفاء بھی دراصل سلاطین تھے جو خلفاء کے عنوان سے حکومت کرتے تھے اس بحث کو شرح صدر سے سمجھنے کے لیے خلیفہ اور سلطان کا فرق جاننا ضروری ہے۔

خلیفہ، مُلک اور سلطان کا فرق

خلیفہ: جو شخص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا جانشین ہو کر تمام دنیا کے مسلمانوں کے دینی اور دنیاوی امور کا انتظام کرے اور تمام دنیا کے مسلمانوں پر اس کا اتباع واجب ہو (یہ تعریف شرح مواقف، شرح مقاصد، شرح عقائد اور الاحکام السلطانیہ للماوردی سے ماخوذ ہے)

مُلک: علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں: مُلک کی دو قسمیں ہیں، اول: جو کسی ملک کا والی اور مالک ہو، ثانی: جو ولایت کی صلاحیت رکھتا ہو بالفعل والی ہو یا نہ ہو، ان الملوك اذا دخلوا قرية افسدوها "جب بادشاہ کسی شہر میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو تباہ کر دیتے ہیں" یہ قسم اول کے متعلق ہے۔ واذ جعل فيكم انبياء وجعلكم ملوكا۔ "اللہ تعالیٰ نے تم میں نبی پیدا کیے اور تمہیں بادشاہ بنایا" یہ قسم ثانی سے متعلق ہے، یہاں مُلک کا معنی ایسی قوت ہے جس میں ملک کے انتظام کی صلاحیت ہو، کیونکہ سب کو والی بنا دینا حکمت کے خلاف ہے۔ اور بعض علماء نے کہا ہے کہ مُلک وہ شخص ہے جو ملک کے انتظام کا مالک ہو۔ خلاصہ یہ ہے کہ مُلک وہ شخص ہے جو کسی ملک کا والی ہو اور وہاں کے انتظام کا مالک ہو۔[1]

سلطان: علامہ زبیدی لکھتے ہیں: سلطان والی کو کہتے ہیں یعنی جس شخص میں بادشاہ کی طرح قدرت ہو، ابوبکر نے کہا سلطان میں دو قول ہیں۔ اول: اس کو تسلط کی وجہ سے سلطان کہتے ہیں، ثانی: سلطان کا معنی حجت ہے اور سلطان بھی اللہ کی حجتوں میں سے ایک حجت ہے۔ علامہ زبیدی کہتے ہیں اس کی تائید میں یہ حدیث ہے: السلطان ظل الله فى الارض يأوى اليه كل مظلوم۔ "سلطان زمین پر اللہ کا سایہ ہے ہر مظلوم اس کی پناہ میں آتا ہے۔"[2]

میں کہتا ہوں کہ قرآن مجید اور احادیث کا بغور مطالعہ کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مُلک عام ہے اور سلطان خاص ہے، مُلک مطلقاً والی اور حکمران کو کہتے ہیں عام ازیں کہ وہ مسلمان ہو یا نہ ہو اور سلطان کسی مسلم ریاست کے مسلمان والی کو کہتے ہیں۔ الغرض دنیا کی تمام مسلم ریاستوں کا ایک سربراہ ہو تو اس کو خلیفہ کہتے ہیں اور کسی ایک مسلم ریاست یا چند ریاستوں پر مشتمل مسلم ملک کے مسلمان والی کو سلطان کہتے ہیں اس کو مجازاً خلیفہ بھی کہا جاتا ہے جیسے اندلس بغداد اور مصر کے والیوں کو خلفاء کہا جاتا تھا۔

---

[1] علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ، المفردات ص ۴۷۲، مطبوعہ المکتبۃ المرتضویہ ایران، ۱۳۴۲ھ

[2] علامہ سید محمد مرتضی الحسینی زبیدی [illegible] التاج العروس، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ھ

علامہ عبدالحئی کتانی لکھتے ہیں:
ابن فضل اللہ نے مسالک میں یہ کہا ہے کہ اصطلاح میں سلطان صرف اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کی ولایت میں کئی ملک ہوں پس سلطان وہ ہوگا جو ملک الملوک ہو، (یعنی کئی بادشاہوں کا بادشاہ ہو) مثلاً اس کی ملکیت میں مصر اور شام ہو، یا اس کی ملکیت میں افریقہ اور اندلس ہو اور اس کا لشکر تقریباً دس ہزار سواروں پر مشتمل ہو، اگر اس کی ملکیت میں اس سے زیادہ شہر ہوں یا اس کے پاس اس سے بڑا لشکر ہو تو اس کی سلطنت زیادہ عظیم ہوگی اور اس پر سلطان اعظم کا اطلاق کرنا درست ہوگا، اور اگر مصر، شام، جزیرہ، خراسان، عراق، عجم، فارس، افریقہ، وسطی مغرب کے خطبوں میں اس کا نام پڑھا جائے تو اس کو سلطان السلاطین کہا جائے گا جیسا کہ سلجوقی حکمران تھے۔[1]

علامہ کتانی کی عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ کسی ایک ریاست کے والی کو ملک کہتے ہیں اور متعدد ریاستوں کے امیر کو سلطان کہتے ہیں نیز علامہ کتانی نے ملک اور خلیفہ میں یہ فرق کیا ہے کہ جو شخص اپنی رائے اور اپنی مرضی کے مطابق حکمرانی کرے وہ ملک ہے اور جو شخص احکام شرعیہ کے مطابق حکمرانی کرے وہ خلیفہ ہے، لیکن ان کے درمیان صحیح فرق وہ ہے جس کو ہم نے پہلے بیان کر دیا ہے۔

امام احمد رضا فاضل بریلوی نے خلیفہ اور سلطان میں متعدد وجوہ سے فرق بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

۱۔ خلیفہ حکمرانی وجہانبانی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نائب مطلق تمام امت پر ولایت عامہ والا ہے، شرح عقائد نسفی میں ہے (خلافتہم) ای نیابتہم عن الرسول فی اقامۃ الدین بحیث یجب علی کافۃ الامم الاتباع وہ خود سر کافر کا اوسے نہ ماننا شرعاً اوسکی ولایت عامہ میں خلل نہیں، جس طرح اونکا خود نبی کو نہ ماننا یہاں روئے زمین کے مسلمانوں میں جو اوسے نہ مانے گا اوسکی خلافت میں خلل نہ آئے گا یہ خود ہی باغی قرار پائے گا اور اصطلاح میں سلطان وہ بادشاہ ہے جس کا تسلط قہری ملکوں پر ہو، چھوٹے چھوٹے والیان ملک اوسکے زیر حکم ہوں، کما ذکرہ الامام جلال الدین السیوطی رحمہ اللہ فی حسن المحاضرۃ عن ابن فضل اللہ فی المسالک عن علی بن سعید۔ یہ دو قسم ہے مولّی جسے خلیفہ نے والی کیا، تو اس کی ولایت حسب عطائے خلیفہ ہوگی جس قدر پر والی کرے، دوسرا متغلب کہ بزور شمشیر ملک دبا بیٹھا، اس کی ولایت اپنی قلم رو پر ہوگی

۲۔ کہ اول پر متفرع ہے (یعنی دوسرا فرق پہلے فرق کی فرع ہے) خلیفہ کی اطاعت غیر معصیت الٰہی میں تمام امت پر فرض ہے جس کا منشا خود اس کا منصب ہے کہ نائب رسول ہے صلی اللہ علیہ وسلم اور سلطان کی اطاعت صرف اپنی قلم رو پر۔ پھر اگر مولّی ہے تو بواسطہ عطائے خلیفہ اس منصب ہی کی وجہ سے ہے کہ اوس کا امر امر خلیفہ ہے اور امر خلیفہ امر نبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور اگر متغلب ہے تو نہ اوس کے منصب سے کہ وہ شرعی نہیں بلکہ دفع فتنہ اور اپنے تحفظ کے لیے، فتح الباری میں ہے: السلطان المتغلب طاعتہ خیر من الخروج علیہ کما فی ذٰلک من حقن الدماء وتسکین الدھماء (متغلب کی طاعت کرنا اس کے خلاف بغاوت کرنے سے بہتر ہے کیونکہ اس سے لوگوں کی جانیں محفوظ رہیں گی۔)

۳۔ کہ دوم پر متفرع ہے (یعنی تیسرا فرق دوسرے فرق کی فرع ہے) خلیفہ نے جس مباح کا حکم دیا حقیقۃً فرض ہوگیا۔

---

[1] علامہ عبدالحئی کتانی، التراتیب الاداریہ ج ۱ ص ۱۴، مطبوعہ دار الکتاب العربیہ بیروت

جس مباح سے منع کیا حقیقۃً حرام ہوگیا، یہاں تک کہ تنہائی و خلوت میں بھی اس کا خلاف جائز نہیں کہ خلیفہ نہ دیکھے اللہ
دیکھتا ہے ایک زمانہ میں خلیفہ منصور نے امام الائمہ سراج الامۃ سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فتویٰ دینے سے
منع کر دیا تھا امام ہمام کی صاحبزادی نے گھر میں ایک مسئلہ پوچھا امام نے فرمایا میں جواب نہیں دے سکتا خلیفہ نے منع
کیا ہے، یہاں سے ظاہر ہوا کہ خلیفہ کا حکم مباح در کنار فرض کفایہ پر غالب ہے جب کہ دوسرے اس کے ادا
کرنے والے موجود ہوں کہ اب اوس کا ترک معصیت نہیں تو حکم خلیفہ نافذ ہوگا اگرچہ خلیفہ ظالم بلکہ خود اوس کا حکم
ظلم کہ امام کو فتویٰ سے روکنا ظلم ہوگا مگر ظلماً (اس تحقیق سے مصنف کو اختلاف ہے کیونکہ خالق کی معصیت میں مخلوق
کی کوئی اطاعت نہیں ہے جیسا کہ بکثرت احادیث صحیحہ میں ہے اور ظلم میں خلیفہ کی اطاعت کرنا جائز نہیں ہے،
امام ابو حنیفہ کی طرف اس واقعہ کی نسبت صحیح نہیں ہے۔ سعیدی غفرلہٗ) اور سلطان متغلب جس کی ولایت خلیفہ سے
مستفاد نہ ہو اوس کے امر و نہی سے مباحات فی نفسہا واجب و حرام نہ ہو جائیں گے، تنہائی میں اس طور پر کہ اوسے
اطلاع پہنچنے کا اندیشہ نہ ہو مباح اپنی اباحت پر رہے گا، علامہ شہاب الدین خفاجی رحمہ اللہ تعالیٰ صاحب نسیم الریاض
وعنایۃ القاضی وغیرہما کتب نافعہ کے زمانے میں سلطان نے لوگوں کو حقہ پینے سے منع کیا تھا، یہ پردہ ڈال کر پیتے'
امام علامہ عارف باللہ سیدی عبد الغنی نابلسی قدس سرہ القدسی رسالہ الصلح بین الاخوان میں فرماتے ہیں میں نہ خود حقہ پیتا
ہوں نہ میرے گھر بھر میں کوئی پیتا ہے مگر مباح کو حرام نہیں کہہ سکتا اور منع سلطانی کے جواب میں شرح ہدیہ ابن العماد
میں فرماتے ہیں لیت شعری ای امر من امر بہ یتمسک بہ امرہ الناس بترکہ او امرہ باعطاء المکس علیہ علی ان
المراد من اولی الامر فی الآیۃ العلماء کما ذکرہ العینی فی اخر مسائل شتی من شرح الکنز وایضا ھل منع السلاطین
الظلمۃ یثبت حکما شرعیا وقد قالوا من قال لسلطان زماننا عادل کفر -
یعنی کاش میں جانوں کہ سلطان کا کون سا حکم لیا جائے یہ کہ لوگ حقہ نہ پئیں یا یہ کہ تمباکو پر ٹیکس دیں؟ معہذا آیت کریمہ
میں اصح قول یہ ہے کہ اولی الامر سے مراد علماء ہیں جس طرح شرح کنز امام عینی میں ہے، نیز کیا ظالم سلاطین کا حکم،
حکم شرعی ہو جائے گا حالانکہ ائمہ دین نے تصریح فرمائی ہے کہ جو ہمارے زمانے کے سلطان کو عادل کہے کافر
ہو جائے گا، انتہی یہ ارشاد امام علم الہدی ابو منصور ماتریدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اپنے زمانے کے سلطان میں ہے
جنہیں ہزار برس سے زائد ہوئے نہ کہ اب نسأل اللہ العفو والعافیہ (جدید میڈیکل سائنس کی تحقیق سے یہ ثابت
ہو گیا کہ تمباکو انسان کی صحت کے لیے مضر ہے، تمباکو سے کھانسی، ہائی بلڈ پریشر، کینسر اور کئی دیگر مہلک امراض
پیدا ہو جاتے ہیں اور جو چیز انسان کی صحت کے لیے مضر ہو اس کا استعمال جائز نہیں ہے، انسان اپنے جسم کا
مالک نہیں ہے اس لیے جو چیز انسان کی صحت کے لیے نقصان دہ ہو اس کا استعمال جائز نہیں ہے علامہ شامی نے بھی
تنقیح الفتاوی الحامدیہ ج ۲ ص ۳۶۶ میں یہی لکھا ہے۔[۱] سعیدی غفرلہٗ)

۴۔ نیز دوم پر متفرع ہے خلیفہ ایک وقت میں تمام جہان میں ایک ہی ہو سکتا ہے اور سلاطین دس ملکوں میں دس۔
۵۔ کوئی سلطان اپنے انعقاد سلطنت میں دوسرے سلطان کے اذن کا محتاج نہیں ہے مگر ہر سلطان اذن خلیفہ کا محتاج

[۱] علامہ شامی لکھتے ہیں اگر یہ ثابت ہو جائے کہ تمباکو پینے میں محض ضرر ہے اور کوئی نفع نہیں ہے تو اس کی تحریم کا فتویٰ دینا جائز ہے لیکن اس کا نفع دینا ثابت نہ ہو تو پھر اصل میں یہ مباح [illegible] المطبعۃ المیمنہ مصر ۱۳۰۶ھ

ہے کہ بے اس کے اس کی حکومت شرعی و مرضی شرع نہیں ہو سکتی۔

۶۔ خلیفہ بلا وجہ شرعی کر بڑے سے بڑے سلطان کے معزول کیے معزول نہیں ہو سکتا، خود جبار و سرکش قواد ترک کہ متوکل بن معتصم بن ہارون رشید کو قتل کر کے خلفاء پر حاوی ہو گئے تھے جب ان میں کسی کو زندہ رکھ کر معزول کرنا چاہتے خود اوسے مجبور کرتے کہ خلافت سے استعفاء دے تاکہ عزل صحیح ہو جائے بخلاف سلطان کہ خلیفہ کا صرف زبان سے کہہ دینا میں نے تجھے معزول کیا اوس کے عزل کو بس ہے۔

۷۔ سلطنت[۱] کے لیے قرشیت درکنار حریت بھی شرط نہیں ہے، بہتیرے غلام بادشاہ ہوئے۔ [۱]

جمہوری ملک کے صدر اور خلیفہ کا فرق

یہاں تک ہم نے سلطان اور خلیفہ کا فرق بیان کیا ہے، ہمارے علماء کے زمانہ میں خلافت تو ختم ہو چکی تھی اور مختلف جگہوں پر مسلمانوں کی ریاستیں تھیں جہاں مسلمان سلاطین حکومت کرتے تھے، اب سلاطین بھی صرف دو چار جگہ رہ گئے ہیں اور ہر جگہ مغربی جمہوریت ہے، مغربی جمہوریت میں جو شخص ریاست کا سربراہ ہوتا ہے اس کی حیثیت اور اس کے اختیارات سلطان سے بھی بہت کم ہوتے ہیں، مغربی جمہوریت میں ایک صدارتی نظام ہے جیسے امریکہ میں ہے اور ایک پارلیمانی نظام ہے جیسے برطانیہ اور ہندوستان وغیرہ میں ہے، صدارتی نظام میں ریاست کا سربراہ اور صدر مملکت اتنی مدت کے لیے برسر اقتدار رہتا ہے جتنی مدت کے لیے اس کو منتخب کیا جاتا ہے، لیکن وہ ملک کے نظم و نسق میں بااختیار ہوتا ہے اور پارلیمانی نظام میں صدر کی حیثیت محض ذمی کی ہوتی ہے وہ صرف ریاست کا سربراہ ہوتا ہے انتظامیہ کا سربراہ ملک کا وزیر اعظم ہوتا ہے لیکن اگر اسمبلی کی دو تہائی اکثریت اس کو مدت انتخاب سے پہلے مسترد کر دے تو وہ معزول ہو جاتا ہے، اس تفصیل کے بیان کرنے سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ مغربی جمہوریت میں جو شخص ریاست کا یا انتظامیہ کا سربراہ ہوتا ہے اس کی حیثیت اور اختیارات سلطان سے بھی کہیں کم ہوتے ہیں خلیفہ تو بہت دور کی چیز ہے، اس لیے مغربی جمہوریت کے طرز کی حکومت کے سربراہ کو سلطان یا خلیفہ پر قیاس نہیں کیا جا سکتا نہ اس پر سلطان یا خلیفہ کی شرائط کو عائد کیا جا سکتا ہے، ہم نے اپنے اس زمانہ میں دیکھا کہ بعض علماء مغربی جمہوریت کی طرز حکومت کے سربراہ کے لیے بھی خلیفہ اسلام کی شرائط کو لازمی قرار دیتے ہیں حالانکہ خلیفہ اسلام کی شرائط تو سلطان کے لیے بھی ضروری نہیں ہیں جمہوری مملکت کا صدر تو بہت دور کی بات ہے اور اس سے بھی عجیب تر بات یہ ہے کہ بعض علماء اس زمانہ میں خلیفہ اسلام کے تقرر کو واجب قرار دیتے ہیں اور خلیفہ اسلام کے مقرر نہ کرنے پر موت علی الجاھلیۃ کی وعید سناتے ہیں، حالانکہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ قرآن مجید اور احادیث کی کسی نص صریح میں اس کے وجوب کا ذکر نہیں ہے اور جن علماء نے وجوب کا قول نقل کیا مثلاً علامہ تفتازانی وغیرہ انہوں نے بھی بالآخر یہ کہا کہ اب حالت اضطرار ہے اور اب خلیفہ کا مقرر کرنا واجب نہیں ہے، علامہ خیالی اور علامہ سیالکوٹی وغیرہ نے بھی یہی لکھا ہے، علامہ پرہاروی بھی فرماتے ہیں یہ بہت مشکل ہے۔

تقرر خلیفہ کے وجوب کا محمل

ہر چند کہ ہمارے فقہاء اور متکلمین نے یہ لکھا ہے کہ امام اور خلیفہ کا مقرر کرنا واجب ہے، (یعنی تمام دنیا کے مسلمانوں کا ایک امام اور خلیفہ ہو) لیکن ان کی عبارات کا

---

[۱] امام احمد رضا فاضل بریلوی متوفی ۱۳۴۰ھ، دوام العیش فی الائمۃ من قریش ص ۶۰-۵۶ مطبوعہ مکتبہ قادریہ رضویہ لاہور، ۱۴۰۰ھ

بغور مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جب مسلمانوں کو امام اور خلیفہ کے مقرر کرنے کا اختیار ہو تب ان پر خلیفہ مقرر کرنا واجب ہے ورنہ یہ واجب نہیں ہے، اور جب روئے زمین کے مختلف علاقوں پر ملوک اور سلاطین متغلب ہو کر حکمرانی کریں اور ان کو سلطنت سے معزول کرنا عام مسلمانوں کے اختیار میں نہ ہو تو پھر امام اور خلیفہ کو مقرر کرنا مسلمانوں پر واجب نہیں ہے، اسی وجہ سے ہمارے فقہاء نے یہ تصریح کی ہے کہ سلطان اور متغلب کی حکومت صحیح ہے اور غیر معصیت میں مسلمانوں پر اس کی اطاعت لازم ہے۔ نیز ہمارے فقہاء اور متکلمین نے یہ بھی تصریح کی ہے کہ خلفائے راشدین کے بعد خلافت اور امامت نہیں رہی اور بعض علماء نے لکھا ہے کہ خلفاء عباسیہ کے بعد خلافت نہیں رہی۔

علامہ رافعی حنفی لکھتے ہیں:

ملا علی قاری نے شرح فقہ اکبر میں لکھا ہے کہ خلافت نبوت تیس [۳۰] سال رہی ہے اس کے بعد جو حکمران تھے وہ خلفاء نہیں تھے بلکہ ملوک اور امراء تھے، اور اگر یہ اشکال ہو کہ امت کے ارباب حل وعقد خلفاء عباسیہ کی خلافت پر متفق رہے ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ حدیث میں خلافت نبوت سے خلافت کاملہ مراد ہے جس سے حق میں بالکل عدول نہ ہو اور خلافت راشدہ کے بعد ایسی خلافت کبھی ہوئی اور کبھی (بلکہ اکثر) نہیں ہوئی، کیونکہ (صرف) مہدی عباسی کے بارے میں یہ وارد ہے کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا خلیفہ تھا، اور زیادہ ظاہر یہ ہے کہ خلفاء عباسیہ پر لغوی اعتبار سے خلیفہ کا اطلاق ہوتا تھا نہ کہ حقیقت شرعیہ کے اعتبار سے۔ [۱]

علامہ بدر الدین عینی حنفی لکھتے ہیں:

علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ ہمارے زمانہ میں قریش کی حکومت نہیں ہے تو اس کی کیا توجیہ ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ عرب ملکوں میں قریش میں خلافت ہے، اسی طرح مصر میں خلیفہ ہے۔ (علامہ کرمانی کی عبارت ختم ہوئی، علامہ عینی اس کو مسترد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:) علامہ کرمانی کا جواب صحیح نہیں ہے، عرب میں خلافت کا قول کس نے کیا ہے؟ اور وہاں کون خلیفہ ہے؟ اور مصر میں بھی صرف نام کا خلیفہ ہے، اگر ہم اس جواب کو صحیح مان لیں تو اس سے خلفاء کا تعدد لازم آئے گا، حالانکہ خلیفہ صرف ایک ہوتا ہے، کیونکہ شارع علیہ السلام نے یہ حکم دیا ہے کہ امام کی بیعت کرو اور اس کو پورا کرو اور جو شخص اس کی امامت سے اختلاف کرے اس کی گردن اڑا دو، اور امام احمد، امام ابو داؤد، امام ترمذی اور امام نسائی نے حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ میرے بعد خلافت تیس [۳۰] سال ہوگی پھر ملوک (بادشاہ) ہوں گے اور ایک روایت میں ہے پھر اللہ تعالیٰ جس کو چاہے گا اپنا ملک عطا کر دے گا اور واقع میں ایسا ہی ہوا۔ [۲]

علامہ عینی کی عبارت کا خلاصہ یہی ہے کہ خلفائے راشدین کے بعد جو حکمران تھے وہ خلفاء نہیں بلکہ ملوک اور سلاطین تھے، حافظ ابن حجر عسقلانی نے بھی لکھا ہے کہ وہ صرف نام کے خلفاء تھے۔ [۳]

ملا علی قاری حنفی لکھتے ہیں:

---

[۱] علامہ عبد القادر رافعی حنفی مفتی الدیار المصریہ، التحریر المختار رد المحتار ج ا ص ۶۸، مطبوعہ مطبعہ کبری امیریہ مصر، ۱۳۲۲ ھ

[۲] علامہ ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ ھ، عمدۃ القاری ج ۱۶ ص ۷۴، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ ھ

[۳] علامہ احمد بن علی ابن حجر عسقلانی شافعی [illegible] ص ۱۱۵، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور [illegible]

شرح السنۃ میں لکھا ہے کہ جب تک حکمران سنت کے مطابق عمل کرتے رہے قرآن کی حکومت خلافت تھی، اور جب انھوں نے سنت کی مخالفت کی تو پھر وہ خلفاء نہیں رہے بلکہ وہ ملوک (بادشاہ) تھے، اگرچہ ان کا نام خلیفہ ہوتا تھا، اور جو شخص مسلمانوں کا حکمران ہو اس کو امیر المومنین کہنا جائز ہے اور لغوی اعتبار سے اس کو خلیفہ کہنا بھی صحیح ہے کیونکہ خلیفہ کا لغوی معنی جانشین اور پیچھے آنے والا ہے اور یہ حکمران ایک دوسرے کے جانشین تھے۔ [1]

نیز ملا علی قاری لکھتے ہیں:

سید جمال الدین کہتے ہیں کہ جامع ترمذی میں ہے "میرے بعد میری امت میں تیس ۳۰ سال تک خلافت رہے گی اس کے بعد ملوکیت (بادشاہت) ہوگی" اس حدیث کو امام احمد، امام ترمذی، امام ابو یعلیٰ اور امام ابن حبان نے حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور امام بخاری نے اپنی تاریخ میں اور امام حاکم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ خلافت مدینہ میں ہوگی اور ملوکیت شام میں ہوگی اور اس میں یہ تنبیہ ہے کہ خلافت حقیقیہ وہی ہوگی جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر میں ہو کیونکہ جمہور صحابہ اور ارباب حل و عقد مدینہ میں تھے، اور کسی اور جگہ کے ارباب حل و عقد کا اعتبار نہیں ہے اس کے بعد غلبہ سے جو حکومتیں قائم ہوئیں وہ ملوکیت تھیں کیونکہ عام مسلمانوں کا نظام قائم کرنے کے لیے حکومت کی ضرورت ہے تاکہ فتنہ اور فساد برپا نہ ہو۔ [2]

ملا علی قاری کی ان دونوں عبارتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ خلفاء راشدین کے بعد جو حکمران تھے وہ صرف لغوی معنی میں خلیفہ (جانشین) تھے اور حقیقت میں وہ ملوک اور سلاطین تھے اور چونکہ خلیفہ نہ ہونے کی صورت میں بھی مسلمانوں کا نظام قائم کرنے کے لیے حکومت ضروری ہے اسی لیے ملوک اور سلاطین کی حکومت بھی صحیح مانی گئی، اس سے یہ واضح ہوگیا کہ خلیفہ کا مقرر کرنا اس وقت ضروری ہے جب مسلمانوں کو اس کے مقرر کرنے کا اختیار ہو ورنہ ملوک اور سلاطین کی حکومت بھی صحیح ہے اسی طرح موجودہ دور کی جمہوری حکومتیں بھی صحیح ہیں۔

علامہ حلبی حنفی لکھتے ہیں:

اما فی زماننا فقد زال اذ لا خلیفۃ الآن والذی یکون بمصر فانما یکون خلیفۃ اسما لا معنی۔ [3]

ہمارے زمانہ میں خلیفہ کے حکم کے مطابق عید کی تکبیریں پڑھنے کا حکم زائل ہوچکا ہے، کیونکہ اب کوئی خلیفہ نہیں ہے، اور وہ جو مصر میں خلیفہ ہے وہ صرف نام کا خلیفہ ہے، حقیقت میں خلیفہ نہیں ہے۔

علامہ علاؤ الدین الحصکفی حنفی لکھتے ہیں:

وتصح سلطنۃ متغلب للضرورۃ وکذا صبی وینبغی ان یفوض امور التقلید علی

جو شخص جبراً اور غلبہ سے حکمرانی کرے اس کی حکومت ضرورت کی بنا پر صحیح ہے (تاکہ فتنہ نہ ہو) اور بچہ کی

[1] ملا علی بن سلطان محمد القاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ، مرقات ج ۵ ص ۱۴۲، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] " " ، مرقات ج ۳ ص ۱۴۳، " "

[3] علامہ ابراہیم بن محمد حلبی حنفی متوفی ۹۵۶ھ، غنیۃ المستملی ص ۵۲۸، مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی

وان تابع له والسلطان فی الرسم هو الولد و فی الحقیقة هو الوالی لعدم صحة اذنه بقضاء وجمعة کما فی الاشباه عن البزازیة۔[1]

اسی طرح بچہ کی سلطنت بھی صحیح ہے، لیکن منصب دینے کا کام بچہ کے ولی کے سپرد کر دیا جائے جو بچہ کے تابع ہوگا اور بظاہر وہ بچہ سلطان ہوگا اور حقیقت میں اس کا ولی سلطان ہوگا، کیونکہ بچہ کا قاضی مقرر کرنا اور جمعہ کی اجازت دینا صحیح نہیں ہے۔ اشباہ میں بزازیہ سے اسی طرح منقول ہے۔

علامہ شامی لکھتے ہیں:

لا یخفی ان اولئک کانوا ملوکا تغلبوا والمتغلب تصح منه هذه الامور للضرورة ولیس من شرط صحة الصلوٰة خلف امام عدالته وصار الحال عند التغلب کما لم یوجد او وجد ولم یقدر علی تولیة لغلبة الجورة کلام المسائرة للمحقق ابن الهمام۔[2]

یہ مخفی نہ رہے کہ بنوامیہ کے خلفاء درحقیقت ملوک (بادشاہ) بننے جو غلبہ سے حکمران بن گئے تھے اور متغلب کا نماز اور جمعہ پڑھنا اور دیگر کار حکومت انجام دینا ضرورت کی بناء پر صحیح ہے اور صحت نماز کے لیے یہ شرط نہیں ہے کہ امام عادل ہو۔ اور جب کوئی شخص غلبہ اور جبر سے حاکم بن جائے تو یہ فرض کیا جائے گا کہ خلیفہ (امام عادل) موجود نہیں ہے یا موجود تو ہے لیکن ظالموں کے غلبہ کی وجہ سے حکمرانی پر قادر نہیں ہے یہ محقق ابن ہمام کی عبارت ہے جو مسائرہ سے نقل کی گئی ہے۔

علامہ حصکفی اور علامہ شامی اور جن فقہاء احناف کے انھوں نے حوالے دیے ہیں ان کی عبارات سے یہ واضح ہو گیا کہ تمام دنیا میں مسلمانوں کا ایک خلیفہ مقرر کرنا مطلقاً واجب نہیں ہے بلکہ یہ اس وقت واجب ہے، جب مسلمان تمام عالم اسلام کے لیے ایک خلیفہ مقرر کرنے پر قادر ہوں اور جب غلبہ اور جبر سے زمین کے کسی بھی خطہ پر مسلمانوں کی کوئی حکومت قائم ہو جائے تو فتنہ سے بچنے کے لیے اس کی حکومت کو صحیح قرار دیا جائے گا اور وہاں کے مسلمانوں پر اس کی اطاعت واجب ہو گی، اسی طرح اگر متعدد خطہ ہائے زمین پر متعدد ملوک اور سلاطین ہوں یا موجودہ زمانے کے جمہوری حکمران ہوں تو اپنے علاقوں میں ان کی حکومت صحیح ہو گی اور غیر معصیت میں ان کی اطاعت واجب ہوگی۔

علامہ رافعی لکھتے ہیں:

قال الحموی فی الاشباه قال الامام و اصحابه لا یشترط فی صحة تولیة السلطان ان یکون قرشیا ولا مجتهدا او

علامہ حموی نے الاشباہ والنظائر میں یہ لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب نے یہ کہا ہے کہ سلطان کی حکمرانی کی صحت کے لیے یہ شرط نہیں ہے کہ وہ قرشی

[1] علامہ علاؤالدین حصکفی حنفی متوفی ۱۰۸۸ھ، درمختار علی ہامش ردالمحتار ج۱ ص ۵۱۳-۵۱۲، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ
[2] علامہ سید محمد امین ابن عابدین [illegible] مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ

لا عدلا۔ [1]

ہو اور نہ ہی اس کا مجتہد یا متقی ہونا شرط ہے۔

علامہ رافعی نے علامہ حموی کے حوالے سے جو امام ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب کا قول پیش کیا ہے اس سے خلیفہ اور سلطان کا فرق بھی ظاہر ہوا اور یہ بھی واضح ہو گیا کہ خلیفہ کے بغیر سلطان کی حکومت بھی صحیح ہوتی ہے اور سلطان کی حکومت کا صحیح ہونا اس بات کو مستلزم ہے کہ خلیفہ کا مقرر کرنا مسلمانوں پر مطلقاً واجب اور ضروری نہیں ہے بلکہ یہ مسلمانوں پر اسی وقت ضروری ہے جب وہ تمام عالم اسلام کے لیے ایک خلیفہ کے مقرر کرنے پر قادر ہوں اور جب زمانے کے بدلتے ہوئے حالات کی وجہ سے تمام عالم اسلام کے لیے ایک خلیفہ مقرر کرنے پر مسلمان قادر نہ ہوں اور روئے زمین کے مختلف علاقوں میں مختلف حکمرانوں کی مختلف حکومتیں ہوں تو ان کی حکومتیں صحیح ہیں اور ان علاقوں کے مسلمانوں پر غیر معصیت میں ان حکمرانوں کی اطاعت واجب ہے اور یہی وہ چیز ہے جس کو ہم بیان کرنا چاہتے ہیں علامہ تفتازانی نے یہ اشکال قائم کیا ہے کہ جب خلفاء راشدین کے بعد کا زمانہ خلیفہ سے خالی ہو گیا تو تمام امت معصیت میں مبتلا ہو گی۔

علامہ شمس الدین خیالی اس کے جواب میں لکھتے ہیں:

لان ترك الواجب معصية والمعصية ضلالة والامة لا تجتمع على الضلالة وقد يجاب بانه انما يلزم المعصية لو تركوه عن قدرة واختيار لا عن عجز واضطرار فلا اشكال اصلاً۔ [2]

یہاں یہ اشکال ہے کہ خلیفہ کا تقرر کرنا واجب ہے اور واجب کا ترک گناہ اور گمراہی ہے اور ساری امت گمراہی پر جمع نہیں ہو سکتی اس کا جواب یہ ہے کہ معصیت اس وقت لازم آتی جب مسلمان قدرت اور اختیار کے باوجود خلیفہ مقرر نہ کرتے اور جب وہ تقرر خلیفہ سے عاجز ہیں تو کوئی معصیت نہیں اور نہ کوئی اشکال ہے۔

خود علامہ تفتازانی نے شرح مقاصد میں بھی یہی جواب دیا ہے۔ [3]

علامہ عبد الحکیم سیالکوٹی، علامہ خیالی کے جواب کی وضاحت کرتے ہوئے حاشیہ میں لکھتے ہیں:

حاصله تخصيص الحديث بان المراد من مات ولم يترك فيه نصب الامام بعجز واضطرار بدليل ان الضرورات تبيح المحذورات وبهذا التقرير يندفع الاشكال بعد الخلفاء الراشدين العباسية ايضاً۔ [4]

اس جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ اس حدیث میں تخصیص ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ جو شخص مر گیا اور اس نے عجز اور اضطرار کی وجہ سے خلیفہ مقرر کرنے کو ترک نہیں کیا بلکہ قدرت اور اختیار کے باوجود خلیفہ کو مقرر نہیں کیا تو وہ شخص جاہلیت کی موت مرا (بشرطیکہ یہ حدیث ہو حالانکہ یہ حدیث نہیں ہے۔ سعیدی غفرلہ) کیونکہ اضطرا

---

[1] علامہ عبد القادر رافعی حنفی مفتی الدیار المصریہ، التحریر المختار لرد المحتار ج ا ص ۶۸، مطبوعہ مطبعہ کبری امیریہ مصر، ۱۳۲۲ھ

[2] علامہ شمس الدین احمد بن موسیٰ خیالی متوفی ۸۷۰ھ، حاشیہ الخیالی ص ۱۴۶، مطبوعہ مطبع یوسفی لکھنؤ

[3] علامہ سعد الدین تفتازانی متوفی ۷۹۲ھ، شرح المقاصد ج ۲ ص ۲۷۵، دار المعارف النعمانیہ لاہور

[4] علامہ محمد عبد الحکیم سیالکوٹی متوفی ۱۰۶۷ھ، حاشیہ علی الخیالی ص ۳۴۱، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ، ۱۳۹۷ھ

کی حالت میں ممنوع چیزیں مباح ہو جاتی ہیں اور اسی تقریر سے سلطنت عباسیہ کے خلفاء کے بعد خلیفہ نہ ہونے سے جو اشکال لازم آتا ہے وہ بھی دور ہو جائے گا۔

علامہ تفتازانی، علامہ خیالی اور علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی نے یہ بیان کیا ہے کہ امت پر تمام عالم اسلام میں ایک خلیفہ مقرر کرنا اس وقت واجب ہے جب ان کی قدرت اور اختیار میں ایک خلیفہ کو مقرر کرنا ممکن ہو اور خلفاء راشدین کے بعد جب غلبہ اور جور سے مروانی حکومت پر قابض ہو گئے تو اس وقت خلیفہ کو نصب کرنا مسلمانوں کی قدرت اور اختیار میں نہیں تھا، اس لیے یہ ان پر واجب نہیں رہا۔ اسی طرح بنو امیہ میں سے عمر بن عبدالعزیز اور بنو عباس میں سے مہدی عباسی خلیفہ تھے لیکن ان کے بعد غلبہ اور جور سے ملوک اور سلاطین حکمران بن گئے اور اس وقت بھی ایک خلیفہ کو مقرر کرنا مسلمانوں کی قدرت میں نہیں تھا، اس لیے مسلمانوں پر ایک خلیفہ مقرر کرنا واجب نہ رہا، علیٰ ہذا القیاس اب براعظم ایشیا اور افریقہ میں مسلمانوں کے انچاس ملک ہیں اور بیشتر ممالک کے درمیان بحری، بری اور فضائی کوئی رابطہ نہیں ہے، اکثر ممالک اسلامیہ میں مغربی طرز کی جمہوری حکومت ہے، بعض ممالک میں ملوک اور سلاطین کی حکومت ہے اور بعض جگہ فوجی حکومت ہے اور اب مسلمانوں کی قدرت اور اختیار میں یہ نہیں ہے کہ دنیا میں ان تمام ممالک کے حکمرانوں کو معزول کر کے ان تمام ممالک اسلامیہ میں ایک حکومت قائم کر دیں اور کسی ایک ملک میں مرکزی خلافت بنا کر تمام ممالک کو اس ملک کے صوبے بنا دیں اور ان ممالک اسلامیہ کی ایک فوج ہو، ایک کرنسی ہو اور تمام ملکوں میں حکمرانوں کا تقرر خلیفہ کے حکم سے ہو اور تمام ملکوں میں اس ایک خلیفہ کا خطبہ پڑھا جائے "ولا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا" اللہ تعالیٰ کسی شخص کو اس کی قوت اور طاقت سے زیادہ مکلف نہیں کرتا، اس لیے اب مسلمانوں پر خلیفہ کا مقرر کرنا واجب نہیں ہے اور دنیا کے جن جن علاقوں میں مسلمانوں کی حکومتیں قائم ہیں، وہاں کے مسلمانوں پر غیر معصیت میں ان حکمرانوں کی اطاعت لازم ہے۔

امارت اور خلافت کے سلسلہ میں حرف آخر

خلاصہ یہ ہے کہ مسلمانوں پر صرف امیر کا مقرر کرنا واجب ہے اور اسلامی حکومت جہاں پر جس شکل میں بھی قائم ہے صحیح ہے اور مسلمانوں پر اپنے امیر کی اطاعت کرنا واجب ہے، ہاں اگر امیر خلاف شرع حکم دے تو اس میں اس کی اطاعت نہیں کی جائے گی، البتہ مسلمانوں کو چاہیے کہ ایک اسلامی بلاک بنائیں اور اسلامی ممالک کی ایک فیڈریشن قائم کر لیں اور اس کے لیے مسلسل کوشش کرتے رہنا چاہیے اگر مسلمانوں کا ایک اسلامی بلاک بن گیا یا ایک فیڈریشن قائم ہو گئی تو یہ نظام خلافت اسلام کے قریب تر ہو گا۔

کتاب الامارۃ کے تحت ہم جن ضروری عنوانات پر بحث کرنا چاہتے تھے اور ان الجھے ہوئے مسائل میں اسلام کے جن احکام اور ہدایات کو بیان کرنا چاہتے تھے، ان سب کو ہم نے اختصاراً بیان کر دیا ہے۔ قرآن اور سنت سے جو کچھ ہم نے سمجھا اس کو دیانت داری سے بلا خوف لومۃ لائم پیش کر دیا ہے اگر یہ حق و صواب ہے تو اللہ کی جانب سے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عنایت سے ہے اور اگر یہ غلط اور باطل ہے تو یہ میرے علم کی کوتاہی اور میرے مطالعہ کا نقص [illegible] علیہ وسلم اس سے بری ہیں، واللہ العلیم [illegible]

اس حقیر کوشش کو قبول فرما، گناہوں کی فراوانی اور علم وعمل کی تہی دامنی کی وجہ سے میں اس لائق تو نہ تھا کہ ان مضامین عالیہ کی تحقیق کے لیے قلم و قرطاس کو ہاتھ لگاتا اور اس سلسلہ میں نکات علمیہ بیان کرنے کی جسارت کرتا لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تیری قدرت کا عجب معاملہ ہے تو گندگی کے ڈھیر سے طیب وطاہر اور حسین وجمیل پھول پیدا کر دیتا ہے اور رات کی ظلمتوں کی کوکھ سے نور سحر نکال لاتا ہے اور ایک بے قیمت صدف کے اندر گہر آب دار پیدا کر دیتا ہے، الٰہ العالمین میری کوتاہیوں، غلط کاریوں اور برائیوں کو معاف فرما، میرے گناہوں کو نیکیوں سے بدل دے، میری، میرے والدین کی، میرے اساتذہ اور مشائخ کی، شرح صحیح مسلم کے قارئین اور معاونین کی مغفرت فرما، دنیا برزخ اور آخرت میں ہر مصیبت، ہر بلا اور ہر عذاب سے محفوظ رکھ اور دارین کی سعادتوں اور کامرانیوں کو ہمارا مقدر کر دے، اس کتاب کو تاقیامت باقی رکھ اور اس کی نفع رسانیوں کو تمام دنیائے اسلام میں عام کر دے۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد خاتم النبیین، افضل الانبیاء والمرسلین اول الشافعین والمشفعین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ وذریاتہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

باب ۶۲۲ النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ وَالْخِلَافَةُ فِي قُرَيْشٍ — خلافت کا قریش کے ساتھ اختصاص

۴۵۸۷ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْمُغِيْرَةُ (يَعْنِيَانِ الْحِزَامِيَّ) ح وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي حَدِيْثِ زُهَيْرٍ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ عَمْرٌو رِوَايَةً النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي هٰذَا الشَّأْنِ مُسْلِمُهُمْ لِمُسْلِمِهِمْ وَكَافِرُهُمْ لِكَافِرِهِمْ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ اس (خلافت یا حکومت) میں قریش کے تابع ہیں، مسلمان قریشی مسلمانوں کے تابع ہیں اور کافر، قریشی کافروں کے تابع ہیں۔

۴۵۸۸ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيْثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چند احادیث بیان کیں، ان میں سے ایک حدیث یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ اس (خلافت یا حکومت) میں قریش کے تابع ہیں۔ مسلمان قریشی مسلمانوں کے تابع ہیں اور کافر قریشی کافر

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي هٰذَا الشَّأْنِ مُسْلِمُهُمْ تَبَعٌ لِمُسْلِمِهِمْ وَكَافِرُهُمْ تَبَعٌ لِكَافِرِهِمْ.

کے تابع ہیں۔

۴۵۸۹۔ وَحَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگ قریش کی پیروی کرتے ہیں۔

۴۵۹۰۔ وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ هٰذَا الْأَمْرُ فِي قُرَيْشٍ مَا بَقِيَ مِنَ النَّاسِ اثْنَانِ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ چیز (خلافت) ہمیشہ قریش میں رہے گی، خواہ لوگوں میں سے صرف دو شخص رہ جائیں۔

۴۵۹۱۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ح وَحَدَّثَنَا رِفَاعَةُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْوَاسِطِيُّ (وَاللَّفْظُ لَهُ) حَدَّثَنَا خَالِدٌ (يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الطَّحَّانَ) عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ أَبِي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ إِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ لَا يَنْقَضِي حَتّٰى يَمْضِيَ فِيهِمْ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً قَالَ ثُمَّ تَكَلَّمَ بِكَلَامٍ خَفِيَ عَلَيَّ قَالَ فَقُلْتُ لِأَبِي مَا قَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا یہ خلافت اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک کہ بارہ خلیفہ پورے نہ ہو جائیں پھر آپ نے آہستہ سے کچھ فرمایا جو مجھ پر مخفی رہا، میں نے اپنے والد سے پوچھا آپ نے کیا فرمایا ہے؟ انھوں نے کہا آپ نے فرمایا ہے وہ سب قریش ہی سے ہوں گے۔

۴۵۹۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَزَالُ أَمْرُ النَّاسِ مَاضِيًا مَا وَلِيَهُمْ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا ثُمَّ تَكَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے، خلافت اس وقت تک جاری رہے گی جب تک کہ بارہ خلیفہ حکمران رہیں گے پھر نبی صلے اللہ [illegible] سے کوئی بات کہی، میں نے

عَلَيَّ فَسَأَلْتُ أَبِي مَاذَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ۔

۴۵۹۳۔ وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ وَلَمْ يَذْكُرْ لَا يَزَالُ أَمْرُ النَّاسِ مَاضِيًا۔

۴۵۹۴۔ حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ الْأَزْدِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَزَالُ الْإِسْلَامُ عَزِيزًا إِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً ثُمَّ قَالَ كَلِمَةً لَمْ أَفْهَمْهَا فَقُلْتُ لِأَبِي مَا قَالَ فَقَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ۔

۴۵۹۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ هٰذَا الْأَمْرُ عَزِيزًا إِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً قَالَ ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ أَفْهَمْهُ فَقُلْتُ لِأَبِي مَا قَالَ فَقَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ۔

۴۵۹۶۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِيُّ (وَاللَّفْظُ لَهُ) حَدَّثَنَا أَزْهَرُ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ انْطَلَقْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِي أَبِي فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ لَا يَزَالُ هٰذَا الدِّينُ عَزِيزًا مَنِيعًا إِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً فَقَالَ كَلِمَةً صَمَّنِيهَا النَّاسُ فَقُلْتُ لِأَبِي مَا قَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ۔

۴۵۹۷۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ

والد سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا؟ انھوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ سب قریش سے ہوں گے۔

حضرت جابر بن سمرہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث کو روایت کیا ہے اس میں یہ نہیں ہے "یہ حکومت ہمیشہ جاری رہے گی"

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بارہ خلیفہ ہونے تک اسلام غالب رہے گا، پھر آپ نے ایک کلمہ فرمایا جس کو میں نہیں سمجھ سکا، میں نے اپنے والد سے پوچھا حضور نے کیا فرمایا؟ انھوں نے کہا آپ نے فرمایا "سب قریش سے ہوں گے"۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بارہ خلیفہ پورے ہونے تک اسلام غالب رہے گا، پھر آپ نے کوئی بات کہی جس کو میں نہیں سمجھ سکا میں نے اپنے والد سے کہا آپ نے کیا فرمایا؟ انھوں نے کہا آپ نے فرمایا وہ سب قریش سے ہوں گے۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گیا، میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا بارہ خلیفہ پورے ہونے تک یہ دین غالب رہے گا، پھر آپ نے کوئی کلمہ فرمایا جسے لوگوں نے مجھے سننے نہیں دیا، میں نے اپنے والد سے پوچھا حضور نے کیا فرمایا؟ انھوں نے کہا آپ نے فرمایا کہ وہ سب قریش سے ہوں گے۔

عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں

اَبِیْ شَیْبَۃَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ (وَھُوَ ابْنُ اِسْمٰعِیْلَ) عَنِ الْمُھَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ کَتَبْتُ اِلٰی جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ مَعَ غُلَامِیْ نَافِعٍ اَنْ اَخْبِرْنِیْ بِشَیْءٍ سَمِعْتَہٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فَکَتَبَ اِلَیَّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ جُمُعَۃٍ عَشِیَّۃَ رُجِمَ الْاَسْلَمِیُّ یَقُوْلُ لَا یَزَالُ الدِّیْنُ قَائِمًا حَتّٰی تَقُوْمَ السَّاعَۃُ اَوْ یَکُوْنَ عَلَیْکُمْ اثْنَا عَشَرَ خَلِیْفَۃً کُلُّھُمْ مِّنْ قُرَیْشٍ وَسَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ عُصَیْبَۃٌ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ یَفْتَتِحُوْنَ الْبَیْتَ الْاَبْیَضَ بَیْتَ کِسْرٰی اَوْ اٰلِ کِسْرٰی وَسَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ اِنَّ بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَۃِ کَذَّابِیْنَ فَاحْذَرُوْھُمْ وَسَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ اِذَا اَعْطَی اللّٰہُ اَحَدَکُمْ خَیْرًا فَلْیَبْدَاْ بِنَفْسِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَسَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ اَنَا الْفَرَطُ عَلَی الْحَوْضِ۔

ن
ے اپنے غلام نافع کے ہاتھ حضرت جابر بن سمرہ کے پاس خط روانہ کیا کہ مجھے کوئی ایسی حدیث لکھ کر بھیجیں جس کو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہو! انھوں نے میری طرف لکھا کہ جمعہ کی شام کو جس دن حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کو رجم کیا گیا تھا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا کہ قیامت تک یہ دین ہمیشہ قائم رہے گا حتیٰ کہ مسلمانوں کے بارہ خلیفہ ہوں گے، اور وہ سب قریش سے ہوں گے ــــــ اور میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مسلمانوں کی ایک قلیل جماعت کسریٰ یا آل کسریٰ کے سفید محل کو فتح کرے گی، اور میں نے آپ سے یہ سنا کہ قرب قیامت میں کذاب ظاہر ہوں گے ان سے بچنا، اور میں نے آپ سے یہ سنا کہ جب اللہ تعالیٰ تم میں سے کسی کو کوئی اچھی چیز دے تو پہلے اس کو اپنے اوپر اور اپنے گھر والوں پر خرچ کرے اور میں نے آپ سے یہ سنا کہ میں تمہارا حوض پہ پیش رو ہوں گا۔

۴۵۹۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ فُدَیْکٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ مُّھَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّہٗ اَرْسَلَ اِلَی ابْنِ سَمُرَۃَ الْعَدَوِیِّ حَدِّثْنَا مَا سَمِعْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فَذَکَرَ نَحْوَ حَدِیْثِ حَاتِمٍ۔

عامر بن سعد بیان کرتے ہیں کہ انھوں نے حضرت ابن سمرہ عدوی کے پاس یہ پیغام بھیجا کہ آپ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے جو حدیث سنی ہو وہ بتلائیے انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے ..... پھر حسب سابق حدیث بیان کی۔

خلافت کے قریش کے ساتھ اختصاص پر مزید احادیث

اس حدیث کو امام مسلم کے علاوہ اور دیگر محدثین نے بھی اپنی اپنی اسانید سے روایت کیا ہے، امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن معاویۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان ھذا الامر فی قریش [illegible] یعادیھم احد الا کبہ اللہ [illegible]

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک قریش دین پر قائم رہیں گے یہ خلافت ان میں رہے گی جو شخص [illegible] عداوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو منہ [illegible]

ما اقاموا الدین ۔[1]

کے بل گرا دے گا۔

عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لایزال ھذا الامر فی قریش ما بقی منھم اثنان ۔[2]

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک قریش میں دو فرد بھی باقی رہیں گے خلافت ان میں رہے گی۔

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن جابر بن سمرۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لایزال ھذا الدین قائما حتی یکون علیکم اثنا عشر خلیفۃ کلھم تجتمع علیہ الامۃ فسمعت کلاما من النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم افھمہ فقلت لابی ما یقول قال کلھم من قریش ۔[3]

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: یہ دین اس وقت تک قائم رہے گا جب تک تم پر بارہ خلفاء (یکے بعد دیگرے) حاکم ہوں گے جن پر تمام امت متفق ہوگی، پھر میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ سنا جس کو میں نہیں سمجھا میں نے اپنے والد سے پوچھا آپ نے کیا فرمایا، انھوں نے کہا آپ نے فرمایا، وہ سب خلفاء قریش سے ہوں گے۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن جابر بن سمرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکون من بعدی اثنا عشر امیرا ثم تکلم بشیء لم افھمہ فسالت الذی یلینی فقال قال کلھم من قریش ھذا حدیث حسن صحیح ۔[4]

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد بارہ امیر ہوں گے، پھر آپ نے کچھ فرمایا جس کو میں سمجھ نہیں سکا، میں نے اپنے قریب والے شخص سے پوچھا اس نے کہا آپ نے فرمایا وہ سب قریش سے ہوں گے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

عن عمرو بن العاص قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول قریش ولاۃ الناس فی الخیر والشر الی یوم القیامۃ ھذا حدیث حسن صحیح غریب ۔[5]

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خیر اور شر میں قیامت تک لوگوں کے حکمران قریش ہوں گے، یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

---

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۹۷، ج ۲ ص ۱۰۵۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ ھ

[2] " " " " ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۹۷، ج ۲ ص ۱۰۵۰، " " "

[3] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ ھ، سنن ابوداؤد ج ۲، ص ۲۳۲، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ ھ

[4] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ ھ، جامع ترمذی ص ۳۲۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

[5] " " " " ، جامع ترمذی ص ۳۲۳، ۳۲۳، " "

اس مضمون کی احادیث کو امام احمد نے بھی متعدد اسانید سے روایت کیا ہے۔ [1]

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: امام طیالسی، امام بزار، امام طبرانی اور امام بخاری نے تاریخ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے الائمۃ من قریش ما اذا حکموا فعدلوا "جب تک نیکی سے حکومت کریں قریش ہی حاکم ہوں گے" اور امام نسائی، امام ابو یعلیٰ اور امام بخاری نے تاریخ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے ان الملک فی قریش "ملک قریش میں ہوگا" امام احمد نے بھی ان الفاظ کے ساتھ حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور امام احمد نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے الائمۃ من قریش کو روایت کیا ہے اس حدیث کی سند کے تمام راوی صحیح ہیں، لیکن اس کی سند میں انقطاع ہے، امام حاکم، اور امام طبرانی نے بھی ان الفاظ کے ساتھ اس حدیث کو حضرت علی سے روایت کیا ہے۔ [2]

خلافت کے قریش کے ساتھ اختصاص میں فقہاء کے نظریات

علامہ نووی لکھتے ہیں: ان احادیث میں یہ واضح دلیل ہے کہ خلافت قریش کے ساتھ مخصوص ہے، قاضی عیاض نے کہا ہے کہ تمام فقہاء کا یہ مذہب ہے کہ خلیفہ ہونے کے لیے قریشی ہونا شرط ہے، حضرت ابو بکر اور حضرت عمر نے اسی حدیث سے یوم سقیفہ میں انصار پر حجت قائم کی تھی اور کسی شخص نے اس کا انکار نہیں کیا، اس مسئلہ کو علماء نے مسائل اجماع سے شمار کیا ہے، اور اس کے خلاف علماء سلف سے کوئی قول اور فعل منقول نہیں ہے۔ نظام معتزلی، خوارج اور اہل بدعت نے یہ کہا ہے کہ غیر قریشی کو بھی خلیفہ بنانا جائز ہے ان لوگوں کا یہ قول باطل ہے اور اجماع مسلمین کے خلاف ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے کہ خیر اور شر میں لوگ قریش کے تابع ہیں، اس سے یہ مراد ہے کہ اسلام اور جاہلیت میں لوگ قریش کے تابع ہیں، کیونکہ زمانہ جاہلیت میں بھی قریش عرب کے سردار تھے اور کعبہ اور حج بیت اللہ کے متولی تھے اور عرب ان کے اسلام کے منتظر تھے جیسے ہی مکہ فتح ہوا اور قریش اسلام لائے تمام لوگوں نے اسلام میں ان کی پیروی کی اور فوج در فوج عرب اسلام میں داخل ہو گئے، اسی طرح اسلام میں بھی وہی خلفاء ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت تک یہی حکم رہے گا جب تک کہ قریش کے دو فرد بھی باقی ہوں۔ [3]

بارہ خلفاء اور تیس سال تک خلافت کی احادیث کے تعارض کا جواب

اس باب کی حدیث نمبر ۴۶۹۵ میں ہے اس وقت تک اسلام غالب رہے گا جب تک بارہ خلیفہ ہوں گے اور وہ سب قریش سے ہوں گے، اس حدیث پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ اس حدیث کے خلاف بعض احادیث میں ہے کہ خلافت تیس سال رہے گی اور تیس سال میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی خلافت کو شامل کر کے صرف پانچ خلفاء ہوتے تھے۔ اور وہ حدیث یہ ہے۔

---

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۱ ص ۲۹۸، ۲۰۷، ج ۵ ص ۸۶، ۹۰، ۹۲، ۹۲، ۹۸، ۹۹، ۱۰۱، ۱۰۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت

[2] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۳ ص ۱۱۴، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[3] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۱۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

امام ابو داؤد روایت کرتے ہیں:

عن سفینۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلافۃ النبوۃ ثلاثون سنۃ ثم یؤتی اللہ الملک من یشاء قال سعید قال لی سفینۃ امسک علیک ابا بکر سنتین وعمر عشرا وعثمان اثنی عشر و علی کذا۔[1]

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خلافت نبوت تیس سال رہے گی، پھر اللہ تعالیٰ جس کو چاہے گا ملک عطا کر دے گا، حضرت سفینہ نے کہا حضرت ابوبکر کے دو سال شمار کرو اور حضرت عمر کے دس سال، حضرت عثمان کے بارہ سال اور حضرت علی کے اتنے سال (یعنی پانچ سال نو ماہ، اور چھ ماہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی خلافت رہی۔)

اس حدیث کو امام ترمذی[2] اور امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔[3]

الجواب ان احادیث میں تعارض نہیں ہے کیونکہ جن احادیث میں بارہ خلفاء تک اسلام کے غلبہ اور خلافت قائم رہنے کا ذکر ہے ان میں مطلقاً خلافت کا ذکر ہے عام ازیں کہ وہ خلافت علی منہاج النبوۃ ہو یا ایسی خلافت تو نہ ہو لیکن اس خلافت میں غلبہ اسلام ہو اور جن احادیث میں تیس سال تک خلافت کا ذکر ہے ان میں خلافت نبوت کی تخصیص ہے، جیسا کہ ہم جامع ترمذی، سنن ابو داؤد اور مسند احمد کے حوالوں سے ذکر کر چکے ہیں۔

بارہ خلفاء کی تفصیل اور تعیین امام مسلم اور دیگر ائمہ حدیث نے اسانید صحیحہ سے اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ جب تک بارہ خلیفہ ہوں گے اس وقت تک اسلام کو غلبہ رہے گا، ان بارہ خلفاء سے کون سے خلفاء مراد ہیں اس کی تفصیل اور تعیین میں علامہ ابن حجر ہیتمی مکی لکھتے ہیں:

ان بارہ خلفاء سے وہ خلفاء مراد ہیں جن کے عہد خلافت میں اسلام کو قوت اور شوکت حاصل رہی اور مسلمان متحد رہے اور مجتمع رہے، اور اجتماع سے یہ مراد ہے کہ ان کی بیعت کی گئی اور ان کی حکومت تسلیم کی گئی، وہ بارہ خلفاء یہ ہیں:

حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت معاویہ، یزید بن معاویہ، عبدالملک بن مروان، ولید بن عبدالملک، سلیمان بن عبدالملک، عمر بن عبدالعزیز، یزید بن عبدالملک، اور ولید بن یزید بن عبدالملک۔

ولید بن یزید بن عبدالملک نے چار سال حکومت کی پھر اس کو قتل کر دیا گیا اس کے بعد فتنے برپا ہوتے اور امت میں خلفشار ہو گیا اور ولید بن یزید کے بعد کسی ایک خلیفہ پر آج تک پوری امت متفق نہیں ہو سکی کیونکہ بنو امیہ کے باقی افراد کی طرف سے فتنے شروع ہو گئے تھے اور اندلس میں عباسیوں کے خلاف مروانیوں نے غلبہ حاصل کر لیا تھا حتیٰ کہ خلافت کا صرف نام باقی رہ گیا تھا، جبکہ پہلے مشرق، مغرب، شمال جنوب ہر طرف مسلمانوں کا غلبہ تھا اور خلیفہ کی اجازت کے بغیر کسی جگہ کا کوئی حاکم نہیں ہو سکتا تھا اور سب جگہ خطبات میں ایک ہی خلیفہ کا نام لیا جاتا تھا۔

---

[1] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابو داؤد ج ۲ ص ۲۸۲، مطبوعہ مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[2] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۲۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی۔

[3] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۴ ص ۲۷۳، ج ۵ ص ۲۲، ۴۴، ۵۰، ۲۲۱، ۲۰۲، مطبوعہ دار الفکر بیروت

بارہ خلفاء کے متعلق دوسرا قول یہ ہے کہ بارہ خلفاء سے ایسے خلفاء مراد ہیں جو نیک مسلمان اور عادل تھے اور حق اور انصاف پر عمل کرتے تھے اگرچہ یہ خلفاء متصل اور متوالی نہیں تھے اور ان کے درمیان فترت اور انقطاع آتا رہا یہ بارہ خلفاء تمام مدت اسلام میں پورے ہوں گے، اس صورت میں ان کی تفصیل یہ ہوگی، حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت حسن، حضرت معاویہ، حضرت عبداللہ بن الزبیر، عمر بن عبدالعزیز، مہدی عباسی، طاہر عباسی اور دو خلیفہ منتظر ہیں ان میں سے ایک مہدی ہیں جن کا اہل بیت سے ظہور ہوگا۔ [۱]

بعض لوگ علامہ ابن حجر مکی کی تفصیل اور تعیین پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ علامہ ابن حجر مکی نے بارہ خلفاء میں یزید بن معاویہ کو بھی شامل کیا ہے اور بعض غالی شیعہ کہتے ہیں کہ سنیوں کے بارہ اماموں میں یزید بن معاویہ بھی شامل ہیں لیکن اس پر غور نہیں کرتے کہ علامہ ابن حجر مکی نے خلفاء حق میں یزید بن معاویہ کو شامل نہیں کیا بلکہ ان خلفاء میں یزید کو شامل کیا ہے جن کی حکومت بالعموم تسلیم کی گئی اور ان کی بیعت کر لی گئی اور ان کے عہد میں اسلام اور مسلمانوں کو غلبہ حاصل رہا۔ خواہ وہ خلفاء نیک ہوں یا بد۔

بارہ خلفاء سے زیادہ خلفاء کی توجیہات

علامہ نووی لکھتے ہیں اس حدیث میں بارہ خلفاء کا ذکر ہے حالانکہ اب تک (یعنی علامہ نووی متوفی ۶۷۶ھ کے زمانہ تک) بارہ سے زیادہ حکمران گزر چکے ہیں۔ قاضی عیاض مالکی نے کہا یہ اعتراض باطل ہے کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ صرف بارہ خلفاء ہوں گے، آپ نے بارہ خلفاء کا ذکر کیا اور یہ عدد پورا ہو گیا اور اس سے زیادہ خلفاء کا ہونا اس حدیث کے خلاف نہیں ہے، دوسرا جواب یہ ہے کہ بارہ خلفاء سے حکمران مراد نہیں ہیں، حتیٰ کہ یہ اعتراض وارد ہو، بلکہ خلفاء سے مراد مستحقین خلافت ہیں جو عدل و انصاف کے ساتھ حکمرانی کریں ایسے کچھ خلفاء تو گزر گئے اور جو باقی رہ گئے ہیں وہ وقوع قیامت سے پہلے گزر جائیں گے۔ اور تیسرا جواب یہ ہے کہ ہر زمانہ میں ایک خلیفہ ہوا اور باقی اس کے متبعین تھے کیونکہ ۴۳۰ھ کے بعد اندلس میں تین حکمران ہوئے اور ہر ایک کا لقب خلیفہ تھا اور اسی زمانے میں مصر میں ایک اور شخص خلیفہ تھا اور اسی وقت بغداد میں جماعت عباسیہ کا خلیفہ ایک اور شخص تھا، اور اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے، عنقریب بکثرت خلفاء ہوں گے، صحابہ نے عرض کیا پھر آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا جو پہلا خلیفہ ہو اس کی بیعت کرو، چوتھا جواب یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ بارہ خلفاء تک اسلام غالب رہیگا۔ اس غلبہ سے مراد یہ ہے کہ جس خلیفہ کی بیعت پر تمام مسلمان متحد ہوں جیسا کہ سنن ابو داؤد میں ہے امت ان پر مجتمع ہوگی، اور یزید بن ولید سے پہلے ایسے بارہ حکمران گزر گئے جن پر تمام مسلمان متفق تھے حتیٰ کہ یزید بن ولید کے زمانہ میں بنو امیہ کی ہوا اکھڑ گئی اور بنو عباس نے ان کے خلاف خروج کیا، اور اس حدیث کی اور توجیہات بھی ممکن ہیں اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث سے کیا مراد تھی اس کا صحیح علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ [۲]

---

[۱] علامہ احمد بن حجر ہیتمی مکی متوفی ۹۷۴ھ، الصواعق المحرقہ ص ۲۱، ۲۰، مطبوعہ مکتبۃ القاہرہ مصر

[۲] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۱۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵

[۳] حافظ ابن حجر ہیتمی مکی نے بھی یہی جواب اختیار کیا ہے اور اس کا مفاد یہ ہے ولید بن یزید بن عبدالملک متوفی ۱۲۶ھ کے بعد خلافت نہیں رہی اور جو خلفاء کے نام سے [illegible]

حافظ ابن حجر عسقلانی اس سوال کے جواب میں لکھتے ہیں: یہ ٹھیک ہے کہ اب تک بارہ سے بہت زیادہ خلفاء آچکے ہیں لیکن ان حکمرانوں میں خلیفہ کا صرف نام تھا، یہ حقیقت میں خلیفہ نہیں تھے، اور حدیث میں جو ہے خلافت قریش میں ہوگی یہ خبر نہیں ہے حکم ہے، یعنی خلیفہ کو قریش میں سے ہونا چاہیے ورنہ بہت سے ملکوں میں غیر قرشی حکمران رہے ہیں اور جو غیر قرشی غلبہ سے حکمران بن گئے وہ بھی یہ تسلیم کرتے تھے کہ خلیفہ قرشی ہونا چاہیے۔ لہ

غیر قرشی خلفاء کی توجیہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ خلافت قریش میں ہوگی، علامہ عینی لکھتے ہیں کہ علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ ہمارے زمانہ میں تو حکومت غیر قرشیوں کے ہاتھ میں ہے علامہ عینی اس جواب کو مسترد کرتے ہوئے فرماتے ہیں: یہ لوگ صرف نام کے خلیفہ تھے ارباب حل وعقد نہ تھے، اور اگر ان کو خلیفہ مان بھی لیا جائے تو ایک زمانہ میں متعدد خلفاء کا ہونا لازم آئے گا، حالانکہ ایک زمانہ میں صرف ایک خلیفہ ہی ہو سکتا ہے، کیونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک امام کی بیعت کرنے اور اس کی بیعت پوری کرنے کا حکم دیا ہے اور جو شخص اس کی خلافت کے خلاف خروج کرے اس کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے، اور امام احمد، امام ابوداؤد، امام ترمذی اور امام نسائی نے حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد خلافت تیس سال رہے گی پھر ملوکیت ہو جائے گی اور ایک روایت میں ہے کہ پھر اللہ تعالیٰ جس کو چاہے گا ملک عطا کرے گا اور ایسا ہی ہوا، کیونکہ خلفاء اربعہ اور حضرت حسن کی خلافت کو ملا کر تیس سال پورے ہو گئے۔ ٢ھ

علامہ عینی کے جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ جو خلافت قریش کے ساتھ خاص ہے وہ خلافت راشدہ ہے اور بعد میں جو مسلمان حکمران آتے رہے ہر چند کہ ان میں غیر قرشی بھی تھے لیکن وہ صرف نام کے خلفاء تھے حقیقی خلفاء نہ تھے وہ درحقیقت ملوک اور سلاطین تھے۔

قریش کے ساتھ خلافت کے اختصاص کی حکمت اور بحث ونظر

علامہ ابن خلدون نے لکھا ہے کہ امام اور خلیفہ کے لیے قرشی ہونے کی شرط لگانے کی ایک وجہ تو آپ کے نسب کے ساتھ نسبت قائم کرنا اور اس سے برکت حاصل کرنا ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ قبیلہ قریش اس وقت تمام قبائل پر فوقیت رکھتا تھا اور عرب کے تمام قبائل اس کی برتری تسلیم کرتے تھے، اگر کسی اور قبیلہ کا فرد خلیفہ ہوتا تو اس کو وہ زور اور طاقت حاصل نہ ہوتی جو قریش کو حاصل ہو سکتی تھی۔ علامہ ابن خلدون نے کہا ہے کہ اسلام کے احکام قیامت تک کے لیے ہیں اور یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر زمانہ میں قریش کے خاندان ہی کو برتری اور عصبیت کی قوت حاصل رہے اس لیے اگر کسی زمانہ میں کسی اور خاندان کی عصبیت غالب ہو اور لوگوں کی اکثریت اس خاندان کی حمایت کرتی ہو تو اس زمانہ میں اس خاندان کے فرد کو خلیفہ اور امام بنانا جائز ہوگا۔ قاضی ابوبکر باقلانی نے بھی امامت کے لیے قرشیت کو شرط قرار نہیں دیا کیونکہ ان کے زمانہ میں قرشی عصبیت

لہ۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۳ ص ۲۱۴، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

٢ھ۔ علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۲۴ ص ۲، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

کا خاتمہ ہو چکا تھا اور ملوک عجم خلفاء پر مسلط ہو گئے تھے۔ [1]

علامہ ابن خلدون کا یہ نظریہ بکثرت احادیث صحیحہ اور جمہور فقہاء اسلام کی تصریحات کے خلاف ہے، میرے نزدیک خلافت میں قرشیت کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے بعض احکام صرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اعزاز اور اکرام کو ظاہر کرنے کے لیے مشروع کیے ہیں، مثلاً قرآن عربی میں نازل فرمایا کیونکہ آپ عربی تھے، قیامت تک مسلمانوں کی مختلف زبانیں ہوں گی لیکن کسی زبان کی تعبیر کو قرآن کا درجہ نہیں دیا جائے گا نہ اس پر قرآن کے احکام لاگو ہوں گے، حائضہ عورت اور جنبی شخص کسی آیت کا ترجمہ اپنی زبان سے کر سکتا ہے لیکن حالت حیض اور جنابت میں عربی الفاظ یعنی قرآن مجید کے نازل شدہ الفاظ نہیں پڑھ سکتا، نماز اللہ تعالیٰ سے دعا اور مناجات ہے، لیکن اگر کوئی شخص اپنی زبان میں دعا اور مناجات کرے تو نماز نہیں ہو گی، اس کی نماز اسی وقت ہو گی جب وہ نماز میں عربی الفاظ کو پڑھے گا خواہ ان کا مطلب اور معنی نہ سمجھے، حالانکہ اگر کوئی غیر عربی اپنی زبان میں نماز پڑھے تو یہ زیادہ معقول ہے کیونکہ اس کو علم ہو گا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی کیا حمد و ثناء کر رہا ہے اور اس سے کیا مانگ رہا ہے، لیکن اس کی نماز شرعاً باطل ہو گی اور نماز میں عربی زبان کی شرط کی وجہ اس کے سوا اور کوئی نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان عربی تھی، اسی لیے کوئی شخص کسی علاقہ اور کسی زبان کا بولنے والا ہو نماز عربی میں پڑھے گا کیونکہ یہ آپ کی زبان ہے، اسی طرح خلیفہ چونکہ آپ کا نائب ہوتا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے (آپ کی وساطت سے) یہ شرط رکھی ہے کہ خلیفہ آپ کے خاندان اور آپ کے نسب سے ہو، نماز میں آل محمد پر درود پڑھنا اور آل محمد پر صدقہ کا حرام ہونا یہ بھی وہ احکام ہیں جو صرف آپ کے اعزاز و اکرام کو ظاہر کرنے کے لیے مشروع کیے گئے ہیں، سو میرے نزدیک خلافت میں قرشیت کی شرط بھی صرف آپ کے اعزاز و اکرام کو ظاہر کرنے کے لیے مشروع کی گئی ہے۔

بَابُ[623] الْاِسْتِخْلَافِ وَتَرْكِهٖ

خلیفہ بنانے اور اس کو ترک کرنے کا بیان

۴۵۹۹ - حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَضَرْتُ اَبِيْ حِيْنَ اُصِيْبَ فَاَثْنَوْا عَلَيْهِ وَقَالُوْا جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَقَالَ رَاغِبٌ وَّرَاهِبٌ قَالُوا اسْتَخْلِفْ فَقَالَ اَتَحَمَّلُ اَمْرَكُمْ حَيًّا وَّمَيِّتًا لَوَدِدْتُّ اَنَّ حَظِّيْ مِنْهَا الْكَفَافُ لَا عَلَيَّ وَلَا لِيْ فَاِنْ اَسْتَخْلِفْ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنِّيْ (يَعْنِيْ اَبَا بَكْرٍ) وَاِنْ اَتْرُكْكُمْ فَقَدْ تَرَكَكُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب میرے والد (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) زخمی ہوئے تو میں اس وقت موجود تھا، لوگوں نے ان کی تعریف کی اور کہا: اللہ آپ کو اچھی جزا دے! حضرت عمر نے کہا مجھے اللہ کی رحمت کی امید ہے اور اس کے عذاب کا خوف ہے، لوگوں نے کہا آپ کسی کو اپنا خلیفہ (جانشین) بنا دیجئے، حضرت عمر نے فرمایا میں زندگی میں تمہارا بوجھ اٹھاتا رہا اب مرنے کے بعد بھی تمہارا بوجھ اٹھاؤں؟ مجھے صرف یہ خواہش ہے کہ خلافت کی خدمات میرے لیے برابر سرابر ہو جائیں، کارخلافت

[1] علامہ عبدالرحمان بن خلدون متوفی ۸[illegible] مقدمہ ابن خلدون [illegible] (مترجم) مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَعَرَفْتُ اَنَّهٗ حِيْنَ ذَكَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ مُسْتَخْلِفٍ۔

کی وجہ سے نہ مجھے کوئی عذاب ہو اور نہ ثواب ہو، اگر میں خلیفہ بنا دوں تو جو مجھ سے بہتر تھے (یعنی حضرت ابوبکر) انہوں نے خلیفہ بنایا تھا اور اگر میں تم کو اسی حال پر چھوڑ دوں تو جو مجھ سے بہتر تھے (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) انہوں نے کسی کو خلیفہ نہیں بنایا تھا حضرت عبد اللہ بن عمر نے کہا جب حضرت عمر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا تو میں نے جان لیا کہ آپ کسی کو خلیفہ نہیں بنائیں گے۔

۴۶۰۰ - حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَابْنُ اَبِىْ عُمَرَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ قَالَ اِسْحٰقُ وَعَبْدٌ اَخْبَرَنَا وَقَالَ الْاٰخَرَانِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ اَخْبَرَنِىْ سَالِمٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ فَقَالَتْ اَعَلِمْتَ اَنَّ اَبَاكَ غَيْرُ مُسْتَخْلِفٍ قَالَ قُلْتُ مَا كَانَ لِيَفْعَلَ قَالَتْ اِنَّهٗ فَاعِلٌ قَالَ فَحَلَفْتُ اَنِّىْ اُكَلِّمُهٗ فِىْ ذٰلِكَ فَسَكَتُّ حَتّٰى غَدَوْتُ وَلَمْ اُكَلِّمْهُ قَالَ فَكُنْتُ كَاَنَّمَا اَحْمِلُ بِيَمِيْنِىْ جَبَلًا حَتّٰى رَجَعْتُ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَسَاَلَنِىْ عَنْ حَالِ النَّاسِ وَاَنَا اُخْبِرُهٗ قَالَ ثُمَّ قُلْتُ لَهٗ اِنِّىْ سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ مَقَالَةً فَاٰلَيْتُ اَنْ اَقُوْلَهَا لَكَ زَعَمُوْا اَنَّكَ غَيْرُ مُسْتَخْلِفٍ وَاِنَّهٗ لَوْ كَانَ لَكَ رَاعِىْ اِبِلٍ اَوْ رَاعِىْ غَنَمٍ ثُمَّ جَاءَكَ وَتَرَكَهَا رَاَيْتَ اَنْ قَدْ ضَيَّعَ فَرِعَايَةُ النَّاسِ اَشَدُّ قَالَ فَوَافَقَهٗ قَوْلِىْ فَوَضَعَ رَاْسَهٗ سَاعَةً ثُمَّ رَفَعَهٗ اِلَىَّ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَحْفَظُ دِيْنَهٗ وَاِنِّىْ لَئِنْ لَّا اَسْتَخْلِفْ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسْتَخْلِفْ وَاِنْ اَسْتَخْلِفْ فَاِنَّ اَبَا بَكْرٍ قَدِ اسْتَخْلَفَ قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ ذَكَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ فَعَلِمْتُ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ لِيَعْدِلَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت حفصہ کے پاس گیا، حضرت حفصہ نے کہا کیا تم کو علم ہے کہ تمہارے والد کسی کو خلیفہ نہیں بنا رہے میں نے کہا وہ ایسا نہیں کریں گے، حضرت حفصہ نے کہا وہ ایسا ہی کریں گے، حضرت ابن عمر کہتے ہیں کہ میں نے قسم کھائی کہ میں ان سے اس مسئلہ میں بات کروں گا، پھر میں خاموش ہو گیا حتیٰ کہ صبح ہو گئی اور میں نے ان سے اس معاملہ میں بات نہیں کی، اور قسم کھانے کے سبب مجھے یوں لگتا تھا جیسے میں نے اپنے ہاتھ پر پہاڑ اٹھایا ہوا ہو، آخر کار میں حضرت عمر کے پاس گیا انہوں نے مجھ سے لوگوں کا حال دریافت کیا، میں نے آپ کو حالات سے باخبر کیا، پھر میں نے ان سے کہا میں نے لوگوں سے ایک بات سنی تھی اور وہ میں کہ میں نے قسم کھائی کہ میں آپ سے اس کو ضرور بیان کروں گا، لوگ یہ کہتے ہیں کہ آپ کسی کو خلیفہ نہیں بنائیں گے، اور بات یہ ہے کہ اگر آپ کے اونٹوں یا بکریوں کا کوئی چرواہا ہو اور وہ ان اونٹوں یا بکریوں کو چھوڑ کر آپ کے پاس چلا آئے تو آپ یہی کہیں گے کہ اس نے ان اونٹوں یا بکریوں کو ضائع کر دیا ہے سو لوگوں کی نگہبانی زیادہ اہم ہے، حضرت عمر نے میری اس رائے کی موافقت کی کچھ دیر تک سر جھکائے (سوچتے) رہے، پھر میری طرف سر اٹھا کر فرمایا: بلاشبہ اللہ عزوجل اپنے دین کی حفاظت فرمائے گا، اور اگر میں نے کسی کو خلیفہ نہیں

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدًا وَأَنَّهُ غَيْرُ مُسْتَخْلِفٍ۔

بنایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو خلیفہ نہیں بنایا تھا، اور اگر میں نے کسی کو خلیفہ بنا دیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنا چکے ہیں، حضرت ابن عمر نے کہا جب حضرت عمر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا تو میں نے جان لیا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کو چھوڑنے والے نہیں ہیں اور وہ کسی کو خلیفہ نہیں بنائیں گے۔

خلیفہ مقرر کرنے کے متعلق مذاہب اور تحقیق مبحث

علامہ یحییٰ بن شرف نووی لکھتے ہیں: اس باب کی احادیث کا خلاصہ یہ ہے کہ جب خلیفہ وقت قریب المرگ ہو تو اس کے لیے اپنا خلیفہ بنانا اور نہ بنانا دونوں امر جائز ہیں، اگر وہ خلیفہ نہ بنائے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل ہوگا اور اگر خلیفہ بنائے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی سنت پر عمل ہوگا، اگر خلیفہ کسی کو خلیفہ نہ بنائے تو ارباب حل و عقد اور شوریٰ کے انتخاب سے خلیفہ منتخب ہو جاتا ہے، اس پر بھی اجماع ہے کہ مسلمانوں پر خلیفہ کا مقرر کرنا واجب ہے اور یہ وجوب شرعی ہے عقلی نہیں ہے، امام اصم نے اس مسئلہ میں اختلاف کیا ہے، وہ کہتے ہیں کہ خلیفہ کا مقرر کرنا واجب نہیں ہے، اور بعض علماء یہ کہتے ہیں کہ یہ وجوب عقلی ہے شرعی نہیں ہے، امام اصم کی دلیل یہ ہے کہ جب صحابہ سقیفہ بنو ساعدہ میں جمع ہوئے تو اس وقت کوئی خلیفہ نہیں تھا اسی طرح جب شوریٰ انتخاب میں مشغول تھی اس وقت بھی کوئی خلیفہ نہیں تھا، لیکن یہ دلیل صحیح نہیں ہے کیونکہ وہ لوگ اس وقت خلیفہ کو منتخب کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ اور اس کا وجوب عقلی نہیں ہے، کیونکہ عقل کسی چیز کو واجب نہیں کرتی، اس لیے اس کا وجوب شرعی ہے۔

اس حدیث میں یہ دلیل بھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو خلیفہ مقرر نہیں کیا تھا، اور رافضیوں کا یہ ادعا باطل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو خلیفہ مقرر کیا تھا، اس طرح بعض نے حضرت عباس اور بعض نے حضرت ابوبکر کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت کا دعویٰ کیا، لیکن یہ تمام دعاوی باطل ہیں، کیونکہ ان حضرات میں سے کسی نے بھی اپنے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت کا دعویٰ نہیں کیا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ نہ بنانے کے متعلق حضرت علی، حضرت عباس اور حضرت ابوبکر سب متفق ہیں، اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔

علامہ نووی نے یہ لکھا ہے کہ خلیفہ بنانے کے وجوب پر سب کا اجماع ہے اور یہ وجوب شرعی ہے، اگر خلیفہ سے ان کی مراد امیر ہے تو یہ صحیح ہے، دلائل شرعیہ سے یہ ثابت ہے کہ مسلمان جس خطۂ زمین پر بھی ہوں ان کا ایک امیر ہو اور وہ جماعت کے ساتھ وابستہ رہیں اور اگر ان کی مراد یہ ہے کہ تمام دنیا کے مسلمانوں کا ایک امیر ہو تو یہ چیز کسی دلیل شرعی سے ثابت نہیں اور اس سے یہ لازم آئے گا کہ ۱۳۲ھ کے بعد سے لے کر اب تک تمام امت مسلمہ معصیت

لے علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی [illegible] [illegible] اصح المطابع کراچی، [illegible] ۱۳۷۵ھ

پر مجتمع رہی ہو اور یہ عین ضلالت ہے اتمام امت معصیت اور گمراہی پر جمع نہیں ہوسکتی، کتاب الامارۃ کے مقدمہ میں ہم اس پر مفصل بحث کرچکے ہیں۔

شوریٰ مقرر کرنے کے متعلق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا موقف

علامہ ابی مالکی لکھتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی، حضرت عثمان، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم پر مشتمل شوریٰ بنائی تھی، اور فرمایا ان کو ہمارے گھر میں تین دن تک رکھو، اگر یہ کسی ایک شخص پر متفق ہو جائیں تو فبہا ورنہ ان کی گردنیں اتار دینا۔ اور اگر حضرت ابو عبیدہ زندہ ہوتے تو میں ان کو خلیفہ بنا دیتا اور اگر میرا رب مجھ سے ان کے متعلق سوال کرتا تو میں کہتا میں نے تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ابو عبیدہ اس امت کے امین ہیں اور اگر ابو حذیفہ کے مولیٰ سالم زندہ ہوتے تو ان کو امیر بنا دیتا اور اگر میرا رب ان کے متعلق سوال کرتا تو میں کہتا میں نے تیرے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو سالم کے متعلق یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ سالم اللہ تعالیٰ سے اتنی محبت کرتا ہے کہ اگر اس کو اللہ کا خوف نہ ہوتا تو پھر بھی اس کی نافرمانی نہ کرتا۔ حضرت عمر سے کہا گیا کہ آپ اپنے بیٹے حضرت عبداللہ کو خلیفہ کیوں نہیں بنا دیتے، وہ اسلام میں سبقت اور دین کی خدمت اور ذاتی فضیلت کی وجہ سے اس منصب کے اہل ہیں، حضرت عمر نے فرمایا آل خطاب کے لیے یہ کافی ہے کہ اس امت کے معاملات کے متعلق ان کے خاندان کے صرف ایک شخص سے سوال کیا جائے اور میری تو صرف یہ خواہش ہے کہ اس خلافت کا بدلہ برابر سرابر ہو جائے نہ مجھے ثواب ہو نہ عذاب، لوگ حضرت عمر کے پاس سے چلے گئے پھر دوبارہ آئے اور کہنے لگے اے امیر المؤمنین! کاش آپ کسی شخص کے متعلق وصیت کر دیتے، حضرت عمر نے کہا میں نے بعد میں یہ سوچا تھا کہ ان کو امیر بنا دوں، حضرت عمر کا اشارہ حضرت علی کی طرف تھا لیکن پھر میں نے سوچا کہ میں زندگی میں تو تمہارا بوجھ اٹھاتا رہا اب مرنے کے بعد اس بوجھ کو نہ اٹھاؤں، سو تم اس جماعت کو لازم رکھو جن کے متعلق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ یہ اہل جنت ہیں، سعید بن زید بھی اہل جنت میں سے ہے، لیکن میں نے ان چھ میں ان کو داخل نہیں کیا وہ چھ یہ ہیں علی اور عثمان یہ بنو عبد مناف ہیں، عبدالرحمن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ماموں ہیں، زبیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حواری ہیں اور طلحہ اچھے انسان ہیں تم ان میں سے کسی ایک شخص کو اختیار کر لو۔ حضرت عمر نے فرمایا اگر پانچ شخص ایک پر متفق ہو جائیں اور ایک اختلاف کرے تو اس کی گردن اڑا دو اور اگر چار ایک شخص پر متفق ہو جائیں اور دو اختلاف کریں تو ان دو کی گردنیں اڑا دو اور اگر تین کی رائے ایک طرف ہو اور تین کی رائے دوسری طرف ہو تو ان کے درمیان عبداللہ بن عمر کو حکم بنا لینا اور اگر وہ عبداللہ پر راضی نہ ہوں تو اس گروہ کو ترجیح دی جائے گی جس میں عبدالرحمن بن عوف ہوں۔ [1]

علامہ ابی مالکی لکھتے ہیں کہ حضرت عمر نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں خلیفہ نہیں بنایا اب اگر یہ سوال ہو کہ پھر حضرت ابوبکر نے خلیفہ کیوں بنایا اور حضور کی اقتداء کیوں نہیں کی تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت ابوبکر کے نزدیک خلافت کے تمام اوصاف حضرت عمر میں مجتمع تھے اس لیے انھوں نے حضرت عمر کو خلیفہ بنا دیا اور اگر اس پر یہ اعتراض ہو

[1] علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ ھ اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۶۷ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت

کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے نزدیک بھی خلافت کے تمام اوصاف حضرت ابوبکر میں تھے پھر آپ نے حضرت ابوبکر کو خلیفہ کیوں نہیں بنایا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو علم نبوت سے معلوم تھا کہ حضرت ابوبکر کو خلیفہ بنا لیا جائے گا اس لیے آپ نے اپنے علم پر اکتفاء کیا۔ [1]

مصنف کی رائے یہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خلیفہ اس لیے مقرر نہیں کیا تاکہ خلیفہ بنانا لازم نہ ہو جائے، نیز آپ نے خلیفہ کے تقرر کو امت کے اجتہاد اور اس کی صواب دید پر چھوڑ دیا تاکہ جس زمانہ میں جیسے حالات ہوں اس کے مطابق حکومت بنالی جائے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام میں حکومت بنانے کا کوئی ایک طریقہ مقرر نہیں ہے اور مختلف طریقوں سے حکومتیں بنائی جاتی رہیں اور یہ سب اسلامی حکومتیں تھیں۔

علامہ ابی لکھتے ہیں کہ جب حضرت عمر نے شوریٰ بنادی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کیسے ہوئی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کسی ایک شخص کو خلیفہ نہ بنانے میں ہے۔

شوریٰ کے عمل کی کیفیت

حضرت عمر کی تجہیز و تکفین کے بعد انتخاب کا مسئلہ پیش ہوا، اور دو دن تک اس پر بحث ہوتی رہی لیکن کوئی فیصلہ نہ ہوا، آخر تیسرے دن حضرت عبدالرحمان بن عوف نے کہا کہ وصیت کے مطابق خلافت چھ آدمیوں میں دائر ہے لیکن اس کو تین شخصوں میں محدود کر دینا چاہیے اور ہر اپنے خیال میں جس کو مستحق سمجھتا ہو اس کا نام لے، حضرت زبیر نے حضرت علی کا نام لیا، حضرت سعد نے حضرت عبدالرحمن بن عوف کا اور حضرت طلحہ نے حضرت عثمان کا نام لیا، حضرت عبدالرحمان بن عوف نے کہا میں اپنے حق سے دستبردار ہوتا ہوں، اس لیے اب یہ معاملہ صرف دو آدمیوں میں منحصر ہے، ان دونوں میں سے جو کتاب اللہ، سنت رسول اور سنت شیخین کی پابندی کا عہد کرے گا اس کے ہاتھ پر بیعت کی جائے گی، پھر حضرت عبدالرحمان بن عوف نے ان دونوں صاحبوں سے کہا آپ دونوں یہ معاملہ میرے سپرد کر دیں، بعد میں حضرت عبدالرحمن بن عوف نے مسجد میں ایک مؤثر تقریر کی اور حضرت عثمان کے ہاتھ پر بیعت کر لی اس کے بعد حضرت علی نے حضرت عثمان کی بیعت کر لی اور پھر تمام حاضرین نے حضرت عثمان کی بیعت کر لی۔

بَابُ النَّهْيِ عَنْ طَلَبِ الْإِمَارَةِ وَالْحِرْصِ عَلَيْهَا

امارت کو طلب کرنے کی ممانعت

۴۶۰۱ - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ فَإِنَّكَ إِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا وَإِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ

حضرت عبدالرحمن بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے عبدالرحمن امارت کا سوال نہ کرنا کیونکہ اگر تم کو سوال کے بعد امارت ملی تو تم اس کے سپرد کر دیے جاؤ گے (یعنی تمہارے ساتھ تائید خداوندی نہیں ہوگی) اور اگر تمہیں سوال کے بغیر امارت ملی تو تمہاری (منجانب اللہ

[1] علامہ ابوعبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۹۸، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

عَلَيْهَا

مدد کی جائے گی۔

۴۶۰۲ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يُونُسَ ح وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يُونُسَ وَمَنْصُورٍ وَحُمَيْدٍ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ عَطِيَّةَ وَيُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ كُلُّهُمْ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ جَرِيرٍ۔

امام مسلم کہتے ہیں کہ تین مختلف سندوں کے ساتھ حضرت عبدالرحمن بن سمرہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت بیان کی ہے۔

۴۶۰۳ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسٰى قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَرَجُلَانِ مِنْ بَنِي عَمِّي فَقَالَ أَحَدُ الرَّجُلَيْنِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَمِّرْنَا عَلٰى بَعْضِ مَا وَلَّاكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَقَالَ الْآخَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَ إِنَّا وَاللّٰهِ لَا نُوَلِّي عَلٰى هٰذَا الْعَمَلِ أَحَدًا سَأَلَهُ وَلَا أَحَدًا حَرَصَ عَلَيْهِ۔

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں اور میرے دو عمزاد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، ان دو میں سے ایک نے کہا: یا رسول اللہ! اللہ تعالے نے جو ملک آپ کو دیے ہیں آپ ان میں سے کسی ملک کی حکومت ہم کو عطا کیجئے اور دوسرے نے بھی ایسا ہی کہا، آپ نے فرمایا بخدا ہم کسی ایسے شخص کو عامل نہیں بنائیں گے جو اس کا سوال کرے گا اور نہ اس شخص کو عامل بنائیں گے جو اس کی حرص کرے گا۔

۴۶۰۴ - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ (وَاللَّفْظُ لِابْنِ حَاتِمٍ) قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنِي أَبُو بُرْدَةَ قَالَ قَالَ أَبُو مُوسٰى أَقْبَلْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِي رَجُلَانِ مِنَ الْأَشْعَرِيِّينَ أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِينِي وَالْآخَرُ عَنْ يَسَارِي فَكِلَاهُمَا سَأَلَ الْعَمَلَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ فَقَالَ مَا تَقُولُ يَا أَبَا مُوسٰى أَوْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ قَالَ فَقُلْتُ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أَطْلَعَانِي عَلٰى مَا فِي أَنْفُسِهِمَا وَمَا شَعَرْتُ أَنَّهُمَا يَطْلُبَانِ الْعَمَلَ قَالَ وَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلٰى سِوَاكِهِ تَحْتَ شَفَتِهِ وَقَدْ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو اشعری شخصوں کے ساتھ حاضر ہوا، ایک میری دائیں جانب تھا اور دوسرا میری بائیں جانب تھا ان دونوں نے کسی منصب کا سوال کیا اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کر رہے تھے آپ نے فرمایا اے ابوموسیٰ تم کیا کہتے ہو یا آپ نے اسے عبداللہ بن قیس فرمایا، میں نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے ان دونوں نے مجھے یہ نہیں بتایا تھا کہ ان کے دل میں کیا ہے؟ اور نہ مجھے یہ پتا تھا کہ یہ منصب کا سوال کریں گے، حضرت ابوموسیٰ اشعری نے کہا گویا کہ میں دیکھ رہا تھا کہ آپ کے ہونٹوں کے نیچے مسواک تھی جو کھسک چکی تھی، آپ نے فرمایا جو

قلصت فقال لن او لا نستعمل علی عملنا من اراده و لکن اذهب انت یا ابا موسی او یا عبد اللہ بن قیس فبعثہ علی الیمن ثم اتبعہ معاذ بن جبل فلما قدم علیہ قال انزل و القی لہ وسادۃ و اذا رجل عندہ موثق قال ما ھذا قال ھذا کان یھودیا فاسلم ثم راجع دینہ دین السوء فتھود قال لا اجلس حتی یقتل قضاء اللہ و رسولہ فقال اجلس نعم قال لا اجلس حتی یقتل قضاء اللہ و رسولہ ثلاث مرات فامر بہ فقتل ثم تذاکرا القیام من اللیل فقال احدھما معاذ اما انا فانام و اقوم و ارجو فی نومتی ما ارجو فی قومتی۔

شخص منصب کا سوال کرے گا ہم اس کو ہرگز منصب پر فائز نہیں کریں گے، لیکن اے ابوموسیٰ یا فرمایا اے عبد اللہ بن قیس تم یمن جاؤ، اور ان کو یمن بھیج دیا، اور پھر ان کے پیچھے حضرت معاذ بن جبل کو بھیج دیا، جب حضرت معاذ بن جبل وہاں پہنچے تو حضرت ابوموسیٰ نے کہا آئیے اور ان کے لیے ایک گدا بچھا دیا، وہاں اس وقت ایک شخص رسیوں سے بندھا ہوا تھا، حضرت معاذ نے پوچھا یہ کون ہے؟ حضرت ابوموسیٰ نے کہا یہ ایک یہودی ہے یہ مسلمان ہو گیا تھا اور پھر اپنے بُرے دین کی طرف لوٹ گیا اور یہودی ہو گیا، حضرت معاذ نے کہا میں اس وقت تک نہیں بیٹھوں گا جب تک اللہ اور اس کے رسول کے فیصلہ کے مطابق اس کو قتل نہ کر دیا جائے، حضرت ابوموسیٰ نے کہا ہم اس کو قتل کرتے ہیں آپ بیٹھئے، حضرت معاذ نے کہا میں اس وقت تک نہیں بیٹھوں گا جب تک اس شخص کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کے مطابق قتل نہیں کر دیا جاتے گا، تین مرتبہ یہی مکالمہ ہوا، بالآخر اس شخص کو قتل کر دیا گیا، پھر ان دونوں میں رات کے قیام کے متعلق گفتگو ہونے لگی، حضرت معاذ نے کہا میں سوتا بھی ہوں اور قیام بھی کرتا ہوں اور میں اپنے قیام میں جس اجر کی امید رکھتا ہوں اسی اجر کی میں اپنی نیند میں بھی توقع رکھتا ہوں۔

طلب منصب کی تحقیق

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ طالب منصب کو منصب نہ دینے میں یہ حکمت ہے کہ طالب منصب کے ساتھ اللہ کی توفیق اور تائید شامل نہیں ہوتی[1] بعض لوگ کہتے ہیں کہ منصب کو طلب کرنا جائز ہے کیونکہ حضرت یوسف علیہ السلام نے عزیز مصر سے اپنے لیے حکومت کا عہدہ طلب کیا تھا۔

قرآن مجید میں ہے:

قال اجعلنی علی خزائن الارض انی حفیظ علیم۔ (یوسف، ۵۵)

حضرت یوسف نے (عزیز مصر سے) کہا ملک کے خزانے میرے سپرد کر دیجئے، میں حفاظت کرنے

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۲۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

والا بھی ہوں اور علم بھی رکھتا ہوں۔

یہ استدلال اس لیے صحیح نہیں ہے کہ یہ شریعت سابقہ ہے، اور شریعت سابقہ کے جو احکام ہماری شریعت کے خلاف ہوں وہ ہم پر حجت نہیں ہوتے، ہمارے لیے یہ حکم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخدا ہم اس شخص کو عامل نہیں بنائیں گے جو اس کو طلب کرے گا اور نہ اس شخص کو عامل بنائیں گے جو اس کی حرص کرے گا۔ جیسا کہ اس باب کی حدیث نمبر ۴۶۰۳ میں ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نبی تھے اور نبی کا تقویٰ قطعی اور یقینی ہوتا ہے، نبی کو وحی کی تائید حاصل ہوتی ہے اور وہ اپنے افعال کے متعلق اللہ کی رضا سے مطلع رہتے ہیں جبکہ عام آدمی کا تقویٰ قطعی اور یقینی نہیں ہوتا اور غیر قطعی کو قطعی پر قیاس کرنا درست نہیں ہے۔ تیسرا جواب یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کا عہدہ طلب کرنا اللہ تعالیٰ کی اجازت سے تھا جو ان کو وحی سے حاصل ہوئی اور عام آدمی کے حق میں یہ مقصود نہیں ہے۔

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ جب کوئی منصب کا اہل نہ ہو تو جو شخص اہل ہو اس کا محض خدمت کے لیے منصب کو طلب کرنا ضرورت کی بناء پر جائز ہے۔ ہمیں اس قاعدہ کی صحت سے انکار نہیں ہے، لیکن جو چیز ضرورت کی بناء پر جائز کی گئی ہو اس کو صرف ضرورت کی حد تک محدود رکھنا صحیح ہے اس کو عام رواج اور معمول بنا لینا صحیح نہیں ہے۔ مثلاً جب کوئی حلال چیز کھانے کے لیے دستیاب نہ ہو تو ضرورت کی بناء پر شراب اور خنزیر کی حرمت ساقط ہو جاتی ہے، لیکن اگر کوئی شخص ضرورت کے حوالے سے خنزیر اور شراب کو کھانے پینے کا عام معمول بنا لے تو یہ صحیح نہیں ہے۔

موجودہ طریقہ انتخاب کا غیر اسلامی ہونا

پاکستان میں انتخاب کے موقع پر ہر حلقہ انتخاب سے بکثرت امیدوار از خود کھڑے ہوتے ہیں اور زر کثیر خرچ کر کے اپنے لیے کنویسنگ کرتے ہیں اور مخالف امیدوار کی کردار کشی کرتے ہیں، اور اس سلسلے میں غیبت، افتراء اور تہمت کی تمام حدود کو پھلانگ جاتے ہیں۔ اور یہ طریقہ اسلام میں بالکل ناجائز ہے۔ اور ہر امیدوار کے متعلق یہ کہنا کہ یہ ضرورت کی بناء پر کھڑا ہوا ہے بداہتہً باطل ہے، کیونکہ ہر حلقہ انتخاب سے بکثرت امیدوار کھڑے ہوتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کے بارے میں یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ چونکہ اور کوئی اہل نہیں تھا اس لیے یہ سب امیدوار کھڑے ہو گئے ہیں!

امیدوار کے لیے شرائط اہلیت نہ ہونے کے غلط نتائج

درحقیقت پاکستان کے آئین میں طلب منصب کی اجازت دینا ہی غیر اسلامی دفعہ ہے، جو امیدوار انتخاب کے لیے کھڑے ہوتے ہیں انہیں امیدواروں میں سے صدر مملکت، وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ اور دیگر وزراء کا انتخاب ہوتا ہے اور یہی امیدوار اسمبلی میں جا کر کسی قانون کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کا فیصلہ کرتے ہیں، ملک کے سربرآوردہ علماء اور دانشوروں پر مشتمل اسلامی نظریاتی کونسل اتفاق رائے سے کسی قانون کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کا فیصلہ کرتی ہے لیکن وہ اس وقت تک نافذ نہیں ہو سکتا جب تک کہ قومی اسمبلی اس کو منظور نہ کرے اور قومی اسمبلی کے ممبروں کے لیے، اسلامی علوم یا مروجہ علوم میں سے کسی علم کی کوئی شرط نہیں ہے نیکی اور تقویٰ کی

سیاسی تجربہ اور تدبر کی حتیٰ کہ موزوں ہونے کی بھی کوئی شرط نہیں ہے، دفتر میں کلرک بھرتی ہونے کے لیے بھی کم از کم میٹرک پاس ہونے کی شرط ہوتی ہے، بس چلانے والے ڈرائیور کے لیے بھی تجربہ کی شرط ہوتی ہے لیکن اس ملک کو چلانے کے لیے امیدواروں کے لیے علم اور تجربہ کی کوئی شرط نہیں ہے، ہر فاسق وفاجر، جاہل اور ناتجربہ کار شخص خواہ مرد ہو یا عورت انتخاب کے لیے کھڑا ہو سکتا ہے اور پیسہ اور اثر ورسوخ کے زور پر اسمبلی میں پہنچ کر صدر مملکت، وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ یا کسی بھی محکمہ کا وزیر بن سکتا ہے اور وہ علم، تجربہ اور اچھے کردار کے بغیر بھی اسلامی نظریاتی کونسل کی پیش کردہ سفارشات کو مسترد کر سکتا ہے اور کسی بھی قانون کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

مرتد کے احکام

اس باب کی احادیث میں قتل مرتد کا بھی ذکر ہے، مرتد کو قتل کرنے پر تمام فقہاء اسلام کا اتفاق ہے، لیکن اس میں اختلاف ہے کہ آیا اس سے توبہ طلب کرنا واجب ہے یا مستحب ہے؟ اور کتنی بار توبہ طلب کرنی چاہیے اور یہ کہ عورت اگر مرتد ہو تو اس کا حکم بھی مردوں کی طرح ہے یا نہیں؟، امام مالک، امام شافعی، امام احمد اور جمہور فقہاء اسلام کا مسلک یہ ہے کہ مرتد سے توبہ طلب کی جائے گی، ابن قصار مالکی نے کہا ہے کہ اس پر صحابہ کرام کا اجماع ہے، طاؤس، حسن بصری، ماجشون مالکی، امام ابو یوسف اور اہل الظاہر نے یہ کہا ہے کہ مرتد سے توبہ طلب نہیں کی جائے گی، اور اگر اس نے توبہ کی تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ توبہ قبول ہو جائے گی لیکن اس کو قتل کرنے کا حکم ساقط نہیں ہوگا کیونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من بدل دینہ فاقتلوہ۔ "جو شخص اپنا دین تبدیل کرے اس کو قتل کر دو۔" عطاء نے کہا کہ اگر مرتد مسلمان کی اولاد ہو تو اس سے توبہ طلب نہیں کی جائے گی اور اگر وہ پہلے کافر تھا پھر مسلمان ہوا اور اس کے بعد مرتد ہو گیا تو اس سے توبہ طلب کی جائے گی۔ پھر فقہاء کا اس میں اختلاف ہے کہ اس سے توبہ طلب کرنا آیا واجب ہے یا مستحب ہے؟۔ امام شافعی اور ان کے اصحاب کا زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ اس سے اسی وقت توبہ طلب کرنا واجب ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ تین دن تک توبہ طلب کی جائے، امام مالک، امام ابو حنیفہ، امام احمد اور اسحاق کا بھی یہی قول ہے اور حضرت علی سے ایک یہ روایت ہے کہ ایک ماہ تک توبہ طلب کی جا سکتی ہے۔ جمہور فقہاء اسلام یہ کہتے ہیں کہ اگر عورت مرتد ہو جائے اور توبہ نہ کرے تو اس کو بھی مرد کی طرح قتل کر دیا جائے گا، اور اس کو لونڈی بنانا جائز نہیں ہے، امام مالک، امام شافعی اور جمہور فقہاء کا بھی یہی مسلک ہے، امام ابو حنیفہ اور فقہاء کی ایک جماعت کا یہ قول ہے کہ عورت کو قید کیا جائے گا، قتل نہیں کیا جائے گا، حسن اور قتادہ یہ کہتے ہیں کہ اس کو لونڈی بنا لیا جائے گا، حضرت علی سے بھی اس سلسلے میں ایک روایت ہے۔ مرتد کے احکام کی تفصیل جلد رابع میں ہم نے تفصیل سے بیان کر دی ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

حد قائم کرنے کا اختیار قاضی کو ہے یا سلطان کو

قاضی عیاض نے کہا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شہروں کے امیروں کے لیے حدود قائم کرنا اور حدود میں مجرموں کو قتل کرنا جائز ہے، امام مالک، امام شافعی، امام ابو حنیفہ اور تمام علماء کا یہی مسلک ہے، کوفہ کے فقہاء نے یہ کہا ہے کہ صرف شہروں کے فقہاء حدود قائم کر سکتے ہیں اور شہروں کے عامل حدود قائم نہیں کر سکتے، اور قاضیوں میں اختلاف ہے [illegible] ولایت عام ہو اور کسی قوم کے احکام کے ساتھ خاص نہ ہو، جمہور علماء نے یہ کہا ہے کہ قاضی حدود قائم کریں گے اور تمام چیزوں [illegible]، البتہ ملت اسلامیہ کی حفاظت کے

لیے فوج کا انتظام کرنا اور خراج وغیرہ وصول کرنا امراء کے ذمہ ہوگا اور امام ابوحنیفہ نے کہا ہے کہ حدود قائم کرنا قاضی کی ولایت میں نہیں ہے۔ ۱؎

بَابُ ۶۲۵ كَرَاهَةِ الْإِمَارَةِ بِغَيْرِ ضَرُورَةٍ

طلب امارت کی کراہت

۴۶۰۵ - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ الْحَضْرَمِيِّ عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ الْأَكْبَرِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَلَا تَسْتَعْمِلُنِي قَالَ فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى مَنْكِبِي ثُمَّ قَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِنَّكَ ضَعِيفٌ وَإِنَّهَا أَمَانَةٌ وَإِنَّهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ خِزْيٌ وَنَدَامَةٌ إِلَّا مَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَأَدَّى الَّذِي عَلَيْهِ فِيهَا۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپ مجھے عامل نہیں بنائیں گے؟ آپ نے میرے کندھے پر ہاتھ مار کر فرمایا: اے ابوذر! تم کمزور ہو، اور یہ امارت امانت ہے اور یہ قیامت کے دن رسوائی اور شرمندگی کا باعث ہوگی، البتہ جو امارت کے حقوق ادا کرے اور اس کی ذمہ داریاں پوری کرے (وہ مستثنیٰ ہوگا)۔

۴۶۰۶ - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ كِلَاهُمَا عَنِ الْمُقْرِئِ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ الْقُرَشِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي سَالِمٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِنِّي أَرَاكَ ضَعِيفًا وَإِنِّي أُحِبُّ لَكَ مَا أُحِبُّ لِنَفْسِي لَا تَأَمَّرَنَّ عَلَى اثْنَيْنِ وَلَا تَوَلَّيَنَّ مَالَ يَتِيمٍ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر! میں تم کو کمزور پاتا ہوں اور میں تمہارے لیے وہی چیز پسند کرتا ہوں جو اپنے لیے پسند کرتا ہوں، تم دو آدمیوں پر بھی امیر نہ بننا اور نہ یتیم کے مال کا والی بننا۔

منصب قبول کرنے اور قبول نہ کرنے کا محمل

اس حدیث میں اس بات کی اصل عظیم ہے کہ انسان کو کسی منصب کے قبول کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے، خصوصاً اس شخص کو جو اس منصب کی ذمہ داریوں کو پورا نہ کرسکے، اور منصب قبول کرنے سے قیامت کے دن شرمندگی اور رسوائی اس شخص کو ہوگی جو منصب کا اہل نہ ہو اور منصب کو قبول کرلے، یا منصب کا اہل ہو اور اس کی ذمہ داریوں کو پورا نہ کرے اور اس کے حقوق ادا نہ کرے، ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن رسوا اور شرمندہ کرے گا۔ اور اس وقت اس کو اپنی تقصیر پر ندامت اور افسوس ہوگا۔ لیکن جو شخص منصب کا اہل ہو اور اس کی ذمہ داریوں کو

۱؎ - علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۲۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

پورا کرے اور عدل و انصاف سے کام لے اس کی احادیث صحیحہ میں بڑی فضیلت ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے سات آدمی اس دن اللہ کے سائے تلے ہوں گے جس دن اللہ کے سائے کے سوا اور کوئی سایہ نہیں ہوگا اور ان میں سے ایک شخص امام عادل ہے، نیز اس باب کے بعد حدیث میں ہے عدل کرنے والے نور کے منبروں پر ہوں گے، وغیرہ لیکن اس فضیلت کے باوجود چونکہ منصب کے قبول کرنے میں خطرات زیادہ ہیں اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اجتناب کی تلقین فرمائی ہے، اسی طرح علماء نے بھی اس سے دور رہنے کی وصیت کی ہے اور سلف صالحین حکومت کے مناصب کو قبول نہیں کرتے تھے اور انھوں نے اس سلسلہ میں بہت تکلیفیں اور اذیتیں اٹھائی ہیں، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے منصب قضا کو قبول نہیں کیا اور اس کی سزا میں قید خانہ کی اذیتیں برداشت کیں اور بالآخر قید خانہ ہی میں وفات پائی۔ رضی اللہ عنہ وارضاہ۔

بَابُ[٦٢] فَضِيْلَةِ الْإِمَامِ الْعَادِلِ وَعُقُوْبَةِ الْجَائِرِ

عادل حاکم کی فضیلت اور ظالم حاکم کی مذمت

۴۶۰۷- حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو (يَعْنِي ابْنَ دِيْنَارٍ) عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ وَاَبُوْبَكْرٍ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ حَدِيْثِ زُهَيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُقْسِطِيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ عَلٰى مَنَابِرَ مِنْ نُّوْرٍ عَنْ يَّمِيْنِ الرَّحْمٰنِ عَزَّ وَجَلَّ وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ الَّذِيْنَ يَعْدِلُوْنَ فِيْ حُكْمِهِمْ وَاَهْلِيْهِمْ وَمَا وَلُوْا۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عدل کرنے والے اللہ کے نزدیک اللہ کی دائیں جانب نور کے منبروں پر ہوں گے اور اللہ کے دونوں دائیں ہاتھ ہیں، یہ وہ لوگ ہوں گے جو اپنے اہل و عیال اور اپنی رعایا میں عدل سے فیصلے کریں گے۔

۴۶۰۸- حَدَّثَنِيْ هٰرُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِيْ حَرْمَلَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ قَالَ اَتَيْتُ عَائِشَةَ اَسْاَلُهَا عَنْ شَيْءٍ فَقَالَتْ مِمَّنْ اَنْتَ فَقُلْتُ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ فَقَالَتْ كَيْفَ كَانَ صَاحِبُكُمْ لَكُمْ فِيْ غَزَاتِكُمْ هٰذِهٖ فَقَالَ مَا نَقَمْنَا مِنْهُ شَيْئًا اِنْ كَانَ لَيَمُوْتُ لِلرَّجُلِ مِنَّا الْبَعِيْرُ فَيُعْطِيْهِ الْبَعِيْرَ وَالْعَبْدُ فَيُعْطِيْهِ الْعَبْدَ وَيَحْتَاجُ اِلَى النَّفَقَةِ فَيُعْطِيْهِ النَّفَقَةَ فَقَالَتْ اَمَا اِنَّهٗ لَا يَمْنَعُنِي الَّذِيْ فَعَلَ فِيْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ اَخِيْ اَنْ اُخْبِرَكَ مَا

عبد الرحمن بن شماسہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس کچھ پوچھنے کے لیے گیا، حضرت عائشہ نے پوچھا کہ تم کن لوگوں میں سے ہو؟ میں نے کہا میں مصر والوں میں سے ہوں، حضرت عائشہ نے پوچھا تمہارا حاکم جہاد میں تمہارے ساتھ کس طرح پیش آتا ہے؟ میں نے کہا ہمیں اس کی کوئی بات ناگوار نہیں گذری، اگر ہمارے کسی شخص کا اونٹ مر جاتے تو وہ اس کو اونٹ دے دیتا ہے، اور اگر غلام مر جائے تو وہ اس کو غلام دیتا ہے اور اگر کسی کو خرچ کی ضرورت ہو تو وہ اس کو [illegible] [illegible] حضرت عائشہ نے فرمایا میرے [illegible]

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ بَيْتِيْ هٰذَا اَللّٰهُمَّ مَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ اُمَّتِيْ شَيْئًا فَشَقَّ عَلَيْهِمْ فَاشْقُقْ عَلَيْهِ وَمَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ اُمَّتِيْ شَيْئًا فَرَفَقَ بِهِمْ فَارْفُقْ بِهٖ۔

محمد بن ابی بکر کے ساتھ اس نے جو کچھ کیا بعد وہ مجھے اس حدیث کو بیان کرنے سے باز نہیں رکھ سکتا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حجرے میں یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: "اے اللہ! میری امت کا جو شخص بھی کسی پر والی اور حاکم ہو اور وہ ان پر سختی کرے تو تو بھی ان پر سختی کر اور اگر وہ ان پر نرمی کرے تو تو بھی ان پر نرمی کر۔

۴۶۰۹ - وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ حَرْمَلَةَ الْمِصْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ۔

عبدالرحمن بن شماسہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک اور روایت بھی اسی طرح بیان کی ہے۔

۴۶۱۰ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ فَالْاَمِيْرُ الَّذِيْ عَلَى النَّاسِ رَاعٍ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُمْ وَالْمَرْاَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ بَعْلِهَا وَوَلَدِهٖ وَهِيَ مَسْئُوْلَةٌ عَنْهُمْ وَالْعَبْدُ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهٖ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُ اَلَا فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سنو تم میں سے ہر شخص حاکم ہے اور ہر شخص سے اس کی رعایا کے متعلق سوال ہوگا، سو جو امیر لوگوں پر حاکم ہے اس سے اس کی رعایا کے متعلق سوال ہوگا، اور مرد اپنے اہل خانہ پر حاکم ہے اس سے اس کی رعایا کے متعلق سوال ہوگا اور عورت اپنے شوہر کے گھر اور اس کے بچوں پر حاکم ہے اس سے ان کے متعلق سوال ہوگا اور نوکر اپنے مالک کے مال پر حاکم ہے اس سے اس کے متعلق سوال ہوگا، سنو تم میں سے ہر شخص حاکم ہے، اور ہر شخص سے اس کی رعایا کے متعلق سوال ہوگا۔

۴۶۱۱ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا خَالِدٌ (يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ) ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى (يَعْنِي الْقَطَّانَ) كُلُّهُمْ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ وَاَبُوْ كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ح وَحَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ جَمِيْعًا عَنْ اَيُّوْبَ ح وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ

امام مسلم نے اس حدیث کی آٹھ مزید اسانید بیان کیں۔

بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ أَخْبَرَنَا الضَّحَّاكُ (يَعْنِي ابْنَ عُثْمَانَ) ح وَحَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي أُسَامَةُ كُلُّ هَؤُلَاءِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَ حَدِيثِ اللَّيْثِ عَنْ نَافِعٍ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ بِهَذَا مِثْلَ حَدِيثِ اللَّيْثِ عَنْ نَافِعٍ۔

۴۶۱۲ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ حُجْرٍ كُلُّهُمْ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِمَعْنَى حَدِيثِ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَزَادَ فِي حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ قَالَ وَحَسِبْتُ أَنَّهُ قَدْ قَالَ الرَّجُلُ رَاعٍ فِي مَالِ أَبِيهِ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مرد اپنے باپ کے مال کا محافظ ہے اور اس سے اس کے متعلق سوال ہوگا۔

۴۶۱۳ - وَحَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمِّي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي رَجُلٌ سَمَّاهُ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْمَعْنَى۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

۴۶۱۴ - وَحَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْهَبِ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ عَادَ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ زِيَادٍ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ الْمُزَنِيَّ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ فَقَالَ مَعْقِلٌ إِنِّي مُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ عَلِمْتُ أَنَّ لِي حَيَاةً مَا حَدَّثْتُكَ [illegible]

حسن بیان کرتے ہیں کہ عبیداللہ بن زیاد حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی اس مرض میں عیادت کرنے کے لیے گیا جس میں ان کی وفات ہوگئی، حضرت معقل نے فرمایا میں تم کو ایک ایسی حدیث سناتا ہوں جس کو میں نے خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، اگر مجھے [illegible] ابھی اور زندہ رہوں گا تو یہ حدیث نہ

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيهِ اللّٰهُ رَعِيَّةً يَمُوتُ يَوْمَ يَمُوتُ وَهُوَ غَاشٌّ لِرَعِيَّتِهِ إِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ۔

سنا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے کسی رعایا کا حاکم بنایا ہو اور وہ شخص جس دن مرے اس دن وہ اپنی رعایا کے ساتھ خیانت کرتا ہوا مرے تو اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کر دے گا۔

۴۶۱۵- وَحَدَّثَنَاهُ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ دَخَلَ ابْنُ زِيَادٍ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ وَهُوَ وَجِعٌ بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي الْأَشْهَبِ وَزَادَ قَالَ أَلَا كُنْتَ حَدَّثْتَنِي هٰذَا قَبْلَ الْيَوْمِ قَالَ مَا حَدَّثْتُكَ أَوْ لَمْ أَكُنْ لِأُحَدِّثَكَ۔

حسن کہتے ہیں کہ ابن زیاد حضرت معقل کے پاس گیا درآں حالیکہ ان کو درد تھا اس کے بعد مثل سابق حدیث ہے البتہ اس میں یہ زائد ہے، ابن زیاد نے کہا آپ نے آج سے پہلے یہ حدیث مجھے کیوں نہیں بیان کی؟ حضرت معقل نے فرمایا میں نے تمہیں بیان کی یا فرمایا میں تمہارے لیے نہیں بیان کرتا۔

۴۶۱۶- وَحَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ وَإِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ إِسْحٰقُ أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ زِيَادٍ دَخَلَ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ فِي مَرَضِهِ فَقَالَ لَهُ مَعْقِلٌ إِنِّي مُحَدِّثُكَ بِحَدِيثٍ لَوْلَا أَنِّي فِي الْمَوْتِ لَمْ أُحَدِّثْكَ بِهِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ أَمِيرٍ يَلِي أَمْرَ الْمُسْلِمِينَ ثُمَّ لَا يَجْهَدُ لَهُمْ وَيَنْصَحُ إِلَّا لَمْ يَدْخُلْ مَعَهُمُ الْجَنَّةَ۔

ابو الملیح بیان کرتے ہیں کہ عبیداللہ بن زیاد حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی بیماری میں ان کے پاس گیا حضرت معقل نے کہا میں تم کو ایک حدیث بیان کروں گا اور اگر میں مرض الموت میں نہ ہوتا تو پھر تم کو یہ حدیث بیان نہ کرتا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو امیر مسلمانوں پر حاکم ہو اور ان کی خیرخواہی میں جدوجہد نہ کرے وہ ان کے ساتھ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

۴۶۱۷- وَحَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحٰقَ الْحَضْرَمِيُّ سَوَادَةُ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ مَرِضَ فَأَتَاهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ يَعُودُهُ نَحْوَ حَدِيثِ الْحَسَنِ عَنْ مَعْقِلٍ۔

ابو الاسود بیان کرتے ہیں کہ میرے والد نے بیان کیا کہ حضرت معقل بن یسار بیمار ہو گئے تو عبیداللہ بن زیاد ان کی عیادت کے لیے گیا۔

۴۶۱۸- حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ أَنَّ عَائِذَ بْنَ عَمْرٍو وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے حضرت عائذ بن عمرو بیان کرتے ہیں وہ عبیداللہ بن زیاد کے پاس گئے اور فرمایا اے بیٹے! میں نے رسول اللہ

دَخَلَ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ فَقَالَ أَيْ بُنَيَّ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ شَرَّ الرِّعَاءِ الْحُطَمَةُ فَإِيَّاكَ أَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ فَقَالَ لَهٗ اِجْلِسْ فَإِنَّمَا أَنْتَ مِنْ نُخَالَةِ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَهَلْ كَانَتْ لَهُمْ نُخَالَةٌ إِنَّمَا كَانَتِ النُّخَالَةُ بَعْدَهُمْ وَفِيْ غَيْرِهِمْ۔

صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے "بدترین حاکم ظالم بادشاہ ہے تم اس سے بچنا، اس نے کہا بیٹھو! تم تو صرف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کا تلچھٹ (بھوسی یا آخر میں بچنے والا میل کچیل) ہو، انھوں نے کہا کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں تلچھٹ بھی ہے؟ تلچھٹ تو بعد کے لوگوں میں ہوگا یا غیر صحابہ میں ہوگا!

اللہ تعالیٰ کے دائیں ہاتھ یا دائیں جانب سے کیا مراد ہے؟

حدیث نمبر ۴۶۰۷ میں ہے: عدل کرنے والے اللہ کے نزدیک اللہ کی دائیں جانب نور کے منبروں پر ہوں گے۔

اس حدیث میں نور کے منبروں سے یا حقیقت مراد ہے یا مجازاً بلند مراتب مراد ہیں۔

اللہ کی دائیں جانب سے کیا مراد ہے؟ بعض متکلمین نے کہا ہم ان الفاظ پر ایمان لاتے ہیں اور ان کی تاویل نہیں کرتے ہرچند کہ ہم کو یہ علم نہیں کہ اللہ کی دائیں جانب کا کیا معنی ہے لیکن بہرحال اس کا ظاہری معنی مراد نہیں ہے، اور اس لفظ کا کوئی ایسا معنی ہے جو اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق ہے، جمہور اسلاف اور بعض متکلمین کا یہی نظریہ ہے، جمہور متکلمین یہ کہتے ہیں کہ اس لفظ کا کوئی ایسا معنی مراد ہے جو اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق ہے، قاضی عیاض نے کہا دائیں جانب سے اچھی حالت اور بلند مرتبہ مراد ہے، ابن عرفہ نے کہا اہل عرب افعال محمودہ اور جہت محمودہ کو یمین سے تعبیر کرتے ہیں اور اس کی ضد کو یسار سے تعبیر کرتے ہیں، اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا ہے اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ یمین ہیں اس میں یہ تنبیہ ہے کہ یمین سے مراد عضو نہیں ہے، کیونکہ اعضاء کا ثبوت اللہ تعالیٰ کے لیے محال ہے۔

محمد بن ابوبکر کے قتل کی تفصیل

حدیث نمبر ۴۶۰۸ میں محمد بن ابی بکر کا ذکر ہے، علامہ نووی لکھتے ہیں کہ ان کو قتل کر دیا گیا تھا، اور قتل کے طریقہ میں اختلاف ہے، ایک قول یہ ہے کہ یہ معرکہ (میدان جنگ) میں قتل کیے گئے، دوسرا قول یہ ہے کہ جنگ کے بعد ان کو قید کی حالت میں قتل کیا گیا، ایک قول یہ ہے کہ جنگ کے بعد یہ ایک ویرانے میں گدھے کی کھال میں مُردہ پائے گئے اور پھر ان کو جلا دیا گیا۔[1]

حافظ ابن حجر عسقلانی محمد بن ابی بکر کے متعلق لکھتے ہیں:

محمد بن ابی بکر کے والد حضرت ابوبکر عبداللہ بن عثمان ہیں، ان کی والدہ اسماء بنت عمیس خثعمیہ ہیں، یہ حجۃ الوداع کے موقع پر مدینہ سے مکہ کو جانے والے راستے میں پیدا ہوئے، حضرت ابوبکر کی وفات کے بعد ان کی والدہ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا نے حضرت علی سے شادی کر لی اور انھوں نے حضرت علی کے ہاں پرورش پائی، حضرت علی کے ہمراہ جنگ جمل اور جنگ صفین میں شریک ہوئے، پھر ماہ رمضان ۳۷ھ میں حضرت علی نے ان کو مصر کا حاکم

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ ... اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

مقرر کر دیا، پھر حضرت علی نے ان کو حضرت عمرو بن عاص کے خلاف جنگ کے لیے ایک لشکر کا امیر بنا کر بھیجا، محمد بن ابی بکر نے اس جنگ میں شکست کھائی اور ۳۸ ھ صفر کے مہینہ میں ان کو قتل کر دیا گیا۔ [۱]

حافظ ابو عمر ابن عبد البر، محمد بن ابی بکر کے متعلق لکھتے ہیں:

محمد بن ابی بکر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پروردہ تھے، حضرت علی کے ہمراہ جنگ جمل اور جنگ صفین میں شریک ہوئے، پھر حضرت علی نے ان کو مصر کا گورنر مقرر کر دیا، اور مصر میں معاویہ بن خدیج نے ان کو قتل کر دیا، یہ ۳۸ ھ کا واقعہ ہے، ان سے پہلے حضرت علی نے مالک بن حارث اشتر نخعی کو مصر کا گورنر مقرر کیا تھا، اس کے مرنے کے بعد محمد بن ابی بکر کو گورنر بنایا، حضرت عمرو بن عاص نے محمد بن ابی بکر پر حملہ کیا، محمد بن ابی بکر نے شکست کھائی وہ ایک ویرانے میں جا کر مردہ گدھے کے پیٹ میں چھپ گئے اور ان کو گدھے کے پیٹ ہی میں جلا دیا گیا، ایک قول یہ ہے کہ معاویہ بن خدیج نے ان کو میدان جنگ میں قتل کیا پھر بعد میں مردہ گدھے کے پیٹ میں رکھ کر جلا دیا، ایک قول یہ ہے کہ ان کو حضرت عمرو بن عاص کے پاس لایا گیا اور انھوں نے ان کو قتل کر دیا، حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ محمد بن ابی بکر کی بہت تعریف اور توصیف کرتے تھے، محمد بن ابی بکر ان لوگوں میں سے تھے جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کے لیے گئے تھے، ایک قول یہ ہے کہ یہ ان کو قتل کرنے میں شریک تھے، ایک قول یہ ہے کہ انھوں نے اپنے ساتھیوں کو اشارہ کیا اور انھوں نے حضرت عثمان کو قتل کر دیا۔ ایک قول یہ ہے کہ اس دن حاضر تھے لیکن یہ حضرت عثمان کے قتل میں ملوث نہیں تھے، محمد بن طلحہ کہتے ہیں میں نے کنانہ سے پوچھا کیوں کہا جاتا ہے کہ انھوں نے حضرت عثمان کو قتل کیا تھا، کنانہ نے کہا معاذ اللہ! وہ صرف حضرت عثمان کے پاس گئے تھے، حضرت عثمان نے فرمایا اے میرے بھتیجے کیا تم میرے ساتھی نہیں ہو؟ پھر کچھ گفتگو فرمائی تو یہ واپس چلے گئے، میں نے کنانہ سے پوچھا پھر حضرت عثمان کو کس نے قتل کیا تھا، انھوں نے کہا وہ مصر کا رہنے والا ایک شخص تھا اس کا نام جبلہ بن ایہم تھا۔ [۲]

مرتکب کبیرہ پر جنت حرام ہونے کی توجیہات

حدیث نمبر ۴۶۱۰ میں ہے: تم میں سے ہر شخص راعی ہے، راعی اس شخص کو کہتے ہیں جو حافظ اور امین ہو اور اپنے ماتحت لوگوں کی اصلاح کا ذمہ دار ہو، حدیث نمبر ۴۶۱۴ میں ہے جو حاکم اپنی رعایا کے ساتھ خیانت کرے اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کر دے گا، اس حدیث پر یہ سوال ہوتا ہے کہ رعایا کے ساتھ خیانت کرنا گناہ کبیرہ ہے کفر نہیں ہے، پھر جنت کے حرام ہونے کی کیا وجہ ہے؟ اس کے تین جواب ہیں اول یہ ہے کہ جو شخص حلال سمجھ کر خیانت کرے گا وہ کافر ہو جائے گا اور اس پر جنت حرام ہو جائے گی۔ ثانی: ایسا شخص اپنے گناہ کی سزا پا کر جنت میں جائے گا اس پر جنت میں ابتداءً داخل ہونا حرام کر دیا جائے گا۔ ثالث اس کے حساب میں تاخیر کی جائے گی اس وجہ سے اس پر ابتداءً دخول حرام ہوگا۔

حدیث ۴۶۱۸ میں ہے کہ: عبید اللہ بن زیاد نے حضرت عائذ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو صحابہ کی بھوسی کہا ہے یہ اس

[۱] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، الاصابہ ج ۳ ص ۴۷۲، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

[۲] حافظ ابو عمر یوسف بن عبد اللہ بن محمد بن عبد البر متوفی ۴۶۳ھ، الاستیعاب علی ہامش الاصابہ ج ۳ ص ۳۲۹ - ۳۲۸ مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۸ھ

خبیث کی بارگاہ صحابیت میں گستاخی تھی، تمام صحابہ امت کے پسندیدہ افراد ہیں اور اس امت کے سردار ہیں اور بعد کے تمام لوگوں سے افضل ہیں اور تمام صحابہ عادل اور نیک ہیں، صحابہ کرام میں سے کوئی شخص بوسی اور تلمیث کا مصداق نہیں ہے۔

بَابُ ۶۲ غِلَظِ تَحْرِيمِ الْغُلُولِ

مال غنیمت میں خیانت کرنے پر عذاب کی وعید

۴۶۱۷- وَحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي حَيَّانَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ فِينَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَذَكَرَ الْغُلُولَ فَعَظَّمَهُ وَعَظَّمَ أَمْرَهُ ثُمَّ قَالَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ بَعِيرٌ لَهُ رُغَاءٌ يَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ فَرَسٌ لَهُ حَمْحَمَةٌ فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ شَاةٌ لَهَا ثُغَاءٌ يَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ نَفْسٌ لَهَا صِيَاحٌ فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ رِقَاعٌ تَخْفِقُ فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ صَامِتٌ فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان تشریف فرما ہوتے اور آپ نے مال غنیمت میں خیانت کرنے کی بہت مذمت کی اور اس پر سخت سزا کا ذکر کیا اور فرمایا: میں تم میں سے کسی شخص کو اس حال میں نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن پر اونٹ سوار ہو کر بڑبڑا رہا ہو، اور وہ شخص کہے: یارسول اللہ! میری مدد کیجئے اور میں کہوں گا میں تمہارے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں میں تم کو تبلیغ کر چکا ہوں، میں تم میں سے کسی شخص کو اس حال میں نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن پر گھوڑا سوار ہو کر ہنہنا رہا ہو، وہ شخص کہے: یارسول اللہ! میری مدد کیجئے اور میں کہوں گا کہ میں تمہاری لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں، میں تم کو تبلیغ کر چکا ہوں، میں تم میں سے کسی شخص کو اس حال میں نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن پر بکری سوار ہو کر ممنا رہی ہو وہ کہے یارسول اللہ میری مدد کیجئے میں کہوں گا میں تمہارے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں میں تم کو تبلیغ کر چکا ہوں میں تم میں سے کسی شخص کو اس حال میں نہ پاؤں کہ اس کی گردن پر کسی شخص کی جان سوار ہو اور وہ چیخ رہا ہو، وہ شخص کہے یارسول اللہ! میری مدد کیجئے، میں کہوں گا میں تمہارے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں میں تم کو تبلیغ کر چکا ہوں میں تم میں سے کسی شخص کو اس حال میں نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن پر کپڑے ہوتے ہوئے ہل رہے ہوں اور وہ کہے: یارسول اللہ میری مدد کیجئے میں کہوں گا میں تمہارے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں میں تم کو تبلیغ کر چکا ہوں، میں تم میں سے کسی شخص کو اس حال میں نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن [illegible] وہ کہے یارسول اللہ میری [illegible]

کہیے، میں کہوں گا کہ میں تمہارے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں، میں تم کو تبلیغ کر چکا ہوں۔

۴۶۲۰- وَحَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ ح وَحَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ وَعُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ جَمِيْعًا عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ بِمِثْلِ حَدِيْثِ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی دو سندیں اور بیان کی ہیں۔

۴۶۲۱- وَحَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ صَخْرٍ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ (يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ) عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغُلُوْلَ فَعَظَّمَهُ وَاقْتَصَّ الْحَدِيْثَ قَالَ حَمَّادٌ ثُمَّ سَمِعْتُ يَحْيٰى بَعْدَ ذٰلِكَ يُحَدِّثُهُ فَحَدَّثَنَا بِنَحْوِ مَا حَدَّثَنَا عَنْهُ اَيُّوْبُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مال غنیمت میں خیانت کا ذکر فرمایا اور اس کی سخت سزا بیان کی اور پوری حدیث بیان کی، حماد کہتے ہیں کہ یحییٰ نے بھی اس حدیث کو ایوب کی طرح بیان کیا ہے۔

۴۶۲۲- وَحَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ حَدِيْثِهِمْ۔

ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابوہریرہ سے اسی طرح حدیث مروی ہے۔

مال غنیمت میں خیانت کرنے والے کے دنیوی اور اخروی احکام

غل کے معنی ہتھکڑی یا طوق ڈالنا ہے، پھر اس لفظ کو خیانت میں استعمال کیا گیا کیونکہ خیانت کرنے سے ہاتھوں کو شرعاً روکا گیا ہے اور بعد میں اس لفظ کا استعمال مال غنیمت میں خیانت کے ساتھ مخصوص ہو گیا۔

حدیث نمبر ۴۶۱۹ میں ہے آپ مال غنیمت میں خیانت کرنے والے کے لیے فرمائیں گے میں تمہارے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں، قاضی عیاض نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر میں تمہارے لیے شفاعت کرنے کا یا تم کو معاف کرنے کا اختیار نہیں رکھتا، کیونکہ اس شخص نے آپ کی مخالفت کی تھی اس لیے آپ ابتداءً غضب میں اس طرح فرمائیں گے، اس کے بعد آپ تمام موحدین کی شفاعت فرمائیں گے۔

مال غنیمت میں خیانت کرنا گناہ کبیرہ ہے، مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ مال غنیمت سے چرائی ہوئی چیز کو واپس

کرنا واجب ہے، اگر لشکر متفرق ہو جائے اور ہر شخص تک اس کا حق پہنچانا مشکل ہو تو پھر اس کے حل میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام شافعی فرماتے ہیں باقی اموال مغصوبہ کی طرح اس کو بھی امام یا حاکم تک پہنچانا واجب ہے، اور حضرت ابن مسعود، حضرت ابن عباس، حضرت معاویہ، حسن، زہری، اوزاعی، امام مالک، ثوری، لیث، امام احمد اور جمہور کا مسلک یہ ہے کہ اس میں سے خمس امام کو دیا جائے اور باقی مال کو اپنے ذمہ سے بری ہونے کی نیت کر کے صدقہ کر دیا جائے (اور اس صدقہ کا ثواب اس مال کے حقدار کو پہنچا دے) مال غنیمت میں خیانت کرنے والے کی سزا میں بھی فقہاء کا اختلاف ہے، جمہور فقہاء یہ کہتے ہیں کہ امام اپنی صواب دید کے مطابق اس کو سزا دے، اور اس کا مال جلایا نہ جائے، امام مالک، امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور بکثرت صحابہ اور فقہاء تابعین کا یہی نظریہ ہے، اور مکحول، حسن اور اوزاعی نے یہ کہا ہے کہ اس کا خیمہ اور اس کا تمام مال جلا دیا جائے، اوزاعی نے یہ کہا ہے کہ اس کے کپڑوں اور اس کے ہتھیاروں کے سوا اس کا باقی سامان جلا دیا جائے، حسن بصری نے گھوڑے اور قرآن مجید کا استثناء کیا ہے، ان فقہاء نے اس سلسلہ میں حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ایک حدیث سے استدلال کیا ہے، جمہور کہتے ہیں کہ یہ حدیث ضعیف ہے کیونکہ اس کی سند میں ایک راوی صالح بن محمد ضعیف ہے، امام طحاوی نے کہا کہ اگر یہ حدیث صحیح ہو تو اس کا محمل یہ ہے کہ بطور سزا اس کا آدھا مال ضبط کر لیا جائے جس طرح زکوٰۃ نہ دینے والے کا مال ضبط کر لیا جاتا ہے۔[1]

ناجائز مال کے ذمہ سے بری ہونے کا طریقہ

جس شخص نے کسی بھی طریقہ سے کوئی ناجائز مال حاصل کیا ہو، خواہ چوری سے، یا رشوت سے یا سود سے یا کسی کا مال غصب کیا ہو یا خیانت کی ہو اور اب وہ اس پر نادم ہو اور اس کی تلافی کرنا چاہتا ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ وہ مال اس کے مالک کو لوٹا دے اور اگر وہ مر گیا ہو تو اس کے وارثوں کو واپس کر دے۔ اور اگر کسی کا پتا نہ چلے تو اپنے ذمہ سے بری ہونے کی نیت کر کے اس کو کسی فقیر پر صدقہ کر دے اور اس صدقہ کا ثواب اس کے مالک کو پہنچا دے، اور اگر اس نے حکومت کا مال ناجائز طریقہ سے لیا ہے تو حکومت کو واپس کرے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ ریل یا ہوائی جہاز کے ٹکٹ خرید کر ان کو استعمال نہ کرے یا حکومت کے کسی فنڈ میں اتنے پیسے داخل کر دے۔

بَابُ تَحْرِيمِ هَدَايَا الْعُمَّالِ [۶۲۸]

سرکاری ملازمین کو ہدیہ لینے کی ممانعت

۴۶۲۳ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ (وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ) قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنَ

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو اسد کے ایک شخص کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے عامل بنایا اس کا نام ابن اللتبیہ تھا، جب وہ زکوٰۃ وصول کر کے آیا تو اس نے کہا یہ آپ کا مال ہے اور یہ مجھے ہدیہ کیا

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۲۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولیٰ ۱۳۷۵ھ

الْاَسْدِ يُقَالُ لَهُ ابْنُ اللُّتْبِيَّةِ قَالَ عَمْرٌو وَابْنُ اَبِيْ عُمَرَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ هٰذَا لَكُمْ وَهٰذَا لِيْ اُهْدِيَ لِيْ قَالَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَقَالَ مَا بَالُ عَامِلٍ اَبْعَثُهُ فَيَقُوْلُ هٰذَا لَكُمْ وَهٰذَا اُهْدِيَ لِيْ اَفَلَا قَعَدَ فِيْ بَيْتِ اَبِيْهِ اَوْ فِيْ بَيْتِ اُمِّهِ حَتّٰى يَنْظُرَ اَيُهْدٰى اِلَيْهِ اَمْ لَا وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَا يَنَالُ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِنْهَا شَيْئًا اِلَّا جَآءَ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُهٗ عَلٰى عُنُقِهٖ بَعِيْرٌ لَهٗ رُغَآءٌ اَوْ بَقَرَةٌ لَهَا خُوَارٌ اَوْ شَاةٌ تَيْعَرُ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى رَاَيْنَا عُفْرَتَيْ اِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ مَرَّتَيْنِ۔

۴۶۲۴۔ **حَدَّثَنَا** اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ اللُّتْبِيَّةِ رَجُلًا مِّنَ الْاَزْدِ عَلَى الصَّدَقَةِ فَجَآءَ بِالْمَالِ فَدَفَعَهٗ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هٰذَا مَالُكُمْ وَهٰذِهٖ هَدِيَّةٌ اُهْدِيَتْ لِيْ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَلَا قَعَدْتَ فِيْ بَيْتِ اَبِيْكَ وَاُمِّكَ فَتَنْظُرَ اَيُهْدٰى اِلَيْكَ اَمْ لَا ثُمَّ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيْبًا ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيْثِ سُفْيَانَ۔

۴۶۲۵۔ **حَدَّثَنَا** اَبُوْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِّنَ الْاَزْدِ عَلٰى صَدَقَاتِ بَنِيْ سُلَيْمٍ يُدْعَى ابْنَ الْاُتْبِيَّةِ فَلَمَّا جَآءَ حَاسَبَهٗ قَالَ هٰذَا مَالُكُمْ وَهٰذَا هَدِيَّةٌ

ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے، اللہ تعالیٰ کی حمد اور ثنا بیان کی اور فرمایا ان عاملوں کا کیا حال ہے؟ میں ان کو (زکوٰۃ وصول کرنے) بھیجتا ہوں اور یہ آکر کہتے ہیں کہ یہ تمہارا مال ہے اور یہ مجھے ہدیہ کیا گیا ہے، یہ اپنے باپ یا اپنی ماں کے گھر میں کیوں نہیں بیٹھا پھر ہم دیکھتے کہ اس کو کوئی چیز ہدیہ کی جاتی ہے یا نہیں، قسم اس ذات کی جس کے قبضہ وقدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے تم میں سے جو شخص بھی ان اموال میں سے کوئی چیز بھی لے گا، قیامت کے دن وہ مال اس کی گردن پر سوار ہوگا۔ (کسی شخص کی گردن پر) اونٹ بڑبڑا رہا ہوگا، یا گائے ڈکرا رہی ہوگی یا بکری منمنا رہی ہوگی، پھر آپ نے اپنے ہاتھ اتنے بلند کیے کہ ہم نے آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھی، اس کے بعد آپ نے دو مرتبہ فرمایا، اے اللہ میں نے تبلیغ کر دی ہے۔

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ازد کے ابن اللتبیۃ نام کے ایک شخص کو زکوٰۃ کی وصول یابی کے لیے عامل بنایا، اس نے مال لاکر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا اور کہا یہ آپ کا مال ہے اور یہ مجھے ہدیہ ملا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تم اپنے باپ یا اپنی ماں کے گھر میں جاکر کیوں نہیں بیٹھے، پھر ہم دیکھتے کہ تمہیں ہدیہ دیا جاتا ہے یا نہیں! پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر خطبہ دیا، پھر حسب سابق حدیث ہے۔

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ازد کے ایک شخص کو بنو سلیم کے صدقات وصول کرنے کے لیے عامل بنایا، اس کو ابن اللتبیۃ کہا جاتا تھا، جب وہ مال وصول کر کے لایا تو حساب کرنے لگا، یہ تمہارا مال ہے اور یہ ہدیہ ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم سچے ہو تو اپنے

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَلَّا جَلَسْتَ فِي بَيْتِ أَبِيكَ وَأُمِّكَ حَتّٰى تَأْتِيَكَ هَدِيَّتُكَ إِنْ كُنْتَ صَادِقًا ثُمَّ خَطَبَنَا فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَسْتَعْمِلُ الرَّجُلَ مِنْكُمْ عَلَى الْعَمَلِ مِمَّا وَلَّانِي اللّٰهُ فَيَأْتِي فَيَقُولُ هٰذَا مَالُكُمْ وَهٰذَا هَدِيَّةٌ أُهْدِيَتْ لِي أَفَلَا جَلَسَ فِي بَيْتِ أَبِيهِ وَأُمِّهِ حَتّٰى تَأْتِيَهُ هَدِيَّتُهُ إِنْ كَانَ صَادِقًا وَاللّٰهِ لَا يَأْخُذُ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنْهَا شَيْئًا بِغَيْرِ حَقِّهِ إِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ تَعَالٰى يَحْمِلُهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَلَأَعْرِفَنَّ أَحَدًا مِنْكُمْ لَقِيَ اللّٰهَ يَحْمِلُ بَعِيرًا لَهُ رُغَاءٌ أَوْ بَقَرَةً لَهَا خُوَارٌ أَوْ شَاةً تَيْعَرُ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى رُؤِيَ بَيَاضُ إِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ بَصُرَ عَيْنِي وَسَمِعَ أُذُنِي۔

باپ یا اپنی ماں کے گھر میں جاکر کیوں نہ بیٹھ گئے حتیٰ کہ تمہارے پاس تمہارے ہدیے آتے! پھر آپ نے ہمیں خطبہ دیا، اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی پھر فرمایا اما بعد! میں تم میں سے کسی شخص کو کسی ایسے کام کے لیے عامل بناتا ہوں جس کی تولیت (انتظام) اللہ تعالیٰ نے میرے سپرد کی ہے، اور وہ آکر یہ کہتا ہے کہ یہ تمہارا مال ہے اور یہ مجھے ہدیہ ملا ہے، وہ شخص اگر سچا ہے تو وہ اپنے باپ یا اپنی ماں کے گھر میں جاکر کیوں نہیں بیٹھ گیا حتیٰ کہ اس کے پاس اس کا ہدیہ آتا، بخدا تم میں سے جو شخص بھی اس مال میں سے کوئی ناحق چیز لے گا وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ وہ چیز اس کی گردن پر سوار ہوگی، میں تم میں سے کسی شخص کو ضرور پہچان لوں گا وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ وہ بڑبڑاتا ہوا اونٹ یا ڈکراتی ہوئی گائے یا ممناتی ہوئی بکری کو اٹھائے ہوئے ہوگا، پھر آپ نے اپنے ہاتھ بلند کیے حتیٰ کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی دکھائی دی اس کے بعد آپ نے فرمایا اے اللہ! کیا میں نے تبلیغ کر دی ہے! اس واقعہ کو میری آنکھوں نے دیکھا اور میرے کانوں نے سنا۔

۴۶۲۶ - وَحَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كُلُّهُمْ عَنْ هِشَامٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ وَفِي حَدِيثِ عَبْدَةَ وَابْنِ نُمَيْرٍ فَلَمَّا جَاءَ حَاسَبَهُ كَمَا قَالَ أَبُو أُسَامَةَ وَفِي حَدِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ تَعْلَمُنَّ وَاللّٰهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَأْخُذُ أَحَدُكُمْ شَيْئًا وَزَادَ فِي حَدِيثِ سُفْيَانَ قَالَ بَصُرَ عَيْنِي وَسَمِعَ أُذُنَايَ وَسَلُوا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَإِنَّهُ كَانَ حَاضِرًا مَعِي۔

امام مسلم دو سندوں کے ساتھ روایت کرتے ہیں، جب وہ شخص آیا تو اس نے حساب کیا، اور ابن نمیر کی روایت میں ہے تم جان لوگے، قسم اس ذات کی جس کے قبضہ و قدرت میں میری جان ہے، تم میں سے جو شخص بھی اس مال میں سے کسی چیز کو لے گا.... سفیان کی روایت میں ہے میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور کانوں سے سنا، تم لوگ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے پوچھ لو کیونکہ وہ بھی اس موقع پر میرے ساتھ تھے۔

۴۶۲۷ - وَحَدَّثَنَاهُ إِسْحَاقُ [illegible]

[illegible] حمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے [illegible]

اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ذَكْوَانَ (وَهُوَ اَبُو الزِّنَادِ) عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلَى الصَّدَقَةِ فَجَاءَ بِسَوَادٍ كَثِيْرٍ فَجَعَلَ يَقُوْلُ هٰذَا لَكُمْ وَهٰذَا اُهْدِيَ اِلَيَّ فَذَكَرَ نَحْوَهُ قَالَ عُرْوَةُ فَقُلْتُ لِاَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ اَسَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مِنْ فِيْهِ اِلٰى اُذُنِي۔

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو صدقات کا عامل بنایا، وہ بہت زیادہ مال لے کر آیا اور کہنے لگا یہ تمہارا مال ہے اور یہ مجھے ہدیہ ملا ہے، اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے، عروہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوحمید ساعدی سے پوچھا کیا تم نے اس حدیث کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خود سنا تھا؟ انہوں نے کہا میں نے یہ حدیث آپ کے منہ سے اپنے کانوں سے سنا ہے۔

۴۶۲۸۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَمِيْرَةَ الْكِنْدِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلٰى عَمَلٍ فَكَتَمَنَا مِخْيَطًا فَمَا فَوْقَهُ كَانَ غُلُوْلًا يَاْتِيْ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ اَسْوَدُ مِنَ الْاَنْصَارِ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اقْبَلْ عَنِّيْ عَمَلَكَ قَالَ وَمَا لَكَ قَالَ سَمِعْتُكَ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا قَالَ وَاَنَا اَقُوْلُهُ الْاٰنَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلٰى عَمَلٍ فَلْيَجِئْ بِقَلِيْلِهٖ وَكَثِيْرِهٖ فَمَا اُوْتِيَ مِنْهُ اَخَذَ وَمَا نُهِيَ عَنْهُ انْتَهٰى۔

حضرت عدی بن عمیرہ کندی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے، ہم تم میں سے جس شخص کو کسی کام پر عامل بنائیں اور وہ ایک سوئی یا اس سے بھی کم چیز چھپا لے تو یہ خیانت ہوگی اور وہ قیامت کے دن اس چیز کو لے کر آئے گا، حضرت عدی کہتے ہیں کہ میں دیکھ رہا تھا پھر ایک سیاہ رنگ کا انصاری کھڑا ہوا اور کہنے لگا یا رسول اللہ! آپ مجھ سے اپنا کام واپس لے لیجئے! آپ نے فرمایا کیا بات ہے؟ اس نے کہا میں نے آپ کو اس اس طرح فرماتے ہوئے سنا ہے، آپ نے فرمایا میں اب بھی یہی کہتا ہوں کہ ہم نے تم میں سے جس شخص کو کسی کام کا عامل بنایا وہ ہر چھوٹی بڑی چیز کو لے کر آئے، اس کے بعد جو چیز اس کو دی جائے وہ لے لے اور جو نہ دی جائے اس سے باز رہے۔

۴۶۲۹۔ وَحَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبِي وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ح وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ۔

امام مسلم نے اس حدیث کو دو اور سندوں سے ذکر کیا ہے۔

۴۶۳۰۔ وَحَدَّثَنَاهُ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ

حضرت عدی بن عمیرہ کندی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے

أَبِي خَالِدٍ أَخْبَرَنَا قَيْسُ بْنُ أَبِي حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ عَمِيرَةَ الْكِنْدِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمْ۔

ہوئے سنا ہے، اس کے بعد مثل سابق حدیث ہے۔

ف: اس باب کی احادیث میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ عمال کا اپنے کام کے سلسلہ میں ہدیہ لینا حرام ہے، اگر کسی شخص نے ہدیہ لیا اور اب اس پر نادم ہے تو وہ ہدیہ دینے والے کو واپس کر دے اور اگر اس کا پتا نہ چلے تو برأت من الذمہ کی نیت سے کسی فقیر پر اس کو صدقہ کر دے اور اس کا ثواب ہدیہ دینے والے شخص کو پہنچا دے۔

بَابُ وُجُوبِ طَاعَةِ الْأُمَرَاءِ فِي غَيْرِ مَعْصِيَةٍ وَتَحْرِيمِهَا فِي الْمَعْصِيَةِ ۶۲۹

غیر معصیت میں حاکم کی اطاعت کرنے کا وجوب اور معصیت میں تحریم

۴۶۳۱ - حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ نَزَلَ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ فِي عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ قَيْسِ بْنِ عَدِيٍّ السَّهْمِيِّ بَعَثَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ أَخْبَرَنِيهِ يَعْلَى بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

ابن جریج نے بیان کیا کہ قرآن مجید کی آیت (ترجمہ:) "اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور صاحبان امر کی" حضرت عبداللہ بن حذافہ کے متعلق نازل ہوئی ہے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں ایک لشکر کا امیر بنا کر روانہ کیا تھا، ابن جریج نے اپنی سند کے ساتھ اس کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

۴۶۳۲ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيُّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ وَمَنْ يَعْصِنِي فَقَدْ عَصَى اللَّهَ وَمَنْ يُطِعِ الْأَمِيرَ فَقَدْ أَطَاعَنِي وَمَنْ يَعْصِ الْأَمِيرَ فَقَدْ عَصَانِي۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس شخص نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی، اور جس نے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

۴۶۳۳ - وَحَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ وَمَنْ يَعْصِ الْأَمِيرَ فَقَدْ عَصَانِي۔

ایک اور سند سے یہ حدیث مروی ہے اور اس میں یہ نہیں ہے "جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی"۔

۴۶۳۴ - وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَهُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے میرے امیر کی

مَنْ اَطَاعَنِیْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَمَنْ اَطَاعَ اَمِیْرِیْ فَقَدْ اَطَاعَنِیْ وَمَنْ عَصٰى اَمِیْرِیْ فَقَدْ عَصَانِیْ۔

کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے میرے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

۴۶۳۵- وَحَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مَكِّیُّ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ عَنْ زِیَادٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ سَوَآءً۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے بعد اس کی مثل ہے۔

۴۶۳۶- وَحَدَّثَنِیْ اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ یَعْلَى بْنِ عَطَآءٍ عَنْ اَبِیْ عَلْقَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ هُرَیْرَةَ مِنْ فِیْهِ اِلٰى فِیَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ یَعْلَى بْنِ عَطَآءٍ سَمِعَ اَبَا عَلْقَمَةَ سَمِعَ اَبَا هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِیْثِهِمْ۔

امام مسلم نے کہا ہے کہ تین مختلف سندوں کے ساتھ اس حدیث کی مثل حضرت ابوہریرہ کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے۔

۴۶۳۷- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِیْثِهِمْ۔

ایک اور سند کے ساتھ اس حدیث کی مثل نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت ابوہریرہ کی روایت ہے۔

۴۶۳۸- وَحَدَّثَنِیْ اَبُو الطَّاهِرِ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ حَیْوَةَ اَنَّ اَبَا یُوْنُسَ مَوْلٰى اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدَّثَهُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ وَقَالَ مَنْ اَطَاعَ الْاَمِیْرَ وَلَمْ یَقُلْ اَمِیْرِیْ وَكَذٰلِكَ فِیْ حَدِیْثِ هَمَّامٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا... اور فرمایا جس نے امیر کی اطاعت کی، یہ نہیں فرمایا جس نے میرے امیر کی اطاعت کی۔

۴۶۳۹- وَحَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَقُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ كِلَاهُمَا عَنْ یَعْقُوْبَ قَالَ سَعِیْدٌ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مشکل اور آسانی میں

يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكَ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ فِيْ عُسْرِكَ وَيُسْرِكَ وَمَنْشَطِكَ وَمَكْرَهِكَ وَاَثَرَةٍ عَلَيْكَ۔

تنگی اور آسانی، خوشی میں اور جب تم پر کسی اور کو ترجیح دی جائے (ان تمام حالات میں) تم پر امیر کے احکام سننا اور اس کی اطاعت کرنا لازم ہے۔

۴۶۴۰- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَرَّادٍ الْاَشْعَرِيُّ وَاَبُوْ كُرَيْبٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ اِنَّ خَلِيْلِيْ اَوْصَانِيْ اَنْ اَسْمَعَ وَاُطِيْعَ وَاِنْ كَانَ عَبْدًا مُجَدَّعَ الْاَطْرَافِ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میرے خلیل صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ وصیت کی ہے کہ سنو اور اطاعت کرو خواہ ایک اعضاء بریدہ غلام تم پر حاکم ہو۔

۴۶۴۱- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ح وَحَدَّثَنَا اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ جَمِيْعًا عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَقَالَا فِي الْحَدِيْثِ عَبْدًا حَبَشِيًّا مُجَدَّعَ الْاَطْرَافِ۔

ایک اور سند کے ساتھ ہے خواہ اعضاء بریدہ حبشی غلام حاکم ہو۔

۴۶۴۲- وَحَدَّثَنَاهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ كَمَا قَالَ ابْنُ اِدْرِيْسَ عَبْدًا مُجَدَّعَ الْاَطْرَافِ۔

ایک اور سند کے ساتھ ہے خواہ اعضاء بریدہ غلام ہو۔

۴۶۴۳- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَحْيَى بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ جَدَّتِيْ تُحَدِّثُ اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ يَقُوْلُ وَلَوِ اسْتُعْمِلَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ يَقُوْدُكُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ فَاسْمَعُوْا لَهٗ وَاَطِيْعُوْا۔

یحییٰ بن حصین کہتے ہیں کہ میں نے اپنی دادی سے سنا وہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع کے خطبہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: اگر تم پر ایک غلام کو حاکم بنایا جائے اور وہ تم کو کتاب اللہ کے مطابق احکام بیان کرے تو اس کے احکام سنو اور اس کی اطاعت کرو۔

۴۶۴۴- وَحَدَّثَنَاهُ ابْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَقَالَ عَبْدًا حَبَشِيًّا۔

ایک اور سند کے ساتھ حبشی غلام کا ذکر ہے۔

۴۶۴۵- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَقَالَ

ایک اور سند کے ساتھ یہ ذکر ہے کہ حبشی غلام کا ذکر ہے۔

عَبْدًا حَبَشِيًّا مُجَدَّعًا۔

۴۶۴۶ - وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ حَبَشِيًّا مُجَدَّعًا وَزَادَ أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى أَوْ بِعَرَفَاتٍ۔

ایک اور سند کے ساتھ نکٹے حبشی کا ذکر ہے اور یہ اضافہ ہے: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منیٰ یا عرفات میں سُنا۔

۴۶۴۷ - وَحَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ حُصَيْنٍ عَنْ جَدَّتِهِ أُمِّ الْحُصَيْنِ قَالَ سَمِعْتُهَا تَقُولُ حَجَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ قَالَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْلًا كَثِيرًا ثُمَّ سَمِعْتُهُ يَقُولُ إِنْ أُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ مُجَدَّعٌ حَسِبْتُهَا قَالَتْ أَسْوَدُ يَقُودُكُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ فَاسْمَعُوا لَهُ وَأَطِيعُوا۔

حضرت ام حصین رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں گئی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی باتیں فرمائیں، پھر میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا اگر تم پر ایک نکٹے غلام (میرا گمان ہے آپ نے سیاہ بھی فرمایا) کو بھی حاکم بنا دیا جائے اور وہ تم کو کتاب اللہ کے مطابق حکم دے تو اس کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو۔

۴۶۴۸ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ فِيمَا أَحَبَّ وَكَرِهَ إِلَّا أَنْ يُؤْمَرَ بِمَعْصِيَةٍ فَإِنْ أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَةَ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان شخص پر حاکم کی بات سننا اور اس کی اطاعت کرنا لازم ہے خواہ اس کی بات اس کو پسند ہو یا ناپسند، البتہ معصیت کا حکم مستثنیٰ ہے اگر اس کو معصیت کا حکم دیا جائے تو اس میں سماع ہے نہ طاعت۔

۴۶۴۹ - وَحَدَّثَنَاهُ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى (وَهُوَ الْقَطَّانُ) ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي كِلَاهُمَا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی دو اور سندیں ذکر کی ہیں۔

۴۶۵۰ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ (وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى) قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ زُبَيْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِيٍّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ جَيْشًا وَأَمَّرَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا اور ایک شخص کو اس کا امیر بنایا اس شخص نے آگ جلائی اور لوگوں سے کہا اس میں داخل ہو، بعض لوگوں نے اس میں داخل ہونے کا ارادہ کیا اور بعض نے کہا ہم آگ ہی سے تو بھاگے ہیں

عَلَيْهِمْ رَجُلًا فَاَوْقَدَ نَارًا وَقَالَ ادْخُلُوْهَا فَاَرَادَ نَاسٌ اَنْ يَدْخُلُوْهَا وَقَالَ الْاٰخَرُوْنَ اِنَّا قَدْ فَرَرْنَا مِنْهَا فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِلَّذِيْنَ اَرَادُوْا اَنْ يَدْخُلُوْهَا لَوْ دَخَلْتُمُوْهَا لَمْ تَزَالُوْا فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَقَالَ لِلْاٰخَرِيْنَ قَوْلًا حَسَنًا وَقَالَ لَا طَاعَةَ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس واقعہ کا ذکر کیا گیا تو آپ نے ان لوگوں سے فرمایا جو آگ میں داخل ہونا چاہتے تھے " اگر تم آگ میں داخل ہو جاتے تو قیامت تک اسی میں رہتے اور دوسروں کی تعریف فرمائی اور فرمایا اللہ تعالیٰ کی معصیت میں کسی کی اطاعت نہیں ہے اطاعت صرف نیکی اور معروف چیز میں ہے۔

۴۶۵۱ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ وَتَقَارَبُوْا فِي اللَّفْظِ قَالُوْا حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ وَاَمَرَهُمْ اَنْ يَسْمَعُوْا لَهٗ وَيُطِيْعُوْا فَاَغْضَبُوْهُ فِيْ شَيْءٍ فَقَالَ اجْمَعُوْا لِيْ حَطَبًا فَجَمَعُوْا لَهٗ ثُمَّ قَالَ اَوْقِدُوْا نَارًا فَاَوْقَدُوْا ثُمَّ قَالَ اَلَمْ يَاْمُرْكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَسْمَعُوْا لِيْ وَتُطِيْعُوْا قَالُوْا بَلٰى قَالَ فَادْخُلُوْهَا قَالَ فَنَظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ فَقَالُوْا اِنَّمَا فَرَرْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النَّارِ فَكَانُوْا كَذٰلِكَ وَسَكَنَ غَضَبُهٗ وَطُفِئَتِ النَّارُ فَلَمَّا رَجَعُوْا ذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ دَخَلُوْهَا مَا خَرَجُوْا مِنْهَا اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا اور ایک انصاری کو اس لشکر کا امیر بنایا اور لشکر کو یہ حکم دیا کہ وہ امیر کے احکام سنیں اور اس کی اطاعت کریں، (اتفاق سے) اہل لشکر کی کسی بات سے امیر غضب ناک ہو گیا، اس نے کہا میرے لیے لکڑیاں جمع کرو، لشکر نے لکڑیاں جمع کیں، پھر اس نے کہا اس میں آگ جلاؤ، انھوں نے آگ جلائی، پھر کہا کیا تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے احکام سننے اور ان پر عمل کرنے کا حکم نہیں دیا تھا انھوں نے کہا کیوں نہیں، اس نے کہا اس آگ میں داخل ہو جاؤ، بعض نے بعض کی طرف دیکھا اور یہ کہا کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آگ سے بھاگ کر ہی تو آئے ہیں وہ اسی موقف پر قائم رہے، حتیٰ کہ اس کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا اور آگ بجھا دی گئی جب وہ واپس لوٹے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس واقعہ کا ذکر کیا آپ نے فرمایا، اگر یہ لوگ اس آگ میں داخل ہو جاتے تو پھر اس سے نکل نہ سکتے، اطاعت صرف نیک کاموں میں کی جاتی ہے۔

۴۶۵۲ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۶۵۳ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ [illegible]

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مشکل اور [illegible] خوشی اور ناخوشی میں اور عسر و یسر [illegible]

عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِي الْعُسْرِ وَالْيُسْرِ وَالْمَنْشَطِ وَالْمَكْرَهِ وَعَلٰى اَثَرَةٍ عَلَيْنَا وَعَلٰى اَنْ لَّا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَهْلَهٗ وَعَلٰى اَنْ نَّقُوْلَ بِالْحَقِّ اَيْنَمَا كُنَّا لَا نَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ۔

جانے کی صورت میں، سننے اور اطاعت کرنے پر بیعت کی اور اس پر بیعت کی کہ ہم کسی شخص سے اس کے اقتدار کے خلاف جنگ نہیں کریں گے، اور ہم جہاں کہیں بھی ہوں حق کے سوا کچھ نہیں کہیں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے۔

۴۶۵۴ - وَحَدَّثَنَاهُ ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ (يَعْنِي ابْنَ اِدْرِيْسَ) حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيْدِ فِيْ هٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهٗ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۶۵۵ - وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ (يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ) عَنْ يَزِيْدَ (وَهُوَ ابْنُ الْهَادِ) عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِيْهِ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيْثِ ابْنِ اِدْرِيْسَ۔

امام مسلم نے کہا کہ ایک اور سند کے ساتھ حضرت عبادہ بن صامت سے اس کی مثل روایت ہے۔

۴۶۵۶ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبِ بْنِ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَمِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنِيْ بُكَيْرٌ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ وَهُوَ مَرِيْضٌ فَقُلْنَا حَدِّثْنَا اَصْلَحَكَ اللّٰهُ بِحَدِيْثٍ يَنْفَعُ اللّٰهُ بِهٖ سَمِعْتَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دَعَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْنَاهُ فَكَانَ فِيْمَا اَخَذَ عَلَيْنَا اَنْ بَايَعَنَا عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِيْ مَنْشَطِنَا وَمَكْرَهِنَا وَعُسْرِنَا وَيُسْرِنَا وَاَثَرَةٍ عَلَيْنَا وَاَنْ لَّا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَهْلَهٗ قَالَ اِلَّا اَنْ تَرَوْا كُفْرًا بَوَاحًا عِنْدَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ فِيْهِ بُرْهَانٌ۔

جنادہ بن ابی امیہ کہتے ہیں کہ ہم حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، در آں حالیکہ وہ بیمار تھے، ہم نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ آپ کو صحت عطا فرمائے ہم کو ایسی حدیث سنائیے جس کو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہو اور وہ ہم کو نفع دے، حضرت عبادہ بن صامت نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو بلایا، ہم نے آپ سے بیعت کی، آپ نے ہم سے جن چیزوں پر بیعت لی تھی وہ یہ تھیں کہ ہم خوشی اور ناخوشی میں اور مشکل اور آسانی میں اور ہم پر ترجیح دیئے جانے کی صورت میں بھی سننے اور اطاعت کرنے پر بیعت کریں اور جو شخص صاحب اقتدار ہو اس کے خلاف جنگ نہ کریں ہاں اگر تم کو اس میں کھلم کھلا کفر نظر آئے جس کے کفر ہونے پر تمہارے پاس قرآن اور سنت

سے واضح دلیل ہو تو یہ صورت مستثنیٰ ہے۔

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ تمام علماء کا اس پر اجماع ہے کہ غیر معصیت میں امراء اور حکام کی اطاعت کرنا واجب ہے اور معصیت میں ان کی اطاعت کرنا حرام ہے۔ جمہور سلف اور خلف مفسرین، فقہاء اور دیگر علماء کا یہی قول ہے، اس کی دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے:

اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم۔ اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور صاحبان امر کی۔

جمہور سلف اور خلف مفسرین فقہاء اور دیگر علماء نے کہا ہے کہ صاحبان امر سے مراد امراء اور حکام ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد علماء اور فقہاء ہیں، قرآن مجید کے بعد اس باب کی احادیث میں اس پر دلیل ہے کہ غیر معصیت میں حکام اور امراء کی اطاعت واجب ہے اور معصیت میں ان کی اطاعت کرنا حرام ہے۔

خلیفہ کے خلاف خروج (جنگ) کرنے کی تحقیق

اس باب کی حدیث نمبر ۴۶۵۶ میں ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے یہ عہد لیا ہے کہ امام اور خلیفہ کے خلاف اس وقت تک جنگ نہ کی جائے جب تک تم اس میں کھلا کھلا کفر نہ دیکھو اور اس کے کفر پر تمہارے پاس قرآن اور سنت سے واضح دلیل ہو، علامہ نووی لکھتے ہیں کہ یہاں کفر سے معاصی مراد ہیں اور تمام مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ اگر خلفاء اور حکام ظالم اور فاسق ہوں تو ان کے خلاف خروج اور جنگ کرنا حرام ہے، اس کی تائید میں بکثرت احادیث ہیں اور اہل سنت کا اس پر اجماع ہے کہ فسق سے سلطان معزول نہیں ہوتا، علماء نے بیان کیا ہے کہ اس کے معزول نہ ہونے اور اس کے خلاف خروج کے حرام ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس کے خلاف جنگ کرنے سے فتنہ اور فساد پھیلے گا اور بکثرت خونریزی ہوگی اور اس صورت میں جو فساد پھیلے گا وہ اس کو معزول نہ کرنے سے زیادہ بڑا ہے۔

قاضی عیاض مالکی نے کہا ہے کہ اس پر تمام علماء کا اجماع ہے کہ کافر کی امامت منعقد نہیں ہوتی، (قرآن مجید میں ہے: یا ایہا الذین اٰمنوا لا تتخذوا الکافرین اولیاء من دون المومنین (نساء: ۱۴۴) (اے ایمان والو! مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو ولی نہ بناؤ۔" سعیدی غفرلہٗ) اور اس پر بھی اجماع ہے کہ خلیفہ کافر ہو جائے (العیاذ باللہ) تو وہ معزول کر دیا جائے گا، اسی طرح اگر اس نے اقامت صلوٰۃ کو ترک کر دیا یا کسی بدعت کو اختیار کر لیا پھر بھی معزول کر دیا جائے گا، بعض بصریین نے کہا ہے کہ بدعتی کی حکومت باقی رہے گی کیونکہ وہ تاویل کرتا ہے، قاضی عیاض مالکی نے کہا ہے کہ اگر خلیفہ کافر ہو جائے یا شریعت کو تبدیل کرے یا بدعت کا ارتکاب کرے تو اس کی ولایت اور اطاعت ساقط ہو جائے گی اور مسلمانوں پر واجب ہے کہ اس کو منصب سے اتار کر کسی امام عادل کو مقرر کریں اور اگر ان سے یہ ممکن نہ ہو تو جس جماعت سے یہ ممکن ہو وہ اس کے اتارنے کی جدوجہد کرے، کافر کو معزول کرنا تو مطلقاً واجب ہے اور بدعتی کو اتارنا اس وقت واجب ہے جب ان کو اس پر غلبہ کا یقین ہو اور اگر ان کا عجز متحقق ہو جائے تو اس کے خلاف خروج (جنگ) واجب نہیں ہے اور مسلمانوں پر واجب ہے کہ اس جگہ سے ہجرت کریں اور اپنے دین کو بچائیں۔

قاضی عیاض مالکی نے کہا ہے کہ [illegible] نہیں ہے اور اگر خلیفہ بعد میں فاسق ہو جائے [illegible]

علماء نے کہا کہ اگر فتنہ اور جنگ کا خدشہ نہ ہو تو اس کو معزول کرنا واجب ہے، اور جمہور اہل سنت فقہاء، محدثین اور متکلمین نے یہ کہا ہے کہ ظلم اور فسق سے خلیفہ معزول نہیں ہوتا، اس کی بیعت کو توڑنا ناجائز نہیں ہے اور نہ اس کے خلاف خروج اور جنگ کرنا جائز ہے البتہ اس کو وعظ اور نصیحت کرنی چاہیے اور اس کو خدا سے ڈرانا چاہیے اور تابعین کی ایک عظیم جماعت نے حجاج بن یوسف کے خلاف جو خروج کیا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ اس نے شریعت کو تبدیل کر دیا تھا اور اس سے کھلا کھلا کفر ظاہر ہو گیا تھا۔[1] (علامہ وشتانی نے لکھا ہے کہ وہ خلیفہ کو نبی سے زیادہ درجہ دیتا تھا اور کہتا تھا کہ حکام کی اطاعت اللہ کی اطاعت سے زیادہ ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت استطاعت کے ساتھ مقید ہے اور حکام کی اطاعت مطلقاً ہے اور یہ واضح کفر ہے)

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام کے خلاف خروج یا جنگ کرنا اس وقت تک جائز نہیں ہے، جب تک اس کے خلاف صریح قرآن یا کسی ایسی حدیث صحیح سے دلیل نہ ہو جس کی تاویل نہ کی جا سکتی ہو، علامہ نووی نے کہا ہے کہ اس حدیث میں کفر سے مراد معصیت ہے اور اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ امام کے خلاف اس وقت تک اعتراض نہ کرو جب تک کہ تم اس میں کوئی ایسی برائی نہ دیکھ لو جو قواعد اسلام کے خلاف ہو، اور دوسرے علماء نے کہا یہاں اثم سے مراد کفر اور معصیت ہے، اس لیے جب تک سلطان سے واضح کفر صادر نہ ہو اس پر اعتراض جائز نہیں۔

بخاری اور مسلم کی روایت میں ہے کہ امام کے خلاف اس وقت تک خروج نہ کیا جائے جب تک تم اس میں کفر بواح نہ دیکھ لو اور امام احمد اور امام ابن حبان نے حضرت جنادہ سے روایت کیا ہے: امام کی اس وقت تک مخالفت نہ کرو جب تک اس میں کھلی کھلی اللہ کی معصیت نہ دیکھ لو۔ حافظ ابن حجر عسقلانی ان روایتوں میں تطبیق دیتے ہوئے لکھتے ہیں: جس روایت میں یہ ہے کہ اس وقت تک مخالفت نہ کی جائے جب تک کفر بواح نہ ظاہر ہو وہ امام اور خلیفہ پر محمول ہے یعنی خلیفہ اور امام کی معصیت کے ظہور میں مخالفت نہ کی جائے ہاں اگر اس سے کفر بواح ظاہر ہو پھر اس کی مخالفت کی جائے اور معصیت کے ظہور میں اس کو نرمی اور ملائمت سے سمجھایا جائے بشرطیکہ اس پر قادر ہو، اور جس روایت میں ہے کہ اس وقت تک مخالفت نہ کرو جب تک تم اس میں کھلم کھلا اللہ کی معصیت نہ دیکھ لو۔ وہ خلیفہ اور امام سے کم درجہ کے حاکم پر محمول ہے مثلاً کسی صوبہ کا گورنر ہو یا کسی شہر کا کمشنر ہو۔

علامہ ابن التین نے علامہ داؤدی سے نقل کیا ہے کہ اگر ظالم حکام کو فتنہ اور ظلم کے بغیر ان کے منصب سے اتارنے پر قدرت ہو تو ان کو منصب سے اتارنا واجب ہے اور اگر اس پر قدرت نہ ہو تو پھر صبر کرنا واجب ہے، اور بعض علماء سے یہ منقول ہے کہ فاسق کو ابتداءً امام بنانا جائز نہیں ہے۔ اور اگر وہ پہلے نیک تھا اور بعد میں اس نے ظلم کیا تو پھر اس کے خلاف خروج کرنے میں اختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ اس کے خلاف خروج کرنا جائز نہیں ہے، ہاں اگر اس سے کفر بواح صادر ہو تو پھر اس کے خلاف خروج کرنا واجب ہے۔[2]

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۲۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۳ ص ۸، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

علامہ بدرالدین عینی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

علامہ نووی نے کہا اس حدیث میں کفر سے مراد معصیت ہے، اور علامہ کرمانی نے کہا صحیح یہ ہے کہ یہاں کفر سے کفر ہی مراد ہے، اس کے بعد علامہ عینی نے علامہ داؤدی کی وہی عبارت نقل کی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب تک امام اور خلیفہ سے کفر صادر نہ ہو اس وقت تک اس کے خلاف خروج جائز نہیں ہے۔[1]

حضرت حسین اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم کے خروج کا محمل

صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی حدیث میں یہ تصریح ہے کہ جب تک امام اور خلیفہ کا کفر بواح ثابت نہ ہو اس وقت تک اس کی خلافت کی مخالفت کرنا جائز نہیں ہے، اور اس حدیث کی بناء پر یہ اشکال وارد ہوتا ہے کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے یزید کی مخالفت کی، حالانکہ تمام صحابہ اس کی بیعت کر چکے تھے اور اس کی خلافت منعقد ہو چکی تھی اور اس کا کفر بواح ثابت نہیں ہوا تھا، پھر ان حضرات کی مخالفت کا کیا جواز تھا، علامہ عبدالعزیز پرہاروی نے اس سوال کے حسب ذیل جوابات بیان کیے ہیں:

۱۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ خلافت کے لیے اس فاسق کی اطاعت کرنا غیر معقول تھا کیونکہ آپ فرزند رسول تھے، لیکن یہ جواب قواعد شرع کے مطابق نہیں ہے کیونکہ ارباب حل و عقد میں سے ایک شخص بھی بیعت کرے تو امامت منعقد ہو جاتی ہے اور امام خواہ فاسق ہو اس کی اطاعت کرنا واجب ہے۔

۲۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ خلافت کے حصول کے لیے نہیں گئے تھے بلکہ کوفہ میں رہائش اختیار کرنے گئے تھے لیکن یہ جواب روایات صحیحہ کے خلاف ہے۔

۳۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ مجتہد تھے اور آپ کا اجتہاد یہ تھا کہ اس کی خلافت صحیح نہیں ہے، کیونکہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے حضرت معاویہ کو اس شرط پر خلافت تفویض کی تھی کہ ان کے بعد یہ خلافت ان کی اولاد میں منتقل نہیں ہوگی بلکہ اس کو مسلمانوں کے مشورے پر چھوڑ دیا جائے گا، اگر یہ سوال ہو کہ پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے عہد شکنی کی؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد یہ شرط ختم ہو گئی، اگر یہ کہا جائے کہ ہر چند کہ حضرت معاویہ کا یزید کو ولی عہد بنانا صحیح نہ تھا لیکن جب بشمول صحابہ سب لوگوں نے اس کی بیعت کر لی تو اس کی خلافت منعقد ہو گئی، اس کا جواب یہ ہے کہ صحابہ سے جبراً بیعت لی گئی تھی اور اگر انہوں نے اختیاراً بیعت کی تھی تب بھی اس کی خلافت ولی عہد بنانے کی صحت پر موقوف ہے، جب ولی عہد بنانا صحیح نہیں تھا تو پھر خلافت کی بیعت بھی صحیح نہیں تھی، اسی وجہ سے (۶۴ھ میں) اہل مدینہ کا یزید کی بیعت توڑنا صحیح تھا اور ان میں صحابہ اور فقہاء تابعین بھی تھے، اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ حدیث صحیح میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یزید کے خلاف خروج کرنے اور اس کی بیعت توڑنے سے منع کیا اور یہ فرمایا جو شخص یزید کی بیعت توڑے گا میں اس سے قطع تعلق کر لوں گا، (بخاری و مسلم) اس کا جواب یہ ہے کہ ایک مجتہد کا حکم دوسرے مجتہد پر لازم نہیں ہے، اگر یہ سوال ہو کہ اگر یزید کے خلاف خروج کرنا اجتہادی امر تھا تو حضرت حسین کے قاتلین کی اس قدر مذمت

---

[1] حافظ بدرالدین ابو محمد محمود بن ا[illegible] مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر [illegible]

کرنے کی کیا وجہ ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ انہوں نے کسی اجتہادی امر کی بناء پر حضرت حسین کو شہید نہیں کیا تھا بلکہ محض ہوائے نفسانیہ کی بناء پر آپ کو شہید کیا اور آپ کی عزت مجروح کی اور آپ کی ذریت کو نہایت بے حرمتی سے شام کی طرف لے گئے، (نیز حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے کہا تھا کہ مجھے یزید کے پاس لے چلو تا کہ میں اس سے بیعت کر لوں (حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا ثابت نہیں ہے جیسا کہ ہم نے شرح صحیح مسلم جلد ثالث میں اس کی تحقیق کی ہے۔ سعیدی غفرلہ) لیکن وہ شقی نہیں مانے اور آپ کو قتل کر دیا۔

۴۔ ہو سکتا ہے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے نزدیک اس کا کفر ثابت ہو اس وجہ سے آپ نے اس کے خلاف خروج کیا ہو۔

۵۔ ہو سکتا ہے جس وقت حضرت معاویہ نے یزید کو خلیفہ بنایا تھا اس وقت وہ فاسق ہو اس وجہ سے اس کی خلافت اصلاً منعقد نہیں ہوئی جیسا کہ بعض ائمہ کا مذہب ہے، (امام ابو حنیفہ، امام مالک اور امام شافعی کا یہی مذہب ہے۔) اور حضرت معاویہ نے اس امید سے اس کو ولی عہد بنایا تھا کہ شاید اس کی اصلاح ہو جائے، کیونکہ روایت ہے انہوں نے یہ دعا کی "اے اللہ! اگر یزید میرے گمان کے مطابق ہے تو فبہا ورنہ تو اس کو جلد ہلاک کر دینا" حضرت معاویہ کی دعا قبول ہوئی اور اس کی خلافت زیادہ دیر نہ رہ سکی۔ [1]

علامہ ابو عبداللہ وشتانی ابی مالکی اس سوال کے جواب میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں کفر سے مراد معاصی ہیں اور اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ جب تک خلفاء اور حکام سے ایسی برائی صادر نہ ہو جس کا معصیت ہونا دلائل شرعیہ سے تم کو معلوم اور محقق ہو اس وقت تک تم ان کی مخالفت نہ کرو اور جب کفر کو معاصی پر محمول کر دیا گیا تو حضرت حسین، حضرت ابن الزبیر اور اہل مدینہ کا یزید کی مخالفت کرنا اس کے فسق کی وجہ سے تھا، کفر کی وجہ سے نہیں تھا۔ [2]

حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے خروج کے متعلق مصنف کی تحقیق

مصنف کے نزدیک علامہ وشتانی مالکی کا جواب زیادہ قوی ہے اور اس سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ جمہور صحابہ اور فقہاء تابعین نے یزید کے خلاف خروج میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا ساتھ اس لیے نہیں دیا کہ ان کے نزدیک یہ حدیث اپنے ظاہری معنی یعنی کفر پر ہی محمول تھی بہر حال دونوں جانب مجتہد تھے اور ہر فریق نے حسن نیت کے ساتھ اپنے اپنے اجتہاد پر عمل کیا اور چونکہ ایک مجتہد پر دوسرے مجتہد کی اتباع لازم نہیں ہے اس لیے کسی فریق کو ملامت نہیں کی جا سکتی۔ نیز اس جواب سے ایک اور اشکال کا جواب بھی واضح ہو گیا۔ وہ یہ ہے کہ صحیح مسلم میں حضرت عرفجہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تمہارے پاس (بیعت کے لیے) آئے درآں حالیکہ تم سب ایک شخص (کی بیعت یا حکومت) پر متفق ہو چکے تھے اور وہ تمہاری (اتحاد کی) لاٹھی کو توڑنے کی کوشش کرے یا تمہاری جماعت کو متفرق کرنے کی کوشش کرے تو اس کو قتل کر دو [3]، ان احادیث کی بناء پر

---

[1] مولانا عبدالعزیز پرہاروی ملتانی، نبراس ص ۵۴۱۔ ۵۴۰، مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور، ۱۳۹۷ھ

[2] علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی اُبی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۸۱۔ ۱۸۰، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[3] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۲۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

یہ اشکال ہوگا کہ تمام لوگ یزید کی بیعت پر متفق تھے اس کے باوجود حضرت حسین رضی اللہ عنہ اہل کوفہ سے بیعت لینے کے لیے روانہ ہوئے تو آیا وہ اپنے اس اقدام سے اس حدیث کے حکم میں داخل ہیں یا نہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے نزدیک یہ حکم اس وقت تھا جب خلیفہ سے کوئی علانیہ معصیت ظاہر نہ ہو اور جب یزید کا نمازوں کو ترک کرنا، گانا بجانا، شراب پینا اور دیگر محرمات کا ارتکاب کرنا بالکل عام اور ظاہر ہوگیا تو اس وقت امام حسین رضی اللہ عنہ اس کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے، میں اس اشکال کے جواب پر برسوں سے غور و فکر کرتا رہا ہوں، اور اس کے حل کے لیے مسلسل کتابوں کا مطالعہ کرتا رہا ہوں نیز اپنے زمانے کے جید علماء اور فضلاء سے اور اپنے معاصر علماء سے بھی اس مسئلہ پر گفتگو کی لیکن کوئی شخص اس اشکال کا جواب نہ دے سکا اور جب یہ لوگ میرے اشکالات کا جواب نہ دے سکے تو انہوں نے میرے خلاف پروپیگنڈہ شروع کر دیا کہ یہ شخص یزید کا حامی ہے (العیاذ باللہ، میں عترت رسول کے قاتل اور ان کے قتل پر اظہار مسرت کرنے والے شخص کی حمایت سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں) بہرحال اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ کھول دیا اور مجھ پر یہ نکتہ واضح کیا کہ احادیث میں کفر کا اطلاق معصیت پر بھی آتا ہے امام ترمذی نے حضرت بریدہ سے روایت کیا ہے[1] فمن ترك الصلوٰة فقد كفر۔ "جس نے نماز کو ترک کیا اس نے کفر کیا" اس حدیث کو امام نسائی نے بھی روایت کیا ہے۔[2] نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: بین الرجل وبین الشرك والكفر ترك الصلوٰة۔ "انسان کے کفر اور شرک کے درمیان فرق نماز کا ترک کرنا ہے۔[3] نیز آپ نے فرمایا: ایما عبد ابق من موالیہ فقد كفر "جو غلام اپنے مولیٰ کے پاس سے بھاگا وہ کافر ہوگیا،[4] اور آپ نے فرمایا: سباب المسلم فسوق وقتاله كفر[5] "مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس سے جنگ کرنا کفر ہے" اور صحیح بخاری میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے: اریت النار فاذا اکثر اهلها النساء یکفرن قیل ایکفرن باللہ قال یکفرن العشیر۔[6] "مجھ کو جہنم دکھایا گیا تو جہنم میں کفر کی وجہ سے عورتیں بکثرت تھیں، آپ سے پوچھا گیا کیا وہ اللہ کے ساتھ کفر کرتی تھیں؟ آپ نے فرمایا وہ اپنے خاوند کے ساتھ کفر کرتی تھیں، (یعنی اس کی نافرمانی کرتی تھیں)، ان احادیث میں نماز کے ترک کرنے، غلام کے بھاگنے، مسلمانوں سے قتال کرنے اور خاوند کی نافرمانی کرنے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کفر سے تعبیر فرمایا ہے، حالانکہ یہ معاصی ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ احادیث میں معاصی پر بھی کفر کا اطلاق آتا ہے، اور زیر بحث حدیث میں ہے کہ جب تک امام سے ایسا کفر بواح صادر نہ ہو جس پر دلیل شرعی قائم ہو اس وقت تک اس کی مخالفت نہ کرو، امام حسین رضی اللہ عنہ نے اس حدیث میں

---

[1] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۳۷۶، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی۔
[2] امام ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ، سنن نسائی ج ۱ ص ۴۹، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی
[3] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۶۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[4] " " ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۵۸، " " ، "
[5] " " ، صحیح مسلم ج ۱ ص ۵۸، " " ، "
[6] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی [illegible] " " محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

کفر بواح سے علانیہ معصیت مراد لی کیونکہ معصیت پر بھی کفر کا اطلاق ہوتا ہے جیسا کہ دلائل سے ہم نے ابھی بیان کیا ہے اور یزید چونکہ علانیہ معصیت کا مرتکب تھا، اس لیے اس کی مخالفت کرنا اور اس کے خلاف خروج کرنا جائز قرار پایا، اور اب امام حسین پر یہ اعتراض نہیں ہوگا کہ وہ ایک خلیفہ کے ہوتے ہوئے بیعت خلافت لینے کے لیے کوفہ کیوں گئے کیونکہ یہ اس وقت ناجائز ہے جب خلیفہ عادل ہو اور معصیت کا مرتکب نہ ہو، الہ العالمین جس طرح تو نے مجھے امام حسین رضی اللہ عنہ سے اعتراض دور کرنے کی سعادت عطا کی ہے اسی طرح اپنے کرم سے قیامت کے دن امام حسین رضی اللہ عنہ کے جد مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے مجھے بہرہ مند فرمانا تاکہ آپ کی شفاعت سے میرے سارے گناہ دھل جائیں، مجھے قیامت کے دن شرمندگی اور رسوائی سے بچالینا اور اپنے عفو و کرم سے مجھے مالا مال کر دینا! آمین یارب العالمین!

فاسق کی خلافت اور قضاء کے متعلق مذاہب ائمہ

علامہ تفتازانی لکھتے ہیں:

فسق اور ظلم سے امام معزول نہیں ہوتا، کیونکہ خلفاء راشدین کے بعد ائمہ اور امراء سے فسق اور فجور ظاہر ہوا، اور سلف صالحین ان کی اطاعت کرتے رہے، اور ان کی اجازت سے جمعہ اور عید قائم کرتے رہے اور وہ ان کے خلاف خروج کو جائز نہیں سمجھتے تھے، نیز امامت کے لیے عصمت ابتداءً شرط نہیں ہے تو اس کا بقاءً مشروط نہ ہونا زیادہ لائق ہے، امام شافعی سے ایک روایت یہ ہے کہ فسق اور ظلم سے امام معزول ہو جاتا ہے اسی طرح ہر قاضی اور امیر فسق اور ظلم سے معزول ہو جاتا ہے، اصل مسئلہ یہ ہے کہ امام شافعی کے نزدیک فاسق ولی بننے کا اہل نہیں ہے، کیونکہ وہ خود احکام شرع پر عمل نہیں کرتا تو کسی اور کو کیا عمل کرائے گا، اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک فاسق ولی بننے کا اہل ہے حتیٰ کہ اگر باپ فاسق ہو تو وہ اپنی نابالغ لڑکی کا نکاح کر سکتا ہے۔ (امام ابوحنیفہ کے نزدیک فاسق کو امام اور خلیفہ بنانا جائز نہیں ہے، اور اس کی امامت منعقد نہیں ہوتی، جیسا کہ ہم عنقریب بیان کریں گے اور باپ کی ولایت پر امام کی ولایت کو قیاس کرنا درست نہیں ہے، البتہ متاخرین فقہاء احناف نے یہ تصریح کی ہے کہ فاسق کی امامت منعقد ہو جاتی ہے۔ سعیدی غفرلہ) اور فقہاء شافعیہ کی کتابوں میں یہ لکھا ہوا ہے کہ قاضی فسق سے معزول ہو جاتا ہے، اور امام فسق سے معزول نہیں ہوتا اور اس فرق کی وجہ یہ ہے کہ امام کو معزول کر کے دوسرے شخص کو خلیفہ بنانے سے فتنہ، فساد اور خونریزی ہوگی کیونکہ امام کے پاس شوکت اور فوجی طاقت ہوتی ہے اس کے برعکس قاضی کے پاس کوئی فوجی طاقت نہیں ہوتی، اور نوادر میں علماء ثلاثہ (امام ابو یوسف، امام محمد اور امام زفر) سے یہ روایت ہے کہ فاسق کو قاضی بنانا جائز نہیں ہے اور بعض مشائخ نے یہ کہا ہے کہ اگر ابتداءً فاسق کو منصب سونپ دیا تو صحیح ہے اور اگر منصب سونپتے وقت وہ عادل (صالح) تھا تو پھر وہ فسق کی وجہ سے معزول ہو جائے گا، کیونکہ منصب سونپنے والے نے اس کی صالحیت پر اعتماد کیا تھا اور وہ فاسق کی قضاء پر راضی نہیں ہوگا اور فتاویٰ قاضی خان میں ہے کہ اگر قاضی نے رشوت لی تو اس کی قضاء نافذ نہیں ہوگی اور اگر قاضی نے قضاء کا منصب رشوت دے کر حاصل کیا تو وہ قاضی نہیں ہوگا اور اس کے فیصلے نافذ نہیں ہوں گے۔ ۱؎

۱؎ علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی متوفی ۷۹۱ ھ، شرح عقائد ص ۱۱۵، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی

فاسق کی خلافت کے متعلق فقہاء حنبلیہ کا نظریہ

فقہاء حنبلیہ کا یہ نظریہ ہے کہ جس شخص کی امامت پر تمام مسلمان متفق ہو جائیں اس کی امامت منعقد ہو جاتی ہے اور اس کی اطاعت لازم ہو جاتی ہے خواہ وہ شخص عادل ہو یا فاسق۔ علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:

خلاصہ یہ ہے کہ جس شخص کی امامت اور بیعت پر مسلمان متفق ہو جائیں، اس کی امامت ثابت ہو جاتی ہے اور اس کی اطاعت واجب ہو جاتی ہے، اور اگر کوئی شخص امام کے خلاف خروج کرے اور امام اور تمام لوگوں پر غالب آ جائے حتیٰ کہ سب اس کی بیعت کر لیں اور اس کی اطاعت کا اقرار کر لیں، تو وہ بھی امام ہو جاتا ہے اور اس سے جنگ کرنا اس کے خلاف خروج کرنا حرام ہو جاتا ہے، کیونکہ عبد الملک بن مروان نے حضرت ابن الزبیر کے خلاف خروج کر کے ان کو قتل کر دیا اور تمام شہروں اور اس کے باشندوں پر غالب ہو گیا حتیٰ کہ خوشی یا ناخوشی سے سب نے اس کی بیعت کر لی، تو پھر وہ امام ہو گیا اور اس کے خلاف خروج حرام ہو گیا، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے خلاف خروج کرنے سے مسلمانوں کی جمعیت اور وحدت ٹوٹ جائے گی اور مسلمانوں کا خون بہے گا اور ان کا مال ضائع ہو گا، اور حدیث میں ہے جب میری امت کسی شخص پر متفق ہو پھر کوئی شخص اس کے خلاف خروج کرے تو اس کو قتل کر دو خواہ وہ کوئی شخص بھی ہو، لہٰذا جو شخص بھی کسی امام کے خلاف خروج کرے گا وہ باغی ہو گا اور اس کو قتل کرنا واجب ہے۔ [1]

فاسق کی خلافت کے متعلق فقہاء شافعیہ کا نظریہ

فقہاء شافعیہ کا مسلک یہ ہے کہ فاسق کو ابتداءً امام اور خلیفہ بنانا جائز نہیں ہے لیکن اگر وہ پہلے عادل اور صالح تھا اور خلیفہ بننے کے بعد اس نے فسق اور ظلم کیا تو اب اس میں ان کا اختلاف ہے لیکن قول راجح یہ ہے کہ وہ فسق سے معزول نہیں ہو گا اور اس کے خلاف خروج جائز نہیں ہے۔

قاضی بیضاوی شافعی قال لا ینال عہدی الظالمین کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ان الفاسق لا یصلح للامامۃ [2] فاسق امام بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

امام رازی شافعی لکھتے ہیں:

جمہور فقہاء اور متکلمین یہ کہتے ہیں: فاسق کو ابتداءً امام بنانا جائز نہیں ہے، اور اگر وہ بعد میں فاسق ہو جائے تو پھر اس میں اختلاف ہے کہ آیا اس کی امامت باطل ہو گی یا نہیں؟ جمہور نے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ فاسق کو امام بنانا جائز نہیں ہے۔ [3]

علامہ نووی شافعی اور علامہ ابن حجر عسقلانی شافعی کی جو عبارات ہم نے پہلے نقل کی ہیں ان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فقہاء شافعیہ کا مختار یہ ہے کہ اگر خلیفہ پہلے عادل ہو تو پھر بعد کے فسق سے وہ معزول نہیں ہوتا اور اس کے خلاف خروج جائز نہیں ہے۔

---

[1] علامہ موفق الدین عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ٦٢٠ھ، المغنی ج ٩ ص ٥، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ١٤٠٥ھ

[2] قاضی ابو الخیر عبد اللہ بن عمر بیضاوی شیرازی متوفی ٦٨٥ھ، انوار التنزیل علی ہامش الخفاجی ج ٢ ص ٢٣٦، مطبوعہ دار صادر بیروت

[3] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین [illegible] مطبوعہ دار الفکر بیروت، ١٣٩٨ھ

فاسق کی خلافت کے متعلق فقہاء مالکیہ کا نظریہ

علامہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں:

علماء کی ایک جماعت نے اس آیت سے یہ استدلال کیا ہے کہ امام عادل اور صالح ہونا چاہیے اور اس کو ملک چلانے کی طاقت بھی ہو، اور ایسے ہی امام کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا ہے جو شخص خلافت کا اہل ہو اس کی خلافت میں اختلاف اور نزاع نہ کیا جائے اور جو لوگ فاسق اور ظالم ہوں وہ خلافت کے اہل نہیں ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے لا ینال عهدی الظالمین "میرا وعدہ ظالموں سے متعلق نہیں ہے" اسی وجہ سے حضرت حسن اور حضرت ابن الزبیر نے خروج کیا اور عراق کے علماء اور اخیار نے حجاج بن یوسف کے خلاف خروج کیا اور اہل مدینہ نے بنو امیہ کے خلاف خروج کیا، اور اسی وجہ سے مسلم بن عقبہ کے ہاتھوں واقعہ حرہ برپا ہوا۔

علامہ قرطبی فرماتے ہیں: تاہم اکثر علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ ظالم امام کے خلاف خروج کرنے سے اس کی اطاعت کرنا زیادہ بہتر ہے کیونکہ خروج کرنے میں امن کو خوف سے بدلنا ہے اور خون بہانا ہے اور زمین میں فتنہ اور فساد برپا کرنا ہے۔ اور پہلا قول معتزلہ اور خوارج کا مذہب ہے۔[1]

علامہ وشتانی ابی مالکی لکھتے ہیں:

قاضی عیاض مالکی نے کہا ہے کہ ابتداءً فاسق کی امامت منعقد نہیں ہوتی، اور اگر وہ بعد میں فاسق ہو جائے تو جمہور اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ اس کی بیعت نہ توڑی جائے اور اس کے خلاف خروج نہ کیا جائے، کیونکہ حدیث میں ہے:

اطیعوهم وان اکلوا مالک وضربوا ظهرک ما اقاموا الصلوٰة صلوا خلف کل بر و فاجر۔

جب تک وہ نماز پڑھتے رہیں ان کی اطاعت کرو، خواہ وہ تمہارا مال کھائیں یا تمہاری پیٹھ پر کوڑے ماریں۔ ہر نیک اور بد کے پیچھے نماز پڑھو۔

بعض علماء یہ اشکال وارد کرتے ہیں کہ اگر خلیفہ کے فسق کے بعد اس کے خلاف خروج ناجائز ہوتا تو حضرت حسین اور حضرت ابن الزبیر رضی اللہ عنہم یزید کے خلاف خروج نہ کرتے، اس کا جواب یہ ہے کہ پہلے اس مسئلہ میں مجتہدین کا خلاف تھا لیکن بعد میں اس پر سب کا اجماع ہو گیا کہ خلیفہ فسق سے معزول نہیں ہوگا اور اس کے خلاف خروج کرنا جائز نہیں ہے۔[2]

فاسق کی خلافت کے متعلق امام ابو حنیفہ کا نظریہ

علامہ ابوبکر رازی حنفی لا ینال عهدی الظالمین۔ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

جو شخص ظالم ہو وہ نبی ہو سکتا ہے نہ نبی کا خلیفہ ہو سکتا ہے نہ قاضی ہو سکتا ہے نہ مفتی ہو سکتا ہے نہ گواہ ہو سکتا ہے نہ حدیث بیان کر سکتا ہے کیونکہ اس آیت سے یہ معلوم ہوا کہ دین کے کسی شعبہ کی بھی امامت اور امارت ظالم اور فاسق کو نہیں دی جا سکتی، اور اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نماز کی امامت بھی فاسق اور ظالم کو نہیں دی جا سکتی اور نماز کے امام کا بھی صالح ہونا ضروری ہے کیونکہ یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ ہر دینی منصب کی امامت کے لیے عدالت

---

[1] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن ج ۲ ص ۱۰۹ مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران ۱۳۸۷ھ

[2] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۸۱-۱۸۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

اور صالحیت ضروری ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ فساق اللہ تعالیٰ کے اوامر اور احکام کے امین نہیں ہیں اس لیے وہ دین کے امام نہیں بن سکتے، اس لیے اس آیت سے دلالۃً یہ ثابت ہوا کہ فاسق کی امامت باطل ہے اور وہ خلیفہ نہیں ہو سکتا، اور اگر فاسق نے اپنے آپ کو اس منصب پر خود فائز کر لیا تو لوگوں پر اس کی اتباع اور اطاعت لازم نہیں ہوگی، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خالق کی معصیت میں مخلوق کی کوئی اطاعت نہیں ہے نیز یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ فاسق حاکم نہیں ہو سکتا اور اگر اس نے کسی منصب پر قبضہ کر لیا تو اس کے احکام نافذ نہیں ہوں گے، اور نہ اس کی شہادت قبول ہوگی اور اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث قبول نہیں کی جائے گی نہ اس کا فتویٰ قبول کیا جائے گا اور نہ اس کو نماز کا امام بنایا جائے گا، اور اگر وہ امام بن گیا اور کسی نے اس کی اقتداء کی تو نماز ہو جائے گی، قرآن مجید کی یہ آیت مبارکہ ان تمام معانی پر محیط ہے۔

بعض لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ کے مذہب میں فاسق کی امامت اور خلافت جائز ہے اور وہ خلیفہ اور حاکم میں فرق کرتے ہیں کہ حاکم اگر فاسق ہو تو اس کا حکم نافذ نہیں ہوگا اور خلیفہ فاسق ہو تو اس کے احکام نافذ ہوں گے (اور بعض متکلمین نے بھی امام ابوحنیفہ کا یہ مذہب بیان کیا ہے (جیسا کہ علامہ تفتازانی نے شرح عقائد میں بیان کیا ہے) حالانکہ یہ بالکل جھوٹ اور باطل ہے۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک خلیفہ اور قاضی کے درمیان اس بات میں کوئی فرق نہیں ہے کہ ان کے نزدیک دونوں کے لیے عدالت شرط ہے اور فاسق خلیفہ ہو سکتا ہے نہ قاضی ہو سکتا ہے اور نہ حاکم ہو سکتا ہے، اسی طرح نہ اس کی شہادت قبول ہو سکتی ہے نہ حدیث قبول ہو سکتی ہے۔ اور امام ابوحنیفہ کے متعلق یہ دعویٰ کرنا کس طرح صحیح ہوگا کہ ان کے نزدیک فاسق کی خلافت اور حکومت جائز ہے، جبکہ بنو امیہ کے دور خلافت میں ان کو ابن ہبیرہ نے عہدہ قضاء قبول کرنے پر مجبور کیا اور ان کو کوڑے مارے لیکن انھوں نے عہدہ قضاء قبول نہیں کیا، پھر ان کو قید کر لیا، ابن ہبیرہ ہر روز ان کے پاس جاتا اور ان کو کوڑے مارتا اور جب ان کی جان کو خطرہ لاحق ہو گیا تو فقہاء نے ان سے کہا آپ کوئی اور کام قبول کر لیجئے تاکہ کوڑوں کی سزا کا یہ سلسلہ ختم ہو، تو پھر آپ نے بھوسہ کے گٹھوں کو شمار کرنے کی ڈیوٹی قبول کر لی اس کے بعد ابن ہبیرہ نے آپ کو چھوڑ دیا۔ اس کے بعد پھر خلیفہ منصور نے آپ کو عہدہ قضاء قبول کرنے کی دعوت دی آپ نے پھر انکار کیا جس کے نتیجہ میں منصور نے آپ کو قید کر لیا حتیٰ کہ پھر آپ نے اینٹیں گننے کے کام کو قبول کر لیا، امام ابوحنیفہ کا یہ مذہب مشہور تھا کہ ظالم اور فاسق ائمہ سے قتال کرنا چاہیے، اسی وجہ سے امام اوزاعی نے یہ کہا کہ ہم نے ابوحنیفہ کی ہر بات برداشت کی حتیٰ کہ وہ ظالم حکام سے قتال کے لیے تلوار لے کر آگئے تو یہ بات ہم نے برداشت نہیں کی، امام ابوحنیفہ یہ فرماتے تھے کہ زبان سے نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا فرض ہے اور اگر اس کی بات نہ مانی جائے تو پھر تلوار سے جہاد کرنا فرض ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس سلسلہ میں روایت ہے، اہل خراسان کے فقہاء میں سے ابراہیم سے پوچھا گیا کہ نیکی کا کام کرنے اور برائی سے روکنے کا کیا حکم ہے تو انھوں نے کہا فرض ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افضل الشہداء حمزہ بن عبدالمطلب ہیں، اور وہ شخص ہے جس نے کسی ظالم حاکم کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے روکا تو قتل کر کے شہید کر دیا گیا، اور مسلم ایک ظالم [illegible] سے روکا، اس حاکم نے کہا یہ [illegible]

کیا پھر بالآخر ان کو قتل کر دیا، اور زید بن علی کے خروج کے معاملہ میں امام ابوحنیفہ کا واقعہ مشہور ہے کہ آپ ان کے پاس مال پہنچاتے تھے اور خفیہ طریقہ سے لوگوں کو یہ فتویٰ دیتے تھے کہ زید بن علی کی مدد کرنا اور ان کی رفاقت میں جنگ کرنا واجب ہے (زید بن علی، ہشام بن عبدالملک کے زمانہ میں خلافت کے مدعی تھے، ۱۲۲ھ میں انھوں نے کوفہ میں خروج کیا اور شکست کھائی اور قتل کر دیے گئے) اس طرح امام ابوحنیفہ نے عبداللہ بن حسن کے دو بیٹوں محمد اور ابراہیم کا ساتھ دیا۔[۵] (یہ بھی خلافت کے مدعی تھے) ابواسحٰق فزاری (محدث) نے امام ابوحنیفہ سے کہا تم نے میرے بھائی کو ابراہیم کے ساتھ مل کر خروج کرنے کا اشارہ کیا حتیٰ کہ اس کو قتل کر دیا گیا، امام ابوحنیفہ نے کہا تمہارے بھائی کی بہ نسبت تمہارے بھائی کا خروج مجھے زیادہ محبوب ہے، ابواسحٰق بصرہ کی طرف نکل گئے تھے، اس اعتراض کی وجہ یہ تھی کہ وہ محدثین امام ابوحنیفہ کی سیاسی رائے سے اختلاف کرتے تھے جو نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کو کھو چکے تھے حتیٰ کہ ظالم حکام حکومت اسلامیہ پر غالب آگئے، سو جس شخص کا نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے میں ایسا ٹھوس نظریہ ہو وہ فاسق کی خلافت کو کس طرح جائز کہہ سکتا ہے، اس لیے فاسق کی امامت بیان کرنے کے سلسلہ میں کسی شخص نے امام ابوحنیفہ پر صراحۃً جھوٹ نہیں باندھا تو اس نے ضرور مغالطہ کھایا ہے۔

عراقی فقہاء نے یہ کہا ہے کہ اگر ظالم خلیفہ نے کسی عادل شخص کو قاضی مقرر کر دیا تو یہ تقرر صحیح ہے اور اس کے احکام اور فیصلے نافذ ہو جائیں گے، اور خلفاء کے ظالم اور فاسق ہونے کے باوجود ان کے پیچھے نماز جائز ہے، یہ مذہب صحیح ہے لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ فاسق کی خلافت جائز ہو اس کی وجہ یہ ہے کہ جب قاضی فی نفسہ عادل اور صالح ہوگا اور وہ قاضی بن جائے گا تو اس کے پاس اقتدار ہوگا اور اپنے احکام نافذ کرنے کی قدرت ہوگی اور جو شخص اس کا حکم نہیں مانے گا وہ اپنے احکام کو اس سے جبراً منوا سکے گا، اور اس میں اس شخص کا کوئی اعتبار نہیں ہے جس نے اس کو قاضی بنایا ہے کیونکہ جس نے اس کو قاضی بنایا ہے وہ اس کے اعوان اور انصار کے منزلہ میں ہے اور قاضی کے اعوان اور انصار کے لیے عادل ہونا لازم نہیں ہے، اور اس کی مثال یہ ہے کہ فرض کیجئے کہ کسی شہر میں کوئی سلطان نہ ہو اور اس شہر کے لوگ ایک عادل شخص کو قاضی بنا دیں اور جو شخص اس قاضی کا حکم نہ مانے اس سے جبراً قاضی کے فیصلہ پر عمل کرائیں سو اس قاضی کے فیصلے نافذ ہوں گے حالانکہ اس کو کسی سلطان یا خلیفہ نے قاضی مقرر نہیں کیا، اسی بناء پر شریح اور دیگر فقہاء تابعین نے بنو امیہ سے قضاء کا عہدہ قبول کیا، شریح، حجاج کے زمانہ میں کوفہ کے قاضی تھے اور تمام جزیرہ عرب میں عبدالملک بن مروان سے بڑا ظالم، ملحد اور فاجر اور کوئی نہیں تھا اور اس کے حکام میں حجاج سے بڑا کوئی ظالم اور فاجر نہیں تھا، عبدالملک پہلا وہ شخص تھا جس نے نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کی بناء پر لوگوں کی زبانیں کاٹ دیں، اس نے منبر پر چڑھ کر کہا بخدا! میں عثمان کی طرح کمزور خلیفہ ہوں نہ معاویہ کی طرح نرمی کرنے والا ہوں، تم لوگ مجھے

۵۔ ۱۴۵ھ میں عبداللہ بن حسن بن علی بن ابی طالب کے دو فرزندوں محمد اور ابراہیم نے خلیفہ منصور کے خلاف خروج کیا منصور نے ان دونوں بھائیوں کو شکست دی اور ان کو قتل کرا دیا، اور ان کے ساتھ بہت سے اہل بیت شہید کر دیے گئے، عباسیوں اور علویوں کے درمیان یہ پہلا عظیم تنازعہ تھا منصور نے ان علماء کو بھی سخت اذیتیں پہنچائیں، جنھوں نے محمد اور ابراہیم کی دعوت خروج میں ان کی مدد کی تھا اور منصور کے خلاف خروج پر جواز کا فتویٰ دیا تھا، ان علماء میں امام ابوحنیفہ، امام عبدالحمید بن جعفر (بقیہ حاشیہ بر صفحہ آئندہ)

نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو، بخدا آج کے بعد جو شخص بھی مجھے اللہ سے ڈرنے کا حکم دے گا میں اس کی گردن اڑا دوں گا، یہ لوگ بیت المال سے مال کھاتے تھے، اور مختار کذاب حضرت ابن عباس، محمد بن حنفیہ اور حضرت ابن عمر کے پاس مال بھیجتا تھا اور وہ اس کو قبول کرتے تھے، عبدالعزیز بن مروان نے حضرت ابن عمر کو لکھ کر بھیجا آپ اپنی ضروریات بیان کیجئے تو حضرت ابن عمر نے جواب دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہوتا ہے، میں تم سے کسی چیز کا سوال کروں گا نہ کسی ایسی چیز کو واپس کروں گا جو اللہ تعالیٰ تمہارے ذریعہ سے مجھے عطا کرے گا، والسلام۔ اور حسن بصری، سعید بن جبیر، شعبی اور باقی فقہاء تابعین ان ظالم حکام کے ہاتھوں سے عطا قبول کرتے تھے، اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ ان لوگوں نے ان کو خلیفہ مقرر کیا تھا اور نہ یہ وجہ تھی کہ وہ ان کی خلافت کو جائز سمجھتے تھے بلکہ وہ ان وظائف کو اس وجہ سے ان سے قبول کرتے تھے کہ وہ یہ سمجھتے تھے کہ وہ وظائف ان کے حقوق ہیں جو ان ظالموں کے قبضہ میں ہیں اور یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ وہ ان سے محبت کی وجہ سے ان وظائف کو لیتے تھے حالانکہ انہیں میں سے ایک نے حجاج کے چہرے پر تلوار ماری اور اخیار تابعین میں سے چار ہزار قراء اور فقہاء نے حجاج کے خلاف خروج کیا اور عبدالرحمٰن بن محمد بن اشعث کی معیت میں اھواز میں اس کے خلاف جنگ کی پھر بصرہ میں جنگ کی پھر دیر الجماجم میں پھر کوفہ کے قریب فرات کی جانب اس کے خلاف جنگ کی، ان لوگوں نے عبدالملک بن مروان کی بیعت توڑ دی تھی اس کو لعنت کرتے تھے اور اس سے بیزاری کا اظہار کرتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد جب حضرت معاویہ متغلب ہو گئے تو حضرت حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کا بھی یہی طریقہ تھا وہ عطایا اور وظائف کو قبول کرتے تھے، اسی طرح اس زمانہ میں صحابہ بھی عطایا قبول کرتے تھے، حالانکہ انہوں نے حضرت معاویہ کو خلیفہ نہیں بنایا تھا، بلکہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طریقے پر چلتے ہوتے ان سے بری تھے، لہٰذا ظالم حکام سے قضاء کے منصب قبول کرنے اور ان سے عطایا لینے میں یہ دلیل نہیں ہے کہ ان کی خلافت جائز ہے۔ [1]

علامہ ابوبکر جصاص کی اس طویل عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک امام کے لیے عادل اور صالح ہونا ضروری ہے اور جو شخص فاسق ہو اس کی خلافت اور امامت منعقد نہیں ہوتی اس لیے اگر مسلمانوں کی قدرت میں ہو تو وہ فاسق خلیفہ کے خلاف جنگ کر کے کسی عادل اور صالح شخص کو خلیفہ اور امام مقرر کریں، اسی وجہ سے امام ابوحنیفہ نے ظالم خلفاء کے خلاف جہاد میں حصہ لیا اور جب ہشام بن عبدالملک کی خلافت کے دور میں زید بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب نے ۱۲۲ھ میں کوفہ میں خروج کیا تو امام ابوحنیفہ نے اس کا پورا پورا ساتھ دیا [2] اور ۱۴۵ھ میں جب عبداللہ بن حسن بن علی بن ابی طالب کے دو بیٹوں نے منصور کے خلاف خروج کیا تو امام ابوحنیفہ نے ان کا بھی پورا پورا ساتھ دیا اور اس کی پاداش میں امام ابوحنیفہ نے سخت تکلیفیں اور اذیتیں اٹھائیں اور بالآخر آپ کو زبردستی زہر پلایا گیا اور آپ ۱۵۰ھ میں شہید کر دیئے گئے، اگر امام اعظم ابوحنیفہ کے نزدیک فاسق کی امامت اور خلافت جائز ہوتی اور ظالم خلیفہ کے خلاف خروج

(حاشیہ صفحہ سابقہ) ابن عجلان اور امام مالک بن انس پیش پیش تھے۔ (تاریخ الخلفاء ص ۲۶۱)۔

[1] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی متوفی ۳۷۰ھ، احکام القرآن ج ۱ ص ۶۲-۶۹، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

[2] تاریخ طبری (مترجم) ج ۶ ص ۲۷۱، [illegible] ابن سعد ج ۶ ص ۳۱۲

ناجائز ہوتا تو آپ کبھی زید بن علی اور محمد اور ابراہیم کے خروجوں میں ان کا ساتھ نہ دیتے بلکہ ان کو ان خروجوں سے روکتے اور منع کرتے اس سے معلوم ہوا کہ امام اعظم ابو حنیفہ کا موقف حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے عین موافق تھا کہ فتح ہو یا شکست ظالم خلفاء اور حکام کو معزول کرنے اور خلیفہ برحق کو مقرر کرنے کی مقدور بھر سعی اور جہاد کرنا چاہیے۔ اور امام ابو حنیفہ کی طرف یہ منسوب کرنا غلط ہے کہ ان کے نزدیک فاسق کی امامت اور خلافت جائز ہے جیسا کہ شرح عقائد اور بعض دوسری کتابوں میں لکھا ہوا ہے۔ امام رازی نے بھی علامہ ابوبکر جصاص کے حوالے سے یہ نقل کیا ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک فاسق کی خلافت جائز نہیں اور اگر قدرت ہو تو اس کے خلاف جہاد کرنا چاہیے۔ [1] اور علامہ شہاب الدین خفاجی نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔ [2]

ہم نے اس سلسلہ میں طویل بحث اس لیے کی ہے کہ ہمارے زمانے میں علماء اور مشائخ میں یہ مشہور ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک فاسق کی خلافت جائز ہے بلکہ میں نے بعض اساتذہ کو یہ کہتے ہوئے بھی سنا ہے کہ یزید کو ہم اس لیے کافر کہتے ہیں اگر ہم اس کو فاسق مسلمان کہیں تو یہ لازم آئے گا کہ امام حسین کے نزدیک فاسق کی خلافت جائز نہ ہو۔ حالانکہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک فاسق کی خلافت جائز ہے اس طرح امام ابو حنیفہ کا مذہب امام حسین کے خلاف قرار پائے گا چنانچہ امام ابو حنیفہ کے مذہب کو امام حسین رضی اللہ عنہ کے موقف کے مطابق قرار دینے کے لیے ضروری ہے کہ یزید کو کافر مانا جائے۔ ان اساتذہ نے غور نہیں کیا کہ اس طرح امام حسین کے موقف اور امام ابو حنیفہ کے (خود ساختہ) مذہب میں تو مطابقت ہو گئی لیکن دوسری طرف یہ لازم آئے گا کہ جمہور صحابہ نے ایک کافر کی بیعت پر قناعت کر لی! دراصل ان مشائخ نے یہ مغالطہ اس لیے کھایا ہے کہ علامہ تفتازانی نے شرح عقائد میں لکھا ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک فاسق باپ اپنی نابالغ لڑکی کا ولی بننے کا اہل ہے اور اس سے انھوں نے یہ استدلال کیا کہ پھر امام ابو حنیفہ کے نزدیک فاسق امامت اور خلافت کا بھی اہل ہے، حالانکہ ایک لڑکی پر ولایت اور چیز ہے اور تمام عالم اسلام کی ولایت اور چیز ہے، ان اکابرین کے مغالطہ کی دوسری وجہ یہ ہے کہ متاخرین فقہاء احناف نے ہر چند کہ خلیفہ کو مقرر کرنے کے لیے عدالت اور صالحیت کی شرط عائد کی ہے لیکن انھوں نے (امام اعظم کے موقف کے برخلاف) یہ تصریح کی ہے کہ فسق سے خلیفہ معزول نہیں ہوگا، اور مالکی، شافعی اور حنبلی فقہاء کا بھی یہی نظریہ ہے اور اب تقریباً اس پر اجماع ہو چکا ہے۔

علامہ ابن ہمام حنفی لکھتے ہیں:

اسلام کے بعد امام کو نصب کرنے کی پانچ شرطیں ہیں (۱) مرد ہو (۲) عادل اور صالح ہو (۳) عالم ہو (۴) قادر ہو۔ (۵) قرشی ہو۔ [3]

علامہ کمال الدین ابن ابی شریف شافعی اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

علامہ ابن ہمام نے خلیفہ کے لیے عدالت کی شرط قائم کرنے میں حجۃ الاسلام امام غزالی کی اتباع کی ہے امام غزالی

---

[1] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ۱ ص ۴۷۹ مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] علامہ احمد شہاب الدین خفاجی مصری حنفی متوفی ۱۰۶۹ھ، عنایۃ القاضی ج ۲ ص ۲۳۵، مطبوعہ دار صادر بیروت، ۱۳۸۳ھ

[3] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، مسایرہ ص ۳۱۹-۳۱۸، مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ مصر

نے احیاء العلوم میں عدالت کے کئی درجات اور مراتب بیان کیے ہیں، عدالت کا پہلا مرتبہ یہ ہے کہ مسلمان ان کاموں کو ترک کر دے جن کے کرنے سے وہ فسق سے متصف ہوتا ہے، اور یہاں پر یہی مراد ہے۔ [1]

اس کے بعد علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں:

جو شخص منصب خلافت پر قابض ہوا، اگر اس میں علم اور عدالت نہ ہو (بایں طور کہ جاہل یا فاسق غلبہ سے امام بن گیا ہو) اور اس کو خلافت سے ہٹانے میں ایسے فتنہ کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہو جو لوگوں کی برداشت سے باہر ہو تو ہم اس کی امامت کے منعقد ہونے کا حکم لگائیں گے، اور اگر اس پر دوسرا فاسق غالب آ گیا تو پہلا فاسق معزول ہو جائے گا، اور دوسرا فاسق امام ہو جائے گا۔ [2]

نیز علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں:

فقہاء احناف کے نزدیک عدالت صحت خلافت کی شرط نہیں ہے اس لیے فاسق کو بھی کراہت کے ساتھ خلیفہ بنانا جائز ہے، اور اگر کسی عادل شخص کو خلیفہ بنایا گیا، اور وہ بعد میں ظالم اور فاسق ہو گیا تو وہ معزول نہیں ہوگا، البتہ وہ معزول کیے جانے کا مستحق ہوگا بشرطیکہ اس کو معزول کرنے سے کوئی فتنہ پیدا نہ ہو، اس کو وعظ اور نصیحت کرنا واجب ہے لیکن اس کے خلاف خروج واجب نہیں ہے، امام ابو حنیفہ سے اسی طرح منقول ہے کیونکہ اس میں سب کا اتفاق ہے کہ صحابہ نے بعض بنو امیہ کے پیچھے نمازیں پڑھیں، اور ان سے عہدے قبول کیے (اس توجیہ پر یہ اعتراض ہے) لیکن یہ بات کسی پر مخفی نہیں ہے کہ (اکثر بنو امیہ) ملوک (بادشاہ) تھے اور جو شخص غلبہ سے حکومت پر قبضہ کر لے، اس کی امارت اور اس سے عہدہ قضاء وغیرہ قبول کرنا ضرورت کی بناء پر صحیح ہے اور امام (خلیفہ) کے پیچھے نمازیں پڑھنے کی یہ شرط نہیں ہے کہ وہ عادل ہو، کیونکہ امام ابو داؤد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ہر امیر کے ساتھ جہاد کرنا تم پر واجب ہے خواہ وہ نیک ہو یا بد، اور ہر مسلمان کے پیچھے نماز پڑھنا تم پر واجب ہے خواہ وہ نیک ہو یا بد خواہ وہ گناہ کبیرہ کرتا ہو، لہذا جب کوئی شخص غلبہ سے خلافت پر قبضہ کر لے تو یہ فرض کیا جائے گا کہ کوئی عادل قرشی موجود نہیں تھا، یا موجود تھا لیکن ظالم کے غلبہ کی وجہ سے اس کو خلیفہ نہیں بنایا جا سکا۔ [3]

علامہ کمال الدین ابن ابی شریف شافعی اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

قرشی یا عادل اور صالح خلیفہ نہ ہونے کی صورت میں غیر قرشی اور فاسق کی حکومت کو ضرورت کی بناء پر صحیح قرار دیا جائے گا ورنہ امت کا شیرازہ بکھر جائے گا کیونکہ مقدمات کا فیصلہ کرنے، نابالغ کا نکاح کرنے اور کفار سے جہاد کرنے کے لیے لامحالہ کسی امیر اور حاکم کی ضرورت ہے۔ [4]

علامہ ابن ہمام کی مذکور الصدر عبارت سے علامہ ابن عابدین شامی نے بھی فاسق کی خلافت کے جواز پر استدلال کیا ہے۔ [5]

---

[1] علامہ کمال الدین محمد بن محمد ابن ابی شریف شافعی متوفی ۹۰۶ھ، مسامرہ ص ۳۱۹، مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ مصر

[2] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ، مسایرہ ص ۳۲۸ - ۳۲۷، مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ مصر

[3] ″ ″ ″ ، مسایرہ ص ۳۲۳ - ۳۲۲، ″ ″

[4] علامہ کمال الدین محمد بن محمد ابن ابی شریف شافعی متوفی ۹۰۶ھ، مسامرہ ص ۳۲۳، مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ مصر

[5] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی ... ۵۱۲، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷

یہ بات واضح رہے کہ فاسق کی خلافت کا منعقد ہونا، امام ابوحنیفہ کا مسلک نہیں ہے، ان کا مسلک یہ ہے کہ فاسق کی خلافت میں جہاد کرنے کی تگ و دو میں لگے رہنا چاہیے اور جب مسلمان اس کے خلاف جنگ پر قادر ہوں انھیں اس کے خلاف اٹھ کھڑے ہونا چاہیے جیسے امام ابوحنیفہ نے ہشام بن عبدالملک کے خلاف خروج میں زید بن علی کے ساتھ تعاون کیا۔ اور پھر منصور کے خلاف خروج میں محمد بن عبداللہ بن حسن اور ابراہیم بن عبداللہ بن حسن کا ساتھ دیا اور خفیہ طریقے سے فساق کے خلاف ان کی تحریکوں میں ساتھ دیتے رہے۔ البتہ متاخرین فقہاء احناف نے ظالم اور غیر قرشی کی خلافت کو ضرورت کی بناء پر صحیح قرار دیا ہے اور جمہور فقہاء مالکیہ، فقہاء شافعیہ اور امام احمد کا بھی یہی مسلک ہے جیسا کہ ہم ان کی تصانیف سے باحوالہ نقل کر چکے ہیں۔

فاسق کی خلافت میں ائمہ اور فقہاء کے مذاہب بیان کرنے میں اور خصوصاً امام ابوحنیفہ کے نظریہ کو واضح کرنے میں میں نے بڑی تفصیل سے گفتگو کی ہے، کیونکہ میں نے دیکھا کہ یہ مسئلہ علماء پر مشتبہ ہو گیا حتیٰ کہ علامہ ابن ہمام ایسے محقق نے بھی امام ابوحنیفہ کا مسلک سمجھنے میں مغالطہ کھایا اور میں نے اپنے زمانہ کے اکثر علماء کو اس مسئلہ میں غلط فہمی میں مبتلا پایا، اس لیے میں نے حق واضح کرنے کی بھرپور سعی کی، اللہ تعالیٰ میری اس محنت کو قبول فرمائے اور اس شرح کو دائمی اور ہمہ گیر مقبولیت عطا فرمائے، وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد خاتم النبیین سید المرسلین اول الشافعین والمشفعین قائد الغر المحجلین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

بَابُ[۶۳] الْاِمَامُ جُنَّةٌ

امام مسلمانوں کی ڈھال ہے

۴۶۵۷- حَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنِيْ وَرْقَاءُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا الْاِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَّرَآئِهٖ وَيُتَّقٰى بِهٖ فَاِنْ اَمَرَ بِتَقْوَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَعَدَلَ كَانَ لَهٗ بِذٰلِكَ اَجْرٌ وَاِنْ يَّاْمُرْ بِغَيْرِهٖ كَانَ عَلَيْهِ مِنْهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امام (خلیفہ) ڈھال ہے اس کی پشت پناہی میں جنگ کی جاتی ہے، اور وہ ذریعہ امان ہے، اگر امام اللہ عزوجل سے ڈرنے کا حکم دے اور عدل و انصاف سے کام لے تو اسے اس کا اجر ملے گا اور اگر اس نے اس کے خلاف کچھ کیا تو اس کا اس پر وبال ہوگا۔

امام کے ڈھال ہونے کی وضاحت اس باب کی حدیث میں ہے: امام ڈھال ہے، ڈھال حملہ سے بچانے کے آلہ کو کہتے ہیں اور امام (خلیفہ) دشمنوں کے حملہ سے مسلمانوں کو محفوظ رکھتا ہے اور ملک کے داخلی اہل فساد سے لوگوں کو بچاتا ہے اور ملت بیضاء کی حفاظت کرتا ہے اس لیے اس کو ڈھال سے تعبیر فرمایا ہے اور اس کی پشت پناہی میں جنگ سے یہ مراد ہے کہ مسلمان فوجیں اس کی قیادت میں کفار، باغیوں اور دیگر اہل فساد سے جنگ کرتی ہیں اور اس کے ذریعہ امان ہونے کا مطلب یہ ہے کہ امام کی سیاسی تدبیروں کی وجہ سے مسلمان مفسدوں اور ظالموں کے شر سے محفوظ رہتے ہیں۔

باب ۶۳۱ وُجُوبِ الْوَفَاءِ بِبَيْعَةِ الْخَلِيفَةِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ

جس شخص کی خلافت پر پہلے بیعت کر لی جائے اس کو پورا کرنا واجب ہے

۴۶۵۸ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ قَالَ قَاعَدْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ خَمْسَ سِنِينَ فَسَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ تَسُوسُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَهُ نَبِيٌّ وَإِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَسَتَكُونُ خُلَفَاءُ فَتَكْثُرُ قَالُوا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ فُوا بِبَيْعَةِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ وَأَعْطُوهُمْ حَقَّهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ۔

ابو حازم کہتے ہیں کہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ پانچ سال رہا ہوں میں نے ان کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ بنو اسرائیل کے انبیاء ان کا سیاسی انتظام کرتے تھے جب ایک نبی کا وصال ہوتا تو دوسرا نبی اس کا خلیفہ ہو جاتا، اور بلا شبہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور عنقریب میرے بعد بکثرت خلفاء ہوں گے صحابہ نے عرض کیا ہمارے لیے کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: جس شخص کے ہاتھ پر پہلے بیعت کر لو اس بیعت کو پورا کرو، اور حکام کا حق ادا کرو، اور جو ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے حکام کے سپرد کی اس کے متعلق وہ خود ان سے سوال کرے گا۔

۴۶۵۹ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ عَنْ أَبِيهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ۔

ایک اور سند سے اس حدیث کی مثل روایت ہے۔

۴۶۶۰ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ وَوَكِيعٌ ح وَحَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَا أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ (وَاللَّفْظُ لَهُ) حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا سَتَكُونُ بَعْدِي أَثَرَةٌ وَأُمُورٌ تُنْكِرُونَهَا قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ تَأْمُرُ

امام مسلم پانچ سندوں کے ساتھ حضرت عبد اللہ سے روایت کرتے ہیں، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب میرے بعد لوگوں کی (حق تلفیاں) ہوں گی، اور بُرائیوں کا ظہور ہوگا، صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم میں سے جس شخص کو یہ حالات پیش آئیں اس کے متعلق آپ کا کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا تم پر جو (حکام کا) حق ہے تم اس کو ادا کرنا اور تمہارے حقوق کے متعلق اللہ ان سے سوال کرے گا۔

ذٰلِكَ قَالَ تُؤَدُّوْنَ الْحَقَّ الَّذِيْ عَلَيْكُمْ وَتَسْاَلُوْنَ اللّٰهَ الَّذِيْ لَكُمْ۔

٤٦٦١ - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا وَقَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ رَبِّ الْكَعْبَةِ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ جَالِسٌ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَالنَّاسُ مُجْتَمِعُوْنَ عَلَيْهِ فَاَتَيْتُهُمْ فَجَلَسْتُ اِلَيْهِ فَقَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا فَمِنَّا مَنْ يُصْلِحُ خِبَاءَهُ وَمِنَّا مَنْ يَنْتَضِلُ وَمِنَّا مَنْ هُوَ فِيْ جَشَرِهِ اِذْ نَادٰى مُنَادِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ جَامِعَةً فَاجْتَمَعْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِيْ اِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَيْهِ اَنْ يَّدُلَّ اُمَّتَهُ عَلٰى خَيْرِ مَا يَعْلَمُهُ لَهُمْ وَيُنْذِرَهُمْ شَرَّ مَا يَعْلَمُهُ لَهُمْ وَاِنَّ اُمَّتَكُمْ هٰذِهِ جُعِلَ عَافِيَتُهَا فِيْ اَوَّلِهَا وَسَيُصِيْبُ اٰخِرَهَا بَلَاءٌ وَاُمُوْرٌ تُنْكِرُوْنَهَا وَتَجِيْءُ فِتْنَةٌ فَيُرَقِّقُ بَعْضُهَا بَعْضًا وَتَجِيْءُ الْفِتْنَةُ فَيَقُوْلُ الْمُؤْمِنُ هٰذِهِ مُهْلِكَتِيْ ثُمَّ تَنْكَشِفُ وَتَجِيْءُ الْفِتْنَةُ فَيَقُوْلُ الْمُؤْمِنُ هٰذِهِ هٰذِهِ فَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّزَحْزَحَ عَنِ النَّارِ وَيُدْخَلَ الْجَنَّةَ فَلْتَاْتِهِ مَنِيَّتُهُ وَهُوَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلْيَاْتِ اِلَى النَّاسِ الَّذِيْ يُحِبُّ اَنْ يُّؤْتٰى اِلَيْهِ وَمَنْ بَايَعَ اِمَامًا فَاَعْطَاهُ صَفْقَةَ يَدِهِ وَثَمَرَةَ قَلْبِهِ فَلْيُطِعْهُ اِنِ اسْتَطَاعَ فَاِنْ جَاءَ اٰخَرُ يُنَازِعُهُ فَاضْرِبُوْا عُنُقَ الْاٰخَرِ فَدَنَوْتُ مِنْهُ فَقُلْتُ لَهُ اَنْشُدُكَ اللّٰهَ آنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عبدالرحمن بن عبد رب الکعبہ کہتے ہیں کہ میں مسجد میں گیا تو وہاں حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کعبہ کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے، اور لوگ ان کے گرد مجتمع تھے، میں ان کے پاس جاکر بیٹھ گیا، حضرت عبداللہ بن عمرو نے کہا ہم ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں گئے، ہم نے ایک جگہ قیام کیا، بعض مسلمان اپنا خیمہ درست کرنے لگے، بعض تیر اندازی کرنے لگے اور بعض اپنے مویشیوں میں رہے، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک منادی نے آواز دی کہ نماز تیار ہے، ہم سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اکٹھے ہوئے، آپ نے فرمایا بلاشبہ مجھ سے پہلے ہر نبی پر یہ فرض تھا کہ وہ اپنے علم کے مطابق اپنی امت کو فلاح اور خیر کی رہنمائی کرے اور جو چیز اس کے علم میں بری ہو اس سے ڈرائے، اور تمہاری اس امت کے سابقین میں عافیت ہے، اور بعد کے لوگوں میں مصیبتیں، بلائیں اور برائیاں ہوں گی، اور ایسے فتنوں کا ظہور ہوگا جن کے مقابلہ میں دوسرے فتنے کم معلوم ہوں گے، ایک فتنہ آئے گا تو مومن کہے گا اس فتنہ میں تو میری تباہی ہے، پھر وہ فتنہ دور ہو جائے گا اور ایک اور فتنہ آئے گا تو مومن کہے گا یہی اصل فتنہ ہے، سو جو شخص جہنم سے دور ہونا اور جنت میں داخل ہونا چاہتا ہو اس کو لازم ہے (کہ وہ تاحیات اس پر قائم رہے) حتیٰ کہ جب اس کو موت آئے تو اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت کے ایمان پر اس کا خاتمہ ہو، اور اس پر لازم ہے کہ جس معاملہ کو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہو وہی معاملہ دوسروں کے ساتھ کرے، اور جو شخص ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر دل کی گہرائیوں سے کسی امام کے ہاتھ پر بیعت کرے اس پر لازم ہے کہ مقدور بھر اس کی اطاعت کرے، اور اگر دوسرا شخص

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَهْوٰى اِلٰى اُذُنَيْهِ وَ قَلْبِهٖ بِيَدَيْهِ وَقَالَ سَمِعَتْهُ اُذُنَاىَ وَوَعَاهُ قَلْبِىْ فَقُلْتُ لَهٗ هٰذَا ابْنُ عَمِّكَ مُعَاوِيَةُ يَاْمُرُنَا اَنْ نَّاْكُلَ اَمْوَالَنَا بَيْنَنَا بِالْبَاطِلِ وَنَقْتُلَ اَنْفُسَنَا وَاللّٰهُ يَقُوْلُ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا قَالَ فَسَكَتَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ اَطِعْهُ فِىْ طَاعَةِ اللّٰهِ وَاعْصِهٖ فِىْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ۔

اس کی امامت سے اختلاف کرے تو اس دوسرے کی گردن اڑا دو، راوی کہتے ہیں کہ میں حضرت عبد اللہ بن عمرو کے قریب ہوا اور ان سے عرض کیا میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں، کیا آپ نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خود سنی ہے؟ حضرت عبد اللہ نے اپنے کانوں اور دل کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا میں نے اپنے کانوں سے سنا اور اپنے دل میں اس کو یاد رکھا، میں نے ان سے کہا: یہ تمہارے عم زاد معاویہ ہیں جو ہم کو حکم دیتے ہیں کہ ہم آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقہ سے کھائیں اور ہم ایک دوسرے کو ناحق قتل کریں اور اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے' اے ایمان والو! ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقہ سے مت کھاؤ، ماں باہمی رضامندی سے تجارت مستثنیٰ ہے' اور تم ایک دوسرے کو قتل نہ کرو، بلاشبہ اللہ تعالیٰ تم پر رحیم ہے، راوی نے کہا پھر حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص ایک لمحہ خاموش رہے، پھر فرمایا اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں ان کی اطاعت کرو اور اللہ تعالیٰ کی معصیت میں ان کی نافرمانی کرو۔

امام مسلم نے اس حدیث کی دو اور سندیں ذکر کی ہیں۔

۴۶۶۲ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَّاَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ قَالُوْا حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ كِلَاهُمَا عَنِ الْاَعْمَشِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ۔

۴۶۶۳ - وَحَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْمُنْذِرِ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِىْ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِى السَّفَرِ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ رَبِّ الْكَعْبَةِ الصَّائِدِىِّ قَالَ رَاَيْتُ جَمَاعَةً عِنْدَ الْكَعْبَةِ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيْثِ الْاَعْمَشِ

عبد الرحمن بن عبد رب کعبہ کہتے ہیں میں نے ایک جماعت کو کعبہ کے پاس دیکھا پھر حسب سابق حدیث بیان کی۔

سیاست کی تعریف

اس باب کی حدیث نمبر ۴۶۵۸ میں ہے کہ بنو اسرائیل کے انبیاء ان کا سیاسی انتظام کرتے تھے۔

علامہ زبیدی نے لکھا ہے سیاست کا معنی ہے کسی چیز کی اصلاح کا انتظام کرنا۔[1]

[1] سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی [illegible] مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ھ

علامہ ابن منظور افریقی لکھتے ہیں: ساس کا معنی ہے أمر (حکم دیا) حدیث میں ہے بنو اسرائیل کے انبیاء ان کی سیاست کرتے تھے، یعنی ان کے معاملات کے متولی تھے، جس طرح امراء اور حکام رعیت کے معاملات کے متولی ہوتے ہیں سیاست کے معنی ہیں: کسی چیز کی اصلاح کے لیے اقدامات کرنا، سیاست سائس کا فعل ہے، سائس مویشیوں کی دیکھ بھال اور نگہبانی کرنے والے کو کہتے ہیں، والی اور حاکم بھی اپنی رعیت کی دیکھ بھال اور نگرانی کرتا ہے، سوس کا معنی ہے کسی کے لیے کسی چیز کو مزین کرنا۔ [1]

اصطلاح میں سیاست کا معنی ہے: ملک کے داخلی اور خارجی استحکام کے لیے غور و فکر اور تدبر کرنا، الجھے ہوئے اور پیچیدہ مسائل کا حل تلاش کرنا، قوم کے دکھ درد دور کرنے اور اس کی فلاح و بہبود کے لیے لائحہ عمل بنانا، لیکن ہمارے ملک میں عملی سیاست یہ ہے کہ ہر جماعت اپنی جماعت کو مستحکم اور دوسری جماعت کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کرتی ہے اور جو جماعت بھی برسر اقتدار آتی ہے وہ ملک کے وسائل کو زیادہ سے زیادہ حاصل کر کے اپنی جماعت کے افراد تک پہنچانا چاہتی ہے، مختلف سیاسی جماعتوں میں یہی چیز ایک قدر مشترک ہے۔

دو خلیفوں کی بیعت کرنے کا حکم

اس حدیث میں ہے: جس شخص کے ہاتھ پر پہلے بیعت کر لو اس کو پورا کرو۔ علامہ ابی مالکی اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

علامہ نووی نے کہا ہے کہ اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ جب ایک خلیفہ کے بعد دوسرے خلیفہ کی بیعت کی جائے تو پہلے خلیفہ کی بیعت صحیح ہے اور اس کو پورا کرنا واجب ہے اور دوسرے خلیفہ کی بیعت باطل ہے اور اس کو پورا کرنا حرام ہے، خواہ ان کو دوسرے امام کی بیعت کرتے وقت پہلے امام کی بیعت کا علم ہو یا نہ ہو، اور خواہ وہ دو امام الگ الگ شہروں میں ہوں یا ایک شہر میں ہوں۔

علامہ مازری مالکی نے کہا ہے کہ ایک زمانہ میں دو اماموں کی بیعت کرنا واجب نہیں ہے اور بعض اصولیین کا یہ مذہب ہے کہ جب دار اسلام وسیع ہو جائے اور بعض دور دراز علاقوں میں امام کے احکام اور اس کی تدابیر نہ پہنچتی ہوں تو ان کے لیے دوسرا امام مقرر کرنا جائز ہے، علامہ نووی نے اس مذہب پر یہ تبصرہ کیا ہے کہ یہ احادیث کے خلاف ہے اور علماء متقدمین کے موقف کے بھی خلاف ہے۔

قاضی عیاض مالکی نے کہا ہے کہ اگر ایک وقت میں دو اماموں کے ہاتھ پر بیعت کی جائے تو اگر یہ معلوم ہو جائے کہ کون سا امام سابق ہے تو محققین کے نزدیک وہ زیادہ حقدار ہے اور اگر یہ معلوم نہ ہو سکے تو دونوں کی بیعت فسخ کر دی جائے، ایک قول یہ ہے کہ ان دونوں میں سے کسی ایک کا انتخاب ارباب حل و عقد پر چھوڑ دیا جائے، اور ایک قول یہ ہے کہ ان میں قرعہ اندازی کی جائے۔ [2]

تثویب کا ثبوت

حدیث نمبر ۴۶۶۱ میں ہے کہ: ایک سفر میں ہم لوگ اپنے اپنے کاموں میں لگے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے مؤذن نے آواز دی "الصلوٰۃ جامعۃ"

[1] علامہ جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور افریقی متوفی ۷۱۱ھ، لسان العرب ج ۶ ص ۱۰۸، مطبوعہ نشر ادب الحوزۃ قم ایران، ۱۴۰۵ھ

[2] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۸۶، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

(جماعت تیار ہے)، اس حدیث میں تثویب کا ثبوت ہے، علامہ ابی مالکی لکھتے ہیں:

آج کل مؤذن اذان دینے کے بعد دوبارہ لوگوں کو جماعت کھڑی کرنے پر متنبہ کرتے ہیں اور الصلوٰۃ جامعۃ یا الصلوٰۃ، الصلوٰۃ۔ کہتے ہیں اس کی اصل یہ حدیث ہے اور یہ بدعت نہیں ہے اس کے برخلاف تونس کے بعض علماء نے اس کو بدعت کہا ہے۔ [1]

علامہ قدوری حنفی لکھتے ہیں:

صبح کی اذان اور اقامت کے دوران تثویب کرنا (یعنی دوبارہ نماز کا اعلان کرنا اور لوگوں کو جماعت کی طرف بلانا) اور دو بار حی علی الصلوٰۃ، حی علی الفلاح کہنا مستحب ہے، کیونکہ یہ نیند اور غفلت کا وقت ہے۔

اس کی شرح میں المرغینانی لکھتے ہیں

تثویب میں عرف اور عادت کے مطابق کلمات کہے جاتے ہیں، تثویب کو علماء کوفہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کے عہد کے بعد ایجاد کیا ہے، کیونکہ لوگوں کے احوال متغیر ہو گئے تھے، اور صبح کی تخصیص نیند اور غفلت کی وجہ سے کی ہے، اور متاخرین نے تمام نمازوں میں تثویب کو مستحسن قرار دیا ہے، کیونکہ عبادات اور امور دینیہ میں لوگوں کی غفلت اور سستی زیادہ ہو گئی تھی، امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ میرے نزدیک اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ مؤذن تمام نمازوں میں امیر سے یہ کہے کہ: السلام علیک ایہا الامیر و رحمۃ اللہ و برکاتہ حی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح الصلوٰۃ یرحمک اللہ اور امام محمد نے اس کو مستبعد قرار دیا ہے کیونکہ جماعت سے نماز پڑھنے میں تمام لوگ برابر ہیں، اور امام ابو یوسف نے امراء کی تخصیص اس لیے کی ہے کہ وہ مسلمانوں کے معاملات میں مشغول رہتے ہیں، اس لیے ان کو دوبارہ جماعت کی اطلاع دی جاتی ہے تاکہ ان کی جماعت نہ چھوٹ جائے، قاضی اور مفتی بھی چونکہ مسلمانوں کے امور میں مشغول رہتے ہیں اس وجہ سے ان کے لیے بھی پانچوں نمازوں میں تثویب کرنا مستحب ہے۔ [2]

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں:

علماء کوفہ نے اذان کے بعد تثویب (دوبارہ اعلان کرنے) کو لاحق کیا ہے، یعنی دو بار حی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح۔ کہا جائے، ہر شہر کی تثویب اس کے عرف اور رواج کے مطابق ہو گی خواہ الصلوٰۃ، الصلوٰۃ کہا جائے یا قامت قامت کہا جائے، متاخرین نے تمام نمازوں میں تثویب کو اس لیے مستحسن قرار دیا ہے کہ اب لوگوں میں سستی اور غفلت زیادہ ہو گئی ہے اور اذان سننے کے بعد بہت کم لوگ جماعت کے لیے کھڑے ہوتے ہیں۔ [3]

فقہاء مالکیہ اور فقہاء حنفیہ کی ان تصریحات سے یہ واضح ہو گیا کہ جس کام میں فی نفسہ خیر ہو اور وہ اصول اسلام سے متصادم نہ ہو وہ بدعت نہیں ہے خواہ اس کام کا ثبوت عہد رسالت اور عہد صحابہ میں نہ ہو، تاہم اس کام کے

---

[1] علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۸۷ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[2] علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ ھ ہدایہ اولین ص ۷۰، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

[3] علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی متو[illegible] مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

ساتھ فرض اور واجب کا معاملہ نہیں کرنا چاہیے اور کبھی کبھی اس کو ترک بھی کر دینا چاہیے۔ ہمارے زمانے میں لوگوں نے فرائض اور واجبات کو ترک کر دیا ہے اور مستحبات اور بدعات حسنہ پر دائمی اور لازمی عمل کرتے ہیں فیا للاسف

حضرت علی کی خلافت سے حضرت معاویہ کے اختلاف کی بحث

حدیث نمبر ۴۶۶۱ میں ہے: عبدالرحمٰن بن عبد رب الکعبہ نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے کہا کہ تمہارے عم زاد معاویہ ہم کو یہ حکم دیتے ہیں کہ آپس میں ایک دوسرے کا ناجائز مال کھائیں اور ہم ایک دوسرے کو ناحق قتل کریں۔ علامہ ابی مالکی اس کی شرح میں لکھتے ہیں، سائل کا یہ اعتقاد تھا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ جو مال اپنے لشکر پر خرچ کرتے ہیں یہ مال ناجائز ہے اور ان کے لشکر والے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لشکر کو جو قتل کرتے ہیں وہ قتل بھی ناجائز ہے، سائل کا یہ اعتقاد تھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ برحق ہیں اور حضرت معاویہ کا ان کے مقابلہ میں خلافت کا دعویٰ کرنا باطل ہے اور حضرت معاویہ نے چونکہ حضرت علی کی بیعت نہیں کی بلکہ ان سے خلافت میں اختلاف کیا اور ان کے خلاف جنگ کی اس لیے اس حدیث کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیعت کو پورا کرنا اور حضرت معاویہ کو قتل کرنا واجب تھا کیونکہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص کی اس روایت میں ہے کہ جب ایک شخص کی بیعت کر لی جائے تو اس کی اطاعت کرو اور جو اس سے اختلاف کرے اس کی گردن اڑا دو، ابتداء میں اہل شام نے حضرت معاویہ کی بیعت نہیں کی تھی اور حضرت معاویہ نے صرف حضرت عثمان کے قاتلوں کا مطالبہ کیا تھا، اور حضرت معاویہ نے حضرت علی کی بیعت سے انکار کر دیا تھا اور یہ کہا تھا کہ پہلے تم حضرت عثمان کے قاتلوں کو میرے حوالے کرو پھر میں تمہاری بیعت کروں گا، اس کے جواب میں حضرت علی نے حضرت جریر بن عبداللہ بجلی کے ہاتھ یہ خط روانہ کیا، حمد و صلوٰۃ کے بعد واضح ہو کہ تم شام میں ہو اور اہل مدینہ نے میری بیعت کر لی ہے، اور یہ بیعت تم پر لازم ہو گئی ہے کیونکہ ان لوگوں نے میری بیعت کی ہے جنھوں نے میرے پیش رو (حضرت عثمان) کی بیعت کی تھی اس لیے اب حاضر کے لیے انتخاب کی گنجائش ہے نہ غائب کے لیے اس کو مسترد کرنے کا موقع ہے، یہ شوریٰ صرف مہاجرین اور انصار میں منحصر ہے اگر وہ کسی شخص کو منتخب کر کے بالاتفاق امام مقرر کر دیں تو اس کی امامت لازم ہو جائے گی، سو جو شخص اس کی خلافت سے خروج کرے اس کو واپس لوٹنے پر مجبور کرو، اور اگر وہ انکار کرے تو اس سے طریق مسلمین کی اتباع کرانے کے لیے جنگ کرو، لہٰذا تم بھی اس شخص کی خلافت کو مان لو جس کی امامت کو تمام مسلمانوں نے مان لیا ہے، تم نے قاتلین عثمان کو حوالے کرنے میں بہت مبالغہ کیا ہے اگر تم نے اپنی رائے واپس لے لی اور اپنے اختلاف سے رجوع کر لیا اور تمام مسلمانوں کے طریقہ کو اختیار کر لیا تو میں تمہارے اور تمہاری قوم کے ساتھ کتاب اللہ کے مطابق سلوک کروں گا اور اگر تم اپنی ہوائے نفس کی بجائے عقل سلیم سے غور کرو تو تم کو معلوم ہوگا کہ میں قریش میں سب سے زیادہ خون عثمان سے بری ہوں، اور تم یہ سمجھ لو کہ تم ان طلقاء میں سے ہو جن کے لیے خلافت جائز نہیں ہے، اور میں نے تمہارے پاس جریر بن عبداللہ کو بھیجا ہے، یہ اہل ایمان اور اہل ہجرت میں سے ہیں تم ان کے ہاتھ پر (میری) بیعت کر لو، اور اللہ تعالیٰ کی توفیق کے بغیر نیکی کی استطاعت حاصل نہیں ہوتی۔

اب اشکال یہ ہے کہ واقعہ تحکیم کے بعد اہل شام کا حضرت معاویہ کے ہاتھ پر بیعت کرنا کس طرح صحیح ہوگا جبکہ حضرت علی کی خلافت پہلے منعقد ہو چکی تھی اور اس کے بعد حضرت معاویہ نے اپنی خلافت پر بیعت لی اور حدیث میں

ہے جب ایک خلیفہ کی بیعت ہو جائے اور دوسرا شخص اس سے اختلاف کرے تو اس کو قتل کر دو، اس اشکال سے چھٹکارے کا اس کے سوا اور کوئی حل نہیں ہے کہ یہ کہا جائے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ متاول اور مجتہد تھے۔ [1]

بَابُ ۶۳۲ الْاَمْرِ بِالصَّبْرِ عِنْدَ ظُلْمِ الْوُلَاةِ وَاسْتِئْثَارِهِمْ

حکام کے ظلم پر صبر کرنے کا حکم

۴۶۶۴ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ خَلَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَا تَسْتَعْمِلُنِيْ كَمَا اسْتَعْمَلْتَ فُلَانًا فَقَالَ اِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِيْ اَثَرَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِيْ عَلَى الْحَوْضِ۔

حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک انصاری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تنہائی میں عرض کیا، کیا آپ مجھے عامل نہیں بنائیں گے؟ جس طرح آپ نے فلاں شخص کو عامل بنایا ہے، آپ نے فرمایا میرے بعد تم کو اپنے اوپر ترجیح کا سامنا ہوگا، تم اس پر صبر کرنا حتیٰ کہ تمہاری مجھ سے حوض کوثر پر ملاقات ہو۔

۴۶۶۵ - وَحَدَّثَنِیْ يَحْيَى بْنُ حَبِيْبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ (يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ) حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يُحَدِّثُ عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ خَلَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ۔

حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک انصاری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تنہائی میں عرض کیا: اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے۔

۴۶۶۶ - وَحَدَّثَنِيْهِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَلَمْ يَقُلْ خَلَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ایک اور سند سے یہ حدیث مروی ہے اس میں راوی نے یہ نہیں کہا کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تنہائی میں عرض کیا۔

۴۶۶۷ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلَ سَلَمَةُ بْنُ

علقمہ بن وائل حضرمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ سلمیٰ بن یزید جعفی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! یہ بتلائیے کہ اگر ہم پر ایسے حاکم مسلط ہوں جو ہم سے اپنے حقوق کا مطالبہ

---

[1] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۹۰، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

يَزِيدَ الْجُعْفِيُّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللهِ أَرَأَيْتَ إِنْ قَامَتْ عَلَيْنَا أُمَرَاءُ يَسْأَلُونَا حَقَّهُمْ وَيَمْنَعُونَا حَقَّنَا فَمَا تَأْمُرُنَا فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ سَأَلَهُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ سَأَلَهُ فِي الثَّانِيَةِ أَوْ فِي الثَّالِثَةِ فَجَذَبَهُ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ وَقَالَ اسْمَعُوا وَأَطِيعُوا فَإِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوا وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ.

٤٦٦٨ - وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ فَجَذَبَهُ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَعُوا وَأَطِيعُوا فَإِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوا وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ.

کریں اور ہمارے حق ہمیں نہ دیں، تو اس صورت میں آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں، آپ نے اس سائل سے اعراض کیا، اس نے دوبارہ سوال کیا، آپ نے پھر اعراض کیا، پھر جب اس نے دوسری یا تیسری بار سوال کیا تو اس کو اشعث بن قیس نے کھینچ لیا، آپ نے فرمایا سنو اور اطاعت کرو، کیونکہ ان کا بار ان پر ہے اور تمہارا بوجھ تم پر ہے۔

ایک اور سند سے یہ حدیث مروی ہے اس میں ہے اشعث بن قیس نے سائل کو کھینچ لیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سنو اور اطاعت کرو، ان پر صرف ان کا بوجھ ہے اور تم پر تمہارا بوجھ ہے۔

بَابُ ٦٣٣ الْأَمْرِ بِلُزُومِ الْجَمَاعَةِ عِنْدَ ظُهُورِ الْفِتَنِ وَتَحْذِيرِ الدُّعَاةِ إِلَى الْكُفْرِ

فتنے کے وقت مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رہنے کا حکم

٤٦٦٩ - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنِي بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ يَقُولُ كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُونَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ أَنْ يُدْرِكَنِي فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّا كُنَّا فِي جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ فَجَاءَنَا اللهُ بِهَذَا الْخَيْرِ فَهَلْ بَعْدَ هَذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ فَقُلْتُ هَلْ بَعْدَ ذَلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ قَالَ نَعَمْ وَفِيهِ دَخَنٌ قُلْتُ وَمَا دَخَنُهُ قَالَ قَوْمٌ يَسْتَنُّونَ بِغَيْرِ سُنَّتِي وَيَهْدُونَ بِغَيْرِ هَدْيِي تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ فَقُلْتُ هَلْ بَعْدَ ذَلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ قَالَ نَعَمْ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ لوگ تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے خیر کے متعلق سوال کرتے تھے، اور میں آپ سے شر کے متعلق سوال کرتا تھا، اس خوف سے کہ کہیں میں اس شر میں مبتلا نہ ہو جاؤں، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ہم زمانہ جاہلیت میں شر میں تھے، پھر اللہ تعالیٰ ہمارے پاس اس خیر کو لے آیا، کیا اس خیر کے بعد پھر شر ہوگا؟ آپ نے فرمایا ہاں! میں نے کہا کیا اس شر کے بعد پھر خیر ہوگی؟ آپ نے فرمایا: ہاں لیکن اس خیر میں کچھ کدورت ہوگی، میں نے عرض کی وہ کدورت کیسی ہوگی؟ آپ نے فرمایا: لوگ میری سنت پر نہیں چلیں گے، اور میری ہدایت کے خلاف عمل کریں گے ان میں اچھی اور بری دونوں باتیں ہوں گی، میں نے عرض کیا کیا اس خیر کے بعد کوئی شر ہوگا؟ آپ نے فرمایا:

دُعَاةٌ إِلَى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا قَذَفُوهُ فِيهَا فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ صِفْهُمْ لَنَا قَالَ نَعَمْ قَوْمٌ مِنْ جِلْدَتِنَا وَيَتَكَلَّمُونَ بِأَلْسِنَتِنَا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَمَا تَرَى إِنْ أَدْرَكَنِي ذَلِكَ قَالَ تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِينَ وَإِمَامَهُمْ فَقُلْتُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلَا إِمَامٌ قَالَ فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ عَلَى أَصْلِ شَجَرَةٍ حَتَّى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ وَأَنْتَ عَلَى ذَلِكَ۔

ہاں کچھ لوگ جہنم کے دروازوں پر کھڑے ہوئے ہوں گے اور لوگوں کو بلائیں گے جو ان کی دعوت پر لبیک کہے گا وہ اس کو جہنم میں ڈال دیں گے! میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ان کی صفت بیان کیجیے! آپ نے فرمایا ان لوگوں کا رنگ ہماری طرح ہوگا اور وہ ہماری زبان بولتے ہوں گے، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ اگر میں ان کا زمانہ پاؤں تو میرے لیے کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا تم مسلمانوں کے امام اور مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ وابستہ رہنا، میں نے عرض کیا اگر اس وقت مسلمانوں کی جماعت اور امام نہ ہو؟ آپ نے فرمایا تم ان تمام فرقوں سے الگ رہنا خواہ تم کو تاحیات درخت کی جڑیں چبانی پڑیں اور اسی حال میں تمہاری موت آئے۔

۴۶۷۰- وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا يَحْيَى (وَهُوَ ابْنُ حَسَّانَ) حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ (يَعْنِي ابْنَ سَلَّامٍ) حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ سَلَّامٍ عَنْ أَبِي سَلَّامٍ قَالَ قَالَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا كُنَّا بِشَرٍّ فَجَاءَ اللَّهُ بِخَيْرٍ فَنَحْنُ فِيهِ فَهَلْ مِنْ وَرَاءِ هَذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ هَلْ وَرَاءَ ذَلِكَ الشَّرِّ خَيْرٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَهَلْ وَرَاءَ ذَلِكَ الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ كَيْفَ قَالَ يَكُونُ بَعْدِي أَئِمَّةٌ لَا يَهْتَدُونَ بِهُدَايَ وَلَا يَسْتَنُّونَ بِسُنَّتِي وَسَيَقُومُ فِيهِمْ رِجَالٌ قُلُوبُهُمْ قُلُوبُ الشَّيَاطِينِ فِي جُثْمَانِ إِنْسٍ قَالَ قُلْتُ كَيْفَ أَصْنَعُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ أَدْرَكْتُ ذَلِكَ قَالَ تَسْمَعُ وَتُطِيعُ لِلْأَمِيرِ وَإِنْ ضُرِبَ ظَهْرُكَ وَأُخِذَ مَالُكَ فَاسْمَعْ وَأَطِعْ۔

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم شر میں مبتلا تھے، پھر اللہ تعالیٰ ہمارے پاس اس خیر کو لے آیا کیا اس خیر کے بعد شر ہوگا، آپ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کیا کیا اس شر کے بعد خیر ہوگا، آپ نے فرمایا: ہاں، میں نے پوچھا: کیا اس خیر کے بعد شر ہوگا؟ فرمایا ہاں! میں نے پوچھا اس کی کیا کیفیت ہوگی؟ آپ نے فرمایا: میرے بعد ایسے ائمہ ہوں گے جو میری ہدایت پر عمل نہیں کریں گے، اور نہ میری سنت پر چلیں گے اور عنقریب ان میں ایسے لوگ ہوں گے جن کے دل شیطانوں کی طرح اور بدن انسانوں کی مانند ہوں گے، راوی کہتے ہیں میں نے کہا یا رسول اللہ اگر میں ان کو پاؤں تو کیا کروں؟ آپ نے فرمایا: امیر کے احکام سننا اور اس کی اطاعت کرنا، خواہ تمہاری پیٹھ پر کوڑے مارے جائیں اور تمہارا مال چھین لیا جائے پھر بھی (احکام) سننا اور اطاعت کرنا۔

۴۶۷۱- حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ (يَعْنِي ابْنَ حَازِمٍ) حَدَّثَنَا غَيْلَانُ بْنُ جَرِيرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص (حاکم کی)

عَنْ اَبِیْ قَیْسِ بْنِ رِیَاحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ خَرَجَ مِنَ الطَّاعَةِ وَفَارَقَ الْجَمَاعَةَ فَمَاتَ مَاتَ مِیْتَةً جَاهِلِیَّةً وَمَنْ قَاتَلَ تَحْتَ رَایَةٍ عُمِّیَّةٍ یَغْضَبُ لِعَصَبَةٍ اَوْ یَدْعُوْ اِلٰی عَصَبَةٍ اَوْ یَنْصُرُ عَصَبَةً فَقُتِلَ فَقِتْلَةٌ جَاهِلِیَّةٌ وَمَنْ خَرَجَ عَلٰی اُمَّتِیْ یَضْرِبُ بَرَّهَا وَفَاجِرَهَا وَلَا یَتَحَاشٰی مِنْ مُؤْمِنِهَا وَلَا یَفِیْ لِذِیْ عَهْدٍ عَهْدَهٗ فَلَیْسَ مِنِّیْ وَلَسْتُ مِنْهُ۔

اطاعت سے نکل جائے اور جماعت کو چھوڑ دے تو وہ جاہلیت کی موت مرا، اور جو شخص اندھی تقلید میں کسی کے جھنڈے تلے جنگ کرے یا کسی عصبیت کی بناء پر غضب ناک ہو یا عصبیت کی طرف دعوت دے، یا عصبیت کی خاطر جنگ کرے اور مارا جائے تو وہ جاہلیت کی موت مرے گا، اور جس شخص نے میری امت پر خروج کیا اور اچھوں اور بروں سب کو قتل کیا، کسی مومن کا لحاظ کیا نہ کسی سے کیا ہوا عہد پورا کیا وہ میرے دین پر نہیں ہے اور نہ میرا اس سے کوئی تعلق ہے۔

۴۶۷۲- وَحَدَّثَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ الْقَوَارِیْرِیُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ حَدَّثَنَا اَیُّوْبُ عَنْ غَیْلَانَ بْنِ جَرِیْرٍ عَنْ زِیَادِ بْنِ رِیَاحٍ الْقَیْسِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ حَدِیْثِ جَرِیْرٍ وَقَالَ لَا یَتَحَاشٰی مِنْ مُؤْمِنِهَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے اور اس میں لایتحاشی من مؤمنها۔ کے الفاظ ہیں۔

۴۶۷۳- وَحَدَّثَنِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ حَدَّثَنَا مَهْدِیُّ بْنُ مَیْمُوْنٍ عَنْ غَیْلَانَ بْنِ جَرِیْرٍ عَنْ زِیَادِ بْنِ رِیَاحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَرَجَ مِنَ الطَّاعَةِ وَفَارَقَ الْجَمَاعَةَ ثُمَّ مَاتَ مَاتَ مِیْتَةً جَاهِلِیَّةً وَمَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَایَةٍ عُمِّیَّةٍ یَغْضَبُ لِلْعَصَبَةِ وَیُقَاتِلُ لِلْعَصَبَةِ فَلَیْسَ مِنْ اُمَّتِیْ وَمَنْ خَرَجَ مِنْ اُمَّتِیْ عَلٰی اُمَّتِیْ یَضْرِبُ بَرَّهَا وَفَاجِرَهَا لَا یَتَحَاشٰی مِنْ مُؤْمِنِهَا وَلَا یَفِیْ بِذِیْ عَهْدِهَا فَلَیْسَ مِنِّیْ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جو شخص (امیر کی) اطاعت سے نکلا اور اس نے جماعت کو چھوڑ دیا پھر مر گیا تو وہ جاہلیت کی موت مرے گا، اور جو شخص اندھی تقلید میں کسی کے جھنڈے تلے مارا جائے، عصبیت کی بناء پر غضب ناک ہو اور عصبیت کی بناء پر جنگ کرے وہ میری امت میں سے نہیں ہے، اور میری امت میں سے جو شخص میری امت پر خروج کرے، نیک اور بد ہر شخص کو قتل کرے، مومن کا لحاظ کرے نہ ذمی کا عہد پورا کرے وہ میرے دین پر نہیں ہے۔

۴۶۷۴- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ غَیْلَانَ بْنِ جَرِیْرٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اَمَّا ابْنُ الْمُثَنّٰی

ایک اور سند سے یہ حدیث ہے ابن مثنی نے اپنی روایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر نہیں کیا، اور ابن بشار نے دوسروں کی روایت کی طرح کہا رسول اللہ

فَلَمْ يَذْكُرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَدِيثِ وَاَمَّا ابْنُ بَشَّارٍ فَقَالَ فِي رِوَايَتِهِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ۔

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا۔

۴۶۷۵ - حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الْجَعْدِ اَبِي عُثْمَانَ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَرْوِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰى مِنْ اَمِيرِهِ شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَصْبِرْ فَاِنَّهُ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَمَاتَ فَمِيتَةٌ جَاهِلِيَّةٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو اپنے امیر کی کوئی چیز ناگوار گذرے وہ صبر کرے کیونکہ جو شخص ایک بالشت برابر بھی جماعت سے الگ ہوگا وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔

۴۶۷۶ - وَحَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا الْجَعْدُ حَدَّثَنَا اَبُو رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَرِهَ مِنْ اَمِيرِهِ شَيْئًا فَلْيَصْبِرْ عَلَيْهِ فَاِنَّهُ لَيْسَ اَحَدٌ مِنَ النَّاسِ خَرَجَ مِنَ السُّلْطَانِ شِبْرًا فَمَاتَ عَلَيْهِ اِلَّا مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو اپنے امیر کی کوئی بات ناگوار گزرے وہ اس پر صبر کرے کیونکہ لوگوں میں سے جو شخص بھی سلطان (کی اطاعت) سے ایک بالشت بھی نکلا تو وہ زمانہ جاہلیت کی موت مرے گا۔

۴۶۷۷ - حَدَّثَنَا هُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةٍ عُمِّيَّةٍ يَدْعُو عَصَبِيَّةً اَوْ يَنْصُرُ عَصَبِيَّةً فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ۔

حضرت جندب بن عبداللہ بجلی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو شخص اندھی تقلید میں کسی کے جھنڈے کے نیچے مارا گیا، جو عصبیت کی دعوت دیتا تھا اور عصبیت کی مدد کرتا تھا اس کی موت جاہلیت کی موت ہے۔

۴۶۷۸ - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا عَاصِمٌ (وَهُوَ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ) عَنْ زَيْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ نَافِعٍ قَالَ جَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطِيعٍ حِينَ كَانَ مِنْ اَمْرِ الْحَرَّةِ مَا كَانَ زَمَنَ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ فَقَالَ اطْرَحُوا لِاَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

نافع بیان کرتے ہیں کہ یزید بن معاویہ کے دور حکومت میں جب واقعہ حرہ ہوا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما عبداللہ بن مطیع کے پاس گئے، ابن مطیع نے کہا حضرت ابو عبدالرحمن (یہ حضرت ابن عمر کی کنیت تھی) کے لیے غالیچہ بچھا دو، حضرت ابن عمر نے فرمایا میں تمہارے پاس بیٹھنے کے لیے نہیں آیا، میں تمہارے پاس صرف اس لیے آیا ہوں

وِسَادَةً فَقَالَ اِنِّیْ لَمْ اٰتِكَ لِاَجْلِسَ اَتَيْتُكَ لِاُحَدِّثَكَ حَدِيْثًا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُهٗ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ خَلَعَ يَدًا مِّنْ طَاعَةٍ لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا حُجَّةَ لَهٗ وَمَنْ مَّاتَ وَلَيْسَ فِيْ عُنُقِهٖ بَيْعَةٌ مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً۔

کہ تم کو ایک حدیث سناؤں جس کو میں نے خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے (امام کی) اطاعت سے ہاتھ نکال لیا وہ قیامت کے دن اللہ تعالٰے سے اس حال میں ملے گا کہ اس کے حق میں کوئی حجت نہیں ہوگی، اور جو شخص اس حال میں مرا کہ اس کی گردن میں کسی کی بیعت نہیں تھی وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔

۴۶۷۹۔ وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ جَعْفَرٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ اَتَى ابْنَ مُطِيْعٍ فَذَكَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ ابن مطیع کے پاس گئے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے حدیث روایت کی۔

۴۶۸۰۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَا جَمِيْعًا حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنٰى حَدِيْثِ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ۔

ایک اور سند کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی حدیث حضرت ابن عمر سے مروی ہے۔

خیر اور شر کے اعتبار سے ادوار امت کی تقسیم

اس باب کی حدیث نمبر ۴۶۶۹ میں ہے: زمانۂ جاہلیت کے بعد خیر ہوگی اور پھر شر ہوگا، اس شر کے بعد پھر خیر ہوگی لیکن اس میں کچھ میل ہوگا اور اس کے بعد پھر شر ہوگا، اس حدیث کی تشریح میں علامہ ابی مالکی لکھتے ہیں:

اس حدیث میں جو تین احوال بیان کیے گئے ہیں یہ خلافت کے تین احوال ہیں، پہلی قسم خیر محض ہے اور یہ خلفاء راشدین کی خلافت ہے جو خلافت علی منہاج النبوت ہے۔ دوسری قسم وہ ہے جس کے متعلق آپ نے فرمایا: اس خیر کے بعد شر ہوگا، یہ ملوکیت کا دور ہے جو خلافت راشدہ کے بعد عمر بن عبدالعزیز تک رہا۔ تیسری قسم وہ ہے جس کے متعلق فرمایا: اس شر کے بعد خیر ہوگی لیکن اس میں میل کی آمیزش ہوگی اس کی تفسیر عمر بن عبدالعزیز کے دورِ خلافت سے کی گئی ہے اس کے بعد جو ملوک اور سلاطین آئے ان کو آپ نے شر کے ساتھ تعبیر فرمایا ہے۔ [1]

---

[1] علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۹۲۔ ۱۹۱ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

یزید کی بیعت کے سلسلہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا موقف

امام بخاری نافع سے روایت کرتے ہیں کہ جب اہل مدینہ نے یزید بن معاویہ کی بیعت توڑ دی تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اولاد اور اپنے اقارب کو جمع کیا اور کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے کہ قیامت کے دن ہر عہد شکن کے لیے ایک جھنڈا نصب کیا جائے گا، اور ہم نے اس شخص (یزید بن معاویہ) سے اللہ اور اس کے رسول کی بیعت پر بیعت کی ہے اور میں اس سے بڑھ کر کوئی اور بدعہدی اور عہد شکنی نہیں جانتا کہ کسی شخص سے اللہ اور اس کے رسول کی بیعت پر بیعت کی جائے اور پھر اس کے خلاف جنگ شروع کی جائے، اور مجھے جس شخص کے متعلق بھی یہ علم ہوا کہ اس نے یزید کی بیعت توڑ دی ہے یا اس معاملہ میں کسی کا ساتھ دیا ہے تو میرا اور اس کا تعلق منقطع ہو جائے گا۔ [1]

اور اس باب کی حدیث نمبر ۴۶۷۸ میں ہے: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے یزید کی بیعت توڑنے والوں کے پاس جا کر کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: جس شخص نے (امام کی) اطاعت سے ہاتھ نکال لیا وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے بغیر حجت کے ملاقات کرے گا، علامہ ابی مالکی اس کی تشریح میں لکھتے ہیں:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا مسلک یہ تھا کہ اگر امام کی بیعت کے بعد اس میں فسق ظاہر ہو جائے تو اس کی بیعت توڑنا اور اس کے خلاف خروج کرنا جائز نہیں ہے اور یہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ اکثر بلکہ تمام فقہاء کا مسلک یہی ہے جیسا کہ ابن مجاہد نے ذکر کیا ہے، اور جو فقہاء فاسق امام کے خلاف اٹھنے اور خروج کو جائز سمجھتے ہیں وہ حضرت حسین اور حضرت ابن الزبیر کے خروج سے استدلال کرتے ہیں، اور جمہور فقہاء ان احادیث کی بناء پر اس کو منع کرتے ہیں نیز کبھی یہ قیام اور خروج زبردست فتنہ فساد اور خونریزی پر منتج ہوتا ہے، جیسا کہ واقعہ حرہ میں ہوا، اور ایک قول یہ ہے یہ اختلاف ابتداء میں تھا بعد میں سب کا اس پر اتفاق ہو گیا کہ فاسق امام کے خلاف قیام اور خروج جائز نہیں ہے۔

اگر یہ اعتراض ہو کہ اختلاف اس صورت میں ہے جب امام پہلے عادل ہو اور پھر فاسق ہو جائے، لیکن جو شخص انعقاد امامت سے پہلے ہی فاسق ہو اور اس کی بیعت کر لی جائے تو اس کے متعلق اتفاق ہے کہ اس کی امامت منعقد نہیں ہوتی، اور یزید امامت کے منعقد ہونے سے پہلے ہی فاسق تھا، اس کا جواب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ابتداءً فاسق ہو تو اس کی امامت منعقد نہیں ہوتی، لیکن اگر اس کی بیعت کر لی جائے تو پھر اس کی امامت منعقد ہو جاتی ہے اور وہ امام اس امام کے حکم میں ہو جاتا ہے جو پہلے عادل ہو اور بعد میں فاسق ہو جائے اور اس کی دلیل حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا ابن مطیع کو یزید کی بیعت توڑنے سے باز رکھنے کی کوشش کرنا ہے۔ [2]

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ جس امام کی بیعت منعقد ہو گئی اس کی اطاعت واجب ہے اور اس کے خلاف خروج جائز نہیں ہے خواہ وہ لوگوں پر ظلم کرے اور یہ کہ فسق سے امام معزول نہیں ہوتا۔ [3]

---

[1] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۵۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۰۲، مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

[3] حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱۳ ص ۷۲، مطبوعہ دار نشر الکتب اسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

اس حدیث میں واقعہ حرہ کا بھی ذکر ہے، واقعہ حرہ کی تفصیل شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۱۰ میں ملاحظہ فرمائیں۔

بَابُ ۱۳۴ حُكْمِ مَنْ فَرَّقَ أَمْرَ الْمُسْلِمِينَ وَهُوَ مُجْتَمِعٌ

مسلمانوں کی جماعت میں تفریق کرنے والے کا حکم

۴۶۸۱ - حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ وَقَالَ ابْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَرْفَجَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّهُ سَتَكُونُ هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ فَمَنْ أَرَادَ أَنْ يُفَرِّقَ أَمْرَ هَذِهِ الْأُمَّةِ وَهِيَ جَمِيعٌ فَاضْرِبُوهُ بِالسَّيْفِ كَائِنًا مَنْ كَانَ ۔

حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عنقریب فتنے ہوں گے، سو جو شخص اس امت کی جمعیت کو توڑنے کا ارادہ کرے اس کو تلوار سے مار دو خواہ وہ کوئی شخص ہو۔

۴۶۸۲ - وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خِرَاشٍ حَدَّثَنَا حَبَّانُ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ ح وَحَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى عَنْ شَيْبَانَ ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الْمُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْخَثْعَمِيُّ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ ح وَحَدَّثَنِي حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا عَارِمُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُخْتَارِ وَرَجُلٌ سَمَّاهُ كُلُّهُمْ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ عَرْفَجَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِهِمْ جَمِيعًا فَاقْتُلُوهُ ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی چار سندیں بیان کیں سب روایات میں "فاقتلوا" ہے۔

۴۶۸۳ - وَحَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي يَعْفُورٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَرْفَجَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ أَتَاكُمْ وَأَمْرُكُمْ جَمِيعٌ عَلَى رَجُلٍ وَاحِدٍ يُرِيدُ أَنْ يَشُقَّ عَصَاكُمْ أَوْ يُفَرِّقَ جَمَاعَتَكُمْ فَاقْتُلُوهُ ۔

حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے کہ جب تم ایک شخص کی امامت پر متفق ہو پھر کوئی شخص تمہارے اتحاد کی لاٹھی کو توڑنے کی کوشش کرے یا تمہاری جماعت میں تفریق کی کوشش کرے تو اس کو قتل کر دو۔

بَابُ ۶۳۵ اِذَا بُوْيِعَ لِخَلِيْفَتَيْنِ

دو خلیفوں سے بیعت کا حکم

۴۶۸۴ - وَحَدَّثَنِیْ وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِیُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بُوْيِعَ لِخَلِيْفَتَيْنِ فَاقْتُلُوا الْاٰخَرَ مِنْهُمَا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دو خلیفوں کی بیعت کی جائے تو ان میں سے دوسرے کو قتل کر دو۔

ف: اس حدیث کی شرح ہم نے کتاب الامارۃ کے مقدمہ میں بیان کر دی ہے، وہاں ملاحظہ کر لی جائے۔

بَابُ ۶۳۶ وُجُوْبِ الْاِنْكَارِ عَلَی الْاُمَرَآءِ فِيْمَا يُخَالِفُ الشَّرْعَ وَتَرْكِ قِتَالِهِمْ مَا صَلَّوْا وَنَحْوُ ذٰلِكَ

خلاف شرع امور میں حکام کا رد کرنا واجب ہے اور جب تک وہ نماز پڑھتے رہیں ان کے خلاف جنگ کرنا ممنوع ہے

۴۶۸۵ - حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ الْاَزْدِیُّ حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰی حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ ضَبَّةَ بْنِ مِحْصَنٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتَكُوْنُ اُمَرَآءُ فَتَعْرِفُوْنَ وَتُنْكِرُوْنَ فَمَنْ عَرَفَ بَرِئَ وَمَنْ اَنْكَرَ سَلِمَ وَلٰكِنْ مَنْ رَضِیَ وَتَابَعَ قَالُوْا اَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ قَالَ لَا مَا صَلَّوْا۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب تم پر ایسے حاکم مقرر ہوں گے جو اچھے اور برے کام کریں گے سو جس نے برے کاموں کو پہچان لیا وہ بری ہو گیا، اور جس نے برے کاموں کو مسترد کیا وہ سلامت رہا، البتہ جس شخص نے برے کاموں کو پسند کیا اور ان کی پیروی کی (وہ سلامت نہیں رہے گا) صحابہ نے عرض کیا: کیا ہم ان سے جنگ نہ کریں؟ آپ نے فرمایا نہیں، جب تک کہ وہ نماز پڑھتے رہیں۔

۴۶۸۶ - وَحَدَّثَنِیْ اَبُوْ غَسَّانَ الْمِسْمَعِیُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ جَمِيْعًا عَنْ مُعَاذٍ (وَاللَّفْظُ لِاَبِیْ غَسَّانَ) حَدَّثَنَا مُعَاذٌ (وَهُوَ ابْنُ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِیُّ) حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ عَنْ ضَبَّةَ بْنِ مِحْصَنٍ الْعَنَزِيِّ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اِنَّهُ يُسْتَعْمَلُ عَلَيْكُمْ اُمَرَآءُ فَتَعْرِفُوْنَ وَتُنْكِرُوْنَ فَمَنْ كَرِهَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم پر ایسے امیر مقرر کیے جائیں گے جن سے تم اچھائیاں بھی دیکھو گے اور برائیاں بھی، سو جو برے کام کو ناپسند کرے گا وہ بری ہو جائے گا اور جو اس کو مسترد کرے گا وہ سلامت رہے گا، البتہ جو شخص ان کو پسند کرے گا اور ان کی پیروی کرے گا وہ سلامت نہیں رہے گا۔

فَقَدْ بَرِئَ وَمَنْ اَنْكَرَ فَقَدْ سَلِمَ وَلٰكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نُقَاتِلُهُمْ قَالَ لَا مَا صَلَّوْا (اَيْ مَنْ كَرِهَ بِقَلْبِهٖ وَاَنْكَرَ بِقَلْبِهٖ)

بری نہیں ہوگا) صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم ان سے جہاد نہ کریں، آپ نے فرمایا نہیں جب تک وہ نماز پڑھتے رہیں، برا جاننے سے دل سے برا جاننا اور مسترد کرنے سے دل سے مسترد کرنا مراد ہے۔

۴۶۸۷ - وَحَدَّثَنِيْ اَبُو الرَّبِيْعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ (يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ) حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى ابْنُ زِيَادٍ وَهِشَامٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ ضَبَّةَ بْنِ مِحْصَنٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ ذٰلِكَ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ فَمَنْ اَنْكَرَ فَقَدْ بَرِئَ وَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ سَلِمَ۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے، البتہ اس حدیث میں یہ الفاظ ہیں جس نے انکار کیا وہ بری ہوگیا اور جس نے ناپسند کیا وہ سلامت رہا۔

۴۶۸۸ - وَحَدَّثَنَاهُ حَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْبَجَلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ ضَبَّةَ بْنِ مِحْصَنٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ اِلَّا قَوْلَهٗ وَلٰكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ لَمْ يَذْكُرْهُ۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے۔ البتہ اس میں یہ الفاظ نہیں ہیں "ولکن من رضی وتابع"۔

حکام کے خلاف شرع کاموں پر عوام کی کیا ذمہ داری ہے؟

جب عوام حاکموں کے خلاف شرع کاموں کو دیکھیں تو اگر وہ ان برائیوں کی عملی اصلاح کرسکتے ہوں تو عملی اصلاح کریں ورنہ زبان سے ان کاموں کا رد کریں اور اگر اس پر بھی قادر نہ ہوں تو دل سے ان کاموں کو برا جانیں۔

حدیث نمبر ۴۶۸۵ میں ہے فمن عرف فقد برئ اور ایک روایت میں ہے فمن کرہ فقد برئ، دوسری روایت کی بناء پر معنی یہ ہے کہ جس نے برائی کو مکروہ جانا وہ اس کے عذاب سے بری ہوگیا، اور یہ اس کے حق میں ہے جو برائی کو ہاتھ سے مٹا سکتا ہو نہ زبان سے اس کا انکار کرسکتا ہو تو اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ برائی کو دل سے برا جانے تاکہ وہ عذاب سے بری ہوجائے، اور پہلی روایت کی بناء پر معنی یہ ہے جس نے برائی کو پہچان لیا اور وہ اس پر مشتبہ نہیں ہوئی تو اس کو عذاب سے نجات کا طریقہ معلوم ہوجائے گا بایں طور کہ وہ اپنے ہاتھ سے برائی کو بدل لے اور اگر اس کی استطاعت نہ ہو تو زبان سے اس کا انکار کرے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو دل سے اس کو برا جانے اور جو شخص کسی برائی کو زائل کرنے سے عاجز ہو تو وہ اس پر محض سکوت سے گنہ گار نہیں ہوگا جب تک کہ وہ اس برائی کو دل سے پسند نہ کرے یا اس کی پیروی نہ کرے، جس طرح آپ نے ارشاد فرمایا: البتہ جس شخص نے برے کاموں کو پسند کیا اور ان کی پیروی کی۔

ظالم اور فاسق خلفاء کے خلاف خروج نہ کرنے کی دلیل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صحابہ نے پوچھا کیا ہم ایسے حاکموں سے

جنگ نہ کریں ؟ آپ نے فرمایا نہیں جب تک وہ نماز پڑھتے رہیں اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ جب تک خلفاء قواعد اسلام میں کوئی تغییر نہ کریں ان کے خلاف خروج جائز نہیں ہے اور یہ کہ محض ظلم اور فسق سے خلفاء کے خلاف خروج کرنا جائز نہیں ہے۔

بَابُ ۶۳ خِيَارِ الْاَئِمَّةِ وَشِرَارِهِمْ

اچھے اور برے حاکموں کا بیان

۴۶۸۹ - حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ رُزَيْقِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ قَرَظَةَ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خِيَارُ اَئِمَّتِكُمُ الَّذِيْنَ تُحِبُّوْنَهُمْ وَيُحِبُّوْنَكُمْ وَيُصَلُّوْنَ عَلَيْكُمْ وَتُصَلُّوْنَ عَلَيْهِمْ وَشِرَارُ اَئِمَّتِكُمُ الَّذِيْنَ تُبْغِضُوْنَهُمْ وَيُبْغِضُوْنَكُمْ وَتَلْعَنُوْنَهُمْ وَيَلْعَنُوْنَكُمْ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نُنَابِذُهُمْ بِالسَّيْفِ فَقَالَ لَا مَا اَقَامُوْا فِيْكُمُ الصَّلٰوةَ وَاِذَا رَاَيْتُمْ مِنْ وُلَاتِكُمْ شَيْئًا تَكْرَهُوْنَهُ فَاكْرَهُوْا عَمَلَهُ وَلَا تَنْزِعُوْا يَدًا مِنْ طَاعَةٍ۔

۴۶۹۰ - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ (يَعْنِي ابْنَ مُسْلِمٍ) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ اَخْبَرَنِيْ مَوْلٰى بَنِيْ فَزَارَةَ (وَهُوَ رُزَيْقُ بْنُ حَيَّانَ) اَنَّهُ سَمِعَ مُسْلِمَ بْنَ قَرَظَةَ ابْنَ عَمِّ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خِيَارُ اَئِمَّتِكُمُ الَّذِيْنَ تُحِبُّوْنَهُمْ وَيُحِبُّوْنَكُمْ وَتُصَلُّوْنَ عَلَيْهِمْ وَيُصَلُّوْنَ عَلَيْكُمْ وَشِرَارُ اَئِمَّتِكُمُ الَّذِيْنَ تُبْغِضُوْنَهُمْ وَيُبْغِضُوْنَكُمْ وَتَلْعَنُوْنَهُمْ وَيَلْعَنُوْنَكُمْ قَالُوْا قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نُنَابِذُهُمْ عِنْدَ ذٰلِكَ قَالَ لَا مَا اَقَامُوْا فِيْكُمُ الصَّلٰوةَ لَا مَا اَقَامُوْا فِيْكُمُ [illegible]

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے بہترین امام (خلیفہ) وہ ہیں جن سے تم محبت کرو اور وہ تم سے محبت کریں، تم ان کے لیے دعاء مغفرت کرو اور وہ تمہارے لیے دعاء مغفرت کریں، اور تمہارے بدترین امام وہ ہیں جن سے تم بغض رکھو اور وہ تم سے بغض رکھیں، تم ان پر لعنت کرو اور وہ تم پر لعنت کریں، عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! کیا ہم ان کو تلوار کے زور سے معزول نہ کریں ؟ آپ نے فرمایا نہیں! جب تک کہ وہ تم میں نماز قائم کرتے رہیں، اور جب تم اپنے حکمرانوں کی کوئی برائی دیکھو تو ان کے اس عمل کو برا جانو اور ان کی اطاعت سے دستکش نہ ہو۔

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے بہترین امام وہ ہیں جن سے تم محبت کرو اور وہ تم سے محبت کریں، تم ان کے لیے دعاء مغفرت کرو اور وہ تمہارے لیے دعاء مغفرت کریں اور تمہارے بدترین امام وہ ہیں جن سے تم بغض رکھو اور وہ تم سے بغض رکھیں، اور تم ان پر لعنت کرو اور وہ تم پر لعنت کریں، صحابہ نے کہا ہم نے عرض کیا کہ کیا ہم ایسے موقع پر ان کو تلوار سے معزول نہ کر دیں، آپ نے فرمایا نہیں جب تک وہ تم میں نماز قائم کرتے رہیں، نہیں، جب تک وہ تم میں نماز قائم کرتے رہیں، سنو! جن لوگوں پر کسی [illegible]

الصَّلٰوۃَ اَلَا مَنْ وَلِیَ عَلَیْہِ وَالٍ فَرَاٰہُ یَاْتِیْ شَیْئًا مِنْ مَّعْصِیَۃِ اللّٰہِ فَلْیَکْرَہْ مَا یَاْتِیْ مِنْ مَّعْصِیَۃِ اللّٰہِ وَلَا یَنْزِعَنَّ یَدًا مِّنْ طَاعَۃٍ قَالَ ابْنُ جَابِرٍ فَقُلْتُ (یَعْنِیْ لِزُرَیْقٍ) حِیْنَ حَدَّثَنِیْ بِھٰذَا الْحَدِیْثِ اٰللّٰہِ یَا اَبَا الْمِقْدَامِ لَحَدَّثَکَ بِھٰذَا اَوْ سَمِعْتَ ھٰذَا مِنْ مُّسْلِمِ بْنِ قَرَظَۃَ یَقُوْلُ سَمِعْتُ عَوْفًا یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فَجَثٰی عَلٰی رُکْبَتَیْہِ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَۃَ فَقَالَ اَیْ وَاللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لَسَمِعْتُہٗ مِنْ مُّسْلِمِ بْنِ قَرَظَۃَ یَقُوْلُ سَمِعْتُ عَوْفَ ابْنَ مَالِکٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

میں مبتلا دیکھے تو وہ اللہ کی اس معصیت کو برا جانیں اور اس کی اطاعت سے دست کش نہ ہوں، ابن جابر بیان کرتے ہیں کہ جب رزیق بن حیان نے یہ حدیث مجھ سے بیان کی تو میں نے کہا، ابو مقدام میں تم کو خدا کی قسم دے کر یہ سوال کرتا ہوں آیا تم کو یہ حدیث کسی نے بیان کی، یا تم نے مسلم بن قرظہ سے یہ حدیث خود سنی ہے، جنھوں نے اس کو عوف سے سنا اور وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا، یہ سن کر رزیق گھٹنوں کے بل گر گئے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے کہا: اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، میں نے مسلم بن قرظہ سے یہ حدیث سنی اور انھوں نے حضرت عوف بن مالک سے اور وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث سنی ہے۔

۴۶۹۱۔ وَحَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَی الْاَنْصَارِیُّ حَدَّثَنَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ بِھٰذَا الْاِسْنَادِ وَقَالَ رُزَیْقٌ مَّوْلٰی بَنِیْ فَزَارَۃَ قَالَ مُسْلِمٌ وَرَوَاہُ مُعَاوِیَۃُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ رَّبِیْعَۃَ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ مُّسْلِمِ بْنِ قَرَظَۃَ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِکٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِہٖ۔

امام مسلم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت عوف بن مالک کی اس روایت کی ایک اور سند ذکر کی ہے۔

باب ۶۳ اِسْتِحْبَابِ مُبَایَعَۃِ الْاِمَامِ الْجَیْشَ عِنْدَ اِرَادَۃِ الْقِتَالِ وَبَیَانِ بَیْعَۃِ الرِّضْوَانِ تَحْتَ الشَّجَرَۃِ

جنگ کے وقت مجاہدین سے بیعت لینے کا استحباب اور بیعت رضوان کا بیان

۴۶۹۲۔ حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا لَیْثُ بْنُ سَعْدٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ اَخْبَرَنَا اللَّیْثُ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ کُنَّا یَوْمَ الْحُدَیْبِیَۃِ اَلْفًا وَّاَرْبَعَمِائَۃٍ فَبَایَعْنَاہُ وَعُمَرُ اٰخِذٌ بِیَدِہٖ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حدیبیہ کے دن ہم چودہ سو تھے، ہم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی در آں حالیکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک درخت کے نیچے آپ کا ہاتھ پکڑے

تحت الشجرة وهي سمرة وقال بايعناه على أن لا نفر ولم نبايعه على الموت۔

ہوئے تھے، ہم نے فرار نہ ہونے پر آپ کے ہاتھ پر بیعت کی اور آپ کے ہاتھ پر موت کی بیعت نہیں کی۔

۴۲۶۳۔ وحدثنا أبو بكر بن أبي شيبة حدثنا ابن عيينة ح وحدثنا ابن نمير حدثنا سفيان عن أبي الزبير عن جابر قال لم نبايع رسول الله صلى الله عليه وسلم على الموت إنما بايعناه على أن لا نفر۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے موت پر بیعت نہیں کی ہم نے آپ سے صرف اس بات پر بیعت کی تھی کہ ہم بھاگیں گے نہیں۔

۴۲۶۴۔ وحدثنا محمد بن حاتم حدثنا حجاج عن ابن جريج أخبرني أبو الزبير سمع جابرا يسأل كم كانوا يوم الحديبية قال كنا أربع عشرة مائة فبايعناه وعمر آخذ بيده تحت الشجرة وهي سمرة فبايعناه غير جد بن قيس الأنصاري اختبأ تحت بطن بعيره۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ حدیبیہ کے دن آپ کی کتنی تعداد تھی؟ آپ نے فرمایا: ہم چودہ سو تھے، ہم نے آپ سے بیعت کی دراں حالیکہ حضرت عمر ایک درخت کے نیچے آپ کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے، (وہ درخت سمرہ کا تھا) ہم نے آپ سے بیعت کی لیکن جد بن قیس انصاری نے آپ سے بیعت نہیں کی، وہ اپنے اونٹ کے پیٹ کے نیچے چھپ گیا۔

۴۲۶۵۔ وحدثني إبراهيم بن دينار حدثنا حجاج بن محمد الأعور مولى سليمان بن مجالد قال قال ابن جريج وأخبرني أبو الزبير أنه سمع جابرا يسأل هل بايع النبي صلى الله عليه وسلم بذي الحليفة فقال لا ولكن صلى بها ولم يبايع عند شجرة إلا الشجرة التي بالحديبية قال ابن جريج وأخبرني أبو الزبير أنه سمع جابر بن عبد الله يقول دعا النبي صلى الله عليه وسلم على بئر الحديبية۔

ابوالزبیر کہتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا: کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ذوالحلیفہ میں بیعت لی تھی؟ انھوں نے کہا نہیں، آپ نے وہاں نماز پڑھی تھی، اور حدیبیہ کے درخت کے سوا آپ نے کسی درخت کے نیچے بیعت نہیں لی، ابن جریج کہتے ہیں کہ انھیں ابوالزبیر نے یہ بتایا کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما یہ کہتے تھے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے کنوئیں پر دعا کی تھی۔

۴۲۶۶۔ وحدثنا سعيد بن عمرو الأشعثي وسويد بن سعيد وإسحاق بن إبراهيم وأحمد بن عبدة (واللفظ لسعيد) قال سعيد وإسحاق أخبرنا وقال الآخران حدثنا سفيان عن عمرو عن جابر قال كنا يوم الحديبية ألفا وأربعمائة ...

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حدیبیہ کے دن ہم ایک ہزار چار سو تھے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا اس وقت تم تمام روئے زمین کے بہترین افراد ہو، حضرت جابر نے کہا اگر میری ... تم کو اس درخت کی جگہ دکھاتا۔

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْتُمُ الْیَوْمَ خَیْرُ اَھْلِ الْاَرْضِ وَقَالَ جَابِرٌ لَوْ کُنْتُ اُبْصِرُ لَاَرَیْتُکُمْ مَوْضِعَ الشَّجَرَۃِ۔

۴۷۹۷۔ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ قَالَ سَاَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَۃِ فَقَالَ لَوْ کُنَّا مِائَۃَ اَلْفٍ لَکَفَانَا کُنَّا اَلْفًا وَّخَمْسَمِائَۃٍ۔

سالم بن ابی الجعد کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے اصحاب شجرہ (اصحاب بیعت رضوان) کے متعلق پوچھا انہوں نے کہا اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو وہ پانی ہمیں کافی ہوتا لیکن ہم پندرہ سو تھے۔

۴۷۹۸۔ وَحَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ وَابْنُ نُمَیْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ اِدْرِیْسَ ح وَحَدَّثَنَا رِفَاعَۃُ بْنُ الْھَیْثَمِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ یَعْنِی الطَّحَّانَ کِلَاھُمَا یَقُوْلُ عَنْ حُصَیْنٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَوْ کُنَّا مِائَۃَ اَلْفٍ لَکَفَانَا کُنَّا خَمْسَ عَشَرَۃَ مِائَۃً۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو وہ پانی ہمیں کافی ہوتا لیکن ہم پندرہ سو تھے

۴۷۹۹۔ وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ وَاِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ قَالَ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا وَقَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ حَدَّثَنِیْ سَالِمُ بْنُ اَبِی الْجَعْدِ قَالَ قُلْتُ لِجَابِرٍ کَمْ کُنْتُمْ یَوْمَئِذٍ قَالَ اَلْفًا وَّاَرْبَعَمِائَۃٍ۔

سالم بن ابی الجعد کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر سے پوچھا اس دن تم کتنے تھے؟ انھوں نے کہا چودہ سو۔

۴۷۰۰۔ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَمْرٍو (یَعْنِی ابْنَ مُرَّۃَ) حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ کَانَ اَصْحَابُ الشَّجَرَۃِ اَلْفًا وَّثَلٰثَمِائَۃٍ وَّکَانَتْ اَسْلَمُ ثُمُنَ الْمُھَاجِرِیْنَ۔

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اصحاب شجرہ تیرہ سو تھے اور قبیلہ اسلم کے لوگ مہاجرین کا آٹھواں حصہ تھے۔

۴۷۰۱۔ وَحَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰی حَدَّثَنَا اَبُوْدَاوٗدَ ح وَحَدَّثَنَاہُ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَیْلٍ جَمِیْعًا عَنْ شُعْبَۃَ بِھٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَہٗ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند ذکر کی ہے۔

۴۷۰۲۔ وَحَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیٰی اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں

بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ خَالِدٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَعْرَجِ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُنِي يَوْمَ الشَّجَرَةِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَايِعُ النَّاسَ وَأَنَا رَافِعٌ غُصْنًا مِنْ أَغْصَانِهَا عَنْ رَأْسِهِ وَنَحْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً قَالَ لَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ وَلٰكِنْ بَايَعْنَاهُ عَلٰى أَنْ لَّا نَفِرَّ۔

میں نے بیعت رضوان کے دن دیکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں سے بیعت لے رہے ہیں اور میں درخت کی شاخوں میں سے ایک شاخ کو آپ کے سر انور سے ہٹا رہا تھا، ہم اس وقت چودہ سو تھے، انھوں نے کہا ہم نے آپ سے موت پر بیعت نہیں کی، لیکن ہم نے یہ بیعت کی تھی کہ ہم بھاگیں گے نہیں۔

۴۷۰۳۔ وَحَدَّثَنَاهُ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يُونُسَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۷۰۴۔ وَحَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ طَارِقٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ كَانَ أَبِي مِمَّنْ بَايَعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الشَّجَرَةِ قَالَ فَانْطَلَقْنَا فِي قَابِلٍ حَاجِّينَ فَخَفِيَ عَلَيْنَا مَكَانُهَا فَإِنْ كَانَتْ تَبَيَّنَتْ لَكُمْ فَأَنْتُمْ أَعْلَمُ۔

سعید بن مسیب کہتے ہیں کہ میرے والد بھی ان لوگوں میں سے تھے جنھوں نے درخت کے نیچے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی تھی، انھوں نے کہا جب ہم اگلے سال حج کے لیے گئے تو ہم کو وہ جگہ نہیں مل سکی، اگر تم کو وہ جگہ معلوم ہو جائے تو تم زیادہ جانتے ہو۔

۴۷۰۵۔ وَحَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ وَقَرَأْتُهُ عَلَى نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِي أَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُمْ كَانُوا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الشَّجَرَةِ قَالَ فَنَسُوهَا مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ۔

سعید بن مسیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ بیعت رضوان کے سال وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، پھر اگلے سال وہ اس درخت کو بھول گئے۔

۴۷۰۶۔ وَحَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَا حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُ الشَّجَرَةَ ثُمَّ أَتَيْتُهَا بَعْدُ فَلَمْ أَعْرِفْهَا۔

سعید بن مسیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اس درخت کو دیکھا تھا بعد میں پھر اس درخت کے پاس گیا تو اس درخت کو نہ پہچان سکا۔

۴۷۰۷۔ وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ (يَعْنِي ابْنَ إِسْمَاعِيلَ) عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ قُلْتُ لِسَلَمَةَ عَلٰى أَيِّ شَيْءٍ بَايَعْتُمْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ

حضرت سلمہ بن اکوع کے مولیٰ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمہ سے پوچھا کہ حدیبیہ کے دن تم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر کس چیز کی بیعت کی تھی ؟ انھوں

الْحُدَيْبِيَةِ قَالَ عَلَى الْمَوْتِ۔

۴۷۰۸۔ وَحَدَّثَنَاهُ إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ عَنْ سَلَمَةَ بِمِثْلِهِ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۷۰۹۔ وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الْمَخْزُومِيُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيٰى عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ أَتَاهُ آتٍ فَقَالَ هٰذَاكَ ابْنُ حَنْظَلَةَ يُبَايِعُ النَّاسَ فَقَالَ عَلَى مَاذَا قَالَ عَلَى الْمَوْتِ قَالَ لَا أُبَايِعُ عَلَى هٰذَا أَحَدًا بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کے پاس کوئی شخص آیا اور کہنے لگا: ابن حنظلہ لوگوں سے بیعت لے رہے ہیں، پوچھا کس چیز پر؟ کہا موت پر، کہا میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی شخص کے ہاتھ پر موت کی بیعت نہیں کروں گا۔

حدیبیہ میں صحابہ کی تعداد کے متعلق مختلف روایات میں تطبیق

حدیث نمبر ۴۶۹۱ میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حدیبیہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چودہ سو صحابہ تھے، اور حدیث نمبر ۴۶۹۶ میں حضرت جابر سے روایت ہے کہ اس دن پندرہ سو صحابہ تھے، اور حدیث نمبر ۴۶۹۹ میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تیرہ سو صحابہ تھے، علامہ نووی نے لکھا ہے کہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی اکثر روایات میں چودہ سو صحابہ کا ذکر ہے اور ان مختلف روایات میں تطبیق اس طرح ہوگی کہ واقع میں چودہ سو سے کچھ زیادہ تھے، جس نے چودہ سو بیان کیے اس نے کسر کو ترک کر دیا، اور جس نے پندرہ سو کی روایت کی اس نے اس کسر کو تغلیباً ایک سو قرار دیا اور جس نے تیرہ سو کی روایت کی اس کے نزدیک یہ عدد متحقق نہیں تھا۔ علامہ ابی نے کہا ہے کہ اصل میں یہ ایک اندازہ تھا اور اندازے میں کمی اور بیشی ہوسکتی ہے۔[1]

حدیبیہ میں بیعت کے متعلق مختلف روایات میں تطبیق

حدیث نمبر ۴۶۹۱ میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر فرار نہ ہونے کی بیعت کی تھی، حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے بھی یہی روایت ہے اور حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت ہے کہ صحابہ نے حدیبیہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے موت پر بیعت کی تھی، اور مجاشع بن مسعود کی روایت ہے کہ صحابہ نے ہجرت پر بیعت کی اور اسلام اور جہاد پر بیعت کی اور حضرت ابن عمر اور حضرت عبادہ کی روایت ہے کہ ہم نے سمع اور طاعت پر بیعت کی اور اس پر بیعت کی کہ ہم کسی حاکم کی حکومت کے خلاف خروج نہیں کریں گے، اور صحیح مسلم کے علاوہ دوسری کتب حدیث میں یہ بھی ہے کہ ہم نے صبر پر بیعت کی۔ علامہ نووی لکھتے ہیں کہ علماء نے بیان کیا ہے کہ ان تمام احادیث کا معنی واحد ہے اور ان تمام روایات کا مقصود مشترک ہے۔ عدم فرار پر بیعت کا معنی یہ ہے کہ ہم صبر کریں گے تاوقتیکہ ہم دشمن پر غلبہ پالیں یا پھر شہید ہو جائیں، اور یہی موت پر بیعت کرنے کا معنی ہے یعنی ہم صبر کرتے رہیں گے اگرچہ اس سے ہماری موت واقع ہو جائے اور اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ موت فی نفسہٖ مقصود ہے، اور جہاد اور صبر پر بیعت کرنے کا بھی یہی معنی ہے۔[2] (حاشیہ ۲ آئندہ صفحہ پر ملاحظہ ہو)۔

[1] علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۰۷، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن سے کنویں کے پانی کا زیادہ ہو جانا

حدیث نمبر ۴۶۹۶ میں ہے اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو وہ پانی ہمیں کافی ہو جاتا، لیکن ہم پندرہ سو تھے، علامہ نووی لکھتے ہیں اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب صحابہ حدیبیہ میں پہنچے تو اس کے کنویں کا پانی جوتی کے تسمہ جتنا تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں اپنا لعاب دہن ڈالا اور برکت کی دعا فرمائی تو وہ پانی جوش کھانے لگا اور زیادہ ہو گیا اور یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت جابر سے سوال کرنے والا اصل حدیث کو تو جانتا تھا اور اس موقع پر پانی زیادہ ہونے کا اسے علم تھا، لیکن اس کو صحابہ کی تعداد کا علم نہیں تھا اس لیے حضرت جابر نے کہا ہر چند کہ ہم پندرہ سو تھے لیکن اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو وہ پانی ہمیں کافی ہوتا۔[1]

بیعت رضوان والے درخت کے مخفی ہو جانے کی حکمت

حدیث نمبر ۴۷۰۲ میں ہے کہ جس درخت کے نیچے بیعت رضوان کی گئی تھی بعد میں صحابہ اس درخت کو شناخت نہیں کر سکے، علماء نے لکھا ہے کہ اس کے مخفی ہونے میں یہ حکمت تھی کہ چونکہ اس درخت کے نیچے بیعت رضوان ہوئی اور خیر و برکت اور سکینہ کا نزول ہوا، اور اگر یہ درخت اسی طرح معلوم اور متعین رہتا تو یہ خطرہ تھا کہ ناواقف اور دیہاتی لوگ اس کی تعظیم اور عبادت کرتے، پس اس درخت کا مخفی ہو جانا بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت تھا۔[2]

ابن حنظلہ کے بیعت لینے کی وضاحت

حدیث نمبر ۴۷۰۹ میں عبد اللہ بن حنظلہ کی بیعت لینے کا ذکر ہے، جب اہل مدینہ نے یزید بن معاویہ کی بیعت توڑ دی اور یزید کے بھیجے ہوئے لشکر سے لڑنے کی تیاری کی تو اس وقت ابن حنظلہ نے یزید کے خلاف لڑنے پر بیعت لی، ابن حنظلہ کی یہ بیعت، بیعت خلافت نہیں تھی۔[3]

باب ۶۳۹ تَحْرِيْمِ رُجُوْعِ الْمُهَاجِرِ إِلَى اسْتِيْطَانِ وَطَنِهٖ ہجرت کے بعد پھر اس جگہ کو وطن بنانے کی ممانعت

۴۷۱۰ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ (يَعْنِي ابْنَ إِسْمَاعِيْلَ) عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ ابْنِ الْأَكْوَعِ أَنَّهٗ دَخَلَ عَلَى الْحَجَّاجِ فَقَالَ يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ ارْتَدَدْتَ عَلٰى عَقِبَيْكَ تَعَرَّبْتَ قَالَ لَا وَلٰكِنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَذِنَ لِيْ فِي الْبَدْوِ۔

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حجاج کے پاس گئے، اس نے کہا اے ابن الاکوع کیا تم دوبارہ اپنی پچھلی روش کے مطابق جنگلوں میں رہنے لگے؟ انھوں نے کہا نہیں مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگلوں میں رہنے کی اجازت دی تھی۔

---

[1] (حاشیہ سابقہ) علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۲۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] " " " " شرح مسلم ج ۲ ص ۱۳۰،

[3] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۶ ص ۲۱۰، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

ہجرت کے بعد وطن لوٹنے کا حکم | قاضی عیاض نے کہا ہے کہ امت کا اس پر اجماع ہے کہ مہاجر کا اپنی جائے ہجرت کو ترک کرنا اور واپس اپنے وطن لوٹنا حرام ہے اور یہ کہ مہاجر کا دوبارہ جنگلوں اور دیہاتوں میں لوٹ جانا حرام ہے، حجاج بن یوسف نے اسی وجہ سے حضرت سلمہ پر اعتراض کیا تھا، اور حضرت سلمہ نے اس بات کی وضاحت کی کہ ان کا دوبارہ دیہات میں رہنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خصوصی اجازت کی بناء پر ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت سلمہ نے اپنے وطن کی بجائے کسی اور جگہ رہائش اختیار کی ہو، یا یہ کہ ہجرت کے بعد واپس وطن لوٹنے کی حرمت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے ساتھ مخصوص تھی تاکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت اور آپ کی نصرت حاصل ہو سکے، یا پھر یہ ممانعت فتح مکہ سے پہلے تھی اور جب مکہ فتح ہو گیا اور اللہ تعالیٰ نے اسلام کو تمام ادیان پر غالب اور کفر کو مغلوب کر دیا اور مسلمانوں کو عزت اور سر بلندی حاصل ہو گئی تو پھر ہجرت کی فرضیت ساقط ہو گئی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں ہے اور فرمایا اہل ہجرت کی ہجرت ختم ہو گئی، یعنی جن لوگوں نے فتح مکہ سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حمایت اور نصرت اور دین کی نشر و اشاعت اور شریعت کی حفاظت اور اس کو منضبط کرنے کی خاطر ہجرت کی تھی، وہ ہجرت اب ختم ہو گئی، قاضی عیاض نے کہا کہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ فتح مکہ سے پہلے اہل مکہ پر ہجرت فرض تھی اور دوسرے مسلمانوں کے متعلق اختلاف ہے، ابو عبید نے کتاب الاموال میں ذکر کیا ہے کہ فتح مکہ سے پہلے جو آپ کے پاس وفود آتے تھے آپ انہیں ہجرت کرنے کا حکم دیتے تھے اور ایک قول یہ ہے کہ دوسرے مسلمانوں کے لیے ہجرت کرنا مستحب تھی، اور ایک قول یہ ہے کہ جس شہر کے تمام لوگ اسلام نہ لائے ہوں ان پر ہجرت فرض تھی تاکہ وہ کفار کی اطاعت پر مجبور نہ ہوں۔ [۱]

بَابُ الْمُبَايَعَةِ بَعْدَ فَتْحِ مَكَّةَ عَلَى الْإِسْلَامِ وَالْجِهَادِ وَالْخَيْرِ وَبَيَانِ مَعْنَى لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ

فتح مکہ کے بعد اسلام، جہاد اور خیر پر بیعت کرنا اور فتح مکہ کے بعد ہجرت نہ ہونے کی تاویل

۴۷۱۱ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ أَبُو جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ حَدَّثَنِي مُجَاشِعُ بْنُ مَسْعُودٍ السُّلَمِيُّ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُبَايِعُهُ عَلَى الْهِجْرَةِ فَقَالَ إِنَّ الْهِجْرَةَ قَدْ مَضَتْ لِأَهْلِهَا وَلَكِنْ عَلَى الْإِسْلَامِ وَالْجِهَادِ وَالْخَيْرِ۔

حضرت مجاشع بن مسعود سلمی بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہجرت پر بیعت کرنے کے لیے آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل ہجرت کی ہجرت ختم ہو چکی ہے، تاہم اسلام جہاد اور خیر پر بیعت کر لو۔

---

[۱] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۳۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

۴۷۱۲۔ وَحَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ أَخْبَرَنِي مُجَاشِعُ بْنُ مَسْعُودٍ السُّلَمِيُّ قَالَ جِئْتُ بِأَخِي أَبِي مَعْبَدٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الْفَتْحِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ بَايِعْهُ عَلَى الْهِجْرَةِ قَالَ قَدْ مَضَتِ الْهِجْرَةُ بِأَهْلِهَا قُلْتُ فَبِأَيِّ شَيْءٍ تُبَايِعُهُ قَالَ عَلَى الْإِسْلَامِ وَالْجِهَادِ وَالْخَيْرِ قَالَ أَبُو عُثْمَانَ فَلَقِيتُ أَبَا مَعْبَدٍ فَأَخْبَرْتُهُ بِقَوْلِ مُجَاشِعٍ فَقَالَ صَدَقَ۔

مجاشع بن مسعود سلمی بیان کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے بعد میں اپنے بھائی ابو معبد کو لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اس سے ہجرت پر بیعت لے لیجئے، آپ نے فرمایا ہجرت والوں کی ہجرت ختم ہو چکی ہے، میں نے عرض کیا پھر آپ کس چیز پر اس کی بیعت لیں گے؟ آپ نے فرمایا اسلام، جہاد اور خیر پر، ابو عثمان کہتے ہیں میری حضرت ابو معبد سے ملاقات ہوئی تو میں نے ان کو حضرت مجاشع کی حدیث سنائی، انھوں نے کہا اس نے سچ کہا ہے۔

۴۷۱۳۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَاصِمٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ فَلَقِيتُ أَخَاهُ فَقَالَ صَدَقَ مُجَاشِعٌ وَلَمْ يَذْكُرْ أَبَا مَعْبَدٍ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند ذکر کی ہے اس میں ہے میری حضرت مجاشع کے بھائی سے ملاقات ہوئی انھوں نے کہا اس نے سچ کہا اور ابو معبد کا ذکر نہیں ہے۔

۴۷۱۴۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَا أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ فَتْحِ مَكَّةَ لَا هِجْرَةَ وَلَكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے وقت جس دن مکہ فتح ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اب ہجرت نہیں ہے، لیکن جہاد اور نیت ہے اور جب تم کو جہاد کے لیے بلایا جائے تو چلے آؤ۔

۴۷۱۵۔ وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ وَابْنُ رَافِعٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ آدَمَ حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ يَعْنِي ابْنَ مُهَلْهِلٍ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى عَنْ إِسْرَائِيلَ كُلُّهُمْ عَنْ مَنْصُورٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی تین اور سندیں ذکر کی ہیں۔

۴۷۱۶۔ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْهِجْرَةِ فَقَالَ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ وَلَكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہجرت کے متعلق سوال کیا گیا، آپ نے فرمایا فتح کے بعد ہجرت نہیں ہے، لیکن جہاد اور نیت ہے اور جب تم کو جہاد کے لیے بلایا جائے تو فوراً چل پڑو۔

۴۷۱۷ ـ وَحَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ اللَّيْثِيُّ اَنَّهٗ حَدَّثَهُمْ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ اَنَّ اَعْرَابِيًّا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْهِجْرَةِ فَقَالَ وَيْحَكَ اِنَّ شَاْنَ الْهِجْرَةِ لَشَدِيْدٌ فَهَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَهَلْ تُؤْتِيْ صَدَقَتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاعْمَلْ مِنْ وَّرَاءِ الْبِحَارِ فَاِنَّ اللّٰهَ لَنْ يَّتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک اعرابی نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ہجرت کے متعلق سوال کیا آپ نے فرمایا: ہجرت تو بہت مشکل چیز ہے، کیا تمہارے پاس کچھ اونٹ ہیں؟ اس نے کہا ہاں، آپ نے فرمایا: کیا تم ان کی زکوٰۃ ادا کرتے ہو؟ اس نے کہا ہاں! آپ نے فرمایا سمندر کے پار عمل کرتے رہو اللہ تعالیٰ تمہارے کسی عمل کو ہرگز رائیگاں نہیں کرے گا۔

۴۷۱۸ ـ وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَنْ يَّتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا وَزَادَ فِي الْحَدِيْثِ قَالَ فَهَلْ تَحْلُبُهَا يَوْمَ وِرْدِهَا قَالَ نَعَمْ

ایک اور سند سے بھی یہ حدیث مروی ہے البتہ اس میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے عمل میں سے کسی چیز کو ضائع نہیں کرے گا اور یہ اضافہ ہے کہ اونٹنیاں پانی پینے کے لیے (گھاٹ یا چشمہ پر) جس دن آتی ہیں تو کیا تم (لوگوں کو) ان کا دودھ دوہنے کی اجازت دیتے ہو؟ اس نے کہا ہاں!

غیر اسلامی ملکوں میں رہنے کا حکم اور ہجرت کی تحقیق

علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی لکھتے ہیں: فقہاء شافعیہ اور دیگر فقہاء نے یہ کہا ہے کہ دارالحرب سے دارالاسلام کی طرف ہجرت کرنا قیامت تک باقی ہے اور اس باب کی حدیث میں ہے: "فتح کے بعد ہجرت نہیں ہے" اس کی دو تاویلیں ہیں ایک تاویل یہ ہے کہ مکہ فتح ہونے کے بعد دارالاسلام ہو گیا، اس لیے اب اس جگہ سے ہجرت کرنا متصور نہیں ہے، دوسری تاویل یہ ہے کہ جس ہجرت میں فضیلت تھی اور جو مقصود اور اہم تھی وہ ہجرت مکہ فتح ہونے کے بعد منقطع ہو گئی اور جن مسلمانوں نے مدینہ ہجرت کی تھی وہ ہجرت ان پر ختم ہو گئی کیونکہ فتح مکہ کے بعد اسلام قوی اور غالب ہو گیا۔ [1]

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:

ہجرت کی تعریف ہے دارالکفر سے دارالاسلام کی طرف جانا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ان الذین توفاھم الملائکۃ ظالمی انفسھم۔ جو لوگ اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے (البتہ جب ان)

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی متوفی ۶۷۶ھ، شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۳۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

قالوا فیم کنتم قالوا کنا مستضعفین فی الارض قالوا الم تکن ارض اللہ واسعۃ فتھاجروا فیھا فاولئک ماوٰھم جھنم وساءت مصیرا۔ (نساء: ۹۷)

(جنہوں نے ہجرت نہیں کی تھی) جب فرشتوں نے ان کی روحوں کو قبض کرتے وقت پوچھا: تم کیا کرتے رہے؟ انہوں نے کہا ہم زمین میں کمزور اور بے بس تھے، فرشتوں نے کہا: کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کرتے ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور یہ بُرا ٹھکانا ہے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے انا بریٔ من مسلم بین مشرکین لاترا ءا نا ر ا ھما (ابوداؤد) "میں اس مسلمان سے بیزار ہوں جو مشرکوں کے درمیان رہتا ہے، ان دونوں کی آگ (ایک جگہ) دکھائی نہ دے"؛ یعنی مسلمان ایسی جگہ نہ رہیں جہاں سے ان کی آگ مشرکوں کو دکھائی دے اور مشرکوں کی آگ مسلمانوں کو دکھائی دے اس موضوع کے متعلق بکثرت احادیث ہیں، جمہور فقہاء کے نزدیک قیامت تک ہجرت کا حکم باقی ہے اور بعض فقہاء کا یہ نظریہ ہے کہ اب ہجرت منقطع ہو چکی ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "فتح کے بعد ہجرت نہیں ہے"؛ نیز آپ نے فرمایا ہجرت منقطع ہو چکی ہے اور جہاد اور نیت باقی ہے۔

روایت ہے کہ جب صفوان بن امیہ اسلام لائے تو ان سے کہا گیا کہ جو شخص ہجرت نہ کرے اس کا دین نہیں ہے، سو وہ مدینہ آیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا: اے ابو وہب تم یہاں کیوں آئے ہو؟ اس نے کہا مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ "جو ہجرت نہ کرے اس کا کوئی دین نہیں ہے"؛ آپ نے فرمایا: اے ابو وہب مکہ کی وادیوں میں لوٹ جاؤ اور اپنے گھروں میں رہو، کیونکہ اب ہجرت ختم ہو چکی ہے تاہم جہاد اور نیت باقی ہے۔

ہماری دلیل یہ ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے ہجرت اس وقت تک منقطع نہیں ہوگی جب تک توبہ منقطع نہیں ہوگی، اور جب تک سورج مغرب سے طلوع نہ ہو توبہ منقطع نہیں ہوگی۔ (ابوداؤد)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے جب تک جہاد ہے ہجرت منقطع نہیں ہوگی اس کے علاوہ قرآن مجید کی آیات اور احادیث ہجرت کے عموم اور اطلاق پر دلالت کرتی ہیں، جس کا تقاضا یہ ہے کہ ہجرت ہر زمانہ میں مشروع ہے، اور جس حدیث میں یہ ہے کہ فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں ہے اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شہر فتح ہوگیا اس سے ہجرت نہیں ہے اور صفوان کی جس روایت میں ہے ہجرت منقطع ہوگئی، اس کا مطلب یہ ہے کہ مکہ سے ہجرت منقطع ہوگئی، کیونکہ ہجرت کا معنی ہے کفار کے شہر سے نکلنا اور جب کوئی شہر فتح ہوگیا تو پھر وہ کافروں کا شہر نہیں رہا، اس لیے اب اس شہر سے ہجرت کا حکم باقی نہیں رہا، ہر شہر کا یہی حکم ہے اس لیے ہجرت کے اعتبار سے لوگوں کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) جو لوگ کفار کے شہر میں ہوں اور اس شہر سے ہجرت پر قادر ہوں، اور ان کے لیے ان کافروں کے ساتھ رہتے ہوئے دین کا اظہار کرنا اور فرائض و واجبات کو ادا کرنا ممکن نہ ہو، ان لوگوں پر ہجرت کرنا واجب ہے، کیونکہ قرآن مجید میں ہے الم تکن ارض اللہ واسعۃ فتھاجروا فیھا فاولئک ماوٰھم جھنم وساءت مصیرا (نساء: ۹۷) کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کر لیتے ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے" اور یہ بہت شدید وعید ہے

جو وجوب پر دلالت کرتی ہے نیز اس لیے کہ واجب کا مقدمہ واجب ہوتا ہے اور واجبات کی ادائیگی ہجرت پر موقوف ہو تو ہجرت واجب ہو جائے گی۔

(۲) جو شخص کفار کے ملک میں فرائض وغیرہ کے ادا کرنے پر قادر نہ ہو اور کسی عذر کی بناء پر ہجرت نہ کر سکتا ہو مثلاً بیمار ہو، یا اس کو جبراً ٹھہرایا گیا ہو یا عورتوں اور بچوں کا ضعف ہو، اس پر ہجرت واجب نہیں ہے۔ کیونکہ قرآن مجید میں ہے:

الا المستضعفین من الرجال والنساء والولدان لا یستطیعون حیلۃ ولا یھتدون سبیلا ○ فاولئک عسی اللہ ان یعفو عنھم وکان اللہ عفوا غفورا ○

ہاں! جو مرد، عورتیں اور بچے واقعی بے بس ہوں اور (کفار کے شہروں سے) نکلنے کا کوئی راستہ اور ذریعہ نہیں پاتے، ان سے شاید اللہ تعالیٰ درگذر فرمائے اور اللہ تعالیٰ بڑا معاف کرنے والا اور بہت درگذر کرنے والا ہے۔

(نساء: ۹۹-۹۸)

(۳) جو لوگ دار الکفر میں رہتے ہیں اور اس شہر سے ہجرت کرنے پر قادر ہوں لیکن وہ دار الکفر میں دین کے اظہار اور فرائض و واجبات کی ادائیگی بھی بخوبی کر سکتے ہوں، ان کے لیے ہجرت کرنا مستحب ہے واجب نہیں ہے، اور یہ استحباب اس وجہ سے ہے کہ وہ دار الاسلام میں رہ کر مسلمانوں کے ساتھ جہاد میں شامل ہو سکیں گے، اور مسلمانوں کی افرادی قوت میں اضافہ کا سبب بنیں گے اور دیگر معاملات میں ان کے معاون ہوں گے اور کفار کے ساتھ اختلاط، ان کی عددی قوت میں اضافہ اور ان کے فواحش اور منکرات کو دیکھنے سے بچے رہیں گے اور ان پر ہجرت کرنا واجب اس لیے نہیں ہے کہ وہ ہجرت کے بغیر بھی فرائض اور واجبات کو ادا کر سکتے ہیں، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ اسلام لانے کے باوجود مکہ میں مقیم رہے اور روایت ہے کہ حضرت نعیم نحام نے جب ہجرت کا ارادہ کیا تو ان کی قوم (بنو عدی) ان کے پاس گئی اور کہا تم اپنے دین پر قائم رہو اور ہمارے پاس ٹھہرو، اور جو شخص تمہیں اذیت پہنچانے کا ارادہ کرے گا ہم تم کو اس سے محفوظ رکھیں گے اور تم جو ہماری کفالت کیا کرتے تھے وہ کرتے رہنا (حضرت نعیم بنو عدی کے یتیموں اور بیواؤں کی کفالت کرتے تھے) سو ایک مدت تک انہوں نے ہجرت نہیں کی اور کافی عرصہ کے بعد انہوں نے ہجرت کی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تمہاری قوم میری قوم سے بہتر ہے، میری قوم نے مجھے وطن سے نکال دیا اور مجھے قتل کرنے کا ارادہ کیا، اور تمہاری قوم نے تمہاری حفاظت اور حمایت کی اور تمہیں جانے نہیں دیا، حضرت نعیم نے کہا یا رسول، بلکہ آپ کی قوم نے آپ کو اللہ تعالیٰ کی عبادت اور دشمن کے خلاف جہاد کی طرف نکالا اور میری قوم نے مجھے ہجرت اور اللہ کی عبادت سے روک لیا۔ [1]

علامہ ابن قدامہ نے جو ہجرت کی تیسری قسم بیان کی ہے آج کل اس کا مصداق وہ مسلمان ہیں جو معاشی ضروریات کی بناء پر ترکِ وطن کر کے انگلینڈ، آسٹریلیا، امریکہ، ہالینڈ، مغربی جرمنی اور افریقہ وغیرہ میں سکونت اختیار کر چکے ہیں اور

[1] علامہ موفق الدین عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۹ ص ۲۳۷-۲۳۶، مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۰۵ھ

انھوں نے ان علاقوں کی مستقل شہریت اختیار کر لی ہے، کتاب الجہاد میں ہم نے اس مسئلہ کو زیادہ تفصیل اور تحقیق سے بیان کیا ہے۔

بَابُ كَيْفِيَّةِ بَيْعَةِ النِّسَاءِ

۴۷۱۹۔ حَدَّثَنِيْ اَبُوالطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ ابْنُ يَزِيْدَ قَالَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَتِ الْمُؤْمِنَاتُ اِذَا هَاجَرْنَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُمْتَحَنَّ بِقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَمَنْ اَقَرَّ بِهٰذَا مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ فَقَدْ اَقَرَّ بِالْمِحْنَةِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَقْرَرْنَ بِذٰلِكَ مِنْ قَوْلِهِنَّ قَالَ لَهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْطَلِقْنَ فَقَدْ بَايَعْتُكُنَّ وَلَا وَاللّٰهِ مَا مَسَّتْ يَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَ امْرَاَةٍ قَطُّ غَيْرَ اَنَّهٗ يُبَايِعُهُنَّ بِالْكَلَامِ قَالَتْ عَائِشَةُ وَاللّٰهِ مَا اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النِّسَاءِ قَطُّ اِلَّا بِمَا اَمَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا مَسَّتْ كَفُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَفَّ امْرَاَةٍ قَطُّ وَكَانَ يَقُوْلُ لَهُنَّ اِذَا اَخَذَ عَلَيْهِنَّ قَدْ بَايَعْتُكُنَّ كَلَامًا۔

۴۷۲۰۔ وَحَدَّثَنِيْ هٰرُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِيُّ وَاَبُوالطَّاهِرِ قَالَ اَبُوالطَّاهِرِ اَخْبَرَنَا وَقَالَ هٰرُوْنُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ عَنْ بَيْعَةِ النِّسَاءِ قَالَتْ مَا مَسَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عورتوں کو بیعت کرنے کا طریقہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ مسلمان عورتیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتیں تو آپ اس آیت کی بنا پر ان کا امتحان لیتے تھے، (ترجمہ:) اے نبی جب آپ کے پاس مسلمان عورتیں آئیں اور آپ سے اس پر بیعت کریں کہ وہ اللہ کے سوا کسی کو شریک نہیں بنائیں گی، نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی الخ حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ مسلمان عورتوں میں سے جو عورت ان باتوں کا اقرار کر لیتی، اس کا امتحان منعقد ہو جاتا اور جب وہ ان باتوں کا اقرار کر لیتیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے فرماتے: جاؤ میں تمہیں بیعت کر چکا ہوں! بخدا! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی عورت کے ہاتھ کو مس نہیں کیا، ہاں! نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کو زبان سے بیعت کرتے تھے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ بخدا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے انہی باتوں کا عہد لیا جن کا اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا تھا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی کبھی کسی عورت کی ہتھیلی سے مس نہیں ہوئی، آپ جب کبھی ان سے بیعت لیتے تو زبانی فرما دیتے میں نے تم سے بیعت کر لی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عورتوں کی بیعت کے متعلق بتایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی عورت کو اپنے ہاتھ سے نہیں چھوا، البتہ آپ ان سے زبانی عہد لیتے تھے اور جب وہ عہد کر لیتیں تو آپ فرماتے جاؤ میں نے تم کو بیعت کر لیا

امْرَاَۃً قَطُّ اِلَّا اَنْ یَّاْخُذَ عَلَیْھَا فَاِذَا اَخَذَ عَلَیْھَا فَاَعْطَتْہُ قَالَ اذْھَبِیْ فَقَدْ بَایَعْتُكِ۔

ف: اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ عورت کا ہاتھ پکڑے بغیر ضرورت کی بناء پر اس سے کلام کرنا جائز ہے اور اس سے یہ معلوم ہوا کہ مردوں سے ہاتھ پکڑ کر بیعت کرنا چاہیے، اور یہ کہ ضرورت کے وقت اجنبی عورت کا کلام سننا جائز ہے، اور یہ کہ ضرورت شرعی کے بغیر عورت کے بدن کو چھونا جائز نہیں ہے، اس میں علاج معالجہ کی ضروریات داخل ہیں۔

بَابُ ۶۲۲ الْبَیْعَةِ عَلَی السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِیْمَا اسْتَطَاعَ

حسب استطاعت احکام سننے اور اطاعت کرنے پر بیعت

۴۷۲۱ - حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ وَقُتَیْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ اَیُّوْبَ، قَالُوْا حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ (وَھُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ) اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ دِیْنَارٍ، اَنَّہٗ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عُمَرَ یَقُوْلُ کُنَّا نُبَایِعُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ یَقُوْلُ لَنَا فِیْمَا اسْتَطَعْتَ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سننے اور اطاعت کرنے پر بیعت کرتے تھے، اور آپ ہم سے فرماتے تھے "جن کاموں کی تم میں استطاعت ہو!"

ف: یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پر انتہائی شفقت ہے کہ آپ بیعت کے وقت امت کو تلقین فرماتے کہ "جن کاموں کی تمہیں استطاعت ہے" تاکہ بیعت کے عموم میں ایسی چیزیں نہ داخل ہوں جن کی استطاعت نہیں ہے اس سے معلوم ہوا کہ جب کوئی شخص کسی کو دیکھے کہ وہ اپنی قدرت اور طاقت سے زیادہ کسی چیز کا التزام کر رہا ہے تو اسے منع کرے جس طرح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا من الاعمال ما تطیقون "وہ کام کرو جو ہمیشہ کر سکو"

بَابُ ۶۲۳ بَیَانِ سِنِّ الْبُلُوْغِ

سن بلوغ کا بیان

۴۷۲۲ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ نُمَیْرٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ عَرَضَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ اُحُدٍ فِی الْقِتَالِ وَاَنَا ابْنُ اَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً فَلَمْ یُجِزْنِیْ وَعَرَضَنِیْ یَوْمَ الْخَنْدَقِ وَاَنَا ابْنُ

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے غزوہ احد میں اپنے آپ کو جہاد کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر پیش کیا، اس وقت میری عمر چودہ سال تھی، آپ نے مجھے اجازت نہیں دی، اور غزوہ خندق میں میری عمر پندرہ سال تھی اس وقت میں

خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فَأَجَازَنِي قَالَ نَافِعٌ فَقَدِمْتُ عَلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ خَلِيفَةٌ فَحَدَّثْتُهُ هٰذَا الْحَدِيثَ فَقَالَ إِنَّ هٰذَا الْحَدُّ بَيْنَ الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ فَكَتَبَ إِلَى عُمَّالِهِ أَنْ يَفْرِضُوا لِمَنْ كَانَ ابْنَ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً وَمَنْ كَانَ دُونَ ذٰلِكَ فَاجْعَلُوهُ فِي الْعِيَالِ ۔

نے اپنے آپ کو پیش کیا تو آپ نے مجھے اجازت دے دی۔ نافع کہتے ہیں جس زمانہ میں عمر بن عبدالعزیز خلیفہ تھے میں ان کے پاس جا کر یہ حدیث بیان کی، تو انھوں نے کہا یہ صغیر اور کبیر کے درمیان حد ہے پھر انھوں نے اپنے عاملوں کو یہ لکھ دیا کہ جو شخص پندرہ سال کا ہو اس کا حصہ مقرر کریں اور جو اس سے کم کا ہو اس کو بچوں میں شمار کریں۔

۴۷۲۳۔ وَحَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ وَعَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ (يَعْنِي الثَّقَفِيَّ) جَمِيعًا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِهِمْ وَأَنَا ابْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً فَاسْتَصْغَرَنِي ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔ اس میں ہے کہ جب میں چودہ سال کا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے صغیر سمجھا۔

بلوغت کے معیار میں مذاہب فقہاء

علامہ ابی مالکی قاضی عیاض مالکی کے حوالے سے لکھتے ہیں: امام شافعی، امام احمد، اور فقہاء مالکیہ میں سے ابن وہب کا مسلک یہ ہے کہ جب کسی لڑکے یا لڑکی کی عمر کے پندرہ سال مکمل ہو جائیں تو اس کو بالغ قرار دیا جائے گا خواہ لڑکے کو ابھی احتلام نہ ہوا ہو، اور لڑکی کو حیض نہ آیا ہو، اور اسحاق نے یہ کہا ہے کہ پندرہ سال کی عمر میں داخل ہوتے ہی اس کو بالغ قرار دیا جائے گا خواہ بلوغ کی علامات ظاہر نہ ہوئی ہوں، امام ابوحنیفہ اور امام مالک نے اس سے اختلاف کیا ہے اور کہا ہے کہ پندرہ سال کی عمر میں صرف جہاد میں قتال کی اجازت دی جائے گی اور مال غنیمت سے حصہ مقرر کیا جائے گا، ان کے نزدیک اس مسئلہ کی چار صورتیں ہیں:

(۱) جہاد میں شرکت اور مال غنیمت سے حصہ لینے کے لیے پندرہ سال کی عمر کا ہونا ضروری ہے۔
(۲) اگر علامات بلوغ ظاہر نہ ہوں تو امام مالک کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے احکام کا مکلف ہونے کے لیے سترہ سال عمر ہونا ضروری ہے خواہ لڑکا ہو یا لڑکی، اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک لڑکے کے لیے اٹھارہ سال اور لڑکی کے لیے سترہ سال عمر کا ہونا ضروری ہے۔
(۳) جنگ میں کافر کو قتل کرنے کے جواز کے لیے اس کا اتنی عمر کو پہنچنا کافی ہے کہ اس کے زیر ناف بال نکل آئے ہوں۔ یہ امام شافعی کا قول ہے۔
(۴) جس عمر میں اللہ اور بندے دونوں کے حقوق متعلق ہوتے ہیں جیسے حد زنا، حد سرقہ اور حد قذف وغیرہ، امام مالک کا اس میں ایک قول یہ ہے کہ اس کے زیر ناف بال واضح طور پر آ گئے ہوں کیونکہ اس پر ہم پر تہمت لگا سکتے ہیں کہ وہ حد ساقط کرنے کے لیے علامات بلوغ [illegible] شافعی نے یہ کہا ہے کہ جس شخص کو

احتلام نہ ہوا ہو اس سے حد ساقط ہو جاتی ہے، امام مالک کا ایک قول یہ بھی ہے اور بعض فقہاء مالکیہ نے بھی اس قول کو اختیار کیا ہے۔

علامہ ابی مالکی لکھتے ہیں کہ مذہب مختار یہ ہے کہ لڑکا احتلام سے بالغ ہوتا ہے یا موئے زیر ناف آجانے سے یا عمر سے اور عمر میں اختلاف ہے، ایک قول میں پندرہ سال ہے، ایک قول میں سترہ سال ہے اور ایک قول میں اٹھارہ سال ہے اور لڑکی میں بھی عمر کے متعلق یہی اقوال ہیں، باقی لڑکی حیض یا حاملہ ہونے سے بالغ ہوتی ہے۔[1]

علامہ ابوالحسن مرغینانی حنفی لکھتے ہیں:

لڑکا احتلام سے یا کسی لڑکی کو حاملہ کر دینے سے یا وطی کے بعد انزال سے بالغ ہوتا ہے، اور اگر ان علامات میں سے کوئی علامت ظاہر نہ ہو تو اٹھارہ سال مکمل ہونے کے بعد بالغ ہوتا ہے، اور لڑکی حیض، احتلام اور حاملہ ہونے سے بالغ ہوتی ہے، اور اگر ان علامات میں سے کوئی علامت نہ پائی جائے تو پھر وہ سترہ سال مکمل ہونے کے بعد بالغ ہوگی۔ یہ امام ابوحنیفہ کا نظریہ ہے اور امام ابویوسف اور امام محمد یہ کہتے ہیں کہ جب لڑکے اور لڑکی کے پندرہ سال مکمل ہو جائیں تو وہ بالغ ہو جاتے ہیں، امام ابوحنیفہ سے بھی اس قول کی ایک روایت ہے اور یہی امام شافعی کا مذہب ہے اور امام شافعی سے ایک روایت یہ ہے کہ لڑکا انیس سال کی عمر میں بالغ ہوتا ہے، اس کی تشریح یہ کی گئی ہے کہ وہ اٹھارہ سال مکمل کرنے کے بعد انیسویں سال میں شروع ہو، پھر امام شافعی کا امام ابوحنیفہ سے کوئی اختلاف نہیں رہتا، لڑکے کے لیے بالغ ہونے کی کم از کم مدت بارہ سال فرض کی گئی ہے اور لڑکی کے بالغ ہونے کی کم از کم حد نو سال فرض کی گئی ہے، امام ابوحنیفہ جو لڑکے کے بلوغ کے لیے اٹھارہ سال کی عمر کے قائل ہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ قرآن مجید میں ہے حتی یبلغ اشدہ۔ اور شدت اور پختگی اٹھارہ سال کی عمر میں آتی ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہی تفسیر مروی ہے، اور لڑکیوں کی نشو و نما لڑکوں کی بہ نسبت زیادہ سرعت سے ہوتی ہے اس لیے ہم نے ان کے حق میں ایک سال کم کر دیا۔[2]

علامہ نووی شافعی لکھتے ہیں:

اس باب کی حدیث میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ پندرہ سال کی عمر بالغ ہونے کی حد ہے اور یہی امام شافعی، امام اوزاعی، ابن وہب اور امام احمد کا مسلک ہے اور دوسرے فقہاء نے یہ کہا ہے کہ پندرہ سال کی عمر پوری ہو جانے کے بعد انسان بالغ ہو جاتا ہے، خواہ اس کو احتلام نہ ہوا ہو اس پر عبادات وغیرہ کے احکام جاری ہو جائیں گے، اور وہ مال غنیمت میں سے حصہ کا مستحق ہوگا، اور اگر اہل حرب کے ساتھ میدان جنگ میں ہو تو قتل کر دیا جائے گا۔[3]

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:

لڑکے اور لڑکی کا بالغ ہونا تین چیزوں میں سے کسی چیز کے ثبوت سے متحقق ہوتا ہے، یہ تین علامتیں دونوں میں مشترک ہیں اور بلوغ کی دو علامتیں لڑکی کے ساتھ مخصوص ہیں، جو تین علامتیں لڑکے اور لڑکی میں مشترک

---

[1] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۱۶-۲۱۵ مطبوعہ [illegible]

[2] علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اخرین ص ۳۵۸-۳۵۷ مطبوعہ شرکت علمیہ ملتان

[3] علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۳۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۷۵ھ

وہ یہ ہیں:

(۱) شرمگاہ سے منی کا نکلنا (یعنی تیزی اور دھار سے وہ پانی نکلنا جس سے بچہ پیدا ہوتا ہے) خواہ وہ منی نیند میں نکلے یا بیداری میں؛ جماع سے نکلے یا احتلام سے یا اور کسی طریقہ سے بھی نکلے تو اس سے بھی بلوغت متحقق ہو جائے گی اس مسئلہ میں کسی کا اختلاف نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

واذا بلغ الاطفال منکم الحلم فلیستاذنوا کما استاذن الذین من قبلھم۔ (النور: ۵۹)

اور جب تم میں سے لڑکے احتلام (بلوغت) کو پہنچ جائیں تو انہیں چاہیے کہ وہ (بھی) اسی طرح اجازت طلب کریں جس طرح ان سے پہلے (بالغ ہونے والے) مردوں نے اجازت طلب کی۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

رفع القلم عن ثلاث عن الصبی حتی یحتلم الحدیث۔ (جامع ترمذی وسنن ابوداؤد)

تین شخصوں سے قلم تکلیف اٹھا لیا گیا ہے، بچہ سے حتیٰ کہ اسے احتلام ہو۔۔۔۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ سے فرمایا:

خذ من کل حالم دینارًا (سنن ابوداؤد)

ہر وہ شخص جس کو احتلام ہوتا ہو (یعنی بالغ ہو) اس سے ایک دینار لو۔

علامہ ابن منذر نے کہا ہے کہ اس پر اجماع ہے کہ فرائض اور احکام اس شخص پر واجب ہوتے ہیں، جو عاقل اور محتلم ہو، اور عورت پر احکام اس وقت واجب ہوتے ہیں جب اس کو حیض آجائے۔

(۲) انبات: اس کا مطلب یہ ہے کہ مرد کے ذکر پر یا عورت کی فرج پر سخت بال اُگ جائیں جن کو استرے سے صاف کیا جاتا ہے۔ امام مالک نے بھی لڑکے اور لڑکی کی بلوغت میں اس علامت کا اعتبار کیا ہے اور امام شافعی کا بھی ایک قول یہی ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ یہ مشرکین کے بلوغ کی علامت ہے اور کیا مسلمانوں کے بلوغ کی بھی یہ علامت ہے؟ سو اس میں دو قول ہیں، امام ابوحنیفہ نے کہا ہے کہ موئے زیر ناف کا کوئی اعتبار نہیں ہے کیونکہ یہ بدن کے اور بالوں کی طرح بال ہیں، اور ہماری دلیل یہ ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو بنی قریظہ کو حکم بنایا تو انہوں نے کہا کہ ان کے جنگجو افراد کو قتل کیا جائے اور ان کے بچوں کو قید کر لیا جائے اور یہ حکم دیا کہ ان کے تہبند کھولے جائیں، سو جس کے بال اُگ آئے تھے اس کو جنگجو افراد میں شامل کیا اور جن کے بال نہیں اُگے تھے ان کو بچوں میں شامل کیا، اور عطیہ قرظی کہتے ہیں کہ یوم قریظہ کو مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا گیا، لوگوں کو میری بلوغت کے متعلق شک تھا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا کہ اس کے بال اُگے ہیں یا نہیں؟ لوگوں نے دیکھا تو میرے بال ابھی نہیں اُگے تھے سو مجھ کو بچوں میں شامل کر دیا گیا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے عامل کو یہ لکھا کہ صرف اس شخص سے جزیہ لو جو استرا استعمال کرتا ہو، نیز اس لیے کہ ان بالوں کا اُگنا بلوغت کو لازم ہے، اور یہ علامت مذکر اور مؤنث دونوں کو لازم ہے سو یہ بھی احتلام کی طرح بلوغت کی علامت ہے اس لیے کہ ایک چیز خارج متصل ہے اور ایک چیز خارج منفصل ہے جب خارج منفصل بلوغت کی علامت

ہے تو خارج منقل کو بھی بلوغت کی علامت ہونا چاہیے، نیز جو چیز مشرکین کے حق میں بلوغت کی علامت ہے وہ مسلمانوں کے حق میں بھی بلوغت کی علامت ہونی چاہیے۔

(۳) مذکر اور مؤنث میں بلوغت کی تیسری مشترک علامت عمر ہے اور لڑکا اور لڑکی دونوں جب پندرہ سال کے ہوجائیں تو وہ بالغ ہوجاتے ہیں، امام اوزاعی، امام شافعی، امام ابو یوسف اور امام محمد کا یہی قول ہے اور داؤد ظاہری نے یہ کہا ہے کہ بلوغت میں عمر کا کوئی اعتبار نہیں ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: تین شخصوں سے قلم تکلیف اٹھا لیا گیا، بچے سے حتیٰ کہ اسے احتلام ہوجائے الحدیث۔ اس لیے بغیر احتلام کے بلوغت کا اعتبار کرنا حدیث کے خلاف ہے، یہ امام مالک کا قول ہے، اور فقہاء مالکیہ نے سترہ یا اٹھارہ سال کا اعتبار کیا ہے۔ لڑکے کے متعلق امام ابوحنیفہ سے دو روایتیں ہیں ایک سترہ سال کی ہے اور دوسری اٹھارہ سال کی ہے، اور لڑکی کے لیے ہر حال میں سترہ سال کا اعتبار کیا ہے، کیونکہ حد بغیر توقیف اور اتفاق کے ثابت نہیں ہوتی اور اس مسئلہ میں نہ کوئی نص وارد ہے اور نہ اتفاق ہے۔

علامہ ابن قدامہ فرماتے ہیں: ہماری دلیل یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے چودہ سال کی عمر میں خود کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا، تو آپ نے مجھے جہاد میں شامل ہونے کی اجازت نہیں دی اور جب میری عمر پندرہ سال تھی تو آپ نے اجازت دے دی، (صحیح بخاری و صحیح مسلم) حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جب بچہ کے پندرہ سال پورے ہوجائیں تو اس پر احکام فرض ہو جاتے ہیں اور اس پر حدود نافذ ہوجاتی ہیں، نیز جس طرح انزال کی وجہ سے بلوغت میں مذکر اور مؤنث برابر ہیں اس طرح عمر کے لحاظ سے بلوغت میں بھی دونوں کو مساوی ہونا چاہیے، ہم نے جن احادیث سے استدلال کیا ہے ان سے اصحاب ابوحنیفہ کے دلائل کا جواب واضح ہوجاتا ہے اور جس حدیث سے داؤد ظاہری نے استدلال کرکے بلوغت میں عمر کو ساقط الاعتبار قرار دیا ہے، اس حدیث کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں دوسری علامتوں کی نفی نہیں ہے، اسی وجہ سے موئے زیر ناف کا بلوغت میں اعتبار کیا گیا ہے حالانکہ اس حدیث میں ان کا ذکر نہیں ہے۔

رہا حیض تو یہ بلوغت کی ایسی علامت ہے جس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے، حدیث میں ہے اللہ تعالیٰ دوپٹہ کے بغیر حائضہ (بالغہ) کی نماز کو قبول نہیں کرتا، اور حمل بھی بلوغت کی علامت ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی عادت جاریہ یہ ہے کہ وہ مرد اور عورت کے پانی کے بغیر بچہ کو پیدا نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فلینظر الانسان مم خلق ○ خلق من ماء دافق ○ یخرج من بین الصلب والترائب ○ (طارق: ۷-۵)

پھر انسان غور کر کے دیکھے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے، ایک اچھلنے والے پانی سے پیدا کیا گیا ہے، جو پیٹھ اور سینہ کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔

اور احادیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بیان کیا ہے کہ جب لڑکی حاملہ ہوجائے تو وقت حمل سے اس کی بلوغت کا حکم لگایا جائے گا۔ [۱]

۱۴۸۵

[۱] علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۴ ص ۲۹۸-۲۹۷، مطبوعہ دار الفکر بیروت،

باب ۶۴۴ النَّهْيِ أَنْ يُسَافَرَ بِالْمُصْحَفِ إِلَى أَرْضِ الْكُفَّارِ إِذَا خِيفَ وُقُوعُهُ بِأَيْدِيهِمْ

کفار کے ہاتھ لگنے کا ڈر ہو تو قرآن مجید کو ارض کفار میں لے جانے کی ممانعت

۴۷۲۴ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُسَافَرَ بِالْقُرْآنِ إِلَى أَرْضِ الْعَدُوِّ.

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دشمن کے ملک میں قرآن مجید کے کر سفر کرنے سے منع فرمایا ہے۔

۴۷۲۵ - وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَنْهَى أَنْ يُسَافَرَ بِالْقُرْآنِ إِلَى أَرْضِ الْعَدُوِّ مَخَافَةَ أَنْ يَنَالَهُ الْعَدُوُّ.

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دشمن کی سرزمین میں قرآن مجید کے کر سفر کرنے سے منع فرماتے تھے، اس خوف سے کہ دشمن کے ہاتھ قرآن مجید لگ جائے گا۔

۴۷۲۶ - وَحَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ وَأَبُو كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَافِرُوا بِالْقُرْآنِ فَإِنِّي لَا آمَنُ أَنْ يَنَالَهُ الْعَدُوُّ قَالَ أَيُّوبُ فَقَدْ نَالَهُ الْعَدُوُّ وَخَاصَمُوكُمْ بِهِ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن کے کر سفر نہ کرو کیونکہ میں اس سے بے خوف نہیں ہوں کہ وہ دشمن کے ہاتھ پڑ جائے گا۔ راوی ایوب نے کہا قرآن مجید دشمن کے ہاتھ لگ گیا تو وہ قرآن مجید کے ساتھ تم سے مقابلہ کرے گا۔

۴۷۲۷ - حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ (يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ) ح حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَالثَّقَفِيُّ كُلُّهُمْ عَنْ أَيُّوبَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ أَخْبَرَنَا الضَّحَّاكُ (يَعْنِي ابْنَ عُثْمَانَ) جَمِيعًا عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ ابْنِ عُلَيَّةَ وَالثَّقَفِيِّ فَإِنِّي أَخَافُ وَفِي حَدِيثِ سُفْيَانَ وَحَدِيثِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ مَخَافَةَ أَنْ يَنَالَهُ الْعَدُوُّ.

امام مسلم نے اس حدیث کی تین سندیں بیان کیں، ایک سند کے ساتھ حضرت ابن عمر بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے خوف ہے، اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: دشمن کے ہاتھ لگنے کے خوف سے۔

ارض کفار میں قرآن کے ساتھ سفر کرنے اور کفار کو خطوط میں آیات قرآن لکھنے کے متعلق مذاہب فقہاء

علامہ نووی شافعی لکھتے ہیں:

اس حدیث میں قرآن مجید کو ارض کفار میں لے جانے سے منع فرمایا ہے، اور اس کی علت حدیث میں یہ بیان کی ہے کہ ہو سکتا ہے کہ قرآن مجید کفار کے ہاتھ لگ جائے اور وہ اس کی بے حرمتی کریں، اور جب یہ علت نہ ہو بایں طور کہ مسلمانوں کا لشکر غلبہ کے ساتھ ارض کفار میں داخل ہو تو پھر اس میں کوئی کراہت نہیں ہے اور علت نہ ہونے کی وجہ سے ممانعت نہیں ہے، یہی قول صحیح ہے، امام ابوحنیفہ، امام بخاری، اور دیگر فقہاء اور محدثین کا یہی قول ہے، امام مالک اور بعض فقہاء شافعیہ نے یہ کہا ہے کہ یہ ممانعت مطلقاً ہے، اور ابن منذر نے امام ابوحنیفہ سے مطلقاً جواز کی روایت نقل کی ہے، اور امام ابوحنیفہ کا صحیح قول وہی ہے جس کو ہم پہلے نقل کر چکے ہیں۔ نیز فقہاء اسلام کا اس پر اتفاق ہے کہ کفار کی طرف ایسا مکتوب روانہ کرنا جائز ہے جس میں قرآن مجید کی چند آیات لکھی ہوئی ہوں، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہرقل کی طرف ایک مکتوب روانہ کیا تھا جس میں قرآن مجید کی آیات لکھی ہوئی تھیں، امام مالک اور دیگر فقہاء نے یہ کہا ہے کہ جن دراہم اور دینار وغیرہ پر اللہ تعالیٰ کا نام یا اس کا ذکر لکھا ہوا ان کا کفار کے ساتھ معاملہ کرنا مکروہ ہے۔ [1]

علامہ اُبّی مالکی لکھتے ہیں:

قاضی عیاض نے کہا ہے کہ قرآن مجید کو ساتھ لے کر سفر کرنے میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام مالک اور ان کے قدیم اصحاب اس سے منع کرتے تھے، خواہ لشکر بڑا ہو، اس لیے کہ کبھی انسان بھول جاتا ہے اور کبھی مصحف کریم گر جاتا ہے، ابن منذر نے امام ابوحنیفہ سے مطلقاً جواز کی روایت نقل کی ہے اور ان کا صحیح قول یہ ہے کہ بڑے لشکروں میں قرآن مجید کے ساتھ سفر کرنا جائز ہے اور چھوٹے لشکروں میں قرآن مجید کے ساتھ سفر کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ بڑے لشکروں میں دشمن کے ہاتھ قرآن مجید کا لگ جانا، نادر الوقوع ہے سو یہ لائق توجہ نہیں ہے، فقہاء نے ان کی طرف خطوط میں قرآن مجید کی آیات لکھنے کو جائز کہا ہے، لہٰذا ان کو خطوط میں اسلام کی دعوت دی جا سکتی ہے البتہ امام مالک نے ان کو قرآن مجید کی تعلیم دینے سے منع کیا ہے، اور امام ابوحنیفہ نے اس کو جائز کہا ہے۔ امام شافعی کے اس مسئلہ میں دو قول ہیں، جو جائز کہتے ہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ ہو سکتا ہے کافر اس وجہ سے اسلام قبول کرے اور جو ناجائز کہتے ہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ فی الحال کافر نجس ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کی کتاب کا دشمن ہے اور کافر کو خط میں قرآن مجید کی آیات کو لکھنا، ان آیات کو توہین کے خطرہ میں ڈالنا ہے، امام مالک کے نزدیک جن درہموں اور دیناروں پر اللہ کا نام لکھا ہو انھیں کفار کو دینا مکروہ ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں اس طرح کے درہم اور دینار نہیں تھے۔ [2]

علامہ بدرالدین عینی حنفی حدیث ہرقل کے تحت لکھتے ہیں:

علامہ خطابی نے کہا ہے کہ اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ دشمن کی سرزمین میں سفر کرنے کی ممانعت مصحف یا بڑی سورتوں پر محمول ہے، ایک آیت یا دو آیتوں کو ارض کفار میں بھیجنا ممنوع نہیں ہے، علامہ ابن بطال نے کہا

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۳۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۱۶ مطبوعہ مکتبہ علمیہ بیروت

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتداء اسلام میں ہرقل کی طرف خط لکھا تھا جس میں قرآن مجید کی آیات لکھی تھیں، کیونکہ اس وقت اسلام کی دعوت عامہ دینا ضروری تھا، بعد میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرما دیا اور علماء (مالکیہ) نے کہا ہے کہ جن سکوں پر قرآن مجید کی آیات کندہ ہوں وہ مشرکین کو نہ دیے جائیں، (علامہ عینی فرماتے ہیں:) میں کہتا ہوں کہ امام خطابی کا کلام زیادہ صحیح ہے، کیونکہ علامہ ابن بطال کے کلام سے نسخ لازم آتا ہے، اور ارض کفار میں قرآن مجید کے ساتھ سفر کرنے کی ممانعت اس صورت میں ہے جب یہ خطرہ ہو کہ قرآن مجید مشرکوں کے ہاتھ لگ جائے گا اور وہ اس کی بے حرمتی کریں گے۔ [1]

بَابُ ۶۲۵ الْمُسَابَقَةِ بَيْنَ الْخَيْلِ وَتَضْمِيرِهَا

گھڑ دوڑ میں مقابلہ اور اس کی تیاری کا بیان

۴۷۲۸ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بِالْخَيْلِ الَّتِي قَدْ أُضْمِرَتْ مِنَ الْحَفْيَاءِ وَكَانَ أَمَدُهَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ وَسَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي لَمْ تُضْمَرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ إِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ فِيمَنْ سَابَقَ بِهَا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اضمار شدہ گھوڑوں میں حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک دوڑ کا مقابلہ کرایا اور غیر اضمار شدہ گھوڑوں میں ثنیہ سے مسجد بنو زریق تک مقابلہ کرایا۔ حضرت ابن عمر نے بھی اس دوڑ میں حصہ لیا تھا۔

ف: اضمار کا معنی یہ ہے کہ گھوڑے کا چارہ کم کر کے اسے ایک گرم جھول پہنا کر کسی کوٹھڑی میں بند کر دیں تاکہ اس کو خوب پسینہ آئے اور اس کا گوشت کم ہو اور وہ زیادہ تیز دوڑ سکے۔

۴۷۲۹ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ ح وَحَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ وَأَبُو الرَّبِيعِ وَأَبُو كَامِلٍ قَالُوا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ (وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ) عَنْ أَيُّوبَ ح وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا

امام مسلم نے اس حدیث کی نو سندیں ذکر کیں، ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ میں آگے نکل گیا اور گھوڑا مجھے لے کر مسجد میں چڑھ گیا۔

[1] علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ... ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

يَحْيٰى وَهُوَ الْقَطَّانُ، جَمِيعًا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ح وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ ح وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي مُوسَى ابْنُ عُقْبَةَ ح وَحَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ كُلُّ هٰؤُلَاءِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ بِمَعْنَى حَدِيثِ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ وَزَادَ فِي حَدِيثِ أَيُّوبَ مِنْ رِوَايَةِ حَمَّادٍ وَابْنِ عُلَيَّةَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَجِئْتُ سَابِقًا فَطَفَّفَ بِي الْفَرَسُ الْمَسْجِدَ۔

دوڑ کا مقابلہ (ریس) منعقد کرانے میں فقہاء شافعیہ کا نظریہ

علامہ یحییٰ بن شرف نووی لکھتے ہیں: اس باب کی احادیث میں یہ ذکر ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اضمار شدہ اور غیر اضمار شدہ گھوڑوں کے درمیان دوڑ کا مقابلہ کرایا، ان احادیث سے معلوم ہوا کہ گھوڑوں کے درمیان دوڑ کا مقابلہ کرانا جائز ہے اور گھوڑوں کو اضمار کرنا بھی جائز ہے، اضمار سے یہ مراد ہے کہ پہلے گھوڑوں کو کھلایا پلایا جائے، پھر ان کا کھانا بتدریج کم کیا جائے یا ان کا چارہ کم کر کے ان کو ایک کوٹھڑی میں رکھا جائے اور ان پر جھول ڈال دی جائے تاکہ ان کو خوب پسینہ آئے اور ان کے دوڑنے کی صلاحیت بڑھ جائے۔

فقہاء کا اس میں اختلاف ہے کہ گھوڑوں میں دوڑ کا مقابلہ کرانا مباح ہے یا مستحب ہے، ہمارے اصحاب (فقہاء شافعیہ) کا مذہب یہ ہے کہ مسابقت یعنی دوڑ کا مقابلہ کرانا مستحب ہے، اور فقہاء کا اس پر اجماع ہے کہ بلا عوض دوڑ کا مقابلہ کرانا گھوڑوں کی تمام اقسام میں جائز ہے خواہ ان کے درمیان کوئی تیسرا شخص ہو یا نہ ہو اور عوض کے بدلہ میں بھی مسابقت بالاجماع جائز ہے لیکن اس میں یہ شرط ہے کہ مقابلہ کرنے والوں کے علاوہ کوئی تیسرا شخص عوض ادا کرے، اور اگر عوض مقابلہ کرنے والوں کے درمیان ہو تو پھر اس کے جواز کے لیے ان کے درمیان کسی تیسرے شخص کا بحیثیت محلل ہونا ضروری ہے۔ اس باب کی احادیث میں عوض کا ذکر نہیں ہے۔ [۱]

دوڑ کا مقابلہ منعقد کرانے میں فقہاء مالکیہ کا نظریہ

علامہ دشتانی ابی مالکی لکھتے ہیں: قاضی عیاض مالکی نے کہا ہے کہ مسابقت یہ ہے کہ ایک مقام مقرر کر دیا جائے پھر دو فریقوں میں سے ہر ایک اس مقام تک دوسرے سے پہلے پہنچنے کی کوشش کرے

---

[۱] علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۳۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[۲] محلل کی وضاحت فقہاء مالکیہ اور فقہاء احناف کے حوالوں میں آ رہی ہے۔ منہ

مسابقت گھوڑوں اور اونٹوں کے دوڑانے میں ہوتی ہے، کسی ہدف پر تیر سے نشانہ لگانے میں ہوتی ہے، اور دو انسانوں کے دوڑنے میں بھی ہوتی ہے، پہلی تین چیزوں میں مسابقت کا ثبوت اس حدیث میں ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لاسبق الا فی خف او حافر او نصل (سنن ابوداؤد ج ا ص ۳۴۸) "مسابقت صرف اونٹوں میں یا گھوڑوں میں یا تیر اندازی میں ہے" اور انسانوں کے دوڑنے میں مسابقت کا ثبوت حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے (حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے ایک انصاری سے دوڑنے میں مقابلہ کیا اور جیت گئے، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۱۵، سعیدی غفرلہ) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے جو دوڑنے میں مقابلہ کیا تھا اس سے بھی جواز ثابت ہوتا ہے۔ امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن عائشۃ انہا کانت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر قالت فسابقتہ فسبقتہ علی رجلی فلما حملت اللحم سابقتہ فسبقنی فقال ہذہ بتلک السبقۃ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھیں، وہ کہتی ہیں میں نے حضور سے دوڑنے میں مقابلہ کیا اور میں پہلے پہنچ گئی پھر جب میرا بدن فربہ ہوگیا، تو میں نے پھر مقابلہ کیا اس دفعہ حضور مجھ پر سبقت لے گئے، آپ نے فرمایا یہ سبقت، اس سبقت کے جواب میں ہے۔

(سنن ابوداؤد ج ا ص ۳۴۸، مطبوعہ مطبع مجتبائی لاہور پاکستان۔)

اس حدیث سے انسانوں کے آپس میں دوڑ کے مقابلہ کا ثبوت ہے، بعض فقہاء شافعیہ نے خچروں اور گدھوں میں بھی مسابقت کو جائز کہا ہے، لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔ دوڑ کے مقابلہ اور تیر اندازی کے مقابلہ میں کامیاب ہونے والے شخص کو انعام دینے میں اور اس پر شرط لگانے میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ بشرطیکہ یہ شرط جانبین سے نہ ہو مثلاً ہر فریق اس کا اقرار کرے کہ غالب ہونے والے شخص کو مغلوب اتنی رقم ادا کرے گا، یہ قمار اور جوا ہے اور قرآن مجید کی نص قطعی سے حرام ہے، اور اگر ایک فریق دوسرے سے کہے کہ تم کامیاب ہو گئے تو میں تم کو یہ انعام دوں گا اور دوسرا فریق اس کے مقابلہ میں کسی چیز کا التزام نہ کرے تو پھر جائز ہے یا تیسرا شخص دونوں سے کہے تم میں سے جو بھی کامیاب ہوگیا میں اس کو یہ انعام دوں گا، یہ بھی جائز ہے۔ (سعیدی غفرلہ) امام مالک اور امام شافعی کے نزدیک مسابقت اور تیر اندازی کے علاوہ اور کسی مقابلہ میں انعام کی شرط لگانا جائز نہیں ہے، کیونکہ سنن ابوداؤد کی جو روایت گزر چکی ہے اس میں صرف اونٹوں یا گھوڑوں کی دوڑ اور تیر اندازی میں مسابقت کا انحصار بیان کیا گیا ہے، اور بعض فقہاء کے نزدیک انعام کی شرط رکھنے کا جواز صرف گھوڑوں کی دوڑ میں ہے، کیونکہ گھوڑوں کی دوڑ میں انعام رکھنا اہل عرب کا معروف طریقہ تھا۔ علماء نے کہا ہے کہ ہر چیز میں مسابقت جائز ہے، اور شاید ان کی مراد یہ ہے کہ انعام کی شرط کے بغیر ہر چیز میں مسابقت جائز ہے ورنہ یہ جمہور کے قول کے خلاف ہے، اور اس میں قمار اور جوا ہے، جس کی ممانعت ہے اور ناجائز طریقہ سے دوسرے کا مال کھانا ہے (علامہ ابی مالکی کی یہ دلیل صحیح نہیں ہے کیونکہ جوا تو ہر چیز میں ناجائز ہے، حتیٰ کہ گھوڑوں اور اونٹوں کی دوڑ کی مسابقت اور تیر اندازی کی مسابقت میں جانبین سے شرط لگانا قمار اور جوا ہے اور ناجائز اور حرام ہے، ہاں اس میں ایک جانب سے شرط لگانا جائز ہے [illegible] جانب سے شرط لگانا جائز ہے

اور یہ قمار نہیں ہے ورنہ اس میں ناجائز طریقہ سے دوسرے کا مال کھانا لازم آتا ہے۔ (سعیدی غفرلہ)
علامہ ابی مالکی لکھتے ہیں: کہ مسابقت کی چار صورتیں ہیں، ایک صورت بالاتفاق جائز ہے اور ایک صورت بالاتفاق ممنوع ہے اور دو صورتیں مختلف فیہ ہیں۔

(۱) جو شخص گھوڑا دوڑانے میں حصہ نہیں لے رہا وہ ایک انعام مقرر کرے اور یہ اعلان کر دے کہ جس شخص کا گھوڑا اول آئیگا اس کو یہ انعام دیا جائے گا یا تین پوزیشنوں کے تین اعلان کر دے، اور اعلان کے مطابق انعام دیا جائے، اس صورت کے جواز میں تمام فقہاء کا اتفاق ہے کیونکہ اس میں قمار اصلاً نہیں ہے۔

(۲) گھوڑا دوڑانے والوں میں سے ہر شخص ایک انعام رکھے (مثلاً دس آدمیوں میں سے ہر شخص پانچ روپے انعام رکھے) اور جس کا گھوڑا اول آئے وہ سب کے انعام سمیٹ کر لے جائے، مثلاً اس صورت میں وہ پچاس روپے لے جائے) یہ صورت تمام فقہاء کے نزدیک ناجائز ہے کیونکہ اس میں غرر اور خطر (دھوکا اور خطرہ، Risk) ہے اور یہ وہ قمار اور میسر ہے جس کو قرآن مجید نے حرام کر دیا ہے۔

(۳) دو گھوڑا دوڑانے والے ایک تیسرے شخص کو اپنے درمیان داخل کر لیں، اس کو محلل کہتے ہیں، دو مقابلہ کرنے والے انعام کی شرط رکھیں، اور یہ شخص کوئی شرط نہ رکھے اور یہ طے کریں کہ اگر محلل کا گھوڑا اول آ گیا تو وہ ان دونوں کے رکھے ہوئے انعام لے جائے گا اور اگر محلل کے علاوہ ان دونوں میں سے کسی کا گھوڑا اول آ گیا تو وہ دونوں انعام لے جائے گا، ابن مسیب اور امام شافعی نے اس کو جائز کہا ہے اور امام مالک کے اس میں دو قول ہیں اور زیادہ مشہور قول یہ ہے کہ یہ ممنوع ہے۔

(۴) گھوڑا دوڑانے والے مثلاً دو شخصوں میں سے ایک شخص ایک معین انعام کی شرط رکھے اور دوسرا شخص کوئی شرط نہ رکھے اور یہ طے کیا جائے کہ جس شخص کا گھوڑا اول آئے گا وہ انعام لے جائے گا خواہ یہ وہ شخص ہو جس نے انعام رکھا تھا یا دوسرا شخص ہو، اس کو امام شافعی اور امام ابو حنیفہ نے جائز کہا ہے اور امام مالک کے اس میں بھی دو قول ہیں۔ ؎

دوڑ کا مقابلہ منعقد کرانے میں فقہاء حنبلیہ کا نظریہ

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:
مسابقت (یعنی گھوڑوں اور اونٹوں میں دوڑ کا مقابلہ کرانا) سنت اور اجماع سے جائز ہے، سنت کے ثبوت میں علامہ ابن قدامہ نے صحیح مسلم کی وہ حدیث ذکر کی ہے جس کی ہم تشریح کر رہے ہیں، نیز لکھتے ہیں کہ تمام مسلمانوں کا مسابقت کے جواز پر اتفاق ہے، مسابقت کی دو قسمیں ہیں ایک عوض کے ساتھ اور ایک بلا عوض، جو مسابقت بلا عوض ہو وہ مطلقاً جائز ہے، خواہ انسانوں کا دوڑ میں مقابلہ ہو، یا گھوڑوں اور اونٹوں وغیرہ کا مقابلہ کرایا جائے، یا کشتیوں وغیرہ کا مقابلہ ہو، یا پہلوانی میں مقابلہ ہو۔
جس مسابقت میں عوض ہو (یعنی اس پر کسی انعام کی شرط رکھی جائے) وہ گھوڑوں، اونٹوں اور تیر اندازی کے سوا اور کسی چیز میں جائز نہیں ہے، ان تین چیزوں میں عوض کو اس لیے جائز قرار دیا گیا ہے کہ یہ آلات جنگ میں سے ہیں اور

؎ علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۱۸-۲۱۷، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

ان کو سیکھنے اور ان کی مشق حاصل کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور جب ان چیزوں پر انعام کی شرط رکھ کر ان میں مقابلہ کیا جائے گا تو ان میں مشق اور مہارت حاصل کرنے کی انتہائی کوشش کی جائے گی، اور شریعت میں ان کی مشق کرنے کا حکم دیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

واعدوا لهم ما استطعتم من قوة ومن رباط الخيل ترهبون به عدو الله وعدوكم۔ (انفال: ۶۰)

جس قدر تم سے ہو سکے دشمن کے خلاف اس قدر طاقت حاصل کرو اور بندھے ہوئے گھوڑے تیار رکھو تاکہ اس کے ذریعہ اللہ کے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو خوفزدہ کرو۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

الا ان القوة الرمی الا ان القوة الرمی۔ سنو! قوت تیر اندازی میں ہے سنو! قوت تیر اندازی میں ہے۔

امام احمد کے علاوہ زہری اور امام مالک کا بھی یہی مسلک ہے کہ ان تین چیزوں کے سوا اور کسی چیز میں مسابقت بالعوض جائز نہیں ہے اور اہل عراق نے کہا ہے کہ انسانوں کے دوڑنے اور پہلوانی کے مقابلہ میں بھی انعام رکھ کر مسابقت جائز ہے، کیونکہ ان دونوں کے متعلق بھی احادیث ہیں، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ سے دوڑنے میں مسابقت کی، (سنن ابوداؤد ج ا ص ۳۴۸، سنن ابن ماجہ ص ۱۴۲، مسند احمد ج ۶ ص ۱۸۲، ۱۲۹، ۳۹، اسی طرح حضرت سلمہ بن اکوع نے ایک انصاری سے دوڑنے میں مقابلہ کیا، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۱۵، سعیدی غفرلہ) اور حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ نے کشتی میں مقابلہ کیا، فقہاء شافعیہ کے اس مسئلہ میں دو قول ہیں، اسی طرح پرندوں اور کشتیوں میں مسابقت کے متعلق بھی ان کے دو قول ہیں۔

علامہ ابن قدامہ فرماتے ہیں ہماری دلیل یہ ہے کہ امام ابوداؤد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیر اندازی، اونٹوں یا گھوڑوں کی دوڑ کے سوا کسی چیز میں مسابقت (جائز) نہیں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تین چیزوں کے سوا ہر چیز میں مسابقت کی نفی کر دی، اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کی مراد یہ ہو کہ انعام کی شرط کے ساتھ ان تین کے علاوہ اور کسی چیز میں مسابقت جائز نہیں ہے، اور چونکہ انعام کی شرط کے بغیر تمام چیزوں میں مسابقت کے جواز پر اجماع ہے اس لیے یہ متعین ہو گیا کہ حدیث میں انعام اور شرط کے ساتھ ان تین کے علاوہ باقی چیزوں میں مسابقت (کے جواز) کی نفی کی ہے اور یہ ہمارے موقف پر واضح دلیل ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ ان تینوں کے علاوہ باقی چیزوں کی جہاد میں ضرورت نہیں ہوتی (علامہ ابن قدامہ کے زمانے میں ایسا ہی ہوگا لیکن اس زمانہ میں آلات جہاد کا دائرہ بہت وسیع ہو گیا ہے اور اس علت کی بناء پر مسابقت کا دائرہ بھی وسیع ہو جائے گا، سعیدی غفرلہ) فقہاء شافعیہ نے کہا ہے کہ ہر نوک دار ہتھیار میں مسابقت جائز ہے اور نیزہ اور تلوار میں ان کے دو قول ہیں، اسی طرح گدھوں اور خچروں کی مسابقت میں بھی ان کے دو قول ہیں۔ [1]

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ [illegible] مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

دوڑ کا مقابلہ منعقد کرنے میں فقہاء احناف کا نظریہ

علامہ علاؤ الدین حصکفی لکھتے ہیں: تیر اندازی، گھوڑا یا اونٹ دوڑانے اور قدموں کے ساتھ دوڑنے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، کیونکہ یہ چیزیں جہاد کے اسباب سے ہیں، اس لیے ان میں مسابقت مستحب ہے، ملتقی اور مجمع میں ہے کہ خچر اور گدھے میں بھی مسابقت مستحب ہے، مصنف نے یہاں تو اس کو جائز لکھا ہے اور مسائل شتیٰ میں اس کے خلاف لکھا ہے (وہاں مسابقت کو صرف تیر اندازی، گھوڑے یا اونٹ یا قدموں کی مسابقت کے ساتھ مخصوص کیا ہے، یعنی خچر اور گدھے میں مسابقت کو وہاں ناجائز لکھا ہے۔ شامی) امام مالک، امام شافعی اور امام احمد کے نزدیک شرط لگا کر قدموں کے ساتھ مسابقت جائز نہیں ہے، اور بغیر شرط کے تمام کھیلوں میں مسابقت جائز ہے، مسابقت میں شرط کے ذریعہ جو مال حاصل ہو وہ جائز ہے بشرطیکہ شرط ایک جانب سے ہو (مثلاً حامد محمود سے کہے اگر میرا گھوڑا یا اونٹ تمہارے گھوڑے یا اونٹ سے آگے نکل جائے تو تم کو مجھے سو روپے دینے ہوں گے، اور اگر تمہارا گھوڑا یا اونٹ میرے گھوڑے یا اونٹ سے آگے نکل جائے تو مجھ پر کچھ لازم نہیں ہو گا، شامی) اور اگر مسابقت میں دونوں جانب سے شرط لگائی گئی تو یہ حرام ہے کیونکہ یہ قمار اور جوا ہے، ہاں اس صورت میں حرام نہیں ہے جب وہ دونوں تیسرے شخص کو بطور محلل اپنے درمیان داخل کر لیں بشرطیکہ اس کا گھوڑا دوڑنے میں ان کے گھوڑوں کے برابر ہو اور دوڑ میں آگے بڑھنے کی صلاحیت رکھتا ہو خلاصہ میں ہے کہ مسابقت کرنے والے دونوں شخص تیسرے شخص کو اس مقابلہ میں داخل کریں اور اس سے یہ کہیں کہ اگر تم دونوں پر سبقت کر جاؤ تو ہم دونوں کا مال تمہارا ہے اور اگر ہم تم پر سبقت کر جائیں تو ہم تم سے کچھ نہیں لیں گے، عالمگیری میں ہے کہ جب دو شخص اپنے درمیان محلل کو داخل کر لیں تو اس کی صورت یہ ہے کہ مثلاً زید، عمرو سے یہ کہے کہ اگر تم مجھ پر سبقت کر جاؤ تو میں تم کو دس روپے دوں گا، اور اگر میں تم سے آگے نکل گیا تو میں تم سے دس روپے لے لوں گا، اور اگر تیسرا شخص یعنی محلل آگے نکل گیا تو اس کو کچھ نہیں ملے گا، اس سے معلوم ہوا کہ محلل کو داخل کرنے کی دو صورتیں ہیں، علامہ زیلعی نے کہا ہے کہ اس صورت کے جائز ہونے کی وجہ یہ ہے کہ تیسرے شخص یعنی محلل کو کچھ ملنا لازمی اور یقینی نہیں ہے ہو سکتا ہے ملے یا نہ ملے، اس وجہ سے یہ صورت قمار سے خارج ہو گئی۔ شامی) کشتی کرنا بدعت نہیں ہے لیکن اگر کشتی سے جہاد میں قوت حاصل کرنا ہو تو جائز ہے اور اگر اس سے محض کھیل کود مقصود ہو تو مکروہ ہے، اور مال کی شرط کے بغیر ہر چیز میں مسابقت کرنا جائز ہے علامہ ابن حجر نے کہا پنجہ لڑانے اور پہیلیاں بوجھنے میں مسابقت جائز ہے، اسی طرح کسی ماہر اور تجربہ کار شخص کے لیے خطرناک کھیل دکھانا بھی جائز ہے، مثلاً سانپ پکڑ کر دکھانا وغیرہ۔[1]

مسابقت کی اس بحث میں چونکہ قمار اور میسر (جوا) کا ذکر آگیا ہے اس لیے ہم یہاں اختصار کے ساتھ قمار اور میسر کا لغوی معنی اور شرعی معنی اور اس کے احکام ذکر کریں گے۔

جوئے کی تعریف

علامہ زبیدی لکھتے ہیں:

صحاح میں قمار کا معنی یہ بیان کیا ہے: کسی شخص کا کھیل میں دوسرے شخص پر غالب آنا۔[2]

---

[1] علامہ علاؤ الدین محمد بن علی بن محمد حصکفی متوفی ۱۰۸۸ھ، درمختار علی ہامش ردالمحتار ج ۵ ص ۲۵۶-۲۵۵ مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۰ھ

[2] علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس ج ۳ ص ۵۰۵، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ھ

نیز علامہ زبیدی لکھتے ہیں:

میسر کا معنی ہے تیروں سے جوا کھیلنا، میسر اس اونٹ کو کہتے ہیں جس پر عرب جوا کھیلتے تھے، جب وہ لوگ جوا کھیلنے کا ارادہ کرتے تو ایک اونٹ ادھار خریدتے اور اس کو ذبح کر کے اس کے دس یا اٹھائیس حصے کرتے، پھر تیروں سے قرعہ اندازی کرتے جس شخص کے نام پر نشان زدہ تیر نکلتا وہ کامیاب ہوتا اور جس شخص کے نام پر بے نشان تیر نکلتا وہ ناکام قرار دیا جاتا اور اس کو اونٹ کی پوری قیمت دینی پڑتی، اونٹ کو میسر اس لیے کہتے تھے کہ وہ تقسیم کا محل بنتا تھا، میسر جوسر کو بھی کہتے ہیں، حضرت علی سے روایت ہے کہ شطرنج عجمیوں کا جوا ہے، ہر وہ چیز جس میں جوا ہو وہ میسر ہے حتیٰ کہ بچوں کا اخروٹ کے ساتھ کھیلنا بھی میسر ہے[1] (بشرطیکہ اس کھیل میں یہ طے کیا جائے کہ ہارنے والا جیتنے والے کو فلاں چیز دے گا۔ سعیدی غفرلہ)

رئیس معلوف لکھتے ہیں: قمار ہر وہ کھیل ہے جس میں یہ شرط لگائی جائے کہ مغلوب غالب کو، کوئی معین چیز ادا کرے گا خواہ وہ چیز چاندی ہو یا کوئی اور چیز ہو۔[2]

میر سید شریف جرجانی لکھتے ہیں:

قمار ہر وہ کھیل ہے جس میں یہ شرط لگائی جائے کہ مغلوب کی کوئی چیز غالب کو دی جائے گی۔[3]

جوئے کے متعلق قرآن مجید کی آیات

يسئلونك عن الخمر والميسر قل فيهما اثم كبير ومنافع للناس واثمهما اكبر من نفعهما۔

(بقرہ: ۲۱۹)

لوگ آپ سے سوال کرتے ہیں کہ شراب اور جوئے کا کیا حکم ہے؟ آپ کہیے ان دونوں چیزوں میں بڑا گناہ ہے، ہر چند کہ ان میں لوگوں کے لیے (دنیاوی) منافع بھی ہیں لیکن ان کا گناہ ان کے نفع سے بہت زیادہ ہے۔

يا ايها الذين امنوا انما الخمر والميسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشيطن فاجتنبوه لعلكم تفلحون۔ (مائدہ: ۹۰)

اے ایمان والو! شراب، جوا، بت اور پانسے، (فال نکالنے والے تیر) یہ سب گندے شیطانی کام ہیں، ان سے بچو، تاکہ تم فلاح پاؤ۔

انما يريد الشيطن ان يوقع بينكم العداوة والبغضاء في الخمر والميسر ويصدكم عن ذكر الله وعن الصلوة فهل انتم منتهون (مائدہ: ۹۱)

شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعہ تمہارے درمیان عداوت اور بغض ڈال دے اور تمہیں اللہ کے ذکر اور نماز سے روک دے، کیا تم ان چیزوں سے باز آنے والے ہو۔

---

[1] علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس ج ۳ ص ۶۲۸-۶۲۷، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ، ۱۳۰۶ھ

[2] لوئیس معلوف الیسوعی، المنجد ص ۶۵۳، المطبعۃ الکاثولیکیہ بیروت، الطبعۃ التاسعۃ عشرۃ، ۱۹۲۷ء

[3] میر سید شریف علی بن محمد جرجانی [illegible] المطبعۃ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ھ

جوئے کے متعلق احادیث

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن عبد اللہ بن عمرو ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن الخمر والمیسر والکوبۃ والغبیراء [1]

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انگور کی شراب، جوئے، طبل اور جوار کی شراب سے منع فرمایا۔

امام احمد روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال حرمت الخمر ثلاث مرات قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ وھم یشربون الخمر ویاکلون المیسر فسالوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عنھما فانزل اللہ علی نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم یسئلونک عن الخمر والمیسر قل فیھما اثم کبیر ومنافع للناس واثمھما اکبر من نفعھما الحدیث۔ [2]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ شراب کو تین بار حرام کیا گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے درآں حالیکہ وہ لوگ شراب پیتے تھے اور جوئے کا مال کھاتے تھے، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شراب اور جوئے کے متعلق سوال کیا، تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل فرمائی: یہ لوگ آپ سے شراب اور جوئے کا حکم پوچھتے ہیں آپ کہیے ان میں بہت بڑا گناہ ہے اور لوگوں کا (دنیاوی) نفع بھی ہے اور ان کا گناہ ان کے نفع سے بہت زیادہ ہے۔

جوئے کے حکم میں فقہاء احناف کی رائے

علامہ نسفی حنفی لکھتے ہیں: گھوڑے سواری، شتر سواری، پیدل چلنے اور تیر اندازی میں مسابقت کا مقابلہ کرنا جائز ہے اور جانبین سے شرط مقرر کرنا حرام ہے اور ایک جانب سے شرط مقرر کرنا حرام نہیں ہے۔ [3]

علامہ زیلعی حنفی اس عبارت کی شرح میں لکھتے ہیں:

جانبین سے شرط مقرر کرنے کی مثال یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے شخص سے کہے اگر تمہارا گھوڑا آگے نکل گیا تو میں تم کو اتنے روپے دوں گا اور اگر میرا گھوڑا آگے نکل گیا تو تمہیں مجھ کو اتنے روپے دینے ہوں گے، یہ قمار ہے اس لیے جائز نہیں ہے، اور اگر ایک جانب سے شرط ہو تو یہ قمار نہیں ہے، مثلاً ایک شخص دوسرے سے یہ کہے اگر تم مجھ سے آگے نکل گئے تو میں تم کو اتنے روپے دوں گا، اور اگر میں آگے نکل گیا تو تم پر کچھ لازم نہیں ہے، چونکہ اب نقصان اور فائدہ دونوں فریقوں میں لازم نہیں ہے، بلکہ ایک کو صرف فائدہ ہوگا اور دوسرے کو فقط نقصان ہوگا (یا فائدہ نہیں ہوگا) اس لیے اب یہ مقامرہ نہیں ہے، کیونکہ مقامرہ باب مفاعلہ سے ہے جس کا تقاضا یہ ہے کہ ہر دو فریق

---

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۱۶۳، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

[2] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۳۵۱، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[3] علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی متوفی ۷۱۰ھ، کنز الدقائق ص ۳۴۰، مطبوعہ محمد سعید اینڈ سنز کراچی

میں نفع اور نقصان دائر ہو اور جب اس صورت میں قمار کا معنی نہیں پایا گیا تو یہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی اس روایت سے استحساناً جائز قرار پایا: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شرط (انعام) لگا کر گھڑ دوڑ کا مقابلہ کرایا، اور قیاس کے تقاضے سے یہ ناجائز ہے کیونکہ اس میں تملیک خطر (رسک) پر موقوف ہے، اس لیے ان چار (گھڑ دوڑ، شتر سواری، پیدل چلنے اور تیر اندازی) کے سوا اور کسی چیز میں ایک جانب سے شرط رکھ کر بھی مسابقت جائز نہیں ہے۔ [1]

علامہ ابوبکر رازی جصاص حنفی لکھتے ہیں:

اہل علم کا قمار کے حرام ہونے میں کوئی اختلاف نہیں ہے، اور باہم شرط لگانا بھی قمار ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: باہم شرط لگانا بھی قمار ہے، زمانہ جاہلیت میں لوگ پہلے اپنے مال اور بیوی کی شرط لگاتے تھے پہلے یہ مباح تھا بعد میں اس کی تحریم نازل ہو گئی، جب سورۂ روم نازل ہوئی تو حضرت ابوبکر نے رومیوں کے ایرانیوں پر غلبہ کی شرط لگائی تھی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شرط میں زیادتی کرو اور مدت بڑھا دو، پھر بعد میں آپ نے اس سے منع فرما دیا، اور قمار کی حرمت نازل ہو گئی اور اس کے حرام ہونے میں کسی کا اختلاف نہیں ہے، البتہ شتر سواری، گھڑ دوڑ اور نیزے بازی میں سابقیت کے مقابلہ پر شرط لگانے کی رخصت ہے، جبکہ ایک شخص مستحق ہو اور سابق ہونے پر دوسرا شخص مستحق نہ ہو اور اگر یہ شرط لگائی کہ جو آگے نکل گیا وہ لے گا جو پیچھے رہ جائے گا وہ دے گا تو یہ شرط باطل ہے اور اگر ان دونوں نے درمیان میں کسی تیسرے شخص کو اس شرط سے داخل کر لیا کہ اگر وہ آگے نکل گیا تو انعام کا مستحق ہو گا اور اگر پیچھے رہ گیا تو اس پر کوئی جرمانہ نہیں ہو گا تو یہ امر جائز ہے اور اس تیسرے شخص کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے محلل فرمایا ہے۔ [2]

جوئے کے حکم میں فقہاء شافعیہ کی رائے

امام رازی شافعی لکھتے ہیں:

ابن سیرین، مجاہد اور عطاء سے روایت ہے کہ جس چیز میں بھی شرط لگائی جائے وہ میسر (جوا) ہے، امام شافعی رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب شطرنج کے کھیل میں شرط نہ لگائی جائے اور نہ فحش گفتگو کی جائے، اور نہ نماز سے غفلت کی جائے تو وہ حرام نہیں ہے، اور میسر سے خارج ہے کیونکہ میسر مال دینے یا مال لینے کو واجب کرتا ہے، اس لیے شطرنج قمار ہے نہ میسر ہے۔ [3]

جوئے کے حکم میں فقہاء مالکیہ کی رائے

علامہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں ایک شخص اپنی بیوی اور مال کی شرط لگاتا تھا اور جو شخص اس شرط کو جیت لیتا وہ ہارنے والے کے مال اور اس کی بیوی کو لے جاتا، اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی: یہ لوگ

---

[1] علامہ عثمان بن علی زیلعی متوفی ۷۴۳ھ، تبیین الحقائق ج ۶ ص ۲۲۷، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

[2] علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی متوفی ۳۷۰ھ، احکام القرآن ج ۱ ص ۳۲۹، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ھ

[3] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر [illegible] مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۸ھ

آپ سے شراب اور جوئے کے متعلق سوال کرتے ہیں آپ ان سے کہیے کہ ان میں بڑا گناہ ہے۔ (بقرہ: ۲۱۹)[1]

نیز علامہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں:

امام مالک نے فرمایا: میسر کی دو قسمیں ہیں، میسر اللہو اور میسر القمار، میسر اللہو میں نرد، شطرنج اور تمام کھیل داخل ہیں، اور میسر القمار ہر وہ عقد ہے جس میں لوگ شرط لگائیں۔[2]

جوئے کے حکم میں فقہاء حنبلیہ کی رائے

علامہ موفق الدین ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:

ہر وہ کھیل جس میں قمار ہو وہ حرام ہے، خواہ کسی قسم کا کھیل ہو اور یہ اس میسر میں داخل ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے اجتناب کا حکم دیا ہے، اور جو شخص بار بار ایسا کھیل کھیلے اس کی شہادت مردود ہے، اور قمار سے خالی وہ کھیل ہوتا ہے جس میں جانبین سے کوئی عوض ہو نہ کسی ایک جانب سے، ان میں سے بعض حرام ہیں اور بعض مباح ہیں، چوسر سے کھیلنا امام ابوحنیفہ اور اکثر فقہاء حنابلہ کے نزدیک حرام ہے، اور بعض فقہاء کے نزدیک یہ مکروہ ہے حرام نہیں ہے۔[3]

معمہ، لاٹری اور سٹہ کا شرعی حکم

ہمارے زمانے میں معمّہ اور لاٹری کا رواج ہے، معمّہ میں یہ ہوتا ہے کہ ایک مقررہ فیس ادا کر کے لوگ اس معمّے کو حل کر کے صاحب معمّہ کے پاس قسمت آزمائی کے لیے بھیج دیتے ہیں، اور لاکھوں شرکار کی فیسوں کے ذریعہ جو رقوم جمع ہوتی ہیں اس میں سے تین یا چار انعام مقرر کیے جاتے ہیں، علمی حیثیت سے تو اس معمّے کے بہت سے حل صحیح ہو سکتے ہیں لیکن انعام اس شخص کو ملتا ہے جس کا حل کسی معقول کوشش کی بنا پر نہیں بلکہ محض اتفاق سے کمپائلر کے حل کے مطابق ہو، چونکہ معمّے میں بھی تملیک کا مدار خطر (RISK) پر ہے اس لیے یہ بھی میسر اور قمار ہے اور شرعاً ناجائز اور حرام ہے۔

اسی طرح لاٹری بھی جوا ہے، لاٹری میں بڑے بڑے انعامات کا لالچ دے کر لاکھوں ٹکٹ فروخت کیے جاتے ہیں اور ٹکٹوں کے ذریعہ جو رقوم جمع ہوتی ہیں اس میں سے قرعہ اندازی کے ذریعہ چند لاکھ روپے تقسیم کر دیے جاتے ہیں، ہمارے زمانہ میں ہلال احمر اور فاطمید فاؤنڈیشن کے ریفل ٹکٹ کا کاروبار عام ہے، یہ کاروبار خالص جوا ہے، اگر کوئی شخص تپ دق کے مریضوں کی مدد اور غریب بیماروں کے لیے خون مہیا کرنا چاہتا ہے تو سیدھے اور صاف طریقہ سے اگر ان اداروں میں عطیات جمع کرائے، لاٹری کے ٹکٹ خرید کر قسمت آزمائی کے راستہ سے غریب اور نادار مریضوں کے حیلے جوئے کی رقوم مہیا نہ کرے، اسی طرح وہ سارے کھیل اور کام جوئے میں داخل ہیں جن میں اشیاء کی تقسیم کا مدار حقوق اور خدمات اور عقلی فیصلوں پر رکھنے کے بجائے محض کسی اتفاقی امر پر رکھ دیا جائے، گھوڑ دوڑ کے مقابلوں میں اور بین الاقوامی کھیلوں میں ہار جیت پر جانبین سے شرط لگانا، اسی طرح بارش ہونے یا نہ ہونے

---

[1] علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ، الجامع لاحکام القرآن، ج ۳ ص ۵۲، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ

[2] " " " " الجامع لاحکام القرآن ج ۳ ص ۵۳، " " "

[3] علامہ موفق الدین عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۱۰ ص ۱۷۱، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

پر یا کسی بھی اتفاقی امر پر جانبین سے شرط لگانا صراحۃً سٹہ اور جوا ہے اور ناجائز اور حرام ہے۔

بیمہ کیا چیز ہے؟

ہمارے دور میں بیمہ کا بہت رواج ہے اور اس پر بحث و تحقیق ہوتی رہتی ہے کہ آیا بیمہ میں قمار ہے یا نہیں؟ اور یہ شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ بیمہ کا شرعی جائزہ لینے سے پہلے یہ ضروری ہوگا کہ پہلے ہم یہ جان لیں کہ بیمہ کیا چیز ہے؟ بیمہ کے ذریعے کسی فرد یا ادارہ کو پیش آنے والے متوقع نقصان کی تلافی کی جاتی ہے، اور اس کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ مثلاً بیمہ کمپنی زید کی زندگی کا بیمہ کرتی ہے اور یہ زید بیمہ کمپنی سے دس سال کے لیے دس ہزار کی پالیسی خریدتا ہے، اب چاہیے تھا کہ بیمہ کمپنی اس سے دس سال تک ہر سال ایک ہزار روپیہ بطور قسط وصول کرتی، لیکن وہ ایک ہزار دو سو روپیہ سالانہ وصول کرتی ہے، اور یہ جو زائد دو سو روپے سالانہ ہیں ان میں سے ایک سو روپیہ اس کے دفتر اور اسٹاف کے اخراجات کے ہیں اور ایک سو روپیہ امدادی فنڈ میں داخل کر دیا جاتا ہے اس طرح ہر پالیسی ہولڈر ایک سو روپیہ سالانہ امدادی فنڈ میں داخل کرتا ہے اور اگر کوئی پالیسی ہولڈر اپنی میعاد پوری کرنے سے پہلے فوت ہو جائے تو اگر اس کی موت طبعی ہو تو اس کی پالیسی کی مساوی رقم اس کے نامزد وارث کو دے دی جاتی ہے، اسی طرح اگر کسی بس، کارخانے یا جہاز کا بیمہ کیا جائے اور بس کسی حادثہ میں تباہ ہو جائے، یا کارخانے میں آگ لگ جائے، یا جہاز ڈوب جائے تو پہلے سے طے شدہ پالیسی کے مطابق رقم اس بس، کارخانے یا جہاز کے مالک کو دے دی جاتی ہے اور اس کے نقصان کی تلافی ہو جاتی ہے۔ پالیسی ہولڈر اپنی اقساط کے ذریعہ جو پیسہ بیمہ کمپنی میں داخل کرتے ہیں کمپنی اس پیسے کو منجمد نہیں رکھتی بلکہ اس پیسے کو گردش میں رکھتی ہے، بڑی بڑی عمارتیں خرید کر یا بنا کر ان کو کرائے پر دیتی ہے، پالیسی ہولڈرز اور تجارتی اداروں کو سود پر قرضہ فراہم کرتی ہے اور ہوائی کمپنیوں اور صنعتی اور تجارتی اداروں کے حصص خریدتی ہے اور اس طریقہ سے جو اس کو نفع حاصل ہوتا ہے اس کو پالیسی ہولڈرز میں تقسیم کرتی ہے، اس نفع کی شرح ہر سال مختلف ہوتی رہتی ہے اور یہ رقم پالیسی ہولڈرز کے کھاتوں میں جمع کر دی جاتی ہے۔

بیمہ کی تاریخ اور ارتقاء

بیمہ کی تاریخ کا مطالعہ کرنے سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ ابتداء میں اس کی زیادہ تر شکلوں میں باہمی تعاون کی روح کارفرما تھی، کسی بھی شعبہ میں نقصان کا اوسط معلوم کیے بغیر انسانی گروہوں نے ایسے خطرات کے مقابلے یا ایسی ضروریات کی تکمیل کے لیے جو اچانک گروہ کے کسی فرد کو پیش آسکتی ہیں یہ طریقہ اختیار کیا تھا کہ گروہ کا ہر فرد عام حالات میں ایک مشترکہ فنڈ میں کچھ رقم جمع کرتا ہے تاکہ گروہ کے کسی فرد کو اگر کوئی حادثہ پیش آجائے تو بوقت ضرورت اس کی مدد کی جا سکے، رومن دور حکومت میں اسی اصول پر چندہ کر کے تجہیز و تکفین کی جاتی تھی، سترھویں صدی عیسوی میں انگلستان میں بیماروں کی امداد کے لیے یہی طریقہ اختیار کیا گیا، اٹھارہویں صدی عیسوی میں تاجروں نے اپنی انجمنیں قائم کیں اور تاجر برادری کا جو فرد کسی حادثہ کا شکار ہو جاتا اس کی مشترکہ فنڈ سے مدد کی جاتی۔ تاہم انگلستان سے متعلق قدیم ترین بحری انشورنس کی تاریخ ۱۵۴۷ء بتائی جاتی ہے۔

مجوزین بیمہ کے عقلی اور شرعی دلائل

بیمہ کی ماہیت میں بیان کیا جاتا ہے کہ ایک بازار میں کبھی کبھی کسی دکان میں آگ لگ [illegible] بازار بیت [illegible]

یہ حادثہ پیش آتا رہتا ہے اگر بہت سے بازاروں میں آگ لگنے کے ایک طویل مدت کے واقعات کا جائزہ لے کر اوسط نکالا جائے تو معلوم کیا جا سکتا ہے کہ ایک سال میں ایک لاکھ دکانوں میں سے کتنی دکانیں آگ لگنے کے حادثے سے دوچار ہوتی ہیں اگر اس حادثہ سے محفوظ رہنے کے لیے کوئی غیر معمولی حفاظتی اور انسدادی تدابیر اختیار نہ کی جائیں تو آئندہ چند برسوں کا تجربہ بتا دے گا کہ یہ اوسط کس حد تک درست ثابت ہوا۔

کسی ایک آدمی کی موت کا وقت کسی کو معلوم نہیں، جو آدمی آج عمر کے اکیسویں سال میں داخل ہوا ہے وہ یہ سال پورا کر کے بائیسویں سال میں قدم رکھے گا یا نہیں؟ اس سوال کا یقین کے ساتھ جواب نہیں دیا جا سکتا، مگر یہ بات تقریباً یقین کے ساتھ متعین کی جا سکتی ہے کہ اسی جیسے ایک لاکھ افراد جو عمر کے اکیسویں سال میں داخل ہو رہے ہیں ان میں سے کتنے افراد عمر کے بائیسویں سال میں قدم رکھنے کے لیے زندہ رہیں گے، اس تعین کی بنیاد ماضی کا طویل تجربہ ہے، انسانوں کی بہت بڑی تعداد کے متعلق ریکارڈ کے مطالعہ سے عمر کے اکیسویں سال میں وفات کے امکان کی اور اس امکان میں غلطی کے امکان کی پیمائش کی جا چکی ہے، مزید برآں اس پیمائش پر بعد کے تجربات کی روشنی میں نظر ثانی کی جاتی رہتی ہے۔ اس تعین کی عملی اہمیت یہ ہے کہ عمر کے اکیسویں سال میں وفات کے مالی عواقب سے عہدہ برا ہونا ان معلومات کی روشنی میں زیادہ آسان ہو جاتا ہے۔

مذکورہ بالا پیمائش سے یہ ممکن ہو جاتا ہے کہ افراد گروہوں کی شکل میں چھوٹی چھوٹی رقمیں ادا کر کے مذکورہ بالا قسم کے قابل پیمائش خطرات کے زبردست مالی عواقب سے عہدہ برآ ہونے کا اہتمام کر سکیں، مثلاً اگر بحری سفر میں غرقابی کا اوسط ہر دس ہزار جہازوں میں سے ایک جہاز فی سال ہے اور ایک بحری جہاز کی اوسط قیمت دس لاکھ ہے تو اگر ہر جہاز راں سو روپیہ سالانہ ادا کرے تو سارے جہاز راں مل کر سال بھر میں ایک جہاز کی قیمت جمع کر سکتے ہیں جو باہمی راضی نامے کے مطابق اس جہاز ران کو دی جا سکتی ہے جس کا جہاز ڈوب جائے یہ اہتمام پورے گروہ کے ہر فرد کو اس خطرے سے بے نیاز کر سکتا ہے کہ بحری سفر میں جہاز کے ڈوب جانے سے اسے دس لاکھ کا نقصان اٹھانا پڑ سکتا ہے یہ بے نیازی کسی فرد کے لیے کسی انفرادی کوشش کے ذریعہ ممکن نہیں ہو سکتی۔ یہ مذکور الصدر اہتمام دس ہزار جہاز راں اجتماعی راضی نامے سے کریں، یا کوئی تیسرا فریق ان کو یہ پیش کش کرے کہ اگر ان دس ہزار جہاز رانوں میں سے ہر شخص اس کو سو روپے ادا کرے تو وہ ڈوبنے والے جہاز کی قیمت ادا کر دیا کرے گا یا حکومت بطور خود تمام جہاز رانوں کو اس کا پابند کرے کہ وہ سالانہ سو روپے ادا کریں اور ڈوبنے والے جہاز کی قیمت ادا کرنا اپنے ذمے لے، تینوں صورتوں میں یہ نتیجہ یکساں طور پر حاصل ہوگا کہ ہر جہاز ران، جہاز ڈوبنے کے اندیشہ اور اس سے وابستہ نقصان سے بے نیاز ہو کر جہاز رانی کر سکے گا یہی طریقہ انشورنس کہلاتا ہے، مکان یا دکان میں آگ لگنے، سامان چوری ہو جانے موٹر کے حادثہ کا شکار ہو جانے وغیرہ دوسرے قابل پیمائش خطرات کے سلسلہ میں بھی اسی طرح انشورنس کر کے تحفظ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

جہاز رانی ایک مفید سماجی عمل ہے جس سے بہت سے انفرادی اور اجتماعی مفادات وابستہ ہیں مثلاً افراد کا بحری سفر کر کے ایک ملک سے دوسرے ملک جانا، تجارت خارجہ وغیرہ، اگر ہر جہاز ران کو ہر بحری سفر میں اس اندیشہ کا سامنا ہو کہ جہاز ڈوب سکتا ہے تو زبردست مالی نقصان کا یہ اندیشہ جہاز رانی کے عمل میں رکاوٹ بنے گا،

اور اس کا یہ اثر ملک سفر اور تجارت پر بُرا پڑے گا، ایسی صورت میں اگر ہر جہاز ملک ایک چھوٹی سی رقم ادا کر کے یہ اطمینان حاصل کر سکے کہ جہاز ڈوب جانے کی صورت میں اسے جہاز کی قیمت مل جائے گی تو یہ رکاوٹ دور ہو جائے گی، آمد و رفت سہولت کے ساتھ جاری رہے گی تجارت کو فروغ حاصل ہو گا اور ملک ترقی کرے گا، آگ لگنے کا خطرہ مول لے کر دکان کھولنے، حادثہ کا خطرہ مول لے کر موٹر چلانے، صنعتی حادثات کے خطرے کے باوجود صنعتی کارخانوں میں کام کرنے اور بیشتر دوسرے اقتصادی کاموں پر یہی وجہ صادق آتی ہے، حادثے کی صورت میں جو مالی نقصان اٹھانا پڑتا ہے اگر اس کا سارا بوجھ اسی شخص پر ڈال دیا جائے جس کی دکان، کار، ہوائی جہاز، بحری جہاز یا جسم و جان اس حادثے میں شکار ہوئے تو لوگ ان خطرات کو مول لے کر ان کاموں کو انجام دینے کی ہمت کم ہی کریں گے اور سماج کو اس قدر فراوانی کے ساتھ یہ اقتصادی خدمات میسر نہیں آسکیں گی اس کے برعکس اگر انشورنس کا طریقہ اختیار کر کے ہر فرد کو اس کا موقع دیا جائے کہ وہ تھوڑی سی لاگت برداشت کر کے ان خطرات کے مالی عواقب کی تلافی کا اہتمام کر سکے تو اس قسم کے کام کرنے والوں کو حوصلہ بڑھے گا اور دنیا والے ان کی خدمات سے بہرہ مند اور مستفید ہو سکیں گے۔

انشورنس کی شرعی نظیر کے سلسلہ میں مجوزین دیت کا ذکر کرتے ہیں، اگر کوئی شخص کسی مسلمان کو خطاءً قتل کر دے تو اس پر دیت لازم آتی ہے دیت کی مقدار سو اونٹ یا ایک ہزار مثقال سونا ہے (۴۲۷۴ گرام) یا دس ہزار درہم چاندی (۳۰۶۱۸ کلوگرام) ہے جو قاتل کی عاقلہ کو تین سال میں ادا کرنا ہوتی ہے، قتل تو ایک شخص نے کیا ہے لیکن چونکہ اس شخص پر ایک غیر معمولی بوجھ آپڑا ہے اس لیے اسلام نے اس کے قبیلہ والوں کو حکم دیا ہے کہ وہ اس ناگہانی آفت میں اس کا ہاتھ بٹائیں اور سب مل کر اس کی دیت ادا کریں، قتل خطا بھی درحاصل ایک حادثہ ہے جس کے مالی عواقب کی تلافی کے لیے ایک بڑے گروہ کو ذمہ دار بنایا گیا ہے، اس طرح ایک فرد کو جس کے ہاتھوں یہ سانحہ واقع ہوا زبردست مالی صدمہ سے بچایا گیا ہے اور اس گروہ کے دوسرے افراد کو اس بات کی ضمانت دی گئی ہے کہ اگر انہیں بھی کبھی اس صدمہ کا ہدف بننا پڑا تو ان کا بھی اسی طرح تحفظ کیا جائے گا البتہ اس تحفظ کے بدلے ہر ایک کو کچھ نہ کچھ لاگت ادا کرنی ہو گی یعنی بوقت ضرورت دیت کا متناسب حصہ اپنی جیب سے ادا کرنا ہو گا، اور تھوڑے سے فرق کے ساتھ انشورنس بھی اسی قیاس پر ہے۔

مجوزین بیمہ کی طرف سے بیمہ میں عنصر قمار اور سود کی وضاحت

ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی لکھتے ہیں:

قمار میں جو خرابی ہے وہ یہ ہے کہ جوا کھیلنے والا بازی لگا کر یا شرط بد کر اپنے لیے ایک ایسا خطرہ مول لیتا ہے جو پہلے سے موجود نہ تھا، یا اگر موجود تھا تو خود اس کی ذات سے اس کا کوئی تعلق نہ تھا۔ لاٹری کے ٹکٹ خریدنا، گھوڑدوڑ یا فٹ بال کے مقابلہ میں یا تاش شطرنج وغیرہ کے کھیلوں میں ہار جیت پر بازی لگانا اس کی عام مثالیں ہیں۔ قمار کی تمام ممکن شکلوں اور اس کی تمام مروجہ قسموں میں یہ بات مشترک ہے کہ وہ شخص جو بازی لگا کر ایک رقم ہار جانے کا خطرہ مول لیتا ہے اگر چاہتا تو بازی نہ لگاتا اور اگر وہ بازی نہ لگاتا یا شرط نہ بدتا تو اس کو اس رقم کے نقصان کا خطرہ پیش نہ آتا۔ انشورنس کا معاملہ اس سے بنیادی طور پر مختلف ہے، جس خطرے کے پیش نظر انشورنس کرنے والا انشورنس کرتا ہے اس کا وجود، اور اس فرد سے اس کا [illegible] پر منحصر نہیں ہے بلکہ ہر حال میں [illegible]

پایا جاتا ہے۔ یہ خطرہ زندگی کی کسی نارمل سرگرمی، اقتصادی عمل، پیشہ یا حرفہ سے لازمی طور پر وابستہ ہوتا ہے جس کا مکمل ازالہ انشورنس کے سوا کوئی اور تدابیر اختیار کرنے سے نہیں ہو سکتا۔ ان تمام خطرات سے مالی نقصان بھی وابستہ ہوتا ہے اس کی سب سے نمایاں مثال موت ہے جس کا خطرہ زندگی کے ساتھ لگا ہوا ہے اور جس سے ہمیشہ نہیں مگر اکثر، بالخصوص اگر متوفی جوان ہو، اس کے متعلقین کو مالی نقصان بھی ہوتا ہے۔ آدمی اس نقصان کی تلافی کے لیے انشورنس کرائے یا نہ کرائے اس نقصان کا اندیشہ بہرحال موجود رہتا ہے کیونکہ اس کا تعلق موت سے ہے جو تمام احتیاطی تدابیر کے باوجود کسی وقت بھی واقع ہو سکتی ہے اور کبھی نہ کبھی ضرور واقع ہو کر رہتی ہے۔ اسی طرح موٹر کار، بحری جہاز، ہوائی جہاز اور دوسری سواریوں کے مالکوں کو کسی حادثے کے نتیجے میں ان سواریوں کی بربادی یا ان کی ٹوٹ پھوٹ کا اندیشہ لاحق ہوتا ہے یہ اندیشہ ان کے استعمال کے ساتھ لازمی طور پر وابستہ ہے اور حادثے کی صورت میں مالی نقصان یقینی ہے۔ اسی طرح ہر مسافر کو جو ان سواریوں کے ذریعہ سفر کرتا ہے، یہ خطرہ مول لینا پڑتا ہے کہ سواری کا حادثہ پیش آنے کی صورت میں اس کی جان چلی جائے یا وہ مجروح ہو جائے، جس سے اکثر حالات میں مالی نقصان وابستہ ہوتا ہے۔ مکان، دکان، سامان تجارت، کھیت، کارخانہ اور دوسری املاک کے ساتھ بھی آتش زدگی وغیرہ حوادث کے نتیجے کے طور پر بربادی کا اندیشہ وابستہ ہے برخلاف قمار باز کے مسافر، سواری کا مالک یا مکان وغیرہ کا مالک متعلقہ حادثے کا اور اس سے وابستہ مالی نقصان کا خطرہ جان بوجھ کر نہیں مول لیتے، سفر، سواری رکھنا اور اسے استعمال کرنا، مکان، کارخانہ کھیت، سامان تجارت وغیرہ اثاثوں کی ملکیت اور ان کا استعمال، عام کاروباری زندگی کے ساتھ لگے ہوئے ہیں جن سے دستبرداری ممکن نہیں۔ صنعتی مزدور مشینوں کے درمیان نقل و حرکت کے لیے اور ایسے کارخانوں میں کام کرنے کے لیے مجبور ہے جن میں آتش گیر مادے بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ سرگرمی روزی کمانے کے لیے ضروری ہے مگر اس کے ساتھ یہ خطرہ بھی لگا ہوا ہے کہ شاید صنعتی حادثے کے نتیجے میں اعضاء مجروح ہو جائیں اور معذوری کے سبب مدت العمر مالی نقصان اٹھانے پڑیں۔ ان تمام صورتوں میں خطرے کا اور اس سے وابستہ مالی صدمے کا احتمال بہرحال موجود ہوتا ہے خواہ انشورنس کرایا جائے یا نہ کرایا جائے۔

جوئے بازی اور انشورنس کے درمیان دوسرا بنیادی فرق نفع کی امید سے تعلق رکھتا ہے، جوئے بازی کا مالی محرک اس مالی منفعت کا حصول ہے جو بازی جیت جانے کی صورت میں ہوگی جبکہ انشورنس کرانے کا مالی محرک اس نقصان کی تلافی ہے جو متعلقہ خطرہ پیش آجانے کی صورت میں ہوگا۔ جس حادثے کے اندیشے سے انشورنس کرایا گیا ہے اگر وہ واقعتاً پیش آجائے تو معاہدے کے مطابق انشورنس کرانے والے کو جو رقم ملے گی اس کی حیثیت کسی نفع کی نہیں ہے۔ یہ رقم صرف اس مالی نقصان کی تلافی کرتی ہے جو عملاً واقع ہو چکا۔ اس رقم کے ملنے سے حادثے کا شکار ہونے والے کی دولت میں کوئی اضافہ نہیں ہوتا بلکہ صرف اس کمی کی تلافی ہوتی ہے جو حادثے کے نتیجے میں واقع ہو چکی اس کے برعکس بازی جیتنے کی صورت میں جوئے باز کو جو رقم ملتی ہے وہ اس کی دولت میں اضافہ کرتی ہے۔ اس کے لیے اس رقم کی حیثیت خالص نفع کی ہے۔ جوئے باز اور انشورنس کرنے والے کے محرکات یکسر مختلف ہیں۔ اول الذکر کی نظر اس خالص نفع پر ہے۔ دوسرے کی نظر اس نقصان کی تلافی پر ہے جس کا اسے اندیشہ ہے۔ لاٹری کا ٹکٹ خریدنے والا جو دس لاکھ روپے کا انعام پاتا ہے۔ اس کا مقابلہ بحری جہاز کے مالک سے کیجیے جس کا جہاز ڈوب جائے

کی صورت میں انشورنس کے معاہدے کے مطابق اس جہاز کی قیمت کے طور پر دس لاکھ روپے ملتے ہیں ... مالک کی مالی حیثیت اب بھی وہی ہے جو جہاز ڈوبنے اور انشورنس کی رقم ملنے سے پہلے تھی وہ انشورنس ... والی رقم کے نتیجے میں پہلے سے زیادہ دولت مند نہیں ہو گیا ہے اس کے برعکس لاٹری میں انعام پانے والا ... سے زیادہ دولت مند ہے اس کی دولت میں دس لاکھ کا اضافہ ہو گیا ہے۔

اب معاملے کے دوسرے پہلو کا جائزہ لیجئے۔ جوئے باز بازی ہار جاتا ہے تو اسے مالی نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ لاٹری کے ٹکٹ کے دام ضائع جاتے ہیں، یا شرط کے مطابق بازی جیتنے والا اس سے ایک رقم وصول کرتا ہے۔ اس رقم کی ادائیگی ایک خالص نقصان ہے اس کے بالمقابل جوئے باز کو کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا۔ اس کے مقابلے میں صرف اس امید کا ذکر کیا جا سکتا ہے کہ جوئے میں جیت بھی ہو سکتی تھی اور ایک رقم ہاتھ آ سکتی تھی۔ مگر یہ امید معروضی طور پر ہارنے اور خسارہ برداشت کرنے سے وابستہ نہیں ہے اس سے الگ وجود رکھتی ہے ایسا بھی ہوتا ہے کہ کوئی جوئے باز عرصے تک بازی نہ ہارے، مسلسل جیتتا چلا جائے۔ انشورنس کرانے والا معاہدے کے مطابق ایک پریمیم ادا کرتا ہے۔ اس ادائیگی کے عوض اسے اس بات کی ضمانت حاصل ہوتی ہے کہ اگر متعلقہ حادثہ پیش آ گیا تو اس کے نتیجے میں واقع ہونے والے مالی نقصان کی تلافی کی جائے گی۔ یہ تحفظ اسے معاہدہ کراتے ہی حاصل ہو جاتا ہے خواہ حادثہ واقع ہو یا نہ ہو۔ پریمیم اسی تحفظ کی لاگت ہے یہ تحفظ دور رس اقتصادی اہمیت کا حامل ہے اور اس کی افادیت پر اس کا اثر نہیں پڑتا کہ حادثہ واقع ہوتا ہے اسے نقصان ہوتا ہے اور اس نقصان کی تلافی کے لیے اسے رقم ملتی ہے یا حادثہ واقع نہیں ہوتا۔ اقتصادی سرگرمیوں کی انجام دہی اور ان کی کارکردگی کی خاطر اس تحفظ کی اہمیت پریمیم ادا کرنے کی ایک معقول بنیاد ہے۔ یہ پریمیم گھاٹا نہیں لاگت ہے۔ اس کے برعکس جوئے میں ہاری ہوئی رقم سراسر گھاٹا ہے۔ پریمیم ادا کرنا ایک مجبوری کے تحت ہے، مجبوری یہ ہے کہ جن خطرات سے نقصان کا اندیشہ وابستہ ہے ان سے مفر نہیں اور اندیشۂ نقصان سے تحفظ کی واحد صورت یہ ہے کہ پریمیم ادا کیا جائے۔ لاٹری کے ٹکٹ کے دام ادا کرنے یا بازی ہارنے کی صورت میں طے شدہ رقم ادا کرنے کے لیے ایسی کوئی مجبوری نہیں ہے جوئے باز اپنے اختیار سے یہ گھاٹا مول لیتا ہے۔

انشورنس کرانے والا اگر انشورنس نہ کرائے تو اس کو وہ حادثہ جس کا خطرہ تھا واقع ہونے کی صورت میں ... مالی نقصان کا اندیشہ لگا رہے گا یہ اندیشہ اس کے فیصلوں پر بہرحال اثر انداز ہو گا خواہ آئندہ وہ خطرہ واقع ہو یا نہ ہو کیونکہ فیصلہ کا وقت پہلے آتا ہے۔ بحری جہاز کا مالک اپنے جہاز کو بحری سفر پر بھیجے یا نہ بھیجے اس فیصلہ پر اس ... کا گہرا اثر پڑے گا کہ جہاز ڈوب سکتا ہے اور اس حادثے کے نتیجے میں دس لاکھ روپے کا نقصان ہو سکتا ہے یہ بات کہ اس سفر میں یہ جہاز ڈوبا یا نہیں ڈوبا، بعد میں معلوم ہو گی۔ یہی حال ان تمام اقتصادی اعمال اور عام سرگرمیوں کا ہے جن کے ساتھ خطر محض وابستہ ہو۔ ان تمام صورتوں میں مالی نقصان کی تلافی کی ضمانت حاصل ہونے یا نہ ہونے کا ان پر گہرا اثر پڑنا لازمی ہے اور یہ اثر اس سے بے نیاز ہے کہ عملاً یہ نقصان واقع ہوتا ہے یا نہیں۔

اس حقیقت کی روشنی میں اس پر غور کیجئے کہ جوئے کی ہاری ہوئی بازی سے وابستہ مالی خسارہ اور حادثہ واقع نہ ہونے کی صورت میں ادا کیا جانے والا پریمیم ... کا اہمیت کے لحاظ سے کیا ... جا سکتا ہے کہ اگر انشورنس کرانے ...

کو عملاً وہ حادثہ پیش نہ آیا جس کا اندیشہ تھا، نہ کوئی مالی نقصان ہوا ورنہ اس کی تلافی میں کوئی رقم ملی تو اس نے جتنا پریمیم ادا کیا وہ اس کے لیے سراسر گھاٹا ہے اگر وہ انشورنس نہ کراتا تو پریمیم نہ ادا کرنا پڑتا اور یہ گھاٹا نہ ہوتا۔ جس طرح جوئے باز اگر بازی نہ لگاتا تو نہ ہارتا اور اسے گھاٹا نہ ہوتا۔ اوپر ہم یہ واضح کر چکے ہیں کہ معاہدہ انشورنس سے یہ ضمانت حاصل ہوتی ہے کہ اگر نقصان ہوا تو اس کی تلافی کی جائے گی اور خود یہ ضمانت اقتصادی اعمال اور ان تمام سرگرمیوں کے لیے جن سے خطر محض وابستہ ہے ایک قدر و قیمت رکھتی ہے۔ لاٹری کے ٹکٹ کی قیمت یا جوئے میں ہاری ہوئی رقم کے ساتھ اس طرح کی کوئی قابل قدر چیز وابستہ نہیں ہے۔ انعام پانے یا بازی جیتنے کی امید اس سے وابستہ ہے وہ کسی اقتصادی فیصلہ پر کوئی اثر نہیں ڈالتی۔ دراصل اس کا کوئی تعلق کسی اقتصادی عمل یا سرگرمی سے نہیں، اگر یہ کہا جائے کہ بازی جیتنے کے بعد ملنے والی رقم سے جوئے باز کوئی مفید کاروبار کرنے کا خواہش مند ہو سکتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ خواہش کے باوجود وہ صرف امید کی بناء پر متعلقہ کاروباری فیصلے بازی لگاتے وقت نہیں کر سکتا۔ انشورنس کا معاملہ بالکل مختلف ہے، یہاں فیصلہ کا موقع پہلے آتا ہے، انشورنس کا سوال بعد میں پیدا ہوتا ہے اور انشورنس کرانے یا نہ کرانے کا اس فیصلے پر گہرا اثر پڑتا ہے جوئے میں بازی لگانے یا نہ لگانے کا اس کاروباری فیصلے پر کیا اثر پڑ سکتا ہے جس کی مالی بنیاد ابھی فراہم بھی نہیں ہو سکی ہے نہ اس کی فراہمی یقینی ہے' واقعہ یہ ہے کہ بازی جیتنے کی امید صرف بازی لگانے کے فیصلے پر اثر انداز ہو سکتی ہے اور اس کا محرک بن سکتی ہے۔ یہ امید کسی دوسرے فیصلے سے نہ کوئی تعلق رکھتی ہے نہ اس پر اثر انداز ہو سکتی ہے۔

انشورنس کو قمار قرار دینے والوں کی غلط فہمی کا سبب بعض ایسی باتیں ہیں جو بظاہر دونوں معاملوں میں مشترک نظر آتی ہیں جوئے باز اور انشورنس کرانے والے دونوں کو بعض اوقات ایک بڑی رقم ملتی ہے جس کے مساوی کوئی معاوضہ ان کی طرف سے نہیں ادا کیا گیا ہے۔ بعض انشورنس کرانے والے مسلسل پریمیم ادا کرتے ہیں، مگر ان کو اس کے عوض کوئی بڑی رقم نہیں ملتی، جس طرح کہ بعض جوئے باز بازی ہارتے ہی چلے جاتے ہیں، یا ایک شخص لاٹری کے متعدد ٹکٹ مسلسل خریدتا رہتا ہے مگر انعام نہیں پاتا۔ اوپر کی بحث سے یہ غلط فہمی دور ہو جانی چاہیے۔ مزید اطمینان کے لیے ہم ان دونوں بظاہر یکساں امور کے سیاق میں انشورنس اور قمار کا جامع موازنہ بھی کریں گے، پہلے اس بڑی رقم کو لیجئے جو انشورنس کرانے والے کو پریمیم کے طور پر تھوڑی رقم ادا کرنے پر ہی مل جاتی ہے۔ قطع نظر اس کے کہ یہ رقم واقع شدہ نقصان کی تلافی کرتی ہے اس طرح نقصانات کی تلافی کا طریقہ اختیار کرنے سے سماج میں اقتصادی اعمال کی انجام دہی کے لیے ایک محفوظ و مامون فضا برقرار رکھی جاتی ہے خطر محض بعض ایسے حوادث کا اندیشہ جن سے نقصان وابستہ ہے، اقتصادی سرگرمیوں کے لیے از حد ہمت شکن ہوتا ہے اس کا اقتصادی کردار اس کاروباری خطرے سے یکسر مختلف ہے۔ جن کے ساتھ نقصان کا اندیشہ اور نفع کی امید دونوں ہی وابستہ ہیں۔ سماج اپنے کارکنوں کو انشورنس کے ذریعے خطر محض کے مالی صدمات سے محفوظ کر کے ان خطرات کے سماج دشمن اور ہمت شکن اقتصادی اثرات سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔

خطر محض سے وابستہ نقصانات سماج میں دولت اور آمدنی کی عادلانہ تقسیم کے دشمن ہیں اور اس میں خلل انداز ہوتے ہیں، کیونکہ ان کا تعلق غیر اختیاری اور بخت و اتفاق پر مبنی امور سے ہے جبکہ دولت اور آمدنی کی نارمل تقسیم محنت، صلاحیت و استعداد اور اختیاری اعمال پر مبنی ہوتی ہے انشورنس کے ذریعہ خطر محض سے وابستہ مالی نقصانات

کی تلافی کا طریقہ اختیار کر کے سماج دولت اور آمدنی کی تقسیم میں اس خلل اندازی کا مقابلہ کرتا ہے اور تقریباً اسی تقسیم کو بحال کر دیتا ہے جو ان کے بغیر پائی جاتی۔

انہی دونوں باتوں کے نتیجے میں یہ ممکن ہو جاتا ہے کہ وہ اقتصادی اعمال اور سماجی خدمات جن میں بخت و اتفاق کے دخل سے کارکنوں کو زبردست مالی صدمات سے دوچار ہونے کا احتمال ہے، تسلسل، استقلال اور اندیشہ صدمہ سے بے نیاز ہو کر اطمینان کے ساتھ انجام پا سکیں۔

اس کے برعکس وہ بڑی رقم جو بازی جیتنے والے جوئے باز کو ملتی ہے نہ صرف یہ کہ کسی واقع شدہ نقصان کی تلافی نہیں کرتی بلکہ کوئی بھی مفید سماجی یا اقتصادی عمل نہیں انجام دیتی۔ اس طرح بازی جیتنے پر رقم دینے کا طریقہ اختیار کرنے سے سماج میں محنت و منفعت اور خدمت و اجرت کا وہ عادلانہ نظام درہم برہم ہو جاتا ہے جو اقتصادی اعمال کی متوازن انجام دہی کے لیے ضروری ہے۔ اس طریقے کے عام ہونے کی صورت میں سماج کے کارکنوں کی توجہ دولت حاصل کرنے کے لیے پیدا آور خدمات انجام دینے کی بجائے بازی لگانے اور بخت و اتفاق کا سہارا لینے کی طرف مبذول ہوتی ہے۔ اس طریقے کا رواج سماج کو اور اس کے نظام پیداوار دولت کو بہت سے لائق، باصلاحیت اور مالدار افراد کی خدمات سے محروم کر دیتا ہے، انسانی تاریخ یہ بھی بتاتی ہے کہ محنت و صلاحیت کے سہارے کمائی ہوئی دولت کے برعکس جو دولت محض بخت و اتفاق کے طفیل مل ہو وہ مفید پیدا آور کاموں میں لگنے کے بجائے سٹہ بازی، عیش کوشی اور اسراف و تبذیر کی نذر ہوتی ہے۔

بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ دولت کا اس طرح انتقال اور اس کی یہ نئی تقسیم جو جوئے میں ہار جیت کے نتیجے میں عمل میں آتی ہے عدل و انصاف کے منافی ایک اندھی تقسیم ہے انشورنس کرانے والے جن افراد کو پریمیم ادا کرنے کے عوض کوئی رقم اس لیے نہیں ملی کہ ان کے ساتھ متعلقہ حادثہ عملاً نہیں پیش آیا ان کی ادا کی ہوئی رقمیں ان انشورنس کرانے والوں کو منتقل ہو گئیں جن کے ساتھ حادثہ پیش آیا اور جنھیں مالی نقصان سے دوچار ہونا پڑا۔ سماج کو نہ ان حادثات سے مفر تھا نہ ان کے نتیجے میں واقع ہونے والے مالی نقصانات سے۔ پورے سماج کو مجموعی طور پر وہ مالی نقصانات بہر حال برداشت کرنے تھے جو تمام احتیاطی تدابیر کے باوجود آتش زدگی، غرقابی، صنعتی حادثات، سواریوں کو پیش آنے والے حادثات اور عمر طبعی سے پہلے موت کے نتیجے میں واقع ہوتے سوال صرف یہ تھا کہ ان نقصانات کا بار تمام تر صرف انہی افراد پر ڈالا جائے جو عملاً ان حادثات کا شکار ہوں یا ان کو برداشت کرنے میں وہ تمام لوگ شریک ہوں جن کے ساتھ ایسے حادثات پیش آ سکتے تھے اور پیش آ سکتے ہیں۔ دوسری راہ اختیار کرنے کے حق میں متعدد اخلاقی اور اقتصادی فوائد کا حوالہ دیا جا سکتا ہے۔ وسیع پیمانے پر پریمیم جمع کر کے حادثات کا شکار ہونے والوں کے نقصان کی تلافی کر دینے کے جن فوائد پر روشنی ڈالی جا چکی ہے ان کے ماسوا یہاں ہمارا مرکز توجہ اس کا وہ پہلو ہے جو سماجی عدل اور سماج میں دولت کی تقسیم سے متعلق ہے۔ حادثات کا شکار نہ ہونے والوں سے حادثات کا شکار ہونے والوں کی طرف جو دولت منتقل ہوتی ہے اس کے نتیجے میں دولت کی کوئی نئی تقسیم نہیں عمل میں آتی بلکہ تقریباً وہ تقسیم بحال کی جاتی ہے جو حادثات رونما ہونے سے پہلے پائی جاتی تھی جن افراد کی دولت کا ایک حصہ ان کی کسی نا[illegible] ہو گیا تھا ان کی یہ کمی پوری کردی جاتی

سے انشورنس کے نتیجے میں کسی بھی فرد کو بغیر استحقاق مزید دولت حاصل نہیں ہوتی بلکہ جو دولت اسے کسی استحقاق کی بناء پر ملی تھی مگر حادثہ کے نتیجہ میں ضائع ہو گئی تھی وہی واپس مل جاتی ہے۔

قمار اور انشورنس کی نوعیت، ان کے محرکات، ان کے وہ اثرات جو اقتصادی اثرات سرگرمیوں اور سماج میں دولت کی تقسیم پر پڑتے ہیں نیز دونوں کے نفسیاتی پس منظر اور اثرات کا جامع موازنہ اس شبہ کے ازالہ کے لیے کافی ہونا چاہیے کہ دونوں یکساں ہیں یا انشورنس قمار کو مستلزم ہے، یا ان کے بعض پہلو ایک دوسرے کے مماثل ہیں حقیقت یہ ہے کہ ان دونوں اعمال کے درمیان نہ کوئی اشتراک ہے نہ مماثلت، اور اپنے سماجی اور اقتصادی کردار کے اعتبار سے دونوں ایک دوسرے کی ضد واقع ہوئے ہیں۔

انشورنس اور سود

انشورنس کرانے والے جو پریمیم ادا کرتے ہیں ان سے انشورنس کمپنیوں کے پاس ایک کثیر سرمایہ جمع ہو جاتا ہے، یہ سرمایہ کسی متعین وقت پر، اس رقم سے زیادہ ہوتا ہے جو ان انشورنس کرانے والوں کو نقصانات کی تلافی کے لیے کمپنی ادا کرتی ہے۔ اس کے خاص سبب تین ہیں، ایک سبب برابر نئے افراد کا انشورنس کرتے رہنا ہے۔ دوسرا سبب یہ ہے کہ انشورنس کا پریمیم احتیاطاً اس کم سے کم رقم سے زیادہ رکھا جاتا ہے جو انشورنس کرانے والے افراد کے پورے گروہ کو پہنچنے والے نقصانات کی تلافی کے لیے درکار ہوتی ہے۔ ایک تیسرا سبب یہ بھی ہے کہ پریمیم کی رقمیں ایک معلوم و متعین حساب کے مطابق ہر سہ ماہی پر آتی رہتی ہیں جبکہ ادا کی جانے والی رقموں کے بارے میں اوقات کی زیادہ پابندی نہیں ہوتی۔ انشورنس کمپنیاں اپنا فاضل سرمایہ اس طرح مشغول رکھنا چاہتی ہیں کہ نقصان کا اندیشہ کم سے کم ہو اور اصل سرمایہ کے تحفظ کے ساتھ اس میں اضافہ ہوتا رہے۔ مروجہ نظام میں اس کی عملی شکل سودی تمسکات کی خریداری ہے۔ انشورنس کمپنیاں عام تجارتی حصص کی خریداری میں کم ہی ہاتھ ڈالتی ہیں۔

چونکہ پریمیم سے حاصل ہونے والے سرمائے میں اس طرح اضافہ ہوتا رہتا ہے اس لیے انشورنس کرانے والوں کے لیے واجب الادا پریمیم کا حساب لگانے میں بھی اس اضافہ کی رعایت ملحوظ رکھی جاتی ہے۔ پریمیم کی مقدار اس سے کم رکھی جاتی ہے جو پریمیم کے ذریعے حاصل ہونے والے سرمائے کو مشغول کر کے اس میں اضافہ نہ کرنے بلکہ بیکار جمع رکھنے کی صورت میں رکھنی پڑتی۔ اس طرح پریمیم کا حساب لگانے میں بھی سود اور اس کی مروجہ شرحوں کا دخل ہوتا ہے۔

ظاہر ہے کہ اگر پریمیم سے حاصل ہونے والے سرمائے کو مشغول کر کے اس میں اضافہ کرنے کی کوئی ایسی صورت ممکن ہو جو سود سے پاک ہو تو انشورنس کا نظام سود سے پاک کیا جا سکتا ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ جہاں تک خود طریقۂ انشورنس کا تعلق ہے اسے اس طرح بھی اختیار کیا جا سکتا ہے، پریمیم سے حاصل ہونے والے سرمائے کو صرف جمع رکھا جائے، مشغول نہ کیا جائے مگر اس طرح انشورنس کرانے والوں کو زیادہ مقدار میں پریمیم ادا کرنا ہوگا اور انشورنس کی لاگت بڑھ جائے گی۔ سرمائے کی ایک کثیر مقدار کو بیکار جمع رکھنا قومی وسائل کے ضیاع کا ہم معنی ہوگا۔ مختلف انفرادی اور اجتماعی مصالح کا تقاضا ہے کہ اس سرمایہ کو مزید سرمایہ کاری کے لیے استعمال کیا جائے تاکہ قومی دولت میں اضافہ ہو اور انشورنس کی لاگت بھی کم کی جا سکے۔ اس لیے انشورنس پریمیم سے

سے حاصل ہونے والے فاضل سرمائے کو شمول کر کے اس میں اضافہ کرنا چاہیے۔

اصل سوال یہ ہے کہ غیر سودی نظام میں انشورنس کے سرمایہ کا نفع آور استعمال کس طرح عمل میں آئے کہ متعلقہ فوائد حاصل کیے جا سکیں۔ اس سوال کے جواب پر غور کرتے وقت اس اہم حقیقت کو سامنے رکھنا چاہیے کہ یہ سوال جس صورت میں انشورنس کے نجی کاروباری اداروں کے لیے پیدا ہوتا ہے اس صورت میں ریاست کے زیر اہتمام انشورنس میں نہیں پیدا ہوتا۔ ریاست کے لیے یہ ممکن ہے کہ وہ اس سرمایہ کو ایسے کاموں میں استعمال کرے جن کی پیدا آوری یقینی ہے اور سرمایہ کے ڈوبنے یا اس میں نقصان اٹھانے کا سوال نہیں پیدا ہوتا جیسا کہ آئندہ واضح کیا جائے گا، ہماری تجویز یہ ہے کہ اسلامی نظام میں معیشت کے ایک وسیع دائرہ میں انشورنس کی تنظیم پوری طرح ریاست کے ہاتھوں میں ہو۔[1] اس دائرہ کی حد تک اس سوال کا جواب آسانی کے ساتھ ممکن ہے۔

جس چھوٹے سے دائرہ میں نجی کاروبار کے طور پر انشورنس کی اجازت دی جائے گی اس کی حد تک فاضل سرمائے کے نفع بخش استعمال کی نسبتاً محفوظ راہیں ایک غیر سودی معیشت میں بھی میسر آ سکیں گی۔

غیر سودی معیشت میں انشورنس کے نجی کاروباری اداروں کے لیے یہ ممکن ہو گا کہ وہ اپنا فاضل سرمایہ حکومتی حصص شرکت یا اونچی ساکھ کے نجی کاروباری اداروں کے حصص خریدنے میں صرف کریں۔ بنکوں کے مضاربت کھاتہ میں رقم جمع کرنا بھی ان کے نفع آور استعمال کی ایک محفوظ شکل ہو گی کیونکہ ان کھاتوں سے وابستہ اندیشۂ نقصان کو عملاً ختم کر دیا جائے گا۔ تجربے کی روشنی میں ان مختلف راہوں میں سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والی اوسط شرح نفع کا ایک قابل اعتماد اندازہ لگانا ممکن ہو گا جسے پریمیم کا حساب لگانے میں استعمال کیا جا سکے۔ یہ گمان کیا جا سکتا ہے کہ بازار میں سود کی شرح ایک متعین اور معلوم مقدار ہوتی ہے جب کہ غیر سودی نظام میں نفع کی شرح کے ایک محتاط اندازے کو مذکورہ حساب کی بنیاد بنانا ہو گا۔ لیکن ہمیں یہ نہ بھولنا چاہیے کہ بازار میں سود کی شرح بھی بدلتی رہتی ہے اور انشورنس کمپنیاں پریمیم کا حساب لگانے میں سود کی مروجہ شرح میں ممکن تبدیلیوں کے پیش نظر اس کے ایک محتاط اندازے کو بنیاد بناتی ہیں کیونکہ پریمیم کی مقدار بازار میں شرح سود کی ہر تبدیلی کے ساتھ تبدیل نہیں کی جا سکتی۔

انشورنس کے سرمایہ کے نفع آور استعمال سے عملاً اس سے زیادہ نفع ہو سکتا ہے جس کو پریمیم کا حساب لگانے کی بنیاد بنایا گیا ہو۔ اس فاضل نفع سے ایک ایسا ریزرو فنڈ قائم کیا جا سکتا ہے جو سرمائے کے استعمال میں نقصان کے فطری اندیشہ سے تحفظ کا کام کر سکے جس سال عملاً نقصان سے دوچار ہونا پڑے، اس سال نقصان کی تلافی اس ریزرو فنڈ سے کی جا سکتی ہے تاکہ نقصان کے نتیجہ میں انشورنس کرانے والوں سے پریمیم کی مقدار بڑھانے کا مطالبہ نہ کرنا پڑے۔ اس طرح کے احتیاطی ریزرو موجودہ نظام میں بھی ضروری ہوتے ہیں۔ اس ریزرو کے ذریعہ عرصۂ طویل میں پریمیم کی مقدار کو واقعی شرح نفع کے مطابق رکھنے کا کام لیا جا سکتا ہے۔

چونکہ انشورنس کا تعلق سود سے صرف ضمنی طور پر سرمایہ کے نفع آور استعمال میں قائم ہوتا ہے اس لیے یہ تعلق ایک ایسی معیشت میں خود بخود ختم ہو جائے گا جس کی تنظیم سود کے بغیر کی گئی ہو، جہاں سرمایہ کے نفع آور استعمال کی غیر سودی راہیں

[1] اب ہمارے ملک میں پاکستان میں تمام انشورنس کمپنیوں کو قومی تحویل میں لے لیا گیا ہے اور مجوزہ نظام اس میں جاری کرنا آسان ہے۔ سعیدی

میسر ہوں۔ مگر بعض اوقات یہ رائے بھی ظاہر کی جاتی ہے کہ خود معاہدۂ انشورنس ربا کو مستلزم ہے کیونکہ پریمیم ادا کرنے والے کو اس سے زیادہ رقم ادا کرنے کا وعدہ کیا جاتا ہے جتنی وہ حادثہ کے وقوع کے وقت تک بالاقساط جمع کرچکا ہو۔ اس رائے کی بنیاد اس مفروضہ پر ہے کہ ہر اضافہ ربا ہے۔ یہ ایک بے بنیاد مفروضہ ہے۔ شریعت میں ہر اضافہ کو علی الاطلاق ربا نہیں قرار دیا گیا ہے۔ پریمیم کے طور پر ادا کی جانے والی رقم قرض نہیں ہے کہ اس کے بالمقابل زیادہ رقم کی ادائیگی کو اصل پر اضافہ کے ساتھ واپسی قرض قرار دے کر ربا کا حکم لگایا جا سکے۔ اپنی حقیقی روح کے اعتبار سے پریمیم کی نوعیت زرِ تعاون یا چندہ کی ہے جو ایک مفید اجتماعی خدمت کی فراہمی کے لیے دیا جا رہا ہو۔ تعاونی انشورنس . . . . Mutual Insurance اور ریاست کے زیرِ اہتمام انشورنس میں اس کی یہ نوعیت بالکل واضح ہے۔ اگر ہم انشورنس کی نجی کاروباری تنظیم کو سامنے رکھ کر بھی غور کریں تو بھی پریمیم کو قرض نہیں قرار دیا جا سکتا۔ اسے ایک ایسی خدمت کی قیمت سمجھا جا سکتا ہے جس کی انجام دہی اس کی ضرورت پڑنے پر موقوف ہے۔

بہ خلاف عام سودی قرض کے انشورنس میں ملنے والی رقم کا انحصار نہ تو مدت کے طول پر ہوتا ہے نہ اس کی مقدار اس مجموعی رقم پر منحصر ہوتی ہے جو پریمیم ادا کرنے والے نے حادثہ واقع ہونے کے وقت تک مجموعی طور پر ادا کی ہو۔ اس رقم کا انحصار اصلاً متعلقہ حادثہ کے نتیجے میں واقع ہونے والے مالی نقصان پر ہوتا ہے۔ انشورنس کی بعض شکلوں مثلاً انشورنس زندگی وغیرہ میں یہ رقم پہلے سے متعین نہیں ہوتی بلکہ نقصان واقع ہو جانے پر نقصان کے مطابق متعین کی جاتی ہے۔ بعض دوسری شکلوں میں اس کی پیشگی تعیین کی بنیاد یہ ہوتی ہے کہ نقصان واقع ہونے پر اس کی مالیت بھی پہلے سے معلوم ہوتی ہے مثلاً بحری جہاز کا ڈوب جانا۔

زندگی کے بیمے میں ایک مشکل سوال یہ سامنے آتا ہے کہ کسی خاص عمر میں کسی آدمی کی موت سے (اس کے اہلِ خاندان کو) مالی طور پر کتنا نقصان واقع ہوگا اس کا اندازہ کس طرح لگایا جائے۔ مال و املاک کے سلسلے میں مالیت کی تعیین معروضی پیمانوں کے مطابق آسانی سے ممکن ہے۔ مگر جان کے سلسلے میں تعیین کے معروضی پیمانے صرف جزئی طور پر ہی میسر ہیں۔ ایسی صورت میں ایک حد کے اندر رہتے ہوئے اس بات کا فیصلہ متعلق فرد یا افراد کی صواب دید پر چھوڑنا ضروری تھا کہ وہ اس نقصان کا کیا اندازہ قائم کرتے ہیں اور اس کے پیشِ نظر کس رقم کی پالیسی خریدنا چاہتے ہیں۔ اس سلسلے میں اس فرد یا افراد کی حال میں بچت کرنے کی صلاحیت اور اس پر آمادگی بھی اہمیت رکھتی ہے اور اس سوال کو بھی اس پر چھوڑا جا سکتا تھا، ان تمام باتوں پر نظرِ ثانی ممکن ہے، مگر ان کی موجودگی میں صرف یہ بات کہ بیمہ زندگی کرانے والے کو اپنی ادا کردہ رقم سے زیادہ رقم مل سکتی ہے، اس مزید رقم کو سود قرار دینے کی بنیاد نہیں بن سکتی۔ اگر انشورنس کی خالص شکل یعنی تعاونی [illegible] تنظیم کو سامنے رکھ کر غور کیا جائے تو انشورنس کرانے والے افراد پریمیم کے طور پر مجموعی طور پر جو رقم ادا کرتے ہیں اتنی ہی رقم افراد کے اس گروہ کو مجموعی طور پر واپس دی جاتی ہے نہ کم نہ زیادہ۔ کیونکہ پریمیم کا حساب، قانون اعداد کثیر اور قانون اوسط کی روشنی میں، اس اصول پر مبنی ہے کہ وہ پورے گروہ کے نقصان کی تلافی کر سکے۔ اگرچہ کسی ایک فرد نے جو رقم ادا کی ہے اس میں اور اس فرد کو جو رقم ملتی ہے اس میں فرق ہوگا مگر ان تمام افراد پر مشتمل مجموعہ کے لیے دونوں رقموں کے درمیان کوئی فرق نہیں ہوتا۔ اس وضاحت میں ہم نے تنظیم انشورنس پر آنے والے انتظامی اخراجات اور انشورنس کے سرمائے کے نفع آور استعمال سے ہونے والے اضافہ دونوں کو نظر انداز کر دیا ہے تاکہ

مسئلہ کی اصل نوعیت کو سمجھنا آسان ہو جائے۔ عملاً مذکورہ بالا اخراجات کے پیش نظر انشورنس کرانے والوں کی ادا کردہ رقوم ان کو مجموعی طور پر دی جانے والی رقم سے زیادہ ہوں گی۔ مگر دوسری طرف سرمایہ کے نفع آور استعمال سے ہونے والے اضافہ کے پیش نظر ان کو دی جانے والی رقم ان سے لی جانے والی رقم سے زیادہ ہوگی۔ عملاً اس اضافے کا پیشگی حساب کر کے اس نسبت سے انشورنس کرانے والوں سے (پریمیم کے طور پر) نسبتاً کم رقم کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ مسئلہ کی اس نوعیت پر غور کرنے سے واضح ہے کہ انشورنس کا معاملہ ربا سے یکسر مختلف ہے۔ سودی قرض میں قرض لینے والے کو انفرادی طور پر لی ہوئی رقم سے زیادہ رقم واپس دینی ہوتی ہے اور یہی صورت حال ان تمام افراد کے مجموعہ کے لیے بھی قائم رہتی ہے جو سودی قرض لیتے ہیں! انشورنس میں انشورنس کرانے والے افراد کو مجموعی طور پر اتنی ہی رقم واپس ملتی ہے جتنی انھوں نے ادا کی ہوتی ہے، اگرچہ انفرادی سطح پر صورت حال مختلف ہوتی ہے۔

انشورنس کے سلسلے میں دوسری خرابیوں کا احتمال

یہ دیکھ لینے کے بعد کہ انشورنس اصلاً قمار اور ربا سے پاک ہے اور انشورنس کا نظام اس طور پر چلایا جا سکتا ہے کہ اس کی تفصیلات ان خرابیوں سے نہ آلودہ ہوں ہمیں اس بات کا بھی اطمینان حاصل کرنا ہے کہ یہ طریقہ ان دوسری خرابیوں سے بھی پاک ہے جن سے شریعت عام معاملات زندگی، بالخصوص لین دین کے معاملات کو پاک دیکھنا چاہتی ہے قمار اور ربا کے علاوہ دوسری خرابیاں یہ ہیں:

(۱) اکراہ۔

(۲) اضطرار سے بے جا فائدہ اٹھانا۔

(۳) غش وغبن

(۴) غرر فاحش اور جہل مفضی الی النزاع

(۵) ضرر۔

کتاب اللہ یا سنت نبوی نے جن معاملات کو ممنوع قرار دیا ہے ان میں یہی خرابیاں پائی جاتی ہیں اور یہی ان کے ممنوع ہونے کا سبب ہیں۔ فقہ اسلامی میں معاملات کے جواز یا عدم جواز کا حکم اسی بنیاد پر لگایا گیا ہے کہ وہ ان خرابیوں سے پاک ہیں یا ان سے آلودہ ہیں۔ جو معاملات ان خرابیوں سے پاک ہوں وہ مباح ہیں اگر وہ معتبر انسانی مصالح کے خادم ہوں تو پسندیدہ اور مطلوب بھی ہیں۔ انشورنس کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان تمام خرابیوں سے پاک ہے اور ساتھ ہی اہم انفرادی اور اجتماعی مصالح کا خادم بھی ہے۔

پہلی تین خرابیوں سے عام حالات میں انشورنس کا پاک ہونا کسی بحث کا محتاج نہیں معلوم ہوتا اگر کسی مخصوص معاہدہ میں ان میں سے کوئی خرابی پائی جائے تو قانون کی مداخلت سے اس کی اصلاح ممکن ہوگی اور اصلاح کے بعد بھی انشورنس کا طریقہ اختیار کیا جا سکے گا۔ انشورنس کے نجی کاروباری ادارے اگر معقول مقدار سے زیادہ پریمیم وصول کریں تو اسے غبن قرار دیا جا سکتا ہے، انشورنس کرانے والا فرد اپنی عمر، صحت، مالی حیثیت یا جن املاک کا انشورنس کیا جا رہا ہو ان کی ملکیت کے بار[ے] [illegible] [غلط بیانی سے کام لے تو وہ بھی اس] باب میں آئے گا، وغیرہ۔

اسی طرح پانچویں خرابی، یعنی غرر سے بھی انشورنس کا طریقہ پاک ہے۔ انشورنس کے معاہدے سے کسی تیسرے فریق کو کوئی ضرر نہیں پہنچتا نہ اس طریقہ کو اختیار کرنے سے کوئی اجتماعی مفاد مجروح ہوتا ہے، بلکہ معاملہ اس کے برعکس ہے۔
شریعت کا منشاء یہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو ہر معاملہ میں فریقین متعلقہ امور سے پوری طرح آگاہ ہو کر معاہدہ کریں تاکہ وہ اپنے نفع نقصان یا حقوق و فرائض کے بارے میں کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ رہیں اور آئندہ آگاہی ہونے پر جھگڑے نہ کھڑے ہوں اور ایک دوسرے کے خلاف غم و غصہ نہ پیدا ہو۔ خرید و فروخت کے معاملات میں قیمت، خریدی جانے والی چیز اور دوسرے متعلق امور کے بارے میں جب ایسا عدم علم پایا جائے جو آئندہ جھگڑے کی بنیاد بن سکتا ہو تو معاملہ کرنے سے روکا گیا ہے۔

غرر سے مراد دھوکہ ہے جس کی بنیاد عدم علم اور عدم تعین ہے۔ سنت میں ممنوع بیع غرر کی چند مثالیں یہ ہیں تالاب میں جتنی مچھلیاں ہوں، ان کی ایک متعین قیمت کے عوض فروخت، حاملہ اونٹنی کے بچہ جننے سے پہلے اس بچہ کی فروخت درخت پر بور آنے پر ان پھلوں کی فروخت جو ابھی تیار نہیں ہوئے ہیں۔ جب فروخت کی جانے والی چیز وصف اور مقدار سے معلوم اور متعین نہ ہو تو معاہدہ بیع میں غرر کا عنصر داخل سمجھا جائے گا۔ خدمات کی فروخت اور لین دین کے دوسرے معاملات میں بھی جب فریقین کے حقوق اور ان کی ذمہ داریاں اس نوع کے عدم تعین یا عدم علم کا شکار ہوں تو معاملہ غرر پر مبنی ہوگا۔

سنت میں غرر کی بنا پر ممنوع معاملات کے درمیان ایک قدر مشترک یہ بھی ہے کہ مقصد کا حصول غرر سے بچتے ہوئے بھی ممکن ہو۔ مثلاً مذکورہ بالا مثالوں میں یہ ممکن ہے کہ ادا کی جانے والی قیمت کی مقدار مچھلیوں کی اس مقدار پر منحصر ہو جو تالاب سے نکلیں۔ یا اونٹنی کے بچہ جننے کے بعد اس کو خریدا جائے، یا درختوں کے پھل تیار ہونے پر ان کی فروخت عمل میں آئے۔ ہمارے علم کی حد تک سنت میں غرر کی بنیاد پر کسی ایسے معاملے سے نہیں روکا گیا ہے جو کسی ضرورت کی تکمیل یا مصلحت کے حصول کے لیے ناگزیر ہو، مگر اسے غرر، یعنی عدم علم اور عدم تعین سے پاک کرنا کسی طرح ممکن نہ ہو، فقہاء نے عام طور پر یہ رائے ظاہر کی ہے کہ تمدنی ضرورت کے جن معاملات کو عدم علم سے پوری طرح پاک نہ کیا جا سکتا ہو، ان کی اجازت ہے اور ان کی ضرورت کے پیش نظر تھوڑے غرر کو گوارا کیا جائے گا۔ البتہ اگر غرر زیادہ ہے تو معاملہ سے روک دیا جائے گا ظاہر ہے کہ اس تھوڑے اور بہت کی تعیین میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہے۔ چنانچہ مذکورہ بالا مثالوں میں سے پہلے اور تیسرے معاملہ کا عدم جواز مختلف فیہ ہے اور متعدد فقہاء متعلقہ غرر کو قابل درگزر سمجھتے ہیں کیونکہ اس کا ازالہ زحمت طلب ہے۔

جہاں تک انشورنس کرنے والے ادارے کا تعلق ہے وہ رقوم معلوم اور متعین ہوتی ہیں جو اسے انشورنس کرانے والے افراد کے مجموعہ سے ملیں گی اور انہیں ادا کرنی ہوں گی۔ یہ علم اور تعیین قانون اوسط، اور اس امر پر مبنی ہے کہ پریمیم کا حساب اسی بنیاد پر لگایا جاتا ہے کہ پورے گروہ کو بحیثیت مجموعی کتنی ادائیگی کرنی، قانون اوسط کی روشنی میں، لازم آئے گی۔
ان حسابات میں غلطی کی گنجائش کم ہے اور جو غلطی رہ جائے اس کی تلافی قانونی اور ریاستی انشورنس کی صورتوں میں بآسانی ممکن ہے۔
انشورنس کرانے والے کسی ایک فرد کے اعتبار سے البتہ یہ بات معلوم اور متعین نہیں ہے کہ اسے کوئی رقم ملے گی یا نہیں، یا کتنی رقم ملے گی اور پریمیم کی صورت میں اسے مجموعی طور پر کتنی رقم ادا کرنی پڑے گی اس عدم علم اور عدم تعین کا سبب یہ ہے

کہ جس حادثے اور اس سے مالی نقصان کے پیش نظر انشورنس کرایا جاتا ہے اس کا وقوع کسی ایک فرد کے ساتھ معلوم و متعین نہیں ہے۔ یہ عدم علم اور عدم تعین کہ کسی فرد کو کوئی متعین حادثہ پیش آئے گا یا نہیں، انسانی زندگی سے دور کرنا ممکن نہیں ہے۔ انسان اس عدم علم اور عدم تعین کے سلسلے میں معذور ہے۔ یہی صورت حال انشورنس کا طریقہ اختیار کرنے کی داعی بنتی ہے۔ انفرادی سطح پر اس عدم علم اور عدم تعین کو اگر غرر قرار دیا جائے تو بھی اس کی بنیاد پر انشورنس کے طریقے کو ممنوع قرار دینا مناسب نہ ہوگا، کیونکہ اسے ممنوع قرار دینے کی صورت میں متعلقہ ضرورت کی تکمیل اور مصالح کا تحفظ کسی صورت ممکن نہ رہ جائے گا۔ مزید براں یہ معاملہ اپنی مخصوص نوعیت رکھتا ہے۔ اس کی اجتماعی نوعیت کو نظر انداز کر کے صرف انفرادی سطح پر موجود غرر کی بنا پر اسے ممنوع نہیں قرار دینا چاہیئے۔

انشورنس ایک نیا معاملہ ہے اس کی نوعیت لین دین کے دوسرے معاملات سے بالکل مختلف ہے۔ اس معاملہ میں عدم علم اور عدم تعین جہاں اور جس قدر پایا جاتا ہے اس کی نوعیت سادہ خرید و فروخت میں پائے جا سکنے والے اس عدم علم یا عدم تعین سے مختلف ہے جس کی مثالیں سنت میں ممنوع بیع غرر کے معاملات میں ملتی ہیں یہ معاملہ اجتماعی سطح پر معلوم و متعین اور انفرادی سطح پر غیر معلوم و غیر متعین ہے۔

انشورنس میں جس نوع کا عدم علم اور عدم تعین پایا جاتا ہے وہ آگے چل کر فریقین کے درمیان جھگڑے کی بنیاد نہیں بنتا کیونکہ انشورنس کرانے والا اس عدم علم اور عدم تعین سے پوری آگاہی کے ساتھ انشورنس کراتا ہے۔ اسے اس بارے میں کوئی غلط فہمی نہیں ہوتی۔ وہ جانتا ہے کہ وہ ایک حادثے کے اندیشے کی بناء پر انشورنس کرا رہا ہے اور عین ممکن ہے کہ وہ حادثہ واقع نہ ہو۔ آگے چل کر اگر اسے وہ حادثہ پیش نہیں آتا جس کے اندیشے سے انشورنس کرایا گیا تھا تو یہ بات اس میں نہ انشورنس کرنے والوں کے خلاف غم و غصہ پیدا کر سکتی ہے، نہ یہ احساس کہ اس کے ساتھ دھوکہ کیا گیا یا اس کی لاعلمی سے بے جا فائدہ اٹھایا گیا۔

جیسا کہ اوپر اشارہ کیا جا چکا ہے، انشورنس کرنے والا فرد جو پریمیم ادا کرتا ہے اسے متعلقہ حادثے کے مالی نقصان سے تحفظ کی قیمت قرار دیا جا سکتا ہے۔ یہ تحفظ ایک معلوم اور متعین امر ہے جو اسے معاہدۂ انشورنس کے تحت ہر صورت حاصل ہوتا ہے خواہ متعلقہ حادثہ پیش آئے یا نہ آئے۔ قطع نظر اس سے کہ کس فرد کو یہ تحفظ نقصان کی تلافی میں ملنے والی رقم سے حاصل ہوتا ہے اور کس فرد کو اس طور پر کہ اسے سرے سے نقصان ہی نہیں ہوتا، اور کس فرد کو پریمیم کی کتنی قسطیں عملاً ادا کرنا پڑتی ہیں، اگر اس تحفظ کو مرکز توجہ بنایا جائے تو اس معاملے میں انفرادی سطح پر بھی غرر کا وجود مشتبہ ہے معاملے کے دونوں فریقوں کے حقوق و فرائض بالکل معلوم اور متعین ہیں، البتہ ان کی مالی تعبیر میں ایسے حوادث پر منحصر ہیں جو عدم علم اور عدم تعین کا شکار ہیں۔

جیسا کہ بعض معاصر اسلامی مفکرین نے اشارہ کیا ہے۔ سنت میں غرر کی بناء پر بعض معاملات سے اسی صورت میں روکا گیا ہے جب غرر بہت زیادہ ہو[1] نیز اس میں بیع غرر کی ممانعت آئی ہے نہ کہ مجرد غرر کی خواہ وہ زندگی کے کسی

---

[1] مصطفےٰ احمد الزرقاء: عقد التامین (السوکرہ) و موقف الشریعۃ الاسلامیہ ص ۴۵، مطبعۃ جامعۃ دمشق، ۱۹۶۲ء نیز ملاحظہ ہو ڈاکٹر محمد البہی: نظام التامین فی هدی احکام الاسلام [illegible] ۱۹۶۰ء

معاملے میں پایا جائے۔[1] اگر جائزہ لیا جائے تو متعدد امور زندگی میں شریعت نے ایسے فیصلوں اور معاملات کو روا رکھا ہے جو تمام متعلقہ باتوں کے پورے علم پر مبنی نہیں ہوتے یا مبنی نہیں ہو سکتے، مثلاً عقد نکاح، اجارہ، انتخاب امیر، حکم کے ذریعہ نزاعات کا فیصلہ چاہنا وغیرہ۔[2]

بیمہ کے متعلق علامہ ابن عابدین حنفی شامی کی رائے

علامہ ابن عابدین شامی حنفی لکھتے ہیں:
ہم نے جو یہ بیان کیا ہے کہ دار الاسلام میں اگر کوئی کافر مستامن (پاسپورٹ لے کر) آئے تو اس کے ساتھ بھی سود اور قمار کا معاملہ جائز نہیں ہے، اس جواب سے بیمہ کا مسئلہ بھی واضح ہو گیا، جس کے متعلق ہمارے زمانہ میں بہ کثرت سوالات کیے جاتے ہیں کیونکہ اب لوگوں میں یہ معمول بن گیا ہے کہ تجار جب کسی حربی سے کوئی جہاز کرائے پر لیتے ہیں تو اس کو کرایہ دینے کے علاوہ، دار الحرب میں رہنے والے کسی باشندہ کو ایک معین رقم اس شرط پر دیتے ہیں کہ اگر جہاز ڈوب گیا یا جل گیا یا اس کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا یا کسی اور ناگہانی آفت کا شکار ہو گیا تو یہ شخص اس رقم کے بدلہ میں اس نقصان کا ضامن ہوگا، اس رقم کو "سوکرہ" "بیمہ کی رقم" کہا جاتا ہے، اس حربی (انشورنس کمپنی کا مالک) کا ایک وکیل (ایجنٹ) سلطان اسلام کی اجازت سے ہمارے ملک کے ساحلی شہروں میں مستامن بن کر (پاسپورٹ کے ساتھ) رہتا ہے جو تاجروں سے بیمہ کی رقم وصول کرتا ہے اور اگر سمندر میں تاجر کا مال ضائع ہو جائے تو وہ تاجروں کو اس کا پورا پورا معاوضہ ادا کر دیتا ہے۔

علامہ شامی اس مسئلہ میں اپنی تحقیق بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں اس مسئلہ میں مجھ پر جو چیز منکشف ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ تاجروں کے لیے اس مستامن وکیل سے اپنے نقصان کا بدل لینا جائز نہیں ہے کیونکہ یہ اس چیز کا التزام ہے جو اس پر لازم نہیں ہے، اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ امانت رکھنے والا اگر امانت رکھنے کی اجرت لے تو امانت ضائع ہو جانے کی صورت میں اس پر امانت کا معاوضہ لازم ہوتا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ بیمہ کو امانت پر قیاس نہیں کیا جا سکتا، یہ مال بیمہ کرانے والے کی تحویل میں نہیں تھا، بلکہ جہاز والوں کی تحویل میں تھا، اور اگر بالفرض جہاز بھی، بیمہ کمپنی کا ہو تب بھی مالی نقصان کا معاوضہ لینا جائز نہیں ہوگا، کیونکہ اس صورت میں بیمہ کمپنی اجیر مشترک متصور ہوگی جس نے مال پہنچانے اور مال کی حفاظت کرنے دونوں کی اجرت لی ہے، اور غرقابی وغیرہ ناگہانی آفت سے مال تلف ہونے کی صورت میں امانت دار اور اجیر مشترک دونوں ضامن نہیں ہوتے، اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ باب الکفالہ میں یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک شخص نے دوسرے شخص سے یہ کہا کہ اس راستہ پر سفر کرو اس راستہ میں کوئی خطرہ نہیں ہے، اس شخص نے اس راستہ پر سفر کیا اور اس راستہ میں اس کا مال لوٹ لیا گیا تو وہ ضامن نہیں ہوگا لیکن اگر اس نے یہ کہا کہ یہ راستہ بے خطر ہے اور اگر تمہارا مال لوٹا گیا تو اس کا میں ضامن ہوں گا تو اس صورت میں اس کو ضامن قرار دیا جائے گا، علامہ الحصکفی صاحب در مختار نے ان دونوں صورتوں میں اس طرح فرق کیا ہے کہ دوسری صورت میں اس نے ضمانت کا التزام کر لیا ہے اور پہلی صورت میں اس نے ضمانت نہیں دی اور جامع الفصولین میں یہ فرق اس طرح بیان کیا ہے کہ دھوکا کھانے والا، دھوکا دینے والے سے اس وقت ضمان لے گا جب اس کو کسی عقد معاوضہ کے

---

[1] سید محمد صادق الحسنی الروحانی، المسائل المستحدثہ۔ جلد اص ۷۰، دار الفکر قم ایران، ۱۳۸۴ھ

[2] ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی، انشورنس اسلامی معیشت میں ص ۵۰۔۳۴، مطبوعہ اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ لاہور، اکتوبر ۱۹۸۲ء

ضمن میں دھوکا دیا جائے یا دھوکا دینے والا، دھوکا کھانے والے شخص کے حق میں سلامتی کی ضمانت دے (جیسا کہ زیر بحث صورت میں ہے) عقد میں دھوکے کی مثال یہ ہے کہ مثلاً ایک شخص کسی چکی والے کے پاس گندم پسوانے کے لیے لایا چکی والے نے اس شخص سے کہا کہ اس برتن میں ڈال دو، اتفاق سے اس برتن میں سوراخ تھا جس سے چکی والا واقف تھا اور اس کے باوجود اس نے اس برتن میں گندم ڈالنے کے لیے کہا جس کی وجہ سے سب گندم ضائع ہو گئی تو اب چکی کا مالک اس نقصان کا ضامن ہوگا کیونکہ اس نے عقد اجارہ میں دھوکا دیا ہے، جب کہ اس عقد کا تقاضا یہ تھا کہ اس مال کی حفاظت کی جائے (علامہ شامی کہتے ہیں کہ) میں کہتا ہوں کہ یہ اس وقت ہے جب دھوکا دینے والا اس نقصان سے واقف ہو اور دھوکا کھانے والا اس نقصان سے واقف نہ ہو، اور یہ بات ظاہر ہے کہ بیمہ کمپنیوں کا مقصد تاجروں کو دھوکا دینا نہیں ہوتا اور نہ ان کو جہاز کے ڈوبنے یا اس میں آگ لگنے کا علم ہوتا ہے، رہا عام خطرہ تو اس کا بیمہ کمپنی اور تاجر دونوں کو علم ہوتا ہے کیونکہ تاجر اسی وقت بیمہ کراتے ہیں جب ان کو خطرہ ہو اور نقصان کی تلافی کی امید ہو لہٰذا بیمہ کے مسئلہ کو اس مسئلہ پر بھی قیاس نہیں کیا جا سکتا۔[1]

علامہ شامی نے بیمہ کی جس صورت پر بحث کی ہے اب وہ صورت حال نہیں ہے جس صورت سے علامہ شامی نے بحث کی ہے اس میں قمار ہونا بالکل نمایاں ہے کیونکہ بحری جہاز کا ہر مسافر بیمہ کمپنی کو ایک خاص رقم ادا کرتا ہے کہ اگر ایک یا چند مسافروں کا نقصان ہو گیا تو بیمہ کمپنی اس کی تلافی کر دے گی اور اگر نقصان نہیں ہوا تو بیمہ کمپنی ان تمام رقموں کی مالک ہو جائے گی اور چونکہ اس عقد میں جانبین کو نفع یا نقصان لازم ہے اور یہ کھلا ہوا قمار ہے اسی لیے علامہ شامی نے اس کو ناجائز قرار دیا ہے۔

بیمہ زندگی کے متعلق علماء مصر کا نظریہ

علماء مصر سے سوال کیا گیا کہ:

ایک شخص نے کسی بیمہ کمپنی سے اپنی زندگی میں یہ عقد کیا کہ اگر وہ (اقساط پوری کرنے سے پہلے مر جائے تو) اتنی رقم اس کی اولاد دی جائے تو اب اس کے مرنے کے بعد بیمہ کی اس رقم کو اس کی اولاد میں تقسیم کرنا صحیح ہے یا نہیں؟

الجواب احکام شرعیہ کا تقاضا یہ ہے کہ مذکور الصدر عقد، عقد شرعی نہ ہو، حتیٰ کہ بیمہ کی رقم کو اس کے ورثاء میں تقسیم کرنا صحیح ہو، ہاں متوفی نے جس قدر اقساط جمع کرا دی تھیں وہ اقساط اس کی جائز ملکیت ہیں وہ تمام اقساط بیمہ کمپنی سے واپس لے کر اس کے وارثوں میں تقسیم کر دی جائیں، اور جمع شدہ اقساط سے جو زائد رقم بیمہ کمپنی اپنی خوشی سے محض تبرعاً اور احساناً دیتی ہے اور ورثاء بھی اس کو قبول کرنے پر راضی ہوں تو شریعت میں بطور احسان اور تبرع کے کسی عطیہ لینے کی ممانعت نہیں ہے۔[2]

اس جواب کا حاصل یہ ہے کہ بیمہ کمپنی جمع شدہ اقساط سے زائد جو رقم دیتی ہے اس کو تبرع اور احسان کے طور پر لینا جائز ہے اور اپنا حق سمجھ کر وصول کرنا ناجائز ہے، جیسا کہ آج کل بیمہ کی رقم کو عدالت کے ذریعہ جبراً وصول کیا جاتا ہے، اس جواب کی روشنی میں یہ طریقہ کار ناجائز نہیں ہے۔

آتش زنی اور دیگر ناگہانی آفات سے تحفظ کی خاطر بیمہ کرانے کے متعلق علماء مصر کا نظریہ

علماء مصر سے سوال کیا گیا کہ:

---

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۳ ص ۲۴۵، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۷ھ

[2] الفتاوی الاسلامیہ من دار الافتاء المصریہ [illegible]

بعض کمپنیاں آتش زدگی سے تحفظ کے لیے بیمہ کرتی ہیں، ان کا طریقہ کار یہ ہے کہ وہ مثلاً کسی دکان کے مالک سے سالانہ ایک معین قسط وصول کرتی ہیں، اور اس کے بدلہ میں وہ یہ ضمانت فراہم کرتی ہیں کہ اگر دکان میں آگ لگ گئی تو جس قدر نقصان ہوگا وہ اس کا معاوضہ ادا کریں گی بہت سے لوگ اپنی زمینوں کا بھی ان کمپنیوں میں بیمہ کراتے ہیں، یہ بتلائیے کہ آیا اس قسم کا بیمہ احکام شرعیہ کے مطابق ہے یا نہیں؟ اور یہ بتائیں کہ کسی وقف کا متولی اوقاف ملوکہ کا بیمہ کرا سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب سوال مذکور میں بیمہ کمپنیوں کا جو طریقہ کار بیان کیا گیا ہے وہ شریعت اسلامیہ کے احکام کے مطابق نہیں ہے اور کسی شخص کے لیے اس قسم کا بیمہ کرانا جائز نہیں ہے خواہ وہ شخص کسی وقف کا متولی ہو یا نہ ہو، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ شریعت اسلامیہ کا قاعدہ یہ ہے کہ ضمانت صرف دو شکلوں میں ہوتی ہے۔ (۱) کوئی شخص کسی مقروض کے قرض کا ضامن ہو کہ اگر اس نے قرض ادا نہیں کیا تو وہ اس رقم کو ادا کرے گا اس کو ضمان بطریق الکفالت کہتے ہیں (ب) کوئی شخص تعدی یا تجاوز کر کے کسی شخص کی کوئی چیز تلف اور ضائع کر دے تو وہ اس بات کا ضامن ہوگا کہ وہ اس شخص کو اس چیز کے بدلہ میں اس جیسی چیز یا اس کی قیمت فراہم کرے اس کو ضمان بطریق التعدی والاتلاف کہتے ہیں۔ بیمہ کمپنی آتش زدگی کے بعد جو رقم ادا کرتی ہے وہ ضمان الکفالۃ کے تحت بالکل نہیں آتی، کیونکہ کفالت میں یہ شرط ہے کہ مکفول بہ (جس چیز یا جس رقم کی ضمانت دی گئی ہے) دین (قرض یا واجب الاداحق مثلاً مہر یا نفقہ) صحیح ہو جو بجز ادا کرنے یا معاف کر دینے کے ساقط نہ ہو، یا کوئی ایسی معین چیز ہو جسے مکفول لہ (طالب حق) کے سپرد کرنا مکفول عنہ (مقروض یا جس پر کسی کا حق ادا کرنا لازم ہو) پر واجب ہو، (مثلاً کسی شخص سے عاریۃً کوئی چیز لی تو اس کو واپس کرنا مستعیر پر واجب ہے، یا بیع سلم میں بائع نے پیشگی قیمت لے کر کوئی چیز فروخت کر دی تو اس پر مبیع کا ادا کرنا واجب ہے) اگر وہ چیز تلف ہو گئی تو مکفول عنہ اس کا ضامن ہوگا کہ اس چیز کی مثل مکفول لہ کو ادا کرے اور اگر اس کی مثل نہیں ہے تو اس کی قیمت ادا کرے، مثلاً کوئی چیز بیع فاسد کے ساتھ فروخت کی گئی یا بدل خلع یا قتل عمد میں بدل صلح، بدائع الصنائع اور دیگر فقہ کی معتبر کتابوں میں اس کی تصریح کی گئی ہے، اس قاعدہ کے مطابق عقد کفالت میں چار چیزوں کا ہونا ضروری ہے، (۱) **کفیل**: یعنی جس شخص پر کسی کی طرف سے کسی چیز کی ضمانت واجب ہو، (۲) **مکفول لہ**: یعنی جس شخص کے سپرد وہ مال کیا جائے جس کی ضمانت لی گئی تھی، (۳) **مکفول عنہ**: جس شخص پر اصالۃً ضمانت شدہ مال کو سپرد کرنا واجب ہے۔ ...
(۴) **مکفول بہ**: یہ وہ مال ہے جس کو طالب حق کے سپرد کرنا واجب ہے۔ ان چار امور کے بغیر عقد کفالت متصور نہیں ہوتا، اور بیمہ کمپنیاں جو آتش زدگی سے تحفظ کی خاطر دکان وغیرہ کا بیمہ کرتی ہیں اس میں یہ امور نہیں پائے جاتے اس لیے ان میں عقد کفالت متحقق نہیں ہوگا، کیونکہ بیمہ کرانے والا جس مال کو بیمہ کمپنی کی ضمانت میں دیتا ہے وہ اس کی ملکیت سے خارج نہیں ہوا اور کسی شخص پر یہ واجب نہیں کہ وہ اس مال کو اس کے سپرد کرے اور نہ ہی کوئی چیز بنفسہٖ کسی کی ضمانت میں داخل ہوئی جیسا کہ مال کمپنی کی ضمانت میں نہیں ہے کیونکہ بیمہ کرانے والے کے مال کا بیمہ کمپنی پر کوئی حق نہیں ہے اور نہ کسی چیز کی ادائیگی کمپنی کے ذمہ ہے لہٰذا کمپنی بیمہ کرنے والے کی کسی چیز کی ضامن نہیں ہوتی اور بغیر کسی ضمانت کے عقد کفالت کس طرح متصور ہو سکتا ہے؟۔

اس بیان سے یہ بھی ظاہر ہو گیا کہ بیمہ کمپنی جو ادائیگی کرتی ہے وہ ضمان تعدی یا ضمان اتلاف کے تحت بھی داخل نہیں ہے، کیونکہ جس مال کی انشورنس کی گئی ہے اس مال پر کمپنی والوں نے کوئی تعدی کی ہے نہ اس کو تلف کیا ہے بلکہ اس مال کو کسی معمولی سا ضرر بھی نہیں پہنچایا، اب وہ مال قضاء و قدر سے ضائع ہو جاتا ہے یا کسی اور تیسرے شخص

کی تعدی اور تجاوز کے نتیجے میں تلف ہو جاتا ہے، پھر بیمہ کمپنی کو اس مال کا ضامن کر لینے کی کیا وجہ ہے؟ اور کمپنی جو اس نقصان کے بدلہ میں پریمیم وصول کرتی ہے اس کے جواز کی بھی کوئی وجہ نہیں ہے۔

بیمہ کمپنی جس عقد کے تحت بیمہ کی رقم ادا کرتی ہے اس کو عقد مضاربت بھی نہیں قرار دیا جا سکتا، کیونکہ عقد مضاربت میں یہ لازم ہے کہ رب المال کی جانب سے مال ہو اور مضارب کی جانب سے عمل ہو اور نفع پہلے سے طے شدہ شرائط کے مطابق تقسیم کیا جائے، اور بیمہ کمپنی والے بیمہ کی رقم کے عوض جو پریمیم وصول کرتے ہیں وہ اپنے لیے وصول کرتے ہیں اور اس رقم کو اپنے مصارف میں خرچ کرتے ہیں، اس میں بیمہ کرنے والوں کا کچھ حصہ نہیں ہوتا۔

ان دلائل سے یہ واضح ہو گیا کہ جس عقد کے تحت بیمہ کمپنی پالیسی خریدنے والوں کو بیمہ کی رقم ادا کرتی ہے وہ عقد فاسد ہے اور احکام شریعت کے مطابق نہیں ہے، اس لیے زمین، دکان یا کسی بھی چیز کا بیمہ کرانا جائز نہیں ہے خواہ وہ چیز وقف ہو یا نہ ہو، اور کسی مسلمان کو بیمہ نہیں کرانا چاہیے کیونکہ بیمہ کا عمل خطر (R i S K) پر مبنی ہے اور جس چیز کا بیمہ کرایا گیا ہے کبھی اس کو ضرر اور نقصان لاحق ہوتا ہے اور کبھی لاحق نہیں ہوتا سو یہ عمل معنیً قمار ہے اس لیے بھی بیمہ کرانا شرعاً جائز نہیں ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ [1]

مصری علماء نے جن دلائل سے بیمہ کا غیر شرعی اور ناجائز ہونا بیان کیا ہے ان کی تہذیب اور متانت میں کوئی شک نہیں ہے اور جن نکات پر بحث کی ہے وہ قابل تحسین ہیں تاہم اس بحث میں انہوں نے یہ وضاحت نہیں کی کہ اگر بیمہ کمپنی والے بیمہ کی رقم کو، بیمہ کرانے والے کا حق قرار دیں نہ اس کو ضمان قرار دیں بلکہ محض تبرع اور احسان کے طور پر وہ رقم بیمہ کرانے والے کو ادا کر دیں تو پھر اس میں کیا حرج ہے بلکہ ان کے پہلے فتویٰ کی روشنی میں یہ جائز قرار پاتا ہے۔ اب اس پر یہ سوال ہو گا کہ تبرع اور احسان کرنا واجب تو نہیں ہے بیمہ کمپنی چاہے تو نقصان کا معاوضہ ادا کرے اور چاہے تو نہ کرے حالانکہ بیمہ کی رقم کی ادائیگی کا وجوب اس نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور اگر بیمہ کمپنی نقصان کی ادائیگی کا ذمہ نہ لے تو پھر کوئی شخص بیمہ نہیں کرائے گا اس نکتہ پر ہم ان شاء اللہ اس بحث کے آخری حصہ میں گفتگو کریں گے۔

بیمہ کے متعلق اعلیٰ حضرت کا نظریہ

مسئلہ ۱۲، ۲۹ ربیع الاول شریف یوم دوشنبہ ۱۳۳۳ھ از کلکتہ نمبر ۴۵ کولوٹولا اسٹریٹ۔ ایک خاص کمپنی جس کے مالک و مختار سب کے سب نصرانی المذہب ہیں اُن کا اعلان ہے کہ جو شخص تیس ۳۰ برس کی عمر سے پینتالیس ۴۵ سال کی عمر تک یعنی کامل پندرہ سال تک ہر سال چھہتر روپیہ آٹھ آنے کمپنی کو دیا کرے تو پندرہ سال کی مدت گزرنے کے بعد اس کو کمپنی ایک ہزار روپے کی ساہدہ ہونے کے بعد مدت معینہ ختم ہونے سے پہلے مثلاً دو مہینے یا دو سال یا چار سال کے بعد وہ شخص مر گیا تو بھی کمپنی اس کے وارثوں کو پورے ایک ہزار روپیہ دے گی۔ رقم معینہ مذکورہ سالانہ کی تعداد کامل پندرہ سال کی مجموعہ گیارہ سو سینتالیس روپیہ آٹھ آنے ہوتی ہے ایسی صورت میں یہ روپیہ جمع کرنا اور کمپنی سے مذکورہ شرط کے ساتھ روپیہ وصول کرنا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب یہ صورت قمار کی ہے اور میعاد عمر وہ رکھی ہے جس میں غالب حیات ہے حدیث میں ہے اعمار امتی ما بین الستین الی السبعین اور بحال حیات ظاہر ہے کہ ایک سو سینتالیس روپے آٹھ آنے کا نقصان ہے کافر کے ساتھ ایسا معاملہ جس میں غالب پہلو اپنے نقصان کا ہو جائز نہیں کما نص علیہ فی

---

[1] الفتاوی الاسلامیہ من دار الافتاء المصریہ ج ۹ ص ... ۱۴۰۰ھ

فتح القدیر۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔[۵۱]

بیمہ کے متعلق سید مودودی کا نظریہ

سوال: انشورنس کے مسئلے میں مجھے تردد لاحق ہے اور صحیح طور پر سمجھ میں نہیں آسکا کہ آیا بیمہ کرانا اسلامی نقطۂ نظر سے جائز ہے یا ناجائز۔ اگر بیمے کا موجودہ کاروبار ناجائز ہو تو پھر اسے جائز بنانے کے لیے کیا تدابیر اختیار کی جاسکتی ہیں۔ اگر موجودہ حالات میں ہم اسے ترک کردیں تو اس کے نتیجے میں معاشرے کے افراد بہت سے فوائد سے محروم ہوجائیں گے۔ دنیا بھر میں یہ کاروبار جاری ہے ہر قوم وسیع پیمانے پر انشورنس کا تنظیم کرچکی ہے اور اس سے مستفید ہو رہی ہے۔ مگر ہمارے ہاں ابھی تک اس بارے میں تامل اور تذبذب پایا جاتا ہے۔ آپ اگر اس معاملے میں صحیح صورت میں رہنمائی کریں تو ممنون ہوں گا۔

جواب: انشورنس کے بارے میں شرع اسلامی کی رُو سے تین اسلامی اعتراضات ہیں جن کی بناء پر اسے جائز نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔

اوّل یہ کہ انشورنس کمپنیاں جو روپیہ پریمیم (premium) کی شکل میں وصول کرتی ہیں اس کے بہت بڑے حصے کو سودی کاموں میں لگا کر فائدہ حاصل کرتی ہیں اور اس ناجائز کاروبار میں وہ لوگ آپ سے آپ حصہ دار بن جاتے ہیں جو کسی نہ کسی شکل میں اپنے آپ کو یا اپنی کسی چیز کو ان کے پاس انشور کراتے ہیں۔

دوم یہ کہ موت یا حوادث یا نقصان کی صورت میں جو رقم دینے کی ذمہ داری کمپنیاں اپنے ذمہ لیتی ہیں اس کے اندر قمار کا اصول پایا جاتا ہے۔

سوم یہ کہ ایک آدمی کے مرجانے کی صورت میں جو رقم ادا کی جاتی ہے، اسلامی شریعت کی رُو سے اس کی حیثیت مرنے والے کے ترکے کی ہے جسے شرعی وارثوں میں تقسیم ہونا چاہیے۔ اگر یہ رقم ترکے کی حیثیت میں تقسیم نہیں کی جاتی بلکہ اس شخص یا ان اشخاص کو مل جاتی ہے جن کے لیے پالیسی ہولڈر نے وصیت کی ہو۔ حالانکہ وارث کے حق میں شرعاً وصیت ہی نہیں کی جاسکتی۔

رہا یہ سوال کہ انشورنس کے کاروبار کو اسلامی اصول پر کس طرح چلایا جاسکتا ہے تو اس کا جواب اتنا آسان نہیں جتنا یہ سوال آسان ہے اس کے لیے یہ ضرورت ہے کہ ماہرین کی ایک مجلس جو اسلامی اصول کو بھی جانتی ہو اور انشورنس کے معاملات کو بھی سمجھتی ہو اس پورے مسئلہ کا جائزہ لے اور انشورنس کے کاروبار میں ایسی اصلاحات تجویز کرے جن سے کاروبار بھی چل سکتا ہو اور شریعت کے اصولوں کی خلاف ورزی بھی نہ ہو۔ جب تک یہ نہیں ہوتا ہمیں کم از کم یہ تسلیم تو کرنا چاہیے کہ ہم ایک غلط کام کر رہے ہیں۔ غلطی کا احساس بھی اگر ہم میں باقی نہ رہے تو پھر اصلاح کی کوشش کا کوئی سوال ہی نہیں رہتا۔

بے شک موجودہ زمانے میں انشورنس کی بڑی اہمیت ہے، اور ساری دنیا میں اس کا چلن ہے مگر نہ اس دلیل سے کوئی حرام چیز حلال ہوسکتی ہے اور نہ کوئی شخص یہ دعویٰ کرسکتا ہے کہ جو کچھ دنیا میں ہو رہا ہے وہ سب حلال ہے یا اسے اس بناء پر حلال ہونا چاہیے کہ دنیا میں اس کا چلن ہوگیا ہے۔ ایک مسلمان قوم ہونے کی حیثیت سے ہمارا فرض ہے کہ ہم جائز و ناجائز میں فرق کریں اور اپنے معاملات کو جائز طریقوں سے چلانے پر اصرار کریں۔[۵۲] (ترجمان القرآن۔ اگست ۱۹۶۲ء)

۵۱۔ امام احمد رضا خان بریلوی متوفی ۱۳۴۰ھ، فتاویٰ رضویہ ج ۱۱ ص ۵۱۔۵۰، مطبوعہ مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی

۵۲۔ سید ابو الاعلیٰ مودودی متوفی ۱۳۹۹ھ، رسائل و مسائل، ج ۳ ص ۳۱۴۔۳۱۳، مطبوعہ اسلامک پبلیکیشنز لاہور

بیمہ کے متعلق علماء شیعہ کا نظریہ

شیخ روح اللہ خمینی لکھتے ہیں:

(۲۸۵۸) بیمہ ایک قرارداد اور عقد ہے جو بیمہ کرانے والے اور موسسہ یا بیمہ کی کمپنی یا مسئول بیمہ کے درمیان ہوا کرتا ہے اور یہ عقد باقی تمام عقود کی طرح ایجاب و قبول کا محتاج ہے اور موجب و قابل عقد کے شرائط جو باقی عقود میں معتبر ہیں وہ اس میں بھی معتبر ہیں اور یہ عقد ہر زبان میں ہو سکتا ہے۔

(۲۸۵۹) بیمہ میں علاوہ ان شرائط کے جو باقی عقود میں ہیں کہ وہ شخص بالغ، عاقل، مختار وغیرہ ہو، چند اور شرائط بھی معتبر ہیں:

۱۔ مورد محل بیمہ کا تعین کہ وہ فلاں شخص یا فلاں تجارت خانہ یا فلاں کشتی، موٹر یا ہوائی جہاز ہے۔

۲۔ عقد کرنے والے جانبین کا تعین کہ وہ اشخاص ہیں یا ادارے یا کمپنیاں یا حکومت ہے۔

۳۔ رقم کا تعین جو کہ اس کو ادا کرنی ہے۔

۴۔ قسطوں کا تعین کہ جو دینی ہیں اور ان کے وقت کا تعین۔

۵۔ وقت بیمہ کا تعین کہ فلاں مہینے یا سال سے چند مہینوں یا سالوں تک۔

۶۔ وہ خطرے کہ جو نقصان کا سبب بنتے ہیں ان کا تعین مثلاً جل جانا، غرق ہونا، چوری ہو جانا یا مر جانا یا مریض ہونا اور وہ تمام آفتیں جو نقصان کا باعث بنتی ہیں انہیں قرارداد میں داخل کیا جا سکتا ہے۔

(۲۸۶۰) یہ ضروری نہیں کہ قرارداد بیمہ میں میزان نقصان کو مقرر کیا جائے پس اگر یہ قرارداد ہو کہ جتنا نقصان ہو اس کا جبران کریں گے تو صحیح ہے۔

(۲۸۶۱) عقد بیمہ کی کئی ایک صورتیں ہیں۔ ایک یہ ہے کہ بیمہ کرانے والا کہے کہ میرے ذمے اتنی رقم ہے کہ فلاں وقت تک ہر ماہ اتنی رقم ادا کروں گا اور اس کے مقابلے میں جو نقصان میرے کارخانے کو جلنے یا چوری ہونے کی وجہ سے پہنچے تم اس کا جبران کرو گے اور طرف مقابل قبول کرے یا طرف مقابل کہے کہ تمہارے ادارے کو جو نقصان پہنچے گا جلنے یا چوری ہونے سے تو وہ میرے ذمہ ہے اور اس کے مقابلے میں اتنی رقم تجھے ادا کرنی ہوگی اور تمام شرائط جو گذشتہ مسئلہ میں بیان ہو چکے ہیں وہ معلوم اور ان کے مطابق قرارداد ہونی چاہیے۔

(۲۸۶۲) ظاہراً بیمے کی تمام قسمیں ان شرائط کے ساتھ جو ذکر ہو چکی ہیں صحیح ہیں چاہے زندگی کا بیمہ ہو یا تجارتی کارخانوں کا یا مکانات کشتیوں اور ہوائی جہازوں کا یا حکومت اور اداروں میں کام کرنے والوں کا یا ایک بستی یا شہر کا بیمہ ہو۔ بیمہ ایک مستقل عہد ہے اور اسے دوسرے بعض عقود کے عنوان سے مثلاً صلح میں بھی اجراء کیا جا سکتا ہے۔ [۱]

شیخ ابوالقاسم موسوی خوئی لکھتے ہیں:

(۲۸۷۹)۔ اگر حکومت یا کسی بیمہ کمپنی اور پالیسی ہولڈر کے درمیان یہ طے ہو جائے کہ وہ ہر ماہ یا ہر سال ایک خاص رقم دیتا رہے گا تاکہ اسے اگر کوئی نقصان پہنچے اور حکومت یا کمپنی اس کا تدارک کرے تو یہ بیمہ یا انشورنس کہلاتا ہے۔ کبھی بیمہ زندگی کا ہوتا ہے۔ کبھی مال کا، کبھی آگ لگنے کا، کبھی ہوائی جہاز کا، کبھی کشتی وغیرہ کا۔ بیمہ کی دوسری اقسام بھی ہیں جن کا وہی حکم ہے جو اس کی مذکورہ اقسام کا ہے لہٰذا ان کا ذکر ضروری نہیں۔

[۱] شیخ روح اللہ خمینی متوفی ۱۴۰۹ ھ، توضیح المسائل ص ۴۵۱ - ۴۵۰ مطبوعہ سازمان تبلیغات اسلامی تہران، ۱۴۱۴ ھ

(۲۸۸۰) اس معاملے کے مندرجہ ذیل اجزاء ہیں:

(۱)۔ کمپنی کی پیش کش۔ (۲) پالیسی ہولڈر کا قبول کرنا۔ (۳) وہ چیز جس کا بیمہ کیا گیا ہو یعنی زندگی وغیرہ۔ (۴) اقساط جو پالیسی ہولڈر ہر سال یا ہر ماہ ادا کرتا رہے گا۔

(۲۸۸۱) یہ ضروری ہے کہ جس چیز کا بیمہ کیا گیا ہو وہ معین ہو اور یہ بھی بیان کیا جانا چاہیے کہ حکومت یا بیمہ کمپنی کس قسم کے نقصان کا تدارک کرنے کی ذمہ داری اٹھائے گی مثلاً غرق ہونا، آگ لگنا، چوری ہو جانا، مریض ہو جانا، مر جانا وغیرہ اور یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ قسط کی کیا مقدار ہو گی۔ ساتھ ہی ابتداء اور انتہا کے لحاظ سے بیمے کی مدت بھی معین ہونی چاہیئے۔

(۲۸۸۲) بیمہ کی تمام اقسام کو مشروط بخشش قرار دیا جا سکتا ہے یعنی پالیسی ہولڈر بیمہ کمپنی کو اس شرط پر اقساط کی صورت میں ایک معین رقم بخشش (پریمیم) کے طور پر ادا کرے گا کہ معاملہ کے ضمن میں مذکور نقصانات اگر پیش آئیں تو کمپنی ان کا تدارک کرے گی۔ اس صورت میں کمپنی پر واجب ہے کہ اس شرط پر عمل کرے۔ پس بیمہ کا تمام نظام مذکورہ طریقہ پر صحیح ہے۔

(۲۸۸۳) اگر حکومت یا بیمہ کمپنی شرط پر عمل نہ کرے تو پالیسی ہولڈر کو حق حاصل ہو گا کہ معاملے کو ختم کر کے اقساط واپس لے لے۔

(۲۸۸۴) اگر پالیسی ہولڈر اقساط پابندی سے ادا نہ کرے تو بیمہ کمپنی کے لیے واجب نہیں ہے کہ وہ حادثے کی صورت میں اسے ہرجانہ ادا کرے اور نہ ہی پالیسی ہولڈر اپنی اقساط واپس لے سکتا ہے۔

(۲۸۸۵) عقد بیمہ کی صحت کے لیے کوئی خاص مدت معتبر نہیں ہے بلکہ بیمہ کمپنی اور پالیسی ہولڈر جتنی مدت پر متفق ہو جائیں درست ہے۔

(۲۸۸۶) اگر کمپنی کے حصے دار اس شرط پر کمپنی میں سرمایہ لگائیں کہ اگر ان میں سے کسی کو خاص نقصان پہنچا تو کمپنی اس کا تدارک کرے گی تو کمپنی پر لازم ہے کہ اس شرط پر عمل کرے۔ [1]

بیمہ کے متعلق مصنف کی تحقیق اور بحث و نظر

مصنف کے نزدیک بیمہ کی اسکیم انسانی معاشرہ کے لیے مفید اور لائق عمل ہے اگر بیمہ کے نظام کو شریعت اسلامیہ کے احکام کے مطابق نافذ کیا جائے تو اس کی افادیت اور استحسان میں کوئی شبہ نہیں ہے بلکہ یہ عمل اسلامی اخوت اور مواسات کے قریب تر ہے، لیکن بیمہ کا موجودہ نظام اور طریق کار متعدد وجوہ سے اسلامی احکام کے خلاف ہے، اس لیے احکام شریعت کے مطابق اس نظام کی تطہیر اور اصلاح کی ضرورت ہے۔ اس سلسلہ میں پہلے ہم بیمہ کے موجودہ نظام کی خرابیاں بیان کریں گے پھر اس نظام کی تطہیر اور اصلاح کے اصول اور احکام بیان کریں گے فنقول وباللہ التوفیق وبہ الاستعانۃ یلیق۔

بیمہ کے موجودہ نظام کے شرعی مفاسد

(۱) بیمہ کمپنی اپنے جمع شدہ سرمایہ کو گردش میں رکھنے کے لیے دوسرے صنعتی اور تجارتی اداروں کو سود پر قرض فراہم کرتی ہے اور سود حرام قطعی ہے۔

(۲)۔ بیمہ کرانے والے کو اگر قرض لینا ہو تو بیمہ کمپنی اس کو بھی سود پر قرض دیتی ہے۔

---

[1] شیخ ابوالقاسم الخوئی، توضیح المسائل ص ۴۳۸-۴۴۰، مطبوعہ جامعہ تعلیمات اسلامی پاکستان، کراچی

(۳)۔ بیمہ کرانے والا اگر دو یا تین قسطیں دینے کے بعد باقی اقساط ادا نہ کرے تو اس کی رقم اس کو واپس نہیں دی جاتی اور یہ ظلم اور ناجائز عمل ہے۔

(۴)۔ بیمہ کمپنی مدت پوری ہونے کے بعد بیمہ کرانے والے کو اس کی اصل رقم مع سود کے لوٹاتی ہے، اور سود لینا اور دینا دونوں حرام ہیں۔

(۵)۔ مدت پوری ہونے سے پہلے اگر کوئی شخص طبعی موت مر جائے یا کسی حادثہ میں ہلاک ہو جائے تو اس کو پہلی صورت میں پوری مدت کی رقم اور دوسری صورت میں دگنی رقم دی جاتی ہے اب اس کو اس کی جمع شدہ اقساط سے زائد رقم جو دی جاتی ہے اس کو اگر شرط لازم قرار دیا جائے (جیسا کہ عملاً اسی طرح ہے) تو یہ عقد صحیح نہیں ہے اور اگر اس کو تبرع اور احسان قرار دیا جائے تو یہ واقع کے خلاف ہے۔

(۶)۔ زندگی کا بیمہ کرانے والا اپنے کسی وارث کے نام بیمہ کی رقم نامزد کر دیتا ہے اور وہ رقم مرنے کے بعد اس وارث کو ملتی ہے اور یہ نامزدگی وصیت ہے اور اسلام میں وارث کے لیے وصیت کرنا جائز نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ورثاء کے حصص مقرر کر دیے ہیں، اور امام دار قطنی حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں لا وصیۃ لوارث[1] "وارث کے لیے وصیت کرنا جائز نہیں ہے"۔

کیا بیمہ قمار کو مستلزم ہے؟

اکثر علماء نے بیمہ کے عدم جواز کی یہ وجہ بھی بیان کی ہے کہ بیمہ میں قمار کا دخل ہے، لیکن ہمارے نزدیک بیمہ میں قمار کا دخل نہیں ہے، قمار کی تعریف یہ ہے کہ جس کھیل یا عقد میں دو فریقوں میں سے کسی ایک فریق کو نفع اور دوسرے کو نقصان لازم ہو، ابتداء میں یہ نفع اور نقصان مبہم ہو لیکن کھیل یا عقد کے اختتام پر نفع اور نقصان معلوم اور متعین ہو جاتے اور بیمہ کا طریقہ کار یہ ہے کہ ہر شخص اپنی مقررہ پالیسی کا مثلاً سالانہ پریمیم ادا کرتا ہے اور مدت پوری ہونے کے بعد اس کو اپنی جمع کردہ اقساط کی مجموعی رقم مل جاتی ہے، یہ اس کو ابتداءً معلوم ہوتا ہے اس میں کوئی نقصان ہے اور نہ خطرہ۔ بیمہ کمپنی ہر بیمہ کرانے والے سے ہر قسط پر ایک متعین رقم بطور چندہ وصول کرتی ہے اور اس چندہ کو ایک امدادی فنڈ میں جمع کر دیا جاتا ہے اس فنڈ سے اس شخص کی مدد کی جاتی ہے جو اقساط کی مدت پوری ہونے سے پہلے فوت ہو جائے اور اس کے نامزد کردہ کو پالیسی کی پوری رقم دے دی جاتی ہے یا جس شخص کی مثلاً دکان کسی ناگہانی حادثہ کا شکار ہو گئی تو اس کو بیمہ کی رقم اس فنڈ سے دی جاتی ہے، اب جب بیمہ کرانے والے نے اس فنڈ میں چندہ داخل کر دیا اور مدت پوری ہونے کے بعد اس کو اس کی دی ہوئی مجموعی رقم چندہ وضع کرنے کے بعد ملی تو اس کو بیمہ کرانے والے کا نقصان نہیں کہا جائے گا اور نہ اس رقم سے بیمہ کمپنی کو کوئی فائدہ حاصل ہوا کیونکہ یہ رقم امدادی فنڈ میں داخل کر دی جاتی ہے، اسی طرح اگر کسی ناگہانی حادثہ کے شکار ہونے والے کو بیمہ کمپنی کوئی رقم ادا کرتی ہے تو اس سے بیمہ کمپنی کو کوئی نقصان نہیں ہوتا کیونکہ کمپنی اپنی جیب سے وہ رقم ادا نہیں کرتی بلکہ امدادی فنڈ سے ادا کرتی ہے۔ اس لیے اس عمل پر قمار اور جوئے کی تعریف صادق نہیں آتی۔

---

[1] امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ، سنن دار قطنی ج ۴ ص ۹۸، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

بیمہ کے موجودہ نظام کے لیے قابل عمل اصلاحی ترامیم

یہاں تک ہم نے یہ بیان کیا ہے کہ بیمہ کے موجودہ نظام میں کیا خرابیاں ہیں اور کیا نہیں ہیں اس کے بعد ہم یہ جائزہ لیتے ہیں کہ ان خرابیوں کو کس طرح دور کیا جا سکتا ہے۔

(۱) پہلی خرابی ہم نے یہ ذکر کی تھی کہ بیمہ کمپنی اپنے سرمایہ کو گردش میں رکھنے کے لیے صنعتی اور تجارتی اداروں کو سود پر قرضہ فراہم کرتی ہے، اس کا حل یہ ہے کہ بیمہ کمپنی شرکت اور مضاربت کے اصول پر اپنا سرمایہ لگائے، مقالات سعیدی میں ہم نے بلاسود معیشت کے عنوان سے اس موضوع پر سیر حاصل بحث کی ہے، اس کے علاوہ مختلف کاروباری اداروں کے حصص بھی خریدے جا سکتے ہیں، اور بڑی بڑی عمارتیں بنا کر ان کو کرائے پر دیا جا سکتا ہے۔

(۲) بیمہ کرانے والے کو سود پر قرض نہ دیا جائے۔

(۳) جو شخص دو یا تین قسطیں جمع کرا کر باقی اقساط جمع نہ کرے اس کی رقم واپس کر دی جائے، البتہ اس سے دفتری اخراجات وضع کر لیے جائیں۔

(۴) بیمہ کرانے والوں کو بیمہ کمپنی حصہ دار قرار دے اور ان کے سرمایہ کو حصص قرار دے اور ان کے حصص کا جس قدر اوسط منافع بنتا ہے وہ ان کو دے دیا جائے البتہ کمپنی اپنا کمیشن مقرر کر کے اس کو وضع کر سکتی ہے۔

(۵) بیمہ کمپنیوں کو حکومت اپنی تحویل میں لے لے اور یہ جبری قانون بنا دے کہ بیمہ پالیسی پر اتنے فی صد امدادی فنڈ کی رقم کاٹی جائے گی اور اس جمع شدہ فنڈ سے ان بیمہ کرانے والوں کی مدد کی جائے گی جو کسی ناگہانی حادثہ کا شکار ہو جائیں یا کسی پالیسی کی مدت پوری کرنے سے پہلے فوت ہو جائیں، لوگوں کی فلاح اور بہبود کے لیے حکومت ایسا قانون بنا سکتی ہے، کیونکہ امدادی فنڈ میں چندہ دینا ہر چند کہ مستحب ہے اور فی نفسہ واجب نہیں لیکن قاعدہ یہ ہے کہ امام اگر کسی مباح کام کا بھی حکم دے تو وہ واجب ہو جاتا ہے۔

مسلمانوں کی فلاح کے لیے حکومت کسی امر مباح کو واجب کر سکتی ہے

علامہ شامی لکھتے ہیں:

اذا امر الامام بالصیام فی غیر الایام المنھیۃ وجب لما قدمناہ فی باب العید من ان طاعۃ الامام فیما لیس بمعصیۃ واجبۃ۔[1]

جب امام (اسلامی حکومت کا سربراہ) ایام ممنوعہ کے علاوہ کسی دن میں روزہ رکھنے کا حکم دے تو اس دن روزہ رکھنا واجب ہے، کیونکہ ہم باب العید میں بیان کر چکے ہیں کہ غیر معصیت میں امام کی اطاعت واجب ہے۔

اور باب العید میں علامہ شامی لکھتے ہیں:

فتجب علیہ متابعتہ وترک رایہ برای الامام لقولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام انما جعل الامام لیؤتم بہ فلا تختلفوا علیہ فما لم

نماز کے امام پر سربراہ مملکت کی اطاعت کرنا واجب ہے اس پر لازم ہے کہ وہ سربراہ مملکت کی رائے کے مقابلہ میں اپنے امام مجتہد کی رائے کو ترک کر دے، کیونکہ نبی صلی اللہ

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۱ ص ۹۲، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

يظهر خطئوه بيقين كان اتباعه واجبًا.[1]

علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "کسی شخص کو امام (سربراہ مملکت) اس لیے بنایا جاتا ہے تاکہ اس کی پیروی کی جائے سو تم اس کی رائے سے اختلاف نہ کرو۔" لہٰذا جب تک سربراہ مملکت کی رائے کا یقینی طور پر غلط ہونا ظاہر نہ ہو جائے اس وقت تک اس کی اتباع کرنا واجب ہے۔

علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر المرغینانی لکھتے ہیں:

واما النوائب فان اريد بها ما يكون بحق ككرى النهر المشترك واجر الحارث والموظف لتجهيز الجيش وفداء الاسارى وغيرها جازت الكفالة بها على الاتفاق.[2]

جائز اور صحیح کاموں کے لیے حکومت کا ہنگامی ٹیکس وصول کرنا بالاتفاق صحیح ہے مثلاً کسی مشترک نہر کو کھودنا مقصود ہو، یا پولیس کو تنخواہیں دینا ہوں، یا لشکر تیار کرنے کے لیے فوج کو تنخواہیں دینا ہوں، یا مسلمان قیدیوں کو چھڑانا ہو، وغیرہا، ان ٹیکسوں کی ادائیگی میں ایک شخص کا دوسرے کی طرف سے ضامن بننا بالاتفاق صحیح ہے۔

علامہ بابرتی اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

والضمان فيه جائز بالاتفاق لوجوب ادائه على كل مسلم اوجبه الامام عليه لوجوب طاعته فيما يجب النظر للمسلمين.[3]

ان ٹیکسوں کی ادائیگی کی ضمانت دینا بالاتفاق جائز ہے، کیونکہ جن ٹیکسوں کا ادا کرنا امام (اسلامی حاکم) نے واجب قرار دیا ہو اس کا ادا کرنا ہر مسلمان پر واجب ہے، کیونکہ مسلمانوں کی خیر خواہی میں حکمران کی اطاعت کرنا ہر مسلمان پر واجب ہے۔

اور علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں:

لانها واجبة على كل مسلم موسر بايجاب طاعة ولى الامر فيما فيه مصلحة للمسلمين.[4]

کیونکہ ان ناگہانی ٹیکسوں کا ہر خوشحال مسلمان پر ادا کرنا واجب ہے کیونکہ جن کاموں میں مسلمانوں کی مصلحت ہو ان میں حکمران کی اطاعت کرنا واجب ہے۔

علامہ ابوالحسن المرغینانی نے حکومت کے ٹیکس تین قسم کے بیان کیے ہیں، ایک وہ ٹیکس ہیں جو معمول کے مطابق ہوں، جن کو حکومت ہر ماہ یا ہر تین ماہ کے بعد وصول کرتی ہے اس کو "قسمة" کہتے ہیں دوسرے "نوائب" ہیں جو

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، ردالمحتار ج ۱ ص ۸۰، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ
[2] علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر المرغینانی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اخیرین ص ۱۲۵، مطبوعہ شرکۃ علمیہ ملتان
[3] علامہ محمد بن محمود بابرتی متوفی ۷۸۶ھ، عنایہ علی ہامش فتح القدیر ج ۶ ص ۳۳۲، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر
[4] علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ، [illegible] مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

حکومت کسی جائز مقصد کے لیے ہنگامی بنیاد پر وصول کرتی ہے، ان دونوں ٹیکسوں کو ادا کرنا واجب ہے اور ایک وہ ٹیکس ہیں جن کو حکومت ظلماً وصول کرتی ہے ان کو "جبایات" کہتے ہیں مثلاً حکومت کسی مزدور کی اجرت پر ٹیکس عائد کر دے، ان کی ادائیگی کی ضمانت میں فقہاء کا اختلاف ہے، فخر الاسلام امام بزدوی نے ان کی ادائیگی کی کفالت کو بھی صحیح قرار دیا ہے۔ [1]

بہرحال فقہاء احناف کی ان عبارات سے یہ واضح ہو گیا کہ اگر حکومت مسلمانوں کی خیر خواہی کے لیے کوئی ٹیکس لگائے تو اس کا ادا کرنا واجب ہے اور اس کا ضامن ہونا بالاتفاق صحیح ہے، علیٰ ہذا القیاس اگر حکومت یہ قانون بنائے کہ ہر بیمہ دار پر اپنی پالیسی کے تناسب سے اتنے فی صد رقم بطور چندہ امدادی فنڈ میں جمع کرانا واجب ہے اور اس فنڈ سے ان بیمہ داروں کی امداد کرنا واجب ہے جو کسی ناگہانی حادثہ کا شکار ہو گئے ہوں تو یہ قانون شریعت اسلام کی روشنی میں جائز اور صحیح ہو گا اور اب نقصان زدہ بیمہ دار کا بیمہ کی رقم حاصل کرنا تبرع اور احسان نہیں ہو گا بلکہ یہ اس کا قانونی حق ہو گا جس کو وہ عدالت کے ذریعہ بھی حاصل کر سکے گا۔

(۹)۔ زندگی کا بیمہ کرانے والا بیمہ کی رقم کی ملکیت کے لیے کسی شخص کو نامزد نہ کرے، بلکہ عدالت کے کسی جج یا درجہ اول کے مجسٹریٹ کو بیمہ کی رقم کی وصولیابی اور اس کے ورثاء میں تقسیم کے لیے نامزد کرے، اور جب بیمہ کی رقم تمام وارثوں میں تقسیم کی جائے گی تو اور بہت سے جرائم اور خطرات کم ہو جائیں گے جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ جس شخص کو بیمہ کی رقم کی ملکیت کے لیے نامزد کیا جاتا ہے وہی شخص بالآخر بیمہ کرانے والے کو ہلاک کر دیتا ہے تاکہ اس کے مرنے کے بعد وہ رقم اس کو مل جائے۔

باہمی تعاون اور دوسروں کا بوجھ اٹھانے کی ہدایات سے بیمہ پر استدلال

بیمہ کے عمل کے ذریعہ ناگہانی نقصان اٹھانے والے تاجروں کی مدد کی جاتی ہے، اور ایک بیمہ دار کے نقصان کے بار کو تمام بیمہ داروں پر اس طرح پھیلا دیا جاتا ہے کہ اس برادری کا ہر فرد ایک خفیف سی قربانی دے کر تمام شرکاء کے لیے مالی تحفظ فراہم کرتا ہے، یہ مقصد قرآن اور سنت کی تعلیمات کے عین مطابق ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الاثم والعدوان۔ (مائدہ ۲)

نیکی اور خدا ترسی میں ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور سرکشی میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔

ولا يجدون في صدورهم حاجة مما اوتوا ويؤثرون على انفسهم ولو كان بهم خصاصة ط ومن يوق شح نفسه فاولئك هم المفلحون ٥ (حشر ۹)

اور جو کچھ بھی ان کو دیا جاتا ہے وہ اپنے دلوں میں اس کی کوئی حاجت محسوس نہیں کرتے اور اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں خواہ ان کو خود سخت ضرورت ہو، اور جو لوگ اپنے دل کی تنگی سے بچا لیے گئے وہی فلاح پانے والے ہیں۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ

---

[1] علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر المرغینانی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ اخیرین ص ۱۲۵ مطبوعہ شرکۃ علمیہ ملتان

علیہ وسلم انا اولی بالمؤمنین من انفسہم فمن مات وترک مالا فمالہ لموالی العصبۃ ومن ترک کلا او ضیاعا فانا ولیہ فلادعی لہ۔ [1]

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں پر ان کے نفوس سے زیادہ میرا حق ہے، سو جو شخص مال چھوڑ کر مرے گا وہ مال اس کے وارثوں میں تقسیم کیا جائے گا اور جو شخص نادار یتیم بچے اور نقصان چھوڑ کر مرا تو اس کا ولی میں ہوں اس کے لیے مجھے بلایا جائے۔

اس حدیث میں یہ ہدایت دی گئی ہے کہ یتیم بچوں کی کفالت اور مرنے والے کے نقصان کی تلافی کرنا اسلامی ریاست کی ذمہ داری ہے اور کاروباری اداروں اور زندگی کا بیمہ اس نقصان کی تلافی اور کفالت کی ایک عملی صورت ہے۔

نیز امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انا اولی بالمؤمنین من انفسہم فمن مات وعلیہ دین ولم یترک وفاء فعلینا قضاءہ ومن ترک مالا فلورثتہ۔ [2]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں پر اس کے نفوس سے زیادہ میرا حق ہے، سو جو شخص قرض چھوڑ کر مرا اور اس کو ادا کرنے کے لیے اس کے پاس مال نہیں تھا تو اس قرض کو ادا کرنا ہم پر لازم ہے اور جو شخص مال چھوڑ کر مرا وہ اس کے وارثوں کا ہے۔

شیخ عبدالحی کتانی لکھتے ہیں:

وفی سنن ابی داؤد والبیھقی عن عبداللہ الھوزنی قال لقیت بلالا بحلب فقلت یا بلال حدثنی کیف کانت نفقۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ما کان لہ شیء وکنت انا الذی الی ذلک منہ منذ بعثہ اللہ حتی توفی وکان علیہ السلام اذا اتاہ الانسان مسلما یراہ عاریا یامرنی فانطلق فاستقرض فاشتری لہ البردۃ فاکسوہ واطعمہ وروی ابن المنذر فی الاشراف فی کتاب النفقات بسندہ عن مسروق عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انفق بلالا ولا تخش

سنن ابوداؤد اور بیہقی میں عبداللہ ہوزنی سے روایت ہے کہ میری حلب میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، میں نے کہا: اے بلال! یہ بتاؤ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخراجات کی کیا کیفیت تھی؟ حضرت بلال نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی چیز نہ تھی اور بعثت سے لے کر وفات تک آپ کے تمام اخراجات کی میں ہی نگرانی کرتا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب کسی مسلمان کو برہنہ دیکھتے تو آپ مجھے حکم دیتے اور میں جا کر کسی شخص سے قرض لیتا پھر اس رقم سے کپڑے خرید کر اس کو پہناتا اور کھانا خرید کر اس کو کھلاتا اور ابن منذر نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ سے روایت کیا ہے کہ

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۹۹-۹۹۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[2] ″ ″ ″ ″ ″ ″

من ذی العرش اقلالا۔ [۱]

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال سے فرمایا اے بلال خرچ کرو اور عرش والے پر بھروسہ کرکے تنگی سے نہ ڈرو۔

نیز امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

قال الثلث والثلث کثیر انک ان تدع ورثتک اغنیاء خیر من ان تدعھم عالۃ یتکففون الناس فی ایدیھم۔ [۲]

تہائی مال کی وصیت کرو، تہائی مال بہت ہے، اگر تم نے اپنے ورثاء کو خوشحال چھوڑا تو یہ اس سے بہتر ہے کہ تم ان کو تنگ دست چھوڑ دو اور وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے رہیں۔

مذکور الصدر احادیث سے یہ واضح ہوتا ہے کہ دوسرے تنگ دست اور مفلوک الحال مسلمانوں کی خبر گیری رکھنا ریاست کا بھی ذمہ داری ہے اور عام مسلمانوں کا بھی فریضہ ہے اور ایک مسلمان پر یہ بھی لازم ہے کہ وہ اپنے پس ماندگان کو خوشحال چھوڑنے کی تدبیر کرے اور بیمہ کی تمام صورتیں جو امداد باہمی کے اصول پر مبنی ہیں ان کی اصل اور اساس یہی احادیث ہیں۔

قتل خطاء کی دیت سے بیمہ کے جواز پر استدلال

جیسا کہ ہم نے شروع میں لکھا تھا کہ اسلام میں دیت کا حکم بیمہ کی اصل اور اساس ہے، اب ہم قرآن مجید احادیث اور فقہاء اسلام کی عبارات کی روشنی میں دیت کے احکام بیان کریں گے جس سے یہ واضح ہو جائے گا کہ بیمہ کا نظریہ دیت کے حکم سے انتہائی مماثل ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ومن قتل مؤمنا خطأ فتحریر رقبۃ مؤمنۃ ودیۃ مسلمۃ الی اھلہ الا ان یصدقوا فان کان من قوم عدو لکم وھو مؤمن فتحریر رقبۃ مؤمنۃ وان کان من قوم بینکم وبینھم میثاق فدیۃ مسلمۃ الی اھلہ وتحریر رقبۃ مؤمنۃ فمن لم یجد فصیام شھرین متتابعین توبۃ من اللہ وکان اللہ علیما حکیما۔

(نساء: ۹۲)

اور جس شخص نے کسی مسلمان کو غلطی سے قتل کر دیا، تو اس پر ایک مسلمان گردن (غلام یا باندی) کا آزاد کرنا لازم ہے اور دیت کا ادا کرنا لازم ہے جو اس کے وارثوں کو دی جائے گی، الا یہ کہ وہ معاف کر دیں پھر اگر وہ قاتل اس قوم سے ہو جو تمہاری دشمن ہے اور وہ مقتول مسلمان ہو تو اس پر ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا لازم ہے اور اگر وہ قاتل اس قوم سے ہو جس کے ساتھ تمہارا معاہدہ ہے تو اس کے وارثوں کو دیت ادا کی جائے اور ایک مسلمان گردن کو آزاد کیا جائے اور جس شخص کو (غلام یا باندی) نہ ملے تو اس پر بطور توبہ مسلسل دو ماہ کے روزے لازم ہیں اور اللہ بہت جاننے والا اور بڑی حکمت والا ہے۔

قرآن مجید کی اس آیت میں قتل خطاء پر دیت لازم کی ہے اور دیت کی مقدار کا بیان اس حدیث میں ہے:

دیت کی مقدار

امام محمد اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

---

[۱] شیخ عبد الحئی کتانی التراتیب الاداریہ (نظام الحکومۃ النبویہ) ج ۱ ص ۴۴۲، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت

[۲] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۸۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال علی اھل الورق من الدیۃ عشرۃ آلاف درھم وعلی اھل الذھب الف دینار وعلی اھل البقر مائتا بقرۃ وعلی اھل الابل مأۃ من الابل وعلی اھل الغنم الفا شاۃ وعلی اھل الحلل مائتا حلۃ قال محمد وبھذا کلہ ناخذ وکان ابوحنیفۃ یاخذ من ذلک بالابل والدراھم والدنانیر۔[1]

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا چاندی والوں پر دس ہزار درہم (۶۱۸ء۳۰ کلوگرام چاندی) دیت ہے، اور سونے والوں پر ایک ہزار دینار (۳۷۴ء۴ کلوگرام سونا) دیت ہے اور گائے والوں پر دو سو گائیں دیت ہے اور اونٹ والوں پر سو اونٹ دیت ہے اور بکریوں والوں پر دو ہزار بکریاں دیت ہے اور حلّے (ایک قسم کی دو چادریں) والوں پر دو سو حلّے دیت ہے، امام محمد کہتے ہیں ہمارے نزدیک ان تمام اجناس سے دیت ہو سکتی ہے اور امام ابوحنیفہ ان میں سے صرف اونٹ، درہم اور دینار کا دیت میں اعتبار کرتے ہیں۔

اس حدیث میں دیت کی مقدار بیان کی گئی ہے اور دوسری احادیث میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ دیت قاتل کی عاقلہ یعنی عصبات (باپ کی طرف سے رشتہ داروں) پر لازم ہوتی ہے،

عاقلہ کا مصداق

امام عبدالرزاق اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن المغیرۃ بن شعبۃ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المرأۃ یعقلھا عصبتھا ویرثھا بنوھا۔[2]

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت کی دیت اس کے عصبات ادا کریں گے اور اس کی اولاد اس کی وارث ہوگی۔

حافظ الہیثمی طبرانی کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

عن ابی الملیح عن ابیہ قضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان میراث المرأۃ لزوجھا وولدھا وان العقل علی عصبۃ القاتلۃ۔[3]

ابوالملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ فرمایا کہ عورت کی میراث اس کے خاوند اور اس کی اولاد کو ملے گی اور قتل کرنے والی عورت کی دیت اس کے عصبات پر لازم ہے۔

اور بعض احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت کی ادائیگی کے امر کو پورے قبیلہ اور گروہ پر پھیلا دیا ہے۔ امام ابن ابی شیبہ اپنی سند کے ساتھ بیان کرتے ہیں:

---

[1] امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ، کتاب الآثار ص ۱۲۰، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۷ھ
[2] امام عبدالرزاق بن ہمام متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۹ ص ۳۹۸، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ
[3] حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی [illegible] [illegible] کتاب العربی، ۱۴۰۲ھ

عن ابن عباس، قال کتب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتابا بین المھاجرین والانصار ان یعقلوا معاقلھم وان یفدوا عانیھم بالمعروف والاصلاح بین المسلمین۔[1]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین اور انصار کے لیے ایک تحریر لکھوائی کہ مہاجرین اور انصار اپنی اپنی دیت ادا کریں اور دستور کے مطابق اپنے اپنے قیدی چھڑائیں اور مسلمانوں کی آپس میں صلح کرائیں۔

عن الشعبی قال، جعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عقل قریش علی قریش وعقل الانصار علی الانصار۔[2]

شعبی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قریش کی دیت قریش پر مقرر کی اور انصار کی دیت انصار پر مقرر کی۔

عن ابراھیم قال العقل علی اھل الدیوان۔[3]

ابراہیم کہتے ہیں کہ دیت کا ادا کرنا ان پر لازم ہے جن کو بیت المال سے وظیفہ ملتا ہو۔

عن الحکم قال، عمر اول من جعل الدیۃ عشرۃ عشرۃ فی العطیات المقاتلۃ دون الناس۔[4]

حکم بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر پہلے وہ شخص تھے جنہوں نے عام لوگوں کی بجائے لڑنے والے سوار افراد پر دس دس درہم دیت مقرر کی۔

ان احادیث اور آثار سے یہ واضح ہو گیا کہ قتل خطاء میں مقتول کی دیت قاتل کی عاقلہ پر لازم آتی ہے اور عاقلہ میں قاتل کے عصبات اس کے رشتہ دار اور اس کی برادری اور گروہ کے تمام لوگ شامل ہیں جو اس آڑے وقت میں اس کے کام آتے ہیں۔

علامہ المرغینانی حنفی لکھتے ہیں:

والعاقلۃ اھل الدیوان ان کان القاتل من اھل الدیوان یؤخذ من عطایاھم فی ثلاث سنین واھل الدیوان اھل الرایات وھم الجیش الذین کتبت اسامیھم فی الدیوان وھذا عندنا وقال الشافعی علی اھل العشیرۃ لانہ کان کذلک علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا نسخ

اگر قاتل اہل دیوان میں سے ہو تو اس کی عاقلہ اہل دیوان ہیں، ان کے وظیفوں میں سے تین سال میں دیت کو جمع کیا جائے گا، اہل دیوان وہ فوجی ہیں جن کو جھنڈے دیے جاتے ہیں اور وظیفوں کے رجسٹروں میں ان کا نام لکھا ہوا ہوتا ہے۔ یہ ہمارا موقف ہے، اور امام شافعی کے نزدیک عاقلہ قاتل کا قبیلہ ہے کیونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں یہی معمول تھا، اور اس کے بعد

---

[1] امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۹ ص ۳۱۸، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

[2] ” ” ” ” ، المصنف ج ۹ ص ۳۱۹ ، ” ” ” ”

[3] ” ” ” ” ، المصنف ج ۹ ص ۲۶۱ ، ” ” ” ”

[4] ” ” ” ” ، المصنف ج ۹ ص ۳۶۱ ، ” ” ” ”

بعده ولانه صلة والاولى بها الاقارب ولنا قضية عمر رضي الله عنه فانه لما دون الدواوين جعل العقل على اهل الديوان وكان ذلك بمحضر من الصحابة رضي الله عنهم من غير نكير منهم وليس ذلك بنسخ بل هو تقرير معنى لان العقل كان على اهل النصرة وقد كانت بانواع بالقرابة والحلف والولاء والعد وفي عهد عمر رضي الله عنه قد صارت بالديوان فجعله على اهله اتباعا للمعنى ولهذا قالوا لو كان اليوم تناصرهم بالحرف فعاقلتهم اهل الحرفة وان كان بالحلف فاهله والدية صلة كما قال لكن ايجابها فيما هو صلة وهو العطاء اولى منه في اصول اموالهم والتقدير بثلاث سنين مروي عن النبي صلى الله عليه وسلم ومحكي عن عمر رضي الله عنه ولان الاخذ من العطاء للتخفيف والعطاء يخرج في كل سنة مرة [1]

یہ عمل منسوخ نہیں ہوا، نیز دیت کی ادائیگی صلہ رحمی ہے اور اس کا تعلق رشتہ داروں سے زیادہ مناسب ہے اور ہماری دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ فیصلہ ہے کہ جب انہوں نے رجسٹر مرتب کیے تو انہوں نے اہل دیوان پر دیت مقرر کی، حضرت عمر نے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کے سامنے یہ فیصلہ کیا اور کسی نے اس سے اختلاف نہیں کیا، اور یہ طریقہ عہد رسالت کے لیے ناسخ نہیں ہے بلکہ اس کا مؤید اور مقرر ہے، کیونکہ دیت قاتل کی حمایت اور نصرت کرنے والوں پر مقرر کی جاتی ہے اور حمایت اور نصرت رشتہ داری سے بھی ہوتی ہے، حلف اٹھانے سے بھی ہوتی ہے ولاء سے بھی ہوتی ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں اہل دیوان آپس میں ایک دوسرے کی حمایت کرتے تھے، اسی وجہ سے فقہاء نے یہ کہا ہے کہ اگر اس زمانہ میں ہم پیشہ ہونے کی وجہ سے حمایت اور نصرت ہونے لگے تو پھر قاتل کی عاقلہ اس کے ہم پیشہ لوگ ہوں گے۔ (جیسا کہ آج کل لوہار، موچی اور گوالوں وغیرہ کو ایک برادری سمجھا جاتا ہے۔) اور اگر حلف اٹھانے سے حمایت اور نصرت ہو تو پھر حلف اٹھانے والے عاقلہ قرار پائیں گے اور ہر چند کہ دیت صلہ رحمی ہے لیکن جو لوگ وظیفہ لیتے ہوں ان پر دیت مقرر کرنے میں زیادہ صلہ رحمی ہے، اور تین سال کی مدت نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عمر سے منقول ہے اور وظیفوں سے دیت کی رقم وضع کرنے میں تخفیف ہے اور وظیفہ سال میں ایک بار ملتا ہے۔

عاقلہ پر دیت مقرر کرنے کی حکمت

مقتول کی دیت قاتل کی عاقلہ پر مقرر کرنے کا فلسفہ بیان کرتے ہوئے علامہ شمس الائمہ سرخسی لکھتے ہیں:

حمل بن مالک بن نابغہ روایت کرتے ہیں کہ دو عورتیں آپس میں لڑ پڑیں ایک عورت نے دوسری عورت کے پیٹ

[1] علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی [illegible]، مطبوعہ مکتبہ شرکت علمیہ ملتان

پر خیمہ کی چوب ماری جس سے اس کے پیٹ سے مردہ بچہ نکلا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مارنے والی عورت کے وارثوں سے فرمایا اس بچہ کی دیت ادا کرو، الحدیث (علامہ سرخسی لکھتے ہیں) اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ دیت قاتل کی عاقلہ پر واجب ہے اور اس کی حکمت یہ ہے کہ قاتل کسی شخص کو قتل کرنے کی جرأت اور ہمت اس وقت کرتا ہے جب اس کو یہ اعتماد ہو کہ اس کی پشت پر اس کے مددگار اور حامی موجود ہیں اور اس مدد اور حمایت کے کئی اسباب ہوتے ہیں ایک سبب یہ ہے کہ قاتل اہل دیوان کے گروہ کا ایک فرد ہوتا ہے، دوسرا سبب یہ ہے کہ قاتل ایک قبیلہ کا فرد ہوتا ہے تیسرا سبب یہ ہے کہ وہ ایک محلہ کا فرد ہوتا ہے چوتھا سبب یہ ہے کہ وہ اپنے ہم پیشہ لوگوں کا ایک فرد ہوتا ہے، اور قاتل کو یہ اعتماد ہوتا ہے کہ اس کی پشت پر اس کے اہل دیوان یا اس کا قبیلہ یا اس کا محلہ یا اس کے ہم پیشہ برادری کے لوگ موجود ہیں جو اس کی حمایت اور مدد کریں گے، اسی وجہ سے مال کی ادائیگی ان پر لازم کی گئی ہے تاکہ وہ اپنی برادری کے کسی احمق شخص کو اس حماقت سے باز رکھیں اور اگر وہ کسی کو قتل کرنے کا پروگرام بنائے تو اس کو روک لیں، تاکہ قتل شبہ عمد اور قتل خطاء کا ارتکاب نہ ہو سکے، کیونکہ قتل ایسا عظیم جرم بے پرواہی سے یا بغیر ارادہ کے بہت کم ہوتا ہے اور اس سلسلہ میں انسان لاپرواہی اسی وقت برتے گا جب اسے اپنی پشت پر کسی قوت کی مدد کا بھروسہ ہو، اور لاپرواہی کے نتیجے ہی میں قتل خطاء کا تحقق ہوتا ہے، اور دیت ایک بہت بڑی مالی مقدار ہے اگر یہ تمام مقدار قاتل پر واجب کر دی جائے تو قاتل برباد ہو جائے گا۔ اس وجہ سے شریعت نے قاتل کی عاقلہ پر دیت واجب کی ہے تاکہ قاتل کو بربادی کے ضرر سے بچایا جا سکے جس طرح صلہ رحمی کی وجہ سے رشتہ داروں پر ضرورت کے وقت نفقہ واجب کیا ہے، اسی وجہ سے ان پر قلیل مقدار میں قسط وار دیت واجب کی ہے تاکہ ہر شخص آسانی اور سہولت کے ساتھ وہ قسط ادا کر سکے، نیز ہر شخص اس بات سے ڈرے گا کہ اگر اس نے کسی شخص کو خطاءً قتل کر دیا تو اسے بھی اپنے رشتہ داروں کی مدد کی ضرورت ہوگی اس لیے اگر آج وہ کسی کی دیت ادا کرے گا تو کل کوئی اس کی دیت ادا کرے گا، اس لیے ہر شخص قاتل کو بربادی کے نقصان سے بچانے کے لیے مدد کرے گا اور مقتول کا خون رائیگاں چلے جانے سے بچ جائے گا، اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عاقلہ پر دیت ڈالنا صلہ رحمی، امداد باہمی اور مصیبت میں ایک دوسرے کے کام آنے کی بناء پر ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ ایک شخص کی غلطی کی سزا دوسرے شخص کو دی جائے۔[1]

دیت کے مسئلہ میں حرف آخر

دیت کے مسئلہ میں ہم نے جن نکات کو قرآن مجید، احادیث اور فقہاء اسلام کی عبارات کی روشنی میں بیان کیا ہے ان کا خلاصہ یہ ہے کہ:

(ا)۔ قتل خطاء میں دیت لازم آتی ہے۔

(ب)۔ دیت کی مقدار سو اونٹ، ایک ہزار دینار (۴ء۳۷ کلو سونا) یا دس ہزار درہم (۳۰.۶۱۸ کلو چاندی) ہے۔

(ج)۔ دیت کو تین سال میں قسط وار ادا کرنا قاتل کی عاقلہ پر لازم ہے۔

(د)۔ عاقلہ سے مراد قاتل کے حامی اور مددگار ہیں، یہ اس کے اہل قبیلہ، اہل محلہ اور اہل صنعت وحرفت ہو سکتے ہیں۔

(ہ)۔ قاتل کی عاقلہ پر دیت کا وجوب صلہ رحمی، امداد باہمی اور مصیبت کے وقت ایک دوسرے کے کام آنے کی

---

[1] شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۲۶ ص ۶۶، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

بنیاد پر ہے تاکہ قاتل کو برباد ہونے کے ضرر سے بچایا جا سکے۔

بالکل یہی صورت حال بیمہ میں بھی در پیش ہے، ایک بیمہ کمپنی کے تمام بیمہ دار بمنزلہ عاقلہ ہیں اور جب کوئی بیمہ دار کسی حادثہ کا شکار ہو جائے مثلاً اس کا جہاز ڈوب جائے یا اس کی دکان جل جائے یا وہ کسی گاڑی کے نیچے آ کر کام کاج کے قابل نہ رہے تو اس کو بربادی کے ضرر سے بچانے کے لیے تمام بیمہ داروں کو مل کر امداد باہمی اور مصیبت میں کسی کے کام آنے کے جذبہ سے اس کے نقصان کی تلافی کرنی چاہیے اسی جذبہ سے ہر بیمہ دار کو امدادی فنڈ میں چندہ جمع کرانا چاہیے تاکہ بوقت ضرورت اس فنڈ سے کسی بیمہ دار کے ناگہانی نقصان کی تلافی کی جا سکے۔

ہم نے بیمہ کے جواز پر جو دلائل دیے ہیں وہ بیمہ کی اصولی بحث سے متعلق ہیں باقی رہا بیمہ کمپنیوں کا موجودہ نظام سو وہ متعدد وجوہ سے ناجائز اور فاسد ہے جیسا کہ ہم نے تفصیل سے بیان کیا ہے اور اس کی اصلاح کے لیے تجاویز بھی پیش کی ہیں۔ الٰہ العالمین میں نے بیمہ کے متعلق یہ جو کچھ لکھا ہے اگر یہ حق و صواب ہے تو یہ آپ کی تائید و توفیق سے ہے اور آپ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر عنایت سے ہے اور اگر یہ غلط اور فاسد ہے تو یہ میرے مطالعہ کا نقص اور میری فہم کی کوتاہی ہے آپ اور آپ کا رسول اس سے بری ہیں۔ رب العالمین! مجھے اس کتاب کو مکمل کرنے کی ہمت اور توفیق دے، مجھے دین پر استقامت عطا فرما، اور اس کتاب کو قبول فرما، اور اس کو قبولیت عامہ اور بقاء دوام عطا فرما، الٰہ العالمین ہمارا ایمان پر خاتمہ کر اور آخرت میں اپنی رحمت اور بخشش اور اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے نواز۔ واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی محمد خاتم النبیین سید المرسلین اول الشافعین والمشفعین وعلی الہ واصحابہ وازواجہ وذریتہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

۶۴۶ بَابُ الْخَيْلُ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

قیامت تک گھوڑوں کی پیشانیوں میں برکت مرکوز ہونا

۴۷۳۰ ۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ قَرَاْتُ عَلٰى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَيْلُ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑوں کی پیشانیوں میں قیامت تک کے لیے برکت رکھ دی گئی ہے۔

۴۷۳۱ ۔ وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَابْنُ رُمْحٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى كُلُّهُمْ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ح وَحَدَّثَنَا هٰرُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ

امام مسلم نے اس حدیث کی پانچ سندیں ذکر کی ہیں۔

حَدَّثَنِیْ اُسَامَۃُ کُلُّھُمْ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِیْثِ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ۔

۴۷۳۲۔ وَحَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ الْجَھْضَمِیُّ وَصَالِحُ بْنُ حَاتِمِ ابْنِ وَرْدَانَ جَمِیْعًا عَنْ یَزِیْدَ قَالَ الْجَھْضَمِیُّ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ بْنُ عُبَیْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْ زُرْعَۃَ ابْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِیْرٍ عَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَلْوِیْ نَاصِیَۃَ فَرَسٍ بِاِصْبَعِہٖ وَھُوَ یَقُوْلُ الْخَیْلُ مَعْقُوْدٌ بِنَوَاصِیْھَا الْخَیْرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ الْاَجْرُ وَالْغَنِیْمَۃُ۔

حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگلیوں سے گھوڑے کی پیشانی کے بال مل رہے تھے، اور فرماتے تھے کہ خیر اور برکت قیامت تک کے لیے گھوڑے کی پیشانی میں مرکوز ہے، یعنی اجر اور غنیمت۔

۴۷۳۳۔ وَحَدَّثَنِیْ زُھَیْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ حَدَّثَنَا وَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ کِلَاھُمَا عَنْ یُوْنُسَ بِھٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَہٗ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی دو سندیں ذکر کیں۔

۴۷۳۴۔ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ نُمَیْرٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا زَکَرِیَّاءُ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عُرْوَۃَ الْبَارِقِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْخَیْلُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِیْھَا الْخَیْرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ الْاَجْرُ وَالْمَغْنَمُ۔

حضرت عروہ بارقی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خیر اور برکت قیامت تک کے لیے گھوڑے کی پیشانی میں مرکوز ہے، یعنی اجر اور غنیمت۔

۴۷۳۵۔ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَیْلٍ وَابْنُ اِدْرِیْسَ عَنْ حُصَیْنٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عُرْوَۃَ الْبَارِقِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْخَیْرُ مَعْقُوْصٌ بِنَوَاصِی الْخَیْلِ قَالَ فَقِیْلَ لَہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ بِمَ ذَاكَ قَالَ الْاَجْرُ وَالْمَغْنَمُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔

حضرت عروہ بارقی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گھوڑوں کی پیشانیوں میں خیر مرکوز ہے، آپ سے پوچھا گیا: یا رسول اس کا کیا مطلب ہے؟ آپ نے فرمایا قیامت تک اجر اور غنیمت

۴۷۳۶۔ وَحَدَّثَنَاہُ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ اَخْبَرَنَا جَرِیْرٌ عَنْ حُصَیْنٍ بِھٰذَا الْاِسْنَادِ غَیْرَ اَنَّہٗ قَالَ

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند ذکر کی ہے۔

عُرْوَةُ بْنُ الْجَعْدِ.

۴۷۳۷ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَخَلَفُ بْنُ هِشَامٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ جَمِيعًا عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ ح وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ كِلَاهُمَا عَنْ سُفْيَانَ جَمِيعًا عَنْ شَبِيبِ بْنِ غَرْقَدَةَ عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرِ الْأَجْرَ وَالْمَغْنَمَ وَفِي حَدِيثِ سُفْيَانَ سَمِعَ عُرْوَةَ الْبَارِقِيَّ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

امام مسلم نے حضرت عروہ بارقی رضی اللہ عنہ کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک اور روایت کی سند بیان کی۔

۴۷۳۸ - وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْجَعْدِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا وَلَمْ يَذْكُرِ الْأَجْرَ وَالْمَغْنَمَ.

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند ذکر کی اس میں اجر اور غنیمت کا ذکر نہیں ہے۔

۴۷۳۹ - وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَرَكَةُ فِي نَوَاصِي الْخَيْلِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ برکت گھوڑوں کی پیشانی میں ہے۔

۴۷۴۰ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ (يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ) ح وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ سَمِعَ أَنَسًا يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ.

امام مسلم نے کہا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی اس حدیث کی مثل مروی ہے۔

ف: ان احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اعلاء دین سے قتال اور جہاد کرنے کے لیے گھوڑوں کو رکھنا مستحب ہے ان کی فضیلت اور ان کی خیر اور ان کے ذریعہ جہاد قیامت تک باقی رہے گا، بعض احادیث میں ہے کہ کبھی گھوڑے میں نحوست بھی ہوتی ہے اس سے [illegible] ہو، بعض احادیث میں [illegible]

کی تین اقسام ہیں ایک گھوڑا اجر ہوتا ہے، دوسرا ستر ہے اور تیسرا گناہ اور بوجھ ہوتا ہے، اس کی تشریح یہ ہے کہ جو گھوڑا جہاد کے لیے ہو وہ اجر ہوتا ہے اور جو اپنے آرام اور دنیاوی کاموں کے لیے ہو وہ ستر ہوتا ہے اور جو گھوڑا ریاکاری اور نام و نمود کے لیے ہو وہ گناہ کا باعث ہے۔

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہاں گھوڑے سے مراد مطلقاً جہاد کی سواری ہو خواہ وہ گھوڑا ہو یا کوئی اور چیز، اس صورت میں فوجی ٹرک، فوجی جیپ، فوجی طیارے اور فوجی بحری جہاز وغیرہ بھی قیامت تک کے لیے خیر اور برکت کا محل قرار پائیں گے۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ صِفَاتِ الْخَيْلِ

گھوڑے کی بری قسمیں کون سی ہیں؟

۴۷۴۱ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سَلْمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الشِّكَالَ مِنَ الْخَيْلِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشکل گھوڑے کو ناپسند کرتے تھے۔

۴۷۴۲ - وَحَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح وَحَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ جَمِيعًا عَنْ سُفْيَانَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَزَادَ فِي حَدِيثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَالشِّكَالُ أَنْ يَكُونَ الْفَرَسُ فِي رِجْلِهِ الْيُمْنَى بَيَاضٌ وَفِي يَدِهِ الْيُسْرَى أَوْ فِي يَدِهِ الْيُمْنَى وَرِجْلِهِ الْيُسْرَى۔

عبد الرزاق بیان کرتے ہیں کہ جس گھوڑے کا داہنا پاؤں اور بایاں ہاتھ سفید ہو یا داہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں سفید ہو وہ گھوڑا اشکل ہوتا ہے۔

۴۷۴۳ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنِي وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ جَمِيعًا عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ النَّخَعِيِّ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ وَكِيعٍ وَفِي رِوَايَةِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ وَلَمْ يَذْكُرِ النَّخَعِيَّ۔

ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل مروی ہے۔

ف: قاضی عیاض نے بیان کیا ہے کہ اشکل گھوڑا وہی ہوتا جس کا حدیث میں ذکر ہے، ابن درید نے کہا ہے کہ جس گھوڑے کا ایک ہاتھ اور ایک پیر سفید ہو وہ اشکل ہوتا ہے، ابو عبید نے کہا ہے کہ جس گھوڑے کے تین پیروں میں سفیدی ہو اور ایک عام ہو، یا ایک پیر میں سفیدی ہو اور تین عام ہوں، مطرزی نے کہا ہے کہ ایک قول یہ ہے کہ جس

کے دو ہاتھ سفید ہوں، اور ایک قول ہے کہ جس کے دو پیر سفید ہوں وہ اشکل ہوتا ہے۔ علامہ خطابی نے کہا کہ اشکل گھوڑے کو ناپسند کرنے کی وجہ یہ تھی کہ اس کے پیروں میں دوڑنے کی زیادہ قوت نہیں ہوتی، اور اس ناپسندیدگی سے شرعی کراہت مراد نہیں ہے۔

بَابُ ۶۴۸ فَضْلُ الْجِهَادِ وَالْخُرُوْجِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

۴۷۴۴ - وَحَدَّثَنِیْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عُمَارَةَ (وَهُوَ ابْنُ الْقَعْقَاعِ) عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَضَمَّنَ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ فِیْ سَبِيْلِهٖ لَا يُخْرِجُهٗ اِلَّا جِهَادًا فِیْ سَبِيْلِیْ وَاِيْمَانًا بِیْ وَتَصْدِيْقًا بِرُسُلِیْ فَهُوَ عَلَیَّ ضَامِنٌ اَنْ اُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ اَوْ اَرْجِعَهٗ اِلٰى مَسْكَنِهِ الَّذِیْ خَرَجَ مِنْهُ نَائِلًا مَا نَالَ مِنْ اَجْرٍ اَوْ غَنِيْمَةٍ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَا مِنْ كَلْمٍ يُكْلَمُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَهَيْئَتِهٖ حِيْنَ كُلِمَ لَوْنُهٗ لَوْنُ دَمٍ وَرِيْحُهٗ مِسْكٌ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْلَا اَنْ يَشُقَّ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ مَا قَعَدْتُ خِلَافَ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَبَدًا وَلٰكِنْ لَا اَجِدُ سَعَةً فَاَحْمِلَهُمْ وَلَا يَجِدُوْنَ سَعَةً وَيَشُقُّ عَلَيْهِمْ اَنْ يَتَخَلَّفُوْا عَنِّیْ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوَدِدْتُ اَنِّیْ اَغْزُوْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاُقْتَلُ ثُمَّ اَغْزُوْ فَاُقْتَلُ ثُمَّ اَغْزُوْ فَاُقْتَلُ۔

اللہ کی راہ میں نکلنے اور جہاد کی فضیلت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی راہ میں نکلے اللہ تعالیٰ اس کا ضامن ہو جاتا ہے، جو شخص صرف میرے راستے میں جہاد کے لیے اور صرف مجھ پر ایمان اور میرے رسولوں کی تصدیق کی وجہ سے نکلتا ہو تو میں اس بات کا ضامن ہوں کہ (اگر وہ شہید ہو گیا تو) اس کو جنت میں داخل کروں گا یا اس کو اجر اور غنیمت کے ساتھ اس کے گھر لوٹاؤں گا، اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے اللہ کی راہ میں جو زخم لگے گا قیامت کے دن وہ اسی حالت میں اٹھے گا جس حالت میں وہ زخم لگا تھا، اس کا رنگ خون کی طرح ہوگا اور اس کی خوشبو مشک کی طرح ہوگی، اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے اگر مسلمانوں پر دشوار نہ ہوتا تو میں اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے لشکر کا ساتھ کبھی نہ چھوڑتا، لیکن میرے پاس اتنی وسعت نہیں ہے کہ میں سب مسلمانوں کو سواریاں مہیا کر سکوں، اور نہ مسلمانوں کے پاس اتنی گنجائش ہے، اور مسلمانوں کا میرے پیچھے رہ جانا ان کے لیے دشوار ہوگا، اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے مجھے یہ پسند ہے کہ میں اللہ کی راہ میں جہاد کروں اور قتل کیا جاؤں پھر جہاد کروں اور پھر قتل کیا جاؤں اور پھر جہاد کروں اور پھر قتل کیا جاؤں۔

۴۷۴۵ - وَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ وَاَبُوْ كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عُمَارَةَ

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند ذکر کی ہے۔

بِهٰذَا الْاِسْنَادِ۔

۴۷۴۶۔ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِزَامِيُّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَكَفَّلَ اللّٰهُ لِمَنْ جَاهَدَ فِي سَبِيلِهِ لَا يُخْرِجُهُ مِنْ بَيْتِهِ إِلَّا جِهَادٌ فِي سَبِيلِهِ وَتَصْدِيقُ كَلِمَتِهِ بِأَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ أَوْ يَرْجِعَهُ إِلَى مَسْكَنِهِ الَّذِي خَرَجَ مِنْهُ مَعَ مَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيمَةٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرے درآں حالیکہ اس کا گھر سے نکلنا صرف اللہ کی راہ میں جہاد اور اس کے دین کی تصدیق کی خاطر ہو تو اللہ اس کے لیے اس بات کا ضامن ہو جاتا ہے کہ (اگر وہ شہید ہو گیا تو) اس کو جنت میں داخل کرے گا یا اجر اور غنیمت کے ساتھ اس کو اس کے مسکن میں واپس کر دے گا جہاں سے وہ روانہ ہوا تھا۔

۴۷۴۷۔ حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُكْلَمُ أَحَدٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِي سَبِيلِهِ إِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَجُرْحُهُ يَثْعَبُ اللَّوْنُ لَوْنُ دَمٍ وَالرِّيحُ رِيحُ مِسْكٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص بھی اللہ کی راہ میں زخمی ہوتا ہے اور اللہ کو خوب علم ہے کہ اس کی راہ میں کون زخمی ہو رہا ہے وہ قیامت کے دن اس حال میں اٹھے گا کہ اس کا زخم بہہ رہا ہوگا اس کا رنگ خون کی طرح ہوگا اور اس کی خوشبو مشک کی طرح ہوگی۔

۴۷۴۸۔ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ كَلْمٍ يُكْلَمُهُ الْمُسْلِمُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ تَكُونُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَهَيْئَتِهَا إِذَا طُعِنَتْ تَفَجَّرُ دَمًا اللَّوْنُ لَوْنُ دَمٍ وَالْعَرْفُ عَرْفُ الْمِسْكِ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ فِي يَدِهِ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ مَا قَعَدْتُ خَلْفَ سَرِيَّةٍ تَغْزُو فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ لَا أَجِدُ سَعَةً فَأَحْمِلَهُمْ وَلَا يَجِدُونَ سَعَةً فَيَتَّبِعُونِي وَلَا تَطِيبُ أَنْفُسُهُمْ أَنْ يَقْعُدُوا بَعْدِي۔

ہمام بن منبہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کئی احادیث روایت کیں، ان میں سے ایک حدیث یہ تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کو اللہ کے راستہ میں جو زخم بھی لگے گا قیامت کے دن وہ زخم اسی حال پر ہوگا جیسا کہ زخم لگنے کے وقت تھا، اس سے خون ابل رہا ہوگا اس کا رنگ، خون کی طرح ہوگا اور خوشبو مشک کی طرح ہوگی، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ و قدرت میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے اگر مسلمانوں پر دشوار نہ ہوتا تو میں اللہ کی راہ میں لڑنے والے کسی لشکر سے پیچھے نہ رہتا، لیکن میرے پاس اتنی وسعت نہیں ہے کہ میں سب مسلمانوں کو سواریوں پر سوار کر سکوں اور نہ سب مسلمانوں کے پاس سواریاں ہیں کہ وہ میرے ساتھ جا سکیں اور وہ میرے پیچھے رہ جانے پر بھی خوش نہیں ہیں۔

۴۷۴۹ - وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ مَا قَعَدْتُ خِلَافَ سَرِيَّةٍ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمْ وَبِهَذَا الْإِسْنَادِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوَدِدْتُ أَنِّي أُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ أُحْيَى بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا اگر مسلمانوں پر دشوار نہ ہوتا تو میں کسی لشکر کے پیچھے نہ رہتا (یعنی ہر لشکر کے ساتھ جاتا) اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے اور اس میں یہ اضافہ ہے: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں محمد کی جان ہے مجھے یہ پسند ہے کہ میں اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں اور پھر زندہ کیا جاؤں، اس کے بعد حسب سابق ہے۔

۴۷۵۰ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ (يَعْنِي الثَّقَفِيَّ) ح وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ كُلُّهُمْ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَحْبَبْتُ أَنْ لَا أَتَخَلَّفَ خَلْفَ سَرِيَّةٍ نَحْوَ حَدِيثِهِمْ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میری امت پر دشوار نہ ہوتا تو مجھے یہ پسند تھا کہ میں کسی لشکر کے پیچھے نہ رہوں اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے۔

۴۷۵۱ - حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَضَمَّنَ اللَّهُ لِمَنْ خَرَجَ فِي سَبِيلِهِ إِلَى قَوْلِهِ مَا تَخَلَّفْتُ خِلَافَ سَرِيَّةٍ تَغْزُو فِي سَبِيلِ اللَّهِ تَعَالَى۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی راہ میں نکلتا ہے اللہ اس کے لیے ضامن ہے (اس کے بعد یہاں تک فرمایا:) جو لشکر اللہ کی راہ میں لڑنے کے لیے نکلے میں اس سے پیچھے نہ رہتا۔

اللہ تعالیٰ پر جنت عطا کرنے کے وجوب کا محمل

اس باب کی حدیث نمبر ۴۷۴۴ میں ہے: اللہ تعالیٰ نے راہ خدا میں جہاد کرنے والوں کو جنت کی ضمانت دے دی ہے اور جس چیز کو دینے کی ضمانت دے دی جائے اس کا دینا واجب ہو جاتا ہے، اس لیے اب اللہ تعالیٰ پر ان کو جنت کا دینا واجب ہو گیا، اسی طرح قرآن مجید میں ہے: ان اللہ اشتری من المؤمنین انفسھم و اموالھم بان لھم الجنۃ (توبہ: ۱۱۱) "اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے ان کی جانوں اور مالوں کو جنت کے بدلہ میں خرید لیا" اور خریدنے والے پر ثمن کا ادا کرنا واجب ہوتا ہے، لہٰذا اس آیت کا بھی یہ تقاضا ہے کہ مومنوں کو جنت دینا اللہ تعالیٰ پر واجب ہے، لیکن یہ وجوب اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کی بناء پر ہے، بندوں کے عمل اور ان کے استحقاق کی بناء پر نہیں ہے اور اہل سنت اور معتزلہ کے درمیان یہی فرق ہے معتزلہ کہتے ہیں کہ بندے کے ایمان اور اعمال صالحہ

کی وجہ سے اللہ تعالیٰ پر اس کو جنت میں داخل کرنا واجب ہے، اور اہل سنت یہ کہتے ہیں کہ بندے کے عمل کا کوئی بدل اور استحقاق نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے چونکہ جنت کا وعدہ کر لیا ہے اس لیے جنت واجب ہو گئی کیونکہ کریم جب کسی کو کچھ دینے کا وعدہ کر لے تو وہ اس کے خلاف نہیں کرتا۔

جنت کی بشارت میں شہداء کا عام مسلمانوں سے امتیاز

اس حدیث میں ہے کہ راہ خدا میں جہاد کرنے والے مومن کو اللہ تعالیٰ نے جنت کی ضمانت دے دی ہے، اس پر یہ سوال ہے کہ عام مومنوں سے بھی اللہ تعالیٰ نے جنت کا وعدہ فرمایا ہے پھر شہداء کی اس میں کیا تخصیص ہے؟ قاضی عیاض نے اس کے دو جواب دیے ہیں ایک جواب یہ ہے کہ راہ خدا میں لڑنے والے کو اللہ تعالیٰ مرتے ہی جنت میں داخل کر دے گا جیسا کہ شہداء کے متعلق ارشاد ہے: جب کہ دوسرے مسلمان قیامت کے دن حساب و کتاب کے بعد جنت میں داخل ہوں گے، دوسرا جواب یہ ہے کہ وہ قیامت کے دن سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے، اور ان سے کوئی حساب و کتاب نہیں ہوگا اور شہادت کی وجہ سے ان کے گناہوں کو مٹا دیا جائے گا۔

نیکی یا بدی پر مرنے والوں کا حشر

اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ شہید قیامت کے دن اسی حال میں اٹھے گا جس حال میں وہ شہید ہوا تھا اور اس کے زخم سے اسی طرح خون بہہ رہا ہوگا، شہید کو اسی حال میں اٹھانا اس کی عزت افزائی کے لیے ہوگا تاکہ قیامت کے دن سب لوگ شہداء کو پہچان لیں۔ اسی طرح حدیث میں ہے کہ ایک شخص ایام حج میں احرام باندھے ہوئے اونٹنی سے گر کر فوت ہو گیا آپ نے فرمایا یہ قیامت کے دن اسی طرح تلبیہ کہتے ہوئے اٹھے گا (صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۸۴) ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص کوئی نیکی کرتے ہوئے یا عبادت کرتے ہوئے موت آئے وہ اس نیکی اور عبادت کے حال میں قیامت کے دن اٹھایا جائے گا، اے اللہ ہمیں بھی حسن خاتمہ عطا فرما اور نیکی اور عبادت کے حال میں ہماری روح قبض کرنا (آمین)، باقی رہا یہ کہ جو شخص کسی برائی کا ارتکاب کرتے ہوئے فوت ہوا تو کیا اس کا حشر اس برائی کے ساتھ ہوگا؟ یہ چیز تحقیق طلب ہے بہرحال اللہ تعالیٰ کریم ہے اور امید ہے کہ وہ ستر فرمائے گا، پھر اللہ تعالیٰ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ نیکی کا اجر دس گنا بڑھا دیتا ہے سات سو گنا کر دیتا ہے پھر اس کو بھی دوگنا کر دیتا ہے بعض اوقات بے حساب اجر بھی دیتا ہے، لیکن برائی کی سزا میں کوئی اضافہ نہیں کرتا اور بسا اوقات معاف فرما دیتا ہے، اللہ تعالیٰ نے ... سورہ ... اس نظریہ امید کی جا سکتی ہے کہ وہ نیکی پر مرنے والوں کا اسی نیکی میں حشر فرمائے گا اور برائی پر مرنے والوں سے درگزر فرمائے گا۔

موت کی تمنا کی ممانعت کے باوجود شہادت کی تمنا کیوں جائز ہے؟

اس حدیث میں یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے یہ پسند ہے کہ میں اللہ کی راہ میں جہاد کروں اور قتل کیا جاؤں، پھر جہاد کروں اور پھر قتل کیا جاؤں اور پھر جہاد کروں اور قتل کیا جاؤں۔ اس حدیث پر یہ سوال ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موت کی تمنا کرنے سے منع فرمایا ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود موت کی تمنا کیوں کی ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ دنیاوی مصائب اور مشکلات سے گھبرا کر موت کی تمنا کرنا منع ہے لیکن اللہ کے دین کی سربلندی کے

لیے جان دینے اور لقاء الٰہی کے اشتیاق میں موت کی تمنا کرنا اور موت کو بصورت شہادت طلب کرنا مستحسن اور مستحب ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے، اے اللہ! اپنے دین کے راستہ میں ہمیں شہادت کی موت عطا فرما، (آمین)۔

بَابُ^[۶۳۹] فَضْلِ الشَّهَادَةِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى

اللہ کی راہ میں شہید ہونے کی فضیلت

۴۷۵۲ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ وَحُمَيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ نَفْسٍ تَمُوْتُ لَهَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ يَسُرُّهَا اَنَّهَا تَرْجِعُ اِلَى الدُّنْيَا وَلَا اَنَّ لَهَا الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا اِلَّا الشَّهِيْدُ فَاِنَّهُ يَتَمَنّٰى اَنْ يَرْجِعَ فَيُقْتَلَ فِي الدُّنْيَا لِمَا يَرٰى مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر وہ شخص جو فوت ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کا اچھا اجر ہو وہ دنیا میں واپس جانے کو پسند نہیں کرتا اور نہ دنیا و مافیہا کو پسند کرتا ہے البتہ شہید جب شہادت کی فضیلت کو دیکھے گا تو صرف وہ یہ تمنا کرے گا کہ وہ پھر دنیا میں واپس جائے اور اللہ کی راہ میں قتل کیا جائے۔

۴۷۵۳ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ اَحَدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُحِبُّ اَنْ يَرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا وَاَنَّ لَهُ مَا عَلَى الْاَرْضِ مِنْ شَيْءٍ غَيْرُ الشَّهِيْدِ فَاِنَّهُ يَتَمَنّٰى اَنْ يَرْجِعَ فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرٰى مِنَ الْكَرَامَةِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر وہ شخص جو جنت میں داخل ہو گا وہ دنیا میں واپس جانا پسند نہیں کرے گا خواہ اس کو روئے زمین کی تمام چیزیں مل جائیں، البتہ شہید جب اپنی عزت اور وجاہت دیکھے گا تو صرف وہ یہ تمنا کرے گا کہ وہ پھر دنیا میں جائے اور دس بار راہ خدا میں قتل کیا جائے۔

۴۷۵۴ - وَحَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَعْدِلُ الْجِهَادَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ لَا تَسْتَطِيْعُوْنَهُ قَالَ فَاَعَادُوْا عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا كُلُّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ لَا تَسْتَطِيْعُوْنَهُ وَقَالَ فِي الثَّالِثَةِ مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الْقَانِتِ بِاٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَفْتُرُ مِنْ [illegible]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا گیا کہ اللہ عزوجل کی راہ میں جہاد کے برابر بھی کوئی عبادت ہے، آپ نے فرمایا تم اس عبادت کی استطاعت نہیں رکھتے، حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں کہ صحابہ نے سوال پھر دہرایا، یا تین بار پوچھا آپ نے ہر بار فرمایا تم اس کی طاقت نہیں رکھتے، تیسری بار فرمایا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا جہاد سے واپسی تک اس شخص کی طرح ہے جو روزہ دار ہو، قیام کرنے والا ہو، اللہ کی آیات پر عمل کرنے [illegible] سے تھکتا یا اکتاتا نہ ہو۔

صَدَقَةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ الْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى۔

۴۷۵۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ ح وَحَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ كُلُّهُمْ عَنْ سُهَيْلٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی دو اور سندیں ذکر کی ہیں۔

۴۷۵۶۔ حَدَّثَنِيْ حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَةَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ قَالَ حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ بَشِيْرٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَجُلٌ مَا اُبَالِيْ اَنْ لَّا اَعْمَلَ عَمَلًا بَعْدَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اَنْ اُسْقِيَ الْحَاجَّ وَقَالَ اٰخَرُ مَا اُبَالِيْ اَنْ لَّا اَعْمَلَ عَمَلًا بَعْدَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اَنْ اَعْمُرَ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ وَقَالَ اٰخَرُ الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَفْضَلُ مِمَّا قُلْتُمْ فَزَجَرَهُمْ عُمَرُ وَقَالَ لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ عِنْدَ مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَلٰكِنْ اِذَا صَلَّيْتُ الْجُمُعَةَ دَخَلْتُ فَاسْتَفْتَيْتُهٗ فِيْمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ الْاٰيَةَ اِلٰى اٰخِرِهَا۔

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے منبر کے پاس تھا، ایک شخص نے کہا اسلام لانے کے بعد اگر میں صرف حجاج کو پانی پلاؤں اور کوئی عمل نہ کروں تو مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے، دوسرے شخص نے کہا اگر اسلام لانے کے بعد میں صرف مسجد حرام کو آباد کروں اور اس کے سوا اور کوئی عمل نہ کروں تو مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے، تیسرے نے کہا اللہ کی راہ میں جہاد کرنا تمہاری کہی ہوئی عبادتوں سے افضل ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو ڈانٹا اور فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے منبر کے پاس آواز اونچی نہ کرو، اس دن جمعہ تھا، میں جمعہ کی نماز کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور جس مسئلہ میں تمہارا اختلاف تھا اس کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "کیا تم حجاج کو پانی پلانے اور مسجد حرام کے آباد کرنے کو اس شخص کے عمل کے برابر قرار دیتے ہو جو اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان لایا اور اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا؟"۔

۴۷۵۷۔ وَحَدَّثَنِيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ اَخْبَرَنِيْ زَيْدٌ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ قَالَ حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ بَشِيْرٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے منبر کے پاس بیٹھا تھا، اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے۔

مِنۡبَرِ رَسُوۡلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ بِمِثۡلِ حَدِیۡثِ اَبِیۡ تَوۡبَۃَ۔

اللہ کی راہ میں قتل ہونے والے کو شہید کہنے کی وجوہات

اس باب کی احادیث میں شہادت کی بہت عظیم فضیلت بیان کی گئی ہے کہ شہادت کا اجر و ثواب دیکھ کر شہید کے سوا اور کوئی شخص دوبارہ دنیا میں واپس جانے کی تمنا نہیں کرے گا۔

اللہ کی راہ میں قتل ہونے والے کو شہید کہنے کی علماء کرام نے متعدد وجوہ بیان کی ہیں، نضر بن شمیل نے کہا ہے کہ ان کو شہید اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ زندہ ہوتے ہیں اور ان کی ارواح اسی وقت جنت میں شاہد (حاضر) ہو جاتی ہیں، اس کے برخلاف دوسرے مسلمانوں کی ارواح قیامت کے دن جنت میں شاہد ہوں گی، ابن الانباری نے کہا ان کو شہید اس لیے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے ان کے حق میں جنت کی شہادت دیتے ہیں، ایک قول یہ ہے کہ ان کے بدن سے روح نکلتے ہی ان کی روح اس عزت اور اجر و ثواب پر شاہد (حاضر) ہو جاتی ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے تیار کر رکھا ہے، ایک قول یہ ہے موت کے وقت ان کے پاس ملائکہ شاہد (حاضر) ہوتے ہیں اور ان کی روح کو لے جاتے ہیں، ایک قول یہ ہے کہ ان کا ظاہر حال ان کے ایمان اور خاتمہ بالخیر پر شہادت دیتا ہے، ایک قول یہ ہے کہ قیامت کے دن یہی لوگ سابقہ امتوں کے سامنے یہ گواہی دیں گے کہ ان کے انبیاء علیہم السلام نے انکو تبلیغ کر دی تھی لیکن یہ وصف شہداء کے ساتھ خاص نہیں۔[۱]

بَابُ[۶۵] فَضۡلِ الۡغَدۡوَۃِ وَالرَّوۡحَۃِ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ

صبح یا شام کو راہ خدا میں نکلنے کی فضیلت

۴۷۵۸ - حَدَّثَنَا عَبۡدُ اللّٰہِ بۡنُ مَسۡلَمَۃَ بۡنِ قَعۡنَبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بۡنُ سَلَمَۃَ عَنۡ ثَابِتٍ عَنۡ اَنَسِ بۡنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ لَغَدۡوَۃٌ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ اَوۡ رَوۡحَۃٌ خَیۡرٌ مِّنَ الدُّنۡیَا وَمَا فِیۡهَا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبح یا شام اللہ کی راہ میں نکلنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

۴۷۵۹ - حَدَّثَنَا یَحۡیَی بۡنُ یَحۡیَی اَخۡبَرَنَا عَبۡدُ الۡعَزِیۡزِ بۡنُ اَبِیۡ حَازِمٍ عَنۡ اَبِیۡہِ عَنۡ سَهۡلِ بۡنِ سَعۡدٍ السَّاعِدِیِّ عَنۡ رَسُوۡلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالۡغَدۡوَۃُ یَغۡدُوۡهَا الۡعَبۡدُ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ خَیۡرٌ مِّنَ الدُّنۡیَا وَمَا فِیۡهَا۔

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبح کے وقت بندے کا خدا کی راہ میں نکلنا دنیا اور مافیہا سے بہتر ہے۔

۴۷۶۰ - وَحَدَّثَنَا اَبُوۡ بَکۡرِ بۡنُ اَبِیۡ شَیۡبَۃَ وَزُهَیۡرُ بۡنُ حَرۡبٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَکِیۡعٌ عَنۡ سُفۡیَانَ عَنۡ اَبِیۡ حَازِمٍ عَنۡ سَهۡلِ بۡنِ سَعۡدٍ السَّاعِدِیِّ عَنۡ

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبح یا شام کو اللہ کی راہ میں نکلنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

[۱] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی [illegible]

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ غَدْوَةٌ أَوْ رَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا۔

۴۷۶۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ ذَكْوَانَ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا أَنَّ رِجَالًا مِّنْ أُمَّتِي وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ وَلَرَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللهِ أَوْ غَدْوَةٌ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میری امت میں ایسے لوگ نہ ہوتے ــــــ اس کے بعد فرمایا اللہ کی راہ میں صبح کرنا یا شام کرنا دنیا و ما فیہا سے بہتر ہے۔

۴۷۶۲۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ (وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ وَإِسْحٰقَ) قَالَ إِسْحٰقُ أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا الْمُقْرِئُ عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيدَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ شَرِيكٍ الْمَعَافِرِيُّ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا أَيُّوبَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَغَرَبَتْ۔

حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی راہ میں صبح یا شام کو نکلنا ان تمام چیزوں سے بہتر ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے یا غروب ہوتا ہے۔

۴۷۶۳۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ قُهْزَاذَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ وَحَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ قَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ شَرِيكٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ سَوَاءً۔

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے بعد مثل سابق حدیث ہے۔

بَابُ ۶۵ بَيَانِ مَا أَعَدَّهُ اللهُ تَعَالَى لِلْمُجَاهِدِ فِي الْجَنَّةِ مِنَ الدَّرَجَاتِ

جنت میں مجاہد کے درجات کا بیان

۴۷۶۴۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا اَبَا سَعِيْدٍ مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَعَجِبَ لَهَا اَبُوْ سَعِيْدٍ فَقَالَ اَعِدْهَا عَلَيَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَفَعَلَ ثُمَّ قَالَ وَاُخْرٰى يَرْفَعُ بِهَا الْعَبْدُ مِائَةَ دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ قَالَ وَمَا هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَلْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوسعید! جو شخص اللہ کے رب ہونے پر راضی ہو گیا اور اسلام کے دین اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نبی ہونے پر راضی ہو گیا اس کے لیے جنت واجب ہو گئی، حضرت ابوسعید کو یہ بات اچھی لگی تو کہنے لگے یا رسول اللہ! اس بات کو دوبارہ فرمائیں آپ نے دوبارہ اسی طرح فرمایا پھر فرمایا: ایک بات اور بھی ہے جس کی وجہ سے بندے کے سو درجات بلند ہوتے ہیں اور ہر دو درجوں میں زمین اور آسمان جتنا فاصلہ ہے، میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ وہ درجہ کس چیز سے ملتا ہے؟ آپ نے فرمایا جہاد فی سبیل اللہ، جہاد فی سبیل اللہ۔

ف: قاضی عیاض نے کہا یہ حدیث اپنے ظاہر پر محمول ہے اور درجات سے مراد منازل ہیں جو بعض، بعض سے بلند ہیں اور جنت کی ایسی ہی صفت ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے جنتی اپنے بالاخانوں سے چمکتے ہوئے ستاروں کی طرح نظر آئیں گے، اور یہ بھی احتمال ہے کہ بلندی سے یہاں یہ مراد ہو کہ ان کو اتنی کثیر اور عظیم نعمتیں ملیں گی جن کا کوئی انسان تصور کر سکتا ہے نہ بیان کر سکتا ہے اور ان کو عزت و کرامت کی اس قدر انواع و اقسام حاصل ہوں گی جن کی بہت زیادہ فضیلت ہوگی یا یہ کہ ان کی فضیلت کا ہر درجہ اتنا بڑا ہو گا جتنا زمین اور آسمان میں فاصلہ ہے۔

بَابُ[652] مَنْ قُتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كُفِّرَتْ خَطَايَاهُ اِلَّا الدَّيْنَ

جو شخص اللہ کی راہ میں قتل کیا جائے اس کے قرض کے سوا تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں

۴۷۶۵ ـ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَامَ فِيْهِمْ فَذَكَرَ لَهُمْ اَنَّ الْجِهَادَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْاِيْمَانَ بِاللّٰهِ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تُكَفَّرُ عَنِّيْ خَطَايَايَ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ اِنْ قُتِلْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام میں کھڑے ہو کر یہ ذکر کیا کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنا اور اللہ پر ایمان لانا تمام اعمال میں افضل ہے، ایک شخص نے کھڑے ہو کر کہا: یا رسول اللہ! یہ بتلائیے کہ اگر میں اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں تو کیا اس سے میرے گناہ کا کفارہ ہو جائے گا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: ہاں اگر تم اللہ کی راہ میں قتل کیے جاؤ در آں حالیکہ تم صبر کرنے والے ہو یعنی جم کر مقابلہ کرنے والے ہو، ثواب کی نیت رکھنے والے ہو، پیٹھ پھیرنے والے نہ ہو، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم

ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ قُلْتَ قَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَتُكَفَّرُ عَنِّي خَطَايَايَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَأَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَيْرُ مُدْبِرٍ إِلَّا الدَّيْنَ فَإِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لِي ذٰلِكَ۔

نے کیا کہا تھا؟ اس نے عرض کیا میں نے کہا تھا کہ اگر میں اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں تو کیا اس سے میرے گناہوں کی معافی ہو جائے گی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں درآں حالیکہ تم صبر کرنے والے ہو اور ثواب کی نیت رکھنے والے ہو آگے بڑھ کر حملہ کرنے والے ہو اور پیٹھ پھیرنے والے نہ ہو، تو قرض کے سوا تمہارے باقی گناہ معاف کر دیے جائیں گے، کیونکہ (حضرت) جبرائیل علیہ السلام نے مجھے یہ ابھی بتایا ہے۔

۴۷۶۶۔ **حَدَّثَنَا** أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى (يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ) عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِمَعْنَى حَدِيثِ اللَّيْثِ۔

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص نے حاضر ہو کر کہا مجھے یہ بتائیے کہ اگر میں اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں ...... اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے۔

۴۷۶۷۔ **وَحَدَّثَنَا** سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزِيدُ أَحَدُهُمَا عَلَى صَاحِبِهِ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ ضُرِبْتُ بِسَيْفِي بِمَعْنَى حَدِيثِ الْمَقْبُرِيِّ۔

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے کچھ کمی اور زیادتی کے ساتھ یہ روایت ہے کہ ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا درآں حالیکہ آپ منبر پر تھے اس نے کہا مجھے یہ بتلائیے کہ اگر میں اپنی تلوار سے مارا جاؤں؟ پھر حسب سابق ہے۔

۴۷۶۸۔ **حَدَّثَنَا** زَكَرِيَّاءُ بْنُ يَحْيَى بْنِ صَالِحٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ (يَعْنِي ابْنَ فَضَالَةَ) عَنْ عَيَّاشٍ (وَهُوَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيُّ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُغْفَرُ لِلشَّهِيدِ

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرض کے سوا شہید کا ہر گناہ معاف کر دیا جاتا ہے۔

كُلُّ ذَنْبٍ إِلَّا الدَّيْنَ۔

۴۷۶۹ - وَحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ حَدَّثَنِي عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيُّ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقَتْلُ فِي سَبِيلِ اللهِ يُكَفِّرُ كُلَّ شَيْءٍ إِلَّا الدَّيْنَ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں قتل کیا جانا قرض کے سوا تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

ف: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہید کے گناہوں کی معافی سے قرض کو جو مستثنیٰ کیا ہے اس میں یہ تنبیہ ہے کہ جہاد، شہادت اور دوسرے نیک اعمال صرف حقوق اللہ کا کفارہ ہو سکتے ہیں، بندوں کے حقوق کا کفارہ نہیں ہو سکتے۔

بَابٌ ۶۵۳ فِي بَيَانِ أَنَّ أَرْوَاحَ الشُّهَدَاءِ فِي الْجَنَّةِ وَإِنَّهُمْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ

شہداء کی ارواح جنت میں ہوتی ہیں اور شہداء زندہ ہیں اور انہیں رزق دیا جاتا ہے

۴۷۷۰ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ ح وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ وَعِيسَى بْنُ يُونُسَ جَمِيعًا عَنِ الْأَعْمَشِ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ نُمَيْرٍ (وَاللَّفْظُ لَهُ) حَدَّثَنَا أَسْبَاطٌ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَا حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ سَأَلْنَا عَبْدَ اللهِ عَنْ هٰذِهِ الْآيَةِ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ قَالَ أَمَا إِنَّا قَدْ سَأَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ أَرْوَاحُهُمْ فِي جَوْفِ طَيْرٍ خُضْرٍ لَهَا قَنَادِيلُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شَاءَتْ ثُمَّ تَأْوِي إِلَى تِلْكَ الْقَنَادِيلِ فَاطَّلَعَ إِلَيْهِمْ رَبُّهُمُ اطِّلَاعَةً فَقَالَ هَلْ تَشْتَهُونَ شَيْئًا قَالُوا أَيَّ شَيْءٍ نَشْتَهِي وَنَحْنُ نَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شِئْنَا فَفَعَلَ ذٰلِكَ بِهِمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَلَمَّا رَأَوْا أَنَّهُمْ لَنْ يُتْرَكُوا مِنْ أَنْ يُسْأَلُوا قَالُوا يَا رَبِّ نُرِيدُ أَنْ تَرُدَّ أَرْوَا[illegible]

مسروق بیان کرتے ہیں کہ ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آیت کی تفسیر دریافت کی "جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے ہیں ان کو مردہ گمان مت کرو بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں ان کو رزق دیا جاتا ہے" حضرت ابن مسعود نے فرمایا ہم نے بھی اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تھا، آپ نے فرمایا ان کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں رہتی ہیں ان کے لیے عرش میں قندیلیں لٹکی ہوئی ہیں وہ روحیں جنت میں جہاں چاہیں چرتی پھرتی ہیں پھر ان قندیلوں کی طرف لوٹ آتی ہیں، ان کا رب ان کی طرف مطلع ہو کر فرماتا ہے: کیا تم کو کسی چیز کی خواہش ہے؟ وہ کہتے ہیں ہم کو کس چیز کی خواہش ہو سکتی ہے! ہم جہاں چاہتے ہیں جنت میں چرتے پھرتے ہیں، ان سے تین بار اللہ تعالیٰ یہ حیات فرماتا ہے، پھر جب وہ دیکھتے ہیں کہ ان کو سوال کے بغیر نہیں چھوڑا جا رہا تو وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہماری روحوں کو ہمارے جسموں میں لوٹا دیا جائے [illegible] قتل کیے جائیں، پھر جب اللہ تعالیٰ

حَتّٰى نُقْتَلَ فِي سَبِيلِكَ مَرَّةً اُخْرٰى فَلَمَّا رَاٰى اَنْ لَيْسَ لَهُمْ حَاجَةٌ تُرِكُوْا۔

یہ دیکھے گا کہ ان کو کوئی حاجت نہیں ہے تو پھر ان کو چھوڑ دیا جائے گا۔

ارواحِ شہداء کے سبز پرندوں میں متمثل ہونے کی تحقیق

اس باب کی حدیث میں ہے: شہداء کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں رہتی ہیں، علامہ نووی لکھتے ہیں سبز پرندوں میں رہتی ہیں، موطا میں ہے مومن کی روح پرندے میں ہوتی ہے، ایک اور حدیث میں حضرت قتادہ سے روایت ہے۔ شہید کی روح سفید پرندے کی صورت میں ہوتی ہے، قاضی عیاض نے کہا ہے کہ زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ روح پرندہ ہوتی ہے یا پرندے کی صورت میں ہوتی ہے، اکثر روایات سے یہی ثابت ہے خصوصاً جب کہ روایات میں یہ بھی ہے کہ روحیں عرش کے نیچے قندیلوں میں آکر ٹھہرتی ہیں، قاضی عیاض نے کہا ہے کہ بعض علماء نے اس امر کو مستبعد قرار دیا ہے اور بعض دوسرے علماء نے اس کا انکار نہیں کیا اور نہ اس میں کوئی چیز لائق انکار ہے، اور دونوں حدیثوں میں کوئی فرق نہیں ہے بلکہ جس روایت میں پرندے یا پرندے کے پیٹ کا ذکر ہے وہ از روئے معنی کے زیادہ صحیح ہے اور اس امر میں قیاس اور عقل کا کوئی دخل نہیں ہے اور یہ تمام امور جائز ہیں، اور جب اللہ تعالیٰ مومن یا شہید کی روح کو قندیلوں میں یا پرندوں کے پیٹوں میں کرنا چاہتا ہے تو کر دیتا ہے اور یہ کوئی بعید از قیاس نہیں ہے خصوصاً ان لوگوں کے نزدیک جو ارواح کو اجسام مانتے ہیں، قاضی عیاض یہ کہتے ہیں کہ ایک قول یہ ہے کہ جب جسم سے روح نکلتی ہے تو وہ جسم کے ایک جزء میں باقی رہتی ہے اور اس جزء کو درد یا عذاب ہوتا ہے اور وہی جزء لذت اور ثواب حاصل کرتا ہے اور وہی جزء یہ کہتا ہے کہ اے رب مجھے دنیا میں واپس بھیج دے اور وہی جزء جنت کے درختوں میں چرتا ہے، اور یہ کوئی محال نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس جزء کو پرندہ بنا دے یا پرندے کے پیٹ میں رکھے یا عرش کے نیچے قندیلوں میں رکھے یا جہاں اللہ تعالیٰ چاہتا ہے ان کو رکھے[1]۔

سبز پرندوں میں ارواح شہداء کے منتقل ہونے پر تناسخ کے اشکال کا جواب

بعض ملحدین ان حدیثوں میں تناسخ پر استدلال کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ اچھے انسان کی روح مرنے کے بعد خوب صورت جسموں میں منتقل ہو جاتی ہے اور برے لوگوں کی روح مرنے کے بعد بری صورتوں میں منتقل ہو جاتی ہے اور یہی ثواب اور عقاب ہے اور یہ لوگ جنت اور دوزخ اور آخرت کا انکار کرتے ہیں، ہندوؤں کا بھی یہی عقیدہ ہے وہ اس کو آواگون سے تعبیر کرتے ہیں، لیکن ان حدیثوں سے ان کے موقف پر استدلال نہیں ہو سکتا، کیونکہ تناسخ اور آواگون کا حاصل یہ ہے کہ مرنے کے بعد روح کسی اور جسم میں آ جاتی ہے اور وہ اس جسم کی حیات کا سبب ہوتی ہے اور اس جسم میں ایسے ہی سرایت کر جاتی ہے جیسے پہلے جسم میں سرایت کیے ہوئے تھی۔ اس کے برخلاف جن احادیث میں ہے کہ شہداء کی روحیں پرندوں میں ہوتی ہیں ان کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ ان پرندوں میں سرایت کر جاتی ہیں اور ان پرندوں کی حیات ان روحوں

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۲ ص ۱۳۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۷۵ھ

کے سبب سے ہوتی ہے بلکہ وہ روحیں ان پرندوں میں بمنزلہ سوار اور مسافر ہیں اور وہ پرندے بمنزلہ سواری ہیں اور ان پرندوں کی اپنی الگ روح ہوتی ہے جس سے ان کی حیات ہوتی ہے جیسے لوگ ہوائی جہاز میں اڑتے ہیں، اسی طرح ارواح شہداء پرندوں میں اڑتی ہیں، اور جن احادیث میں یہ ہے کہ اللہ ان روحوں کو پرندوں کی شکل میں متشکل کر دیتا ہے یعنی وہ روح سبز پرندہ بن جاتی ہے ان پر کوئی اشکال نہیں ہے کیونکہ تناسخ تب ہوتا جب روح الگ ہوتی اور پرندے کا جسم الگ ہوتا اور وہ روح اس جسم میں سرایت کر جاتی اور اس روح سے اس جسم کی حیات ہوتی اور یہاں اس طرح نہیں ہے بلکہ بنفسہٖ اس روح کو سبز پرندہ بنا دیا جاتا ہے لہٰذا یہ تناسخ نہیں ہے تمثل ہے۔

میرے شیخ حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمہ اللہ نے بیان کیا کہ امروہہ میں ان کے زمانہ تعلیم میں ان کا ایک ہندو مناظر پنڈت رام چند سے مناظرہ ہوا اس نے کہا قرآن مجید میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بنو اسرائیل کو بندر اور خنزیر بنا دیا اور یہ تناسخ ہے حضرت نے فرمایا تناسخ تب ہوتا کہ وہ بنی اسرائیل مر جاتے اور مرنے کے بعد ان کی ارواح کو بندروں اور خنزیروں میں منتقل کیا جاتا حالانکہ ایسا نہیں ہوا بلکہ ان بنی اسرائیل کی اسی حالت حیات میں شکل تبدیل کر دی اور ان کی صورت بندر اور خنزیر کی صورت سے بدل دی ہو، سو یہ تناسخ نہیں ہے یعنی ان کی صورتیں مسخ کر دیں، وہ کہنے لگا، میں آئندہ سال آکر پھر اسی جگہ مناظرہ کروں گا، حضرت نے فرمایا موت اور زندگی کا کوئی اعتبار نہیں اگر تم درمیان سال میں مر گئے تو کس صورت اور کس جون میں آکر مناظرہ کرو گے؟ وہ آپ کی اس حاضر جوابی سے بہت خوش ہوا اور اپنی گھڑی آپ کو انعام میں دے گیا، اس واقعہ کو اس سے زیادہ تفصیل سے ہم نے مقالات سعیدی میں بیان کیا ہے۔

روح کی ماہیت میں فقہاء اسلام کے نظریات

اس باب کی حدیث میں شہداء کی ارواح کا ذکر ہے، علامہ نووی اس سلسلہ میں لکھتے ہیں:

قاضی عیاض مالکی نے کہا ہے کہ علماء کا روح کی ماہیت میں بہت زیادہ اختلاف ہے جس کو ضبط اور حصر کے ساتھ بیان کرنا مشکل ہے، بہرحال اس سلسلہ میں چند اقوال کی تفصیل حسب ذیل ہے:

(۱) علماء اور متکلمین نے یہ کہا ہے کہ روح کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں اور اس کا بیان کرنا صحیح نہیں ہے ان کا استدلال اس آیت سے ہے قل الروح من امر ربی۔ "آپ کہیے کہ روح آپ کے رب کے امر سے ہے" فلاسفہ نے اس میں بہت غلو کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ روح نہیں ہے۔

(۲) جمہور اطباء نے کہا ہے کہ روح ایک لطیف بخار (سٹیم) ہے جو بدن میں سرایت کیے ہوئے ہے۔

(۳) ہمارے اکثر شیوخ نے کہا ہے کہ روح حیوٰۃ ہے۔

(۴) بعض علماء نے کہا کہ روح ایک جسم لطیف ہے جو اس جسم عنصری کے مشابہ ہے اس کی حیات سے یہ جسم زندہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی یہ عادت جاریہ ہے کہ جب یہ جسم لطیف اس جسم عنصری سے نکل جاتا ہے تو اس کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

(۵) بعض علماء نے کہا کہ روح ایک جسم ہے اس لیے کہا جاتا ہے کہ روح نکل گئی، اس کو قبض کر لیا وہ حلقوم تک پہنچ گئی اور یہ جسم کی صفات ہیں معانی کی نہیں۔

(۶) ہمارے بعض متقدمین ائمہ نے کہا ہے جو اسی جسم عنصری میں داخل ہے

(۷) بعض علماء نے کہا روح خون ہے۔ یہ قاضی عیاض کے بیان کردہ اقوال ہیں۔
(۸) علامہ نووی شافعی کہتے ہیں کہ ہمارے اصحاب کے نزدیک روح ایک جسم لطیف ہے جو بدن میں سرایت کیے ہوئے ہے اور اس کے الگ ہونے سے انسان مرجاتا ہے۔

قاضی عیاض نے کہا ہے کہ روح اور نفس میں بھی اختلاف ہے بعض علماء نے کہا یہ دو لفظ ہیں اور ان کا معنی ایک ہے، بعض نے کہا نفس آنے جانے والے سانس کو کہتے ہیں، بعض نے کہا نفس حیات کو کہتے ہیں بعض نے کہا نفس خون کو کہتے ہیں۔ [1]

علامہ بدرالدین عینی حنفی نے روح کی بحث میں حسب ذیل اقوال بیان کیے ہیں:

(۱) علامہ مازری مالکی لکھتے ہیں کہ روح کے مباحث بہت دقیق ہیں اور اس میں بکثرت کتابیں لکھی گئی ہیں، اس سلسلہ میں امام اشعری کا مشہور قول یہ ہے کہ روح وہ سانس ہے جو آ اور جارہا ہے۔
(۲) قاضی ابوبکر نے کہا ہے کہ روح سانس اور حیات کے درمیان ایک امر متردد ہے۔
(۳) ایک قول یہ ہے کہ روح اجسام ظاہرہ اور اعضاء ظاہرہ میں ایک امر مشترک ہے۔
(۴) ایک قول یہ ہے کہ روح ایک جسم لطیف ہے جس کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے پیدا کیا اور اللہ سبحانہ کی یہ عادت جاریہ ہے کہ وہ اس جسم لطیف کے بغیر جسم عنصری میں حیات جاری نہیں کرتا، اور یہ روح اس عالم میں بھی ہوتی ہے اور سبز پرندوں کے پوٹوں میں بھی ہوتی ہے۔
(۵) اس میں بھی اختلاف ہے کہ روح اور نفس ایک چیز ہیں یا الگ الگ حقیقتیں ہیں و زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ یہ متغائر ہیں کیونکہ نفس انسانی وہ حقیقت ہے جس کو ہر شخص "میں" سے تعبیر کرتا ہے، اکثر فلاسفہ نے نفس اور روح میں فرق نہیں کیا انھوں نے کہا نفس وہ لطیف بخار ہے جو مبدا حس اور حرکت ارادیہ کا حامل ہے اور یہ جوہر ہے اس کو وہ روح حیوانی کہتے ہیں اور یہ قلب یعنی نفس ناطقہ اور بدن کے درمیان واسطہ ہے۔
(۶) امام غزالی نے کہا کہ نفس مجرد ہے یعنی جسم اور جسمانیات سے نہیں ہے اور روح وہ جوہر ہے جو بنفسہ قائم ہے غیر متحیز ہے، جسم میں داخل ہے نہ جسم سے خارج ہے، متصل ہے نہ منفصل ہے۔
(۷) ایک قول یہ ہے کہ روح عرض ہے، کیونکہ اگر وہ جوہر ہو تو تمام جواہر مساوی ہیں پھر لازم آئے گا کہ اس جوہر کے لیے بھی ایک روح ہو۔
(۸) ایک قول یہ ہے کہ وہ جوہر فرد ہے (یعنی جزلا یتجزیٰ) وہ جسم حیوانی کی حیات کے خلاف ہے اور صفات معنویہ کا حامل ہے۔
(۹) ایک قول یہ ہے کہ وہ جسم کی صورت لطیفہ کے مطابق ایک صورت لطیف ہے اس کی دو آنکھیں ہیں دو کان ہیں، دو ہاتھ ہیں، دو پیر ہیں اور جسم کے ہر عضو کے مقابلہ میں اس کا ایک عضو ہے۔

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۳۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

(۱۰) جمہور متکلمین اہل سنت کا یہ نظریہ ہے کہ روح ایک جسم لطیف ہے جس کا بدن میں اس طرح حلول ہے جس طرح پانی کا پھول میں حلول ہوتا ہے۔

علامہ عینی فرماتے ہیں کہ اکثر علماء اہلسنت کا یہ نظریہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے روح کے علم کو مبہم رکھا ہے اور اس کو کسی پر ظاہر نہیں فرمایا حتیٰ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی روح کا علم نہیں ہے (علامہ عینی فرماتے ہیں) میں کہتا ہوں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اللہ کے محبوب اور سید خلق ہیں اور آپ کا منصب اس بات سے بہت بلند ہے کہ آپ کو روح کا علم نہ ہو، آپ کو روح کا علم کیسے نہیں ہوگا، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپ پر یہ احسان فرمایا ہے وعلمك ما لم تكن تعلم وكان فضل الله عليك عظيما۔ "آپ جو کچھ بھی نہیں جانتے تھے اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس کا علم دے دیا اور یہ آپ پر اللہ تعالیٰ کا فضل عظیم ہے"۔ [1]

قاضی عیاض اور دوسرے علماء نے روح کی تعریف میں جو اقوال نقل کیے ہیں۔ علامہ دشتانی مالکی ان پر علامہ خطابی کا تبصرہ نقل کرتے ہیں:

یہ تمام اقوال ہیں اور لوگوں کے ملتے جلتے گمان ہیں، جن کو لوگوں نے بغیر کسی بصیرت کے بیان کیا ہے، درحقیقت روح کا علم صرف اللہ تعالیٰ کو ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے قل الروح من امر ربی۔ اور تحقیق یہ ہے کہ روح ایک امر ہے جس کو جسم میں پھونک دیا جاتا ہے اور اس کو جسم سے قبض کر لیا جاتا ہے، اور یہ روح مومن بھی ہوتی ہے اور کافر بھی ہوتی ہے، عالم بھی ہوتی ہے اور جاہل بھی ہوتی ہے، خوش بھی ہوتی ہے اور غمگین بھی ہوتی ہے اس کو لذت بھی حاصل ہوتی ہے اور ایک اذیت بھی ہوتی ہے، اور یہ تو واضح ہے کہ یہ عرض نہیں ہے کیونکہ ان معانی کا عرض کے ساتھ قیام محال ہے، اس لیے ضروری ہے کہ یہ ایک ایسا امر ہو جو قائم بنفسہ ہو اور ان اعراض اور صفات کا محل اور قابل ہو، پھر اس میں اختلاف ہے کہ یہ جواہر متحیزہ سے ہے یا غیر متحیزہ سے، لیکن عدم تحیز چونکہ اللہ تعالیٰ کا خاصا ہے اس لیے صحیح یہ ہے کہ یہ جواہر متحیزہ سے ہے نیز اہل تحقیق کا اس پر اتفاق ہے کہ روح حادث ہے کیونکہ ارواح متغیر ہوتی ہیں اور ہر متغیر حادث ہوتا ہے اور قدیم صرف اللہ عزوجل کی ذات اور صفات ہیں۔ [2]

علامہ سید آلوسی حنفی روح کی حقیقت پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

علامہ خفاجی نے یہ کہا ہے کہ روح کی کنہ ممکن ہے برخلاف اللہ عزوجل کی کنہ کے، اور کشف میں ہے کہ روح کو جاننے کی سبیل یہ ہے کہ دل کی آنکھوں میں اللہ عزوجل کے کلام کا سرمہ لگا کر اس ناواقفیت کے پردے ہٹا دیے جائیں سو جن کے دلوں کی آنکھوں میں یہ سرمہ ہے ان کے لیے روح کھلی اور واضح ہے، اور جو اس سے محروم ہیں ان کے لیے روح مخفی ہے، لیکن اس پر یہ اشکال وارد ہوتا ہے کہ ابن ابی حاتم نے حضرت عبد اللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اٹھایا گیا اور آپ کو روح کا علم نہیں تھا، اس کی تاویل یہ ہے کہ ہو

---

[1] علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۲ ص ۲۰۱، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

[2] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن خلفہ دشتانی [illegible] ج ۵ ص ۲۳۰، مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

سکتا ہے کہ حضرت عبد اللہ کے نزدیک روح کا علم ممتنع ہو ورنہ ہر وہ چیز جس کا علم ممکن ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وصال اس حصول کے بعد ہوا ہے جیسا کہ امام احمد اور ترمذی نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک رات کو میں اٹھا اور جو نماز میرے مقدر میں تھی وہ میں نے پڑھی پھر مجھے نماز میں نیند آگئی اور جب (میری پلکیں) بوجھل ہوگئیں تو میں نے اپنے رب عزوجل کو بہت حسین صورت میں دیکھا، میرے رب نے فرمایا ملاء اعلیٰ کس چیز میں بحث کر رہے ہیں، میں نے کہا اے میرے رب! میں نہیں جانتا، پھر میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا دست اقدس میرے شانوں کے درمیان رکھا حتیٰ کہ میں نے اس کی پوروں کی ٹھنڈک اپنے سینے میں محسوس کی فتجلی لی کل شی وعرفت - پھر ہر چیز مجھ پر منکشف ہوگئی اور میں نے اس کو جان لیا۔ ۱؎

حیات شہداء کے حیات حقیقی ہونے پر امام رازی کے دلائل

اس باب کی حدیث میں حیات شہداء کا بھی ذکر ہے اور اس سلسلے میں قرآن مجید کی اس آیت کو بیان کیا گیا ہے:

ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربھم یرزقون ۰ فرحین بما اتاھم اللہ من فضلہ و یستبشرون بالذین لم یلحقوا بھم من خلفھم الا خوف علیھم ولا ھم یحزنون۔ (آل عمران: ۱۷۰-۱۶۹)

جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے ان کو ہرگز مردہ مت سمجھو، بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں، انھیں رزق دیا جاتا ہے، وہ اللہ کے دیے ہوئے فضل پر خوش ہیں اور ان کے بعد میں آنے والے لوگ جو ابھی ان سے نہیں ملے ان کے متعلق اس بشارت سے خوش ہوتے ہیں کہ ان پر (بھی) کوئی خوف ہوگا نہ وہ غمگین ہوں گے۔

امام رازی شافعی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ اس آیت سے یہ معلوم ہوگیا کہ شہداء زندہ ہیں، معتزلہ نے یہ کہا ہے کہ یہ حیات مجازی ہے یعنی وہ آخرت میں زندہ ہوں گے لیکن ان کا یہ قول باطل ہے کیونکہ اس آیت کا ظاہر یہ ہے کہ جس وقت یہ آیت نازل ہوئی اس وقت راہ خدا میں قتل ہونے والے زندہ تھے، دوسری دلیل یہ ہے کہ قرآن مجید میں ہے اغرقوا فادخلوا نارا "قوم نوح غرق کی گئی اور فوراً آگ میں داخل کر دی گئی" نیز قرآن مجید میں ہے النار یعرضون علیھا غدوا وعشیا "آل فرعون کو صبح اور شام آگ پر پیش کیا جاتا ہے" یعنی اللہ تعالیٰ کفار کو مرنے کے بعد قیامت سے پہلے زندہ کر کے ان کو عذاب دیتا ہے ______ اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کا فضل عذاب اور عقاب پر راجح ہے، اور جب وہ اہل عذاب کو قیامت سے پہلے زندہ کر کے عذاب دیتا ہے تو قیامت سے پہلے اہل ثواب کو زندہ کرنا اس کے فضل اور [illegible] کے زیادہ لائق ہے۔ تیسری دلیل یہ ہے کہ اگر اس آیت سے یہ مراد ہو کہ شہداء قیامت میں زندہ ہوں گے تو پھر یہ فرمانے کی کیا ضرورت تھی کہ ان کو مردہ گمان نہ کرو کیونکہ قیامت کی زندگی کے بارے میں تو کسی مسلمان کو کوئی تردد نہیں تھا نیز قیامت کی حیات میں شہداء کی کیا تخصیص ہے وہ تو سب مسلمانوں کو حاصل ہوگی! چوتھی دلیل یہ ہے کہ اس آیت

۱؎ علامہ ابو الفضل شہاب الدین سید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۱۵ ص ۱۴۹، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت۔

میں ہے کہ ان شہداء کے بعد میں آنے والے لوگ جو ابھی فوت نہیں ہوئے ان کے متعلق بشارت پاکر شہداء خوش ہوتے ہیں اس کا تقاضا یہ ہے کہ ان کو یہ خوشی اس دنیا میں قیامت سے پہلے حاصل ہو، کیونکہ قیامت میں تو وہ لوگ مرکر شہداء کو لاحق ہو چکے ہوں گے اور اس آیت میں یہ فرمایا ہے کہ ابھی وہ ان کو لاحق نہیں ہوئے اس لیے ضروری ہے کہ یہ خوشی ان کو اس دنیا میں قیامت سے پہلے حاصل ہو اور یہ اس کو مستلزم ہے کہ شہداء زندہ ہوں۔ [1]

علامہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں:

شہداء جنت میں زندہ ہوتے ہیں اور ان کو رزق دیا جاتا ہے ہرچند کہ وہ فوت ہو گئے اور ان کے اجسام مٹی میں دفن ہو گئے، لیکن ان کی ارواح باقی مومنوں کی ارواح کی طرح زندہ ہوتی ہیں، اور ان کو قتل کے وقت سے کرتا جنت رزق کی فضیلت دی جاتی ہے۔

شہداء کی حیات میں علماء کا اختلاف ہے لیکن جمہور علماء کا وہی نظریہ ہے جس کو ہم نے بیان کیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ شہداء کی حیات حقیقی ہے، پھر بعض علماء یہ کہتے ہیں کہ شہداء کی قبروں میں ان کی روحیں لوٹا دی جاتی ہیں اور وہ ثواب حاصل کرتے ہیں جس طرح کفار کو قبروں میں زندہ کر کے عذاب دیا جاتا ہے، مجاہد نے کہا ہے کہ انہیں جنت کے پھل دیے جاتے ہیں یعنی وہ ان پھلوں کی خوشبو سونگھتے ہیں، اور بعض علماء نے کہا یہ مجاز ہے اور اس آیت کا معنی یہ ہے کہ شہداء اللہ تعالیٰ کے نزدیک جنت کی نعمتوں کے مستحق ہیں، جیسے کہا جاتا ہے فلاں شخص مرا نہیں یعنی اس کا ذکر زندہ ہے، یعنی شہداء کو نیک نامی اور ثناء جمیل کا رزق دیا جاتا ہے، اور بعض علماء نے کہا کہ شہداء کی ارواح سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہوتی ہیں اور انہیں جنت میں رزق دیا جاتا ہے وہ وہاں کھاتے ہیں اور نعمتیں پاتے ہیں، اور یہی صحیح قول ہے کیونکہ یہ احادیث کے مطابق ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ شہداء کی ارواح قیامت تک عرش کے نیچے رکوع اور سجود کرتی رہتی ہیں جس طرح ان زندہ مسلمانوں کی روحیں جو وضو کر کے سوتے ہیں، ایک قول یہ ہے کہ شہید کا جسم قبر میں بوسیدہ نہیں ہوتا اور نہ اس کو زمین کھاتی ہے اور ہم نے "تذکرہ" میں لکھا ہے کہ انبیاء، شہداء، علماء، ثواب کے لیے اذان دینے والوں اور قرآن کے حافظوں کے اجسام کو قبر نہیں کھاتی، [2] اللھم اجعلنی منھم۔ آمین

علامہ ابن جوزی حنبلی لکھتے ہیں:

شہداء زندہ ہوتے ہیں اور ان کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہوتی ہیں اور جنت میں چرتی ہیں، سو شہداء اس اعتبار سے زندہ ہوتے ہیں، اگرچہ روح نکلنے کے لحاظ سے وہ مردہ ہوتے ہیں، اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ اس طرح کی حیات تو ہر مسلمان کو مرنے کے بعد حاصل ہوتی ہے اور ان کو ثواب ہوتا ہے پھر اس میں شہداء کی کیا تخصیص ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ شہداء کی دوسرے مسلمانوں پر یہ فضیلت ہے کہ شہداء کو جنت کے کھانوں سے رزق دیا جاتا ہے اس کے برخلاف دوسرے مسلمانوں کو دوسری انواع کا ثواب دیا جاتا ہے۔ [3]

---

[1] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ۳ ص ۱۵۴، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۸۵ھ، الجامع لاحکام القرآن مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ

[3] علامہ ابو الفرج عبد الرحمن بن علی بن محمد [illegible]، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت۔

حیات شہداء کی کیفیت میں فقہاء اسلام کے نظریات

شہداء کی حیات کی کیفیت میں علماء کا اختلاف

علامہ آلوسی حنفی لکھتے ہیں:

ہے، اکثر متقدمین نے یہ کہا ہے کہ شہداء کی حیات حقیقی ہے اور جسم اور روح کے ساتھ ہے لیکن ہم اس زندگی میں اس کا ادراک نہیں کر سکتے، ان کا استدلال اس آیت سے ہے عند ربھم یرزقون "انھیں ان کے رب کے پاس رزق دیا جاتا ہے" نیز صرف روحانی حیات میں شہداء کی کوئی تخصیص نہیں ہے کیونکہ یہ حیات تو عام مسلمانوں بلکہ کفار کو بھی مرنے کے بعد حاصل ہوتی ہے پھر ان کا دوسروں سے کیا امتیاز ہوگا؟ بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ شہداء کی حیات صرف روحانی ہوتی ہے اور ان کو رزق دیا جاتا اس کے منافی نہیں ہے، کیونکہ حسن سے مروی ہے کہ شہداء اللہ تعالیٰ کے پاس زندہ ہوتے ہیں اور ان کی روحوں کو رزق پیش کیا جاتا ہے جس سے ان کو فرحت اور مسرت حاصل ہوتی ہے جس طرح آل فرعون پر صبح وشام آگ پیش کی جاتی ہے جس سے ان کو تکلیف اور اذیت ہوتی ہے، سو رزق سے مراد یہ فرحت اور مسرت ہے، اور شہداء کا باقی مسلمان روحوں سے نفس حیات میں امتیاز نہیں ہے بلکہ ان کو اللہ تعالیٰ کا جو خصوصی قرب حاصل ہے اور جو ان کو اللہ عزوجل کی بارگاہ میں خصوصی عزت اور وجاہت حاصل ہوگی اس سے ان کا باقی مسلمانوں سے امتیاز ہوگا۔

بلخی نے شہداء کی حیات کا مطلقاً انکار کیا ہے اور اس آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ شہداء کو قیامت کے دن زندہ کیا جائے گا اور ان کو ابھی جزا دی جائے گی اور بعض معتزلہ نے یہ کہا ہے کہ حیات سے مراد یہ ہے کہ ان کا ذکر زندہ رہے گا اور دنیا میں ان کی تعریف ہوتی رہے گی اور اصم سے منقول ہے کہ حیات سے مراد ہدایت اور موت سے مراد گمراہی ہے یعنی یہ نہ کہو کہ شہداء گمراہ ہیں بلکہ وہ ہدایت پر ہیں، لیکن یہ تمام اقوال نہایت ضعیف ہیں بلکہ باطل ہیں اور شہداء کی حیات جسمانی کا قول ہی صحیح ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، قتادہ، مجاہد، حسن، عمرو بن عبید، واصل بن عطاء، جبائی، رمانی اور مفسرین کی ایک جماعت کا یہی مختار ہے۔

جو علماء شہداء کی جسمانی حیات کے قائل ہیں ان کا اس میں اختلاف ہے کہ آیا ان کا وہی جسم زندہ ہوتا ہے جس کو قتل کیا گیا تھا یا وہ کسی اور جسم کے ساتھ زندہ ہوتے ہیں، جو علماء اس کے قائل ہیں کہ وہ اسی جسم کے ساتھ زندہ ہوتے ہیں جس کو قتل کیا گیا تھا وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہے کہ اس قتل شدہ جسم میں ایسی حیات پیدا کر دے جس کی وجہ سے ان کو احساس اور ادراک حاصل ہو جائے اگرچہ ہم دیکھتے ہیں کہ ان کے اجسام زمین میں مدفون ہیں اور کوئی تصرف نہیں کر رہے اور ان میں زندہ جسموں کی کوئی علامت نہیں پائی جاتی، کیونکہ حدیث میں ہے کہ انتہاء بصر تک مومن کی قبر میں وسعت کر دی جاتی ہے اور اس سے کہا جاتا ہے کہ تم دلہن کی طرح سو جاؤ، حالانکہ ہم اس کا مشاہدہ نہیں کرتے کیونکہ برزخ کے امور اور واقعات ہمارے ذہنوں اور ادراک وشعور سے بہت دور ہیں۔

جسمانی حیات کے بعض قائلین نے کہا کہ شہداء کی حیات ایک اور جسم کے ساتھ ہوتی ہے جو پرندوں کی صورت پر ہوتا ہے اور ان کی روح اس جسم کے ساتھ متعلق ہوتی ہے ان کی دلیل اس حدیث سے ہے، امام عبدالرزاق، عبداللہ بن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہداء کی روحیں سبز پرندوں کی صورت میں جنت کی قندیلوں پر معلق رہتی ہیں حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان

کو ـــــ ارشاد سے گا، اگر یہ سوال ہو کہ اس حدیث کے معارض یہ حدیث ہے کہ امام مالک، امام احمد، امام ترمذی، امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہداء کی روحیں سبز پرندوں کے پیٹوں میں ہوتی ہیں اور جنت کے پھلوں یا درختوں پر معلق رہتی ہیں اور امام مسلم نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شہداء کی روحیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہیں اور جنت میں جہاں چاہیں چرتی ہیں پھر عرش کے نیچے قندیلوں میں ٹھہرتی ہیں، کیونکہ پرندوں کے پیٹوں میں یا ان کے پوٹوں میں ہونے کا یہی مطلب ہے کہ وہ پرندوں کی صورت پر ہوتی ہیں کیونکہ دیکھنے والا ان کو صرف پرندوں کی صورتوں میں دیکھتا ہے۔

بعض امامیہ کا یہ مسلک ہے کہ شہداء اپنے دنیاوی جسم کی صورت پر ایک اور جسم کے ساتھ زندہ ہوتے ہیں (یعنی جسم مثالی کے ساتھ) حتیٰ کہ اگر ان کو کوئی شخص دیکھ لے تو وہ کہتا ہے کہ میں نے فلاں شخص کو دیکھا ہے ان کی دلیل یہ ہے کہ ابو جعفر یونس بن ظبیان سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن میں ابو عبداللہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو انھوں نے کہا مومنین کی ارواح کے متعلق تم کیا کہتے ہو؟ میں نے کہا لوگ یہ کہتے ہیں کہ وہ عرش کے نیچے سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہوں گی، ابو عبداللہ نے کہا سبحان اللہ! اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن کا مرتبہ اس سے بلند ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی روح کو سبز پرندے کے پوٹے میں رکھے، اللہ تعالیٰ جب مومن کی روح کو قبض کر لیتا ہے تو وہ اس روح کو ایسے قالب (جسم) میں رکھتا ہے جو اس کے دنیاوی قالب کی مثل ہوتا ہے پھر وہ کھاتے پیتے رہتے ہیں پھر جب ان کے پاس کوئی شخص آتا ہے تو وہ اس کو ان کی اسی دنیاوی صورت میں پہچان لیتا ہے [1] اگر اس حدیث میں مومنوں سے مراد شہداء ہوں پھر تو وجہ استدلال بالکل ظاہر ہے، اور اگر اس سے مراد عام مومن ہو تو پھر شہید کا حال اس سے بطریق اولیٰ معلوم ہو گا ہے۔

شہید اپنے دنیاوی جسم کے ساتھ زندہ ہوتا ہے یا جسم مثالی کے ساتھ یا سبز پرندوں کے جسم کے ساتھ؟

علامہ آلوسی لکھتے ہیں میرے نزدیک ہر مرنے والے کے لیے برزخ میں حیات ثابت ہے خواہ وہ شہید ہو یا نہ ہو، اور اس بات سے کوئی مانع نہیں ہے کہ اس دنیاوی بدن کے علاوہ کسی اور برزخی بدن کے ساتھ اس کی روح کا تعلق ہو اور ارواح شہداء کا بھی برزخی ابدان کے ساتھ اس طرح تعلق ہوتا ہے جس سے وہ دوسروں سے ممتاز رہتے ہیں اور علاوہ ازیں ان کو ایسی فرحت اور مسرت حاصل ہوتی ہے اور ایسی نعمتیں اور ثواب حاصل ہوتا ہے جو ان کے مقام کے لائق ہے اور ان برزخی ابدان لطیفہ کی دنیاوی اجسام کثیفہ کے ساتھ مکمل مشابہت ہوتی ہے

[1] شیخ ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینی متوفی ۳۲۹ھ، الفروع من الکافی ج ۳ ص ۲۴۵، مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ طہران، ۱۳۹۱ھ

[2] علامہ آلوسی اپنے مسلک پر سنی عالم کا [illegible] استدلال کرنا عجیب ہے۔ سعیدی غفرلہ

اور یہ بھی ممکن ہے کہ احادیث میں شہداء کے لیے جو سبز پرندوں کا ذکر ہے وہ بر بنا تشبیہ ہو یعنی یہ اجسام برزخیہ اس قدر سرعت کے ساتھ حرکت کرتے ہیں کہ ان کو سبز پرندوں کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے، اور صورت کا معنی صفت ہو جیسا کہ اس حدیث میں ہے خلق آدم علی صورۃ الرحمان "آدم صورت رحمان پر پیدا کیا گیا ہے" یعنی رحمان کی صفت پر پیدا کیا گیا ہے، اور حضرت ابوعبداللہ رضی اللہ عنہ نے جو روح کی روح کے سبز پرندوں کے پوٹوں میں رہنے کو مستبعد قرار دیا وہ اس کے ظاہری معنی کے اعتبار سے تھا اور ہم نے جو بیان کیا ہے کہ سبز پرندوں سے مراد ان کے تیزی سے اڑنے کی صفت ہے اس بنا پر یہ اشکال لازم نہیں آئے گا کہ ایک جسم کے ساتھ دو روحیں متعلق ہو گئیں ایک پرندے کی روح اور ایک شہید کی روح، اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ شہید کی روح بنفسہٖ پرندہ کی صورت اختیار کر لیتی ہے، کیونکہ ارواح انتہائی لطیف ہوتی ہے اور ان میں کسی جسم کی صورت اختیار کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے جیسا کہ حضرت جبرائیل نے حضرت دحیہ کلبی کی شکل اختیار کر لی تھی، رہا یہ کہنا کہ دنیاوی جسم جو بوسیدہ ہو جاتا ہے جس کے اجزاء بکھر جاتے ہیں اور جس کی ہیئت تبدیل ہو جاتی ہے، شہید کا یہی جسم زندہ رہتا ہے تو ہر چند کہ اس جسم کا زندہ رکھنا اللہ تعالیٰ کی قدرت سے بعید نہیں ہے لیکن اس کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہے اور نہ اس میں شہید کی کوئی فضیلت اور عظمت ہے، بلکہ اسی کی وجہ سے ضعیف الایمان مسلمانوں کے دلوں میں شکوک و شبہات پیدا ہوتے ہیں، اور یہ جو بیان کیا جاتا ہے کہ فلاں شخص اتنے سال پہلے شہید ہوا تھا اور اس کے جسم کے زخم اب بھی تر و تازہ ہیں اور اس کے زخم سے پٹی ہٹائی تو اسی طرح خون بہہ رہا تھا تو یہ محض قصہ کہانیاں اور خرافات ہیں۔[1]

شہداء کی حیات جسمانی میں مصنف کا موقف اور بحث و نظر

علامہ آلوسی کے علم و فضل کے باوجود ہمیں علامہ آلوسی کی اس رائے سے اختلاف ہے کیونکہ یہ امر تسلسل اور تواتر سے منقول ہے کہ کسی وجہ سے بعض شہداء کی قبریں ایک بڑے عرصہ کے بعد کھل گئیں اور ان کے اجسام اسی طرح تر و تازہ پائے گئے اور ان کے زخموں سے اسی طرح خون رس رہا تھا،

ملا علی قاری لکھتے ہیں:

عن مالك عن عبد الرحمن بن عبد الله بن صعصعة انه بلغه ان عمرو بن الجموح وعبد الله بن عمرو الانصاريين كانا قد حفر السيل قبرهما وكان قبرهما مما يلى السيل وكانا فى قبر واحد وهما ممن استشهد يوم احد فحفر عنهما ليغيرا من مكانهما فوجدا لم يتغيرا كانما ماتا

امام مالک بیان کرتے ہیں کہ انھیں عبد الرحمن بن عبد اللہ بن صعصعہ سے یہ خبر پہنچی کہ حضرت عمرو بن الجموح انصاری اور حضرت عبد اللہ بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہما ان دونوں کی قبروں تک سیلاب کا پانی پہنچ گیا تھا، یہ دونوں جنگ احد میں شہید ہوئے تھے اور ایک قبر میں مدفون تھے ان کی قبر کھودی گئی تاکہ ان کی قبر کی جگہ تبدیل کی جا سکے، جب ان کو قبر سے نکالا گیا تو ان کے جسم بالکل متغیر

---

[1] علامہ ابوالفضل شہاب الدین سید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ روح المعانی ج ۲ ص ۲۲۔۲۰ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت۔

بالامس وکان احدھما قد جرح —— وید ہ علی جرحہ فدفن وھو کذلک فامیطت یدہ عن جرحہ ثم ارسلت فرجعت کما کانت وکان بین احد وبین الحفر عنھما ست واربعون سنۃ.[1]

امام مالک کی یہ روایت بعد کی روایتوں پر راجح ہے۔

نہیں بدلے تھے یوں لگتا تھا جیسے کل فوت ہوئے ہوں، ان میں سے ایک زخمی تھا اور دفن کے وقت اس کا ہاتھ اس کے زخم پر تھا اور اس کا ہاتھ اب بھی اسی طرح زخم پر تھا۔ جب اس کا ہاتھ زخم سے ہٹا کر چھوڑا گیا تو وہ پھر اسی طرح زخم پر آگیا، غزوۂ احد اور اس قبر کو کھودنے کے درمیان چھیالیس سال کا عرصہ تھا۔

نیز امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن جابر بن عبداللہ قال دفن مع ابی رجل یوم احد فلم تطب نفسی حتی اخرجتہ ودفنتہ علی حدۃ وعن جابر قال فاستخرجتہ بعد ستۃ اشھر ماذا ھو کیوم وضعتہ غیر اذنہ.[2]

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ غزوۂ احد کے دن میرے والد کے ساتھ ایک شخص کو دفن کیا گیا، میں اس سے خوش نہیں ہوا، حتیٰ کہ میں نے اپنے والد کو اس قبر سے نکال کر علیحدہ دفن کیا' حضرت جابر کہتے ہیں میں نے اپنے والد کو چھ ماہ بعد نکالا تھا اور ان کے کان کے سوا ان کا پورا جسم اسی طرح تر و تازہ تھا جیسے ابھی دفن کیا ہو۔

ایک اور سند سے امام بیہقی روایت کرتے ہیں:

عن جابر قال دفن ابی مع رجل فکان فی نفسی من ذلک حاجۃ فاخرجتہ بعد ستۃ اشھر فما انکرت منہ شیئا الا شعیرات کن فی لحیتہ مما یلی الارض[3]

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میرے والد کے ساتھ ایک شخص کو دفن کیا گیا، اس سے میرے دل میں کچھ بات تھی پھر میں نے چھ ماہ کے بعد اپنے والد کے جسم کو نکالا تو ان کی ڈاڑھی کے چند بالوں کے سوا جو زمین کے ساتھ لگے ہوئے تھے، باقی پورا جسم اسی طرح تازہ تھا۔

خیال رہے کہ حضرت جابر کے والد، حضرت عبداللہ غزوہ احد میں شہید ہو گئے تھے۔

ان قوی آثار سے یہ واضح ہو گیا کہ بسا اوقات شہداء کے بھی دنیاوی اجسام باقی رہتے ہیں اللہ تعالیٰ ان اجسام کو زندہ رکھتا ہے اور گلنے سڑنے سے محفوظ رکھتا ہے اور مرورِ زمانہ کے باوجود یہ اجسام اسی طرح تر و تازہ رہتے ہیں اور ان کے زخم اسی طرح خون آلود رہتے ہیں البتہ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ میدان جنگ میں جو مسلمان قتل کیے جاتے

---

[1] ملا علی بن سلطان محمد القاری متوفی ۱۰۱۴ھ، مرقات ج ۴ ص ۷۲، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ۱۳۹۰ھ

[2] امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۴ ص ۵۸ - ۵۷، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[3] " " " " "

بعض کچھ عرصہ کے بعد ان کے اجسام پھول جاتے ہیں اور پھٹ جاتے ہیں اور ان سے بدبو آنے لگتی ہے، ان کے متعلق یہ کہا جاسکتا ہے کہ ان کی حیات جسمانی اس دنیاوی جسم کے ساتھ نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس دنیاوی جسم کے بدلہ ان کو کوئی اور جسم دے دیا ہے جو ان کے دنیاوی جسم کی شکل ہے۔

شہداء کی حیات جسمانی کے سلسلہ میں تمام احادیث اور آثار کو سامنے رکھنے کے بعد یہ معلوم ہوتا ہے کہ شہداء کے درجات اور مراتب کے اعتبار سے شہداء کی حیات جسمانیہ کے متعدد اعتبار ہوتے ہیں، صحابہ کرام اور دوسرے مقربین اور صالحین اگر شہید ہوں تو اللہ تعالیٰ ان کو ان کے اسی جسم کے ساتھ زندہ رکھتا ہے، اور بعض شہداء کو جسم مثالی عطا فرما دیتا ہے کیونکہ جو مسلمان اللہ کی راہ میں ایک چیز خرچ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو اس کی دس مثلیں عطا فرماتا ہے تو اس لیے ہو سکتا ہے کہ جب شہداء اللہ کی راہ میں اپنے جسم کو خرچ کریں اور وہ جسم قتل کے بعد بوسیدہ اور مٹی ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ ان کو اس جیسے کئی اجسام مثالیہ عطا فرما دے، اور بعض شہداء کی روحوں کو اللہ تعالیٰ سبز پرندوں کی صورت میں متشکل فرما دیتا ہے جیسا کہ بعض احادیث میں اس کی صراحت ہے اور بعض شہداء کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں اڑتی پھرتی ہیں، جنت کی کیاریوں میں چرتی ہیں اور عرش کے نیچے قندیلوں میں لٹکتی رہتی ہیں اور اس سلسلہ میں بکثرت احادیث ہیں۔

والحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

بَابُ ۶۵ فَضْلِ الْجِهَادِ وَالرِّبَاطِ

سرحدوں پر پہرہ دینے اور جہاد کی فضیلت

۴۷۷۱ - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَيُّ النَّاسِ أَفْضَلُ فَقَالَ رَجُلٌ يُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللهِ بِمَالِهِ وَنَفْسِهِ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ مُؤْمِنٌ فِي شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ يَعْبُدُ اللهَ رَبَّهُ وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ کر یہ سوال کیا کہ لوگوں میں سے کون سا شخص افضل ہے؟ آپ نے فرمایا جو شخص اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان کے ساتھ جہاد کرتا ہے، اس نے پوچھا اس کے بعد پھر کون افضل ہے؟ آپ نے فرمایا پھر وہ مومن افضل ہے جو پہاڑ کی گھاٹیوں میں سے کسی گھاٹی میں رہتا ہو وہ لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھے اور اپنے رب عزوجل کی عبادت کرے۔

۴۷۷۲ - حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ أَيُّ النَّاسِ أَفْضَلُ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ! لوگوں میں سب سے زیادہ کون افضل ہے؟ آپ نے فرمایا وہ مومن جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی جان اور مال کے ساتھ جہاد کرے اس

مُؤْمِنٌ يُجَاهِدُ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ رَجُلٌ مُعْتَزِلٌ فِي شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ يَعْبُدُ رَبَّهُ وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ۔

سے پوچھا کہ پھر کون افضل ہے؟ آپ نے فرمایا پھر وہ شخص ہے جو پہاڑ کی گھاٹیوں میں سے کسی گھاٹی میں تنہا بیٹھ کر اللہ کو یاد کرے اور لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھے۔

۴۷۷۳۔ وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ فَقَالَ وَرَجُلٌ فِي شِعْبٍ وَلَمْ يَقُلْ ثُمَّ رَجُلٌ۔

ایک اور سند سے بھی یہ روایت ہے اس میں ہے ورجل فی شعب ثم رجل۔ نہیں ہے۔

۴۷۷۴۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ بَعْجَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مِنْ خَيْرِ مَعَاشِ النَّاسِ لَهُمْ رَجُلٌ مُمْسِكٌ عِنَانَ فَرَسِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَطِيرُ عَلَى مَتْنِهِ كُلَّمَا سَمِعَ هَيْعَةً أَوْ فَزْعَةً طَارَ عَلَيْهِ يَبْتَغِي الْقَتْلَ وَالْمَوْتَ مَظَانَّهُ أَوْ رَجُلٌ فِي غُنَيْمَةٍ فِي رَأْسِ شَعَفَةٍ مِنْ هٰذِهِ الشَّعَفِ أَوْ بَطْنِ وَادٍ مِنْ هٰذِهِ الْأَوْدِيَةِ يُقِيمُ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَيَعْبُدُ رَبَّهُ حَتّٰى يَأْتِيَهُ الْيَقِينُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ إِلَّا فِي خَيْرٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں کی بہترین زندگی کا طریقہ یہ ہے کہ ایک شخص گھوڑے کی لگام پکڑ کر اللہ کی راہ میں نکل جائے وہ اس کی پشت پر اڑا جا رہا ہو جس طرف دشمن کی آہٹ یا خوف محسوس کرے اسی طرف گھوڑے کا رخ کر دے اور قتل یا موت کی تلاش میں نکل جائے، یا اس آدمی کی زندگی بہتر ہے جو چند بکریاں لے کر پہاڑ کی کسی چوٹی یا کسی وادی میں نکل جائے وہاں نماز پڑھے زکوٰۃ ادا کرے اور اپنے رب کی عبادت کرے حتیٰ کہ اسی حال میں اس کو موت آ جائے اور بھلائی کے سوا وہ لوگوں کے کسی معاملہ میں نہ پڑے۔

۴۷۷۵۔ وَحَدَّثَنَاهُ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ وَيَعْقُوبَ (يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَارِيَّ) كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي حَازِمٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ عَنْ بَعْجَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَدْرٍ وَقَالَ فِي شِعْبَةٍ مِنْ هٰذِهِ الشِّعَابِ خِلَافَ رِوَايَةِ يَحْيٰى۔

ایک اور سند سے بھی یہ روایت ہے اور اس میں من هذه الشعاب کا لفظ ہے۔

۴۷۷۶۔ وَحَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ بَعْجَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنٰى حَدِيثِ أَبِي حَازِمٍ نحو حديث ابن شهاب

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ بھی حسب سابق ہے اور اس میں فی شعب من الشعاب کے الفاظ ہیں۔

فِی شِعْبٍ مِّنَ الشِّعَابِ۔

شہر میں رہ کر اجتماعی اور تمدنی زندگی گزارنا افضل ہے یا پہاڑ کے دامنوں گھاٹیوں اور وادیوں میں خلوت گزینی افضل ہے۔

علامہ نووی فرماتے ہیں کہ اس باب کی احادیث میں شہروں کی اجتماعی اور تمدنی زندگی پر جنگلوں اور پہاڑوں کے دامنوں اور گھاٹیوں میں زندگی گزارنے کی فضیلت کا بیان ہے، اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف مشہور ہے، امام شافعی اور جمہور فقہاء کا مسلک یہ ہے کہ اجتماعی اور تمدنی زندگی خلوت گزینی سے افضل ہے۔ بشرطیکہ شہروں کی اجتماعی زندگی میں فتنوں سے سلامت رہنے کی امید ہو، ان احادیث کی بناء پر بعض علماء یہ کہتے ہیں کہ خلوت گزینی افضل ہے، جمہور علماء ان احادیث کو جنگ اور فتنوں کے زمانہ پر محمول کرتے ہیں (جیسا کہ یزید کے دور میں واقعہ حرہ کا فتنہ تھا، مسلم بن عقبہ مدینہ میں ہر شخص کے سر پر تلوار لے کر کھڑا ہو جاتا کہ میرے ہاتھ پر یزید کی بیعت کرو کہ تم یزید کے غلام ہو خواہ وہ تم کو قتل کر دے یا بیچ ڈالے اور جو شخص یہ بیعت نہ کرتا اس کو قتل کر دیتا، اس وقت بہت سے صحابہ اور اخیار تابعین پہاڑوں میں جا کر چھپ گئے۔ سعیدی غفرلہ) انبیاء علیہم السلام، جمہور صحابہ اور فقہاء تابعین علماء اور زہاد لوگوں سے مل جل کر رہتے تھے اور تمدنی زندگی کے فوائد حاصل کرتے تھے، مثلاً پانچ وقت کی نماز کا جماعت سے پڑھنا، جمعہ اور عید ادا کرنا، نماز جنازہ پڑھنا، مریضوں کی عیادت کرنا، ذکر و فکر کے حلقے قائم کرنا، علم پڑھنا اور پڑھانا، دینی کتب کی تصانیف اور اشاعت کرنا، مظلوموں کے حقوق کے لیے دادرسی کا انتظام کرنا، حدود و تعزیرات کا نظام، زکوٰۃ کا نظام اور حج اور عمرہ کا بندوبست، اسلام کے یہ تمام احکام شہر میں اجتماعی اور تمدنی زندگی کا تقاضا کرتے ہیں اور بغیر کسی ناگزیر وجہ کے اسلام میں خلوت گزینی کی اجازت نہیں ہے۔ [1]

بَابُ بَيَانِ الرَّجُلَيْنِ يَقْتُلُ أَحَدُهُمَا الْآخَرَ يَدْخُلَانِ الْجَنَّةَ

قاتل اور مقتول کے جنت میں داخل ہونے کا بیان

۴۷۷۰ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَضْحَكُ اللّٰهُ إِلَى رَجُلَيْنِ يَقْتُلُ أَحَدُهُمَا الْآخَرَ كِلَاهُمَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ فَقَالُوا كَيْفَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ يُقَاتِلُ هٰذَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ دو آدمیوں کی طرف دیکھ کر ہنستا ہے، کیونکہ ایک آدمی دوسرے کو قتل کرے گا اور یہ دونوں جنت میں داخل ہو جائیں گے، صحابہ کرام نے پوچھا: یا رسول اللہ! یہ کیسے ہوگا؟ آپ نے فرمایا ایک شخص راہ خدا میں شہید کیا جائے گا، پھر اللہ تعالیٰ

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۳۶، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۰۶ھ

عَزَّ وَجَلَّ فَيُسْتَشْهَدُ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى الْقَاتِلِ فَيُسْلِمُ فَيُقَاتِلُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَيُسْتَشْهَدُ

اس کے قاتل کو توبہ کی توفیق دے گا، وہ اسلام قبول کر کے اللہ عزوجل کی راہ میں جہاد کرے گا اور شہید ہو جائے گا، (جیسا کہ حضرت حمزہ اور وحشی رضی اللہ عنہما)۔

۴۷۷۸- وَحَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُوْ كُرَيْبٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ.

ایک اور سند سے بھی یہ روایت اسی طرح منقول ہے۔

۴۷۷۹- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيْثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ اللّٰهُ لِرَجُلَيْنِ يَقْتُلُ أَحَدُهُمَا الْآخَرَ كِلَاهُمَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَالُوْا كَيْفَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ يُقْتَلُ هٰذَا فَيَلِجُ الْجَنَّةَ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى الْآخَرِ فَيَهْدِيْهِ إِلَى الْإِسْلَامِ ثُمَّ يُجَاهِدُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُسْتَشْهَدُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ دو شخصوں کی طرف دیکھ کر ہنستا ہے ان میں سے ایک شخص دوسرے کو قتل کرے گا اور وہ دونوں جنت میں داخل ہوں گے صحابہ کرام نے پوچھا یا رسول اللہ! یہ کس طرح ہوگا؟ آپ نے فرمایا یہ شخص قتل کیا جائے گا اور وہ جنت میں داخل ہوگا پھر اللہ تعالیٰ اس دوسرے شخص کو اسلام کی ہدایت دے گا وہ اللہ کی راہ میں جہاد کرے گا اور شہید کر دیا جائے گا۔

ف: اس حدیث میں اللہ تعالیٰ کے ہنسنے سے مراد انسانوں کی متعارف ہنسی نہیں ہے کیونکہ اس ہنسی کا محل اجسام ہوتے ہیں اور وہ چیزیں ہوتی ہیں جن میں تغیر راہ پا سکے، یہاں ہنسی سے مراد ہے، ان دو بندوں کے فعل پر اللہ تعالیٰ کا راضی ہونا، ان کو ثواب عطا کرنا، ان کی تعریف و تحسین کرنا اور اللہ کے رسولوں کی ان سے محبت کے ساتھ ملاقات کرنا، نیز یہ بھی ہو سکتا ہے اللہ کی ہنسی سے مراد یہاں پر فرشتوں کی ہنسی ہو۔ کیونکہ بعض اوقات فرشتوں کے افعال کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کر دی جاتی ہے۔

بَابُ مَنْ قَتَلَ كَافِرًا ثُمَّ سَدَّدَ ۶۵۶

کافر کو قتل کرنے کے بعد نیک عمل پر قائم رہنا۔

۴۷۸۰- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ وَقُتَيْبَةُ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ (يَعْنُوْنَ ابْنَ جَعْفَرٍ) عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجْتَمِعُ كَافِرٌ وَقَاتِلُهُ فِي النَّارِ أَبَدًا.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر اور اس کو قتل کرنے والا مسلمان جہنم میں کبھی بھی جمع نہیں ہوں گے۔

۴۷۸۱- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ ...

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ

حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِیُّ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَجْتَمِعَانِ فِی النَّارِ اجْتِمَاعًا یَضُرُّ اَحَدُهُمَا الْاٰخَرَ قِیْلَ مَنْ هُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مُؤْمِنٌ قَتَلَ کَافِرًا ثُمَّ سَدَّدَ۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو شخص جہنم میں اس طرح جمع نہیں ہوں گے کہ ایک شخص دوسرے کو ضرر پہنچائے، عرض کیا گیا! یارسول اللہ وہ کون لوگ ہوں گے؟ فرمایا مومن جو کسی کافر کو قتل کرنے کے بعد نیکی پر قائم رہے۔

ف: اس حدیث پر یہ اشکال ہے کہ جو مومن کسی کافر کو قتل کرنے کے بعد نیکی پر قائم رہے گا وہ جہنم میں داخل ہی نہیں ہوگا پھر جہنم میں ان کے اجتماع کی نفی سے کیا مراد ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ نیکی پر قیام سے مراد ہے ایمان پر قائم رہے اور یہ ہو سکتا ہے کہ اس نے ایمان پر قائم رہنے کے بعد اور گناہ کیے ہوں تو اس لیے اس کو ان گناہوں کی سزا دی جائے گی لیکن وہ ایک دوسرے کو نہیں پہنچائیں گے اور ایمان پر قائم رہنے والا مسلمان جہنم میں عارضی طور پر رہے گا اور بالآخر اس کو جہنم سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

بَابُ ۶۵۷ فَضْلِ الصَّدَقَةِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدقہ کرنے کی فضیلت

۴۷۸۲ - حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْحَنْظَلِیُّ اَخْبَرَنَا جَرِیْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو الشَّیْبَانِیِّ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ بِنَاقَةٍ مَخْطُوْمَةٍ فَقَالَ هٰذِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَكَ بِهَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ سَبْعُمِائَةِ نَاقَةٍ کُلُّهَا مَخْطُوْمَةٌ۔

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص اونٹنی کی مہار پکڑ کر لایا اور کہنے لگا یہ اللہ کی راہ میں ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں اس کے بدلہ قیامت کے دن سات سو اونٹنیاں ملیں گی اور ان سب کے نکیل ڈلی ہوگی۔

۴۷۸۳ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ زَائِدَةَ ح وَحَدَّثَنِیْ بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ (یَعْنِی ابْنَ جَعْفَرٍ) حَدَّثَنَا شُعْبَةُ کِلَاهُمَا عَنِ الْاَعْمَشِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

بَابُ ۶۵۸ فَضْلِ اِعَانَةِ الْغَازِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِمَرْکُوْبٍ وَغَیْرِهٖ

غازی اور مجاہد کی سواری وغیرہ کے ساتھ مدد کرنے کی فضیلت

۴۷۸۴ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَاَبُوْ کُرَیْبٍ وَابْنُ اَبِیْ عُمَرَ (وَاللَّفْظُ لِاَبِیْ کُرَیْبٍ) قَالُوْا

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ

حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِىِّ عَنْ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِىِّ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّىْ اُبْدِعَ بِىْ فَاحْمِلْنِىْ فَقَالَ مَا عِنْدِىْ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا اَدُلُّهٗ عَلٰى مَنْ يَّحْمِلُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَلَّ عَلٰى خَيْرٍ فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِهٖ۔

کہ عرض کیا، یا رسول اللہ میرا جانور ہلاک ہو گیا، آپ مجھ کو جانور پر سوار کر دیجئے، آپ نے فرمایا میرے پاس کوئی سواری نہیں ہے، ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ میں آپ کو ایسا شخص بتاتا ہوں جو اس کو سوار کر دے گا، آپ نے فرمایا جو شخص کسی نیکی کا راستہ بتلائے گا، اس کو بھی نیکی کرنے والے کا اجر ملے گا۔

۴۷۸۵ - وَحَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ ح وَحَدَّثَنِىْ بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ ح وَحَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ كُلُّهُمْ عَنِ الْاَعْمَشِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی دو سندیں ذکر کی ہیں۔

۴۷۸۶ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ح وَحَدَّثَنِىْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ (وَاللَّفْظُ لَهٗ) حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ فَتًى مِّنْ اَسْلَمَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اُرِيْدُ الْغَزْوَ وَلَيْسَ مَعِىْ مَا اَتَجَهَّزُ قَالَ ائْتِ فُلَانًا فَاِنَّهٗ قَدْ كَانَ تَجَهَّزَ فَمَرِضَ فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ اَعْطِنِى الَّذِىْ تَجَهَّزْتَ بِهٖ قَالَ يَا فُلَانَةُ اَعْطِيْهِ الَّذِىْ تَجَهَّزْتُ بِهٖ وَلَا تَحْبِسِىْ عَنْهُ شَيْئًا فَوَاللّٰهِ لَا تَحْبِسِىْ مِنْهُ شَيْئًا فَيُبَارَكَ لَكِ فِيْهِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ قبیلہ اسلم کے ایک شخص نے آکر عرض کیا: یا رسول اللہ! میرا جہاد کرنے کا ارادہ ہے اور میرے پاس جہاد کا سامان نہیں ہے، آپ نے فرمایا: فلاں شخص کے پاس جاؤ اس نے جہاد کا سامان تیار کیا تھا لیکن وہ بیمار ہو گیا، وہ آدمی اس شخص کے پاس گیا اور کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم کو سلام کہا ہے اور فرمایا ہے تم مجھ کو وہ سامان دے دو جو تم نے تیار کیا ہے اور اس میں سے کوئی چیز اپنے پاس نہ رکھو۔ انہوں نے کہا اے فلانی! اس کو وہ چیزیں دے دو جو میں نے تیار کی تھیں اور اس سے کچھ مت رکھو بخدا! اگر تم نے اس میں سے کوئی چیز بھی اپنے پاس رکھی تو اس میں برکت نہیں ہو گی۔

۴۷۸۷ - وَحَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَاَبُو الطَّاهِرِ قَالَ اَبُو الطَّاهِرِ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ وَقَالَ سَعِيْدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِىِّ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے اللہ کے راستہ میں کسی غازی کو سامان مہیا کیا اس نے بھی جہاد کیا اور جس شخص نے غازی کے گھر کی اچھی طرح دیکھ بھال کی تو

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ مَنْ جَہَّزَ غَازِیًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَہٗ فِیْ اَھْلِہٖ بِخَیْرٍ فَقَدْ غَزَا۔

۴۷۸۸ - حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِیْعِ الزَّھْرَانِیُّ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ (یَعْنِی ابْنَ زُرَیْعٍ) حَدَّثَنَا حُسَیْنٌ الْمُعَلِّمُ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُہَنِیِّ قَالَ قَالَ نَبِیُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ جَہَّزَ غَازِیًا فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَ غَازِیًا فِیْ اَھْلِہٖ فَقَدْ غَزَا۔

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جس شخص نے کسی مجاہد کے لیے سامان مہیا کیا اور جس نے مجاہد کے گھر کی دیکھ بھال رکھی اس نے بھی جہاد کیا۔

۴۷۸۹ - وَحَدَّثَنَا زُھَیْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ عُلَیَّۃَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْمُبَارَکِ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِیْ کَثِیْرٍ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ سَعِیْدٍ مَوْلَی الْمَھْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا اِلٰی بَنِیْ لِحْیَانَ مِنْ ھُذَیْلٍ فَقَالَ لِیَنْبَعِثْ مِنْ کُلِّ رَجُلَیْنِ اَحَدُھُمَا وَالْاَجْرُ بَیْنَھُمَا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بنو لحیان (یہ ہذیل کی ایک شاخ ہے) کی طرف ایک لشکر روانہ کیا اور فرمایا ہر (گھر کے) دو مردوں میں سے ایک مرد نکلے اور ثواب دونوں کو ملے گا۔

۴۷۹۰ - وَحَدَّثَنِیْہِ اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ (یَعْنِی ابْنَ عَبْدِ الْوَارِثِ) قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ یُحَدِّثُ حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ عَنْ یَحْیٰی حَدَّثَنِیْ اَبُوْ سَعِیْدٍ مَوْلَی الْمَھْرِیِّ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیُّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا بِمَعْنَاہُ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا، اس کے بعد حسب سابق ہے۔

۴۷۹۱ - وَحَدَّثَنِیْ اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ (یَعْنِی ابْنَ مُوْسٰی) عَنْ شَیْبَانَ عَنْ یَحْیٰی بِھٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَہٗ۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند ذکر کی ہے۔

۴۷۹۲ - وَحَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ وَھْبٍ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدٍ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بنو لحیان کی طرف ایک لشکر روانہ کیا اور فرمایا ہر دو آدمیوں میں سے ایک آدمی

مَوْلَى الْمَهْرِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ إِلَى بَنِي لِحْيَانَ لِيَخْرُجْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ رَجُلٌ ثُمَّ قَالَ لِلْقَاعِدِ أَيُّكُمْ خَلَفَ الْخَارِجَ فِي أَهْلِهِ وَمَالِهِ بِخَيْرٍ كَانَ لَهُ مِثْلُ نِصْفِ أَجْرِ الْخَارِجِ۔

جائیے اور فرمایا تم میں سے جو شخص بنی لحیان کے جہاد میں جانے والے کے اہل و عیال کی دیکھ بھال کے لیے اور اس کے گھر اور اس کے مال کی نگہبانی کے لیے بیٹھے گا، اس کو جہاد کے لیے جانے والے شخص کا آدھا اجر ملے گا۔

بَابُ ۶۵۹ حُرْمَةِ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ وَإِثْمِ مَنْ خَانَهُمْ فِيهِنَّ

مجاہدین کی عورتوں کی عزت اور ان میں خیانت کا گناہ

۴۷۹۳ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ كَحُرْمَةِ أُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْقَاعِدِينَ يَخْلُفُ رَجُلًا مِنَ الْمُجَاهِدِينَ فِي أَهْلِهِ فَيَخُونُهُ فِيهِمْ إِلَّا وُقِفَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَأْخُذُ مِنْ عَمَلِهِ مَا شَاءَ فَمَا ظَنُّكُمْ۔

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گھروں میں بیٹھنے والوں پر مجاہدین کی عورتوں کی عزت ان کی ماؤں کی عزت کی طرح ہے اور گھروں میں بیٹھنے والوں میں سے جو شخص مجاہدین کے گھر بار کی دیکھ بھال رکھے اور پھر اس میں خیانت کرے تو اس کو قیامت کے دن کھڑا کیا جائے گا اور مجاہد اس کے عمل میں سے جو چاہے گا لے لے گا اب تمہارا کیا خیال ہے؟

۴۷۹۴ - وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ الثَّوْرِيِّ۔

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے بعد حسب سابق ہے۔

۴۷۹۵ - وَحَدَّثَنَاهُ سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ قَعْنَبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ فَقَالَ فَخُذْ مِنْ حَسَنَاتِهِ مَا شِئْتَ فَالْتَفَتَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فَمَا ظَنُّكُمْ۔

ایک اور سند سے یہ روایت ہے اس میں ہے مجاہد سے کہا جائے گا کہ تم اس کی نیکیوں میں سے جو چاہو لے لو، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اب تمہارا کیا خیال ہے؟

بَابُ ۶۶۰ سُقُوطِ فَرْضِ الْجِهَادِ عَنِ الْمَعْذُورِينَ

معذوروں سے فرضیت جہاد کا ساقط ہونا

۴۷۹۶ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى ... [illegible]

... بیان کرتے ہیں کہ ... [illegible]

بَكَّارٍ (وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰى) قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ اَنَّهٗ سَمِعَ الْبَرَآءَ يَقُوْلُ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا فَجَآءَ بِكَتِفٍ يَكْتُبُهَا فَشَكَا اِلَيْهِ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ ضَرَارَتَهٗ فَنَزَلَتْ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ قَالَ شُعْبَةُ وَاَخْبَرَنِيْ سَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمِثْلِ حَدِيْثِ الْبَرَآءِ وَقَالَ ابْنُ بَشَّارٍ فِيْ رِوَايَتِهٖ سَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ رَجُلٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ۔

(ترجمہ:) گھر بیٹھنے والے مسلمان اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے مسلمان برابر نہیں ہیں کی تفسیر میں حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن ثابت کو یہ حکم دیا کہ وہ ایک شانہ کی ہڈی لے کر آئیں اور اس پر یہ آیت لکھ دیں، اس موقع پر حضرت ابن ام مکتوم نے اپنی نابینائی کی شکایت کی، تب اس آیت کے بعد غیر اولی الضرر "ماسوا معذوروں کے" یہ الفاظ نازل ہوئے، ایک اور سند کے ساتھ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے بھی اس آیت کی تفسیر میں اسی کی مثل مروی ہے، حضرت زید بن ثابت سے ایک اور سند سے بھی یہی روایت ہے۔

۴۷۹۷ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ بِشْرٍ عَنْ مِسْعَرٍ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ كَلَّمَهُ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَنَزَلَتْ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ "گھر بیٹھنے والے مسلمان جہاد کرنے والے مسلمانوں کے برابر نہیں ہیں" تو حضرت ابن ام مکتوم نے آپ سے گفتگو کی، تب غیر اولی الضرر "ماسوا معذوروں کے" یہ الفاظ نازل ہوئے۔

ف: اس باب کی احادیث میں یہ ثبوت ہے کہ جہاد فرض کفایہ ہے اور اس میں ان لوگوں کا رد ہے جو کہتے ہیں کہ عہد رسالت میں جہاد فرض عین تھا اور اب فرض کفایہ ہے، حقیقت یہ ہے کہ جہاد جب سے مشروع ہوا ہے فرض کفایہ ہے۔

بَابُ ۶۶۱ ثُبُوْتِ الْجَنَّةِ لِلشَّهِيْدِ

شہید کے لیے جنت کا ثبوت

۴۷۹۸ - حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَشْعَثِيُّ وَسُوَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ (وَاللَّفْظُ لِسَعِيْدٍ) اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ قَالَ رَجُلٌ اَيْنَ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ قُتِلْتُ قَالَ فِي الْجَنَّةِ فَاَلْقٰى تَمَرَاتٍ كُنَّ فِيْ يَدِهٖ ثُمَّ قَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ وَفِيْ حَدِيْثِ سُوَيْدٍ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگر میں قتل کر دیا جاؤں تو میرا کہاں ٹھکانا ہوگا؟ فرمایا جنت میں! اس شخص کے ہاتھ میں جو کھجوریں تھیں اس نے ان کو پھینکا اور پھر لڑنا شروع کر دیا حتیٰ کہ وہ شہید ہو گیا اور سوید کی روایت میں یہ ہے کہ اس شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے غزوۂ احد میں یہ سوال کیا تھا۔

۴۷۹۹ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي النَّبِيتِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيصِيُّ حَدَّثَنَا عِيسٰى (يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ) عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي النَّبِيتِ قَبِيلٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّكَ عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ ثُمَّ تَقَدَّمَ فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمِلَ هٰذَا يَسِيرًا وَأُجِرَ كَثِيرًا۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انصار کے ایک قبیلہ بنو نبیت سے ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اور اس نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں اور بلاشبہ آپ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، پھر میدان میں آگے بڑھ کر اس نے لڑنا شروع کر دیا حتیٰ کہ وہ قتل کر دیا گیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص نے عمل کم کیا اور اس کو اجر زیادہ دیا گیا۔

۴۸۰۰ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ النَّضْرِ بْنِ أَبِي النَّضْرِ وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَأَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ قَالُوا حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ (وَهُوَ ابْنُ الْمُغِيرَةِ) عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُسَيْسَةَ عَيْنًا يَنْظُرُ مَا صَنَعَتْ عِيرُ أَبِي سُفْيَانَ فَجَاءَ وَمَا فِي الْبَيْتِ أَحَدٌ غَيْرِي وَغَيْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا أَدْرِي مَا اسْتَثْنٰى بَعْضَ نِسَائِهِ قَالَ فَحَدَّثَهُ الْحَدِيثَ قَالَ فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَكَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ لَنَا طَلِبَةً فَمَنْ كَانَ ظَهْرُهُ حَاضِرًا فَلْيَرْكَبْ مَعَنَا فَجَعَلَ رِجَالٌ يَسْتَأْذِنُونَهُ فِي ظُهْرَانِهِمْ فِي عُلْوِ الْمَدِينَةِ فَقَالَ لَا إِلَّا مَنْ كَانَ ظَهْرُهُ حَاضِرًا فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ حَتّٰى سَبَقُوا الْمُشْرِكِينَ إِلٰى بَدْرٍ وَجَاءَ الْمُشْرِكُونَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُقَدِّمَنَّ أَحَدٌ مِّنْكُمْ إِلٰى شَيْءٍ حَتّٰى أَكُونَ أَنَا دُونَهُ فَدَنَا الْمُشْرِكُونَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ [illegible]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان کی خبر لانے کے لیے بسیسہ کو جاسوس بنا کر بھیجا، جس وقت وہ واپس آیا تو گھر میں میرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا اور کوئی نہیں تھا، (راوی کہتے ہیں کہ مجھے یاد نہیں کہ حضرت انس نے آپ کی ازواج میں سے کسی کا استثناء کیا تھا) حضرت انس کہتے ہیں کہ اس جاسوس نے آکر اپنی رپورٹ پیش کی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور فرمایا: ہمیں ایک چیز کی طلب ہے سو جس کے پاس سواری ہے وہ ہمارے ساتھ سوار ہو کر چلے، کچھ لوگوں نے مدینہ کی چڑھائی سے اپنی سواریاں لانے کی اجازت طلب کی آپ نے فرمایا: نہیں صرف وہی لوگ ساتھ چلیں جن کی سواریاں یہاں موجود ہیں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب چل پڑے اور مشرکین سے پہلے "بدر" پر پہنچ گئے، ادھر مشرکین بھی آ پہنچے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک میں نہ کہوں تم میں سے کوئی شخص کسی [illegible] پر پیش قدمی نہ کرے، جب مشرکین قریب [illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس جنت کی [illegible] آسمانوں اور زمین [illegible] حضرت [illegible]

قُوْمُوْا اِلٰی جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ قَالَ يَقُوْلُ عُمَيْرُ بْنُ الْحُمَامِ الْاَنْصَارِيُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جَنَّةٌ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ قَالَ نَعَمْ قَالَ بَخٍ بَخٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَحْمِلُكَ عَلٰى قَوْلِكَ بَخٍ بَخٍ قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا رَجَآءَةَ اَنْ اَكُوْنَ مِنْ اَهْلِهَا قَالَ فَاِنَّكَ مِنْ اَهْلِهَا فَاَخْرَجَ تَمَرَاتٍ مِنْ قَرَنِهٖ فَجَعَلَ يَاْكُلُ مِنْهُنَّ ثُمَّ قَالَ لَئِنْ اَنَا حَيِيْتُ حَتّٰى اٰكُلَ تَمَرَاتِيْ هٰذِهٖ اِنَّهَا لَحَيٰوةٌ طَوِيْلَةٌ قَالَ فَرَمٰى بِمَا كَانَ مَعَهٗ مِنَ التَّمْرِ ثُمَّ قَاتَلَهُمْ حَتّٰى قُتِلَ۔

بن حمام انصاری نے کہا: یارسول اللہ! جنت کا عرض آسمان اور زمین ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں! اس نے کہا: آفرین آفرین! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے اس کلمہ کی تحسین کہنے کی کیا وجہ ہے؟ اس نے کہا: یارسول اللہ! بخدا میں نے یہ کلمہ اس امید سے کہا ہے کہ میں جنت کا اہل ہو جاؤں! آپ نے فرمایا بلاشبہ تم اہل جنت میں سے ہو، حضرت عمیر نے اپنے ترکش سے کچھ کھجوریں نکال کر انھیں کھانا شروع کیا، پھر کہا اگر میں ان کھجوروں کو ختم کرنے تک زندہ رہا تو زندگی بڑی لمبی ہو جائے گی (یعنی جنت ملنے میں دیر ہو جائے گی) پھر اس نے ان کھجوروں کو پھینکا اور لڑائی میں گھس گیا حتیٰ کہ شہید ہو گیا۔

ف: سبحان اللہ! اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ علم تھا کہ کون جنتی ہے اور کون نہیں ہے۔

۴۸۰۱ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ (وَاللَّفْظُ لِيَحْيٰى) قَالَ قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا وَقَالَ يَحْيٰى اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ وَهُوَ بِحَضْرَةِ الْعَدُوِّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَبْوَابَ الْجَنَّةِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ فَقَامَ رَجُلٌ رَثُّ الْهَيْئَةِ فَقَالَ يَا اَبَا مُوْسٰى اَنْتَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَرَجَعَ اِلٰى اَصْحَابِهٖ فَقَالَ اَقْرَاُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ ثُمَّ كَسَرَ جَفْنَ سَيْفِهٖ فَاَلْقَاهُ ثُمَّ مَشٰى بِسَيْفِهٖ اِلَى الْعَدُوِّ فَضَرَبَ بِهٖ حَتّٰى قُتِلَ۔

حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ دشمن کے سامنے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے کہ جنت کے دروازے تلوار کے سائے تلے ہیں، یہ سن کر ایک خستہ حال شخص کھڑا ہو کر کہنے لگا: اے ابوموسیٰ! کیا تم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے خود یہ حدیث سنی ہے؟ انھوں نے کہا ہاں، یہ سن کر وہ شخص اپنے ساتھیوں کے پاس گیا اور کہنے لگا میں تم کو السلام علیکم کہتا ہوں، پھر اس نے اپنی تلوار کی نیام توڑ کر پھینک دی اور اپنی تلوار لے کر دشمنوں میں گھس گیا حتیٰ کہ قتل کر دیا گیا۔

۴۸۰۲ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ اَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَآءَ نَاسٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ لوگ حاضر ہو کر کہنے لگے کہ ہمارے ساتھ چند آدمی بھیج دیجیے جو

وسلم فقالوا ان ابعث معنا رجالا يعلمونا القرآن والسنة فبعث اليهم سبعين رجلا من الانصار يقال لهم القراء فيهم خالي حرام يقرءون القرآن ويتدارسون بالليل يتعلمون وكانوا بالنهار يجيئون بالماء فيضعونه في المسجد ويحتطبون فيبيعونه ويشترون به الطعام لاهل الصفة وللفقراء فبعثهم النبي صلى الله عليه وسلم اليهم فعرضوا لهم فقتلوهم قبل ان يبلغوا المكان فقالوا اللهم بلغ عنا نبينا انا قد لقيناك فرضينا عنك ورضيت عنا قال واتى رجل حراما خال انس من خلفه فطعنه برمح حتى انفذه فقال حرام فزت ورب الكعبة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لاصحابه ان اخوانكم قد قتلوا وانهم قالوا اللهم بلغ عنا نبينا انا قد لقيناك فرضينا عنك ورضيت عنا۔

ہم کو قرآن اور سنّت کی تعلیم دیں، سو آپ نے ان کے ساتھ ستر انصاری بھیجے جن کو "قراء" کہا جاتا تھا، ان میں میرے ماموں حضرت حرام بھی تھے، انصار کے یہ لوگ قرآن مجید پڑھتے تھے، یہ لوگ رات قرآن مجید کے درس، تدریس اور تعلیم میں گزارتے اور دن میں مسجد میں پانی لا کر رکھتے اور جنگل سے لکڑیاں لا کر فروخت کرتے اور اس کے عوض اصحاب صفہ اور فقراء کے لیے کھانا خریدتے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں کفار کی طرف بھیجا اور کفار نے منزل مقصود تک پہنچنے سے پہلے ہی ان پر حملہ کر کے ان کو قتل کر دیا، اس وقت انھوں نے کہا: اے اللہ! ہماری طرف سے ہمارے نبی کو یہ پیغام پہنچا دے کہ "ہم نے تجھ سے ملاقات کر لی ہے اور ہم تجھ سے راضی ہو گئے ہیں اور تو ہم سے راضی ہو گیا ہے۔" اس سانحہ میں ایک شخص نے پیچھے سے آ کر میرے ماموں کے اس طرح نیزہ مارا کہ وہ آر پار ہو گیا اور میرے ماموں نے کہا رب کعبہ کی قسم میں کامیاب ہو گیا، اس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: تمہارے بھائی قتل کر دیے گئے اور انھوں نے کہا: "اے اللہ! ہمارے نبی کو یہ پیغام پہنچا دے کہ ہم نے تجھ سے ملاقات کر لی سو ہم تجھ سے راضی ہو گئے اور تو ہم سے راضی ہو گیا۔

۴۸۰۳ - وحدثني محمد بن حاتم حدثنا بهز حدثنا سليمان بن المغيرة عن ثابت قال قال انس عمي الذي سميت به لم يشهد مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بدرا قال فشق عليه قال اول مشهد شهده رسول الله صلى الله عليه وسلم غيبت عنه وان اراني الله مشهدا فيما بعد مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ليراني الله ما اصنع

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میرے وہ چچا جن کے نام پر میرا نام رکھا گیا ہے وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ بدر میں حاضر نہیں تھے، اور یہ غیر حاضری ان پر بہت شاق گزری تھی، انھوں نے کہا یہ پہلا معرکہ تھا جس میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تھے اور میں نہیں تھا، خیر اس کے بعد اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ [illegible] معرکہ [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] دیکھ لے گا

قَالَ فَهَابَ اَنْ يَّقُوْلَ غَيْرَهَا قَالَ فَشَهِدَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ قَالَ فَاسْتَقْبَلَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ لَهٗ اَنَسٌ يَا اَبَا عَمْرٍو اَيْنَ فَقَالَ وَاهًا لِرِيْحِ الْجَنَّةِ اَجِدُهٗ دُوْنَ اُحُدٍ قَالَ فَقَاتَلَهُمْ حَتّٰى قُتِلَ قَالَ فَوُجِدَ فِيْ جَسَدِهٖ بِضْعٌ وَّثَمَانُوْنَ مِنْ بَيْنِ ضَرْبَةٍ وَّطَعْنَةٍ وَّرَمْيَةٍ قَالَ فَقَالَتْ اُخْتُهٗ عَمَّتِيَ الرُّبَيِّعُ بِنْتُ النَّضْرِ فَمَا عَرَفْتُ اَخِيْ اِلَّا بِبَنَانِهٖ وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا قَالَ فَكَانُوْا يَرَوْنَ اَنَّهَا نَزَلَتْ فِيْهِ وَفِيْ اَصْحَابِهٖ۔

کہ میں کیا کرتا ہوں، وہ ان کلمات کے علاوہ کوئی اور بات کہنے سے ڈرے، پھر غزوۂ اُحد میں وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر تھے، ان کے سامنے سے حضرت سعد بن معاذ آرہے تھے، حضرت انس (میرے چچا) نے کہا اے ابوعمرو کہاں جارہے ہو؟ مجھے تو اُحد پہاڑ کی جانب سے جنت کی خوشبو آرہی ہے، پھر وہ کفار کے خلاف لڑائی میں گھس گئے حتیٰ کہ شہید ہوگئے، ان کی لاش پر تلواروں، نیزوں اور تیروں کے اَسّی[۸۰] سے زیادہ زخم تھے، پھر میری پھوپھی حضرت ربیع بنت نضر نے کہا میں نے اپنے بھائی کی لاش کو صرف ان کی پوروں سے پہچانا تھا، اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی (ترجمہ) "مسلمانوں میں سے بعض ایسے لوگ ہیں جنہوں نے اللہ سے کیے ہوئے عہد کو سچا کر دکھایا، ان میں سے کوئی (جہاد میں شہید ہو کر) اپنی نذر پوری کرچکا اور ان میں سے کوئی (ہنوز) منتظر ہے اور ان لوگوں نے (اپنے وعدے میں) کوئی ردّو بدل نہیں کیا" (احزاب: ۳۳ : ۲۳) صحابہ کرام کا یہ خیال تھا کہ یہ آیت حضرت انس اور ان کے اصحاب کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

ف : اس باب کی احادیث میں شہداء کے لیے جنت کا ثبوت ہے، کسب حلال کی اور علم دین کے طلبہ پر صدقہ کرنے کی فضیلت ہے، اصحاب صفہ کا ذکر ہے، یہ وہ فقراء اور غرباء تھے جو مسجد نبوی میں رہتے تھے اور ان کے لیے مسجد کے آخر میں ایک چبوترہ بنا دیا گیا تھا جو مسجد سے علیحدہ تھا اس میں ایک سائبان ڈال دیا گیا تھا، یہ لوگ دین کا علم حاصل کرنے کے لیے اس چبوترہ میں رہتے تھے، یہ اسلام میں پہلا دینی مدرسہ تھا، باقی ستر قاریوں کی شہادت کی تفصیل اور تحقیق اور اس کے تمام مباحث ہم شرح صحیح مسلم جلد ثانی میں بیان کرچکے ہیں، اس باب کی احادیث میں کفار کے خلاف جاسوسی کرنے کا بھی ثبوت ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے علم کا بیان ہے کہ کون شخص شہید ہوگا اور کون جنتی ہوگا اور مسجد میں طلباء کے لیے کھانے پینے کے لیے صدقت لانے کا بیان ہے۔

بَابٌ[۶۶۲] مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جو شخص دین کی سربلندی کے لیے جہاد کرے اسی کا جہاد فی سبیل اللہ ہے۔

۴۸۰۴ ـ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے

(وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰی) قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ اَنَّ رَجُلًا اَعْرَابِيًّا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِيُذْكَرَ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِيُرٰى مَكَانُهُ فَمَنْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ اَعْلٰى فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۔

ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک اعرابی نے آکر کہا، یارسول اللہ! ایک شخص مال غنیمت کی خاطر لڑتا ہے، ایک شخص نام آوری کے لیے لڑتا ہے، اور ایک شخص اظہار شجاعت کے لیے لڑتا ہے، ان میں سے اللہ کے لیے لڑنے والا کون ہے؟ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے جہاد کرے وہی درحقیقت اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا ہے۔

۴۸۰۵ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَاِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا وَقَالَ الْاٰخَرُوْنَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يُقَاتِلُ شَجَاعَةً وَّيُقَاتِلُ حَمِيَّةً وَّيُقَاتِلُ رِيَاءً اَيُّ ذٰلِكَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص شجاعت کے لیے لڑتا ہے، ایک شخص تعصب کی وجہ سے لڑتا ہے اور ایک شخص نمود ونمائش کے لیے لڑتا ہے، ان میں سے اللہ کی راہ میں لڑنے والا کون ہے؟ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے لڑے درحقیقت وہی اللہ کے لیے لڑنے والا ہے۔

۴۸۰۶ - وَحَدَّثَنَاهُ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ مِنَّا شَجَاعَةً فَذَكَرَ مِثْلَهُ ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم میں سے ایک شخص اظہار شجاعت کے لیے لڑتا ہے۔ اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے۔

۴۸۰۷ - وَحَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض

اَبُوْ شُعَرِىِّ اَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقِتَالِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ غَضَبًا وَيُقَاتِلُ حَمِيَّةً قَالَ فَرَفَعَ رَأْسَهُ اِلَيْهِ وَمَا رَفَعَ رَأْسَهُ اِلَيْهِ اِلَّا اَنَّهُ كَانَ قَائِمًا فَقَالَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

کی راہ میں جنگ کرنے کے متعلق سوال کیا اور کہا کہ ایک شخص غضب کی وجہ سے جنگ کرتا ہے، اور ایک شخص تعصب کی وجہ سے جنگ کرتا ہے، آپ نے اس شخص کی طرف سر اٹھا کر دیکھا، آپ نے صرف اس لیے سر اٹھا کر دیکھا کہ وہ شخص کھڑا تھا، آپ نے فرمایا جو شخص اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے جنگ کرتا ہے وہی درحقیقت اللہ کی راہ میں جنگ کرتا ہے ۔

بَابُ ۶۲ مَنْ قَاتَلَ لِلرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ اسْتَحَقَّ النَّارَ

دکھاوے اور نام و نمود کی خاطر جہاد کرنے والا جہنمی ہے ۔

۴۸۰۸ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ تَفَرَّقَ النَّاسُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ لَهُ نَاتِلُ اَهْلِ الشَّامِ اَيُّهَا الشَّيْخُ حَدِّثْنَا حَدِيْثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ النَّاسِ يُقْضٰى يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَيْهِ رَجُلٌ اسْتُشْهِدَ فَاُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهٗ نِعَمَهٗ فَعَرَفَهَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيْهَا قَالَ قَاتَلْتُ فِيْكَ حَتّٰى اسْتُشْهِدْتُ قَالَ كَذَبْتَ وَلٰكِنَّكَ قَاتَلْتَ لِاَنْ يُقَالَ جَرِيْءٌ فَقَدْ قِيْلَ ثُمَّ اُمِرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى اُلْقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ وَعَلَّمَهٗ وَقَرَاَ الْقُرْاٰنَ فَاُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهٗ نِعَمَهٗ فَعَرَفَهَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيْهَا قَالَ تَعَلَّمْتُ الْعِلْمَ وَعَلَّمْتُهٗ وَقَرَاْتُ فِيْكَ الْقُرْاٰنَ قَالَ كَذَبْتَ وَلٰكِنَّكَ تَعَلَّمْتَ الْعِلْمَ لِيُقَالَ عَالِمٌ وَقَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ لِيُقَالَ

سلیمان بن یسار کہتے ہیں کہ جب لوگ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس سے چھٹ گئے تو اہل شام میں سے ناتل نامی ایک شخص نے کہا: اے شیخ آپ مجھے وہ حدیث سنائیے جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو، آپ نے فرمایا: ہاں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے قیامت کے دن سب سے پہلے جس شخص کے متعلق فیصلہ کیا جائے گا وہ شہید ہوگا، اس کو بلایا جائے گا اور اسے اس کی نعمتیں دکھائی جائیں گی، جب وہ ان نعمتوں کو پہچان لے گا تو (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا تو نے ان نعمتوں سے کیا کام لیا؟ وہ کہے گا میں نے تیری راہ میں جہاد کیا حتیٰ کہ شہید ہوگیا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو جھوٹ بولتا ہے، بلکہ تو نے اس لیے قتال کیا تھا تاکہ تو بہادر کہلائے سو تجھے بہادر کہا گیا، پھر اس کو منہ کے بل جہنم میں ڈالنے کا حکم دیا جائے گا، حتیٰ کہ اسے جہنم میں ڈال دیا جائے گا، اور ایک شخص نے علم حاصل کیا اور لوگوں کو تعلیم دی اور قرآن مجید پڑھا اس کو بلایا جائے گا اور اس کو اس کی نعمتیں دکھائی جائیں گی، جب وہ ان نعمتوں کو پہچان لے گا تو اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا تو نے ان نعمتوں سے

هُوَ قَارِئٌ فَقَدْ قِيلَ ثُمَّ أُمِرَ بِهِ فَسُحِبَ عَلَى وَجْهِهِ حَتَّى أُلْقِيَ فِي النَّارِ، وَرَجُلٌ وَسَّعَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَأَعْطَاهُ مِنْ أَصْنَافِ الْمَالِ كُلِّهِ فَأُتِيَ بِهِ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيهَا قَالَ مَا تَرَكْتُ مِنْ سَبِيلٍ تُحِبُّ أَنْ يُنْفَقَ فِيهَا إِلَّا أَنْفَقْتُ فِيهَا لَكَ قَالَ كَذَبْتَ وَلَكِنَّكَ فَعَلْتَ لِيُقَالَ هُوَ جَوَادٌ فَقَدْ قِيلَ ثُمَّ أُمِرَ بِهِ فَسُحِبَ عَلَى وَجْهِهِ ثُمَّ أُلْقِيَ فِي النَّارِ ـ

کیا کام لیا؟ وہ کہے گا میں نے علم حاصل کیا اور اس علم کو سکھلایا اور تیرے لیے قرآن مجید پڑھا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو جھوٹ بولتا ہے، تو نے اس لیے علم حاصل کیا تھا تاکہ تو عالم کہلائے اور تو نے قرآن پڑھا تاکہ تو قاری کہلائے سو تجھے (عالم اور قاری) کہا گیا پھر اس کو منہ کے بل جہنم میں ڈالنے کا حکم دیا جائے گا، حتیٰ کہ اس کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا، اور ایک شخص پر اللہ نے وسعت کی اور اس کو ہر قسم کا مال عطا کیا اس کو قیامت کے دن بلایا جائے گا اور وہ نعمتیں دکھائی جائیں گی اور جب وہ ان نعمتوں کو پہچان لے گا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا تُو نے ان نعمتوں سے کیا کام لیا؟ وہ کہے گا میں نے ہر اس راستہ میں خرچ کیا جس راستہ میں مال خرچ کرنا تجھ کو پسند ہے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو جھوٹ بولتا ہے، تو نے یہ کام اس لیے کیے تاکہ تجھ کو سخی کہا جائے سو تجھ کو سخی کہا گیا پھر اس کو منہ کے بل جہنم میں ڈالنے کا حکم دیا جائے گا، اور پھر اس کو آگ میں ڈال دیا جائے گا۔

۴۸۰۹ ـ وَحَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ أَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ (يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ) عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ تَفَرَّجَ النَّاسُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ فَقَالَ لَهُ نَاتِلُ الشَّامِ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ حَدِيثِ خَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ ـ

سلیمان بن یسار کہتے ہیں کہ جب لوگ حضرت ابوہریرہ کے پاس سے چھٹ گئے تو شام کے ایک ناتل نامی شخص نے کہا، اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے۔

قیامت کے دن کن لوگوں کا سب سے پہلے فیصلہ ہوگا؟

اس باب کی حدیث نمبر ۴۸۰۸ میں ہے: قیامت کے دن جس شخص کے متعلق سب سے پہلے فیصلہ کیا جائے گا وہ شہید ہوگا، اور ایک اور حدیث میں ہے کہ سب سے پہلے عبد مسلم کے عمل سے نماز کا حساب کیا جائے گا، اور ایک اور حدیث میں ہے کہ سب سے پہلے قتل کے متعلق فیصلہ کیا جائے گا، یہاں پر یہ اشکال ہے کہ جس چیز کے متعلق سب سے پہلے فیصلہ کیا جائے گا وہ تو ایک ہی چیز ہوگی، اور احادیث میں تین چیزوں کا ذکر ہے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ اولیت اضافی ہے اور ہر چیز کی اولیت اس کی نوع کے اعتبار سے ہے، جن اعمال کو شہرت اور نام آوری کے لیے کیا جاتا رہا ان میں [illegible] کے متعلق فیصلہ کیا جائے گا، اور [illegible]

دین میں سے جس رکن کا سب سے پہلے حساب ہوگا وہ نماز ہے، اور مظالم میں سے جس ظلم کا سب سے پہلے حساب کیا جائے گا وہ قتل ہے۔

کیا قیامت کے دن بھی جھوٹ بولنا ممکن ہے؟

اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ جب مثلاً شہید یہ کہے گا کہ میں نے تیری راہ میں جہاد کیا حتیٰ کہ میں شہید ہوگیا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا "تو نے جھوٹ بولا" اس پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ کذب معصیت ہے اور قیامت کے دن کوئی وسوسہ ڈالنے والا نہیں ہوگا اور اس دن کوئی معصیت نہیں کرے گا، پھر اس شخص کا قول جھوٹ کیسے ہوگا؟ اس کا جواب یہ ہوگا کہ جھوٹ کا صدور کبھی دانستہ ہوتا ہے اور کبھی خوف اور دہشت کی وجہ سے اور اس جھوٹ کا صدور خوف اور دہشت کی وجہ سے ہوگا۔

کیا نیکی کرنے والا اپنی نیکی پر خوشی یا تعریف کی خواہش کر سکتا ہے؟

اس حدیث سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص کے کار خیر پر کوئی مدح کی گئی تو اس کار خیر کرنے والے کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا اور اگر یہی معاملہ ہو تو پھر کوئی مسلمان جہنم میں جانے سے نہیں بچ سکے گا، کیونکہ ہر نیک کام کرنے والے کی کوئی نہ کوئی تعریف کرتا ہے، اور یہ انسان کی فطرت ہے کہ وہ اپنی تعریف پر خوش ہوتا ہے، اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ یہ وعید اس شخص کے لیے ہے جس نے کسی نیک کام کو محض فخر اور ریاکاری کی وجہ سے کیا ہو اور اس کام سے اس کی غرض صرف شہرت کو حاصل کرنا ہو، لیکن جس شخص کی کسی کام سے غرض نمائش اور نام و نمود نہیں تھی بلکہ اس کی نیکی صرف اللہ کے لیے تھی، اور اس کے قصد اور ارادے کے بغیر لوگوں نے اس نیکی کی جو تعریف کی اور اس تعریف سے اس کو فطری خوشی حاصل ہوئی تو وہ شخص اس وعید میں داخل نہیں ہے، اس لیے انسان کو چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی اور اس کے حکم کی تعمیل کے قصد سے نیک کام کرنے میں لگا رہے اور اگر اس کے دل میں یہ خطرات اور وسوسے پیدا ہوں کہ لوگ اس کے نیک کاموں کی تعریف کرتے ہیں اور اس سے اس کو خوشی ہوتی ہے اور لوگوں کی تعریف و توصیف کی وجہ سے اس کے کام میں ذوق و شوق بڑھتا ہے تو اس وسوسہ کی وجہ سے اس نیک کام کرنے کو ترک نہ کرے بلکہ اپنی نیت میں رضاء الٰہی کی پھر سے تجدید کرے۔

جو شخص محض رضاء الٰہی کے لیے کوئی نیک کام کرتا ہے اور لوگ دنیا میں اس کی نیکی کی تعریف کرنے لگتے ہیں تو اس کی تعریف سے گھبرانا نہیں چاہیے یہ دراصل ان کی نیکیوں کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے دنیا میں صلہ ہے اور اخروی جزا کی بشارت ہے امام مسلم اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن ابی ذر قال قیل لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارأیت الرجل یعمل العمل من الخیر ویحمدہ الناس علیہ قال تلک عاجل بشری المؤمن[1]

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا: یہ بتلائیے کہ ایک شخص نیک عمل کرتا ہے اور لوگ اس نیکی پر اس کی تعریف کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ یہ مومن کی دنیا میں بشارت ہے۔

[1] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۳۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

یعنی لوگوں کی یہ تعریف دنیا میں اس کے لیے آخرت کی خیر کی بشارت ہے اور یہ دنیاوی بشارت اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہے اور اس سے محبت کرتا ہے اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا کر دی ہے اور وہ اس کی تعریف و توصیف کرتے ہیں، اس معنی کی تصدیق قرآن مجید کی اس آیت میں ہے:

ان الذین اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت سیجعل لھم الرحمٰن ودًّا۔ (مریم: ۹۶)

بلا شبہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے عنقریب رحمٰن ان کے لیے (اپنے بندوں کے دلوں میں) محبت پیدا کر دے گا۔

اس آیت کی تفسیر اور تائید صحیح مسلم کی اس روایت سے ہوتی ہے:

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ اذا احب عبدًا دعا جبرائیل علیہ السلام فقال انی احب فلانًا فاحبہ قال فیحبہ جبرائیل ثم ینادی فی السماء فیقول ان اللہ یحب فلانًا فاحبوہ فیحبہ اھل السماء قال ثم یوضع لہ القبول فی الارض الحدیث[1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبرئیل علیہ السلام کو بلا کر فرماتا ہے: "میں فلاں شخص سے محبت کرتا ہوں تم بھی اس سے محبت کرو"، پھر جبرئیل اس سے محبت کرتا ہے، پھر جبرئیل آسمان میں ندا کر کے کہتا ہے: "اللہ تعالیٰ فلاں شخص سے محبت کرتا ہے تم اس سے محبت کرو، پھر آسمان والے اس شخص سے محبت کرتے ہیں پھر زمین والوں (کے دلوں) میں اس کی مقبولیت رکھ دی جاتی ہے۔

اس لیے جس شخص کے نیک کاموں کی اہل زمین تعریف کرتے ہیں تو یہ اس کی دلیل ہے کہ آسمان کے فرشتے، حضرت جبرائیل علیہ السلام اور اللہ عزوجل سب اس سے محبت کرتے ہیں، اسی لیے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: انتم شھداء اللہ فی الارض[2] "تم زمین پر اللہ کے گواہ ہو"

نیز امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ قال قال رجل یا رسول اللہ الرجل یعمل الخیر فیسرہ فاذا اطلع علیہ اعجبہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لہٗ اجران اجر السر واجر العلانیۃ۔[3]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے کہا، یا رسول اللہ! ایک آدمی نیک کام کرتا ہے اور اس سے خوش ہوتا ہے اور جب اس نیکی کی (لوگوں کو) اطلاع ہو جاتی ہے تو اس کو اچھا لگتا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو دو اجر ملیں گے، ایک اجر اخفاء کا اور ایک اجر اظہار کا۔

---

[1] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۳۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[2] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۸۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

[3] امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی [illegible] مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

نیز قرآن مجید میں ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی:

واجعل لی لسان صدق فی الآخرین۔ (الشعراء: ۸۴) (اے اللہ) میرے بعد آنے والوں میں میرا ذکر جمیل جاری رکھ!

امام رازی شافعی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اگر یہ سوال کیا جائے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اس سے کیا غرض تھی کہ ان کی ثنا اور مدح کی جائے تو اس کے دو جواب ہیں۔ (۱) جب ایک انسان کی بہت سے لوگ تعریف کریں تو ان کی تعریفیں اس کے کمال کی زیادتی کا سبب بن جاتی ہیں (۲) جو شخص اپنے فضائل کی وجہ سے لوگوں میں ممدوح ہو تو اس کی مدح اور شہرت لوگوں کے دلوں میں ان فضائل کے حصول کا سبب اور محرک بن جاتی ہے۔ [1]

علامہ قرطبی مالکی لکھتے ہیں:

امام مالک نے اس آیت سے یہ استدلال کیا ہے کہ اگر کسی شخص کو یہ خواہش ہو کہ اس کی نیکی کی تعریف کی جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے جب کہ وہ اس نیکی کو اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لیے کرتا ہو۔ [2]

علامہ آلوسی حنفی لکھتے ہیں:

اگر کوئی شخص اس نیت سے اپنی نیکی کی شہرت چاہے کہ اس وجہ سے لوگوں کے دلوں میں اس نیکی کی رغبت ہو اور وہ بھی اس نیک کام کو کریں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ حدیث میں ہے جس شخص نے کسی نیک کام کی ابتداء کی تو اسے اس نیکی کا اجر ملے گا اور قیامت تک جو لوگ اس نیکی کو کرتے رہیں گے ان کی نیکیوں کا اجر بھی اس کو ملے گا" لیکن یہ بات مخفی نہ رہے کہ ہر کام میں کام کرنے والے کی نیت اور قصد کا اعتبار ہوتا ہے۔ [3]

باب ۶۶۳ بیان قدر ثواب من غزا فغنم ومن لم یغنم

جس غازی کو غنیمت ملی اور جس کو غنیمت نہیں ملی، دونوں کے فرق کا بیان

۴۸۱۰ - حدثنا عبد بن حمید حدثنا عبد اللہ بن یزید ابو عبد الرحمن حدثنا حیوۃ بن شریح عن ابی ہانئ عن ابی عبد الرحمن الحبلی عن عبد اللہ بن عمرو ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ما من غازیۃ تغزو فی سبیل اللہ فیصیبون الغنیمۃ

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لشکر اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے جاتا ہے اور مال غنیمت حاصل کر لیتا ہے، اسے اجر آخرت کا دو تہائی حصہ مل جاتا ہے اور اس کا صرف ایک تہائی حصہ اجر رہ جاتا ہے اور اگر ان کو مال غنیمت نہ ملے تو ان کا مکمل اجر ہوتا ہے۔

---

[1] امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ۶ ص ۳۸۱، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد قرطبی مالکی متوفی ۶۶۸ھ، تفسیر الجامع لاحکام القرآن ج ۷ ص ۱۱۳، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ

[3] علامہ ابو الفضل شہاب الدین سید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۱۹ ص ۹۹، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

اِلَّا تَعَجَّلُوْا ثُلُثَيْ اَجْرِهِمْ مِنَ الْاٰخِرَةِ وَيَبْقٰى لَهُمُ الثُّلُثُ وَاِنْ لَمْ يُصِيْبُوْا غَنِيْمَةً تَمَّ لَهُمْ اَجْرُهُمْ۔

۴۸۱۱۔ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ التَّمِيْمِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ اَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْهَانِئٍ حَدَّثَنِيْ اَبُوْعَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ غَازِيَةٍ اَوْ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْا فَتَغْنَمُ وَتَسْلَمُ اِلَّا كَانُوْا قَدْ تَعَجَّلُوْا ثُلُثَيْ اُجُوْرِهِمْ وَمَا مِنْ غَازِيَةٍ اَوْ سَرِيَّةٍ تُخْفِقُ وَتُصَابُ اِلَّا تَمَّ اُجُوْرُهُمْ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس غزوہ یا لشکر کے لوگ جہاد کریں اور مال غنیمت حاصل کر کے سلامتی سے لوٹ آئیں تو وہ دنیا میں ہی اپنے اجر کا دو تہائی حصہ حاصل کر لیتے ہیں، اور جس غزوہ یا لشکر کے لوگ خالی لوٹیں اور نقصان اٹھائیں ان کو آخرت میں پورا اجر ملے گا۔

بَابٌ ۶۶۵ قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَاَنَّهٗ يَدْخُلُ فِيْهِ الْغَزْوُ وَغَيْرُهٗ مِنَ الْاَعْمَالِ

اعمال کا مدار نیت پر ہے، ان اعمال میں جہاد بھی شامل ہے

۴۸۱۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَاِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوٰى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ لِدُنْيَا يُصِيْبُهَا اَوِ امْرَاَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهٗ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اعمال کا مدار نیت پر ہے، ہر شخص کے عمل پر اس کی نیت کا پھل ملتا ہے، سو جس شخص کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہو تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہی معتبر ہے، اور جس شخص کی ہجرت دنیا حاصل کرنے کے لیے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کے لیے ہو تو اس کی ہجرت اسی چیز کی طرف معتبر ہو گی جس کی طرف اس نے ہجرت کی ہے۔

۴۸۱۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحِ بْنِ الْمُهَاجِرِ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِي الثَّقَفِيَّ ح وَحَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَالِدٍ

امام مسلم نے اس حدیث کی چھ سندیں ذکر کی ہیں بعض اسانید سے یہ روایت ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے منبر پر کھڑے ہو کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث روایت کی۔

الْاَحْمَرُ سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ (يَعْنِي ابْنَ غِيَاثٍ) وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كُلُّهُمْ عَنْ يَحْيَى ابْنِ سَعِيْدٍ بِاِسْنَادِ مَالِكٍ وَمَعْنَى حَدِيْثِهٖ وَفِيْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَلَى الْمِنْبَرِ يُخْبِرُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

حدیث "انما الاعمال بالنیات" کی اہمیت اور عظمت

علامہ نووی لکھتے ہیں: تمام مسلمانوں کا اس حدیث کی اہمیت اور عظمت پر اجماع اور اتفاق ہے، اور اس کے فوائد بہت زیادہ ہیں، فقہاء اسلام نے یہ کہا ہے کہ یہ حدیث ثلث اسلام ہے، امام شافعی نے یہ کہا ہے کہ اس حدیث میں فقہ کے ستر ابواب ہیں، بعض فقہاء نے یہ کہا ہے کہ یہ حدیث ربع اسلام ہے، عبد الرحمن بن مہدی وغیرہ نے کہا ہے کہ جو شخص کوئی کتاب تصنیف کرے وہ اس حدیث سے اپنی کتاب کی ابتداء کرے تاکہ اس کی نیت صحیح ہو، علامہ خطابی نے اس قول کو مطلقاً ائمہ سے نقل کیا ہے، امام بخاری اور دیگر ائمہ نے اسی وجہ سے اس حدیث سے اپنی اپنی تصانیف کی ابتداء کی ہے، امام بخاری نے اپنی صحیح میں اس حدیث کو سات مقامات پر ذکر کیا ہے، حفاظ حدیث نے بیان کیا ہے کہ اس حدیث کے دو سو سے زیادہ راوی ہیں اور ان میں اکثریت ائمہ حدیث کی ہے البتہ شروع میں اس کے صرف ایک راوی ہیں اور وہ حضرت عمر ہیں اور ان سے صرف علقمہ نے روایت کیا، اسی بناء پر اس حدیث کو متواتر نہیں قرار دیا گیا، ہر چند کہ یہ عوام اور خواص میں مشہور ہے۔ [1]

آیا نیت کرنا عمل کی صحت کے لیے ضروری ہے یا عمل کی فضیلت کے لیے!

علامہ نووی شافعی لکھتے ہیں:۔ نیت کا معنی قصد اور ارادہ سے کسی کام کو معین کرنا، اس حدیث میں آپ کا یہ ارشاد ہے کہ اعمال کا مدار نیت پر ہے، اس کا یہ مطلب تو نہیں ہے کہ اعمال کے تحقق اور ثبوت کا مدار نیت پر ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اعمال کا شرعاً معتبر ہونا نیت پر موقوف ہے، اور کسی فعل سے پہلے اس کی نیت نہ ہو تو وہ شرعاً معتبر نہیں ہوگا، اور اس میں یہ دلیل ہے کہ وضو، غسل، تیمم، نماز، روزہ، حج، اعتکاف اور تمام عبادات نیت کے بغیر صحیح نہیں ہوتیں، باقی نجاست کا زائل ہونا ہمارے نزدیک نیت پر موقوف نہیں ہے، کیونکہ وہ باب ترک سے ہے اور ترک میں نیت کی ضرورت نہیں ہوتی، اور اس پر فقہاء شافعیہ کا اجماع ہے، طلاق، عتاق اور قذف میں بھی نیت کا دخل ہے، لیکن اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کنایۃً طلاق دی تو اس میں نیت کا دخل ہے اور طلاق صریح میں نیت کا دخل نہیں ہے، اگر کسی شخص نے

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۴۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

طلاق صریح دی پھر کہا اس سے میری نیت کچھ اور تھی تو اس کا قول قبول نہیں کیا جائے گا۔ ؎۱

علامہ وشتانی ابی مالکی لکھتے ہیں:

قاضی عیاض مالکی نے کہا ہے کہ اس حدیث میں ان علماء کا رد ہے جو طہارت اور بعض دیگر عبادات کو بغیر نیت کے جائز قرار دیتے ہیں، اور یہ بات اپنے مقام پر با دلائل بیان کی جا چکی ہے کہ جس شخص نے وضو سیکھنے یا وضو سکھانے یا ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے وضو کیا دراں حالیکہ اس فعل سے رفع حدث (طہارت حاصل کرنا) اس کا مقصد نہیں تھا، تو اس کی عبادات کے لیے یہ وضو کافی نہیں ہے اور اس حدیث میں یہ دلیل بھی ہے کہ قسم، طلاق اور عتاق وغیرہ کے الفاظ بغیر نیت کے معتبر نہیں ہوتے، علماء کا اس مسئلہ میں بہت اختلاف ہے، ہمارے نزدیک حقوق العباد میں طلاق اور عتاق کے الفاظ میں ظاہری معنی کا اعتبار ہوگا اور اگر کوئی شخص صریح طلاق اور عتاق کے الفاظ بول کر یہ کہے میری مراد اس سے طلاق دینا یا آزاد کرنا نہیں تھی، تو اس کی نیت کا اعتبار نہیں کیا جائے گا اور اس کے صریح الفاظ سے جو معنی ظاہر ہوگا اس کے مطابق فیصلہ کر دیا جائے گا۔ ؎۲

علامہ بدرالدین عینی حنفی لکھتے ہیں:

اس حدیث سے ائمہ ثلاثہ نے وضو اور غسل میں نیت کے وجوب پر استدلال کیا ہے، وہ اس حدیث کا یہ معنی کرتے ہیں کہ اعمال کی صحت کا مدار نیت پر ہے، اور اس میں الف لام استغراق کا ہے یعنی نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ اور تمام عبادات میں نیت مطلوب ہے، اسی طرح طلاق اور عتاق میں بھی نیت ضروری ہے۔

اس کے برخلاف امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف، امام محمد اور امام زفر کے نزدیک وضو اور غسل میں نیت ضروری نہیں ہے، ایک روایت میں امام مالک کا بھی یہی قول ہے، فقہاء احناف کی دلیل یہ ہے کہ اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ اعمال کا کامل ہونا یا ان کا ثواب نیات پر موقوف ہے، کیونکہ نیت نہ ہونے سے اصل عمل باطل نہیں ہوتا اور اس پر قرینہ یہ ہے کہ اس کے بعد فرمایا ہے: ولکل امرأ ما نوی "ہر شخص کو اس کی نیت کا پھل ملتا ہے" اور اس سے ثواب ہی مراد ہے، نیز اگر اس سے مراد صحت لی گئی یعنی بغیر نیت کے عمل صحیح نہیں ہوتا تو لامحالہ بعض عبادات میں تخصیص کرنی پڑے گی، کیونکہ قرض کا ادا کرنا، امانتوں کا واپس کرنا، اذان دینا، تلاوت کرنا، وعظ و نصیحت کرنا، راستہ دکھانا، راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانا، یہ سب کام عبادات ہیں اور اس پر اجماع ہے کہ یہ تمام کام بغیر نیت کے صحیح ہوتے ہیں، لہٰذا وضو اور غسل بھی بغیر نیت کے صحیح ہونے چاہئیں۔

تحقیق یہ ہے کہ یہ بات تو عقلاً باطل ہے کہ اس حدیث کا معنی یہ ہو کہ ہر عمل کا شرعاً صحیح ہونا نیت پر موقوف ہے، کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ بعض اعمال بغیر نیت کے شرعاً صحیح ہوتے ہیں، جیسا کہ بیع، شراء، اجارہ، نکاح، طلاق وغیرہا، اس لیے لامحالہ اس حدیث کو کمال اور ثواب پر موقوف کرنا ہوگا، یعنی ہر عمل کا کمال اور ثواب نیت پر موقوف ہے۔ ؎۳

؎۱ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۴۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ ھ

؎۲ علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۵۶، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

؎۳ علامہ بدرالدین ابو محمد محمود بن احمد عینی حنفی [illegible] مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر

اگر نیت کیے بغیر عبادات بجالائے تو ان عبادات پر ثواب ہوگا یا نہیں؟

ابن سمعانی نے یہ کہا ہے کہ جو اعمال عبادات سے خارج ہیں اگر ان میں بھی عبادات کی نیت کر لی جائے تو ان پر بھی ثواب ملتا ہے، مثلاً کوئی شخص کھانے پینے سے عبادت میں تقویت حاصل کرنے کی نیت کرے، اور سونے میں یہ نیت کرے کہ اس کی تھکاوٹ زائل ہو جائے اور اس کو مزید عبادت کے لیے توانائی حاصل ہو، اور جامعت میں یہ نیت کرے تاکہ وہ گناہ اور بے حیائی کے کاموں سے بچا رہے، جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے "تم میں سے ہر شخص کی شرمگاہ میں بھی صدقہ ہے" بعض علماء نے یہ بھی کہا ہے کہ جو افعال عبادات محضہ ہیں جب کوئی شخص ان کو عادۃً کرے اور ان میں عبادت کی نیت نہ کرے تو ہر چند کہ وہ افعال شرعاً صحیح ہیں لیکن ان پر ثواب نہیں ملتا، یہ قول صحیح نہیں ہے کیونکہ حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان کو ہر جائز اور صحیح کام پر اجر ملتا ہے خواہ وہ اس کام میں عبادت کی نیت کرے یا نہ کرے، امام احمد روایت کرتے ہیں:

عن ابی ذر قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم و فی مباضعتک اهلک صدقة فقال ابوذر ایؤجر احدنا فی شهوته قال ارأیت لو وضعته فی غیر حله اکان علیک وزر قال نعم قال افتحتسبون بالشر ولا تحتسبون بالخیر۔ [1]

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا اپنی بیویوں سے جماع کرنا بھی صدقہ ہے، حضرت ابوذر نے پوچھا اگر ہم محض شہوت سے یہ کام کریں کیا پھر بھی یہ صدقہ ہوگا؟ آپ نے فرمایا یہ بتاؤ کہ اگر تم حرام طریقہ سے یہ کام کرتے تو تم گناہ کے مستحق ہوتے؟ انہوں نے کہا ہاں! آپ نے فرمایا تو کیا تمہارا صرف شر پر حساب ہوگا اور خیر پر تمہارا حساب نہیں ہوگا۔

اس حدیث کو امام مسلم نے کتاب الزکوٰۃ میں اور امام ابوداؤد نے کتاب التطوع اور کتاب الادب میں بھی روایت کیا ہے۔

اس حدیث سے یہ واضح ہوگیا کہ مسلمان کو ہر جائز اور صحیح کام پر اجر ملتا ہے خواہ وہ اس کام میں عبادت کی نیت کرے یا نہ کرے، کیونکہ مسلمان کا ناجائز اور حرام کام کو ترک کر کے جائز اور صحیح کام کرنا ہی اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ڈر اور خوف سے حرام کام سے بچ کر حلال اور جائز کام کر رہا ہے اور یہ اس کے صدق نیت اور اخلاص کی علامت ہے، ہاں اگر وہ اس کام میں اطاعت اور عبادت کی نیت کرے گا تو اس کو اضافی اجر ملے گا۔

اس حدیث میں یہ بھی ہے: سو جس شخص کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہے سو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول ہی کی طرف ہے، اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی خاطر ہجرت کرے گا تو اس کو ہجرت کا اجر و ثواب ملے گا، اور جو شخص دنیا کی کسی چیز یا کسی عورت کی خاطر ہجرت کرے گا تو اس کو دنیا ہی

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۵ ص ۱۶۸-۱۶۷، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

اپنا حصہ مل گیا اور آخرت میں اس کا اس ہجرت کی وجہ سے کوئی اجر نہیں ہوگا۔

اس حدیث میں دنیا کے ساتھ عورت کا ذکر دو وجہ سے کیا گیا ہے، ایک وجہ تو یہ ہے کہ ایک شخص نے ام قیس نامی ایک عورت سے شادی کرنے کے لیے ہجرت کی تھی اس وجہ سے اس شخص کو مہاجر ام قیس کہا جاتا تھا، دوسری وجہ عورت کے فتنہ پر خصوصی تنبیہ کرنا ہے تاکہ لوگ عورتوں کے فتنوں سے محفوظ رہیں، ہجرت پر مفصل بحث ہم اس کتاب میں باب "لا هجرة بعد الفتح" کے تحت بیان کر چکے ہیں، ہجرت کے مباحث کو وہاں دیکھ لیا جائے۔

اگر ایک عمل میں متعدد اعمال کی نیات کر لی جائیں تو اس ایک عمل سے ان تمام اعمال کا ثواب مل جاتا ہے۔

اس حدیث میں ہے انما لامرئ ما نوی "مرد کو وہی پھل ملتا ہے جس کی وہ نیت کرتا ہے۔" اس حدیث کی تشریح میں فقہاء اسلام نے یہ بیان کیا ہے کہ مسلمان اگر ایک کام میں متعدد چیزوں کی نیت کرے تو اس کو ان متعدد چیزوں کا اجر اور ثواب مل جاتا ہے مثلاً مسلمان مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے جاتا ہے یہ ایک عمل ہے وہ اس میں یہ نیت کرے کہ (۱) مجھے راستہ میں جو مسلمان ملے گا اس کو سلام کروں گا (۲) اگر کسی نے سلام کیا تو اس کے سلام کا جواب دوں گا، (۳) اگر کوئی ضرورت مند شخص نظر آیا تو اس کی مدد کروں گا (۴) کسی نابینا کو سڑک پار کرا دوں گا (۵) کسی سائل کو حسب استطاعت خیرات دوں گا (۶) اگر کسی شخص کو برا کام کرتے دیکھوں گا تو اس کو منع کروں گا (۷) حسب توفیق نیکی کا حکم دوں گا (۸) اگر راستہ میں کوئی تکلیف دہ چیز پڑی ملی تو اٹھا کر ایک طرف رکھ دوں گا (۹) راستہ میں اگر عورتیں نظر آئیں تو نیچی نظر کر کے گزر دوں گا، (۱۰) کسی مسلمان سے بات کرنی پڑی تو شائستگی اور ملائمت سے بات کروں گا (۱۱) کسی مسلمان کو چھینک آئی اور اس نے الحمد للہ کہا تو اس کو یرحمک اللہ کہوں گا (۱۲) اگر راستہ میں کوئی جنازہ ملا تو اس کی تعظیم کے لیے سواری سے اتر جاؤں گا
یا کھڑا ہوں گا (۱۳) اگر کوئی بیمار ملا تو اس کی عیادت کروں گا (۱۴) اگر کہیں سے میوزک کی آواز آئی تو وہاں سے جلدی گزر جاؤں گا، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرح کانوں میں انگلیاں دے کر گزر دوں گا (۱۵) مسجد میں جانے کے لیے طویل مسافت کی راہ اختیار کروں گا تاکہ زیادہ چلنے کی وجہ سے زیادہ اجر و ثواب ملے (۱۶) مسجد میں داخل ہوتے وقت پہلے دایاں پیر رکھوں گا، (۱۷) داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھوں گا "اللھم افتح لی ابواب رحمتک" (۱۸) مسجد میں جتنی دیر ٹھہروں گا اعتکاف کی نیت سے ٹھہروں گا، (۱۹) ایک روایت میں ہے کہ مسجد اللہ کا گھر ہے اور جو شخص مسجد میں آتا ہے وہ اللہ کی زیارت کرنے اور اس سے ملاقات کے لیے آتا ہے، اور اپنے مہمانوں کی ضیافت کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے سو وہ یہ نیت کرے کہ وہ اس حدیث کے مطابق اللہ تعالیٰ کی ضیافت حاصل کرے گا (۲۰) جو شخص نماز باجماعت کے انتظار میں جتنی دیر مسجد میں بیٹھا رہتا ہے اس کا شمار نماز میں ہوتا ہے سو وہ یہ نیت کرے کہ میں مسجد میں جا کر جماعت کے انتظار میں بیٹھوں گا، (۲۱) جب تک کوئی مسلمان مسجد میں باوضو رہتا ہے فرشتے اس کے لیے رحمت اور مغفرت کی دعا کرتے رہتے ہیں، سو وہ فرشتوں کی دعا کے حصول کی نیت کرے (۲۲) قرآن مجید میں ہے "یا ایھا الذین امنوا اصبروا وصابروا ورابطوا" [illegible] مصروف کو صبر کا تلقین کرو اللہ

اسلام کی سرحدوں کی حفاظت کرو، بعض مفسرین نے ورابطوا کی تفسیر انتظار نماز سے کی ہے کیونکہ نماز کا انتظار کرنا بھی شیطان سے مدافعانہ جنگ اور اسلام کی حفاظت ہے۔ (۲۳) ایک حدیث میں ہے کہ ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا خطاؤں کے مٹنے، گناہوں کے معاف ہونے اور درجات بلند ہونے کا موجب ہے، (۲۴) ایک حدیث میں ہے فذلکم الرباط فذلکم الرباط ”نماز کا انتظار کرنا ہی سرحد اسلام کی حفاظت کرنا ہے“ (۲۵) یہ نیت کرے کہ جتنی دیر مسجد میں بیٹھا رہوں گا تمام ممنوعات شرعیہ اور حواس اور مشاعر کے گناہوں سے بچا رہوں گا مثلاً کوئی بری چیز دیکھوں گا نہ کوئی بری بات سنوں گا، (۲۶) مسجد میں داخل ہوتے وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام عرض کروں گا (۲۷) خلوت میں بیٹھ کر یاد خدا میں مشغول رہوں گا، (۲۸) قرآن مجید کی تلاوت کروں گا، (۲۹) اگر مسجد میں وعظ ہو رہا ہو گا تو وعظ سنوں گا، (۳۰) حدیث میں ہے جو شخص وضو کر کے مسجد میں جاتے اور نماز ادا کرے اس کو حج اور عمرہ کا ثواب مل جاتا ہے، اس کی نیت کرے، (۳۱) سنت الوضوء پڑھنے کی نیت کرے، (۳۲) تحیۃ المسجد پڑھنے کی نیت کرے، (۳۳) علمی افادہ اور استفادہ کی نیت کرے، (۳۴) امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی نیت کرے (۳۵) مسلمان بھائیوں کی زیارت اور حسب استطاعت ان کی مدد کی نیت کرے، (۳۶) مسجد میں موجود مسلمانوں کو سلام کرنے اور دعا دینے کی نیت کرے۔ (۳۷) مسجد میں بیٹھ کر امور آخرت میں غور و فکر اور توبہ و استغفار کرنے کی نیت کرے۔ (۳۸) جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی نیت کرے، (۳۹) مسجد سے جاتے وقت پہلے بایاں پیر باہر نکالے، (۴۰) مسجد سے جاتے وقت یہ دعا کرے ”اللھم انی اسئلک من فضلک“

اسی طرح خوشبو لگانا ایک عمل ہے اس میں یہ نیت کرے کہ (۱) آپ خوشبو پسند کرتے تھے اس لیے خوشبو لگاتا ہوں۔ (۲) خوشبو لگانے سے مسجد کی تعظیم کا اظہار ہو۔ (۳) مسجد میں بیٹھنے والوں کو اس کے جسم سے بری بو نہ آئے، (۴) اگر اس کے جسم سے بری بو آئی تو نمازیوں کو تکلیف ہو گی اور ممکن ہے کہ وہ اس کی غیبت کر کے گناہ میں پڑ جائیں (۵) نمازیوں اور فرشتوں کو خوشبو سے راحت ہو، (۶) خوشبو سے دماغ کو راحت پہنچتی ہے اور ذکر و فکر میں تقویت حاصل ہوتی ہے، اور اس کے علاوہ بھی خوشبو کی اچھی وجوہات تلاش کر کے ان کی نیت کرے۔

بَابُ اِسْتِحْبَابِ طَلَبِ الشَّهَادَةِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى ۶۶۶

شہادت فی سبیل اللہ طلب کرنے کا استحباب

۴۸۱۴ - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا اُعْطِيَهَا وَلَوْ لَمْ تُصِبْهُ ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صدق دل سے شہادت کا طالب ہو، اس کو شہادت کا اجر دے دیا جاتا ہے خواہ وہ شہید نہ ہو۔

۴۸۱۵ - حَدَّثَنِيْ اَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى (وَاللَّفْظُ لِحَرْمَلَةَ) قَالَ اَبُو الطَّاهِرِ اَخْبَرَنَا وَقَالَ حَرْمَلَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِيْ

سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صدق دل سے شہادت کا سوال کرے اس کو اللہ تعالیٰ شہداء کے مرتبہ

أَبُو شُرَيْحٍ أَنَّ سَهْلَ بْنَ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ وَلَمْ يَذْكُرْ أَبُو الطَّاهِرِ فِي حَدِيثِهِ بِصِدْقٍ

پہنچا دیتا ہے، خواہ وہ اپنے بستر پر فوت ہو، ابوالطاہر نے اپنی روایت میں صدق کا ذکر نہیں کیا۔

اس سوال کا جواب کہ شہادت کی دعا تو کافر کے ہاتھوں مسلمان کے مرنے کی دعا ہے۔

اس حدیث میں اللہ تعالیٰ سے شہادت کے حصول کی دعا کا ثبوت ہے، اب سے تقریباً پندرہ سال پہلے کی بات ہے میں لاہور میں لال کھوہ کی مسجد میں جمعہ کا خطبہ دیتا تھا، وہاں ایک بزرگ نے مجھ سے یہ سوال کیا کہ شہادت کا مفہوم یہ ہے کہ کافر مسلمان پر غلبہ پاکر اس کو قتل کر دے تو شہادت کی دعا کرنے کا یہ مطلب ہوا کہ ہم کافر کے ہاتھوں مسلمانوں کے مرنے اور کفر کے غلبہ کی دعا کرتے ہیں، میں نے اس کا یہ جواب دیا کہ جب اعلاء کلمۃ اللہ اور اسلام کی سربلندی کے لیے مسلم افواج کافروں سے جنگ کریں گی تو یہ تو عادۃً محال ہے کہ کسی ایک مسلمان کے بھی مرے بغیر مسلمان کافروں کو شکست دے دیں اس لیے اس جنگ میں لامحالہ کچھ مسلمان بھی راہ حق میں قتل کیے جائیں گے اور مسلمانوں کو اجتماعی اور آخری فتح حاصل کرنے کے لیے چند افراد کی لازماً قربانی دینا ہوگی اور جو لوگ اس قربانی کے لیے تیار ہو کر میدانِ جہاد میں اتریں گے اور قضاء الٰہی سے راہ حق میں مارے جائیں گے، اللہ تعالیٰ نے آخرت میں ان کا بہت بڑا مرتبہ اور نہایت عظیم اجر اور انعام رکھا ہے، اس لیے شہادت کی دعا کا حاصل یہ ہے کہ اے اللہ! اعلاء کلمۃ اللہ اور اسلام کی سربلندی کے لیے اگر جان کا نذرانہ دینا پڑے تو اے خدا اس راہ میں میری جان کا نذرانہ قبول فرمانا اور مسلمانوں کی اجتماعی فتح اور غلبہ اسلام کے لیے جس انفرادی قربانی کی ضرورت ہے اس انفرادی قربانی کے لیے مجھے چن لینا اور آخرت میں مجھے شہادت کا اجر عظیم عطا فرمانا، شہادت قبیح لذاتہ اور حسن لغیرہ ہے جیسے وضو کرنا فی ذاتہ پانی ضائع کرنا ہے لیکن چونکہ یہ عمل نماز کا وسیلہ ہے اس لیے حسن لغیرہ ہے اسی طرح شہادت میں فی نفسہ مسلمان کا کافر کے ہاتھوں مرنا ہے اور یہ قبیح لذاتہ ہے لیکن چونکہ یہ انفرادی قربانی مسلمانوں کی اجتماعی فلاح اور غلبہ اسلام کا ذریعہ اور وسیلہ ہے اس لیے یہ حسن لغیرہ ہے اور ہم جو شہادت کی دعا کرتے ہیں تو وہ اس کے حسن لغیرہ کے اعتبار سے کرتے ہیں یا آخرت میں جو شہادت کا عظیم اجر ہے اس پر نظر رکھتے ہوئے شہادت کی دعا کرتے ہیں، اور پھر جان تو ہر حال جانی ہے اور اگر یہ جان راہ حق میں جائے تو اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت ہوگی! الٰہ العالمین ہمیں وہ جذبہ، وہ ہمت اور حوصلہ عطا فرما جو شہادت کا بنیادی عنصر ہے اور راہ حق میں شہادت عطا فرما! آمین یا رب العالمین بجاہ حبیبک سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وازواجہ الف الف صلوٰت و تحیات وتسلیمات۔

باب ۶۶۷ ذَمُّ مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ نَفْسَهُ بِالْغَزْوِ

اس شخص کی مذمت کا بیان جو جہاد یا اس کی تمنا کیے بغیر مر گیا

۴۸۱۶ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ وُهَيْبٍ الْمَكِّيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ نَفْسَهُ مَاتَ عَلَى شُعْبَةٍ مِنْ نِفَاقٍ قَالَ ابْنُ سَهْمٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ فَنُرَى أَنَّ ذٰلِكَ كَانَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مر گیا درآں حالیکہ اس نے جہاد کیا تھا نہ جہاد کی تمنا کی تھی اس کی موت نفاق کے ایک شعبہ پر ہوگی، عبداللہ بن مبارک کہتے ہیں کہ ہمارے خیال میں یہ حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے ساتھ خاص تھا۔

جہاد یا اس تمنا کیے بغیر مرنے والے کا حکم

علامہ نووی لکھتے ہیں: یہ عبداللہ بن المبارک کا قول ہے اور دوسرے علماء نے یہ کہا ہے کہ جو شخص جہاد اور اس کی تمنا کیے بغیر مر گیا وہ ان منافقوں کے مشابہ ہے جو بہانے کر کے جہاد سے پیچھے رہ جاتے ہیں، اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص نے کسی فعل کی نیت کی اور اس فعل کو کرنے سے پہلے مر گیا تو اس شخص کی ایسی مذمت نہیں ہوگی جیسی اس شخص کی ہوتی ہے جو اس فعل کی نیت کیے بغیر مر گیا ہو۔

نیت کے باوجود فعل کیے بغیر مرنے والے کا حکم

فقہاء شافعیہ کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ ایک شخص اوّل وقت میں نماز پر قادر تھا، پھر اس نے اس نیت سے نماز کو مؤخر کر دیا کہ وہ اس نماز کو درمیان یا آخر وقت میں پڑھے گا، یا وہ اس سال حج کرنے پر قادر تھا اور اس نے اگلے سال تک حج کو مؤخر کر دیا اور وہ نماز پڑھنے یا حج کرنے سے پہلے فوت ہو گیا، آیا وہ شخص گنہ گار ہوگا یا نہیں اور زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ وہ حج مؤخر کرنے کی وجہ سے گنہ گار ہوگا اور نماز مؤخر کرنے کی وجہ سے گنہ گار نہیں ہوگا، کیونکہ نماز کی مدت قریب اور کم ہے اس لیے اس میں تاخیر تقصیر نہیں ہوگی، اس کے برخلاف حج میں تاخیر کی مدت زیادہ ہے، اس لیے اس میں تاخیر کرنا تقصیر میں شمار ہوگا، ایک قول یہ ہے کہ دونوں کی تاخیر میں گنہ گار ہوگا، ایک قول یہ ہے کہ دونوں کی تاخیر میں گنہ گار نہیں ہوگا، اور ایک قول یہ ہے کہ حج کی تاخیر کرنے میں بوڑھا شخص گنہ گار ہوگا اور جوان شخص گنہ گار نہیں ہوگا، لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ [1]

(حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر ملاحظہ ہو)

امام مالک اور جمہور فقہاء کا مسلک یہ ہے کہ اگر اس کا گمان یہ ہو کہ وہ نماز کے آخر وقت تک زندہ نہیں رہے گا اور پھر نماز نہیں پڑھی تو گنہگار ہوگا اور اگر اس کو نماز کے آخر وقت تک مرنے کا گمان نہ ہو اور اس نے نماز میں تاخیر کی اور قضاءً مر گیا تو گنہگار نہیں ہوگا اور اگر حج میں ایک سال کی تاخیر کی اور قضاءً مر گیا تو گنہگار ہوگا، امام ابو حنیفہ کا بھی یہی نظریہ ہے۔ (اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۲۵۹)

بَابُ ۶۶۸ ثَوَابِ مَنْ حَبَسَهُ عَنِ الْغَزْوِ مَرَضٌ اَوْ عُذْرٌ اٰخَرُ

جو شخص بیماری یا کسی اور عذر کی وجہ سے جہاد نہ کر سکے اس کے ثواب کا بیان

۴۸۱۷ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزَاةٍ فَقَالَ اِنَّ بِالْمَدِیْنَةِ لَرِجَالًا مَا سِرْتُمْ مَسِیْرًا وَلَا قَطَعْتُمْ وَادِیًا اِلَّا كَانُوْا مَعَكُمْ حَبَسَهُمُ الْمَرَضُ۔

۴۸۱۸ - وَحَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیٰی اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَاَبُوْ سَعِیْدِ الْاَشَجُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِیْعٌ ح وَحَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ اَخْبَرَنَا عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ كُلُّهُمْ عَنِ الْاَعْمَشِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ غَیْرَ اَنَّ فِیْ حَدِیْثِ وَكِیْعٍ اِلَّا شَرِكُوْكُمْ فِی الْاَجْرِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک غزوہ میں ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے، آپ نے فرمایا مدینہ میں کچھ ایسے لوگ ہیں کہ تم جس جگہ سے گزرتے ہو یا جس وادی کو طے کرتے ہو وہ تمہارے ساتھ ہوتے ہیں کیونکہ وہ اپنے مرض کی وجہ سے ساتھ نہیں جا سکے۔

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند ذکر کی اس میں ہے وہ تمہارے ساتھ ثواب میں شریک ہوتے ہیں۔

عبادات کے چھوٹ جانے پر حزن و ملال کا مرتبہ اور مقام

اس حدیث میں نیک کام میں نیت کرنے کی فضیلت کا بیان ہے کہ جس شخص نے جہاد کرنے یا کسی اور عبادت کی نیت کی پھر اس کو ایسا عذر لاحق ہو گیا جس کے سبب سے وہ اس عبادت کو نہیں کر سکا تو اس کو اپنی نیت کی وجہ سے اس عبادت کا اجر مل جائے گا، اور اس شخص کو اس جہاد میں شریک ہونے کا یا اس عبادت کے نہ کرنے کا جس قدر زیادہ افسوس ہوگا اور جتنی زیادہ اس جہاد میں شرکت کی یا اس عبادت کی تمنا کرے گا اس کا اجر و ثواب اس قدر زیادہ ہوگا، عبادت کے کرنے کا شوق اور اس کی تمنا کرنا اور کسی عبادت کے چھوٹ جانے پر رنج و ملال کرنا یہی وہ وصف ہے جو انسان میں ہے اور فرشتوں میں نہیں ہے یہی انسان کا مابہ الامتیاز ہے اور اسی وصف سے شرف انسانیت ہے۔ اے اللہ ہمیں اپنی راہ میں جہاد کرنے اور دیگر عبادات کا ذوق و شوق اور محبت عطا فرما اور کسی اطاعت کے رہ جانے یا کسی عذر کی وجہ سے عبادت کے چھوٹ جانے پر تاسف اور حزن و ملال عطا فرما کیونکہ تو ہم زندگی میں اپنے نقصانات پر آنسو بہاتے رہتے ہیں، لیکن کسی عبادت کے چھوٹ جانے پر آنسو بہانا

لہ۔ (حاشیہ صفحہ سابقہ)۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی متوفی ۶۷۶ھ [illegible] مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۷۵ھ

کچھ اور مقام ہے! اس وادی کی امام، ام المومنین سیدتنا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ہیں جب مناسک حج کے دوران آپ کو حیض آگیا اور اس وجہ سے آپ خانہ کعبہ کا طواف نہ کر سکیں تو بے اختیار رو رہی تھیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو تسلیاں دے رہے تھے!

بَابُ فَضْلِ الْغَزْوِ فِي الْبَحْرِ ۶۶۹

سمندر پار کر کے جہاد کرنے کی فضیلت

۴۸۱۹ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْخُلُ عَلَى أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ فَتُطْعِمُهُ وَكَانَتْ أُمُّ حَرَامٍ تَحْتَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَأَطْعَمَتْهُ ثُمَّ جَلَسَتْ تَفْلِي رَأْسَهُ فَنَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَتْ فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَرْكَبُونَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ مُلُوكًا عَلَى الْأَسِرَّةِ أَوْ مِثْلَ الْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ (يَشُكُّ أَيُّهُمَا قَالَ) قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ فَدَعَا لَهَا ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَهُ فَنَامَ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَتْ فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَمَا قَالَ فِي الْأُولَى قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِينَ فَرَكِبَتْ أُمُّ حَرَامٍ بِنْتُ مِلْحَانَ الْبَحْرَ فِي زَمَنِ مُعَاوِيَةَ فَصُرِعَتْ عَنْ دَابَّتِهَا حِينَ خَرَجَتْ مِنَ الْبَحْرِ فَهَلَكَتْ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ام حرام بنت ملحان (یہ حضور کی رضاعی خالہ تھیں اور آپ کی محرم تھیں) کے پاس تشریف لے جاتے، اور وہ آپ کو طعام پیش کرتی تھیں، حضرت عبادہ بن صامت کے نکاح میں تھیں، ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس گئے انھوں نے آپ کو کھانا پیش کیا اور پھر آپ کے سر میں جوئیں دیکھنے لگیں (آپ کا سر جوؤں سے پاک تھا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے، پھر آپ ہنستے ہوئے بیدار ہوئے حضرت ام حرام کہتی ہیں، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کس چیز کے باعث تبسم فرما رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: مجھے (خواب میں) میری امت کے کچھ مجاہدین دکھائے گئے جو اللہ کی راہ میں سمندر میں بادشاہوں کے تختوں کی مثل سواری پر سوار ہو کر جا رہے تھے، حضرت ام حرام کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان مجاہدین میں شامل کر دے، آپ نے ان کے لیے دعا کی اور پھر اپنا سر رکھ کر سو گئے، پھر آپ ہنستے ہوئے بیدار ہوئے، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ آپ کس چیز کے باعث ہنس رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا مجھے (خواب میں) اپنی امت کے کچھ لوگ راہ خدا میں جہاد کرتے ہوئے دکھائے گئے جس طرح پہلے فرمایا تھا، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان میں شامل کر دے! آپ نے فرمایا تم پہلے گروہ میں سے ہو، پھر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے میں حضرت

ام حرام بنت ملحان سمندر کے جہاد میں سوار ہوئیں اور جب سمندر سے نکلیں تو سواری سے گر کر ہلاک ہو گئیں۔

۴۸۲۰ ۔ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أُمِّ حَرَامٍ وَهِيَ خَالَةُ أَنَسٍ قَالَتْ أَتَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ عِنْدَنَا فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي قَالَ أُرِيتُ قَوْمًا مِنْ أُمَّتِي يَرْكَبُونَ ظَهْرَ الْبَحْرِ كَالْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ فَقُلْتُ ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ فَإِنَّكِ مِنْهُمْ قَالَتْ ثُمَّ نَامَ فَاسْتَيْقَظَ أَيْضًا وَهُوَ يَضْحَكُ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهِ فَقُلْتُ ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِينَ قَالَ فَتَزَوَّجَهَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ بَعْدُ فَغَزَا فِي الْبَحْرِ فَحَمَلَهَا مَعَهُ فَلَمَّا أَنْ جَاءَتْ قُرِّبَتْ لَهَا بَغْلَةٌ فَرَكِبَتْهَا فَصَرَعَتْهَا فَانْدَقَّتْ عُنُقُهَا۔

حضرت انس بن مالک کی خالہ حضرت ام حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے اور قیلولہ فرمایا پھر آپ ہنستے ہوئے بیدار ہوئے، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ پر میرے ماں باپ فدا ہوں! آپ کس وجہ سے ہنس رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا مجھے (خواب میں) میری امت کا ایک گروہ دکھایا گیا جو بادشاہوں کے تختوں کی مثل پر سمندر میں سواری کر رہا تھا، میں نے عرض کیا: آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی ان میں شامل کر دے! آپ نے فرمایا تم بھی انہی میں سے ہو، حضرت ام حرام کہتی ہیں کہ آپ پھر سو گئے اور دوبارہ ہنستے ہوئے بیدار ہوئے اور میں نے پھر آپ سے سوال کیا اور آپ نے پہلے کی طرح جواب دیا، میں نے عرض کیا: آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان میں شامل کر دے! آپ نے فرمایا تم پہلے گروہ میں سے ہو، پھر اس کے بعد حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے ان سے نکاح کر لیا، انھوں نے سمندر کے راستہ جہاد کیا اور حضرت ام حرام کو اپنے ساتھ لے گئے، جب وہ واپس لوٹیں تو ان کے پاس ایک خچر لایا گیا وہ اس پر سوار ہوئیں لیکن خچر نے ان کو گرا دیا جس سے ان کی گردن کی ہڈی ٹوٹ گئی۔

۴۸۲۱ ۔ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحِ بْنِ الْمُهَاجِرِ وَيَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَا أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ حَبَّانَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ خَالَتِهِ أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ أَنَّهَا قَالَتْ نَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا قَرِيبًا مِنِّي ثُمَّ اسْتَيْقَظَ يَتَبَسَّمُ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا أَضْحَكَكَ قَالَ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي عُرِضُوا

حضرت ام حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے قریب سو گئے پھر آپ مسکراتے ہوئے بیدار ہوئے، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کیوں ہنس رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: مجھے (خواب میں) میری امت کے کچھ لوگ دکھائے گئے جو اس سبز سمندر پر سوار ہو کر جا رہے تھے ... اس کے بعد حسب سابق روایت ہے۔

يَرْكَبُوْنَ ظَهْرَ هٰذَا الْبَحْرِ الْاَخْضَرِ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ۔

۴۸۲۰- وَحَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ (وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ اَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَةَ مِلْحَانَ خَالَةَ اَنَسٍ فَوَضَعَ رَاْسَهٗ عِنْدَهَا وَسَاقَ الْحَدِيْثَ بِمَعْنٰى حَدِيْثِ اِسْحٰقَ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کی خالہ بنت ملحان کے پاس تشریف لے گئے، اور ان کے پاس سر رکھ کر سو گئے، اس کے بعد حسب سابق روایت ہے۔

حضرت ام حرام کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا رشتہ تھا؟

اس باب کی حدیث نمبر ۴۸۱۹ میں ہے: کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم حضرت ام حرام بنت ملحان کے پاس جایا کرتے تھے، علامہ نووی لکھتے ہیں کہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ حضرت ام حرام رضی اللہ عنہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی محرم تھیں، لیکن اس کی کیفیت میں اختلاف ہے، علامہ ابن عبدالبر وغیرہ نے بیان کیا ہے کہ یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی رضاعی خالاؤں میں سے ایک رضاعی خالہ تھیں اور بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ یہ آپ کے والد یا دادا کی طرف سے خالہ تھیں کیونکہ حضرت عبدالمطلب کی والدہ بنو نجار سے تھیں۔ لہ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا غیب کی خبریں دینا

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ اس حدیث میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے متعدد معجزات کا بیان ہے، ایک یہ کہ آپ نے یہ غیب کی خبر دی کہ آپ کے بعد آپ کی امت باقی رہے گی، اور ان کو کثرت اور اقتدار حاصل ہوگا اور وہ سمندر کے راستہ جہاد کریں گے، اور حضرت ام حرام رضی اللہ عنہا اس وقت تک زندہ رہیں گی اور وہ مجاہدین کے پہلے گروہ میں شامل ہوں گی اور الحمد للہ آپ کی دی ہوئی خبروں میں سے ہر چیز اسی طرح واقع ہوئی جس طرح آپ نے خبر دی تھی۔

سمندری سفر کے حکم میں مذاہب فقہاء

علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ حضرت ام حرام نے سمندری سفر کب کیا تھا، صحیح مسلم کی اسی روایت میں یہ ذکر ہے کہ انہوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں سمندری سفر کیا اور سواری سے گر کر فوت ہو گئیں، قاضی عیاض نے یہ کہا ہے کہ اکثر مؤرخین نے یہ بیان کیا ہے کہ یہ واقعہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ایام خلافت میں ہوا، اور اس موقع پر حضرت ام حرام اپنے خاوند کے ساتھ گھوڑے پر سوار ہوئیں اور اس سے گر کر ہلاک ہو گئیں اور اسی جگہ دفن کر دی گئیں، اس بناء پر حدیث میں جو حضرت معاویہ کا ذکر ہے اس سے مراد حضرت معاویہ کے ایام جہاد ہیں نہ کہ حضرت معاویہ کے

لہ۔ علامہ یحیی بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۴۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

ایام خلافت مراد ہیں، اور ایک قول یہ ہے کہ یہ واقعہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہی ظہور پذیر ہوا، اور یہی قول زیادہ ظاہر ہے، اس حدیث سے مردوں اور عورتوں دونوں کے لیے سمندری سفر کا جواز ثابت ہوتا ہے، جمہور فقہاء کا یہی قول ہے، امام مالک نے عورتوں کے سمندری سفر سے منع کیا ہے کیونکہ اس سفر میں مردوں کے لیے اپنی نگاہیں نیچی رکھنا اور عورتوں کا اپنی زینت کو چھپانا بہت دشوار ہے، قاضی عیاض نے لکھا ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب اور عمر بن عبد العزیز سے یہ روایت ہے کہ وہ سمندری سفر سے منع کرتے تھے، اور ایک قول یہ ہے کہ وہ تجارت اور طلب دنیا کے لیے بحری سفر سے منع کرتے تھے عبادات کے لیے بحری سفر سے منع نہیں کرتے تھے، اور حضرت عبد اللہ بن عمر نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت کیا ہے کہ آپ نے حج، عمرے اور جہاد کے سوا بحری سفر سے منع فرمایا ہے، لیکن امام ابوداؤد نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس حدیث کے راوی مجہول ہیں۔

اللہ کے راستہ میں مرنا یا قتل کیا جانا دونوں شہادت ہیں

بعض علماء نے اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے کہ اللہ کی راہ میں قتل کیا جانا اور اللہ کی راہ میں موت کا آجانا، اجر و ثواب میں دونوں مساوی ہیں کیونکہ حضرت ام حرام فوت ہوئی تھیں اور قتل نہیں کی گئی تھیں، لیکن یہ استدلال صحیح نہیں ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس گروہ کے متعلق یہ نہیں فرمایا تھا کہ یہ شہداء ہیں بلکہ یہ فرمایا تھا کہ یہ مجاہد ہیں، البتہ صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص اللہ کی راہ میں قتل کیا گیا وہ بھی شہید ہے اور جو شخص اللہ کے راستہ میں مر گیا وہ بھی شہید ہے، اور یہ حدیث قرآن مجید کی اس آیت کے مطابق ہے:

ومن یخرج من بیتہ مہاجرا الی اللہ ورسولہ ثم یدرکہ الموت فقد وقع اجرہ علی اللہ۔ (نساء: ۱۰۰)	جو شخص اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کے لیے نکلتا ہے اور پھر اس کو موت آلیتی ہے تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ کرم پر ہے۔

پہلی حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حضرت ام حرام کے گھر گئے تو اس وقت وہ حضرت عبادہ بن صامت کے نکاح میں تھیں اور دوسری روایت سے یہ واضح ہوتا ہے کہ انہوں نے بعد میں حضرت عبادہ سے نکاح کیا، اس لیے پہلی روایت کو دوسری روایت پر محمول کیا جائے گا باین طور کہ راوی نے بعد میں ہونے والے نکاح کی پہلے خبر دے دی[1]

باب فضل الرباط فی سبیل اللہ عز وجل

خدا کے راستہ میں پہرہ دینے کی فضیلت

۴۸۲۳۔ حدثنا عبد اللہ بن عبد الرحمن بن بہرام الدارمی حدثنا ابو الولید الطیالسی حدثنا لیث (یعنی ابن سعد) عن ایوب بن موسی عن مکحول عن شرحبیل بن السمط عن

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک دن اور ایک رات سرحد پر پہرہ دینا ایک ماہ کے روزوں اور قیام سے بہتر ہے اور اگر وہ مر گیا تو اس کا وہ عمل جاری رہے گا

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۴۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

سَلْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ رِبَاطُ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ خَيْرٌ مِّنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَّقِيَامِهٖ وَاِنْ مَّاتَ جَرٰى عَلَيْهِ عَمَلُهُ الَّذِيْ كَانَ يَعْمَلُهٗ وَاُجْرِيَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ وَاَمِنَ الْفَتَّانَ۔

اس کا رزق جاری کیا جائے گا اور اس کو قبر کے فتنوں سے محفوظ جائے گا۔

۴۸۲۴۔ حَدَّثَنِيْ اَبُو الطَّاهِرِ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ السِّمْطِ عَنْ سَلْمَانَ الْخَيْرِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنٰى حَدِيْثِ اللَّيْثِ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى۔

حضرت سلمان خیر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قسم کی ایک روایت کی ہے۔

ف: اس حدیث میں اسلام کی سرحدوں پر پہرہ دینے والوں کی ظاہر فضیلت ہے، کیونکہ ان کی موت کے بعد بھی ان کا عمل جاری رہتا ہے، اس فضیلت میں ان کا کوئی اور شریک نہیں ہے اور صحیح مسلم کے علاوہ دوسری روایات میں صراحۃً ہے سرحد پر پہرہ دینے والے کے سوا ہر شخص کا عمل موت کے بعد منقطع ہو جاتا ہے، اور سرحدی محافظ کا عمل قیامت تک بڑھتا رہتا ہے۔

بَابُ ۶۷ بَيَانِ الشُّهَدَآءِ

شہیدوں کا بیان

۴۸۲۵۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ قَرَاْتُ عَلٰى مَالِكٍ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَّمْشِيْ بِطَرِيْقٍ وَجَدَ غُصْنَ شَوْكٍ عَلَى الطَّرِيْقِ فَاَخَّرَهٗ فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهٗ فَغَفَرَ لَهٗ فَقَالَ الشُّهَدَآءُ خَمْسَةٌ اَلْمَطْعُوْنُ وَالْمَبْطُوْنُ وَالْغَرِقُ وَصَاحِبُ الْهَدْمِ وَالشَّهِيْدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص کہیں جا رہا تھا اس نے راستہ میں ایک خاردار شاخ دیکھی تو اس کو راستہ سے ایک طرف ہٹا دیا، اللہ تعالیٰ نے اس کے اس عمل کو قبول کر لیا اور اس کو بخش دیا، پھر آپ نے فرمایا: پانچ شخص شہید ہیں، (۱) طاعون کی بیماری میں مرنے والا۔ (۲) پیٹ کی بیماری میں مرنے والا، (۳) ڈوبنے والا، (۴) کسی چیز کے نیچے دب کر مرنے والا۔ (۵) اور جو شخص اللہ عزوجل کی راہ میں شہید ہو۔

۴۸۲۶۔ وَحَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَعُدُّوْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم شہید کس کو سمجھتے ہو؟ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! جو شخص اللہ عزوجل

الشهيد فيكم قالوا يا رسول الله من قتل في سبيل الله فهو شهيد قال إن شهداء أمتي إذا لقليل قالوا فمن هم يا رسول الله قال من قتل في سبيل الله فهو شهيد ومن مات في سبيل الله فهو شهيد ومن مات في الطاعون فهو شهيد ومن مات في البطن فهو شهيد قال ابن مقسم أشهد على أبيك في هذا الحديث أنه قال والغريق شهيد۔

کی راہ میں قتل کیا جائے وہ شہید ہے، آپ نے فرمایا پھر تو میری امت کے شہداء بہت کم ہوں گے، صحابہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ! پھر وہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا جو شخص اللہ کی راہ میں قتل کیا جائے وہ شہید ہے، اور جو شخص اللہ کی راہ میں مرجائے وہ شہید ہے، جو شخص طاعون میں مرے وہ شہید ہے، جو شخص پیٹ کی بیماری میں مرے وہ شہید ہے، ابن مقسم نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ تمہارے باپ نے بھی کہا تھا کہ جو ڈوب جائے وہ شہید ہے۔

۴۸۲۷۔ **وحدثني** عبد الحميد بن بيان الواسطي حدثنا خالد عن سهيل بهذا الإسناد مثله غير أن في حديثه قال سهيل قال عبيد الله بن مقسم أشهد على أخيك أنه زاد في هذا الحديث ومن غرق فهو شهيد۔

عبید اللہ بن مقسم نے کہا کہ میں تیرے بھائی پر گواہی دیتا ہوں اور اس حدیث میں یہ زیادہ ہے کہ جو غرق ہو جائے وہ شہید ہے۔

۴۸۲۸۔ **وحدثني** محمد بن حاتم حدثنا بهز حدثنا وهيب حدثنا سهيل بهذا الإسناد وفي حديثه قال أخبرني عبيد الله بن مقسم عن أبي صالح وزاد فيه والغرق شهيد۔

امام مسلم نے ایک اور سند بیان کی ہے اس میں ہے کہ جو شخص غرق ہو جائے وہ شہید ہے۔

۴۸۲۹۔ **حدثنا** حامد بن عمر البكراوي حدثنا عبد الواحد يعني ابن زياد حدثنا عاصم عن حفصة بنت سيرين قالت قال لي أنس بن مالك بم مات يحيى بن أبي عمرة قالت قلت بالطاعون قالت فقال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الطاعون شهادة لكل مسلم۔

حفصہ بنت سیرین کہتی ہیں کہ مجھ سے حضرت انس بن مالک نے پوچھا کہ یحییٰ بن ابی عمرہ کس سبب سے فوت ہوئے تھے؟ میں نے کہا طاعون سے، انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ طاعون ہر مسلمان کی شہادت ہے۔

۴۸۳۰۔ **وحدثناه** الوليد بن شجاع حدثنا علي بن مسهر عن عاصم [illegible]

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی

پہنچایا ہے۔

علامہ سیوطی کے تتبع سے حکمی شہداء کی تعداد کا بیان

علامہ شامی لکھتے ہیں کہ علامہ سیوطی نے کتاب التثبیت میں حکمی شہداء کی تعداد کو تیس تک پہنچایا ہے انھوں نے کہا: (۱) جو شخص پیٹ کی بیماری (خواہ اسہال ہو یا استسقاء) میں فوت ہو جائے (۲) ڈوب جائے (۳) کسی چیز کے نیچے دب جائے (۴) نمونیہ ہو جائے (۵) عورت درد زہ میں مر جائے (۶) پھیپھڑوں کی بیماری ہو (۷) سفر ہو (۸) مرگی ہو (۹) بخار ہو (۱۰) اہل کی حفاظت کر رہا ہو (۱۱) مال کی حفاظت کر رہا ہو (۱۲) جان کی حفاظت کر رہا ہو (۱۳) مظلوم ہو یعنی ظلماً مارا جائے (۱۴) کسی سے عشق ہو اور اس کو مخفی رکھے اور حرام سے بچے (۱۵) جس شخص کے گلے میں پانی وغیرہ کا پھندا لگنے سے اچھو ہو اور اس سے مر جائے (۱۶) درندے نے چاڑ کھایا ہو (۱۷) بادشاہ نے ظلماً قید کیا ہو (۱۸) یا زبردستی پٹوایا ہو۔ (۱۹) بادشاہ کے خوف سے روپوشی میں مر گیا ہو، (۲۰) سانپ بچھو وغیرہ نے کاٹا ہو (۲۱) علم شرعی کی طلب میں مرا ہو (۲۲) ثواب کی نیت سے اذان دیتا ہو (۲۳) سچا تاجر (۲۴) جو شخص اپنے اہل، اولاد اور دیگر ماتحت لوگوں میں اللہ تعالیٰ کا حکم جاری کرتا ہو اور ان کو حلال کمائی کھلاتا ہو (۲۵) جہاز میں متلی اور قے سے مر جائے (۲۶) جو عورت سوکن یا کسی دوسری عورت سے غیرت پر صبر کر کے مرے (۲۷) جو شخص ہر روز پچیس بار یہ دعا مانگے اللھم بارک لی فی الموت وفیما بعد الموت (۲۸) جو شخص نماز چاشت پڑھے، ہر ماہ تین روزے رکھے اور سفر حضر میں کبھی وتر کو ترک نہ کرے (۲۹) جو شخص امت کے فساد کے وقت سنت نبوی پر مضبوطی سے قائم رہے۔ (۳۰) جو شخص اپنے مرض موت میں چالیس بار کہے لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

بعض مالکی علماء اور علامہ شامی کے تتبع سے حکمی شہداء کی تعداد کا بیان

علامہ شامی فرماتے ہیں کہ بعض مالکی علماء نے اس تعداد پر چند شہداء کا مزید اضافہ کیا ہے، (۱) جو شخص جل کر مر جائے (۲) جو شخص گھوڑا تیار کر کے جہاد کا منتظر رہے (۳) جو شخص ہر شب سورۂ یٰسین پڑھے (۴) جو شخص سواری سے گر کر مر جائے (۵) جو رات کو باوضو سوئے اور اس کو باوضو موت آ جائے (۶) جو شخص تمام زندگی لوگوں کی خاطر مدارات کرتا رہے (۷) جو شخص ہر روز سو بار درود شریف پڑھے (۸) جو شخص صدق دل سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہونے کی دعا کیا کرے (۹) جو شخص ضرورت کے وقت مسلمانوں کے کسی شہر میں غلہ پہنچانے کا انتظام کرے (۱۰) جو شخص جمعہ کے دن وفات پائے (۱۱) جو شخص صبح کو تین بار پڑھے: اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطن الرجیم اور سورہ حشر کی آخری تین آیتیں پڑھے اور اسی دن وفات پائے، ان کے علاوہ بھی علامہ شامی نے دو قسمیں ذکر کی ہیں، (۱) جو طاعون کی جگہ پر صبر کر کے ٹھیرا رہے، (۲) عورت نفاس میں مر جائے[1]

خلاصہ یہ ہے کہ علامہ سیوطی نے حکمی شہداء کی تعداد تیس بیان کی، بعض مالکی علماء نے ان پر مزید گیارہ کا اضافہ کیا اور علامہ شامی نے بھی ان کے علاوہ دو قسمیں بیان کیں اور یہ کل تینتالیس اقسام ہو گئیں، لیکن علامہ شامی نے ان میں سے صرف دو، تین قسموں کے ثبوت میں احادیث پیش کی ہیں اور باقی تمام اقسام کے متعلق احادیث پیش نہیں کیں اور فرمایا

[1] علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۱ ص ۸۵۳-۸۵۲، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

کہ ہم نے اختصار کی وجہ سے دلائل کو حذف کر دیا ہے۔

ہم نے اس سلسلہ میں احادیث اور آثار سے تتبع کر کے حکمی شہداء کی تعداد پینتالیس ۴۵ تک پہنچا دی ہے اور ان تمام اقسام کو ہم نے جن احادیث اور آثار سے تلاش کیا ہے ان کو اب ہم باحوالہ پیش کر رہے ہیں، فنقول و باللہ التوفیق و بہ الاستعانۃ یلیق۔

مصنّف کے تتبّع سے حکمی شہداء کی تعداد کا احادیث اور آثار کے حوالوں سے بیان

ایک حدیث میں پانچ شہداء کا بیان ہے: طاعون میں مرنے والا، پیٹ کی بیماری میں مرنے والا، ڈوبنے والا، دب کر مرنے والا اور اللہ کی راہ میں شہید ہونے والا۔

امام مسلم روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشھداء خمسۃ المطعون والمبطون والغرق وصاحب الھدم والشھید فی سبیل اللہ [۱]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہداء پانچ ہیں، طاعون زدہ، پیٹ کی بیماری والا، ڈوبنے والا، دب کر مرنے والا اور شہید فی سبیل اللہ۔

اس حدیث میں پانچ شخصوں پر شہید کا اطلاق کیا گیا ہے اور سنن ابو داؤد کی روایت میں تین اور شخصوں کا اضافہ ہے اور آٹھ شخصوں پر شہید کا اطلاق کیا گیا ہے، وہ روایت یہ ہے:

امام ابو داؤد روایت کرتے ہیں:

عن جابر بن عتیک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال وما تعدون الشھادۃ، قالوا القتل فی سبیل اللہ تعالی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشھادۃ سبع سوی القتل فی سبیل اللہ المطعون شھید، والغرق شھید وصاحب ذات الجنب شھید والمبطون شھید، وصاحب الحریق شھید والذی یموت تحت الھدم شھید والمرأۃ تموت بجمع شھید۔ [۲]

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے پوچھا، تم لوگ کس چیز کو شہادت شمار کرتے ہو؟ صحابہ نے عرض کیا اللہ عزوجل کی راہ میں قتل ہونے کو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قتل فی سبیل اللہ کے سوا شہادت کی سات قسمیں اور ہیں، طاعون میں مرنے والا شہید ہے، غرق ہونے والا شہید ہے، نمونیہ میں مرنے والا شہید ہے، پیٹ کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے، جل کر مرنے والا شہید ہے، کسی چیز کے نیچے دب کر مرنے والا شہید ہے اور اگر (حاملہ) عورت دردزہ میں مبتلاء ہو کر مر جائے تو شہید ہے۔

---

[۱] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۴۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[۲] امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی ... سنن ابو داؤد ... مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ

ان آٹھ قسموں کے علاوہ امام بخاری نے ایک اور قسم بیان کی ہے:

عن عبد اللہ بن عمرو قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من قتل دون مالہ فھو شھید۔[1]

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے قتل کیا گیا وہ شہید ہے۔

اس مفہوم کی حدیث امام مسلم نے بھی حضرت ابوہریرہ سے روایت کی ہے۔[2]
امام ترمذی نے مال کے علاوہ، جان کی حفاظت، بیوی بچوں کی حفاظت اور دین کی حفاظت میں قتل کیے جانے والے شخص کے متعلق بھی حدیث روایت کی ہے، اس طرح بارہ قسمیں ہوگئیں۔
امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

عن سعید بن زید قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من قتل دون مالہ فھو شھید و من قتل دون دمہ فھو شھید و من قتل دون دینہ فھو شھید و من قتل دون اھلہ فھو شھید۔[3]

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے" جو شخص مال کی حفاظت کرتے ہوئے قتل کیا گیا وہ شہید ہے، جو اپنی جان کی حفاظت کرتے ہوئے قتل کیا گیا وہ شہید ہے، جو دین کی حفاظت کرتے ہوئے قتل کیا گیا وہ شہید ہے اور جو اپنے بیوی اور بچوں کی حفاظت کرتے ہوئے قتل کیا گیا وہ شہید ہے۔

امام احمد نے ایک روایت بیان کی ہے اس میں سواری سے گرنے والے کو بھی حضور نے شہید فرمایا ہے۔
اس طرح تیرہ اقسام ہوگئیں۔
امام احمد روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما تعدون الشھید قالوا الذی یقاتل فی سبیل اللہ حتی یقتل قال ان الشھید فی امتی اذا لقلیل القتیل فی سبیل اللہ شھید، والطعین فی سبیل اللہ شھید والغریق فی سبیل اللہ شھید، والخار

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: تم لوگ کس شخص کو شہید شمار کرتے ہو؟ صحابہ نے عرض کیا جو شخص اللہ کی راہ میں جنگ کرے حتیٰ کہ قتل ہو جائے؛ آپ نے فرمایا پھر تو میری امت میں شہید بہت کم ہوں گے اللہ کی راہ میں قتل ہونے والا شہید ہے، طاعون میں مرنے والا شہید ہے، جو شخص اللہ کی راہ میں غرق ہوا وہ ـــ

[1] امام ابوعبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۳۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ
[2] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ صحیح مسلم ج ۱ ص ۸۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ
[3] امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی ص ۲۲۳، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

عن دابته فی سبیل اللہ شهید والمجنوب فی سبیل اللہ شهید۔[1]

شہید ہے، جو شخص اللہ کی راہ میں سواری سے گر کر مرا وہ شہید ہے اور جو شخص اللہ کی راہ میں نمونیہ سے مرا وہ شہید ہے۔

ایک حدیث میں ہے جو شخص اللہ کے راستہ میں مر گیا وہ شہید ہے، اللہ کے راستہ سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص علم دین پڑھتے ہوئے یا پڑھاتے ہوئے مر گیا یا نماز کو جاتے ہوئے راستہ میں مر گیا، یا حج کو جاتے ہوئے یا دینی کتب کی تصنیف و تالیف کے دوران مر گیا یا اللہ کی رضا جوئی میں کسی بھی نیک کام کو جاتے ہوئے یا نیک کام کرتے ہوئے مر گیا تو وہ شہید ہے، اس طرح چودہ اقسام ہو گئیں اور یہ چودھویں قسم متعدد اقسام کو متضمن ہے۔

امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں:

عن عبد اللہ بن نوفل قال: قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم المیت فی سبیل اللہ شهید۔[2]

حضرت عبداللہ بن نوفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اللہ کی راہ میں مرنے والا شہید ہے۔

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہے:

عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم من مات فی سبیل اللہ فهو شهید۔[3]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ کے راستہ میں مر جائے وہ شہید ہے۔

ایک روایت میں پہاڑ سے گر کر مرنے والے اور جس کو درندے کھالیں اس کو بھی شہید فرمایا ہے، اس طرح سولہ اقسام ہو گئیں۔

امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں:

عن ابن مسعود قال ان من یتردی من رؤوس الجبال و تاکله السباع، و یغرق فی البحر یشهد عند اللہ۔[4]

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جو شخص پہاڑ کی چوٹیوں سے گر کر مر جائے اور جس کو درندے کھا جائیں اور جو سمندر میں ڈوب جائے وہ سب اللہ تعالیٰ کے نزدیک شہید ہیں۔

ایک روایت میں حالت نفاس میں مرنے والی عورت کو بھی شہید فرمایا ہے اس طرح سترہ اقسام ہو گئیں۔

امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں:

عن ابی هریرة قال، قال رسول اللہ صلی اللہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ

---

[1] امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ، مسند احمد ج ۲ ص ۴۴۱، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۵ ص ۲۶۸، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

[3] امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۴۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[4] امام عبدالرزاق بن ہمام متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۵ ص ۲۶۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

علیہ وسلم ما تعدون الشھید فیکم؟ قالوا من قتل فی سبیل اللہ، قال: ان شھداء امتی لقلیل اذا القتل فی سبیل اللہ شھادۃ، والغرق شھادۃ والطاعون شھادۃ والنفساء شھادۃ [1]

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کس شخص کو شہید شمار کرتے ہو؟ صحابہ نے کہا جو شخص اللہ کی راہ میں قتل کیا جائے، آپ نے فرمایا پھر تو میری امت کے شہداء بہت کم ہوں گے اللہ کی راہ میں قتل کیا جانا شہادت ہے، ڈوبنا شہادت ہے، طاعون شہادت ہے اور حالت نفاس میں مرنا شہادت ہے۔

ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے لیے رزق حلال کی طلب میں مر جائے یا اپنے اہل کے لیے رزق حلال کی طلب میں مر جائے تو وہ شہید ہے اور ان دو کو ملا کر انیس اقسام ہو گئیں۔

امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں:

عن ایوب قال: اشرف علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ رجل من قریش من راس تل، فقالوا ما اجلد ھذا الرجل! لو کان جلدہ فی سبیل اللہ، ——— فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم او لیس فی سبیل اللہ الا من قتل؟ ثم قال من خرج فی الارض یطلب حلالا یکف بہ اھلہ فھو فی سبیل اللہ ومن خرج یطلب حلالا یکف بہ نفسہ فھو فی سبیل اللہ ومن خرج یطلب التکاثر فھو فی سبیل الشیطان [2]

حضرت ایوب بیان کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب نے ٹیلہ کی چوٹی سے قریش کے ایک آدمی کو آتے دیکھا، صحابہ نے کہا یہ شخص کتنا طاقتور ہے، کاش اس کی طاقت اللہ کے راستے میں خرچ ہوتی، اس پر نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا صرف وہی شخص اللہ کے راستہ میں ہے جو قتل کر دیا جائے؟ پھر فرمایا جو شخص اپنے اہل کو سوال سے روکنے کے لیے حلال کی طلب میں نکلے وہ بھی اللہ کے راستہ میں ہے اور جو شخص اپنے آپ کو سوال سے روکنے کے لیے حلال کی طلب میں نکلے وہ بھی اللہ کے راستہ میں ہے، البتہ جو شخص مال کی کثرت کی طلب میں نکلے وہ شیطان کے راستہ میں ہے۔

ایک روایت میں ہے جو شخص بھی کسی مصیبت میں مبتلا ہو کر فوت ہو وہ شہید ہے، اس کے ساتھ بیس اقسام ہو گئیں۔

امام ابن ابی شیبہ روایت کرتے ہیں:

عن مسروق قال: الطاعون والبطن والنفساء والغرق وما اصیب بہ مسلم فھو لہ شھادۃ [3]

مسروق بیان کرتے ہیں کہ طاعون، پیٹ کی بیماری، نفاس میں عورت کا مرنا، ڈوبنا اور مسلمان کو جس مصیبت (حادثہ) کی وجہ سے بھی موت آئے وہ شہادت ہے۔

---

[1] امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۵ ص ۲۷۱ - ۲۷۰، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

[2] " " " ، المصنف ج ۵ ص ۲۷۲ - ۲۷۱

[3] امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ عبسی متوفی ۲۳۵ھ، المصنف ج ۵ ص ۳۳۳، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ

ایک حدیث میں ہے جو شخص اللہ تعالیٰ سے صدق دل کے ساتھ شہادت کی دعا کرے تو اس کو بھی شہادت کا مرتبہ ملتا ہے اور یہ اکیسویں قسم ہے۔

امام حاکم نیشاپوری روایت کرتے ہیں:

عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال، من سأل اللہ القتل فی سبیل اللہ صادقا ثم مات اعطاہ اللہ اجر شہید۔[۱]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے صدق دل سے اللہ کی راہ میں قتل ہونے کا سوال کیا اور پھر مر گیا تو اللہ تعالیٰ اس کو شہید کا اجر عطا فرمائے گا۔

امام دارمی روایت کرتے ہیں:

عن سہل بن حنیف ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال، من سأل اللہ الشہادۃ صادقا من قلبہ بلغہ اللہ منازل الشہداء و ان مات علی فراشہ۔[۲]

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے صدق دل کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت کو طلب کیا، اللہ تعالیٰ اس کو شہداء کے درجات پر پہنچائے گا خواہ وہ شخص بستر پر فوت ہو۔

صحیح مسلم کی حدیث نمبر ۴۸۱۵ میں بھی یہی ہے۔

بعض روایات میں ہے کہ پھیپھڑوں کی بیماری (مثلاً تپ دق) اور سفر میں مرنے والا بھی شہید ہے، ان دو کو ملا کر تئیس قسمیں ہوگئیں۔

حافظ الہیثمی بیان کرتے ہیں:

عن عبد الملک بن ہارون بن عنترۃ عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قتل فی سبیل اللہ فہو شہید والمتردی شہید، والنفساء شہید والغرق شہید نزاد الحلوانی والسل شہید والحریق شہید والغریب شہید۔[۳]

عبد الملک بن ہارون اپنی سند کے ساتھ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی راہ میں قتل کیا جائے وہ شہید ہے، پہاڑ سے گر کر مرنے والا شہید ہے، نفاس میں مرنے والی عورت شہید ہے، ڈوب کر مرنے والا شہید ہے، حلوانی نے یہ اضافہ کیا ہے کہ پھیپھڑوں کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے، جل کر مرنے والا شہید ہے، اور سفر میں مرنے والا شہید ہے۔

ایک حدیث میں ہے جو شخص دن میں پچیس بار یہ دعا کرے اللھم بارک لی فی الموت و فیما بعد الموت پھر وہ فوت ہوا اللہ تعالیٰ اس کو شہید کا اجر عطا فرمائے گا، اس کے ساتھ چوبیس قسمیں ہوگئیں۔

عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ

---

[۱] امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ، المستدرک ج ۲ ص ۷۷، مطبوعہ دارالباز للنشر والتوزیع، مکہ مکرمہ

[۲] امام عبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی متوفی ۲۵۵ھ، مسند دارمی ج ۲ ص ۱۲۵، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

[۳] حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵ ص ۳۰۱، مطبوعہ دارالکتاب العربی، ۱۴۰۲ھ

علیہ وسلم من قال فی یوم خمسا وعشرین مرۃ اللھم بارک فی الموت وفیما بعد الموت ثم مات علی فراشہ اعطاہ اللہ اجر شہید۔[1]

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے ایک دن میں پچیس بار یہ دعا کی، "اللھم بارک فی الموت وفیما بعد الموت" اس کو اللہ تعالیٰ شہید کا اجر عطا فرمائے گا۔

ایک حدیث میں ہے کہ نیزہ کی ضرب سے مرنا بھی شہادت ہے، اور یہ پچیس قسمیں ہو گئیں۔
امام علی متقی ابن تائع کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

عن ربیع الانصاری الطعن والطاعون والھدم واکل السبع والغرق والحرق والبطن وذات الجنب شھادۃ۔[2]

حضرت ربیع انصاری بیان کرتے ہیں کہ نیزہ کی ضرب، طاعون، کسی چیز کے نیچے دب کر مرنا، درندوں کا کھانا، آگ میں جلنا، پیٹ کی بیماری میں مرنا اور نمونیہ شہادت ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص کسی پر عاشق ہو گیا اور حرام سے بچا وہ بھی شہید ہے، اور یہ چھبیس قسمیں ہو گئیں۔
علامہ علی متقی بیان کرتے ہیں:

عن عائشۃ من عشق فعف ثم مات مات شھیدا۔[3]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جو شخص کسی پر عاشق ہو گیا اور اس نے اپنے آپ کو حرام کاری سے بچایا، پھر مر گیا وہ شہید ہے۔

ایک حدیث میں ہے جو شخص بخار کی بیماری میں مرے وہ شہید ہے اور یہ ستائیس اقسام ہو گئیں۔
امام علی متقی بیان کرتے ہیں:

عن انس الحمی شھادۃ۔[4]

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ بخار شہادت ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ جو شخص سرحد کی حفاظت کرتے ہوئے مر جائے وہ شہید ہے، اب اٹھائیس قسمیں ہو گئیں۔
امام علی متقی سنن ابن ماجہ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ من مات مرابطا مات شھیدا۔[5]

جو شخص سرحد کی حفاظت کرتے ہوئے مر گیا وہ شہید ہے۔

ایک روایت میں ہے جو شخص کسی گڑھے میں گر کر مر گیا وہ شہید ہے، اب انتیس قسمیں ہو گئیں۔
امام علی متقی بیان کرتے ہیں:

عن عبید اللہ بن جبیر وما تعدون الشھادۃ

حضرت عبداللہ بن جبیر سے روایت ہے "کیا تم مر...

---

[1] حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۵، ص ۳۰۱، مطبوعہ دار الکتاب العربی، ۱۴۰۲ھ
[2] امام علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۴ ص ۴۱۶، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۵ھ
[3] 〃 〃 〃 ، کنز العمال ج ۴، ص ۴۱۶، 〃 〃 〃
[4] 〃 〃 〃 ، کنز العمال ج ۴، ص ۴۱۶، 〃 〃 〃
[5] 〃 〃 〃 ، کنز العمال ج ۴، ص ۴۱۸، 〃 〃 〃

الا من قتل فی سبیل اللہ ؟ ان شہداء کم اذا لقلیل؛ القتل فی سبیل اللہ شہادۃ، والبطن شہادۃ والحرق شہادۃ والغرق شہادۃ، والمغموم یعنی الہدم شہادۃ والمجنون شہادۃ والمرأۃ تموت بجمع شہادۃ۔[1]

اس کو شہید سمجھتے ہو جو اللہ کے راستہ میں قتل کیا جائے پھر تو تمہارے شہداء بہت کم ہوں گے، اللہ کی راہ میں قتل کیا جانا شہادت ہے، پیٹ کی بیماری میں مرنا شہادت ہے، جل کر مرنا شہادت ہے، ڈوب کر مرنا شہادت ہے، کسی چیز کے نیچے دب کر مرنا شہادت ہے، گڑھے میں گر کر مرنا شہادت ہے، عورت کا دردِ زہ میں مرنا شہادت ہے۔

ایک حدیث میں ہے جس شخص کو ظلماً قتل کیا جائے وہ شہید ہے اور یہ تیسویں قسم ہے۔

امام علی متقی مسند احمد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

عن ابن عمرو ما من مسلم یظلم مظلمۃ فیقاتل الا قتل شہیدا۔[2]

حضرت ابن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جس شخص پر ظلم کیا جائے وہ لڑے اور مارا جائے تو وہ شہید ہے۔

ایک حدیث میں ہے جو شخص اپنے حق کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے اور یہ اکتیسویں قسم ہے۔

امام علی متقی بیان کرتے ہیں:

عن سوید بن مقرن من قتل دون مظلمتہ فہو شہید۔[3]

حضرت سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جو شخص اپنے حق کی خاطر مارا جائے وہ شہید ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ جو شخص اللہ کی راہ میں بستر پر فوت ہو وہ بھی شہید ہے اور جس کو سانپ یا بچھو ڈس لے وہ بھی شہید ہے، جو اچھو سے مر جائے وہ شہید ہے، اس طرح چونتیس قسمیں ہو گئیں۔

امام علی متقی، طبرانی کے حوالے سے روایت کرتے ہیں:

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المقتول فی سبیل اللہ شہید والمرء یموت علی فراشہ فی سبیل اللہ شہید والمبطون شہید، والملدوغ شہید، والغریق شہید، والشریق شہید والذی یفترسہ السبع شہید والخار عن دابتہ شہید وصاحب الہدم شہید وصاحب ذات الجنب شہید، والنفساء یقتلہا ولدہا یجرہا بسررہ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں قتل کیا جانے والا شہید ہے، جو شخص اللہ کی راہ میں بستر پر مرے وہ شہید ہے، سانپ یا بچھو سے ڈسا جانے والا شہید ہے، ڈوبنے والا شہید ہے، اچھو سے مرنے والا شہید ہے، جس کو درندہ پھاڑ کھائیں وہ شہید ہے، جو سواری سے گر جائے وہ شہید ہے جو دب کر مر جائے وہ شہید ہے، جو نمونیہ سے مر جائے وہ شہید ہے اور جو عورت نفاس میں مر جائے اس کا بچہ اس

---

[1] امام علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۴ ص ۴۱۹، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت ۱۴۰۵ھ

[2] 〃 〃 〃 〃، کنز العمال ج ۴ ص ۴۲۰، 〃 〃 〃

[3] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

الی الجنۃ ۔ [1] کراپنی ناف سے گھسیٹ کر جنت میں لے جائے گا۔

ایک حدیث میں ہے جو شخص پڑوسی کی حفاظت کرتا ہوا مر جائے وہ شہید ہے، یہ پینتیسویں قسم ہے۔

امام علی متقی ابن نجار کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

عن ابن عباس من قتل دون اھلہ ظلما فھو شھید، ومن قتل دون مالہ ظلما فھو شھید ومن قتل دون جارہ ظلما فھو شھید ومن قتل فی ذات اللہ فھو شھید۔ [2]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جو شخص اپنے اہل کی حفاظت کرتے ہوئے ظلماً مارا گیا وہ شہید ہے، جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتا ہوا ظلماً مارا گیا وہ شہید ہے، جو شخص اپنے پڑوسی کی حفاظت کرتے ہوئے ظلماً مارا گیا وہ شہید ہے، اور جو شخص اللہ کی ذات کی وجہ سے مارا گیا وہ شہید ہے۔

بعض احادیث میں ہے کہ جو شخص چھت سے گرے اور ٹانگ یا گردن ٹوٹنے کی وجہ سے وہ مر جائے وہ شہید ہے جس شخص کے اوپر پتھر گرے اور وہ مر جائے وہ شہید ہے، جو عورت اپنے خاوند پر (کسی عورت کی وجہ سے) غیرت کرتی ہو اس کو شہید کا اجر ملے گا اور جو نیکی کا حکم دیتا ہو اور برائی سے روکتا ہو وہ بھی شہید ہے، اور جو اپنے بھائی کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے اور یہ چالیس قسمیں ہو گئیں۔

امام علی متقی ابن عساکر کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الغریق شھید، والحریق شھید، والغریب شھید، والملدوغ شھید، والمبطون شھید، ومن یقع علیہ البیت فھو شھید، ومن یقع من فوق البیت فتندق رجلہ او عنقہ فیموت فھو شھید، ومن تقع علیہ الصخرۃ فھو شھید والغیری علی زوجھا کالمجاھد فی سبیل اللہ فلھا اجر شھید، ـــــ ومن قتل دون مالہ فھو شھید ومن قتل دون نفسہ فھو شھید ومن قتل دون اخیہ فھو شھید ومن قتل دون جارہ فھو شھید والامر بالمعروف والناھی عن المنکر شھید۔ [3]

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غرق ہونے والا شہید ہے، جلنے والا شہید ہے، مسافر شہید ہے، سانپ سے ڈسا جانے والا شہید ہے، پیٹ کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے، جس کے اوپر چھت گر جائے وہ شہید ہے، جو شخص چھت سے گرے اور ٹانگ یا گردن ٹوٹنے کی وجہ سے مر جائے وہ شہید ہے، جس پر پتھر گرے اور وہ مر جائے وہ شہید ہے، جو عورت اپنے خاوند پر غیرت کرتی ہو وہ مجاہد فی سبیل اللہ کی طرح ہے اور اس کے لیے شہید کا اجر ہے، جو شخص اپنے مال کی حفاظت میں مارا جائے وہ شہید ہے، جو اپنی جان کی حفاظت میں مارا جائے وہ شہید ہے، جو اپنے بھائی کی حفاظت میں مارا جائے وہ شہید ہے، جو اپنے پڑوسی کی حفاظت میں مارا جائے وہ شہید ہے

---

[1] امام علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۴ ص ۴۲۷، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۵ھ

[2] " " " " " " ، کنز العمال ج ۴ ص ۴۲۵،

[3] " " " " " " ، کنز العمال ج ۴ ص ۴۲۵،

جو شخص نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے وہ شہید ہے۔
ایک حدیث میں ہے جو شخص اللہ کی راہ میں ہو اور اس کو سواری گرا دے وہ شہید ہے (اس میں ٹریفک کے ہر قسم کے حادثات شامل ہیں اور اللہ کی راہ میں ہونا اس سے عام ہے کہ وہ جہاد کے لیے جائے یا رزق کمانے کے لیے یا کسی عبادت کے لیے یا کسی بھی نیک کام کے لیے) یا اس کو حشرات الارض میں سے کوئی ڈس لے یا اس کو کسی بھی طرح موت آ جائے وہ شہید ہے، یہ تینتالیس اقسام ہو گئیں۔
امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں:

عن ابی مالك الاشعری قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول من فصل فی سبیل الله عز وجل فمات او قتل فهو شهید او وقصه فرسه او بعیره او لدغته هامة او مات علی فراشه وبای حتف شاء الله فانه شهید وان له الجنة [1]

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص اللہ عز وجل کے راستہ میں نکلا پھر مر گیا یا قتل کر دیا گیا وہ شہید ہے یا جس شخص کو گھوڑے یا اونٹ نے گرا دیا یا جس شخص کو حشرات الارض میں سے کسی نے ڈس لیا یا جو شخص (اس کی راہ میں) بستر پر مر گیا، یا جس طرح بھی اللہ نے چاہا اس کو موت آ گئی تو وہ شہید ہے اور اس کے لیے جنت ہے۔

ایک حدیث میں ہے جو شخص طاعون کی جگہ سے نہ بھاگے اس کو شہید کا اجر ملے گا، اور یہ چوالیسویں قسم ہے۔
امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن عائشة انها سالت رسول الله صلی الله علیه وسلم عن الطاعون فقال كان عذابا یبعثه الله علی من یشاء فجعله الله رحمة للمؤمنین ما من عبد یکون فی بلد ة یکون فیه ویمکث فیه لا یخرج من البلدة صابرا محتسبا یعلم انه لا یصیبه الا ما کتب الله له الا کان له مثل اجر شهید۔ [2]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے طاعون کے متعلق سوال کیا، آپ نے فرمایا طاعون ایک عذاب ہے جسے اللہ تعالیٰ جس قوم پر چاہتا ہے بھیج دیتا ہے، اور مسلمانوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے طاعون کو رحمت بنا دیا، سو جو مسلمان کسی ایسے شہر میں ہو جس میں طاعون پھیلا ہوا ہو وہ اسی شہر میں ٹھہرا رہے اور صبر اور ثواب کی نیت کر کے اس شہر سے نہ نکلے اور اس پر یقین رکھے کہ جو چیز اللہ نے اس کے لیے مقرر کر دی ہے وہ ہو کر رہے گی تو اس کو شہید کا اجر ملے گا۔

---

[1] امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ، سنن ابوداؤد ج ا ص ۳۳۸، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور، ۱۴۰۵ھ
[2] امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری ... نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۸۱ھ

ایک اور حدیث میں ہے جو شخص کسی بھی بیماری میں فوت ہو وہ شہید ہے اور اب شہداء کی پینتالیس قسمیں ہو گئیں۔
امام ابن ماجہ روایت کرتے ہیں:

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من مات مریضاً مات شھیدا ووقی فتنۃ القبر وغدی وریح علیہ برزقہ من الجنۃ۔[1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بیماری میں مرا وہ شہید ہو کر مرا اس کو قبر کے فتنہ سے محفوظ رکھا جائے گا اور اس کو صبح و شام جنت سے رزق دیا جائے گا۔

میں نے بعض حواشی میں پڑھا تھا کہ علامہ سیوطی نے حکمی شہداء کی تعداد میں ایک رسالہ لکھا ہے اور اس سلسلہ میں احادیث اور آثار سے تیس حکمی شہداء کا بیان کیا ہے، مجھے وہ رسالہ دستیاب نہیں ہو سکا، تاہم میں نے توکلاً علی اللہ کتب احادیث میں ایسی احادیث کو تلاش کیا جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی خاص عمل پر شہادت کی بشارت دی ہو، اور "من جد وجد" کے مصداق الحمد للہ مجھے ایسی صریح احادیث مل گئیں جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پینتالیس مختلف عملوں پر شہادت کی بشارت دی ہے، اس سے پہلے میرے علم میں ایسی کوئی تصنیف نہیں ہے جس میں احادیث کے حوالوں سے حکمی شہداء کی تعداد کو بیان کیا گیا ہو، روایات میں علامہ سیوطی کی نظر بہت وسیع ہے لیکن انہوں نے بھی بقول علامہ شامی احادیث کے حوالوں سے "تیس شہداء" کا بیان کیا ہے اور میں ان کے سامنے طفل مکتب اور بالکل تہی دامن ہوں اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے مجھے احادیث کے حوالوں سے پینتالیس شہداء کا بیان کرنے کی توفیق دی، ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء والله ذو الفضل العظيم۔

ہر مومن کامل شہید ہے

حکمی شہداء کی تعداد کے سلسلہ میں تتبع اور چھان بین کرتے ہوئے مجھ پر یہ منکشف ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہر مومن کامل شہید ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

والذين آمنوا بالله ورسله اولئك هم الصديقون والشهداء عند ربهم لهم اجرهم ونورهم۔ (الحدید: ۱۹)

جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر (کامل) ایمان لائے، وہی اللہ کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں اور ان کے رب کے پاس ان کا اجر اور ان کا نور ہے۔

فقہاء تابعین میں سے حضرت مجاہد کا قول یہ ہے کہ ہر مومن شہید ہے۔
امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں:

عن مجاهد كل مؤمن شهيد ثم تلا والذين آمنوا بالله ورسله اولئك هم الصديقون والشهداء۔[2]

مجاہد بیان کرتے ہیں کہ ہر مومن شہید ہے پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی (ترجمہ) جو لوگ اللہ اور اس کے رسول پر (کامل) ایمان لائے، وہی اللہ کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں۔

[1] امام ابو عبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ، سنن ابن ماجہ ص ۱۱۷، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی،
[2] امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ، المصنف ج ۵ ص ۲۶۹، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ

علامہ آلوسی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یہ لوگ اپنے رب عزوجل کے نزدیک یعنی اس کے علم اور اس کے حکم میں صدیق اور شہید ہیں، اور اس آیت سے مراد یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے درجات اور مقامات کی بلندیوں میں صدیقین اور شہداء کے درجہ میں ہیں، بعض علماء نے کہا ہے کہ یہاں شہداء سے مراد یہ ہے کہ قیامت کے دن یہ لوگ دوسری امتوں اور انبیاء علیہم السلام کے متعلق گواہی دیں گے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے: وکذلک جعلنٰکم امۃ وسطا لتکونوا شھداء علی الناس لیکن پہلی تفسیر کی تائید میں بکثرت احادیث اور آثار مروی ہیں، اس لیے وہی تفسیر راجح ہے۔

امام ابن جریر نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت کے مومن شہداء ہیں پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی: والذین اٰمنوا باللہ ورسلہ اولٰئک ھم الصدیقون والشھداء عند ربھم "جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر (کامل) ایمان لائے وہی لوگ اللہ کے نزدیک صدیق اور شہداء ہیں" اور ابن ابی حاتم نے روایت کیا ہے کہ ایک دن حضرت ابوہریرہ نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں سے کہا "تم میں سے ہر شخص صدیق اور شہید ہے" کہا گیا اے ابوہریرہ آپ کیا کہہ رہے ہیں، حضرت ابوہریرہ نے کہا قرآن مجید کی یہ آیت پڑھو والذین اٰمنوا باللہ ورسلہ (الایۃ) اور امام عبدالرزاق نے مجاہد سے روایت کیا ہے کہ ہر مومن شہید ہے اور اس پر انہوں نے اس آیت سے استدلال کیا، عبد بن حمید نے عمرو بن میمون سے اس کی مثل روایت کی ہے اور امام ابن حبان نے عمرو بن مرہ جہنی سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص نے آکر عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ بتلائیے کہ اگر میں یہ گواہی دوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور آپ اللہ کے رسول برحق ہیں اور پانچ نمازیں پڑھوں، زکوٰۃ ادا کروں اور رمضان کے روزے رکھوں اور رمضان میں قیام کروں تو پھر میں کن لوگوں میں سے ہوں گا؟ آپ نے فرمایا صدیقین اور شہداء میں سے۔

علامہ آلوسی فرماتے ہیں: مناسب یہ ہے کہ اس آیت میں مومن سے مراد وہ شخص ہو جس کا ایمان کامل اور قابل شمار ہو اور یہ وہی شخص ہو گا جو اللہ تعالیٰ کی قابل ذکر عبادت کرتا ہو ورنہ یہ بات بہت بعید ہے کہ جو شخص نفسانی تقاضوں اور شہوات میں ڈوبا ہوا ہو اور اللہ تعالیٰ کی عبادات سے غافل ہو وہ قیامت کے دن صدیقین اور شہداء کے زمرہ میں ہو اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ ایک دن حضرت عمر نے لوگوں سے کہا یہ بتاؤ کہ جو شخص لوگوں کی عزت و ناموس کی پردہ دری کرتا ہو تم اس کی مذمت کیوں نہیں کرتے، لوگوں نے کہا ہم اس کی بدزبانی سے ڈرتے ہیں، حضرت عمر نے فرمایا پھر تم ان لوگوں میں سے نہیں ہو جو قیامت کے دن ان امتوں کے خلاف گواہی دیں گے جنہوں نے اپنے انبیاء کی تکذیب کی تھی! اسی طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: اللعانون لا یکونون شھداء "لعنت کرنے والے گواہی نہیں دیں گے" اور امام ابن مردویہ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنی جان اور اپنے دین پر فتنہ کے خوف سے اپنے دین کو بچانے کے لیے ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ کی طرف بھاگا تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کو صدیق لکھ دیا جاتا ہے اور جب وہ مر جائے تو اللہ تعالیٰ شہید کی طرح اس کی روح کو قبض کرتا ہے، پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: والذین اٰمنوا باللہ ورسلہ اولٰئک ھم الصدیقون والشھداء پھر آپ نے فرمایا وہ شخص ان میں داخل ہے، پھر آپ نے فرمایا جو لوگ اپنے دین کو بچانے کے [illegible] بھاگتے ہیں وہ قیامت کے دن [illegible]

حضرت عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) کے درجہ میں ہوں گے، علامہ آلوسی لکھتے ہیں یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپ نے جو فرمایا ہے کہ وہ شخص ان صدیقین اور شہداء میں داخل ہے، اس سے یہ مراد ہو کہ وہ ان میں سب سے پہلے داخل ہوگا، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درجہ سے مراد اس جیسا درجہ ہے۔

ضحاک سے ایک یہ روایت بھی منقول ہے کہ یہ آیت ابتداءً اسلام میں سبقت کرنے والے آٹھ صحابہ کے حق میں نازل ہوئی وہ یہ ہیں: حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت حمزہ، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، اور حضرت سعد رضی اللہ عنہم لیکن اہل علم پر مخفی نہیں ہے مورد کی خصوصیت کے مقابلہ میں الفاظ کے عموم کا اعتبار کیا جاتا ہے۔

بعض مفسرین نے کہا اولئك هم الصديقون ۔ تک ایک جملہ پورا ہوگیا اور والشهداء عند ربهم لهم اجرهم ونورهم ۔ سے نیا جملہ شروع ہے پھر اس تقدیر پر یہ بھی اختلاف ہے کہ شہداء سے مراد شہداء فی سبیل اللہ ہیں یا انبیاء مراد ہیں جو قیامت کے دن شہادت دیں گے، علامہ ابوالحیان اندلسی نے اسی تفسیر کو اختیار کیا ہے، (علامہ آلوسی فرماتے ہیں) جو شخص انصاف سے کام لے گا اس کو اس پر یقین ہوگا کہ ہم نے احادیث اور آثار کی روشنی میں جو پہلی تفسیر بیان کی ہے وہی صحیح تفسیر ہے۔[1]

شہداء کی تعداد کے بیان کے سلسلہ میں میں نے کافی محنت کی ہے اور اس سلسلہ میں بہت تفصیل اور تحقیق کی ہے، اللہ تعالیٰ میری اس محنت کو قبول فرمائے اور مجھے بھی درجہ شہادت پر فائز فرمائے، آمین یا رب العالمين بحرمة نبيك محمد خاتم النبيين سيد المرسلين صلوات الله عليه وعلى آله واصحابه وازواجه وذرياته اجمعين۔

شہید کی وجہ تسمیہ

علامہ نووی لکھتے ہیں: نضر بن شمیل نے کہا ہے کہ اللہ کی راہ قتل کیے جانے والے کو شہید اس لیے کہتے ہیں کہ وہ زندہ ہوتا ہے اور اس کی روح جنت میں شاہد اور موجود ہوتی ہے اس کے برخلاف دوسرے مسلمانوں کی ارواح صرف قیامت کے دن جنت میں شاہد اور موجود ہوں گی، اور ابن الانباری نے کہا کہ اس کو شہید اس لیے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اور فرشتے اس کے حق میں جنت کی شہادت دیتے ہیں سو یہاں پر شہید مشہود له بالجنة کے معنی میں ہے، ایک قول یہ ہے اس کو اس لیے شہید کہتے ہیں کہ اس کی روح جسم سے نکلتے ہی اس اجر و ثواب پر شاہد اور موجود ہو جاتی ہے جو اس کے لیے مقدر کیا گیا ہے ایک قول یہ ہے کہ شہادت کے وقت رحمت کے فرشتے اس کے پاس شاہد اور موجود ہوتے ہیں اور وہ اس کی روح لے جاتے ہیں، ایک قول یہ ہے کہ اس کا شہید ہونا اس کے ایمان اور خاتمہ بالخیر کی شہادت دیتا ہے، ایک قول یہ ہے کہ اس کے شہید ہونے پر اس کا خون اور اس کے زخم شاہد اور گواہ ہوتے ہیں، ازہری وغیرہ نے یہ کہا ہے کہ یہ قیامت کے دن دوسری امتوں پر شہادت اور گواہی دے گا لیکن یہ چیز صرف شہید کے ساتھ خاص نہیں ہے۔[2]

حقیقی اور حکمی شہید کے غسل، نماز جنازہ اور دیگر احکام میں فقہاء شافعیہ کا مسلک

علامہ نووی شافعی لکھتے

---

[1] علامہ ابوالفضل شہاب الدین سید محمود آلوسی بغدادی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی ج ۲۷ ص ۱۸۳-۱۸۲، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۸۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

ہیں، شہید کی تین قسمیں ہیں:

(۱)۔ جو شخص کفار کے خلاف جنگ میں کسی بھی سبب سے قتل کیا جائے، یہ شخص شہید الدنیا والآخرۃ ہے، اخروی شہادت کا ثمرہ اجر و ثواب اور عزت و کرامت ہے اور دنیاوی شہادت کا ثمرہ یہ ہے کہ اس کو غسل دیا جائے گا نہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی۔

(۲)۔ جو شخص پیٹ کی بیماری یا طاعون میں مر جائے یا دب کر مر جائے یا اپنے مال وغیرہ کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے یا اور کسی ایسی وجہ سے مارا جائے جس کو احادیث میں شہید فرمایا گیا ہے، یہ صرف اخروی ثواب کے اعتبار سے شہید ہے دنیاوی احکام کے اعتبار سے شہید نہیں ہے، اس کو غسل بھی دیا جائے گا اور اس کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی اور آخرت میں اس کا اجر و ثواب پہلی قسم کے شہید سے کم ہوگا۔

(۳)۔ جس شخص نے مال غنیمت میں خیانت کی یا اور کوئی ایسا کام کیا جس کی بنا پر احادیث میں اس کو شہید کہنے سے منع فرمایا ہے ایسا شخص جب کفار کے خلاف جنگ میں قتل کیا جائے تو یہ صرف دنیاوی احکام کے اعتبار سے شہید ہے یعنی اس کو غسل دیا جائے گا نہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، اور اخروی احکام کے اعتبار سے شہید نہیں اور اس کو شہداء کا کامل ثواب نہیں ملے گا۔ [۱]

حقیقی اور حکمی شہید کے غسل، نماز جنازہ اور دیگر احکام میں فقہاء مالکیہ کا مسلک

امام مالک اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب کو غسل دیا گیا، کفن پہنایا گیا اور وہ اللہ کی رحمت سے شہید تھے۔ امام مالک یہ فرماتے ہیں کہ اہل علم سے ان کو یہ بات پہنچی ہے کہ جو مسلمان اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہو جائیں، ان کو غسل دیا جائے گا نہ اس ان میں سے کسی کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، اور جن کپڑوں میں وہ قتل کیے گئے ہیں انھیں میں ان کو دفن کر دیا جائے گا، امام مالک فرماتے ہیں جو مسلمان میدان کارزار میں قتل کر دیا جائے اور موت تک اس کا پتا نہ چلے اس کے بارے میں یہی سنت ہے، لیکن جس شخص کو میدان جنگ سے اٹھا کر لایا گیا اور جب تک اللہ نے چاہا وہ زندہ رہا تو اس کو غسل بھی دیا جائے گا اور اس کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی، جیسا کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا گیا تھا۔ [۲]

علامہ ابوالولید باجی مالکی لکھتے ہیں:

شہادت ایک ایسی فضیلت ہے جس کی بنا پر، غسل میت کی فرضیت، اس کو نئے کفن پہنانے کا حکم اور اس کی نماز جنازہ کی فرضیت ساقط ہو جاتی ہے، امام شافعی کا بھی یہی مسلک ہے اور امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں کہ شہید کو غسل نہیں دیا جائے گا لیکن اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی۔ علامہ باجی فرماتے ہیں یہ حکم اس مقتول کے بارے میں ہے جو اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے نکلا ہو، لیکن جس شخص نے اپنے گھر کے اندر کسی دشمن سے مدافعت میں جنگ کی اور وہ

[۱] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۸۱، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

[۲] امام مالک بن انس اصبحی متوفی ۱۷۹ھ، موطا امام مالک ص ۔۔۔، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور

قتل کر دیا گیا تو ابن قاسم یہ کہتے ہیں کہ اس کو غسل دیا جائے گا اور اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی، اور ابن وہب اور اشہب یہ کہتے ہیں کہ اس کو غسل دیا جائے گا نہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، یہ اختلاف اس وقت ہے جب اس نے اپنی مدافعت میں جنگ کی ہو اور اگر اس نے مدافعت نہیں کی اور دشمن نے بغیر مزاحمت کے اس کو قتل کر دیا، مثلاً اچانک دشمن آ کر اس پر ٹوٹ پڑے یا اس کو سوتے میں قتل کر دیا یا قید کرنے کے بعد قتل کر دیا تو اشہب کہتے ہیں کہ اس کو غسل بھی دیا جائے گا اور اس کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی اور سحنون اور اصبغ کہتے ہیں کہ اس کو نہ غسل دیا جائے گا نہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہی حال تھا ان کو جنگ میں نہیں بلکہ غفلت میں قتل کیا گیا تھا اور اس قتل میں ان کی طرف سے کوئی مزاحمت نہیں تھی اور ان کو غسل بھی دیا گیا اور ان کی نماز جنازہ بھی پڑھی گئی اور یہ عمل تمام صحابہ کے سامنے ہوا اس پر اجماع ہو گیا۔ (علامہ ابوالولید نے امام سحنون اور اصبغ کی طرف سے جو دلیل پیش کی ہے وہ ان کے قول کے بالکل برعکس ہے۔ سعیدی غفرلہ) [1]

حقیقی اور حکمی شہید کے غسل، نماز جنازہ اور دیگر احکام میں فقہاء حنبلیہ کا مسلک

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں:

شہید جب میدان جہاد میں قتل کیا گیا ہو تو اس کو غسل دیا جائے گا نہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، غسل کے معاملہ میں تمام اہل علم کا اتفاق ہے، البتہ حسن بصری اور سعید بن مسیب کا قول یہ ہے کہ شہید کو غسل دیا جائے گا کیونکہ ہر میت موت کے وقت جنبی ہوتا ہے، تاہم شہید کو غسل نہ دینے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کی اقتداء کرنا زیادہ لائق ہے۔

شہید کی نماز جنازہ کے متعلق صحیح قول یہ ہے کہ اس کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے، امام مالک، امام شافعی اور اسحاق کا یہی قول ہے اور امام احمد سے دوسری روایت یہ ہے کہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے، اس قول کو خلال نے اختیار کیا ہے اور یہی ثوری اور امام ابوحنیفہ کا قول ہے، امام احمد کے اس قول کی تشریح یہ ہے کہ شہید کی نماز جنازہ مستحب ہے واجب نہیں ہے، ایک جگہ امام احمد نے کہا اگر شہید کی نماز جنازہ پڑھ لی تو کوئی حرج نہیں۔ اور ایک جگہ کہا کہ شہید پر نماز جنازہ پڑھنا اچھا ہے اور اگر نہیں پڑھی تو بھی ٹھیک ہے، ان دونوں روایتوں سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ امام احمد کے نزدیک شہید کی نماز جنازہ مستحب ہے واجب نہیں ہے، استحباب کی دلیل یہ ہے کہ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم احد کی طرف تشریف لے گئے اور شہداء احد پر اس طرح نماز پڑھی جس طرح میت پر نماز پڑھی جاتی ہے، پھر منبر پر لوٹ آئے (صحیح بخاری و صحیح مسلم) اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کی نماز جنازہ پڑھی۔

(علامہ ابن قدامہ لکھتے ہیں) ہماری دلیل یہ ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا کہ شہداء احد کو ان کے خون کے ساتھ دفن کر دیا جائے، آپ نے ان کو غسل دیا نہ ان کی نماز جنازہ پڑھی، اور حضرت عقبہ کی حدیث شہداء احد کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ آپ نے آٹھ سال بعد ان کی قبروں پر نماز پڑھی تھی حالانکہ ان کی قبروں

---

[1] علامہ ابوالولید سلیمان بن عبد الملک باجی اندلسی متوفی ۴۹۴ھ، المنتقی ج ۳ ص ۲۱۰، مطبوعہ مطبع السعادۃ مصر، ۱۳۳۲ھ

پر نماز بالکل نہیں پڑھی جاتی تھی، شہید کو غسل نہ دینے کی وجہ یہ ہے کہ اس کے بدن سے شہادت کے آثار نہ زائل ہو جائیں کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے تم میں سے جو شخص بھی اللہ کی راہ میں زخمی ہوگا اور اللہ کو خوب علم ہے کہ کون اس کی راہ میں زخمی ہو رہا ہے، وہ قیامت کے دن جب آئے گا تو اس کے خون کا رنگ خون کی طرح ہوگا اور اس سے خوشبو مشک کی آ رہی ہوگی، اور شہید سے نماز جنازہ ساقط ہونے کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں اور نماز جنازہ مُردوں کی پڑھی جاتی ہے (اس دلیل پر یہ اعتراض ہوگا کہ پھر شہید کو دفن بھی نہیں کرنا چاہیے کیونکہ دفن مُردوں کو کیا جاتا ہے اور شہداء زندہ ہوتے ہیں۔ سعیدی غفرلہ) اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ نماز جنازہ میں میت کی شفاعت کی جاتی ہے اور شہید شفاعت سے مستغنی ہوتا ہے کیونکہ وہ خود اپنے گھر کے ستر افراد کی شفاعت کرتا ہے (اس دلیل پر بھی یہ اعتراض ہے کہ شہید سے حقوق العباد ساقط نہیں ہوتے اس لیے اس کو بھی بہرحال شفاعت کی احتیاج ہوتی ہے۔ سعیدی غفرلہ) [1]

جو شخص ظلماً قتل کیا گیا یا اپنے مال یا اپنی جان یا اپنے اہل وعیال کی طرف سے مدافعت کرتے ہوئے قتل کیا گیا۔ اس کے متعلق امام احمد سے دو روایتیں ہیں ایک یہ ہے کہ اس کو غسل دیا جائے گا خلال نے اسی قول کو اختیار کیا ہے، حسن بصری کا بھی یہی قول ہے اور امام شافعی اور امام مالک کا بھی یہی مذہب ہے، کیونکہ اس کا مرتبہ اس شخص کے مرتبہ سے کم ہے جو میدان جہاد میں شہید ہوتا ہے، امام احمد کا دوسرا قول یہ ہے کہ اس کو غسل دیا جائے گا نہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی کیونکہ یہ اس شخص کے مشابہ ہے جو میدان جہاد میں شہید ہوا ہو، شعبی، اوزاعی اور اسحاق کا بھی یہی قول ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے مال کے پاس قتل کیا گیا وہ شہید ہے۔

جو شخص بغیر قتل کے شہید ہو مثلاً جو شخص پیٹ کی بیماری میں مرا یا طاعون میں مرا یا ڈوب کر مرا یا چھت یا دیوار کے نیچے آ کر مرا یا عورت نفاس میں مری تو ان سب کو غسل بھی دیا جائے گا اور ان کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی، ہمارے علم میں کسی کا اس میں اختلاف نہیں ہے، البتہ حسن بصری سے یہ قول منقول ہے کہ نفاس میں مرنے والی عورت کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے کیونکہ وہ شہید ہے، اور ہماری دلیل یہ ہے کہ ایک عورت نفاس میں فوت ہو گئی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ پڑھی اور اس کے وسط میں کھڑے ہوئے، (صحیح بخاری وصحیح مسلم) اور حضرت سعد بن معاذ شہید ہوئے اور آپ نے ان کی نماز جنازہ پڑھی، اور حضرت عمر اور حضرت علی شہید ہوئے اور مسلمانوں نے ان کی نماز جنازہ پڑھی۔ [2]

حقیقی اور حکمی شہید کے غسل، نماز جنازہ اور دیگر احکام میں فقہاء احناف کا مسلک اور ائمہ ثلاثہ کے دلائل کے جوابات

شمس الائمہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں:

---

[1] علامہ موفق الدین ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۲ ص ۲۰۵-۲۰۴، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

[2] " " " " " " ص ۲۰۶

جب کسی شہید (مسلمان شخص) کو میدان جنگ میں قتل کر دیا جائے تو ہمارے نزدیک اس کو غسل نہیں دیا جائے گا اور اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، حسن بصری یہ کہتے ہیں کہ شہید کو غسل بھی دیا جائے گا اور اس کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی، ہماری دلیل یہ ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کے متعلق فرمایا "انہیں ان کے خون کے ساتھ کپڑوں میں لپیٹ دو اور ان کو غسل مت دو کیونکہ جو شخص بھی اللہ کی راہ میں زخمی ہوتا ہے وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کی رگوں سے خون بہ رہا ہو گا اس کا رنگ خون کی طرح ہو گا اور خوشبو مشک کی طرح ہو گی۔

امام شافعی رضی اللہ عنہ نے (اسی طرح امام مالک کا مذہب ہے اور امام احمد کا ایک قول ہے) کہا ہے کہ شہید کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی کیونکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد میں سے کسی کی نماز جنازہ نہیں پڑھی، نیز شہداء شہادت کی بناء پر گناہوں سے پاک ہو گئے اور نماز جنازہ میت کے لیے دعا اور شفاعت ہے اور وہ اس دعا اور شفاعت سے اس طرح مستغنی ہیں جس طرح غسل سے مستغنی ہیں نیز اللہ تعالیٰ نے شہداء کو زندہ قرار دیا ہے اور نماز جنازہ مردے کی پڑھی جاتی ہے زندہ کی نہیں پڑھی جاتی۔

(علامہ سرخسی فرماتے ہیں:) ہماری دلیل یہ ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کی نماز جنازہ پڑھی، حتیٰ کہ روایت ہے کہ آپ نے سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ کی ستر مرتبہ نماز جنازہ پڑھی، اور اس کی تاویل یہ ہے کہ حضرت حمزہ کا جسد آپ کے سامنے رکھا ہوا تھا، آپ کے سامنے ایک ایک کر کے شہید کو لایا جاتا اور آپ اس کی نماز جنازہ پڑھتے اس سے راوی نے یہ گمان کر لیا کہ آپ نے حضرت حمزہ کی ستر مرتبہ نماز جنازہ پڑھی ہے، اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے جو روایت ہے کہ شہداء احد میں سے کسی کی نماز جنازہ نہیں پڑھی گئی سو یہ ضعیف روایت ہے، اور اس کی یہ بھی تاویل ہے کہ حضرت جابر اس دن بہت مشغول تھے کیونکہ ان کے والد، ان کے بھائی اور ان کے ماموں سب شہید ہو گئے تھے اس لیے وہ مدینہ واپس چلے گئے تھے کہ ان لاشوں کو مدینہ لے جانے کی تدبیر کریں، سو جس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کی نماز جنازہ پڑھی وہ اس وقت حاضر نہ تھے، اس وجہ سے انہوں نے نماز نہ پڑھنے کی روایت کی اور جنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز جنازہ پڑھنے کا مشاہدہ کیا تو انہوں نے یہ حدیث روایت کی کہ آپ نے شہداء احد کی نماز جنازہ پڑھی (اور قاعدہ یہ ہے کہ جب کسی واقعہ کے متعلق نفی اور اثبات کی روایات متعارض ہوں تو اثبات کو ترجیح دی جاتی ہے۔ سعیدی غفرلہ) اور یہ بھی روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کی نماز جنازہ پڑھ لی، پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی سے یہ سنا "جس جگہ لاشیں گری ہیں ان کو اسی جگہ دفن کیا جائے" پھر حضرت جابر لوٹ آئے اور اپنے والد، بھائی اور ماموں کو احد میں دفن کر دیا، نیز نماز جنازہ میت کے اعزاز اور اکرام کے لیے وضع کی گئی ہے اسی وجہ سے یہ مسلمانوں کے لیے خاص ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقین کی نماز جنازہ پڑھنے سے منع کیا گیا ہے اور اسباب کرامت کے ساتھ متصف ہونے کے شہید زیادہ لائق ہے اور بندے کے گناہ ہر چند کہ شہادت سے دُھل جاتے ہیں لیکن وہ کسی درجہ میں بھی دعا سے مستغنی نہیں ہوتا، کیا تم نہیں دیکھتے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ پڑھی گئی اور بلاشبہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا درجہ شہداء کے درجہ سے بہت زیادہ ہے، باقی رہا شہید کا زندہ ہونا سو وہ احکام آخرت میں زندہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: بل احیاء عند ربھم "بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں" اور احکام دنیا میں شہید مردہ ہوتا ہے، اس کی میراث تقسیم کی جاتی ہے اور

عدت وفات پوری کرنے کے بعد اس کی عورت دوسری جگہ شادی کر سکتی ہے اور نماز جنازہ کی فرضیت دنیاوی احکام کے اعتبار سے ہے اور اس اعتبار سے شہید مردہ ہے اس لیے اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی۔

شہید کو اسی کے کپڑوں میں دفن کیا جائے گا (یعنی الگ سے کفن نہیں پہنایا جائے گا) کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کو ان کے خون اور زخموں میں لپیٹ دو، اور جو شخص میدان جہاد سے زندہ اٹھا کر لایا گیا پھر وہ لوگوں کے ہاتھوں میں یا گھر آکر مر گیا تو اس کو غسل دیا جائے گا کیونکہ اب وہ مرتث ہے (یعنی ایسا زخمی ہے جس میں رمق حیات باقی ہے) اور جو شخص میدان جنگ سے اٹھا کر مردہ لایا گیا دراں حالیکہ اس کے جسم پر قتل کیے جانے کا کوئی اثر نہیں ہے اس کو بھی غسل دیا جائے گا۔

جس شخص کو ڈاکوؤں نے قتل کر دیا اس کو بھی غسل نہیں دیا جائے گا کیونکہ اس نے اپنے مال سے مدافعت کی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو شخص اپنے مال کے پاس مارا گیا وہ شہید ہے"، اس لیے اس کو غسل نہیں دیا جائے گا۔

جس شخص کو شہر میں کسی ہتھیار سے ظلماً قتل کر دیا گیا (جیسا کہ ہمارے زمانہ میں تخریب کار موٹر سائیکل سوار راہ چلتے مسلمانوں کو گولی مار کر ہلاک کر دیتے ہیں) ہمارے نزدیک اس کو بھی غسل نہیں دیا جائے گا، امام شافعی کے نزدیک اس کو غسل دیا جائے گا، ان کے نزدیک قتل عمد دیت کا موجب ہے اور جب اس کی جان کے بدلہ میں مال ادا کرنا واجب ہے تو اس کو غسل دیا جائے گا ہمارے نزدیک قتل عمد مال کو واجب نہیں کرتا اور یہ شخص ظلماً قتل کیا گیا ہے اور اس کا کوئی مالی عوض واجب نہیں ہے (مالی عوض یعنی دیت قتل خطاء میں واجب ہے) لہٰذا یہ شہید ہے اور قصاص بدل محض نہیں ہے بلکہ ایک طرح کی سزا ہے اور ہمارا اعتماد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی حدیث پر ہے، حضرت عثمان کو شہر میں قتل کیا گیا تھا (یعنی میدان جہاد میں نہیں قتل کیا گیا تھا) اور آپ شہید تھے اور آپ کو غسل نہیں دیا گیا تھا اور اگر کسی شخص کو شہر میں کسی ہتھیار کے بغیر قتل کیا گیا تو اس کو غسل دیا جائے گا کیونکہ یہ قتل خطاء ہے اور اس میں دیت واجب ہے، امام طحاوی نے ذکر کیا ہے کہ اگر کسی شخص کو پتھر یا بڑی لاٹھی سے مار کر قتل کیا گیا تو صاحبین کے نزدیک وہ ہتھیار سے قتل کرنے کے برابر ہے اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس صورت میں غسل دیا جائے گا، اس کا مبنیٰ یہ ہے کہ پتھر اور لاٹھی سے قتل کرنے میں امام ابوحنیفہ اور صاحبین کا وجوب قصاص میں اختلاف ہے، صاحبین کے نزدیک اس صورت میں قصاص ہے اور امام اعظم کے نزدیک اس میں دیت ہے۔

اگر کسی شخص کو قصاص میں قتل کیا گیا یا رجم کیا گیا تو اس کو غسل دیا جائے گا کیونکہ روایت ہے کہ جب حضرت ماعز کو رجم کیا گیا تو ان کے چچا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا کہ ماعز کو کتے کی طرح قتل کر دیا گیا اب آپ اس کے متعلق مجھے کیا حکم دیتے ہیں آپ نے فرمایا ایسا نہ کہو ماعز نے اتنی عظیم توبہ کی ہے کہ اگر اس کو تمام روئے زمین پر تقسیم کر دیا جائے تو کافی ہو جائے گی، جاؤ اس کو غسل دو، کفن پہناؤ اور اس کی نماز جنازہ پڑھو، نیز اس لیے کہ شہید اللہ کی رضا جوئی کے لیے اپنی جان خرچ کرتا ہے اور یہ بات حد اور قصاص میں قتل کیے جانے والے میں نہیں پائی جاتی، کیونکہ اس کو دوسروں کے حق کی بناء پر قتل کیا جاتا ہے۔

جس مسلمان کو درندوں نے پھاڑ [illegible] گر کر مر گیا یا دیوار یا چھت کے نیچے [illegible]

اگر مر گیا یا ڈوب گیا، تو ہر چند کہ یہ لوگ حکماً شہید ہیں لیکن ان کو دوسرے مُردوں کی طرح غسل دیا جائے گا کیونکہ یہ امور احکام دنیا میں شرعاً معتبر نہیں ہیں، اس طرح مرنے والے اور طبعی موت سے مرنے والے برابر ہیں، اسی طرح جو شخص محلہ میں مقتول پایا گیا اور اس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ اس کو کسی نے قتل کیا ہے، اسے غسل دیا جائے گا کیونکہ وہ اپنی جان کے عوض مال بدل کا مستحق ہے اور قسامت اور اس کی دیت اہل محلہ پر واجب ہے۔ [1]

معصیت کے دوران اسباب شہادت سے مرنے اور معصیت کے سبب سے مرنے کا فرق اور مصنف کی بحث و نظر

علامہ ابن عابدین شامی حنفی لکھتے ہیں:

علامہ اجہوری نے "عارضۃ" میں لکھا ہے جو شخص ڈاکہ ڈالنے گیا اور پانی میں ڈوب گیا وہ شہید ہے اور اس پر اس معصیت کا گناہ ہوگا، اور ہر وہ شخص جو کسی معصیت کے سبب سے مر جائے وہ شہید نہیں ہوگا (مثلاً ایک شخص نے مسافروں پر ڈاکہ ڈالا مسافروں نے مقابلہ کیا اور مقابلہ میں ڈاکو مارا گیا تو وہ شہید نہیں ہے۔ سعیدی غفرلہ) اور اگر معصیت کے دوران کوئی شخص شہادت کے اسباب میں سے کسی سبب سے مر جائے تو پھر وہ شہید ہے مثلاً کوئی شخص کسی کا گھوڑا غصب کر کے جہاد کے لیے گیا اور مارا گیا، یا کچھ لوگ کسی معصیت کا ارتکاب کر رہے تھے کہ اچانک چھت گری اور وہ لوگ مر گئے تو وہ شہید ہوں گے، اور اپنی معصیت کی وجہ سے یہ لوگ عذاب کے مستحق ہوں گے، پھر علامہ اجہوری نے اس مسئلہ میں بحث کی ہے کہ اگر کسی شخص کو شراب پیتے ہوئے اچھو ہو گیا اور وہ اس اچھو سے مر گیا تو پھر وہ شہید ہے یا نہیں، بعض مشائخ نے کہا کہ وہ شہید ہے کیونکہ وہ معصیت کے دوران مرا ہے معصیت کے سبب سے نہیں مرا لیکن علامہ اجہوری نے کہا وہ مطلقاً اچھو لگنے سے نہیں مرا بلکہ خاص شراب کے اچھو لگنے سے مرا ہے اس لیے شہید نہیں ہوگا اسی طرح اس مسئلہ میں بھی بحث کی ہے کہ ایک عورت کے ہاں زنا سے بچہ پیدا ہوا اور وہ ولادت میں مر گئی، آیا وہ شہید ہو گی یا نہیں؟ علامہ رملی نے کہا اس کی موت کا سبب ولادت ہے اس لیے شہید ہو گی اور علامہ اجہوری نے کہا کہ اس ولادت کا سبب زنا ہے اور سبب کا سبب بھی سبب ہوتا ہے اس لیے وہ عورت معصیت کے سبب سے مری ہے، علامہ رملی شافعی نے اس مسئلہ کو اس پر قیاس کیا ہے کہ کوئی شخص کسی کی معصیت کے لیے سمندر میں سفر کرے اور ڈوب جائے یا کوئی عورت اپنے خاوند کی نافرمانی کر کے کسی سفر میں جائے اور ہلاک ہو جائے تو اس کو شہید قرار دیا جاتا ہے علامہ شامی نے علامہ رملی کے جواب میں یہ کہا ہے کہ سمندر میں ڈوبنے سے یا سفر میں مرنے سے اس وقت شہید ہوگا جب وہ سفر معصیت کے لیے نہ ہو۔ [2]

علامہ شامی کا یہ جواب صحیح نہیں ہے کیونکہ پھر معصیت کے دوران مرنے اور معصیت کے سبب سے مرنے

---

[1] - شمس الائمۃ محمد بن احمد سرخسی متوفی ۴۸۳ھ، المبسوط ج ۲ ص ۵۲-۴۹، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

[2] - علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۱ ص ۸۵۴، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ

میں کوئی فرق نہیں ہوگا، اس لیے یا تو اس قاعدہ کا انکار کیا جائے ورنہ اس قاعدہ کے اعتبار سے یہ لازم ہے کہ جو شخص شراب کا اچھو لگنے سے مرا یا زنا سے ولادت میں عورت مر گئی یا سفر معصیت میں کوئی شخص ڈوب گیا یا مر گیا تو یہ سب بھی شہید قرار پائیں گے اور ان پر ان کی معصیت کا وبال ہوگا، معصیت کے سبب سے مرنے کی ایک مثال ہم نے ڈاکہ کی دی ہے دوسری مثال یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے شخص سے نسلی یا لسانی تعصب کی بناء پر لڑ رہا تھا اور لڑائی میں مارا گیا تو یہ معصیت کے سبب سے مرا اس لیے شہید نہیں ہوگا جو لوگ اسلامی حکومت کے خلاف بغاوت کرتے ہوئے مارے جائیں تو یہ لوگ معصیت کے سبب سے مرے ہیں اس لیے شہید نہیں ہوں گے یا جو مسلمان کافروں کی فوج میں بھرتی ہو کر مسلمان ملک کے خلاف جنگ کریں اور مارے جائیں تو یہ معصیت کے سبب سے مرے ہیں، شہید نہیں ہوں گے، اسی طرح اگر کوئی شخص خودکشی کی نیت سے سمندر میں چھلانگ لگائے اور ڈوب کر مر جائے یا کوئی شخص خودکشی کی نیت سے اپنے آپ کو آگ میں جلالے، یا پہاڑ کی چوٹی سے یا چھت سے گرا دے تو یہ سب لوگ معصیت کے سبب سے مرے ہیں اس لیے شہید نہیں ہوں گے، در اصل معصیت کے سبب سے مرنے اور معصیت کے دوران مرنے میں بہت باریک فرق ہے، علامہ شامی بہت باریک بین اور نکتہ رس فقیہ ہیں اس کے باوجود وہ اس جگہ یہ فرق نہیں کر سکے حالانکہ اس بحث کے شروع میں خود انہوں نے علامہ اجہوری سے یہ نقل کیا ہے کہ "جو شخص ڈاکہ ڈالنے گیا اور پانی میں ڈوب گیا تو وہ شہید ہے" اگر سفر میں شہادت کے لیے یہ قید ضروری ہو کہ وہ سفر معصیت کا نہ ہو تو پھر یہ ڈاکو کیسے شہید ہوگا؟

اس جگہ تحقیق طلب بات یہ ہے کہ سبب سے کیا مراد ہے؟ سبب عام اور اغلب یا جو چیز فی الجملہ سبب ہو (یعنی اس پر کبھی کبھی اثر مرتب ہوتا ہو) اگر سبب سے مراد عام اور اغلب ہے تو شراب کے اچھو لگنے سے مرنے والے کو شہادت سے نکالنا صحیح نہیں ہوگا کیونکہ یہ بات لازم یا اکثری نہیں ہے کہ انسان کو جب بھی شراب پینے میں اچھو لگے تو وہ مر جائے لہٰذا اس موت کو معصیت کا سبب قرار دینا صحیح نہیں ہوگا، اسی طرح جس عورت کے ہاں زنا سے بچہ پیدا ہو اور وہ عورت ولادت میں مر گئی تو ولادت کی وجہ سے مرنے کو موت کا سبب قرار دینا صحیح نہیں ہوگا کیونکہ یہ بات لازم اور اکثری نہیں ہے کہ جب بھی عورت کے ہاں ولادت ہو تو وہ عورت مر جائے، لہٰذا ولادت سے زانیہ کی موت کو معصیت کا سبب قرار دینا صحیح نہیں ہے اور نہ اس کی موت کو شہادت سے خارج کرنا صحیح ہے اسی طرح جو عورت خاوند کی نافرمانی کر کے سفر کرے اور اس سفر میں مر جائے یا کوئی شخص سفر معصیت میں دریا میں ڈوب جائے تو یہ سفر بھی موت کا سبب عام یا سبب اغلب نہیں ہے لہٰذا ان کو بھی شہادت سے نکالنا صحیح نہیں ہوگا اور اگر سبب سے فی الجملہ سبب مراد ہے (یعنی جس کی طرف فعل کی نسبت صحیح ہو اور کبھی کبھار اس پر فعل مرتب ہوتا ہو خواہ اکثر نہ ہوتا ہو) تو جس شخص نے کسی کا گھوڑا غصب کر کے جہاد کیا اور مارا گیا تو یہ کہنا صحیح ہے کہ وہ اس غصب شدہ گھوڑے کی وجہ سے مارا گیا اس لیے اس کی موت کو شہادت نہیں کہنا چاہیے، اسی طرح جو شخص ڈاکہ ڈالنے گیا اور ڈوب کر مر گیا تو کہا جا سکتا ہے کہ اگر وہ ڈاکہ ڈالنے نہ جاتا تو نہ ڈوبتا لہٰذا اس کی موت کو بھی شہادت نہیں کہنا چاہیے علاوہ علامہ شامی اور علامہ اجہوری ان دونوں نے یہ کہا ہے کہ یہ معصیت میں موت ہے معصیت کے سبب سے موت نہیں ہے، اور اس موت کو شہادت [illegible]

شہید حقیقی اور شہید حکمی کی اقسام اور ان کے احکام کو میں نے بہت تفصیل سے بیان کیا ہے، اللہ تعالیٰ میری اس کاوش کو قبول فرمائے اور مجھے درجۂ شہادت پر فائز فرمائے۔ اس کتاب کو لوگوں کے لیے نافع کر دے اس کو عام کر دے اور اس کو قبولیت عامہ عطا فرمائے وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خاتم النبیین افضل المرسلین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

بَابُ ۶۷۲ فَضْلِ الرَّمْيِ

تیر اندازی کی فضیلت

۴۸۳۱ - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ ثُمَامَةَ بْنِ شُفَيٍّ أَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ أَلَا إِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ أَلَا إِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ أَلَا إِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: واعدوا لھم ما استطعتم من قوۃ۔ "کفار کے خلاف زیادہ سے زیادہ قوت حاصل کرو" سنو قوت تیر اندازی ہے، سنو قوت تیر اندازی ہے سنو قوت تیر اندازی ہے۔

۴۸۳۲ - وَحَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمْ أَرَضُونَ وَيَكْفِيكُمُ اللَّهُ فَلَا يَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَلْهُوَ بِأَسْهُمِهِ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے عنقریب تم کو فتوحات حاصل ہوں گی اور تمہارے لیے اللہ کافی ہے، سو تم میں سے کوئی شخص تیر اندازی کی مشق سے غافل نہ ہو۔

۴۸۳۳ - وَحَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ عَنْ بَكْرِ بْنِ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ الْهَمْدَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۴۸۳۴ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحِ بْنِ الْمُهَاجِرِ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَعْقُوبَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شُمَاسَةَ أَنَّ فُقَيْمًا اللَّخْمِيَّ قَالَ لِعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ تَخْتَلِفُ بَيْنَ هَذَيْنِ الْغَرَضَيْنِ وَأَنْتَ كَبِيرٌ يَشُقُّ عَلَيْكَ قَالَ عُقْبَةُ لَوْلَا كَلَامٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبد الرحمن بن شماسہ بیان کرتے ہیں کہ فقیم لخمی نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے یہ کہا آپ بوڑھے ہونے کے باوجود ان دو نشانوں کے درمیان آتے جاتے ہیں یہ چیز آپ پر دشوار ہو گی! حضرت عقبہ بن عامر نے کہا اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث نہ سنی ہوتی تو میں یہ مشقت نہ اٹھاتا: حارث کہتے ہیں میں نے ابن شماسہ

لَهُ أُعَانِيهِ. قَالَ الْحَارِثُ فَقُلْتُ لِابْنِ شُمَاسَةَ وَمَا ذَاكَ قَالَ إِنَّهُ قَالَ مَنْ عَلِمَ الرَّمْيَ ثُمَّ تَرَكَهُ فَلَيْسَ مِنَّا أَوْ قَدْ عَصَى.

سے پوچھا: وہ کیا حدیث ہے؟ انہوں نے کہا آپ نے فرمایا: جو شخص تیر اندازی سیکھنے کے بعد اس کو ترک کر دے وہ ہم میں سے نہیں ہے یا فرمایا اس نے نافرمانی کی۔

ف: ان احادیث میں تیر اندازی سیکھنے اور اس میں مشق اور مہارت حاصل کرنے کی ترغیب اور فضیلت ہے، اور تیر اندازی سیکھنے کے بعد اس کے بھلانے پر وعید ہے سو یہ مکروہ تحریمی ہے، اور یہ جو فرمایا ہے کہ وہ ہم میں سے نہیں ہے اس کا مطلب وہ ہمارے طریقہ کاملہ پر نہیں ہے تیر اندازی سے مراد ہر اس اسلحہ اور ہتھیاروں کی مشق ہے جن کا اس دور میں رواج ہو اس لیے اس دور کے مسلمانوں پر جدید فوجی تکنیک کو سیکھنا اور اس کی مشق کرنا ضروری ہے جس طرح پہلے تیر اندازی کا سیکھنا ضروری تھا۔

بَابُ ٦٧٣ قَوْلِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِي ظَاهِرِيْنَ عَلَى الْحَقِّ لَا يَضُرُّهُمْ مَّنْ خَالَفَهُمْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ: "میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر قائم رہے گا اسے کسی کی مخالفت سے نقصان نہیں ہوگا"

٤٨٣٥ - حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَأَبُو الرَّبِيْعِ الْعَتَكِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ (وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ) عَنْ أَيُّوْبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِي ظَاهِرِيْنَ عَلَى الْحَقِّ لَا يَضُرُّهُمْ مَّنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى يَأْتِيَ أَمْرُ اللهِ وَهُمْ كَذٰلِكَ وَلَيْسَ فِي حَدِيْثِ قُتَيْبَةَ وَهُمْ كَذٰلِكَ.

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر قائم رہے گا، جو شخص ان کو رسوا کرنا چاہے گا وہ ان کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا وہ اسی حال پر رہیں گے حتیٰ کہ قیامت آجائے گی۔

٤٨٣٦ - وَحَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ وَعَبْدَةُ كِلَاهُمَا عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ (وَاللَّفْظُ لَهُ) حَدَّثَنَا مَرْوَانُ (يَعْنِي الْفَزَارِيَّ) عَنْ إِسْمَاعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَنْ يَّزَالَ قَوْمٌ مِّنْ أُمَّتِي ظَاهِرِيْنَ عَلَى النَّاسِ حَتّٰى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللهِ وَهُمْ ظَاهِرُوْنَ.

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے "میری امت میں سے ایک گروہ ہمیشہ لوگوں پر غالب رہے گا حتیٰ کہ قیامت آجائے گی درآں حالیکہ وہ غالب رہیں گے۔

٤٨٣٧ - وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ [illegible]

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ

ابو اسامۃ حدثنی اسماعیل عن قیس قال سمعت المغیرۃ بن شعبۃ یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول بمثل حدیث مروان سواء۔

میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا..... اس کے بعد حسب سابق ہے۔

۴۸۳۸ - وحدثنا محمد بن المثنی ومحمد بن بشار قالا حدثنا محمد بن جعفر حدثنا شعبۃ عن سماک بن حرب عن جابر بن سمرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال لن یبرح ہذا الدین قائما یقاتل علیہ عصابۃ من المسلمین حتی تقوم الساعۃ۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دین ہمیشہ قائم رہے گا اور مسلمانوں کی ایک جماعت اس دین کی خاطر قیامت تک جنگ کرتی رہے گی۔

۴۸۳۹ - حدثنی ہارون بن عبد اللہ وحجاج بن الشاعر قالا حدثنا حجاج بن محمد قال قال ابن جریج اخبرنی ابو الزبیر انہ سمع جابر بن عبد اللہ یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تزال طائفۃ من امتی یقاتلون علی الحق ظاہرین الی یوم القیامۃ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق کی خاطر جنگ کرتا رہے گا وہ (ہمیشہ) لوگوں پر غالب رہیں گے حتی کہ قیامت آجائے گی۔

۴۸۴۰ - حدثنا منصور بن ابی مزاحم حدثنا یحیی بن حمزۃ عن عبد الرحمن بن یزید بن جابر ان عمیر بن ہانئ حدثہ قال سمعت معاویۃ علی المنبر یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تزال طائفۃ من امتی قائمۃ بامر اللہ لا یضرہم من خذلہم او خالفہم حتی یاتی امر اللہ وہم ظاہرون علی الناس۔

عمیر بن ہانی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر قائم رہے گا جو شخص ان کو رسوا کرنا چاہے گا یا ان کی مخالفت کرے گا وہ ان کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا وہ (ہمیشہ) لوگوں پر غالب رہیں گے حتی کہ قیامت آجائے گی۔

۴۸۴۱ - وحدثنی اسحق بن منصور اخبرنا کثیر بن ہشام حدثنا جعفر (وہو ابن برقان) حدثنا یزید بن الاصم قال سمعت معاویۃ بن ابی سفیان ذکر حدیثا رواہ عن

یزید بن اصم کہتے ہیں کہ میں نے حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہما کو ایک حدیث بیان کرتے ہوئے سنا جو میں نے کسی اور سے منبر پر نہیں سنی، کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ جس شخص

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ أَسْمَعْهُ رَوَى عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مِنْبَرِهِ حَدِيْثًا
غَيْرَهُ فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ وَلَا
تَزَالُ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ
ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ نَّاوَاهُمْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

۴۸۴۲ - حَدَّثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ
بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا
عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ حَبِيْبٍ
حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ شُمَاسَةَ الْمَهْرِيُّ قَالَ
كُنْتُ عِنْدَ مَسْلَمَةَ بْنِ مُخَلَّدٍ وَعِنْدَهُ عَبْدُ اللّٰهِ
بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ
إِلَّا عَلٰى شِرَارِ الْخَلْقِ هُمْ شَرٌّ مِّنْ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ
لَا يَدْعُوْنَ اللّٰهَ بِشَيْءٍ إِلَّا رَدَّهُ عَلَيْهِمْ فَبَيْنَمَا هُمْ
عَلٰى ذٰلِكَ أَقْبَلَ عُقْبَةُ ابْنُ عَامِرٍ فَقَالَ لَهُ مَسْلَمَةُ
يَا عُقْبَةُ اِسْمَعْ مَا يَقُوْلُ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَالَ عُقْبَةُ
هُوَ أَعْلَمُ وَأَمَّا أَنَا فَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَزَالُ عِصَابَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ
يُقَاتِلُوْنَ عَلٰى أَمْرِ اللّٰهِ قَاهِرِيْنَ لِعَدُوِّهِمْ لَا يَضُرُّهُمْ
مَنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ وَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ
فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ أَجَلْ ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ رِيْحًا كَرِيْحِ
الْمِسْكِ مَسُّهَا مَسُّ الْحَرِيْرِ فَلَا تَتْرُكُ نَفْسًا فِيْ قَلْبِهِ
مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنَ الْإِيْمَانِ إِلَّا قَبَضَتْهُ ثُمَّ يَبْقٰى
شِرَارُ النَّاسِ عَلَيْهِمْ تَقُوْمُ السَّاعَةُ۔

۴۸۴۳ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ
عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِيْ هِنْدٍ عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ سَعْدِ
بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ أَهْلُ الْغَرْبِ ظَاهِرِيْنَ
عَلَى الْحَقِّ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ

کے ساتھ خیر کا ارادہ کرتا ہے اس کو دین کی سمجھ عطا فرما دیتا
ہے، مسلمانوں کا ایک گروہ ہمیشہ حق کی خاطر جنگ کرتا
رہے گا اور اپنے مخالفین پر قیامت تک غالب رہے گا۔

عبدالرحمن بن شماسہ مہری بیان کرتے ہیں کہ میں مسلمہ
بن مخلد کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور ان کی مجلس میں حضرت عبداللہ
بن عمرو بن العاص بیٹھے تھے، حضرت عبداللہ نے کہا قیامت صرف
بدترین مخلوق پر قائم ہوگی جو زمانہ جاہلیت کے لوگوں سے بھی بدتر لوگ ہوں گے
وہ اللہ تعالیٰ سے جس چیز کی بھی دعا کریں گے اللہ تعالیٰ
اس کو رد کر دے گا، اسی اثناء گفتگو میں حضرت عقبہ
بن عامر رضی اللہ عنہ بھی آگئے مسلمہ نے کہا اے عقبہ سنیے
عبداللہ کیا بیان کر رہے ہیں، حضرت عقبہ نے کہا وہ زیادہ
جانتے ہیں لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سے یہ سنا ہے کہ میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ اللہ کے
حکم کی خاطر لڑتا رہے گا اور اپنے دشمنوں پر غالب رہے گا
اور دشمنوں کی مخالفت ان کو ضرر نہیں دے گی، وہ ہمیشہ
اسی حال پر رہیں گے حتیٰ کہ قیامت آجائے گی، حضرت
عبداللہ نے کہا ہاں، اللہ تعالیٰ ایک ایسی ہوا بھیجے گا جس
کی خوشبو مشک کی طرح ہوگی اور چھونے میں ریشم کی طرح
ہوگی اور جس شخص کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی
ایمان ہوگا وہ ہوا اس ایمان کو قبض کر لے گی، پھر بدترین
لوگ رہ جائیں گے اور انہیں پر قیامت قائم ہوگی۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل غرب
ہمیشہ حق پر قائم رہیں گے حتیٰ کہ قیامت قائم ہو جائے۔

قیامت تک حق پر قائم رہنے والا کون سا گروہ ہے؟

اس باب کی احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے کہ مسلمانوں کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر قائم رہے گا اور حق کی خاطر جنگ کرتا رہے گا، امام بخاری نے کہا اس سے اہل علم کا گروہ مراد ہے، امام احمد بن حنبل نے کہا اگر اس سے محدثین کا گروہ مراد نہیں ہے تو پھر میں نہیں جانتا کہ اس سے کون لوگ مراد ہیں، قاضی عیاض نے کہا اس سے اہل سنت و جماعت اور محدثین مراد ہیں۔

علامہ نووی فرماتے ہیں: مسلمانوں کے اس گروہ کی کئی اقسام ہیں، ان میں بہادر مجاہد ہیں، فقہاء ہیں محدثین ہیں زہاد ہیں نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے ہیں، اسی طرح نیکی اور خیر کے اور متعدد شعبوں کے لوگ ہیں، اور یہ ضروری نہیں ہے کہ یہ تمام اقسام کسی ایک جگہ جمع ہوں بلکہ یہ تمام اقسام روئے زمین کے مختلف حصوں میں رہیں گی، کہیں محدث ہوں گے، کہیں فقیہ ہوں گے کہیں قرآن کے قاری ہوں گے کہیں واعظ ہوں گے اور کہیں اولیاء اللہ ہوں گے، اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ بالکل ظاہر ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے لے کر یہ وصف آج تک قائم ہے۔

نیز اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ اجماع حجت ہے اور حجیت اجماع پر اس حدیث سے استدلال کرنا زیادہ صحیح ہے کیونکہ حدیث لا تجتمع امتی علی الضلالۃ "میری امت گمراہی پر جمع نہیں ہوگی" ضعیف ہے[1]

علم فقہ کی فضیلت

حدیث نمبر ۴۲۹۱ میں ہے: "جس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ خیر کا ارادہ کر لیتا ہے اس کو دین کی فقہ (سمجھ) عطا فرما دیتا ہے اس میں علوم دین کے ماہرین اور فقہاء کے لیے بشارت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے حق میں خیر کا ارادہ کر لیا ہے۔

فقہ کا لغوی معنی ہے فہم، اور عرف میں فقہ احکام شرعیہ فرعیہ کے اس علم کو کہتے ہیں جو فروع کے دلائل تفصیلیہ سے حاصل کیا گیا ہو مثلاً اللہ تعالیٰ نے نماز کا قطعی حکم دیا کیونکہ فرمایا واقیموا الصلوٰۃ اور جس چیز کا اللہ تعالیٰ نے قطعی حکم دیا ہو وہ فرض ہے سو معلوم ہوا کہ نماز فرض ہے اور اللہ عزوجل کا قول اقیموا الصلوٰۃ دلیل تفصیلی ہے جس سے فرضیت نماز کا حکم حاصل کیا گیا ہے۔ حسن بصری نے کہا جو شخص دنیا میں زاہد اور آخرت کی طرف راغب، دین کی بصیرت رکھتا ہو اور دائمی عبادت کرتا ہو وہ فقیہ ہے، امام ابوحنیفہ نے فرمایا فقہ وہ علم ہے جس کے ذریعہ انسان یہ جان لے کہ کیا چیز اس کے لیے فائدہ مند ہے اور کیا چیز نقصان دہ ہے۔

اس حدیث میں علم فقہ کی فضیلت ہے کیونکہ فقہ کی وجہ سے انسان میں خدا کا خوف پیدا ہوتا ہے اور وہ عبادت الٰہی کی کوشش کرتا ہے اور لوگوں کو حلال اور حرام کے مسائل بتاتا ہے، لوگ اس کی وجہ سے حلال کام کرتے ہیں اور حرام سے بچتے ہیں۔

بَابُ مُرَاعَاةِ مَصْلَحَةِ الدَّوَابِّ فِي السَّيْرِ وَالنَّهْيِ عَنِ التَّعْرِيسِ فِي الطَّرِيقِ
سفر میں جانوروں کی رعایت کرنا اور آخر شب کو راستہ میں اترنے کی ممانعت

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۲ ص ۱۴۳، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

۴۸۴۴ - حَدَّثَنِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ سُهَیْلٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَافَرْتُمْ فِی الْخِصْبِ فَاَعْطُوا الْاِبِلَ حَظَّهَا مِنَ الْاَرْضِ وَاِذَا سَافَرْتُمْ فِی السَّنَةِ فَاَسْرِعُوْا عَلَیْهَا السَّیْرَ وَاِذَا عَرَّسْتُمْ بِاللَّیْلِ فَاجْتَنِبُوا الطَّرِیْقَ فَاِنَّهَا مَاْوَی الْهَوَامِّ بِاللَّیْلِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم ہریالی میں سفر کرو تو زمین سے اونٹوں کو ان کا حصہ دو اور جب تم خشک سال (یا قحط) کے موسم میں سفر کرو تو زمین سے جلدی گذر رو، اور جب تم اخیر شب میں اترو تو راستہ سے ہٹ جاؤ کیونکہ رات کو وہ جگہ حشرات الارض کا ٹھکانا ہے۔

۴۸۴۵ - حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ (یَعْنِی ابْنَ مُحَمَّدٍ) عَنْ سُهَیْلٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا سَافَرْتُمْ فِی الْخِصْبِ فَاَعْطُوا الْاِبِلَ حَظَّهَا مِنَ الْاَرْضِ وَاِذَا سَافَرْتُمْ فِی السَّنَةِ فَبَادِرُوْا بِهَا نِقْیَهَا وَاِذَا عَرَّسْتُمْ فَاجْتَنِبُوا الطَّرِیْقَ فَاِنَّهَا طُرُقُ الدَّوَابِّ وَمَاْوَی الْهَوَامِّ بِاللَّیْلِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب تم ہریالی (یعنی جب زمین میں ہر طرف سبزہ اُگا ہوا ہو) میں سفر کرو تو زمین سے اونٹوں کو ان کا حصہ دو، اور جب تم خشک سال میں سفر کرو تو تیز چلو (تاکہ اونٹ کمزور نہ ہو جائیں) اور جب تم اخیر شب میں قیام کرو تو راستہ میں ٹھہرنے سے احتراز کرنا کیونکہ رات کے وقت وہ جگہ جانوروں اور حشرات الارض کی آماجگاہ ہوتی ہے۔

ف : اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کرنے کے اور سفر میں قیام کرنے کے آداب بتلائے ہیں، کیونکہ حشرات الارض زہریلے کیڑے مکوڑے ہوتے ہیں اور رات کو درندے بھی پھرتے ہیں اس لیے آپ نے رات کے وقت جنگل کے راستہ میں قیام کرنے سے منع فرمایا۔

بَابُ السَّفَرِ قِطْعَةٌ مِّنَ الْعَذَابِ وَاسْتِحْبَابِ تَعْجِیْلِ الْمُسَافِرِ اِلٰی اَهْلِهٖ بَعْدَ قَضَاءِ شُغْلِهٖ

سفر عذاب کا ٹکڑا ہے اور فراغت کے بعد جلد گھر لوٹے

۴۸۴۶ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ وَاِسْمَاعِیْلُ بْنُ اَبِیْ اُوَیْسٍ وَاَبُوْ مُصْعَبٍ الزُّهْرِیُّ وَمَنْصُوْرُ بْنُ اَبِیْ مُزَاحِمٍ وَقُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح وَحَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیَی التَّمِیْمِیُّ (وَاللَّفْظُ لَهٗ) قَالَ قُلْتُ لِمَالِكٍ حَدَّثَكَ سُمَیٌّ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِّنَ الْعَذَابِ یَمْنَعُ اَحَدَكُمْ نَوْمَهٗ وَطَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے وہ تم کو سونے اور کھانے پینے سے روک دیتا ہے، جب تم میں سے کسی شخص کا کام پورا ہو جائے تو اسے اپنے گھر آنے میں جلدی کرنی چاہیے۔

اَحَدُکُمْ نَهْمَتَهٗ مِنْ وَجْهِهٖ فَلْيُعَجِّلْ اِلٰى اَهْلِهٖ قَالَ نَعَمْ۔

بَابُ ٦٧ كَرَاهَةِ الطُّرُوْقِ وَهُوَ الدُّخُوْلُ لَيْلًا

رات کے وقت گھر واپس لوٹنے کی کراہت

۴۸۴۷۔ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هٰرُوْنَ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَطْرُقُ اَهْلَهٗ لَيْلًا وَكَانَ يَاْتِيْهِمْ غُدْوَةً اَوْ عَشِيَّةً۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم رات کو اپنے گھر نہیں آتے تھے، آپ صبح یا شام کو تشریف لاتے تھے۔

۴۸۴۸۔ وَحَدَّثَنِيْهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ كَانَ لَا يَدْخُلُ۔

ایک اور سند سے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے اس روایت کی مثل مروی ہے البتہ اس میں لا یطرق کی جگہ لا یدخل ہے۔

۴۸۴۹۔ حَدَّثَنِىْ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ سَالِمٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا سَيَّارٌ ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى (وَاللَّفْظُ لَهٗ) حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ سَيَّارٍ عَنِ الشَّعْبِىِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ غَزَاةٍ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ ذَهَبْنَا لِنَدْخُلَ فَقَالَ اَمْهِلُوْا حَتّٰى نَدْخُلَ لَيْلًا اَىْ عِشَاءً كَىْ تَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ وَتَسْتَحِدَّ الْمُغِيْبَةُ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ہم ایک غزوہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے، جب ہم مدینہ پہنچے تو ہم شہر میں جانے لگے آپ نے فرمایا کچھ توقف کرو حتیٰ کہ ہم رات کے وقت یعنی عشاء کے وقت جائیں تاکہ جس عورت کے بال بکھرے ہوئے ہیں وہ اپنے بال درست کرے اور جس عورت کا شوہر غائب تھا وہ اب اپنے موئے زیر ناف صاف کرے۔

۴۸۵۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَيَّارٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ اَحَدُكُمْ لَيْلًا فَلَا يَاْتِيَنَّ اَهْلَهٗ طُرُوْقًا حَتّٰى تَسْتَحِدَّ الْمُغِيْبَةُ وَتَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص رات کو گھر واپس آئے تو رات کو (اچانک) جا کر گھر کا دروازہ نہ کھٹکھٹائے (بلکہ اتنی دیر توقف کرے) کہ جس عورت کا شوہر غائب تھا وہ اپنے موئے زیر ناف صاف کر لے اور جس کے بال پراگندہ ہوں وہ اپنے بال ٹھیک کر لے۔

۴۸۵۱ - وَحَدَّثَنِيهِ يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا سَيَّارٌ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ.

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۸۵۲ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا طَالَ الرَّجُلُ الْغَيْبَةَ أَنْ يَأْتِيَ أَهْلَهُ طُرُوقًا.

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب کسی انسان کی گھر سے غیر حاضری طویل ہو جائے تو وہ (اچانک) رات کو اپنے گھر نہ جائے۔

۴۸۵۳ - وَحَدَّثَنِيهِ يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ.

امام مسلم نے اس حدیث کی ایک اور سند بیان کی ہے۔

۴۸۵۴ - وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَارِبٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَطْرُقَ الرَّجُلُ أَهْلَهُ لَيْلًا يَتَخَوَّنُهُمْ أَوْ يَلْتَمِسُ عَثَرَاتِهِمْ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے کہ انسان رات کو (اچانک) گھر جا پہنچے اور گھر کے حالات کا تجسس کرے اور گھر والوں کی کمزوریوں پر مطلع ہو۔

۴۸۵۵ - وَحَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ سُفْيَانُ لَا أَدْرِي هَذَا فِي الْحَدِيثِ أَمْ لَا يَعْنِي أَنْ يَتَخَوَّنَهُمْ أَوْ يَلْتَمِسَ عَثَرَاتِهِمْ.

ایک اور سند سے بھی یہ حدیث ہے اس میں راوی نے یہ کہا ہے کہ مجھے معلوم نہیں کہ "گھر کے حالات کا تجسس کرے اور گھر والوں کی کمزوریوں پر مطلع ہو" یہ الفاظ حدیث میں ہیں یا نہیں۔

۴۸۵۶ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَا جَمِيعًا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَارِبٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَرَاهَةِ الطُّرُوقِ وَلَمْ يَذْكُرْ يَتَخَوَّنُهُمْ وَيَلْتَمِسُ عَثَرَاتِهِمْ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے (اچانک) رات کو گھر آنے کی کراہت نقل کرتے ہیں، اور اس حدیث میں یہ جملہ نہیں ہے "گھر کے حالات کا تجسس کرے اور گھر والوں کی کمزوریوں پر مطلع ہو"۔

سفر سے رات کو گھر واپس آنے کی ممانعت کا محمل

علامہ نووی لکھتے ہیں: ان تمام روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ جو شخص کسی لمبے سفر پر جائے وہ رات کو اچانک گھر واپس نہ آئے، لیکن جو شخص کسی قریب کی جگہ گیا ہو اور اس کی بیوی کو رات میں اس کے واپس آنے کی توقع ہو اس کے رات کو گھر جانے میں کوئی حرج نہیں ہے، جیسا کہ حدیث نمبر ۴۸۵۲ میں حضرت جابر سے روایت ہے کہ جب کسی انسان کی غیر حاضری طویل ہو جائے تو وہ (اچانک) رات کو اپنے گھر نہ جائے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر اس کی غیر حاضری طویل نہ ہو تو پھر رات [illegible] اگر وہ کسی بڑے قافلہ یا لشکر کے

لشکر کے ساتھ گیا ہو اور ان کے آنے اور پہنچنے کی شہرت ہو جائے اور اس کی بیوی اور اس کے گھر والوں کو معلوم ہو جائے کہ وہ اب آنے والے ہیں تو پھر اگر وہ رات کو آئے تو کوئی حرج نہیں ہے، کیونکہ اب وہ علت نہیں رہی جس کی بناء پر رات کو آنے سے منع فرمایا تھا، کیونکہ اس ممانعت سے مقصد یہ تھا کہ گھر والے اس کے استقبال کے لیے ذہنی طور پر تیار ہوں اور جب اس کے آنے کی پہلے خبر مل جائے گی تو یہ مقصد حاصل ہو گیا، اور اس کی تائید حدیث نمبر ۴۸۲۹ سے ہوتی ہے جس میں مدینہ پہنچنے کے بعد آپ نے صحابہ کو اپنے گھروں میں جانے سے منع کیا اور فرمایا کہ شام تک توقف کرو حتیٰ کہ جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں وہ اپنے بال سنوار لے اور جس عورت نے اپنے زیر ناف بالوں کو صاف کرنا ہو وہ ان بالوں کو صاف کر لے اور اس روایت میں یہ فرض کیا گیا ہے کہ صحابہ دن کے اوائل میں گھروں کو جانا چاہتے تھے، لیکن آپ نے یہ حکم دیا کہ وہ شام ہونے تک صبر اور انتظار کریں۔ [1]

ہمارے زمانہ میں جب کہ ابلاغ اور مواصلات کے ذرائع بہت وسیع ہو گئے ہیں تو لوگوں کے لیے اس حکم پر عمل کرنے میں بہت سہولت ہو گئی ہے، وہ براہ راست ٹیلی فون کر کے اپنے آنے کی خبر دے سکتے ہیں، تار یا خط کے ذریعہ اطلاع دے سکتے ہیں، کسی آنے جانے والے شخص کے ہاتھ پیغام بھجوا سکتے ہیں بہر حال کسی لمبے سفر سے رات کو گھر لوٹنا مطلقاً مکروہ نہیں ہے اگر اپنے آنے کی پیشگی اطلاع دی ہو تو اس میں کوئی کراہت نہیں ہے اور اگر گھر قریب ہو اور گھر والوں کو توقع ہو کہ وہ رات کو کسی وقت واپس آ جائے گا تو اس میں بھی کوئی کراہت نہیں ہے۔

❋

اختتامی کلمات

شرح صحیح مسلم کی جلد خامس، میں نے ۱۹ رمضان ۱۴۰۹ھ بمطابق ۲۶ اپریل ۱۹۸۹ء کو شروع کی تھی اور الحمد للہ علیٰ احسانہ آج ۲۰ رمضان ۱۴۱۰ھ بمطابق ۱۶ اپریل ۱۹۹۰ء کو یہ جلد اختتام کو پہنچ گئی، دار العلوم نعیمیہ کراچی میں آنے کے بعد جب سے شرح صحیح مسلم کے کام کی نشأۃ ثانیہ ہوئی ہے، جلد ثانی سے اب تک یہی معمول رہا ہے کہ ہر جلد رمضان المبارک کی کسی مبارک شب میں ختم ہوئی اور اگلی جلد شروع کرنے کی سعادت بھی رمضان المبارک ہی میں حاصل ہوئی، چونکہ مجھے ہائی بلڈ پریشر اور شوگر کا عارضہ ہے اس لیے درمیان میں ایام فترت بھی آتے ہیں جب تکلیف بڑھ جانے کی وجہ سے کام منقطع ہو جاتا ہے لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرماتا ہے اور میری خواہش کے مطابق رمضان المبارک ہی میں وہ جلد ختم ہو جاتی ہے، کوشش کروں گا کہ اس کے بعد دو جلدوں میں شرح صحیح مسلم مکمل ہو جائے، اس کے بعد ان شاء اللہ جلد اول کو دوبارہ لکھنے کا پروگرام ہے، بہت سے احباب کی خواہش ہے کہ شرح صحیح مسلم کے بعد قرآن مجید

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۴۵-۱۴۴، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولیٰ ۱۳۷۵ھ

کی تفسیر پر بھی کام شروع کروں، میں نے اس کارِ خیر کی نیت کر لی ہے، اگر اللہ تعالیٰ نے یہ کام میرے لیے مقدر کر دیا ہے تو پھر ان شاء اللہ یہ کام ہو جائے گا، اور اگر کسی وجہ سے یہ کام نہ ہو سکا تو اللہ تعالیٰ مجھے حسنِ نیت کا ثواب عطا فرمائے گا۔

اس جلد میں میں نے ویسے تو تمام مباحث ہی میں بہت محنت اور جانفشانی سے کام لیا ہے، لیکن خاص طور پر پردہ، فدک اور عورت کی شہادت پر بہت محنت اور غور و خوض سے کام لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری اس محنت اور کاوش کو اپنی بارگاہ میں مقبول اور مشکور فرمائے، اور جس طرح مجھے یہ پانچ جلدیں لکھنے کی توفیق دی ہے، اسی طرح شرح صحیح مسلم کی باقی ماندہ جلدیں لکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ بارِ الٰہ مجھے اس شرح میں وہی حقائق لکھنے کی توفیق دے جو حق و صواب ہوں، اور میری تحریر میں اثر آفرینی کر، اور اس کتاب کو تا دیر باقی رکھ اور اس کے فیض کو زیادہ سے زیادہ مسلمانوں تک پہنچا دے، الٰہ العالمین اس کتاب کو اپنی اور اپنے رسول کی بارگاہ میں مقبول فرما اور اس کو میرے لیے صدقہ جاریہ بنا دے، الٰہ العالمین میری مغفرت فرما، میرے والدین، میرے اساتذہ اور مشائخ اور میرے احباب اور متعلقین کی مغفرت فرما۔ اس کتاب کے قارئین، معاونین، اس کے ناشر، کاتب اور مصحح کی مغفرت فرما، الٰہ العالمین دارین کی خیر، سعادت اور فلاح کو ہم سب کا مقدر بنا دے، ہمیں دنیا اور آخرت کی ہر تکلیف اور پریشانی سے محفوظ اور مامون رکھ، ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت اور آپ کی شفاعت سے بہرہ مند فرما، رب العالمین تمام مسلمانانِ عالم پر دنیا اور آخرت میں رحم فرما، و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد سید الانبیاء والمرسلین خاتم النبیین قائد الغر المحجلین اول الشافعین و المشفعین وعلی آلہ الطیبین الطاہرین وعلی اصحابہ الکاملین الراشدین وعلی ازواجہ امہات المؤمنین وعلی اولیاء امتہ وعلماء ملتہ من المفسرین والمحدثین والفقہاء والمجتہدین اجمعین۔

کتب الٰہیہ

۱۔ قرآن مجید

۲۔ تورات

۳۔ انجیل

کتب احادیث

۴۔ صحیح بخاری، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع، کراچی، ۱۳۸۱ھ امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ

۵۔ صحیح مسلم، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع، کراچی، ۱۳۷۵ھ، امام ابو الحسین مسلم بن حجاج قشیری، متوفی ۲۶۱ھ

۶۔ جامع ترمذی، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی، امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی، متوفی ۲۷۹ھ

۷۔ سنن ابی داؤد، مطبوعہ مطبع مجتبائی، پاکستان لاہور ۱۴۰۵ھ، امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ

۸۔ سنن نسائی، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب، کراچی، امام ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ

۹۔ سنن ابن ماجہ، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی، امام ابو عبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ

۱۰۔ صحیح ابن خزیمہ، مطبوعہ مکتب اسلامی، بیروت، ۱۳۹۵ھ، امام محمد بن اسحاق بن خزیمہ متوفی ۳۱۱ھ

۱۱۔ مؤطا امام مالک، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان، لاہور، امام مالک بن انس اصبحی، متوفی ۱۷۹ھ

۱۲۔ مسند امام اعظم، مطبوعہ محمد سعید اینڈ سنز کراچی، امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت متوفی ۱۵۰ھ

۱۳۔ مؤطا امام محمد، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی، امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ

۱۴۔ کتاب الآثار، مطبوعہ ادارۃ القرآن، کراچی، ۱۴۰۷ھ، امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ

۱۵۔ کتاب الآثار، مطبوعہ مکتبۂ اثریہ سانگلہ ہل، امام ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم متوفی ۱۸۲ھ

۱۶۔ مصنف عبد الرزاق، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۰ھ، امام عبد الرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ

۱۷۔ مصنف ابن ابی شیبہ، مطبوعہ ادارۃ القرآن، کراچی، ۱۴۰۶ھ، امام ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ

۱۸۔ مسند احمد بن حنبل، مکتب اسلامی، بیروت، ۱۳۹۸ھ، امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ

۱۹۔ مسند دارمی، مطبوعہ مطبع نظامی، کانپور، ۱۲۹۳ ھ، امام عبد اللہ بن عبد الرحمن دارمی متوفی ۲۵۵ ھ
۲۰۔ سنن دار قطنی، مطبوعہ نشر السنۃ، ملتان، امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۲۸۵ ھ
۲۱۔ شمائل ترمذی، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب، کراچی، امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ ھ
۲۲۔ شرح معانی الآثار، مطبوعہ مجتبائی، پاکستان لاہور، ۱۴۰۴ ھ، امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ ھ
۲۳۔ سنن کبریٰ، مطبوعہ نشر السنۃ، ملتان، امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ ھ
۲۴۔ کشف الاستار عن زوائد البزار، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت ۱۴۰۴ ھ، حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ ھ
۲۵۔ مجمع الزوائد، مطبوعہ دار الکتاب العربی ۱۴۰۲ ھ، حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ ھ۔
۲۶۔ شرح السنۃ، مطبوعہ مکتب اسلامی، بیروت، ۱۴۰۰ ھ، امام حسین بن مسعود بغوی متوفی ۵۱۶ ھ
۲۷۔ الادب المفرد، مطبوعہ مکتبہ اثریہ، سانگلہ ہل، امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ ھ
۲۸۔ المستدرک، مطبوعہ دار الباز للنشر والتوزیع، مکہ مکرمہ، امام ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ ھ
۲۹۔ جامع الصغیر، مطبوعہ دار المعرفۃ، بیروت، ۱۳۹۱ ھ، علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ ھ
۳۰۔ مراسیل ابی داؤد، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی، امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث، متوفی ۲۷۵ ھ
۳۱۔ فردوس الاخبار، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، حافظ شیرویہ بن شہردار الدیلمی متوفی ۵۰۹ ھ
۳۲۔ تلخیص المستدرک، مطبوعہ دار الباز للنشر والتوزیع، مکہ مکرمہ، علامہ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی متوفی ۷۴۸ ھ
۳۳۔ خصائص کبریٰ، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ، فیصل آباد، علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ ھ
۳۴۔ الجوہر النقی، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان، علامہ علاؤ الدین بن علی بن عثمان ماردینی ترکمانی متوفی ۷۴۵ ھ
۳۵۔ نصب الرایہ، مطبوعہ مجلس علمی، سورت ہند، ۱۳۵۷ ھ، حافظ جمال الدین ابو محمد عبد اللہ بن یوسف زیلعی متوفی ۷۶۲ ھ
۳۶۔ مشکوٰۃ، مطبوعہ اصح المطابع دہلی، شیخ ولی الدین تبریزی متوفی ۷۴۲ ھ
۳۷۔ اعلاء السنن، مطبوعہ ادارۃ القرآن، کراچی، شیخ ظفر احمد عثمانی متوفی ۱۳۶۲ ھ
۳۸۔ کنز العمال، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۵ ھ، علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ ھ
۳۹۔ الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، ۱۴۰۷ ھ، امیر علاؤ الدین علی بن بلبان فارسی متوفی ۷۳۹ ھ۔
۴۰۔ مسند طیالسی، مطبوعہ ہند، امام سلیمان بن داؤد بن جارود طیالسی متوفی ۲۰۳ ھ
۴۱۔ جامع الاصول فی احادیث الرسول، مطبوعہ مطبعۃ الملاح بیروت، ۱۳۹۰ ھ، امام مجد الدین ابو السعادات مبارک بن محمد ابن اثیر جزری متوفی ۶۰۶ ھ
۴۲۔ المسند، مطبوعہ عالم الکتب بیروت، حافظ عبد اللہ بن زبیر حمیدی متوفی ۲۱۹ ھ
۴۳۔ مسند ابو یعلیٰ الموصلی، مطبوعہ دار المامون تراث بیروت ۱۴۰۴ ھ، حافظ احمد بن علی المثنیٰ التمیمی متوفی ۳۰۷ ھ

کتب تفسیر

۴۴۔ احکام القرآن، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۴۰۰ ھ، علامہ ابو بکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی، متوفی ۳۷۰ ھ
۴۵۔ تفسیر کبیر، مطبوعہ دار الفکر بیروت [illegible] امام فخر الدین [illegible] رازی، متوفی ۶۰۶ ھ

۴۶۔ الجامع لاحکام القرآن، مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ، علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ
۴۷۔ تفسیر خازن، مطبوعہ دار الکتب العربیہ پشاور، علامہ علی بن محمد خازن شافعی، متوفی ۷۲۵ھ
۴۸۔ عنایۃ القاضی، مطبوعہ دار صادر بیروت، ۱۲۸۳ھ، علامہ احمد شہاب الدین خفاجی مصری حنفی، متوفی ۱۰۶۹ھ
۴۹۔ تفسیر ابو سعود، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ، علامہ ابو السعود محمد بن محمد عمادی سیکیبی، متوفی ۹۸۲ھ
۵۰۔ روح البیان، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ، علامہ اسماعیل حقی حنفی، متوفی ۱۱۳۷ھ
۵۱۔ تفسیر مظہری، مطبوعہ بلوچستان بک ڈپو کوئٹہ، قاضی ثناء اللہ پانی پتی، متوفی ۱۲۲۵ھ
۵۲۔ تفسیر عزیزی، مطبوعہ مطبع فاروقی دہلی، شاہ عبد العزیز محدث دہلوی، متوفی ۱۲۳۹ھ
۵۳۔ روح المعانی، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، علامہ ابو الفضل شہاب الدین سید محمود آلوسی بغدادی حنفی، متوفی ۱۲۷۰ھ
۵۴۔ فتح القدیر، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، شیخ محمد بن علی شوکانی، متوفی ۱۲۵۰ھ
۵۵۔ جامع البیان، مطبوعہ شرکۃ مکتبہ ومطبعۃ مصطفٰی البابی مصر، الطبعۃ الثالثۃ ۱۳۷۳ھ، ابو جعفر محمد بن جریر طبری، متوفی ۳۱۰ھ
۵۶۔ التبیان فی تفسیر القرآن، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، شیخ ابو جعفر محمد بن حسن طوسی، ۳۸۵ھ
۵۷۔ رھوآ البیان، مطبوعہ عالم الکتب بیروت، علامہ محمد امین بن محمد مختار جکنی شنقیطی۔
۵۸۔ الجواہر فی تفسیر القرآن، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ، علامہ حکیم شیخ طنطاوی جوہری۔
۵۹۔ تفسیر المنار، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، علامہ محمد رشید رضا، متوفی ۱۳۵۴ھ
۶۰۔ تفسیر المراغی، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، ۱۳۹۲ھ، علامہ احمد مصطفٰی مراغی
۶۱۔ تفسیر نیشاپوری، مطبوعہ مصطفٰی البابی واولادہ مصر، علامہ نظام الدین حسن بن محمد قمی نیشاپوری، متوفی ۷۲۸ھ
۶۲۔ تفسیر الجلالین، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ لاہور، علامہ جلال الدین سیوطی، متوفی ۹۱۱ھ
۶۳۔ انوار التنزیل، مطبوعہ دار صادر بیروت، قاضی ابو الخیر عبد اللہ بن عمر بیضاوی شیرازی، متوفی ۶۸۵ھ
۶۴۔ الفتوحات الالٰہیہ، مطبوعہ مطبعۃ البہیۃ مصر، ۱۳۰۳ھ، شیخ سلیمان بن عمر المعروف بالجمل، متوفی ۱۲۰۴ھ
۶۵۔ الدر المنثور، مطبوعہ مطبعہ میمنہ مصر، ۱۳۱۴ھ، علامہ جلال الدین سیوطی، متوفی ۹۱۱ھ
۶۶۔ تفسیر ابن کثیر، مطبوعہ ادارہ اندلس بیروت، ۱۳۸۵ھ، حافظ ابو الفداء عماد الدین ابن کثیر، متوفی ۷۷۴ھ
۶۷۔ فتح البیان، مطبوعہ کبریٰ امیریہ بولاق مصر، ۱۳۰۱ھ، نواب صدیق حسن خان بھوپالی متوفی ۱۳۰۷ھ
۶۸۔ خزائن العرفان، تاج کمپنی لاہور، صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مراد آبادی، متوفی ۱۳۶۷ھ
۶۹۔ بیان القرآن، مطبوعہ تاج کمپنی لاہور، شیخ اشرف علی تھانوی، متوفی ۱۳۶۲ھ
۷۰۔ حاشیۃ القرآن، مطبوعہ تاج کمپنی لاہور، شیخ محمود الحسن دیوبندی متوفی ۱۳۲۹ھ و شیخ شبیر احمد عثمانی متوفی ۱۳۶۹ھ
۷۱۔ معارف القرآن، مطبوعہ ادارۃ المعارف کراچی، ۱۳۹۷ھ، مفتی محمد شفیع دیوبندی، متوفی ۱۳۹۶ھ
۷۲۔ مدارک التنزیل، مطبوعہ دار الکتب العربیہ پشاور، علامہ ابو البرکات احمد بن محمد نسفی، متوفی ۷۱۰ھ
۷۳۔ البحر المحیط، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۳ھ، علامہ ابو الحیان محمد بن یوسف اندلسی غرناطی متوفی ۷۵۴ھ
۷۴۔ فی ظلال القرآن، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۳۸۶ھ، سید محمد قطب شہید مصری۔

۷۵۔ احکام القرآن، مطبوعہ دارالمعرفۃ بیروت، علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی، متوفی ۵۴۳ ھ
۷۶۔ زاد المسیر، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، علامہ ابوالفرج عبدالرحمن بن علی بن محمد جوزی حنبلی، متوفی ۵۹۰ ھ
۷۷۔ تفہیم القرآن، مطبوعہ ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، سید ابوالاعلیٰ مودودی، متوفی ۱۳۹۹ ھ
۷۸۔ نورالعرفان، مطبوعہ دارالکتب الاسلامیہ گجرات، مفتی احمد یار خان نعیمی، متوفی ۱۳۹۱ ھ
۷۹۔ ضیاء القرآن، مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری،
۸۰۔ مفہوم القرآن، مطبوعہ ادارہ طلوعِ اسلام لاہور، غلام احمد پرویز

علومِ قرآن

۸۱۔ البرہان فی علوم القرآن، مطبوعہ دارالفکر بیروت، علامہ بدرالدین محمد بن عبداللہ زرکشی، متوفی ۷۹۴ ھ
۸۲۔ الاتقان فی علوم القرآن، سہیل اکیڈمی لاہور، علامہ جلال الدین سیوطی، متوفی ۹۱۱ ھ

کتبِ شروحِ حدیث

۸۳۔ تحقیق الکواکب الدراری شرح البخاری، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، ۱۴۱۰ ھ، علامہ محمد بن یوسف کرمانی متوفی ۷۸۶ ھ
۸۴۔ عمدۃ القاری، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ ھ، علامہ بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ ھ
۸۵۔ فتح الباری، مطبوعہ دارالنشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ ھ، علامہ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ ھ
۸۶۔ ارشاد الساری مطبوعہ مطبعہ میمنیہ مصر، ۱۳۰۶ ھ، علامہ احمد قسطلانی، متوفی ۹۱۱ ھ
۸۷۔ فیض الباری، مطبوعہ مطبع حجازی مصر، ۱۳۵۷ ھ، شیخ انور شاہ کشمیری، متوفی ۱۳۵۲ ھ
۸۸۔ فیوض الباری مطبوعہ مکتبۂ رضوان لاہور، ۱۹۸۲ ء، علامہ محمود احمد رضوی، لاہور
۸۹۔ تفہیم البخاری مطبوعہ مکتبۂ نبویہ رضویہ، فیصل آباد، مولانا غلام رسول رضوی، فیصل آباد
۹۰۔ شرح مسلم مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ ھ، علامہ یحییٰ بن شرف النووی، متوفی ۶۷۶ ھ
۹۱۔ اکمال اکمال المعلم، مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت، علامہ ابوعبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی، متوفی ۸۲۸ ھ
۹۲۔ مکمل اکمال المعلم، مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت، علامہ محمد بن محمد سنوسی مالکی، متوفی ۸۹۵ ھ
۹۳۔ السراج الوہاج، مطبوعہ مطبع صدیقی بھوپال، ۱۳۰۲ ھ، نواب صدیق حسن خان بھوپالی، متوفی ۱۳۰۷ ھ
۹۴۔ فتح الملہم، مطبوعہ مکتبۃ الحجاز کراچی، شیخ شبیر احمد عثمانی، متوفی ۱۳۶۹ ھ
۹۵۔ تکملہ فتح الملہم، مطبوعہ مکتبہ دارالعلوم کراچی، ۱۴۰۷ ھ، شیخ محمد تقی عثمانی کراچی
۹۶۔ تحفۃ الاحوذی، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان، شیخ عبدالرحمن مبارکپوری، متوفی ۱۳۵۳ ھ
۹۷۔ بذل المجہود، مطبوعہ مکتبۂ قاسمیہ ملتان، شیخ خلیل احمد سہارنپوری، متوفی ۱۳۴۶ ھ
۹۸۔ عون المعبود، مطبوعہ نشر السنہ ملتان، شیخ شمس الحق عظیم آبادی، متوفی ۱۳۲۹ ھ
۹۹۔ تمہید، مطبوعہ مکتبۃ القدوسیہ، [illegible] متوفی ۴۶۳ ھ

۱۰۰۔ مرقات، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ۱۳۹۰ھ، ملا علی بن سلطان محمد القاری، متوفی ۱۰۱۴ھ
۱۰۱۔ اشعۃ اللمعات، مطبوعہ مطبع تیج کمار، لکھنؤ، شیخ عبدالحق محدث دہلوی، متوفی ۱۰۵۲ھ
۱۰۲۔ منتقیٰ، مطبوعہ مطبع السعادۃ، مصر، ۱۳۳۲ھ، علامہ ابوالولید سلیمان بن خلف باجی مالکی اندلسی، متوفی ۴۷۴ھ
۱۰۳۔ شرح المؤطا، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر، علامہ محمد باقی زرقانی، متوفی ۱۱۲۲ھ
۱۰۴۔ فیض القدیر، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۱ھ، علامہ عبدالرؤف مناوی
۱۰۵۔ شرح مسند امام اعظم، مطبوعہ مطبع محمدی لاہور، ملا علی بن سلطان محمد القاری، متوفی ۱۰۱۴ھ
۱۰۶۔ التعلیق المغنی، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان، شیخ محمد شمس الحق عظیم آبادی، متوفی ۱۳۲۹ھ
۱۰۷۔ تعلیق الممجد، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، مولانا عبدالحئی لکھنوی، متوفی ۱۳۰۴ھ
۱۰۸۔ تقریرات ترمذی، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی، شیخ محمود الحسن دیوبندی، ۱۳۳۹ھ

اسماء رجال

۱۰۹۔ تاریخ بغداد، مطبوعہ مکتبہ سلفیہ مدینہ منورہ، حافظ ابوبکر علی بن احمد خطیب بغدادی، متوفی ۴۶۳ھ
۱۱۰۔ تہذیب التہذیب، مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن، ۱۳۲۶ھ، حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ
۱۱۱۔ لسان المیزان، مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن، ۱۳۲۶ھ، حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ۔
۱۱۲۔ خلاصۃ تذہیب تہذیب الکمال، مطبوعہ مکتبہ اثریہ سانگلہ ہل، شیخ صفی الدین احمد بن عبداللہ خزرجی۔
۱۱۳۔ الاکمال فی اسماء الرجال، مطبوعہ اصح المطابع، دہلی، شیخ ولی الدین تبریزی، متوفی ۷۴۲ھ
۱۱۴۔ کتاب الثقات، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۱ھ، حافظ محمد ابن حبان تمیمی، متوفی ۳۵۴ھ
۱۱۵۔ کتاب الجرح والتعدیل، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، ۱۳۷۱ھ، حافظ عبدالرحمن بن ابی حاتم رازی، متوفی ۳۲۷ھ
۱۱۶۔ میزان الاعتدال، مطبوعہ مطبع محمدی، لکھنؤ، حافظ شمس الدین ذہبی، متوفی ۷۴۸ھ
۱۱۷۔ المقاصد الحسنہ، مطبوعہ مکتبہ الخانجی، مصر، ۱۳۷۵ھ، ابوالخیر شمس الدین محمد بن عبدالرحمن سخاوی متوفی ۹۰۲ھ
۱۱۸۔ موضوعات کبیر، مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی، ملا علی بن سلطان محمد القاری، متوفی ۱۰۱۴ھ
۱۱۹۔ العلل المتناہیہ، مطبوعہ مکتبہ اثریہ فیصل آباد، ۱۴۰۱ھ، علامہ ابوالفرج عبدالرحمن بن علی الجوزی، متوفی ۵۹۷ھ
۱۲۰۔ کشف الاحوال فی نقد الرجال، مطبوعہ مطبع علوی ۱۳۰۳ھ، شیخ عبدالوہاب بن مولوی محمد غوث مدراسی۔

لغت

۱۲۱۔ المفردات، مطبوعہ المکتبۃ المرتضویہ ایران، ۱۳۴۲ھ، علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی، متوفی ۵۰۲ھ
۱۲۲۔ نہایہ، مطبوعہ مؤسسہ مطبوعاتی ایران، ۱۳۶۴ھ، علامہ محمد بن اثیر الجزری، متوفی ۶۰۶ھ
۱۲۳۔ تہذیب الاسماء واللغات، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، علامہ یحییٰ بن شرف نووی، متوفی ۶۷۶ھ
۱۲۴۔ قاموس، مطبوعہ مطبع منشی نولکشور لکھنؤ، علامہ مجد الدین فیروز آبادی۔

۱۲۵۔ لسان العرب، مطبوعہ نشر ادب الحوزہ، قم ایران، ۱۴۰۵ھ، علامہ جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور افریقی، متوفی ۷۱۱ھ
۱۲۶۔ تاج العروس شرح القاموس، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر ۱۳۰۶ھ، سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی، متوفی ۱۲۰۵ھ
۱۲۷۔ المنجد، مطبوعہ المطبعۃ الکاثولیکیہ، بیروت، ۱۹۲۷ء، لوئیس معلوف الیسوعی
۱۲۸۔ المنجد مترجم، مطبوعہ دارالاشاعت کراچی، لوئیس معلوف الیسوعی
۱۲۹۔ مجمع بحار الانوار، مطبوعہ مطبع منشی نولکشور لکھنؤ، علامہ محمد طاہر پٹنی، متوفی ۹۸۶ھ
۱۳۰۔ لغات الحدیث، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی، شیخ وحید الزمان، متوفی ۱۳۳۸ھ
۱۳۱۔ انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا ۱۹۵۰ء
۱۳۲۔ دائرۃ المعارف، القرن العشرین، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۹۷۱ء، علامہ محمد فرید وجدی
۱۳۳۔ الصحاح، مطبوعہ دار العلم بیروت، ۱۴۰۴ھ، علامہ اسماعیل بن حماد الجوہری، متوفی ۳۹۸ھ
۱۳۴۔ فقہ السنۃ، مطبوعہ شرکۃ دار القبلۃ للثقافۃ الاسلامیۃ جدہ، علامہ سید سابق
۱۳۵۔ معجم البلدان، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۳۹۹ھ، شیخ شہاب الدین ابو عبداللہ یاقوت بن عبداللہ حموی رومی بغدادی متوفی ۶۲۶ھ
۱۳۶۔ منتہی الارب، مطبوعہ مطبعہ اسلامیہ لاہور، ۱۳۴۴ھ، عبدالرحیم بن عبدالکریم صفی پوری
۱۳۷۔ معجم متن اللغۃ، مطبوعہ دار مکتبۃ الحیاۃ، بیروت، ۱۹۸۵ء شیخ احمد رضا، متوفی ۱۹۴۸ء
۱۳۸۔ لاروس، مطبوعہ مکتبۃ لاروس بالیس (پیرس)، ڈاکٹر خلیل الجبر
۱۳۹۔ کتاب العین، مطبوعہ دار الہجرت، قم ایران، ۱۴۰۵، امام ابو عبدالرحمٰن الخلیل بن احمد فراہیدی، متوفی ۱۷۵ھ
۱۴۰۔ اقرب الموارد، مطبوعہ منشورات مکتبہ آیت اللہ العظمیٰ، ایران، ۱۴۰۳ھ، علامہ سعید خوری شرتونی لبنانی

فضائل و سیرت

۱۴۱۔ شفاء، مطبوعہ عبدالتواب اکیڈمی ملتان، قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی، متوفی ۵۴۴ھ
۱۴۲۔ نسیم الریاض، مطبوعہ دار الفکر بیروت، علامہ احمد شہاب الدین خفاجی حنفی، متوفی ۱۰۶۹ھ
۱۴۳۔ شرح الشفاء، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ملا علی بن سلطان محمد القاری حنفی، متوفی ۱۰۱۴ھ
۱۴۴۔ سعادت الدارین، مطبوعہ مطبعۃ بیروت، بیروت، ۱۳۱۲ھ، علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی متوفی، ۱۳۵۰ھ
۱۴۵۔ مدارج النبوت، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر، شیخ عبدالحق محدث دہلوی متوفی، ۱۰۵۲ھ
۱۴۶۔ الوفاء باحوال المصطفیٰ، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد، علامہ عبدالرحمٰن ابن جوزی، متوفی ۵۹۷ھ
۱۴۷۔ زاد المعاد، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی واولادہٗ مصر، ۱۳۶۹ھ، علامہ شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر متوفی ۷۵۱ھ المعروف بابن قیم جوزیہ،
۱۴۸۔ المواہب اللدنیہ، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، علامہ احمد قسطلانی، متوفی ۹۱۱ھ
۱۴۹ شرح المواہب اللدنیہ، مطبوعہ دار المعرفۃ ... الباقی زرقانی، متوفی ۱۱۲۲ھ

۱۵۰۔ البدایہ والنہایہ، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۳ھ، حافظ عماد الدین ابوالفداء ابن کثیر، متوفی ۷۷۴ھ

۱۵۱۔ انسان العیون، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی و اولادہ، مصر، ۱۳۸۴ھ علامہ علی بن برہان الدین حلبی، متوفی ۱۰۴۴ھ

۱۵۲۔ ازالۃ الخفاء، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، ۱۳۹۶ھ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، متوفی ۱۱۷۶ھ

۱۵۳۔ حجۃ اللہ علی العالمین، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائلپور، علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی، متوفی ۱۳۵۰ھ

۱۵۴۔ نشر الطیب، مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ، کراچی، شیخ اشرف علی تھانوی، متوفی ۱۳۶۲ھ،

۱۵۵۔ دلائل النبوت، مطبوعہ دار النفائس، امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصفہانی، متوفی ۴۳۰ھ

۱۵۶۔ مطالع المسرات، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائلپور، علامہ محمد مہدی بن احمد بن علی بن یوسف فاسی

۱۵۷۔ السیرۃ النبویہ، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، حافظ ابوالفداء اسماعیل بن کثیر، متوفی ۷۷۴ھ

۱۵۸۔ الطبقات الکبریٰ، مطبوعہ دار صادر بیروت، ۱۳۸۸ھ، امام محمد بن سعد، متوفی ۲۳۰ھ

۱۵۹۔ استیعاب، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ، حافظ ابوعمر یوسف بن عبداللہ بن محمد بن عبدالبر متوفی ۴۶۳ھ

۱۶۰۔ اصابہ، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ، حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی، متوفی ۸۵۲ھ

۱۶۱۔ اسد الغابہ، مطبوعہ دار الفکر بیروت، علامہ ابوالحسن علی بن ابی الکرم الشیبانی المعروف بابن الاثیر متوفی ۶۳۰ھ

۱۶۲۔ تاریخ یعقوبی، مطبوعہ مرکز انتشارات علمی ایران، شیخ احمد بن ابی یعقوب، متوفی ۲۸۷ھ،

۱۶۳۔ التاریخ الخمیس، مطبوعہ مؤسسۃ شعبان بیروت ۱۲۸۳ھ، علامہ حسین بن محمد دیار بکری

۱۶۴۔ الروض الانف، مطبوعہ مکتبہ فاروقیہ ملتان، علامہ ابوالقاسم عبدالرحمان بن عبداللہ سہیلی، متوفی ۵۸۱ھ

۱۶۵۔ مختصر سیرت الرسول، مطبوعہ المطبعۃ العربیہ، ۱۳۹۹ھ، شیخ عبداللہ بن محمد بن عبدالوہاب نجدی، ۱۲۴۲ھ

۱۶۶۔ سبل الہدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد، مطبوعہ مجلس اعلیٰ قاہرہ، ۱۳۵۲ھ، علامہ محمد بن یوسف شامی صالحی، متوفی ۹۴۲ھ

۱۶۷۔ المدخل، مطبوعہ مصر، علامہ ابوعبداللہ محمد بن محمد المشہور بابن الحاج، متوفی ۷۳۷ھ

۱۶۸۔ الکامل فی التاریخ، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، ۱۴۰۰ھ، علامہ ابوالحسن علی بن ابی الکرم الشیبانی المعروف بابن الاثیر متوفی ۶۳۰ھ

۱۶۹۔ تاریخ الامم والملوک، مطبوعہ دار القلم بیروت، علامہ ابوجعفر محمد بن جریر طبری، متوفی ۳۱۰ھ

۱۷۰۔ تاریخ ابن خلدون، مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی للمطبوعات، بیروت، ۱۳۹۰ھ، علامہ عبدالرحمٰن ابن خلدون، متوفی ۸۰۸ھ

۱۷۱۔ تاریخ الخلفاء، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع، کراچی، علامہ جلال الدین سیوطی، متوفی ۹۱۱ھ

۱۷۲۔ مراۃ الجنان، مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی، بیروت، علامہ عبداللہ بن اسعد بن علی یافعی، متوفی ۷۶۸ھ

۱۷۳۔ وفاء الوفاء، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۰۱ھ، علامہ نور الدین علی بن احمد سمہودی، متوفی ۹۱۱ھ

۱۷۴۔ الجوہر المنظم، مطبوعہ مکتبہ قادریہ، لاہور، ۱۴۰۵ھ، علامہ احمد بن حجر مکی شافعی، ۹۷۴ھ

۱۷۵۔ الجواہر البحار، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی و اولادہ، مصر، ۱۳۷۹ھ، علامہ یوسف بن اسمٰعیل نبہانی، متوفی ۱۳۵۰ھ

۱۷۶۔ کتاب الاذکار، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی و اولادہ مصر، علامہ یحییٰ بن شرف نووی، متوفی ۶۷۶ھ

۱۷۷۔ الصارم المسلول، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان، شیخ ابوالعباس تقی الدین ابن تیمیہ حرانی، متوفی ۷۲۸ھ

۱۷۸۔ لواقح الانوار القدسیہ، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی و اولادہ مصر، علامہ عبدالوہاب شعرانی، متوفی ۹۷۳ھ

۱۷۹۔ الصواعق المحرقہ، مطبوعہ مکتبۃ القاہرہ، ۱۳۸۵ھ، علامہ احمد بن حجر مکی شافعی، متوفی ۹۷۴ھ
۱۸۰۔ الحدیقۃ الندیہ، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد، ۱۹۷۷ء، علامہ عبدالغنی نابلسی، متوفی ۱۱۴۳ھ
۱۸۱۔ تاریخ دمشق الکبیر، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۱ھ، حافظ ابوالقاسم علی بن حسین شافعی المعروف بابن عساکر، متوفی ۵۷۱ھ
۱۸۲۔ سیر اعلام النبلاء، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۲ھ، علامہ شمس الدین محمد بن احمد بن عثمان ذہبی، متوفی ۷۴۸ھ

کتب فقہ حنفی

۱۸۳۔ کتاب الخراج، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، امام ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم، متوفی ۱۸۲ھ
۱۸۴۔ مبسوط (کتاب الاصل) مطبوعہ ادارۃ القرآن، کراچی، امام محمد بن حسن شیبانی، متوفی ۱۸۹ھ
۱۸۵۔ الجامع الصغیر، مطبوعہ مطبع مصطفائی ہند، ۱۲۹۱ھ، امام محمد بن حسن شیبانی، متوفی ۱۸۹ھ
۱۸۶۔ کتاب الحجۃ، مطبوعہ دار المعارف النعمانیہ لاہور، " "
۱۸۷۔ شرح سیر کبیر، مطبوعہ المکتبۃ للثورۃ الاسلامیۃ افغانستان، ۱۴۰۵ھ، علامہ شمس الدین محمد بن احمد سرخسی، متوفی ۴۸۳ھ
۱۸۸۔ مبسوط (شرح الکافی) مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ، " " " " "
۱۸۹۔ فتاویٰ قاضی خان، مطبوعہ مطبع کبریٰ امیریہ، بولاق مصر، ۱۳۱۰ھ، علامہ حسن بن منصور اوزجندی، متوفی ۵۹۲ھ
۱۹۰۔ فتاویٰ النوازل، مطبوعہ بلوچستان بک ڈپو کوئٹہ، علامہ ابو اللیث سمرقندی، متوفی ۳۷۳ھ
۱۹۱۔ بدائع الصنائع، مطبوعہ ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی، ۱۴۰۰ھ، علامہ ابو بکر بن مسعود کاسانی، متوفی ۵۸۷ھ
۱۹۲۔ ہدایہ اولین، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی، متوفی ۵۹۳ھ
۱۹۳۔ ہدایہ اخیرین، مطبوعہ مکتبہ شرکت علمیہ ملتان، " " " "
۱۹۴۔ عنایہ، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر، علامہ محمد بن محمود بابرتی، متوفی ۷۸۶ھ
۱۹۵۔ کفایہ، مطبوعہ " " " علامہ جلال الدین خوارزمی،
۱۹۶۔ فتح القدیر، مطبوعہ " " " علامہ کمال الدین ابن ہمام، متوفی ۸۶۱ھ
۱۹۷۔ بنایہ، مطبوعہ ملک سنز فیصل آباد، علامہ بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ
۱۹۸۔ البحر الرائق، مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ، علامہ زین الدین ابن نجیم، متوفی ۹۷۰ھ
۱۹۹۔ منحۃ الخالق، مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ھ، علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی، متوفی ۱۲۵۲ھ
۲۰۰۔ تبیین الحقائق، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، علامہ عثمان بن علی زیلعی، متوفی ۷۴۳ھ
۲۰۱۔ در مختار، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول، ۱۳۲۷ھ، علامہ علاؤ الدین محمد بن علی بن محمد حصکفی، متوفی ۱۰۸۸ھ
۲۰۲۔ رد المحتار، مطبوعہ " " ۱۳۲۷ھ، علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی، متوفی ۱۲۵۲ھ
۲۰۳۔ حاشیۃ الطحطاوی، علی الدر المختار، مطبوعہ دار المعرفت بیروت ۱۳۹۵ھ، علامہ احمد بن محمد طحطاوی، متوفی ۱۲۳۱ھ
۲۰۴۔ مراقی الفلاح، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی واولادہ مصر، ۱۳۵۶ھ، علامہ حسن بن عمار شرنبلالی، متوفی ۱۰۶۹ھ
۲۰۵۔ حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح، مطبوعہ [illegible]

۲۰۶۔ غنیۃ المستملی، مطبوعہ مطبع مجتبائی، دہلی، علامہ ابراہیم بن محمد حلبی، متوفی ۹۵۶ ھ
۲۰۷۔ صغیری، مطبوعہ مطبع مجتبائی، دہلی، " " " " "
۲۰۸۔ درر الحکام فی شرح غرر الاحکام، مطبوعہ مطبعہ عامرہ مصر، ۱۳۰۴ ھ، ملا احمد بن فرامرز خسرو، متوفی ۸۸۵ ھ
۲۰۹۔ حاشیۃ الدرر والغرر، مولانا عبد الحلیم
۲۱۰۔ جامع الرموز، مطبوعہ مطبع منشی نولکشور لکھنؤ، ۱۲۹۱ ھ، علامہ محمد خراسانی، متوفی ۹۶۲ ھ
۲۱۱۔ الجوہرۃ النیرۃ، مطبوعہ مکتبۂ امدادیہ ملتان، علامہ ابوبکر بن علی حداد، متوفی ۸۰۰ ھ
۲۱۲۔ فتاویٰ عالمگیری، مطبوعہ مطبع کبریٰ امیریہ بولاق مصر، ۱۳۱۰ ھ، ملا نظام الدین، متوفی ۱۱۶۱ ھ
۲۱۳۔ فتاویٰ بزازیہ، مطبوعہ " " " " علامہ محمد شہاب الدین ابن بزاز کردری، متوفی ۸۲۷ ھ
۲۱۴۔ رسائل ابن عابدین، مطبوعہ سہیل اکیڈمی، لاہور، ۱۳۹۶ ھ، علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی، متوفی ۱۲۵۲ ھ
۲۱۵۔ تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ، مطبوعہ سہیل اکیڈمی، لاہور، ۱۳۹۶ ھ، " " "
۲۱۶۔ تقریرات رافعی، مطبوعہ مکتبہ ماجدیہ کوئٹہ، ۱۴۰۴ ھ، شیخ عبد القادر رافعی مفتی الدیار المصریہ
۲۱۷۔ شرح النقایہ، مطبوعہ ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی، ملا علی بن سلطان محمد القاری، متوفی ۱۰۱۴ ھ
۲۱۸۔ فتاویٰ غیاثیہ، مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ، ۱۴۰۳ ھ، علامہ داؤد بن یوسف الخطیب،
۲۱۹۔ حاشیۃ الدرر والغرر، مطبوعہ مطبع عامرہ شرفیہ مصر، ۱۳۰۴ ھ، علامہ حسن بن عمار شرنبلالی، متوفی ۱۰۶۹ ھ
۲۲۰۔ اخبار القضاۃ، مطبوعہ الاستقامۃ قاہرہ، ۱۹۴۷ء، امام وکیع محمد بن خلف حیان، متوفی ۳۰۶ ھ
۲۲۱۔ معین الاحکام، مطبوعہ مطبعہ میمنہ مصر، ۱۳۱۰ ھ، علامہ علاؤ الدین ابو الحسن علی بن خلیل طرابلسی حنفی،
۲۲۲۔ مجمع الانہر فی شرح ملتقی الابحر، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، علامہ محمد سلیمان داماد آفندی، متوفی ۱۰۷۸ ھ
۲۲۳۔ المسلک المتقسط، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ملا علی بن سلطان محمد القاری، متوفی ۱۰۱۴ ھ
۲۲۴۔ حاشیۃ الشلبی علی تبیین الحقائق، مطبوعہ مکتبۂ امدادیہ ملتان، علامہ شہاب الدین احمد شلبی
۲۲۵۔ تکملہ البحر الرائق، مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر، ۱۳۱۱ ھ، علامہ محمد بن حسین بن علی طوری،
۲۲۶۔ خلاصۃ الفتاویٰ، مطبوعہ امجد اکیڈمی لاہور، ۱۳۹۷ ھ، شیخ طاہر بن عبد الرشید بخاری حنفی
۲۲۷۔ المنتقی علی ملتقی الابحر، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت، علامہ محمد علاؤ الدین من علماء قرن حادی عشر ۱۱۰۰ ھ
۲۲۸۔ شرح الکنز، مطبوعہ جمعیۃ المعارف المصریہ، مصر، ۱۲۸۷ ھ، علامہ معین الدین الہروی المعروف بمحمد ملا مسکین، متوفی ۹۵۴ ھ
۲۲۹۔ فتاویٰ عبد الحئی، مطبوعہ مطبع یوسفی ہند، ۱۳۲۵ ھ، مولانا عبد الحئی لکھنوی، متوفی ۱۳۰۴ ھ
۲۳۰۔ فتاویٰ رضویہ، مطبوعہ سنی دار الاشاعت فیصل آباد، ۱۳۹۴ ھ، امام احمد رضا قادری، متوفی ۱۳۴۰ ھ
۲۳۱۔ الزبدۃ الزکیۃ، مطبوعہ محبوب المطابع دہلی،
۲۳۲۔ کفل الفقیہ، مطبوعہ مطبع اہل سنت وجماعت بریلی، ۱۳۲۴ ھ، امام احمد رضا قادری، متوفی ۱۳۴۰ ھ
۲۳۳۔ فتاویٰ افریقہ، مطبوعہ مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی
۲۳۴۔ اسلام میں عورت کی دیت، مطبوعہ بزم سعید لاہور، علامہ سید احمد سعید کاظمی، متوفی ۱۴۰۶ ھ

۲۳۵۔ بہارِ شریعت، مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز کراچی، مولانا امجد علی متوفی ۱۳۶۷ھ
۲۳۶۔ فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، مطبوعہ دارالاشاعت کراچی، شیخ عزیزالرحمان و مفتی محمد شفیع دیوبندی، متوفی ۱۳۹۶ھ
۲۳۷۔ شرح النقایہ، مطبوعہ ایچ۔ ایم۔ سعید اینڈ کمپنی، ملا علی بن سلطان محمد القاری، متوفی ۱۰۱۴ھ
۲۳۸۔ حاشیہ ابی السعود، علی ملا مسکین، مطبوعہ جمعیۃ المعارف المصریہ، مصر، ۱۲۸۷ھ علامہ ابوالسعود محمد بن محمد عمادی، متوفی ۹۸۲ھ
۲۳۹۔ فتاویٰ مسعودی، مطبوعہ سرحد پبلیکیشنز کراچی، ۱۴۰۷ھ، شاہ محمد مسعود دہلوی، متوفی ۱۳۹۶ھ
۲۴۰۔ جامع الفتاویٰ، مطبوعہ مطبع اسلامی پریس شاہ جہاں پور، ۱۳۲۲ھ، مولانا ریاست علی خاں
۲۴۱۔ فتاویٰ عزیزی، مطبوعہ مطبع مجتبائی، دہلی، ۱۳۱۱ھ، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، متوفی ۱۲۳۹ھ
۲۴۲۔ امداد الفتاویٰ، مطبوعہ مکتبہ دارالعلوم کراچی، شیخ اشرف علی تھانوی متوفی ۱۳۶۲ھ
۲۴۳۔ کتاب الاشباہ والنظائر، مطبوعہ دارالکتب العلمیہ، بیروت
۲۴۴۔ غمز عیون البصائر، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، سید احمد بن محمد حنفی حموی
۲۴۵۔ انسانی اعضاء کی پیوند کاری، مطبوعہ مجلس مسائل تحقیق حاضرہ، کراچی، مفتی محمد شفیع دیوبندی، متوفی ۱۳۹۶ھ
۲۴۶۔ پراویڈنٹ فنڈ پر سود اور زکوٰۃ کا مسئلہ، مطبوعہ دارالاشاعت کراچی، " " "
۲۴۷۔ اوزانِ شرعیہ، مطبوعہ ادارۃ المعارف، کراچی، مفتی محمد شفیع دیوبندی، متوفی ۱۳۹۶ھ
۲۴۸۔ رسائل و مسائل، مطبوعہ اسلامک پبلیکیشنز، لاہور، سید ابوالاعلیٰ مودودی، متوفی ۱۳۹۹ھ
۲۴۹۔ ۵۔ اے ذیلدار پارک (اثر دو مجالس سید مودودی) مطبوعہ البدر پبلیکیشنز ۱۹۷۵ء، سید ابوالاعلیٰ مودودی متوفی ۱۳۹۹ھ
۲۵۰۔ برجندی علی شرح وقایہ، مطبوعہ مطبع منشی نولکشور لکھنؤ، ۱۳۲۲ھ، علامہ عبدالعلی برجندی
۲۵۱۔ حقوق الزوجین، مطبوعہ ادارہ ترجمان القرآن لاہور، سید ابوالاعلیٰ مودودی، متوفی ۱۳۹۹ھ
۲۵۲۔ مقالاتِ کوثری، مطبوعہ ایچ۔ ایم۔ سعید اینڈ کمپنی، کراچی، علامہ زاہد الکوثری، متوفی ۱۳۷۱ھ
۲۵۳۔ کنز الدقائق، مطبوعہ محمد سعید اینڈ سنز، کراچی، علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی، متوفی ۷۱۰ھ

کتب فقہ شافعی

۲۵۴۔ کتاب الام، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت، ۱۳۹۳ھ، امام محمد بن ادریس شافعی، متوفی ۲۰۴ھ
۲۵۵۔ المہذب، مطبوعہ دارالفکر بیروت، شیخ ابواسحاق شیرازی، متوفی ۴۵۵ھ
۲۵۶۔ شرح المہذب، مطبوعہ دارالفکر بیروت، علامہ یحییٰ بن شرف نووی، متوفی ۶۷۶ھ
۲۵۷۔ تکملہ شرح المہذب، مطبوعہ دارالفکر بیروت، علامہ تقی الدین سبکی، متوفی ۷۵۶ھ
۲۵۸۔ فتح العزیز شرح الوجیز، مطبوعہ دارالفکر بیروت، علامہ ابوالقاسم عبدالکریم رافعی، متوفی ۶۲۳ھ
۲۵۹۔ مغنی المحتاج، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت، علامہ محمد الخطیب من قرن العاشر
۲۶۰۔ احیاء علوم الدین، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت، امام محمد بن محمد غزالی، متوفی ۵۰۵ھ
۲۶۱۔ الحاوی للفتاویٰ، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ ... متوفی ۹۱۱ھ

۲۶۲۔ مختصر المزنی، مطبوعہ دار المعرفت بیروت، امام محمد بن ادریس شافعی، متوفی ۲۰۴ ھ
۲۶۳۔ روضۃ الطالبین وعمدۃ المفتین، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۴۰۵ھ، علامہ یحییٰ بن شرف نواوی، متوفی ۶۷۶ ھ
۲۶۴۔ فقہ السنۃ، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۱ھ، ڈاکٹر یوسف قرضاوی

کتب فقہ مالکی

۲۶۵۔ المدونۃ الکبریٰ، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۲ھ، امام سحنون بن سعید تنوخی مالکی، متوفی ۲۵۶ ھ
۲۶۶۔ بدایۃ المجتہد، مطبوعہ دار الفکر بیروت، قاضی ابو الولید محمد بن احمد ابن رشد مالکی اندلسی، متوفی ۵۹۵ ھ
۲۶۷۔ الشرح الصغیر علی اقرب المسالک، مطبوعہ دار المعارف مصر ۱۳۴۸ھ، علامہ ابو البرکات احمد بن محمد الدردیر مالکی، متوفی ۱۱۹۷ھ
۲۶۸۔ التاج والاکلیل شرح مختصر خلیل، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ، علامہ ابو عبداللہ محمد بن یوسف بن ابی القاسم العبدری مالکی متوفی ۸۹۷ھ
۲۶۹۔ الشرح الکبیر، مطبوعہ دار الفکر بیروت، علامہ ابو البرکات سیدی احمد دردیر مالکی، متوفی ۱۱۹۷ ھ
۲۷۰۔ حاشیۃ الدسوقی علی الشرح الکبیر، مطبوعہ دار الفکر بیروت، شیخ شمس الدین محمد بن عرفہ دسوقی مالکی، متوفی ۱۲۱۹ ھ
۲۷۱۔ حاشیۃ الصاوی علی الشرح الصغیر للدردیر، مطبوعہ دار المعارف مصر، ۱۹۴۷ء، علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی، متوفی ۱۲۲۳ھ
۲۷۲۔ مواہب الجلیل، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ، علامہ ابو عبداللہ محمد بن محمد الحطاب المغربی، متوفی ۹۵۴ ھ

کتب فقہ حنبلی

۲۷۳۔ المقنع، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ، علامہ ابو القاسم عمر بن الحسین بن عبداللہ بن احمد الخرقی، متوفی ۳۳۴ ھ
۲۷۴۔ المغنی، ″ ″، ۱۴۰۵ھ، علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی، متوفی ۶۲۰ ھ
۲۷۵۔ المغنی مع الشرح الکبیر، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۴ھ، علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ حنبلی، متوفی ۶۲۰ ھ
۲۷۶۔ الشرح الکبیر، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۴ھ، علامہ شمس الدین عبدالرحمٰن بن ابی عمر محمد بن احمد بن قدامہ حنبلی متوفی، ۶۸۲ ھ
۲۷۷۔ الانصاف، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، ۱۳۷۶ھ، علامہ ابو الحسن علی بن سلیمان مرداوی، متوفی ۸۸۵ ھ
۲۷۸۔ مجموع الفتاوی، مطبوعہ بامر فہد بن عبدالعزیز آل سعود، شیخ ابو العباس تقی الدین احمد ابن تیمیہ حنبلی، متوفی ۷۲۸ ھ
۲۷۹۔ کتاب الفروع، مطبوعہ عالم الکتب بیروت، ۱۳۸۸ھ، علامہ شمس الدین مقدسی ابو عبداللہ محمد بن مفلح حنبلی، متوفی ۷۶۳ ھ
۲۸۰۔ تصحیح الفروع، مطبوعہ ″ ″، ۱۳۸۸ھ، علامہ ابو الحسن علی بن سلیمان مرداوی، متوفی ۸۸۵ ھ
۲۸۱۔ کشاف القناع، ″ ″، علامہ منصور بن یونس بن ادریس بہوتی حنبلی ۱۰۵۱ ھ

کتب فقہ ظاہریہ (غیر مقلدین)

۲۸۲۔ المحلی، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۹ھ، شیخ علی بن احمد بن حزم اندلسی، متوفی ۴۵۶ ھ
۲۸۳۔ نیل الاوطار، مطبوعہ الکلیات الازہریہ، ۱۳۹۸ھ، شیخ محمد بن علی شوکانی، متوفی ۱۲۵۰ھ
۲۸۴۔ مسک الختام، ، نواب صدیق حسن خان بھوپالی، متوفی ۱۳۰۷ ھ

۲۸۵۔ ایک مجلس کی تین طلاقیں، مطبوعہ نعمانیہ کتب خانہ لاہور۔
۲۸۶۔ کتاب الاموال، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، امام ابو عبید قاسم بن سلام، متوفی ۲۲۴ھ

مذاہب اربعہ

۲۸۷۔ میزان الشریعۃ الکبریٰ، مطبوعہ مطبع مصطفےٰ البابی واولادہ مصر، ۱۳۵۹ھ علامہ عبدالوہاب شعرانی، متوفی ۹۷۳ھ
۲۸۸۔ الفقہ علی مذاہب الاربعہ، مطبوعہ دار الفکر بیروت، علامہ عبدالرحمٰن الجزیری
۲۸۹۔ الفتاویٰ الاسلامیہ من دار الافتاء المصریہ القاہرہ، ۱۴۰۰ھ
۲۹۰۔ الفقہ الاسلامی وادلتہ، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ، ڈاکٹر وہبہ زحیلی۔
۲۹۱۔ التشریع الجنائی، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، علامہ عبدالقادر عودہ

کتب شیعہ (حدیث وفقہ)

۲۹۲۔ الاصول من الکافی، مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ، تہران، شیخ ابو جعفر محمد بن یعقوب کلینی، متوفی ۳۲۹ھ
۲۹۳۔ الفروع من الکافی، مطبوعہ " " ۱۳۹۱ھ " "
۲۹۴۔ من لا یحضرہ الفقیہ، مطبوعہ " شیخ ابو جعفر محمد بن علی قمی، متوفی ۳۸۱ھ
۲۹۵۔ تہذیب الاحکام، مطبوعہ " " شیخ ابو جعفر محمد بن حسن طوسی، متوفی ۴۶۰ھ
۲۹۶۔ الاستبصار، مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ، تہران، " " "
۲۹۷۔ توضیح المسائل، مطبوعہ سازمان تبلیغ اسلامی ایران، ۱۴۰۴ھ، شیخ روح اللہ خمینی، متوفی ۱۴۰۹ھ
۲۹۸۔ توضیح المسائل، مطبوعہ جامعہ تعلیمات اسلامی، کراچی، شیخ ابو القاسم الخوئی،
۲۹۹۔ احتجاج، مطبوعہ دار النعمان ایران، شیخ ابو منصور احمد بن علی بن ابی طالب طبرسی، متوفی ۶۲۰ھ
۳۰۰۔ حق الیقین، مطبوعہ خیابان ناصر خسرو ایران، ۱۳۴۷ھ، ملا باقر بن محمد تقی مجلسی، متوفی ۱۱۱۰ھ
۳۰۱۔ جلاء العیون (مترجم)، مطبوعہ انصاف پریس لاہور، ملا باقر بن محمد تقی مجلسی، متوفی ۱۱۱۰ھ
۳۰۲۔ حیات القلوب (مترجم)، مطبوعہ حمایت اہل بیت وقف لاہور، ملا باقر بن محمد تقی مجلسی، متوفی ۱۱۱۰ھ
۳۰۳۔ تاریخ یعقوبی، مطبوعہ مرکز انتشارات علمی فرہنگی ایران، ۱۳۶۲ھ، شیخ احمد بن ابی یعقوب، متوفی ۲۹۰ھ
۳۰۴۔ کشف الاسرار، مطبوعہ انتشارات آزادی قم ایران، شیخ روح اللہ خمینی موسوی، متوفی ۱۴۰۹ھ
۳۰۵۔ مجمع البیان، مطبوعہ کتاب فروشی اسلامیہ، ایران، ۱۳۸۰ھ، شیخ ابو علی فضل بن حسن طبرسی، متوفی ۵۴۸ھ
۳۰۶۔ المیزان، مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ، ایران، ۱۳۶۲ھ، شیخ محمد حسین طباطبائی، متوفی ۱۴۰۲ھ
۳۰۷۔ فقہ الامام جعفر الصادق، مطبوعہ دار العلم بیروت، شیخ محمد جواد مغنیہ،
۳۰۸۔ ناسخ التواریخ، مطبوعہ کتاب فروشیہ اسلامیہ ایران، ۱۳۶۳ھ، میرزا محمد تقی مؤرخ شہیر، متوفی ۱۲۹۷ھ
۳۰۹۔ تفسیر قمی، مطبوعہ مطبعۃ النجف، [illegible] ۳۲۹ھ

۳۱۰۔ بحار الانوار، مطبوعہ المطبعۃ الاسلامیہ، طہران، ۱۳۹۲ھ، ملا محمد باقر بن محمد تقی مجلسی متوفی ۱۱۱۰ھ
۳۱۱۔ تفسیر منہج، مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ ایران، ۱۳۴۳ھ، جمعے از نویسندگان،
۳۱۲۔ فدک، مطبوعہ کتاب خانہ چہل ستون، جامع تہران، ۱۳۹۸ھ، فقیر سید محمد حسن قزوینی
۳۱۳۔ شرح نہج البلاغہ، مطبوعہ مؤسسۃ النصر ایران، ۱۳۸۰ھ، شیخ کمال الدین میثم بن علی بن میثم البحرانی، متوفی ۶۷۹ھ

کتب عقائد و کلام

۳۱۴۔ شرح عقائد نسفی، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع، کراچی، علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی، متوفی ۷۹۱ھ
۳۱۵۔ شرح مواقف، مطبوعہ مطبع منشی نولکشور لکھنو، میر سید شریف علی بن محمد جرجانی، متوفی ۸۱۲ھ
۳۱۶۔ شرح فقہ اکبر، مطبوعہ مطبع مصطفی البابی و اولادہ مصر، ۱۳۷۵ھ، ملا علی بن سلطان محمد القاری، متوفی ۱۰۱۴ھ
۳۱۷۔ حاشیۃ الخیالی، مطبوعہ عبد الحکیم اینڈ سنز پشاور، علامہ شمس الدین احمد بن موسیٰ خیالی، متوفی ۸۷۰ھ
۳۱۸۔ المنقذ من الضلال، مطبوعہ ہیئۃ الاوقاف لاہور، ۱۴۰۵ھ، علامہ محمد بن محمد غزالی، متوفی ۵۰۵ھ
۳۱۹۔ الیواقیت والجواہر، مطبوعہ مطبع مصطفی البابی و اولادہ، مصر، ۱۳۷۸ھ، علامہ عبد الوہاب شعرانی، متوفی ۹۷۳ھ
۳۲۰۔ نبراس، مطبوعہ مکتبۂ قادریہ لاہور، ۱۳۹۰ھ، مولانا عبد العزیز پرہاروی
۳۲۱۔ حاشیہ عبد الحکیم سیالکوٹی مع مجموعہ حواشی البہیہ، مطبوعہ مکتبۂ اسلامیہ کوئٹہ، ۱۳۹۰ھ، مولانا عبد الحکیم سیالکوٹی، متوفی ۱۰۶۷ھ
۳۲۲۔ شرح المقاصد، مطبوعہ دار المعارف النعمانیہ، لاہور، ۱۴۰۱ھ، علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی، متوفی ۷۹۱ھ
۳۲۳۔ الاحکام السلطانیہ، مطبوعہ مطبع مصطفی البابی و اولادہ مصر، ۱۳۹۳ھ، علامہ ابو الحسن علی بن محمد بن حبیب الماوردی، متوفی ۴۵۰ھ
۳۲۴۔ مسائرہ، مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ مصر، علامہ کمال الدین ابن ہمام، متوفی ۸۶۱ھ
۳۲۵۔ مسامرہ، مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ مصر، علامہ کمال الدین محمد بن محمد المعروف بابن ابی شریف القدسی الشافعی، متوفی ۹۰۶ھ
۳۲۶۔ کتاب العقائد، مطبوعہ تاجدار پبلشنگ کمپنی کراچی، صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی، متوفی ۱۳۶۷ھ

کتب اصول حدیث

۳۲۷۔ الکفایہ فی علم الروایہ، مطبوعہ مکتبۂ علمیہ مدینہ منورہ، حافظ ابو بکر احمد بن علی بن ثابت خطیب بغدادی، متوفی ۴۶۳ھ
۳۲۸۔ لقط الدرر، مطبوعہ مطبعہ شرکۃ مصطفی البابی حلبی و اولادہ، مصر، ۱۳۵۶ھ، علامہ عبد اللہ بن حسین خاطر
۳۲۹۔ شرح شرح نخبۃ الفکر، مطبوعہ مکتبۂ اسلامیہ کوئٹہ، ملا علی بن سلطان محمد القاری، متوفی ۱۰۱۴ھ
۳۳۰۔ امعان النظر، مطبوعہ اکادمی شاہ ولی اللہ، حیدر آباد سندھ، قاضی محمد اکرم سندھی
۳۳۱۔ تدریب الراوی، مطبوعہ مکتبۂ علمیہ مدینہ منورہ، ۱۳۹۲ھ، علامہ جلال الدین سیوطی، متوفی ۹۱۱ھ

کتب اصول فقہ

۳۳۲۔ مستصفیٰ، مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق مصر ۱۳۹۴ھ، امام ابو حامد محمد بن محمد غزالی متوفی ۵۰۵ھ

۳۳۳۔ فواتح الرحموت، مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق مصر ۱۲۹۴ھ، بحر العلوم عبدالعلی بن نظام الدین متوفی ۱۲۲۵ھ
۳۳۴۔ الرسالۃ، مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق مصر، ۱۳۱۲ھ، امام محمد بن ادریس شافعی متوفی ۲۰۴ھ
۳۳۵۔ الاحکام فی اصول الاحکام، مطبوعہ مطبع محمد علی واولادہ مصر، ۱۳۴۷ھ، علامہ سیف الدین علی بن علی آمدی متوفی ۶۳۱ھ
۳۳۶۔ اصول بزودی، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی، فخر الاسلام علی بن محمد بزودی متوفی ۴۸۲ھ
۳۳۷۔ ارشاد الفحول الی تحقیق الحق من علم الاصول، مکتبہ اثریہ سانگلہ ہل، شیخ محمد بن علی شوکانی متوفی ۱۲۵۰ھ

متفرقات

۳۳۸۔ کتاب التعریفات، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ھ، میر سید شریف علی بن محمد جرجانی، متوفی ۸۱۶ھ
۳۳۹۔ الجامع اللطیف، محمد جار اللہ، متوفی ۹۸۵ھ
۳۴۰۔ فتاویٰ حدیثیہ، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی واولادہ مصر، ۱۳۵۶ھ، علامہ ابن حجر مکی، متوفی ۹۲۷ھ
۳۴۱۔ سباحۃ الفکر، مولانا عبدالحی لکھنوی، متوفی ۱۳۰۴ھ
۳۴۲۔ الکبریت الاحمر، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی واولادہ مصر، ۱۳۷۸ھ، علامہ عبدالوہاب شعرانی، متوفی ۹۷۳ھ
۳۴۳۔ الاعتصام، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، علامہ ابو اسحاق ابراہیم بن موسیٰ شاطبی، متوفی ۷۹۰ھ
۳۴۴۔ بوادر النوادر، مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور، ۱۹۶۴ء، شیخ اشرف علی تھانوی، متوفی ۱۳۶۲ھ
۳۴۵۔ براہین قاطعہ، مطبوعہ مطبع بلالی، ڈھونڈ، شیخ خلیل احمد انبیٹھوی، متوفی ۱۳۴۶ھ۔
۳۴۶۔ اسلام اور موسیقی، مطبوعہ ادارۂ ثقافت اسلامیہ لاہور، ۱۹۶۸ء، شاہ محمد جعفر پھلواری
۳۴۷۔ المہند علی المفند، مطبوعہ کتب خانہ دیوبند، شیخ خلیل احمد انبیٹھوی، متوفی ۱۳۴۶ھ
۳۴۸۔ دو اسلام، مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز، ڈاکٹر غلام جیلانی برق
۳۴۹۔ مکتوبات امام ربانی، مطبوعہ مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی، ۱۹۷۰ء، حضرت مجدد الف ثانی، متوفی ۱۰۳۴ھ
۳۵۰۔ حیوٰۃ الحیوان الکبریٰ، مطبوعہ مطبعہ میمنہ مصر ۱۳۰۵ھ، علامہ محمد بن موسیٰ الدمیری متوفی ۸۰۸ھ
۳۵۱۔ عجائب المخلوقات، مطبوعہ مطبعہ میمنہ مصر ۱۳۰۵ھ، علامہ زکریا بن محمد بن محمود۔
۳۵۲۔ الملفوظ، مطبوعہ نوری کتب خانہ لاہور، امام احمد رضا قادری متوفی ۱۳۴۰ھ
۳۵۳۔ تکمیل الایمان، مطبوعہ فخر المطابع لکھنؤ، ۱۹۱۲ء، شیخ عبدالحق محدث دہلوی، متوفی ۱۰۵۲ھ
۳۵۴۔ منہاج السنۃ، مطبوعہ مطبعہ امیریہ کبریٰ بولاق مصر، شیخ تقی الدین ابو العباس احمد بن تیمیہ حرانی، متوفی ۷۲۸ھ
۳۵۵۔ تقویت الایمان، مطبوعہ مطبع علیمی لاہور، شیخ اسماعیل دہلوی، متوفی ۱۲۴۶ھ
۳۵۶۔ تحقیق الفتویٰ، مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور، ۱۳۹۹ھ، علامہ فضل حق خیر آبادی، متوفی ۱۸۶۱ء
۳۵۷۔ ماثبت بالسنۃ، مطبوعہ ادارہ نعیمیہ رضویہ لاہور، شیخ عبدالحق محدث دہلوی، متوفی ۱۰۵۲ھ
۳۵۸۔ شمائم امدادیہ، مطبوعہ مدنی کتب خانہ ملتان، ۱۴۰۵ھ، حاجی امداد اللہ مہاجر مکی، متوفی ۱۳۱۷ھ
۳۵۹۔ امداد المشتاق، مکتبہ اسلامیہ لاہور، شیخ اشرف علی تھانوی [illegible]

۳۶۰۔ فیصلہ ہفت مسئلہ، مطبوعہ مدنی کتب خانہ لاہور، حاجی امداد اللہ مہاجر مکی، متوفی ۱۳۱۷ھ

۳۶۱۔ المورد الروی فی المولد النبوی، مطبوعہ المدینۃ المنورۃ، ۱۴۰۰ھ، ملا علی بن سلطان محمد القاری، ۱۰۱۴ھ

۳۶۲۔ ابجد العلوم، مطبوعہ مکتبہ قدوسیہ لاہور، ۱۴۰۳ھ، نواب صدیق حسن خان بھوپالی، متوفی ۱۳۰۷ھ

۳۶۳۔ الدرر الکامنۃ، مطبوعہ دار الجلیل بیروت، حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی، متوفی ۸۵۲ھ

۳۶۴۔ روزنامہ جنگ کراچی، میر خلیل الرحمٰن (مدیر اعلیٰ)

۳۶۵۔ جمہرۃ انساب العرب مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، ۱۴۰۳ھ، ابو محمد علی بن حزم اندلسی، متوفی ۴۵۶ھ

۳۶۶۔ التلخیص الحبیر، حافظ ابن حجر عسقلانی، متوفی ۸۵۲ھ

۳۶۷۔ ماہنامہ ضیائے حرم، لاہور، جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری

۳۶۸۔ الحیلۃ الناجزۃ، مطبوعہ دار الاشاعت کراچی، ۱۹۸۷ء، شیخ اشرف علی تھانوی، متوفی ۱۳۶۲ھ

۳۶۹۔ احسن الفتاویٰ، مطبوعہ ایچ۔ایم سعید اینڈ کمپنی، ۱۴۰۷ھ، مفتی رشید احمد

۳۷۰۔ ابریز من کلام سیدی عبد العزیز، مطبوعہ مطبع مصطفےٰ البابی و اولادہ مصر، ۱۳۸۰ھ، سیدی احمد بن عبد المبارک

۳۷۱۔ تحذیر الناس، مطبوعہ کتب خانہ امدادیہ دیوبند، ۱۳۹۵ھ، شیخ محمد قاسم نانوتوی، متوفی ۱۲۹۷ھ

۳۷۲۔ ازاحۃ العیب بسیف الغیب، مطبوعہ رضوی کتب خانہ لاہور، ۱۳۳۰ھ، امام احمد رضا قادری، متوفی ۱۳۴۰ھ

۳۷۳۔ صراطِ مستقیم، مطبوعہ مکتبہ سلفیہ، لاہور، شیخ اسماعیل دہلوی، متوفی ۱۲۴۶ھ

۳۷۴۔ میری داستانِ حیات، مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز، کراچی، ڈاکٹر غلام جیلانی برق۔

۳۷۵۔ رموز ایمان، مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز، کراچی، ڈاکٹر غلام جیلانی برق۔

۳۷۶۔ فتاویٰ رشیدیہ کامل، مطبوعہ محمد سعید اینڈ سنز کراچی، شیخ رشید احمد گنگوہی، متوفی ۱۳۲۳ھ

۳۷۷۔ التراتیب الاداریہ (نظام الحکومت النبویہ)، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، علامہ عبد الحئی الکتانی

۳۷۸۔ انشورنس اسلامی معیشت میں، مطبوعہ اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ لاہور، ۱۹۸۲ء، ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی

۳۷۹۔ شرح جامی، مطبوعہ ایچ۔ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی، مولانا عبد الرحمٰن جامی

۳۸۰۔ اعانۃ الطالبین، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، علامہ سید ابی بکر المعروف بالسید البکری

۳۸۱۔ مختصر المعانی، مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی، علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی، متوفی ۷۹۲ھ

۳۸۲۔ اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، مطبوعہ زیر اہتمام دانش گاہِ پنجاب لاہور، ۱۳۹۷ھ

۳۸۳۔ مقالات کاظمی، مطبوعہ مکتبہ فریدیہ ساہیوال، ۱۳۹۷ھ، علامہ سید احمد سعید کاظمی، متوفی ۱۴۰۶ھ

۳۸۴۔ ہدایۃ النحو مطبوعہ ایچ۔ایم سعید اینڈ کمپنی، کراچی، علامہ ابو الحیان اندلسی، متوفی ۷۵۴ھ

۳۸۵۔ المرأۃ فی فکر الاسلامی، مطبوعہ مطابع جامعۃ الموصل بغداد، ۱۹۸۶ء، علامہ جمال محمد فقی رسول الباجوری

۳۸۶۔ اعلام الموقعین، مطبوعہ حارۃ حریک لبنان، علامہ شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن ابی بکر المعروف بابن القیم الجوزیہ متوفی ۷۵۱ھ

۳۸۷۔ اتحاف سادۃ المتقین، مطبوعہ مطبعہ میمنہ مصر، ۱۳۱۱ھ، علامہ سید محمد بن محمد مرتضےٰ حسینی زبیدی حنفی، متوفی ۱۲۰۵ھ

شرح صحیح مسلم

از رشحات قلم

علامہ غلام رسول سعیدی

شرح صحیح مسلم کی خصوصیات

۱۔ احادیث کا آسان اور با محاورہ اردو ترجمہ۔

۲۔ متقدمین کی شرح کی روشنی میں ہر باب کی احادیث کی مختصر اور واضح تشریح۔

۳۔ علم اصول حدیث کی روشنی میں احادیث پر فنی گفتگو۔

۴۔ ائمہ اربعہ کی امہات کتب سے ان کے مذاہب کا مع دلائل بیان۔

۵۔ فقہ حنفی کی ترجیح کا بیان۔

۶۔ منکرین حدیث کے شبہات کے جوابات اور حجیت حدیث پر دلائل کا انبار۔

۷۔ اختلافی مسائل پر مہذب علمی گفتگو۔

۸۔ مسائل حاضرہ مثلاً فوٹو گراف، ریڈیو، ٹی۔ وی۔ وڈیو۔ ریل اور ہوائی جہاز میں نماز، پوسٹ مارٹم، ایلوپیتھک ادویہ، انتقال خون، اعضاء کی پیوندکاری، اسقاط حمل، ضبط تولید، ٹیسٹ ٹیوب بے بی، رویت ہلال کمیٹی کے اعلان، پاکستان اور دیگر بعید ممالک میں اختلاف رویت ہلال کے اثر سے مختلف احکام، پراویڈنٹ فنڈ پر زکوٰۃ، میعادی قرضوں کی ادائیگی پر زکوٰۃ، قطبین میں روزے اور نماز کے احکام، ٹیلیفون پر نکاح، بیمۂ اسلام میں کلاز کی حیثیت، ایک مجلس میں تین طلاقیں، عدالتی طلاق، نوٹ، سُود اور حدود و تعزیرات، انعامی بانڈز، بنک نوٹ، افراط زر کی پیچیدگیاں، مستشرقین کے اعتراضات کے جوابات اور دوسرے بہت سے مسائل پر محققانہ بحث۔

۹۔ مصنف نے ہر مسئلہ میں معروضی بحث کی ہے۔ قرآن مجید، احادیث آثار، اقوال تابعین، جمہور فقہاء اسلام اور فقہاء احناف کے ارشادات کی روشنی میں ہر مسئلہ کو لکھا ہے، کسی گروہ بندی کے تابع ہو کر نہیں لکھا۔

۱۰۔ اس شرح میں شائستگی کو ملحوظ رکھا گیا ہے کسی کے خلاف مبتذل لہجہ اختیار نہیں کیا گیا۔

ملنے کا پتا: فرید بک سٹال اردو بازار لاہور

علّامہ غلام رسول سعیدی کی تصانیف

1. حیات اُستاذ العلماء
2. فاضل بریلوی کا فقہی مقام
3. توضیح البیان
4. ذکر بالجہر
5. ضیائے کنز الایمان
6. تذکرۃ المحدثین
7. مقالات سعیدی
8. مقام ولایت و نبوّت
9. معاشرے کے ناسُور
10. لفظ خدا کی تحقیق
11. نظام مُصطفےٰ کی شرعی حیثیت، ضرورت اور اہمیّت
12. شرح صحیح مُسلم

عربی اردو

قیمت جلد اول
قیمت جلد دوم
قیمت جلد سوم
قیمت جلد چہارم

اشعۃ اللمعات

شرح مشکوٰۃ

تصنیف منیف:-

عارف باللہ شیخ محقق حضرت مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اردو ترجمہ و حواشی

علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

ناشر

فرید بک سٹال، ۳۸-اردو بازار ◎ لاہور (پاکستان)

ادْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ
تم اپنے رب کی راہ کی طرف بلاؤ حکمت اور بہترین نصیحت کے ذریعے

غُنیۃ الطالبین (اُردو)

از محبوبِ سبحانی حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ترجمہ: مولانا علامہ محمد صدیق ہزاروی سعیدی

تقدیم: علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

فرید بک سٹال، ۳۸ اردو بازار لاہور